ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

اپنے رب کی راہ کی طرف بلاؤ حکمت اور بہترین نصیحت کے ذریعے

طحاوی شریف (عربی، اردو)

مع خلاصۂ مضامین

تصنیف

محدث جلیل امام ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفی رحمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ وتلخیص:

مولانا علامہ محمد صدیق ہزاروی مدظلہ

ناشر

حامد اینڈ کمپنی مدینہ منزل ۳۸- اردو بازار لاہور

احادیثِ مبارکہ کا مستند مجموعہ

فقہ حنفی، احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں

شرح معانی الآثار

المعروف

طحاوی شریف (عربی، اردو)

مع خلاصۂ مضامین

تصنیف، محدثِ جلیل امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفی رحمہ اللہ تعالیٰ


۲۳۹ھ ——— ۳۲۱ھ

۸۵۳ء ——— ۹۳۳ء

ترجمہ وتلخیص: علامہ محمد صدیق ہزاروی مترجم ترمذی شریف و ریاض الصالحین

تقدیم: علامہ غلام رسول سعیدی، شارح مسلم شریف

حامد اینڈ کمپنی ○ ۳۸۔ اردو بازار لاہور



نام کتاب : شرح معانی الآثار (اُردو ترجمہ.....طحاوی شریف) جلد سوئم

شارح : محدثِ جلیل امام ابوجعفر احمد بن الطحاوی الحنفی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ وحواشی : علامہ مولانا محمد صدیق ہزاروی

تقدیم : علامہ مفتی غلام رسول سعیدی

تصحیح : مولانا خادم حسین رضوی (جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور)

کتابت : محمد یعقوب کیلانی

مطبع : ہاشم اینڈ حماد پرنٹرز، لاہور

الطبع الاوّل : ----- / مئی ۱۹۹۷ء

الطبع الثانی : ربیع الاوّل ۱۴۲۳ھ / مئی ۲۰۰۲ء

ہدیہ : -/ 625 روپے

ناشر

حامد اینڈ کمپنی مدینہ منزل ۳۸ اردو بازار لاہور

تقسیم کار

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اُردو بازار لاہور



فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899

ای۔میل نمبر Email:info@faridbookstall.com

ویب سائٹ Visit us at : www.faridbookstall.com

فہرست مضامین طحاوی شریف جلد سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ النِّكَاحِ

نکاح کے بیان میں

بَابُ مَا نُهِيَ عَنْهُ مِنْ سَوْمِ الرَّجُلِ عَلَى سَوْمِ أَخِيْهِ وَخِطْبَتِهِ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيْهِ

کسی (مسلمان) بھائی کے سودے پر سودا کرنے اور اس کے پیغامِ نکاح پر پیغام دینے کی ممانعت

۱- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ ثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبِيْعُ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ أَخِيْهِ وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيْهِ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے اور نہ ہی اپنے (مسلمان) بھائی کے پیغامِ نکاح پر نکاح کا پیغام دے۔

۲- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

حضرت مالک، حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۳- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ أَنَّهٗ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن شماسہ مہری فرماتے ہیں انہوں نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن، مومن کا بھائی ہے اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کے سودے پر سودا کرے یہاں تک کہ وہ (پہلا) اسے چھوڑ دے اور اپنے بھائی

اَخُو الْمُؤْمِنِ لَا یَحِلُّ لَهٗ اَنْ یَبْتَاعَ عَلٰی بَیْعِ اَخِیْهِ حَتّٰی یَذَرَ وَلَا یَخْطِبُ عَلٰی خِطْبَةِ اَخِیْهِ حَتّٰی یَذَرَ۔

کے پیغام نکاح کی موجودگی میں پیغام نکاح بھی نہ دے حتیٰ کہ وہ اسے چھوڑ دے۔

۴۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن لهیعہ نے حضرت یزید بن ابو حبیب سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ اَخْبَرَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَیْرِیَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا یَبِیْعُ بَعْضُکُمْ عَلٰی بَیْعِ بَعْضٍ وَلَا یَخْطِبُ اَحَدُکُمْ عَلٰی خِطْبَةِ اَخِیْهِ حَتّٰی یَتْرُکَ الْخَاطِبُ اَوْ یَاْذَنَ لَهٗ فَیَخْطُبُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے بعض بعض کے سودے پر سودا نہ کریں اور نہ ہی تم میں سے کوئی اپنے (مسلمان) بھائی کے پیغام نکاح کی موجودگی میں نکاح کا پیغام دے یہاں تک کہ منگنی کا پیغام دینے والا (پہلا) شخص اسے چھوڑ دے یا اسے اجازت دے تو اب وہ پیغام نکاح دے سکتا ہے۔

۶۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ حُمَیْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَسُوْمُ الرَّجُلُ عَلٰی سَوْمِ اَخِیْهِ۔

حضرت داؤد بن صالح بن دینار اپنے والد سے اور وہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے

۷۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ هُوَ ابْنُ یَزِیْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ یَعْنِیْ اَنَّهٗ قَالَ لَا یَخْطِبُ اَحَدُکُمْ عَلٰی خِطْبَةِ اَخِیْهِ حَتّٰی یَنْکِحَ اَوْ یَتْرُکَ۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں یعنی تم میں سے کوئی، اپنے (مسلمان) بھائی کے پیغام نکاح پر منگنی کا پیغام نہ دے حتیٰ کہ وہ نکاح کرے یا چھوڑ دے۔

۸۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَکْرٍ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے پیغام نکاح پر نکاح کا پیغام نہ دے اور نہ ہی اپنے (مسلمان)

أَنَّهُ قَالَ لَا يَخْطِبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيهِ وَلَا يَسُومُ عَلٰى سَوْمِ أَخِيهِ ۔

بھائی کے سودے پر سودا کرے۔

۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

حضرت علاء بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ ۔

حضرت سہیل بن ابو صالح اپنے والد سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے اس کی مثل ذکر کرتے ہیں۔

۱۱۔ حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَخْطِبُ أَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيهِ حَتّٰى يَنْكِحَ أَوْ يَتْرُكَ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے کوئی، اپنے (مسلمان) بھائی کے پیغام نکاح پر نکاح کا پیغام نہ دے۔ یہاں تک کہ وہ نکاح کر لے یا چھوڑ دے۔

۱۲۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْطِبُ أَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيهِ ۔

حضرت اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی، اپنے (مسلمان) بھائی کے پیغام نکاح پر نکاح کا پیغام نہ دے۔

۱۳۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

حضرت یحییٰ بن حبان، حضرت اعرج سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۴۔ حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ ثَنِي الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسْتَامُ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ أَخِيهِ

حضرت اوزاعی فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے اور نہ ہی اس

حَتّٰی یَشْتَرِیَ اَوْ یَتْرُكَ وَلَا یَخْطِبُ عَلٰی خِطْبَةِ اَخِیْهِ حَتّٰی یَنْكِحَ اَوْ یَتْرُكَ۔

کے پیغامِ نکاح پر نکاح کا پیغام دے حتیٰ کہ وہ نکاح کر لے یا چھوڑ دے۔

۱۵۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ نَافِعٍ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ قَیْسٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ كُرَیْزٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَبِیْعُ بَعْضُكُمْ عَلٰی بَیْعِ بَعْضٍ وَلَا یَخْطِبُ بَعْضُكُمْ عَلٰی خِطْبَةِ بَعْضٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے مروی ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرے اور نہ ہی تم میں سے کوئی، کسی کے پیغامِ نکاح پر نکاح کا پیغام دے۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی هٰذَا وَقَالُوْا لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یَسُوْمَ بِشَیْءٍ قَدْ یُسَاوِمُ بِهٖ غَیْرُهٗ حَتّٰی یَتْرُكَهُ الَّذِیْ قَدْ سَاوَمَ بِهٖ فَكَذٰلِكَ لَا یَنْبَغِیْ لَهٗ اِنْ یَخْطِبَ امْرَاَةً قَدْ خَطَبَهَا غَیْرُهٗ حَتّٰی یَتْرُكَهَا الْخَاطِبُ لَهَا وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا اِنْ كَانَ الْمُسَاوِمُ اَوِ الْخَاطِبُ قَدْ رَكَنَ اِلَیْهِ فَلَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یَّسُوْمَ عَلٰی سَوْمِهٖ وَلَا یَخْطِبُ عَلٰی خِطْبَتِهٖ حَتّٰی یَتْرُكَ قَالُوْا وَهٰذَا السَّوْمُ وَالْخِطْبَةُ الْمَذْكُوْرَانِ فِی الْاٰثَارِ الْاُوَلِ الْمَنْهِیُّ عَنْهُمَا اِنَّمَا النَّهْیُ فِیْهِمَا عَمَّا ذَكَرْنَاهُ فَاَمَّا مَنْ سَاوَمَ رَجُلًا بِشَیْءٍ اَوْ خَطَبَ اِلَیْهِ امْرَاَةً هُوَ وَلِیُّهَا فَلَمْ یَرْكَنْ اِلَیْهِ فَمُبَاحٌ لِغَیْرِهٖ مِنَ النَّاسِ اَنْ یَّسُوْمَ بِمَا سَاوَمَ بِهٖ وَیَخْطِبَ بِمَا خَطَبَ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت کا یہی موقف ہے وہ فرماتے جس چیز کی کسی نے بولی لگا دی ہو تو دوسرے شخص کیلئے جائز نہیں کہ وہ اسکی قیمت لگائے یہاں تک کہ پہلے لگانے والا اسے چھوڑ دے اسی طرح جب کسی شخص نے کسی عورت سے نکاح کا پیغام دیا ہو تو دوسرے شخص کیلئے پیغام نکاح دینا جائز نہیں حتیٰ کہ منگنی کرنیوالا (پہلا شخص اسکو چھوڑ دے) ان حضرات نے ان (مندرجہ بالا)

لیکن دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر بولی لگانے والا یا منگنی کا پیغام دینے والا اس کی طرف مائل ہو گیا ہے تو کسی (دوسرے) کیلئے جائز نہیں کہ اسکی بولی پر اپنی بولی لگائے یا اسکی منگنی پر اپنی منگنی کا پیغام دے یہاں تک کہ وہ (پہلا) اسے چھوڑ دے۔ وہ فرماتے ہیں کہ مندرجہ بالا روایات میں جس بولی اور پیغام نکاح سے منع کیا گیا ہے اس سے وہی مراد ہے جس کا ہم نے ذکر کیا اور اگر کوئی شخص کسی چیز کی بولی دے یا کسی ایسی عورت کے نکاح کا پیغام دے جس کا وہ شخص ولی ہے پھر وہ شخص (جس کو بولی دی گئی یا منگنی کا پیغام دیا گیا) اس کی طرف مائل نہ ہوا تو دوسرے آدمی کے لیے اس چیز کی بولی لگانا یا اس عورت کیلئے منگنی کا پیغام دینا جائز ہے۔

[illegible]

۱۶۔ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا یَزِیْدُ ابْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِیٍّ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ اَبِی الْجَهْمِ قَالَ سَمِعْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَیْسٍ تَقُوْلُ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا اِذَا

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت ابوبکر بن ابوجہم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا جب تمہاری عدت ختم ہو جائے تو مجھے مطلع کر دینا فرماتی ہیں (اس دوران) مجھے کچھ حضرات نے نکاح کا

انْقَضَتْ عِدَّتُكِ فَاٰذِنِيْنِيْ قَالَتْ فَخَطَبَنِيْ خُطَّابٌ فِيْهِمْ مُعَاوِيَةُ وَاَبُو الْجَهْمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مُعَاوِيَةَ خَفِيْفُ الْحَالِ وَاَبُو الْجَهْمِ يَضْرِبُ النِّسَآءَ اَوْ فِيْهِ شِدَّةٌ عَلَى النِّسَآءِ وَلٰكِنْ عَلَيْكَ بِاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ۔

پیغام بھیجا ان میں حضرت امیر معاویہ اور حضرت ابو جہم رضی اللہ عنہما بھی شامل تھے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی مالی حالت اچھی نہیں اور حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ عورتوں کو مارتے ہیں یا (فرمایا) وہ عورتوں پر زیادہ سختی کرتے ہیں تم، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو اختیار کرو۔

۱۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ عَنْ فَاطِمَةَ نَحْوَهٗ۔

حضرت شعبہ، حضرت ابوبکر بن ابوجہم رضی اللہ عنہ سے اور وہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۸۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

حضرت محمد بن عمرو، حضرت ابوسلمہ، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۹۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا خَطَبَهَا اَبُو الْجَهْمِ وَمُعَاوِيَةُ كُلُّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيْنَ اَنْتَ مِنْ اُسَامَةَ۔

حضرت ابوسلمہ، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کی عدت ختم ہوگئی تو حضرت ابوجہم اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما نے ان کو پیغام نکاح بھیجا تو رسول اکرم صلی اللہ وسلم ان میں سے ہر ایک سے فرماتے کہ تمہارا حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے کیا مقابلہ؟

۲۰۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ لَمَّا حَلَلْتُ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهٗ اَنَّ مُعَاوِيَةَ ابْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ وَاَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب (میری عدت ختم ہونے پر) مجھ سے نکاح جائز ہوگیا تو میں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر حضرت معاویہ اور حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہما کے بارے میں بتایا کہ ان دونوں نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت ابوجہم اپنے کاندھے سے لاٹھی نہیں اتارتے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نادار ہیں ان کے پاس

أَمَّا أَبُوْ جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ مِنْ عَاتِقِهٖ وَأَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوْكٌ لَا مَالَ لَهٗ وَلٰكِنْ اِنْكِحِيْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ قَالَتْ فَكَرِهْتُهٗ ثُمَّ قَالَ اِنْكِحِيْ أُسَامَةَ فَنَكَحْتُهٗ فَجَعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا وَاغْتُبِطْتُ بِهٖ.

۲۱۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ لَمَّا حَلَلْتُ خَطَبَنِيْ مُعَاوِيَةُ وَرَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْكِحِيْ أُسَامَةَ فَكَرِهْتُهٗ فَقَالَ اِنْكِحِيْهِ فَنَكَحْتُهٗ.

۲۲۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا ابْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ قَالَ ثَنَا الْمُجَالِدُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ رَجُلًا مِّنْ قُرَيْشٍ خَطَبَهَا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَا أُزَوِّجُكِ رَجُلًا أُحِبُّهٗ فَقَالَتْ بَلٰى فَزَوَّجَهَا أُسَامَةَ.

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَلَمَّا خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ عَلٰى أُسَامَةَ بَعْدَ عِلْمِهٖ بِخِطْبَةِ مُعَاوِيَةَ وَأَبِي الْجَهْمِ إِيَّاهَا كَانَ فِيْ ذٰلِكَ دَلِيْلٌ أَنَّ تِلْكَ الْحَالَ يَجُوْزُ لِلنَّاسِ أَنْ يَّخْطُبُوْا فِيْهَا وَثَبَتَ أَنَّ الْمَنْهِيَّ عَنْهُ بِالْآثَارِ الْأُوَلِ خِلَافُ ذٰلِكَ فَيَكُوْنُ مَا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهٗ فِيْ هٰذَا الْبَابِ مَا فِيْهِ الرُّكُوْنُ إِلَى الْخَاطِبِ وَمَا ذَكَرْنَا بَعْدَ ذٰلِكَ مَا لَيْسَ فِيْهِ رُكُوْنٌ إِلَى الْخَاطِبِ حَتّٰى تَصِحَّ هٰذِهِ الْآثَارُ فَتَتَّفِقُ مَعَانِيْهَا وَلَا تَتَضَادُّ.

مال نہیں تم حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے نکاح کرلو، حضرت فاطمہ فرماتی ہیں میں نے انہیں ناپسند کیا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا حضرت اسامہ سے نکاح کرلو چنانچہ میں نے نکاح کرلیا تو اللہ تعالیٰ نے اس میں بہتری پیدا کی اور مجھ پر رشک کیا جانے لگا۔

حضرت ابوسلمہ اور محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں (عدت ختم ہونے کے بعد) جب مجھ سے نکاح جائز ہوگیا تو حضرت معاویہ اور ایک دوسرے قریشی نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے نکاح کرلو میں نے انہیں ناپسند کیا تو آپ نے فرمایا ان سے نکاح کرلو چنانچہ میں نے ان سے نکاح کرلیا۔

حضرت مجالد بن سعید رضی اللہ عنہ حضرت عامر سے اور وہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک قریشی (صحابی) نے انہیں نکاح کا پیغام بھیجا تو وہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں آپ نے فرمایا کیا میں تمہارا نکاح ایسے شخص سے نہ کروں جس سے مجھے محبت ہے انہوں نے عرض کیا "ہاں" تو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہؓ م

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے لیے حضرت فاطمہ بنت قیس کو پیغام دیا حالانکہ آپ کو حضرت معاویہ اور حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہما کے پیغام نکاح کا علم ہوچکا تھا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس حالت میں لوگوں کے لیے پیغام نکاح دینا جائز ہے اور یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ پہلی روایات میں جس بات کی مخالفت ہے وہ اسکے خلاف ہے تو جو کچھ اس باب کے شروع میں گزرا وہ اس صورت میں ہے جب پیغام نکاح دینے والے کی طرف میلان ہو اور جو کچھ ہم نے بعد میں ذکر کیا وہ اس حالت میں ہے جب پیغام دینے والے کی طرف میلان نہ ہو تاکہ تمام روایات صحیح قرار پائیں ان کے معانی متفق ہوں اور ان کے درمیان تضاد نہ رہے۔

وَكَذٰلِكَ الْمُسَاوَمَةُ هِيَ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى اَيْضًا

۲۳- قَدْ بُيِّنَ ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرِ بْنِ مَطَرٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا الْاَخْضَرُ بْنُ عَجْلَانَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَا اِلَيْهِ الْفَاقَةَ ثُمَّ عَادَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ جِئْتُ مِنْ عِنْدِ اَهْلِ بَيْتٍ مَا اَرٰى اَنْ اَرْجِعَ اِلَيْهِمْ حَتّٰى يَمُوْتَ بَعْضُهُمْ جُوْعًا قَالَ انْطَلِقْ هَلْ تَجِدُ مِنْ شَيْءٍ فَانْطَلَقَ فَجَاءَ بِحِلْسٍ وَقَدَحٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا الْحِلْسُ كَانُوْا يَفْتَرِشُوْنَ بَعْضَهُ وَيَلْتَفُّوْنَ بِبَعْضِهٖ وَهٰذَا الْقَدَحُ كَانُوْا يَشْرَبُوْنَ فِيْهِ فَقَالَ مَنْ يَّاْخُذُهُمَا مِنِّيْ بِدِرْهَمٍ فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا فَقَالَ مَنْ يَّزِيْدُ عَلٰى دِرْهَمٍ فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا اٰخُذُهُمَا بِدِرْهَمَيْنِ قَالَ هُمَا لَكَ فَدَعَا بِالرَّجُلِ فَقَالَ اشْتَرِ بِدِرْهَمٍ طَعَامًا لِّاَهْلِكَ وَبِدِرْهَمٍ فَاْسًا ثُمَّ ائْتِنِيْ فَفَعَلَ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ انْطَلِقْ اِلٰى هٰذَا الْوَادِيْ فَلَا تَدَعَنَّ فِيْهِ شَوْكًا وَّلَا حَطَبًا وَّلَا تَاْتِنِيْ اِلَّا بَعْدَ عَشْرٍ فَفَعَلَ ثُمَّ اَتَاهُ فَقَالَ بُوْرِكَ فِيْمَا اَمَرْتَنِيْ بِهٖ قَالَ هٰذَا خَيْرٌ لَّكَ مِنْ اَنْ تَاْتِيَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ وَجْهِكَ نُكَتٌ مِّنَ الْمَسْاَلَةِ اَوْ خُمُوْشٌ مِّنَ الْمَسْاَلَةِ اَلشَّكُّ مِنْ مُّحَمَّدِ بْنِ بَحْرٍ فَلَمَّا اَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ الْمُزَايَدَةَ وَفِيْ ذٰلِكَ سَوْمٌ بَعْدَ سَوْمٍ اِلَّا اَنَّ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذٰلِكَ السَّوْمِ سَوْمٌ لَّا رُكُوْنَ مَعَهٗ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَيْضًا اَنَّ مَا نَهٰى عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(بھاؤ پر) بھاؤ لگانے کا مفہوم بھی یہی ہے۔

اس روایت میں بھی یہی بات بیان کی گئی ہے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک انصاری نے بارگاہِ نبوی میں حاضر ہو کر فاقہ کی شکایت کی پھر وہ دوبارہ آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں ایسے گھر والوں کے پاس سے آیا ہوں کہ میرا خیال ہے جب میں ان کے پاس لوٹوں گا تو ان میں سے بعض بھوک سے مر چکے ہوں گے آپ نے فرمایا "جا کر دیکھو کیا ان کے پاس کوئی چیز ہے؟" چنانچہ وہ چلے گئے پھر ایک ٹاٹ اور ایک پیالہ لے کر حاضر ہوئے عرض کیا یارسول اللہ! یہ ٹاٹ ہے جس کا کچھ حصہ وہ نیچے بچھاتے اور کچھ حصہ اوپر لیتے تھے اور یہ پیالہ ہے جس میں وہ (پانی وغیرہ) پیتے تھے۔ آپ نے فرمایا کون شخص مجھ سے یہ دو چیزیں ایک درہم کے بدلے خریدتا ہے؟ ایک شخص نے عرض کیا "میں" (خریدتا ہوں) آپ نے فرمایا ایک درہم سے زیادہ کون دے گا ایک صحابی نے عرض کیا میں دو درہموں کے بدلے لیتا ہوں آپ نے فرمایا یہ دونوں چیزیں تمہاری ہوئیں، پھر آپ نے اس شخص کو بلا کر فرمایا ایک درہم کا اپنے گھر والوں کے لیے کھانا خرید و اور ایک درہم کی کلہاڑی لو، پھر میرے پاس آنا، اس نے ایسا ہی کیا پھر حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا اس وادی میں جاؤ اور کسی کانٹے اور لکڑی کو نہ چھوڑو، دس دن کے بعد میرے پاس آنا اس نے ایسا ہی کیا پھر حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپ نے جس بات کا حکم دیا تھا اس میں برکت پیدا ہوئی ہے، آپ نے فرمایا یہ تمہارے لیے اس بات سے بہتر ہے کہ تم قیامت میں یوں آؤ کہ مانگنے کی وجہ سے تمہارے چہرے پر کوئی نشان یا خراشیں ہوں (محمد بن بحر راوی کو شک ہے کہ کون سا لفظ فرمایا) تو جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں زیادہ قیمت لگانے کی اجازت دی اور اس میں بھاؤ پر بھاؤ لگایا ہے تو معلوم ہوا کہ جس بھاؤ کا پہلے ذکر ہوا اس سے وہ بھاؤ مراد ہے کہ (جب بیچنے والے کا) کسی کی طرف میلان نہ ہو تو یہ بھی اس بات پر دلالت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس بھاؤ پر بھاؤ لگانے سے منع فرمایا وہ اس کے خلاف ہے لہٰذا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

مِنْ سَوْمِ الرَّجُلِ عَلٰی سَوْمِ اَخِیْهِ بِخِلَافِ ذٰلِكَ فَبَانَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ مَعْنٰی مَا نَهَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ مِنْ سَوْمِ الرَّجُلِ عَلٰی سَوْمِ اَخِیْهِ وَبِحَدِیْثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَیْسٍ مَا نَهٰی عَنْهُ مِنْ خِطْبَةِ الرَّجُلِ عَلٰی خِطْبَةِ اَخِیْهِ وَهٰذَا الْمَعْنَی الَّذِیْ صَحَّحْنَا عَلَیْهِ هٰذِهِ الْاٰثَارَ فِیْمَا اَبَحْنَا فِیْهِ مِنَ السَّوْمِ وَالْخِطْبَةِ وَفِیْمَا مَنَعْنَا فِیْهِ مِنَ السَّوْمِ وَالْخِطْبَةِ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ۔

نے جس بھاؤ پر بھاؤ لگانے سے منع فرمایا، اس حدیث سے اس کا مفہوم واضح ہوگیا اور حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا والی روایت سے پیغامِ نکاح پر پیغام دینے کی ممانعت کا مفہوم بھی ظاہر ہوگیا۔

بھاؤ پر بھاؤ لگانے یا پیغامِ نکاح پر پیغام دینے کے جواز اور مخالفت کے بارے میں (مروی) روایات کی تصحیح کے سلسلے میں ہم نے جو معنیٰ بیان کیا ہے یہ امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

وَقَدْ رُوِیَ فِیْ اِجَازَةِ بَیْعِ مَنْ یَّزِیْدُ عَمَّنْ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیْضًا۔

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد والے حضرات سے بھی زیادہ قیمت دینے والے کیلئے بیع کے جواز پر احادیث مروی ہیں۔

۲۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عَدِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ اللَّیْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ قَالَ اَدْرَكْتُ النَّاسَ یَبِیْعُوْنَ الْغَنَائِمَ فِیْمَنْ یَّزِیْدُ۔

حضرت لیث بن سعد، حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم نے لوگوں کو مالِ غنیمت نیلام کرتے ہوئے پایا۔

۲۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا یُوْسُفُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ یَّسُوْمَ عَلٰی سَوْمِ الرَّجُلِ اِذَا كَانَ فِیْ صَحْنِ السُّوْقِ یَسُوْمُ هٰذَا وَهٰذَا فَاَمَّا اِذَا خَلَا بِهٖ رَجُلٌ فَلَا یَسُوْمُ عَلَیْهِ۔

حضرت ابن ابونجیح، حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کسی شخص کی بولی دینے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ بازار کے درمیان ہو یہ بھی بھاؤ لگائے اور وہ بھی، لیکن جب تنہا ایک شخص سودا کر رہا ہو تو بولی لگانا جائز نہیں۔

بَابُ[۱۲] النِّكَاحِ بِغَیْرِ وَلِیٍّ عَصَبَةٍ

عصبہ ولی کے بغیر نکاح کرنا

۲۶۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ مُوْسٰی عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَیُّمَا امْرَاَةٍ نَكَحَتْ بِغَیْرِ اِذْنِ وَلِیِّهَا فَنِكَاحُهَا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں آپ نے فرمایا جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہے، پھر اگر اس شخص نے اس (عورت) سے جماع کیا تو اس

بَاطِلٌ فَإِنْ أَصَابَهَا فَلَهَا مَهْرُهَا بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا فَإِنِ اشْتَجَرُوا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

(عورت) کے لئے مہر ہوگا کیونکہ مرد نے اس کی شرمگاہ کو حلال کیا اور اگر ان کے درمیان اختلاف ہو جائے تو حکمران اس کا ولی ہے جس کا کوئی ولی نہیں۔

۲۷۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

حضرت یحیی بن سعید نے حضرت ابن جریج رضی اللہ عنہ سے روایت کیا پھر انہوں نے اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل ذکر کیا۔

۲۸۔ حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت حجاج بن ارطاۃ نے حضرت زہری سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۲۹۔ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ حَدَّثَنَا أَسَدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت جعفر بن ربیعہ نے حضرت ابن شہاب سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۳۰۔ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْجِيزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَسْوَدِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت عبیداللہ بن ابوجعفر نے حضرت ابن شہاب سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ إِلَى هَذَا قَوْمٌ فَقَالُوا لَا يَجُوزُ تَزْوِيجُ الْمَرْأَةِ نَفْسَهَا إِلَّا بِإِذْنِ وَلِيِّهَا وَمِمَّنْ قَالَ ذَلِكَ أَبُو يُوسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمَا وَاحْتَجُّوا فِي ذَلِكَ بِهَذِهِ الْآثَارِ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی طرف گئی ہے وہ فرماتے ہیں کہ کسی عورت کے لیے ولی کی اجازت کے بغیر اپنا نکاح کرنا جائز نہیں اس بات کے قائلین میں حضرت امام ابویوسف اور حضرت امام محمد بن حسن رحمہما اللہ بھی شامل ہیں، ان حضرات نے ان (مذکورہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے

وَخَالَفَهُمْ فِي ذَلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا لِلْمَرْأَةِ أَنْ تُزَوِّجَ نَفْسَهَا مِمَّنْ شَاءَتْ وَلَيْسَ لِوَلِيِّهَا أَنْ يَعْتَرِضَ عَلَيْهَا فِي ذَلِكَ إِذَا وَضَعَتْ نَفْسَهَا حَيْثُ كَانَ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تَضَعَهَا وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي ذَلِكَ أَنَّ حَدِيثَ ابْنِ جُرَيْجٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى قَدْ ذَكَرَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَنَّهُ سَأَلَ عَنْهُ ابْنَ شِهَابٍ

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ عورت جس سے چاہے نکاح کر سکتی ہے اور ولی کو اس سلسلے میں اعتراض کا حق نہیں جب کہ وہ اپنے نفس کو ایسی جگہ پیش کرے (نکاح کرے) جہاں اس کا پیش کرنا مناسب ہو۔

اس سلسلے میں ان حضرات کی دلیل کہ ابن جریج کی وہ روایت ہے جسے ہم نے بروایت سلمان بن موسیٰ ذکر کیا اس کے بارے میں ابن جریج فرماتے ہیں کہ انہوں نے اس سے متعلق ابن شہاب زہری

فَلَمْ يَعْرِفْهُ۔

۳۱۔ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ ابْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ بِذٰلِكَ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ وَهُمْ يُسْقِطُوْنَ الْحَدِيْثَ بِاَقَلَّ مِنْ هٰذَا وَحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ فَلَا يُثْبِتُوْنَ لَهٗ سَمَاعًا عَنِ الزُّهْرِيِّ وَحَدِيْثُهٗ عَنْهُ عِنْدَهُمْ مُرْسَلٌ وَهُمْ لَا يَحْتَجُّوْنَ بِالْمُرْسَلِ وَابْنُ لَهِيْعَةَ فَهُمْ يُنْكِرُوْنَ عَلٰى خَصْمِهِمُ الْاِحْتِجَاجَ عَلَيْهِمْ بِحَدِيْثِهٖ فَكَيْفَ يَحْتَجُّوْنَ بِهٖ عَلَيْهِ فِيْ مِثْلِ هٰذَا ثُمَّ لَوْ ثَبَتَ مَا رَوَوْا مِنْ ذٰلِكَ عَنِ الزُّهْرِيِّ لَكَانَ قَدْ رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مَا يُخَالِفُ ذٰلِكَ۔

۳۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا زَوَّجَتْ حَفْصَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُنْذِرَ بْنَ الزُّبَيْرِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ غَائِبٌ بِالشَّامِ فَلَمَّا قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَمِثْلِيْ يُصْنَعُ بِهٖ هٰذَا وَيُفْتَاتُ عَلَيْهِ فَكَلَّمَتْ عَائِشَةُ عَنِ الْمُنْذِرِ فَقَالَ الْمُنْذِرُ اِنَّ ذٰلِكَ بِيَدِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ مَا كُنْتُ اَرُدُّ اَمْرًا قَضَيْتِيْهِ فَقَرَّتْ حَفْصَةُ عِنْدَهٗ وَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ طَلَاقًا۔

۳۳۔ وَحَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اللَّيْثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

۳۴۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ

پوچھا تو (یہ روایت) ان کے علم میں نہیں تھی۔

حضرت ابن ابوعمر فرماتے ہیں ہمیں یحییٰ بن معین نے ابن علیہ سے نقل کرتے ہوئے ابن جریج سے اس بات کی خبر دی ہے۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ (محدثین) اس سے کم بات پر حدیث کو چھوڑ دیتے ہیں اور حجاج بن ارطاۃ کے لیے زہری سے سماع ثابت نہیں کرتے ان کے نزدیک حجاج کے روایت مرسل ہے اور وہ (محدثین) مرسل روایت سے استدلال نہیں کرتے اسی طرح وہ ابن لہیعہ کی روایت سے استدلال کو دوسروں سے قبول نہیں کرتے تو خود اس قسم کے مسئلہ میں اس سے کیسے استدلال کرتے ہیں اور اگر حضرت زہری سے مروی روایت ثابت بھی ہوجائے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت اس کے خلاف ہوگی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے اپنی (بھتیجی) حضرت حفصہ بنت عبدالرحمن رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت منذر بن زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا اس وقت حضرت عبدالرحمن موجود نہ تھے بلکہ وہ شام میں تھے حضرت عبدالرحمن تشریف لائے تو فرمایا کیا میرے جیسے آدمی کے ساتھ ایسا معاملہ کیا جاتا ہے کہ میری اجازت کے بغیر یہ کام کیا جائے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت منذر کی طرف سے گفتگو کی حضرت منذر نے فرمایا حضرت عبدالرحمن کو اختیار ہے انہوں (حضرت عبدالرحمن) نے فرمایا میں ایسے کام کو رد نہیں کروں گا جس کا آپ (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) نے فیصلہ فرمایا چنانچہ حضرت حفصہ ان (حضرت منذر) کے پاس رہیں اور (حضرت عبدالرحمن کا) یہ قول طلاق نہ ہوا (یعنی نکاح برقرار رہا)

حضرت لیث، حضرت عبدالرحمن بن قاسم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت ابن وھب فرماتے ہیں مجھے حضرت حنظلہ اور

وَهْبٌ قَالَ أَخْبَرَنِي حَنْظَلَةُ وَأَفْلَحُ عَنِ الْقَاسِمِ ابْنِ مُحَمَّدٍ فِي حَفْصَةَ بِمِثْلِ ذٰلِكَ۔

فَلَمَّا كَانَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَدْ رَأَتْ أَنَّ تَزْوِيجَهَا بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بِغَيْرِهٖ جَائِزٌ وَرَأَتْ ذٰلِكَ الْعَقْدَ مُسْتَقِيمًا حَتّٰى أَجَازَتْ فِيهِ التَّمْلِيكَ الَّذِي لَا يَكُونُ إِلَّا عَنْ صِحَّةِ النِّكَاحِ وَثُبُوتِهٖ اسْتَحَالَ عِنْدَنَا أَنْ تَكُونَ تَرٰى ذٰلِكَ وَقَدْ عَلِمَتْ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ فَسَادُ مَا رُوِيَ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِي ذٰلِكَ۔

٣٥۔ وَاحْتَجَّ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُوْلٰى أَيْضًا لِقَوْلِهِمْ بِمَا حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ و حَدَّثَنَا أَبُوبَكْرَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ فِي ذٰلِكَ أَنَّ هٰذَا الْحَدِيثَ عَلٰى أَصْلِهِمْ أَيْضًا لَا يَقُومُ بِهٖ حُجَّةٌ وَذٰلِكَ أَنَّ مَنْ هُوَ أَثْبَتُ مِنْ إِسْرَائِيلَ وَأَحْفَظُ مِنْهُ مِثْلُ سُفْيَانَ وَشُعْبَةَ قَدْ رَوَاهُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ مُنْقَطِعًا۔

٣٦۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ۔

٣٧۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو

افلح نے حضرت قاسم بن محمد سے روایت کرتے ہوئے حضرت حفصہ (رضی اللہ عنہم) کے بارے میں اس کی مثل خبر دی۔

پس جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی عدم موجودگی میں ان کی صاجزادی کا نکاح جائز سمجھا اور اس عقد کو صحیح خیال کیا یہاں تک کہ اس تملیک کو جائز قرار دیا جو ہمارے نزدیک صحت نکاح اور اس کے ثبوت کے بغیر نہیں ہوسکتی تو محال ہے کہ انہوں نے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات جانتے ہوئے کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوسکتا، اس کو جائز قرار دیا ہو لہذا اس سے حضرت زہری کی روایت کا فساد ثابت ہوگیا۔

پہلے قول والوں نے بواسطہ اسرائیل، حضرت اسحٰق کی روایت سے بھی استدلال کیا ہے وہ حضرت ابوبردہ سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

تو اس سلسلے میں ان کے خلاف دلیل یہ ہے کہ ان کے ضابطے کے مطابق اس حدیث سے بھی استدلال صحیح نہیں کیونکہ جو لوگ اسرائیل سے زیادہ مضبوط اور زیادہ یاد رکھنے والے ہیں مثلاً حضرت سفیان اور حضرت شعبہ وہ اس حدیث کو ابواسحٰق سے منقطع روایت کرتے ہیں۔

حضرت شعبہ، حضرت ابواسحٰق سے وہ حضرت ابوبردہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

حضرت سفیان ثوری، حضرت ابواسحٰق سے

عَامِرٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ

وہ حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ۔

فَصَارَ اَصْلُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِوَايَةِ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ وَكُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا عِنْدَهُمْ حُجَّةٌ عَلٰى اِسْرَائِيْلَ فَكَيْفَ اِذَا اجْتَمَعَا جَمِيْعًا۔

تو اصلاً یہ حدیث بواسطہ حضرت ابوبردہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اور یہ (روایت) حضرت شعبہ اور حضرت سفیان کی روایت سے مروی ہے اور ان میں سے ہر ایک (مخالفین) کے نزدیک اسرائیل پر حجت ہے تو دونوں کے جمع ہونے کی صورت میں کیسا ہوگا (یعنی بدرجہ اولیٰ حجت ہوں گے)۔

۳۸ - فَاِنْ قَالُوْا فَاِنَّ اَبَا عَوَانَةَ قَدْ رَوَاهُ مَرْفُوْعًا كَمَا رَوَاهُ اِسْرَائِيْلُ وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا اِسْرَائِيْلُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ ح وَحَدَّثَنَا صَالِحُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ قِيْلَ لَهُمْ قَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ عَوَانَةَ هٰذَا كَمَا ذَكَرْتُمْ وَلٰكِنَّا نَظَرْنَا فِيْ اَصْلِ ذٰلِكَ فَاِذَا هُوَ عَنْ اَبِيْ عَوَانَةَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ فَرَجَعَ حَدِيْثُ اَبِيْ عَوَانَةَ اَيْضًا عَلٰى حَدِيْثِ اِسْرَائِيْلَ۔

اگر وہ کہیں کہ حضرت ابوعوانہ نے اس حدیث کو اسرائیل کی طرح مرفوع روایت کیا

حضرت ابو عوانہ ، حضرت اسحٰق سے وہ حضرت ابو بردہ سے وہ حضرت ابو موسیٰ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا

تو ان کو کہا جائے گا کہ یہ حدیث ابو عوانہ سے اسی طرح مروی ہے جس طرح تم نے کہا لیکن ہم نے اس کی اصل کو دیکھا تو وہ بواسطہ ابو عوانہ، اسرائیل سے اور وہ حضرت ابو اسحٰق سے روایت کرتے ہیں تو ابو عوانہ کی روایت بھی اسرائیل کی طرف لوٹ گئی ۔

۳۹ - حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّازِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ فَانْتَفٰى بِذٰلِكَ اَنْ يَّكُوْنَ عِنْدَ اَبِيْ عَوَانَةَ فِيْ هٰذَا عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ شَيْءٌ

حضرت معلی بن منصور رازی فرماتے ہیں ہم سے حضرت ابوعوانہ نے بیان کیا انہوں نے بواسطہ اسرائیل، حضرت ابو اسحٰق سے روایت کرتے ہوئے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

تو اس سے اس بات کی نفی ہوگئی کہ اس سلسلے میں ابو عوانہ کے پاس ابو اسحٰق سے مروی کوئی بات ہو۔

۴۰ - فَاِنْ قَالُوْا فَاِنَّهٗ قَدْ رَوَاهُ

اگر وہ کہیں کہ اس حدیث کو حضرت قیس بن ربیع نے

قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ اَيْضًا كَمَا رَوَاهُ اِسْرَائِيْلُ **وَذَكَرُوْا** فِىْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ الْكُوْفِىُّ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَا ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِىٍّ قِيْلَ لَهُمْ صَدَقْتُمْ قَدْ رَوَاهُ قَيْسٌ كَمَا ذَكَرْتُمْ وَقَيْسٌ عِنْدَ هُمْ دُوْنَ اِسْرَائِيْلَ فَاِذَا انْتَفٰى اَنْ يَّكُوْنَ اِسْرَائِيْلُ مُضَادًّا لِسُفْيَانَ وَلِشُعْبَةَ كَانَ قَيْسٌ اَحْرٰى اَنْ لَّا يَكُوْنَ مُضَادًّا لَهُمَا۔

فَاِنْ قَالُوْا فَاِنَّ بَعْضَ اَصْحَابِ سُفْيَانَ قَدْ رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ مَرْفُوْعًا كَمَا رَوَاهُ اِسْرَائِيْلُ وَقَيْسٌ وَذَكَرُوْا فِىْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِىٍّ قِيْلَ لَهُمْ قَدْ صَدَقْتُمْ قَدْ رَوٰى هٰذَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ كَمَا ذَكَرْتُمْ وَلٰكِنَّكُمْ لَا تَرْضَوْنَ مِنْ خَصْمِكُمْ بِمِثْلِ هٰذَا اِنِ احْتَجُّوْا عَلَيْهِ بِمَا رَوَاهُ اَصْحَابُ سُفْيَانَ اَوْ اَكْثَرُهُمْ عَنْهُ عَلٰى مَعْنًى وَيَحْتَجُّ هُوَ عَلَيْكُمْ بِمَا رَوَاهُ بِشْرُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ بِمَا يُخَالِفُ ذٰلِكَ الْمَعْنٰى وَتَعُدُّوْنَ الْمُحْتَجَّ عَلَيْكُمْ بِمِثْلِ هٰذَا جَاهِلًا بِالْحَدِيْثِ فَكَيْفَ تُسَوِّغُوْنَ اَنْفُسَكُمْ عَلٰى مُخَالِفِكُمْ مَا لَا يُسَوِّغُوْنَهٗ عَلَيْكُمْ اِنَّ هٰذَا لَجَوْرٌ بَيِّنٌ۔

حضرت ابواسحٰق نے اسی طرح روایت کیا جس طرح اسے اسرائیل نے روایت کیا اور وہ اس سلسلے میں یوں ذکر کریں۔

حضرت قیس بن ربیع، حضرت ابواسحٰق سے وہ حضرت ابوبردہ سے اور وہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا" تو انہیں (جواباً) کہا جائے گا کہ تم نے سچ کہا اس حدیث کو حضرت قیس نے اسی طرح روایت کیا جس طرح تم نے ذکر کیا لیکن قیس ان (محدثین) کے نزدیک اسرائیل سے بھی کم درجہ میں ہیں پس جب سفیان اور شعبہ کے مقابل، اسرائیل نہیں ہوسکتے تو قیس بدرجہ اولیٰ ان کے مقابل نہیں ہوسکتے۔

اگر وہ کہیں کہ ابوسفیان کے بعض شاگردوں نے ان سے اسی طرح مرفوعاً روایت کیا جس طرح اسرائیل اور قیس نے روایت کیا اور وہ اس سلسلے میں یوں ذکر کریں

بشر بن منصور، سفیان سے وہ ابواسحٰق سے وہ ابوبردہ سے وہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا "ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا"۔

تو انہیں (جواباً) کہا جائے گا تم نے صحیح کہا یقیناً اسے بشر بن منصور نے حضرت سفیان سے اسی طرح روایت کیا جسے تم نے ذکر کیا لیکن تم اپنے مخالف سے اس قسم کی روایت قبول نہیں کرتے اگر وہ کسی معنیٰ پر ابوسفیان کے بعض یا اکثر شاگردوں کی ان (ابوسفیان) سے روایت سے استدلال کریں اور وہ (تمہاری مخالف) بشر بن منصور کے واسطہ سے ابوسفیان کی اس معنیٰ کے خلاف روایت سے تمہارے خلاف استدلال کرے (تو تم اسے قبول نہیں کرتے) اور اپنے خلاف اس قسم کی (سند سے مروی) روایت سے استدلال کرنے والے کو حدیث سے جاہل شمار کرتے ہو تو تم اپنے مخالف پر وہ حکم کیوں جاری کرتے ہو جو اپنے اوپر جاری نہیں کرتے یہ تو واضح زیادتی ہے۔

وَمَا كَلَامِي فِي هٰذَا إِرَادَةً مِنِّي الْإِزْرَاءَ عَلٰى أَحَدٍ مِمَّنْ ذَكَرْتُ وَلَا أَعُدُّ مِثْلَ هٰذَا طَعْنًا وَلٰكِنِّي أَرَدْتُ بَيَانَ ظُلْمِ هٰذَا الْمُحْتَجِّ وَإِلْزَامَهُ مِنْ حُجَّةِ نَفْسِهِ مَا ذَكَرْتُ وَلٰكِنِّي أَقُوْلُ إِنَّهُ لَوْ ثَبَتَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ حُجَّةٌ لِمَا قَالَ الَّذِيْنَ احْتَجُّوْا بِهِ لِقَوْلِهِمْ فِي هٰذَا الْبَابِ لِأَنَّهُ قَدْ يَحْتَمِلُ مَعَانِيَ فَيَحْتَمِلُ مَا قَالَ هٰذَا الْمُخَالِفُ لَنَا إِنَّ ذٰلِكَ الْوَلِيَّ هُوَ أَقْرَبُ الْعَصَبَةِ إِلَى الْمَرْأَةِ وَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ الْوَلِيُّ مَنْ تَوَلِّيَةُ الْمَرْأَةِ مِنَ الرِّجَالِ قَرِيْبًا كَانَ مِنْهَا أَوْ بَعِيْدًا وَهٰذَا الْمَذْهَبُ يَصِحُّ بِهِ قَوْلُ مَنْ يَقُوْلُ لَا يَجُوْزُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَتَوَلّٰى عَقْدَ نِكَاحِ نَفْسِهَا وَإِنْ أَمَرَهَا وَلِيُّهَا بِذٰلِكَ وَلَا عَقْدَ نِكَاحِ غَيْرِهَا وَلَا يَجُوْزُ أَنْ يَتَوَلّٰى ذٰلِكَ إِلَّا الرِّجَالُ.

میرے اس کلام کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ جن لوگوں کا میں نے ذکر کیا ہے ان پر عیب لگاؤں اور نہ ہی میں اس قسم کی بات کو طعن شمار کرتا ہوں بلکہ میرا ارادہ اس مستدل کی زیادتی کو بیان کرنا اور یہ بتانا ہے کہ جو کچھ میں نے بیان کیا وہ خود اس کے اپنے بیان سے اس پر لازم آتا ہے

اور میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ثابت بھی ہو جائے کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا تو جن لوگوں نے اس باب میں اس حدیث سے استدلال کیا ہے ان کے لیے اس میں کوئی دلیل نہیں کیونکہ اس میں کئی معانی کا احتمال ہے جو کچھ ہمارے اس مخالف نے کہا اس کا بھی احتمال ہے کہ ولی سے قریب ترعصبہ مراد ہو اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ عورت کا ولی صرف مرد ہو سکتا ہے چاہے وہ قریبی رشتہ دار ہو یا دور کا اس احتمال کی بنیاد پر اس شخص کا قول صحیح ہو سکتا ہے جس کے نزدیک عورت خود اپنا نکاح نہیں کر سکتی اگرچہ ولی اسے اس بات کی اجازت بھی دے اور نہ ہی وہ کسی دوسرے کا نکاح کر سکتی ہے (کیونکہ) ولایت نکاح تو صرف مردوں کو حاصل ہے۔

۴۲- وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا مِثْلُ ذٰلِكَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيْسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَنْكَحَتْ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ أَخِيْهَا جَارِيَةً مِنْ بَنِيْ أَخِيْهَا فَضَرَبَتْ بَيْنَهُمَا بِسِتْرٍ ثُمَّ تَكَلَّمَتْ حَتّٰى إِذَا لَمْ يَبْقَ إِلَّا النِّكَاحُ أَمَرَتْ رَجُلًا فَأَنْكَحَ ثُمَّ قَالَتْ لَيْسَ إِلَى النِّسَاءِ النِّكَاحُ.

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے کسی بھتیجے اور بھتیجی کا باہم نکاح کیا تو انہوں نے ان دونوں کے درمیان پردہ ڈال کر گفتگو کی یہاں تک کہ جب نکاح کے سوا کوئی بات نہ رہی تو ایک مرد کو حکم دیا چنانچہ اس نے نکاح کر دیا پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ عورتوں کو نکاح کر کے دینے کا کوئی اختیار نہیں۔

وَيَحْتَمِلُ أَيْضًا قَوْلُهُ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ أَنْ يَكُوْنَ الْوَلِيُّ هُوَ الَّذِيْ إِلَيْهِ وِلَايَةُ

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی "ولی کے بغیر نکاح نہیں" میں اس بات کا بھی احتمال ہے کہ (نکاح کا)

الْبُضْعِ مِنْ وَالِدِ الصَّغِيرَةِ اَوْ مَوْلَى الْاَمَةِ اَوْ بَالِغَةً حُرَّةً لِنَفْسِهَا فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّهُ لَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ يَّعْقِدَ نِكَاحًا عَلٰى بُضْعٍ اِلَّا وَلِيُّ ذٰلِكَ الْبُضْعِ وَهٰذَا جَائِزٌ فِى اللُّغَةِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ فَقَالَ قَوْمٌ وَلِيُّ الْحَقِّ هُوَ الَّذِىْ لَهُ الْحَقُّ فَاِذَا كَانَ مَنْ لَّهُ الْحَقُّ يُسَمّٰى وَلِيًّا كَانَ مَنْ لَّهُ الْبُضْعُ اَيْضًا يُسَمّٰى وَلِيًّا لَهٗ فَلَمَّا احْتَمَلَ مَا رَوَيْنَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهٖ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ هٰذِهِ التَّاوِيْلَاتِ انْتَفٰى اَنْ يُصْرَفَ اِلٰى بَعْضِهَا دُوْنَ بَعْضٍ اِلَّا بِدَلَالَةٍ تَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ اِمَّا مِنْ كِتَابٍ وَاِمَّا مِنْ سُنَّةٍ وَاِمَّا مِنْ اِجْمَاعٍ۔

اختیار اسی کو ہے جسے ولایتِ بُضع حاصل ہو نابالغہ کا باپ ہو لونڈی کا مالک ہو یا آزاد بالغہ عورت خود ہو، تو اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ کسی بُضع کا نکاح وہی کرسکتا ہے جسے اس کی ولایت حاصل ہو اور لغوی اعتبار سے یہ معنی جائز ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا "پس چاہیے کہ اس کا ولی انصاف سے لکھائے" تو ایک جماعت کہتی ہے ولی حق وہ ہے جس کا حق ہے تو اگر صاحبِ حق کو ولی کہا جاسکتا ہے تو جس کو بضع کی ملکیت حاصل ہو اسے ولی کیوں نہیں کہا جاسکتا؟ لہٰذا جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی "ولی کے بغیر نکاح نہیں" میں ان تمام معانی کا احتمال ہے تو کسی ایک معنی کو چھوڑ کر دوسرا معنیٰ (اس وقت تک) نہیں لے سکتے جب تک قرآنِ پاک، سنّت یا اجماع سے اس پر دلیل نہ ہو۔

۴۳۔ وَاحْتَجَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ لِقَوْلِهِمْ اَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ ح وَحَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا الْحِمَّانِيُّ قَالَ ثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ ابْنِ اَخِىْ مَعْقِلٍ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ اُخْتَهٗ كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ فَطَلَّقَهَا ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يُّرَاجِعَهَا فَاَبٰى عَلَيْهِ مَعْقِلٌ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ قَالُوْا فَلَمَّا اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلِيَّهَا بِتَرْكِ عَضْلِهَا دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ اِلَيْهِ عَقْدَ نِكَاحِهَا وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَنَا قَدْ يَحْتَمِلُ مَا قَالُوْا وَيَحْتَمِلُ غَيْرَ ذٰلِكَ يَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ عَضْلُ مَعْقِلٍ كَانَ تَزْهِيْدَهٗ لِاُخْتِهٖ فِى الْمُرَاجَعَةِ فَتَقِفُ عِنْدَ ذٰلِكَ فَاُمِرَ بِتَرْكِ ذٰلِكَ۔

جو لوگ ولی کے بغیر نکاح کو جائز نہیں سمجھتے انہوں نے اس حدیث سے بھی استدلال کیا حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کی بہن ایک شخص کے نکاح میں تھیں اس نے ان کو طلاق دے دی پھر رجوع کا ارادہ کیا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ "پس ان کو ان کے (پہلے) خاوندوں کے ساتھ نکاح کرنے سے نہ روکو جب کہ وہ معروف طریقے سے باہم رضا مند ہوں"۔ یہ حضرات فرماتے ہیں جب اللہ تعالیٰ نے اس کے ولی کو روکنے سے منع فرمایا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ عقدِ نکاح بھی وہی کرے گا۔ ہمارے نزدیک اس (آیت) میں اس بات کا بھی احتمال ہے جو انہوں نے کہی اور اس کے علاوہ (مفہوم) کا بھی ہو سکتا ہے حضرت معقل رضی اللہ عنہ کے روکنے کا مطلب یہ ہو کہ انہوں نے اپنی بہن کو (رجوع کی) ترغیب دی اور وہ اس طرح ٹھہری رہیں تو اللہ تعالیٰ نے اس بات (ترغیب نہ دینے) کو چھوڑنے کا حکم دیا۔

فَلَمَّا لَمْ يَكُنْ فِي هٰذِهِ الْآثَارِ دَلِيلٌ عَلٰى مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُولٰى نَظَرْنَا فِيمَا سِوَاهَا هَلْ نَجِدُ فِيهِ شَيْئًا يَدُلُّ عَلَى الْحُكْمِ فِي هٰذَا الْبَابِ كَيْفَ هُوَ فَإِذَا يُونُسُ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَنَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَيِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَأْذَنُ فِي نَفْسِهَا وَإِذْنُهَا صُمَاتُهَا۔

۴۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

۴۵۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ نَافِعِ ابْنِ جُبَيْرٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ فَبَيَّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ بِقَوْلِهِ الْأَيِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا أَنَّ أَمْرَهَا فِي تَزْوِيجِ نَفْسِهَا إِلَيْهَا لَا إِلٰى وَلِيِّهَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْبَابِ مَا يَدُلُّ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى أَيْضًا۔

۴۶۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا أَبُو سَلَمَةَ مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ أَيْضًا قَالَ ثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ ابْنُ

تو جب ان روایات میں پہلے قول والوں کے موقف پر کوئی دلیل نہیں تو ہم نے ان کے علاوہ روایات کو دیکھا کہ کیا ہم اس سلسلے میں کوئی بات پاتے ہیں جو اس حکم پر دلالت کرے کہ وہ کیسا ہے؟ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیوہ عورت اپنے ولی کی نسبت اپنے نفس کا زیادہ حق رکھتی ہے اور باکرہ عورت سے اس بارے میں اجازت لی جائے اور اس کی خاموشی اجازت ہے۔

حضرت قعنبی فرماتے ہیں ہم سے حضرت مالک نے بیان کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت موھب، حضرت نافع بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا تو سرکار دو عالم نے اس حدیث میں بیان کیے گئے الفاظ کے ذریعے بیوہ عورت کو اس کے نفس کا ولی کی نسبت زیادہ حقدار قرار دیا اور بتایا کہ اسے اپنا نکاح کرنے کا خود اختیار ہے (اس کے) ولی کو نہیں اس سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دیگر روایات بھی مروی ہیں جو اسی معنیٰ پر دلالت کرتی ہیں۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں حضرت ابوسلمہ کی وفات کے بعد سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو آپ نے مجھے اپنے ساتھ نکاح کی دعوت دی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! (اس وقت)

الْمُغِيرَةِ قَالَ ثَنَا ثَابِتٌ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ وَفَاةِ أَبِي سَلَمَةَ فَخَطَبَنِي إِلَى نَفْسِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَوْلِيَائِي شَاهِدًا فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْهُمْ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ يَكْرَهُ ذٰلِكَ قَالَتْ قُمْ يَا عُمَرُ فَزَوِّجِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَزَوَّجَهَا۔

میرا کوئی ولی موجود نہیں آپ نے فرمایا اُن میں سے حاضر یا غائب کوئی بھی اس بات کو ناپسند نہیں کرے گا تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بیٹے سے فرمایا اے عمر! رضی اللہ عنہ اٹھو اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے میرا نکاح کر دو چنانچہ انہوں نے ان کا نکاح کر دیا۔

فَكَانَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهَا إِلَى نَفْسِهَا فَفِي ذٰلِكَ دَلِيلٌ أَنَّ الْأَمْرَ فِي التَّزْوِيجِ إِلَيْهَا دُونَ أَوْلِيَائِهَا فَلَمَّا قَالَتْ لَهُ إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَوْلِيَائِي شَاهِدًا قَالَ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْهُمْ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ يَكْرَهُ ذٰلِكَ فَقَالَتْ قُمْ يَا عُمَرُ فَزَوِّجِ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعُمَرُ هٰذَا ابْنُهَا وَهُوَ يَوْمَئِذٍ طِفْلٌ صَغِيرٌ غَيْرُ بَالِغٍ لِأَنَّهَا قَدْ قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ إِنِّي امْرَأَةٌ ذَاتُ أَيْتَامٍ يَعْنِي عُمَرَ ابْنَهَا وَزَيْنَبَ بِنْتَهَا وَالطِّفْلُ لَا وِلَايَةَ لَهُ فَوَلَّتْهُ هِيَ أَنْ يَعْقِدَ النِّكَاحَ عَلَيْهَا فَفَعَلَ فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ جَائِزًا وَكَانَ عُمَرُ بِتِلْكَ الْوَكَالَةِ قَامَ مَقَامَ مَنْ وَكَّلَهُ فَصَارَتْ أُمُّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا كَأَنَّهَا هِيَ عَقَدَتِ النِّكَاحَ عَلَى نَفْسِهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَمْ يَنْتَظِرِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُضُورَ أَوْلِيَائِهَا دَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ بُضْعَهَا إِلَيْهَا دُونَهُمْ وَلَوْ كَانَ لَهُمْ فِي ذٰلِكَ حَقٌّ أَوْ أَمْرٌ لِمَا أَقْدَمَ النَّبِيُّ صَلَّى

اس حدیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ذاتی طور پر نکاح کا پیغام دیا، تو یہ اس بات پر دلیل ہے کہ نکاح کا معاملہ عورت سے متعلق ہوتا ہے اس کے ولیوں سے نہیں (چنانچہ جب) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ میرے اولیاء میں سے کوئی بھی موجود نہیں تو آپ نے فرمایا ان میں سے کوئی حاضر یا غائب اس (نکاح) کو ناپسند نہیں کرے گا۔ (اس کے بعد) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے عمر! اٹھو اور حضور علیہ السلام کے ساتھ میرا نکاح کرو، اور یہ عمر رضی اللہ عنہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ کے بیٹے تھے اور وہ ان دنوں بچے بالغ نہیں تھے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میں ایسی عورت ہوں جسکے یتیم بچے ہیں یعنی حضرت عمر اور حضرت زینب اور بچے کو ولایت حاصل نہیں ہوتی لیکن (اس کے باوجود) انہوں نے ان (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کو نکاح کر کے دینے کا اختیار دیا چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے جائز قرار دیا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس نکاح میں وکیل کے قائم مقام ہوئے تو گویا حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضور علیہ السلام سے اپنا نکاح خود کیا اور آپ کا ان کے کسی ولی کا انتظار نہ کرنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ اپنی بُضع کی خود مالک تھیں ان کے ولی نہیں، اور اگر اس سلسلے میں ان (اولیاء) کا کوئی حق یا

الله عليه وسلم على حق هو لهم قبل اباحتهم ذلك له. فان قال قائل ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اولى بكل مؤمن من نفسه قيل له صدقت هو اولى به من نفسه يطيعه في اكثر مما يطيع فيه نفسه فاما ان يكون هو اولى من نفسه في ان يعقد عليه عقدا بغير امره من بيع او نكاح او غير ذلك فلا وانما كان سبيله في ذلك صلى الله عليه وسلم كسبيل الحكام من بعده ولو كان ذلك كذلك لكانت وكالة عمر انما تكون من قبل النبي صلى الله عليه وعلى اله وسلم لا من قبل ام سلمة لانه هو وليها فلما لم يكن ذلك كذلك وكانت الوكالة انما كانت من قبل ام سلمة فعقد بها النكاح فقبله رسول الله صلى الله عليه وعلى اله وسلم دل ذلك ان النبي صلى الله عليه وعلى اله وسلم انما كان ملك ذلك البضع بتمليك ام سلمة اياه لا بحق ولاية كانت له في بضعها اولا ترى انها قد قالت له انه ليس احد من اوليائي شاهدا فقال لها النبي صلى الله تعالى عليه وعلى اله وسلم انه ليس احد منهم شاهد ولا غائب يكره ذلك ولو كان هو اولى بها منهم لم يقل لها ذلك ولقال لها انا وليك دونهم ولكنه لم ينكر ما قالت وقال لها انهم لا يكرهون ذلك فهذا وجه هذا الباب من طريق تصحيح معاني الآثار.

ولما ثبت ان عقد ام سلمة رضي الله عنها النكاح على بضعها كان جائزا

اختیار ہوتا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی اجازت سے پہلے ان کے حق کی طرف نہ بڑھتے۔

اگر کوئی شخص کہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تو ہر مومن پر اس کے نفس سے زیادہ ولایت حق رکھتے ہیں تو اسے کہا جائے گا آپ نے سچ کہا واقعی آپ اس کے نفس سے زیادہ حق رکھتے ہیں اور مومن اپنی بات کی نسبت آپ کی بات کو زیادہ مانتا ہے لیکن آپ کے اولیٰ ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ آپ اس کی اجازت کے بغیر اس کا نکاح یا خرید وفروخت کر سکتے ہیں اس سلسلے میں آپ کا معاملہ وہی ہے جو آپ کے بعد والے حکام کا ہے۔ اور اگر یہ بات اس طرح ہوتی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وکالت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہوتی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے نہ ہوتی کیونکہ آپ ہی ان (ام سلمہ) کے ولی ہوتے تو جب بات اس طرح نہیں اور یہ وکالت حضرت ام سلمہ کی طرف سے تھی تو انہوں نے ان کا نکاح کیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قبول فرمایا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حضور علیہ السلام کو ان کی ملکیت بُضع ان کے مالک بنانے سے حاصل ہوئی اس وجہ سے نہیں کہ آپ کو حق ولایت حاصل تھا کیا تم نہیں دیکھتے کہ انہوں نے عرض کیا میرا کوئی ولی موجود نہیں تو آپ نے ان سے فرمایا کہ ان میں سے کوئی بھی حاضر و غائب اس (نکاح) کو ناپسند نہیں کرے گا تو اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان (اولیاء) سے زیادہ ولایت رکھتے تو یہ بات نہ فرماتے بلکہ یوں فرماتے کہ تمہارا ولی میں ہوں وہ نہیں ہیں لیکن آپ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی بات کا انکار نہیں فرمایا اور ان سے صرف یہ فرمایا کہ وہ اس کو پسند نہیں کریں گے معانی روایات کی تصحیح کے اعتبار سے اس بات کا بیان یہ ہے۔

تو جب ثابت ہوا کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح اولیاء کے بغیر جائز تھا تو واجب ہے کہ جن روایات

دُوْنَ اَوْلِيَائِهَا وَجَبَ اِنْ يُحْمَلَ مَعَانِي الْاٰثَارِ الَّتِيْ قَدَّمْنَا ذِكْرَهَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى اَيْضًا حَتّٰى لَا يَتَضَادَّ شَيْءٌ مِّنْهَا وَ لَا يَتَنَافٰى وَلَا يَخْتَلِفَ وَاَمَّا النَّظْرُ فِيْ ذٰلِكَ فَاِنَّا قَدْ رَاَيْنَا الْمَرْاَةَ قَبْلَ بُلُوْغِهَا يَجُوْزُ اَمْرُ وَالِدِهَا عَلَيْهَا فِيْ بُضْعِهَا وَ مَالِهَا فَيَكُوْنُ الْعَقْدُ فِيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ اِلَيْهِ لَا اِلَيْهَا وَ حُكْمُهُ فِيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ حُكْمٌ وَاحِدٌ غَيْرُ مُخْتَلِفٍ فَاِذَا بَلَغَتْ فَكُلٌّ قَدْ اَجْمَعَ اَنَّ وِلَايَتَهٗ عَلٰى مَالِهَا قَدِ ارْتَفَعَتْ وَاَنَّ مَا كَانَ اِلَيْهِ مِنَ الْعَقْدِ عَلَيْهَا فِيْ مَالِهَا فِيْ صِغَرِهَا قَدْ عَادَ اِلَيْهَا فَالنَّظْرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ الْعَقْدُ عَلٰى بُضْعِهَا يُخْرِجُ ذٰلِكَ مِنْ يَدِ اَبِيْهَا بِبُلُوْغِهَا فَيَكُوْنُ مَا كَانَ اِلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ قَبْلَ بُلُوْغِهَا قَدْ عَادَ اِلَيْهَا وَ يَسْتَوِيْ حُكْمُهَا فِيْ مَالِهَا وَ فِيْ بُضْعِهَا بَعْدَ بُلُوْغِهَا فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ اِلَيْهَا دُوْنَ اَبِيْهَا وَ يَكُوْنُ حُكْمُهَا مُسْتَوِيًا بَعْدَ بُلُوْغِهَا كَمَا كَانَ مُسْتَوِيًا قَبْلَ بُلُوْغِهَا۔

فَهٰذَا حُكْمُ النَّظْرِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَيْضًا اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اِنْ زَوَّجَتِ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا مِنْ غَيْرِ كُفُوٍ فَلِوَلِيِّهَا فَسْخُ ذٰلِكَ عَلَيْهَا وَكَذٰلِكَ اِنْ قَصَّرَتْ فِيْ مَهْرِهَا فَتَزَوَّجَتْ بِدُوْنِ مَهْرِ مِثْلِهَا فَلِوَلِيِّهَا اَنْ يُخَاصِمَ فِيْ ذٰلِكَ حَتّٰى يَلْحَقَ بِمَهْرِ مِثْلِ نِسَائِهَا وَقَدْ كَانَ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهِ عَلَيْهِ كَانَ يَقُوْلُ اِنَّ بُضْعَ الْمَرْاَةِ اِلَيْهَا الْوِلَاءُ فِيْ عَقْدِ النِّكَاحِ عَلَيْهِ لِنَفْسِهَا

کو ہم نے پہلے ذکر کیا ان کے معانی کو بھی اس پر محمول کیا جائے تاکہ ان روایات کے درمیان تضاد اور اختلاف و منافات نہ ہو۔ جہاں تک اس مسئلے میں غور و فکر (اور قیاس) کا تعلق ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ عورت کے بالغ ہونے سے پہلے اس کی بُضع اور مال میں اس کے والد کو ولایت حاصل ہوتی ہے اور اس وقت عقد کا اختیار مکمل طور پر باپ کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ اس کے ہاتھ میں نہیں اس سلسلے میں ان تمام امور کا حکم ایک ہی ہوتا ہے اس میں اختلاف نہیں ہوتا پھر جب وہ بالغ ہو جاتی ہے تو اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ اس کے مال سے باپ کی ولایت اٹھ جاتی ہے اور اس کے مال کا عقد جو بچپن کی وجہ سے باپ کے اختیار میں تھا اب اس کی طرف لوٹ آتا ہے تو قیاس کا تقاضا ہے کہ عقد بُضع بھی اسی طرح ہو کہ اس کے بالغ ہونے سے باپ کے ہاتھ سے نکل جائے اور بلوغت سے پہلے جو اختیار باپ کو حاصل تھا اب اس (لڑکی) کی طرف لوٹ جائے اور بالغ ہونے کے بعد اس کے مال اور بُضع کے سلسلے میں اس کا حکم ایک جیسا ہو پس یہ اختیار خود اسے حاصل ہوگا باپ کو نہیں اور جس طرح بلوغت سے پہلے اس کا حکم (مال و بُضع میں) ایک جیسا تھا، بالغ ہونے کے بعد بھی برابر رہو۔

اس باب میں قیاس کا یہی حکم ہے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قول بھی یہی ہے البتہ وہ فرماتے ہیں کہ اگر عورت غیر کفو میں خود اپنا نکاح کرے تو ولی کو اسے فسخ کرنے کا حق ہے اسی طرح اگر مہر کم رکھے اور مہر مثل سے کم پر نکاح کرے تو ولی اس سلسلے میں جھگڑا کر سکتا ہے حتیٰ کہ وہ اس جیسی دوسری لڑکیوں کے مہر جتنا (پورا) کر دے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ عورت کے نکاح کے سلسلے میں بُضع کی ولایت خود اسے حاصل ہوگی ولی کو نہیں اور اگر وہ مہر مثل سے کم پر نکاح کرے تو ولی کو اعتراض کا حق نہیں اس کے بعد انہوں نے

دُوْنَ وَلِيِّهَا يَقُوْلُ اِنَّهُ لَيْسَ لِلْوَلِيِّ اَنْ يَّعْتَرِضَ عَلَيْهَا فِيْ نُقْصَانِ مَا تَزَوَّجَتْ عَلَيْهِ عَنْ مَّهْرِ مِثْلِهَا ثُمَّ رَجَعَ عَنْ قَوْلِهِ هٰذَا كُلِّهِ اِلٰى قَوْلِ مَنْ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَقَوْلُهُ الثَّانِيْ هٰذَا قَوْلُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ.

ان لوگوں کے قول کی طرف رجوع کیا جو کہتے ہیں کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا حضرت محمد بن حسن رحمہ اللہ کا قول بھی (امام ابو یوسف) کے اس دوسرے قول کی طرح ہے۔

بَابُ ۷۳ الرَّجُلِ يُرِيْدُ تَزَوُّجَ الْمَرْاَةِ هَلْ يَحِلُّ لَهُ النَّظَرُ اِلَيْهَا اَمْ لَا

جس عورت سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو اسے دیکھنا جائز ہے یا نہ؟

۴۷ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبِ الْكَيْسَانِيُّ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ اَبُوْ شِهَابٍ الْحَنَّاطُ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ عَنْ عَمِّهِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ قَالَ رَاَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ يُطَارِدُ ثُبَيْتَةَ بِنْتَ الضَّحَّاكِ فَوْقَ اِجَّارٍ لَهَا بِبَصْرَةَ طَرْدًا شَدِيْدًا فَقُلْتُ اَتَفْعَلُ هٰذَا وَاَنْتَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا اُلْقِيَ فِيْ قَلْبِ امْرِئٍ خِطْبَةُ امْرَاَةٍ فَلَا بَاْسَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا.

حضرت سلیمان بن ابو حثمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا وہ بصرہ میں ایک کھلی چھت پر سے ثبتیہ بنت ضحاک کو بہت زیادہ تاک جھانک کر رہے تھے میں نے کہا آپ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہو کر ایسا کرتے ہیں انہوں نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جب کسی شخص کے دل میں کسی عورت سے منگنی کا خیال ڈال دیا جائے تو اسے دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔

۴۸ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ نَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيْسٰى عَنْ مُوْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ وَكَانَ قَدْ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ اَحَدُكُمْ امْرَاَةً فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا اِذَا كَانَ اِنَّمَا يَنْظُرُ اِلَيْهَا لِلْخِطْبَةِ وَاِنْ كَانَتْ

حضرت موسیٰ بن عبداللہ بن یزید، حضرت ابو حمید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو اس کی طرف دیکھنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ وہ تو اس کی طرف منگنی کے لیے دیکھ رہا ہے اگرچہ اس عورت کو

لَا تَعْلَمُ۔

۴۹- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِیُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ الْحُصَیْنِ عَنْ وَاقِدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ اَحَدُکُمُ الْمَرْاَةَ فَقَدَرَ عَلٰی اَنْ یَّرٰی مِنْهَا مَا یُعْجِبُهٗ فَلْیَفْعَلْ قَالَ جَابِرٌ فَلَقَدْ خَطَبْتُ امْرَاَةً مِّنْ بَنِیْ سَلَمَةَ فَکُنْتُ اَتَخَبَّاُ فِیْ اُصُوْلِ النَّخْلِ حَتّٰی رَاَیْتُ مِنْهَا بَعْضَ مَا یُعْجِبُنِیْ فَخَطَبْتُهَا فَتَزَوَّجْتُهَا۔

۵۰- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ السَّقَطِیُّ قَالَ ثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ کَیْسَانَ الْیَشْکُرِیُّ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلًا اَرَادَ اَنْ یَّتَزَوَّجَ امْرَاَةً مِّنْ نِّسَآءِ الْاَنْصَارِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُنْظُرْ اِلَیْهَا فَاِنَّ فِیْ اَعْیُنِ نِسَآءِ الْاَنْصَارِ شَیْئًا یَعْنِی الصِّغَرَ۔

۵۱- حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَاصِمِ الْاَحْوَلِ عَنْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیِّ اَنَّ الْمُغِیْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ اَرَادَ اَنْ یَّتَزَوَّجَ امْرَاَةً فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُنْظُرْ اِلَیْهَا فَاِنَّهٗ اَحْرٰی اَنْ یُّؤْدَمَ بَیْنَکُمَا۔

۵۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ یُوْنُسَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ بَکْرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ

(اس بات کا) علم نہ ہو۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو پیغام نکاح دے اور اس سے وہ بات دیکھنے پر قادر ہو جسے وہ پسند کرتا ہے تو ایسا کرے حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے بنو سلمہ کی ایک عورت کو پیغامِ نکاح دیا تو میں کھجور کی جڑوں میں چھپ جاتا حتی کہ میں نے اس سے بعض پسندیدہ چیزیں دیکھیں پھر منگنی کی اور اس کے بعد شادی کر لی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ایک انصاری عورت سے نکاح کا ارادہ کیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا اسے دیکھ لو کیونکہ انصاری عورتوں کی آنکھوں میں کچھ (نقص) ہوتا ہے یعنی چھوٹی ہوتی ہیں۔

حضرت بکر بن عبد اللہ مزنی سے مروی ہے کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ایک عورت سے نکاح کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اسے دیکھ لو یہ (دیکھنا) تمہارے درمیان دائمی تعلقات کے لیے زیادہ مناسب ہے۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے ایک عورت کو منگنی کا پیغام دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ

خَطَبْتُ امْرَاَۃً فَقَالَ لِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ هَلْ نَظَرْتَ اِلَیْهَا فَقُلْتُ لَا فَقَالَ فَانْظُرْ اِلَیْهَا فَاِنَّہٗ اَحْرٰی اَنْ یُّؤْدَمَ بَیْنَکُمَا۔

وسلم نے فرمایا کیا تم نے اسے دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا "نہیں" آپ نے فرمایا اسے دیکھ لو کیونکہ یہ تمہارے دائمی تعلقات کے لیے زیادہ مناسب ہے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِیْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ اِبَاحَةُ النَّظْرِ اِلٰی وَجْهِ الْمَرْاَۃِ لِمَنْ اَرَادَ نِکَاحَهَا ذَهَبَ اِلٰی ذٰلِكَ قَوْمٌ وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا یَجُوْزُ ذٰلِكَ لِمَنْ اَرَادَ نِکَاحَ الْمَرْاَۃِ وَلَا لِغَیْرِ مَنْ اَرَادَ نِکَاحَهَا اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ زَوْجًا لَهَا اَوْ ذَا رَحْمٍ مَحْرَمٍ مِنْهَا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ جس عورت سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو اس کی طرف دیکھنا جائز ہے ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ بات کسی کے لیے جائز نہیں اس سے نکاح کا ارادہ کرنے والا ہو یا کوئی دوسرا، البتہ خاوند یا ذو رحم محرم کے لیے (دیکھنا) جائز ہے۔

۵۳۔ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ اَبِیْ طُفَیْلٍ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ یَا عَلِیُّ اِنَّ لَكَ کَنْزًا فِی الْجَنَّةِ وَاِنَّكَ ذُوْ قَرْنَیْهَا فَلَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ فَاِنَّمَا لَكَ الْاُوْلٰی وَلَیْسَتْ لَكَ الْاٰخِرَةُ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اے علی! تمہارے لیے جنت میں خزانہ ہے اور تم اس کے دو کناروں کے مالک ہو، پس ایک نظر کے بعد نہ دیکھو بے شک پہلی (نظر) تمہارے لیے ہے (یعنی پہلی بار اچانک دیکھنا جائز ہے) اور دوسری تمہارے لیے (جائز) نہیں ہے۔

۵۴۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَوَّامِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْمُرَادِیُّ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ قَالَ ثَنَا وُهَیْبُ بْنُ خَالِدٍ وَاَبُوْ شِهَابٍ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ جَرِیْرٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظْرَةِ الْفُجَاءَةِ قَالَ اِصْرِفْ بَصَرَكَ۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اچانک (کسی پر) نظر پڑنے کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا اپنی نظر پھیر لو (یعنی دوبارہ نہ دیکھو)

۵۵۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِیْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا وُهَیْبٌ عَنْ یُوْنُسَ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت وہیب، حضرت یونس سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۶۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ يُوْنُسَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت اسماعیل بن علیۃ حضرت یونس سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۷۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ أَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ أَبِيْ رَبِيْعَةَ الْإِيَادِيِّ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ رَفَعَهٗ مِثْلَهٗ يَعْنِيْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ يَا عَلِيُّ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ فَإِنَّمَا لَكَ الْأُوْلٰى وَلَيْسَتْ لَكَ الثَّانِيَةُ۔

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں یعنی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا (اچانک) ایک بار نظر پڑنے کے بعد دوبارہ نہ دیکھو بلاشبہ پہلی تمہاری لیے (جائز) ہے اور دوسری تمہارے لیے (جائز) نہیں ہے۔

۵۸۔ وَحَدَّثَنَا أَبُوْ أُمَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ قَالَ أَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ أَبِيْ رَبِيْعَةَ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّظْرَةُ الْأُوْلٰى لَكَ وَالْآخِرَةُ عَلَيْكَ۔

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا پہلی نظر تمہارے لیے (جائز) ہے اور دوسری نظر تمہارے لیے (جائز) نہیں۔

قَالُوْا فَلَمَّا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ النَّظْرَةَ الثَّانِيَةَ لِأَنَّهَا يَكُوْنُ بِاخْتِيَارِ النَّاظِرِ وَخَالَفَ بَيْنَ حُكْمِهَا وَبَيْنَ حُكْمِ مَا قَبْلَهَا إِذَا كَانَتْ بِغَيْرِ اخْتِيَارٍ مِنَ النَّاظِرِ دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَنَّهٗ لَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى وَجْهِ الْمَرْأَةِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا مِنَ النِّكَاحِ أَوِ الْحُرْمَةِ مَا لَا يَحْرُمُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ مِنْهَا فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ فِيْ ذٰلِكَ لِأَهْلِ الْمَقَالَةِ الْأُوْلٰى أَنَّ الَّذِيْ أَبَاحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْآثَارِ الْأُوَلِ هُوَ النَّظَرُ لِلْخِطْبَةِ لَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ فَذٰلِكَ نَظَرٌ بِسَبَبٍ هُوَ حَلَالٌ أَلَا تَرٰى أَنَّ رَجُلًا لَوْ نَظَرَ إِلٰى وَجْهِ امْرَأَةٍ لَا نِكَاحَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا لِيَشْهَدَ عَلَيْهَا وَلِيَشْهَدَ لَهَا أَنَّ ذٰلِكَ جَائِزٌ فَكَذٰلِكَ إِذَا نَظَرَ إِلٰى

یہ (دوسرے قول کے قائلین) حضرات فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری نظر کو حرام قرار دیا کیونکہ وہ دیکھنے والے کے اختیار سے ہوتی ہے اور اس کے اور پہلی نظر کے حکم میں فرق کیا جب کہ پہلی نظر دیکھنے والے کے اختیار سے نہ ہو تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جب تک کسی مرد اور عورت کے درمیان نکاح یا ایسی حرمت کا رشتہ نہ ہو جس کی وجہ سے اسے دیکھنا حرام نہیں تو اس کی طرف دیکھنا جائز نہیں ان کے خلاف پہلے قول کے قائلین کی دلیل یہ ہے کہ پہلے ذکر کی گئی روایات میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس بات کو جائز قرار دیا وہ منگنی کے سلسلے میں دیکھنا ہے اس کے علاوہ نہیں بس یہ حلال سبب سے دیکھنا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت کو جو اس کے نکاح میں نہیں اس کے خلاف یا اس کے حق میں گواہی دینے کے لیے دیکھے تو یہ جائز

وَجْهِهَا لِيَخْطُبَهَا كَانَ ذٰلِكَ جَائِزًا لَهُ أَيْضًا فَأَمَّا الْمَنْهِيُّ عَنْهُ فِي حَدِيْثِ عَلِيٍّ وَجَرِيْرٍ وَبُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ فَذٰلِكَ لِغَيْرِ الْخِطْبَةِ وَلِغَيْرِ مَا هُوَ حَلَالٌ فَذٰلِكَ مَكْرُوْهٌ مُحَرَّمٌ.

وَقَدْ رَأَيْنَاهُمْ لَا يَخْتَلِفُوْنَ فِي نَظَرِ الرَّجُلِ إِلٰى صَدْرِ الْمَرْأَةِ الْأَمَةِ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَّبْتَاعَهَا أَنَّ ذٰلِكَ لَهُ جَائِزٌ حَلَالٌ لِأَنَّهُ إِنَّمَا يَنْظُرُ إِلٰى ذٰلِكَ مِنْهَا لِيَبْتَاعَهَا لَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ وَلَوْ نَظَرَ إِلٰى ذٰلِكَ مِنْهَا لَا لِيَبْتَاعَهَا وَلٰكِنْ لِغَيْرِ ذٰلِكَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ حَرَامًا فَكَذٰلِكَ نَظَرُهُ إِلٰى وَجْهِ الْمَرْأَةِ إِنْ كَانَ فَعَلَ ذٰلِكَ لِمَعْنًى هُوَ حَلَالٌ فَذٰلِكَ غَيْرُ مَكْرُوْهٍ لَهُ وَإِنْ كَانَ فَعَلَهُ لِمَعْنًى هُوَ عَلَيْهِ حَرَامٌ فَذٰلِكَ مَكْرُوْهٌ لَهُ وَإِذَا ثَبَتَ أَنَّ النَّظَرَ إِلٰى وَجْهِ الْمَرْأَةِ لِيَخْطُبَهَا حَلَالٌ خَرَجَ بِذٰلِكَ حُكْمُهُ مِنْ حُكْمِ الْعَوْرَةِ وَلِأَنَّا رَأَيْنَا مَا هُوَ عَوْرَةٌ لَا يُبَاحُ لِمَنْ أَرَادَ نِكَاحَهَا النَّظَرُ إِلَيْهَا أَلَا تَرٰى أَنَّ مَنْ أَرَادَ نِكَاحَ امْرَأَةٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهِ النَّظَرُ إِلٰى شَعْرِهَا وَإِلٰى صَدْرِهَا وَإِلٰى مَا هُوَ أَسْفَلُ مِنْ ذٰلِكَ فِي بَدَنِهَا كَمَا يَحْرُمُ ذٰلِكَ مِنْهَا عَلٰى مَنْ لَّمْ يُرِدْ نِكَاحَهَا.

فَلَمَّا ثَبَتَ أَنَّ النَّظَرَ إِلٰى وَجْهِهَا حَلَالٌ لِمَنْ أَرَادَ نِكَاحَهَا ثَبَتَ أَنَّهُ حَلَالٌ أَيْضًا لِمَنْ لَّمْ يُرِدْ نِكَاحَهَا إِذَا كَانَ لَا يَقْصِدُ بِنَظَرِهِ ذٰلِكَ لِمَعْنًى هُوَ عَلَيْهِ حَرَامٌ وَقَدْ قِيْلَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا أَنَّ ذٰلِكَ الْمُسْتَثْنٰى هُوَ الْوَجْهُ وَالْكَفَّانِ فَقَدْ وَافَقَ مَا ذَكَرْنَا

ہے تو اسی طرح اگر وہ اسے منگنی کرنے کی نیت سے دیکھے تو یہ بھی جائز ہوگا حضرت علی المرتضیٰ، حضرت جریر اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہم کی روایات میں جس دیکھنے سے منع کیا گیا ہے وہ منگنی اور کسی (دوسرے) حلال کام کے علاوہ دیکھنا ہے یہ مکروہ اور حرام ہے۔

اور ہم نے دیکھا کہ فقہاء کرام مرد کے لیے ایسی لونڈی کے سینے کو دیکھنا جائز قرار دیتے ہیں جس کو وہ خریدنا چاہتا ہے کیونکہ وہ اسے صرف خریدنے کی خاطر دیکھتا ہے کسی اور مقصد کے لیے نہیں اور اگر وہ اسے خریدنے کے علاوہ دیکھے تو یہ دیکھنا حرام ہے اسی طرح اگر کسی جائز کام کے لیے کسی عورت کے چہرے کو دیکھے تو یہ اس کے لیے مکروہ نہیں ہوگا اور اگر حرام مقصد کے تحت دیکھے تو یہ مکروہ (حرام) ہوگا تو جب ثابت ہوا کہ عورت سے منگنی کی خاطر اس کی طرف دیکھنا جائز ہے تو اس سے وہ (اس کا چہرہ) حکم ستر سے نکل گیا نیز ہم دیکھتے ہیں کہ جو شخص نکاح کا ارادہ کرے وہ بھی عورت کے ستر کی طرف نہیں دیکھ سکتا کیا تم نہیں دیکھتے کہ جو آدمی کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو اس پر اس عورت کے بالوں، اس کے سینے اور اس سے نیچے بدن کی طرف دیکھنا حرام ہے جیسا کہ یہ اس شخص کے لیے حرام ہے جو نکاح کا ارادہ نہیں رکھتا۔

پس جب ثابت ہوگیا کہ نکاح کا ارادہ کرنے والے کے لیے عورت کے چہرے کی طرف دیکھنا حلال ہے تو ثابت ہوا کہ اس شخص کے لیے بھی (دیکھنا) حلال ہے جو نکاح کا ارادہ نہیں رکھتا البتہ اس کا مقصد کوئی حرام کام بھی نہیں اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی میں فرمایا گیا اور وہ اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں البتہ جو (پہلے سے) ظاہر ہو تو یہاں چہرہ اور ہتھیلیاں مستثنیٰ ہیں تو جو کچھ ہم نے حدیث سے ذکر کیا

مِنْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا التَّاوِيْلَ وَمِمَّنْ ذَهَبَ اِلٰى هٰذَا التَّاوِيْلِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ كَمَا حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ بِذٰلِكَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدٍ وَهٰذَا كُلُّهُ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

ہے وہ اس تاویل کے موافق ہوگیا حضرت محمد بن حسن رحمہ اللہ بھی اسی تاویل کے قائل ہیں جیسا کہ ہم نے حضرت سلیمان بن شعیب سے روایت کیا انہوں نے بواسطہ اپنے والد حضرت امام محمد رحمہ اللہ سے نقل کیا یہی حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہ اللہ کا مسلک ہے۔

بَابُ التَّزْوِيْجِ عَلٰى سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ

قرآن پاک کی کسی سورت کے بدلے نکاح کرنا

۵۹۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِيْ لَكَ فَقَامَتْ قِيَامًا طَوِيْلًا فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَوِّجْنِيْهَا اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ تُصْدِقُهَا اِيَّاهُ فَقَالَ مَا عِنْدِيْ اِلَّا اِزَارِيْ هٰذَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اَعْطَيْتَهَا اِيَّاهُ جَلَسْتَ لَا اِزَارَ لَكَ فَالْتَمِسْ شَيْئًا فَقَالَ لَا اَجِدُ شَيْئًا قَالَ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ حَدِيْدٍ قَالَ فَالْتَمَسَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَيْءٌ فَقَالَ نَعَمْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا لِسُوَرٍ سَمَّاهَا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک عورت نے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کیا وہ کافی دیر کھڑی رہی تو ایک شخص نے اٹھ کر عرض کیا یا رسول اللہ! اگر آپ کو اس کی ضرورت نہیں تو اسے میرے نکاح میں دیجئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا اسے مہر میں دینے کے لیے تیرے پاس کچھ ہے اس نے عرض کیا میرے پاس صرف یہ تہبند ہے آپ نے فرمایا اگر تو یہ (ازار) اسے دے دے گا تو تہبند کے بغیر بیٹھ جائے گا (لہذا) کچھ تلاش کر و اس نے عرض کیا مجھے کچھ بھی نہیں مل رہا آپ نے فرمایا تلاش کرو اگرچہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہی ہو راوی فرماتے ہیں اس نے تلاش کیا لیکن کچھ بھی نہ ملا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کیا تجھے قرآن پاک سے کچھ یاد ہے اس نے عرض کیا جی ہاں فلاں فلاں سورت یاد ہے اس نے نام بتائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ قرآن پاک سے تجھے یاد ہے میں نے اس کے بدلے اس کے ساتھ تیرا نکاح کر دیا۔

۶۰۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ (اس روایت کے مطابق)

عَنْ سَهْلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ قَدْ اَنْكَحْتُكَهَا مَعَ مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔

آپ نے فرمایا قرآن پاک سے جو کچھ تیرے پاس ہے میں نے اس کے بدلے اس کے ساتھ تیرا نکاح کیا۔

۶۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ هِشَامٍ الرُّعَيْنِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِيَ اللَّيْثُ قَالَ ثَنِيْ هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ اللَّيْثُ لَا يَجُوْزُ هٰذَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّزَوَّجَ بِالْقُرْاٰنِ۔

حضرت ابو حازم، حضرت سہل سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں حضرت لیث فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قرآن پاک کے بدلے نکاح کرنا جائز نہیں۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ التَّزْوِيْجَ عَلٰى سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ مُسَمَّاةٍ جَائِزٌ وَقَالُوْا مَعْنٰى ذٰلِكَ عَلٰى اَنْ يُّعَلِّمَهَا تِلْكَ السُّوْرَةَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا مَنْ تَزَوَّجَ عَلٰى ذٰلِكَ فَالنِّكَاحُ جَائِزٌ وَهُوَ فِيْ حُكْمِ مَنْ لَّمْ يُسَمِّ مَهْرًا فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا اِنْ دَخَلَ بِهَا اَوْ مَاتَا اَوْ مَاتَ اَحَدُهُمَا وَاِنْ طَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا فَلَهَا الْمُتْعَةُ وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ عَلٰى اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى اَنَّ الَّذِيْ فِيْ حَدِيْثِ سَهْلٍ مِّنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلٰى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ اِنْ حُمِلَ ذٰلِكَ عَلَى الظَّاهِرِ وَكَذٰلِكَ مَذْهَبُ اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى فِيْ غَيْرِهٖ فَذٰلِكَ عَلَى السُّوْرَةِ لَا عَلٰى تَعْلِيْمِهَا وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى السُّوْرَةِ فَهُوَ عَلٰى حُرْمَتِهَا وَلَيْسَتْ مِنَ الْمَهْرِ فِيْ شَيْءٍ كَمَا تَزَوَّجَ اَبُوْ طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ عَلٰى اِسْلَامِهٖ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ قرآن پاک کی کسی مقررہ سورت کے بدلے نکاح کرنا جائز ہے وہ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس (عورت) کو وہ سورت سکھائے ان حضرات نے اس سلسلے میں اس حدیث (مذکورہ بالا) سے استدلال کیا ہے لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص اس (قرآن پاک) کے بدلے نکاح کرے تو نکاح جائز ہو جائے گا لیکن وہ اس کے حکم میں ہوگا جس نے مہر مقرر نہیں کیا پس اس عورت کیلئے مہر مثل ہوگا اگر اس (مرد) نے جماع کیا یا وہ دونوں مر گئے یا ان میں سے ایک کا انتقال ہو گیا اور اگر وہ اسے جماع سے پہلے طلاق دے تو اس عورت کیلئے متعہ (کپڑوں کا جوڑا) ہوگا۔ پہلے قول کے قائلین کے خلاف انکی حجت یہ ہے کہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی روایت میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ میں نے اس کے ساتھ تیرا نکاح قرآن پاک کے بدلے کیا جو تجھے یاد ہے کو اگر ظاہر پر محمول کیا جائے جیسا کہ غیر قرآن کے بارے میں پہلے قول والوں کا مذہب ہے تو وہ سورت پر محمول ہے تعلیم پر نہیں۔ اور اگر اس سے سورت مراد لی جائے تو اسکی تعظیم مقصود ہے اس کا مہر ہونا مراد نہیں جیسا کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا سے انکے مسلمان ہونے کی وجہ سے (نکاح کیا)۔

۶۲ - حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْخَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ الْفَوْزِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا سے انکے اسلام کی وجہ سے نکاح کیا اور میں (حضرت انس رضی اللہ عنہ) نے یہ بات نبی اکرم

أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ تَزَوَّجَ أُمَّ سُلَيْمٍ عَلَى إِسْلَامِهِ وَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَسَّنَهُ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ الْإِسْلَامُ مَهْرًا فِي الْحَقِيقَةِ وَإِنَّمَا مَعْنَى تَزَوَّجَهَا عَلَى إِسْلَامِهِ أَيْ تَزَوَّجَهَا لِإِسْلَامِهِ وَقَدْ زَادَ بَعْضُهُمْ فِي حَدِيثِ أَنَسٍ هٰذَا قَالَ أَنَسٌ وَاللَّهِ مَا كَانَ لَهَا مَهْرٌ غَيْرُهُ فَمَعْنَى ذٰلِكَ عِنْدَنَا وَاللَّهُ أَعْلَمُ أَيْ مَا أَرَادَتْ مِنْهُ مَهْرًا غَيْرَهُ فَكَذٰلِكَ مَعْنَى حَدِيثِ سَهْلٍ فِي الْمَرْأَةِ الَّتِي ذَكَرْنَا وَمِنَ الْحُجَّةِ لِأَهْلِ هٰذِهِ الْمَقَالَةِ عَلَى أَهْلِ الْمَقَالَةِ الْأُولَى أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهَى أَنْ يُؤْكَلَ بِالْقُرْآنِ وَيُتَعَوَّضَ بِهِ شَيْءٌ مِنْ أُمُورِ الدُّنْيَا۔

۶۳ - حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ أَخْبَرَنَا مُغِيرَةُ بْنُ دِينَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ عَنْ عُبَادَةَ قَالَ كُنْتُ أُعَلِّمُ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الصُّفَّةِ الْقُرْآنَ فَأَهْدَى إِلَيَّ رَجُلٌ مِنْهُمْ قَوْسًا عَلَى أَنْ أَقْبَلَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنْ أَرَدْتَ أَنْ يُطَوِّقَكَ اللَّهُ بِهَا طَوْقًا مِنَ النَّارِ فَاقْبَلْهَا۔

۶۴ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ أَبِي سَلَّامٍ عَنْ أَبِي رَاشِدٍ الْحُبْرَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے اس کی تحسین فرمائی یہ اسلام حقیقت میں مہر نہیں تھا اور اسلام پر نکاح کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کے مسلمان ہونے کی وجہ سے ان سے نکاح کیا بعض (محدثین) نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس روایت میں یہ اضافہ کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم! ان (حضرت ام سلیم) کے لیے اس کے علاوہ کوئی مہر نہ تھا تو ہمارے نزدیک اس کا مطلب یہ ہے اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے، کہ انہوں (ام سلیم) نے اس کے علاوہ مہر کا ارادہ ہی نہیں کیا تو جس عورت کا ہم نے ذکر کیا اس کے بارے میں حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی روایت کا مطلب بھی یہی ہے۔ پہلے قول والوں کے خلاف ان (دوسرے قول والوں) کی دلیل یہ بھی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن پاک کے بدلے کھانے اور اس کے عوض کوئی دنیوی مفاد حاصل کرنے سے منع فرمایا۔

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کچھ اصحاب صُفّہ کو قرآن پاک سکھایا کرتا تھا تو ان میں سے ایک شخص نے مجھے ایک قوس (کمان) تحفہ دیا کہ میں اسے اللہ کے راستے میں قبول کروں میں نے یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں آگ کا طوق ڈالے تو اسے قبول کر لو۔

حضرت عبد الرحمٰن بن شبل انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قرآن پاک پڑھو لیکن نہ تو اس میں زیادتی کرو، نہ اس سے دور رہو نہ اسے کھانے کا ذریعہ بناؤ اور نہ

يَقُوْلُ اقْرَءُوْا الْقُرْاٰنَ وَلَا تَغْلُوْا فِيْهِ وَلَا تَجْفُوْا عَنْهُ وَلَا تَأْكُلُوْا بِهٖ وَلَا تَسْتَكْثِرُوْا بِهٖ۔

اس کے ذریعے مال بڑھاؤ۔

۶۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ثَنَا اَبَانُ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى قَالَ ابْنُ خُزَيْمَةَ فِيْ حَدِيْثِهٖ عَنْ زَيْدٍ وَقَالَ ابْنُ اَبِيْ دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا زَيْدٌ ثُمَّ اجْتَمَعَا جَمِيْعًا فَقَالَا عَنْ اَبِيْ سَلَامٍ عَنْ اَبِيْ رَاشِدٍ الْحِبْرَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اقْرَءُوْا الْقُرْاٰنَ لَا تَغْلُوْا فِيْهِ وَلَا تَأْكُلُوْا بِهٖ فَحَظَرَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتَعَوَّضُوْا بِالْقُرْاٰنِ شَيْئًا مِنْ عَرَضِ الدُّنْيَا۔

حضرت ابن خزیمہ اپنی روایت میں حضرت زید سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ابن ابو داؤد فرماتے ہیں ہم سے حضرت زید نے بیان کیا پھر وہ دونوں بواسطہ ابو راشد حبرانی، حضرت عبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے قرآن پاک پڑھو لیکن نہ تو اس میں زیادتی کرو اور نہ اسے کھانے کا ذریعہ بناؤ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس بات سے منع فرمادیا کہ وہ قرآن پاک کے بدلے دنیا کی کوئی چیز حاصل کریں۔

فَعَارَضَ ذٰلِكَ مَا حَمَلَ عَلَيْهِ الْمُخَالِفُ مَعْنَى الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ لَوْ ثَبَتَ اَنَّ مَعْنَاهُ كَذٰلِكَ وَلَمْ يَثْبُتْ ذٰلِكَ اِذْ كَانَ يَحْتَمِلُ تَاْوِيْلُهٗ مَا وَصَفْنَا وَقَدْ يَحْتَمِلُ اَيْضًا مَعْنًى اٰخَرَ وَهُوَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَبَاحَ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِلْكَ الْبُضْعِ بِغَيْرِ صِدَاقٍ وَلَمْ يَجْعَلْ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ غَيْرِهٖ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَيَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ قَدْ كَانَ مِمَّا خَصَّهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهٖ مِنْ ذٰلِكَ اَنْ يُّمَلِّكَ غَيْرَهٗ مَا كَانَ لَهٗ تَمْلِيْكُهٗ بِغَيْرِ صِدَاقٍ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ خَاصًّا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

پس یہ حدیث اس بات کے خلاف ہے جس پر مخالف نے پہلی حدیث کو محمول کیا اگر وہ معنیٰ ثابت ہو جائے لیکن وہ ثابت نہیں کیونکہ اس میں اس بات کا بھی احتمال ہے جو ہم نے بیان کی اور دوسرے معنیٰ کا احتمال بھی ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ملک بضع کو مہر کے بغیر جائز قرار دیا اور آپ کے علاوہ کسی کے لیے ایسا نہیں کیا ارشاد خداوندی ہے "اگر کوئی عورت اپنا نفس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہبہ کرے اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس سے نکاح کا ارادہ کریں تو یہ حکم خاص آپ کیلئے ہے عام مومنوں کے لیے نہیں ہے"۔ لہٰذا اس بات کا احتمال ہے کہ اس کا تعلق اس چیز سے ہو جسے اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ خاص کیا لیکن کوئی دوسرا شخص مہر کے بغیر مالک نہیں ہو سکتا تو یہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا قَالَ اللَّيْثُ.
وَمِمَّا يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ فَقَامَ إِلَيْهِ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَقَالَ لَهُ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا فَكَانَ هٰذَا مَا ذُكِرَ فِي ذٰلِكَ الْحَدِيثِ وَلَمْ يُذْكَرْ فِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاوَرَهَا فِي نَفْسِهَا وَلَا أَنَّهَا قَالَتْ لَهُ زَوِّجْنِي مِنْهُ فَدَلَّ ذٰلِكَ إِذْ كَانَ تَزْوِيجُهُ إِيَّاهَا مِنْهُ لَا بِقَوْلٍ تَأْتِي بِهِ بَعْدَ قَوْلِهَا وَقَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ وَإِنَّمَا هُوَ بِقَوْلِهَا الْأَوَّلِ وَلَمْ تَكُ قَالَتْ لَهُ قَدْ جَعَلْتُ لَكَ أَنْ تَهَبَنِي لِمَنْ شِئْتَ بِالْهِبَةِ الَّتِي لَا تُوجِبُ مَهْرًا جَازَ النِّكَاحُ وَقَدْ أَجْمَعُوا أَنَّ الْهِبَةَ خَالِصَةٌ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا ذَكَرْنَا مِنْ إِخْلَاصِ اللهِ تَعَالٰى إِيَّاهُ بِهَا دُونَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرَ أَنَّ قَوْمًا قَالُوا خَالِصَةً لَكَ أَيْ بِلَا مَهْرٍ وَجَعَلُوا الْهِبَةَ نِكَاحًا لِغَيْرِهِ يُوجِبُ الْمَهْرَ وَقَالَ آخَرُونَ خَالِصَةً لَكَ أَيْ أَنَّ الْهِبَةَ تَكُونُ لَكَ نِكَاحًا وَلَا تَكُونُ نِكَاحًا لِغَيْرِكَ.

فَلَمَّا كَانَتِ الْمَرْأَةُ الْمَذْكُورُ أَمْرُهَا فِي حَدِيثِ سَهْلٍ مَنْكُوحَةً بِهِبَتِهَا نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ذَكَرْنَا ثَبَتَ أَنَّ ذٰلِكَ النِّكَاحَ خَاصٌّ كَمَا قَالَ الَّذِينَ ذَهَبُوا إِلٰى ذٰلِكَ فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مَعَ مَا ذَكَرْنَا فِي الْحَدِيثِ سُؤَالٌ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَسَلَّمَ لَهَا أَنْ يُزَوِّجَهَا مِنْهُ وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ لَمْ يُنْقَلْ

کے ساتھ خاص ہوگا جیسا کہ حضرت لیث نے فرمایا۔
اور اس بات پر دلالت کرنے والی باتوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس عورت نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کر دیا تو وہ شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا کہ اگر آپ کو اس کی حاجت نہیں تو اس کے ساتھ میرا نکاح کر دیں اس حدیث میں یہ بات مذکور ہے اور یہ بات مذکور نہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے اس کے نفس کے بارے میں مشورہ کیا اور نہ یہ کہ اس نے خود عرض کیا کہ اس سے میرا نکاح کر دیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جب آپ نے اس عورت کا اس شخص سے نکاح کیا تو اس کی پہلی بات یعنی میں نے اپنے نفس کو آپ کے لیے ہبہ کیا کی بنیاد پر کیا اس کے بعد اس نے کوئی نئی بات نہیں کہی کہ میں نے آپ کو اختیار دیا آپ جس کے لیے چاہیں مجھے مہر کے بغیر ہبہ کر دیں تو اس سے وہ نکاح جائز ہو گیا۔ اور اس بات پر اتفاق ہے کہ ہبہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے ساتھ خاص کیا کسی دوسرے مومن کے لیے نہیں ہے البتہ بعض حضرات نے فرمایا کہ "آپ کے لیے خالص ہے" کا مطلب یہ ہے کہ مہر کے بغیر ہے اور دوسروں کے لیے ہبہ کو نکاح قرار دیا جس سے مہر واجب ہوگا اور کچھ دیگر حضرات نے "خالص آپ کے لیے ہے" کا معنیٰ یہ کیا ہے کہ ہبہ آپ کے لیے نکاح ہے اور دوسروں کے لیے نکاح نہیں۔

پس جب وہ عورت جس کا حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی روایت میں ذکر ہے حضور علیہ السلام کی خدمت میں اپنے نفس کو ہبہ کرنے سے منکوحہ ہو گئی جیسا کہ ہم نے ذکر کیا تو ثابت ہوا کہ یہ نکاح خاص ہے جیسا کہ اس بات کے قائلین نے فرمایا اگر کوئی شخص کہے کہ ہماری اس مذکورہ گفتگو کے باوجود ہو سکتا ہے اس شخص نے حضور علیہ السلام سے سوال کیا ہو کہ آپ اس عورت کا اس سے نکاح کر دیں اگرچہ یہ بات اس حدیث میں منقول ہو کر ہم تک نہیں پہنچی۔ تو اس

اِلَيْنَا فِي ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ قِيْلَ لَهٗ وَكَذٰلِكَ يَحْتَمِلُ اَيْضًا اَنْ يَّكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ لَهَا مَهْرًا غَيْرَ السُّوْرَةِ وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ لَمْ يُنْقَلْ اِلَيْنَا فِي الْحَدِيْثِ فَاِنْ حَمَلْتَ الْحَدِيْثَ عَلٰى ظَاهِرِهٖ عَلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَنْتَ لَزِمَكَ مَا ذَكَرْنَا مِنْ اَنَّ ذٰلِكَ النِّكَاحَ كَانَ بِالْهِبَةِ الَّتِيْ وَصَفْنَا وَاِنْ حَمَلْتَ ذٰلِكَ عَلَى التَّاوِيْلِ عَلٰى مَا وَصَفْتَ فَلِغَيْرِكَ اَنْ يَّحْمِلَهٗ اَيْضًا مِنَ التَّاوِيْلِ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا ثُمَّ لَا تَكُوْنُ اَنْتَ بِتَاوِيْلِكَ اَوْلٰى مِنْهُ بِتَاوِيْلِهٖ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ تَصْحِيْحِ مَعَانِي الْاٰثَارِ

شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ اس بات کا بھی احتمال ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے سورت کے علاوہ مہر مقرر کیا ہو اگرچہ یہ بات حدیث میں منقول ہو کر ہم تک نہیں پہنچی اور اگر تم اس حدیث کو ظاہر پر محمول کرو جیسا کہ تمہارا مذہب ہے تو تم پر وہ بات لازم آئے گی جس کا ہم نے ذکر کیا کہ یہ نکاح ھبہ کی صورت میں تھا جسے ہم نے بیان کیا اور اگر تم اسے اس تاویل پر محمول کرو جو تم نے بیان کی تو تمہارا غیر اس تاویل پر محمول کر سکتا ہے جو ہم نے بیان کی ہے پھر اس کی تاویل کے مقابلے میں تمہاری بیان کردہ تاویل اولیٰ نہ ہو گی معانی روایات کی تصحیح کے طور پر اس باب کا یہ (مندرجہ بالا) بیان ہے۔

وَاَمَّا وَجْهُهٗ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ

فَاِنَّا قَدْ رَاَيْنَا النِّكَاحَ اِذَا وَقَعَ عَلٰى مَهْرٍ مَجْهُوْلٍ لَمْ يَثْبُتِ الْمَهْرُ وَرُدَّ حُكْمُ الْمَرْاَةِ اِلٰى حُكْمِ مَنْ لَّمْ يُسَمِّ لَهَا مَهْرًا فَاحْتِيْجَ اِلٰى اَنْ يَّكُوْنَ الْمَهْرُ مَعْلُوْمًا كَمَا تَكُوْنُ الْاَثْمَانُ فِي الْبِيَاعَاتِ مَعْلُوْمَةً وَكَمَا تَكُوْنُ الْاُجْرَةُ فِي الْاِجَارَاتِ مَعْلُوْمَةً وَكَانَ الْاَصْلُ الْمُجْتَمَعُ عَلَيْهِ اَنَّ رَجُلًا لَوِ اسْتَاجَرَ رَجُلًا عَلٰى اَنْ يُّعَلِّمَهٗ سُوْرَةً مِّنَ الْقُرْاٰنِ سَمَّاهَا بِدَرَاهِمَ لَا يَجُوْزُ وَكَذٰلِكَ لَوِ اسْتَاجَرَهٗ عَلٰى اَنْ يُّعَلِّمَهٗ شِعْرًا بِعَيْنِهٖ بِدَرَاهِمَ كَانَ ذٰلِكَ غَيْرَ جَائِزٍ اَيْضًا لِاَنَّ الْاِجَارَاتِ لَا تَجُوْزُ اِلَّا عَلٰى اَحَدِ مَعْنَيَيْنِ اِمَّا عَلٰى عَمَلٍ بِعَيْنِهٖ مِثْلَ غَسْلِ ثَوْبٍ بِعَيْنِهٖ اَوْ عَلٰى خِيَاطَتِهٖ اَوْ عَلٰى وَقْتٍ مَّعْلُوْمٍ لَا بُدَّ فِيْهَا مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ الْوَقْتُ مَعْلُوْمًا اَوْ

اور غور و فکر کے طریقے پر اس کا بیان یوں ہے کہ ہم دیکھتے ہیں جب نکاح مہر مجہول کی ساتھ واقع ہو تو مہر ثابت نہیں ہوتا اور اس عورت کا حکم اس کے حکم کی طرف لوٹایا جاتا ہے جس کے لیے مہر مقرر نہیں ہوتا لہٰذا ضروری ہے کہ مہر معلوم ہو جیسے خرید و فروخت میں قیمت معلوم ہوتی ہے اور جیسے اجارات میں اجرت معلوم ہوتی ہے اور متفق علیہ ضابطہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کے ساتھ یوں اجارہ کرے کہ وہ اسے چند مقررہ درہموں کے بدلے قرآن پاک سکھا دے تو یہ جائز نہیں اور اسی طرح اگر چند مقررہ درہموں کے بدلے شعر سکھانے کا اجارہ کرے تو یہ بھی جائز نہیں کیونکہ اجارے دو صورتوں میں سے ایک کے ساتھ جائز ہوتے ہیں یا تو کام مقرر (وقت) ہو جیسے چند متعین کپڑے دھونا یا انکی سلائی کرنا یا معلوم وقت کے لیے ہو یعنی وقت کا معلوم ہونا ضروری ہے یا کام معلوم ہو اور جب وہ سورت قرآن سکھانے پر اجارہ کرے گا تو یہ معلوم وقت کے لیے نہیں یہ اجارہ تو محض اس (سورت) کے سکھانے کے لیے ہے اور انسان کبھی کم تعلیم حاصل

الْعَمَلُ مَعْلُوْمًا وَكَانَ إِذَا اسْتَاجَرَهُ عَلَىٰ تَعْلِيْمِ سُوْرَةٍ فَتِلْكَ إِجَارَةٌ لَا عَلَىٰ وَقْتٍ مَعْلُوْمٍ وَلَا عَمَلٍ مَعْلُوْمٍ إِنَّمَا اسْتَاجَرَهُ عَلَىٰ أَنْ يُعَلِّمَهُ ذٰلِكَ وَقَدْ يَتَعَلَّمُ بِقَلِيْلِ التَّعْلِيْمِ وَبِكَثِيْرِهِ وَفِيْ قَلِيْلِ الْاَوْقَاتِ وَكَثِيْرِهَا وَكَذٰلِكَ لَوْ بَاعَهُ دَارَهُ عَلَىٰ أَنْ يُعَلِّمَهُ سُوْرَةً مِّنَ الْقُرْاٰنِ لَمْ يَجُزْ ذٰلِكَ لِلْمَعَانِي الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا فِي الْاِجَارَاتِ

کرتا ہے اور کبھی زیادہ اسی طرح کبھی تھوڑے وقت میں سیکھ لیتا ہے اور کبھی زیادہ وقت میں۔ اسی طرح اگر کوئی شخص اپنا مکان بیچ کر دہ (خریدنے والا) اسے قرآن پاک کی ایک سورت سکھا دے تو ان شرائط کی بنیاد پر جو ہم نے اجاروں کے سلسلے میں ذکر کی ہیں، یہ اجارہ بھی جائز نہیں۔

فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ فِي الْاِجَارَاتِ وَالْبِيَاعَاتِ وَقَدْ وَصَفْنَا أَنَّ الْمَهْرَ لَا يَجُوْزُ عَلَىٰ أَمْوَالٍ وَلَا عَلَىٰ مَنَافِعَ إِلَّا عَلَىٰ مَا يَجُوْزُ عَلَيْهِ الْبَيْعُ وَالْاِجَارَةُ وَغَيْرُ ذٰلِكَ وَكَانَ التَّعْلِيْمُ لَا تُمَلَّكُ بِهِ الْمَنَافِعُ وَلَا أَعْيَانُ الْاَمْوَالِ ثَبَتَ بِالنَّظَرِ عَلَىٰ ذٰلِكَ أَنْ لَّا يُمَلَّكَ بِهِ الْاَبْضَاعُ فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

تو جب یہ (عقد نکاح) اجاروں اور سودے کی طرح ہے اور ہم نے بیان کیا کہ مہر صرف اسی مال یا منافع کی صورت میں جائز ہے جو خرید و فروخت اور اجارے کی صورت میں جائز ہوتا ہے اور تعلیم کے ذریعے نہ تو منافع کی ملکیت حاصل ہوتی ہے اور نہ ہی کسی چیز کی تو اس پر قیاس کرنے سے ثابت ہوا کہ اس (تعلیم قرآن) سے بُضع (عورت کی شرمگاہ) کی ملکیت بھی ثابت نہیں ہوتی، یہی قیاس ہے اور یہی حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۱۷۵ الرَّجُلُ تَعْتِقُ أَمَتَهُ عَلَىٰ أَنَّ عِتْقَهَا صِدَاقُهَا

مہر کے بدلے میں لونڈی کو آزاد کرنا

۶۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا أَبَانُ وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَا ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صِدَاقَهَا قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَىٰ أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا أَعْتَقَ أَمَتَهُ عَلَىٰ أَنَّ عِتْقَهَا صِدَاقُهَا جَازَ ذٰلِكَ فَإِنْ تَزَوَّجَهَا فَلَا مَهْرَ لَهَا غَيْرُ الْعِتَاقِ وَمِمَّنْ قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَأَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا اور اس آزادی کو ان کا مہر قرار دیا۔ حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص اپنی لونڈی کو اس شرط پر آزاد کرے کہ اس کی آزادی ہی اس کا مہر ہوگی تو یہ جائز ہے پھر اگر وہ اس سے نکاح کرے تو اس آزادی کے علاوہ مہر نہیں ہوگا اس بات کے قائلین میں حضرت سفیان ثوری اور حضرت امام ابویوسف رحمہما اللہ بھی شامل ہیں۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذَٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا لَيْسَ لِأَحَدٍ غَيْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَفْعَلَ هَذَا فَيَتِمَّ لَهُ النِّكَاحُ بِغَيْرِ صِدَاقٍ سِوَى الْعِتَاقِ وَإِنَّمَا كَانَ ذَٰلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ خَاصًّا لِأَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ بِغَيْرِ صِدَاقٍ وَلَمْ يَجْعَلْ ذَٰلِكَ لِأَحَدٍ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرِهِ قَالَ عَزَّ وَجَلَّ وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَكَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ فَلَمَّا أَبَاحَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لِنَبِيِّهِ أَنْ يَتَزَوَّجَ بِغَيْرِ صِدَاقٍ كَانَ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ عَلَى الْعِتَاقِ الَّذِي لَيْسَ بِصِدَاقٍ وَمَنْ لَمْ يُبِحِ اللَّهُ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ عَلَى غَيْرِ صِدَاقٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ عَلَى الْعِتَاقِ الَّذِي لَيْسَ بِصِدَاقٍ وَمِمَّنْ قَالَ بِهَذَا الْقَوْلِ أَبُو حَنِيفَةَ وَزُفَرُ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَيْهِمْ۔

۶۷- وَمِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي ذَٰلِكَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَدْ رَوَى عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَعَلَ فِي جُوَيْرِيَةَ ذَٰلِكَ مِثْلَ مَا رَوَى عَنْهُ أَنَسٌ أَنَّهُ فَعَلَهُ فِي صَفِيَّةَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ ابْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ كَتَبَ إِلَيَّ نَافِعٌ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ جُوَيْرِيَةَ فِي غَزْوَةِ بَنِي الْمُصْطَلِقِ فَأَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صِدَاقَهَا أَخْبَرَنِي بِذَٰلِكَ عَبْدُ اللَّهِ ابْنُ عُمَرَ وَكَانَ فِي ذَٰلِكَ الْجَيْشِ فَقَدْ رَوَى هَذَا ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا عَنْ

لیکن دوسرے حضرات ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں تو (اس صورت میں) اس کا نکاح مہر کے بغیر مکمل ہو جائے گا اور آزادی مہر نہیں ہو گی یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے مہر کے بغیر بھی نکاح کرنا جائز قرار دیا اور آپ کے علاوہ کسی مومن کے لیے اسے جائز قرار نہیں دیا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا "اگر کوئی مومن عورت اپنے نفس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہبہ کر دے اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے نکاح کا ارادہ کریں تو یہ آپ کیلئے خاص ہے عام مومنوں کیلئے نہیں ہے تو (جب) اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ وہ مہر کے بغیر نکاح کریں تو آپ کیلئے یہ بھی جائز ہے کہ آزادی کے سبب نکاح کریں جو مہر نہیں ہے اور جس شخص کیلئے اللہ تعالیٰ نے مہر کے بغیر نکاح جائز قرار نہیں دیا تو اس کے لیے آزادی کے بدلے نکاح کرنا جائز نہیں کیونکہ وہ مہر نہیں ہے اس قول کے قائلین میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور امام زفر امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے سلسلے میں وہی عمل کیا جو حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں آپ کا فعل حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت ابن عون سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت نافع نے مجھے لکھا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ کو غزوہ بنو مصطلق میں حاصل کیا تو آپ نے انہیں آزاد کر کے ان سے نکاح کر لیا اور ان کی آزادی کو ہی ان کا مہر قرار دیا فرماتے ہیں مجھے یہ بات حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بتائی اور وہ اس لشکر میں تھے تو یہ بات حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی جیسا کہ ہم نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم كما ذكرنا ثم قال هو من بعد النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم في مثل هذا ان يجدد لها صداقا۔

٦٨۔ حدثنا بذلك سليمن بن شعيب قال ثنا الخصيب قال ثنا حماد بن سلمة عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر مثل ذلك فهذا عبد الله بن عمر رضي الله عنهما قد ذهب الى ان الحكم في ذلك بعد رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم على غير ما كان لرسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم فيحتمل ان يكون ذلك سماعا سمعه من النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم ويحتمل ان يكون دله على ذلك المعنى الذي استدللنا به نحن على خصوصية رسول الله صلى الله عليه وسلم في ذلك بما وصفنا دون الناس

ثم نظرنا في عتاق رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم جويرية التي تزوجها عليه وجعله صداقها كيف كان فاذا ابن ابي داود قد حدثنا قال ثنا اسد قال ثنا يحيى بن زكريا هو ابن ابي زائدة قال ثنا محمد بن اسحاق قال ثني محمد بن جعفر ابن الزبير عن عروة عن عائشة قالت لما اصاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم سبايا بني المصطلق وقعت جويرية بنت الحارث في سهم لثابت ابن قيس بن شماس او لابن عم له فكاتبت على نفسها قالت وكانت امرأة حلوة

ذکر کیا۔ پھر انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اسی قسم کے معاملے میں فرمایا کہ اسے مہر جدید دیا جائے (یعنی آزادی مہر نہیں بن سکتی)

حضرت عبید اللہ، حضرت نافع سے اور وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس کی قسم روایت کرتے ہیں۔ تو یہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں جو اس بات کی طرف گئے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد وہ حکم نہیں ہو گا جو آپ کے لیے تھا پس اس میں احتمال ہے کہ آپ نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس بات پر اس معنی سے راہنمائی حاصل ہوتی ہو جس سے ہم نے استدلال کیا کہ یہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے دوسرے لوگوں کے لیے یہ حکم نہیں۔

پھر ہم نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جویریہ کو آزاد کرنا جسے آپ نے مہر قرار دے کر ان سے نکاح کیا، کیسا تھا تو حضرت عروہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتی ہیں جب بنو مصطلق کے قیدی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ لگے تو حضرت جویریہ بنت حارث، ثابت بن قیس بن شماس یا ان کے بھتیجے کے حصے میں آئیں انہوں نے اپنے لیے کتابت کر لی (حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا) فرماتی ہیں وہ نہایت شیریں کلام خاتون تھیں اور انہیں جو بھی دیکھتا وہ ان کی گرفت میں آجاتا (متاثر ہو جاتا) وہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر اپنی کتابت پر مدد مانگنے لگیں پس اللہ کی قسم! میں نے ان کو دروازے پر کھڑے دیکھا تو میں انہیں ناپسند کیا اور مجھے معلوم ہو گیا کہ عنقریب آپ

لا يكاد يراها احد الا اخذت بنفسه فاتت رسول الله صلى الله عليه وسلم تستعينه في كتابتها فوالله ما هو الا ان رايتها على باب الحجرة فكرهتها وعرفت انه سيرى منها مثل ما رايت فقالت يا رسول الله انه جويرية بنت الحارث بن ابي ضرار سيد قومه وقد اصابني من الامر ما لم يخف فوقعت في سهم ثابت بن قيس بن شماس او لابن عم له فكاتبته فجئت رسول الله استعينه على كتابتي قال فهل لك في خير من ذلك قالت وما هو يا رسول الله قال اقضي عنك كتابتك واتزوجك قالت نعم قال فقد فعلت وخرج الخبر الى الناس ان رسول الله صلى الله عليه وعلى اله وسلم تزوج جويرية بنت الحارث فقالوا اصهار رسول الله صلى الله عليه وسلم فارسلوا ما في ايديهم قالت فلقد اعتق بتزويجه اياها مائة اهل بيت من بني المصطلق فلا نعلم امراة كانت اعظم بركة على على قومها منها۔

فبينت عائشة رضي الله تعالى عنها العتاق الذي ذكره عبد الله بن عمر رضي الله تعالى عنهما ان النبي صلى الله عليه و اله وسلم تزوجها عليه وجعله مهرها كيف هو وانه انما هو اداؤه عنها مكاتبتها الى الذي كان كاتبها لتعتق بذلك الاداء ثم كان ذلك العتاق الذي وجب باداء رسول الله صلى الله عليه وسلم المكاتبة الى الذي كان كاتبها مهرا لها

اس سے وہ کچھ دیکھیں گے جو میں نے دیکھا انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں قوم کے سردار حارث بن ابوضرار کی بیٹی جویریہ ہوں اور میں ایسی مصیبت میں پھنسی ہوں جو پوشیدہ نہیں میں ثابت بن قیس بن شماس یا ان کے بھتیجے کے حصہ میں دی گئی ہوں میں نے ان سے کتابت کرلی ہے تو میں اپنی کتابت پر مدد حاصل کرنے کے لیے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی ہوں۔ آپ نے فرمایا کیا تمہیں اس سے بہتر میں رغبت ہے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا میں تیری کتابت کی رقم ادا کر کے تجھ سے شادی کرلوں انہوں نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا "میں نے ایسا کیا جب لوگوں کو خبر پہنچی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کرلیا ہے تو انہوں نے کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سسرالی قرابت قائم ہوگئی چنانچہ انہوں نے اپنے قیدی چھوڑ دیے حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ کے ان کے ساتھ نکاح کرنے کی وجہ سے بنو مصطلق کے ایک سو گھر والے آزاد ہوگئے پس ہم ان (حضرت جویریہ) سے بڑھ کر کسی عورت کو اپنی قوم کے لیے باعث برکت نہیں جانتے۔

تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس آزادی کو واضح طور پر بیان کیا جس کا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ذکر کیا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بدلے نکاح کیا اور اسے مہر قرار دیا کہ اس کی کیا صورت تھی وہ آپ کی طرف سے بدل کتابت کا اس شخص کو ادا کرنا تھا جس نے ان سے کتابت کی تھی تا کہ اس ادائیگی کے بدلے وہ آزاد ہو جائیں پھر یہ آزادی جو سرکار دو عالم صلی اللہ وسلم کی طرف سے بدل کتابت ادا کرنے کی وجہ سے

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم على ما في
حديث ابن عمر رضي الله عنهما ليس هذا لأحد
غير رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يدفع
عن مكاتبة مكاتبتها الى مولاها على ان تعتق
بأدائه ذلك عنها يكون ذلك العتاق مهرا
لها من قبل الذي ادى عنها مكاتبتها و
تكون بذلك زوجة له ۔

فلما كان لرسول الله صلى الله عليه
وسلم ان يجعل هذا مهرا على ان ذلك
خاص له دون امته كان له ان يجعل العتاق
الذي تولاه هو ايضا مهرا لمن اعتقه على
ان ذلك خاص له دون امته فهذا وجه هذا
الباب من طريق الآثار واما وجهه من
طريق النظر فان ابا يوسف رحمة الله
عليه قال النظر عندي في هذا ان يكون
العتاق مهر المعتقة عليه ليس لها معه
غيره وذلك لانا رأيناها اذا وقع العتاق
على ان تزوجه نفسها ثم ابت التزويج ان عليها ان تسعى
في قيمتها قال فما كان يجب عليها ان تسعى
فيه اذا ابت التزويج يكون مهرا لها اذا
اجابت الى التزويج قال وان طلقها بعد
ذلك قبل ان يدخل كان عليها ان تسعى
في نصف قيمتها وقد روي هذا ايضا
عن الحسن

۶۹ - حدثنا محمد بن خزيمة قال ثنا
محمد بن عبد الله الانصاري عن اشعث
عن الحسن في رجل اعتق امته وجعل
عتقها صداقها ثم طلقها قبل ان يدخل
بها قال عليها ان تسعى في نصف قيمتها

ہوئی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مہر قرار پائی جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کو اس بات کی اجازت نہیں کہ وہ کسی مکاتب کا بدل کتابت مکاتب کو ادا کرے کہ وہ اسے آزاد کردے اور یہ آزادی، بدل کتابت ادا کرنے والے کی طرف سے مہر قرار پائے اور وہ اس کی بیوی بن جائے۔

تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اسے مہر قرار دینا آپ کی خصوصیت سے ہے امت کے لیے جائز نہیں تو جس آزادی کی آپ کو ولایت حاصل ہوئی اسے مہر قرار دینا ہی آپ کے ساتھ خاص تھا امت کے لیے نہیں۔ روایات کے طریقے پر اس بات کا بیان ہے غور و فکر کے طریقے پر اس کا بیان یوں ہے کہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس سلسلے میں میرے نزدیک قیاس یہ ہے کہ جس عورت کو اس شرط پر آزاد کیا گیا اس کی آزادی ہی مہر ہو اس کے ساتھ کچھ اور نہ ہو ہم دیکھتے ہیں کہ جب آزادی اس شرط پر واقع ہو کہ وہ (عورت) اس (آزاد کرنے والے) سے نکاح کرے گی پھر وہ نکاح سے انکار کردے تو اس پر لازم ہے کہ اپنی قیمت (کی ادائیگی) کے لیے محنت مشقت کرے وہ فرماتے ہیں کہ نکاح سے انکار کی صورت میں جس چیز کے لیے اس پر محنت مشقت واجب ہوئی ہے یہی چیز اس کے لیے مہر قرار پائی اگر وہ نکاح سے انکار نہ کرتی وہ فرماتے ہیں اگر وہ اسے اس کے بعد جماع سے پہلے طلاق دے تو اس پر نصف قیمت کے لیے مال کمانا ضروری ہوگا۔ یہ بات حضرت حسن رحمہ اللہ سے بھی مروی ہے۔

حضرت اشعث، حضرت حسن سے اس شخص کے بارے میں روایت کرتے ہیں جس نے اپنی لونڈی کو آزاد کیا اور اس کی آزادی کو اس کا مہر قرار دیا پھر جماع سے پہلے اسے طلاق دے دی تو اس عورت پر لازم ہے کہ نصف قیمت (کی ادائیگی) کے لیے محنت مشقت کرے اس سلسلے میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ فِيْ هٰذَا عَلٰى اَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اَنَّ مَا ذَكَرَهُ مِنْ وُجُوْبِ السِّعَايَةِ عَلَيْهَا اِذَا اَبَتْ فِيْ قِيْمَتِهَا قَدْ قَالَ هُوَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ فَمَا لَزِمَهُمَا مِنْ ذٰلِكَ فِيْ قَوْلِهَا اِذَا اَجَابَتْ اِلَى التَّزْوِيْجِ فَهُوَ لَازِمٌ لَهُمَا

اللہ علیہ کے خلاف حجت یہ ہے کہ انہوں نے جو ذکر فرمایا کہ عورت جب نکاح سے انکار کر دے تو اپنی قیمت کی ادائیگی کے لیے محنت کرے تو یہی بات حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہا اللہ نے بھی فرمائی تو نکاح کو قبول کرنے کی صورت میں جو کچھ حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ پر لازم ہوتا ہے وہی ان (امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہا اللہ) پر بھی لازم ہوگا۔

وَاَمَّا زُفَرُ فَكَانَ يَقُوْلُ لَا سِعَايَةَ عَلَيْهَا اِذَا اَبَتْ لِاَنَّهُ وَاِنْ كَانَ شَرَطَ عَلَيْهَا النِّكَاحَ فِيْ اَصْلِ الْعِتَاقِ فَاِنَّمَا شَرَطَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا بِبَدَلٍ شَرَطَهُ لَهَا عَلٰى نَفْسِهِ هُوَ الصَّدَاقُ الَّذِيْ يَجِبُ لَهَا فِيْ قَوْلِهِ اِذَا اَجَابَتْ فَكَانَ الْعِتَاقُ وَاقِعًا عَلَيْهَا لَا بِبَدَلٍ وَالنِّكَاحُ الْمَشْرُوْطُ عَلَيْهَا لَهُ بَدَلٌ غَيْرُ الْعِتَاقِ فَصَارَ ذٰلِكَ كَرَجُلٍ اَعْتَقَ عَبْدَهُ عَلٰى اَنْ يَّخْدِمَهُ سَنَةً بِاَلْفِ دِرْهَمٍ فَقَبِلَ ذٰلِكَ الْعَبْدُ ثُمَّ اَبٰى اَنْ يَّخْدِمَهُ فَلَا شَيْءَ لَهُ عَلَيْهِ لِاَنَّهُ لَوْ خَدَمَهُ لَكَانَ يَسْتَحِقُّ عَلَيْهِ بِاسْتِخْدَامِهِ اِيَّاهُ اَجْرًا بَدَلًا مِنَ الْخِدْمَةِ فَكَذٰلِكَ اِذَا كَانَ مِنْ قَوْلِ زُفَرَ فِي الْاَمَةِ الْمُعْتَقَةِ عَلَى التَّزْوِيْجِ اَنَّهَا اِذَا اَجَابَتْ اِلَى التَّزْوِيْجِ وَجَبَ لَهَا مَهْرٌ بَدَلًا مِنْ بُضْعِهَا فَاِذَا اَبَتْ لَمْ يَجِبْ عَلَيْهَا بَدَلٌ مِنْ رَقَبَتِهَا لِاَنَّ رَقَبَتَهَا عُتِقَتْ لَا بِبَدَلٍ وَاشْتُرِطَ عَلَيْهَا نِكَاحٌ بِبَدَلٍ وَلَا يَثْبُتُ الْبَدَلُ مِنَ النِّكَاحِ اِلَّا بِثُبُوْتِ النِّكَاحِ كَمَا لَا يَثْبُتُ الْبَدَلُ عَلَى الْخِدْمَةِ اِلَّا بِثُبُوْتِ الْخِدْمَةِ فَلَيْسَ بُطْلَانُهُمَا وَلَا بُطْلَانُ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِمُوْجِبٍ فِي الْعِتَاقِ الَّذِيْ وَقَعَ عَلٰى غَيْرِ شَيْءٍ

لیکن حضرت امام زفر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب وہ انکار کرے تو اس پر سعی (محنت مشقت) واجب نہیں کیونکہ اگرچہ آزادی کے سلسلے میں اس پر نکاح کی شرط رکھی گئی ہے لیکن یہ اس شرط کے بدلے میں ہے جو اس عورت کی طرف سے مرد پر لازم آتی ہے یعنی وہ مہر جو قبولیت نکاح کی صورت میں عورت کے لیے (مرد پر) واجب ہوتا ہے تو گویا عورت کو آزادی کسی عوض کے بغیر حاصل ہوگئی۔ اور مرد نے جس نکاح کی شرط رکھی ہے اس کے لیے آزادی کے علاوہ بدل ہے۔ اور یہ اس شخص کی طرح ہو گیا جس نے اپنے غلام کو اس شرط پر آزاد کیا کہ وہ ایک ہزار درہم کے بدلے ایک سال آپ اس کی خدمت کرے غلام نے اسے قبول کر لیا پھر خدمت کرنے سے انکار کر دیا تو اس کے لیے مالک کے ذمہ کچھ نہ ہوگا کیونکہ اگر وہ اس کی خدمت کرتا ہے تو اس کے بدلے میں اجرت کا مستحق ہوتا جو خدمت کا بدل قرار پاتا تو نکاح کی شرط پر آزاد کی گئی لونڈی کے بارے میں حضرت امام زفر رحمہ اللہ کا قول بھی اسی طرح ہے کہ جب وہ عورت نکاح کو قبول کرے تو اس کی بضع کے بدلے میں مہر واجب ہوگا اور اگر انکار کرے تو آزادی کی وجہ سے اس پر کچھ بھی لازم نہ ہوگا کیونکہ اسے کسی عوض کے بغیر آزاد کیا گیا اور نکاح کی شرط بدل کے ساتھ رکھی گئی اور نکاح کا بدل تب ثابت ہوگا جب نکاح ثابت ہوگا جس طرح خدمت کا بدل، خدمت کی صورت میں ثابت ہوتا ہے تو ان دونوں (ثبوت نکاح و ثبوت خدمت) کا بطلان یا ایک کا بطلان آزادی کے سلسلے میں کسی چیز کو واجب نہیں کرتا کیونکہ وہ بدل سے واقع ہوتی ہے۔ اس باب میں قیاس اسی طرح ہے جس طرح امام زفر رحمہ اللہ نے فرمایا

بَدَلًا فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ كَمَا قَالَ زُفَرُ كَمَا قَالَ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَأَبُوْيُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ.

وَقَدْ كَانَ أَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ يَذْهَبُ فِيْ تَزْوِيْجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ عَلٰى عِتْقِهَا إِلٰى مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَزُفَرُ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ أَيْضًا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ قَالَ أَعْتَقَ هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ أُمَّ وَلَدٍ لَهٗ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صِدَاقَهَا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِأَيُّوْبَ فَقَالَ لَوْ كَانَ أَبَتْ عِتْقَهَا فَقُلْتُ أَلَيْسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صِدَاقَهَا فَقَالَ لَوْ أَنَّ امْرَأَةً وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ ذٰلِكَ لَهٗ فَأَخْبَرْتُ بِذٰلِكَ هِشَامًا فَأَبَتْ عِتْقَهَا وَتَزَوَّجَهَا وَأَصْدَقَهَا أَرْبَعَ مِائَةٍ فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ قَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ يَعْتِقُ أَمَتَهٗ عَلٰى مَالٍ وَتَقْبَلُ ذٰلِكَ مِنْهُ فَتَكُوْنُ حُرَّةً وَيَجِبُ لَهٗ عَلَيْهَا ذٰلِكَ الْمَالُ فَمَا تُنْكِرُ أَنْ يَكُوْنَ إِذَا أَعْتَقَهَا عَلٰى أَنَّ عِتْقَهَا صِدَاقُهَا فَقَبِلَتْ ذٰلِكَ مِنْهُ أَنْ تَكُوْنَ حُرَّةً وَيَجِبُ لَهٗ ذٰلِكَ الْمَالُ عَلَيْهَا قِيْلَ لَهٗ إِذَا أَعْتَقَهَا عَلٰى مَالٍ فَقَبِلَتْ ذٰلِكَ مِنْهُ وَجَبَ لَهَا عَلَيْهِ الْعِتَاقُ وَوَجَبَ لَهٗ عَلَيْهَا الْمَالُ فَوَجَبَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا بِذٰلِكَ الْعَقْدِ الَّذِيْ تَعَاقَدَا بَيْنَهُمَا شَيْءٌ أَوْجَبَهٗ لَهٗ ذٰلِكَ الْعَقْدُ لَمْ يَكُنْ مَالِكًا لَهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ وَإِذَا أَعْتَقَهَا عَلٰى أَنَّ عِتْقَهَا صِدَاقُهَا فَقَدْ مَلَّكَهَا

اس طرح نہیں جس طرح حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ نے فرمایا۔

حضرت ایوب سختیانی نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے سلسلے میں امام ابوحنیفہ، امام زفر اور امام محمد رحمہم اللہ کا موقف اختیار کیا ہے حضرت حماد فرماتے ہیں حضرت ہشام بن حسان نے اپنی ام ولد کو آزاد کیا اور اس کی آزادی کو مہر قرار دیا (فرماتے ہیں) میں نے یہ بات حضرت ایوب سے ذکر کی تو انہوں نے فرمایا اگر وہ اپنی آزادی سے انکار کرے تو (کیا ہوگا)؟ میں نے عرض کیا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد کر کے انکی آزادی کو مہر قرار نہیں دیا تھا؟ انہوں نے فرمایا اگر کوئی عورت اپنے آپ کو بارگاہ نبوی میں پیش کردے تو کر سکتی ہے میں نے یہ بات حضرت ہشام کو بتائی تو لونڈی نے آزادی سے انکار کر دیا تو انہوں نے اس کو چار سو درہم دے کر اس سے نکاح کر لیا۔ اگر کوئی شخص کہے کہ میں نے دیکھا ایک شخص اپنی لونڈی کو مال کے بدلے میں آزاد کرتا ہے اور وہ اس (شرط) کو قبول کر کے آزاد ہو جاتی ہے اور اس شخص کے لیے اس (لونڈی) کے ذمہ مال واجب ہو جاتا ہے تو جب وہ اسے یوں آزاد کرے کہ اس کی آزادی کو اس کا مہر قرار دے اور وہ اسے قبول بھی کر لے تو وہ آزاد ہو جاتی ہے اور اس پر مالک کے لیے مال واجب ہو جاتا ہے تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ جب وہ اسے مال کے بدلے آزاد کرتا ہے اور وہ لونڈی اس شرط کو قبول کر لیتی ہے تو مالک کا اس کو آزاد کرنا اور لونڈی پر اسے (مالک کو) مال دینا واجب ہو جاتا ہے تو اس عقد سے دونوں کے لیے ایک دوسرے پر وہ چیز واجب ہو جاتی ہے جس کے پہلے وہ مالک نہ تھے اور جب وہ اسے اس شرط پر آزاد کرتا ہے کہ اس کی آزادی مہر قرار پائے گی تو اس نے اسے (لونڈی) کو اس شرط پر اس کی گردن کا مالک بنایا کہ وہ اسے اپنی بُضع (شرمگاہ) کا مالک بنائے پس وہ لونڈی کو اس کی

رَقَبَتَهَا عَلٰى اَنَّ مَلَّكَتْهُ بُضْعَهَا فَمَلَّكَهَا رَقَبَةً هُوَ لَهَا مَالِكٌ وَ لَمْ تَكُنْ هِيَ مَالِكَةً لَهَا قَبْلَ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّ مَلَّكَتْهُ بُضْعَهَا هُوَ لَهُ مَالِكٌ قَبْلَ ذٰلِكَ فَلَمْ تُمَلِّكْهُ بِذٰلِكَ الْعِتَاقِ شَيْئًا لَمْ يَكُنْ مَالِكًا لَهُ قَبْلَهُ اِنَّمَا مَلَّكَتْهُ بَعْضَ مَا قَدْ كَانَ لَهُ فَكَذٰلِكَ لَمْ يَجِبْ لَهُ عَلَيْهَا بِذٰلِكَ الْعِتَاقِ شَيْءٌ وَ لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ الْعِتَاقُ لَهَا صِدَاقًا فَهٰذِهٖ حُجَّةٌ عَلٰى مَنْ يَقُوْلُ تَكُوْنُ زَوْجَةً لَهُ بِالْعِتَاقِ الَّذِيْ هُوَ لَهَا صِدَاقٌ۔

گردن کا اس شرط پر مالک بناتا ہے کہ وہ اسے اپنی شرمگاہ کی مالک بنائے حالانکہ وہ پہلے اپنی گردن کی مالک نہ تھی جب کہ یہ پہلے بھی اس کی شرمگاہ کا مالک تھا لہذا لونڈی اس آزادی کے ذریعے اس کو کسی ایسی چیز کا مالک نہیں بناتی جس کا وہ پہلے مالک نہ ہو وہ اسے اس بعض چیز کا مالک بناتی ہے جس کا وہ پہلے بھی مالک تھا تو اسی طرح اس آزادی کے بدلے مرد کے لیے اس عورت پر کچھ بھی واجب نہ ہوگا اور نہ ہی یہ آزادی اس کا مہر بنے گی۔

یہ اس شخص کے خلاف حجت ہے جو کہتا ہے کہ لونڈی اس آزادی کے بدلے جو مہر قرار پائی اسکی بیوی بن جائیگی۔

فَاَمَّا مَنْ يَقُوْلُ لَا تَكُوْنُ زَوْجَتَهُ اِلَّا بِنِكَاحٍ مُسْتَانِفٍ بَعْدَ الْعِتَاقِ وَالصِّدَاقُ لَهُ وَاجِبٌ عَلَيْهَا بِالْعِتَاقِ وَ يَتَزَوَّجُهَا عَلَيْهِ مَتٰى اَحَبَّ فَاِنَّ الْحُجَّةَ عَلَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ اَنْ يُقَالَ لَهُ فَلِمُعْتِقِهَا اَنْ يَاْخُذَهَا بِغُرْمِ ذٰلِكَ الصِّدَاقِ الَّذِيْ قَدْ وَجَبَ لَهُ عَلَيْهَا بِالْعِتَاقِ فَاِنْ قَالَ لَهُ اَنْ يَاْخُذَهَا بِهٖ خَرَجَ بِذٰلِكَ مِنْ قَوْلِ اَهْلِ الْعِلْمِ جَمِيْعًا وَاِنْ قَالَ لَيْسَ لَهُ اَنْ يَاْخُذَهَا بِهٖ قِيْلَ لَهُ فَمَا الصِّدَاقُ الَّذِيْ اَوْجَبَ لَهُ عَلَيْهَا الْعِتَاقُ اَمَالٌ هُوَ اَمْ غَيْرُ مَالٍ فَاِنْ كَانَ مَالًا فَلَهُ اَنْ يَاْخُذَهَا بِمَالِهٖ عَلَيْهَا مِنَ الْمَالِ اَحَبَّ وَ اِنْ كَانَ غَيْرَ مَالٍ فَلَيْسَ لَهُ اَنْ يَتَزَوَّجَهَا عَلٰى غَيْرِ مَالٍ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا فَسَادُ هٰذَا الْقَوْلِ اَيْضًا وَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ۔

لیکن جو حضرات کہتے ہیں کہ جب تک آزاد کرنے کے بعد نیا نکاح نہ کرے وہ اسکی بیوی نہیں بنتی اور آزادی کی وجہ سے مرد کے لیے عورت پر مہر واجب ہوگیا لہذا جب چاہے اس سے نکاح کرے تو اس سلسلے میں ان لوگوں کے خلاف دلیل یہ ہے کہ اس سے کہا جائے کہ کیا آزاد کرنے والے کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ اس مہر کے بدلے جو آزادی کی وجہ سے اس پر واجب ہوا تاوان اس لونڈی کو پکڑ سکے پس اگر وہ کہے کہ وہ اسکو پکڑ سکتا ہے تو وہ تمام اہل علم کے قول سے باہر ہوگیا اور اگر کہے کہ وہ اس وجہ سے اسکو حاصل نہیں کرسکتا تو اسے کہا جائیگا کہ وہ مہر جو آزادی کی وجہ سے مرد کیلئے عورت پر واجب ہوا وہ کیا مال ہے یا کوئی دوسری چیز اگر وہ مال ہے تو مالک کو حق ہے کہ اپنے اس مال کی وجہ سے جو اس عورت پر واجب ہے جب چاہے اسے پکڑے اور اگر مال نہیں ہے تو غیر مال پر اس سے نکاح نہیں کر سکتا تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے اس قول کا فساد بھی واضح ہو گیا اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

بَابُ ۱۷۶ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ

نکاح متعہ

۷۰۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيْدِ قَالَ اِسْمٰعِيْلُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جہاد میں شریک

ابْنُ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ ——
عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ کُنَّا نَغْزُوْ مَعَ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ
لَیْسَ لَنَا نِسَاءٌ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَسْتَخْصِیْ
فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ وَرَخَّصَ لَنَا اَنْ نَنْکِحَ بِالثَّوْبِ
اِلٰی اَجَلٍ ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الْاٰیَةَ لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبَاتِ
مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَکُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ
الْمُعْتَدِیْنَ.

۷۱- حَدَّثَنَا صَالِحُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَیْمٌ
قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ
قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ الزُّبَیْرِ یَخْطُبُ وَ
هُوَ یُعَرِّضُ بِابْنِ عَبَّاسٍ یَعِیْبُ عَلَیْهِ قَوْلَهٗ
فِی الْمُتْعَةِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ یَسْاَلُ اُمَّهٗ اِنْ
کَانَ صَادِقًا فَسَاَلَهَا فَقَالَتْ صَدَقَ ابْنُ
عَبَّاسٍ قَدْ کَانَ ذٰلِكَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَوْ
شِئْتُ لَسَمَّیْتُ رِجَالًا مِنْ قُرَیْشٍ وُلِدُوْا
فِیْهَا.

۷۲- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا
اُمَیَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ
عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ
عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
وَسَلَمَةَ بْنِ الْاَکْوَعِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَسَلَّمَ اَتَاهُمْ فَاَذِنَ لَهُمْ فِی الْمُتْعَةِ قَالَ اَبُوْ
جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی هٰذِهِ الْاٰثَارِ فَقَالُوْا
لَا بَاْسَ اَنْ یَّتَمَتَّعَ الرَّجُلُ مِنَ الْمَرْاَةِ اَیَّامًا
مَعْلُوْمَةً بِشَیْءٍ مَعْلُوْمٍ فَلَمَّا مَضَتْ تِلْكَ
الْاَیَّامُ حُرِّمَتْ عَلَیْهِ لَا بِطَلَاقٍ وَلٰکِنْ
بِانْقِضَاءِ الْمُدَّةِ الَّتِیْ کَانَا تَعَاقَدَا عَلٰی

ہوئے تھے اور ہمارے ساتھ عورتیں نہیں تھیں ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا ہم اپنی شہوت کو ختم کرنے کے لیے خصی نہ ہو جائیں تو آپ نے ہمیں اس سے منع فرمایا اور ہمیں ایک کپڑے کے بدلے ایک خاص مدت تک نکاح کرنے کی اجازت دی پھر آپ نے یہ آیت پڑھی (ترجمہ) جو پاکیزہ چیزیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں انہیں حرام نہ ٹھہراؤ اور حد سے نہ بڑھو بے شک اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو سنا وہ خطبہ دیتے ہوئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر تعریض (چوٹ) کر رہے تھے اور متعہ کے بارے میں ان کے قول کی وجہ سے ان کا عیب بیان کر رہے تھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر وہ (ابن زبیر) سچے ہیں تو اپنی والدہ سے پوچھ لیں تو انہوں نے (حضرت زبیر کی والدہ نے) فرمایا حضرت ابن عباس سچ فرماتے ہیں یہ حکم تھا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر میں چاہوں تو قریش کے ان چند افراد کے نام بتا دوں جن کی ولادت اس (متعہ کی) صورت میں ہوئی۔

حضرت جابر بن عبداللہ اور سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے تو انہیں نکاح متعہ کی اجازت دی۔ حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی طرف گئی ہے وہ فرماتے ہیں کہ کسی عورت سے چند معلوم دنوں کے لیے معلوم شرائط کے ساتھ متعہ میں کوئی حرج نہیں جب یہ دن گزر جائیں تو وہ عورت اس پر حرام ہو جائے گی لیکن (یہ حرمت) طلاق کی وجہ سے نہیں بلکہ اس مدت کے ختم ہونے کی وجہ سے ہے جس میں انہوں نے متعہ کا عقد کیا تھا اور ان حضرات کے نزدیک وہ ایک دوسرے کے وارث بھی نہیں ہوں گے لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت

الْمُتْعَةِ فِيهَا وَلَا يَتَوَاتَرُ آثَارٌ بِذٰلِكَ فِي قَوْلِهِمْ وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يَجُوْزُ هٰذَا النِّكَاحُ وَاحْتَجُّوْا بِاَنَّ الْآثَارَ الَّتِي احْتَجَّ بِهَا عَلَيْهِمْ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى قَدْ كَانَتْ ثُمَّ نُسِخَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهٰى عَنِ الْمُتْعَةِ ۔

کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ نکاح جائز نہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ جن روایات سے، پہلے قول والوں نے استدلال کیا ہے ان روایات پر عمل تھا لیکن اس کے بعد وہ منسوخ ہوگئیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع فرمادیا۔

وَذَكَرُوْا مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَهْيِهِ عَنْهَا مِمَّا لَمْ يُذْكَرْ فِيهَا النَّسْخُ مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ ثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ اَخْبَرَاهُ اَنَّ اَبَاهُمَا اَخْبَرَهُمَا اَنَّهُ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ يَقُوْلُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اِنَّكَ رَجُلٌ تَائِهٌ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ ۔

انہوں نے اس سلسلے میں ان روایات کا ذکر کیا جن میں حضور علیہ السلام نے (متعہ سے) منع فرمایا اور ان کے منسوخ ہونے کا (کہیں) ذکر نہیں حضرت زہری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن علی بن ابوطالب اور محمد بن علی (رضی اللہ عنہم) نے ان کو خبر دی کہ ان کے والد نے ان کو بتایا کہ انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے سُنا آپ حضرت ابن عباس سے فرمانے تھے تم بھٹکے ہوئے مرد ہو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے متعہ سے منع فرمایا ہے۔

٣٧۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يُوْنُسُ وَاُسَامَةُ وَمَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَقُلْ اِنَّكَ رَجُلٌ تَائِهٌ ۔

حضرت یونس، اسامہ اور مالک رحمہم اللہ نے حضرت ابن شہاب رحمہ اللہ سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے "تم بھٹکے ہوئے مرد ہو" کے الفاظ ذکر نہیں کیے۔

حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ اَبِيْهِمَا اَنَّ عَلِيًّا مَرَّ بِابْنِ عَبَّاسٍ وَهُوَ يُفْتِيْ بِالْمُتْعَةِ مُتْعَةِ النِّسَاءِ اَنَّهٗ لَا بَاْسَ بِهَا فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ قَدْ نَهٰى عَنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

حضرت عبداللہ اور حضرت حسن اپنے والد حضرت محمد بن حنیفہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس سے گزرے اور وہ عورتوں سے متعہ کے بارے میں فتویٰ دے رہے تھے کہ اس میں کوئی حرج نہیں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے ان سے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح خیبر کے دن اس (متعہ) سے اور گھریلو گدھوں

يَوْمَ خَيْبَرَ۔

٤٧۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنِ الْمُتْعَةِ فَقَالَ حَرَامٌ قَالَ فَاِنَّ فُلَانًا يَقُوْلُ فِيْهَا قَالَ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ وَمَا كُنَّا مُسَافِحِيْنَ۔

فَفِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ النَّهْيُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُتْعَةِ فَاحْتَمَلَ اَنْ يَكُوْنَ مَا ذَكَرْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ الْاِذْنِ فِيْهَا كَانَ ذٰلِكَ مِنْهُ قَبْلَ النَّهْيِ ثُمَّ نَهٰى عَنْهَا فَكَانَ ذٰلِكَ النَّهْيُ نَاسِخًا لِمَا كَانَ مِنَ الْاِبَاحَةِ قَبْلَ ذٰلِكَ فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ فَاِذَا يُوْنُسُ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ اللَّيْثِيُّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مَكَّةَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَاَذِنَ لَنَا فِي الْمُتْعَةِ فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَصَاحِبٌ لِيْ اِلَى امْرَاَةٍ مِنْ بَنِيْ عَامِرٍ كَاَنَّهَا بَكْرَةٌ عَيْطَاءُ فَعَرَضْنَا عَلَيْهَا اَنْفُسَنَا فَقَالَتْ مَا تُعْطِيْنِيْ فَقُلْتُ رِدَائِيْ وَقَالَ صَاحِبِيْ رِدَائِيْ وَكَانَ رِدَاءُ صَاحِبِيْ اَجْوَدَ مِنْ رِدَائِيْ وَكُنْتُ اَشَبَّ مِنْهُ فَاِذَا نَظَرَتْ اِلٰى رِدَاءِ صَاحِبِيْ اَعْجَبَهَا وَاِذَا نَظَرَتْ اِلَيَّ اَعْجَبْتُهَا فَقَالَتْ اَنْتَ وَرِدَاؤُكَ تَكْفِيْنِيْ فَمَكَثْتُ مَعَهَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ

کے گوشت سے منع فرمایا۔

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھے حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے متعہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا "حرام ہے" انہوں نے عرض کیا کہ فلاں شخص اس کے (جواز کے) بارے میں قول کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم اسے معلوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فتح خیبر کے دن حرام قرار دیا اور ہم زناکار نہیں ہیں۔

تو ان روایات میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ آپ نے متعہ سے منع فرمایا تو اس بات کا احتمال ہے کہ جو کچھ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی اجازت کے بارے میں ذکر کیا ہے وہ آپ کے منع کرنے سے پہلے کا ہے پھر آپ نے منع فرمایا تو یہ نہی پہلے پائے جانے والے جواز کے لیے ناسخ ہے۔ (چنانچہ) جب ہم نے اس سلسلے میں دیکھا تو حضرت ربیع بن سبرہ جہنی رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم حجۃ الوداع کے موقعہ پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ مکرمہ کی طرف نکلے تو آپ نے ہمیں متعہ کی اجازت مرحمت فرمائی چنانچہ میں اور میرا ساتھی بنو عامر کی ایک عورت کے پاس گئے گویا کہ وہ جوان موٹی ہے ہم نے اپنے آپ کو اس کے سامنے پیش کیا تو اس نے کہا مجھے کیا دو گے؟ میں نے کہا میں اپنی چادر دوں گا اور میرے دوست نے کہا دو چادریں دوں گا اور میرے ساتھی کی چادر، میری چادر سے عمدہ تھی اور میں اس کے مقابلے میں زیادہ جوان تھا جب اس عورت نے میرے ساتھی کی چادروں کو دیکھا تو اسے پسند کیا اور جب مجھے دیکھا تو میں اسے پسند کرتا تھا اس نے کہا تو اور تیری چادر مجھے کافی ہے چنانچہ میں اس کے ساتھ تین دن ٹھہرا

مَنْ كَانَ عِنْدَهُ شَيْءٌ مِنْ هٰذِهِ النِّسَاءِ اللَّاتِي يَتَمَتَّعُ بِهِنَّ فَلْيُخَلِّ سَبِيلَهُنَّ

پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کسی کے پاس متعہ والی عورتیں ہوں وہ ان کا راستہ چھوڑ دے۔

۵۔ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ ابْنُ اللَّيْثِ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِيهِ مِثْلَهُ.

حضرت لیث، حضرت ربیع بن سبرہ جہنی سے اور وہ اپنے والد سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ الْفَتْحِ فَقُلْتُ مِمَّنْ سَمِعْتَهُ فَقَالَ ثَنِي رَجُلٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَزَعَمَ مَعْمَرٌ أَنَّهُ الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ.

حضرت ایوب حضرت زہری سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن عورتوں کے ساتھ متعہ سے منع فرمایا (حضرت ایوب فرماتے ہیں) میں نے پوچھا آپ نے کس سے سنا ہے انہوں نے فرمایا مجھ سے ایک شخص نے بیان کیا جو حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس تھا حضرت معمر کا خیال ہے کہ وہ حضرت ربیع بن سبرہ ہیں۔

۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْمُتْعَةِ فَتَزَوَّجَ رَجُلٌ امْرَأَةً فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ إِذَا هُوَ يُحَرِّمُهَا أَشَدَّ التَّحْرِيمِ وَيَقُولُ فِيهَا أَشَدَّ الْقَوْلِ.

حضرت عبدالعزیز بن عمر نے حضرت ربیع بن سبرہ سے اور انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ کی اجازت دی تو ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کیا اس کے بعد آپ نے اسے سختی کے ساتھ حرام کر دیا اور آپ اس کے بارے میں سخت بات کرتے تھے۔

۸۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ ابْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عُمَيْسٍ عَنْ إِيَاسِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَذِنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مُتْعَةِ النِّسَاءِ ثُمَّ نَهَى عَنْهَا.

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے متعہ کی اجازت دی پھر اس سے منع فرما دیا۔

۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ ثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ فَنَزَلَ ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ تبوک کے لیے نکلے تو آپ ثنیۃ الوداع میں اترے آپ نے کچھ چراغ دیکھے اور کچھ عورتوں کو دیکھا جو رو رہی تھیں آپ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ تو

فَرَاٰی مَصَابِیْحَ وَنِسَآءً یَبْکِیْنَ فَقَالَ مَاھٰذَا فَقِیْلَ نِسَآءٌ تَمَتَّعَ بِھِنَّ اَزْوَاجُھُنَّ وَفَارَقُوْھُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ اَوْھَدَمَ الْمُتْعَۃَ بِالطَّلَاقِ وَالنِّکَاحِ وَالْعِدَّۃِ وَالْمِیْرَاثِ۔

فَفِیْ ھٰذِہِ الْاٰثَارِ تَحْرِیْمُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمُتْعَۃَ بَعْدَ اِذْنِہٖ فِیْھَا وَاِبَاحَتِہٖ اِیَّاھَا فَثَبَتَ بِمَا ذَکَرْنَا نَسْخُ مَا فِی الْاٰثَارِ الْاُوَلِ الَّتِیْ ذَکَرْنَاھَا فِیْ اَوَّلِ ھٰذَا الْبَابِ ثُمَّ قَدْ رُوِیَ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَرَضِیَ عَنْھُمُ النَّھْیُ عَنْھَا اَیْضًا۔

۸۰- حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْجِیْزِیُّ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ کَثِیْرِ بْنِ عُفَیْرٍ قَالَ ثَنَا یَحْیَی ابْنُ اَیُّوْبَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا کَانَتِ الْمُتْعَۃُ اِلَّا رَحْمَۃً رَحِمَ اللّٰہُ بِھَا ھٰذِہِ الْاُمَّۃَ وَلَوْلَا نَھْیُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْھَا مَا زَنٰی اِلَّا شَقِیٌّ قَالَ عَطَآءٌ کَاَنِّیْ اَسْمَعُھَا مِنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا شَقِیٌّ۔

۸۱- حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّیُّ قَالَ ثَنَا شُجَاعُ ابْنُ الْوَلِیْدِ عَنْ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ طَلْحَۃَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ خَیْثَمَۃَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ اِنَّمَا کَانَتْ مُتْعَۃُ النِّسَآءِ لَنَا خَاصَّۃً۔

۸۲- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِیْدٌ قَالَ ثَنَا ھُشَیْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِکِ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّھُمْ کَانُوْا یَتَمَتَّعُوْنَ مِنَ النِّسَآءِ حَتّٰی نَھَاھُمْ عُمَرُ۔

بتایا گیا کہ ان عورتوں سے ان کے خاوندوں نے متعہ کیا اور پھر چھوڑ دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے متعہ کو طلاق، نکاح، عدت اور وراثت کے ساتھ حرام یا (فرمایا) باطل کر دیا ہے۔

تو ان روایات کے مطابق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ کی اجازت دینے اور اسے جائز قرار دینے کے بعد حرام قرار دیا تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس کے شروع میں مذکورہ روایات کا منسوخ ہونا ثابت ہو گیا۔ پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی ممانعت ثابت ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں متعہ، اللہ تعالیٰ کی ایک رحمت تھی جس کے ذریعے اس نے امت پر رحم فرمایا اور اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس سے منع نہ فرماتے تو کوئی بدبخت ہی زنا کا مرتکب ہوتا حضرت عطاءؒ فرماتے ہیں گویا میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے شَقِیٌّ کے الفاظ سن رہا ہوں۔

حضرت عبدالرحمٰن، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ عورتوں سے متعہ ہمارے ساتھ خاص تھا۔

حضرت عطاء، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ (صحابہ کرام) عورتوں سے متعہ کیا کرتے تھے یہاں تک کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس سے منع فرما دیا۔

٨٣ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ جَمْرَةَ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ فَقَالَ مَوْلًى لَهٗ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ فِی الْغَزْوِ وَالنِّسَاءُ قَلِيْلٌ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ صَدَقْتَ.

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَهٰذَا عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ قَدْ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ وَفِیْ هٰذَا دَلِيْلٌ عَلٰى مُتَابَعَتِهِمْ لَهٗ عَلٰى مَا نَهٰى عَنْهُ مِنْ ذٰلِكَ وَفِیْ اِجْمَاعِهِمْ عَلَى النَّهْیِ فِیْ ذٰلِكَ عَنْهَا دَلِيْلٌ عَلٰى نَسْخِهَا وَحُجَّةٌ ثُمَّ هٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ اِنَّمَا اُبِيْحَتْ وَالنِّسَاءُ قَلِيْلٌ اَیْ فَلَمَّا كَثُرْنَ ارْتَفَعَ الْمَعْنَى الَّذِیْ مِنْ اَجْلِهٖ اُبِيْحَتْ وَقَالَ اَبُوْذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّمَا كَانَتْ لَنَا خَاصَّةً فَقَدْ يَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ كَانَتْ لَهُمْ لِلْمَعْنَى الَّذِیْ ذَكَرَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ اَنَّهَا اُبِيْحَتْ مِنْ اَجْلِهٖ.

وَاَمَّا قَوْلُ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كُنَّا نَتَمَتَّعُ حَتّٰى نَهَانَا عُمَرُ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ لَمْ يَعْلَمْ بِتَحْرِيْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهَا حَتّٰى عَلِمَهٗ مِنْ قَوْلِ عُمَرَ وَفِیْ تَرْكِهٖ مَا قَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَبَاحَهٗ لَهُمْ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْحُجَّةَ قَدْ قَامَتْ عِنْدَهٗ عَلٰى نَسْخِ ذٰلِكَ وَتَحْرِيْمِهٖ فَوَجَبَ بِمَا ذَكَرْنَا نَسْخُ مَا رَوَيْنَا فِیْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ مِنْ اِبَاحَةِ مُتْعَةِ النِّسَاءِ.

وَقَدْ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ النِّكَاحَ اِذَا عُقِدَ عَلٰى مُتْعَةِ اَيَّامٍ فَهُوَ جَائِزٌ

حضرت ابوجمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عورتوں سے متعہ کے بارے میں پوچھا تو ان کے ایک آزاد کردہ غلام نے کہا یہ جہاد کے موقعہ پر ہوتا تھا جب کہ عورتیں تھوڑی ہوتی تھیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا تو نے سچ کہا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں عورتوں کے متعہ سے منع فرمایا لیکن ان میں سے کسی نے بھی ان کی اس بات کی مخالفت نہیں کی پس یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس ممانعت کے سلسلے میں انہوں نے آپ کی اتباع کی اور اس (متعہ) سے نہی پر اتفاق کیا نیز یہ اس (متعہ) کے منسوخ ہونے کی دلیل اور حجت ہے پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ (اس وقت) جائز کیا گیا جب عورتیں کم تھیں یعنی جب وہ زیادہ ہوگئیں تو وہ وجہ ختم ہوگئی جس کے باعث اسے جائز کیا گیا تھا۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ ہمارے (صحابہ کرام) کے ساتھ خاص تھا تو اس میں اس بات کا احتمال ہے جس کا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ذکر کیا کہ اس وجہ سے یہ جائز قرار دیا گیا۔

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ قول کہ ہم متعہ کرتے رہے حتیٰ کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ہمیں اس سے منع فرمایا تو ہو سکتا ہے انہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے منع کرنے کا علم نہ ہوا ہو حتیٰ کہ انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول سے اسے جانا اور ان کا اس کام کو چھوڑ دینا جسے سرکار دو عالم نے ان کے لیے جائز قرار دیا، اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے نزدیک اس کے منسوخ اور حرام ہونے پر دلیل قائم ہو چکی تھی پس جو کچھ ہم نے باب کے شروع میں متعہ کے جواز کے سلسلے میں روایت کیا ہماری اس مذکورہ گفتگو سے اس کا نسخ واجب ہو گیا۔

بعض اہل علم نے فرمایا کہ جب چند دنوں کے متعہ پر نکاح کیا جائے تو وہ نکاح ہمیشہ کے لیے جائز ہو جائے گا اور شرط باطل

عَلَى الْأَبَدِ وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ فَمِنَ الْحُجَّةِ عَلَى هٰذَا الْقَوْلِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَهَاهُمْ عَنِ الْمُتْعَةِ قَالَ لَهُمْ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْ هٰذِهِ النِّسَآءِ اللَّاتِي يُتَمَتَّعُ بِهِنَّ شَيْءٌ فَلْيُفَارِقْهُنَّ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى أَنَّ ذٰلِكَ الْعَقْدَ الْمُتَقَدِّمَ لَا يُوْجِبُ دَوَامَ الْعَقْدِ لِلْأَبَدِ لِأَنَّهُ لَوْ كَانَ يُوْجِبُ دَوَامَ الْعَقْدِ لِلْأَبَدِ لَكَانَ يَفْسَخُ الشَّرْطُ الَّذِي كَانَا تَعَاقَدَا بَيْنَهُمَا وَلَا يَفْسَخُ النِّكَاحُ إِذَا كَانَ قَدْ ثَبَتَ عَلَى صِحَّةٍ وَجَوَازٍ قَبْلَ النَّهْيِ فَفِيْ أَمْرِهِ إِيَّاهُمْ بِالْمُفَارَقَةِ دَلِيْلٌ عَلَى أَنَّ مِثْلَ ذٰلِكَ الْعَقْدِ لَا يَجِبُ بِهِ مِلْكُ بُضْعٍ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ .

بَابُ مِقْدَارِ مَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ عِنْدَ الثَّيِّبِ أَوِ الْبِكْرِ إِذَا تَزَوَّجَهَا

۸۴۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ لِلْبِكْرِ سَبْعٌ وَلِلثَّيِّبِ ثَلَاثٌ ۔

۸۵۔ حَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ ثَنَا سَعِيْدٌ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ إِذَا تَزَوَّجَ الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا ثُمَّ قَسَمَ وَإِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا قَالَ خَالِدٌ فِيْ حَدِيْثِهِ وَلَوْ قُلْتُ إِنَّهُ قَدْ رَفَعَ الْحَدِيْثَ لَصَدَقْتُ وَلٰكِنَّهُ قَالَ السُّنَّةُ كَذٰلِكَ .

۸۶۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا قِلَابَةَ يُحَدِّثُ

ہو جائے گی اس قول کے خلاف ہماری دلیل یہ ہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع فرما دیا اور ان (صحابہ کرام) سے فرمایا کہ جس شخص کے پاس ان عورتوں میں سے جن سے متعہ کیا جاتا ہے کوئی عورت ہو تو وہ اسے جدا کر دے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ پہلے ہونے والا یہ عقد (متعہ) دائمی عقد کو واجب نہیں کرتا کیونکہ اگر وہ اس عقد کو ہمیشہ کے لیے واجب کرتا تو وہ شرط جس پر ان دونوں نے عقد کیا، باطل ہو جاتی اور نکاح فسخ نہ ہوتا اور جب نہی سے پہلے اس کی صحت اور جواز ثابت ہو گیا تو ان عورتوں کو جدا کرنے کے سلسلے میں صحابہ کرام کو آپ کا حکم اس بات کی دلیل ہے کہ اس قسم کے عقد سے ملک بضع حاصل نہیں ہوتی یہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

ثیبہ اور باکرہ کے پاس مرد کتنے دن رہے

حضرت ابو قلابہ رضی اللہ عنہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا باکرہ عورت کے لیے سات اور ثیبہ کے لیے تین دن ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ثیبہ کے بعد باکرہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس سات دن ٹھہرے پھر باری مقرر کرے اور جب ثیبہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے حضرت خالد اپنی روایت میں فرماتے ہیں اگر میں کہوں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اسے مرفوعاً روایت کیا تو سچ کہوں گا لیکن انہوں نے فرمایا کہ سنت اسی طرح ہے۔

حضرت خالد حذاء سے روایت ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو قلابہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا

عَنْ اَنَسٍ قَالَ السُّنَّۃُ اِذَا تَزَوَّجَ الْبِکْرَ اَقَامَ عِنْدَھَا سَبْعًا وَاِذَا تَزَوَّجَ الثَّیِّبَ اَقَامَ عِنْدَھَا ثَلَاثًا۔

سنّت یہ ہے کہ جب (کوئی شخص) باکرہ عورت سے نکاح کرے تو اس کے پاس سات دن ٹھہرے اور جب ثیبہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے۔

۸۷- حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَیَّۃَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَنْ اَنَسٍ مِثْلَہٗ۔

حضرت ایوب، حضرت ابوقلابہ سے اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۸- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ سَلَمَۃَ الْقَعْنَبِیُّ قَالَ ثَنَا مَالِکٌ عَنْ حُمَیْدِ الطَّوِیْلِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ الْبِکْرُ سَبْعٌ وَلِلثَّیِّبِ ثَلَاثٌ۔

حضرت حمید الطویل، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا باکرہ کے لیے سات اور ثیبہ کے لیے تین دن ہیں۔

۸۹- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ اَنَّ مَالِکًا اَخْبَرَہٗ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِیُّ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سُنَّۃُ الْبِکْرِ سَبْعٌ وَالثَّیِّبِ ثَلَاثٌ۔

حضرت خالد بن عبد اللہ، حضرت حمید سے اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا باکرہ کے لیے سات دن اور ثیبہ کے لیے تین دن، سنّت ہے۔

۹۰- حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا زُھَیْرٌ قَالَ ثَنَا حُمَیْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْبِکْرَ وَعِنْدَہٗ غَیْرُھَا فَلَھَا سَبْعٌ ثُمَّ یَقْسِمُ وَاِذَا تَزَوَّجَ الثَّیِّبَ فَثَلَاثٌ ثُمَّ یَقْسِمُ۔

حضرت حمید، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جب کوئی شخص کسی باکرہ عورت سے نکاح کرے اور اس کے پاس کوئی دوسری عورت ہو تو اس کے لیے سات دن ہیں پھر باری مقرر کرے اور جب ثیبہ سے نکاح کرے تو (اس کے لیے) تین دن ہیں پھر باری مقرر کرے۔

۹۱- حَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ ثَنَا سَعِیْدٌ قَالَ ثَنَا ھُشَیْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا حُمَیْدٌ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا یَقُوْلُ مِثْلَ ذٰلِکَ وَزَادَ اِنَّہٗ قَالَ وَلَوْ قُلْتُ اِنَّہٗ قَدْ رَفَعَ الْحَدِیْثَ لَصَدَقْتُ وَلٰکِنَّہٗ قَالَ السُّنَّۃُ کَذٰلِکَ۔

حضرت ہشیم سے مروی ہے حضرت حمید فرماتے ہیں میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے اس کی مثل فرمایا انہوں (حضرت ہشیم) نے یہ اضافہ کیا کہ انہوں (حضرت حمید) نے فرمایا اگر میں کہوں کہ (حضرت انس رضی اللہ عنہ) نے اس حدیث کو مرفوعاً بیان کیا تو میں سچ کہوں گا لیکن انہوں نے فرمایا "سنّت اسی طرح ہے"۔

۹۲- حَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ ثَنَا سَعِیْدٌ قَالَ ثَنَا ھُشَیْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا حُمَیْدٌ قَالَ ثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ بنت حیی کو پایا اور انہیں

لَمَّا اَصَابَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ وَاتَّخَذَهَا اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا.

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ اَنَّهُ بِالْخِيَارِ اِنْ شَاءَ سَبَّعَ لَهَا وَسَبَّعَ لِسَائِرِ نِسَائِهِ وَاِنْ شَاءَ اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا وَدَارَ عَلٰى بَقِيَّةِ نِسَائِهِ يَوْمًا يَوْمًا اَوْ لَيْلَةً لَيْلَةً وَاحْتَجُّوْا فِيْمَا ذَكَرُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَبِحَدِيْثِ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا كَمَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ لَمَّا بَنٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاُمِّ سَلَمَةَ قَالَ لَهَا لَيْسَ بِكِ عَلٰى اَهْلِكِ هَوَانٌ اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَاِلَّا فَثَلَّثْتُ ثُمَّ اَدُوْرُ.

۹۳ - حَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ ح وَحَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تَزَوَّجَ اُمَّ سَلَمَةَ فَاَصْبَحَتْ عِنْدَهُ قَالَ لَيْسَ بِكِ عَلٰى اَهْلِكِ هَوَانٌ اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ عِنْدَكِ وَسَبَّعْتُ عِنْدَهُنَّ وَاِنْ شِئْتِ ثَلَّثْتُ ثُمَّ دُرْتُ قَالَتْ ثَلِّثْ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حاصل کیا تو ان کے پاس تین دن ٹھہرے۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص ثیبہ عورت سے نکاح کرے تو اسے اختیار ہے اگر چاہے تو اس کے لیے سات دن مقرر کرے اور باقی بیویوں کے لیے بھی سات دن مقرر کرے اور اگر چاہے تو اس کے پاس تین دن قیام کرے اور باقی بیویوں کے پاس ایک ایک دن اور ایک ایک رات چکر لگائے انہوں نے اس مندرجہ بالا روایت سے اور حضرت ام سلمٰی رضی اللہ عنہا کی (درج ذیل) روایت سے استدلال کیا ہے حضرت عبدالملک بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن (رضی اللہ عنہم) فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شب زفاف حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے تو آپ نے ان سے فرمایا تمہاری وجہ سے تمہارے خاندان کو کچھ سبکی نہ ہوگی اگر چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن رہوں ورنہ تین دن (قیام کروں) پھر (دوسری ازواج کی طرف) چکر لگاؤں۔

حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن (یعنی حارث بن عبدالرحمٰن) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو صبح کے وقت ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا تمہاری وجہ سے تمہارے خاندان کو کوئی رسوائی نہ ہوگی اور اگر چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن رہوں اور ان (دوسری ازواج مطہرات) کے پاس بھی سات دن رہوں اور اگر چاہو تو تین دن قیام کروں پھر چکر لگاؤں انہوں نے عرض کیا تین دن قیام فرمائیں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے شادی کے موقعہ پر فرمایا تمہاری وجہ سے تمہارے خاندان کو کچھ سبکی نہ ہوگی اگر چاہو تو تمہارے پاس سات دن ٹھہروں اور اگر تمہارے پاس سات دن ٹھہروں گا تو پھر باقی ازواج کے

وَسَلَّمَ قَالَ لِأُمِّ سَلَمَةَ حِيْنَ تَزَوَّجَهَا مَا بِكِ عَلٰى أَهْلِكِ هَوَانٌ إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِيْ۔

قَالُوْا فَلَمَّا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَإِلَّا فَثَلَّثْتُ ثُمَّ أَدُوْرُ دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَنَّ الثَّلَاثَ حَقٌّ لَهَا دُوْنَ سَائِرِ النِّسَاءِ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا إِنْ ثَلَّثَ لَهَا ثَلَّثَ لِسَائِرِ نِسَائِهٖ وَإِنْ سَبَّعَ لَهَا سَبَّعَ لِسَائِرِ نِسَائِهٖ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِحَدِيْثِ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا إِنْ سَبَّعْتُ عِنْدَكِ سَبَّعْتُ عِنْدَهُنَّ۔

٩٤- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ الْمُنْقَرِيُّ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عُمَرَ ابْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا كَمَا بَنٰى بِهَا وَأَصْبَحَتْ عِنْدَهٗ إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِيْ۔

٩٥- حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ أَنَّ عَبْدَ الْحَمِيْدِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ

کے پاس بھی سات سات دن رہوں گا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اگر تم چاہو تو تمہارے لیے سات دن مقرر کردوں ورنہ تین دن پھر (سب کے پاس) چکر لگاؤں" تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ تین دن ان کا حق تھا باقی ازواج کا نہیں لیکن دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر اس عورت کے لیے تین دن مقرر کرے تو تمام عورتوں کے لیے تین دن مقرر کرے اور اگر اس کے لیے سات دن مقرر کرے تو باقی عورتوں کیلئے بھی سات سات دن مقرر کرے انہوں نے اس سلسلے میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اگر میں تمہارے پاس سات دن رہوں گا تو ان (باقی ازواج مطہرات) کے پاس

حضرت عمر بن ابو سلمہ رضی اللہ عنہ، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں (وہ فرماتی ہیں) جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (شب زفاف) ان کے پاس تشریف لائے اور حقوق زوجیت ادا کیے اور انہوں نے آپ کے پاس صبح کی تو آپ فرمایا اگر چاہو تو تمہارے پاس سات دن ٹھہروں اور اگر تمہارے پاس سات دن رہوں گا تو باقی تمام ازواج کے پاس بھی سات سات دن ٹھہروں گا۔

حضرت ابوبکر بن عبدالرحمن بن حارث سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے خبر دیتے ہیں کہ

عَمْرٍو وَالْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَاهُ أَنَّهُمَا سَمِعَا أَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْحَارِثِ يُخْبِرُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهَا أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ فَذَكَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل نقل کیا۔

قَالُوْا فَلَمَّا قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِيْ أَيْ أَعْدِلُ بَيْنَكِ وَبَيْنَهُنَّ فَأَجْعَلُ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ سَبْعًا كَمَا أَقَمْتُ عِنْدَكِ سَبْعًا كَانَ كَذٰلِكَ أَيْضًا إِذَا جَعَلَ لَهَا ثَلَاثًا جَعَلَ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ كَذٰلِكَ أَيْضًا وَقَالَ أَصْحَابُ الْمَقَالَةِ الْأُوْلٰى فَمَا مَعْنٰى قَوْلِهٖ ثُمَّ أَدُوْرُ قِيْلَ لَهُمْ يَحْتَمِلُ ثُمَّ أَدُوْرُ بِالثَّلَاثِ عَلَيْهِنَّ جَمِيْعًا لِأَنَّهٗ لَوْ كَانَتِ الثَّلَاثُ حَقًّا لَهَا دُوْنَ سَائِرِ النِّسَاءِ لَكَانَ إِذَا أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا كَانَتْ ثَلَاثٌ مِنْهُنَّ غَيْرَ مَحْسُوْبَةٍ عَلَيْهَا وَلَوَجَبَ أَنْ تَكُوْنَ لِسَائِرِ النِّسَاءِ أَرْبَعٌ أَرْبَعٌ فَلَمَّا كَانَ الَّذِيْ لِلنِّسَاءِ إِذَا أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا سَبْعًا لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ كَانَ كَذٰلِكَ إِذَا أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ ثَلَاثٌ ثَلَاثٌ هٰذَا هُوَ النَّظَرُ الصَّحِيْحُ مَعَ اِسْتِقَامَةِ تَأْوِيْلِ هٰذِهِ الْآثَارِ عَلَيْهِ وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اگر میں تمہارے لیے سات دن مقرر کروں گا تو باقی ازواج کے لیے بھی سات سات دن مقرر کروں گا یعنی تمہارے اور ان کے درمیان عدل قائم کروں گا پس میں ان میں سے ہر ایک کے لیے سات دن مقرر کروں گا جیسا کہ تمہارے پاس سات دن ٹھہروں گا تو اسی طرح اگر آپ ان کے لیے تین دن مقرر فرماتے تو دیگر ازواج مطہرات کے لیے بھی تین تین دن مقرر فرماتے پہلے قول والے فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول "پھر چکر لگاؤں گا" کا کیا مطلب ہے؟ ان کو کہا جائے گا اس بات کا احتمال ہے کہ "پھر میں ان تمام کے پاس تین تین دن کے ساتھ چکر لگاؤں گا"۔ کیونکہ اگر تین دن صرف ان (ام سلمہ) کا حق ہوتا باقی ازواج کا حق نہ ہوتا تو باقی ازواج کے پاس سات دن ٹھہرنے کی صورت میں ان کے تین دن حضرت ام سلمہ کی باری سے شمار نہ ہوتے اور لازم آتا کہ ہر ایک کے لیے چار چار دن ہوں تو جب حضرت ام سلمہ کے پاس سات دن ٹھہرنے کی صورت میں ہر ایک کے لیے سات سات دن ہوتے تو اسی طرح ان (ام سلمہ) کے پاس تین دن ٹھہرنے سے ان میں سے ہر ایک کے لیے تین تین دن مقرر ہوتے۔

ان روایات کے معانی کو قائم رکھتے ہوئے صحیح قیاس یہی ہے اور حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول بھی یہی ہے۔

بَابُ[۱۷۸] الْعَزْلِ

عزل

۹۶ـ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْنُسَ وَصَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا ثَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں مجھ سے حضرت جدامہ نے بیان کیا

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ الْمُقْرِئُ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَآئِشَۃَ قَالَتْ حَدَّثَتْنِیْ جُدَامَۃُ قَالَتْ ذُکِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْعَزْلُ فَقَالَ ذٰلِکَ الْوَأْدُ الْخَفِیُّ۔

وہ فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عزل[1] کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا یہ پوشیدہ طور پر بچے کو زندہ درگور کرنا ہے۔

۹۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُو الْاَسْوَدِ قَالَ ثَنَا عُرْوَۃُ عَنْ عَآئِشَۃَ عَنْ جُدَامَۃَ بِنْتِ وَهْبٍ الْاَسَدِیَّۃِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عروہ حضرت عائشہ سے اور وہ حضرت جدامہ بنت وھب اسدیہ (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔

۹۸۔ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْجِیْزِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ زُرْعَۃَ قَالَ قَالَ اَخْبَرَنَا حَیْوَۃُ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ سَمِعَ عُرْوَۃَ یُحَدِّثُ عَنْ عَآئِشَۃَ عَنْ جُدَامَۃَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَکَرِهَ قَوْمٌ الْعَزْلَ بِهٰذَا الْاَثَرِ الْمَرْوِیِّ فِیْ کَرَاهَۃِ ذٰلِکَ وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِکَ اٰخَرُوْنَ فَلَمْ یَرَوْا بِهٖ بَاْسًا اِذَا اَذِنَتِ الْحُرَّۃُ لِزَوْجِهَا فِیْهِ فَاِنْ مَنَعَتْهُ مِنْ ذٰلِکَ لَمْ یَسَعْهُ اَنْ یَّعْزِلَ عَنْهَا۔ وَقَدْ خَالَفَهُمْ فِیْ هٰذَا قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَهٗ اَنْ یَّعْزِلَ عَنْهَا اِنْ شَآءَتْ وَاَبَتْ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ فِیْ هٰذَا عِنْدَنَا اَصَحُّ الْقَوْلَیْنِ وَذٰلِکَ اِنَّا رَاَیْنَا الزَّوْجَ لَهٗ اَنْ یَّاْخُذَ الْمَرْاَۃَ بِاَنْ یُّجَامِعَهَا وَاِنْ کَرِهَتْ ذٰلِکَ وَلَهٗ اَنْ یَّاْخُذَهَا بِاَنْ یُّفْضِیَ اِلَیْهَا وَلَا یَعْزِلُ عَنْهَا فَکَانَ لَهٗ اَنْ یَّاْخُذَهَا بِاَنْ یُّفْضِیَ اِلَیْهَا فِیْ جِمَاعِهٖ اِیَّاهَا کَمَا یَاْخُذُهَا بِاَنْ یُّجَامِعَهَا وَکَانَ لِلْمَرْاَۃِ اَنْ تَاْخُذَ زَوْجَهَا بِاَنْ یُّجَامِعَهَا

ایک دوسری سند سے بھی مروی ہے حضرت جدامہ رضی اللہ عنہا سرکار دوعالم صلی اللہ سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔ حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت مذکورہ بالا روایت کی روشنی میں عزل مکروہ خیال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات ان کی مخالفت کرتے ہوئے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے جب کہ عورت اپنے خاوند کو اس کی اجازت دے اور اگر وہ اسے روکے تو اسکے لیے عزل کی کوئی گنجائش نہیں

ایک اور جماعت نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ عورت چاہے یا نہ، خاوند عزل کر سکتا ہے۔ (امام طحاوی فرماتے ہیں) ہمارے نزدیک ان دونوں میں سے پہلا قول زیادہ صحیح ہے یہ اس لیے کہ ہم دیکھتے ہیں خاوند عورت کو جماع کے لیے پکڑ سکتا ہے (زبردستی کر سکتا) اگرچہ عورت اس بات کو ناپسند کرے اور اسے یہ بھی اختیار ہے کہ اسے انزال کے لیے پکڑے (جبر کرے) اور اس سے (بوقت انزال) الگ نہ ہو تو گویا خاوند کو جماع کی صورت میں انزال کے لیے جبر کا حق ہے جس طرح وہ جماع کے سلسلے میں عورت کو پکڑ سکتا ہے۔ اور

[1] مرد کا انزال کے وقت عورت سے الگ ہو جانا تا کہ حمل نہ ٹھہرے عزل کہلاتا ہے ۱۲ ہزاروی

فَكَانَ لَهَا اَنْ تَاْخُذَهُ بِاَنْ يُّفْضِيَ اِلَيْهَا كَمَا لَهُ اَنْ يَّاْخُذَهَا بِاَنْ يُّجَامِعَهَا وَاَنْ يُّفْضِيَ اِلَيْهَا وَكَانَ حَقُّ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى صَاحِبِهٖ سَوَآءً وَكَانَ مِنْ حَقِّهٖ اَنْ يُّفْضِيَ اِلَيْهَا فِيْ جِمَاعِهَا اِنْ اَحَبَّتْ وَاِنْ هٰرَتْ هِيَ ذٰلِكَ فَالنَّظْرُ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا اَنْ يَّكُوْنَ كَذٰلِكَ مِنْ حَقِّهَا هِيَ اَيْضًا عَلَيْهِ اَنْ يُّفْضِيَ اِلَيْهَا فِيْ جِمَاعِهٖ اِيَّاهَا اِنْ اَحَبَّتْ ذٰلِكَ وَاِنْ كَرِهَ هٰذَا هُوَ النَّظْرُ فِيْ هٰذَا وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ۔

عورت بھی جماع کے لیے اپنے خاوند کو (زبردستی) پکڑ سکتی ہے تو اسے یہ بھی اختیار ہے کہ خاوند کو (اپنے اندر) انزال پر مجبور کرے جیسے اس کو جماع پر مجبور کر سکتی ہے اس لیے دونوں کا حق ایک دوسرے پر برابر ہے خاوند کا حق کہ وہ جماع کی صورت میں عورت تک پہنچے چاہے عورت پسند کرے یا ناپسند۔ تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ عورت کا بھی اسی طرح حق ہے کہ خاوند جماع کرتے ہوئے اس تک پہنچے (انزال ہو) مرد پسند کرے یا نہ اس سلسلے میں قیاس یہی ہے اور امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے۔

وَلِلْمَوْلٰى فِيْ قَوْلِهِمْ جَمِيْعًا عِنْدَ مَنْ كَرِهَ الْعَزْلَ اَصْلًا اَنْ يُّجَامِعَ اَمَتَهٗ وَيَعْزِلَ عَنْهَا فِيْ جِمَاعِهٖ وَلَا يَسْتَاْذِنُهَا فِيْ ذٰلِكَ وَاِنْ كَانَتْ لِرَجُلٍ زَوْجَةٌ مَّمْلُوْكَةٌ فَاَرَادَ اَنْ يَّعْزِلَ عَنْهَا فَاِنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَبَا يُوْسُفَ وَمُحَمَّدًا رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ فِيْمَا حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَعْبَدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَنَّ الْاِذْنَ فِيْ ذٰلِكَ اِلٰى مَوْلَى الْاَمَةِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ خِلَافُ هٰذَا الْقَوْلِ حَدَّثَنِيْ ابْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ ثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ قَالَ الْاِذْنُ فِيْ ذٰلِكَ اِلَى الْاَمَةِ لَا اِلٰى مَوْلَاهَا۔

اور مولیٰ (لونڈی کے مالک) کے سلسلے میں تمام کا قول ہے حتیٰ کہ ان کے نزدیک بھی جو عزل کو بالکل مکروہ جانتے ہیں کہ مولیٰ اپنی لونڈی سے جماع کرتے وقت عزل کر سکتا ہے اور اس سلسلے میں اسے لونڈی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔ اور اگر کسی شخص کی بیوی (کسی دوسرے کی) مملوکہ ہو اور وہ (خاوند) اس سے عزل کرنا چاہتا ہو تو اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد کا قول علی بن معبد، حضرت امام محمد بن حسن سے وہ حضرت امام ابویوسف سے اور امام ابوحنیفہ (رحمہم اللہ) سے نقل کرتے ہیں کہ اس سلسلے میں لونڈی کے مالک سے اجازت لینا ہوگی۔ حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ سے اس کے خلاف قول بھی مروی ہے حضرت حسن بن زیاد حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ اس سلسلے میں اجازت کا حق لونڈی کو ہے اس کے مالک کو نہیں۔

فَقَالَ ابْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ اِنَّ هٰذَا هُوَ النَّظْرُ عَلٰى اُصُوْلِ مَا بُنِيَ عَلَيْهِ هٰذَا الْبَابُ لِاَنَّهَا لَوْ اَبَاحَتْ زَوْجَهَا تَرْكَ جِمَاعِهَا كَانَ مِنْ ذٰلِكَ فِيْ سَعَةٍ وَلَمْ يَكُنْ لِمَوْلَاهَا اَنْ يَّاْخُذَ زَوْجَهَا

حضرت ابن ابوعمران فرماتے ہیں کہ جس ضابطے پر اس باب کی بنیاد ہے اس پر قیاس کا تقاضا یہی ہے کیونکہ اگر وہ اپنے خاوند کو جماع چھوڑنے کی اجازت دے تو اسے یہ گنجائش حاصل ہوگی اور مولیٰ اس

بِاَنْ يُجَامِعَهَا فَلَمَّا كَانَ الْجِمَاعُ الْوَاجِبُ عَلٰى زَوْجِهَا اِلَيْهَا اَخَذَ زَوْجَهَا بِهٖ لَا اِلٰى مَوْلَاهَا كَانَ ذٰلِكَ الْاِفْضَاءَ فِيْ ذٰلِكَ الْجِمَاعِ الْاٰخَذُ بِهٖ اِلَيْهَا لَا اِلٰى مَوْلَاهَا فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِيْ هٰذَا وَاَنْكَرَ هٰؤُلَاءِ جَمِيْعًا الَّذِيْنَ اَبَاحُوا الْعَزْلَ مَا فِيْ حَدِيْثِ جُدَامَةَ مِمَّا رَوَتْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهٖ فِيْهِ اَنَّهُ الْوَادُ الْخَفِيُّ وَرَوَوْا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْكَارَ ذٰلِكَ الْقَوْلِ عَلٰى مَنْ قَالَهُ وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ رِفَاعَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ عِنْدِيْ جَارِيَةً وَاَنَا اَعْزِلُ عَنْهَا وَاَنَا اَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ وَاَشْتَهِيْ مَا يَشْتَهِي الرِّجَالُ وَاِنَّ الْيَهُوْدَ يَقُوْلُوْنَ هِيَ الْمَوْءُوْدَةُ الصُّغْرٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَتْ يَهُوْدُ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ اَرَادَ اَنْ يَخْلُقَهُ لَمْ تَسْتَطِعْ اَنْ تَصْرِفَهُ۔

(خاوند) کو عورت سے جماع پر مجبور نہیں کر سکتا تو جب جماع جو اس کے خاوند پر واجب ہے کی اجازت عورت (لونڈی) کو حاصل ہے کہ وہ خاوند کو اس سلسلے میں پکڑ سکتی ہے (مجبور کر سکتی) مالک کو یہ اختیار حاصل نہیں تو اس جماع کے سلسلے میں انزال پر مجبور کرنے کا اختیار بھی لونڈی کو حاصل ہوگا اس کے مالک کو نہیں، اس سلسلے میں قیاس یہی ہے۔ ان تمام حضرات نے جنہوں نے عزل کو جائز قرار دیا حضرت جدامہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی اس قول کا انکار کیا ہے کہ "یہ خفیہ طور پر زندہ درگور کرنا ہے"۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قول کی روایت کا انکار کیا ہے۔ وہ اس سلسلے میں یوں ذکر کرتے ہیں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص آیا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے پاس ایک لونڈی ہے اور میں اس سے عزل کرتا ہوں (کیونکہ) مجھے اس کا حاملہ ہونا پسند نہیں اور میں وہ کچھ چاہتا ہوں جو دوسرے مرد چاہتے ہیں اور یہودی کہتے ہیں کہ یہ چھوٹے قسم کا زندہ درگور کرنا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہودیوں نے جھوٹ کہا ہے اگر اللہ تعالیٰ کسی (بچے) کو پیدا کرنا چاہے تو تم اس کو روک نہیں سکتے۔

۱۰۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ مُطِيْعِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت ابو مطیع بن رفاعہ، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۱۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَيَّاشُ بْنُ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيُّ

حضرت موسیٰ بن وردان، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے

عَنْ مُوْسَى بْنِ وَرْدَانَ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَلَغَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْيَهُوْدَ يَقُوْلُوْنَ إِنَّ الْعَزْلَ هِيَ الْمَوْؤُدَةُ الصُّغْرٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَتْ يَهُوْدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَفْضَيْتَ لَمْ يَكُنْ إِلَّا بِقَدَرٍ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ بات پہنچی کہ یہودی کہتے ہیں عزل چھوٹا زندہ درگور کرنا ہے تو آپ نے فرمایا یہودی جھوٹ کہتے ہیں اور آپ نے (مزید) فرمایا اگر تم (عورت تک) پہنچ بھی جاؤ تو وہی ہو گا جو تقدیر میں ہے۔

---

۱۰۲ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَيَّاشُ الرَّقَّامُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ أَقَمْتُ جَارِيَةً لِي بِسُوْقِ بَنِي قَيْنُقَاعَ فَمَرَّ بِي يَهُوْدِيٌّ فَقَالَ مَا هٰذِهِ الْجَارِيَةُ لِي قَالَ أَكُنْتَ تُصِيْبُهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَلَعَلَّ فِي بَطْنِهَا مِنْكَ سَخْلَةً قَالَ قُلْتُ إِنِّي كُنْتُ أَعْزِلُ عَنْهَا قَالَ تِلْكَ الْمَوْؤُدَةُ الصُّغْرٰى فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ كَذَبَتْ يَهُوْدُ كَذَبَتْ يَهُوْدُ۔

حضرت ابو امامہ بن سہل، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں بنو قینقاع کے بازار میں اپنی لونڈی کے ساتھ مقیم تھا تو میرے پاس سے ایک یہودی گزرا اس نے کہا یہ لونڈی کون ہے؟ میں نے کہا یہ میری لونڈی ہے اس نے کہا کیا تم نے اس سے جماع کیا میں نے کہا "ہاں"، اس نے کہا شاید اس کے پیٹ میں تمہارا بچہ ہو گا (وہ فرماتے ہیں) میں نے کہا میں اس سے عزل کرتا تھا اس (یہودی) نے کہا یہ تو چھوٹے قسم کا زندہ درگور کرنا ہے (فرماتے ہیں) پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کی خدمت میں یہ بات پیش کی آپ نے فرمایا یہودی نے جھوٹ کہا یہودی نے جھوٹ کہا۔

فَهٰذَا أَبُوْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ حَكٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَّابٌ مَنْ زَعَمَ أَنَّ الْعَزْلَ مَوْؤُدَةٌ ثُمَّ قَدْ رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ذٰلِكَ وَالتَّنْبِيْهُ عَلٰى فَسَادِهِ بِمَعْنًى لَطِيْفٍ حَسَنٍ۔

تو یہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ ہیں جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شخص کا جھوٹا ہونا نقل کرتے ہیں جو عزل کو "زندہ درگور کرنا" خیال کرتا ہے پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے اس بات کا رفع اور اس کے فساد پر نہایت اور عمدہ تنبیہ مروی ہے۔

---

۱۰۳ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ قَالَ ثَنِي مَعْمَرُ بْنُ أَبِي حَبِيْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ قَالَ تَذَاكَرَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ عُمَرَ الْعَزْلَ فَاخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَقَالَ عُمَرُ قَدِ اخْتَلَفْتُمْ وَأَنْتُمْ أَهْلُ بَدْرٍ الْأَخْيَارِ فَكَيْفَ بِالنَّاسِ بَعْدَكُمْ إِذْ

حضرت عبد اللہ بن عدی بن خیار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں صحابہ کرام نے عزل پر باہم گفتگو کی تو ان کے درمیان اختلاف ہو گیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اختلاف کرتے ہو حالانکہ تم اہل بدر اور بہترین لوگ ہو تمہارے بعد لوگوں کا کیا حال ہو گا اس دوران دو آدمی آپس میں سرگوشی کرنے لگے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ سرگوشی کیا ہے؟ کسی نے کہا یہودیوں کا خیال ہے کہ یہ

ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ۔

ذکر کیا۔

۱۰۸۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ربیعہ بن عبدالرحمان، محمد بن یحییٰ بن حبان سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۰۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ مُوْسَى ابْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ ابْنِ الْمُحَيْرِيْزِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّهُمْ اَصَابُوْا سَبَايَا يَوْمَ اَوْطَاسٍ فَاَرَادُوْا اَنْ يَسْتَمْتِعُوْا مِنْهُنَّ وَلَا تَحْمِلْنَ فَسَاَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَفْعَلُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ كَتَبَ مَنْ هُوَ خَالِقٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

حضرت موسیٰ بن عقبہ، محمد بن یحییٰ بن حبان سے وہ ابن محیریز سے اور وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ (جنگ) اوطاس کے دن انہیں کچھ قیدی عورتیں حاصل ہوئیں انہوں نے ارادہ کیا کہ ان سے جماع کریں لیکن حمل نہ ٹھہرے چنانچہ انہوں نے اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا اگر تم ایسا نہ کرو (عزل نہ کرو) تو بھی کوئی حرج نہیں اللہ تعالیٰ نے قیامت تک جسے پیدا کرنا ہے اسے لکھ دیا ہے۔

۱۱۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَيْرِيْزٍ الْجُمَحِيُّ اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ بَيْنَا هُوَ جَالِسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهٗ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُصِيْبُ سَبْيًا وَنُحِبُّ الْاَثْمَانَ فَكَيْفَ تَرٰى فِي الْعَزْلِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَ اِنَّكُمْ لَتَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَفْعَلُوْا ذٰلِكُمْ فَاِنَّهَا لَيْسَتْ نَسَمَةٌ كَتَبَ اللّٰهُ اَنْ تَخْرُجَ اِلَّا هِيَ خَارِجَةٌ۔

حضرت زہری فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن محیریز جمحی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہوئے مجھے بتایا فرماتے ہیں کہ وہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ انصار میں سے ایک شخص آیا اس نے عرض کیا یارسول اللہ! ہمیں قیدی حاصل ہوئے ہیں اور ہمیں (ان کی) قیمتیں پسند ہیں (یعنی بیچنا چاہتے ہیں) تو عزل کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم ایسا کرتے ہو اگر تم نہ بھی کرو تو کوئی حرج نہیں کیونکہ جس جان کا ظاہر (پیدا) ہونا اللہ تعالیٰ نے لکھ دیا ہے وہ ظاہر ہوگی۔

۱۱۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ سَمِعْتُ مَعْبَدَ بْنَ سِيْرِيْنَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَاَلْنَا

حضرت معبد بن سیرین، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا اگر

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ لَاعَلَیْکُمْ اَلَّا تَفْعَلُوْہُ فَاِنَّمَا ھُوَ الْقَدَرُ۔

ایسا نہ کرو تو بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ تو تقدیر کی بات ہے۔

۱۱۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْدَاوٗدَ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْوَدَّاکِ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ لَمَّا اَصَبْنَا سَبْیَ خَیْبَرَ سَاَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ لَیْسَ مِنْ کُلِّ الْمَآءِ یَکُوْنُ الْوَلَدُ فَاِذَا اَرَادَ اللّٰہُ اَنْ یَخْلُقَ شَیْئًا لَمْ یَمْنَعْہُ شَیْءٌ۔

حضرت ابوودّاک، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں جب ہمیں خیبر کے قیدی حاصل ہوئے تو ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں پوچھا آپ نے فرمایا ہر پانی (نطفہ) سے بچہ پیدا نہیں ہوتا جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو اسے کوئی چیز روک نہیں سکتی۔

۱۱۳۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرَۃَ قَالَ ثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِی الْوَدَّاکِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ اَصَبْنَا سَبَایَا یَوْمَ خَیْبَرَ نَعْزِلُ عَنْھُنَّ نُرِیْدُ الْفِدَآءَ فَقُلْنَا لَوْسَاَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَکَرَ مِثْلَہٗ۔

ایک دوسری روایت میں ہے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہمیں خیبر کے قیدی ملے اور ہم ان (قیدی عورتوں) سے عزل کرتے تھے اور ہم فدیہ دینے کا ارادہ کرتے تھے ہم نے کہا کہ (کیا اچھا ہو اگر) ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لیں اس کے بعد اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔

۱۱۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِی الْعَالِیَۃِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ تَذَاکَرْنَا الْعَزْلَ فَخَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَاعَلَیْکُمْ اَلَّا تَفْعَلُوْا فَاِنَّمَا ھُوَ الْقَدَرُ۔

حضرت ابوالعالیہ، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم عزل کے بارے میں باہم گفتگو کر رہے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے آپ نے فرمایا عزل نہ بھی کرو تو کوئی ڈر نہیں کیونکہ تقدیر کی بات ہے (یعنی وہی ہوگا جو لکھا گیا)

۱۱۵۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرَۃَ وَابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْدَاوٗدَ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ اَبِی الْفَیْضِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مُرَّۃَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الزُّرَقِیِّ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَشْجَعَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ مَا یُقَدِّرُ اللّٰہُ فِی الرَّحِمِ یَکُنْ۔

حضرت عبداللہ بن مرہ، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اشجع قبیلے کے ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا جو کچھ اللہ تعالیٰ نے رحم میں مقدر کیا ہے وہ ہو کر رہے گا۔

۱۱۶۔ حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِی الْمُغِیْرَۃِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ اَبِی الْھُذَیْلِ عَنْ جَرِیْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ ہمیں مشرکین

أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ مَا وَسَّدْتُ إِلَيْكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ إِلَّا بِغُنْيَةٍ لِيْ أَوْ بِقَيْنَةٍ أَعْزِلُ عَنْهَا أُرِيْدُ بِهَا السُّوْقَ فَقَالَ جَاءَهَا مَا قُدِّرَ.

قَالَ أَبُوْجَعْفَرٍ فَفِيْ هٰذِهِ الْآثَارِ أَيْضًا مَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ الْعَزْلَ غَيْرُ مَكْرُوْهٍ لِأَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَخْبَرُوْهُ أَنَّهُمْ يَفْعَلُوْنَهُ لَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يَنْهَهُمْ عَنْهُ وَقَالَ لَا عَلَيْكُمْ أَلَّا تَفْعَلُوْهُ فَإِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ أَيْ فَإِنَّ اللهَ إِذَا كَانَ قَدْ قَدَّرَ أَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ كَانَ ذٰلِكَ الْوَلَدُ وَلَمْ يَمْنَعْهُ عَزْلٌ وَلَا غَيْرُهُ لِأَنَّهُ قَدْ يَكُوْنُ مَعَ الْعَزْلِ إِفْضَاءٌ بِقَلِيْلِ الْمَاءِ الَّذِيْ قَدْ قَدَّرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَكُوْنَ مِنْهُ وَلَدٌ فَيَكُوْنُ مِنْهُ وَلَدٌ وَيَكُوْنُ مَا بَقِيَ مِنَ الْمَاءِ الَّذِيْ قَدْ يَمْتَنِعُوْنَ مِنَ الْإِفْضَاءِ بِهِ بِالْعَزْلِ فَضْلًا وَقَدْ يَكُوْنُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ قَدَّرَ أَنْ لَا يَكُوْنَ مِنْ مَاءٍ وَلَدٌ فَيَكُوْنُ الْإِفْضَاءُ بِذٰلِكَ الْمَاءِ وَالْعَزْلُ سَوَاءٌ فِيْ أَنْ لَا يَكُوْنَ مِنْهُ وَلَدٌ فَكَانَ الْإِفْضَاءُ بِالْمَاءِ لَا يَكُوْنُ مِنْهُ وَلَدٌ إِلَّا بِأَنْ يَكُوْنَ فِيْ تَقْدِيْرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ لَا يَكُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ وَلَدٌ فَيَكُوْنُ كَمَا قَدَّرَ وَكَانَ الْعَزْلُ إِذَا كَانَ قَدْ تَقَدَّمَ فِيْ تَقْدِيْرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَكُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ الَّذِيْ يُعْزَلُ وَلَدًا وَصَّلَ اللهُ إِلَى الرَّحِمِ مِنْهُ الْوَلَدَ فَأَعْلَمَهُمْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْإِفْضَاءَ لَا يَكُوْنُ بِهِ وَلَدٌ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ قَدْ سَبَقَ ذٰلِكَ فِيْ تَقْدِيْرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَإِنَّ الْعَزْلَ لَا يَمْنَعُ أَنْ يَكُوْنَ وَلَدٌ إِذَا كَانَ قَدْ سَبَقَ فِيْ عِلْمِ اللهِ أَنَّهُ كَائِنٌ وَلَمْ يَنْهَهُمْ فِيْ جُمْلَةِ ذٰلِكَ عَنِ الْعَزْلِ

سے آپ تک اس لیے پہنچا ہوں کہ میری ایک لونڈی ہے جس سے میں عزل کرتا ہوں کیونکہ میں اسے بازار لے جانا (بیچنا) چاہتا ہوں آپ نے فرمایا وہ اسے ہی لائے گی جو تقدیر میں لکھا گیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں ان روایات میں بھی اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ عزل مکروہ نہیں ہے کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب صحابہ کرام نے بتایا کہ وہ عزل کرتے ہیں تو آپ نے اس کا رد نہیں فرمایا اور نہ ہی ان کو روکا البتہ فرمایا کہ اگر تم نہ بھی کرو تو کوئی ڈر نہیں کیونکہ یہ تو تقدیر کی بات ہے یعنی اگر اللہ تعالیٰ نے اس کو مقدر فرما دیا ہے کہ ہوگا تو وہ بچہ پیدا ہوگا اور اسے عزل وغیرہ نہیں روک سکیں گے کیونکہ بعض اوقات عزل کے باوجود تھوڑا سا مادہ منویہ اندر چلا جاتا ہے جس سے بچے کی پیدائش اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمائی ہے پس اس سے بچہ پیدا ہو جاتا ہے اور باقی پانی (مادہ منویہ) جسے وہ عزل کے ذریعے آگے جانے سے روکتے ہیں زائد ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات اللہ تعالیٰ نے تقدیر میں لکھا ہوتا ہے اس پانی سے بچہ پیدا نہیں ہوگا پس اس سلسلے میں اس پانی کا اندر جانا اور عزل برابر ہیں کہ بچہ پیدا نہیں ہوگا تو پانی کے اندر جانے سے بچہ اسی صورت میں پیدا ہوگا جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے تقدیر میں ہوگا۔ اور اگر اللہ تعالیٰ کی تقدیر میں ہو کہ جس پانی کا عزل کیا گیا ہے اس سے بچہ ہوگیا تو اللہ تعالیٰ اس میں سے کچھ رحم میں پہنچا دے گا۔ اگرچہ تھوڑا ہی ہو پس اس سے بچہ پیدا ہو جائے گا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان (صحابہ کرام) کو بتایا کہ محض انزال سے بچہ پیدا نہیں ہوتا جب تک پہلے سے تقدیر میں نہ لکھا ہو اور عزل بچے کی پیدائش کو نہیں روکتا جب اللہ تعالیٰ کے علم میں ہو کہ وہ پیدا ہوگا تو خلاصہ یہ ہے کہ آپ نے عزل سے منع نہیں فرمایا۔

۱۱۷ - ثُمَّ قَدْ رُوِیَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اِبَاحَتِهٖ اَیْضًا مَا قَدْ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِیْ جَارِیَةً تَسِیْرُ تَسْتَقِیْ عَلٰی نَاضِحِیْ وَاَنَا اُصِیْبُ مِنْهَا اَفَاَعْزِلُ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَاعْزِلْ فَلَمْ یَلْبَثِ الرَّجُلُ اَنْ جَآءَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَزَلْتُ عَنْهَا فَحَمَلَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدَّرَ اللّٰهُ

پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے جواز کے بارے میں بھی احادیث مروی ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک انصاری نے حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میری ایک لونڈی ہے جو اونٹ پر پانی لادنے جایا کرتی ہے اس سے جماع بھی کرتا ہوں تو کیا میں عزل کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا "ہاں" پس اس نے عزل کیا پھر زیادہ عرصہ نہ گزرا کہ اس شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے اس سے عزل کیا لیکن وہ حاملہ ہو گئی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نفس کا پیدا کرنا اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمایا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔

۱۱۸ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَهٰذَا جَابِرٌ قَدْ حَكٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظِيْرَ مَا حَكٰى عَنْهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ وَمَنْ ذَكَرْنَا مَعَهٗ فِي الْفَصْلِ الَّذِيْ قَبْلَ هٰذَا اَنَّهٗ قَدْ اَذِنَ مَعَ ذٰلِكَ فِي الْعَزْلِ۔

حضرت منصور، سالم بن جعد سے وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل نقل کرتے ہیں جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اور ان راویوں نے نقل کیا جن کا ہم نے اس سے پہلے باب کے شروع میں ذکر کیا کہ آپ نے اس کے باوجود عزل کی اجازت مرحمت فرمائی۔

۱۱۹ - ثُمَّ قَدْ رُوِيَ عَنْ جَابِرٍ فِيْ اِبَاحَةِ الْعَزْلِ اَيْضًا مَا قَدْ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذِنَ فِي الْعَزْلِ۔

پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی عزل کے جواز کے بارے میں مروی ہے حضرت ابوالزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عزل کی اجازت دی۔

۱۲۰ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نَعْزِلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَالْقُرْاٰنُ يَنْزِلُ۔

حضرت عطاء، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہم دورِ رسالت میں عزل کرتے تھے اور قرآن پاک نازل ہو رہا تھا۔

۱۲۱- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا نَعْزِلُ وَالْقُرْآنُ يَنْزِلُ قَالَ شُعْبَةُ فَقُلْتُ لِعَمْرٍو أَسَمِعْتَ هٰذَا مِنْ جَابِرٍ فَقَالَ لَا.

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم عزل کرتے تھے اور قرآن مجید نازل ہو رہا تھا حضرت شعبہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عمرو سے پوچھا کہ کیا آپ نے یہ بات حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے خود سنی ہے؟ انہوں نے فرمایا "نہیں"۔

۱۲۲- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ وَابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَا ثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نَعْزِلُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا يَنْهَانَا عَنْ ذٰلِكَ فَلَمَّا انْتَفَى الْمَعْنَى الَّذِي بِهِ كُرِهَ الْعَزْلُ وَمَا ذُكِرَ مِنْ ذِكْرٍ فِي ذٰلِكَ أَنَّهُ مِنَ الْمَوْؤُدَةِ وَثَبَتَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ عَنْهُ مِنْ إِبَاحَتِهِ ثَبَتَ أَنْ لَا بَأْسَ بِالْعَزْلِ لِمَنْ أَرَادَ عَلَى الشَّرَائِطِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا وَفَصَّلْنَاهَا فِي أَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ.

حضرت ابو الزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عزل کرتے تھے، تو آپ ہمیں اس سے منع نہیں فرماتے تھے۔ تو جب اس بات کی نفی ہو گئی جس کی وجہ سے عزل مکروہ ہے اور اس سلسلے میں جن لوگوں نے ذکر کیا انہوں نے اسے زندہ درگور کرنا قرار دیا (اور اس کی نفی ہو گئی) اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی اباحت بھی ثابت ہو گئی جیسا کہ ہم نے ذکر کیا تو ثابت ہوا کہ جو شخص ہماری مذکورہ شرائط کے مطابق عزل کرنا چاہے اس کیلئے کوئی حرج نہیں اور وہ شرائط ہم نے باب کے شروع میں تفصیل سے بیان کی ہیں حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

بَابُ الْحَائِضِ مَا يَحِلُّ لِزَوْجِهَا مِنْهَا [179]

حائضہ عورت سے خاوند کیلئے کیا کچھ جائز ہے

۱۲۳- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ إِحْدَانَا أَنْ تَتَّزِرَ وَهِيَ حَائِضٌ ثُمَّ يُضَاجِعُهَا قَالَ شُعْبَةُ وَقَالَ مَرَّةً يُبَاشِرُهَا.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے ایک کو (یعنی کسی بھی زوجہ مطہرہ کو) حکم فرماتے کہ وہ چادر باندھ لے اور وہ حائضہ ہوتیں پھر ان کے ساتھ لیٹ جاتے حضرت شعبہ فرماتے ہیں ایک بار انہوں نے (حضرت منصور راوی نے) فرمایا کہ حضور علیہ السلام ان (ازواج) سے مباشرت فرماتے (یعنی اپنے جسم کو ان کے جسم سے م

۱۲۴- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ ثَنَا حُرَيْثُ بْنُ عَمْرٍو عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رُبَّمَا بَاشَرَنِي النَّبِيُّ وَأَنَا حَائِضٌ فَوْقَ الْإِزَارِ.

حضرت مسروق، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے تہبند کے اوپر مباشرت فرماتے جب کہ میں حائضہ ہوتی۔

۱۲۵- حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ أَخْبَرَنَا

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں سرکار دو عالم

اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اَسْبَاطٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُونُسَ قَالَ ثَنَا اَسْبَاطٌ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ نِسَاءَهُ فَوْقَ الْاِزَارِ وَهُنَّ حُيَّضٌ۔

کی ازواج مطہرات حیض کی حالت میں ہوتیں تو آپ ان کے ساتھ تہبند کے اوپر مباشرت فرماتے۔

۱۲۶- حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يُونُسُ وَاللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَبِيبٍ مَوْلَى عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ نَدْبَةَ قَالَ ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ اللَّيْثَ يَقُولُ بُدَيَّةَ مَوْلَاةِ مَيْمُونَةَ عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ الْمَرْاَةَ مِنْ نِسَائِهٖ وَهِيَ حَائِضٌ اِذَا كَانَ عَلَيْهَا اِزَارٌ يَبْلُغُ اَنْصَافَ الْفَخِذَيْنِ اَوِ الرُّكْبَتَيْنِ وَفِي حَدِيثِ اللَّيْثِ مُحْتَجِزَةٌ بِهٖ۔

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی لونڈی ندبہ (یا بدیہ) ان سے روایت کرتی ہیں وہ فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے کوئی حیض کی حالت میں ہوتیں تو ان سے اس صورت میں ہم بستر ہوتے کہ انہوں نے تہبند باندھا ہوتا جو رانوں کے نصف یا گھٹنوں تک پہنچتا حضرت لیث کی روایت میں ہے کہ انہوں نے ازار سے ستر ڈھانپا ہوتا۔

۱۲۷- حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ فَذَكَرَ مِثْلَ مَا ذَكَرَهُ ابْنُ وَهْبٍ عَنِ اللَّيْثِ سَوَاءً قَالَ اَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلَى اَنَّ الْحَائِضَ لَا يَنْبَغِي لِزَوْجِهَا اَنْ يُجَامِعَهَا اِلَّا كَذٰلِكَ وَلَا يَطَّلِعُ مِنْهَا عَلٰى عَوْرَةٍ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِفِعْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي ذَكَرْنَا وَمِمَّنْ قَالَ بِهٖ اَبُو حَنِيفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

حضرت اسد فرماتے ہیں ہم سے حضرت لیث نے بیان کیا پھر انہوں نے اسی طرح ذکر کیا جس طرح ابن وھب نے حضرت لیث سے روایت کیا۔ حضرت امام ابوجعفر طحاوی فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ حائضہ عورت کے خاوند کے لیے اس طریقے کے علاوہ جماع جائز نہیں اور نہ ہی وہ اس کی شرمگاہ کی طرف دیکھے، انہوں نے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عمل سے استدلال کیا جسے ہم نے ذکر کیا ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بھی اس بات کے قائلین میں شامل ہیں۔

۱۲۸- وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ اَيْضًا بِمَا رُوِيَ مِنْ قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّهٗ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ ابْنُ الْجَعْدِ قَالَ اَخْبَرَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو الشَّامِيِّ عَنْ اَحَدِ النَّفَرِ الَّذِينَ اَتَوْا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ

انہوں نے اس سلسلے میں مروی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی سے بھی استدلال کیا ہے حضرت عاصم بن عمرو شامی اس گروہ میں سے ایک آدمی سے نقل کرتے ہیں جو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور وہ تین آدمی تھے انہوں نے آپ سے پوچھا کہ اگر کسی شخص کی بیوی کو حدث ہو جائے یعنی حیض آجائے تو اس (مرد) کے لیے کیا جائز ہے حضرت عمر

وَكَانُوا ثَلٰثَةً فَسَاَلُوْهُ مَا لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَاَتِهٖ اِذَا اَحْدَثَتْ يَعْنُوْنَ الْحَيْضَ فَقَالَ سَاَلْتُمُوْنِيْ عَنْ شَيْءٍ مَا سَاَلَنِيْ عَنْهُ اَحَدٌ مُنْذُ سَاَلْتُ عَنْهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ مِنْهَا مَا فَوْقَ الْاِزَارِ مِنَ التَّقْبِيْلِ وَالضَّمِّ وَلَا يَطَّلِعُ عَلٰى مَا تَحْتَهٗ

فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم نے مجھ سے ایسی بات کا سوال کیا کہ جب سے میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا کسی نے مجھ سے اس کے متعلق نہیں پوچھا آپ نے فرمایا اس مرد کے لیے تہبند سے اوپر اوپر جائز ہے یعنی بوسہ لے سکتا ہے اس کو اپنے ساتھ لٹا سکتا ہے لیکن اس کے نیچے نہیں جھانک سکتا۔

۱۲۹۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو الْبَجَلِيِّ اَنَّ قَوْمًا اَتَوْا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَسَاَلُوْهُ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عاصم بن عمرو بجلی فرماتے ہیں ایک جماعت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور انہوں نے آپ سے پوچھا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۳۰۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ قَالَ ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ اَنَّ قَوْمًا اَتَوْا عُمَرَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ

ایک دوسرے روایت میں بھی حضرت عاصم بن عمرو بجلی فرماتے ہیں کہ ایک جماعت حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۳۱۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ ابْنِ عَمْرٍو عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلٰى لِعُمَرَ عَنْ عُمَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عاصم بن عمرو، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے غلام عمیر سے اور وہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا بَاْسَ بِمَا فَوْقَ الْاِزَارِ مِنْهَا وَمَا تَحْتَ الْاِزَارِ اِذَا اجْتَنَبَ مَوَاضِعَ الدَّمِ وَقَالُوْا اَمَّا مَا ذَكَرْتُمْ مِنْ فِعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا حُجَّةَ لَكُمْ فِيْ ذٰلِكَ لِاَنَّا نَحْنُ لَا نُنْكِرُ اِنَّ لِزَوْجِ الْحَائِضِ مِنْهَا مَا فَوْقَ الْاِزَارِ فَيَكُوْنُ هٰذَا الْحَدِيْثُ حُجَّةً عَلَيْنَا بَلْ نَحْنُ نَقُوْلُ لَهٗ مِنْهَا مَا فَوْقَ الْاِزَارِ وَمَا تَحْتَهٗ اِذَا اجْتَنَبَ مَوَاضِعَ الدَّمِ كَمَا لَهٗ اَنْ يَّفْعَلَ ذٰلِكَ قَبْلَ حُدُوْثِ الْحَيْضِ اِنَّمَا ذٰلِكَ الْحَدِيْثُ حُجَّةٌ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ اَنَّ لِزَوْجِ

دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ تہبند سے اوپر ہو یا نیچے دونوں طرح کوئی حرج نہیں بشرطیکہ خون کی جگہ سے بچے انہوں نے فرمایا کہ جو کچھ تم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل کے بارے میں ذکر کیا ہے اس میں تمہارے لیے کوئی دلیل نہیں کیونکہ ہم اس بات کا انکار نہیں کرتے کہ حائضہ کے خاوند کو تہبند کے اوپر کا حق ہے کہ اس طرح یہ حدیث ہمارے خلاف حجت ہوتی بلکہ ہم کہتے ہیں کہ اسے تہبند کے اوپر اور نیچے دونوں طرح حق ہے جب کہ خون کی جگہوں سے بچے (جماع نہ کرے) جیسا کہ اسے حیض سے پہلے یہ حق حاصل ہوتا ہے یہ حدیث تو ان لوگوں کے خلاف حجت ہے جو تہبند کے اوپر بھی خاوند کے حق کا انکار

الْحَائِضِ مِنْهَا مَا فَوْقَ الْإِزَارِ فَأَمَّا مَنْ أَبَاحَ ذٰلِكَ لَهُ فَإِنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ لَيْسَ بِحُجَّةٍ عَلَيْهِ وَعَلَيْكُمُ الْبُرْهَانُ بَعْدُ لِقَوْلِكُمْ إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ مِنْهَا إِلَّا ذٰلِكَ فَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ فِيْ هٰذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُوَافِقُ مَا ذَهَبْنَا إِلَيْهِ نَحْنُ وَيُخَالِفُ مَا ذَهَبْتُمْ أَنْتُمْ إِلَيْهِ وَهِيَ أَحَدُ مَنْ رَوٰى عَنْهَا مِمَّا كَانَ يَفْعَلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِسَائِهِ إِذَا حِضْنَ مَا ذَكَرْتُمْ مِنْ ذٰلِكَ۔

۱۳۲ - **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ عَنْ أَبِيْ مَيْسَرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُنِيْ فِيْ شِعَارٍ وَاحِدٍ وَأَنَا حَائِضٌ وَلٰكِنَّهُ كَانَ أَمْلَكَكُمْ لِإِرْبِهِ أَوْ أَمْلَكَ لِإِرْبِهِ۔

فَهٰذَا عَلَى أَنَّهُ كَانَ يُبَاشِرُهَا فِيْ إِزَارٍ وَاحِدٍ فَفِيْ ذٰلِكَ إِبَاحَةُ مَا تَحْتَ الْإِزَارِ فَلَمَّا جَاءَ هٰذَا عَنْهَا وَقَدْ جَاءَ عَنْهَا أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُهَا أَنْ تَتَّزِرَ ثُمَّ يُبَاشِرُهَا كَانَ هٰذَا عِنْدَنَا عَلَى أَنَّهُ كَانَ يَفْعَلُ هٰكَذَا مَرَّةً وَهٰكَذَا مَرَّةً وَفِيْ ذٰلِكَ إِبَاحَةٌ لِلْمَعْنَيَيْنِ جَمِيْعًا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْضًا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ مَا يُوَافِقُ هٰذَا الْقَوْلَ الَّذِيْ صَحَّحْنَا عَلَيْهِ حَدِيْثَيْ عَائِشَةَ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَا۔

۱۳۳ - **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ الْيَهُوْدَ كَانُوْا لَا يَأْكُلُوْنَ وَلَا يَشْرَبُوْنَ وَلَا يَقْعُدُوْنَ

کرتے ہیں لیکن جو حضرات اسے جائز سمجھتے ہیں ان کے خلاف حجت نہیں اب جب کہ تم صرف اسی بات (تہبند کے اوپر مباشرت) کو جائز سمجھتے ہو تو اس پر دلیل پیش کرو (کیونکہ) اس سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے جو کچھ بواسطہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، مروی ہے وہ ہمارے مذہب کے موافق ہے اور تمہارے موقف کے خلاف ہے اور سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی ازواج مطہرات سے ان کی حالت حیض میں کیا جانے والا فعل جو تم نے روایت کیا وہ صرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے کپڑے کے اوپر سے ہمبستر ہوتے جب میں حالت حیض میں ہوتی لیکن آپ تم سب سے زیادہ اپنی خواہش پر کنٹرول رکھنے والے تھے راوی کو شک ہے کہ "أملككم" فرمایا یا صرف "أملك" فرمایا۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ان سے ایک تہبند میں مباشرت فرماتے پس اس سے تہبند کے نیچے کا جواز (ثابت ہوتا) ہے تو جب یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے اور ان ہی سے یہ روایت بھی منقول ہے کہ آپ ان کو تہبند باندھنے کا حکم دیتے پھر ان کے ساتھ لیٹتے تو ہمارے نزدیک اس کا مطلب یہ ہے کہ کبھی آپ اس طرح کرتے اور کبھی اُس طرح تو اس سے دونوں باتوں کا جواز ثابت ہوا۔ ایک دوسرے طریقے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اس قسم کی بات مروی ہے جو ہماری اس بات کے موافق ہے جسے ہم نے ام المومنین سے مروی دونوں حدیثوں کے ضمن میں صحیح قرار دیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ یہودی حیض والی عورتوں کے ساتھ نہ کھاتے، نہ پیتے اور نہ ہی ان کے ساتھ بیٹھتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ بات عرض کی گئی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل

مَعَ الْحَیْضِ فِیْ بَیْتٍ فَذُکِرَ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَیَسْاَلُوْنَکَ عَنِ الْمَحِیْضِ قُلْ هُوَ اَذًی فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِی الْمَحِیْضِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِصْنَعُوْا کُلَّ شَیْءٍ مَاخَلَا الْجِمَاعِ فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّهُمْ کَانُوْا قَدْ اُبِیْحُوْا مِنَ الْحَائِضِ کُلَّ شَیْءٍ مِّنْهَا غَیْرَ جِمَاعِهَا خَاصَّةً وَّذٰلِکَ عَلٰی جِمَاعِ الْفَرْجِ دُوْنَ مَاسِوَاهُ۔

نازل، (ترجمہ) "آپ سے حیض کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے وہ ناپاکی ہے پس حیض کے دنوں میں عورتوں سے دور رہو" رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جماع کے علاوہ سب کچھ کر سکتے ہو۔ تو اس حدیث سے ثابت ہوا کہ وہ (صحابہ کرام) حیض والی عورتوں سے جماع کے علاوہ سب کچھ جائز سمجھتے تھے اور اس جماع سے مراد شرمگاہ کا جماع ہے اس کے علاوہ نہیں۔

۱۳۴- وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْقَوْلُ بِعَیْنِهٖ عَنْ عَائِشَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وَعَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ عَائِشَةَ مَایَحِلُّ لِلرَّجُلِ مِنْ اِمْرَاَتِهٖ اِذَا کَانَتْ حَائِضًا فَقَالَتْ کُلَّ شَیْءٍ اِلَّا فَرْجَهَا۔

بعینہ یہ قول حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے حضرت ابو قلابہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا جب کوئی عورت حائضہ ہو تو اس کے خاوند کے لیے اس سے کیا کچھ جائز ہے؟ انہوں نے فرمایا شرمگاہ کے علاوہ سب کچھ جائز ہے۔

۱۳۵- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلُ ذٰلِکَ۔

حضرت ابراہیم، حضرت مسروق سے اور وہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہم) سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۶- حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَیْبُ بْنُ اللَّیْثِ قَالَ ثَنَا اللَّیْثُ عَنْ بُکَیْرٍ عَنْ اَبِیْ مُرَّةَ مَوْلٰی عَقِیْلٍ عَنْ حَکِیْمِ بْنِ عِقَالٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ مَا یُحَرَّمُ عَلَیَّ مِنِ امْرَاَتِیْ اِذَا حَاضَتْ قَالَتْ فَرْجُهَا فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِیْقِ تَصْحِیْحِ مَعَانِی الْاٰثَارِ۔

حضرت ابو مرہ (حضرت عقیل کے آزاد کردہ غلام) حضرت حکیم بن عقال سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ جب میری عورت حائضہ ہو تو اس سے میرے لیے کیا حرام ہے انہوں نے فرمایا اس کی شرمگاہ۔ معانی روایات کی تصحیح کے اعتبار سے اس بات کا یہ بیان ہے۔

وَاَمَّا وَجْهُهٗ مِنْ طَرِیْقِ النَّظَرِ فَاِذَا رَاَیْنَا الْمَرْاَةَ قَبْلَ اَنْ تَحِیْضَ لِزَوْجِهَا اَنْ یُّجَامِعَهَا فِیْ فَرْجِهَا وَلَهٗ مِنْهَا مَا فَوْقَ الْاِزَارِ وَمَا تَحْتَ الْاِزَارِ اَیْضًا ثُمَّ اِذَا حَاضَتْ حُرِّمَ

اور قیاس کے طور پر اس کی توجیہ یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں حیض کے علاوہ عورت کا خاوند اس سے جماع کر سکتا ہے اور وہ تہبند کے اوپر اور نیچے دونوں طرح اس کے لیے جائز ہے پھر جب اسے حیض آ جائے تو اس کی شرمگاہ میں جماع ناجائز ہے

عَلَيْهِ الْجِمَاعُ فِي فَرْجِهَا وَحَلَّ لَهُ مِنْهَا مَا فَوْقَ الْإِزَارِ بِاتِّفَاقِهِمْ وَاخْتَلَفُوا فِيمَا تَحْتَ الْإِزَارِ عَلَى مَا ذَكَرْنَا فَأَبَاحَهُ بَعْضُهُمْ فَجَعَلَ حُكْمَهُ حُكْمَ مَا فَوْقَ الْإِزَارِ وَمَنَعَ مِنْهُ بَعْضُهُمْ فَجَعَلَ حُكْمَهُ حُكْمَ الْجِمَاعِ فِي الْفَرْجِ.

فَلَمَّا اخْتَلَفُوا فِي ذٰلِكَ وَجَبَ النَّظَرُ لِنَعْلَمَ أَيَّ الْوَجْهَيْنِ هُوَ أَشْبَهُ بِهِ فَيُحْكَمُ لَهُ بِحُكْمِهِ فَرَأَيْنَا الْجِمَاعَ فِي الْفَرْجِ يُوجِبُ الْحَدَّ وَالْمَهْرَ وَالْغُسْلَ وَرَأَيْنَا الْجِمَاعَ فِيمَا سِوَى الْفَرْجِ لَا يُوجِبُ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا وَيَسْتَوِي فِي ذٰلِكَ حُكْمُ مَا فَوْقَ الْإِزَارِ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا أَنَّ حُكْمَ مَا تَحْتَ الْإِزَارِ أَشْبَهُ بِمَا فَوْقَ الْإِزَارِ مِنْهُ بِالْجِمَاعِ فِي الْفَرْجِ فَالنَّظَرُ عَلَى ذٰلِكَ أَنْ يَكُونَ كَذٰلِكَ هُوَ فِي حُكْمِ الْحَائِضِ فَيَكُونُ حُكْمُهُ حُكْمَ الْجِمَاعِ فَوْقَ الْإِزَارِ لَا حُكْمَ الْجِمَاعِ فِي الْفَرْجِ وَهٰذَا قَوْلُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ وَبِهِ نَأْخُذُ.

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ ثُمَّ نَظَرْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي هٰذَا الْبَابِ وَفِي تَصْحِيحِ الْآثَارِ فِيهِ فَإِذَا هِيَ تَدُلُّ عَلَى مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ أَبُو حَنِيفَةَ لَا عَلَى مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ مُحَمَّدٌ وَذٰلِكَ أَنَّا وَجَدْنَاهَا عَلَى ثَلَاثَةِ أَنْوَاعٍ فَنَوْعٌ مِنْهَا مَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يُبَاشِرُ نِسَاءَهُ وَهُنَّ حُيَّضٌ فَوْقَ الْإِزَارِ فَلَمْ يَكُنْ فِي ذٰلِكَ دَلِيلٌ عَلَى مَنْعِ الْحَيْضِ مِنَ الْمُبَاشَرَةِ تَحْتَ الْإِزَارِ لِمَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِي مَوْضِعِهِ مِنْ هٰذَا الْبَابِ وَنَوْعٌ آخَرُ مِنْهَا وَهُوَ مَا رَوَى عُمَيْرٌ مَوْلَى عُمَرَ عَنْ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَا ذَكَرْنَاهُ

اور تہبند کے اوپر (نفع اٹھانا) جائز ہے یہ بات متفق علیہ ہے البتہ تہبند کے نیچے سے فائدہ اٹھانے میں اختلاف ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا بعض نے اسے جائز قرار دیا اور اس کا حکم تہبند کے اوپر والے حکم جیسا قرار دیا لیکن بعض حضرات نے اس سے منع کیا انہوں نے اس کا وہی حکم بیان کیا جو شرمگاہ میں جماع کا ہے۔

تو جب ان کا اس بات میں اختلاف ہے تو غور وفکر کرنا ضروری ہے تاکہ معلوم ہو کہ دونوں میں سے کونسی صورت اس کے زیادہ مشابہ ہے تاکہ اس پر بھی وہی حکم لگایا جائے تو ہم دیکھتے ہیں کہ شرمگاہ میں جماع سے حد، مہر اور غسل لازم ہوتا ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ شرمگاہ کے علاوہ جماع کی صورت میں ان میں سے کچھ بھی لازم نہیں ہوتا اس سلسلے میں تہبند کے اوپر اور نیچے کا حکم برابر ہے تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ تہبند کے نیچے کا حکم شرمگاہ میں جماع کی نسبت تہبند کے اوپر والے حکم کے زیادہ مشابہ ہے تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ حائضہ کے سلسلے میں بھی حکم اسی طرح ہو لہٰذا اس کا حکم تہبند کے اوپر جماع کے حکم جیسا ہوگا شرمگاہ میں جماع کے حکم جیسا نہیں ہوگا حضرت امام محمد بن حسن رحمہ اللہ علیہ کا یہی قول ہے اور ہم (امام طحاوی رحمہ اللہ) بھی اس کو ہی اختیار کرتے ہیں۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں پھر میں نے اس باب میں غور کیا اور روایات کی تصحیح کو دیکھا تو وہ جو حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب پر دلالت کرتی ہے حضرت امام محمد رحمہ اللہ کے مذہب کی تائید نہیں کرتی۔ اور وہ اس طرح کہ ہم ان احادیث کو تین اقسام میں دیکھتے ہیں ان میں سے ایک قسم وہ ہے جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ لیٹ جاتے اور وہ حائضہ ہوتیں اور انہوں نے کپڑا باندھا ہوتا۔ اس قسم کی احادیث میں حائضہ عورت سے تہبند کے نیچے مباشرت (شرمگاہ کے علاوہ) پر کوئی دلیل نہیں جیسا کہ ہم نے اس باب میں اپنے مقام پر اسے ذکر کیا ہے دوسری قسم کی حدیث وہ ہے جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے ان سے اور انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ جیسا کہ ہم

فِیْ مَوْضِعِہٖ فَکَانَ فِیْ ذٰلِكَ دَلِیْلٌ مَنَعَ مِنْ جِمَاعِ الْحُبَیِّضِ تَحْتَ الْاِزَارِ لِاَنَّ مَا فِیْہِ مِنْ کَلَامِ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَ ذِکْرُہٗ مَا فَوْقَ الْاِزَارِ فَاِنَّمَا ھُوَ جَوَابٌ لِسُوَالِ عُمَرَ اِیَّاہُ مَا لِلرَّجُلِ مِنْ اِمْرَاَتِہٖ اِذَا کَانَتْ حَائِضًا فَقَالَ لَہٗ مَا فَوْقَ الْاِزَارِ فَکَانَ ذٰلِكَ جَوَابُ سُوَالِہٖ لَا نُقْصَانَ فِیْہِ وَلَا تَقْصِیْرَ۔

نے اسے اپنے مقام پر ذکر کیا اس میں حائضہ عورت سے چادر کے نیچے جماع سے منع کیا گیا ہے کیونکہ اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام مبارک چادر سے اوپر کے بارے میں ہے اور وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سوال کا جواب ہے انہوں نے حضور علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر کوئی عورت حائضہ ہو تو اس کے خاوند کے لیے کیا جائز ہے؟ تو آپ نے فرمایا چادر کے اوپر، تو یہ سوال کا بلا کم و کاست جواب ہے۔

وَنَوْعٌ اٰخَرُ مَا ھُوَ مَا رُوِیَ عَنْ اَنَسٍ عَلٰی مَا قَدْ ذَکَرْنَاہُ عَنْہُ فَذٰلِكَ مُبِیْحٌ لِاِتْیَانِ الْحُیَّضِ دُوْنَ الْفَرْجِ وَاِنْ کَانَ تَحْتَ الْاِزَارِ فَاَرَدْنَا اَنْ نَنْظُرَ اَیُّ ھٰذَیْنِ النَّوْعَیْنِ تَاَخَّرَ عَنْ صَاحِبِہٖ فَنَجْعَلَہٗ نَاسِخًا لَہٗ فَنَظَرْنَا فِیْ ذٰلِكَ فَاِذَا حَدِیْثُ اَنَسٍ فِیْہِ اِخْبَارٌ عَمَّا کَانَتِ الْیَھُوْدُ عَلَیْہِ وَقَدْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ مُوَافَقَۃَ اَھْلِ الْکِتَابِ فِیْمَا لَمْ یُؤْمَرْ فِیْہِ بِخِلَافِھِمْ قَدْ رَوَیْنَا ذٰلِكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا فِیْ کِتَابِ الْجَنَائِزِ وَکَذٰلِكَ اَمَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ قَوْلِہٖ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ ھَدَی اللّٰہُ فَبِھُدٰھُمُ اقْتَدِہٖ فَکَانَ عَلَیْہِ اِتِّبَاعُ مَنْ تَقَدَّمَہٗ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ حَتّٰی یُحْدِثَ لَہٗ شَرِیْعَۃً تَنْسَخُ شَرِیْعَتَہٗ۔

فَکَانَ الَّذِیْ نَسَخَ مَا کَانَتِ الْیَھُوْدُ عَلَیْہِ مِنِ اجْتِنَابِ کَلَامِ الْحَائِضِ وَمُوَاکَلَتِھَا وَالْاِجْتِمَاعِ مَعَھَا فِیْ بَیْتٍ ھُوَ مَا ھُوَ فِیْ حَدِیْثِ اَنَسٍ لَا وَاسِطَۃَ بَیْنَھُمَا فَفِیْ حَدِیْثِ اَنَسٍ ھٰذَا اِبَاحَۃُ جِمَاعِھَا فِیْمَا دُوْنَ الْفَرْجِ وَکَانَ الَّذِیْ فِیْ حَدِیْثِ عُمَرَ الْاِبَاحَۃُ لِمَا فَوْقَ الْاِزَارِ وَالْمَنْعُ مِمَّا تَحْتَ الْاِزَارِ

ایک اور قسم ہے اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا یہ حدیث، حائضہ عورت کے پاس شرمگاہ کے علاوہ جانے کو جائز قرار دیتی ہے اگرچہ چادر کے نیچے ہو۔ تو ہم نے چاہا کہ دیکھیں ان پچھلی دو روایتوں میں مؤخر کونسی ہے تاکہ اسے دوسری کے لیے ناسخ قرار دیں ہم نے اس سلسلے میں غور کیا تو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہودیوں کے طرز عمل کا ذکر ہے اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان امور میں اہل کتاب کی موافقت کو پسند کرتے تھے جن کے بارے میں انکی مخالفت کا حکم نہ دیا گیا ہو۔ یہ بات ہم نے کتاب الجنائز میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے نقل کی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے اس ارشاد میں بھی اسی بات کا حکم دیا "یہ وہ لوگ ہیں (سابقہ انبیاء کرام) اللہ تعالیٰ نے جن کی راہنمائی فرمائی پس آپ ان کے طریقے کی پیروی کریں تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر اس وقت میں سابقہ انبیاء کرام علیہم السلام کی پیروی لازم تھی یہاں تک کہ آپ کے لیے شریعت نازل ہو جو سابقہ شریعت کو منسوخ کرے۔

تو یہودیوں کے عمل یعنی حائضہ عورتوں سے کلام، ان کے ساتھ کھانے پینے اور ان کے ساتھ اکٹھے رہنے سے اجتناب کو جس چیز نے منسوخ کیا وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کا مضمون ہے تو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے ان کے ساتھ شرمگاہ کے علاوہ جماع ثابت ہوتا ہے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت میں چادر سے اوپر کا جواز اور چادر کے نیچے کی مخالفت مذکور ہے پس اگر حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کو

[illegible]

فَاسْتَحَالَ اَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِكَ مُتَقَدِّمًا بِحَدِیْثِ اَنَسٍ اِذَا کَانَ حَدِیْثُ اَنَسٍ هُوَ النَّاسِخَ لِاجْتِنَابِ الْاِجْتِمَاعِ مَعَ الْحَائِضِ وَمُوَاکَلَتِهَا وَمُشَارَبَتِهَا فَثَبَتَ اَنَّهٗ مُتَأَخِّرٌ عَنْهُ وَنَاسِخٌ لِبَعْضِ الَّذِیْ اُبِیْحَ فِیْهِ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ مَا ذَهَبَ اِلَیْهِ اَبُوْحَنِیْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ مِنْ هٰذَا بِتَصْحِیْحِ الْاٰثَارِ وَ انْتَفٰی مَا ذَهَبَ اِلَیْهِ مُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ۔

یہودیوں کے حائضہ عورتوں کے ساتھ اجتماع، کھانے اور پینے سے اجتناب والے عمل کے لیے ناسخ قرار دیا جائے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت اس سے مقدم نہ ہوگی پس ثابت ہوا کہ یہ بعد کی روایت ہے اور اس بعض کے لیے بھی ناسخ ہے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں جائز قرار دیا گیا لہٰذا روایات کی تصحیح سے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب ثابت ہو گیا اور امام محمد رحمہم اللہ کے مسلک کی نفی ہوگئی۔

بَابُ وَطْیِ النِّسَاءِ فِیْ اَدْبَارِهِنَّ

عورتوں سے غیر فطری فعل کرنا

۱۳۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ اَخْبَرَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ حُمَیْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَجُلًا اَصَابَ امْرَاَتَهٗ فِیْ دُبُرِهَا فَاَنْکَرَ النَّاسُ ذٰلِكَ عَلَیْهِ وَقَالُوْا اَثْغَرَهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نِسَآؤُکُمْ حَرْثٌ لَّکُمْ فَاْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ وَطْیَ الْمَرْاَةِ فِیْ دُبُرِهَا جَائِزٌ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ وَتَاَوَّلُوْا هٰذِهِ الْاٰیَةَ عَلٰی اِبَاحَةِ ذٰلِكَ وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَکَرِهُوْا وَطْیَ النِّسَاءِ فِیْ اَدْبَارِهِنَّ وَمَنَعُوْا مِنْ ذٰلِكَ وَتَاَوَّلُوْا هٰذِهِ الْاٰیَةَ عَلٰی غَیْرِ هٰذَا التَّاوِیْلِ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک شخص نے اپنی بیوی سے غیر فطری فعل کیا تو لوگوں نے اسکی مذمت کی اور کہا کیا تو اسے ایسی عورت بنانا چاہتا ہے جس کا خاوند نہ ہو اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی (ترجمہ) تمہاری بیویاں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ (یعنی جماع کا مقام ایک ہی ہے البتہ طریقہ کوئی بھی اختیار کیا جا سکتا ہے)

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ عورتوں سے غیر فطری فعل جائز ہے انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا اور اس آیت سے اس کا جواز مراد لیا ہے لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے عورتوں کے ساتھ غیر فطری فعل کو ناپسند کیا اور اس سے منع کیا انہوں نے اس آیت کا کچھ اور مفہوم بیان کیا ہے۔

۱۳۸۔ فَحَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ الْیَهُوْدَ قَالُوْا مَنْ اَتٰی امْرَاَتَهٗ فِیْ فَرْجِهَا مِنْ دُبُرِهَا خَرَجَ وَلَدُهَا اَحْوَلَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نِسَآؤُکُمْ حَرْثٌ لَّکُمْ فَاْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ یہودیوں نے کہا جو شخص اپنی عورت کے ساتھ دُبر کی طرف سے شرمگاہ میں جماع کرے اس کا بچہ بھینگا ہوگا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ "تمہاری بیویاں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ۔"

۱۳۹۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ

حضرت سفیان ثوری فرماتے ہیں حضرت محمد بن منکدر نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے

الْمُنْكَدِرِ حَدَّثَنَا عَنْ جَابِرٍ مِثْلَهُ۔

ان سے اس کی مثل بیان کیا۔

۱۴۰- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا أَبُو شُرَيْحٍ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت فریابی کہتے ہیں ہم سے حضرت سفیان ثوری نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۴۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَتِ الْيَهُودُ إِذَا أَتَى الرَّجُلُ أَهْلَهُ بَارِكَةً جَاءَ الْوَلَدُ أَحْوَلَ فَذُكِرَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ قَالُوا فَإِنَّمَا كَانَ مِنْ قَوْلِ الْيَهُودِ مَا ذَكَرْنَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ذٰلِكَ دَفْعًا لِقَوْلِهِمْ وَإِبَاحَةً لِلْوَطْيِ فِي الْفَرْجِ مِنَ الدُّبُرِ وَمِنَ الْقُبُلِ جَمِيعًا وَقَدْ رَوَى آخَرُونَ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَلَى مَا ذَكَرْنَا وَزَادُوا فِيهِ إِذَا كَانَ ذٰلِكَ فِي الْفَرْجِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں یہودیوں نے کہا جو شخص اپنی بیوی کو اونٹ کی طرح بٹھا کر ہمبستری کرے اس کا بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی، پھر انہوں نے اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔ یہ حضرات فرماتے ہیں جو کچھ ہم نے ذکر کیا یہ یہودیوں کا قول تھا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی بات کو رد کرنے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی اور دُبر کی طرف سے یا اگلی جانب سے ہوکر دونوں طرح شرمگاہ میں وطی کو جائز قرار دیا۔ کچھ دوسرے حضرات نے اس حدیث کو حضرت محمد بن منکدر سے اسی طرح روایت کیا جس طرح ہم نے ذکر کیا لیکن اس میں یہ اضافہ کیا کہ جب شرمگاہ میں ہو۔

۱۴۲- حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ ثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ يَهُودِيًّا قَالَ إِذَا نَكَحَ الرَّجُلُ امْرَأَةً مُجَبِّيَةً خَرَجَ وَلَدُهَا أَحْوَلَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نِسَاءُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ مُجَبِّيَةً وَإِنْ شِئْتُمْ غَيْرَ مُجَبِّيَةٍ إِذَا كَانَ ذٰلِكَ فِي صِمَامٍ وَاحِدٍ۔

حضرت محمد بن منکدر، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک یہودی نے کہا جب کوئی شخص اپنی بیوی کو اوندھا لٹا کر اس سے جماع کرے تو اس کا بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی "تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ" اگر چاہو تو اوندھا کر کے کر سکتے ہو اگر دوسری طرح چاہو تو اس طرح کر لو جب کہ یہ ایک ہی سوراخ (شرمگاہ) میں ہو۔

۱۴۳- حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ حَدَّثَهُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ الْيَهُودَ قَالُوا لِلْمُسْلِمِينَ مَنْ أَتَى امْرَأَتَهُ وَهِيَ مُدْبِرَةٌ جَاءَ وَلَدُهَا أَحْوَلَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نِسَاءُكُمْ

حضرت جابر بن عبداللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں یہودیوں نے مسلمانوں سے کہا جو شخص اپنی بیوی کے ساتھ دُبر کی طرف سے جائے اس کے ہاں بھینگا بچہ ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے آیت (مذکورہ بالا) نازل فرمائی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (جیسے چاہو یعنی) آگے کی طرف سے یا پیچھے کی طرف سے لیکن وہ

حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلَةً وَّمُدْبِرَةً مَا كَانَ فِي الْفَرْجِ فَفِيْ تَوْقِيْفِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاهُمْ فِيْ ذٰلِكَ عَلَى الْفَرْجِ إِعْلَامٌ مِّنْهُ إِيَّاهُمْ أَنَّ الدُّبُرَ بِخِلَافِ ذٰلِكَ وَقَدْ قِيْلَ فِيْ تَاوِيْلِ هٰذِهِ الْآيَةِ أَيْضًا غَيْرُ هٰذَا التَّاوِيْلِ۔

۱۴۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ قَالَ ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ عَنْ زَائِدَةَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ إِنْ شِئْتَ فَاعْزِلْ وَإِنْ شِئْتَ فَلَا تَعْزِلْ وَكَانَ مِنْ حُجَّةِ أَهْلِ الْمَقَالَةِ الْأُوْلٰى أَيْضًا لِقَوْلِهِمْ فِيْ ذٰلِكَ مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ مِنْ إِبَاحَةِ ذٰلِكَ كَمَا حَدَّثَنَا أَبُوْ قُرَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الرُّعَيْنِيِّ قَالَ ثَنَا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ وَأَبُوْ زَيْدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِي الْغَمْرِ قَالَا قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ وَحَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ قَالَ ثَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي الْحُبَابِ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنْهُ يَعْنِيْ وَطْيَ النِّسَاءِ فِيْ أَدْبَارِهِنَّ فَقَالَ لَا بَأْسَ بِهِ قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ قَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ كَمَا ذَكَرْتُمْ وَرُوِيَ عَنْهُ خِلَافُ ذٰلِكَ۔

۱۴۵۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ ح وَحَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَا ثَنَا اللَّيْثُ قَالَ ابْنُ وَهْبٍ فِيْ حَدِيْثِهِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَعْقُوْبَ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي الْحَارِثُ بْنُ يَعْقُوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ أَبِي الْحُبَابِ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ مَا تَقُوْلُ فِي الْجَوَارِيْ الْحُمْضِ بِهِنَّ قَالَ وَمَا التَّحْمِيْضُ فَذَكَرْتُ الدُّبُرَ فَقَالَ وَهَلْ يَفْعَلُ

جو شرمگاہ میں ہو تو جب حضور علیہ السلام نے انہیں شرمگاہ کے بارے میں بتایا تو یہ آپ کی طرف سے انہیں بتانا ہے کہ دُبر (کا حکم) اس کے خلاف ہے اس آیت کا دوسرا مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔

حضرت زائدہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عزل کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا تمہاری بیویاں تمہاری کھیتیاں ہیں اگر چاہو تو عزل کرو اور اگر چاہو تو عزل نہ کرو۔ پہلے قول والوں نے اپنے موقف پر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت سے بھی استدلال کیا جس سے اس کا جواز ثابت ہوتا ہے حضرت ابوالحباب سعید بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عورتوں کے ساتھ غیر فطری فعل کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا کوئی حرج نہیں۔ حضرت امام ابوجعفر طحاوی فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس طرح بھی مروی ہے جو کچھ تم نے ذکر کیا لیکن اس کے خلاف بھی مروی ہے۔

حضرت ابوالحباب سعید بن یسار فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ آپ لونڈیوں سے تحمیض کے بارے میں کیا کہتے ہیں انہوں نے فرمایا تحمیض کیا ہوتا ہے؟ فرماتے ہیں میں نے دُبر کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کیا کوئی مسلمان ایسا بھی کرتا ہے تو یہ حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت کے خلاف ہے جسے پہلے قول والوں نے ان سے

ذلك احد من المسلمين فقد ضاد هذا عن ابن عمر رضي الله عنهما ما قد رووه عنه اهل المقالة الاولى مما قد ذكرنا في ذلك والدليل على صحة هذا انكار سالم بن عبد الله ان يكون ذلك كان منه

۱۴۶ - **حدثنا** ابن ابي داود قال ثنا ابن ابي مريم قال اخبرنا عطاف بن خالد عن موسى بن عبد الله بن الحسن ان اباه سال سالم بن عبد الله ان يحدثه بحديث نافع عن ابن عمر رضي الله عنهما انه كان لا يرى باسا باتيان النساء في ادبارهن فقال سالم كذب العبد او اخطا انما قال لا باس ان يؤتين في فروجهن من ادبارهن ولقد قال ميمون بن مهران ان نافعا انما قال ذلك بعد ما كبر وذهب عقله حدثنا بذلك فهد قال ثنا علي بن معبد قال ثنا عبيد الله عن ميمون بن مهران فقد يضعف ما هو اكثر من هذا باقل من قول ميمون ولقد انكره نافع ابتداء على من رواه عنه ايضا

۱۴۷ - **حدثنا** يزيد بن سنان قال ثنا زكريا بن يحيى كاتب العمري قال ثنا المفضل بن فضالة عن عبد الله بن عياش عن كعب بن علقمة عن ابي النضر انه اخبره انه قال لنافع مولى عبد الله بن عمر انه قد اكثر عليك القول انك تقول عن ابن عمر انه افتى ان تؤتى النساء في ادبارهن قال نافع كذبوا علي ولكن ساخبرك كيف الامر ان ابن عمر عرض المصحف يوما وانا عنده حتى بلغ نساؤكم حرث لكم فاتوا حرثكم انى شئتم فقال يا نافع هل تعلم من امر هذه الآية قلت

نقل کیا۔ اس حدیث کی صحت پر دلیل حضرت سالم بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کا اس بات سے انکار کرنا ہے کہ وہ حدیث ان کے والد سے مروی ہے۔

حضرت موسیٰ بن عبد اللہ بن سالم رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ ان کے والد نے حضرت سالم بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے کہا کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی وہ حدیث بیان کریں جو حضرت نافع نے ان سے روایت کی ہے کہ وہ عورتوں سے غیر فطری فعل میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے حضرت سالم نے فرمایا غلام (حضرت نافع) نے جھوٹ کہا یا اس سے غلطی ہوئی انہوں نے تو یہ فرمایا تھا کہ ان (عورتوں) سے دُبر کی طرف سے شرمگاہ میں جماع کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

حضرت میمون بن مہران فرماتے ہیں حضرت نافع نے یہ بات اس وقت فرمائی جب وہ بوڑھے ہو گئے اور انکی عقل جاتی رہی یہ بات ہم (امام طحاوی رحمہ اللہ) سے حضرت فہد نے بیان کی وہ فرماتے ہیں ہم سے علی بن معبد نے عبید اللہ اور ان سے حضرت میمون بن مہران نے بیان کیا اور میمون بن مہران کے تھوڑے سے قول کے ساتھ اس حدیث کا اکثر حصہ ضعیف ہو جائے گا اور حضرت نافع نے تو شروع سے ہی ان لوگوں کا رد کیا جنہوں نے ان سے یہ حدیث روایت کی ہے۔

حضرت کعب بن علقمہ، حضرت ابو النضر سے روایت کرتے ہیں انہوں نے ان کو بتایا کہ انہوں نے (ابو النضر نے) حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے (آزاد کردہ) غلام حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ کے بارے میں اکثر کہا جاتا ہے کہ آپ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں فرماتے ہیں کہ انہوں نے عورتوں سے غیر فطری فعل کا فتویٰ دیا ہے حضرت نافع نے فرمایا کہ ان لوگوں نے مجھ پر جھوٹ باندھا ہے میں عنقریب آپ کو بتاؤں گا کہ معاملہ کیا تھا۔ ایک دن حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے قرآن مجید کھولا جب وہ اس آیت پر پہنچے (ترجمہ) "تمہاری بیویاں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ" انہوں نے فرمایا اے نافع کیا تمہیں اس آیت کا معاملہ (یعنی شان نزول) معلوم ہے؟ میں نے

لا قال انا كنا معشر قريش نجبي النساء فلما دخلنا المدينة ونكحنا نساء الانصار اردنا منهن مثل ما كنا نريد فاذا هن قد كرهن ذلك و اعظمنه وكانت نساء الانصار قد اخذن بحال اليهود انما يؤتين على جنوبهن فانزل الله عز وجل نساؤكم حرث لكم فأتوا حرثكم انى شئتم.

ففي هذا الحديث انكار نافع لما قد روى عنه عن ابن عمر من اباحة وطى النساء في ادبارهن واخبار منه عن ابن عمر ان تاويل قوله نساؤكم حرث لكم فأتوا حرثكم انى شئتم ليس على ما تاوله اهل المقالة الاولى ولكن على اباحة وطى النساء بارك كات في فروجهن وقد روى عن ام سلمة ايضا نحو من ذلك.

۱۴۸ - **حدثنا** فهد قال ثنا موسى بن اسمعيل ابو سلمة التبوذكي قال ثنا وهيب قال ثنا عبد الله بن عثمان بن خثيم عن عبد الرحمن بن سابط قال اتيت حفصة بنت عبد الرحمن فقلت لها انى اريد ان اسألك عن شىء وانا استحيى منك فقالت سل يا ابن اخى عن ما بدا لك قلت عن اتيان النساء في ادبارهن قالت حدثتني ام سلمة ان الانصار كانوا لا يجبون وكان المهاجرون يجبون وكانت اليهود تقول من جبى خرج ولده احول فلما قدم المهاجرون المدينة نكحوا نساء الانصار فنكح رجل من المهاجرين امرأة من الانصار فجباها فابت واتت ام سلمة فذكرت لها ذلك فلما دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم ذكرت ذلك

عرض کیا نہیں، انہوں نے فرمایا ہم قریش لوگ (جماع کے وقت) عورتوں کو اوندھا کر دیتے تھے جب ہم مدینہ طیبہ پہنچے اور انصار کی عورتوں سے نکاح کیا تو ہم نے اس بات کا ارادہ کیا جس کا قصد کیا کرتے تھے تو انہوں نے اسے ناپسند کیا اور اسے بہت بڑی بات خیال کیا انصار کی عورتوں نے یہودیوں کا طریقہ اختیار کیا اور ان سے پہلو کے بل (لٹا کر) جماع کیا جاتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی "نساء کم حرث لکم" (آخر تک)

تو اس حدیث کے مطابق حضرت نافع نے اس بات کا انکار کیا ہے جو ان کے واسطے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ عورتوں سے غیر فطری فعل جائز ہے اور انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس بات کی خبر دی ہے کہ آیت مذکورہ بالا کا مطلب وہ نہیں جو پہلے قول والوں نے بیان کیا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کو گھٹنوں کے بل بٹھا کر شرمگاہ میں وطی کرنا جائز ہے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

حضرت عبد الرحمٰن بن سابط فرماتے ہیں میں حضرت حفصہ بنت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور ان سے عرض کیا کہ میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں لیکن مجھے آپ سے شرم آتی ہے انہوں نے فرمایا بھتیجے جو کچھ پوچھنا چاہتے ہو پوچھو، میں نے کہا عورتوں سے دبر میں وطی کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں انہوں نے فرمایا "حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے بیان کیا کہ انصار عورتوں کو اوندھا لٹا کر وطی نہیں کرتے تھے جب کہ مہاجرین انہیں اوندھا لٹا کر وطی کرتے تھے اور یہودی کہتے تھے کہ جو شخص الٹا لٹا کر وطی کرے گا اس کا بچہ بھینگا پیدا ہوگا جب مہاجرین مدینہ طیبہ آئے اور انہوں نے انصاری عورتوں سے نکاح کیا تو ایک مہاجر نے انصاری عورت سے نکاح کیا انہوں نے اسے اُلٹا لٹا کر جماع کرنا چاہا تو اس نے انکار کر دیا وہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں ان سے یہ واقعہ بیان کیا جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے عرض کیا انصاری عورت حیا کی وجہ سے باہر چلی گئی نبی اکرم صلی اللہ

لَهُ اُمُّ سَلَمَةَ فَاسْتَحْيَتِ الْاَنْصَارِيَّةُ وَخَرَجَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ اُدْعِيْهَا فَدَعَتْهَا فَقَالَ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ صِمَامًا وَّاحِدًا۔

فَقَدْ اَخْبَرَتْ اُمُّ سَلَمَةَ بِتَاْوِيْلِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اَيْضًا بِتَوْقِيْفِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهَا بِقَوْلِهِ صِمَامًا وَّاحِدًا فَذٰلِكَ دَلِيْلٌ اَنَّ حُكْمَ ضِدِّ ذٰلِكَ الصِّمَامِ بِخِلَافِ حُكْمِ ذٰلِكَ الصِّمَامِ وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَمَا كَانَ لِقَوْلِهِ صِمَامًا وَّاحِدًا مَعْنًى۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ تَاْوِيْلِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ مَا يَرْجِعُ مَعْنَاهُ اِلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى اَيْضًا۔

۱۴۹۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْجِيْزِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ اَنَّ عَامِرَ بْنَ يَحْيَى الْمَعَافِرِيَّ حَدَّثَهٗ اَنَّ حَنَشَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّيْبَانِيَّ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ اَنَّ نَاسًا مِّنْ حِمْيَرَ اَتَوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَسْاَلُوْنَهٗ عَنِ النِّسَآءِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيْتِهَا مُقْبِلَةً وَّمُدْبِرَةً اِذَا كَانَ ذٰلِكَ فِي الْفَرْجِ۔

ثُمَّ جَآءَتِ الْاٰثَارُ مُتَوَاتِرَةً بِالنَّهْيِ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَآءِ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ۔

۱۵۰۔ فَمِنْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ ابْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا

——— علیہ وسلم نے فرمایا اسے بلاؤ ام المومنین نے اسے بلایا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "نساء کم حرث لکم" (آخر تک) تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ لیکن ایک ہی سوراخ سے آؤ۔

تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس آیت کے معنی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بتانے سے کہ ایک ہی سوراخ میں ہو، خبر دی تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس ایک سوراخ (شرمگاہ) کے (دُبر) کا حکم اس کے حکم کے خلاف ہے اور اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ کے ارشاد گرامی "ایک سوراخ" کا کوئی مطلب نہ ہوتا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی اس آیت کا معنیٰ مروی ہے جو اسی مفہوم کی طرف لوٹتا ہے۔

حضرت حنش بن عبد اللہ شیبانی فرماتے ہیں انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سُنا کہ حمیر کے کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عورتوں کے بارے میں پوچھنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے آیت "نساء کم حرث لکم" (آخر تک) نازل فرمائی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس طرح بھی ہو آگے کی طرف سے یا پیچھے کی طرف سے جب کہ شرمگاہ میں ہو۔

پھر متواتر روایات آئی ہیں جن میں عورتوں کے ساتھ غیر فطری فعل سے منع کیا گیا۔

ان میں سے حضرت یونس کی روایت ہے۔ حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ حق بات (کے بیان) سے حیا نہیں فرماتا عورتوں

يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِيْ أَدْبَارِهِنَّ.

۱۵۱ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِيْ عُمَرُ مَوْلَى غُفْرَةَ بِنْتِ رِبَاحٍ أُخْتِ بِلَالٍ مُؤَذِّنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَلَّمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرَمِيٍّ الْخَطْمِيِّ عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

۱۵۲ - حَدَّثَنَا رَوْحٌ قَالَ ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ ثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ كُنْتُ مَعَ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا أَبَا حَمْزَةَ مَا تَرَى إِتْيَانِ النِّسَاءِ فِيْ أَدْبَارِهِنَّ فَأَعْرَضَ أَوْ سَكَتَ فَقَالَ هٰذَا شَيْخُ قُرَيْشٍ فَسَلْهُ يَعْنِيْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَلِيِّ ابْنِ السَّائِبِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ قَذَرًا وَلَوْ كَانَ حَلَالًا قَالَ خَرَمِيٌّ وَلَمْ يَكُنْ سَمِعَ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا قَالَ ثُمَّ أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ أَنَّهُ لَقِيَ عَمْرَو بْنَ أَبِيْ أُحَيْحَةَ بْنِ الْجَلَّاحِ فَسَأَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ الَّذِيْ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهُ شَهَادَةَ رَجُلَيْنِ يَقُوْلُ أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ آتِيْ امْرَأَتِيْ مِنْ دُبُرِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا قَالَ ثُمَّ فَطِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ فِيْ أَيِّ الْخُرْطَتَيْنِ أَوْ فِيْ أَيِّ الْخُرْزَتَيْنِ إِمَّا مِنْ دُبُرِهَا فِيْ قُبُلِهَا فَنَعَمْ وَأَمَّا فِيْ دُبُرِهَا

کے ساتھ ان کے دبروں میں جماع نہ کرو۔

حضرت عبد اللہ بن حرمی خطمی، حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت محمد بن علی فرماتے ہیں میں حضرت محمد بن کعب قرظی کے پاس تھا کہ ایک شخص نے ان سے پوچھا اے ابوحمزہ! عورتوں کے ساتھ دبر میں جماع کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے تو انہوں نے منہ پھیر لیا یا خاموش ہو گئے پھر حضرت عبد اللہ بن علی بن سائب کی طرف اشارہ کر کے فرمایا یہ قریش کے بزرگ ہیں ان سے پوچھو۔ حضرت عبد اللہ نے فرمایا اے اللہ! یہ حلال بھی ہوتا تب بھی ناپاکی ہے خرمی کہتے ہیں انہوں نے اس سلسلے میں کچھ بھی نہیں سنا تھا فرماتے ہیں پھر حضرت عبد اللہ بن علی نے مجھے بتایا کہ انہوں نے حضرت عمرو بن ابواحیحہ بن جلاح سے ملاقات کی تو ان سے اس بارے میں پوچھا انہوں نے فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے سنا اور ان کی شہادت کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آدمیوں کی گواہی کے برابر قرار دیا ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں عورت کے پاس دبر کی طرف سے جا سکتا ہوں آپ نے دو یا تین مرتبہ فرمایا "ہاں" وہ فرماتے ہیں پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سمجھ گئے ارشاد فرمایا دو سوراخوں میں سے کس کی بات کرتے ہو۔ دبر کی طرف سے شرمگاہ میں جماع مراد ہے تو ٹھیک ہے کر سکتے ہو اور اگر دبر میں جماع

فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی نَهٰكُمْ اَنْ تَاْتُوا النِّسَآءَ فِیْ اَدْبَارِهِنَّ۔

مراد ہے تو اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے ساتھ دبر میں (جماع سے) منع فرمایا ہے[1]۔

۱۵۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْجَارُوْدِ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عُفَیْرٍ قَالَ ثَنِیْ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَیْنِ الْاَنْصَارِیُّ ثُمَّ الْوَائِلِیُّ عَنْ حَرَمِیِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَائِلِیِّ عَنْ خُزَیْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِیْ اَدْبَارِهِنَّ۔

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا عورتوں سے غیر فطری فعل نہ کرو۔

۱۵۴۔ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ اِدْرِیْسَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئُ قَالَ ثَنَا حَیْوَةُ بْنُ لَهِیْعَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا حُسَیْنٌ مَوْلٰی مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ حَرَمِیِّ ابْنِ عَلِیٍّ الْخَطْمِیِّ عَنْ خُزَیْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت حرمی بن علی خطمی، حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۵۵۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت صالح بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں ہم سے حضرت عبدالرحمٰن نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۵۶۔ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْجِیْزِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا حَیْوَةُ قَالَ اَخْبَرَنَا حَسَّانُ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابوزرعہ فرماتے ہیں ہمیں حضرت حیوہ نے خبر دی وہ فرماتے ہیں ہمیں حضرت حسان نے بتایا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۵۷۔ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْجِیْزِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ قَالَ اَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ حَسَّانٍ مَوْلٰی سَهْلِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ عَنْ سَعِیْدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت سہل بن عبدالعزیز کے (آزاد کردہ) غلام حضرت حسان، حضرت سعید سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۵۸۔ حَدَّثَنَا سُلَیْمٰنُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِیْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هِیَ اللُّوْطِیَّةُ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا یہ چھوٹی لواطت ہے یعنی عورتوں سے دبر میں

[1] چونکہ یہاں عورتوں کی بات ہو رہی ہے اس لیے ان کا ذکر فرمایا ورنہ مرد و عورت دونوں سے حرام ہے۔ ۱۲ ہزاروی

الصُّغْرٰی یَعْنِیْ وَطْیَ النِّسَآءِ فِیْ اَدْبَارِھِنَّ۔

وطی کرنا۔

۱۵۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا مُعَلَّی بْنُ اَسَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ سُھَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُخَلَّدٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِیْ اَدْبَارِھِنَّ۔

حضرت حارث بن مخلد، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں سے ان کے دُبروں میں جماع نہ کرو۔

۱۶۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا مُعَلَّی بْنُ اَسَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ سُھَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنِ الْحَارِثِ ابْنِ مَخْلَدٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَنْظُرُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰی رَجُلٍ وَطِئَ اِمْرَاَۃً فِیْ دُبُرِھَا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں فرماتا جو کسی عورت سے غیر فطری عمل کرتا ہے۔

۱۶۱۔ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْجِیْزِیُّ قَالَ اَنَا اَبُوْ زُرْعَۃَ قَالَ اَنَا حَیْوَۃُ بْنُ شُرَیْحٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یَزِیْدُ بْنُ الْھَادِ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ غَیْرَ اَنَّہٗ قَالَ اِمْرَاَتَہٗ۔

حیوۃ بن شریح فرماتے ہیں مجھے حضرت یزید بن ہاد نے خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا جو اپنی بیوی سے (غیر فطری عمل کرتا ہے)

۱۶۲۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ الْھَادِ عَنْ سُھَیْلٍ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ

حضرت ابن الہاد، حضرت سہیل سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۶۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاؤدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ سُھَیْلٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَخْلَدٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَتٰی حَائِضًا اَوِ امْرَاَۃً فِیْ دُبُرِھَا اَوْ کَاھِنًا فَقَدْ کَفَرَ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص حائضہ عورت سے یا کسی عورت سے دبر میں جماع کرے یا کاہن کے پاس جائے اس نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہونے والی چیز (دین اسلام یا قرآن) کا انکار کیا[1]

۱۶۴۔ حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَکِیْمٍ الْاَثْرَمِ عَنْ اَبِیْ

حضرت ابو تیمیہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ

[1] کاہن نجومی کو کہتے ہیں جو غیب کی خبریں بتانے کا دعویٰ کرتے تھے اور جھوٹ بولتے تھے۔ ۱۲ ہزاروی

تَمِیْمَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَتٰی حَائِضًا اَوِ امْرَاَۃً فِیْ دُبُرِھَا اَوْ کَاھِنًا فَقَدْ کَفَرَ بِمَآ اُنْزِلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ۔

نے فرمایا جو شخص حائضہ عورت سے جماع کرے یا کسی عورت سے غیر فطری فعل کرے یا کاھن کے پاس جاتا ہے اس نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اُترنے والے دین کا انکار کیا۔

۱۶۵ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ یُوْسُفَ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ سُھَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیِیْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِیْ مَحَاشِّھِنَّ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ حق بیان کرنے سے حیا نہیں فرماتا (یعنی رُکتا نہیں) عورتوں کے پاس ان کے دُبروں میں نہ جاؤ۔

۱۶۶ - حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ سُھَیْلِ ابْنِ اَبِیْ صَالِحٍ وَعُمَرَ مَوْلٰی عَفْرَۃَ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیِیْ مِنَ الْحَقِّ لَا یَحِلُّ اِتْیَانُ النِّسَآءِ فِیْ حُشُوْشِھِنَّ۔

حضرت محمد بن منکدر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ بیان حق سے حیا نہیں فرماتا عورتوں کے پاس ان کے دُبروں میں نہ جاؤ۔

۱۶۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ یُوْنُسَ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ عَنْ عَاصِمِ الْاَحْوَلِ عَنْ عِیْسٰی بْنِ حِطَّانٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ عَلِیِّ بْنِ طَلْقٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیِیْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِیْ اَعْجَازِھِنَّ۔

حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ حق بات بیان کرنے سے حیا نہیں فرماتا عورتوں کے پاس ان کی پچھلی طرف نہ جاؤ۔

۱۶۸ - حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَیَّۃَ قَالَ ثَنَا الْمُعَلّٰی ابْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ عَاصِمِ الْاَحْوَلِ۔ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَیَّۃَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ زَکَرِیَّا عَنْ عَاصِمِ الْاَحْوَلِ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت اسماعیل بن زکریا نے حضرت عاصم احول سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اسکی مثل ذکر کیا۔

وَقَدِ احْتَجَّ اَھْلُ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی اَیْضًا لِقَوْلِھِمْ

پہلے قول والوں نے اپنے موقف پر اس طرح بھی استدلال کیا ہے۔

۱۶۹ - بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا

حضرت محمد بن کعب قرظی سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ

ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ الْمُهَاجِرِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ اَنَّهُ كَانَ لَا يَرٰى بَاْسًا بِاِتْيَانِ النِّسَآءِ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ وَيَحْتَجُّ فِيْ ذٰلِكَ بِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ اَيْ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ مِثْلَ ذٰلِكَ اِنْ كُنْتُمْ تَشْتَهُوْنَ۔

وہ عورتوں کے پاس پچھلی طرف جانے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ اور وہ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی سے استدلال کرتے ہیں "کیا تم دنیا والوں کے مردوں کے پاس جاتے ہو اور جو عورتیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے پیدا کی ہیں انہیں چھوڑتے ہو بلکہ تم حد سے بڑھنے والی قوم ہو" یعنی اگر تمہیں خواہش ہے تو تمہاری عورتوں کے پاس بھی اس کی مثل ہے۔

قِيْلَ لَهُمْ وَمَنْ يُوَافِقُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ عَلٰى هٰذَا التَّاْوِيْلِ قَدْ قَالَ مُخَالِفُوْهُ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ مِمَّا قَدْ اَحَلَّ لَكُمْ مِنْ جِمَاعِهِنَّ فِيْ فُرُوْجِهِنَّ وَهٰذَا التَّاْوِيْلُ عِنْدَنَا اَوْلٰى مِنَ التَّاْوِيْلِ الْاَوَّلِ لِمُوَافَقَتِهٖ لِمَا جَآءَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا قَدْ ذَكَرْنَا وَلَئِنْ وَجَبَ اَنْ نُقَلِّدَ فِيْ هٰذَا الْقَوْلِ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ فَاِنَّ تَقْلِيْدَ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَوْلٰى۔

ان حضرات کو اور ان لوگوں کو جو (اس آیت کا) یہ مفہوم لینے میں محمد بن کعب بن علی کی موافقت کرتے ہیں، کہا جائے گا کہ ان کے مخالفین نے اس کا معنیٰ یوں بیان کیا ہے کہ تم اس چیز کو چھوڑتے ہو جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے پیدا کی یعنی تمہاری عورتوں سے شرمگاہوں میں جماع جائز قرار دیا۔ اور ہمارے نزدیک یہ تاویل، پہلی تاویل سے زیادہ بہتر ہے کیونکہ یہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مذکورہ بالا روایات کے موافق ہے اور اگر اس قول میں محمد بن کعب کی تقلید ضروری ہے تو حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کی تقلید اس سے اولیٰ ہے۔

۱۷۰- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ كَانَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبُوْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَكْثَرُ ظَنِّيْ اَنَّهُ اَبُوْ بَكْرٍ يَنْهَيَانِ اَنْ تُؤْتَى الْمَرْاَةُ فِيْ دُبُرِهَا اَشَدَّ النَّهْيِ وَكَيْفَ وَقَدْ قَالَ بِذٰلِكَ مَنْ هُوَ اَجَلُّ مِنْهُمَا۔

حضرت ابن شہاب زہری رحمہ اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت سعید بن مسیب اور ابو بکر بن عبد الرحمٰن (ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن اور میرا (امام طحاوی کا) زیادہ خیال یہ ہے کہ وہ ابو بکر بن عبد الرحمٰن ہیں، عورتوں کے ساتھ دبر میں جماع کرنے کو بہت منع کرتے تھے اور کس طرح منع نہ کرتے جب کہ ان دونوں سے زیادہ جلیل القدر شخصیت نے یہ بات فرمائی ہے۔

۱۷۱- حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ اَبِي الْقَعْقَاعِ الْجَرْمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَحَاشُّ النِّسَآءِ حَرَامٌ۔

حضرت ابو القعقاع جرمی، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا عورتوں سے غیر فطری فعل حرام ہے۔

۱۷۲- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا

حضرت ایوب، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ ثَنِيْ ابْنُ أَبِي عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوْبَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ فِي الَّذِي يَأْتِي امْرَأَتَهُ فِي دُبُرِهَا فَقَالَ اللُّوْطِيَةُ الصُّغْرٰى۔

سے روایت کرتے ہیں انہوں نے عورت کے ساتھ دُبر میں جماع کرنے والے کو چھوٹی لواطت کا مرتکب قرار دیا۔

وَمَا فِي هٰذَا الْبَابِ عَنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُمْ وَتَابِعِيْهِمْ فِي مُوَافَقَةِ هٰذَا الْمَعْنٰى إِلٰى هُنَا فَأَكْثَرُ مِنْ أَنْ يُّسْتَقْصٰى وَلٰكِنَّا حَذَفْنَا ذٰلِكَ مِنْ كِتَابِنَا لِكَثْرَتِهٖ وَطُوْلِهٖ۔

اس سلسلے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین عظام رحمہم اللہ سے اس مفہوم کی موافقت میں جو کچھ مروی ہے وہ شمار سے باہر ہے اس سے ہم نے اس کی کثرت وطوالت کے باعث اسے اپنی کتاب سے حذف کر دیا۔

فَلَمَّا تَوَاتَرَتْ هٰذِهِ الْآثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ عَنْ وَطْيِ الْمَرْأَةِ فِي دُبُرِهَا ثُمَّ جَاءَ عَنْ أَصْحَابِهٖ وَعَنْ تَابِعِيْهِمْ مَا يُوَافِقُ ذٰلِكَ وَجَبَ الْقَوْلُ بِهٖ وَتَرْكُ مَا يُخَالِفُهُ وَهٰذَا أَيْضًا قَوْلُ أَبِي حَنِيْفَةَ وَأَبِي يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ وَاللهُ أَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

توجب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عورت کے ساتھ غیر فطری عمل کی ممانعت میں روایات تواتر کے ساتھ مروی ہیں پھر اس کی موافقت میں صحابہ کرام اور تابعین کے اقوال بھی آئے تو اس بات کو اپنانا اور اس کے خلاف کو چھوڑنا واجب ہے امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے۔

بَابُ ۱۸۱ وَطْيِ الْحُبَالٰى

حاملہ عورتوں سے وطی کرنا

۱۷۳۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي غَنِيَّةَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ سِرًّا فَإِنَّ قَتْلَ الْغَيْلِ يُدْرِكُ الْفَارِسَ الْبَطَلَ فَيُدَعْثِرُهٗ عَنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ۔

حضرت اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اپنی اولاد کو پوشیدہ طور پر (غیر شعوری طور پر) قتل نہ کرو بے شک حالت حمل میں جماع کا قتل بہادر نوجوان کو گھوڑے کی پیٹھ سے گرا دیتا ہے۔[1]

۱۷۴۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ ابْنِ السَّكَنِ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ

ایک دوسری طریق سے بھی حضرت اسماء سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں آپ نے فرمایا اپنی اولاد کو غیر شعوری طور پر قتل نہ کرو کیونکہ حالتِ حمل میں جماع کا

---

[1] مطلب یہ ہے کہ حمل کی حالت میں جماع کرنے سے بچہ کمزور ہو جاتا ہے گویا اسے غیر شعوری طور پر ہلاک کیا جا رہا ہے۔ ۱۲۔ ہزاروی

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ سِرًّا فَاِنَّ قَتْلَ الْغَیْلِ یُدْرِكُ الْفَارِسَ عَلٰی ظَهْرِ فَرَسِهٖ فَیُدَعْثِرُهٗ۔

قتل نوجوان کو گھوڑے کی پیٹھ پر نایا ہے تو اسے گرا دیتا ہے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی هٰذَا فَكَرِهُوْا وَطْیَ الرَّجُلِ امْرَاَتَهٗ اَوْ جَارِیَتَهٗ اِذَا كَانَتْ حُبْلٰی وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے وہ اس بات کو مکروہ سمجھتے ہیں کہ کوئی شخص اپنی حاملہ بیوی یا لونڈی سے جماع کرے انہوں نے اس (مندرجہ بالا) حدیث سے

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا بَاْسَ بِذٰلِكَ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

۱۷۵۔ **وَاحْتَجُّوْا** فِیْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ ثَنَا یَحْیَی ابْنُ اَیُّوْبَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَیَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُو النَّضْرِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ اَخْبَرَ وَالِدَهٗ سَعْدَ ابْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا جَآءَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ اَعْزِلُ عَنِ امْرَاَتِیْ قَالَ لِمَ قَالَ شَفَقًا عَلَی الْوَلَدِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَ كَذٰلِكَ فَلَا مَا كَانَ لِیَضُرَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے ان کے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ ایک شخص، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا میں اپنی بیوی سے عزل کرتا ہوں آپ نے فرمایا کیوں؟ اس نے کہا (پیٹ میں موجود) بچے کے بارے میں ڈرتے ہوئے آپ نے فرمایا اگر یہ بات ہے تو عزل نہ کرو۔ وہ ایرانیوں اور رومیوں کو نقصان نہیں دیتا۔ (یعنی وہ حاملہ عورت سے جماع کرتے ہیں لیکن بچے کو نقصان نہیں پہنچتا)۔

فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اِبَاحَةُ وَطْیِ الْحُبَالٰی وَاِخْبَارٌ مِّنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ ذٰلِكَ اِذَا كَانَ لَا یَضُرُّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ فَاِنَّهٗ لَا یَضُرُّ غَیْرَهُمْ فَخَالَفَ هٰذَا الْحَدِیْثُ حَدِیْثَ اَسْمَآءَ۔

تو اس حدیث سے حاملہ عورت کے ساتھ وطی کا جواز ثابت ہوتا ہے اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ جب یہ عمل رومیوں اور ایرانیوں کو نقصان نہیں پہنچاتا تو ان کے علاوہ کو بھی نقصان نہیں پہنچاتا تو یہ حدیث حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی روایت کے خلاف ہے۔

۱۷۶۔ **فَاَرَدْنَا** اَنْ نَّنْظُرَ اَیُّهُمَا النَّاسِخُ لِلْاٰخَرِ فَنَظَرْنَا فِیْ ذٰلِكَ۔

تو ہم نے ارادہ کیا کہ دیکھیں ان میں سے کونسی حدیث دوسری کے لیے ناسخ ہے چنانچہ ہم نے اس میں غور کیا تو یوں پایا کہ ابن وہب، ابومسہر اور ابراہیم بن وزیر سے الگ الگ سندوں سے مروی ہے وہ تینوں حضرت مالک بن انس سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت محمد بن

۱۷۶۔ **فَوَجَدْنَا** یُوْنُسَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ۔

۱۷۷۔ **وَوَجَدْنَا** مُحَمَّدَ بْنَ خُزَیْمَةَ قَدْ

حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُسْهِرٍ قَالَ ثَنَا مَالِكُ ابْنُ اَنَسٍ.

عبدالرحمٰن بن نوفل سے وہ

۱۷۸ - ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي الْوَزِيْرِ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰى عَنِ الْغِيْلَةِ حَتّٰى ذُكِرْتُ اَنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ يَصْنَعُوْنَ ذٰلِكَ فَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ.

حضرت عروہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ جدامہ بنت وھب رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے ارادہ کیا کہ حالتِ حمل سے منع کروں حتی کہ میرے سامنے ذکر کیا گیا کہ ایرانی اور رومی ایسا کرتے ہیں لیکن ان کی اولاد کو نقصان نہیں ہوتا۔

۱۷۹ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ ثَنِيْ اَبُو الْاَسْوَدِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ قَالَ ثَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ الْاَسَدِيَّةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ هَمَّ اَنْ يَنْهٰى عَنِ الْغِيَلِ قَالَ فَنَظَرْتُ فَاِذَا فَارِسُ وَالرُّوْمُ يُغِيْلُوْنَ فَلَا يَضُرُّ ذٰلِكَ اَوْلَادَهُمْ.

حضرت عروہ بن زبیر، ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت جدامہ بنت وھب اسدیہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے حالتِ حمل میں جماع کرنے سے منع فرمانے کا ارادہ کیا آپ فرماتے ہیں پھر میں نے غور کیا تو ایرانی اور رومی حالتِ حمل میں جماع کرتے ہیں لیکن ان کی اولاد کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

۱۸۰ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْنُسَ وَصَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا الْمُقْرِئُ يَعْنِيْ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ حَدَّثَتْنِيْ جُدَامَةُ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ.

حضرت ابوالاسود، حضرت عروہ سے وہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے حضرت جدامہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۸۱ - حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْجِيْزِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ سَمِعَ عُرْوَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا عَنْ جُدَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ.

ایک دوسری سند سے بھی حضرت عائشہ، حضرت جدامہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

تو اس حدیث میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَمَّ بِالنَّهْيِ عَنْ ذٰلِكَ حَتّٰى بَلَغَهٗ اَوْ حَتّٰى ذُكِرَ اَنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ يَفْعَلُوْنَهٗ فَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ۔

فَفِيْ ذٰلِكَ اِبَاحَةُ مَا قَدْ حَظَرَهُ الْحَدِيْثُ الْاَوَّلُ وَاحْتَمَلَ اَنْ يَكُوْنَ اَحَدُ الْاَمْرَيْنِ نَاسِخًا لِلْاٰخِرِ۔

۱۸۲۔ **فَنَظَرْنَا** فِيْ ذٰلِكَ فَاِذَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهٰى عَنِ الْاِغْتِيَالِ ثُمَّ قَالَ لَوْ ضَرَّ اَحَدًا لَضَرَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ۔

فَثَبَتَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ الْاِبَاحَةُ بَعْدَ النَّهْيِ فَهٰذَا اَوْلٰى مِنْ غَيْرِهٖ وَجَاءَ نَهْيُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ اَنَّهٗ كَانَ مِنْ جِهَةِ خَوْفِهِ الضَّرَرَ وَمِنْ اَجْلِهٖ ثُمَّ اِبَاحَةٌ لَمَّا تَحَقَّقَ عِنْدَهٗ اَنَّهٗ لَا يَضُرُّ وَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ مَنَعَ مِنْهُ فِيْ وَقْتِ مَا مَنَعَ مِنْهُ مِنْ طَرِيْقِ الْوَحْيِ وَلَا مِنْ طَرِيْقِ مَا يَحِلُّ وَيَحْرُمُ وَلٰكِنَّهٗ عَلٰى طَرِيْقِ مَا وَقَعَ فِيْ قَلْبِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْهُ شَيْءٌ فَاَمَرَ بِهٖ عَلَى الشَّفَقَةِ مِنْهُ عَلٰى اُمَّتِهٖ لَا غَيْرَ ذٰلِكَ كَمَا قَدْ كَانَ اَمَرَ فِيْ تَرْكِ تَابِيْرِ النَّخْلِ۔

۱۸۳۔ **فَاِنَّهٗ قَدْ** حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا اِسْرَائِيْلُ قَالَ ثَنَا سِمَاكٌ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ مَرَرْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَخْلِ الْمَدِيْنَةِ فَاِذَا اُنَاسٌ فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ يُلْقِحُوْنَ النَّخْلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَصْنَعُ هٰؤُلَاءِ

نے اس سے روکنے کا ارادہ فرمایا حتیٰ کہ آپ تک یہ بات پہنچی یا آپ کے سامنے ذکر کیا گیا کہ ایرانی اور رومی ایسا کرتے ہیں لیکن ان کی اولاد کو نقصان نہیں ہوتا۔

تو اس میں اس بات کا جواز ہے جس سے پہلی روایت میں منع فرمایا لہٰذا اس بات کا احتمال ہے کہ دو باتوں میں سے ایک دوسری کے لیے ناسخ ہے۔

پس ہم نے اس میں غور کیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حالت حمل میں جماع سے منع فرماتے تھے پھر فرمایا اگر یہ عمل کسی (بچے) کو نقصان پہنچاتا تو ایران اور روم والوں کو پہنچاتا۔

تو اس حدیث سے نہی کے بعد جواز ثابت ہوا لہٰذا یہ (حدیث) دوسری روایات سے اولیٰ ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عمل سے اس لیے منع فرمایا کہ اس کی وجہ سے (بچے کے کمزور رہ جانے کا) ڈر تھا پھر جب آپ کے نزدیک ثابت ہو گیا کہ اس سے نقصان نہیں ہوتا تو اسے جائز قرار دیا۔ اس بات کی دلیل یہ ہے کہ جب آپ نے اس سے روکا تھا تو وحی کے طریقے پر یا حرام وحلال کے طریقے پر نہیں روکا تھا بلکہ اس خیال کی بنیاد پر روکا جو آپ کے دل میں پیدا ہوا لہٰذا آپ نے اپنی امت پر اس کا خوف محسوس کرتے ہوئے (ایسا نہ کرنے کا) حکم فرمایا جیسا کہ آپ نے کھجور کی پیوند کاری چھوڑنے کا حکم دیا۔

حضرت موسیٰ بن طلحہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینہ طیبہ کے باغات سے گزرا تو دیکھا کہ کچھ لوگ کھجوروں کے اوپر پیوند کاری کر رہے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ لوگ کیا کر رہے ہیں عرض کیا گیا نر کو مادہ سے ملاتے ہیں آپ نے فرمایا میرے خیال میں یہ بات ان کو کچھ فائدہ نہ دے گی ان لوگوں

فَقِيلَ يَاخُذُونَ مِنَ الذَّكَرِ فَيَجْعَلُونَهُ فِي الْأُنْثَى فَقَالَ مَا أَظُنُّ ذٰلِكَ يُغْنِي شَيْئًا فَبَلَغَهُمْ فَتَرَكُوهُ وَنَزَعُوا عَنْهَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّمَا هُوَ ظَنٌّ ظَنَنْتُهُ إِنْ كَانَ يُغْنِي شَيْئًا فَلْيَصْنَعُوهُ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ وَإِنَّمَا هُوَ ظَنٌّ ظَنَنْتُهُ وَالظَّنُّ يُخْطِئُ وَيُصِيبُ وَلٰكِنْ مَا قُلْتُ لَكُمْ قَالَ اللهُ فَلَنْ أَكْذِبَ عَلَى اللهِ.

۱۸۴- حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ قَالَ ثَنَا سِمَاكٌ أَنَّهُ سَمِعَ مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

۱۸۵- حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ ثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ وَيَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَا ثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ أُمِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَ مِثْلَهُ.

۱۸۶- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ ثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ فَأَخْبَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّ مَا قَالَهُ مِنْ جِهَةِ الظَّنِّ فَهُوَ فِيهِ كَسَائِرِ النَّاسِ فِي ظُنُونِهِمْ وَأَنَّ الَّذِي يَقُولُهُ مِمَّا لَا يَكُونُ عَلَى خِلَافِ مَا يَقُولُهُ هُوَ مَا يَقُولُهُ عَنِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَلَمَّا كَانَ نَهْيُهُ عَنِ الْغِيلَةِ لِمَا كَانَ خَافَ مِنْهَا عَلَى أَوْلَادِ الْحَوَامِلِ ثُمَّ أَبَاحَهَا لِمَا عَلِمَ أَنَّهَا لَا تَضُرُّهُمْ دَلَّ ذٰلِكَ عَلَى أَنَّ مَا كَانَ نَهَى عَنْهُ لَمْ يَكُنْ مِنْ قِبَلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَنَّهُ لَوْ كَانَ مِنْ قِبَلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ لَكَانَ يَقِفُ بِهِ عَلَى حَقِيقَتِهِ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّهُ مِنْ

کو یہ بات پہنچی تو انہوں نے ایسا کرنا چھوڑ دیا اور اسے اتار لیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ بات پہنچی تو آپ نے فرمایا وہ تو میرا ایک خیال تھا اگر اس کا کچھ فائدہ ہے تو انہیں کرنا چاہیے میں بھی (بظاہر) تمہاری طرح ایک انسان ہوں میں نے ایک خیال کیا اور خیال غلط بھی ہوتا ہے اور ٹھیک بھی، لیکن میں نے یہ تو نہیں کہا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے میں ہرگز اللہ تعالیٰ پر جھوٹ نہیں بولوں گا۔

حضرت سماک فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت موسیٰ بن طلحہ سے سُنا وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اس کی مثل

حضرت سماک بن حرب، حضرت موسیٰ بن طلحہ سے وہ اپنی والدہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔

حضرت ابو عوانہ، حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل روایت کیا۔ تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں بتایا کہ آپ نے جو کچھ فرمایا وہ ایک گمان کے طور پر تھا اور اس سلسلے میں آپ کا حکم دوسرے لوگوں کے گمان کی طرح ہے اور آپ جو بات یوں فرماتے ہیں کہ اس کے خلاف نہیں ہوتا وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرماتے ہیں تو جب آپ کا حالتِ حمل میں جماع سے روکنا ان بچوں پر خوف کی وجہ سے تھا جو حاملہ عورتوں کے پیٹ میں ہیں، پھر جب آپ کو معلوم ہوا کہ اس سے نقصان نہیں ہوتا تو آپ نے اُسے جائز قرار دیا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ کا منع کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہ تھا اگر وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا تو آپ اس کی حقیقت سے واقف ہوتے بلکہ وہ آپ کا خیال تھا جس کے بارے میں بعد میں پتہ چلا کہ درحقیقت یہ ان امور میں سے نہیں جس

قِبَلِ ظَنِّهِ الَّذِي قَدْ وَقَفَ بَعْدَهُ عَلَى أَنَّ مَا فِي الْحَقِيقَةِ مِمَّا نَهَى عَنْهُ مِنْ ذٰلِكَ مِنْ أَجْلِهِ بِخِلَافِ مَا وَقَعَ فِي قَلْبِهِ مِنْ ذٰلِكَ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا أَنَّ وَطْيَ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ أَوْ أَمَتَهُ حَامِلًا حَلَالٌ لَمْ يَحْرُمْ عَلَيْهِ قَطُّ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ۔

کی بنا پر آپ نے روکا تھا اور آپ کے دل میں جو خیال ہوا ہو وہ حقیقت کے خلاف ہے تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ مرد کا عورت سے اس کی حالت حمل وطی کرنا جائز ہے اس کی بیوی ہو یا لونڈی، اور یہ بالکل حرام نہیں حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

بَابُ ۱۸۲ اِنْتِهَابِ مَا يُنْثَرُ عَلَى الْقَوْمِ مِمَّا يَفْعَلُهُ النَّاسُ فِي النِّكَاحِ

نکاح کے موقعہ پر جو کچھ نچھاور کیا جاتا ہے اسے لوٹنا

۱۸۷۔ حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنِ الصُّنَابِحِيِّ عَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ قَالَ بَايَعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَنْ لَا نَنْتَهِبَ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر بیعت کی کہ لوٹ مار نہیں کریں گے۔

۱۸۸۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ انْتَهَبَ فَلَيْسَ مِنَّا۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے لوٹ مار کی وہ ہم میں سے نہیں۔

۱۸۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ ثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ وَحُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ إِنَّمَا نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النُّهْبَةِ وَقَالَ مَنِ انْتَهَبَ فَلَيْسَ مِنَّا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوٹ مار سے منع فرمایا اور فرمایا جس نے لوٹ مار کی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

۱۹۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ مَوْلًى لِجُهَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخُلْسَةِ وَالنُّهْبَةِ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن زید بن خالد جہنی نے اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُچک لینے اور لوٹ مار کرنے سے منع فرمایا۔

۱۹۱۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو غَسَّانَ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں مجھے

قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ أَنْبَأَنِي ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَكَمِ أَخُو بَنِي لَيْثٍ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقُدُوْرٍ فِيْهَا لَحْمُ غَنَمٍ انْتَهَبُوْهُ فَأَمَرَ بِهَا فَأُكْفِئَتْ فَقَالَ إِنَّ النُّهْبَةَ لَا تَحِلُّ.

۱۹۲- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ ثَعْلَبَةَ ابْنِ الْحَكَمِ قَالَ أَصَابَ النَّاسُ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمًا فَانْتَهَبُوْهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْلُحُ النُّهْبَةُ ثُمَّ أَمَرَ بِالْقُدُوْرِ فَأُكْفِئَتْ.

۱۹۳- حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا إِسْرَائِيْلُ قَالَ ثَنَا سِمَاكٌ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

۱۹۴- حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ قَالَ ثَنَا أَبِي وَغَيْرُهُ عَنْ سِمَاكٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا نَثَرَ عَلَى قَوْمٍ شَيْئًا فَأَبَاحَهُمْ أَخْذَهُ أَنَّ أَخْذَهُ مَكْرُوْهٌ لَهُمْ وَحَرَامٌ عَلَيْهِمْ وَذَهَبُوْا فِي ذٰلِكَ إِلَى أَنَّهُ مِنَ النُّهْبَةِ الَّتِي نَهَى عَنْهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذِهِ الْآثَارِ.

وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا النُّهْبَةُ الَّتِي نَهَى عَنْهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذِهِ الْآثَارِ هِيَ نُهْبَةُ مَا لَمْ يُؤْذَنْ فِي انْتِهَابِهِ فَأَمَّا مَا نَثَرَهُ رَجُلٌ عَلَى قَوْمٍ وَأَبَاحَهُمْ انْتِهَابَهُ وَ

بنولیث کے بھائی ثعلبہ بن حکم نے بتایا کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ کچھ ایسی ہنڈیوں کے پاس سے گزرے جن میں لوٹ مار کی بکری کا گوشت تھا تو آپ کے حکم سے ان (ہنڈیوں) کو الٹ دیا گیا آپ نے فرمایا لوٹ مار جائز نہیں۔

حضرت ثعلبہ بن حکم فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ایک بکری ملی تو اسے لوٹ لیا نبی اکرم صلی اللہ نے فرمایا لوٹنا اچھا نہیں پھر آپ نے حکم فرمایا تو ہنڈیوں کو الٹ دیا گیا۔

حضرت اسرائیل فرماتے ہیں ہم سے حضرت سماک نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت یحیی بن ابوزائدہ فرماتے ہیں ہم سے میرے والد اور دوسرے حضرات نے حضرت سماک سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص لوگوں پر کچھ نچھاور کرے اور ان کے لیے اس کا لینا جائز قرار دے تب بھی ان کے لیے لینا مکروہ اور حرام ہے انہوں نے اس سلسلے میں یہ دلیل دی کہ سرکار دو عالم صلی اللہ نے ان (مندرجہ بالا) روایات میں جس لوٹ مار سے منع فرمایا یہ بھی اس میں شامل ہے

لیکن دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ ان روایات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس چیز کی لوٹ مار سے منع فرمایا اس سے مراد وہ لوٹ مار ہے جس کی اجازت نہ دی گئی ہو لیکن اگر کوئی شخص لوگوں پر کچھ نچھاور کرے اور ان کے لیے اس کا لینا

اَخَذَهُ فَلَيْسَ كَذٰلِكَ لِاَنَّهٗ مَاذُوْنٌ فِيْهِ وَالْاَوَّلُ مَمْنُوْعٌ مِّنْهُ۔

وَقَدْ وَجَدْنَا مِثْلَ ذٰلِكَ قَدْ اَبَاحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

۱۹۵- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ وَابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ ثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ لُحَيٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قُرْطٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الْاَيَّامِ اِلَى اللّٰهِ يَوْمُ النَّحْرِ ثُمَّ يَوْمُ عَرَفَةَ فَقُرِّبَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَدَنَاتٌ خَمْسًا اَوْ سِتًّا فَطَفِقْنَ يَزْدَلِفْنَ اِلَيْهِ بِاَيَّتِهِنَّ يَبْدَاُ فَلَمَّا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا قَالَ كَلِمَةً خَفِيْفَةً لَمْ اَفْهَمْهَا فَقُلْتُ لِلَّذِيْ كَانَ اِلٰى جَنْبِيْ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَالَ مَنْ شَاءَ اقْتَطَعَ۔

فَلَمَّا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَنْ شَاءَ اقْتَطَعَ وَاَبَاحَ ذٰلِكَ دَلَّ هٰذَا اَنَّ مَا اَبَاحَهٗ رَبُّهُ النَّاسَ مِنْ طَعَامٍ اَوْ غَيْرِهٖ فَلَهُمْ اَنْ يَّاْخُذُوْا مِنْ ذٰلِكَ وَهٰذَا خِلَافُ النُّهْبَةِ الَّتِيْ نَهٰى عَنْهَا فِي الْاٰثَارِ الْاُوَلِ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا اَنَّ النُّهْبَةَ الَّتِيْ فِي الْاٰثَارِ الْاُوَلِ هِيَ نُهْبَةٌ مَّا لَمْ يُؤْذَنْ فِيْهِ وَاَنَّ مَا اُبِيْحَ مِنْ ذٰلِكَ وَاُذِنَ فِيْهِ فَعَلٰى مَا فِيْ هٰذَا الْاَثَرِ الثَّانِيْ۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثٌ مُّنْقَطِعٌ قَدْ فَسَّرَ حُكْمَ النُّهْبَةِ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا وَالنُّهْبَةِ الْمُبَاحَةِ وَاِنَّمَا اَرَدْنَا بِذِكْرِهٖ هٰهُنَا تَفْسِيْرَهٗ لِمَعْنٰى هٰذَا الْمُتَّصِلِ۔

جائز قرار دے تو اس کا حکم یہ نہیں کیونکہ اس کی اجازت ہے پہلی قسم ممنوع ہے۔

اور ہم دیکھتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جیسی لوٹ مار کی اجازت دی ہے۔

حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہترین دن قربانی کا دن ہے پھر یوم عرفہ ہے (اس کے بعد) پانچ یا چھ اونٹ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب کیے گئے تو ان میں سے ہر ایک آپ کے قریب ہونے لگا کہ آپ کس سے ابتداء کریں جب وہ پہلوؤں کے بل گر گئے (ذبح ہو گئے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہلکا سا کلمہ فرمایا جسے میں سمجھ نہ سکا میں نے اپنے قریب والے ساتھی سے پوچھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ آپ نے فرمایا جو چاہے کاٹ کر لے جائے۔

تو جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں فرمایا جو چاہے کاٹ کر لے جائے اور اسے مباح قرار دیا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جس کھانے وغیرہ کا مالک اسے لوگوں کیلئے مباح قرار دے وہ اس سے لے سکتے ہیں اور یہ اس لوٹ کے خلاف ہے جس سے پہلی روایات میں منع فرمایا تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہو گیا کہ جس لوٹ مار کا ذکر پہلی روایات میں ہے اس سے مراد وہ لوٹ مار ہے جس کی اجازت نہ دی گئی ہو اور جسے مباح قرار دیا گیا اور اس کی اجازت دی گئی تو اس کا حکم وہ ہے جو ان بعد والی روایات میں مذکور ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک منقطع حدیث[1] مروی ہے جس میں آپ نے ممنوع لوٹ مار اور جائز لوٹ کی وضاحت فرمائی ہے ہم یہاں اس حدیث کو اس مذکورہ بالا مفہوم کی وضاحت کے طور پر ذکر کرنا چاہتے ہیں۔

---

[1] حدیث منقطع وہ حدیث ہے جس کی سند میں ایک یا زیادہ راوی چھوڑ دیئے گئے ہوں۔ ۱۲- ہزاروی

۱۹۶ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعَتَّابِيُّ قَالَ ثَنَا عَوْنُ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ ثَنَا زِيَادُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ خَالِدِ ابْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ شَهِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِلَاكَ شَابٍّ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَلَمَّا زَوَّجُوْهُ قَالَ عَلَى الْاُلْفَةِ وَالطَّيْرِ الْمَيْمُوْنِ وَالسَّعَةِ فِي الرِّزْقِ بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمْ دَفِّفُوْا عَلٰى رَأْسِ صَاحِبِكُمْ فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ جَاءَتِ الْجَوَارِيُّ مَعَهُنَّ الْاَطْبَاقُ اللَّوْزُ وَالسُّكَّرُ فَاَمْسَكَ الْقَوْمُ اَيْدِيَهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تَنْتَهِبُوْنَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ كُنْتَ نَهَيْتَ عَنِ النُّهْبَةِ قَالَ تِلْكَ نُهْبَةُ الْعَسَاكِرِ فَاَمَّا الْعُرُسَاتُ قَالَ فَلَا قَالَ فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُجَاذِبُهُمْ وَيُجَاذِبُوْنَهٗ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری نوجوان کے نکاح میں تشریف لے گئے جب انہوں نے اس کا نکاح کر دیا تو آپ نے فرمایا الفت، نیک فالی اور وسعت رزق کا باعث ہو اللہ تعالیٰ تمہیں برکت عطا فرمائے اپنے ساتھی (دولہا) کے سر پر دف بجاؤ تھوڑی دیر میں کچھ لڑکیاں آگئیں ان کے پاس اخروٹ اور شکر کے تھال تھے لوگوں نے اپنے ہاتھ روک لئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا لوٹتے نہیں؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ تو لوٹنے سے منع فرماتے تھے آپ نے فرمایا وہ لشکروں کو لوٹنا ہے لیکن شادی بیاہ کی لوٹ منع نہیں ہے راوی فرماتے ہیں میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ ان پر جھپٹے اور وہ آپ پر جھپٹے۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ فِيْ ذٰلِكَ اِخْتِلَافٌ اَيْضًا۔

متقدمین کی ایک جماعت سے بھی اس مسئلے میں اختلاف مروی ہے۔

۱۹۷ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهٗ كَانَ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ صِبْيَانٌ فِي الْكُتَّابِ فَاَرَادُوْا اَنْ يَنْتَهِبُوْا عَلَيْهِمْ فَاشْتَرٰى لَهُمْ جَوْزًا بِدِرْهَمَيْنِ وَكَرِهَ اَنْ يَنْتَهِبُوْا مَعَ الصِّبْيَانِ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ عَلَى الْخَوْفِ مِنْهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النُّهْبَةِ لَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ۔

حضرت عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ انہوں نے باہم لوٹ کا ارادہ کیا حضرت ابن مسعود نے ان کے دو درھموں کے اخروٹ خریدے اور بچوں کے ساتھ لوٹ میں شریک ہونا پسند نہ کیا تو ممکن ہے انہوں ایسا اس لیے کیا ہو کہ انہیں اس لوٹ مار کی وجہ سے بچوں (کے نقصان) کا ڈر تھا کسی اور وجہ سے منع نہیں کیا۔

۱۹۸ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْهَيْثَمِ اَنَّهٗ كَانَ يَسْتَحِبُّ اَنْ يُّوْضَعَ السُّكَّرُ فِي الْمِلَاكِ وَيَكْرَهُ اَنْ يُّنْثَرَ۔

حضرت مسعود، حضرت ہیثم سے روایت کرتے ہیں کہ وہ نکاح کے موقع پر شکر رکھنے کو پسند کرتے تھے لیکن اس کا نچھاور کرنا انہیں پسند نہ تھا۔

---

۱۹۹ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ

حضرت ابوسعید، حضرت عکرمہ سے روایت

بْوُ الْجَعْدِ قَالَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّهٗ كَرِهَهٗ۔

کرتے ہیں کہ وہ اسے ناپسند کرتے تھے۔

۲۰۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا عَلِیُّ ابْنُ الْجَعْدِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدٌ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ كُنْتُ اَمْشِیْ بَيْنَ اِبْرَاهِيْمَ وَالشَّعْبِیِّ فَتَذَاكَرَ اِنْتِثَارَ الْعُرْسِ فَكَرِهَهٗ اِبْرَاهِيْمُ وَلَمْ يَكْرَهْهُ الشَّعْبِیُّ فَقَدْ يَجُوْزُ اَيْضًا اَنْ يَكُوْنَ اِبْرَاهِيْمُ كَرِهَ ذٰلِكَ مِنْ اَجْلِ مَا ذَكَرْنَا مِنْ خَوْفِ الْعَطَبِ عَلَى الْمُنْتَهِبِيْنَ فَنَظَرْنَا فِیْ ذٰلِكَ۔

حضرت حکم فرماتے ہیں میں حضرت ابراہیم اور حضرت شعبی کے درمیان چل رہا تھا انہوں نے شادی میں (چھوہارے وغیرہ) بکھیر کرنے کے بارے میں بات چیت کی تو حضرت ابراہیم نے اسے ناپسند کیا لیکن حضرت شعبی نے مکروہ نہ جانا تو ہو سکتا ہے حضرت ابراہیم کا ناپسند کرنا بھی لوٹنے والوں کی ہلاکت کے خوف سے ہو جیسا کہ ہم نے ذکر کیا پس ہم نے اس میں غور کیا۔

۲۰۱۔ فَاِذَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِی انْتِهَابٍ فِی الْعُرْسِ قَالَ كَانُوْا يَاْخُذُوْنَهٗ لِلصِّبْيَانِ۔

حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم سے شادی کے موقع پر لوٹ کے بارے میں روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ وہ بچوں کے لیے لیتے تھے۔

فَدَلَّ مَا رُوِیَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِیْ هٰذَا مَعَ ذِكْرِهٖ عَمَّنْ كَانَ قَبْلَهٗ مِمَّنْ يُّقْتَدٰى بِهٖ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَاْخُذُوْنَهٗ لِلصِّبْيَانِ فِیْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ كَرَاهَتَهٗ فِی الْبَابِ الْاَوَّلِ لَيْسَ مِنْ جِهَةِ تَحْرِيْمِهٖ وَلٰكِنْ مِنْ جِهَةِ مَا ذَكَرْنَاهُ۔

تو اس سلسلے میں جو کچھ حضرت ابراہیم سے مروی ہے وہ اور جو کچھ انہوں نے پیش رو حضرات سے جو مقتدا ہیں، نقل کیا کہ وہ بچوں کے لیے تھے اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ باب کے شروع میں ان کی جس ناپسندیدگی کا ذکر ہے وہ اس کے حرام ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ اس وجہ سے ہے جو ہم نے ذکر کی۔

۲۰۲۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهٗ كَانَ لَا يَرٰى بِذٰلِكَ بَاْسًا۔

حضرت یونس، حضرت حسن سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اس بات میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔

۲۰۳۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا بَاْسَ بِانْتِهَابِ الْجَوْزِ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ يَصْنَعُوْنَ فِیْ اَيْدِيْهِمْ۔

حضرت اشعث، حضرت حسن سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اخروٹوں کی لوٹ میں کوئی حرج نہیں حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں وہ اپنے ہاتھوں میں لیا کرتے تھے۔

وَمَا فِيْهِ الْاِبَاحَةُ مِنْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ عِنْدَنَا اَوْجَهُ فِی النَّظَرِ مِمَّا فِيْهِ الْكَرَاهِيَةُ مِنْهَا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِیْ حَنِيْفَةَ وَاَبِیْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

اور جو کچھ اس میں جواز کا ذکر ہے ہمارے نزدیک وہ کراہت کے مقابلے میں زیادہ مناسب ہے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے۔

۸- کِتَابُ الطَّلَاقِ

طلاق کے بیان میں

بَابُ ۱۸۳ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ ثُمَّ يُرِيْدُ اَنْ يُطَلِّقَهَا لِلسُّنَّةِ مَتٰى يَكُوْنُ لَهٗ ذٰلِكَ

حائضہ عورت کو طلاق دینا اور پھر سنّت طلاق دینے کا ارادہ کرنا

۲۰۴- حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرَةَ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَا ثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَيْمَنَ يَسْاَلُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنِ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ فَعَلَ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ فَسَاَلَ عُمَرُ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا قَالَ ثُمَّ تَلَا اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ اَيْ فِيْ قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ۔

حضرت ابوالزبیر فرماتے ہیں میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن ایمن سے سنا وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں پوچھتے تھے جو اپنی عورت کو حیض کی حالت میں طلاق دیتا ہے۔ انہوں نے فرمایا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ایسا کیا پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس سلسلے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا انہیں کہو کہ رجوع کریں حتیٰ کہ وہ (ان کی زوجہ حیض سے) پاک ہو جائے پھر اسے طلاق دیں فرماتے ہیں پھر آپ نے آیت کریمہ پڑھی "جب تم عورتوں کو طلاق دو

۲۰۵- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ قَالَ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ فَسَاَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سالم رضی اللہ عنہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی زوجہ کو حیض کی حالت میں طلاق دی تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا انہیں حکم دو کہ جب ان کی

وَعَلَى آلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا وَهِيَ طَاهِرٌ أَوْ حَامِلٌ۔

۲۰۶۔ **حَدَّثَنَا** صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ ثَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ طَلَّقْتُ امْرَأَتِي وَهِيَ حَائِضٌ فَرَدَّهَا عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى طَلَّقْتُهَا وَهِيَ طَاهِرٌ۔

۲۰۷۔ **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمِيدٍ الْحِمَّانِيُّ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ أَبِي بِشْرٍ ثُمَّ ذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ۔

۲۰۸۔ **حَدَّثَنَا** أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ ثَنَا هَاشِمُ بْنُ حَسَّانٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ هَلْ تَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَإِنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَأَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا فَإِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا قُلْتُ وَيُعْتَدُّ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ قَالَ فَمَهْ أَرَأَيْتَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ وَلَمْ يَذْكُرْ أَبُو بَكْرَةَ فِي حَدِيثِهٖ هٰذَا غَيْرَ مَا ذَكَرْنَاهُ فِيهِ۔

۲۰۹۔ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ سِيرِينَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ طَلَّقَ ابْنُ عُمَرَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

زوجہ پاک ہو جائیں یا حاملہ ہوں تو رجوع کریں۔

حضرت سعید بن جبیر، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مجھ پر رد کر دیا حتیٰ کہ جب وہ پاک ہوگئیں تو میں نے انہیں طلاق دی۔

حضرت ہشیم، حضرت ابو البشر سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت یونس بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دیتا ہے انہوں نے فرمایا کیا تم عبد اللہ بن عمر کو جانتے ہو انہوں نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا انہوں نے (عبد اللہ بن عمر نے) اپنی بیوی کو طلاق دی جب کہ وہ حائضہ تھیں پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ معاملہ عرض کیا تو آپ نے فرمایا انہیں کہو کہ وہ رجوع کریں جب پاک ہو جائیں تو انہیں طلاق دیں اور یہ طلاق بھی شمار کی جائے۔

حضرت انس بن سیرین فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا فرماتے تھے کہ ابن عمر نے اپنی بیوی کو طلاق دی جب کہ وہ حائضہ تھیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ بات بارگاہ نبوی میں ذکر کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انہیں کہیں کہ رجوع کریں پھر جب پاک ہو جائے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْہُ فَلْیُرَاجِعْہَا فَاِذَا طَہُرَتْ فَلْیُطَلِّقْہَا فَقِیْلَ اَیَحْتَسِبُ بِہَا قَالَ فَمَہْ۔

تو طلاق دیں پوچھا گیا کیا یہ طلاق بھی شمار ہوگی تو انہوں نے فرمایا۔

۲۱۰۔ حَدَّثَنَا فَہْدٌ قَالَ ثَنَا الْفَضْلُ قَالَ ثَنَا زُہَیْرُ بْنُ مُعَاوِیَۃَ قَالَ ثَنَا عَبْدُالْمَلِکِ اَبُوْ سُلَیْمَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ کَیْفَ صَنَعْتَ فِیْ امْرَاَتِکَ الَّتِیْ طَلَّقْتَ قَالَ طَلَّقْتُہَا وَہِیَ حَائِضٌ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لِعُمَرَ فَاَتٰی عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَہٗ فَقَالَ مُرْہُ فَلْیُرَاجِعْہَا ثُمَّ لِیُطَلِّقْہَا عِنْدَ طُہْرٍ قَالَ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاکَ فَیُعْتَدُّ بِالطَّلَاقِ الْاَوَّلِ قَالَ وَمَا یَمْنَعُنِیْ اِنْ کُنْتُ اَسَأْتُ وَاسْتَحْمَقْتُ۔

حضرت ابن سیرین سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا آپ نے اپنی زوجہ کے بارے میں کیا کیا جس کو آپ نے طلاق دی تھی انہوں نے فرمایا میں نے اسے حالتِ حیض میں طلاق دی پھر میں نے یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ذکر کی وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا انہیں کہیں کہ رجوع کریں پھر طہارت کی حالت میں طلاق دیں فرماتے ہیں میں نے

۲۱۱۔ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِیْبُ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ اِبْرَاہِیْمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ ثَنِیْ مُغِیْرَۃُ بْنُ یُوْنُسَ ہُوَ ابْنُ جُبَیْرٍ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰہِ ابْنَ عُمَرَ قُلْتُ رَجُلٌ طَلَّقَ امْرَاَتَہٗ وَہِیَ حَائِضٌ فَقَالَ اَتَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عُمَرَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَہٗ وَہِیَ حَائِضٌ فَاَتٰی عُمَرُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَہٗ فَاَمَرَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ یُّرَاجِعَہَا ثُمَّ یُطَلِّقُہَا فِیْ قُبُلِ عِدَّتِہَا۔

حضرت مغیرہ بن یونس (ابن جبیر) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ ایک شخص اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دیتا ہے (تو اس کا کیا حکم ہے) انہوں نے فرمایا تم عبد اللہ بن عمر کو جانتے ہو میں نے عرض کیا "جی ہاں" فرمایا عبد اللہ بن عمر نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دی پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس سلسلے میں پوچھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ رجوع کریں اور پھر عدت (پوری ہونے) سے پہلے طلاق دیں۔

تَحْقِیْقِ مَسْئَلَۃٍ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَہَبَ قَوْمٌ اِلٰی ہٰذِہِ الْاٰثَارِ فَقَالُوْا مَنْ طَلَّقَ امْرَاَتَہٗ وَہِیَ حَائِضٌ فَقَدْ اَثِمَ وَیَنْبَغِیْ لَہٗ اَنْ یُّرَاجِعَہَا فَاِنَّ طَلَاقَہٗ ذٰلِکَ طَلَاقُ خَطَاءٍ فَاِنْ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان روایات کو اپناتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دے وہ گناہ گار ہوا اور اسے رجوع کرنا چاہیئے کیونکہ اس کی یہ طلاق غلطی ہے اور اگر وہ چھوڑ دے

تَرَكَهَا تَمْضِيْ فِي الْعِدَّةِ بَانَتْ مِنْهُ بِطَلَاقٍ خَطَاءٍ وَلٰكِنَّهُ يُؤْمَرُ اَنْ يُّرَاجِعَهَا لِيُخْرِجَهَا بِذٰلِكَ مِنْ اَسْبَابِ الطَّلَاقِ الْخَطَاءِ ثُمَّ يَتْرُكُهَا حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ هٰذِهِ الْحَيْضَةِ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا طَلَاقًا صَوَابًا فَتَمْضِيْ فِيْ عِدَّةٍ مِّنْ طَلَاقٍ صَوَابٍ فَاِنْ شَاءَ رَاجَعَهَا فَكَانَتْ امْرَاَتَهٗ وَبَطَلَتِ الْعِدَّةُ وَاِنْ شَاءَ تَرَكَهَا حَتّٰى تَبِيْنَ مِنْهُ بِطَلَاقٍ صَوَابٍ فَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ مِنْهُمْ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَزَعَمُوْا اَنَّهٗ اِذَا طَلَّقَهَا حَائِضًا لَمْ يَكُنْ لَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يُّطَلِّقَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ هٰذِهِ الْحَيْضَةِ ثُمَّ تَحِيْضَ حَيْضَةً اُخْرٰى ثُمَّ تَطْهُرَ مِنْهَا ۔

وَعَارَضُوْا الْاٰثَارَ الَّتِيْ رَوَيْنَاهَا فِيْ مُوَافَقَةِ الْقَوْلِ الْاَوَّلِ ۔

۲۱۲- **بِمَا حَدَّثَنَا** نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ قَالَ ثَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ فَتَطْهُرَ فَاِنْ بَدَا لَهٗ اَنْ يُّطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا قَبْلَ اَنْ يَّمَسَّهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ كَمَا اَمَرَ اللّٰهُ ۔

۲۱۳- **حَدَّثَنَا** يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا

(رجوع نہ کرے) حتی کہ عدت گزر جائے تو اسی غلط طلاق کے ساتھ عورت جدا ہو جائے گی لیکن اسے رجوع کا حکم دیا جائے تاکہ اسے غلط طلاق کے اسباب سے نکال دے پھر چھوڑ دے یہاں تک کہ وہ اس حیض سے پاک ہو جائے پھر درست طلاق دے اور وہ درست طلاق کی عدت گزارے اس کے بعد اگر وہ چاہے تو رجوع کرلے اب وہ اس کی بیوی ہو جائے گی اور عدت عدت باطل ہو جائے گی اور اگر چاہے تو چھوڑ دے یہاں تک کہ وہ درست طلاق کے سبب جدا ہو جائے یہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کی ان میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ بھی شامل ہیں ان کا خیال ہے کہ جب وہ اسے حالتِ حیض میں طلاق دے تو اس وقت تک (دوبارہ) طلاق نہیں دے سکتا جب تک اس حیض سے پاک ہونے کے بعد دوسرے حیض سے بھی پاک نہ ہو جائے۔

انہوں نے پہلے قول کی موافقت میں ہماری روایت کردہ احادیث کے مقابلے میں روایات پیش کی ہیں۔

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھے حضرت سالم رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں بتایا کہ انہوں نے اپنی زوجہ کو حالتِ حیض میں طلاق دی یہ بات بارگاہ نبوی میں عرض کی گئی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم غضب ناک ہو گئے پھر فرمایا چاہیے کہ وہ رجوع کریں پھر پاک ہونے تک اسے روکے رکھیں یہاں تک کہ پاک ہو جائے پھر حیض آئے اور (اس کے بعد) پاک ہو جائے اس کے بعد طلاق دینا ضروری ہو تو حالتِ طہارت میں جماع کرنے سے پہلے طلاق دے اب یہ طلاق اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ہو گی۔

حضرت یزید بن سنان فرماتے ہیں ہم سے حضرت ابو صالح

اَبُوْ صَالِحٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ ۔

نے بیان کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۲۱۴ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَ عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ ثُمَّ تَطْهُرَ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُّطَلَّقَ لَهَا النِّسَآءُ ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے عہد رسالت میں اپنی بیوی کو طلاق دی جب کہ وہ حائضہ تھیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا انہیں کہیں کہ رجوع کریں پھر روک کے رکھیں یہاں تک کہ پاک ہو جائیں پھر حیض آجائے پھر پاک ہوں تو یہ عدت رکھتی ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اس کے عورتوں کو طلاق دی جائے۔

۲۱۵ - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ ثُمَّ يَتْرُكُهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ اِنْ شَآءَ طَلَّقَ ۔

حضرت قعنبی فرماتے ہیں ہم سے حضرت مالک نے بیان کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا کہ آپ نے ارشاد فرمایا) پھر اسے چھوڑ دیں حتی کہ پاک ہو جائے پھر دوسرا حیض آئے اور اس سے بھی پاک ہو جائے پھر چاہیں تو طلاق دیں۔

۲۱۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ ....

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۲۱۷ - وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ۔

حضرت ایوب اور عبید اللہ حضرت نافع سے وہ حضرت عبد اللہ بن عمر اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۲۱۸ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَرْقِيُّ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَمُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ وَزَادَ قَبْلَ اَنْ يُّجَامِعَهَا ۔

حضرت یحیی بن سعید، موسیٰ بن عقبہ اور عبید اللہ بن عمر، حضرت نافع سے اور وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ یہ اضافہ ہے کہ جماع سے پہلے طلاق دے۔

۲۱۹ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ وَحُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَا ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ ثَنِيْ نَافِعٌ عَنْ

حضرت موسیٰ بن عقبہ فرماتے ہیں مجھ سے حضرت نافع نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا پھر انہوں

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ۔

فَقَدْ أَخْبَرَ سَالِمٌ وَنَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي هٰذِهِ الْآثَارِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يُمْسِكَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ ثُمَّ تَطْهُرَ فَزَادَ ذٰلِكَ عَلٰى مَا فِي الْآثَارِ الْأُوَلِ فَهُوَ أَوْلٰى مِنْهَا فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ الْآثَارِ۔

وَأَمَّا وَجْهُهٗ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَإِنَّا وَجَدْنَا الْأَصْلَ فِيْ ذٰلِكَ أَنَّ الرَّجُلَ نُهِيَ أَنْ يُطَلِّقَ امْرَأَتَهٗ حَائِضًا وَنُهِيَ أَنْ يُطَلِّقَهَا فِيْ طُهْرٍ قَدْ طَلَّقَهَا فِيْهِ وَقَدْ نُهِيَ عَنِ الطَّلَاقِ فِي الطُّهْرِ الَّذِيْ قَدْ طَلَّقَهَا فِيْهِ كَمَا نُهِيَ عَنِ الطَّلَاقِ فِي الْحَيْضِ ثُمَّ رَأَيْنَا هُمْ لَا يَخْتَلِفُوْنَ فِيْ رَجُلٍ جَامَعَ امْرَأَتَهٗ حَائِضًا ثُمَّ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا لِلسُّنَّةِ أَنَّهٗ مَمْنُوْعٌ مِنْ ذٰلِكَ حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ هٰذِهِ الْحَيْضَةِ الَّتِيْ كَانَ الْجِمَاعُ فِيْهَا وَمِنْ حَيْضَةٍ أُخْرٰى بَعْدَهَا وَجَعَلَ جِمَاعَهٗ إِيَّاهَا فِي الْحَيْضَةِ كَجِمَاعِهٖ إِيَّاهَا فِي الطُّهْرِ الَّذِيْ يَعْقُبُ تِلْكَ الْحَيْضَةَ فَلَمَّا كَانَ حُكْمُ الطُّهْرِ الَّذِيْ بَعْدَ كُلِّ حَيْضَةٍ كَحُكْمِ نَفْسِ الْحَيْضَةِ فِيْ وُقُوْعِ الطَّلَاقِ فِي الْجِمَاعِ فِيْ ذٰلِكَ وَكَانَ مَنْ جَامَعَ امْرَأَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ فَلَيْسَ لَهٗ أَنْ يُطَلِّقَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ حَتّٰى يَكُوْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ الْجِمَاعِ وَبَيْنَ الطَّلَاقِ الَّذِيْ يُوْقِعُهٗ حَيْضَةٌ كَامِلَةٌ مُسْتَقْبَلَةٌ كَانَ كَذٰلِكَ فِي النَّظَرِ أَنَّهٗ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ ثُمَّ أَرَادَ بَعْدَ ذٰلِكَ أَنْ يُطَلِّقَهَا لَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ

نے اس کی مثل ذکر کیا۔

ان روایات میں حضرت سالم اور حضرت نافع رضی اللہ عنہما نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ وہ بیوی کو (اس حیض سے) پاک ہونے اور دوسرا حیض آنے پھر اس سے پاک ہونے تک روکے رکھیں یہ بات پہلی روایات سے زائد ہے لہٰذا یہ ان سے اولیٰ ہے۔ روایات کے طریقے پر اس باب کا بیان یہ ہے۔

اور قیاس کے طریقے پر اس کا بیان اس طرح ہے کہ ہمیں ایک قاعدہ معلوم ہے وہ یہ کہ مرد کو منع کیا گیا کہ وہ عورت کو حالت حیض میں طلاق دے اور اس بات سے بھی منع کیا گیا کہ جس طہر میں طلاق دے چکا ہے اس میں (دوسری) طلاق دے تو جس طہر میں طلاق دے چکا ہے اس میں طلاق دینے سے اسی طرح منع کیا گیا جس طرح حالتِ حیض میں طلاق دینے سے منع کیا گیا۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ ائمہ کا اس شخص کے بارے میں اتفاق ہے جس نے حالتِ حیض میں بیوی سے جماع کیا پھر اسے سنت طلاق دینے کا ارادہ کرتا ہے تو جب تک اس حیض سے پاک نہ ہو جائے جس میں جماع کیا، اور اسی طرح بعد والے حیض سے پاک نہ ہو جائے یہ طلاق دینا ممنوع ہے تو حالتِ حیض میں جماع کو اسی طرح قرار دیا جیسے اس طہر میں جماع کرنا جو اس پہلے حیض کے بعد آرہا ہے تو جب طلاق کے سلسلے میں ہر حیض کے بعد والے طہر کا وہی حکم ہے جو خود حیض کا ہے کہ اس میں طلاق دینا اور جماع کرنا برابر ہے اور جو آدمی حائضہ عورت سے جماع کرے تو وہ اس کے بعد طلاق نہیں دے سکتا حتیٰ کہ اس جماع اور طلاق کے درمیان جو وہ دینا چاہتا ہے ایک آنے والا کامل حیض پایا جائے تو قیاس اسی طرح ہے کہ جب وہ بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دے اور اس کے بعد پھر طلاق دینا چاہے تو ایسا نہیں کر سکتا حتیٰ کہ پہلی طلاق جو اس نے دی ہے اور دوسری طلاق کے درمیان ایک (مستقل) آنے

حَتّٰی یَکُوْنَ بَیْنَ الطَّلَاقِ الْاَوَّلِ الَّذِیْ کَانَ طَلَّقَهَا اِیَّاہُ وَبَیْنَ طَلَاقِہٖ اِیَّاھَا الثَّانِیْ حَیْضَۃٌ مُّسْتَقْبَلَۃٌ فَھٰذَا وَجْہُ النَّظَرِ عِنْدَنَا فِیْ ھٰذَا الْبَابِ مَعَ مُوَافَقَۃِ الْاٰثَارِ وَھُوَ قَوْلُ اَبِیْ یُوْسُفَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَفِیْ مَنْعِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ابْنَ عُمَرَ اَنْ یُّطَلِّقَ اِمْرَاَتَہٗ بَعْدَ الطَّلَاقِ الْاَوَّلِ حَتّٰی یَکُوْنَ بَعْدَ ذٰلِکَ حَیْضٌ مُّسْتَقْبَلَۃٌ فَیَکُوْنُ بَیْنَ التَّطْلِیْقَتَیْنِ حَیْضَۃٌ مُّسْتَقْبَلَۃٌ دَلِیْلٌ اَنَّ حُکْمَ طَلَاقِ السُّنَّۃِ اَنْ لَّا یَجْمَعَ مِنْہُ تَطْلِیْقَتَانِ فِیْ طُھْرٍ وَاحِدٍ فَافْھَمْ ذٰلِکَ فَاِنَّہٗ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَاَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ۔

والا حیض پایا جائے۔

ہمارے نزدیک اس بات میں قیاس کا تقاضا یہی ہے اور روایات بھی اس کی ہم نوا ہیں امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا قول بھی یہی ہے۔ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہا کو پہلی طلاق دینے کے بعد اس وقت دوسری طلاق دینے سے منع کرنے میں جب تک دو طلاقوں کے درمیان ایک اور حیض نہ آجائے اس بات کی دلیل ہے کہ سنّت طلاق کا حکم یہ ہے کہ ایک طہر میں دو طلاقوں کو جمع نہ کرے اسے سمجھو، امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

بَابُ ۱۸۴ الرَّجُلِ یُطَلِّقُ امْرَاَتَہٗ ثَلَاثًا مَّعًا

۲۲۰ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِی ابْنُ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ اَبَا الصَّھْبَاءِ قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَتَعْلَمُ اَنَّ الثَّلَاثَ کَانَتْ تُجْعَلُ وَاحِدَۃً عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَکْرٍ وَثَلَاثًا مِّنْ اِمَارَۃِ عُمَرَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَعَمْ۔

بیک وقت تین طلاقیں دینا

ابن طاؤس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو الصہباء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کیا کیا آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں، حضرت صدیق اکبر کے دور میں اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ابتدائی تین سالوں میں تین طلاقیں ایک ہی طلاق شمار ہوتی تھیں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں!

تَحْقِیْقُ مَسْئَلَۃٍ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَھَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا طَلَّقَ امْرَاَتَہٗ ثَلَاثًا مَّعًا فَقَدْ وَقَعَتْ عَلَیْھَا وَاحِدَۃٌ اِذَا کَانَتْ فِیْ وَقْتِ سُنَّۃٍ وَذٰلِکَ اَنْ تَکُوْنَ طَاھِرًا فِیْ غَیْرِ جِمَاعٍ وَ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک قوم اسی بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کو اکٹھی تین طلاقیں دے دے تو اس پر ایک طلاق واقع ہو گی جب کہ سنّت وقت میں دی گئی ہو وہ یوں کہ اس طہارت میں ہو جس میں جماع نہیں کیا گیا انہوں نے اس

احتجوا في ذلك بهذا الحديث وقالوا لما كان الله عز وجل إنما أمر عباده أن يطلقوا الوقت على صفة فطلقوا على غير ما أمرهم به لم يقع طلاقهم وقالوا ألا ترون أن رجلا لو أمر رجلا أن يطلق امرأته في وقت على صفة فطلقها في غيره أو أمره أن يطلقها على شريطة فطلقها على غير تلك الشريطة إن ذلك لا يقع إذ كان قد خالف ما أمر به قالوا فكذلك الطلاق الذي أمر به العباد فإذا أوقعوا كما أمروا به وقع وإذا أوقعوا على خلاف ذلك لم يقع

وخالفهم في ذلك أكثر أهل العلم فقالوا الذي أمر به العباد من إيقاع الطلاق فهو كما ذكرتم إذا كانت المرأة طاهرا من غير جماع أو كانت حاملا وأمروا بتفريق الثلاث إذا أرادوا إيقاعهن ولا يوقعونهن معا فإذا خالفوا ذلك فطلقوا في الوقت الذي لا ينبغي لهم أن يطلقوا فيه وأوقعوا من الطلاق أكثر مما أمروا بإيقاعه لزمهم ما أوقعوا من ذلك وهم آثمون في تعديهم ما أمرهم الله عز وجل به وليس ذلك كالوكالات لأن الوكلاء إنما يفعلون ذلك للموكلين فيحلون في أفعالهم تلك محلهم فإن فعلوا ذلك كما أمروا لزم وإن فعلوا ذلك على غير ما أمروا به لم يلزم والعباد في طلاقهم إنما يفعلونه لأنفسهم لا لغيرهم لا لربهم عز وجل

سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا۔ وہ فرماتے ہیں جب اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو حکم دیا کہ وہ طلاق اس کے وقت پر اور ایک خاص طریقے سے دیں پس اگر وہ اس کے حکم کے خلاف طلاق دیں تو ان کی طلاق واقع نہیں ہوگی وہ کہتے ہیں کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے آدمی کو حکم دے کہ وہ اس کی بیوی کو ایک خاص وقت میں خاص طریقے پر طلاق دے اور وہ اس کو کسی دوسرے وقت طلاق دے یا کسی شرط پر طلاق دینے کا حکم دے اور وہ اس شرط کے خلاف طلاق دے تو یہ طلاق واقع نہ ہوگی کیونکہ اس نے اس بات کے خلاف کیا جس کا اسے حکم دیا گیا تھا یہ حضرات فرماتے ہیں اسی طرح بندوں کو جس طریقے کا حکم دیا گیا اس کے مطابق طلاق دیں تو واقع ہوگی اور جب اس کے خلاف دیں تو واقع نہ ہوگی۔

لیکن اکثر اہل علم نے ان کی مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں طلاق دینے کے بارے میں جس بات کا بندوں کو حکم دیا گیا ہے وہ اسی طرح ہے جس طرح تم کہتے ہو کہ جب عورت پاک ہو اور اس طہر میں (جماع بھی نہ ہوا ہو یا حاملہ ہو نیز اگر وہ تین طلاقیں دینا چاہیں تو الگ الگ دینے اور اکٹھی نہ دینے کا حکم ہے اب اگر وہ اس بات کے خلاف کرتے ہوئے اس وقت طلاق دیں جس وقت طلاق دینا ان کے لیے مناسب نہیں اور جتنی طلاقیں دینے کا حکم ہے اس سے زیادہ دیں تو انہوں نے جو کچھ کیا وہ لازم ہو جائے گا لیکن اللہ تعالیٰ کے حکم میں تجاوز کی وجہ سے گناہ گار ہوں گے یہ وکالت کی طرح نہیں کیونکہ وکیل (یہ عمل) اپنے موکل کے لیے کرتے ہیں پس وہ اپنے افعال میں ان (موکلین) کے قائم مقام ہوتے ہیں لہٰذا اگر وہ حکم کے مطابق کریں تو لازم ہو جائے گا اور اگر حکم کے خلاف کریں تو لازم نہیں ہوگا اور بندے طلاق دینے میں اپنی ذات کے لیے عمل کرتے ہیں دوسروں کے لیے نہیں اور نہ ہی اپنے رب عزوجل کے لیے کرتے ہیں اور وہ اپنے اس عمل میں کسی کے قائم مقام بھی نہیں ہوتے کہ ان سے اس بات کا قصد کیا جائے کہ وہ ان لوگوں کے حکم کے مطابق صحیح طلاق دیں

وَلَا يَحِلُّوْنَ فِيْ فِعْلِهِمْ ذٰلِكَ مَحَلَّ غَيْرِهِمْ فَيُرَادُ مِنْهُمْ فِيْ ذٰلِكَ إِصَابَةُ مَا أَمَرَهُمْ بِهِ الَّذِيْنَ يَحِلُّوْنَ فِيْ فِعْلِهِمْ ذٰلِكَ مَحَلَّهُ فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ لَزِمَهُمْ مَا فَعَلُوْا وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ مِمَّا قَدْ نُهُوْا عَنْهُ لِأَنَّا قَدْ رَأَيْنَا أَشْيَاءَ مِمَّا قَدْ نَهَى اللّٰهُ تَعَالٰى الْعِبَادَ عَنْ فِعْلِهَا أَوْجَبَ عَلَيْهِمْ إِذَا فَعَلُوْهَا أَحْكَامًا مِنْ ذٰلِكَ أَنَّهُ نَهَاهُمْ عَنِ الظِّهَارِ وَوَصَفَهُ بِأَنَّهُ مُنْكَرٌ مِنَ الْقَوْلِ وَزُوْرٌ وَلَمْ يَمْنَعْ مَا كَانَ كَذٰلِكَ أَنْ تَحْرُمَ بِهِ الْمَرْأَةُ عَلٰى زَوْجِهَا حَتّٰى يَفْعَلَ مَا أَمَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهِ مِنَ الْكَفَّارَةِ فَلَمَّا رَأَيْنَا الظِّهَارَ قَوْلًا مُنْكَرًا وَزُوْرًا وَقَدْ لَزِمَتْ بِهِ حُرْمَةٌ كَانَ كَذٰلِكَ الطَّلَاقُ الْمَنْهِيُّ عَنْهُ هُوَ مُنْكَرٌ مِنَ الْقَوْلِ وَزُوْرٌ وَالْحُرْمَةُ بِهِ وَاجِبَةٌ۔

جن کے یہ قائم مقام ہیں تو جب بات یوں ہے تو جو کچھ انہوں نے کیا وہ لازم ہو جائے گا اگرچہ یہ ان امور میں سے ہے جن سے منع کیا گیا۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بندوں کو بعض کاموں سے منع فرمایا لیکن عمل کرنے کی صورت میں احکام واجب کر دیئے ان باتوں میں سے ایک ظہار[1] ہے کہ اس سے منع کیا اور اسے بری بات اور جھوٹ قرار دیا لیکن اس کے باوجود جو ایسا کرے اس کی بیوی کے (خاوند پر) اس وقت تک حرام ہونے کو منع نہیں کیا جب تک وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق کفارہ ادا نہ کر دے تو جب ہم دیکھتے ہیں کہ ظہار بری بات اور جھوٹ ہے لیکن اس کے باوجود حرمت لازم ہو گئی اسی طرح جس طلاق سے منع کیا گیا وہ بھی بری بات اور جھوٹ ہے اس کی وجہ سے حرمت واجب ہو جاتی ہے۔

وَقَدْ رَأَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ وَسَلَّمَ لَمَّا سَأَلَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ طَلَاقِ عَبْدِ اللّٰهِ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ أَمَرَهُ بِمُرَاجَعَتِهَا وَتَوَاتَرَتْ عَنْهُ بِذٰلِكَ الْاٰثَارُ وَقَدْ ذَكَرْتُهَا فِي الْبَابِ الْأَوَّلِ وَلَا يَجُوْزُ أَنْ يُؤْمَرَ بِالْمُرَاجَعَةِ مَنْ لَمْ يَقَعْ طَلَاقُهُ فَلَمَّا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَلْزَمَهُ الطَّلَاقَ فِي الْحَيْضِ وَهُوَ وَقْتٌ لَا يَحِلُّ إِيْقَاعُ الطَّلَاقِ فِيْهِ كَانَ كَذٰلِكَ مَنْ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَأَوْقَعَ كُلًّا فِيْ وَقْتِ الطَّلَاقِ لَزِمَهُ مِنْ ذٰلِكَ مَا أَلْزَمَ نَفْسَهُ وَإِنْ كَانَ قَدْ فَعَلَهُ عَلٰى خِلَافِ مَا أُمِرَ بِهِ فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ۔

اور ہم دیکھتے ہیں کہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اس طلاق کے بارے میں پوچھا جو انہوں نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں دی تھی تو آپ نے انہیں رجوع کا حکم دیا اس سلسلے میں تواتر کے ساتھ روایات مروی ہیں۔ اور میں (امام طحاوی) نے انہیں گزشتہ باب میں ذکر کیا ہے اور جس شخص کی طلاق واقع نہ ہو اس کو رجوع کا حکم دینا جائز نہیں تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حیض کی حالت میں دی ہوئی طلاق ان پر لازم کر دی اور اس وقت دینا جائز نہیں اسی طرح جو شخص (ایکدم) تین طلاقیں دے تو طلاق واقع ہو جائے گی اور جو کچھ اس نے نفس پر لازم کیا وہ لازم ہو جائے گا اگرچہ اس نے یہ عمل مامور بہ کے خلاف کیا۔ اس باب میں قیاس یہی ہے۔

وَفِيْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَا لَوِ اكْتَفَيْنَا بِهِ كَانَتْ حُجَّةً قَاطِعَةً وَذٰلِكَ أَنَّهُ قَالَ فَلَمَّا كَانَ زَمَانُ عُمَرَ رَضِيَ

اور جو کچھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے اگر ہم اس پر اکتفاء کریں تو وہ قطعی دلیل ہے کیونکہ انہوں نے فرمایا کہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو آپ نے فرمایا

---

[1] کسی شخص کا اپنی بیوی کو اپنی ماں کی پیٹھ وغیرہ کی طرح قرار دینا ظہار کہلاتا ہے۔ ۱۲ ہزاروی

اللهُ عَنْهُ قَالَ اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ فِي الطَّلَاقِ اَنَاةٌ وَاِنَّهُ مَنْ تَعَجَّلَ اَنَاةَ اللهِ فِي الطَّلَاقِ اَلْزَمْنَاهُ اِيَّاهُ۔

۲۲۱۔ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ ابْنُ اَبِي عِمْرَانَ قَالَ ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِي اِسْرَائِيلَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ۔

ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَ الْحَدِيْثِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ غَيْرَ اَنَّهُمَا لَمْ يَذْكُرَا اَبَا الصَّهْبَاءِ وَلَا سُؤَالَهُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا وَاِنَّمَا ذَكَرَا مِثْلَ جَوَابِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا الَّذِيْ فِيْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ وَذَكَرَا بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْ كَلَامِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ قَبْلَ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَخَاطَبَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ بِذٰلِكَ النَّاسَ جَمِيْعًا وَفِيْهِمْ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُمُ الَّذِيْنَ قَدْ عَلِمُوْا مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذٰلِكَ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْهُ عَلَيْهِ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ وَلَمْ يَدْفَعْهُ دَافِعٌ فَكَانَ ذٰلِكَ اَكْبَرُ الْحُجَّةِ فِيْ نَسْخِ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذٰلِكَ لِاَنَّهُ لَمَّا كَانَ فِعْلُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ جَمِيْعًا فِعْلًا يَجِبُ بِهِ الْحُجَّةُ كَانَ كَذٰلِكَ اَيْضًا اِجْمَاعُهُمْ عَلَى الْقَوْلِ اِجْمَاعًا يَجِبُ بِهِ الْحُجَّةُ وَكَمَا كَانَ اِجْمَاعُهُمْ عَلَى النَّقْلِ بَرِيْئًا مِنَ الْوَهْمِ وَالزَّلَلِ كَانَ كَذٰلِكَ اِجْمَاعُهُمْ عَلَى الرَّأْيِ بَرِيْئًا مِنَ الْوَهْمِ وَالزَّلَلِ۔

اے لوگو! تمہارے لیے طلاق میں ٹھہراؤ تھا اور جو شخص طلاق کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی (طرف سے دی گئی) تاخیر میں جلدی کرے تو وہ طلاق اس پر لازم ہو جائے گی۔

اسحٰق بن اسرائیل اور احمد بن منصور رمادی، عبدالرزاق سے وہ معمر سے وہ طاؤس سے وہ اپنے والد سے اور وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس پہلی حدیث کی طرح روایت کرتے ہیں جو ہم نے باب کے شروع میں ذکر کی ہے البتہ ان دونوں حضرات نے (اپنی روایتوں میں) حضرت ابوالصہباء اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان کے سوال کا ذکر نہیں کیا انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اس جواب کی طرح ذکر کیا جو اُس (پہلی) حدیث میں مذکور ہے اس کے بعد انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ذکر کیا جو ہم نے اس حدیث سے نقل کیا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے تمام لوگوں کو خطاب کیا جن میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی شامل ہیں جنہیں اس بارے میں دورِ رسالت والی بات معلوم تھی لیکن ان میں سے کسی نے بھی اس (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بات) کا انکار نہیں کیا اور نہ کسی رد کرنے والے نے اس کا رد کیا۔ لہٰذا یہ حدیث گزشتہ کے منسوخ ہونے پر بہت بڑی حجت ہے کیونکہ جب تمام صحابہ کرام کا فعل ایسا فعل ہے کہ اس سے حجت قائم ہوتی ہے تو ان کا کسی بات پر اجماع بھی قابل استدلال اجماع ہے نیز جس کسی بات کے نقل کرنے پر ان کا اجماع وہم اور خطا سے بری ہے اسی طرح کسی رائے پر ان کا اجماع بھی وہم اور خطا سے بری ہے۔

وَقَدْ رَأَيْنَا أَشْيَاءَ قَدْ كَانَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى مَعَانٍ فَجَعَلَهَا أَصْحَابُهٗ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ مِنْ بَعْدِهٖ عَلٰى خِلَافِ تِلْكَ الْمَعَانِيْ لَمَّا رَأَوْا فِيْهِ مِمَّا قَدْ خَفِيَ عَلٰى مَنْ بَعْدَهُمْ فَكَانَ ذٰلِكَ حُجَّةً نَاسِخًا لِمَا تَقَدَّمَهٗ مِنْ ذٰلِكَ تَدْوِيْنُ الدَّوَاوِيْنِ وَالْمَنْعُ مِنْ بَيْعِ أُمَّهَاتِ الْأَوْلَادِ وَقَدْ كُنَّ يُبَعْنَ قَبْلَ ذٰلِكَ وَالتَّوْقِيْتُ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ وَلَمْ يَكُنْ فِيْهِ تَوْقِيْتٌ قَبْلَ ذٰلِكَ فَلَمَّا كَانَ مَا عَمِلُوْا بِهٖ مِنْ ذٰلِكَ وَوَقَفْنَا عَلَيْهِ لَا يَجُوْزُ لَنَا خِلَافُهٗ إِلٰى مَا قَدْ رَأَيْنَاهُ مِمَّا قَدْ تَقَدَّمَ فِعْلُهُمْ لَهٗ كَانَ كَذٰلِكَ مَا وَقَفُوْنَا عَلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ الثَّلَاثِ الْمُوْقَعِ مَعًا أَنَّهٗ يَلْزَمُ لَا يَجُوْزُ لَنَا خِلَافُهٗ إِلٰى غَيْرِهٖ مِمَّا قَدْ رُوِيَ أَنَّهٗ كَانَ قَبْلَهٗ عَلٰى خِلَافِ ذٰلِكَ۔

ثُمَّ هٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا قَدْ كَانَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ يُفْتِيْ مَنْ طَلَّقَ امْرَأَتَهٗ ثَلَاثًا مَعًا أَنَّ طَلَاقَهٗ قَدْ لَزِمَهٗ وَحَرَّمَهَا عَلَيْهِ۔

۲۲۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ إِنَّ عَمِّيْ طَلَّقَ امْرَأَتَهٗ ثَلَاثًا فَقَالَ إِنَّ عَمَّكَ عَصَى اللّٰهَ فَأَنْدَمَهُ اللّٰهُ وَأَطَاعَ الشَّيْطٰنَ فَلَمْ يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًا فَقُلْتُ كَيْفَ تَرٰى فِيْ رَجُلٍ يُحِلُّهَا لَهٗ فَقَالَ مَنْ يُّخَادِعِ اللّٰهَ يُخَادِعْهُ۔

۲۲۳۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا أَخْبَرَهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ

اور ہم بعض باتوں کو دیکھتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ان کا کچھ مفہوم تھا اور آپ کے بعد صحابہ کرام نے اس سے کچھ اور مراد لیا کیونکہ انہوں نے ان میں وہ باتیں دیکھیں جو بعد والوں پر پوشیدہ تھیں تو یہ پہلے قول کے نسخ پر دلیل ہے ان باتوں میں سے رجسٹروں کی تدوین اور ام ولد لونڈیوں کی بیع سے روکنا ہے حالانکہ اس سے پہلے ان کا سودا ہوتا تھا اور شراب کی حد میں کوڑوں کی تعداد مقرر کرنا جبکہ اس سے پہلے ان کی مقدار مقرر نہ تھی تو جب انہوں نے اس پر عمل کیا اور ہمیں بھی اس سے واقفیت حاصل ہوگئی تو ہمارے لیے ان کے اس پہلے فعل کو دیکھ کر اس (دوسرے حکم) کے خلاف ورزی جائز نہیں تو اسی طرح بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے بارے میں ہمیں جو کچھ معلوم ہوا اس پر عمل کرنا ضروری ہے اور اسے چھوڑ کر اس کی طرف جانا جو پہلے مذکور ہوا جائز ہیں۔

پھر یہی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس کے بعد فتویٰ دیتے ہیں کہ جو شخص اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے تو اس کی طلاق لازم ہو جائے گی اور وہ عورت اس پر حرام ہو جائے گی۔

حضرت مالک بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک شخص حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے چچا نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں آپ نے فرمایا تمہارے چچا نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ہے پس اللہ تعالیٰ نے اس (طلاق) کو پورا کر دیا اور اس نے شیطان کی اطاعت کی" تو آپ نے اس کے لیے کوئی راستہ نہ بتایا (راوی فرماتے ہیں) میں نے پوچھا کہ اس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے جو اس عورت کو حلال جانتا ہے تو انہوں نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ سے دھوکہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا بدلہ دے گا۔

حضرت محمد بن ایاس بن بکیر فرماتے ہیں ایک شخص نے اپنی بیوی کو جماع سے پہلے تین طلاقیں دے دیں پھر اسے نکاح کرنے کا خیال

لہ ام ولد وہ لونڈی ہوتی ہے جس سے اس کے مالک کے بچے پیدا ہو تے ہیں۔ ۱۲ ہزاروی۔

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ قَالَ طَلَّقَ رَجُلٌ اِمْرَاَتَهٗ ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا ثُمَّ بَدَا لَهٗ اَنْ يَنْكِحَهَا فَجَاءَ يَسْتَفْتِيْ فَذَهَبْتُ مَعَهٗ اَسْاَلُ لَهٗ اَبَا هُرَيْرَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَا لَا نَرٰى اَنْ تَنْكِحَهَا حَتّٰى تَزَوَّجَ زَوْجًا غَيْرَكَ فَقَالَ اِنَّمَا كَانَ طَلَاقِيْ اِيَّاهَا وَاحِدَةً فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّكَ اَرْسَلْتَ مِنْ يَدِكَ مَا كَانَ لَكَ مِنْ فَضْلٍ۔

۲۲۴- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ بُكَيْرَ بْنَ الْاَشَجِّ اَخْبَرَهٗ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ عَيَّاشٍ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّهٗ كَانَ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ وَعَاصِمِ بْنِ عُمَرَ فَجَاءَهُمَا مُحَمَّدُ ابْنُ اِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ فَقَالَ اِنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهٗ ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا فَمَاذَا تَرَيَانِ فَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ مَا لَنَا فِيْهِ مِنْ قَوْلٍ فَاذْهَبْ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَاسْئَلْهُمَا ثُمَّ ائْتِنَا فَاَخْبِرْنَا فَذَهَبَ فَسَاَلَهُمَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَفْتِهٖ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ فَقَدْ جَاءَتْكَ مُعْضِلَةٌ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ الْوَاحِدَةُ تُبِيْنُهَا وَالثَّلَاثُ تُحَرِّمُهَا حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ۔

۲۲۵- حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا هُرَيْرَةَ وَابْنَ

ہوا چنانچہ وہ حکم پوچھنے کے لیے آیا تو میں اس کے ساتھ گیا تاکہ حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے پوچھوں ان دونوں نے فرمایا کہ ہم اس کے لیے اس عورت سے نکاح جائز نہیں سمجھتے حتی کہ وہ دوسری عورت سے نکاح کرلے اس نے کہا میں نے تو ایک ہی وقت میں طلاق دی ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا جو کچھ تیرے ہاتھ میں تھا اسے تو نے چھوڑ دیا اب مزید تیرے اختیار میں کچھ نہیں۔

حضرت یحیی بن سعید سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ حضرت بکیر بن اشج نے ان کو معاویہ بن ابوعیاش انصاری سے خبر دی کہ وہ حضرت عبداللہ بن زبیر اور عاصم بن عمر (رضی اللہ عنہم) کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کے پاس حضرت محمد بن ایاس بن بکیر آئے اور کہا کہ ایک دیہاتی شخص نے اپنی بیوی کو جماع سے پہلے تین طلاقیں دے دی ہیں آپ کا اس کے بارے میں کیا خیال ہے حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہم اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتے آپ حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت ابوہریرہ (رضی اللہ عنہم) کے پاس جائیں اور ان سے پوچھیں چنانچہ ہم نے آکر اس کو بتایا تو اس نے جاکر ان دونوں سے پوچھا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہے اے ابوہریرہ! آپ بتائیں کیونکہ یہ ایک مشکل مسئلہ ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایک طلاق اسے جدا کر دیتی ہے اور تین طلاقیں اسے حرام کر دیتی ہیں حتی کہ وہ دوسرے خاوند سے نکاح کرلے۔

حضرت محمد بن ایاس بن بکیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابن عباس، ابوہریرہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے باکرہ عورت کو تین طلاقیں دینے کے بارے میں پوچھا اور میں (حضرت محمد بن ایاس) بھی اس شخص کے ساتھ تھا تو ان سب

عُمَرَ عَنْ طَلَاقِ الْبِكْرِ ثَلَاثًا وَهُوَ مَعَهُ فَكُلُّهُمْ قَالَ حُرِّمَتْ عَلَيْكَ۔

(صحابہ کرام) نے فرمایا کہ وہ تجھ پر حرام ہو گئی۔

۲۲۶- حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُمَا قَالَا فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ الْبِكْرَ ثَلَاثًا لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ۔

حضرت ابوسلمہ، حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اس شخص کے بارے میں جو غیر مدخولہ عورت کو تین طلاقیں دیتا ہے فرمایا کہ وہ اس کے لیے حلال نہیں حتی کہ دوسرے خاوند سے نکاح کرلے۔

۲۲۷- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ جُبَيْرٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ مِائَةً فَقَالَ ثَلَاثٌ تُحَرِّمُهَا عَلَيْهِ سَبْعَةٌ وَتِسْعُونَ فِي رَقَبَتِهِ إِنَّهُ اتَّخَذَ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا۔

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک سو طلاق دی ہے آپ نے فرمایا تین طلاقوں سے وہ حرام ہوگئی اور ستانوے طلاقیں اس کی گردن پر ہیں (یعنی گناہ گار ہوا) بے شک اس نے اللہ تعالیٰ کی آیات سے مذاق کیا ہے۔

۲۲۸- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ۔

حضرت عبدالاعلیٰ، حضرت سعید بن جبیر سے اور وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۲۲۹- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ وَحُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ عَنْ مُجَاهِدٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ رَجُلٌ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ مِائَةً فَقَالَ عَصَيْتَ رَبَّكَ وَبَانَتْ مِنْكَ امْرَأَتُكَ لَمْ تَتَّقِ اللَّهَ فَيَجْعَلْ لَكَ مَخْرَجًا مَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا قَالَ اللَّهُ تَعَالَى يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ فِي قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ۔

ثُمَّ قَدْ رُوِيَ عَنْ غَيْرِهِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُمْ مَا يُوَافِقُ ذَلِكَ أَيْضًا۔

حضرت مجاہد سے روایت ہے ایک شخص نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک سو طلاق دی ہے آپ نے فرمایا تو نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور وہ عورت تجھ سے جدا ہوگئی تو اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرا کہ وہ تیرے نکلنے کی کوئی سبیل بنا تا جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! جب تم عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کو ملحوظ رکھ کر طلاق دو (یعنی ایسے وقت میں طلاق دو کہ وہ عدت مکمل کرسکیں مطلب یہ ہے کہ حالتِ طہر میں طلاق دو) پھر ان کے علاوہ صحابہ کرام سے بھی اس کے موافق مروی ہے۔

۲۳۰- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ وَأَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ قَالَ فِيمَنْ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا قَالَ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ

حضرت ابووائل، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اس شخص کے بارے میں جو اپنی بیوی کو جماع سے پہلے تین طلاقیں دیتا ہے، فرمایا کہ وہ اس کے لیے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند سے نکاح نہ کرلے۔

زَوْجًا غَيْرَهُ .

۲۳۱ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ مِائَةً قَالَ ثَلَاثٌ تُبِينُهَا مِنْكَ وَسَائِرُهَا عُدْوَانٌ .

حضرت علقمہ، حضرت عبداللہ (رضی اللہ عنہا) سے روایت کرتے ہیں ان سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو اپنی بیوی کو ایک سو طلاق دیتا ہے انہوں نے فرمایا تین اسے تم سے جدا کردیں گی اور باقی طلاقیں زیادتی (گناہ) ہے۔

۲۳۲ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا أَخْبَرَهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو فَسَأَلَهُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا قَالَ عَطَاءٌ فَقُلْتُ لَهُ طَلَاقُ الْبِكْرِ وَاحِدَةٌ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ إِنَّمَا أَنْتَ قَاصٌّ الْوَاحِدَةُ تُبِينُهَا وَالثَّلَاثُ تُحَرِّمُهَا حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ .

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک شخص حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور اس شخص کے بارے میں پوچھا جس نے اپنی بیوی کو جماع سے پہلے تین طلاقیں دے دیں حضرت عطا فرماتے ہیں میں نے اس کہا کہ غیر مدخولہ عورت کی طلاق ایک ہوتی ہے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم واعظ ہو ایک طلاق اسے جدا کردیتی ہے اور تین طلاقیں اسے حرام کر دیتی ہے یہاں تک کہ وہ کسی اور شخص سے نکاح کرلے۔

۲۳۳ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ قَالَا ثَنَا ابْنُ الْهَادِ عَنْ رَبِيعَةَ ابْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ الْوَاحِدُ يُبِينُهَا وَالثَّلَاثُ تُحَرِّمُهَا .

حضرت عطاء بن یسار، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا ایک طلاق اسے جدا کر دیتی ہے اور تین طلاقیں اسے حرام کر دیتی ہیں۔

۲۳۴ - حَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ ثَنَا سَعِيدٌ هُوَ ابْنُ مَنْصُورٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ قَالَ وَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِذَا أُتِيَ بِرَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا أَوْجَعَ ظَهْرَهُ .

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں وہ عورت اس (پہلے خاوند) کے لیے حلال نہیں یہاں تک کہ دوسرے خاوند (کسی دوسرے شخص) سے نکاح کرلے اور فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس جب کوئی ایسا شخص آتا جس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہوتیں تو آپ اس کو سزا دیتے۔

۲۳۵ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ الْبِكْرَ ثَلَاثًا أَنَّهَا لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ .

حضرت شقیق، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اس شخص کے بارے میں جو غیر مدخولہ بیوی کو تین طلاقیں دیتا ہے، فرمایا کہ وہ اس کے لیے حلال نہیں حتیٰ کہ وہ دوسرے شخص سے نکاح کرلے۔

۲۳۶ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ قَالَ ثَنِيْ شَقِيْقٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُمَرَ مِثْلَهٗ ۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ قَدْ رَاَيْنَا الْعِبَادَ اُمِرُوْا اَنْ لَّا يَنْكِحُوا النِّسَاءَ اِلَّا عَلٰى شَرَائِطَ مِنْهَا اَنَّهُمْ مُنِعُوْا مِنْ نِكَاحِهِنَّ فِيْ عِدَّتِهِنَّ فَكَانَ مَنْ نَكَحَ امْرَاَةً فِيْ عِدَّتِهَا لَمْ يَثْبُتْ نِكَاحُهٗ عَلَيْهَا وَهُوَ فِيْ حُكْمِ مَنْ لَّمْ يَعْقِدْ عَلَيْهَا نِكَاحًا فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ يَّكُوْنَ كَذٰلِكَ هُوَ اِذَا عَقَدَ عَلَيْهَا طَلَاقًا فِيْ وَقْتٍ قَدْ نُهِيَ عَنْ اِيْقَاعِ الطَّلَاقِ فِيْهِ اَنْ لَّا يَقَعَ طَلَاقُهٗ ذٰلِكَ وَاَنْ يَّكُوْنَ فِيْ حُكْمِ مَنْ لَّمْ يُوْقِعْ طَلَاقًا ۔

فَالْجَوَابُ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ مَا ذُكِرَ مِنْ عَقْدِ النِّكَاحِ كَذٰلِكَ هُوَ وَكَذٰلِكَ الْعُقُوْدُ كُلُّهَا الَّتِيْ يَدْخُلُ الْعِبَادُ بِهَا فِيْ اَشْيَاءَ لَا يَدْخُلُوْنَ فِيْهَا اِلَّا مِنْ حَيْثُ اُمِرُوْا بِالدُّخُوْلِ فِيْهَا وَاَمَّا الْخُرُوْجُ مِنْهَا فَقَدْ يَجُوْزُ بِغَيْرِ مَا اُمِرُوْا بِالْخُرُوْجِ بِهٖ مِنْ ذٰلِكَ اِنَّا قَدْ رَاَيْنَا الصَّلَوٰتِ قَدْ اُمِرَ الْعِبَادُ بِدُخُوْلِهَا اَنْ لَّا يَدْخُلُوْهَا اِلَّا بِالتَّكْبِيْرِ وَالْاَسْبَابِ الَّتِيْ يَدْخُلُوْنَ فِيْهَا وَاُمِرُوْا اَنْ لَّا يَخْرُجُوْا مِنْهَا اِلَّا بِالتَّسْلِيْمِ فَكَانَ مَنْ دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ بِغَيْرِ طَهَارَةٍ وَبِغَيْرِ تَكْبِيْرٍ لَمْ يَكُنْ دَاخِلًا فِيْهَا وَكُلُّ مَنْ تَكَلَّمَ فِيْهَا بِكَلَامٍ مَكْرُوْهٍ اَوْ فَعَلَ فِيْهَا شَيْئًا مِمَّا لَا يُفْعَلُ فِيْهَا مِنَ الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالْمَشْيِ وَمَا اَشْبَهَهٗ خَرَجَ بِهٖ مِنَ الصَّلٰوةِ وَكَانَ مُسِيْئًا فِيْمَا فَعَلَ مِنْ ذٰلِكَ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَكَذٰلِكَ الدُّخُوْلُ فِي النِّكَاحِ لَا يَكُوْنُ اِلَّا مِنْ حَيْثُ اُمِرَ الْعِبَادُ بِالدُّخُوْلِ فِيْهِ وَالْخُرُوْجُ مِنْهُ قَدْ يَكُوْنُ بِمَا اُمِرُوْا بِالْخُرُوْجِ بِهٖ مِنْهُ وَبِغَيْرِ ذٰلِكَ فَهٰذَا كُلُّهٗ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ

حضرت شقیق، حضرت انس بن مالک سے اور وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

اگر کوئی شخص کہے کہ ہم دیکھتے ہیں بندوں کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ وہ عورتوں سے کچھ شرائط کی بنیاد پر نکاح کریں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ان کو عدت کے دوران نکاح سے منع کیا گیا، پس جو شخص کسی عورت سے اس کی عدت کے دوران نکاح کرے اس کا اس سے نکاح ثابت نہیں ہوگا اور وہ نکاح نہ کرنے والے کے حکم میں ہوگا تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ اگر وہ ایسے وقت میں طلاق دے جب طلاق دینا منع ہے تو طلاق واقع نہ ہو اور وہ طلاق نہ دینے والے کے حکم میں ہو۔

اس سلسلے میں جواب یہ ہے کہ عقدِ نکاح کے سلسلے میں جو کچھ ذکر کیا گیا ہے ان تمام عقود کا معاملہ اسی طرح ہے جن کے ذریعے بندے کسی کام میں داخل ہوتے ہیں یعنی وہ صرف اسی صورت میں ہی اس کام میں داخل ہوتے ہیں جو حکم کے مطابق ہو۔ لیکن (کسی کام سے) نکلنے کی صورت میں مامور بہ طریقے کے علاوہ بھی نکل سکتے ہیں۔

شلاً ہم دیکھتے ہیں کہ بندوں کو حکم دیا گیا کہ وہ نماز کو تکبیر اور ان اسباب کے ذریعے شروع کر سکتے ہیں جن کے ذریعے وہ نماز میں داخل ہوتے ہیں اور انہیں حکم ہے کہ سلام کے بغیر نماز سے نہ نکلیں اب جو شخص طہارت اور تکبیر کے بغیر نماز شروع کرتا ہے وہ نماز میں داخل نہیں ہوتا اور جو شخص نماز میں ناجائز کلام کرے یا کوئی ایسا کام کرے جو نماز میں نہیں کیا جاتا شلاً کھانا پینا اور چلنا وغیرہ تو نماز سے خارج ہو جاتا ہے اور جو عمل اس نے نماز کے دوران کیا اس کی وجہ سے گناہ گار ہو جاتا ہے۔ اسی طرح نکاح میں داخل ہونے کے لیے اس بات پر عمل ضروری ہے جس کا بندوں کو حکم دیا گیا لیکن نکاح سے نکلنا بعض اوقات ان امور کے ذریعے ہوتا ہے جن کے ساتھ نکلنے کا حکم دیا گیا اور بعض اوقات دیگر امور کے

رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۔

بَابُ ۱۸۵ الْاَقْرَاءِ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ اخْتَلَفَ النَّاسُ فِى الْاَقْرَاءِ الَّتِىْ تَجِبُ عَلَى الْمَرْاَةِ اِذَا طُلِّقَتْ فَقَالَ قَوْمٌ هِىَ الْحَيْضُ وَقَالَ اٰخَرُوْنَ هِىَ الْاَطْهَارُ ۔

فَكَانَ مِنْ حُجَّةِ مَنْ ذَهَبَ اِلٰى اَنَّهَا الْاَطْهَارُ قَوْلُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ حِيْنَ طَلَّقَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ اِمْرَاَتَهٗ وَهِىَ حَائِضٌ مُرْهُ اَنْ يُّرَاجِعَهَا ثُمَّ يَتْرُكُهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا اِنْ شَاءَ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِىْ اَمَرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ وَقَدْ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ بِاِسْنَادِهٖ فِى الْبَابِ الَّذِىْ قَبْلَ هٰذَا الْبَابِ ۔

قَالُوْا فَلَمَّا اَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يُّطَلِّقَهَا فِى الطُّهْرِ وَجَعَلَهُ الْعِدَّةَ دُوْنَهَا وَنَهَاهُ اَنْ يُّطَلِّقَهَا فِى الْحَيْضِ ۱ اَخْرَجَهٗ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ عِدَّةً ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الْاَقْرَاءَ هِىَ الْاَطْهَارُ ۔

فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ لِلْاٰخَرِيْنَ اَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ قَدْ رُوِىَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا كَمَا ذَكَرُوْا ۔

وَقَدْ رُوِىَ عَنْهُ مَا هُوَ اَتَمُّ مِنْ ذٰلِكَ رُوِىَ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ عُمَرَ اَنْ يَّاْمُرَهٗ اَنْ يُّرَاجِعَهَا ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا اِنْ شَاءَ وَقَالَ تِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِىْ اَمَرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ وَقَدْ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ اَيْضًا بِاِسْنَادِهٖ فِى الْبَابِ الَّذِىْ

ذریعے ہوتا ہے یہ تمام بیان حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ، امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ کا قول ہے

لفظ "اقراءُ" کی تحقیق

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں لوگوں (فقہاء) کا اس "اقراءُ" کے بارے میں اختلاف ہے جو مطلقہ عورت پر واجب ہوتا ہے ایک جماعت کے نزدیک اس سے حیض مراد ہے جبکہ دوسرے حضرات فرماتے ہیں یہ طہر ہیں جو لوگ اسے طہر قرار دیتے ہیں انکی دلیل سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمایا انہیں کہیں کہ رجوع کریں پھر چھوڑ دیں حتیٰ کہ وہ پاک ہو جائے پھر اگر چاہیں تو طلاق دیں تو یہ عدت (وقت) جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس میں عورتوں کو طلاق دی جائے ہم نے اسے اس کی سند کے ساتھ گزشتہ باب میں ذکر کیا ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ وہ انہیں حالت طہر میں طلاق دیں اور اسی کو عدت قرار دیا حیض کو نہیں نیز انہیں حالت حیض میں طلاق دینے سے منع کیا اور اسے عدت بننے سے خارج کیا تو اس سے ثابت ہوا کہ "اقراء" سے مراد طہر ہیں۔

دوسرے حضرات کی طرف سے ان کے خلاف حجت یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس طرح مروی ہے جس طرح انہوں نے ذکر کیا۔

لیکن ان ہی سے اس سے زیادہ مکمل حدیث مروی ہے ان سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ ان کو رجوع کے بارے میں فرمائیں پھر اسے (اپنی بیوی) کو چھوڑے رکھیں (یعنی طلاق نہ دیں) حتیٰ کہ وہ ایک ہو جائے پھر حیض آئے پھر پاک ہو اس کے بعد اگر چاہیں تو طلاق دے دیں اور فرمایا کہ یہ وہ گنتی ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اس کے پورا ہونے پر عورتوں کو طلاق دی جائے ہم نے اس حدیث کو بھی

۱ جس عورت کو حیض آتا ہو اور اسے طلاق دی جائے اس کی عدت "ثلثۃ قروء" (تین قروء) بیان کی گئی احناف کے نزدیک قرء سے مراد حیض ہے۔

قَبْلَ هٰذَا الْبَابِ فَلَمَّا نَهَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ اِيْقَاعِ الطَّلَاقِ فِي الطُّهْرِ الَّذِيْ بَعْدَ الْحَيْضَةِ الَّتِيْ طَلَّقَ فِيْهَا حَتّٰى يَكُوْنَ طُهْرٌ وَحَيْضَةٌ اُخْرٰى بَعْدَهَا ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّهٗ لَوْ كَانَ اَرَادَ بِقَوْلِهٖ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَآءُ الْاَطْهَارَ اِذًا لَجَعَلَ لَهٗ اَنْ يُطَلِّقَهَا بَعْدَ طُهْرِهَا مِنْ هٰذِهِ الْحَيْضَةِ وَلَا يَنْتَظِرَ مَا بَعْدَهَا لِاَنَّ ذٰلِكَ طُهْرٌ فَلَمَّا لَمْ يُبِحْ لَهُ الطَّلَاقَ فِيْ ذٰلِكَ الطُّهْرِ حَتّٰى تَكُوْنَ طُهْرًا اٰخَرَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ ذٰلِكَ الطُّهْرِ حَيْضَةٌ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ تِلْكَ الْعِدَّةَ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَآءُ اِنَّمَا هِيَ وَقْتُ مَا تُطَلَّقُ النِّسَآءُ وَلَيْسَ لِاَنَّهَا عِدَّةٌ تُطَلَّقُ لَهَا النِّسَآءُ يَجِبُ بِذٰلِكَ اَنْ تَكُوْنَ هِيَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ تَعْتَدُّ بِهَا النِّسَآءُ لِاَنَّ الْعِدَّةَ مُخْتَلِفَةٌ.

مِنْهَا عِدَّةُ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا.

وَمِنْهَا عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ ثَلٰثَةُ قُرُوْءٍ.

وَمِنْهَا عِدَّةُ الْحَامِلِ اَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا فَكَانَتِ الْعِدَّةُ اِسْمًا وَاحِدًا لِمَعَانٍ مُخْتَلِفَةٍ وَلَمْ يَكُنْ كُلُّ مَا لَزِمَهٗ اِسْمُ عِدَّةٍ وَجَبَ اَنْ يَكُوْنَ قُرُوْءًا فَكَذٰلِكَ لَمَّا لَزِمَ اِسْمُ الْوَقْتِ الَّذِيْ تُطَلَّقُ فِيْهِ النِّسَآءُ اِسْمُ عِدَّةٍ لَمْ يَثْبُتْ لَهٗ بِذٰلِكَ اِسْمُ الْقُرُوْءِ فَهٰذِهٖ مُعَارَضَةٌ صَحِيْحَةٌ وَلَوْ اَرَدْنَا اَنْ نُكْثِرَ هٰهُنَا فَنَحْتَجَّ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِلْمُسْتَحَاضَةِ دَعِي الصَّلٰوةَ اَيَّامَ اَقْرَائِكِ فَنَقُوْلُ الْاَقْرَآءُ هِيَ الْحَيْضُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى

اس کی سند سے گزشتہ باب میں ذکر کیا تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس طہر میں طلاق دینے سے روکا جو اس حیض کے بعد ہے جس میں طلاق دی حتیٰ کہ ایک طہر گزرے اور پھر حیض آجائے اس سے ثابت ہوا کہ اگر آپ کے ارشاد گرامی "یہ وہ عدت (گنتی) ہے جس کے بعد اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا۔" سے طہر مراد ہوتا تو آپ اس حیض کے بعد والے طہر میں طلاق دینا جائز قرار دیتے اور جو کچھ اس کے بعد ہے اس کی انتظار نہ فرماتے کیونکہ یہ طہر ہے تو جب اس طہر میں طلاق دینا جائز قرار نہیں دیا حتیٰ کہ ایک اور طہر آجائے اور ان دونوں طہروں کے درمیان حیض ہو تو اس سے ثابت ہوا کہ جس گنتی کے پورا ہونے پر اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کی اجازت دی ہے اس سے مراد وہ وقت ہے جس میں عورتوں کو طلاق دی جائے یہ بات نہیں کہ چونکہ اس گنتی پر عورتوں کو طلاق دی جاتی ہے تو واجب ہے کہ یہی وہ عدت ہو جسے عورتیں گزارتی ہیں کیونکہ عدت کی مختلف قسمیں ہیں۔

ان میں سے ایک بیوہ کی عدت ہے اور وہ چار مہینے دس دن ہیں۔

اور ان میں سے ایک مطلقہ عورت کی عدت ہے اور وہ تین قروء ہیں

ان میں سے ایک حاملہ کی عدت ہے کہ اس کا بچہ پیدا ہو جائے تو لفظ عدت ایک اسم ہے جس کے مختلف معانی ہیں ایسا نہیں کہ جہاں بھی لفظ عدت آئے تو اس سے قروء ہی مراد ہو۔ تو اسی طرح جب اس وقت کو عدت کہا گیا جس میں عورتوں کو طلاق دی جاتی ہے تو اس کے لیے قروء کا اسم ثابت نہیں ہوگا یہ صحیح معارضہ ہے اور اگر ہم یہاں زیادہ گفتگو کرنا چاہیں تو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی سے استدلال کرتے ہیں آپ نے مستحاضہ عورت سے فرمایا اپنے "اقراء" کے دنوں میں نماز چھوڑ دو تو یہاں اقراء سے مراد حیض ہے جو زبان رسالت سے بیان ہوا یہ وہی بات ہے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَكَانَ ذٰلِكَ مَا قَدْ تَعَلَّقَ بِهٖ بَعْضُ مَنْ تَقَدَّمَ وَلٰكِنَّا لَا نَفْعَلُ ذٰلِكَ لِاَنَّ الْعَرَبَ قَدْ تُسَمِّي الْحَيْضَ قَرْءًا وَتُسَمِّي الطُّهْرَ قَرْءًا وَتَجْمَعُ الْحَيْضَ وَالطُّهْرَ وَتُسَمِّيْهِمَا قَرْءًا۔

۲۲۷- **حَدَّثَنِيْ** بِذٰلِكَ مَحْمُوْدُ بْنُ حَسَّانِ النَّحْوِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ۔

وَفِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا حُجَّةٌ اُخْرٰى اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هُوَ الَّذِيْ خَاطَبَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهٖ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ وَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ عِنْدَهٗ دَلِيْلًا اَنَّ الْاَقْرَاءَ الْاَطْهَارُ اِذْ قَدْ جَعَلَ الْاَقْرَاءَ الْحَيْضَ فِيْمَا رُوِيَ عَنْهُ فَاِذَا كَانَ هٰذَا عِنْدَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَقَدْ خَاطَبَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ لَا دَلِيْلَ فِيْهِ عَلٰى اَنَّ الْقَرْءَ الطُّهْرُ كَانَ مَنْ بَعْدَهٗ فِيْهِ اَيْضًا كَذٰلِكَ وَسَنَذْكُرُ مَا رُوِيَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ مَوْضِعِهٖ مِنْ هٰذَا الْبَابِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

وَكَانَ مِمَّا احْتَجَّ بِهِ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْاَقْرَاءَ الْاَطْهَارَ اَيْضًا۔

۲۲۸- **مَا قَدْ** حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا نَقَلَتْ حَفْصَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ حِيْنَ دَخَلَتْ فِي الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمْرَةَ فَقَالَتْ صَدَقَ عُرْوَةُ وَقَدْ جَادَلَهَا فِيْ ذٰلِكَ اُنَاسٌ

جس سے بعض متقدمین نے استدلال کیا لیکن ہم ایسا نہیں کریں گے کیونکہ اہل عرب بعض اوقات حیض کو اور بعض اوقات طہر کو "قرء" کہتے ہیں بعض اوقات حیض اور طہر جمع ہوتے ہیں تو دونوں کا نام "قرء" رکھ دیتے ہیں۔

یہ بات ہم (امام طحاوی رحمہ اللہ) سے محمود بن حسان نحوی نے بیان کی وہ عبدالملک بن ہشام سے وہ ابوزید سے اور وہ ابوعمرو بن علاء سے روایت کرتے ہیں۔

یہاں دوسری دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہی کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مخاطب کر کے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس عدت (کی تکمیل) پر عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا ہے اور آپ (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ) اسے اقراء کے طہر ہونے پر دلیل نہیں قرار دیتے تھے کیونکہ آپ کے نزدیک اقراء سے مراد حیض ہیں یہ بات آپ سے مروی ہے تو جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جنہیں اس سلسلے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاب فرمایا، کے نزدیک اس میں قرء بمعنی طہر پر دلیل نہیں تو بعد والوں کے نزدیک بھی اسی طرح ہو گا ہم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی قول اسی باب میں مناسب مقام پر ذکر کریں گے۔

"اقراء" سے طہر مراد لینے والوں کے دلائل میں سے یہ بھی ہے۔

حضرت عروہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت حفصہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہا کو تیسرے حیض کے شروع ہونے پر (اپنے ہاں) منتقل کر لیا ابن شہاب فرماتے ہیں میں نے یہ بات حضرت عمرہ سے ذکر کی تو انہوں نے فرمایا حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سچ کہتے ہیں اس سلسلے میں صحابہ کرام نے حضرت ام المؤمنین سے جھگڑا کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے "ثلثة قروء" فرمایا ہے حضرت

وَقَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ ثَلَاثَۃَ قُرُوْءٍ فَقَالَتْ عَآئِشَۃُ صَدَقْتُمْ اَتَدْرُوْنَ مَا الْاَقْرَآءُ اِنَّمَا الْاَقْرَآءُ الْاَطْهَارُ۔

عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تم ٹھیک کہتے ہو لیکن کیا تم جانتے ہو کہ "اقراء" کیا ہیں اقراء سے طہر مراد ہیں۔

۲۳۹۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِکًا حَدَّثَهٗ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ سَمِعْتُ اَبَا بَکْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ یَقُوْلُ مَا اَدْرَکْتُ اَحَدًا مِّنْ فُقَهَآئِنَا اِلَّا وَهُوَ یَقُوْلُ هٰذَا یُرِیْدُ الَّذِیْ قَالَتْ عَآئِشَۃُ۔

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوبکر بن عبدالرحمن رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے کسی فقیہ کو نہیں پایا مگر وہ یہی بات کہتا تھا یعنی جو کچھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔

۲۴۰۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِکًا اَخْبَرَهٗ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ فَدَخَلَتْ فِی الدَّمِ مِنَ الْحَیْضَۃِ الثَّالِثَۃِ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ وَبَرِیَٔ مِنْهَا وَلَا تَرِثُهٗ وَلَا یَرِثُهَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہا سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دے پھر اسے تیسرے حیض کا خون آنا شروع ہو جائے تو وہ اس (خاوند) سے بری ہوگئی اور وہ (خاوند) اس (بیوی) سے بری ہوگیا نہ وہ اس کی وارث ہوگی اور نہ وہ اس کا وارث ہوگا۔

۲۴۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْاَزْرَقُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اِذَا طَعَنَتِ الْمُطَلَّقَۃُ فِی الْحَیْضَۃِ الثَّالِثَۃِ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ وَبَرِیَٔ مِنْهَا۔

حضرت سلیمان بن یسار، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جب مطلقہ عورت کا تیسرا حیض شروع ہو جائے تو وہ خاوند سے اور خاوند اس سے بری ہو جاتا ہے۔

۲۴۲۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت یونس فرماتے ہیں ہم سے حضرت سفیان نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۲۴۳۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنِیْ ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ قَضٰی زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَذَکَرَ مِثْلَهٗ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَاَخْبَرَنِیْ بِذٰلِکَ عُرْوَۃُ عَنْ عَآئِشَۃَ۔

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں مجھے یہ بات حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے بتائی۔

۲۴۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ مُعَاوِیَۃَ کَتَبَ اِلٰی زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ یَسْاَلُهٗ فَکَتَبَ اَنَّهَا اِذَا دَخَلَتْ فِی الْحَیْضَۃِ الثَّالِثَۃِ فَقَدْ بَانَتْ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن ثابت سے یہ بات پوچھنے کے لیے انکو خط لکھا تو انہوں نے فرمایا جب تیسرا حیض شروع ہو جائے تو عورت اس سے جدا ہو جاتی ہے حضرت نافع فرماتے

مِنْهُ قَالَ نَافِعٌ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُولُهُ
قَالُوا فَهٰذِهِ اَقَاوِيْلُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فِيْ ذٰلِكَ تَدُلُّ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا۔
قِيْلَ لَهُمْ هٰذَا لَوْ لَمْ يَخْتَلِفْ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ فَاَمَّا اِذَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ مَا ذَكَرْتُمْ وَقَالَ اٰخَرُوْنَ مِنْهُمْ بِخِلَافِ ذٰلِكَ لَمْ يَجِبْ بِمَا ذَكَرْتُمْ لَكُمْ حُجَّةٌ
فَمِمَّا رُوِيَ خِلَافُ مَا احْتَجُّوْا بِهٖ مِنْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ الْمَذْكُوْرَةِ عَمَّنْ رُوِيَتْ عَنْهُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّالَّةِ عَلٰى اَنَّ الْاَقْرَاءَ غَيْرُ الْاَطْهَارِ۔

ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی یہی بات فرماتے تھے۔
یہ حضرات فرماتے ہیں کہ یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال ہیں جو ہماری مذکورہ بالا گفتگو پر دلالت کرتے ہیں۔
ان کو (جواباً) کہا جائے گا کہ یہ بات (اس وقت دلیل) ہوتی جب اس سلسلے میں صحابہ کرام کے درمیان اختلاف نہ ہوتا لیکن جب ان کے درمیان اختلاف ہے اور بعض نے وہ بات فرمائی جو تم کہتے ہو اور دوسرے صحابہ کرام اس کے خلاف قول کرتے ہیں تو تمہارے موقف پر اس کا دلیل بننا ضروری نہیں۔
جن مذکورہ روایات سے ان حضرات نے استدلال کیا ہے ان کے خلاف صحابہ کرام سے روایات مروی ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ "اقراء" سے طہر کے علاوہ معنیٰ مراد ہے۔

۲۴۵۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ زَوْجُهَا اَحَقُّ بِهَا مَالَمْ تَغْتَسِلْ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جب تک وہ تیسرے حیض سے غسل نہ کرلے اس کا خاوند زیادہ حق رکھتا ہے۔

۲۴۶۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ اَنَّ رَجُلًا طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ فَحَاضَتْ حَيْضَتَيْنِ فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ وَدَخَلَتِ الْمُغْتَسَلَ اَتَاهَا زَوْجُهَا فَقَالَ قَدْ رَاجَعْتُكِ ثَلَاثًا فَارْتَفَعَا اِلٰى عُمَرَ فَاجْمَعَ عُمَرُ وَعَبْدُ اللّٰهِ عَلٰى اَنَّهٗ اَحَقُّ بِهَا مَالَمْ تَحِلَّ لَهُ الصَّلٰوةُ فَرَدَّهَا عُمَرُ عَلَيْهِ

حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی پھر اسے دو حیض آئے جب تیسرا حیض آیا اور وہ غسل خانہ میں داخل ہوئے تو اس کا خاوند آگیا اس نے تین بار کہا "میں نے تجھ سے رجوع کرلیا پھر وہ دونوں اپنا مسئلہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے چنانچہ حضرت عمر فاروق اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما اس بات پر متفق ہوگئے کہ جب تک اس کے لیے نماز پڑھنا جائز نہیں ہوجاتا اس کا خاوند زیادہ حق رکھتا ہے (یعنی رجوع صحیح ہے) چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو (خاوند کی طرف) لوٹا دیا۔

۲۴۷۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے تھے جب کوئی شخص اپنی بیوی کو دو طلاقیں دے تو

عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ إِذَا طَلَّقَ الْعَبْدُ امْرَاَتَهٗ ثِنْتَيْنِ فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ حُرَّةً كَانَتْ اَوْ اَمَةً وَعِدَّةُ الْحُرَّةِ ثَلَاثُ حِيَضٍ وَ عِدَّةُ الْاَمَةِ حَيْضَتَانِ.

وہ اس پر حرام ہو جاتی ہے حتیٰ کہ دوسرے خاوند سے نکاح کرے چاہے وہ لونڈی ہو یا آزاد، نیز آزاد عورت کی عدت تین حیض اور لونڈی کی عدت دو حیض ہیں۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَهٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ الَّذِیْ رَوٰی عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْلَهٗ لِعُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَآءُ لَمْ يَدُلَّ ذٰلِكَ عَلٰی اَنَّ الْاَقْرَآءَ الْاَطْهَارُ اِذَا كَانَ قَدْ جَعَلَهَا الْحِيَضَ.

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ہیں اور یہی اس بات کے راوی ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمائی کہ یہ وہ عدت (مدت) ہے جس کے پورا ہونے پر عورتوں کو طلاق دی جائے تو یہ اس بات پر دلالت نہیں ہے کہ "اقراء" سے مراد طہارت ہے کیونکہ

امام طحاوی کا قول

۲۴۸- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِیُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ مَكْحُوْلٍ اَنَّهٗ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَذَكَرَ لَهٗ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ فَرَاَتْ اَوَّلَ قَطْرَةٍ مِّنْ دَمٍ مِّنْ حَيْضَتِهَا الثَّالِثَةِ فَلَا رَجْعَةَ لَهٗ عَلَيْهَا قَالَ فَسَاَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ بِالْمَدِيْنَةِ فَبَلَغَنِیْ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَاَبَا الدَّرْدَآءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ كَانُوْا يَجْعَلُوْنَ لَهٗ عَلَيْهَا الرَّجْعَةَ حَتّٰى تَغْتَسِلَ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ

حضرت مکحول سے مروی ہے کہ وہ مدینہ طیبہ آئے تو سلیمان بن یسار نے ان کو بتایا کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے تھے جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دے پھر جب تیسرے حیض کا ایک قطرہ خون دیکھ لے تو اسے رجوع کا حق نہیں فرماتے ہیں میں نے مدینہ طیبہ میں اس سلسلے میں پوچھا تو مجھے معلوم ہوا کہ حضرت عمر بن خطاب، معاذ بن جبل اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہم اسے رجوع کا حق دیتے ہیں یہاں تک کہ تیسرے حیض سے غسل کرلے۔

۲۴۹- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ قَبِيْصَةُ بْنُ اَبِیْ ذُؤَيْبٍ اَنَّهٗ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُوْلُ الطَّلَاقُ اِلَی الرَّجُلِ وَالْعِدَّةُ اِلَی الْمَرْاَةِ اِنْ كَانَ الرَّجُلُ حُرًّا وَكَانَتِ الْمَرْاَةُ اَمَةً فَثَلَاثُ تَطْلِيْقَاتٍ وَالْعِدَّةُ عِدَّةُ الْاَمَةِ حَيْضَتَانِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا وَامْرَاَتُهٗ حُرَّةً طَلَّقَ طَلَاقَ الْعَبْدِ تَطْلِيْقَتَيْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں مجھے حضرت قبیصہ بن ابوذویب نے خبر دی کہ انہوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے طلاق مرد کے اعتبار سے اور عدت عورت کے اعتبار سے ہے[1] اگر مرد آزاد ہو اور عورت لونڈی ہو تو تین طلاقیں ہوں گی اور لونڈی کی عدت دو حیض ہوں گے اگر خاوند غلام اور عورت آزاد ہو تو اسے غلام کے اعتبار سے دو طلاقیں ہوں گی اور آزاد

---

[1] حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک طلاق کا تعلق عورت سے ہے یعنی اگر وہ آزاد ہے تو اسکی تین طلاقیں ہیں چاہے اس کا خاوند آزاد ہو (بقیہ اگلے صفحہ پر)

وَاعْتَدَّتْ عِدَّةَ الْحُرَّةِ ثَلَاثَ حِيَضٍ.

فَلَمَّا جَاءَ هٰذَا الْاِخْتِلَافُ عَنْهُمْ ثَبَتَ اَنَّهُ لَا يُحْتَجُّ فِيْ ذٰلِكَ بِقَوْلِ اَحَدٍ مِّنْهُمْ لِاَنَّهُ مَتٰى احْتَجَّ مُحْتَجٌّ فِيْ ذٰلِكَ بِقَوْلِ بَعْضِهِمْ احْتَجَّ مُخَالِفُهُ عَلَيْهِ بِقَوْلِ مِثْلِهِ فَارْتَفَعَ ذٰلِكَ كُلُّهُ اَنْ يَكُوْنَ فِيْهِ حُجَّةٌ لِاَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ عَلَى الْفَرِيْقِ الْاٰخَرِ.

وَكَانَ مِنْ حُجَّةِ مَنْ جَعَلَ الْاَقْرَاءَ الْحِيَضَ عَلٰى مُخَالِفِهِ اَنْ قَالَ فَاِذَا كَانَتِ الْاَقْرَاءُ الْاَطْهَارَ فَاِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ وَهِيَ طَاهِرٌ فَحَاضَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسَاعَةٍ فَحُسِبَ ذٰلِكَ لَهَا قُرْءٌ مَعَ قُرْءَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ كَانَتْ عِدَّتُهَا قُرْءَيْنِ وَبَعْضَ قُرْءٍ وَاِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ.

فَكَانَ مِنْ حُجَّةِ مَنْ ذَهَبَ اِلٰى اَنَّ الْاَقْرَاءَ الْاَطْهَارُ فِيْ ذٰلِكَ اَنْ قَالَ فَقَدْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ فَكَانَ ذٰلِكَ عَلٰى شَهْرَيْنِ وَبَعْضِ شَهْرٍ فَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا الْاَقْرَاءَ الثَّلَاثَةَ عَلٰى قُرْءَيْنِ وَبَعْضِ قُرْءٍ.

فَكَانَ مِنْ حُجَّتِنَا عَلَيْهِمْ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ فِي الْاَقْرَاءِ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ وَلَمْ يَقُلْ فِي الْحَجِّ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ وَاِنْ قَالَ فِيْ ذٰلِكَ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ فَاَجْمَعُوْا اَنَّ ذٰلِكَ عَلٰى شَهْرَيْنِ وَبَعْضِ شَهْرٍ ثَبَتَ بِذٰلِكَ مَا قَالَ الْمُخَالِفُ لَنَا وَلٰكِنَّهُ اِنَّمَا قَالَ اَشْهُرٌ وَلَمْ يَقُلْ ثَلَاثَةً فَاَمَّا مَا حَصَرَهُ بِالثَّلَاثَةِ فَقَدْ حَصَرَهُ بِعَدَدٍ مَّعْلُوْمٍ فَلَا يَكُوْنُ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ الْعَدَدِ كَمَا اَنَّهُ لَمَّا قَالَ وَالّٰٓئِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ

عورت کی عدت یعنی تین حیض گزارے گی۔

توجب ان (صحابہ کرام) سے یہ اختلاف منقول ہے تو ثابت ہوا کہ ان میں سے کسی ایک کے قول سے بھی استدلال نہیں کیا جاسکتا کیونکہ جب کوئی دلیل پکڑنے والا بعض کے قول سے استدلال کرے گا تو اس کا مخالف اسی قسم کے قول) سے اس کے خلاف دلیل دے گا تو ان روایات کا کسی ایک فریق کے لیے دوسرے کے خلاف دلیل بننا ختم ہو گیا۔

جن لوگوں نے اقراء سے حیض مراد لیا ہے انہوں نے اپنے مخالف کے خلاف دلیل دیتے ہوئے فرمایا کہ جب اقراء سے طہر مراد لیے جائیں تو اس صورت میں جب خاوند اپنی بیوی کو حالتِ طہر میں طلاق دے پھر اسی وقت اسے حیض آجائے تو اس طہر کو بھی بعد میں آنے والے دو طہروں کے ساتھ شمار کیا جائے گا تو اس کی عدت دو مکمل طہر اور ایک طہر کا کچھ حصہ ہوگا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تین "قروء" ارشاد فرمایا (دیکھئے سورہ ۲ کی آیت ۲۲۸)

جو حضرات "اقراء" سے طہر مراد لیتے ہیں وہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا "حج کے معلوم مہینے ہیں" اور اس سے مراد دو ماہ مکمل اور تیسرے مہینے کا کچھ حصہ ہے (دس دن) اسی طرح ہم بھی تین طہروں سے دو مکمل اور ایک طہر کا کچھ حصہ مراد لیتے ہیں۔

ان کے خلاف ہماری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے "اقراء" کے سلسلے میں تین قروء فرمایا ہے جب کہ حج کے بارے میں تین مہینے نہیں فرمایا اگر وہ تین مہینے فرماتا اور ہمارے حضرات دو مکمل اور ایک ناقص پر متفق ہوتے تو ہمارے مخالف کی بات درست ہوتی لیکن اللہ تعالیٰ نے "اشہر" (مہینے) فرمایا تین کا لفظ نہیں فرمایا اور جن لوگوں نے اسے تین کے ساتھ مقید کیا انہوں نے معلوم عدد کی وجہ سے مقید کیا پس اس عدد سے کم نہیں ہوگا جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا تمہاری وہ عورتیں جو حیض سے ناامید ہو جائیں تو ان کی عدت تین مہینے ہے اور اسی طرح وہ عورتیں جنہیں حیض نہ آتا ہو (ان کی عدت بھی

(بقیہ حاشیہ) یا غلام اور لونڈی ہے تو اس کی دو طلاقیں ہیں خاوند آزاد ہو یا غلام۔ ۱۲ ہزاروی۔

ثلاثة أشهر واللائي لم يحضن فحصر ذلك بالعدد فلم يكن ذلك على أقل من ذلك العدد وكذلك لما حصر الأقراء بالعدد فقال ثلاثة قروء فلم يكن ذلك على أقل من ذلك العدد.

وكان من حجة من ذهب إلى أن الأقراء الأطهار أيضا أن قال لما كانت الهاء تثبت في عدد المذكر فيقال ثلاثة رجال وتنتفي من عدد المؤنث فيقال ثلاث نسوة فقال الله تعالى ثلاثة قروء فأثبت الهاء ثبت أنه أراد بذلك مذكرا وهو الطهر لا الحيض.

وكان من الحجة عليهم في ذلك أن الشيء إذا كان له اسمان أحدهما مذكر والآخر مؤنث فإن جمع بالمذكر أثبتت الهاء وإن جمع بالمؤنث أسقطت الهاء من ذلك أنك تقول هذا ثوب وهذه ملحفة فإن جمعت بالثوب قلت ثلاثة أثواب وإن جمعت بالملحفة قلت ثلاث ملاحف وكذلك هذه دار وهذا منزل لشيء واحد فكان الشيء قد يكون واحدا يسمى باسمين مختلفين أحدهما مذكر والآخر مؤنث فإذا جمع بالمذكر فعل فيه كما يفعل في جمع المذكر فأثبتت الهاء وإن جمع بالمؤنث فعل فيه كما يفعل في جمع المؤنث فأسقطت الهاء فكذلك الحيضة والقرء هما اسمان بمعنى واحد وهو الحيضة فإن جمع بالحيضة سقطت الهاء فقيل ثلاث حيض وإن جمع بالقرء ثبتت الهاء فقيل ثلاثة قروء فكذلك كله اسمان لشيء واحد فانتفى بذلك ما ذكرنا مما احتج به

یہی ہے) تو یہاں عدد کی وجہ سے تین مہینے پر انحصار کیا گیا لہٰذا اس سے کم نہیں ہوگا اسی طرح جب قروء کو تین میں بند کر دیا گیا اور فرمایا "تین قروء" تو تین سے کم نہیں ہو سکتے۔

اقراء (قروء) سے طہر مراد لینے والوں کی ایک دلیل یہ ہے کہ جب حرف 'ہا' (تائے تانیث) مذکر عدد کے لیے ثابت ہے کہا جاتا ہے "ثلاثۃ رجال" اور مونث عدد میں یہ نہیں آتا ہے کہا جاتا ہے "ثلاث نسوۃ" اور اللہ تعالیٰ نے "ثلاثۃ قروء" فرما کر حرف "ہا" کو قائم رکھا تو ثابت ہوا کہ اس سے مذکر مراد ہے اور وہ طہر ہے حیض نہیں۔

اس سلسلے میں ان کے خلاف حجت یہ ہے کہ جب کسی چیز کے دو نام ہوں ایک مذکر اور دوسرا مونث ہو تو اگر مذکر کی صورت میں جمع لائیں تو "ہا" قائم ہوتی ہے اور اگر مونث کی صورت میں جمع کو لایا جائے تو حرف "ہا" گر جاتا ہے اسی سے تم کہتے ہو "ھذا ثوب" اور "ھذہ ملحفۃ" اور اگر "ثوب" کو جمع لائیں تو کہیں گے "ثلاثۃ اثواب" اور اگر "ملحفہ" کو جمع لائیں تو "ثلاث ملاحف" کہیں گے اسی طرح ایک ہی چیز کو "ھذہ دار" اور "ھذا منزل" کہتے گے تو ایک چیز کبھی دو مختلف ناموں سے موسوم ہوتی ہے ان میں سے ایک مذکر اور دوسرا مونث ہوتا ہے اگر اس کو جمع مذکر کی صورت میں لائیں تو وہی عمل کیا جائے گا جو جمع مذکر میں کیا جاتا ہے اور حرف "ہا" کو باقی رکھا جائے گا اور اگر جمع مونث کی شکل میں لائیں تو اس میں وہ عمل کیا جائے گا جو جمع مونث میں کیا جاتا ہے پس حرف "ہا" کو گرا دیں گے اسی طرح لفظ "حیضۃ" اور لفظ "قرء" دونوں ایک ہی چیز کے دو نام ہیں اگر "حیضۃ" کی جمع لائیں تو "ہا" گر جائے گی اور اگر لفظ قرء کی جمع لائیں تو حرف 'ہا' کے ساتھ آئے گی اس لیے "ثلاثۃ قروء" کہا گیا اور یہ ایک ہی چیز کے دو نام ہیں جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ہمارے مخالف کے استدلال کی نفی ہو گئی۔

وَاَمَّا وَجْهُ الْبَابِ مِنْ طَرِيقِ النَّظَرِ

فَاِنَّا قَدْ رَاَيْنَا الْاَمَةَ جُعِلَ عَلَيْهَا فِي الْعِدَّةِ نِصْفُ مَا جُعِلَ عَلَى الْحُرَّةِ وَكَانَتِ الْاَمَةُ اِذَا كَانَتْ مِمَّنْ لَا تَحِيضُ كَانَ عَلَيْهَا نِصْفُ عِدَّةِ الْحُرَّةِ اِذَا كَانَتْ مِمَّنْ لَا تَحِيضُ وَذٰلِكَ شَهْرٌ وَنِصْفٌ فَاِذَا كَانَ مِمَّنْ تَحِيضُ جُعِلَ عَلَيْهَا بِاتِّفَاقِهِمْ حَيْضَتَانِ وَاُرِيدَ بِذٰلِكَ نِصْفُ مَا عَلَى الْحُرَّةِ وَلِهٰذَا قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ قَدَرْتُ اَنْ اَجْعَلَهَا حَيْضَةً وَنِصْفًا لَفَعَلْتُ فَلَمَّا كَانَ مَا عَلَى هٰذِهِ الْاَمَةِ هُوَ الْحَيْضُ لَا الْاَطْهَارُ وَذٰلِكَ نِصْفُ مَا عَلَى الْحُرَّةِ ثَبَتَ اَنَّ مَا عَلَى الْحُرَّةِ اَيْضًا هُوَ مِنْ جِنْسِ مَا عَلَى الْاَمَةِ وَهُوَ الْحَيْضُ لَا الْاَطْهَارُ.

قیاس کے طریقے پر اس باب کا بیان اس طرح ہے کہ ہم دیکھتے ہیں لونڈی کی عدت آزاد عورت کی عدت کے مقابلے میں نصف مقرر کی گئی ہے جب لونڈی ان عورتوں میں سے ہو جن کو حیض نہیں آتا تو اس کی عدت اس آزاد عورت کی عدت کا نصف ہے جس کو حیض نہیں آتا اور یہ ڈیڑھ مہینہ ہے اور اگر اسے حیض آتا ہو تو بالاتفاق اس (لونڈی) کی عدت دو حیض ہے اور اس سے مراد آزاد عورت کی عدت کا نصف ہے۔ اسی لیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام کی موجودگی میں فرمایا کہ اگر میں اسے ڈیڑھ حیض کرنے پر قادر ہوتا تو ایسا کر دیتا تو جب لونڈی کی عدت حیض ہے طہر نہیں اور یہ عدت، آزاد عورت کی عدت کا نصف ہوتی ہے تو ثابت ہوا کہ آزاد عورت کی عدت لونڈی کی عدت کی ہم جنس ہو گی اور وہ حیض ہے طہر نہیں۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ قَوْلُ الَّذِيْنَ ذَهَبُوْا فِي الْقُرْءِ اِلٰى اَنَّهَا الْحَيْضُ وَانْتَفٰى قَوْلُ مُخَالِفِهِمْ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ.

اس سے ان لوگوں کا قول ثابت ہو گیا جو "قرء" سے حیض مراد لیتے ہیں اور ان کے مخالف کے قول کی نفی ہو گئی۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِدَّةِ الْاَمَةِ.

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لونڈی کی عدت کے بارے میں (یوں) مروی ہے۔

۲۵۰ - مَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُظَاهِرِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَعْتَدُّ الْاَمَةُ حَيْضَتَيْنِ وَتُطَلَّقُ تَطْلِيْقَتَيْنِ.

حضرت ابوالقاسم، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لونڈی دو حیض عدت گزارے اور اسے دو طلاقیں دی جائیں۔

فَدَلَّ ذٰلِكَ اَيْضًا عَلٰى مَا ذَكَرْنَا.

تو یہ بھی ہماری مذکورہ (بالا) گفتگو پر دلالت ہے۔

۲۵۱ - وَقَدْ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ

حضرت عبد اللہ بن عیسی، حضرت عطیہ سے

ثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الْجَحْدَرِیُّ عَنْ عُمَرَ بْنِ شَبِیْبِ الْمُسْلِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عِیْسٰی عَنْ عَطِیَّۃَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَیْضًا عَلٰی مَا ذَکَرْنَا وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ ۔

وہ حضرت ابن عمر (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں تو یہ بھی ہمارے موقف کی دلیل ہے اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

بَابُ ۱۸۶ الْمُطَلَّقَۃِ طَلَاقًا بَائِنًا مَاذَا لَھَا عَلٰی زَوْجِھَا فِیْ عِدَّتِھَا

مطلقہ بائنہ کی عدت کے دوران اس کے خاوند پر کیا لازم ہے

۲۵۲- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَیْمٌ قَالَ ثَنَا مُغِیْرَۃُ وَحُصَیْنٌ وَاَشْعَثُ وَاِسْمٰعِیْلُ بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ وَدَاوٗدُ وَسَیَّارٌ وَمُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی فَاطِمَۃَ بِنْتِ قَیْسٍ بِالْمَدِیْنَۃِ فَسَاَلْتُھَا عَنْ قَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْھَا قَالَتْ طَلَّقَنِیْ زَوْجِیْ الْبَتَّۃَ فَخَاصَمْتُہٗ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی السُّکْنٰی وَالنَّفَقَۃِ فَلَمْ یَجْعَلْ لِیْ سُکْنٰی وَلَا نَفَقَۃً وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَعْتَدَّ فِیْ بَیْتِ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ وَقَالَ مُجَالِدٌ فِیْ حَدِیْثِہٖ یَا ابْنَۃَ قَیْسٍ اِنَّمَا النَّفَقَۃُ وَالسُّکْنٰی عَلٰی مَنْ کَانَ لَہُ الرَّجْعَۃُ ۔

حضرت شعبی فرماتے ہیں میں مدینہ طیبہ میں حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے پوچھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں کیا فیصلہ فرمایا انہوں نے فرمایا میرے خاوند نے مجھے طلاق بائن دی تھی میں رہائش اور نفقہ کے سلسلے میں ان کے ساتھ اپنا مقدمہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئی تو آپ نے مجھے رہائش اور نفقہ کچھ بھی نہ دیا اور مجھے حکم دیا کہ میں ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر عدت گزاروں، حضرت مجالد اپنی روایت میں فرماتے ہیں (آپ نے فرمایا) اے قیس کی بیٹی! رہائش اور نفقہ اس شخص پر ہوتا ہے جسے رجوع کا حق حاصل ہوگا۔

۲۵۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَیْمُوْنٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنْ یَحْیٰی قَالَ ثَنِیْ اَبُوْسَلَمَۃَ قَالَ حَدَّثَتْنِیْ فَاطِمَۃُ بِنْتُ قَیْسٍ اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ الْمَخْزُوْمِیَّ طَلَّقَھَا ثَلَاثًا فَاَمَرَ لَھَا بِنَفَقَۃٍ فَاسْتَقَلَّتْھَا وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَہٗ نَحْوَ الْیَمَنِ فَانْطَلَقَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ فِیْ نَفَرٍ مِنْ بَنِیْ مَخْزُوْمٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ فِیْ بَیْتِ مَیْمُوْنَۃَ فَقَالَ

حضرت ابوسلمہ فرماتے ہیں حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نے مجھ سے بیان کیا کہ عمرو بن حفص مخزومی نے ان کو تین طلاقیں دیں تو ان کے لیے کچھ نفقہ کا حکم دیا انہوں نے (حضرت فاطمہ نے) اسے تھوڑا سمجھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو (حضرت عمرو بن حفص کو) یمن کی طرف بھیجا تھا حضرت خالد بن ولید بنو مخزوم کے کچھ افراد کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ اس وقت حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا عَمْرِو بْنِ حَفْصٍ فَاطِمَةَ ثَلَاثًا فَهَلْ لَهَا نَفَقَةٌ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَهَا نَفَقَةٌ وَلَا سُكْنٰى وَاَرْسَلَ اِلَيْهَا اَنْ تَنْتَقِلَ اِلٰى اُمِّ شَرِيْكٍ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَيْهَا اَنَّ اُمَّ شَرِيْكٍ يَاْتِيْهَا الْمُهَاجِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ فَانْتَقِلِيْ اِلَى ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاِنَّكِ اِذَا وَضَعْتِ خِمَارَكِ لَمْ يَرَكِ۔

انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! حضرت ابوعمرو بن حفص نے اپنی زوجہ حضرت فاطمہ کو تین طلاقیں دے دی ہیں کیا ان کے لیے نفقہ ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ انکے لیے نفقہ ہے اور نہ ہی رہائش، اور انہیں پیغام بھیجا کہ حضرت ام شریک رضی اللہ عنہا کے ہاں منتقل ہو جائیں پھر پیغام بھیجا کہ ام شریک کے پاس مہاجرین اولین کا آنا جانا ہے لہٰذا حضرت ابن ام مکتوم کے ہاں منتقل ہو جائیں کیونکہ

۲۵۴۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ ثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت بشر بن بکر فرماتے ہیں ہم سے حضرت اوزاعی نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۲۵۵۔ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ قُرِئَ عَلٰى شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ اَخْبَرَكَ اَبُوْكَ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ اَبِيْ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ اَنَّهٗ قَالَ سَاَلْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ فَاَخْبَرَتْنِيْ اَنَّ زَوْجَهَا الْمَخْزُوْمِيَّ طَلَّقَهَا وَاَنَّهٗ اَبٰى اَنْ يُّنْفِقَ عَلَيْهَا فَجَاءَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَتْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَفَقَةَ لَكِ انْتَقِلِيْ اِلَى ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَكُوْنِيْ عِنْدَهٗ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ اَعْمٰى تَضَعِيْنَ ثِيَابَكِ عِنْدَهٗ۔

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے (اس سلسلے میں) پوچھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ ان کے خاوند مخزومی نے ان کو طلاق دی اور نفقہ دینے سے انکار کر دیا وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور معاملہ عرض کیا آپ نے فرمایا تمہارے لیے نفقہ نہیں ہے تم حضرت ابن مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر چلی جاؤ وہ نابینا شخص ہیں تم وہاں اپنے کپڑے اتار سکتی ہو۔

۲۵۶۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت عمرو بن خالد فرماتے ہیں ہم سے حضرت لیث نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند اس کی مثل ذکر کیا۔

۲۵۷۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ اَنَّهٗ سَاَلَ عَبْدَ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عَمْرِو بْنِ الْحَفْصِ عَنْ طَلَاقِ جَدِّهٖ اَبِيْ عَمْرٍو فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الْحَمِيْدِ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْيَمَنِ وَوَكَّلَ عَيَّاشَ بْنَ اَبِيْ رَبِيْعَةَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا عَيَّاشٌ بِبَعْضِ النَّفَقَةِ فَسَخِطَتْهَا فَقَالَ لَهَا

حضرت لیث، حضرت ابوالزبیر مکی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبدالحمید بن عبداللہ بن ابوعمرو بن حفص سے ان کے دادا حضرت ابوعمرو کے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو طلاق دینے کے بارے میں پوچھا تو حضرت عبدالحمید نے ان سے فرمایا انہوں (حضرت ابوعمرو) نے ان کو طلاق بائن دی پھر یمن کی طرف چلے گئے اور حضرت عیاش بن ابوربیعہ کو اپنا وکیل بنایا حضرت عیاش نے ان کو کچھ نفقہ بھیجا تو انہوں نے ناراضگی کا اظہار کیا حضرت

عَیَّاشٌ مَالَكِ عَلَيْنَا مِنْ نَفَقَةٍ وَلَا مَسْكَنٍ فَهٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلِيْهِ فَسَأَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا قَالَ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ وَلَا مَسْكَنٌ وَلٰكِنْ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ اُخْرُجِيْ عَنْهُمْ فَقَالَتْ اَخْرُجُ اِلٰى بَيْتِ اُمِّ شَرِيْكٍ وَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بَيْتَهَا يُوْطَأُ اِنْتَقِلِيْ اِلٰى بَيْتِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى فَهُوَ اَوْلٰى۔

عیاش نے فرمایا ہم پر تمہارا نفقہ اور رہائش لازم نہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں آپ سے پوچھ لو انہوں نے اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا تمہارے لیے نہ نفقہ ہے اور نہ رہائش، البتہ دستور کے مطابق کچھ سامان ہے وہاں سے چلی جائیں انہوں نے پوچھا حضرت ام شریک کے گھر چلی جاؤں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا ان کے گھر میں آمد و رفت ہوتی ہے تم حضرت عبداللہ بن ام مکتوم نابینا کے گھر چلی جاؤ یہ زیادہ بہتر ہے۔

۲۵۸ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ نَفْسِهَا بِمِثْلِ حَدِيْثِ اللَّيْثِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ حَرْفًا بِحَرْفٍ۔

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن، خود حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے حرف بحرف وہ بات روایت کرتے ہیں۔ جو حضرت لیث نے حضرت ابوالزبیر سے روایت کی۔

۲۵۹ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا وَكِيْلُهٗ بِشَعِيْرٍ فَسَخِطَتْهُ فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا لَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ فَجَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ وَاعْتَدِّيْ فِيْ بَيْتِ اُمِّ شَرِيْكٍ۔

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوعمرو بن حفص نے ان کو طلاق بائن دی اور وہ وہاں موجود نہ تھے ان کے وکیل نے حضرت فاطمہ کے پاس کچھ جو بھیجے تو انہوں نے ان پر ناراضگی کا اظہار کیا انہوں نے (وکیل نے) فرمایا اللہ کی قسم! تمہارا ہمارے ذمہ کچھ بھی نہیں چنانچہ انہوں نے بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے لیے نفقہ نہیں ہے تم حضرت ام شریک کے گھر عدت گزارو

۲۶۰ - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ قَالَ ثَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ حَدَّثَتْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ سَوَاءً۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں مجھ سے حضرت ابوسلمہ نے بیان کیا کہ حضرت فاطمہ بنت قیس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے ان سے بیان کیا پھر انہوں نے اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔

۲۶۱۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ وَزَادَ فَأَنْكَرَ النَّاسُ عَلَيْهَا مَا كَانَتْ تُحَدِّثُ مِنْ خُرُوجِهَا قَبْلَ أَنْ تَحِلَّ۔

حضرت یحییٰ بن عبداللہ فرماتے ہیں مجھ سے حضرت لیث نے بیان کیا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا البتہ یہ اضافہ کیا کہ جو کچھ وہ (نکاح) حلال ہونے سے پہلے نکلنے کے بارے میں ذکر کرتی تھیں لوگوں نے اس کا انکار کیا۔

۲۶۲۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ فَطَلَّقَهَا الْبَتَّةَ فَأَرْسَلَتْ إِلَى أَهْلِهِ تَبْتَغِي النَّفَقَةَ فَقَالُوا لَيْسَ لَكِ عَلَيْنَا نَفَقَةٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِمُ النَّفَقَةُ وَعَلَيْكِ الْعِدَّةُ فَانْتَقِلِي إِلَى أُمِّ شَرِيكٍ ثُمَّ قَالَ إِنَّ أُمَّ شَرِيكٍ يَدْخُلُ عَلَيْهَا إِخْوَتُهَا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ انْتَقِلِي إِلَى أُمِّ مَكْتُومٍ۔

حضرت ابوسلمہ، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ بنو مخزوم کے ایک شخص کے نکاح میں تھیں انہوں نے ان کو طلاق بائن دے دی حضرت فاطمہ نے ان (اپنے خاوند) کے گھر والوں کے پاس نفقہ کے حصول کے لیے پیغام بھیجا تو انہوں نے کہا تمہارا، ہمارے اوپر کوئی حق نہیں یہ بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے بھی فرمایا ان کے ذمہ تمہارا نفقہ نہیں ہے اور تم پر عدت لازم ہے ام شریک کے ہاں منتقل ہو جاؤ پھر فرمایا ام شریک کے ہاں ان کے مہاجر بھائی آتے جاتے ہیں تم حضرت ابن ام مکتوم کے گھر چلی جاؤ (رضی اللہ عنہم)

۲۶۳۔ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ وَسُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَا ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّهَا اسْتَفْتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَفَقَةَ لَكِ عِنْدَهُ وَلَا سُكْنٰى وَكَانَ يَأْتِيهَا أَصْحَابُهُ فَقَالَ اعْتَدِّي عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَإِنَّهُ أَعْمٰى۔

حضرت ابوسلمہ اور محمد بن عبدالرحمٰن ابن ثوبان رضی اللہ عنہا، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کے خاوند نے انہیں طلاق دی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے لیے ان پر نہ نفقہ ہے اور نہ رہائش، اور وہاں ان (کے خاوند) کے احباب آتے تھے اس لیے آپ نے فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے ہاں عدت گزارو وہ نابینا ہیں۔

۲۶۴۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَاصِمٍ عَنْ ثَابِتٍ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ أَخْبَرَتْهُ وَكَانَتْ عِنْدَ

حضرت ثابت سے مروی ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا اور وہ ایک مخزومی کے نکاح میں تھیں انہوں نے بتایا کہ ان کے خاوند نے ان کو تین طلاق دے دی ہیں اور وہ کسی جنگ کے لیے چلے گئے ہیں انہوں نے اپنے وکیل کو حکم دیا کہ ان کو کچھ

رَجُلٍ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّهُ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا وَخَرَجَ إِلَى بَعْضِ الْمَغَازِي وَأَمَرَ وَكِيلًا لَهُ أَنْ يُعْطِيَهَا بَعْضَ النَّفَقَةِ فَاسْتَقَلَّتْهَا فَانْطَلَقَتْ إِلَى إِحْدَى نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ عِنْدَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ هٰذِهِ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ طَلَّقَهَا فُلَانٌ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا بَعْضَ النَّفَقَةِ فَرَدَّتْهَا وَزَعَمَ أَنَّهُ شَيْءٌ تَطَوَّلَ بِهِ قَالَ صَدَقَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ انْتَقِلِي إِلَى أُمِّ شَرِيكٍ فَاعْتَدِّي عِنْدَهَا ثُمَّ قَالَ إِنَّ أُمَّ شَرِيكٍ يَكْثُرُ عُوَّادُهَا وَلٰكِنِ انْتَقِلِي إِلَى عَبْدِ اللهِ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَإِنَّهُ أَعْمٰى فَانْتَقَلَتْ إِلَى عَبْدِ اللهِ فَاعْتَدَّتْ عِنْدَهُ حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا.

۲۶۵ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا سَعِيدٌ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي الْجَهْمِ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَأَبُو سَلَمَةَ عَلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَحَدَّثَتْ أَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا طَلَاقًا بَائِنًا وَأَمَرَ أَبَا حَفْصِ بْنَ عَمْرٍو أَنْ يُرْسِلَ إِلَيْهَا بِنَفَقَتِهَا خَمْسَةَ أَوْسَاقٍ فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ زَوْجِي طَلَّقَنِي وَلَمْ يَجْعَلْ لِيَ السُّكْنٰى وَلَا النَّفَقَةَ قَالَ صَدَقَ فَاعْتَدِّي فِي بَيْتِ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ ثُمَّ قَالَ إِنَّ ابْنَ أُمِّ مَكْتُومٍ رَجُلٌ يُغْشٰى فَاعْتَدِّي فِي بَيْتِ أُمِّ فُلَانٍ.

۲۶۶ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ أَنَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ صُخَيْرَةَ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَأَبُو سَلَمَةَ عَلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ وَكَانَ زَوْجُهَا قَدْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَقَالَتْ

نفقہ دے دیں حضرت فاطمہ نے اسے کم سمجھا اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ کے پاس چلی گئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو وہ ان (ام المومنین) کے پاس تھیں انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! یہ فاطمہ بنت قیس ہیں ان کو فلاں نے طلاق دے دی اور کچھ نفقہ بھیجا لیکن انہوں نے رد کر دیا ان (کے خاوند) کا خیال ہے کہ یہ محض احسان کے طور پر ہے (یعنی ان پر کچھ لازم نہیں) آپ نے فرمایا اس نے سچ کہا نیز فرمایا تم ام شریک کے گھر چلی جاؤ اور وہاں عدت گزارو پھر فرمایا ام شریک کے ہاں آنے جانے والوں کی کثرت ہے تم حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر چلی جاؤ وہ ایک نابینا شخص ہیں چنانچہ وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے گھر چلی گئیں اور وہاں مکمل عدت گزاری۔

حضرت ابوبکر بن جہم فرماتے ہیں میں اور حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہما حضرت فاطمہ بنت قیس کے پاس گئے تو انہوں نے بیان کیا کہ ان کے خاوند نے ان کو طلاق بائن دی اور ابوحفص بن عمرو کو حکم دیا کہ ان کے پاس پانچ وسق (غلہ) بطور نفقہ بھیج دیں۔ وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ میرے خاوند نے مجھے طلاق دی ہے لیکن نہ تو مجھے نفقہ دیا اور نہ رہائش، آپ نے فرمایا اس نے ٹھیک کیا ہے تم حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر میں عدت گزارو پھر فرمایا بے شک ابن ام مکتوم کے پاس زیادہ ہجوم ہوتا ہے تم ام فلاں کے گھر میں عدت گزارو۔

حضرت شریک، ابوبکر بن صخیرہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ میں اور ابوسلمہ، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور انہیں ان کے خاوند نے تین طلاقیں دی تھیں انہوں نے فرمایا کہ میں نبی اکرم

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجْعَلْ لِّي سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةً۔

۲۶۷۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے میرے لیے رہائش اور نفقہ مقرر نہ فرمایا۔

حضرت عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔

تَحْقِيْقُ الْمَسْئَلَةِ

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى هٰذِهِ الْآثَارِ فَقَلَّدُوْهَا وَقَالُوْا لَا تَجِبُ النَّفَقَةُ وَلَا السُّكْنٰى إِلَّا لِمَنْ كَانَتْ عَلَيْهِ الرَّجْعَةُ۔ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا كُلُّ مُطَلَّقَةٍ فَلَهَا فِيْ عِدَّتِهَا السُّكْنٰى إِلَّا لِمَنْ كَانَتْ حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا وَسَوَاءٌ كَانَ الطَّلَاقُ بَائِنًا أَوْ غَيْرَ بَائِنٍ فَأَمَّا النَّفَقَةُ فَإِنَّمَا تَجِبُ لَهَا أَيْضًا إِنْ كَانَ الطَّلَاقُ غَيْرَ بَائِنٍ وَأَمَّا إِذَا كَانَ الطَّلَاقُ بَائِنًا فَهُمْ مُخْتَلِفُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَهَا النَّفَقَةُ أَيْضًا مَعَ السُّكْنٰى حَامِلًا كَانَتْ أَوْ غَيْرَ حَامِلٍ وَمِمَّنْ قَالَ ذٰلِكَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ وَأَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا نَفَقَةَ لَهَا إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ حَامِلًا۔

۲۶۸۔ وَاحْتَجُّوْا فِيْ دَفْعِ حَدِيْثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ بِمَا أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ ثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ فِي الْمَسْجِدِ الْأَعْظَمِ وَمَعَنَا الشَّعْبِيُّ فَذَكَرُوا الْمُطَلَّقَةَ ثَلَاثًا فَقَالَ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان روایات پر عمل کیا اور فرمایا کہ نفقہ اور رہائش صرف اس (مطلقہ) عورت کیلئے جس سے رجوع ہو سکتا ہو۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ ہر طلاق یافتہ عورت کے لیے عدت کے دوران رہائش ہے مگر اس عورت کے لیے نہیں جس کا اپنا مکان ہو، (رہائش کی یہ سہولت) عدت کے ختم ہونے تک ہے طلاق بائن ہو یا غیر بائن، جہاں تک نفقہ کا تعلق ہے تو طلاق غیر بائن کی صورت میں اس کا حق ہے اور اگر طلاق بائن ہو تو اس میں بھی ان (فقہاء) کا اختلاف ہے بعض حضرات فرماتے ہیں اسے رہائش کے ساتھ ساتھ نفقہ بھی ملے گا وہ حاملہ ہو یا غیر حاملہ، حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی اس بات کے قائلین میں شامل ہیں اور بعض حضرات کے نزدیک غیر حاملہ کے لیے نفقہ نہیں ہے۔

ان حضرات نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی روایت کا جواب دیتے ہوئے یوں استدلال کیا ہے حضرت ابواسحٰق فرماتے ہیں میں مسجد اعظم میں حضرت اسود بن یزید کے پاس تھا اور ہمارے ساتھ امام شعبی بھی تھے ان حضرات نے تین طلاقوں والی عورت کے بارے میں باہم گفتگو کی تو حضرت شعبی نے فرمایا مجھ سے حضرت فاطمہ بنت قیس نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

الشَّعْبِيُّ حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا لَا سُكْنَى لَكِ فَلَا نَفَقَةَ قَالَ فَرَمَاهُ الْأَسْوَدُ بِحَصَاةٍ قَالَ وَيْلَكَ أَتُحَدِّثُ بِمِثْلِ هٰذَا قَدْ رُفِعَ ذٰلِكَ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ لَسْنَا بِتَارِكِي كِتَابِ رَبِّنَا وَسُنَّةِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِ امْرَأَةٍ لَا نَدْرِي لَعَلَّهَا كَذَبَتْ قَالَ اللهُ تَعَالَى لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ الْآيَةَ.

۲۶۹- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَمْ يَجْعَلْ لَهَا حِينَ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا سُكْنَى وَلَا نَفَقَةً فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِإِبْرَاهِيمَ فَقَالَ قَدْ رُفِعَ ذٰلِكَ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ لَا نَدَعُ كِتَابَ رَبِّنَا عَزَّ وَجَلَّ وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْلِ امْرَأَةٍ لَهَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ.

۲۷۰- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ أَنَا أَبِي قَالَ أَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُمَرَ وَعَبْدِ اللهِ أَنَّهُمَا كَانَا يَقُولَانِ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَهَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ وَكَانَ الشَّعْبِيُّ يَذْكُرُ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَيْسَ لَهَا نَفَقَةٌ وَلَا سُكْنَى.

۲۷۱- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ وَسُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَا ثَنَا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا

نے ان سے فرمایا تمہارے لیے رہائش اور نفقہ کچھ نہیں، یہ بات سن کر حضرت اسود نے حضرت شعبی کو کنکری ماری اور فرمایا تمہارے لیے ہلاکت ہو (بددعا نہیں) ایسی باتیں بیان کرتے ہو یہ مسئلہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا ہم اپنے رب کی کتاب اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کو ایک عورت کی بات پر چھوڑ نہیں سکتے نہ معلوم اس نے غلط بیانی کی ہو اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے "تم ان کو ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ ہی وہ خود نکلیں"۔

حضرت سلمہ، حضرت شعبی سے اور وہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کے خاوند نے انکو طلاق دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے رہائش اور نفقہ مقرر نہ فرمایا، میں (حضرت سلمہ) نے یہ بات حضرت ابراہیم (نخعی) رحمہ اللہ سے عرض کی تو انہوں نے فرمایا کہ یہ مسئلہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا ہم ایک عورت کے کہنے پر اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اپنے نبی کی سنّت کو نہیں چھوڑ سکتے اس کے لیے رہائش بھی ہے اور نفقہ بھی۔

حضرت ابراہیم، حضرت عمر اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ دونوں فرماتے ہیں جس عورت کو تین طلاقیں دی گئیں اس کے لیے رہائش بھی ہے اور نفقہ بھی، حضرت شعبی، حضرت فاطمہ بنت قیس سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول نقل کرتے تھے کہ آپ نے ان سے فرمایا تمہارے لیے نفقہ اور رہائش کچھ بھی نہیں۔

حضرت شعبی، حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے خاوند نے ان کو تین طلاقیں دیں تو وہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے لیے نفقہ اور رہائش کچھ بھی نہیں حضرت حماد فرماتے ہیں میں نے یہ بات حضرت ابراہیم نخعی کو بتائی تو انہوں نے فرمایا جب حضرت

نَفَقَةٌ لَكِ وَلَا سُكْنٰى قَالَ فَاَخْبَرْتُ بِذٰلِكَ النَّخَعِيَّ فَقَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَاُخْبِرَ بِذٰلِكَ لَسْنَا بِتَارِكِي اٰيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْلِ امْرَاَةٍ لَعَلَّهَا اَوْهَمَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ ۔

۲۷۲- **حَدَّثَنَا** نَصْرٌ قَالَ ثَنِي الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنِي اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْاَسْوَدِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَا فِي الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ ۔

۲۷۳- **قَالُوْا** فَهٰذَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَدْ اَنْكَرَ حَدِيْثَ فَاطِمَةَ هٰذَا وَلَمْ يَقْبَلْهُ وَقَدْ اَنْكَرَهُ عَلَيْهَا اَيْضًا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ ۔

۲۷۴- **حَدَّثَنَا** رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ كَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ تُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَهَا اِعْتَدِّيْ فِيْ بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ يَقُوْلُ كَانَ اُسَامَةُ اِذَا ذَكَرَتْ فَاطِمَةُ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا رَمَاهَا بِمَا كَانَ فِيْ يَدِهٖ ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَهٰذَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَدْ اَنْكَرَ مِنْ ذٰلِكَ اَيْضًا مَا اَنْكَرَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ۔

وَقَدْ اَنْكَرَتْ ذٰلِكَ اَيْضًا عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ۔

۲۷۴- **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا اَنَسُ بْنُ

عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اس بات کی خبر دی گئی تو انہوں نے فرمایا ہم ایک عورت کی بات پر کتاب اللہ کی ایک آیت اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کو نہیں چھوڑ سکتے شاید انہیں وہم ہوگیا ہو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا اس (مطلقہ) کے لیے رہائش بھی ہے اور نفقہ بھی۔

حضرت عمارہ بن عمیر، حضرت اسود سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے تین طلاقوں والی عورت کے بارے میں فرمایا کہ اس کے لیے رہائش اور نفقہ ہے۔

وہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی روایت کا انکار کیا اور اسے قبول نہیں کیا اسی طرح حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے بھی اس

حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ان سے فرمایا ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہا کے گھر عدت گزارو حضرت محمد بن اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم فرماتے تھے کہ جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اس سلسلے میں کوئی بات ذکر کرتیں تو حضرت اسامہ کے ہاتھ میں جو کچھ ہوتا وہ انہیں دے مارتے۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ ہیں جو اس بات کا انکار کرتے ہیں جس کا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ انکار کیا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی اس بات کا انکار کیا ہے۔

حضرت قاسم بن محمد اور سلیمان بن یسار (رضی اللہ عنہم)

عِيَاضٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ ابْنَ مُحَمَّدٍ وَسُلَيْمٰنَ بْنَ يَسَارٍ يَذْكُرَانِ اَنَّ يَحْيَى ابْنَ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ طَلَّقَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَكَمِ فَانْتَقَلَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَكَمِ فَاَرْسَلَتْ عَائِشَةُ اِلَى مَرْوَانَ وَهُوَ اَمِيْرُ الْمَدِيْنَةِ اِتَّقِ اللّٰهَ وَارْدُدِ الْمَرْاَةَ اِلَى بَيْتِهَا فَقَالَ مَرْوَانُ فِيْ حَدِيْثِ سُلَيْمٰنَ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ غَلَبَنِيْ وَقَالَ فِيْ حَدِيْثِ الْقَاسِمِ اَمَا بَلَغَكِ حَدِيْثُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لَا يَضُرُّكَ اَنْ لَّا تَذْكُرَ حَدِيْثَ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَقَالَ مَرْوَانُ اِنْ كَانَ بِكِ الشَّرُّ فَحَسْبُكِ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ مِنَ الشَّرِّ

ذکر کرتے ہیں کہ یحییٰ بن سعید بن عاص نے حضرت عبدالرحمٰن بن حکم کی بیٹی کو طلاق دی حضرت عبدالرحمٰن بن حکم نے انہیں (اپنے ہاں) منتقل کر لیا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے امیر مدینہ مروان (عبدالرحمٰن کا بھائی تھا) کو پیغام بھیجا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور عورت کو اس کے گھر واپس لوٹا دو سلیمان کی روایت میں ہے کہ مروان نے کہا عبدالرحمٰن مجھ پر غالب آ گئے ہیں اور حضرت قاسم کی روایت میں ہے کہ مروان نے کہا کیا آپ تک حضرت فاطمہ بنت قیس کی روایت نہیں پہنچی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اگر تم فاطمہ بنت قیس کی روایت ذکر نہ کرو تو تمہارا کوئی نقصان نہ ہوگا مروان نے جواباً کہا اگر آپ کا مقصد شر ہے تو ان دونوں (میاں بیوی) کے درمیان جو شر ہے وہی کافی ہے (مقصد یہ ہے کہ آپ اس معاملہ کو چھوڑ دیں)

۲۷۵- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ ترجمہ حسب سابق

۲۷۶- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ مَا لِفَاطِمَةَ مِنْ خَيْرٍ فِيْ اَنْ تَذْكُرَ هٰذَا الْحَدِيْثَ يَعْنِيْ قَوْلَهَا لَا نَفَقَةَ وَلَا سُكْنٰى۔

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضرت فاطمہ بنت قیس کے لیے اس حدیث کے ذکر کرنے میں کوئی بھلائی نہیں یعنی ان کے اس قول میں کہ ان کے لیے نہ نفقہ ہے اور نہ رہائش۔

فَهٰذِهِ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لَمْ تَرَ الْعَمَلَ بِحَدِيْثِ فَاطِمَةَ اَيْضًا۔

تو یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہیں جو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پر عمل کرنا جائز نہیں سمجھتیں۔

وَقَدْ صَرَفَ ذٰلِكَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اِلَى خِلَافِ الْمَعْنَى الَّذِيْ صَرَفَهُ اِلَيْهِ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ نے پہلے قول والوں کے برخلاف اس حدیث کا معنیٰ بیان کیا ہے۔ (وہ یوں ہے)

۲۷۷- حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا مُعَاوِيَةُ الضَّرِيْرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَيْنَ تَعْتَدُّ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا فَقَالَ فِيْ بَيْتِهَا فَقُلْتُ لَهُ اَلَيْسَ قَدْ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ اَنْ تَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَقَالَ تِلْكَ

حضرت عمرو بن میمون اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ جس عورت کو تین طلاقیں دی گئیں وہ اپنی عدت کہاں گزارے؟ انہوں نے فرمایا اپنے گھر میں میں نے پوچھا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہا کے گھر عدت گزارنے کا حکم نہیں دیا انہوں نے فرمایا کہ اس عورت نے لوگوں

اَلْمَرْاَةُ اِفْتَتَنَتِ النَّاسَ وَاسْتَطَالَتْ عَلٰی اَحْمَائِهَا بِلِسَانِهَا فَاَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَعْتَدَّ فِیْ بَیْتِ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ وَ کَانَ رَجُلًا مَکْفُوْفَ الْبَصَرِ۔

کو فتنے میں ڈال دیا اور اس نے اپنے دیوروں سے زبان دراز شروع کردی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر عدت گزارنے کا حکم فرمایا اور ان (ابن ام مکتوم) کی آنکھوں میں بینائی نہیں۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَکَانَ مَا رَوَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَیْسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهٖ لَا سُکْنٰی لَكِ وَلَا نَفَقَةَ لَا دَلِیْلَ فِیْهِ عِنْدَ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنْ لَّا نَفَقَةَ لِلْمُطَلَّقَةِ ثَلٰثًا وَ لَا سُکْنٰی اِذَا کَانَ قَدْ صَرَفَ ذٰلِكَ اِلَی الْمَعْنَی الَّذِیْ ذَکَرْنَاهُ عَنْهُ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو کچھ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کا قول "نہ تمہارے لیے رہائش ہے اور نہ نفقہ" نقل کیا تو حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس میں تین طلاقوں والی عورت کے لیے نفقہ اور سکنیٰ کے نہ ہونے پر کوئی دلیل نہیں کیونکہ انہوں (حضرت سعید بن مسیب) نے اس کا ایک دوسرا معنیٰ بیان کیا جسے ہم نے ذکر کیا ہے

۲۷۸- وَقَدْ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِی اللَّیْثُ قَالَ ثَنِیْ عُقَیْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ثَنِیْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَیْسٍ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اعْتَدِّیْ فِیْ بَیْتِ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ فَاَنْکَرَ النَّاسُ عَلَیْهَا مَا کَانَتْ تُحَدِّثُ بِهٖ مِنْ خُرُوْجِهَا قَبْلَ اَنْ تَحِلَّ۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں مجھ سے حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا کہ حضرت فاطمہ بنت قیس نے ان کو خبر دی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر عدت گزارو تو جو کچھ وہ عدت گزارنے سے پہلے گھر سے نکلنے کے بارے میں بیان کرتی تھیں لوگوں نے اس سے انکار کیا۔

فَهٰذَا اَبُوْ سَلَمَةَ یُخْبِرُ اَیْضًا اَنَّ النَّاسَ قَدْ کَانُوْا اَنْکَرُوْا ذٰلِكَ عَلٰی فَاطِمَةَ وَفِیْهِمْ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَنْ لَحِقَ بِهِمْ مِنَ التَّابِعِیْنَ فَقَدْ اَنْکَرَ عُمَرُ وَاُسَامَةُ وَسَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ مَعَ مَنْ سَمَّیْنَا مَعَهُمْ فِیْ حَدِیْثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَیْسٍ هٰذَا وَلَمْ یَعْمَلُوْا بِهٖ وَ ذٰلِكَ مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یُنْکِرْهُ عَلَیْهِ مِنْهُمْ مُنْکِرٌ فَدَلَّ تَرْکُهُمُ النَّکِیْرَ فِیْ ذٰلِكَ عَلَیْهِ اَنَّ مَذْهَبَهُمْ فِیْهِ

حضرت ابوسلمہ بھی اسی بات کی خبر دیتے ہیں کہ لوگوں نے حضرت فاطمہ بنت قیس کی اس بات کا انکار کیا ان میں صحابہ کرام بھی شامل ہیں اور کچھ تابعین بھی، تو حضرت عمر فاروق، حضرت اسامہ، حضرت سعید بن مسیب اور دیگر حضرات جن کا ہم نے ان کے ساتھ ذکر کیا سب نے حضرت فاطمہ بنت قیس کی روایت کا انکار کیا اور اس پر عمل نہیں کیا سب نے حضرت فاطمہ بنت قیس کی روایت کا انکار کیا اور اس پر عمل نہیں کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام کی موجودگی ایسا فرمایا لیکن کسی انکار کرنے والے نے ان کی بات کو رد نہیں کیا تو ان کا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بات سے انکار نہ کرنا اس بات پر دلالت

کمذھبہ

فقال الذین ذھبوا الی حدیث فاطمۃ وعن قولہ ان عمر رضی اللہ عنہ انما انکر ذلک علیھا لانھا خالفت عندہ کتاب اللہ عز وجل یرید قول اللہ تعالی عز وجل اسکنوھن من حیث سکنتم من وجدکم فھذا انما ھو فی المطلقۃ طلاقا لزوجھا علیھا فیہ الرجعۃ و فاطمۃ کانت مبتوتۃ لا رجعۃ لزوجھا علیھا وقد قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم قال لھا انما النفقۃ والسکنی لمن کانت علیہ الرجعۃ وما ذکر اللہ تعالی فی کتابہ من ذلک انما ھو فی المطلقۃ التی لزوجھا علیھا الرجعۃ وفاطمۃ فلم تکن علیھا رجعۃ فما روت من ذلک فلا یدفعہ کتاب اللہ ولا سنۃ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

وقد تابعھا غیرھا علی ذلک منھم عبد اللہ بن عباس والحسن۔

۲۷۹۔ حدثنا صالح بن عبد الرحمن قال ثنا سعید بن منصور قال ثنا ھشیم قال ثنا حجاج عن عطاء عن ابن عباس

ح وحدثنا صالح قال ثنا سعید قال ثنا ھشیم قال ثنا یونس عن الحسن انھما کانا یقولان فی المطلقۃ ثلاثا والمتوفی عنھا زوجھا لا نفقۃ لھما وتعتدان حیث شاءتا۔

قالوا فان کان عمر وعائشۃ واسامۃ رضی اللہ عنھم انکروا علی فاطمۃ ما روت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقالوا بخلافہ فھذا ابن عباس رضی اللہ عنھما قد وافقھا علی ما روت من ذلک فعمل بہ

ہے کہ اس سلسلے میں ان کا مذہب بھی وہی ہے جو آپ کا ہے۔

جن لوگوں نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث کو اپنایا اور اس پر عمل کیا وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کی بات کا صرف اس لیے انکار کیا کہ ان کے نزدیک یہ بات اللہ تعالیٰ کی کتاب یعنی آیت کریمہ "انہیں ٹھہراؤ جہاں تم ٹھہرتے ہو اپنی حیثیت کے مطابق" کے خلاف ہے تو یہ (آیت کریمہ) اس عورت کے بارے میں ہے جسے ایسی طلاق دی گئی ہو جس میں خاوند کو رجوع کا حق ہوتا ہے جبکہ حضرت فاطمہ کو طلاق بائن دی گئی تھی ان کے خاوند کو رجوع کا حق نہ تھا اور انہوں نے کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا رہائش اور نفقہ اس کے لیے ہوتا ہے جس پر رجوع ہو سکے اور اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں جو کچھ ذکر کیا ہے۔ وہ اس مطلقہ کے بارے میں ہے جس سے رجوع ہو سکے جب کہ حضرت فاطمہ سے رجوع نہیں ہو سکتا تھا پس جو کچھ انہوں نے روایت کیا اسے نہ تو اللہ تعالیٰ کی کتاب رد کرتی ہے اور نہ ہی اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت۔

اس سلسلے میں کچھ دوسرے حضرات نے بھی ان کی اتباع کی ہے ان میں حضرت عبد اللہ بن عباس اور حضرت حسن (رضی اللہ عنہم) بھی شامل ہیں۔

حضرت عطاء، حضرت ابن عباس اور حضرت یونس حضرت حسن (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ دونوں (حضرت ابن عباس اور حضرت حسن) اس عورت کے بارے میں جسے تین طلاقیں دی گئیں اور جس کا خاوند فوت ہو گیا فرماتے ہیں کہ ان دونوں (عورتوں) کے لیے نفقہ نہیں ہے اور وہ جہاں چاہیں عدت گزاریں۔

یہ حضرات (فقہاء کرام) فرماتے ہیں اگر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کا حضرت عمر فاروق حضرت عائشہ اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہم انکار کرتے ہیں اور اس کے خلاف قول کرتے ہیں تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس سلسلے میں ان کی روایت کی موافقت کرتے ہیں اور حضرت حسن بصری

وَتَابَعَهٗ عَلٰی ذٰلِكَ الْحَسَنُ

فَكَانَ مِنْ حُجَّتِنَا عَلٰی اَهْلِ هٰذِهِ الْمَقَالَةِ اَنَّ مَا احْتَجَّ بِهٖ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ دَفْعِ حَدِيْثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ حُجَّةٌ صَحِيْحَةٌ

وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ ثُمَّ قَالَ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا وَاَجْمَعُوْا اَنَّ ذٰلِكَ الْاَمْرَ هُوَ الْمُرَاجَعَةُ ثُمَّ قَالَ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِنْ وُّجْدِكُمْ ثُمَّ قَالَ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ يُرِيْدُ فِي الْعِدَّةِ فَكَانَتِ الْمَرْاَةُ اِذَا طَلَّقَهَا زَوْجُهَا اثْنَتَيْنِ لِلسُّنَّةِ عَلٰی مَا اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهٖ ثُمَّ رَاجَعَهَا ثُمَّ طَلَّقَهَا اُخْرٰی لِلسُّنَّةِ حَرُمَتْ عَلَيْهِ وَوَجَبَتْ عَلَيْهَا الْعِدَّةُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهَا فِيْهَا السُّكْنٰی وَاَمَرَهَا فِيْهَا اَنْ لَّا تَخْرُجَ وَاَمَرَ الزَّوْجَ اَنْ لَّا يُخْرِجَهَا وَلَمْ يُفَرِّقِ اللّٰهُ تَعَالٰی عَزَّ وَجَلَّ بَيْنَ هٰذِهِ الْمُطَلَّقَةِ لِلسُّنَّةِ الَّتِيْ لَا رَجْعَةَ عَلَيْهَا وَبَيْنَ الْمُطَلَّقَةِ لِلسُّنَّةِ الَّتِيْ عَلَيْهَا الرَّجْعَةُ فَلَمَّا جَآءَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ فَرَوَتْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَهَا اِنَّمَا السُّكْنٰی وَالنَّفَقَةُ لِمَنْ كَانَتْ عَلَيْهَا الرَّجْعَةُ خَالَفَتْ بِذٰلِكَ كِتَابَ اللّٰهِ نَصًّا لِاَنَّ كِتَابَ اللّٰهِ تَعَالٰی قَدْ جَعَلَ السُّكْنٰی لِمَنْ لَا رَجْعَةَ عَلَيْهَا وَخَالَفَتْ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ رَوٰی عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِلَافَ مَا رَوَتْ فَخَرَجَ الْمَعْنَی الَّذِيْ مِنْهُ اَنْكَرَ عَلَيْهَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رحمہ اللہ بھی ان کی اتباع کرتے ہیں۔

اس قول کے قائلین کے خلاف ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس کی روایت کے لیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جو دلیل دی ہے وہ صحیح دلیل ہے۔

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! جب آپ عورتوں کو طلاق دیں تو ان کی عدت کو ملحوظ رکھتے ہوئے طلاق دیں پھر فرمایا تم نہیں جانتے کہ شاید اس کے بعد اللہ تعالیٰ کوئی نئی بات پیدا کر دے اور اس بات پر اجماع ہے کہ اس امر سے رجوع مراد ہے پھر فرمایا اور انہیں ٹھہراؤ جہاں تم خود ٹھہرتے ہو جس قدر تمہیں طاقت ہو۔ اس کے بعد فرمایا "انہیں اپنے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں" اس سے عدت کے دوران نکلنا مراد ہے تو جس عورت کو اسکے خاوند نے سنت طریقے پر دو طلاقیں دیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کا حکم دیا پھر اس نے رجوع کیا اور اس کے بعد سنت طریقے پر ایک اور طلاق دے دی تو وہ اس پر حرام ہو گئی اور اس پر وہ عدت واجب ہو گی جس میں اللہ تعالیٰ نے اس کیلئے رہائش مقرر کی ہے اور اسے حکم دیا کہ وہ نہ نکلے اور خاوند کو حکم دیا کہ وہ اسے نہ نکالے تو جس عورت کو سنت کے مطابق ایسی طلاق دی گئی جس میں رجوع نہیں اور جس عورت کو سنت کے مطابق ایسی طلاق دی گئی جس میں رجوع ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کے درمیان فرق نہیں رکھا اور جب حضرت فاطمہ بنت قیس آئیں اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ رہائش اور نفقہ اس عورت کے لیے ہے جس سے رجوع ہو سکتا ہے تو انہوں (حضرت فاطمہ) نے اس روایت کے ساتھ کتاب اللہ کے واضح حکم کی مخالفت کی کیونکہ کتاب اللہ نے اس مطلقہ کے لیے بھی رہائش مقرر کی ہے جس سے رجوع نہیں ہو سکتا نیز انہوں نے سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی مخالفت کی کیونکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت فاطمہ کی حدیث کے خلاف روایت کیا ہے تو

مَا اَنْکَرَ عُمَرُ وَ کَانَ اِنْکَارُہٗ مِنْ ذٰلِکَ خُرُوْجًا صَحِیْحًا وَ بَطَلَ حَدِیْثُ فَاطِمَۃَ فَلَمْ یَجِبِ الْعَمَلُ بِہٖ اَصْلًا لِمَا ذَکَرْنَا وَ بَیَّنَّا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے انکار کی وجہ صحیح ثابت ہوئی اور حضرت فاطمہ کی روایت باطل ہو گئی لہذا اس پر عمل کرنا بالکل واجب نہیں جیساکہ ہم نے ذکر اور بیان کیا۔

فَقَالَ قَائِلٌ لَمْ یَجِئْ تَخْلِیْطُ حَدِیْثِ فَاطِمَۃَ اِلَّا مِمَّا رَوَاہُ الشَّعْبِیُّ عَنْھَا وَ ذٰلِکَ اَنَّہٗ ھُوَ الَّذِیْ رَوٰی عَنْھَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ لَمْ یَجْعَلْ لَھَا سُکْنٰی وَ لَا نَفَقَۃَ قَالَ وَ لَیْسَ ذٰلِکَ فِیْ حَدِیْثِ اَصْحَابِنَا الْحِجَازِیِّیْنَ۔

کسی کہنے والے نے کہا کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث حضرت شعبی کی روایت کی وجہ سے خلط ملط ہو گئی کیونکہ انہوں نے ہی حضرت فاطمہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے رہائش اور نفقہ مقرر نہیں فرمایا، ہمارے حجازی اساتذہ کی روایت میں یہ بات نہیں ہے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَاَغْفَلَ فِیْ ذٰلِکَ اَوْ ذَھَبَ عَنْہُ لِاَنَّہٗ لَمْ یَرَ وَ مَا فِیْ ھٰذَا الْبَابِ بِکَمَالِہٖ کَمَا رَوَاہُ غَیْرُہٗ فَتَوَھَّمَ اَنَّہٗ قَدْ جَمَعَ کُلَّ مَا رُوِیَ فِیْ ھٰذَا الْبَابِ فَتَکَلَّمَ عَلٰی ذٰلِکَ فَقَالَ مَا حَکَیْنَاہُ عَنْہُ مِمَّا وَصَفْنَا وَ لَیْسَ کَمَا تَوَھَّمَ لِاَنَّ الشَّعْبِیَّ اَضْبَطُ مِمَّا یُظَنُّ وَ اَتْقَنُ وَ اَوْثَقُ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس قائل نے اس سلسلے میں غفلت سے کام لیا یا اسے سہو ہو گیا کیونکہ اس باب میں جس طرح حضرت شعبی نے مکمل حدیث روایت کی ہے کسی دوسرے نے نہیں کی لہذا اس (قائل) کو وہم ہوا کہ اس نے اس میں مروی تمام روایات کو جمع کر لیا پھر اس پر گفتگو کی اور کہا کہ جو کچھ ہم نے بیان کیا حالانکہ بات اس طرح نہیں جس طرح اس نے وہم کیا کیونکہ حضرت شعبی نہایت پختہ حافظے والے معتبر اور قابل اعتماد ہیں۔

وَ قَدْ وَافَقَہٗ عَلٰی مَا رَوٰی مِنْ ذٰلِکَ مَنْ قَدْ ذَکَرْنَاہُ فِیْ حَدِیْثِہٖ فِیْ اَوَّلِ ھٰذَا الْبَابِ مَا یُغْنِیْنَا ذٰلِکَ عَنْ اِعَادَتِہٖ فِیْ ھٰذَا الْمَوْضِعِ۔

ان (حضرت شعبی) سے مروی روایت کی ان لوگوں نے بھی موافقت کی ہے جن کا ہم نے اس حدیث کے ضمن میں باب کے شروع میں ذکر کیا اور اب اس جگہ [illegible] نے کی ضرورت نہیں۔

وَ یُقَالُ لَہٗ اِنَّ حَدِیْثَ مَالِکٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ یَزِیْدَ الَّذِیْ لَمْ یَذْکُرْ فِیْہِ لَا سُکْنٰی لَکِ قَدْ رَوَاہُ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ فَاطِمَۃَ بِمِثْلِ مَا رَوَاہُ الشَّعْبِیُّ عَنْھَا فَمَا جَاءَ مِنَ الشَّعْبِیِّ فِیْ ھٰذَا تَخْلِیْطٌ وَ اِنَّمَا جَاءَ التَّخْلِیْطُ مِمَّنْ رَوٰی عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ فَاطِمَۃَ فَحَذَفَ

اس (معترض) کو جواباً کہا جائے گا کہ حضرت عبداللہ بن یزید کی روایت جس میں مذکور ہے کہ تمہارے لیے رہائش نہیں ہے اسے حضرت لیث بن سعد نے حضرت عبداللہ بن یزید سے انہوں نے ابوسلمہ سے اور انہوں نے حضرت فاطمہ سے حضرت شعبی کی روایت کی مثل روایت کیا تو حضرت شعبی سے جو خلط ملط آیا ہے وہ ان راویوں کی وجہ سے ہے جنہوں نے حضرت ابوسلمہ کے واسطے سے حضرت فاطمہ سے روایت کیا انہوں نے بعض حصے کو حذف کر دیا اور بعض کو

بَعْضَ مَا فِيهِ وَجَاءَ بِبَعْضٍ فَأَمَّا أَصْلُ الْحَدِيثِ فَكَمَا رَوَاهُ الشَّعْبِيُّ۔

وَكَانَ مِنْ قَوْلِ هٰذَا الْمُخَالِفِ لَنَا أَيْضًا أَنْ قَالَ وَلَوْ كَانَ أَصْلُ حَدِيثِ فَاطِمَةَ كَمَا رَوَاهُ الشَّعْبِيُّ لَكَانَ مُوَافِقًا أَيْضًا لِمَذْهَبِنَا لِأَنَّ مَعْنٰى قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَفَقَةَ لَكِ أَيْ لِأَنَّكِ غَيْرُ حَامِلٍ وَلَا سُكْنٰى لَكِ لِأَنَّكِ بَذِيَّةٌ وَالْبَذَاءُ هُوَ الْفَاحِشَةُ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا أَنْ يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ۔

۲۸۱ - **وَذَكَرَ** فِي ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ فَقَالَ الْفَاحِشَةُ الْمُبَيِّنَةُ أَنْ تَفْحَشَ عَلٰى أَهْلِ الرَّجُلِ وَتُؤْذِيَهُمْ فَقَالَ فَفَاطِمَةُ حُرِمَتِ السُّكْنٰى بِبَذَائِهَا وَالنَّفَقَةَ لِأَنَّهَا غَيْرُ حَامِلٍ۔

قَالَ وَهٰذَا حُجَّةٌ لَنَا فِي قَوْلِنَا إِنَّ الْمَبْتُوتَةَ لَا يَجِبُ لَهَا النَّفَقَةُ إِلَّا أَنْ تَكُونَ حَامِلًا۔

قِيلَ لَهُ لَوْ خَرَجَ مَعْنٰى حَدِيثِ فَاطِمَةَ مِنْ حَيْثُ ذَكَرْتَ لَوَقَعَ الْوَهْمُ عَلٰى عُمَرَ وَعَائِشَةَ وَأُسَامَةَ وَمَنْ أَنْكَرَ ذٰلِكَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ عَلٰى فَاطِمَةَ مَعَهُمْ وَقَدْ كَانَ يَنْبَغِي أَنْ يُتْرَكَ أَمْرُهُمْ عَلَى الصَّوَابِ حَتّٰى يُعْلَمَ يَقِينًا مَا سِوٰى ذٰلِكَ فَكَيْفَ وَلَوْ صَحَّ حَدِيثُ فَاطِمَةَ لَكَانَ قَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مَعْنَاهُ عَلٰى غَيْرِ مَا حَمَلْتَهُ أَنْتَ عَلَيْهِ۔

وَذٰلِكَ أَنَّهُ قَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مَعْنَاهُ

بیان کیا جہاں تک اصل حدیث کا تعلق ہے تو وہ اسی طرح ہے جس طرح امام شعبی نے بیان کی۔

اس مخالف کا ہم پر یہ اعتراض بھی ہے کہ اگر حضرت فاطمہ کی اصل روایت اس طرح ہے جس طرح امام شعبی نے روایت کیا تو وہ ہمارے مذہب کے موافق ہوگی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ تمہارے لیے نفقہ نہیں ہے کا مطلب یہ ہوگا کہ تم غیر حاملہ ہو اور تمہارے لیے رہائش نہیں کیونکہ تم بدکلام ہو، بذار فحش کلام کو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا مگر یہ کہ لائیں وہ واضح بے حیائی۔" (یعنی یہاں "بفاحشۃ مبینۃ" سے مراد بدکلامی ہے)

اور وہ اس سلسلے میں یوں ذکر کرتے حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ان سے اللہ تعالیٰ کے قول "اور وہ (عورتیں) نہ نکلیں مگر یہ کہ وہ واضح طور پر بے حیائی کا ارتکاب کریں کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا "فاحشۃ مبینۃ" سے مراد یہ ہے کہ وہ گھر والوں سے بدکلامی کرے اور ان کو اذیت پہنچائے انہوں نے (مزید) فرمایا کہ حضرت فاطمہ کو رہائش سے ان کی زبان درازی کی وجہ سے محروم کیا گیا اور نفقہ سے اس لیے کہ وہ غیر حاملہ تھیں۔

اور وہ (معترض) کہے کہ یہ حدیث ہمارے اس موقف کی دلیل ہے کہ طلاق بائن والی عورت کے لیے صرف اسی صورت میں نفقہ ہوگا جب وہ حاملہ ہو۔

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ اگر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی روایت کا وہ مفہوم ہوتا جو تم نے ذکر کیا ہے تو حضرت عمر فاروق، حضرت عائشہ حضرت اسامہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہوں نے حضرت فاطمہ کی روایت کا انکار کیا ہے کے بارے میں وہم پیدا ہوگا۔ مناسب تو یہ تھا کہ ان کی بات کو درست قرار دیا جاتا یہاں تک کہ اس کے علاوہ بات یقین کے ساتھ معلوم ہو جاتی اور کیسے نہیں ہوگا کیونکہ اگر حدیث فاطمہ کی روایت صحیح بھی ہو تو اس کا مفہوم تمہارے بیان کردہ مفہوم کے خلاف بھی ہو سکتا ہے۔

وہ اس طرح کہ اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَرَّمَہَا السُّکْنٰی لِبَذَائِہَا کَمَا ذَکَرْتَ وَرَاٰی اَنَّ ذٰلِکَ ھُوَ الْفَاحِشَۃُ الَّتِیْ قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ وَحَرَّمَہَا النَّفَقَۃَ لِنُشُوْزِہَا بِبَذَائِہَا الَّذِیْ خَرَجَتْ بِہٖ مِنْ بَیْتِ زَوْجِہَا لِاَنَّ الْمُطَلَّقَۃَ لَوْ خَرَجَتْ مِنْ بَیْتِ زَوْجِہَا فِیْ عِدَّتِہَا لَمْ یَجِبْ لَہَا عَلَیْہِ نَفَقَۃٌ حَتّٰی تَرْجِعَ اِلٰی مَنْزِلِہٖ فَکَذٰلِکَ فَاطِمَۃُ مُنِعَتْ مِنَ النَّفَقَۃِ لِنُشُوْزِہَا الَّذِیْ بِہٖ خَرَجَتْ مِنْ مَنْزِلِ زَوْجِہَا۔

علیہ وسلم نے اس کی زبان درازی کی وجہ سے اسے رہائش سے محروم قرار دیا جس طرح تم نے ذکر کیا اور یہ خیال کیا ہو کہ یہی وہی فاحشہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا اور نفقہ سے اس لیے محروم کیا کہ وہ بدکلامی کی وجہ سے نافرمان قرار پائی کہ وہ اس بدکلامی کی وجہ سے خاوند کے گھر سے نکلی کیونکہ جب مطلقہ عدت کے دوران خاوند کے گھر سے چلی جائے تو اس کے (خاوند) پر نفقہ واجب نہیں ہوتا حتیٰ کہ وہ گھر لوٹ آئے اسی طرح حضرت فاطمہ کو اس نافرمانی کی وجہ سے نہ دیا گیا جس کی وجہ سے خاوند کے گھر سے چلی گئیں۔

فَھٰذَا مَعْنًی قَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَادَہٗ اِنْ کَانَ حَدِیْثُ فَاطِمَۃَ صَحِیْحًا وَقَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ اَرَادَ مَا وَصَفْتَ اَنْتَ۔

تو ہو سکتا ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی معنیٰ مراد لیا ہو اگر حدیث فاطمہ صحیح ہو۔ اور ہو سکتا ہے وہ مفہوم مراد لیا ہو جو تم نے بیان کیا۔

وَقَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ اَرَادَ مَعْنًی غَیْرَ ھٰذَیْنِ مِمَّا لَا یَبْلُغُہٗ عِلْمُنَا وَلَا یُحْکَمُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ اَرَادَ فِیْ ذٰلِکَ مَعْنًی بِعَیْنِہٖ دُوْنَ مَعْنًی کَمَا حَکَمْتَ اَنْتَ عَلَیْہِ لِاَنَّ الْقَوْلَ عَلَیْہِ بِالظَّنِّ حَرَامٌ کَمَا اَنَّ الْقَوْلَ بِالظَّنِّ عَلَی اللّٰہِ حَرَامٌ۔

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کی مراد ان دو کے علاوہ کوئی معنیٰ ہو اور ہمیں اس کا علم نہ ہوا کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ آپ نے فلاں معنیٰ ہی مراد لیا کوئی دوسرا معنیٰ مراد نہیں لیا جیسا کہ تم نے حضور علیہ السلام کے بارے میں یہ فیصلہ کیا کیونکہ محض گمان سے آپ کے بارے میں کوئی بات کہنا حرام ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں محض گمان سے بات کرنا حرام ہے۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا فِی الْفَاحِشَۃِ الْمُبَیِّنَۃِ غَیْرُ مَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے "فاحشہ مبینہ" کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بیان کردہ معنیٰ کے خلاف مروی ہے۔

۲۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَۃَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی لَا تُخْرِجُوْھُنَّ مِنْ بُیُوْتِہِنَّ وَلَا یَخْرُجْنَ اِلَّا اَنْ یَّاْتِیْنَ بِفَاحِشَۃٍ مُّبَیِّنَۃٍ قَالَ خُرُوْجُہَا مِنْ بَیْتِہَا فَاحِشَۃٌ مُّبَیِّنَۃٌ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے قول لاتخرجوھن من بیوتھن (آخر تک) کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ اس کا گھر سے نکلنا "فاحشہ مبینہ" ہے۔

وَقَدْ قَالَ اٰخَرُوْنَ اَنَّ الْفَاحِشَۃَ الْمُبَیِّنَۃَ اَنْ تَزْنِیَ فَتُخْرَجَ لِیُقَامَ عَلَیْہَا الْحَدُّ

دوسرے حضرات نے فرمایا کہ فاحشہ مبینہ" سے مراد زنا کرنا ہے پس اسے نکالا جائے تاکہ اس پر حد قائم کی جاسکے۔ تو آپ

فَمَنْ جَعَلَ لَكَ اَنْ تَثْبُتَ مَا رُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِیْ تَاوِیْلِ هٰذِهِ الْاٰیَةِ وَتَحْتَجَّ بِهٖ عَلٰی مُخَالِفِكَ وَتَدَعَ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا۔

کو کس نے اختیار دیا ہے کہ اس آیت کے معنیٰ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کو ثابت کریں اور اسے اپنے مخالف کے خلاف بطور دلیل پیش کریں اور جو کچھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا اسے چھوڑ دیں۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَیْسٍ فِیْ حَدِیْثِهَا مَعْنًی غَیْرَ مَا ذَكَرْنَا۔

حضرت فاطمہ بنت قیس سے ہمارے بیان کردہ معنیٰ کے خلاف مروی ہے۔

۴۸۳۔ وَذٰلِكَ اَنَّ اَبَا شُعَیْبٍ الْبَصْرِیَّ صَالِحَ بْنَ شُعَیْبٍ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّی الزَّمِنُ قَالَ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَیْسٍ قَالَتْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ زَوْجِیْ طَلَّقَنِیْ وَاِنَّهٗ یُرِیْدُ اَنْ یَّقْتَحِمَ قَالَ انْتَقِلِیْ عَنْهُ۔

وہ اس طرح کہ حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے اور وہ حضرت فاطمہ بنت قیس سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے خاوند نے مجھے طلاق دی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ ان کے پاس (ان کے دوست احباب کا) آنا جانا ہو آپ نے فرمایا وہاں سے (دوسری جگہ) منتقل ہو جاؤ۔

فَهٰذِهٖ فَاطِمَةُ تُخْبِرُ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَمَرَهَا اَنْ تَنْتَقِلَ حِیْنَ خَافَتْ زَوْجَهَا عَلَیْهَا۔

تو یہ حضرت فاطمہ بنت قیس ہیں جو اس حدیث میں بتاتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو اس وقت منتقل ہونے کا حکم دیا جب ان (حضرت فاطمہ) کو اپنے خاوند کیطرف سے ڈر محسوس ہوا۔

فَقَالَ قَائِلٌ وَكَیْفَ یَجُوْزُ هٰذَا وَفِیْ بَعْضِ مَا قَدْ رُوِیَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ اَنَّهٗ طَلَّقَهَا وَهُوَ غَائِبٌ اَوْ طَلَّقَهَا ثُمَّ غَابَ فَخَاصَمَتِ ابْنَ عَمِّهٖ فِیْ نَفَقَتِهَا وَفِیْ هٰذَا اِنَّهَا كَانَتْ تَخَافُهٗ فَاَحَدُ الْحَدِیْثَیْنِ یُخْبِرُ اَنَّهٗ كَانَ غَائِبًا وَالْاٰخَرُ یُخْبِرُ اَنَّهٗ كَانَ حَاضِرًا فَقَدْ تَضَادَّ هٰذَانِ الْحَدِیْثَانِ۔

کسی معترض نے کہا یہ مفہوم کیسے صحیح ہو سکتا ہے جب کہ اس سلسلے میں مروی بعض روایات میں ہے کہ انہوں نے جب انکو طلاق دی تو وہ خود موجود نہ تھے یا طلاق دینے کے بعد غائب ہو گئے تو انہوں (حضرت فاطمہ) نے ان (اپنے خاوند) کے بھتیجے سے اپنے نفقہ کے بارے میں جھگڑا کیا اور اس حدیث میں ہے کہ انہیں ان (خاوند) کا ڈر تھا تو ایک حدیث بتاتی ہے کہ وہ غائب تھے اور دوسری حدیث بتاتی ہے کہ وہ موجود تھے تو ان دونوں حدیثوں میں تضاد ہے۔

قِیْلَ لَهٗ مَا تَضَادَّا لِاَنَّهٗ قَدْ یَجُوْزُ اَنْ تَكُوْنَ فَاطِمَةُ لَمَّا طَلَّقَهَا زَوْجُهَا خَافَتْ عَلَی الْهُجُوْمِ عَلَیْهَا وَسَاَلَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهَا بِالنَّفَقَةِ ثُمَّ غَابَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَوَكَّلَ ابْنَ عَمِّهٖ بِنَفَقَتِهَا فَخَاصَمَتْ حِیْنَئِذٍ فِی النَّفَقَةِ وَهُوَ غَائِبٌ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ ان دونوں حدیثوں میں تضاد نہیں ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ جب حضرت فاطمہ کے خاوند نے ان کو طلاق دی تو انہیں اپنے پاس ہجوم کا ڈر محسوس ہوا اور انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا پھر وہ (ان کے خاوند) اس کے پاس نفقہ لے کر آئے اور اس کے بعد غائب ہو گئے اور اپنے چچا زاد بھائی کو وکیل بنا دیا اس وقت حضرت فاطمہ نے نفقہ کے سلسلے میں ان (وکیل)

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا سُكْنَى لَكِ وَلَا نَفَقَةَ فَاتَّفَقَ مَعْنَى حَدِيْثِ عُرْوَةَ هٰذَا وَمَعْنَى حَدِيْثِ الشَّعْبِيِّ وَاَبِي سَلَمَةَ وَمَنْ وَافَقَهُمَا عَلَى ذٰلِكَ عَنْ فَاطِمَةَ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ الْاٰثَارِ.

سے جھگڑا کیا جبکہ ان کے خاوند موجود نہ تھے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے لیے رہائش اور نفقہ کچھ نہیں تو حضرت عروہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت کا مفہوم، حضرت شعبی، حضرت ابوسلمہ اور ان دونوں کی موافقت میں حضرت فاطمہ سے روایت کرنے والوں کی روایات کا مفہوم ایک جیسا ہوا۔ روایات کے طریقے سے اس باب کا بیان یہ ہے۔

وَاَمَّا وَجْهُهُ ذٰلِكَ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَاِنَّا قَدْ رَاَيْنَاهُمْ اَجْمَعُوْا اَنَّ الْمُطَلَّقَةَ طَلَاقًا بَائِنًا وَهِيَ حَامِلٌ مِنْ زَوْجِهَا اَنَّ لَهَا النَّفَقَةَ عَلٰى زَوْجِهَا وَبِذٰلِكَ حَكَمَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهَا فِي كِتَابِهِ فَقَالَ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ.

غور و فکر کے طریقے پر اس کا بیان یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں فقہاء کرام کا اس بات پر اجماع ہے کہ جس عورت کو طلاق بائن دی گئی ہو اور وہ اپنے خاوند سے حاملہ ہو تو اس کے لیے خاوند پر نفقہ واجب ہے اللہ تعالیٰ نے بھی اسی بات کا حکم دیا ارشاد خداوندی ہے "اور اگر وہ حمل والی ہوں تو بچہ پیدا ہونے تک ان پر خرچ کرو۔"

وَاحْتَمَلَ اَنْ تَكُوْنَ تِلْكَ النَّفَقَةُ جُعِلَتْ عَلَى الْمُطَلِّقِ لِاَنَّهُ يَكُوْنُ عَنْهَا مَا يَغْتَذِي الصَّبِيُّ فِي بَطْنِ اُمِّهِ فَيَجِبُ عَلَيْهِ لِوَلَدِهِ كَمَا يَجِبُ عَلَيْهِ اَنْ يُغَذِّيَهُ فِي حَالِ رَضَاعِهِ بِالنَّفَقَةِ عَلٰى مَنْ تُرْضِعُهُ وَتُوْصِلُ الْغِذَاءَ عَلَيْهِ ثُمَّ يُغَذِّيَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِمِثْلِ مَا يُغَذّٰى بِهِ مِثْلُهُ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ فَيَحْتَمِلُ اَيْضًا اِذَا كَانَ حَمْلًا فِي بَطْنِ اُمِّهِ اَنْ يَجِبَ عَلٰى اَبِيْهِ غِذَاؤُهُ بِمَا يُغَذّٰى بِهِ مِثْلُهُ فِي حَالَتِهِ تِلْكَ مِنَ النَّفَقَةِ عَلٰى اُمِّهِ لِاَنَّ ذٰلِكَ يُوْصِلُ الْغِذَاءَ اِلَيْهِ.

تو اس بات کا احتمال ہے کہ طلاق دینے والے پر یہ نفقہ اس لیے لازم ہو کہ وہ اس نفقہ میں سے بچے کو ماں کے پیٹ میں غذا پہنچاتا ہے لہٰذا بچے کی وجہ سے اس پر واجب ہوگا جیسا کہ بچے کے دودھ پینے کی حالت میں دودھ پلانے والی کو نفقہ دے کر بچے کو غذا پہنچانا اس (باپ) پر لازم ہے اس کے بعد بھی اس بچے کو کھانے پینے کی اشیاء کے ذریعے غذا پہنچانا ضروری ہے جو اسے بطور غذا دی جاتی ہیں تو اس بات کا بھی احتمال ہے کہ جب بچہ ماں کے پیٹ میں ہو تو اس کے باپ پر اس کے مناسب حال غذا واجب ہو جو ماں کو دیئے جانے والے نفقہ میں سے ہو کیونکہ وہ اسی کے ذریعے اس تک پہنچتی ہے۔

وَيَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ تِلْكَ النَّفَقَةُ اِنَّمَا جُعِلَتْ لِلْمُطَلَّقَةِ خَاصَّةً لِعِلَّةِ الْعِدَّةِ لَا لِعِلَّةِ الْوَلَدِ الَّذِي فِي بَطْنِهَا فَاِنْ كَانَتِ النَّفَقَةُ عَلَى الْحَامِلِ اِنَّمَا جُعِلَتْ لَهَا لِمَعْنَى الْعِدَّةِ ثَبَتَ قَوْلُ الَّذِيْنَ قَالُوْا لِلْمَبْتُوْتَةِ النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى حَامِلًا كَانَتْ اَوْ غَيْرَ حَامِلٍ وَاِنْ كَانَتِ الْعِلَّةُ الَّتِي بِهَا وَجَبَتِ النَّفَقَةُ هِيَ الْوَلَدُ فَاِنَّ ذٰلِكَ

اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ نفقہ صرف عورت کے لیے ہو اور اس کی علت عدت ہو اس کے پیٹ میں پائے جانے والا بچہ اس کی علت نہ ہو پس اگر اس وجہ سے حاملہ کے لیے نفقہ مقرر کیا گیا ہے تو ان لوگوں کا قول ثابت ہوگیا جو کہتے ہیں کہ مطلقہ بائنہ کے لیے نفقہ اور رہائش ہوگی حاملہ ہو یا غیر حاملہ، اور اگر نفقہ کے وجوب کی علت بچہ ہو تو یہ اس بات پر دلالت نہیں

لَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ النَّفَقَةَ وَاجِبَةٌ لِغَيْرِ الْحَامِلِ فَاعْتَبَرْنَا ذٰلِكَ لِنَعْلَمَ كَيْفَ الْوَجْهُ فِيْمَا اَشْكَلَ مِنْ ذٰلِكَ۔

کہ غیر حاملہ کے لیے بھی نفقہ ہوگا پس ہم نے اس میں غور و فکر کیا تاکہ اس مشکل مسئلے کا صحیح حل معلوم کر سکیں۔

فَرَاَيْنَا الرَّجُلَ يَجِبُ عَلَيْهِ اَنْ يُّنْفِقَ عَلٰى اِبْنِهِ الصَّغِيْرِ فِيْ رَضَاعِهٖ حَتّٰى يَسْتَغْنِيَ عَنْ ذٰلِكَ وَيُنْفِقَ عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا يُنْفِقُ عَلٰى مِثْلِهٖ مَا كَانَ الصَّبِيُّ مُحْتَاجًا اِلٰى ذٰلِكَ فَاِنْ كَانَ غَنِيًّا عَنْهُ بِمَالٍ لَهٗ قَدْ وَرِثَهٗ عَنْ اُمِّهٖ اَوْ قَدْ مَلَكَهٗ بِوَجْهٍ سِوٰى ذٰلِكَ مِنْ هِبَةٍ اَوْ غَيْرِهَا لَمْ يَجِبْ عَلٰى اَبِيْهِ اَنْ يُّنْفِقَ عَلَيْهِ مِنْ مَالِهٖ وَاَنْفَقَ عَلَيْهِ مِمَّا وَرِثَ اَوْ مِمَّا وُهِبَ لَهٗ فَكَانَ اِنَّمَا يُنْفِقُ عَلَيْهِ مِنْ مَالِهٖ لِحَاجَتِهٖ اِلٰى ذٰلِكَ فَاِذَا ارْتَفَعَ ذٰلِكَ لَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ الْاِنْفَاقُ عَلَيْهِ مِنْ مَالِهٖ وَلَوْ اَنْفَقَ عَلَيْهِ الْاَبُ مِنْ مَالِهٖ عَلٰى اَنَّهٗ فَقِيْرٌ اِلٰى ذٰلِكَ بِحُكْمِ الْقَاضِيْ عَلَيْهِ ثُمَّ عَلِمَ اَنَّ الصَّبِيَّ قَدْ كَانَ وَجَبَ لَهٗ مَالٌ قَبْلَ ذٰلِكَ بِمِيْرَاثٍ اَوْ غَيْرِهٖ كَانَ لِلْاَبِ اَنْ يَّرْجِعَ بِذٰلِكَ (الْمَالِ الَّذِيْ اَنْفَقَهٗ) فِيْ مَالِ الصَّبِيِّ الَّذِيْ وَجَبَ لَهٗ بِالْوَجْهِ الَّذِيْ ذَكَرْنَا۔

تو ہم دیکھتے ہیں کہ مرد پر اپنے چھوٹے دودھ پیتے بچے کا خرچ واجب ہے یہاں تک کہ اسے اس (دودھ) کی حاجت نہ رہے اس کے بعد بھی جب تک بچہ ضرورت مند رہتا ہے، اس کی حالت کے مطابق اس پر خرچ کرتا ہے اور اگر وہ بچہ اپنے ذاتی مال کی وجہ سے بے نیاز ہو یعنی وہ مال جو اسے ماں کی طرف سے وراثت میں ملا یا کسی دوسرے ذریعے مثلاً ہبہ وغیرہ کے سبب اس کا مالک بنا تو اب باپ پر واجب نہیں کہ اپنے مال میں سے اس پر خرچ کرے بلکہ وہ اس (بچے) کو ملنے والے مال وراثت یا ہبہ میں سے اس پر خرچ کرے تو باپ اپنے مال سے بچے پر اس لیے خرچ کرتا ہے اس بچے کو اس کی ضرورت ہوتی ہے تو جب اس کی حاجت نہ رہے تو باپ پر اپنے مال میں سے اس پر خرچ کرنا واجب نہیں ہوتا اور اگر باپ قاضی کے حکم سے بچے پر اس لیے خرچ کرتا ہے کہ وہ فقیر ہے لیکن بعد میں معلوم ہوجاتا ہے کہ اس سے پہلے بچے کے لیے وراثت وغیرہ کے ذریعے مال واجب ہو گیا تھا تو باپ بچے کے مال سے وہ مال واپس لے سکتا ہے جو اس نے بچے پر خرچ کیا ہے اس کی وجہ ہم نے ذکر کر دی ہے۔

وَكَانَ الرَّجُلُ اِذَا طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَامِلٌ وَحَكَمَ الْقَاضِيْ لَهَا عَلَيْهِ بِالنَّفَقَةِ فَاَنْفَقَ عَلَيْهَا حَتّٰى وَضَعَتْ وَلَدًا حَيًّا وَقَدْ كَانَ اَخٌ لَهٗ مِنْ اُمِّهٖ مَاتَ قَبْلَ ذٰلِكَ فَوَرِثَهُ الْوَلَدُ وَاُمُّهٗ حَامِلٌ بِهٖ لَمْ يَكُنْ لِلْاَبِ فِيْ قَوْلِهِمْ جَمِيْعًا اَنْ يَّرْجِعَ عَلٰى اِبْنِهٖ بِمَا كَانَ اَنْفَقَ عَلٰى اُمِّهٖ بِحُكْمِ الْقَاضِيْ لَهَا عَلَيْهِ بِذٰلِكَ اِذْ كَانَتْ حَامِلًا بِهٖ۔

اور جب کوئی شخص اپنی حاملہ بیوی کو طلاق دے اور قاضی کے حکم سے اس کو نفقہ دے حتیٰ کہ اس کا زندہ بچہ پیدا ہو جائے اور اس سے پہلے اس کا ماں کی طرف سے بھائی فوت ہو چکا ہو اور وہ ماں کے پیٹ میں اس کا وارث بن گیا ہو تو تمام حضرات کے نزدیک اس بچے سے وہ مال واپس نہیں لے سکتا جو اس نے قاضی کے حکم سے اس بچے کی ماں پر اس وقت خرچ کیا جب وہ حاملہ تھی۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ النَّفَقَةَ عَلَى الْمُطَلَّقَةِ الْحَامِلِ هِيَ لِعِلَّةِ الْعِدَّةِ الَّتِيْ هِيَ فِيْهَا مِنَ الَّذِيْ

تو اس سے ثابت ہوا کہ حاملہ مطلقہ کا نفقہ اس کی عدت کی وجہ سے ہے جو وہ گزار رہی ہے اس بچے کی وجہ نہیں جس

طَلَّقَهَا لَا لِعِلَّةٍ مَا هِيَ بِهِ حَامِلٌ مِنْهُ فَلَمَّا كَانَ مَا ذَكَرْنَا كَذٰلِكَ ثَبَتَ اَنَّ كُلَّ مُعْتَدَّةٍ مِنْ طَلَاقٍ بَائِنٍ فَلَهَا مِنَ النَّفَقَةِ مِثْلُ مَا لِلْمُعْتَدَّةِ مِنَ الطَّلَاقِ اِذَا كَانَتْ حَامِلًا قِيَاسًا وَّ نَظَرًا عَلٰى مَا ذَكَرْنَا مِمَّا وَصَفْنَا وَبَيَّنَّا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

کے ساتھ وہ حاملہ ہے تو جب بات اس طرح ہے جس طرح ہم نے ذکر کیا تو ثابت ہوا کہ ہر مطلقہ بائنہ کے لیے اسی طرح ہوگا جس طرح مطلقہ حاملہ کے لیے ہوتا ہے ہماری مذکورہ بالا گفتگو پر قیاس کا تقاضا یہی ہے حضرت امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ ذٰلِكَ عَنْ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ وَقَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ كِتَابِنَا هٰذَا وَرُوِيَ ذٰلِكَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ۔

حضرت عمر فاروق اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما سے بھی یہی بات مروی ہے اور ہم اپنی کتاب میں اسے ذکر کر چکے ہیں حضرت سعید بن مسیب اور حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہما سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

۲۸۴۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَهَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى۔

حضرت عبدالکریم جزری حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا تین طلاقوں والی عورت کے لیے نفقہ اور رہائش ہے۔

۲۸۵۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت شجاع بن ولید، حضرت مغیرہ سے اور وہ حضرت ابراہیم نخعی سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

بَابُ ۱۸۷ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا هَلْ لَهَا اَنْ تُسَافِرَ فِيْ عِدَّتِهَا وَمَا دَخَلَ فِيْ ذٰلِكَ مِنْ حُكْمِ الْمُطَلَّقَةِ فِيْ وُجُوْبِ الْاِحْدَادِ عَلَيْهَا فِيْ عِدَّتِهَا

بیوہ کا عدت کے دوران سفر کرنا اور مطلقہ کا عدت کے دوران بناؤ سنگھار چھوڑ دینا

۲۸۶۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَا جَمِيْعًا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ طُلِّقَتْ خَالَةٌ لِيْ فَاَرَادَتْ اَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میری خالہ کو طلاق دی گئی تو عدت کے دوران انہوں نے اپنے کھجوروں کے باغ میں جانے کا ارادہ کیا ان سے ایک شخص نے کہا تمہارے لیے یہ جائز نہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

تَخْرُجَ فِيْ عِدَّتِهَا إِلَى نَخْلٍ لَّهَا فَقَالَ لَهَا رَجُلٌ لَيْسَ ذٰلِكَ لَكِ فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أُخْرُجِيْ إِلَى نَخْلِكِ وَجُدِّيْهِ فَعَسٰى أَنْ تَصَدَّقِيْ وَتَصْنَعِيْ مَعْرُوْفًا۔

۲۸۷۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ أَخْبَرَتْنِيْ خَالَتِيْ أَنَّهَا طُلِّقَتِ الْبَتَّةَ فَأَرَادَتْ أَنْ تَجُدَّ نَخْلَهَا فَزَجَرَهَا رِجَالٌ أَنْ تَخْرُجَ فَأَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلٰى فَجُدِّيْ نَخْلَكِ فَإِنَّكِ عَسٰى أَنْ تَصَدَّقِيْ وَتَفْعَلِيْ مَعْرُوْفًا۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ لِلْمُطَلَّقَةِ وَلِلْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا أَنْ تُسَافِرَا فِيْ عِدَّتِهِمَا إِلٰى حَيْثُ مَا شَاءَتَا وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا أَمَّا الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا فَإِنَّ لَهَا أَنْ تَخْرُجَ فِيْ عِدَّتِهَا مِنْ بَيْتِهَا نَهَارًا وَلَا تَبِيْتُ إِلَّا فِيْ بَيْتِهَا وَأَمَّا الْمُطَلَّقَةُ فَلَا تَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهَا فِيْ عِدَّتِهَا لَا لَيْلًا وَلَا نَهَارًا وَفَرَّقُوْا بَيْنَهُمَا لِأَنَّ الْمُطَلَّقَةَ فِيْ قَوْلِهِمْ لَهَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى فِيْ عِدَّتِهَا عَلٰى زَوْجِهَا الَّذِيْ طَلَّقَهَا فَذٰلِكَ يُغْنِيْهَا عَنِ الْخُرُوْجِ مِنْ بَيْتِهَا وَالْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا لَا نَفَقَةَ لَهَا فَلَهَا أَنْ تَخْرُجَ فِيْ بَيَاضِ نَهَارِهَا تَبْتَغِيْ مِنْ فَضْلِ رَبِّهَا۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ حَدِيْثِ جَابِرٍ الَّذِي احْتَجَّ بِهِ عَلَيْهِمْ أَهْلُ الْمَقَالَةِ

کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ نے فرمایا تم اپنے کھجوروں کے درختوں کی طرف جاسکتی ہو اور انہیں توڑ بھی سکتی ہے قریب ہے کہ تم صدقہ کرو اور اچھا کام کرو۔

حضرت ابوالزبیر فرماتے ہیں میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے ہیں مجھے میری خالہ نے بتایا کہ ان کو طلاق بائن دی گئی انہوں نے اپنی کھجوریں توڑنے کا ارادہ کیا تو کچھ لوگوں نے انہیں نکلنے سے منع کیا وہ نبی اکرم صلی اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ نے فرمایا کیوں نہیں تم اپنی کھجوریں توڑ سکتی ہو قریب ہے کہ تم صدقہ کرو اور کوئی اچھا کام کرو۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے وہ فرماتے ہیں مطلقہ اور بیوہ عدت کے دوران جہاں تک چاہیں سفر کرسکتی ہیں انہوں نے اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ بیوہ عورت اپنی عدت کے دوران دن کے وقت گھر سے باہر جاسکتی ہے لیکن رات اپنے گھر میں گزارے گی اور مطلقہ عورت دن اور رات میں کسی وقت بھی گھر سے باہر نہیں نکل سکتی انہوں نے ان دونوں کے حکم میں فرق کیا ہے کیونکہ ان کے قول کے مطابق مطلقہ کے لیے عدت کے دوران اس خاوند پر نفقہ اور رہائش واجب ہے جس نے اسے طلاق دی ہے لہذا اس وجہ سے اسے گھر سے نکلنے کی ضرورت نہیں رہتی اور چونکہ بیوہ کے لیے نفقہ نہیں ہے لہذا وہ دن کی روشنی میں جا سکتی ہے تاکہ اپنے رب کا فضل (رزق) تلاش کرے۔

ان حضرات نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے جس سے پہلے قول والوں

الْاُوْلٰی اَنَّهٗ قَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ مَا ذُکِرَ فِیْهِ کَانَ فِیْ وَقْتٍ مَا لَمْ یَکُنِ الْاِحْدَادُ یَجِبُ فِیْ کُلِّ الْعِدَّةِ فَاِنَّهٗ قَدْ کَانَ ذٰلِكَ کَذٰلِكَ۔

نے استدلال کیا یوں دلیل دی ہے کہ ہو سکتا ہے جو کچھ اس میں ذکر کیا گیا وہ اس وقت کی بات ہو جب ہر عدت میں سوگ واجب نہیں تھا اور اس وقت یہی حکم تھا۔

۲۸۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا حَبَّانُ ابْنُ هِلَالٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرَةَ اَیْضًا قَالَ ثَنَا حَبَّانُ ح وَحَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ ح وَحَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ وَسُلَیْمَانُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَا ثَنَا اَسَدٌ قَالُوْا ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ عَنِ الْحَکَمِ بْنِ عُتَیْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ قَالَتْ لَمَّا اُصِیْبَ جَعْفَرٌ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَسَلَّبِیْ ثَلَاثًا ثُمَّ اصْنَعِیْ مَا شِئْتِ۔

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے مختلف طرق سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا "تین دن تک گھر میں ٹھہرو پھر جو چاہو کرو"۔

فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ الْاِحْدَادَ لَمْ یَکُنْ عَلَی الْمُعْتَدَّةِ فِیْ کُلِّ عِدَّتِهَا وَاِنَّمَا کَانَ فِیْ وَقْتٍ مِّنْهَا خَاصٍّ ثُمَّ نُسِخَ ذٰلِكَ وَاُمِرَتْ بِاَنْ تُحِدَّ عَلَیْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔

تو اس حدیث میں ہے کہ عدت گزارنے والی عورت پر ہر عدت میں سوگ نہیں تھا یہ ایک خاص وقت میں تھا پھر منسوخ ہو گیا اور اسے چار مہینہ دس دن سوگ میں رہنے کا حکم دیا گیا۔

۲۸۹۔ فَمِمَّا رُوِیَ فِیْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰی مَیِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَیَّامٍ اِلَّا عَلٰی زَوْجِهَا فَاِنَّهَا تُحِدُّ عَلَیْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔

اس سلسلے میں مروی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں آپ نے فرمایا جو عورت اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہے اس کے لیے جائز نہیں کہ خاوند کے علاوہ کسی پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے خاوند پر چار مہینے دس دن سوگ کرے۔

۲۹۰۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَیُّوْبَ بْنِ مُوْسٰی عَنْ حُمَیْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَتْ لَمَّا جَآءَ نَعْیُ اَبِیْ سُفْیَانَ دَعَتْ اُمُّ حَبِیْبَةَ بِصُفْرَةٍ فَمَسَحَتْ

حضرت زینب بنت ابو سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں جب حضرت ابو سفیان کی وفات کی خبر پہنچی تو حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے خوشبو منگوائی اور اسے اپنے

بِذِرَاعَيْهَا وَعَارِضَيْهَا وَقَالَتْ إِنِّي عَنْ هٰذَا لَغَنِيَّةٌ لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَتْ مِثْلَ حَدِيْثِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سَوَاءً.

بازوؤں اور دونوں رخساروں پر ملا اور فرمایا مجھے اس کی ضرورت نہیں تھی اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ سنا ہوتا۔ اس کے بعد انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کی مثل ذکر کیا۔

۲۹۱ - حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ بَيْنَمَا أَنَا عِنْدَ أُمِّ حَبِيْبَةَ ثُمَّ ذَكَرَتْ مِثْلَ حَدِيْثِ يُوْنُسَ قَالَ حُمَيْدٌ وَحَدَّثَتْنِيْ زَيْنَبُ بِنْتُ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا قَالَتْ جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ بِنْتُ النَّحَّامِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّا نَخَافُ عَلٰى بَصَرِهَا فَقَالَ لَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَّعَشْرًا قَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ تُحِدُّ عَلٰى زَوْجِهَا السَّنَةَ ثُمَّ تَرْمِيْ عَلٰى رَأْسِ السَّنَةِ بِالْبَعْرِ.

حضرت حمید بن نافع حضرت زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھی اس کے بعد انہوں نے حضرت یونس کی روایت (روایت نمبر ۲۹۰) کی مثل ذکر کیا حضرت حمید فرماتے ہیں مجھ سے حضرت زینب بنت ام سلمہ نے اپنی والدہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا وہ فرماتی ہیں ایک قریشی عورت جس کا نام بنت النحام تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کیا ہمیں اس کی آنکھوں کا ڈر ہے آپ نے فرمایا نہیں، وہ چار مہینے دس دن ہی عدت گزارے گی (دور جاہلیت میں) تم میں سے ایک اپنے خاوند پر ایک سال تک سوگ گزارتی پھر اس کے ختم ہونے پر مینگنی پھینکتی (اور سوگ سے نکلتی)

۲۹۲ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ مَوْلَى الْأَنْصَارِ أَنَّهُ سَمِعَ زَيْنَبَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ تُحَدِّثُ عَنْ أُمِّهَا وَأُمِّ حَبِيْبَةَ مِثْلَ مَا فِيْ حَدِيْثِ رَبِيْعٍ عَنْهُمَا قَالَ حُمَيْدٌ فَقُلْتُ لِزَيْنَبَ وَمَا رَأْسُ الْحَوْلِ فَقَالَتْ كَانَتِ الْمَرْأَةُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا مَاتَ زَوْجُهَا عَمَدَتْ إِلٰى شَرِّ بَيْتٍ لَهَا فَجَلَسَتْ فِيْهِ سَنَةً فَإِذَا مَرَّتْ بِهَا سَنَةٌ خَرَجَتْ وَرَمَتْ بِبَعْرَةٍ مِنْ وَرَائِهَا.

انصار کے آزاد کردہ غلام حضرت حمید بن نافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے حضرت زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے سنا وہ اپنی والدہ اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے اسکی مثل روایت کرتی ہیں جو حضرت ربیع کی روایت (روایت ۲۹۱) میں ان دونوں سے مروی ہے حضرت حمید فرماتے ہیں میں نے حضرت زینب سے پوچھا سال کے آخر کا کیا مطلب ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ دور جاہلیت میں جب کسی عورت کا خاوند مر جاتا تو وہ اپنے نہایت گندے مکان کا قصد کرتی اور اس میں ایک سال تک بیٹھی رہتی جب سال گزر جاتا تو باہر نکلتی اور اپنے پیچھے ایک مینگنی پھینکتی۔

۲۹۳ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا أَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ بِهٰذِهِ الْأَحَادِيْثِ الثَّلَاثَةِ قَالَتْ

حضرت عبداللہ بن ابوبکر حضرت حمید بن نافع سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت زینب بنت ابوسلمہ نے ان کو ان تینوں احادیث کی خبر دی، وہ فرماتی ہیں میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئی اس کے بعد انہوں (حضرت

دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ حَبِيْبَةَ ثُمَّ ذَكَرَتْ عَنْهَا مِثْلَ مَا ذَكَرْنَاهُ عَنْهَا فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ وَسَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ تَقُوْلُ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَتْ نَحْوَ مَا ذَكَرْنَاهُ عَنْهَا فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ قَالَتْ وَدَخَلْتُ عَلٰى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَذَكَرَتْ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ يُوْنُسَ عَنْ عَلِيٍّ وَفِيْ حَدِيْثِ رَبِيْعٍ عَنْ شُعَيْبٍ مِمَّا ذَكَرْنَاهُ فِيْ حَدِيْثِهِمَا عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بِنْتِ النُّحَامِ۔

زینب) نے ان (حضرت ام حبیبہ) سے اس کی مثل روایت کیا جو ہم نے گزشتہ احادیث میں ان کے واسطے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا حضرت زینب فرماتی ہیں میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے سنا وہ فرماتی ہیں ایک عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا جو ہم نے گزشتہ احادیث میں ذکر کیا وہ مزید فرماتی ہیں کہ میں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئی تو ان ــــ

حضرت یونس کی حضرت علی بن معبد کی روایت (روایت ۲۹۲) اور حضرت ربیع کی حضرت شعیب سے روایت (روایت ۲۹۱) کے ضمن میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا قول جو انہوں نے بنت النحام کے سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا، ذکر کیا۔

۲۹۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ وَفَهْدٌ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ قَالَ ثَنِي ابْنُ الْهَادِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَوْ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ عَنْهُمَا كِلْتَيْهِمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰى مُتَوَفًّى فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجِهَا۔

حضرت صفیہ بنت ابو عبید، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت حفصہ بنت عمر، حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہم) ان دونوں سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہے اس کے لیے اپنے خاوند کے علاوہ کسی فوت ہونے والے پر تین دن سے زیادہ سوگ منانا جائز نہیں۔

۲۹۵- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ بَعْضِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ اُمُّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ وَزَادَ فَاِنَّهَا

حضرت نافع، حضرت صفیہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی زوجہ یعنی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں البتہ اس میں یہ اضافہ ہے کہ وہ اس (خاوند) پر چار مہینے دس دن

تُحِدُّ عَلَيْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔

۲۹۶- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ ثَنَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يُحَدِّثُ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ بَعْضِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ۔

سوگ منائے۔

حضرت نافع، حضرت صفیہ بنت ابو عبید سے اور وہ کسی ام المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والی کسی عورت کے لیے جائز نہیں کہ خاوند کے علاوہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے۔

۲۹۷- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ ثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حماد بن زید فرماتے ہیں، ہم سے حضرت ایوب نے بیان کیا انہوں نے حضرت نافع سے روایت کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۲۹۸- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّا تُحِدَّ الْمَرْأَةُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ وَّلَا تَكْتَحِلَ وَلَا تُطَيَّبَ وَلَا تَلْبَسَ ثَوْبًا مَّصْبُوْغًا اِلَّا ثَوْبَ عَصَبٍ۔

حضرت حفصہ، حضرت ام عطیہ (رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتی ہیں وہ فرماتی ہیں ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ کوئی عورت اپنے خاوند کے علاوہ کسی (میت) پر تین دن سے زیادہ سوگ نہ منائے (اور ان دنوں میں) نہ سرمہ لگائے نہ خوشبو لگائے اور نہ رنگے ہوئے کپڑے پہنے البتہ یمنی چادر پہن سکتی ہے)

۲۹۹- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ قَوْلَهٗ اِلَّا ثَوْبَ عَصَبٍ۔

ایک دوسرے طریقے سے بھی حضرت حفصہ، حضرت ام عطیہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں لیکن انہوں نے یمنی چادر کا ذکر نہیں کیا۔

۳۰۰- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا حَسَّانُ ابْنُ غَالِبٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُخْبِرُ عَنْ زَيْنَبَ اَنَّ اُمَّهَا اُمَّ سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهَا اَنَّ بِنْتَ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيِّ اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ ابْنَتِيْ تُوُفِّيَ عَنْهَا

حضرت قاسم بن محمد، حضرت زینب سے خبر دیتے ہیں کہ ان کی والدہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے ان کو بتایا کہ نعیم بن عبداللہ عدوی کی بیٹی نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میری بیٹی کا خاوند فوت ہو گیا ہے اور وہ سوگ منا رہی ہے اسکی آنکھوں میں تکلیف ہے کیا وہ سرمہ لگا سکتی ہے؟ آپ نے فرمایا "نہیں" اس نے عرض کیا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ

زَوْجُهَا وَهِيَ مُحِدَّةٌ وَقَدْ اِشْتَكَتْ عَيْنَيْهَا أَفَتَكْتَحِلُ فَقَالَ لَا فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّهَا تَشْتَكِي عَيْنَيْهَا فَوْقَ مَا تَظُنُّ أَفَتَكْتَحِلُ قَالَ لَا تَحِلُّ لِمُسْلِمَةٍ اَنْ تُحِدَّ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ ثُمَّ قَالَ اَوَنَسِيتُنَّ كُنْتُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ تُحِدُّ الْمَرْاَةُ السَّنَةَ وَتَجْعَلُ فِي السَّنَةِ فِي بَيْتٍ وَحْدَهَا اِلَّا اَنَّهَا تُطْعَمُ وَتُسْقٰى حَتّٰى اِذَا كَانَ رَأْسُ السَّنَةِ اُخْرِجَتْ ثُمَّ اُتِيَتْ بِكَلْبٍ اَوْدَابَّةٍ فَاِذَا مَسَّتْهَا مَاتَتْ فَخُفِّفَ ذٰلِكَ عَنْكُنَّ وَجُعِلَ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا

وسلم اس کی آنکھوں میں آپ کے خیال سے بھی زیادہ تکلیف ہے کیا وہ سرمہ لگائے آپ نے فرمایا کسی مسلمان عورت کے لیے جائز نہیں کہ وہ خاوند کے علاوہ کسی پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے پھر کیا تم بھول گئی ہو کہ دور جاہلیت میں تمہاری حالت یہ تھی کہ ایک عورت سال بھر سوگ مناتی اور پورا سال گھر میں اکیلی رہتی البتہ اسے کھانا دیا جاتا اور پانی پلایا جاتا تھا یہاں تک کہ جب سال پورا ہو جاتا تو اسے نکالا جاتا پھر اسے کسی کتے یا جانور کے پاس لایا جاتا جب وہ اسے چھوتی تو مر جاتی تو تمہارے لیے اس میں آسانی پیدا کی گئی اور (سوگ کے لیے) چار مہینے دس دن کی مدت مقرر کی گئی۔

فَفِي هٰذِهِ الْاٰثَارِ مَا قَدْ دَلَّ اَنَّ اِحْدَادَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا قَدْ جُعِلَ فِي كُلِّ عِدَّتِهَا وَقَدْ كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ فِي ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ عِدَّتِهَا خَاصَّةً عَلٰى مَا فِي حَدِيْثِ اَسْمَاءَ ثُمَّ قَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَمْرِ الْفُرَيْعَةِ بِنْتِ مَالِكٍ

تو ان روایات میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ بیوہ عورت کا سوگ اس کی تمام مدت میں رکھا گیا ہے اس سے پہلے صرف اس کے مدت کے تین دنوں میں تھا جیسا کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے۔

پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت فریعہ بنت مالک کے بارے میں یوں مروی ہے۔

۳۰۱۔ مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعْدُ بْنُ اِسْحَاقَ ابْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبٍ قَالَتْ اَخْبَرَتْنِي الْفُرَيْعَةُ بِنْتُ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ وَهِيَ اُخْتُ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّهُ اَتَاهَا نَعْيُ زَوْجِهَا خَرَجَ فِيْ طَلَبِ اَعْلَاجٍ لَهُ فَاَدْرَكَهُمْ بِطَرَفِ الْقَدُوْمِ فَقَتَلُوْهُ قَالَتْ فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ اَتَانِيْ نَعْيُ زَوْجِيْ وَاَنَا فِيْ دَارٍ مِنْ دُوْرِ الْاَنْصَارِ شَاسِعَةٍ عَنْ دَارِ اَهْلِيْ وَاَنَا اَكْرَهُ الْقَعْدَةَ فِيْهَا وَاِنَّهُ لَمْ يَتْرُكْنِيْ فِيْ مَسْكَنٍ وَلَا مَالٍ يَمْلِكُهُ وَلَا نَفَقَةٍ تُنْفَقُ عَلَيَّ

حضرت زینب بنت کعب رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں مجھے حضرت فریعہ بنت مالک بن سنان نے خبر دی اور وہ حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں کہ انہیں اپنے خاوند کے انتقال کی خبر ملی اور وہ بھی کفار کے پیچھے نکلے تھے انہوں نے ان (کفار) کو طرف قدوم کے مقام پر پایا اور کفار نے ان کو قتل کر دیا وہ فرماتی ہیں میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے اپنے خاوند کی وفات کی خبر پہنچی ہے اور میں انصار کے ایک گھر میں ہوں جو میرے گھر والوں سے بہت دور ہے میں اس میں بیٹھنا ناپسند کرتی ہوں میرے خاوند نے مجھے کسی رہائش گاہ میں نہیں چھوڑا جو اس کے پاس کچھ مال تھا اور نہ نفقہ جو مجھ پر خرچ کیا جائے اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں اپنے بھائی کے پاس چلی جاؤں تاکہ ہم اکٹھے ہو جائیں یہ میرے

فَإِنْ رَأَيْتَ أَنَّ الْحَقَّ بِأَخِيْ فَيَكُوْنُ أَمْرُنَا جَمِيْعًا فَإِنَّهُ أَجْمَعُ لِيْ فِيْ شَأْنِيْ وَأَحَبُّ إِلَيَّ قَالَ إِنْ شِئْتِ فَالْحَقِيْ بِأَهْلِكِ قَالَتْ فَخَرَجْتُ مُسْتَبْشِرَةً بِذٰلِكَ حَتّٰى إِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ أَوْ فِي الْمَسْجِدِ دَعَانِيْ أَوْ دُعِيْتُ لَهُ فَقَالَ كَيْفَ زَعَمْتِ فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ الْحَدِيْثَ مِنْ أَوَّلِهِ فَقَالَ أُمْكُثِيْ فِي الْبَيْتِ الَّذِيْ جَاءَكِ فِيْهِ نَعْيُ زَوْجِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ قَالَتْ فَاعْتَدَدْتُ فِيْهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَالَتْ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا عُثْمَانُ فَسَأَلَهَا فَأَخْبَرَتْهُ فَقَضٰى بِهِ

۳۰۲ - حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَعْدِ ابْنِ إِسْحَاقَ بْنِ كَعْبٍ ثُمَّ ذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ۔

۳۰۳ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَاقَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

۳۰۴ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ ثَنِيْ شُعْبَةُ وَرَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ جَمِيْعًا عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَاقَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ۔

۳۰۵ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَاقَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

۳۰۶ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا أَخْبَرَهُ عَنْ سَعْدٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

۳۰۷ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا

حال کے زیادہ مناسب اور مجھے زیادہ پسند ہے آپ نے فرمایا اگر تم چاہو تو اپنے گھر والوں کے پاس جا سکتی ہو فرماتی ہیں میں خوشی خوشی باہر آتی حتیٰ کہ جب حجرۂ مبارکہ یا مسجد شریف میں آئی تو آپ نے مجھے بلایا یا مجھے بلایا گیا آپ نے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے؟ میں نے شروع سے پوری بات دوبارہ عرض کی تو آپ نے فرمایا اسی گھر میں رہو جہاں تمہیں اپنے خاوند کے فوت ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے حتیٰ کہ مقررہ وقت پورا ہو جائے (فرماتی ہیں) چنانچہ میں نے اسی مکان میں چار مہینے دس دن گزارے فرماتی ہیں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے میرے پاس کسی کو بھیج کر مسئلہ پوچھا تو میں نے اسے بتایا چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسی کے ساتھ فیصلہ کیا۔

حضرت یزید بن محمد، حضرت سعید بن اسحاق بن کعب سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت یحییٰ بن سعید حضرت سعد بن اسحٰق سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت شعبہ اور حضرت روح بن قاسم دونوں حضرت سعد بن اسحاق سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سے اس کی مثل روایت کیا۔

حضرت یحییٰ بن عبد اللہ بن سالم، حضرت سعد بن اسحٰق سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت ابن وھب فرماتے ہیں کہ حضرت مالک نے حضرت سعد بن اسحٰق سے روایت کرتے ہوئے انہیں خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت سفیان ثوری، حضرت سعد سے روایت کرتے ہیں

قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ سَعْدٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ سُؤَالَ عُثْمَانَ إِيَّاهَا وَلَا قَضَاءَهُ بِهِ۔

انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا حضرت زینب سے سوال اور اس کے مطابق فیصلہ کا ذکر نہیں کیا۔

۳۰۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ إِسْحَاقَ عَنْ سَعْدٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ الْفَرْعَةُ وَلَمْ يَقُلِ الْفُرَيْعَةَ وَذَكَرَ أَيْضًا سُؤَالَ عُثْمَانَ إِيَّاهَا وَلَمْ يَذْكُرْ قَضَاءَهُ بِهِ۔

حضرت ابن اسحٰق نے حضرت سعد سے روایت کیا وہ اپنی سند سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے فریعہ کی بجائے فرعہ فرمایا نیز انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ان سے سوال کا ذکر کیا لیکن اس کے مطابق ان کے فیصلے کا ذکر نہیں کیا۔

۳۰۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَاقَ أَوْ إِسْحَاقَ بْنِ سَعْدٍ ثُمَّ ذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ وَقَالَ الْفُرَيْعَةُ وَلَا أَدْرِي أَذَكَرَ سُؤَالَ عُثْمَانَ إِيَّاهَا وَقَضَاءَهُ بِهِ أَمْ لَا۔

حضرت زہیر بن معاویہ حضرت سعد بن اسحاق سے یا حضرت اسحاق بن سعد سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے حضرت فریعہ کی بجائے حضرت "فرعہ" فرمایا اور یہ بات معلوم نہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا سوال اور اس (کے جواب) کے مطابق فیصلے کا ذکر کیا یا نہیں۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَمَنَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفُرَيْعَةَ مِنَ الْإِنْتِقَالِ مِنْ مَنْزِلِهَا فِي عِدَّتِهَا وَجَعَلَ ذَلِكَ مِنْ إِحْدَادِهَا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فریعہ کو عدت کے دوران اپنے گھر سے منتقل ہونے سے منع فرمایا اور اس عدت کو ان کے سوگ سے قرار دیا۔

وَقَدْ ذَكَرْنَا فِي حَدِيثِ أَسْمَاءَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا تَسَلَّبِي ثَلَاثًا ثُمَّ اصْنَعِي مَا شِئْتِ حِينَ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَهُوَ جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَفِي ذَلِكَ أَنَّهُ لَيْسَ عَلَيْهَا أَنْ تُحِدَّ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَةٍ وَكُلٌّ قَدْ أَجْمَعَ أَنَّ ذَلِكَ مَنْسُوخٌ لِتَرْكِهِمْ ذَلِكَ وَاسْتِعْمَالِهِمْ حَدِيثَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَعَائِشَةَ وَأُمِّ سَلَمَةَ وَأُمِّ حَبِيبَةَ وَمَا ذَكَرْنَا مَعَ ذَلِكَ مِمَّا يُوجِبُ الْإِحْدَادَ فِي الْعِدَّةِ كُلِّهَا وَكُلُّ مَا ذَكَرْنَا فِي الْإِحْدَادِ إِنَّمَا قُصِدَ

اور ہم نے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی روایت میں ذکر کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تین دن ٹھہرو پھر جو چاہو کرو یہ اس وقت کی بات ہے جب ان کے خاوند حضرت جعفر بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو اس روایت میں ہے کہ اس پر تین دن سے زیادہ سوگ منانا لازم نہیں ہے اور اس بات پر سب کا اجماع ہے کہ یہ منسوخ ہے کیونکہ ان سب نے اسے چھوڑ کر حضرت زینب بنت جحش، حضرت عائشہ، حضرت ام سلمہ اور حضرت ام حبیبہ (رضی اللہ عنہن) کی روایات اور ان دیگر روایات پر عمل کیا جو ہم نے ان کے ساتھ ذکر کی ہیں اور ان کے مطابق تمام عدت میں سوگ واجب ہوتا ہے اور سوگ کے سلسلے میں جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس سے بیوہ کا سوگ مراد

بِذِكْرِهِ إِلَى الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا فَاحْتَمَلَ أَنْ يَكُونَ ذَلِكَ فِي الْعِدَّةِ الَّتِي تَجِبُ بِعَقْدِ النِّكَاحِ فَتَكُونُ كَذَلِكَ الْمُطَلَّقَةُ عَلَيْهَا فِي ذَلِكَ مِنَ الْإِحْدَادِ فِي عِدَّتِهَا مِثْلَ مَا عَلَى الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَاحْتَمَلَ أَنْ يَكُونَ ذَلِكَ خُصَّتْ بِهِ الْعِدَّةُ مِنَ الْوَفَاةِ خَاصَّةً۔

فَنَظَرْنَا فِي ذَلِكَ إِذَا كَانُوا قَدْ تَنَازَعُوا فِي ذَلِكَ وَاخْتَلَفُوا فَقَالَ قَائِلُونَ لَا يَجِبُ عَلَى الْمُطَلَّقَةِ فِي عِدَّتِهَا إِحْدَادٌ وَقَالَ آخَرُونَ بَلِ الْإِحْدَادُ عَلَيْهَا فِي عِدَّتِهَا كَمَا هُوَ عَلَى الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا فَرَأَيْنَا الْمُطَلَّقَةَ مَنْهِيَّةً عَنِ الْاِنْتِقَالِ مِنْ مَنْزِلِهَا فِي عِدَّتِهَا كَمَا نُهِيَتِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَذَلِكَ حَقٌّ عَلَيْهَا لَيْسَ لَهَا تَرْكُهُ كَمَا لَيْسَ لَهَا تَرْكُ الْعِدَّةِ فَلَمَّا سَاوَتِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا فِي وُجُوبِ بَعْضِ الْإِحْدَادِ عَلَيْهَا سَاوَتْهَا فِي وُجُوبِ كُلِّهِ عَلَيْهَا۔

فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا وُجُوبُ الْإِحْدَادِ عَلَى الْمُطَلَّقَةِ فِي عِدَّتِهَا۔

وَقَدْ قَالَ بِذَلِكَ جَمَاعَةٌ مِنَ الْمُتَقَدِّمِينَ۔

۳۱۰ - **حَدَّثَنَا** رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ سَأَلْتُ جَابِرًا أَتَعْتَدُّ الْمُطَلَّقَةُ وَالْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا أَمْ تَخْرُجَانِ فَقَالَ جَابِرٌ لَا فَقُلْتُ أَتَتَرَبَّصَانِ حَيْثُ أَرَادَتَا فَقَالَ جَابِرٌ لَا۔

۳۱۱ - **حَدَّثَنَا** رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ

ہے پس اس بات کا احتمال ہے کہ یہ اس عدت میں ہو جو عقد نکاح کی وجہ سے واجب ہوتی ہے تو (اس صورت میں) مطلقہ عورت بھی اپنی عدت میں بیوہ کی طرح سوگ منائے گی اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ یہ بیوہ کے ساتھ خاص ہے۔

پس ہم نے اس سلسلے میں غور کیا تو دیکھا کہ فقہاء کے درمیان اختلاف ہے بعض حضرات نے فرمایا کہ مطلقہ عورت پر اس کی عدت کے دوران سوگ واجب نہیں ہے اور دوسرے حضرات نے فرمایا کہ اس پر بھی بیوہ کی طرح عدت کے دوران سوگ لازم ہے تو ہم نے دیکھا کہ مطلقہ عورت کو عدت کے دوران اپنے گھر سے منتقل ہونے سے منع کیا گیا ہے جس طرح بیوہ کو روکا گیا ہے اور یہ اس پر واجب ہے تو جس طرح وہ عدت سے کنارہ کش نہیں ہو سکتی اسی طرح اس پر عمل کو بھی نہیں چھوڑ سکتی۔ اور جس طرح بعض سوگ کے سلسلے میں وہ بیوہ کے مساوی ہے تو تمام سوگ میں بھی اس کے برابر ہوئی۔

جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہو گیا کہ عدت کے دوران مطلقہ عورت پر بھی سوگ واجب ہے۔

متقدمین کی ایک جماعت نے یہی بات کہی ہے۔

حضرت ابوالزبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا مطلقہ اور بیوہ عدت گزاریں یا وہاں سے چلی جائیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا نہ نکلیں میں نے عرض کیا جہاں چاہیں (عدت ختم ہونے کی) انتظار کریں؟ فرمایا نہیں۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے مطلقہ اور بیوہ کے بارے میں فرمایا کہ وہ

لَهِيعَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ قَالَ فِي الْمُطَلَّقَةِ إِنَّهَا لَا تَحْتَنِكُ وَلَا الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَلَا تَخْرُجَانِ مِنْ بُيُوتِهِمَا حَتَّى تَوَفَّيَا أَجَلَهُمَا۔

نہ اعتکاف بیٹھیں اور نہ اپنے گھروں سے نکلیں یہاں تک کہ ان کی عدت پوری ہو جائے۔

۳۱۲- **فَهٰذَا** جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَدْ رَوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِذْنِهِ لِخَالَتِهِ فِي الْخُرُوجِ فِي جِدَادِ نَخْلِهَا فِي عِدَّتِهَا مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ ثُمَّ قَدْ قَالَ هُوَ بِخِلَافِ ذٰلِكَ۔

اور یہی حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ان کی خالہ کو عدت کے دوران کھجوریں توڑنے کے لیے جانے کی اجازت مرحمت فرمائی تھی یہ حدیث ہم اس باب کے شروع میں ذکر کر چکے ہیں۔

۳۱۳- **فَهٰذَا** دَلِيلٌ عَلَى ثُبُوتِ نَسْخِ ذٰلِكَ عِنْدَهُ وَفِي حَدِيثِ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَيْضًا الَّذِي ذَكَرْنَاهُ عَنْهُ مِنْ قَوْلِهِ تَسْوِيَتَهُ بَيْنَ الْمُطَلَّقَةِ وَالْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا فِي ذٰلِكَ فَلَمَّا كَانَتَا فِي عِدَّتِهِمَا سَوَاءً فِي بَعْضِ الْإِحْدَادِ كَانَتَا كَذٰلِكَ فِي كُلِّ الْإِحْدَادِ وَقَدْ كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ فِي بَعْضِ الْعِدَّةِ عَلَى مَا ذَكَرْنَا فِي حَدِيثِ أَسْمَاءَ ثُمَّ نُسِخَ ذٰلِكَ وَجُعِلَ الْإِحْدَادُ فِي كُلِّ الْعِدَّةِ فَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُونَ مَا أُمِرَتْ بِهِ خَالَةُ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ كَانَ وَالْإِحْدَادُ إِنَّمَا هُوَ فِي الثَّلَاثَةِ الْأَيَّامِ مِنَ الْعِدَّةِ ثُمَّ نُسِخَ ذٰلِكَ وَجُعِلَ الْإِحْدَادُ فِي كُلِّ الْعِدَّةِ۔

پھر وہ اس کے خلاف فرماتے ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے نزدیک اس بات کا منسوخ ہونا ثابت ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ بات بھی ہم نے ذکر کی ہے کہ اس سلسلے میں بیوہ اور مطلقہ برابر ہیں تو جب وہ دونوں اپنی عدت کے دوران بعض سوگ میں برابر ہیں تو تمام سوگ میں بھی اسی طرح ہوں گی جب کہ شروع شروع میں بعض سوگ میں ایسا ہوتا تھا جیسا کہ ہم نے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی حدیث کے ضمن میں ذکر کیا پھر یہ منسوخ ہو گیا اور تمام عدت میں سوگ مقرر کر دیا گیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی خالہ کو جو اجازت دی گئی تھی یہ اس وقت کی بات ہے جب سوگ تین دن ہوتا تھا پھر یہ منسوخ ہو گیا اور تمام عدت میں سوگ مقرر کر دیا گیا۔

۳۱۴- **وَقَدْ** رُوِيَ فِي ذٰلِكَ أَيْضًا عَنِ الْمُتَقَدِّمِينَ۔

اس سلسلے میں بھی متقدمین سے روایات آئی ہیں۔

مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا مَنْصُورٌ ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا قَبِيصَةُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ عُمَرَ رَدَّ نِسْوَةً

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ذوالحلیفہ کی چند عورتوں کو جو بیوہ ہونے کے بعد گھر سے نکلی تھیں واپس لوٹا دیا۔

مِنْ ذِی الْحُلَیْفَۃِ تُوُفِّیَ عَنْھُنَّ اَزْوَاجُھُنَّ فَخَرَجْنَ فِیْ عِدَّتِھِنَّ۔

۳۱۵۔ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَکْرٍ قَالَ ثَنِیْ الْاَوْزَاعِیُّ قَالَ ثَنِیْ یَحْیٰی ابْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ قَالَ ثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَزَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ قَالَا فِی الْمُتَوَفّٰی عَنْھَا زَوْجُھَا وَبِھَا فَاقَۃٌ شَدِیْدَۃٌ فَلَمْ یُرَخِّصَا لَھَا اَنْ تَخْرُجَ مِنْ بَیْتِھَا اِلَّا فِیْ بَیَاضِ نَھَارِھَا وَتُصِیْبَ مِنْ طَعَامِھِمْ ثُمَّ تَرْجِعَ اِلٰی بَیْتِھَا فَتَبِیْتَ فِیْہِ۔

حضرت محمد بن عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضرت عمر فاروق اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما نے اس عورت کے بارے میں جس کا خاوند فوت ہو گیا تھا اور وہ سخت فاقے کا شکار تھی یہی فیصلہ کیا اور اسے گھر سے نکلنے کی اجازت نہ دی البتہ یہ کہ وہ دن کی روشنی میں جائے اور ان (خاندان والوں) کے ہاں کھانا کھا کر واپس آئے اور رات وہاں گزارے۔

۳۱۶۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَیْبَۃَ قَالَ ثَنَا قَبِیْصَۃُ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ وَابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی وَمُوْسٰی بْنِ عُقْبَۃَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ قَالَ الْمُتَوَفّٰی عَنْھَا زَوْجُھَا لَا تَبِیْتُ غَیْرَ بَیْتِھَا۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیوہ عورت کے بارے میں فرمایا کہ وہ اپنے گھر کے علاوہ رات نہ گزارے۔

۳۱۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَھْبِیُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ قُسَیْطٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اُمِّہٖ قَالَتْ لَمَّا تُوُفِّیَ السَّائِبُ تَرَکَ زَرْعًا بِقَنَاۃٍ فَجِئْتُ ابْنَ عُمَرَ فَقُلْتُ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ السَّائِبَ تُوُفِّیَ وَتَرَکَ ضَیْعَۃً مِنْ زَرْعٍ بِقَنَاۃٍ وَتَرَکَ غِلْمَانًا صِغَارًا وَلَا حِیْلَۃَ لَھُمْ وَھِیَ لَنَا دَارٌ وَّمَنْزِلٌ اَفَاَنْتَقِلُ اِلَیْھَا فَقَالَ لَا تَعْتَدِّیْ اِلَّا فِی الْبَیْتِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْہِ زَوْجُکِ اِذْھَبِیْ اِلٰی ضَیْعَتِکِ بِالنَّھَارِ وَارْجِعِیْ اِلٰی بَیْتِکِ بِاللَّیْلِ فَبِیْتِیْ فِیْہِ فَکُنْتُ اَفْعَلُ ذٰلِکَ۔

حضرت مسلم بن سائب رضی اللہ عنہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں جب حضرت سائب کا انتقال ہوا تو انہوں نے "قناۃ" مقام میں کچھ زمین چھوڑی وہ فرماتی ہیں میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوتی اور عرض کیا اے ابو عبدالرحمٰن! سائب انتقال کر گئے ہیں اور انہوں نے وادیٔ قناۃ میں کچھ زمین چھوڑی ہے انہوں نے چھوٹے چھوٹے بچے بھی چھوڑے ہیں جن کا کوئی ذریعۂ معاش نہیں ہے وہی ہمارا گھر بھی ہے اور ٹھکانا بھی، تو کیا میں وہاں منتقل ہو جاؤں؟ انہوں نے فرمایا تم اسی گھر میں عدت گزارو جس میں تمہارے خاوند کا انتقال ہوا اپنی زمین میں دن کے وقت جاؤ اور رات کو گھر واپس آجاؤ اور یہیں رات گزارو (فرماتی ہیں) پس میں اسی طرح کرتی تھی۔

۳۱۸۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ

حضرت مخرمہ بن بکیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَخْرَمَةُ بْنُ بُکَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَمِعْتُ اُمَّ مَخْرَمَةَ تَقُوْلُ سَمِعْتُ اُمَّ مُسْلِمِ بْنِ السَّائِبِ تَقُوْلُ تُوُفِّیَ السَّائِبُ فَسَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْخُرُوْجِ فَقَالَ لَاتَخْرُجِیْ مِنْ بَیْتِكِ اِلَّا لِحَاجَةٍ وَلَا تَبِیْتِیْ اِلَّا فِیْهِ حَتّٰی تَنْقَضِیَ عِدَّتُكِ۔

وہ فرماتے ہیں میں نے ام مخرمہ سے سنا وہ فرماتی تھیں میں نے حضرت مسلم بن سائب کی ماں کو کہتے ہوئے سنا کہ حضرت سائب کا انتقال ہو گیا تو میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے باہر جانے کے بارے میں سوال کیا انہوں نے فرمایا ضرورت کے بغیر نہ نکلو اور رات بھی وہیں گزارو یہاں تک کہ تمہاری عدت ختم ہو جائے۔

۳۱۹ - حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرَةَ قَالَ ثَنَا حُسَیْنُ ابْنُ مَهْدِیٍّ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَاتَنْتَقِلُ الْمَبْتُوْتَةُ مِنْ بَیْتِ زَوْجِهَا فِیْ عِدَّتِهَا۔

حضرت سالم، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جس عورت کو طلاق بائن دی گئی ہو وہ عدت کے دوران اپنے خاوند کے گھر نہ نکلے۔

۳۲۰ - حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِیْبُ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فِی الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا وَالْمُطَلَّقَةِ ثَلٰثًا لَا تَنْتَقِلَانِ وَلَا تَبِیْتَانِ اِلَّا فِیْ بُیُوْتِهِمَا۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیوہ اور تین طلاقوں والی عورت کے بارے میں فرمایا کہ وہ اپنے گھروں سے منتقل نہ ہوں اور رات بھی اپنے گھر میں گزاریں۔

۳۲۱ - حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ زِیَادٍ قَالَ ثَنَا زُهَیْرُ بْنُ مُعَاوِیَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ کَانَتْ اِمْرَاَةٌ فِیْ عِدَّتِهَا فَاشْتَکٰی اَبُوْهَا فَاَرْسَلَتْ اِلٰی اُمِّ سَلَمَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ اِنْ مَا تَرَیْنَ فَاِنَّ اَبِیْ اِشْتَکٰی اَفَاٰتِیْهِ فَاُمَرِّضُهُ فَقَالَتْ بِیْتِیْ فِیْ بَیْتِكِ طَرَفَیِ اللَّیْلِ۔

حضرت منصور، حضرت ابراہیم سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ایک عورت اپنی عدت گزار رہی تھی تو اس کا باپ بیمار ہو گیا اس نے ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس پیغام بھیجا کہ آپ کی کیا رائے ہے میرا باپ بیمار ہے کیا میں اس کے پاس جا کر بیمار پرسی کر سکتی ہوں؟ تو انہوں نے فرمایا رات کے دونوں کناروں میں اپنے گھر میں رہو (یعنی دن کو جا سکتی ہو)

۳۲۲ - حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَخْرَمَةُ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ یَرٰی اَنْ تَخْرُجَ الْمُطَلَّقَةُ اِلَی الْمَسْجِدِ قَالَ بُکَیْرٌ وَقَالَتْ عَمْرَةُ عَنْ عَائِشَةَ تَخْرُجُ مِنْ غَیْرِ اَنْ تَبِیْتَ عَنْ بَیْتِهَا۔

حضرت مخرمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہما سے سنا کہ وہ مطلقہ عورت کا مسجد کی طرف جانا جائز سمجھتے تھے حضرت بکیر فرماتے ہیں حضرت عمرہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ نکل سکتی ہے لیکن رات، اپنے گھر میں گزارے۔

۳۲۳ - حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِکًا حَدَّثَهُ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ بِنْتَ سَعِیْدٍ کَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَطَلَّقَهَا الْبَتَّةَ فَانْتَقَلَتْ فَاَنْکَرَ ذٰلِكَ عَلَیْهَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ۔

حضرت نافع سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ حضرت سعید کی صاحبزادی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے نکاح میں تھیں انہوں نے ان کو طلاق بائن دی تو وہ اپنے گھر سے (دوسری جگہ) منتقل ہو گئیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس بات کو ناپسند کیا۔

۳۲۴ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ يَرُدُّ الْمُتَوَفّٰى عَنْهُنَّ اَزْوَاجُهُنَّ مِنَ الْبَيْدَآءِ يَمْنَعُهُنَّ مِنَ الْحَجِّ۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیوہ عورتوں کو حج سے روکتے ہوئے مقام بیداء سے واپس کر دیتے تھے۔

---

۳۲۵ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَا تَبِيْتُ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَلَا الْمُطَلَّقَةُ اِلَّا فِيْ بَيْتِهِمَا۔

حضرت مالک، حضرت نافع سے اور وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ بیوہ اور مطلقہ عورت اپنے خاوند کے گھر میں ہی رات گزارے۔

---

۳۲۶ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَيُّوْبَ ابْنِ مُوْسٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدُّؤَلِيِّ اَنَّ عَلْقَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ طَلَّقَ امْرَاَةً مِنْ اَهْلِهِ الْبَتَّةَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْعِرَاقِ فَسَاَلَتِ ابْنَ الْمُسَيَّبِ وَالْقَاسِمَ وَسَالِمًا وَخَارِجَةَ وَسُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ هَلْ تَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهَا فَكُلُّهُمْ يَقُوْلُ لَا تَقْعُدُ فِيْ بَيْتِهَا۔

حضرت محمد بن عبدالرحمن دیلی (دؤلی) سے مروی ہے کہ حضرت علقمہ بن عبدالرحمن بن ابو سفیان نے اپنی ایک بیوی کو طلاق بائن دی پھر وہ عراق کی طرف چلے گئے ان کی بیوی نے حضرت ابن مسیب حضرت قاسم، حضرت سالم حضرت خارجہ اور حضرت سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہم سے پوچھا کہ کیا وہ اپنے گھر سے باہر جا سکتی ہے؟ ان سب نے فرمایا نہیں وہ اپنے گھر میں بیٹھے۔

۳۲۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا هِشَامٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا وَالْمُخْتَلِعَةُ وَالْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَالْمُلَاعِنَةُ لَا يَخْتَضِبْنَ وَلَا يَتَطَيَّبْنَ وَلَا يَلْبَسْنَ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا وَلَا يَخْرُجْنَ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ۔

حضرت حماد، حضرت ابراہیم نخعی سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا تین طلاقوں والی، خلع کرنے والی، بیوہ اور لعان کرنے والی عورتیں نہ خضاب لگائیں، نہ خوشبو لگائیں نہ رنگے ہوئے کپڑے پہنیں اور نہ ہی اپنے گھروں سے نکلیں۔

فَهٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ رَوَيْنَا عَنْهُمْ هٰذِهِ الْاٰثَارَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ وَسَلَّمَ وَالتَّابِعِيْنَ قَدْ مَنَعُوا الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا مِنَ السَّفَرِ وَالْاِنْتِقَالِ مِنْ بَيْتِهَا فِيْ عِدَّتِهَا وَرَخَّصُوْا لَهَا فِي الْخُرُوْجِ فِيْ بَيَاضِ نَهَارِهَا عَلٰى اَنْ تَبِيْتَ فِيْ بَيْتِهَا وَقَدْ قَرَنَ

تو یہ حضرات جن سے ہم نے یہ روایات نقل کی ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمہم اللہ ہیں انہوں نے بیوہ عورت کو عدت کے دوران سفر کرنے اور گھر سے باہر جانے سے منع فرمایا البتہ دن کی روشنی میں باہر نکلنے کی اجازت دی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ رات، اپنے گھر میں گزارے ان میں سے بعض

بَعْضُهُمْ مَعَهَا الْمُطَلَّقَةَ الْمَبْتُوْبَةَ فَجَعَلَهَا كَذٰلِكَ فِيْ مَنْعِهِ إِيَّاهَا مِنَ السَّفَرِ وَالْإِنْتِقَالِ مِنْ بَيْتِهَا فِيْ عِدَّتِهَا وَلَمْ يُرَخِّصْ أَحَدٌ مِّنْهُمْ لَهَا فِي الْخُرُوْجِ مِنْ بَيْتِهَا نَهَارًا كَمَا رَخَّصَ لِلْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا۔

حضرت نے طلاق بائن والی عورت کو بھی اس کے ساتھ ملایا ہے اور اسے بھی عدت کے دوران سفر کرنے اور گھر سے دوسری جگہ منتقل ہونے میں اس کی طرح قرار دیا لیکن جس طرح بیوہ عورت کو دن کے وقت باہر جانے کی اجازت دی ہے اس کو نہیں دی۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ مَا ذَكَرْنَا مِنْ مَنْعِهِمَا مِنَ السَّفَرِ فِيْ عِدَّتِهِمَا وَالْخُرُوْجِ مِنْ مَنْزِلِهِمَا إِلَّا مَا رُخِّصَ لِلْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا مِنَ الْخُرُوْجِ مِنْ بَيْتِهَا فِيْ بَيَاضِ نَهَارِهَا عَلَى الضَّرُوْرَةِ وَهٰذَا كُلُّهُ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ ان دونوں کو عدت کے دوران سفر کرنے اور گھر سے باہر جانے سے روکا جائے البتہ بیوہ کو ضرورت کے تحت دن کے وقت باہر جانے کی اجازت دی گئی ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَإِنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَدْ كَانَتْ سَافَرَتْ بِأُخْتِهَا أُمِّ كُلْثُوْمٍ فِيْ عِدَّتِهَا۔

اگر کوئی شخص کہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی بہن حضرت ام کلثوم (رضی اللہ عنہا) کو ان کی عدت کے دوران اپنے ہمراہ سفر پر لے گئیں۔

۳۲۸۔ وَذُكِرَ فِيْ ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ ثَنِيْ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُوْلُ إِنَّ عَائِشَةَ حَجَّتْ بِأُخْتِهَا أُمِّ كُلْثُوْمٍ فِيْ عِدَّتِهَا۔

حضرت عطاء فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ہمشیرہ ام کلثوم کے ساتھ ان کی عدت کے دوران حج کیا۔

۳۲۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنِيْ جَرِيْرٌ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُوْلُ حَجَّتْ عَائِشَةُ بِأُخْتِهَا فِيْ عِدَّتِهَا مِنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ۔

حضرت عطاء فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی بہن کو حج پر لے گئیں جب کہ وہ (حضرت طلحہ بن عبید اللہ سے طلاق کی) عدت گزار رہی تھیں۔

۳۳۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا أَفْلَحُ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا حَجَّتْ بِأُخْتِهَا أُمِّ كُلْثُوْمٍ فِيْ عِدَّتِهَا۔

حضرت قاسم، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی بہن حضرت ام کلثوم کی عدت کے دوران ان کے ساتھ حج کیا۔

۳۳۱۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ أَيُّوْبَ ابْنِ مُوْسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ عَائِشَةَ

حضرت ایوب بن موسیٰ، حضرت عطاء بن ابو رباح سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس کی مثل روایت

مثلہ۔

قیل لہ انما کان ذلک للضرورۃ لانھم کانوا فی فتنۃ قد بین ذلک۔

۳۳۲۔ ما حدثنا ابن ابی داود قال ثنا الوھبی قال ثنا ابن اسحاق عن عبد الرحمن ابن القاسم عن ابیہ قال لما قتل طلحۃ بن عبید اللہ یوم الجمل وسارت عائشۃ الی مکۃ بعثت عائشۃ الی ام کلثوم وھی بالمدینۃ فنقلتھا الیھا لما کانت تتخوف علیھا من الفتنۃ وھی فی عدتھا فھکذا نقول اذا کانت فتنۃ یخاف علی المعتدۃ من الاقامۃ فیھا من تلک الفتنۃ فھی فی سعۃ من الخروج فیھا الی حیث احبت من الاماکن التی تامن فیھا من تلک الفتنۃ وباللہ التوفیق۔

باب ۱۸۸ الامۃ تعتق وزوجھا حر ھل لھا خیار ام لا

۳۳۳۔ حدثنا ابو بشر الرقی قال ثنا ابو معاویۃ عن الاعمش عن ابراھیم عن الاسود عن عائشۃ قالت کان زوج بریرۃ حرا فلما عتقت خیرھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاختارت نفسھا۔

قال ابو جعفر فذھب قوم الی ھذا الحدیث فجعلوا للمعتقۃ الخیار حرا کان زوجھا او عبدا۔

وخالفھم فی ذلک آخرون وقالوا ان کان زوجھا عبدا فلھا الخیار وان کان حرا فلا خیار لھا وقالوا انما کان زوج بریرۃ عبدا۔

کرتے ہیں۔

اس شخص کو (جواب میں) کہا جائے گا کہ یہ ضرورت کے تحت تھا کیونکہ وہ فتنہ کا دور تھا۔

حضرت عبد الرحمن بن قاسم رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب جنگ جمل کے دن حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ جانے لگیں تو انہوں نے حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو بلا لیا وہ اس وقت مدینہ طیبہ میں تھیں اور چونکہ انہیں ان کے بارے میں فتنے کا خوف تھا اس لیے انہوں نے ان کو وہاں سے منتقل کر لیا حالانکہ وہ عدت گزار رہی تھیں ہم بھی یہی بات کہتے ہیں کہ جب حالت فتنہ ہو اور وہاں قیام سے عدت گزارنے والی عورت کے فتنے میں پڑنے کا خوف ہو تو اسے وہاں جانے کی اجازت ہے جہاں وہ فتنے سے محفوظ رہ سکتی ہو۔ وباللہ التوفیق۔

جس لونڈی کو آزاد کیا گیا اور اس کا خاوند بھی آزاد ہے تو کیا اسے (نکاح توڑنے کا) اختیار ہے یا نہ؟

حضرت اسود، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا خاوند آزاد تھا جب حضرت بریرہ کو آزاد کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اختیار دی چنانچہ انہوں نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے اس حدیث کو اپناتے ہوئے آزاد کی جانے والی (لونڈی) کو اختیار دیا اس کا خاوند آزاد ہو یا غلام۔

لیکن دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا اگر اس کا خاوند غلام ہے تو اسے اختیار ہے اور اگر آزاد ہے تو اسے کوئی اختیار نہیں وہ فرماتے ہیں حضرت بریرہ کا خاوند غلام تھا۔ انہوں نے اس سلسلے میں یوں ذکر کیا ہے۔

۳۳۴ - وَذَكَرُوا فِي ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيلُ ابْنُ سَالِمٍ قَالَ ثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ زَوْجُ بَرِيرَةَ عَبْدًا وَلَوْ كَانَ حُرًّا لَمْ يُخَيِّرْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں حضرت بریرہ کا خاوند غلام تھا اور اگر وہ آزاد ہوتا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے (حضرت بریرہ کو) اختیار نہ دیتے۔

۳۳۵ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ ثَنَا يَعْقُوبُ ابْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ ابْنُ مُحَمَّدٍ وَ ابْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ الْأَعْمَشُ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أُعْتِقَتْ بَرِيرَةُ خَيَّرَهَا وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا۔

حضرت اعمش، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت بریرہ آزاد کی گئیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اختیار دیا اور ان کا خاوند غلام تھا۔

قَالُوا فَهٰذِهِ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تُخْبِرُ أَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا فَهٰذَا خِلَافُ مَا رَوَيْتُمُوهُ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْهَا ثُمَّ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا لَوْ كَانَ حُرًّا لَمْ يُخَيِّرْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ قِيلَ لَهُمْ أَمَّا هٰذَا الْحَرْفُ فَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مِنْ كَلَامِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا وَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مِنْ كَلَامِ عُرْوَةَ۔ وَاحْتَجَّ أَهْلُ هٰذِهِ الْمَقَالَةِ فِي تَثْبِيتِ مَا رَوَوْهُ فِي زَوْجِ بَرِيرَةَ أَنَّهُ كَانَ عَبْدًا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بتا رہی ہیں کہ حضرت بریرہ کا خاوند غلام تھا تو یہ اس حدیث کے خلاف ہے جو تم نے بواسطہ حضرت اسود، ام المؤمنین سے روایت کی ہے پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اگر وہ آزاد ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بریرہ کو اختیار نہ دیتے۔

ان حضرات کو (جواباً) کہا جائے گا ہو سکتا ہے یہ الفاظ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کلام سے ہوں اور ممکن ہے حضرت عروہ کے کلام سے ہوں۔

اس قول والوں نے حضرت بریرہ کے خاوند کے غلام ہونے کے بارے میں اپنی بات کو ثابت کرنے کے لیے اس طرح استدلال کیا ہے۔

۳۳۶ - بِمَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا أَسْوَدَ يُسَمّٰى مُغِيثًا فَخَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَهَا أَنْ تَعْتَدَّ۔

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت بریرہ کا خاوند سیاہ فام تھا اور اس کا نام مغیث تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بریرہ کو اختیار دیا (اور پھر) عدت گزارنے کا حکم فرمایا۔

۳۳۷ - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے

قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا خُيِّرَتْ بَرِيْرَةُ رَأَيْنَا زَوْجَهَا يَتْبَعُهَا فِي سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ وَدُمُوْعُهُ تَسِيْلُ عَلَى لِحْيَتِهِ فَكَلَّمَ لَهُ الْعَبَّاسُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَطْلُبَ إِلَيْهَا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوْجُكِ وَأَبُوْ وَلَدِكِ فَقَالَتْ أَتَأْمُرُنِيْ بِهِ يَا رَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ إِنَّمَا أَنَا شَافِعٌ قَالَتْ إِنْ كُنْتَ شَافِعًا فَلَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ وَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا وَكَانَ يُقَالُ لَهُ مُغِيْثٌ وَكَانَ عَبْدًا لِآلِ الْمُغِيْرَةِ مِنْ بَنِيْ مَخْزُوْمٍ.

ہیں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو جب اختیار دیا گیا تو ہم نے ان کے خاوند کو دیکھا وہ مدینہ طیبہ کی گلیوں میں ان کے پیچھے پیچھے جاتے تھے اور ان کے آنسو داڑھی پر بہہ رہے تھے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کی کہ وہ حضرت بریرہ کو طلب کریں (اور سمجھائیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بریرہ سے فرمایا وہ تیرا خاوند اور تیرے بچوں کا باپ ہے، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ مجھے اس بات کا حکم دے رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں، بلکہ میں تو صرف سفارش کرتا ہوں، انہوں نے عرض کیا اگر آپ سفارش فرما رہے ہیں تو مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں اور انہوں نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا ان کو (حضرت بریرہ کے خاوند کو) مغیث کہا جاتا تھا اور وہ بنو مخزوم قبیلہ کے (خاندان) آل مغیرہ کے غلام تھے۔

قَالُوْا فَإِنَّمَا خَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَجْلِ أَنَّ زَوْجَهَا كَانَ عَبْدًا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بریرہ کو صرف اس لیے اختیار دیا تھا کہ ان کے خاوند غلام تھے۔

فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ لِأَهْلِ الْمَقَالَةِ الْأُوْلَى أَنَّ أَوْلَى الْأَشْيَاءِ بِنَا إِذَا جَاءَتِ الْآثَارُ هٰكَذَا فَوَجَدْنَا السَّبِيْلَ إِلَى أَنْ نَحْمِلَهَا عَلَى غَيْرِ طَرِيْقِ التَّضَادِّ أَنْ نَحْمِلَهَا عَلَى ذٰلِكَ وَلَا نَحْمِلَهَا عَلَى التَّضَادِّ وَالتَّكَاذُبِ وَيَكُوْنُ حَالُ رُوَاتِهَا عِنْدَنَا عَلَى الصِّدْقِ وَالْعَدَالَةِ فِيْمَا رَوَوْا حَتّٰى لَا نَجِدَ بُدًّا مِنْ أَنْ نَحْمِلَهَا عَلَى خِلَافِ ذٰلِكَ فَلَمَّا ثَبَتَ أَنَّ مَا ذَكَرْنَا كَذٰلِكَ وَكَانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ قَدْ قِيْلَ فِيْهِ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا وَقِيْلَ فِيْهِ إِنَّهُ كَانَ حُرًّا جَعَلْنَاهُ عَلَى أَنَّهُ قَدْ كَانَ عَبْدًا فِي حَالٍ حُرًّا فِي حَالٍ أُخْرٰى فَثَبَتَ بِذٰلِكَ تَأَخُّرُ إِحْدَى الْحَالَتَيْنِ عَنِ الْأُخْرٰى فَكَانَ الرِّقُّ قَدْ يَكُوْنُ بَعْدَهُ الْحُرِّيَّةُ وَالْحُرِّيَّةُ لَا يَكُوْنُ بَعْدَهَا رِقٌّ فَلَمَّا

ان حضرات کے خلاف پہلے قول والوں کی حجت یہ ہے کہ جب روایات اس (مذکورہ بالا) طریقہ پر مروی ہوں اور ہمارے پاس غیر متضاد معانی پر محمول کرنے کی سبیل ہو تو اس پر محمول کرنا بہتر ہے اس معنی پر محمول نہ کیا جائے جس سے ان روایات کا باہم تضاد اور ایک دوسرے کی تکذیب لازم آئے جبکہ ہمارے نزدیک ان روایات کے راوی بھی سچے اور عادل ہیں، ہاں اس کے خلاف معنی پر محمول کرنا ضروری ہو تو الگ بات ہے تو جب ثابت ہوا کہ جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس کی یہی صورت ہے اور حضرت بریرہ کے خاوند کے بارے میں کہا گیا کہ وہ غلام تھے اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ آزاد تھے تو ہم انہیں یوں قرار دیں گے کہ وہ ایک حالت میں غلام تھے پھر دوسری حالت میں آزاد تھے تو ثابت ہوا کہ دونوں میں سے ایک حالت مؤخر ہے اور بعض اوقات غلامی کے بعد آزادی ہوتی ہے لیکن آزادی کے بعد غلامی نہیں ہوتی تو جب صورتِ حال یہ ہے تو ہم نے غلامی

كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا حَالَ الْعُبُوْدِيَّةِ مُتَقَدِّمَةً وَحَالَ الْحُرِّيَّةِ مُتَاَخِّرَةً۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّهٗ كَانَ حُرًّا فِيْ وَقْتٍ مَا خُيِّرَتْ بَرِيْرَةُ عَبْدًا قَبْلَ ذٰلِكَ هٰكَذَا تَصْحِيْحُ الْاٰثَارِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَلَوِ اتَّسَقَتِ الرِّوَايَاتُ كُلُّهَا عِنْدَنَا عَلٰى اَنَّهٗ كَانَ عَبْدًا لِمَا كَانَ فِيْ ذٰلِكَ مَا يَنْفِيْ اَنْ تَكُوْنَ اِذَا كَانَ حُرًّا زَالَ حُكْمُهٗ عَنْ ذٰلِكَ لِاَنَّهٗ لَمْ يَجِئْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّمَا خَيَّرْتُهَا لِاَنَّ زَوْجَهَا عَبْدٌ وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ لَانْتَفٰى اَنْ يَكُوْنَ لَهَا خِيَارٌ اِذَا كَانَ زَوْجُهَا حُرًّا فَلَمَّا لَمْ يَجِئْ مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ وَجَاءَ عَنْهُ اَنَّهٗ خَيَّرَهَا وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا اَنْظَرْنَا هَلْ يَفْتَرِقُ فِيْ ذٰلِكَ حُكْمُ الْحُرِّ وَحُكْمُ الْعَبْدِ فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ فَرَاَيْنَا الْاَمَةَ فِيْ حَالِ رِقِّهَا لِمَوْلَاهَا اَنْ يَعْقِدَ النِّكَاحَ عَلَيْهَا لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ وَرَاَيْنَاهَا بَعْدَ مَا تُعْتَقُ لَيْسَ لَهٗ اَنْ يَسْتَاْنِفَ عَلَيْهَا عَقْدَ نِكَاحٍ لِحُرٍّ وَلَا لِعَبْدٍ فَاسْتَوٰى حُكْمُ مَا اِلَى الْمَوْلٰى فِي الْعَبِيْدِ وَالْاَحْرَارِ وَمَا لَيْسَ اِلَيْهِ فِي الْعَبِيْدِ وَالْاَحْرَارِ فِيْ ذٰلِكَ فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ وَرَاَيْنَاهَا اِذَا اُعْتِقَتْ بَعْدَ عِتْقِ مَوْلَاهَا نِكَاحَ الْعَبْدِ عَلَيْهَا يَكُوْنُ لَهَا الْخِيَارُ فِيْ حِلِّ النِّكَاحِ عَلَيْهَا كَانَ كَذٰلِكَ فِي الْحُرِّ اِذَا اُعْتِقَتْ يَكُوْنُ لَهَا حِلُّ نِكَاحِهٖ عَنْهَا قِيَاسًا وَنَظَرًا عَلٰى مَا بَيَّنَّا مِنْ ذٰلِكَ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

وَقَدْ رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا عَنْ طَاؤُسٍ۔

کی حالت کو مقدم اور آزادی کی حالت کو مؤخر قرار دیا۔

تو اس سے ثابت ہوا کہ جب حضرت بریرہ کو اختیار دیا گیا اس وقت وہ آزاد تھے اور اس سے پہلے غلام اس باب میں تصحیح روایات کی یہی صورت ہے اور اگر ہمارے نزدیک تمام روایات اس بات پر متفق بھی ہوں کہ وہ غلام تھے تب بھی اس میں ایسی بات نہیں پائی جاتی جو ان کے آزاد ہونے کی صورت میں اس حکم کو زائل کر دے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات مروی نہیں ہے کہ آپ نے فرمایا ہو میں نے اسے صرف اس لیے اختیار دیا ہے کہ اس کا خاوند غلام ہے اور اگر یہ بات اس طرح ہوتی تو خاوند کے آزاد ہونے کی صورت میں اختیار کی نفی ہو جاتی تو جب اس قسم کی بات مروی نہیں ہے اور روایات میں ہے کہ آپ نے اس حالت میں اختیار دیا کہ ان کے خاوند غلام تھے تو ہم نے غور و فکر کیا کہ کیا اس سلسلے میں آزاد اور غلام کے حکم میں فرق ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ لونڈی کا مالک اس کی غلامی کی حالت میں اس کا نکاح آزاد سے بھی کر سکتا ہے اور غلام سے بھی، اور ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ اس کی آزادی کے بعد تجدید نکاح کی ضرورت نہیں ہوتی خاوند آزاد ہو یا غلام، تو لونڈی کے مالک کا اختیار، آزاد یا غلام دونوں کے لیے ایک جیسا ہے اور جو اختیار اسے حاصل نہیں اس میں بھی آزاد اور غلام برابر ہیں تو جب بات پھر اسی طرح ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ جب مالک نے اس کا نکاح کسی غلام کے ساتھ کیا تو آزاد ہونے کے بعد اسے نکاح توڑنے کا اختیار ہوتا ہے تو ہمارے بیان کردہ قیاس کا تقاضا ہے کہ آزاد مرد کے ساتھ نکاح کی صورت میں بھی آزادی کے بعد اسے نکاح توڑنے کا اختیار ہو حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

اس سلسلے میں حضرت طاؤس سے بھی مروی ہے۔

۳۳۸ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ طَاؤسٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لِلْأَمَةِ الْخِيَارُ إِذَا أُعْتِقَتْ وَإِنْ كَانَتْ تَحْتَ قُرَشِيٍّ۔

۳۳۹ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ طَاؤسٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ لَهَا الْخِيَارُ يَعْنِي فِي الْعَبْدِ وَالْحُرِّ قَالَ وَأَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ مِثْلَ ذَلِكَ۔

حضرت سفیان، حضرت ابن طاؤس سے اور وہ حضرت طاؤس سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ لونڈی کو جب آزاد کیا جائے تو اسے اختیار حاصل ہو جاتا ہے چاہے وہ کسی قرشی کی بیوی ہو۔

حضرت ابن جریج، ابن طاؤس سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا اسے اختیار حاصل ہے یعنی خاوند آزاد ہو یا غلام (دونوں صورتوں میں) وہ فرماتے ہیں مجھے حضرت حسن بن مسلم نے اسی کی مثل خبر دی ہے۔

بَابُ ۱۸۹ الرَّجُلِ يَقُولُ لِامْرَأَتِهِ أَنْتِ طَالِقٌ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَتَى يَقَعُ الطَّلَاقُ

جب بیوی کو کہے تجھے لیلۃ القدر میں طلاق ہے تو کب طلاق واقع ہوگی۔

۳۴۰ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَفَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ هِيَ فِي كُلِّ رَمَضَانَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا گیا اور میں سن رہا تھا تو آپ نے فرمایا یہ ہر رمضان المبارک کے تمام مہینے میں ہوتی ہے۔

فَفِي هَذَا الْحَدِيثِ أَنَّهَا فِي كُلِّ رَمَضَانَ فَقَالَ قَوْمٌ هَذَا دَلِيلٌ عَلَى أَنَّهَا قَدْ تَكُونُ فِي أَوَّلِهِ وَفِي وَسَطِهِ كَمَا قَدْ تَكُونُ فِي آخِرِهِ۔

وَقَدْ يَحْتَمِلُ قَوْلُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كُلِّ رَمَضَانَ هَذَا الْمَعْنَى وَيَحْتَمِلُ أَنَّهَا فِي كُلِّ رَمَضَانَ تَكُونُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَعَ أَنَّ أَصْلَ هَذَا الْحَدِيثِ مَوْقُوفٌ كَذَلِكَ رَوَاهُ الْأَثْبَاتُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ یہ (رات) تمام رمضان المبارک میں ہوتی ہے ایک جماعت کہتی ہے کہ یہ اس باب کی دلیل ہے کہ جس طرح یہ رات کبھی مہینے کے آخر میں ہوتی ہے اسی طرح کبھی اس کے شروع میں اور (کبھی) درمیان میں بھی ہوتی ہے۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ پورے رمضان میں ہوتی ہے، میں اس معنی کا بھی احتمال ہے اور یہ احتمال بھی ہے کہ قیامت تک یہ رمضان المبارک کے پورے مہینے میں ہوگی باوجودیکہ اصل میں یہ حدیث موقوف ہے جیسا کہ معتبر راویوں نے اسے ابواسحٰق (ہمدانی) سے روایت کیا ہے۔

۳۴۱ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ

حضرت حسن بن صالح، ابواسحٰق سے وہ حضرت سعید بن جبیر سے اور وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما

سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ۔

سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں لیکن وہ اسے مرفوعاً نقل نہیں کرتے۔

۳۴۲ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيِّ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت شعبہ، حضرت ابواسحٰق ہمدانی سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ بِلَفْظٍ غَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ۔

ابوالاحوص نے ابواسحٰق سے ان الفاظ کے بغیر (دوسرے الفاظ سے) روایت کیا ہے۔

۳۴۳ - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ هِيَ فِيْ رَمَضَانَ كُلِّهٖ۔

حضرت ابوالاحوص حضرت ابواسحٰق سے اور وہ سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا یہ پورے ماہ رمضان میں ہے۔

فَاِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ لَفْظُ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَدْ ثَبَتَ بِهٖ اَنَّ مَعْنٰى قَوْلِهٖ هِيَ فِيْ كُلِّ رَمَضَانَ يُرِيْدُ اَنَّهَا فِيْ كُلِّ الشَّهْرِ۔

اگر اس حدیث کے یہی الفاظ ہیں تو اس سے ثابت ہوا کہ "فی کل رمضان" کا معنی یہ ہے کہ پورے مہینے میں ہوتی ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِلَافُ ذٰلِكَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس کے خلاف بھی مروی ہے۔

---

۳۴۴ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْجَارُوْدِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ ثَنِيْ سُلَيْمَانُ ابْنُ بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ تَحَرَّوْهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ۔

حضرت عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا اسے ماہ رمضان کی آخری سات راتوں میں تلاش کرو۔

---

۳۴۵ - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت اسماعیل بن جعفر، حضرت عبداللہ بن دینار سے وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۳۴۶۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ حَدِيْثِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلْتَمِسُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ۔

حضرت ابن جریج فرماتے ہیں مجھے حضرت زہری نے حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی روایت بتائی وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ القدر کو آخری سات راتوں میں تلاش کرو۔

۳۴۷۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ وَابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ قَالَ ثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت ابن شہاب، حضرت سالم سے وہ اپنے والد سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۳۴۸۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت قعنبی فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن دینار سے روایت کرتے ہوئے حضرت مالک کے سامنے پڑھا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۳۴۹۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ غَيْرِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَيْضًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُ هٰذَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے علاوہ صحابہ کرام کے واسطہ سے بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔

۳۵۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ ثَنَا عِكْرَمَةُ ابْنُ عَمَّارٍ قَالَ ثَنِي اَبُوْ زُمَيْلٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا ذَرٍّ فَقُلْتُ اَسَاَلْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ قَالَ نَعَمْ كُنْتُ اَسْاَلُ النَّاسَ

حضرت مالک بن مرثد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے سوال کرتے ہوئے عرض کیا کہ کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا ہے؟ انہوں نے فرمایا ہاں میں صحابہ کرام سے اس کے بارے میں پوچھتا تھا حضرت عکرمہ فرماتے ہیں ان کا مطلب ہے کہ میں بہت پوچھا کرتا تھا (حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں میں نے عرض

عنها قال عمر ما يعني أشبع سؤالا قلت يا رسول الله أخبرني عن ليلة القدر في رمضان هي أو في غيره قال في رمضان قلت وتكون مع الأنبياء ما كانوا فإذا رفعوا رفعت قال بل هي إلى يوم القيامة قلت في أي رمضان هي قال في العشر الأول أو في العشر الأواخر ثم حدث رسول الله صلى الله عليه وسلم وحدثت فقلت يا رسول الله في أي العشرين هي قال التمسوها في العشر الأواخر لا تسألني عن شيء بعدها ثم حدث رسول الله صلى الله عليه وسلم وحدث فقلت يا رسول الله أقسمت عليك بحقي عليك لتخبرني في أي العشر هي فغضب علي غضبا لم يغضب علي قبل ولا بعد ثم قال إن الله لو شاء لأطلعكم عليها التمسوها في السبع الأواخر لا تسألني عن شيء بعدها.

کیا یا رسول اللہ! مجھے لیلۃ القدر کے بارے میں بتائیے کہ وہ رمضان المبارک میں ہے یا کسی دوسرے مہینے میں؟ آپ نے فرمایا "رمضان المبارک کے مہینے میں" میں نے عرض کیا یہ انبیاء کرام کے ساتھ ہوتی جب وہ پردہ فرمالیتے ہیں تو یہ بھی اٹھائی جاتی ہے آپ نے فرمایا نہیں، بلکہ یہ قیامت تک آتی رہے گی میں نے پوچھا یہ رمضان المبارک کے کس حصے میں ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا پہلے یا آخری عشرہ میں، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی باتیں کرتے رہے اور میں بھی باتیں کرتا رہا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ دونوں میں سے کس عشرہ میں ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا اسے آخری عشرہ میں تلاش کرو اس کے بعد مجھ سے کچھ نہ پوچھنا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور میں باتیں کرتے رہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں اپنے اس حق کی قسم دیتا ہوں جو آپ پر ہے آپ مجھے ضرور بتائیں کہ وہ کس عشرہ میں ہوتی ہے؟ تو آپ نے مجھ پر اس قدر غصہ فرمایا کہ اس سے پہلے اور بعد کبھی اس قدر غصہ نہیں فرمایا پھر ارشاد فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو تمہیں اس پر مطلع کردے گا اسے آخری سات راتوں میں تلاش کرو اس کے بعد مجھ سے کچھ نہ پوچھنا۔

۳۵۱ - حدثنا ربيع المؤذن قال ثنا أسد قال ثنا ابن لهيعة قال ثنا أبو الزبير قال أخبرني جابر أن عبد الله بن أنيس الأنصاري سأل النبي صلى الله عليه وسلم عن ليلة القدر وقد خلت اثنتان وعشرون ليلة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم التمسوها في هذه السبع الأواخر التي بقين من الشهر.

حضرت ابو الزبیر فرماتے ہیں مجھے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ حضرت عبد اللہ بن انیس انصاری رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا اس وقت بائیس راتیں گزر چکی تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینے کی ان بقیہ سات راتوں میں تلاش کرو۔

۳۵۲ - حدثنا ربيع المؤذن قال ثنا شعيب بن الليث قال ثنا الليث عن يزيد بن أبي حبيب عن محمد بن إسحاق عن معاذ بن عبد الله بن حبيب عن عبد الله بن حبيب عن عبد الله بن أنيس أنه

حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا اسے آج کی رات تلاش کرو اور وہ

سُئِلَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِلْتَمِسُوْهَا اللَّيْلَةَ وَتِلْكَ اللَّيْلَةُ لَيْلَةُ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ فَقَالَ رَجُلٌ هٰذَا اِذًا اُوْلٰى ثَمَانٍ فَقَالَ بَلْ اُوْلٰى سَبْعٍ فَاِنَّ الشَّهْرَ لَا يَتِمُّ۔

تیئسویں رات تھی ایک شخص نے کہا یہ (بقیہ) آٹھ میں سے پہلی ہوئی تو آپ نے فرمایا بلکہ سات میں سے پہلی کیوں کہ مہینہ (بعض اوقات) پورا نہیں ہوتا (یعنی انتیس دن کا ہوتا ہے)

فَقَدْ ثَبَتَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَيْضًا اَنَّهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ وَاَنَّهُ اِنَّمَا قَصَدَ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ لِاَنَّ ذٰلِكَ الشَّهْرَ كَانَ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ۔

تو اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ لیلۃ القدر آخری سات راتوں میں ہوتی ہے اور آپ نے تیئسویں رات کا قصد فرمایا کیونکہ وہ مہینہ انتیس دن کا تھا۔

۳۵۳۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا اَبُوْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي الْقَمَرِ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ اَبِيْ عَلَى الْبَابِ اِذْ مَرَّ بِنَا ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ فَقَالَ اَبِيْ مَا سَمِعْتَ مِنْ اَبِيْكَ يَذْكُرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ رَجُلٌ نَازِحٌ عَنِ الْبَادِيَةِ فَمُرْنِيْ بِلَيْلَةٍ اٰتِيْ فِيْهَا الْمَدِيْنَةَ فَقَالَ اِيْتِ فِيْ لَيْلَةِ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ۔

حضرت یعقوب بن عبد الرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں اپنے والد کے ہمراہ گھر کے دروازے پر بیٹھا ہوا تھا کہ ہمارے پاس سے حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے گزرے میرے والد نے پوچھا آپ نے اپنے والد سے کیا سنا کہ وہ لیلۃ القدر کے بارے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا بات ذکر کرتے تھے انہوں نے فرمایا میں نے اپنے والد سے سنا فرماتے تھے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! دیہاتی لوگ مجھ سے لیلۃ القدر کے بارے میں جھگڑتے ہیں تو مجھے بتائیے کہ میں کس رات مدینہ طیبہ میں آؤں؟ آپ نے فرمایا تیئسویں رات آنا۔

۳۵۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَخِيْهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَكَانَ رَجُلًا فِيْ زَمَنِ عُمَرَ قَالَ جَلَسَ اِلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ اُنَيْسٍ فِيْ مَجْلِسِ جُهَيْنَةَ فِيْ اٰخِرِ رَمَضَانَ فَقُلْتُ لَهٗ يَا اَبَا يَحْيٰى هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ الْمُبَارَكَةِ شَيْئًا فَقَالَ نَعَمْ جَلَسْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اٰخِرِ هٰذَا الشَّهْرِ

حضرت معاذ بن عبد اللہ اپنے بھائی عبد اللہ بن عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور میں تھے فرماتے ہیں رمضان المبارک کے آخر میں جہینہ کی مجلس میں حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ ہمارے پاس بیٹھے میں نے ان سے عرض کیا اے ابو یحییٰ کیا آپ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مبارک رات کے بارے میں کچھ سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا "ہاں" ہم مہینے کے آخر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو ہم نے عرض کیا اے اللہ کے نبی! ہم اس مبارک رات کو کب تلاش کریں؟ آپ نے فرمایا یہ رات تیئسویں رات کی شام کو تلاش

فَقُلْنَا یَا نَبِیَّ اللّٰہِ مَتٰی نَلْتَمِسُ هٰذِهِ اللَّیْلَةَ الْمُبَارَكَةَ فَقَالَ الْتَمِسُوْهَا هٰذِهِ اللَّیْلَةَ لِمَسَاءِ ثَلَاثٍ وَّ عِشْرِیْنَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَهِیَ إِذًا أُوْلٰی ثَمَانٍ فَقَالَ إِنَّهَا لَیْسَتْ بِأُوْلٰی ثَمَانٍ وَلٰكِنَّهَا أُوْلٰی سَبْعٍ مَا تُرِیْدُ بِشَهْرٍ لَا یَتِمُّ۔

کہ ان لوگوں میں سے ایک شخص نے عرض کیا تو اس طرح یہ آٹھ میں سے پہلی رات ہے آپ نے فرمایا نہیں بلکہ یہ سات میں سے پہلی رات ہے جو مہینہ پورا نہ ہو اس کے بارے میں تیرا کیا حساب ہے (مطلب یہ ہے کہ یہ انتیس دنوں کا مہینہ ہے اور اس حساب سے بائیس راتوں بعد سات باقی رہ جاتی ہیں)

۳۵۵۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ أَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ أَیُّوْبَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ أُنَیْسٍ قَالَ كُنَّا بِالْبَادِیَةِ فَقُلْنَا إِنْ قَدِمْنَا بِأَهْلِنَا شَقَّ ذٰلِكَ عَلَیْنَا وَإِنْ خَلَّفْنَا هُمْ أَصَابَهُمْ ضَیْعَةٌ فَبَعَثُوْنِیْ وَكُنْتُ أَصْغَرَهُمْ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَأَمَرَنَا بِلَیْلَةِ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِیْنَ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم دیہات میں رہتے تھے تو ہم نے سوچا کہ اگر ہم اہل وعیال کے ساتھ آئیں تو مشقت اٹھانی پڑے گی اور اگر ہم ان کو پیچھے چھوڑ آئیں تو انہیں نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے تو سب نے مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور میں ان سب سے چھوٹا تھا میں نے یہ بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی تو آپ نے ہمیں تیئسویں رات (کو مدینہ طیبہ آنے) کا حکم دیا۔

۳۵۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ یُوْسُفَ قَالَ ثَنِیْ ابْنُ لَهِیْعَةَ قَالَ ثَنَا بُكَیْرُ ابْنُ الْأَشَجِّ قَالَ سَأَلْتُ ضَمْرَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ أُنَیْسٍ عَنْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ سَمِعْتُ أَبِیْ یُخْبِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ تَحَرَّوْهَا لَیْلَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِیْنَ فَكَانَ یَنْزِلُ كَذٰلِكَ۔

حضرت بکیر بن الاشج فرماتے ہیں میں نے حضرت حمزہ بن عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا میں نے اپنے والد سے سنا وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (نقل کرتے ہوئے) خبر دیتے تھے کہ اسے تیئسویں رات میں تلاش کرو تو وہ اس طرح (مدینہ طیبہ) اترتے تھے۔

۳۵۷۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا یَحْیَی الْحِمَّانِیُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِی النَّضْرِ عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ أُنَیْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَأَیْتُنِیْ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ كَأَنِّیْ أَسْجُدُ فِیْ مَاءٍ وَّطِیْنٍ فَأَصَابَتْنَا لَیْلَةً مَطَرٌ فَصَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ

حضرت بشر بن سعید، حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے آپ کو لیلۃ القدر میں یوں دیکھا کہ گویا میں پانی اور کیچڑ میں سجدہ کر رہا ہوں تو اس رات ہم پر بارش ہو گئی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی تو میں نے دیکھا کہ آپ پانی اور کیچڑ میں سجدہ کر رہے تھے اور

فَرَاَیْتُہٗ یَسْجُدُ فِیْ مَآءٍ وَّطِیْنٍ فَاِذَا هِیَ لَیْلَةُ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِیْنَ۔

یہ تیئسویں رات تھی۔

فَاَمَّا مَا رَوَیْنَاهُ فِیْ هٰذَا الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَاِنَّ فِیْهِ الْاَمْرُ بِتَحَرِّیْهَا فِی السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ۔

جو احادیث ہم نے حضرت ابن عمر اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہیں ان میں لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کی آخری سات راتوں میں تلاش کرنے کا حکم ہے۔

فَقَدْ یَحْتَمِلُ اَنْ تَکُوْنَ فِیْ تِلْكَ السَّبْعِ دُوْنَ سَآئِرِ الشَّهْرِ وَیَحْتَمِلُ اَنْ تَکُوْنَ فِیْ تِلْكَ السَّبْعِ وَاَنْ تَکُوْنَ فِیْ غَیْرِهَا مِنَ الشَّهْرِ اِلَّا اَنَّهَا اَکْثَرُ مَا تَکُوْنُ فِیْ تِلْكَ السَّبْعِ فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی التَّحَرِّیْ فِیْهَا کَذٰلِكَ۔

تو اس میں احتمال ہے کہ یہ رات ان سات راتوں میں ہو پورے مہینے میں نہ ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ ان سات راتوں میں ہوتی ہو اور ان کے علاوہ مہینے کی دوسری راتوں میں بھی لیکن اکثر ان سات راتوں میں ہوتی ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وجہ سے ان کو ان راتوں میں تلاش کرنے کا حکم دیا۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَیْضًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَمَرَهُمْ اَنْ یَّتَحَرَّوْهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنَ الشَّهْرِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ بھی مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ وہ اس رات کو مہینے (ماہ رمضان) کے آخری عشرہ میں تلاش کریں۔

۳۵۸۔ **حَدَّثَنَا** اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ حُذَیْفَةَ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلْتَمِسُوْا لَیْلَةَ الْقَدْرِ فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ۔

حضرت عبداللہ بن دینار، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کے آخری دس دنوں میں تلاش کرو۔

۳۵۹۔ **حَدَّثَنَا** یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَاٰی رَجُلٌ لَیْلَةَ الْقَدْرِ فِی النَّوْمِ کَاَنَّهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فِیْ سَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ اَوْ فِیْ تِسْعٍ وَّعِشْرِیْنَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرٰی رُؤْیَاکُمْ قَدْ تَوَاطَاَتْ فَالْتَمِسُوْهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فِی الْوِتْرِ۔

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ ایک شخص نے خواب میں لیلۃ القدر کو دیکھا گویا وہ آخری عشرہ کی ستائیسویں یا انتیسویں رات تھی (اس پر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے بھی تمہاری خواب جیسا خواب دکھایا گیا یہ دونوں متفق ہو گئے اسے آخری دس راتوں میں سے طاق راتوں میں تلاش کرو۔

فَقَدْ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت کے مطابق

وَسَلَّمَ فِيمَا رَوَى عَنْهُ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنْ تُتَحَرّٰى فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ كَمَا أَمَرَ فِيمَا قَدْ رَوَيْنَا عَنْهُ قَبْلَ هٰذَا مِنْ حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَيْضًا أَنْ يَتَحَرَّوْا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ فَلَمْ يَكُنْ مَا رُوِيَ عَنْهُ مِنْ أَمْرِهِ إِيَّاهُمْ بِالْتِمَاسِهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ مَا يَنْفِي أَنْ تَكُونَ تُلْتَمَسُ أَيْضًا فِيمَا قَبْلَهُ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فَلَمْ يَدُلَّنَا مَا رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ دُونَ سَائِرِ الشَّهْرِ لِأَنَّهُ قَدْ يَجُوزُ أَنْ تَكُونَ السَّبْعُ الْأَوَاخِرُ أَمَرَ بِالْتِمَاسِهَا فِيهَا بَعْدَ مَا أَمَرَ بِالْتِمَاسِهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ عَلَى مَا فِي حَدِيثِ أَبِي ذَرٍّ فَتَكُونُ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ تُتَحَرّٰى دُونَ مَا سِوَاهَا مِنَ الشَّهْرِ وَذٰلِكَ تَحَرٍّ لَا حَقِيقَةَ مَعَهُ.

فَأَرَدْنَا أَنْ نَعْلَمَ هَلْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَدُلُّ عَلَى ذٰلِكَ.

۳۶۰ - **فَإِذَا** بَكْرُ بْنُ إِدْرِيسَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا آدَمُ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فَإِنْ عَجَزَ أَحَدُكُمْ وَضَعُفَ فَلَا يُغْلَبَنَّ عَلَى السَّبْعِ الْبَوَاقِي.

۳۶۱ - **فَدَلَّ** مَا ذَكَرْنَا مِنْ هٰذَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَدْ تَكُونُ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ أَحْرَى مِنْ أَنْ تَكُونَ فِيمَا قَبْلَهُ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری دس دنوں میں تلاش کرنے کا حکم دیا جیسا کہ اس سے پہلی روایات میں جو ہم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی سے روایت کی ہیں آپ نے اسے آخری سات راتوں میں تلاش کرنے کا حکم فرمایا

تو آخری سات راتوں میں تلاش کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے متعلق حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت پہلے بیان کی گئی اس روایت کی نفی نہیں کرتی جس میں دس دنوں میں تلاش کرنے کا حکم ہے کیونکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی اس بات سے کہ وہ [illegible] ہفتہ میں ہے تمام مہینے میں نہیں، صرف یہی ثابت ہوتا ہے کہ سات دنوں میں تلاش کا حکم دس دنوں میں تلاش کرنے کے حکم سے بعد کا ہے جیسا کہ حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے تو سات دنوں میں تلاش کرنا ہوگا اس کے علاوہ مہینے کے دوسرے [illegible] نہیں اور یہ تلاش بھی کوئی قطعی بات نہیں۔

تو ہم نے ارادہ کیا کہ معلوم کریں کیا اس مفہوم پر دلالت کرنے والی کوئی بات بواسطہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔

تو حضرت عقبہ بن حریث فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ آپ نے فرمایا اس کو آخری دس راتوں میں تلاش کرو اور اگر تم میں سے کوئی عاجز آجائے اور کمزور ہو جائے تو باقی سات راتوں سے مغلوب نہ ہو جائے (یعنی ان میں ضرور تلاش کرے)

تو جو کچھ ہم نے بواسطہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ یہ رات کبھی آخری ہفتہ میں ہوتی ہے تو یہ بات آخری دس دنوں میں ہونے کی نسبت زیادہ مناسب ہے۔

۳۶۲- وَاَمَّا مَا ذَكَرْنَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاِنَّ فِيْهِ الْاَمْرَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَلْتَمِسَهَا لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَاحْتَمَلَ اَنْ تَكُوْنَ تُلْتَمَسُ فِيْ كُلِّ شَهْرِ رَمَضَانَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ بِعَيْنِهَا فَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ تَكُوْنَ قَبْلَ السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَيَخْرُجُ ذٰلِكَ مِمَّا اُمِرَ فِيْهِ بِالْتِمَاسِهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ لِاَنَّ الشَّهْرَ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ لَّا يَنْقُصَ عَنْ ثَلَاثِيْنَ فَتَكُوْنُ تِلْكَ اللَّيْلَةُ اُوْلٰى ثَمَانٍ بَقِيْنَ فَدَلَّ عَلٰى مَعْنٰى مَا اَشْكَلَ مِنْ ذٰلِكَ مَا قَدْ رَوَيْنَاهُ فِيْمَا قَدْ تَقَدَّمَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَمَرَهٗ بِذٰلِكَ فِيْ شَهْرٍ كَانَ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ فَكَانَتْ تِلْكَ اللَّيْلَةُ اُوْلٰى سَبْعٍ لَا اُوْلٰى ثَمَانٍ فَقَدْ دَخَلَ ذٰلِكَ اَيْضًا فِيْمَا اَمَرَ فِيْهِ بِالْتِمَاسِ تِلْكَ اللَّيْلَةِ فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ وَذٰلِكَ كُلُّهٗ عَلَى التَّحَرِّيْ لَا عَلَى الْيَقِيْنِ۔

۳۶۳- وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ قَالَ ثَنِيْ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اَكُوْنُ بِبَادِيَةٍ يُقَالُ لَهَا الْوَطَاَةُ وَاِنِّيْ بِحَمْدِ اللّٰهِ اُصَلِّيْ بِهِمْ فَمُرْنِيْ بِلَيْلَةٍ مِنْ هٰذَا الشَّهْرِ اَنْزِلُهَا اِلَى الْمَسْجِدِ فَاُصَلِّيْهَا فِيْهِ قَالَ انْزِلْ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ فَصَلِّهَا فِيْهِ وَاِنْ اَحْبَبْتَ اَنْ تَسْتَتِمَّ اٰخِرَ الشَّهْرِ فَافْعَلْ وَاِنْ اَحْبَبْتَ فَكُفَّ فَكَانَ اِذَا صَلَّى صَلٰوةَ الْعَصْرِ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَا يَخْرُجُ اِلَّا لِحَاجَةٍ حَتّٰى يُصَلِّيَ

اور جو کچھ ہم نے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ وہ اسے تیئسویں رات میں تلاش کریں تو اس میں اس بات کا احتمال ہے کہ اسے ہر رمضان میں اسے صرف اسی رات میں تلاش کیا جائے پس اگر یہ بات اس طرح ہے تو ہو سکتا ہے کبھی یہ آخری ہفتہ سے پہلے ہو تو اس سے یہ آخری ہفتہ میں تلاش کرنے والے حکم سے خارج ہو جائے گا کیونکہ مہینہ بعض اوقات تیس دنوں سے کم نہیں ہوتا اس طرح یہ رات آخری آٹھ راتوں میں سے پہلی رات ہوگی تو اس سلسلے میں جو اشکال ہے اس کا حل اس روایت میں ہے جو ہم نے اس سے پہلے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس بات کا حکم انتیس دنوں والے مہینے میں دیا تھا تو یہ رات آخری سات راتوں میں سے پہلی ہوگی آٹھ میں سے نہیں تو یہ بھی اس حکم میں شامل ہوگی جو آخری سات دنوں میں تلاش کرنے سے متعلق ہے ان سب باتوں کی بنیاد محض غور و فکر ہے یقین نہیں۔

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ان سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میں جنگل میں ہوتا ہوں جسے وطاۃ کہا جاتا ہے اور الحمد للہ! میں ان لوگوں کو نماز پڑھاتا ہوں تو مجھے اس رات کے بارے میں حکم فرمائیں جب میں اس مسجد (مسجد نبوی) میں آکر نماز پڑھوں آپ نے فرمایا تیئسویں رات کو آکر یہاں نماز پڑھنا پھر اگر تم مہینے کے باقی دن یہاں مکمل کرنا چاہو تو ایسا کرلینا اور اگر چاہو تو رک جانا (یعنی آئندہ دنوں میں نہ آنا چاہو تو نہ آنا) پس جب وہ عصر کی نماز پڑھتے تو مسجد میں داخل ہو جاتے اور کسی حاجت کے بغیر باہر نہ نکلتے حتیٰ کہ صبح کی نماز پڑھ لیتے جب صبح کی نماز پڑھتے تو ان کی سواری دروازے پر کھڑی ہوتی۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ قَدْ جَعَلَ اللَّيْلَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ فِي التَّحَرِّيْ مَا لَمْ يُجْعَلْ لِسَائِرِ السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ۔

تو اس حدیث کے مطابق (لیلۃ القدر کی) تلاش کے سلسلے میں جو اہمیت تیئسویں رات کو دی گئی وہ آخری ہفتہ کی باقی راتوں کو نہیں دی گئی۔

۳۶۴ - وَقَدْ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ بِلَالِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ بِلَالِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُهَا فَاُنْسِيْتُهَا فَتَحَرَّهَا فِي النِّصْفِ الْاٰخِرِ ثُمَّ عَادَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ فِيْ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ تَمْضِيْ مِنَ الشَّهْرِ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ فَاَخْبَرَنِيْ اَبِيْ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُنَيْسٍ كَانَ يُحْيِيْ لَيْلَةَ سِتَّ عَشْرَةَ اِلٰى لَيْلَةِ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ ثُمَّ تَقْصُرُ۔

حضرت عطیہ بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا میں نے اسے دیکھا پھر وہ مجھے بھلا دی گئی پس تم اسے (رمضان المبارک کے) آخری نصف میں تلاش کرو، وہ پھر لوٹے اور سوال کیا تو آپ نے فرمایا جب مہینے کی تیئس راتیں گزر جائیں (تو تلاش کرنا) حضرت عبدالعزیز فرماتے ہیں مجھے میرے والد (حضرت بلال بن عبداللہ بن انیس) نے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن انیس سولہویں رات سے تیئسویں رات تک (لیلۃ القدر کو) تلاش کرتے پھر (تلاش میں) کمی کر دیتے۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهٗ اَنْ يَّتَحَرَّاهَا فِي النِّصْفِ الْاَخِيْرِ مِنَ الشَّهْرِ ثُمَّ اَمَرَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يَّتَحَرَّاهَا لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ فَقَدْ رَجَعَ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اِلٰى مَعْنٰى مَا رَوَيْنَا قَبْلَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

تو اس حدیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مہینے کے آخری نصف میں تلاش کرنے کا حکم دیا پھر حکم دیا کہ تیئسویں رات میں تلاش کریں تو اس حدیث کا مفہوم بھی اس حدیث کی طرف لوٹ گیا جو ہم نے اس سے پہلے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔

وَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَمَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُنَيْسٍ بِتَحَرِّيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِيْ ذَكَرْنَا عَلٰى اَنَّ تَحَرِّيَهٗ ذٰلِكَ اِنَّمَا تَكُوْنُ فِيْ تِلْكَ السَّنَةِ كَذٰلِكَ لِرُؤْيَاهُ الَّتِيْ كَانَ رَاٰهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كَانَتْ قَدْ تَكُوْنُ فِيْ غَيْرِهَا مِنَ السِّنِيْنَ بِخِلَافِ ذٰلِكَ۔

تو ممکن ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کو لیلۃ القدر کی تلاش کے سلسلے میں جو حکم دیا وہ اسی سال کے ساتھ خاص ہو کیونکہ آپ نے خواب میں اسی طرح دیکھا اور دوسرے سالوں میں اس کے خلاف ہو۔

فَاَمَّا مَا رُوِيَ عَنْهُ فِيْ رُؤْيَاهُ الَّتِيْ كَانَ رَاٰهَا مِمَّا قَدْ ذَكَرْنَاهَا عَنْهُ فِيْ حَدِيْثِ بِشْرٍ

اور جو کچھ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کے سلسلے میں بشر بن سعید کی روایت

ابْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. فَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِلَافُ ذٰلِكَ۔

۳۶۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ حَدَّثَهٗ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ فَقُلْتُ هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقَالَ نَعَمْ اِعْتَكَفْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَشْرَ الْاَوْسَطَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَلَمَّا كَانَ صَبِيْحَةَ عِشْرِيْنَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْنَا فَقَالَ مَنْ كَانَ خَرَجَ فَلْيَرْجِعْ فَاِنِّيْ اُرِيْتُ اللَّيْلَةَ وَاِنِّيْ اُنْسِيْتُهَا وَاِنِّيْ رَاَيْتُ اَنِّيْ اَسْجُدُ فِيْ مَاءٍ وَّطِيْنٍ فَالْتَمِسُوْهَا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِيْ وِتْرٍ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ وَمَا نَرٰى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ اِذَا سَحَابٌ مِثْلُ الْجِبَالِ فَمُطِرْنَا حَتّٰى سَالَ سَقْفُ الْمَسْجِدِ وَسَقْفُهٗ يَوْمَئِذٍ مِنْ جَرِيْدِ النَّخْلِ حَتّٰى رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِيْ مَاءٍ وَطِيْنٍ حَتّٰى رَاَيْتُ اَثَرَ الطِّيْنِ فِيْ اَنْفِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهَا كَانَتْ عَامَئِذٍ فِيْ لَيْلَةِ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ الْعَامُ هُوَ عَامٌ اٰخَرُ خِلَافَ الْعَامِ الَّذِيْ كَانَتْ فِيْهِ فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ اُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَذٰلِكَ اَوْلٰى مَا حُمِلَ عَلَيْهِ هٰذَانِ الْحَدِيْثَانِ حَتّٰى لَا يَتَضَادَّا۔

۳۶۶۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ

میں حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے خلاف مروی ہے۔

حضرت یحیی فرماتے ہیں حضرت ابوسلمہ نے ان سے بیان کیا فرماتے ہیں میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے عرض کیا کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لیلۃ القدر کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا انہوں نے فرمایا ہاں! ہم سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رمضان المبارک کے درمیانے عشرہ میں اعتکاف بیٹھے جب بیس تاریخ کی صبح ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا جو باہر نکلا ہے وہ واپس لوٹ جائے مجھے یہ رات دکھائی گئی پھر مجھے بھلادی گئی اور میں نے (خواب میں) دیکھا کہ میں پانی اور کیچڑ میں سجدہ کر رہا ہوں پس تم اسے رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو حضرت ابوسعید فرماتے ہیں ہم نے آسمان پر کوئی بادل نہ دیکھا جب اکیسویں رات ہوئی تو پہاڑوں کی طرح بادل آئے اور بارش برسنا شروع ہوئی حتیٰ کہ مسجد کی چھت ٹپکنے لگی ان دنوں مسجد کی چھت کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی تھی میں نے یہاں تک دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانی اور کیچڑ میں سجدہ کر رہے ہیں حتیٰ کہ میں نے کیچڑ کا نشان آپ کی ناک مبارک پر دیکھا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں ہے کہ اس سال لیلۃ القدر اکیسویں رات تھی تو ہوسکتا ہے یہ کوئی دوسرا سال ہو وہ سال نہ ہو جس کا حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کی روایت میں ذکر ہے کہ اس میں تیئسویں رات لیلۃ القدر تھی۔ دونوں حدیثوں کو اس مفہوم پر کرنا بہتر ہے تاکہ تضاد ثابت نہ ہو۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی

غَسَّانٍ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُخْبِرَنَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتَلَاحَى رَجُلَانِ فَقَالَ خَرَجْتُ لِأُخْبِرَكُمْ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتَلَاحَى فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَرُفِعَتْ وَعَسَى أَنْ تَكُونَ خَيْرًا لَكُمْ فَالْتَمِسُوهَا فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ۔

۳۶۷۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ ثَنَا ثَابِتٌ وَحُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَآهَا فِي لَيْلَةٍ بِعَيْنِهَا فَقَدْ أَمَرَهُمْ بَعْدَ رُؤْيَتِهِ إِيَّاهَا أَنْ يَتَحَرَّوْهَا فِيمَا بَعْدُ فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّهَا قَدْ تَكُونُ فِي عَامٍ فِي لَيْلَةٍ بِعَيْنِهَا ثُمَّ تَكُونُ فِيمَا بَعْدُ فِي لَيْلَةٍ غَيْرِ تِلْكَ اللَّيْلَةِ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمَعْنَى الَّذِي ذَهَبْنَا إِلَيْهِ فِي حَدِيثِ ابْنِ أُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ۔

وَقَدْ رُوِيَ فِي ذٰلِكَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

۳۶۸۔ مَا حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنَا يُونُسُ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُرِيتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ ثُمَّ أَيْقَظَنِي بَعْضُ أَهْلِي فَنُسِّيتُهَا فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْغَوَابِرِ۔

۳۶۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى

ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تاکہ ہمیں لیلۃ القدر کے بارے میں بتائیں تو دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا آپ نے فرمایا میں تمہیں لیلۃ القدر کے بارے میں بتانے کے لیے باہر آیا تھا پس فلاں فلاں کے درمیان جھگڑا ہونے کی وجہ سے اُسے اٹھا لیا گیا ہو سکتا ہے یہ بات تمہارے لیے بہتر ہو تم اسے ان راتوں میں تلاش کرو جب مہینہ ختم ہونے میں نو، سات، یا پانچ راتیں رہتی ہوں (یعنی اکیسویں تیئسویں اور پچیسویں رات میں تلاش کرو)

حضرت ثابت اور حمید بواسطہ حضرت انس، حضرت عبادہ بن صامت (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

تو اس حدیث میں یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایک معین رات میں دیکھا اور اسے دیکھنے کے بعد صحابہ کرام کو حکم دیا کہ وہ اسے اکیسویں، تیئسویں یا پچیسویں رات میں تلاش کریں تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ یہ رات کسی سال کوئی خاص رات ہوتی ہے اس کے بعد کوئی دوسری رات ہوتی ہے تو یہ اس معنیٰ پر دلالت ہے جسے ہم حضرت ابن انیس رضی اللہ عنہ کی روایت میں اختیار کیا۔

اس سلسلے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

حضرت ابو سلمہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے لیلۃ القدر دکھائی گئی پھر مجھے بعض گھر والوں نے بیدار کیا تو میں اسے بھول گیا پس تم اسے آنے والے دس دنوں (آخری عشرہ) میں تلاش کرو۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے

ابنُ صالحٍ قالَ ثنا اسحٰقُ ابنُ یحییٰ عنِ الزّهریِّ قالَ ثنی ابوسلمۃ انّ اباهریرۃ قالَ قالَ رسولُ اللّٰهِ صلّی اللّٰهُ علیهِ وسلّمَ اُرِیتُ لیلۃَ القدرِ فاُنسیتُها فالتمسوها فی العشرِ الغوابرِ۔

ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے لیلۃ القدر دکھائی گئی پھر مجھے وہ بھلا دی گئی پس تم اسے آخری دن دنوں میں تلاش کرو۔

۲۷۰- حدثنا ربیعُ المؤذّنُ ثنا اسدٌ قالَ ثنا المسعودیُّ عن عاصمِ بنِ کلیبٍ عن ابیهِ عن ابی هریرۃ عنِ النّبیِّ صلّی اللّٰهُ علیهِ وسلّمَ قالَ التمسوا لیلۃَ القدرِ فی العشرِ الاواخرِ من رمضانَ۔

حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد سے وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں تلاش کرو۔

ففی هذا الحدیثِ انّ رسولَ اللّٰهِ صلّی اللّٰهُ علیهِ وسلّمَ نسیَ اللّیلۃَ الّتی کانَ اُرِیَها انّها لیلۃُ القدرِ وذلکَ قبلَ کونِ تلکَ اللّیلۃِ فامرَ بالتماسِ لیلۃِ القدرِ فیما بعدَ من ذلکَ الشّهرِ فی العشرِ الاواخرِ۔

تو اس حدیث میں یہ بات ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو رات بطور لیلۃ القدر دکھائی گئی تھی آپ اسے بھول گئے اور یہ بات اس رات کے آنے سے پہلے ہوئی اس لیے آپ نے اسے مہینے کے باقی دنوں میں سے آخری دس دنوں میں تلاش کرنے کا حکم دیا۔

فهذا خلافُ ما فی حدیثِ عبادۃَ ابنِ الصّامتِ رضیَ اللّٰهُ تعالیٰ عنهُ الّا انّهُ قد یجوزُ ان یکونَ ذلکَ کانَ فی عامینِ فرایٰ رسولُ اللّٰهِ صلّی اللّٰهُ علیهِ وسلّمَ فی احدِهما ما ذکرهُ عنهُ ابوهریرۃَ رضیَ اللّٰهُ عنهُ قبلَ کونِ اللّیلۃِ الّتی هیَ لیلۃُ القدرِ وذلکَ لا ینفی ان تکونَ فیما بعدَ ذلکَ العامِ منَ الاعوامِ الجائیۃِ فیما قبلَ ذلکَ منَ الشّهرِ ویکونُ ما ذکرهُ عبادۃُ علیٰ انّ رسولَ اللّٰهِ صلّی اللّٰهُ علیهِ وسلّمَ وقفَ فی ذلکَ العامِ علیٰ لیلۃِ القدرِ بعینِها ثمّ خرجَ لیخبرَهم بها فرُفعت ثمّ امرَهم بالتماسِها فیما بعدَ ذلکَ منَ الاعوامِ فی السّابعۃِ والخامسۃِ اوالتّاسعۃِ وذلکَ ایضًا کلّهُ علی التّحرّی لا علی الیقینِ۔

تو یہ بات حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت کے خلاف ہے البتہ ایسا ہو سکتا ہے کہ یہ واقعہ دو سالوں میں ہوا ہو ایک سال آپ نے وہ کچھ دیکھا جس کا ذکر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے آپ سے روایت کرتے ہوئے کیا کہ آپ نے لیلۃ القدر کو اس کے آنے سے پہلے دیکھا اور یہ اس بات کی نفی نہیں کرتی کہ آئندہ سالوں میں آپ نے اسے مہینے کے آنے سے پہلے دیکھا ہو اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے جو کچھ ذکر کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لیلۃ القدر کے بارے میں ایک معین رات پر آگاہی حاصل ہو چکی تھی پھر آپ صحابہ کرام کو بتانے کے لیے تشریف لائے تو اسے اٹھا لیا گیا پھر اس کے بعد آپ نے ان کو آنے والوں سالوں میں اسے ستائیسویں، پچیسویں اور انتیسویں راتوں میں تلاش کرنے کا حکم دیا اور یہ سب کچھ تلاش اور غور و فکر پر مبنی

۲۷۱- وقد حدثنا بحرُ بنُ نصرٍ قالَ ثنا

حضرت ابونضرہ، حضرت ابوسعید سے اور وہ نبی اکرم

اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُطْلُبُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ تِسْعًا يَبْقَيْنَ وَسَبْعًا يَبْقَيْنَ وَخَمْسًا يَبْقَيْنَ۔

فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ اَرَادَ بِذٰلِكَ الْعَامِ الَّذِيْ كَانَ اعْتَكَفَ فِيْهِ وَاُرِيَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَاُنْسِيَهَا اِلَّا اَنَّهُ كَانَ عَلِمَ اَنَّهَا فِيْ وِتْرٍ فَاَمَرَهُمْ بِالْتِمَاسِهَا فِيْ كُلِّ وِتْرٍ مِنْ ذٰلِكَ الْعَشْرِ ثُمَّ جَاءَ الْمَطَرُ فَاسْتَدَلَّ بِمَا اَنَّهَا كَانَتْ فِيْ عَامِهِ ذٰلِكَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ بِعَيْنِهَا وَلَيْسَ فِيْ ذٰلِكَ دَلِيْلٌ عَلٰى وَقْتِهَا فِي الْاَعْوَامِ الْجَائِيَةِ بَعْدَ ذٰلِكَ هَلْ هِيَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ بِعَيْنِهَا اَوْ فِيْمَا قَبْلَهَا اَوْ فِيْمَا بَعْدَهَا. وَقَدْ يَجُوْزُ اَيْضًا اَنْ يَكُوْنَ مَا حَكَاهُ اَبُوْ نَضْرَةَ فِيْ هٰذَا عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْاَعْوَامُ كُلُّهَا فَيَعُوْدُ مَعْنٰى ذٰلِكَ اِلٰى مَعْنٰى مَا رَوَيْنَا مُتَقَدِّمًا فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اِلَّا اَنَّ فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ زِيَادَةَ مَعْنًى وَاحِدٍ وَهُوَ اَنَّهَا تَكُوْنُ فِي الْوِتْرِ۔

۳۷۲ - **وَقَدْ** حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلْتَمِسُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ وِتْرًا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَالْكَلَامُ فِيْ هٰذَا اَيْضًا مِثْلُ الْكَلَامِ فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

۳۷۳ - **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا مُعَاوِيَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا لیلۃ القدر کو آخری عشرہ میں تلاش کرو جب نو راتیں باقی رہیں، سات راتیں باقی رہیں اور پانچ رات باقی رہیں۔

تو ہو سکتا ہے کہ اس سے وہ سال مراد ہو جس میں آپ نے اعتکاف فرمایا اور آپ کو لیلۃ القدر دکھائی گئی پھر اسے بھلا دیا گیا البتہ آپ کو یہ بات معلوم ہو گئی کہ یہ کسی طاق رات میں ہے تو آپ نے ان کو اس عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرنے کا حکم دیا پھر بارش نازل ہوئی تو آپ نے یوں استدلال کیا کہ اس سال یہ اس خاص رات میں ہوئی ہے لیکن اس میں اس بات پر کوئی دلالت نہیں کہ کیا آئندہ سالوں میں بھی یہ اسی خاص رات میں ہے یا اس سے پہلے یا بعد ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس روایت میں جو کچھ حضرت ابو نضرہ نے حضرت ابو سعید کے واسطہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے وہ تمام سالوں کی بات ہو تو اس کا معنی بھی اسی معنی کی طرف لوٹ گیا جسے ہم نے اس سے پہلے اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے روایت کیا البتہ حضرت ابو سعیدؓ کی روایت میں ایک معنی کا اضافہ ہے کہ یہ

حضرت ابن عباس، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں اس حدیث کی طرح کلام ہے جسے حضرت ابو نضرہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَحَرَّوْھَا لِعَشْرٍ یَبْقَیْنَ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ فَالْکَلَامُ فِیْ ھٰذَا اَیْضًا مِثْلُ الْکَلَامِ فِیْ حَدِیْثِ اَبِیْ نَضْرَۃَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ۔

۳۷۴۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَھْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ تَحَرَّوْھَا لَیْلَۃَ سَبْعٍ وَّ عِشْرِیْنَ یَعْنِیْ

۳۷۵۔ حَدَّثَنَا بَکْرُ بْنُ اِدْرِیْسَ قَالَ اَنَا اٰدَمُ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

۳۷۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اُرٰی رُؤْیَاکُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ اَنَّھَا لَیْلَۃُ السَّابِعَۃِ فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ کَانَ مُتَحَرِّیْھَا فَلْیَتَحَرَّھَا لَیْلَۃَ السَّابِعَۃِ مِنَ الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ۔

فَقَدْ یَحْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ ھٰذَا اَیْضًا اَنْ یَّکُوْنَ فِیْ عَامٍ بِعَیْنِہٖ وَیَحْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ فِیْ کُلِّ الْاَعْوَامِ کَذٰلِکَ اِلَّا اَنَّ ذٰلِکَ عَلَی التَّحَرِّیْ لَا عَلَی الْیَقِیْنِ وَکَذٰلِکَ مَا ذَکَرْنَاہُ قَبْلَ ھٰذَا عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اُنَیْسٍ مِمَّا اَمَرَہٗ بِہٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِکَ یَحْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِکَ عَلَی التَّحَرِّیْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَھَا فِیْ ذٰلِکَ الْعَامِ لَمَّا قَدْ کَانَ اُرِیَہٗ مِنْ وَقْتِھَا الَّذِیْ تَکُوْنُ فِیْہِ فَاُنْسِیَھَا فَلَمْ یَکُنْ فِیْ شَیْءٍ مِنْ ھٰذِہِ الْاٰثَارِ مَا یَدُلُّنَا عَلٰی لَیْلَۃِ الْقَدْرِ اَیُّ لَیْلَۃٍ

علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان المبارک کی دس راتیں باقی ہوں تو لیلۃ القدر کو تلاش کرو اس حدیث میں بھی وہی کلام ہے جو حضرت ابونضرہ کی روایت میں ہے۔

حضرت عبد اللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے (یعنی لیلۃ القدر کو) ستائیسویں رات میں تلاش کرو۔

ایک دوسری سند سے بھی حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ یہ آخری دس راتوں میں سے ساتویں رات میں ہے لہذا جو شخص اسے ڈھونا چاہے وہ آخری دس راتوں میں سے ساتویں رات میں تلاش کرے۔

اس بات کا احتمال ہے کہ یہ کبھی کسی معین سال کے بارے میں ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ ہر سال اسی طرح ہوتا ہو لیکن یہ غور و فکر پر مبنی ہے یقینی نہیں ہے اس طرح جو کچھ ہم نے اس سے پہلے حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا تو ہو سکتا ہے کہ اس سال تلاش و جستجو کی صورت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ بات آئی ہو کہ آپ کو اس کے وقوع کا وقت دکھایا گیا پھر اسے بھلا دیا گیا۔ تو ان روایات میں سے کوئی روایت بھی اس رات کے تعین پر دلالت نہیں کرتی البتہ

هِیَ بِعَیْنِهَا غَیْرَ اَنَّ فِیْ حَدِیْثِ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ هِیَ عَشْرُ الْاُوَلِ اَوْ فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ اِذْ سَاَلَهٗ عَنْ وَقْتِهَا عَلٰی مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِیْ حَدِیْثِهِ الَّذِیْ رَوَیْنَاهُ عَنْهُ فِیْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا یہ رمضان المبارک سے پہلے عشرہ میں یا آخری دس دنوں میں ہے یہ بات آپ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے لیلۃ القدر کا وقت پوچھنے پر فرمائی ہم نے باب کے شروع میں ان سے مروی حدیث میں اسے ذکر کیا ہے۔

فَنَفٰی بِذٰلِكَ اَنْ یَّكُوْنَ فِی الْعَشْرِ الْاَوْسَطِ وَثَبَتَ اَنَّهَا فِیْ اِحْدَی الْعَشْرَیْنِ اِمَّا فِی الْاَوَّلِ وَاِمَّا فِی الْاٰخِرِ۔

تو اس سے اس کے درمیانے عشرہ میں ہونے کی نفی ہوگئی اور ثابت ہوگیا کہ یہ بیس راتوں میں سے ایک ہے یا تو پہلے عشرہ میں ہے یا آخری عشرہ ہیں۔

وَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَیْضًا رُجُوْعُ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالسُّؤَالِ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اَیِّ الْعَشْرَیْنِ هِیَ وَجَوَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِیَّاهُ بِاَنْ یَّتَحَرَّاهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ۔

اس حدیث میں بھی حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا سرکار دو عالم سے سوال کہ وہ کون سے عشرہ میں ہے) اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کو جواب کہ وہ آخری دس دنوں میں اسے تلاش کریں، مذکور ہے۔

فَنَظَرْنَا فِیْمَا رُوِیَ فِیْ غَیْرِ هٰذِهِ الْاٰثَارِ هَلْ فِیْهِ مَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّهَا فِیْ لَیْلَةٍ مِّنْ هَاتَیْنِ الْعَشْرَیْنِ بِعَیْنِهَا۔

تو ہم نے غور کیا کہ دیکھیں کیا ان کے علاوہ روایات میں کوئی ایسی بات ہے جو اس (لیلۃ القدر) کے آخری دو عشروں میں کسی خاص رات میں ہونے پر دلالت کرتی ہو۔

۳۷۷۔ فَاِذَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ اَبِی الْخَیْرِ الصُّنَابِحِیِّ عَنْ بِلَالٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْلَةُ الْقَدْرِ لَیْلَةُ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِیْنَ۔

تو حضرت ابوالخیر صنابحی، حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ القدر چوبیسویں رات ہے۔

فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّهَا فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ بِعَیْنِهَا۔

تو اس حدیث سے ثابت ہوا کہ وہ اس کے خاص رات میں ہے۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خِلَافُ ذٰلِكَ۔

جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے خلاف بھی مروی ہے۔

۳۷۸۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَیَّةَ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ ابْنُ عَبْدِ رَبِّهٖ قَالَ ثَنَا بَقِیَّةُ عَنْ اَبِیْ ثَوْبَانَ قَالَ ثَنِیْ عَبْدَةُ بْنُ اَبِیْ لُبَابَةَ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ القدر ستائیسویں رات ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ اس دن سورج

وَسَلَّمَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ وَ عَلَامَتُهَا اَنَّ الشَّمْسَ تَصْعَدُ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ كَاَنَّهَا طَسْتٌ۔

۳۷۹۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدَةُ بْنُ اَبِيْ لُبَابَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ زِرُّ بْنُ حُبَيْشٍ قَالَ سَمِعْتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ وَبَلَغَهُ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَنْ قَامَ السَّنَةَ كُلَّهَا اَصَابَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقَالَ اُبَيٌّ وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِنَّهَا لَفِيْ رَمَضَانَ وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ اَيُّ لَيْلَةٍ هِيَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَقُوْمَهَا لَيْلَةَ صَبِيْحَةِ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ۔

۳۸۰۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ عَاصِمِ ابْنِ اَبِي النَّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ قُلْتُ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مَنْ قَامَ الْحَوْلَ اَدْرَكَهَا فَقَالَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلٰى اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَمَا وَالَّذِيْ يُحْلَفُ بِهٖ لَقَدْ عَلِمَ اَنَّهَا فِيْ رَمَضَانَ وَاَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ قَالَ فَلَمَّا رَاَيْتُهُ يَحْلِفُ لَا يَسْتَثْنِيْ قُلْتُ مَا عَلَّمَكَ بِذٰلِكَ قَالَ بِالْاٰيَةِ الَّتِيْ اَخْبَرَنَا بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَسَبْنَا وَعَدَدْنَا فَاِذَا هِيَ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ يَعْنِيْ اَنَّ الشَّمْسَ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَهٰذَا اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُخْبِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ وَيَنْفِيْ قَوْلَ عَبْدِ اللّٰهِ مَنْ يَقُمِ الْحَوْلَ يُصِبْهَا۔

بغیر شعاعوں کے بلند ہوتا ہے گویا کہ وہ ایک طشت (تھال) ہے۔

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے سنا اور ان تک یہ بات پہنچی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص پورا سال (رات کو) قیام کرتا ہے وہ لیلۃ القدر کو پالیتا ہے حضرت اُبی بن کعب نے فرمایا اس اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ (رات) رمضان المبارک میں ہے اور اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں بے شک میں جانتا ہوں کہ وہ کون سی رات ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس رات میں قیام کا حکم دیا جس کی صبح ستائیسویں تاریخ ہے۔

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ لیلۃ القدر کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص تمام سال قیام کرے وہ اسے حاصل کر لیتا ہے انہوں نے فرمایا حضرت ابو عبدالرحمن (عبداللہ بن مسعود) پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو، سنو! اس ذات کی قسم جس کے نام کی قسم کھائی جاتی ہے انہیں معلوم ہے کہ یہ (لیلۃ القدر) رمضان المبارک میں ہے اور وہ ستائیسویں رات ہے (حضرت زر بن حبیش) فرماتے ہیں جب میں نے دیکھا کہ وہ قطعی طور پر (ان شاء اللہ کے بغیر) قسم کھا رہے ہیں تو میں نے عرض کیا آپ کو یہ بات کس طرح بتائی ہے انہوں نے فرمایا مجھے اس نشانی سے معلوم ہوا جس کی خبر ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دی تو ہم نے اس کا شمار کیا اور گنتی کی تو وہ ستائیسویں رات ہے یعنی (اس دن) سورج کے شعاع نہیں ہوتی۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے خبر دیتے ہیں کہ وہ ستائیسویں رات ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعود کے اس قول کی نفی کرتے ہیں کہ جو شخص سال بھر قیام کرے وہ اسے

غَيْرَ أَنَّهُ قَدْ رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللهِ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ أَنَّهَا فِي رَمَضَانَ عَلَى مَا قَدْ حَلَفَ عَلَيْهِ أُبَيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ عَبْدَ اللهِ قَدْ عَلِمَهُ وَلَكِنَّهُ فِي خِلَافِ لَيْلَةِ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ۔

۳۸۱ - حَدَّثَنَا أَبُوْ أُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ إِسْرَائِيْلَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ جُحَيْرٍ التَّغْلِبِيِّ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ الْتَمِسُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي لَيْلَةِ تِسْعَ عَشَرَةَ مِنْ رَمَضَانَ صَبِيْحَتُهَا صَبِيْحَةُ بَدْرٍ وَإِلَّا فَفِي لَيْلَةِ إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ أَوْ فِي ثَلَاثٍ وَعِشْرِيْنَ۔

فَأَمَّا مَا ذَكَرْنَا عَنْ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّهَا فِي لَيْلَةِ تِسْعَ عَشَرَةَ فَقَدْ نَفَاهُ مَا حَكَاهُ أَبُوْ ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا فِي الْعَشْرَيْنِ مِنَ الشَّهْرِ الْأَوَّلِ وَالْآخِرِ۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَيْضًا فِي ذٰلِكَ۔

۳۸۲ - مَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَعْدَةَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ أَيُّكُمْ يَذْكُرُ لَيْلَةَ الصَّهْبَاوَاتِ قَالَ عَبْدُ اللهِ أَنَا وَاللهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُوْلَ اللهِ وَبِيَدِي تَمَرَاتٌ أَتَسَحَّرُ بِهِنَّ وَأَنَا مُسْتَتِرٌ بِمُؤْخِرَةِ رَحْلِي مِنَ الْفَجْرِ وَذٰلِكَ حِيْنَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيْثِ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا سُئِلَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ أَخْبَرَهُمْ أَيُّ لَيْلَةٍ هِيَ وَأَنَّهَا لَيْلَةُ الصَّهْبَاوَاتِ فَوَصَفَهَا عَبْدُ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بِمَا وَصَفَهَا بِهِ مِنْ

البتہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے لیلۃ القدر کے بارے میں مروی ہے کہ وہ رمضان المبارک میں ہے جیسا کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے اس بات پر قسم کھائی کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بات معلوم ہے لیکن وہ ستائیسویں رات کے خلاف تھے۔

حضرت اسود، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کی انیسویں رات میں تلاش کرو کہ اس کی صبح رات کی صبح جیسی ہوتی ہے اگر نہ ملے تو اکیسویں یا تیئیسویں رات میں تلاش کرو۔

اور جو کچھ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ وہ انیس رات میں ہے تو اس کی نفی اس روایت سے ہوتی ہے جسے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ وہ پہلے یا آخری عشرہ میں ہوتی ہے۔

اس سلسلے میں بھی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

حضرت ابوعبیدہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا تم میں سے کون صہباوات والی رات (وضاحت آگے آرہی ہے) کو پہچانتا ہے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں میرے ہاتھ میں کچھ کھجوریں ہوتی ہیں اور میں ان کے ساتھ سحری کرتا ہوں اور میں اپنے اونٹ کے کجاوے کی آڑ میں صبح سے چھپا ہوں اور یہ طلوع فجر کا وقت ہوتا ہے۔

تو اس حدیث میں ہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے ان کو بتایا کہ وہ کونسی رات ہے اور صہباوات کی رات ہے پھر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کا وصف بیان کیا کہ طلوع فجر کے وقت

ضَوْءِ الْقَمَرِ عِنْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ وَ ذٰلِكَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا فِيْ اٰخِرِ الشَّهْرِ۔

فَقَدْ دَلَّ ذٰلِكَ اَيْضًا عَلٰى مَا قَالَ اُبَيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

وَفِيْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا يَدُلُّ اَنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ خَاصَّةً قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ فَاَخْبَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنَّ اللَّيْلَةَ الَّتِيْ يُفْرَقُ فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ فَهِيَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ وَهِيَ اللَّيْلَةُ الَّتِيْ اُنْزِلَ فِيْهَا الْقُرْاٰنُ ثُمَّ قَالَ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ۔

حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَاحْتَجْنَا اِلٰى اَنْ نَعْلَمَ اَيُّ لَيْلَةٍ هِيَ مِنْ لَيَالِيْهِ فَكَانَ الَّذِيْ يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ مَا قَدْ رَوَيْنَاهُ عَنْ بِلَالٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا لَيْلَةُ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَالَّذِيْ رُوِيَ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ مُعَاوِيَةَ اَيْضًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُ مَا رُوِيَ عَنْ اُبَيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۳۸۳ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ ثَنَا اَبِيْ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ

چاند کی روشنی ہوتی ہے اور ایسا صرف مہینے کے آخر میں ہوتا ہے۔

یہ روایت حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت پر بھی دلالت کرتی ہے۔

اور قرآن پاک میں بھی لیلۃ القدر کے صرف رمضان المبارک میں ہونے پر دلالت موجود ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ "روشن کتاب کی قسم، ہم نے اسے مبارک رات میں اتارا بے شک ہم ڈرانے والے ہیں اس رات ہر حکمت والے کام کا فیصلہ ہوجاتا ہے" تو اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ جس رات ہر حکمت والے کام کا فیصلہ ہوجاتا ہے وہی لیلۃ القدر ہے اور یہی وہ رات ہے جس میں قرآن پاک نازل کیا گیا پھر ارشاد فرمایا "رمضان المبارک کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن پاک اتارا گیا۔

تو اس سے ثابت ہوا کہ یہ رات رمضان المبارک میں ہے اور ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم جانیں وہ رمضان المبارک کی راتوں میں سے کون سی رات ہے

تو اس پر وہ روایت دلالت کرتی ہے جو ہم نے بواسطہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ وہ چوبیسویں رات ہے اور جو کچھ بواسطہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے وہ ستائیسویں رات کے بارے میں ہے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت کی مثل مروی ہے۔

حضرت قتادہ فرماتے ہیں میں نے حضرت مطرف بن عبد اللہ سے سنا وہ حضرت معاویہ

عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ قَالَ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ۔

بن ابوسفیان سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ وہ ستائیسویں رات ہے۔

فَهٰذَا مُنْتَهٰى مَا وَقَفْنَا عَلَيْهِ مِنْ عِلْمِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ أَيُّ لَيْلَةٍ هِيَ مِمَّا دَلَّنَا عَلَيْهِ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَسُنَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

تو یہ لیلۃ القدر کے بارے میں ہمارے علم کی انتہا ہے کہ وہ کونسی رات ہے اس پر اللہ تعالیٰ کی کتاب اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت دلالت کرتی ہے۔

فَأَمَّا مَا رُوِيَ بَعْدَ ذٰلِكَ عَنِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَتَابِعِيْهِمْ فَمَعْنَاهُ دَاخِلٌ فِي الْمَعَانِي الَّتِيْ ذَكَرْنَا وَإِنَّمَا احْتَجْنَا إِلٰى ذِكْرِ مَا رُوِيَ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ لِمَا قَدِ اخْتُلِفَ فِيْهِ أَصْحَابُنَا رَحِمَهُمُ اللّٰهُ فِي قَوْلِ الرَّجُلِ لِامْرَأَتِهِ أَنْتِ طَالِقٌ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ مَتٰى يَقَعُ بِهِ الطَّلَاقُ فَقَالَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ إِنْ قَالَ لَهَا ذٰلِكَ قَبْلَ شَهْرِ رَمَضَانَ لَمْ يَقَعِ الطَّلَاقُ حَتّٰى يَمْضِيَ شَهْرُ رَمَضَانَ لِمَا قَدِ اخْتُلِفَ فِي مَوْضِعِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مِنْ لَيَالِي شَهْرِ رَمَضَانَ عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَا فِي هٰذَا الْبَابِ مِمَّا رُوِيَ أَنَّهَا فِي الشَّهْرِ كُلِّهِ وَمِمَّا قَدْ رُوِيَ أَنَّهَا فِي خَاصٍّ مِنْهُ قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَلَا أَحْكُمُ بِوُقُوْعِ الطَّلَاقِ إِلَّا بَعْدَ مُضِيِّ الشَّهْرِ لِأَنِّيْ أَعْلَمُ بِذٰلِكَ أَنَّهُ قَدْ مَضَى الْوَقْتُ الَّذِيْ أَوْقَعَ الطَّلَاقَ فِيْهِ وَأَنَّ الطَّلَاقَ قَدْ وَقَعَ قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَإِنْ قَالَ ذٰلِكَ لَهَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فِي أَوَّلِهِ أَوْ فِي آخِرِهِ أَوْ فِي وَسَطِهِ لَمْ يَقَعِ الطَّلَاقُ حَتّٰى يَمْضِيَ مَا بَقِيَ مِنْ ذٰلِكَ الشَّهْرِ وَحَتّٰى يَمْضِيَ شَهْرُ رَمَضَانَ أَيْضًا كُلُّهُ مِنَ السَّنَةِ الْقَابِلَةِ قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ لِأَنَّهُ قَدْ يَجُوْزُ أَنْ تَكُوْنَ فِيْمَا مَضٰى مِنْ هٰذَا الشَّهْرِ الَّذِيْ هُوَ فِيْهِ فَلَا يَقَعُ الطَّلَاقُ حَتّٰى يَمْضِيَ شَهْرُ

اور جو کچھ اس کے بعد صحابہ کرام اور تابعین عظام رضی اللہ عنہم سے مروی ہے اس کا مفہوم بھی وہی ہے جو ہم نے ذکر کیا ہیں لیلۃ القدر کے بارے میں ان مذکورہ بالا روایات کو ذکر کرنے کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی کہ ہمارے اصحاب (احناف) کا اس شخص کے قول میں اختلاف ہے جو اپنی بیوی کو کہتا ہے "تجھے لیلۃ القدر میں طلاق ہے" تو کب طلاق واقع ہوگی حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر اس نے یہ بات ماہ رمضان المبارک سے پہلے کہی ہے تو جب تک رمضان المبارک گزر نہ جائے طلاق واقع نہ ہوگی کیونکہ اس بارے میں اختلاف ہے کہ وہ رمضان المبارک کی کونسی رات ہے جیسا کہ ہم نے اس باب میں ذکر کیا کسی روایت میں ہے کہ وہ تمام مہینے میں ہے اور کسی میں ہے کہ وہ خاص رات میں ہے حضرت امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں مہینے کے گزرنے پر طلاق کا حکم دوں گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ جس وقت اس نے طلاق دی ہے وہ گزر گیا اور اس میں طلاق واقع ہو چکی ہے آپ فرماتے ہیں اگر اس نے طلاق رمضان المبارک کے شروع یا آخر یا درمیان میں دی ہے تو جب تک مہینے کا باقی حصہ اور آئندہ سال کا مکمل رمضان نہ گزر جائے طلاق واقع نہیں ہوگی آپ فرماتے ہیں یہ بات اس لیے ہے کہ ہوسکتا ہے لیلۃ القدر اس مہینے کے ان دنوں میں ہو جو گزر چکے ہیں تو جب تک آنے والے سال کا رمضان المبارک مکمل طور پر نہ گزر جائے طلاق واقع نہ ہوگی

رَمَضَانَ كُلُّهُ مِنَ السَّنَةِ الْجَائِيَةِ وَقَدْ يَجُوْزُ أَنْ تَكُوْنَ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ ذٰلِكَ الشَّهْرِ الَّذِيْ هُوَ فِيْهِ فَيَقَعُ الطَّلَاقُ فِيْهَا فَيَكُوْنُ كَمَنْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ قَبْلَ شَهْرِ رَمَضَانَ أَنْتِ طَالِقٌ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَيَكُوْنُ الطَّلَاقُ لَا يَحْكُمُ بِهِ عَلَيْهِ إِلَّا بَعْدَ مُضِيِّ شَهْرِ رَمَضَانَ قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَلَمَّا أَشْكَلَ ذٰلِكَ لَمْ أَحْكُمْ بِوُقُوْعِ الطَّلَاقِ إِلَّا بَعْدَ عِلْمِيْ بِوُقُوْعِهِ وَلَا أَعْلَمُ ذٰلِكَ إِلَّا بَعْدَ مُضِيِّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِيْ هُوَ فِيْهِ وَشَهْرِ رَمَضَانَ الْجَائِيْ بَعْدَهُ.

فَهٰذَا مَذْهَبُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ.

وَقَدْ كَانَ أَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ مَرَّةً بِهٰذَا الْقَوْلِ أَيْضًا وَقَالَ مَرَّةً أُخْرٰى إِذْ قَالَ لَهَا ذٰلِكَ الْقَوْلَ فِيْ بَعْضِ شَهْرِ رَمَضَانَ لَمْ يَحْكُمْ بِوُقُوْعِ الطَّلَاقِ حَتّٰى يَمْضِيَ مِثْلُ ذٰلِكَ الْوَقْتِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنَ السَّنَةِ الْجَائِيَةِ قَالَ لِأَنَّ ذٰلِكَ إِذَا كَانَ فَقَدْ كَمَلَ حَوْلٌ مُنْذُ قَالَ ذٰلِكَ الْقَوْلَ وَهِيَ فِيْ كُلِّ حَوْلٍ فَعَلِمْنَا بِذٰلِكَ وُقُوْعَ الطَّلَاقِ.

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ وَهٰذَا الْقَوْلُ عِنْدِيْ لَيْسَ بِشَيْءٍ لِأَنَّهُ لَمْ يُقَلْ لَنَا إِنَّ كُلَّ حَوْلٍ يَكُوْنُ فِيْهِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ عَلٰى أَنَّ ذٰلِكَ الْحَوْلَ لَيْسَ فِيْهِ شَهْرُ رَمَضَانَ بِكَمَالِهِ مِنْ سَنَةٍ وَاحِدَةٍ وَإِنَّمَا قِيْلَ لَنَا إِنَّهَا فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ كُلِّ سَنَةٍ هٰكَذَا دَلَّنَا عَلَيْهِ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقَالَهُ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْبَابِ فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ

اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ اس موجودہ رمضان کے باقی دنوں میں ہو تو ان میں طلاق واقع ہوئی تو یہ اسی طرح ہوگا جیسے کوئی شخص رمضان المبارک سے پہلے اپنی بیوی سے کہے "تجھے لیلۃ القدر میں طلاق ہے" تو رمضان المبارک کا مہینہ گزرنے کے بعد ہی طلاق ہوگی حضرت امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب یہ بات مشکل ہے تو میں علم حاصل ہونے کے بعد ہی وقوع طلاق کا حکم دوں گا اور اس کا علم مجھے اس وقت حاصل ہوگا جب موجودہ ماہ رمضان اور اس کے بعد آنے والا رمضان المبارک گزر جائے۔

تو اس باب میں حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے۔

حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ کبھی یہی بات فرماتے ہیں اور کبھی دوسرا قول کرتے ہیں جب کوئی شخص اپنی عورت کو یہ بات رمضان المبارک کے کچھ دن گزرنے کے بعد کہے تو جب تک آئندہ رمضان المبارک کے اتنے دن گزر نہ جائیں وہ طلاق نہیں دیتے وہ فرماتے ہیں یہ اس لیے ہے کہ جب اس کے قول سے اب تک سال مکمل ہوگیا اور یہ (لیلۃ القدر) سارے سال میں ہوتی ہے تو ہمیں وقوع طلاق کا علم حاصل ہوگیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میرے نزدیک اس قول کی کوئی حیثیت نہیں کیونکہ ہمیں یہ تو نہیں کہا گیا کہ ہر سال لیلۃ القدر ہوگی باوجودیکہ اس میں ماہ رمضان مکمل نہ ہو بلکہ ہمیں کہا گیا ہے کہ وہ ہر سال رمضان المبارک میں ہوتی ہے اس بات پر قرآن پاک کی دلالت اسی طرح ہے اور سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ہمیں یونہی فرمایا جیسا کہ ہم نے اس سے پہلے اسی باب میں ذکر کیا تو جب بات یوں ہے تو جب وہ رمضان المبارک کے کسی حصے میں کہے "تجھے لیلۃ القدر میں طلاق ہے" تو اس بات کا احتمال ہے کہ

اِحْتَمَلَ اَنْ یَکُوْنَ اِذَا قَالَ لَھَا فِیْ بَعْضِ شَھْرِ رَمَضَانَ اَنْتِ طَالِقٌ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ اَنْ تَکُوْنَ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ فِیْمَا مَضٰی مِنْ ذٰلِکَ الشَّھْرِ فَیَکُوْنُ اِذَا مَضٰی حَوْلٌ مِّنْ حِیْنَئِذٍ اِلٰی مِثْلِہٖ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ مِنَ السَّنَۃِ الْجَائِیَۃِ لَا لَیْلَۃَ قَدْرٍ فِیْہِ فَفَسَدَ بِمَا ذَکَرْنَا قَوْلُ اَبِیْ یُوْسُفَ رَحِمَہُ اللّٰہُ الَّذِیْ وَصَفْنَا وَثَبَتَ عَلٰی ھٰذَا التَّرْتِیْبِ مَا ذَھَبَ اِلَیْہِ اَبُوْحَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَقَدْ کَانَ اَبُوْیُوْسُفَ رَحِمَہُ اللّٰہُ قَالَ مَرَّۃً اُخْرٰی اِذَا قَالَ لَھَا الْقَوْلَ فِیْ بَعْضِ شَھْرِ رَمَضَانَ اِنَّ الطَّلَاقَ لَا یَقَعُ حَتّٰی یَمْضِیَ لَیْلَۃُ سَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ وَذَھَبَ فِیْ ذٰلِکَ فِیْمَا نَرٰی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ اِلٰی اَنَّ مَا رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْہِ اَنَّھَا فِیْ لَیْلَۃٍ مِّنْ شَھْرِ رَمَضَانَ بِعَیْنِھَا ھُوَحَدِیْثُ بِلَالٍ وَحَدِیْثُ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ فَاِذَا مَضَتْ لَیْلَۃُ سَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ عُلِمَ اَنَّ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ قَدْ کَانَتْ فَحَکَمَ بِوُقُوْعِ الطَّلَاقِ وَقَبْلَ ذٰلِکَ فَلَیْسَ یُعْلَمُ کَوْنُھَا فَکَذٰلِکَ لَمْ یَحْکُمْ بِوُقُوْعِ الطَّلَاقِ وَھٰذَا الْقَوْلُ تَشْھَدُ لَہُ الْاٰثَارُ الَّتِیْ رَوَیْنَاھَا فِیْ ھٰذَا الْبَابِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

گزرے ہوئے دنوں میں لیلۃ القدر ہو پس جب اس وقت سے لے کر آئندہ ماہ رمضان کے ان دنوں تک سال گزر جائے تو اس میں لیلۃ القدر نہ ہو تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا یہ قول فاسد ہو گیا اور اس ترتیب سے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول ثابت ہو گیا حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ بعض اوقات فرماتے ہیں کہ اگر وہ رمضان المبارک کے کسی حصے اس کو یہ بات کہے تو جب تک ستائیسویں رات گزر جائے طلاق واقع نہ ہو گی ہمارے خیال میں انہوں نے یہ مسلک سرکار دوعالم سے مروی اس روایت کی بنیاد پر اپنایا ہے کہ یہ (لیلۃ القدر) رمضان المبارک کی کوئی خاص رات ہے اور یہ حضرت بلال اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کی روایات ہیں پس جب ستائیسویں رات گزر جائے تو معلوم ہو جائے گا کہ لیلۃ القدر گزر چکی ہے لہٰذا وقوع طلاق کا فیصلہ کر دیا جائے گا اور اس سے پہلے اس کے گزرنے کا علم نہ ہو گا لہٰذا وقوع طلاق کا حکم بھی نہیں دیا جائے گا اس قول پر وہ روایات گواہ ہیں جو ہم نے اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں۔

بَابُ ۱۹۰ طَلَاقِ الْمُکْرَہِ

جبراً طلاق لینے کا حکم

۳۸۴۔ حَدَّثَنَا رَبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَکْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا الْاَوْزَاعِیُّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَجَاوَزَ اللّٰہُ لِیْ عَنْ اُمَّتِی الْخَطَاَ وَالنِّسْیَانَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے میری امت سے غلطی، بھول اور جس پر اسے مجبور کیا جائے، معاف کر دیا ہے

وَمَا اسْتُكْرِهُوا عَلَيْهِ۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا اُكْرِهَ عَلٰى طَلَاقٍ اَوْ نِكَاحٍ اَوْ يَمِيْنٍ اَوْ اِعْتَاقٍ اَوْ مَا اَشْبَهَ ذٰلِكَ حَتّٰى فَعَلَهٗ مُكْرَهًا اَنَّ ذٰلِكَ كُلَّهٗ بَاطِلٌ لِاَنَّهٗ قَدْ دَخَلَ فِيْمَا تَجَاوَزَ اللّٰهُ فِيْهِ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اُمَّتِهٖ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کسی شخص کو طلاق، نکاح قسم، آزاد کرنے یا اس قسم کے کسی دوسرے کام پر مجبور کیا جائے حتیٰ کہ وہ اسے مجبور ہو کر بجالائے تو یہ سب کچھ باطل ہے کیونکہ یہ ان امور میں شامل ہو گیا جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کے صدقے آپ کی امت سے معاف کر دیا ان حضرات نے اس (مذکورہ بالا) روایت سے استدلال کیا ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا بَلْ يَلْزَمُهٗ مَا حَلَفَ بِهٖ حَالَ الْاِكْرَاهِ مِنْ يَمِيْنٍ وَيَنْفُذُ عَلَيْهِ طَلَاقُهٗ وَعِتَاقُهٗ وَنِكَاحُهٗ وَمُرَاجَعَتُهٗ لِزَوْجَتِهِ الْمُطَلَّقَةِ اِنْ كَانَ رَاجَعَهَا۔

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان سے اختلاف کرتے ہوئے فرمایا کہ اس نے جبر کی صورت میں جو قسم اٹھائی وہ نافذ ہو جائے گی اسی طرح اس کی طلاق، آزاد کرنا اور نکاح نیز اگر وہ اپنی مطلقہ بیوی سے رجوع کرے تو وہ بھی نافذ ہو جائے گا۔

وَتَاَوَّلُوْا فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَعْنًى غَيْرَ الْمَعْنَى الَّذِيْ تَاَوَّلَهٗ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى فَقَالُوْا اِنَّمَا ذٰلِكَ فِي الشِّرْكِ خَاصَّةً لِاَنَّ الْقَوْمَ كَانُوْا حَدِيْثَ عَهْدٍ بِكُفْرٍ فِيْ دَارٍ كَانَتْ دَارَ كُفْرٍ فَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ اِذَا قَدَرُوْا عَلَيْهِمْ اِسْتَكْرَهُوْهُمْ عَلَى الْاِقْرَارِ بِالْكُفْرِ فَيُقِرُّوْنَ بِذٰلِكَ بِاَلْسِنَتِهِمْ قَدْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ بِعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَبِغَيْرِهٖ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُمْ فَنَزَلَتْ فِيْهِمْ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ وَرُبَّمَا سَهَوْا فَتَكَلَّمُوْا بِمَا جَرَتْ عَلَيْهِ عَادَتُهُمْ قَبْلَ الْاِسْلَامِ وَرُبَّمَا اَخْطَؤُا فَتَكَلَّمُوْا بِذٰلِكَ اَيْضًا فَتَجَاوَزَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُمْ عَنْ ذٰلِكَ لِاَنَّهُمْ غَيْرُ مُخْتَارِيْنَ لِذٰلِكَ وَلَا قَاصِدِيْنَ اِلَيْهِ وَقَدْ ذَهَبَ اَبُوْيُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اِلٰى هٰذَا التَّفْسِيْرِ اَيْضًا حَدَّثَنَا الْكَيْسَانِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْهُ فَالْحَدِيْثُ يَحْتَمِلُ هٰذَا الْمَعْنٰى وَيَحْتَمِلُ مَا قَالَ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى فَلَمَّا احْتَمَلَ ذٰلِكَ

انہوں نے اس حدیث کا مفہوم پہلے قول کے قائلین کے بیان کردہ مفہوم سے الگ بیان کیا ہے وہ فرماتے ہیں یہ حکم صرف شرک کے بارے میں ہے کیونکہ وہ لوگ دار کفر میں تھے اور نئے نئے مسلمان ہوتے تھے اس لیے جب بھی کفار کا ان پر بس چلتا انہیں اقرار کفر پر مجبور کرتے چنانچہ وہ اپنی زبانوں سے اس کا اقرار کرتے حضرت عمار بن یاسر اور بعض دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ بھی یہی معاملہ کیا گیا تو ان کے حق میں آیت کریمہ نازل ہوئی "مگر جس کو مجبور کیا گیا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو" اور بعض اوقات وہ بھول کر اسلام سے پہلے کی عادت کے مطابق کلمہ کفر کہہ دیتے، اور کبھی غلطی سے بھی اس قسم کا کلام کرتے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے درگزر فرمایا کیونکہ اس میں ان کو کوئی اختیار نہ تھا اور نہ ہی وہ اس کا ارادہ کرتے تھے۔

حضرت امام ابویوسف رحمہم اللہ نے یہی تفسیر بیان کی ہے حضرت کیسانی نے اپنے والد کے واسطہ سے حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہوئے ہم سے اسی طرح بیان کیا تو اس حدیث میں اس بات کا بھی احتمال ہے اور پہلے قول والوں کے موقف کا بھی۔ پس جب اس بات کا احتمال ہے تو ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم پر اس کے معانی واضح ہوں تاکہ وہ دونوں میں سے ایک

احْتَجْنَا إِلَى كَشْفِ مَعَانِيهِ لِيَدُلَّنَا عَلَى أَحَدِ التَّأْوِيلَيْنِ نَنْصَرِفُ مَعْنَى هٰذَا الْحَدِيثِ إِلَيْهِ

فَنَظَرْنَا فِي ذٰلِكَ فَوَجَدْنَا الْخَطَأَ هُوَ مَا أَرَادَ الرَّجُلُ غَيْرَهُ فَفَعَلَهُ لَا عَنْ قَصْدٍ مِنْهُ إِلَيْهِ وَلَا إِرَادَةٍ مِنْهُ إِيَّاهُ وَكَانَ السَّهْوُ مَا قَصَدَ إِلَيْهِ فَفَعَلَهُ عَلَى الْقَصْدِ مِنْهُ إِلَيْهِ عَلَى أَنَّهُ سَاهٍ عَنِ الْمَعْنَى الَّذِي يَمْنَعُهُ مِنْ ذٰلِكَ الْفِعْلِ وَكَانَ الرَّجُلُ إِذَا نَسِيَ أَنْ تَكُونَ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ لَهُ زَوْجَةً فَقَصَدَ إِلَيْهَا فَطَلَّقَهَا فَكُلٌّ قَدْ أَجْمَعَ أَنَّ طَلَاقَهُ عَامِلٌ وَلَمْ يُبْطِلُوا ذٰلِكَ لِسَهْوِهِ وَلَمْ يَدْخُلْ ذٰلِكَ السَّهْوُ فِي السَّهْوِ الْمَعْفُوِّ عَنْهُ فَإِذَا كَانَ السَّهْوُ الْمَعْفُوُّ عَنْهُ لَيْسَ فِيهِ مَا ذَكَرْنَا مِنَ الطَّلَاقِ وَالْأَيْمَانِ وَالْعِتَاقِ كَانَ كَذٰلِكَ الِاسْتِكْرَاهُ الْمَعْفُوُّ عَنْهُ لَيْسَ فِيهِ أَيْضًا مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ فَسَادُ قَوْلِ الَّذِينَ أَدْخَلُوا الطَّلَاقَ وَالْعِتَاقَ وَالْأَيْمَانَ فِي ذٰلِكَ

وَاحْتَجَّ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُولَى أَيْضًا لِقَوْلِهِمْ بِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۳۸۵ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ

مفہوم کے بارے میں ہماری راہنمائی کریں اور ہم اس حدیث کو اس معنی کی طرف پھیر دیں۔

تو ہم نے اس میں غور کیا تو معلوم ہوا کہ جب کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے لیکن اس کی بجائے کسی دوسرے کام کو بجا لائے جس کا اس نے قصد و ارادہ نہیں کیا تو یہ خطاء ہے اور سہو (بھول) یہ ہے کہ کسی کام کو ارادتاً بجا لائے حالانکہ لیکن جو بات اس میں رکاوٹ تھی اسے بھول گیا[1] اب اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے بارے میں بھول جائے کہ وہ اس کی بیوی ہے لیکن اس کے باوجود قصداً اس کو طلاق دے تو سب کا اتفاق ہے کہ اس کی یہ طلاق واقع ہو جائے گی اور وہ بھول کی وجہ سے اس طلاق کو باطل قرار نہیں دیتے اور یہ بھول اس بھول میں داخل نہ ہوگی جس کو معاف کر دیا گیا تو جب (بھول کر دی گئی) طلاق، قسم اور آزاد کرنا اس بھول میں داخل نہیں جس کو معاف کیا گیا تو اسی طرح یہ امور اس جبر سے متعلق بھی نہ ہوں گے جس کو معاف کیا گیا ہے۔

تو اس سے ان لوگوں کے قول کا فساد ثابت ہو گیا جنہوں نے طلاق، آزادی اور قسم کو اس میں شامل کیا۔

پہلے قول والوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی (درج ذیل) حدیث سے بھی استدلال کیا ہے۔

حضرت علقمہ بن وقاص لیثی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا آپ منبر پر فرما رہے تھے کہ رسول اکرم صلی اللہ نے فرمایا اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور ہر شخص کے لیے وہی کچھ ہے جس کی اس نے نیت کی پس جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہو تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول ہی کی طرف ہو گی اور جس کی ہجرت دنیا کے لیے ہو کہ اسے حاصل کرے یا کسی عورت کی طرف، ہو کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی چیز کی طرف ہو گی جس کی جانب اس نے ہجرت کی ہے۔

۱؎ جیسے روزے کی حالت میں جان بوجھ کر کھانا لیکن روزے کو بھول گیا جو اس کھانے میں رکاوٹ تھا ۱۲ ہزاروی۔

۳۸۶ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ ۔

قَالُوْا فَلَمَّا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ ثَبَتَ اَنَّ عَمَلًا لَا يَنْفُذُ مِنْ طَلَاقٍ وَّلَا عِتَاقٍ وَّلَا غَيْرِهٖ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ مَعَهٗ نِيَّةٌ ۔

فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لِلْاٰخَرِيْنَ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ هٰذَا الْكَلَامَ لَمْ يُقْصَدْ بِهٖ اِلَى الْمَعْنَى الَّذِيْ ذَكَرَهٗ هٰذَا الْمُخَالِفُ وَاِنَّمَا قُصِدَ بِهٖ اِلَى الْاَعْمَالِ الَّتِيْ يَجِبُ بِهَا الثَّوَابُ اَلَا تَرَاهُ يَقُوْلُ الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوٰى يُرِيْدُ مِنَ الثَّوَابِ ثُمَّ قَالَ فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوْ اِلَى امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ فَذٰلِكَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا جَوَابًا لِسُؤَالٍ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَمَّا لِلْمُهَاجِرِ فِيْ عَمَلِهٖ اَيْ فِيْ هِجْرَتِهٖ فَقَالَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ حَتّٰى اَتٰى عَلَى الْكَلَامِ الَّذِيْ فِي الْحَدِيْثِ وَلَيْسَ ذٰلِكَ مِنْ اَمْرِ الْاِكْرَاهِ عَلَى الطَّلَاقِ وَالْعِتَاقِ وَالرَّجْعَةِ وَالْاَيْمَانِ فِيْ شَيْءٍ ۔

فَانْتَفٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا اَنْ تَكُوْنَ فِيْهِ حُجَّةٌ لِاَهْلِ الْمَقَالَةِ الَّتِيْ بَدَاْنَا بِذِكْرِهَا عَلٰى اَهْلِ الْمَقَالَةِ الَّتِيْ ثَنَّيْنَا بِذِكْرِهَا ۔

۳۸۷ - وَكَانَ مِمَّا احْتَجَّ بِهٖ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الثَّانِيَةِ لِقَوْلِهِمُ الَّذِيْ ذَكَرْنَا مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ جُمَيْعٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ

حضرت حماد بن زید نے حضرت یحیٰی بن سعید سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اعمال کا دارو مدار نیت پر ہے تو کوئی عمل بھی چاہے وہ طلاق ہو کسی کو آزاد کرنا یا کوئی دوسرا عمل ہو نیت کے بغیر نافذ نہیں ہوتا۔

اس سلسلے میں دوسرے حضرات کی دلیل یہ ہے کہ اس کلام سے اس معنیٰ کا قصد نہیں کیا گیا جسے اس مخالف نے ذکر کیا بلکہ اس سے وہ اعمال مراد ہیں جن سے ثواب حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ آپ فرما رہے ہیں اعمال کا دارو مدار نیت پر ہے اور ہر شخص کے لیے وہی کچھ ہے جس کی اس نے نیت کی تو اس سے ثواب مراد ہے پھر فرمایا جس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہو تو اسکی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہی ہوگی اور جس کی ہجرت دنیا کی خاطر ہو کہ اسے حاصل کرے یا کسی عورت کی طرف کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی کی طرف ہوگی جس کی طرف اس نے ہجرت (کی نیت) کی ہے تو یہ کسی سوال کا جواب ہی ہو سکتا ہے گویا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مہاجر کے عمل یعنی ہجرت کے ثواب سے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا اعمال کا دارو مدار نیت پر ہے حتیٰ کہ آپ نے وہ کلام فرمایا جو حدیث میں مذکور ہے اور یہ طلاق عتاق (آزاد کرے) رجعت اور قسم کے سلسلہ میں جبر کے بارے میں نہیں ہے۔

تو اس حدیث میں بھی پہلے قول والوں کی دوسرے قول والوں کے خلاف حجت کی نفی ہوگئی۔

دوسرے قول والوں نے اپنے موقف پر بطور دلیل یہ حدیث بھی پیش کی ہے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے غزوۂ بدر میں شریک ہونے سے صرف اس بات نے روکا کہ میں اور میرے والد نکلے تو ہمیں قریش کے کفار نے پکڑ لیا

الطُّفَيْلِ قَالَ ثَنَا حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ قَالَ مَا مَنَعَنِيْ أَنْ أَشْهَدَ بَدْرًا إِلَّا أَنِّيْ خَرَجْتُ أَنَا وَأَبِيْ فَأَخَذَنَا كُفَّارُ قُرَيْشٍ فَقَالُوْا إِنَّكُمْ تُرِيْدُوْنَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا مَا نُرِيْدُ إِلَّا الْمَدِيْنَةَ فَأَخَذُوْا مِنَّا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهُ لَنَنْصَرِفَنَّ إِلَى الْمَدِيْنَةِ وَلَا نُقَاتِلُ مَعَهُ فَأَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ انْصَرِفَا نَفِيْ لَهُمْ بِعُهُوْدِهِمْ وَنَسْتَعِيْنُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ.

۳۸۸ - **حَدَّثَنَا** أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنِ الْوَلِيْدِ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ خَرَجْتُ أَنَا وَأَبِيْ حُسَيْلٍ وَنَحْنُ نُرِيْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

قَالُوْا فَلَمَّا مَنَعَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُضُوْرِ بَدْرٍ لِاسْتِحْلَافِ الْمُشْرِكِيْنَ الْقَاهِرِيْنَ لَهُمَا عَلٰى مَا اسْتَحْلَفُوْهُمَا عَلَيْهِ ثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّ الْحَلْفَ عَلَى الطَّوَاعِيَةِ وَالْإِكْرَاهِ سَوَاءٌ وَكَذٰلِكَ الطَّلَاقُ وَالْعِتَاقُ.

وَهٰذَا أَوْلٰى مَا فُعِلَ فِي الْآثَارِ إِذَا وُقِفَ عَلٰى مَعَانِيْ بَعْضِهَا أَنْ يُحْمَلَ مَا بَقِيَ مِنْهَا عَلٰى مَا لَا يُخَالِفُ ذٰلِكَ الْمَعْنٰى مَتٰى مَا قَدَرَ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى لَا تَتَضَادَّ.

فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا أَنَّ حَدِيْثَ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي الشِّرْكِ وَحَدِيْثُ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الطَّلَاقِ وَالْأَيْمَانِ وَمَا أَشْبَهَ ذٰلِكَ.

وَأَمَّا حُكْمُ ذٰلِكَ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَإِنَّ فِعْلَ الرَّجُلِ مُكْرَهًا لَا يَخْلُوْ مِنْ أَحَدِ وَجْهَيْنِ إِمَّا أَنْ يَكُوْنَ الْمُكْرَهُ عَلٰى ذٰلِكَ الْفِعْلِ إِذَا فَعَلَهُ

انہوں نے کہا تم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تک جانا چاہتے ہو؟ ہم نے کہا ہم تو صرف مدینہ طیبہ کا ارادہ کرتے ہیں تو انہوں نے ہم سے اللہ تعالیٰ کا عہد اور پکا وعدہ لیا کہ ہم مدینہ طیبہ کی طرف لوٹ جائیں اور ہم حضور علیہ السلام کے ہمراہ لڑائی نہ لڑیں چنانچہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو خبر دی تو آپ نے فرمایا تم واپس جاؤ ہم ان کے عہد کو پورا کریں گے اور ان کے خلاف اللہ تعالیٰ کی مدد چاہیں گے۔

حضرت ابوالطفیل، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں اور میرے باپ حسیل حضور علیہ السلام (تک پہنچنے) کا ارادہ کرتے ہوئے نکلے، اس کے بعد انہوں نے اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بدر کی حاضری سے اس لیے منع فرمایا کہ ظالم مشرکوں نے ان سے وعدہ لیا تھا تو اس سے ثابت ہوا کہ خوشی اور مجبوری دونوں حالتوں کی قسم برابر ہے تو طلاق اور عتاق کا بھی یہی حکم ہے۔

تو جب بعض روایات کے معانی سے آگاہی ہو تو باقی روایات کو بھی اسی معنیٰ پر محمول کرنا زیادہ بہتر ہے تاکہ وہ اس معنیٰ کے خلاف نہ ہوں اور ان کے درمیان تضاد نہ پایا جائے۔

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے شرک کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت اور طلاق، قسم اور اس جیسے دوسرے امور میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ثابت ہوگئی۔

غور وفکر کے طریقے پر اس کا حکم یہ ہے کہ کسی شخص کا مجبوری کی حالت میں کوئی کام کرنا دو حال سے خالی نہیں یا تو وہ شخص اس فعل کے ارتکاب سے اس شخص کے حکم میں ہوگا

مُكْرَهًا فِي حُكْمِ مَنْ لَمْ يَفْعَلْهُ فَلَا يَجِبُ عَلَيْهِ شَيْءٌ أَوْ يَكُونُ فِي حُكْمِ مَنْ فَعَلَهُ فَيَجِبُ عَلَيْهِ مَا يَجِبُ عَلَيْهِ لَوْ فَعَلَهُ غَيْرَ مُسْتَكْرَهٍ.

فَنَظَرْنَا فِي ذٰلِكَ فَرَأَيْنَاهُمْ لَا يَخْتَلِفُونَ فِي الْمَرْأَةِ إِذَا أَكْرَهَهَا زَوْجُهَا وَهِيَ صَائِمَةٌ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ أَوْ حَاجَّةٌ فَجَامَعَهَا إِنَّ حَجَّهَا يَبْطُلُ وَكَذٰلِكَ صَوْمُهَا وَلَمْ يُرَاعُوا فِي ذٰلِكَ الْاِسْتِكْرَاهَ فَيُفَرِّقُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الطَّوَاعِيَةِ وَلَا جُعِلَتِ الْمَرْأَةُ فِيهِ فِي حُكْمِ مَنْ لَمْ يَفْعَلْ شَيْئًا بَلْ قَدْ جُعِلَتْ فِي حُكْمِ مَنْ قَدْ فَعَلَ فِعْلًا يَجِبُ عَلَيْهِ الْحُكْمُ وَرُفِعَ عَنْهَا الْإِثْمُ فِي ذٰلِكَ خَاصَّةً.

جس نے یہ عمل نہیں کیا تو اب اس پر کچھ بھی واجب نہ ہوگا اور یا وہ عمل کرنے والے کے حکم میں ہوگا تو اب اس پر وہ چیز واجب ہوگئی جو مجبور نہ کرنے کی صورت میں عمل کی وجہ سے واجب ہوتی۔

تو ہم نے اس سلسلے میں غور کیا تو دیکھا کہ ان حضرات کا اس عورت کے بارے میں اختلاف نہیں جس کو اس کا خاوند جماع پر مجبور کرتا ہے اور اس نے رمضان المبارک کا روزہ رکھا ہوا تھا یا وہ حج کر رہی ہو تو جماع کرنے سے اس کا حج باطل ہو جاتا ہے اسی طرح روزہ بھی (ٹوٹ جاتا ہے) ان حضرات نے اس جبر کی کوئی رعایت نہیں کہ وہ اس عمل میں اور مرضی سے عمل کرنے میں فرق کرتے اور اس ضمن میں عورت کو عمل نہ کرنے والے کے حکم میں شمار نہیں کیا گیا بلکہ اسے اس شخص کے حکم میں شمار کیا گیا جس نے کوئی فعل کیا اور اس پر حکم واجب ہے یہاں صرف گناہ اُٹھ جائیگا۔

وَكَذٰلِكَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا أُكْرِهَ رَجُلًا عَلَى جِمَاعِ امْرَأَةٍ أُضْطُرَّتْ إِلَى ذٰلِكَ كَانَ الْمَهْرُ فِي النَّظَرِ عَلَى الْمُجَامِعِ لَا عَلَى الْمُكْرِهِ وَلَا يَرْجِعُ بِهِ الْمُجَامِعُ عَلَى الْمُكْرِهِ لِأَنَّ الْمُكْرَهَ لَمْ يُجَامِعْ فَيَجِبُ عَلَيْهِ بِجِمَاعِهِ مَهْرٌ وَمَا يَجِبُ فِي ذٰلِكَ الْجِمَاعِ فَهُوَ عَلَى الْمُجَامِعِ لَا عَلَى غَيْرِهِ.

اسی طرح اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو کسی ایسی عورت سے جماع کرنے پر مجبور کرے جو جماع کے لیے بے قرار ہو تو قیاس کے مطابق مہر جماع کرنے والے پر ہوگا جبر کرنے والے پر نہیں کیونکہ جبر کرنے والے نے جماع نہیں کیا کہ اس کے جماع سے اس پر مہر واجب ہوتا تو اس جماع کی صورت میں جماع کرنے والے پر مہر واجب ہوگا کسی دوسرے پر نہیں۔

فَلَمَّا ثَبَتَ فِي هٰذِهِ الْأَشْيَاءِ أَنَّ الْمُكْرَهَ عَلَيْهَا مَحْكُومٌ عَلَيْهِ بِحُكْمِ الْفَاعِلِ كَذٰلِكَ فِي الطَّوَاعِيَةِ فَيُوجِبُونَ عَلَيْهِ فِيهَا مِنَ الْأَمْوَالِ مَا يَجِبُ عَلَى الْفَاعِلِ لَهَا فِي الطَّوَاعِيَةِ ثَبَتَ أَنَّهُ كَذٰلِكَ الْمُطَلِّقُ وَالْمُعْتِقُ وَالْمُرَاجِعُ فِي الْاِسْتِكْرَاهِ يُحْكَمُ عَلَيْهِ بِحُكْمِ الْفَاعِلِ فَيَلْزَمُهُ أَفْعَالُهُ كُلُّهَا.

جب ثابت ہوا کہ ان امور میں وہ شخص ہی فاعل کہلاتا ہے جس پر جبر کیا گیا جس طرح اپنی مرضی سے کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں لہٰذا یہ حضرات (علماء کرام) اس پر اسی طرح مال لازم کرتے ہیں جس طرح وہ مرضی سے عمل کرنے والے پر واجب قرار دیتے ہیں تو ثابت ہوا کہ جبر کی صورت میں طلاق دینے والے، آزاد کرنے والے اور رجوع کرنے والے پر فاعل کی طرح حکم لگایا جائے گا اور اس کے تمام افعال لازم (نافذ) ہوں گے۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَلِمَ لَا أَجَزْتَ بَيْعَهُ وَإِجَارَتَهُ.

اگر کوئی شخص کہے کہ تم اس شخص (جس پر جبر کیا گیا) کی تجارت اور اجارہ کو کیوں جائز قرار نہیں دیتے۔

قِيلَ لَهُ إِنَّا قَدْ رَأَيْنَا الْبُيُوعَ وَالْإِجَارَاتِ قَدْ تُرَدُّ بِالْعُيُوبِ وَبِخِيَارِ الرُّؤْيَةِ وَبِخِيَارِ الشَّرْطِ وَلَيْسَ النِّكَاحُ كَذٰلِكَ وَلَا الطَّلَاقُ وَلَا الْمُرَاجَعَةُ وَلَا الْعِتَاقُ فَمَا كَانَ

تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ ہم دیکھتے ہیں خرید و فروخت اور اجاروں کو عیب خیار رویت اور خیار شرط کے ساتھ رد کر دیا جاتا ہے لیکن نکاح، طلاق، رجوع کرنا اور آزاد کرنا ایسا نہیں ہے تو جو چیز خیار شرط کی وجہ سے ٹوٹ جاتی ہے اسی طرح ان اسباب

ثُمَّ تُنْقَضُ بِالْخِيَارِ الْمَشْرُوطِ فِيهِ وَبِالْأَسْبَابِ الَّتِي فِي أَصْلِهِ مِنْ عَدَمِ الرُّؤْيَةِ وَالرَّدِّ بِالْعُيُوبِ تَنْتَقِضُ بِالْإِكْرَاهِ وَمَا لَا يَجِبُ نَقْضُهُ بِشَيْءٍ بَعْدَ ثُبُوتِهِ لَمْ يَنْتَقِضْ بِالْإِكْرَاهِ وَلَا بِغَيْرِهِ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ۔ وَقَدْ رَأَيْنَا مِثْلَ هٰذَا قَدْ جَاءَتْ بِهِ السُّنَّةُ۔

کے ذریعے جو اس کی اصل میں پائے جاتے ہیں مثلاً اسے (مبیع کو) کو نہ دیکھنا، بھی ٹوٹ جاتی ہے نیز عیب کی وجہ سے بھی اسے رد کر دیا جاتا ہے تو وہ مجبور کرنے کی صورت میں بھی ٹوٹ جائے گی اور جو چیز ثابت ہونے کے بعد کسی وجہ سے نہیں ٹوٹتی وہ جبر و اکراہ وغیرہ سے بھی نہیں ٹوٹتی یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ اس کی تائید میں حدیث بھی آئی ہے۔

۳۸۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْوُحَاظِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ أَرْدَكَ أَنَّهُ سَمِعَ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ يَقُولُ أَخْبَرَنِي يُوسُفُ ابْنُ مَاهِكٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ اَلنِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ۔

حضرت یوسف بن ماہک فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں آپ نے فرمایا تین چیزیں ایسی ہیں کہ ان کی سنجیدگی بھی سنجیدگی ہے اور ان میں مزاح بھی سنجیدگی ہے نکاح، طلاق اور رجوع کرنا۔

۳۹۰۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيبُ وَأَسَدٌ قَالَا ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ أَرْدَكَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ مَاهِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل مروی ہے۔

۳۹۱۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ أَبِي كَثِيرٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَرْدَكَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ مَاهِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ فَلَمَّا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ فَمَنَعَ النِّكَاحَ مِنَ الْبُطْلَانِ بَعْدَ وُقُوعِهِ وَكَذٰلِكَ الطَّلَاقُ

ایک اور طریق سے بھی بواسطہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل مروی ہے تو جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین چیزیں سنجیدگی میں بھی سنجیدگی ہیں اور مزاح میں بھی سنجیدگی شمار ہوتی ہیں تو آپ نے نکاح کے واقع ہونے کے بعد اس کو باطل کرنے سے منع فرما دیا، طلاق اور رجوع کا بھی یہی حکم ہے اور تم نہیں دیکھو گے کہ خرید و فروخت کو اس معنی پر محمول کیا گیا ہو بلکہ اس کو اس کے برخلاف معنی پر محمول کیا گیا ہے لہذا جو شخص ہنسی مذاق میں کوئی چیز بیچتا ہے تو

وَالْاِجَارَةِ وَلَمْ تَرَ الْبُيُوْعَ حُمِلَتْ عَلٰی ذٰلِكَ الْمَعْنٰی بَلْ حُمِلَتْ عَلٰی ضِدِّهٖ فَجُعِلَ مَنْ بَاعَ لَاعِبًا كَانَ بَيْعُهٗ بَاطِلًا وَكَذٰلِكَ مَنْ اٰجَرَ لَاعِبًا كَانَتْ اِجَارَتُهٗ بَاطِلًا فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ عِنْدَنَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اِلَّا لِاَنَّ الْبُيُوْعَ وَالْاِجَارَاتِ مِمَّا يَنْقُضُ بِالْاَسْبَابِ الَّتِيْ ذَكَرْنَا فَنُقِضَتْ بِالْهَزْلِ كَمَا نُقِضَتْ بِذٰلِكَ وَكَانَتِ الْاَشْيَاءُ الْاُخَرُ مِنَ الطَّلَاقِ وَالْعَتَاقِ وَالرَّجْعَةِ لَا يُبْطِلُ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ فَجُعِلَتْ غَيْرَ مَرْدُوْدٍ بِالْهَزْلِ فَكَذٰلِكَ اَيْضًا فِي النَّظَرِ مَا كَانَ يَنْقُضُ بِالْاَسْبَابِ الَّتِيْ ذَكَرْنَا نُقِضَ بِالْاِكْرَاهِ وَمَا كَانَ لَا يَنْقُضُ بِتِلْكَ الْاَسْبَابِ لَمْ يُنْقَضْ بِالْاِكْرَاهِ۔

اس کی بیع باطل ہے اسی طرح جو شخص کھیل کے طور پر اجارہ کرتا ہے تو اس کا اجارہ بھی باطل ہے لہٰذا ہمارے نزدیک یہ بات اس لیے ہے کہ خرید و فروخت اور اجارہ ان اسباب سے ٹوٹ جاتے ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا تو جس طرح وہ ان چیزوں سے ٹوٹ جاتے ہیں مذاق سے بھی ٹوٹ جائیں گے اور دوسرے اور مثلاً طلاق، عتاق اور رجعت وغیرہ نہیں ٹوٹتے لہٰذا یہ مذاق کی صورت میں رد نہیں کیے جائیں گے تو قیاس کا تقاضا یہی ہے کہ جو چیزیں ہمارے ذکر کردہ اسباب سے ٹوٹ جاتی ہیں وہ جبر کی صورت میں بھی ٹوٹ جائیں گی اور جو امور ان اسباب سے نہیں ٹوٹتے وہ جبر سے بھی نہیں ٹوٹتے۔

وَقَدْ رُوِیَ ذٰلِكَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ۔

یہ بات حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

۳۹۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَلَّافُ قَالَ ثَنَا ابْنُ سَوَاءٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَقُوْلُ طَلَاقُ السَّكْرَانِ وَالْمُكْرَهِ جَائِزٌ۔

حضرت ابو سنان فرماتے ہیں میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے تھے نشہ والے اور جس پر جبر کیا گیا دونوں کی طلاق جائز (نافذ) ہے۔

بَابُ ۱۹۱ الرَّجُلِ يَنْفِيْ حَمْلَ امْرَاَتِهٖ اَنْ يَكُوْنَ مِنْهُ

کسی شخص کا اپنی بیوی کے حمل کا خود سے نفی کرنا

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ ذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا نَفٰی حَمْلَ امْرَاَتِهٖ اَنْ يَكُوْنَ مِنْهُ لَاعَنَ الْقَاضِیْ بَيْنَهُمَا وَبَيْنَهٗ بِذٰلِكَ الْحَمْلِ وَاَلْزَمَهٗ اُمَّهٗ وَاَبَانَ الْمَرْاَةَ مِنْ زَوْجِهَا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت کا موقف یہ ہے کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کے حمل کی اپنے آپ سے نفی کردے تو قاضی ان کے درمیان اس حمل کی وجہ سے لعان کرے اور وہ حمل عورت کے لیے لازم کردے نیز عورت کو مرد سے جدا کر دے۔

۳۹۳۔ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِحَدِيْثٍ يُحَدِّثُهٗ عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمٰنَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی

ان حضرات نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے جسے حضرت علقمہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود (رضی اللہ عنہما) سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حمل کی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَنَ بِالْحَمْلِ۔

وَقَدْ كَانَ أَبُو يُوسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ مَرَّةً وَلَيْسَ هُوَ بِالْمَشْهُوْرِ مِنْ قَوْلِهٖ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يُلَاعَنُ بِحَمْلٍ لِاَنَّهٗ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ لَّا يَكُوْنَ حَمْلًا لِاَنَّ مَا يَظْهَرُ مِنَ الْمَرْاَةِ مِمَّا يُتَوَهَّمُ بِهٖ اَنَّهَا حَامِلٌ لَيْسَ يُعْلَمُ بِهٖ حَمْلٌ عَلٰى حَقِيْقَةٍ اِنَّمَا هُوَ تَوَهُّمٌ فَنَفْيُ الْمُتَوَهَّمِ لَا يُوْجِبُ اللِّعَانَ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ عَلٰى اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى اَنَّ الْحَدِيْثَ الَّذِيْ احْتَجُّوْا بِهٖ عَلَيْهِمْ حَدِيْثٌ مُخْتَصَرٌ اِخْتَصَرَهُ الَّذِيْ رَوَاهُ فَغَلَطَ فِيْهِ وَاِنَّمَا اَصْلُهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَنَ بَيْنَهُمَا وَهِيَ حَامِلٌ فَذٰلِكَ عِنْدَنَا لِعَانٌ بِالْقَذْفِ لَا لِعَانٌ بِنَفْيِ الْحَمْلِ فَتَوَهَّمَ الَّذِيْ رَوَاهُ اَنَّ ذٰلِكَ لِعَانٌ بِالْحَمْلِ فَاخْتَصَرَ الْحَدِيْثَ كَمَا ذَكَرْنَا۔

۳۹۴- وَاَصْلُ الْحَدِيْثِ فِيْ ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عَشِيَّةً فِي الْمَسْجِدِ اِذْ قَالَ رَجُلٌ اِنْ اَحَدُنَا رَاٰى مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا فَاِنْ قَتَلَهٗ قَتَلْتُمُوْهُ وَاِنْ هُوَ تَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوْهُ وَاِنْ هُوَ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى غَيْظٍ لَاَسْاَلَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ اَحَدُنَا رَاٰى مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا

وجہ سے لعان کیا۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے بھی ایک بار یہی بات فرمائی تھی لیکن یہ آپ کا مشہور قول نہیں ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا حمل کی وجہ سے لعان نہ کیا جائے کیونکہ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ وہ حمل نہ ہو کیونکہ جو کچھ عورت سے ظاہر ہو رہا ہے اور اس کے ذریعے اس کے حاملہ ہونے کا وہم کیا ہے اس سے معلوم نہیں ہوتا کہ واقعی حمل ہے وہ تو محض ایک وھم ہے لہذا وہم کرنے والے کی نفی سے لعان واجب نہ ہوگا۔

پہلے قول والوں کے خلاف ان کی دلیل یہ ہے کہ جس حدیث سے انہوں نے استدلال کیا ہے وہ مختصر ہے اس کے راوی نے اسے اختصاراً بیان کیا ہے اس لیے اس میں غلطی کا اس کی اصل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان لعان کیا جب کہ وہ عورت حاملہ تھی تو ہمارے نزدیک یہ قذف (الزام تراشی) کی وجہ سے لعان تھا حمل کی نفی کا لعان نہ تھا تو اس کے راوی کو وہم ہوا کہ یہ حمل کا لعان ہے اس لیے اس نے حدیث کو اختصار کے ساتھ بیان کیا جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

اس ضمن میں اصل حدیث بواسطہ حضرت علقمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں ہم شام کے وقت مسجد میں تھے کہ ایک شخص نے کہا اگر ہم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو دیکھے پس وہ اسے قتل کر دے تو تم اسے قتل کرو گے اور اگر وہ اس کے بارے میں کلام کرے تو تم اسے کوڑے لگاؤ گے اور اگر وہ خاموش رہے تو غصے کی حالت میں خاموش رہے گا میں ضرور ضرور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھوں گا چنانچہ انہوں نے پوچھا اور عرض کیا یا رسول اللہ! اگر ہم میں سے کوئی اپنی بیوی کے ساتھ کسی شخص کو دیکھے پھر اسے قتل کر دے تو آپ اسے قتل کریں گے

فَإِنْ قَتَلَ قَتَلْتُمُوهُ وَإِنْ هُوَ تَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوهُ وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى غَيْظٍ اللّٰهُمَّ احْكُمْ فَأُنْزِلَتْ آيَةُ اللِّعَانِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَكَانَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ أَوَّلَ مَنِ ابْتُلِيَ بِهِ۔

۳۹۵۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ ثَنَا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَامَ رَجُلٌ فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ أَرَأَيْتُمْ إِنْ وَجَدَ رَجُلٌ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيهِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَابْتُلِيَ بِهِ وَكَانَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَاعَنَ امْرَأَتَهُ فَلَمَّا أَخَذَتِ امْرَأَتُهُ تَلْتَعِنُ قَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْ فَالْتَعَنَتْ فَلَمَّا أَدْبَرَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّهَا أَنْ تَجِيءَ بِهِ أَسْوَدَ جَعْدًا فَجَاءَتْ بِهِ أَسْوَدَ جَعْدًا۔

۳۹۶۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ ابْنِ شَقِيقٍ قَالَ ثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

فَهٰذَا هُوَ أَصْلُ حَدِيثِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي اللِّعَانِ وَهُوَ لِعَانٌ بِقَذْفٍ كَانَ مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ لِامْرَأَتِهِ وَهِيَ حَامِلٌ لَا بِحَمْلِهَا۔

وَقَدْ رَوَاهُ عَلَى ذٰلِكَ أَيْضًا غَيْرُ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ۔

۳۹۷۔ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَنَ بَيْنَ الْعَجْلَانِيِّ وَامْرَأَتِهِ وَكَانَتْ حُبْلَى فَقَالَ زَوْجُهَا

اور اگر وہ (اس کے بارے میں) کلام کرے تو اسے کوڑے لگائیں گے اور اگر وہ خاموش رہے تو غصے کی حالت میں خاموش رہتا ہے یا اللہ! (اس سلسلے میں) حکم نازل فرما پس لعان کی آیت نازل ہوئی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یہ شخص سب سے پہلے اس میں مبتلا ہوا۔

حضرت علقمہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ایک شخص جمعۃ المبارک کی رات مسجد نبوی میں کھڑا ہوا اس نے کہا مجھے بتاؤ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے پھر اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا اور اس میں یہ اضافہ کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا وہ شخص اس میں مبتلا ہوا اور ایک انصاری شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی عورت سے لعان کیا جب وہ عورت لعان کرنے لگی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا ٹھہر جاؤ پھر اس نے لعان کیا جب وہ واپس جانے لگی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہو سکتا ہے اس کے ہاں سیاہ رنگ کا گھنگریالے بالوں والا بچہ پیدا ہو چنانچہ اس نے سیاہ رنگ کا گھنگریالے بالوں والا بچہ جنا۔

حضرت جریر، حضرت اعمش سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

تو لعان کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اصل روایت یہ (مذکورہ بالا روایت) ہے اور یہ اس قذف کے سبب لعان ہے جو اس شخص نے اپنی بیوی پر لگایا جب وہ حاملہ تھی حمل کی وجہ

اس سلسلے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے علاوہ صحابہ کرام نے بھی روایت کیا ہے۔

حضرت قاسم بن محمد، حضرت عبداللہ بن عباس (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عجلانی اور ان کی بیوی کے درمیان لعان کیا اور وہ حاملہ تھیں ان کے خاوند نے کہا اللہ کی قسم جب سے ہم نے عُفر کرا (درختوں کو سیراب کیا ہے) اس وقت سے میں اس کے قریب نہیں گیا "عفر" کا مطلب یہ ہے

وَاللّٰهِ مَا قَرَبْتُهَا مُنْذُ عَفَرْنَا وَالْعَفْرُ اَنْ تُسْقَى النَّخْلُ بَعْدَ اَنْ تُتْرَكَ مِنَ السَّقْيِ بَعْدَ الْاِبَارِ بِشَهْرَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ فَزَعَمُوْا اَنَّ زَوْجَ الْمَرْاَةِ كَانَ حَمْشَ الذِّرَاعَيْنِ وَالسَّاقَيْنِ اَصْهَبَ الشَّعْرَةِ وَكَانَ الَّذِيْ رُمِيَتْ بِهٖ ابْنَ السَّحْمَاءِ قَالَ فَجَاءَتْ بِغُلَامٍ اَسْوَدَ جَعْدًا قَطَطًا عَبْلَ الذِّرَاعَيْنِ خَدْلَ السَّاقَيْنِ قَالَ الْقَاسِمُ فَقَالَ ابْنُ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ يَا اَبَا عَبَّاسٍ اَهِيَ الْمَرْاَةُ الَّتِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ لَرَجَمْتُهَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا وَلٰكِنْ تِلْكَ امْرَاَةٌ كَانَتْ قَدْ اُلْعِنَتْ فِي الْاِسْلَامِ۔

کہ کھجور کے درختوں کی پیوند کاری کے بعد دو مہینے تک پانی نہ دینے کے بعد انہیں سیراب کرنا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (بارگاہ الٰہی میں) عرض کیا یا اللہ! اس کا حکم بیان فرما صحابہ کرام نے فرمایا کہ اس عورت کے خاوند کے بازو اور پنڈلیاں پتلی ہیں اور اس کے بال سُرخی مائل سیاہ ہیں اور جس شخص کے ساتھ اسے الزام دیا گیا تھا وہ ابن السحماء تھا حضرت ابن عباس فرماتے ہیں اس کے ہاں کالے رنگ کا گھنگھریالے بالوں والا بچہ پیدا ہوا جس کے ہاتھ اور پنڈلیاں موٹی تھیں حضرت قاسم فرماتے ہیں ابن شداد بن ہاد نے کہا اے ابن عباس (رضی اللہ عنہما) کیا یہی وہ عورت ہے جس کے بارے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں گواہی کے بغیر کسی کو رجم کرتا تو اسے سنگسار کرتا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا "نہیں" البتہ یہ وہ عورت ہے جسکو اسلام میں سب سے پہلے لعان کیا گیا

۳۹۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

حضرت ابوالزناد، حضرت قاسم سے اور وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۳۹۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ اَنَّ الْقَاسِمَ ابْنَ مُحَمَّدٍ حَدَّثَهٗ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ سُؤَالَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ اِلٰى اٰخِرِ الْحَدِيْثِ۔

ایک دوسرے طریق سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی مثل مروی ہے البتہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن شداد کے سوال کا ذکر نہیں کیا۔ آخر حدیث تک اسی طرح ہے۔

۴۰۰۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا لِيْ عَهْدٌ بِاَهْلِيْ مُنْذُ عَفَرْنَا النَّخْلَ فَوَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِيْ رَجُلًا وَزَوْجُهَا نِضْوٌ حَمْشٌ سَبِطُ الشَّعْرِ وَالَّذِيْ رُمِيَتْ بِهٖ اِلَى السَّوَادِ جَعْدٌ قَطَطٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ

حضرت قاسم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب سے ہم نے کھجوروں کو پانی دیا ہے میں اپنی بیوی کے پاس نہیں گیا اب میں نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک شخص کو دیکھا ہے اس کا خاوند کمزور دبلی پنڈلیوں والا اور سیدھے بالوں والا تھا اور جس شخص کے ساتھ اسے الزام دیا گیا تھا وہ سیاہ رنگ کا گھنگھریالے بالوں والا تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (بارگاہ خداوندی میں عرض کیا یا اللہ! واضح حکم نازل فرما پھر آپ

بَيِّنْ ثُمَّ لَاعَنَ بَيْنَهُمَا فَجَاءَتْ بِهِ يُشْبِهُ الَّذِي رُمِيَتْ بِهِ ۔

۴۰۱ ۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنْ مُخَلَّدِ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ هِلَالَ ابْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ شَرِيكَ بْنَ سَحْمَاءَ بِامْرَأَتِهِ فَرُفِعَ ذٰلِكَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْتِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ وَإِلَّا فَحَدٌّ فِي ظَهْرِكَ قَالَ وَاللهِ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ اللهَ يَعْلَمُ أَنِّي لَصَادِقٌ يَقُولُ ذٰلِكَ مِرَارًا أَوْ لَيُنْزِلَنَّ اللهُ عَلَيْكَ مَا يُبْرِئُ بِهِ ظَهْرِي مِنَ الْجَلْدِ فَنَزَلَتْ آيَةُ اللِّعَانِ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ قَالَ فَدُعِيَ هِلَالٌ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ وَالْخَامِسَةَ أَنَّ لَعْنَةَ اللهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ قَالَ ثُمَّ دُعِيَتِ الْمَرْأَةُ فَشَهِدَتْ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الْخَامِسَةِ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِفُوهَا فَإِنَّهَا مُوجِبَةٌ قَالَ فَتَلَكَّأَتْ حَتّٰى مَا شَكَكْنَا أَنْ سَتَقِرُّ ثُمَّ قَالَتْ لَا أَفْضَحُ قَوْمِي سَائِرَ الْيَوْمِ فَمَضَتْ عَلَى الْيَمِينِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَبْيَضَ سَبِطًا قَضِيءَ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا أَحْمَشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ بْنِ سَحْمَاءَ قَالَ فَجَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا أَحْمَشَ السَّاقَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا مَا سَبَقَ مِنْ كِتَابِ اللهِ تَعَالٰى كَانَ لِي وَلَهَا شَأْنٌ قَالَ الْقَضِيءُ الْعَيْنَيْنِ طَوِيلُ شَعْرِ الْعَيْنَيْنِ لَيْسَ بِمَفْتُوحِ

نے ان دونوں کے درمیان لعان کیا پھر اس کے ہاں اس شخص کے مشابہ بچہ پیدا ہوا جس کے ساتھ اسے الزام دیا گیا تھا۔

حضرت ابن سیرین، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہلال بن امیہ نے شریک بن سحماء کو اپنی بیوی کے ساتھ الزام لگایا یہ مسئلہ بارگاہ نبوی میں پیش کیا گیا آپ نے فرمایا چار گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد لگائی جائے گی اس نے عرض کیا اللہ کی قسم یا رسول اللہ! بے شک اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں سچا ہوں راوی فرماتے ہیں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے مسلسل یہی فرماتے رہے کہ چار گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد لگائی جائے گی اس نے کئی بار یہی کہا (نیز کہا کہ) اور اللہ تعالیٰ آپ پر وہ چیز اتارے گا جو میری پیٹھ کو کوڑوں سے بچالے گی چنانچہ آیت لعان نازل ہوئی "اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر الزام لگاتے ہیں اور ان کے پاس اپنی ذات کے سواہ گواہ نہیں تو وہ خاوند چار بار گواہی دے کہ وہ (تہمت لگانے میں) سچا ہے چنانچہ حضرت ہلال کو بلایا گیا انہوں نے چار بار گواہی دی کہ وہ سچوں میں سے ہیں اور پانچویں بار کہا کہ اگر وہ جھوٹے ہوں تو ان پر خدا کی لعنت ہے۔ پھر عورت کو بلایا گیا اس نے چار بار گواہی دی کہ وہ (اس کا خاوند) جھوٹوں میں سے ہے جب پانچویں بار کہنے لگی تو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے روک لو کیونکہ یہ (غضب کے الفاظ) واجب کرنے والے ہیں راوی فرماتے ہیں کہ وہ کچھ رکی حتیٰ کہ ہمیں یقین ہو گیا کہ وہ اقرار کرے گی پھر اس نے کہا آج کے دن میں اپنی قوم کو رسوا نہیں کروں گی چنانچہ اس نے قسم اٹھالی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھنا اگر اس نے سفید رنگ، سیدھے بالوں والا اور سرخ آنکھوں والا بچہ جنا تو وہ ہلال بن امیہ کا ہوگا اور اگر اس نے سرگیں آنکھوں گھنگریالے بالوں اور پتلی پنڈلیوں والا بچہ جنا تو وہ شریک بن سحماء کا ہوگا حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں پھر اس کے ہاں سرگیں آنکھوں گھنگریالے بالوں اور پتلی پنڈلیوں والا بچہ پیدا ہوا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ کا لکھا ہوا سبقت نہ کرجاتا تو میں اس کے ساتھ کچھ معاملہ کرتا (یعنی اگر چار گواہوں کی شرط نہ ہوتی تو میں اسے حد لگاتا)، راوی فرماتے ہیں القضی العینین سے مراد وہ شخص ہے جس کی آنکھوں کے بال لمبے ہوں اور آنکھیں کھلی

العینین۔

۴۰۲۔ **حدثنا** ابوبکرۃ قال ثنا وھب بن جریر قال ثنا ھشام عن محمد عن انس بن مالک ان ھلال بن امیۃ قذف امراتہ بشریک ابن سحماء فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انظروھا فان جاءت بہ ابیض سبطا قضیء العینین فھو لھلال بن امیۃ وان جاءت بہ اکحل جعدا احمش الساقین فھو لشریک بن سحماء فجاءت بہ اکحل جعدا احمش الساقین۔

۴۰۳۔ **حدثنا** ربیع الجیزی قال ثنا اسد ح وحدثنا ربیع المؤذن قال ثنا خالد بن عبد الرحمن قالا ثنا ابن ابی ذئب عن الزھری عن سھل بن سعد الساعدی ان عویمرا جاء الی عاصم بن عدی فقال ارءیت رجلا وجد مع امراتہ رجلا فقتلہ اتقتلونہ بہ سل لی یا عاصم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجاء عاصم فسال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسالۃ وعابھا فقال عویمر واللہ لاتین النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال قد انزل اللہ فیکم قرانا فدعاھما فتقدما فتلاعنا ثم قال کذبت علیھا یا رسول اللہ ان امسکتھا ففارقھا وما امرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بفراقھا فجرت السنۃ فی المتلاعنین فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انظروا فان جاءت بہ احمر قصیرا مثل وحرۃ فلا اراہ الا وقد کذب علیھا وان جاءت بہ اسحم اعین ذا الیدین فلا احسبہ الا وقد صدق علیھا

نہ ہوں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہلال بن امیہ نے اپنی بیوی کو شریک بن سحماء کے ساتھ زنا کا الزام لگایا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی نگرانی کرو اگر اس کے ہاتھ سفید رنگ، سیدھے بالوں اور سرخ آنکھوں والا بچہ پیدا ہو تو وہ ہلال بن امیہ کا ہوگا اور اگر وہ (بچہ) سرگیں آنکھوں، گھنگھریالے بالوں اور پتلی پنڈلیوں والا ہو تو شریک بن سحماء کا ہوگا چنانچہ اس نے سرگیں آنکھوں، گھنگھریالے بالوں اور پتلی پنڈلیوں والا بچہ جنا۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی سے مروی ہے کہ حضرت عویمر عاصم بن عدی کے پاس آئے اور پوچھا کہ اس شخص کے بارے میں بتائیے جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پا کے اور اس کو قتل کر دے کیا آپ لوگ اس کے بدلے میں اس کو قتل کریں گے اے عاصم! آپ میرے لیے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھیے چنانچہ حضرت عاصم آئے اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ناپسند کیا اور اسے معیوب قرار دیا حضرت عویمر نے کہا اللہ کی قسم! میں ضرور بارگاہ نبوی میں حاضر ہوں گا پھر کر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے بارے میں قرآن نازل کیا ہے چنانچہ آپ نے ان دونوں کو بلایا وہ آگے بڑھے اور باہم لعان کیا پھر انہوں نے (خاوند نے) کہا یا رسول اللہ اگر میں اس کو روکے رکھوں تو گویا میں نے اس پر جھوٹ بولا ہے چنانچہ انہوں نے اسے جدا کر دیا حالانکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جدا کرنے کا حکم نہیں دیا تھا چنانچہ اب دو لعان کرنے والوں میں یہ طریقہ جاری ہو گیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھو اگر یہ عورت سرخ کیڑے کی طرح سرخ رنگ اور پستہ قد کا بچہ جنے تو میرے خیال میں اس نے اس (عورت) پر جھوٹ بولا ہے اور اگر وہ خراب آنکھوں اور لمبے ہاتھوں والا بچہ جنے تو میرے خیال میں اس نے سچ کہا ہے راوی فرماتے ہیں پھر اس نے بری

قَالَ فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى الْأَمْرِ الْمَكْرُوْهِ ۔

فَقَدْ ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا اَنْ لَا حُجَّةَ فِيْ شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ لِمَنْ يُوْجِبُ اللِّعَانَ بِالْحَمْلِ ۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَاِنَّ فِيْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ جَاءَتْ بِهِ كَذَا فَهُوَ لِزَوْجِهَا وَاِنْ جَاءَتْ بِهِ كَذَا فَهُوَ لِفُلَانٍ دَلِيْلٌ عَلَى اَنَّ الْحَمْلَ هُوَ الْمَقْصُوْدُ بِالْقَذْفِ وَاللِّعَانِ ۔

فَجَوَابُنَا لَهُ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ اللِّعَانَ لَوْ كَانَ بِالْحَمْلِ اِذًا لَكَانَ مُنْتَفِيًا مِنَ الزَّوْجِ غَيْرَ لَاحِقٍ بِهِ اَشْبَهَهُ اَوْ لَمْ يُشْبِهْهُ ۔

اَلَا تَرٰى اَنَّهَا لَوْ كَانَتْ وَضَعَتْهُ قَبْلَ اَنْ يَقْذِفَهَا فَنَفٰى وَلَدَهَا وَكَانَ اَشْبَهَ النَّاسِ بِهِ اِنَّهُ يُلَاعِنُ بَيْنَهُمَا وَيُفَرِّقُ بَيْنَهُمَا وَيُلْزِمُ الْوَلَدَ اُمَّهُ وَلَا يُلْحَقُ بِالْمُلَاعِنِ لِشُبْهِهِ بِهِ فَلَمَّا كَانَ الشَّبَهُ لَا يَجِبُ بِهِ ثُبُوْتُ نَسَبٍ وَّ لَا يَجِبُ بِعَدَمِهِ اِنْتِفَاءُ نَسَبٍ وَّ كَانَ فِي الْحَدِيْثِ الَّذِيْ ذَكَرْنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ جَاءَتْ بِهِ كَذَا فَهُوَ الَّذِيْ لَاعَنَهَا دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّهُ لَمْ يَكُنِ اللِّعَانُ نَافِيًا لَهُ لِاَنَّهُ لَوْ كَانَ نَافِيًا لَهُ اِذًا لَمَا كَانَ شُبْهُهُ بِهِ دَلِيْلًا عَلٰى اَنَّهُ مِنْهُ وَلَا شُبْهُهُ اِيَّاهُ دَلِيْلًا عَلٰى اَنَّهُ مِنْ غَيْرِهِ ۔

وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَعْرَابِيِّ الَّذِيْ سَاَلَهُ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِيْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ ۔

۴۰۴ ۔ **مَا حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِيْ

شکل والا بچہ جنا ۔

جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہو گیا کہ جو لوگ حمل کی وجہ سے لعان ثابت کہتے ہیں ان کے لیے اس میں کوئی حجت نہیں ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ اگر وہ اس طرح کا بچہ جنے تو وہ اس کے خاوند کا ہے اور اس طرح کا جنے تو وہ فلاں کا ہے اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ قذف اور لعان سے حمل ہی مقصود ہے ۔

تو اس سلسلے میں ہمارا جواب یہ ہے کہ اگر لعان حمل کی وجہ سے ہوتا تو خاوند سے اس کی نفی ہو جاتی اسے اس کے ساتھ نہ ملایا جاتا اس کے مشابہ ہوتا یا نہ ۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر الزام لگنے سے پہلے بچہ پیدا ہوتا اور وہ (خاوند) اس سے بچے کی نفی کرتا حالانکہ وہ دوسروں کی نسبت اسی کے ساتھ زیادہ مشابہت رکھتا تو بھی ان کے درمیان لعان کیا جاتا اور ان میں تفریق کر کے بچے کو ماں کے حوالے کر دیا جاتا اور مشابہت کی وجہ سے لعان کرنے والے کے حوالے نہ کیا جاتا تو جب مشابہت کی وجہ سے نسب ثابت نہیں ہوتا اور عدم مشابہت کی وجہ سے نسب کی نفی ضروری نہیں ہوتی اور جو حدیث ہم نے ذکر کی ہے اس میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر وہ ایسا بچہ جنے تو وہ اس کا ہو گا جس نے اس عورت سے لعان کیا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ لعان اس کی نفی نہیں کرتا اس لیے کہ اگر وہ اس کی نفی کرتا تو اس صورت میں بچے کی اس سے مشابہت اس بات کی دلیل نہ ہوتی کہ وہ اسی کا ہے اور عدم مشابہت اس بات کی دلیل نہ ہوتی کہ وہ کسی اور کا ہے۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اعرابی سے فرمایا جس نے آپ سے پوچھا کہ میری بیوی نے سیاہ رنگ کا بچہ جنا ہے (تفصیل یہ ہے)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دیہاتی بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ میری بیوی نے سیاہ رنگ کا بچہ جنا ہے اور میں اس کا انکار کرتا ہوں آپ نے اس سے فرمایا کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں اس نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا ان کا رنگ کیا

وَلَدَتْ غُلَامًا أَسْوَدَ وَإِنِّي أَنْكَرْتُهُ فَقَالَ لَهُ هَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَا أَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ هَلْ فِيهَا مِنْ أَوْرَقَ قَالَ إِنَّ فِيهَا لَوُرْقًا قَالَ فَأَنَّى تَرَى ذَلِكَ جَاءَهَا قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ عِرْقٌ نَزَعَهَا قَالَ فَلَعَلَّ هَذَا عِرْقٌ نَزَعَهُ۔

۴۰۵۔ **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ وَابْنُ أَبِي ذِئْبٍ وَسُفْيَانُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ فَلَمَّا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُرَخِّصْ لَهُ فِي نَفْيِهِ لِبُعْدِ شَبَهِهِ مِنْهُ وَكَانَ الشَّبَهُ غَيْرَ دَلِيلٍ عَلَى شَيْءٍ ثَبَتَ أَنَّ جَعْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَدَ الْمُلَاعَنَةِ مِنْ زَوْجِهَا إِنْ جَاءَتْ بِهِ عَلَى شَبَهِهِ دَلِيلٌ عَلَى أَنَّ اللِّعَانَ لَمْ يَكُنْ نَفَاهُ مِنْهُ فَقَدْ ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا فَسَادُ مَا احْتَجَّ بِهِ الَّذِينَ يَرَوْنَ اللِّعَانَ بِالْحَمْلِ۔

وَفِي ذَلِكَ حُجَّةٌ أُخْرَى وَهِيَ أَنَّ فِي حَدِيثِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ انْظُرُوهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ كَذَا فَلَا أُرَاهُ إِلَّا وَقَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ كَذَا فَلَا أُرَاهُ إِلَّا وَقَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا فَكَانَ ذَلِكَ الْقَوْلُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الظَّنِّ لَا عَلَى الْيَقِينِ۔

وَذَلِكَ مِمَّا قَدْ دَلَّ أَيْضًا أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ مِنْهُ جَرَى فِي الْحَمْلِ حُكْمٌ أَصْلًا فَثَبَتَ فَسَادُ قَوْلِ مَنْ ذَهَبَ إِلَى اللِّعَانِ بِالْحَمْلِ وَإِنَّمَا احْتَجَجْنَا بِهِ لِمَنْ ذَهَبَ إِلَى خِلَافِهِ فِي أَوَّلِ هَذَا الْبَابِ مِمَّنْ أَبَى اللِّعَانَ بِالْحَمْلِ وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَمُحَمَّدٍ وَقَوْلُ أَبِي يُوسُفَ الْمَشْهُورُ۔

ہے اس نے عرض کیا سرخ رنگ ہے آپ نے فرمایا کیا ان میں کوئی سیاہی مائل بھی ہے؟ اس نے عرض کیا جی ہاں ان میں اس رنگ کے (اونٹ) بھی ہیں آپ نے فرمایا تمہارے خیال میں وہ رنگ کہاں سے آیا ہے؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! اسے کسی رگ نے کھینچا ہوگا آپ نے فرمایا شاید اسے بھی کسی رگ نے کھینچا ہو۔

حضرت سعید بن مسیب، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی مثل روایت کرتے ہیں تو جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو عدم مشابہت کی وجہ سے نسب کی نفی اجازت نہ دی اور مشابہت کسی بات کی دلیل نہیں بن سکتی تو ثابت ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا لعان کرنے والی عورت کے بچے کو باپ کی مشابہت کی وجہ سے اسی کا قرار دینا اس بات کی دلیل ہے کہ لعان نے اس سے اس کی نفی نہیں کی۔ تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ان لوگوں کے استدلال کا فساد ثابت ہو گیا جو حمل کی وجہ سے لعان کے قائل ہیں۔

اور اس میں ایک اور حجت بھی ہے وہ یہ کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس عورت کا خیال رکھو اگر وہ اس قسم کا بچہ جنے تو میرے خیال میں اس شخص نے اس پر بہتان بازی کی ہے اور اگر وہ اس طرح کا بچہ جنے تو میرے خیال میں اس نے اس (عورت) کے بارے میں سچ کہا ہے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول گمان کی بنیاد پر تھا یقین کی بنیاد پر نہیں۔

اور یہ بھی ان باتوں میں سے ہے جو حمل میں حکم کے قطعاً جاری نہ ہونے پر دلالت کرتی ہیں تو اس سے ان لوگوں کے قول کا فساد ثابت ہو گیا جو حمل کی وجہ سے لعان کا موقف اختیار کرتے ہیں اور ہماری یہ تمام تحقیق ان حضرات کے موافق ہے جو اس کی مخالفت کرتے ہوئے حمل کی وجہ سے لعان کا انکار کرتے ہیں اور باب کے شروع میں ان کا ذکر ہوا حضرت امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ کا یہی قول ہے اور حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا مشہور قول ہے۔

باب ۱۹۲ الرَّجُلُ يَنْفِي وَلَدَ امْرَأَتِهِ حِيْنَ يُوْلَدُ هَلْ يُلَاعِنُ بِهِ أَمْ لَا

بچے کی ولادت کے بعد خاوند اس کی نفی کرے تو لعان ہو گا یا نہیں

۴۰۶۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا حِبَّانُ ح وَحَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَا ثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ يَعْقُوْبَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ رَبِيْعٌ فِيْ حَدِيْثِهِ مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ رِبَاحٍ قَالَ أَتَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانٍ فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى أَنَّ الْوَلَدَ لِلْفِرَاشِ۔

حضرت رباح سے مروی ہے فرماتے ہیں میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو انہوں نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ بچہ صاحب فراش (خاوند یا لونڈی کے مالک) کے لیے ہے۔

۴۰۷۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ۔

حضرت عروہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بچہ خاوند کے لیے اور زانی کے لیے پتھر ہے۔

۴۰۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت محمد بن زیاد فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۴۰۹۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت ابو امامہ، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۴۱۰۔ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيْسَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ يَزِيْدَ عَنْ أَبِيْهِ سَمِعَ عُمَرَ يَقُوْلُ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْوَلَدِ لِلْفِرَاشِ۔

حضرت عبید اللہ بن ابو یزید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچے کا خاوند کے لیے فیصلہ فرمایا۔

تحقيق المسئلة

قال ابو جعفر فذهب قوم الى ان الرجل اذا نفى ولد امرأته لم تنتف به ولم يلاعن به واحتجوا في ذلك بما رويناه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في هذا الباب وقالوا فالفراش يوجب حق الولد في ثبات نسبه من الزوج والمرأة فليس لهما اخراجه منه للعان ولا غيره.

وخالفهم في ذلك آخرون فقالوا بل يلاعن به وينتفي نسبه ويلزم امه وذلك اذا كان لم يقر به ولم يكن منه ما حكمه حكم الاقرار ولم يتطاول ذلك.

واحتجوا في ذلك بما حدثنا يونس قال اخبرنا ابن وهب ان مالكا حدثه عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم فرق بين المتلاعنين والزم الولد امه.

قالوا فهذه سنة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم لم نعلم شيئا عارضها ولا نسخها فعلمنا بها ان قول رسول الله صلى الله عليه وسلم الولد للفراش لا ينفي ان تكون اللعان به واجبا اذا نفى اذ كان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد فعل ذلك واجمع اصحابه رضي الله عنهم من بعده على ما حكموا في ميراث ابن الملاعنة فجعلوه لا اب له وجعلوه من قوم امه واخرجوه من قوم المتلاعن به

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی سے بچے کی نفی کرے تو اس کی نفی نہیں ہوگی اور اس کی وجہ سے لعان بھی نہیں ہوگا انہوں نے اس سلسلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس روایت سے استدلال کیا ہے جسے ہم نے اس باب میں ذکر کیا وہ فرماتے ہیں بستر (یعنی نکاح) خاوند اور عورت سے نسبت کے ثبوت کو واجب کرتا ہے لہذا انہیں لعان وغیرہ کے ذریعے اس کی نفی کا حق نہیں ہے۔

لیکن اس سلسلے میں دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں بلکہ اس کی وجہ سے لعان ہوگا بچے کے نسب کی نفی ہو جائیگی اور اسے ماں کے حوالے کر دیا جائے گا اور یہ اس صورت میں ہے جب وہ (خاوند) اسکا اقرار نہ کرے اور نہ ہی اسکی طرف سے کوئی ایسی بات پائی جائے جس کا حکم، اقرار کے م

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت افع

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعان کرنے والوں کے درمیان تفریق کی اور بچے کو اس کی ماں کے حوالے کر دیا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت یہی ہے ہمارے علم کے مطابق نہ تو کوئی بات اس کے خلاف ہے اور نہ ہی کوئی ناسخ، تو اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی "بچہ صاحب فراش کا ہے" وجوب لعان کی نفی نہیں کرتا جب وہ (خاوند) اس کی نفی کرے کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا اور آپ کے بعد صحابہ کرام نے اس بات پر اجماع کیا کہ انہوں نے لعان کرنے والی عورت کے بچے کے لیے میراث کے سلسلے میں اسے باپ کے بغیر قرار دیا اسے ماں کی قوم کا فرد قرار دیا اور لعان کرنے والے کی قوم سے

ثُمَّ اتَّفَقَ عَلٰى ذٰلِكَ تَابِعُوْهُمْ مَنْ بَعْدَهُمْ ثُمَّ لَمْ يَزَلِ النَّاسُ عَلٰى ذٰلِكَ إِلٰى أَنْ شَذَّ هٰذَا الْمُخَالِفُ لَهُمْ فَالْقَوْلُ عِنْدَنَا فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى مَا فَعَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِنْ بَعْدِهِ وَتَابِعُوْهُمْ مِنْ بَعْدِهِمْ عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

خارج کردیا پھر ان کے بعد تابعین نے بھی اس بات پر اتفاق کیا۔ پھر لوگوں نے مسلسل اسی پر عمل کیا حتیٰ کہ اس مخالف نے ان سے علیحدگی اختیار کی ہمارے نزدیک اس سلسلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے بعد صحابہ کرام اور تابعین کے عمل کے مطابق قول کیا جائے گا جیسا کہ ہم نے ذکر کیا حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

كِتَابُ الْعِتَاقِ

غلام آزاد کرنا

بَابٌ ۱۹۳ اَلْعَبْدُ يَكُونُ بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَيُعْتِقُهُ اَحَدُهُمَا

۴۱۲- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ شِقْصًا لَهُ فِي مَمْلُوكٍ ضَمِنَ لِشُرَكَائِهِ حِصَصَهُمْ۔

۴۱۳- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ ثَنِي دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ شُرَكَائِهِ قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيمَتَهُ وَعُتِقَ۔

۴۱۴- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ اَعْتَقَ جُزْءًا لَهُ مِنْ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ حُمِلَ عَلَيْهِ مَا بَقِيَ فِي مَالِهِ حَتّٰى يُعْتَقَ كُلُّهُ جَمِيعًا۔

دو آدمیوں کے درمیان مشترک غلام کو ایک کا آزاد کرنا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مشترک غلام سے اپنا حصہ آزاد کیا وہ اپنے شرکاء کے لیے ان کے حصول کا ضامن ہو گا۔

حضرت عمرو بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے ایسا غلام آزاد کیا جو اس کے اور دوسرے شرکاء کے درمیان مشترک ہے تو اس کی قیمت لگائی جائے اور وہ غلام آزاد ہو جائے گا (یعنی آزاد کرنے والا دوسروں کے حصے کی قیمت ادا کرے گا)

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اپنے غلام یا لونڈی کا ایک حصہ آزاد کیا تو اس کی قیمت کا باقی حصہ اس پر ڈال دیا جائے گا یہاں تک کہ غلام مکمل طور پر آزاد ہو جائے گا۔

تَحقِيقُ المَسْئَلَةِ

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّ الْعَبْدَ إِذَا كَانَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَأَعْتَقَ أَحَدُهُمَا نَصِيْبَهُ ضَمِنَ قِيْمَةَ نَصِيْبِ شَرِيْكِهِ مُوْسِرًا كَانَ أَوْ مُعْسِرًا وَقَالُوْا قَدْ جُعِلَ الْعِتَاقُ مِنَ الشَّرِيْكِ جِنَايَةً عَلَى نَصِيْبِ شَرِيْكِهِ يَجِبُ عَلَيْهِ بِهَا ضَمَانُ قِيْمَتِهِ فِيْ مَالِهِ وَكَانَ مَنْ جَنَى عَلَى مَالٍ لِرَجُلٍ وَهُوَ مُوْسِرٌ أَوْ مُعْسِرٌ وَجَبَ عَلَيْهِ ضَمَانُ مَا أَتْلَفَ بِجِنَايَتِهِ وَلَمْ يَفْتَرِقْ حُكْمُهُ فِيْ ذٰلِكَ إِنْ كَانَ مُوْسِرًا أَوْ مُعْسِرًا فِيْ وُجُوْبِ الضَّمَانِ عَلَيْهِ قَالُوْا فَكَذٰلِكَ لَمَّا وَجَبَ عَلَى الشَّرِيْكِ ضَمَانُ قِيْمَةِ نَصِيْبِ شَرِيْكِهِ لِعِتَاقِهِ لَمَّا كَانَ مُوْسِرًا وَجَبَ عَلَيْهِ ضَمَانُ ذٰلِكَ أَيْضًا إِذَا كَانَ مُعْسِرًا۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يَجِبُ الضَّمَانُ عَلَيْهِ لِقِيْمَةِ نَصِيْبِ شَرِيْكِهِ لِعِتَاقِهِ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ مُوْسِرًا وَقَالُوْا حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا هٰذَا إِنَّمَا الضَّمَانُ الْمَذْكُوْرُ فِيْهِ عَلَى الْمُوْسِرِ خَاصَّةً دُوْنَ الْمُعْسِرِ قَدْ بُيِّنَ ذٰلِكَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ غَيْرِ هٰذِهِ الْآثَارِ۔

فَمِمَّا رُوِيَ عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا أَخْبَرَهُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِيْ عَبْدٍ فَكَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيْمَةَ الْعَبْدِ فَأُعْطِيَ شُرَكَاءَهُ حِصَصَهُمْ وَعَتَقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ عَلَيْهِ مَا عَتَقَ۔

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی طرف گئی ہے کہ جب کوئی غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ان میں سے ایک اپنا حصہ آزاد کر دے تو اپنے شریک کے حصے کے مطابق قیمت کا ضامن ہوگا مالدار ہو یا تنگ دست، وہ فرماتے ہیں کہ ایک شریک کی طرف سے غلام کو آزاد کرنا دوسرے شریک کے حصہ کی جنایت قرار دیا گیا ہے جس کے سبب اس کے مال میں شریک کے حصے کے مطابق قیمت کی ضمان ہوتی ہے اور جو شخص کسی کے مال کو نقصان پہنچاتا ہے وہ مالدار ہو یا تنگ دست اس پر اس چیز کی ضمان واجب ہوتی ہے جسے اس نے جنایت کے باعث ضائع کیا اور وجوب ضمان کے سلسلے میں یہ حضرات مالدار اور تنگ دست کے درمیان فرق نہیں کرتے۔ وہ فرماتے ہیں اسی طرح جب غلام آزاد کرنے کی وجہ سے ایک شریک پر دوسرے شریک کے حصے کی قیمت بطور ضمان اس کے مالدار ہونے کی صورت میں لازم ہوتی ہے تو تنگدستی کی حالت میں بھی واجب ہوتی ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ آزادی کی صورت میں شریک کے حصہ کی قیمت اسی صورت میں واجب ہوگی جب وہ کشادہ حال ہو وہ فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت میں جس ضمان کا ذکر ہے وہ صرف مالدار پر ہے، تنگ دست پر نہیں۔ اور یہ بات دیگر روایات میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی طرف سے بیان کی گئی ہے۔

اس سلسلے میں مروی روایات میں سے حضرت نافع کی روایت ہے وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے کسی غلام میں اپنا حصہ آزاد کیا اور اس کے پاس اتنی رقم ہو جو غلام کی قیمت کو پہنچتی ہو تو غلام کی قیمت کر کے اس کے شرکاء کو ان کا حصہ دیا جائے اور یہ غلام اس کی طرف سے آزاد ہو جائے گا۔ ورنہ اس کی طرف سے اتنا ہی آزاد ہوگا جتنا آزاد کیا گیا۔

۴۱۶ - حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ قَالَ ثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي مَمْلُوكٍ وَكَانَ الَّذِي يَعْتِقُ نَصِيبَهُ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَهُ فَهُوَ عَتِيقٌ كُلُّهُ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی مملوک (غلام) میں سے اپنا حصہ آزاد کیا اور اس آزاد کرنے والے کے پاس غلام کی قیمت کے برابر رقم ہو تو وہ پورا آزاد ہو جائے گا۔

۴۱۷ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي مَمْلُوكٍ فَعَلَيْهِ عِتْقُهُ كُلُّهُ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَهُ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ فَيُقَوَّمُ قِيمَةَ عَدْلٍ عَلَى الْمُعْتِقِ وَقَدْ عَتَقَ بِهِ مَا عَتَقَ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی غلام سے اپنا حصہ آزاد کیا تو اس پر پورا غلام آزاد کرنا لازم ہے بشرطیکہ اس کے پاس اتنا مال موجود اس کی قیمت کو پہنچتا ہو اور اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو آزاد کرنے والے کی طرف سے اس کی قیمت لگائی جائے اور اس کے ساتھ اتنا (حصہ) ہی آزاد ہو گا جو آزاد کیا گیا۔

۴۱۸ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ مَمْلُوكٍ فَقَدْ عَتَقَ كُلُّهُ فَإِنْ كَانَ لِلَّذِي أَعْتَقَهُ مِنَ الْمَالِ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَهُ فَعَلَيْهِ عِتْقُهُ كُلُّهُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کیا تو وہ کمل طور پر آزاد ہو جائے گا پھر اگر آزاد کرنے والے کے پاس اتنا مال ہو جو اس کی قیمت کو پہنچتا ہے تو اس پر پورے غلام کو آزاد کرنا لازم ہے۔

۴۱۹ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُفْتِي فِي الْعَبْدِ أَوِ الْأَمَةِ يَكُونُ أَحَدُهُمَا بَيْنَ شُرَكَاءَ فَيُعْتِقُ أَحَدُهُمْ نَصِيبَهُ مِنْهُ فَإِنَّهُ يَجِبُ عِتْقُهُ عَلَى الَّذِي أَعْتَقَهُ إِذَا كَانَ لَهُ مِنَ الْمَالِ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَهُ يُقَوَّمُ فِي مَالِهِ قِيمَةَ عَدْلٍ فَيُدْفَعُ إِلَى شُرَكَائِهِ أَنْصِبَاءَهُمْ وَيُخَلِّي سَبِيلَ الْعَبْدِ يُخْبِرُ بِذَلِكَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس غلام یا لونڈی کے بارے میں جو چند افراد کے درمیان مشترک ہو اور ان میں سے ایک اپنا حصہ آزاد کر دے فتویٰ دیتے تھے کہ آزاد کرنے والے پر پورا غلام آزاد کرنا لازم ہے بشرطیکہ اس کے پاس اتنا مال ہو جو اس کی قیمت کو پہنچتا ہو اس کے مال میں اس کی درمیانی قیمت لگائی جائے پھر وہ اپنے شریکوں کو ان کے حصے دے دے اور غلام کا راستہ کھلا چھوڑ دے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (نقل کرتے ہوئے) اس بات کی خبر دیتے تھے۔

۴۲۰- حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ الْعَبْدُ بَيْنَ اثْنَيْنِ فَأَعْتَقَ أَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ فَإِنْ كَانَ مُوسِرًا فَإِنَّهُ يُقَوَّمُ عَلَيْهِ بِأَعْلَى الْقِيمَةِ ثُمَّ يُعْتَقُ قَالَ سُفْيَانُ وَرُبَّمَا قَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قِيمَةَ عَدْلٍ لَا وَكْسَ فِيهَا وَلَا شَطَطَ.

فَثَبَتَ بِتَصْحِيحِ هٰذِهِ الْآثَارِ أَنَّ مَا رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِكَ إِنَّمَا هُوَ فِي الْمُوسِرِ خَاصَّةً. فَأَرَدْنَا أَنْ نَنْظُرَ فِي حُكْمِ عِتَاقِ الْمُعْسِرِ كَيْفَ هُوَ فَقَالَ قَائِلُونَ قَوْلُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِلَّا فَقَدْ عُتِقَ مِنْهُ مَا عُتِقَ دَلِيلٌ عَلَى أَنَّ مَا بَقِيَ مِنَ الْعَبْدِ لَمْ يَدْخُلْهُ عِتَاقٌ فَهُوَ رَقِيقٌ لِلَّذِي لَمْ يُعْتِقْ عَلَى حَالِهِ. وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا بَلْ يَسْعَى الْعَبْدُ فِي نِصْفِ قِيمَتِهِ لِلَّذِي لَمْ يُعْتِقْهُ.

۴۲۱- وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي ذٰلِكَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ رَوَى ذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَزَادَ عَلَيْهِ شَيْئًا بَيَّنَ بِهِ كَيْفَ حُكْمُ مَا بَقِيَ مِنَ الْعَبْدِ بَعْدَ نَصِيبِ الْمُعْتِقِ.

۴۲۲- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ نَصِيبًا أَوْ شِرْكًا

حضرت عمرو بن دینار حضرت سالم سے اور وہ اپنے والد رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ایک غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ان میں سے ایک اپنا حصہ آزاد کر دے تو اگر وہ مالدار ہو تو اس کی طرف سے اعلیٰ قیمت لگائی جائے پھر وہ آزاد ہو جائے گا حضرت سفیان فرماتے ہیں بعض اوقات حضرت عمرو بن دینار فرماتے درمیانے انداز کی قیمت ہو نہ کم ہو نہ زیادہ۔

ان روایات کی تصحیح سے ثابت ہوا کہ اس سلسلے میں جو کچھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے وہ صرف مالدار آدمی کے بارے میں ہے پس ہم نے ارادہ کیا کہ تنگ دست کے آزاد کرنے کا حکم معلوم کریں وہ کیا ہے تو بعض حضرات نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی "ورنہ اس کی طرف سے اتنا حصہ آزاد ہو جائے گا جو آزاد کیا گیا اس بات کی دلیل ہے کہ غلام سے جو کچھ باقی رہے گا اس کو آزادی شامل نہ ہوگی بلکہ وہ اس شخص کی طرف سے م

م غلام کی طرف سے آزاد کیا جائے گا جس نے آزاد نہیں کیا،

لیکن اس سلسلے میں دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ غلام اس شخص کیلئے جس نے آزاد نہیں کیا اپنی قیمت کے نصف میں محنت مشقت کرے

اس سلسلے میں انکی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ حدیث سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت کی ہے جس طرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی لیکن اس میں کچھ اضافہ کیا جس میں اس بات کو واضح کیا کہ آزاد کرنے والے کے حصے سے جو کچھ باقی رہ گیا ہے اس کا حکم کیا ہے۔

حضرت بشیر بن نہیک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے کسی مملوک میں اپنا حصہ آزاد کیا تو اس پر اپنے مال سے پورے غلام کو آزاد کرنا لازم ہے اور اگر اس کے پاس مال نہ ہو

لَهٗ فِیْ مَمْلُوْكٍ فَعَلَیْهِ خَلَاصُهٗ كُلُّهٗ فِیْ مَالِهٖ فَاِنْ لَمْ یَكُنْ لَهٗ مَالٌ اُسْتُسْعِیَ الْعَبْدُ غَیْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَیْهِ۔

تو غلام سے مشقت کرائی جائے لیکن اسے زیادہ تکلیف میں مبتلا نہ کیا جائے۔

۴۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ ابْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ ثَنَا اَبَانُ بْنُ یَزِیْدَ عَنْ قَتَادَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابان بن یزید، حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۲۴۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِیْ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِیْ جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ قَتَادَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت جریر بن حازم، حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۲۵۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عَدِیٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحِیْمِ بْنُ سُلَیْمَانَ الرَّازِیُّ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ قَتَادَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حجاج بن ارطاۃ، حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۲۶۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحٌ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت سعید بن عروبہ حضرت قتادہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا
حضرت سعید بن ابو عروبہ اور یحیٰی بن صبیح حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

فَكَانَ هٰذَا الْحَدِیْثُ فِیْهِ مَا فِیْ حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا وَفِیْهِ وُجُوْبُ السِّعَایَةِ عَلَی الْعَبْدِ اِذَا كَانَ مُعْتِقُهٗ مُعْسِرًا۔

تو اس حدیث میں وہی بات ہے جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے البتہ اس میں یہ بھی مذکور ہے کہ جب آزاد کرنے والا تنگ دست ہو تو غلام سے مشقت کرانا واجب ہے۔

۴۲۷۔ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِی الْمَلِیْحِ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ شِقْصًا لَهٗ فِیْ مَمْلُوْكٍ فَاَعْتَقَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلَّهٗ عَلَیْهِ وَقَالَ لَیْسَ لِلّٰهِ شَرِیْكٌ۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح بھی مروی ہے حضرت قتادہ حضرت ابوالملیح سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام غلام اس کی طرف سے آزاد قرار دیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں۔

۴۲۸۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِیُّ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابو عمر حوضی فرماتے ہیں ہم سے حضرت ہمام نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

فَدَلَّ قَوْلُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی

لَيْسَ لِلّٰهِ شَرِيكٌ عَلَى أَنَّ الْعَتَاقَ إِذَا وَجَبَ بِهِ بَعْضُ الْعَبْدِ لِلّٰهِ انْتَفَى أَنْ يَكُونَ لِغَيْرِهِ عَلَى بَقِيَّتِهِ مِلْكٌ۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّ إِعْتَاقَ الْمُوسِرِ وَالْمُعْسِرِ جَمِيعًا يُبَرِّئَانِ الْعَبْدَ مِنَ الرِّقِّ فَقَدْ وَافَقَ هٰذَا الْحَدِيثُ أَيْضًا حَدِيثَ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَزَادَ حَدِيثُ أَبِي هُرَيْرَةَ عَلَيْهِ وَعَلَى حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وُجُوبُ السِّعَايَةِ لِشَرِيكِ الَّذِي لَمْ يُعْتِقْ إِذَا كَانَ الْمُعْتِقُ مُعْسِرًا فَتَصْحِيحُ هٰذِهِ الْآثَارِ يُوجِبُ الْعَمَلَ بِذٰلِكَ وَيُوجِبُ الضَّمَانَ عَلَى الْمُعْتِقِ الْمُوسِرِ لِشَرِيكِهِ الَّذِي لَمْ يُعْتِقْ وَلَا يُوجِبُ الضَّمَانَ عَلَى الْمُعْتِقِ الْمُعْسِرِ وَلٰكِنَّ الْعَبْدَ يَسْعٰى فِي ذٰلِكَ لِلشَّرِيكِ الَّذِي لَمْ يُعْتِقْ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا وَبِهِ نَأْخُذُ۔

فَأَمَّا أَبُو حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَكَانَ يَقُولُ إِنْ كَانَ الْمُعْتِقُ مُوسِرًا فَالشَّرِيكُ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ أَعْتَقَ كَمَا أَعْتَقَ وَكَانَ الْوَلَاءُ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ وَإِنْ شَاءَ اسْتَسْعَى الْعَبْدَ فِي نِصْفِ الْقِيمَةِ فَإِذَا أَدَّاهَا عَتَقَ وَكَانَ الْوَلَاءُ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ وَإِنْ شَاءَ ضَمَّنَ الْمُعْتِقَ نِصْفَ الْقِيمَةِ فَإِذَا أَدَّاهَا عَتَقَ وَرَجَعَ بِهَا الْمُضَمِّنُ عَلَى الْعَبْدِ فَاسْتَسْعَاهُ فِيهَا وَكَانَ الْوَلَاءُ لِلْمُعْتِقِ وَإِنْ كَانَ الْمُعْتِقُ مُعْسِرًا فَالشَّرِيكُ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ أَعْتَقَ وَإِنْ شَاءَ اسْتَسْعَى الْعَبْدَ فِي نِصْفِ قِيمَتِهِ فَأَيُّهُمَا فَعَلَ فَالْوَلَاءُ بَيْنَهُمَا نِصْفَانِ۔

وَاحْتَجَّ فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا أَبُو

کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جب آزاد کرنے سے غلام کا کچھ حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہو گیا تو اس بات کی نفی ہو گئی کہ باقی حصہ کسی اور کی ملک میں ہو۔

پس اس سے ثابت ہوا کہ مالدار اور تنگ دست دونوں کا آزاد کرنا غلام کو غلامی سے دور کر دیتا ہے تو یہ حدیث بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے موافق ہو گئی البتہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں، اس حدیث اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے یہ بات زائد ہے کہ جس حصہ دار نے آزاد نہیں کیا اس کے لیے غلام سے محنت مزدوری کروانا ضروری ہے جب آزاد کرنے والا تنگ دست ہو، لہٰذا ان روایات کی تصحیح سے اس پر عمل واجب ہو گیا اور مالدار آزاد کرنے والے پر دوسرے حصے دار کے لیے جس نے آزاد نہیں کیا، ضمان واجب ہو گی لیکن تنگ دست پر ضمان نہیں ہو گی البتہ اس صورت میں غلام سے اس حصہ دار کے لیے محنت مشقت کرائی جائے گی یہ حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ کا قول ہے اور ہم (حضرت امام ابو جعفر طحاوی) بھی اسی کو اختیار کرتے ہیں۔

البتہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ اگر آزاد کرنے والا مالدار ہو تو دوسرے حصہ دار کو اختیار ہے چاہے تو اس کی طرح (اپنا حصہ) آزاد کر دے اور ولاء[1] ان دونوں کے درمیان نصف نصف ہو گی اور اگر چاہے تو نصف قیمت کے لیے غلام سے مشقت کروائے جب وہ (باقی رقم) ادا کر دے تو آزاد ہو جائے گا اور ولاء دونوں کے درمیان نصف نصف ہو گی اور اگر چاہے تو آزاد کرنے والے سے نصف قیمت بطور ضمان حاصل کرے جب وہ رقم ادا کر دے تو غلام آزاد ہو جائے گا اور ضمان دینے والا غلام پر رجوع کرے اور اس سے اس سلسلے میں محنت مشقت کروائے اب اس کی ولاء آزاد کرنے والے کیلئے ہو گی اور اگر آزاد کرنے والا تنگ دست ہو تو دوسرے حصہ دار کو اختیار ہے اگر چاہے تو آزاد کر دے اور اگر چاہے تو نصف قیمت میں اس سے محنت مشقت کروائے ان میں سے جو عمل بھی کرے ولاء دونوں کے درمیان برابر ہو گی۔

انہوں نے اس سلسلے میں ابو بشر الرقی کی روایت سے استدلال

[1] یعنی اس آزاد کردہ غلام کے مرنے کے بعد وہ دونوں اس کے برابر وارث ہوں گے۔

بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ كَانَ لَنَا غُلَامٌ قَدْ شَهِدَ الْقَادِسِيَّةَ فَابْلٰى فِيْهَا وَكَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اُمِّيْ وَبَيْنَ اَخِي الْاَسْوَدِ فَاَرَادُوْا عِتْقَهٗ وَكُنْتُ يَوْمَئِذٍ صَغِيْرًا فَذَكَرَ ذٰلِكَ الْاَسْوَدُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَقَالَ اَعْتِقُوْا اَنْتُمْ فَاِذَا بَلَغَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَاِنْ رَغِبَ فِيْمَا رَغِبْتُمْ اَعْتَقَ وَاِلَّا ضَمَّنَكُمْ۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بَعْدَ بُلُوْغِهٖ اَنْ يُّعْتِقَ نَصِيْبَهٗ مِنَ الْعَبْدِ الَّذِيْ قَدْ كَانَ دَخَلَهٗ عِتَاقُ اُمِّهٖ وَاَخِيْهِ قَبْلَ ذٰلِكَ فَاَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ قَالَ فَلَمَّا كَانَ لَهٗ اَنْ يُّعْتِقَ بِلَا بَدَلٍ كَانَ لَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ الْعَبْدَ بِاَدَاءِ قِيْمَةِ مَا بَقِيَ لَهٗ فِيْهِ حَتّٰى يَعْتِقَ بِاَدَاءِ ذٰلِكَ اِلَيْهِ وَلَمَّا كَانَ لِلَّذِيْ لَمْ يُعْتِقْ اَنْ يُّعْتِقَ نَصِيْبَهٗ مِنَ الْعَبْدِ فَضَمَّنَ الشَّرِيْكَ الْمُعْتِقَ رَجَعَ اِلٰى هٰذَا الْمُضَمَّنِ مِنْ هٰذَا الْعَبْدِ مِثْلُ مَا كَانَ الَّذِيْ ضَمَّنَهٗ فَوَجَبَ لَهٗ اَنْ يَّسْتَسْعِيَ الْعَبْدَ فِيْ قِيْمَةِ مَا كَانَ لِصَاحِبِهٖ فِيْهِ وَفِيْمَا كَانَ لِصَاحِبِهٖ اَنْ يَّسْتَسْعِيَهٗ فِيْهِ

فَهٰذَا مَذْهَبُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ الَّذِيْ ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ اَصَحُّ الْقَوْلَيْنِ عِنْدَنَا لِمُوَافَقَتِهٖ لِمَا قَدْ رَوَيْنَاهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

کیا ہے حضرت ابراہیم، حضرت عبدالرحمٰن بن یزید سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہمارا ایک غلام تھا جو قادسیہ کی جنگ میں شریک ہوا اور اس نے وہاں بہادری کے جوہر دکھائے وہ میرے، میری ماں اور میرے بھائی اسود کے درمیان مشترک تھا انہوں نے اسے آزاد کرنے کا ارادہ کیا میں ان دنوں چھوٹا تھا حضرت اسود نے یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا تم سب آزاد کر دو حضرت عبدالرحمٰن کو بالغ ہونے کے بعد تمہاری طرح اس میں رغبت ہوئی تو آزاد کر دیں گے ورنہ اپنے حصہ کی ضمان لے لیں گے۔

تو اس حدیث میں ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن کو بالغ ہونے کے بعد اس غلام کو آزاد کرنے کا حق تھا جسے اس کی ماں اور بھائی نے پہلے آزاد کر دیا تھا تو حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب ان کو کسی بدل کے بغیر آزاد کرنے کا حق تھا تو انہیں اس بات کا بھی حق تھا کہ وہ اپنے حصّہ کی قیمت ادا کر کے غلام [illegible] لے حتیٰ کہ وہ قیمت کی ادائیگی کے بعد آزاد ہو جائے [illegible] نے آزاد نہیں کیا تھا اسے حق ہے کہ اپنا حصہ آزاد کرے اور پھر آزاد کرنے والے حصہ دار سے ضمان لے اور یہ ضمان [illegible] والا اس مال کے لیے غلام کی طرف رجوع کرے گا جو اس [illegible] ادا کیا تو اس کے لیے ضروری ہے کہ غلام سے اس قیمت کے مطابق [illegible] مشقت کروائے جو اس کے مالک کے لیے اس پر واجب ہے [illegible] کو قیمت ادا کرنے کے لیے اس غلام سے سعی کروانا حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک ہے لیکن پہلا قول جو حضرت امام [illegible] اور امام محمد رحمہما اللہ کا مذہب ہے ہمارے (امام [illegible]) نزدیک دونوں قولوں میں سے زیادہ صحیح ہے [illegible] وہ ان روایات کے موافق ہے جو ہم نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں۔

بَابُ ۱۴ الرَّجُلِ يَمْلِكُ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ مِّنْهُ هَلْ يُعْتَقُ عَلَيْهِ أَمْ لَا

۴۳۰ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْزِي وَلَدٌ وَالِدَهُ إِلَّا أَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ۔

۴۳۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ يُونُسَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عِيسَى عَنْ سُفْيَانَ هُوَ الثَّوْرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ ثَنَا أَبُو حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُهَيْلٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

۴۳۲ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ سُهَيْلٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّ مَنْ مَلَكَ أَبَاهُ لَمْ يُعْتَقْ عَلَيْهِ حَتَّى يُعْتِقَهُ۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذَٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا يُعْتَقُ عَلَيْهِ بِمِلْكِهِ إِيَّاهُ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي ذَٰلِكَ أَنَّ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا يَحْتَمِلُ مَا قَالُوا وَيَحْتَمِلُ فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ بِشِرَائِهِ هٰذَا فِي الْكَلَامِ صَحِيحٌ وَهُوَ أَوْلَى مَا حُمِلَ عَلَيْهِ هٰذَا الْحَدِيثُ حَتَّى يَتَّفِقَ هُوَ وَغَيْرُهُ مِمَّا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْمَعْنَى۔

کوئی شخص اپنے قریبی رشتہ دار کا مالک ہو جائے تو وہ (مملوک) آزاد ہو جائے گا یا نہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی بیٹا اپنے والد (کے احسانات) کا بدلہ نہیں دے سکتا مگر یہ کہ اسے غلام پائے تو خرید کر آزاد کر دے۔

حضرت سفیان، حضرت سہیل سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت زہیر بن معاویہ، حضرت سہیل سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جو شخص اپنے باپ کا مالک ہو جائے تو وہ (خود بخود) آزاد نہیں ہوتا لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جونہی وہ اس کا مالک بنے گا، وہ آزاد ہو جائے گا۔

اس سلسلے میں ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں اس بات کا بھی احتمال ہے جو ان حضرات نے فرمائی ہے اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ وہ اسے خریدے اور خریدتے ہی وہ آزاد ہو جائے گا کلام میں یہ (مفہوم) صحیح ہے اور اس حدیث سے یہ بات مراد لینا زیادہ بہتر ہے تاکہ یہ حدیث اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی دیگر احادیث اس معنی میں متفق ہو جائیں۔

۴۳۳- فَإِنَّهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاِصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَيْرِ بْنُ النَّحَّاسِ قَالَ ثَنَا ضَمْرَةُ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

حضرت عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی قریبی رشتہ دار کا مالک ہو جائے تو وہ (مملوک) آزاد ہے۔

۴۳۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاِصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَعَبْدُ الْوَاحِدِ ابْنُ غِيَاثٍ قَالَا ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

حضرت حسن، حضرت سمرہ (رضی اللہ عنہا) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی قریبی رشتہ دار کا مالک ہو جائے تو وہ آزاد ہو جاتا ہے۔

۴۳۵- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ ح وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ۔

حضرت اسد، حضرت حماد بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۳۶- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُخَلَّدٍ الْاِصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

حضرت حسن، حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی قریبی رشتہ دار کا مالک ہو جائے تو وہ (مملوک) آزاد ہو جاتا ہے۔

فَتَصْحِيْحُ حَدِيْثَيْ سَمُرَةَ هٰذَيْنِ يُوْجِبُ اَنَّ ذَا الرَّحِمِ الْمَذْكُوْرَ فِيْهِمَا هُوَ ذُو الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ وَاَنَّ ذَا الرَّحِمِ الْمَذْكُوْرَ فِيْهِمَا هُوَ ذُو الْمَحْرَمِ مِنَ الرَّحِمِ فَيَكُوْنُ مَعْنَاهُمَا لَمَّا جُمِعَ مَا فِيْهِمَا هُوَ مِثْلُ مَا فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَنْ مَلَكَ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کی ان دو روایتوں کی تصحیح سے لازم آتا ہے کہ ان روایات میں مذکور ذو رحم سے ذو رحم محرم مراد ہے[1] تو جب دونوں روایتوں کے مندرجات کو جمع کیا جائے تو یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت کی مثل ہو گا کہ جو شخص ذو رحم محرم کا مالک بن جائے تو وہ (مملوک)

[1] ذو رحم محرم سے مراد یہ ہے کہ وہ اس کا قریبی رشتہ دار بھی ہو اور اس سے نکاح بھی جائز نہ ہو ۱۲ ہزاروی۔

ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

۴۳۷۔ وَقَدْ بَلَغَنِي اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيَّ كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مِنْ ذِي مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

(فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ)

وَقَدْ رُوِيَ عَمَّنْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَصْحَابِهٖ وَتَابِعِيْهِمْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مَا يُوَافِقُ هٰذَا اَيْضًا،

۴۳۸۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

۴۳۹۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا سُنَيْنٌ اَنَّ الثَّوْرِيَّ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ اَنَّ رَجُلًا زَوَّجَ ابْنَ اَخِيْهِ مَمْلُوْكَتَهٗ فَوَلَدَتْ اَوْلَادًا فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَرِقَّ اَوْلَادَهَا فَاَتَى ابْنُ اَخِيْهِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ اِنَّ عَمِّيْ زَوَّجَنِيْ وَلِيْدَتَهٗ وَاِنَّهَا وَلَدَتْ لِيْ اَوْلَادًا فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَرِقَّ وَلَدِيْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ كَذَبَ لَيْسَ لَهٗ ذٰلِكَ۔

۴۴۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ ثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ قَالَ اِذَا مَلَكَ الرَّجُلُ عَمَّتَهٗ اَوْ خَالَتَهٗ اَوْ اَخَاهُ اَوْ اُخْتَهٗ فَقَدْ عَتَقُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْتِقْهُمْ۔

آزاد ہو جائے گا۔

اور مجھے (امام طحاوی کو) یہ بات پہنچی ہے کہ محمد بن بکر برسانی حضرت حماد بن سلمہ سے وہ حضرت عاصم احول سے وہ حضرت حسن سے اور وہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی (ذو رحم محرم قریبی رشتہ دار) کا مالک بن جاتا تو وہ (مملوک) آزاد ہو جاتا ہے۔ تو یہ اس بات پر دلالت ہے جو ہم نے ذکر کی ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام اور تابعین عظام سے بھی اس کے موافق روایات مروی ہیں۔

حضرت اسود، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جو شخص کسی قریبی رشتہ دار کا مالک بن جائے تو وہ (مملوک) آزاد ہے۔

حضرت سلمہ بن کہیل، حضرت مستورد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی لونڈی کا نکاح اپنے بھتیجے سے کیا اس کے ہاں کچھ بچے پیدا ہوئے اس نے اس کے بچوں کو بھی اپنا غلام بنانا چاہا تو اس کا بھتیجا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہا کہ میرے چچا نے میرا نکاح اپنی لونڈی سے کیا تھا اب میرے ہاں کچھ بچے پیدا ہوئے ہیں اور وہ (چچا) میرے بچوں کو بھی غلام بنانا چاہتا ہے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا اس نے جھوٹ کہا ہے اسے اس بات کا حق نہیں ہے۔

حضرت عطاء بن ابو رباح سے مروی فرماتے ہیں جب کوئی شخص اپنی پھوپھی، خالہ، بھائی یا بہن کا مالک ہو جائے تو وہ خود بخود آزاد ہو جاتے ہیں اگرچہ وہ ان کو آزاد نہ کرے۔

۴۲۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ اَظُنُّهُ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ وَالشَّعْبِيِّ مِثْلَهُ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لَا يَعْتِقُ اِلَّا الْوَالِدُ وَالْوَلَدُ۔

حضرت حجاج، حضرت عطاء اور شعبی سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں حضرت ابراہیم فرماتے ہیں (اس صورت میں) صرف باپ اور بیٹا آزاد ہوں گے۔

فَلَمَّا رَوَيْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ذَكَرْنَا وَوَافَقَ ذٰلِكَ مَا رَوَيْنَا عَمَّنْ ذَكَرْنَا مِنْ اَصْحَابِهٖ وَتَابِعِيْهِمْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَلَمْ نَعْلَمْ فِيْ ذٰلِكَ خِلَافًا عَنْ مِثْلِهِمْ وَجَبَ الْقَوْلُ بِمَا رُوِيَ عَنْهُمْ مِنْ ذٰلِكَ وَتُرِكَ خِلَافُهُمْ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

توجب ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذکورہ بالا احادیث روایت کی ہیں اور جو کچھ ہم نے صحابہ کرام اور تابعین سے روایت کیا وہ بھی ان کی موافق ہے اور ان جیسے لوگو کی طرف سے اختلاف بھی ہمارے علم میں نہیں تو ان کی روایات کے مطابق کرنا اور اس کے خلاف کو چھوڑنا ضروری ہے یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۱۹۵ الْمُكَاتَبِ مَتٰى يَعْتِقُ

مکاتب کب آزاد ہوتا ہے

۴۲۲ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يُؤَدِّى الْمُكَاتَبُ بِحِصَّةِ مَا اَدّٰى دِيَةَ حُرٍّ وَمَا بَقِيَ دِيَةَ عَبْدٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا (مقتول) مکاتب (کے وارثوں) کو اتنا حصہ آزاد کی دیت کے مطابق دیا جائے جتنا اس نے (مال کتابت) ادا کیا ہے اور باقی مال غلام کی دیت کے مطابق دیا جاتے۔

۴۲۳ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عَبَّاسٍ۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ذکر نہیں کیا۔

---

۴۲۴ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرِ بْنِ حَسَّانَ النَّيْسَابُوْرِيُّ قَالَ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مُكَاتَبٍ قُتِلَ بِدِيَةِ الْحُرِّ بِقَدْرِ مَا عَتَقَ مِنْهُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَيُقَامُ عَلَى الْمُكَاتَبِ حَدُّ الْمَمْلُوْكِ۔

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول مکاتب کے سلسلے میں اتنے حصے میں آزاد کی دیت کا فیصلہ کیا جتنا وہ آزاد ہو گیا تھا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں مکاتب پر مملوک والی حد قائم کی جائے۔

۴۴۵- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ ثَنِي الْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَدِّي الْمُكَاتَبُ بِقَدْرِ مَا اَدّٰى دِيَةَ الْحُرِّ وَبِقَدْرِ مَا رَقَّ مِنْهُ دِيَةَ الْعَبْدِ۔

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکاتب (کے ورثاء) کو دیت سے اتنا حصہ جتنا بدل کتابت وہ ادا کر چکا ہے، آزاد کی دیت کے مطابق دیا جائے اور جس قدر وہ غلام ہے، غلام کی دیت کے مطابق ادا کیا جائے۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْمُكَاتَبَ يُعْتَقُ مِنْهُ بِقَدْرِ مَا اَدّٰى وَيَكُوْنُ حُكْمُهُ فِيْهِ حُكْمَ الْحُرِّ وَيَكُوْنُ حُكْمُهُ فِيْمَا لَمْ يُؤَدِّ حُكْمَ الْعَبْدِ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يُعْتَقُ الْمُكَاتَبُ اِلَّا بِاَدَاءِ جَمِيْعِ الْكِتَابَةِ۔

۴۴۶- وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاؤُدَ حَدَّثَنَا الْخَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنْ كِتَابَتِهٖ دِرْهَمٌ۔

فَكَانَتْ هٰذِهِ الْاٰثَارُ قَدِ اخْتُلِفَ فِيْهَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرْنَا فِيْمَا رُوِيَ عَنْ اَصْحَابِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِنْ ذٰلِكَ۔

۴۴۷- فَاِذَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مَعْبَدٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِيَ عَلَيْهِ دِرْهَمٌ۔

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ مکاتب نے جس قدر بدل کتابت ادا کیا اتنا حصہ آزاد ہو جائے گا اور اس حصے میں اس کا حکم آزاد کی طرح ہوگا اور جس قدر بدل کتابت ادا نہیں کیا اس میں اس کا حکم غلام جیسا ہوگا۔ اس سلسلے میں انہوں نے اس (مندرجہ بالا) لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ مکاتب، تمام بدل کتابت ادا کرنے سے آزاد ہوتا ہے۔

(حاشیہ: ۱- مذہب ... ۲- ...)

انہوں نے اس سلسلے میں اس روایت سے استدلال کیا ہے حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکاتب پر جب تک بدلِ کتابت کا ایک درہم بھی باقی ہے وہ غلام ہی ہے۔

تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ان روایات میں اختلاف ہے۔ لہٰذا ہم نے اس سلسلے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی روایات کو دیکھا۔

حضرت معبد جہنی، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا مکاتب غلام ہے جب تک اس پر ایک درہم بھی باقی ہے۔

٤٤٨ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ إِذَا أَدَّى الْمُكَاتَبُ النِّصْفَ فَهُوَ غَرِيْمٌ.

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جب مکاتب نصف (بدل کتابت) ادا کر دے تو وہ قرضدار ہے۔

٤٤٩ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تُكَاتِبُوْنَ مُكَاتَبِيْنَ فَأَيُّهُمْ أَدَّى النِّصْفَ فَلَا رَدَّ عَلَيْهِ فِي الرِّقِّ فَهٰذَا خِلَافُ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلَهُ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا اے لوگو! تم غلاموں سے مکاتبت (کا معاملہ) کرتے ہو تو ان میں سے جو نصف (بدل کتابت) ادا کر دے تو وہ غلامی کی طرف نہیں لوٹے گا۔

یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی پہلی روایت کے خلاف ہے۔

٤٥٠ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ سَالِمٍ سَبَلَانَ أَنَّهُ قَالَ لِعَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَرَاكِ أَنْ لَا تَسْتَحْيِيَ مِنِّيْ فَقَالَتْ مَا لَكَ فَقَالَ كَاتَبْتُ قَالَتْ إِنَّكَ عَبْدٌ مَا بَقِيَ عَلَيْكَ شَيْءٌ.

حضرت سالم سبلان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے حضور علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا کیا وجہ ہے کہ میں دیکھتا ہوں کہ آپ مجھ سے پردہ نہیں کرتیں انہوں نے فرمایا تمہیں کیا ہوا؟ انہوں نے عرض کیا میں نے مکاتبت کی ہے ام المومنین نے فرمایا جب تک تم پر کچھ بھی باقی ہے تم غلام ہو۔

٤٥١ - حَدَّثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَشُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ اسْتَأْذَنْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقَالَتْ كَمْ بَقِيَ عَلَيْكَ مِنْ كِتَابَتِكَ قُلْتُ عَشْرُ أَوَاقٍ فَقَالَتْ أُدْخُلْ فَإِنَّكَ عَبْدٌ مَا بَقِيَ عَلَيْكَ.

حضرت میمون بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اجازت طلب کی تو انہوں نے فرمایا تم پر بدل کتابت سے کتنا باقی ہے؟ میں نے عرض کیا دس اوقیہ[1] انہوں نے فرمایا داخل ہو سکتے ہو کیونکہ جب تک تم پر ایک درہم بھی باقی ہے، تم غلام ہو۔

٤٥٢ - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ قَالَ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

حضرت یزید بن ہارون فرماتے ہیں عمرو بن میمون نے خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

٤٥٣ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ إِذَا أَدَّى الْمُكَاتَبُ

حضرت ابراہیم سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب مکاتب (بدل کتابت کا) تہائی، چوتھائی یا

[1] رطل کا بارہواں حصہ اوقیہ کہلاتا ہے تقریباً ڈھائی تولے کے برابر ہوتا ہے (مترجم)

ثُلُثًا اَوْ رُبُعًا فَهُوَ غَرِيْمٌ۔

۴۵۴۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِذَا اَدَّى الْمُكَاتَبُ قِيْمَةَ رَقَبَتِهٖ فَهُوَ غَرِيْمٌ۔

۴۵۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ وَشُرَيْحٌ يَقُوْلَانِ فِی الْمُكَاتَبِ اِذَا اَدَّى الثُّلُثَ فَهُوَ غَرِيْمٌ۔

۴۵۶۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ اَبِیْ مَعْشَرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِیَ عَلَيْهِ مِنْ كِتَابَتِهٖ شَیْءٌ۔

۴۵۷۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَمَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِیَ عَلَيْهِ مِنْ كِتَابَتِهٖ شَیْءٌ۔

۴۵۸۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ كَانَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَقُوْلُ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِیَ عَلَيْهِ شَیْءٌ مِّنْ كِتَابَتِهٖ وَكَانَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَقُوْلُ شُرُوْطُهُمْ جَائِزَةٌ جَائِزَةٌ فِيْمَا بَيْنَهُمْ۔

فَلَمَّا كَانُوْا قَدِ اخْتَلَفُوْا فِیْ ذٰلِكَ كَمَا ذَكَرْنَا وَكُلٌّ قَدْ اَجْمَعَ اَنَّ الْمُكَاتَبَ لَا يُعْتَقُ يُعْتَقُ بِعَقْدِ الْمُكَاتَبَةِ وَاِنَّمَا يُعْتَقُ لِحَالٍ ثَانِيَةٍ فَقَالَ بَعْضُهُمْ تِلْكَ الْحَالُ هِیَ اَدَاءُ جَمِيْعِ الْمُكَاتَبَةِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ هِیَ اَدَاءُ بَعْضٍ

کرے تو وہ قرض دار ہوتا ہے۔

حضرت ابراہیم سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب مکاتب اپنی گردن کی قیمت ادا کر دے تو وہ قرض دار ہے۔

حضرت جابر، حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت عبداللہ اور حضرت شریح (رضی اللہ عنہم) مکاتب کے بارے میں فرماتے تھے کہ جب وہ تہائی حصہ ادا کر دے تو وہ قرض دار ہے۔

حضرت سعید بن ابوسعید مقبری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا مکاتب اس وقت تک غلام ہے جب تک اس کے ذمہ بدل کتابت میں سے کچھ بھی باقی ہے۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا مکاتب پر جب تک بدل کتابت میں سے کچھ بھی باقی ہے وہ غلام ہے۔

حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے تھے مکاتب اس وقت تک غلام ہے جب تک بدل کتابت میں سے کچھ بھی اس کے ذمہ باقی ہے۔

تو جب اس سلسلے میں ان (صحابہ کرام) کا اختلاف ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا اور سب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مکاتب محض عقد کتابت سے آزاد نہیں ہوتا وہ دوسری حالت میں آزاد ہوتا ہے تو بعض حضرات فرماتے ہیں یہ تمام بدل کتابت ادا کرنے والی حالت ہے اور بعض حضرات فرماتے ہیں یہ حالت بعض بدل کتابت ادا کرنے کی

الْمُكَاتَبَةِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يُعْتَقُ مِنْهُ بِقَدْرِ مَا اَدّٰى مِنْ مَالِ الْمُكَاتَبَةِ فَثَبَتَ اَنَّ حُكْمَ ذٰلِكَ قَدْ خَرَجَ مِنْ حُكْمِ الْمُعْتَقِ عَلٰى مَالٍ لِاَنَّ الْمُعْتَقَ عَلٰى مَالٍ يُعْتَقُ بِالْقَوْلِ قَبْلَ اَنْ يُّؤَدِّيَ شَيْئًا وَالْمُكَاتَبُ لَيْسَ كَذٰلِكَ لِاِجْمَاعِهِمْ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا۔

فَلَمَّا ثَبَتَ اَنَّ الْمُكَاتَبَ لَا يَسْتَحِقُّ الْعَتَاقَ بِعَقْدِ الْمُكَاتَبَةِ فَاِنَّمَا يَسْتَحِقُّهٗ بِحَالٍ ثَانِيَةٍ نَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ وَفِيْ سَائِرِ الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ لَا تَجِبُ بِالْعُقُوْدِ وَاِنَّمَا تَجِبُ بِحَالٍ اُخْرٰى بَعْدَهَا كَيْفَ حُكْمُهَا فَرَاَيْنَا الرَّجُلَ يَبِيْعُ الرَّجُلَ الْعَبْدَ بِاَلْفِ دِرْهَمٍ فَلَا تَجِبُ لِلْمُشْتَرِيْ قَبْضُ الْعَبْدِ بِنَفْسِ الْعَقْدِ حَتّٰى يُؤَدِّيَ جَمِيْعَ الثَّمَنِ وَلَا يَكُوْنُ لَهٗ قَبْضُ بَعْضِ الْعَبْدِ بِاَدَائِهٖ بَعْضَ الثَّمَنِ وَكَذٰلِكَ الْاَشْيَاءُ الَّتِيْ هِيَ مَحْبُوْسَةٌ بِغَيْرِهَا مِثْلَ الرَّهْنِ الْمَحْبُوْسِ بِالدَّيْنِ فَكُلٌّ قَدْ اَجْمَعَ اَنَّ الرَّاهِنَ لَوْ قَضَى الْمُرْتَهِنَ بَعْضَ الدَّيْنِ فَاَرَادَ اَنْ يَّاْخُذَ الرَّهْنَ اَوْ بَعْضَهٗ بِقَدْرِ مَا اَدّٰى مِنَ الدَّيْنِ لَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ اِلَّا بِاَدَائِهٖ جَمِيْعَ الدَّيْنِ فَكَانَ هٰذَا حُكْمُ الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ تُمْلَكُ بِاَشْيَاءَ اِذَا وَجَبَ اِحْتِبَاسُهَا فَاِنَّمَا تُحْبَسُ حَتّٰى يُؤْخَذَ جَمِيْعُ مَا جُعِلَ بَدَلًا مِّنْهَا فَلَمَّا خَرَجَ الْمُكَاتَبُ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ فِيْ حُكْمِ الْمُعْتَقِ عَلَى الْمَالِ الَّذِيْ يُعْتَقُ بِالْعَقْدِ لَا بِحَالٍ ثَانِيَةٍ وَثَبَتَ اَنَّهٗ فِيْ حُكْمِ مَنْ يُّحْبَسُ لِاَدَاءِ شَيْءٍ ثَبَتَ اَنَّ حُكْمَهٗ فِي الْمُكَاتَبَةِ وَفِي احْتِبَاسِ الْمَوْلٰى اِيَّاهُ كَحُكْمِ الْمَبِيْعِ فِي احْتِبَاسِ الْبَائِعِ اِيَّاهُ فَكَمَا كَانَ الْمُشْتَرِيْ غَيْرَ قَادِرٍ عَلٰى اَخْذِهٖ اِلَّا بَعْدَ اَدَاءِ جَمِيْعِ الثَّمَنِ كَانَ كَذٰلِكَ الْمُكَاتَبُ اَيْضًا غَيْرَ

حالت ہے اور کچھ حضرات فرماتے ہیں کہ جس قدر مالِ کتابت ادا کیا اس کے مطابق آزاد ہو جائے گا تو ثابت ہوا کہ اس کا حکم وہ نہیں جو مال کے بدلے میں آزاد ہونے والے کا ہے کیونکہ جس کو مال کے بدلے آزاد کیا جائے وہ کچھ ادا کرنے سے پہلے محض کلام سے آزاد ہو جائے گا جب کہ مکاتب کا بالاجماع یہ حکم نہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

تو جب ثابت ہوا کہ مکاتب صرف عقدِ کتابت سے آزادی کا مستحق نہیں ہوتا بلکہ وہ دوسری حالت میں اس کا مستحق ہوتا ہے۔ (ہم) نے اس سلسلے میں غور کیا اور ان تمام امور کو جو محض عقد سے لازم نہیں ہوتے بلکہ اس کے بعد دوسری حالت میں لازم ہوتے ہیں کو بھی دیکھا کہ ان کا حکم کیا ہے تو ہم نے دیکھا کہ ایک شخص اپنا غلام دوسرے شخص پر ایک ہزار درہم کے بدلے میں بیچتا ہے تو محض عقد سے مشتری پر قبضہ لازم نہیں ہوتا تاجب تک تمام قیمت ادا نہ کرے اور کچھ قیمت ادا کرنے سے غلام کے بعض حصہ پر قبضہ نہیں کر سکتا اور وہ چیزیں جو کسی وجہ سے قبضہ میں ہوں ان کا بھی یہی حکم ہے جیسے رہن قرض کی وجہ سے قبضہ میں ہے تو سب کا اتفاق ہے کہ اگر رہن رکھنے والا، مرتہن کے قرض کا کچھ حصہ ادا کر دے اور رہن رکھی ہوئی چیز واپس لینا چاہے یا جس قدر قرض ادا کیا اس کی مقدار واپس لینا چاہے تو ایسا نہیں کر سکتا جب تک تمام قرض ادا کر دے تو یہ ان اشیاء کا حکم ہے جن کی ملکیت دوسری اشیاء کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے جب ان کو روکنا ضروری ہو تو جب تک ان کا بدل مکمل طور پر نہ لیا جائے یہ روکی جائیں گی پس جب مکاتب اس غلام کے حکم سے نکل گیا جس کو مال کے بدلے میں آزاد کیا جاتا ہے کہ وہ محض عقد سے آزاد ہو جاتا ہے دوسری حالت میں نہیں اور ثابت ہوا کہ وہ ان چیزوں کے حکم میں ہے جن کو کسی چیز کی ادائیگی کے بدلے میں روکا جاتا ہے تو ثابت ہوا کہ مکاتبت میں اور مالک کے اسے روکنے کے سلسلے میں اس کا حکم اس بیع کی طرح ہے جسے بائع اپنے پاس روکتا ہے تو جس طرح خریدنے والا تمام قیمت ادا کرنے کے بعد ہی اس کو لینے پر قادر ہوتا ہے اسی طرح مکاتب بھی مالک کی ملک سے اپنی گردن

قَادِرٍ عَلٰى اَخْذِ شَيْءٍ مِنْ رَقَبَتِهٖ مِنْ مِلْكِ الْمَوْلٰى اِلَّا بِاَدَاءِ جَمِيْعِ الْمُكَاتَبَةِ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا قَوْلُ الَّذِيْنَ قَالُوْا لَا يَعْتِقُ مِنَ الْمُكَاتَبِ شَيْءٌ اِلَّا بِاَدَاءِ جَمِيْعِ الْمُكَاتَبَةِ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

بَابُ ۱۹۶ الْاَمَةِ يَطَاُهَا مَوْلَاهَا ثُمَّ يَمُوْتُ وَقَدْ كَانَتْ جَاءَتْ بِوَلَدٍ فِيْ حَيَاتِهٖ هَلْ يَكُوْنُ ابْنَهٗ وَتَكُوْنُ بِهٖ اُمَّ وَلَدٍ اَمْ لَا

۴۵۹ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ عُتْبَةُ ابْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ اِلٰى اَخِيْهِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ مِنِّيْ فَاقْبِضْهُ اِلَيْكَ فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ اَخَذَهٗ سَعْدٌ وَقَالَ ابْنُ اَخِيْ قَدْ كَانَ عَهِدَ اِلَيَّ فِيْهِ فَقَامَ اِلَيْهِ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ اَخِيْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ اَبِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهٖ فَتَسَاوَقَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنُ اَخِيْ قَدْ كَانَ عَهِدَ اِلَيَّ فِيْهِ وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ اَخِيْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ اَبِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ

(غلامی) کا کچھ حصہ حاصل کرنے پر اس وقت تک قادر نہیں ہوتا جب تک تمام بدل کتابت ادا نہ کر دے تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ان لوگوں کا قول ثابت ہو گیا جن کے نزدیک مکاتب کا کچھ حصہ بھی پورا بدل کتابت ادا کرنے کے بغیر آزاد نہیں ہوتا۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

مولیٰ نے اپنی لونڈی سے جماع کیا اور اس کی زندگی میں اولاد پیدا ہو گئی تو کیا وہ اس کی اولاد اور لونڈی ام ولد کہلائے گی

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں حضرت عتبہ بن ابی وقاص نے اپنے بھائی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے وعدہ لیا کہ زمعہ کی لونڈی کا بیٹا مجھ سے ہے لہٰذا اس پر قبضہ کر لینا جب فتح مکہ کا سال ہوا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اسے لیا اور فرمایا کہ میرا بھتیجا ہے میرے بھائی نے اس کے بارے میں مجھ سے وعدہ لیا تھا اس پر عبد بن زمعہ نے کھڑے ہو کر کہا کہ یہ میرا بھائی اور میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے ان کے بستر پر پیدا ہوا وہ دونوں اپنا جھگڑا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئے۔ حضرت سعد نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے بھائی کا بیٹا ہے اس نے اس کے بارے میں مجھ سے وعدہ لیا تھا عبد بن زمعہ نے کہا یہ میرا بھائی اور میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے میرے باپ کے فراش (بستر) پر پیدا ہوا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبد بن زمعہ! یہ تمہارے لیے ہے پھر آپ نے فرمایا بچہ صاحب فراش (جس کا نکاح ہو یا لونڈی کا مالک ہو) کا ہوتا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہے اس کے بعد آپ نے اس میں حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا اس سے پردہ کرو کیونکہ آپ نے اس میں حضرت عتبہ کے ساتھ مشابہت دیکھی تھی

اِحْتَجِبِیْ مِنْهُ لَمَّا رَاٰی بِهٖ مِنْ شِبْهِهٖ بِعُتْبَةَ قَالَتْ فَمَا رَاٰهَا حَتّٰی لَقِیَ اللّٰهَ تَعَالٰی۔

حضرت سودہ فرماتی ہیں کہ اس نے مرتے دم تک انہیں (حضرت سودہ کو) نہیں دیکھا۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ الْاَمَةَ اِذَا وَطِئَهَا مَوْلَاهَا فَقَدْ لَزِمَهٗ كُلُّ وَلَدٍ يَجِيْءُ بِهٖ بَعْدَ ذٰلِكَ اِدَّعَاهُ اَوْ لَمْ يَدَّعِهٖ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ ثُمَّ قَالَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ فَاَلْحَقَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَمْعَةَ لَا لِدَعْوَةِ ابْنِهٖ لِاَنَّ دَعْوَةَ الْاِبْنِ لِلنَّسَبِ لِغَيْرِهٖ مِنْ اَبِيْهِ غَيْرُ مَقْبُوْلَةٍ وَلٰكِنْ لِاَنَّ اُمَّهٗ كَانَتْ فِرَاشًا لِزَمْعَةَ بِوَطْئِهٖ اِيَّاهَا۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ جب کوئی مالک اپنی لونڈی سے وطی کرے تو اس کے بعد اس کی تمام اولاد اسی سے شمار ہوگی وہ اس کا دعویٰ کرے یا نہ انہوں نے اس سلسلے میں اس حدیث سے استدلال کیا ہے کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبد بن زمعہ! وہ تمہارے لیے ہے پھر فرمایا کہ بچہ فراش والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے زمعہ سے ملایا لیکن اس کے بیٹے کے دعویٰ کی وجہ سے نہیں کیونکہ باپ کے غیر سے نسب کے لیے بیٹے کا دعویٰ غیر مقبول ہے اس الحاق کی وجہ یہ تھی کہ اس کی ماں زمعہ کی فراش تھی اور اس نے اس سے وطی کی تھی۔

۴۶۰ - وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ اَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ مَا بَالُ رِجَالٍ يَطَئُوْنَ وَلَائِدَهُمْ يَعْزِلُوْنَهُنَّ لَا تَاْتِيْنِیْ وَلِيْدَةٌ يَعْتَرِفُ سَيِّدُهَا اَنْ قَدْ اَلَمَّ بِهَا اِلَّا قَدْ اَلْحَقْتُ بِهٖ وَلَدَهَا فَاعْزِلُوْا اَوْ اُتْرُكُوْا۔

انہوں نے اس سلسلے میں اس طرح بھی استدلال کیا ہے حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو اپنی لونڈیوں سے وطی کرتے ہوئے عزل[1] کرتے ہیں میرے پاس جو بھی ایسی لونڈی آئے کہ اس کا مالک اس سے جماع کا دعویٰ کرے میں اس (لونڈی) کا بیٹا اس (مالک) سے ملا دوں گا اب تم عزل کرو یا چھوڑ دو (تمہاری مرضی)

۴۶۱ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ ثَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت زہری فرماتے ہیں مجھ سے حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۶۲ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ نَافِعٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِیْ عُبَيْدٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ مَا بَالُ رِجَالٍ يَطَئُوْنَ وَلَائِدَهُمْ ثُمَّ يَدَعُوْنَهُنَّ يَخْرُجْنَ

حضرت نافع، حضرت صفیہ بنت ابو عبید سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو اپنی لونڈیوں سے جماع کرتے ہیں پھر انہیں چھوڑ دیتے ہیں کہ باہر نکلیں میرے پاس جو بھی ایسی

[1] جماع کرتے ہوئے انزال کے وقت عورت سے الگ ہو جانا عزل کہلاتا ہے۔

لَا تَأْتِيْنِي وَلِيْدَةٌ يَعْتَرِفُ سَيِّدُهَا أَنْ قَدْ أَلَمَّ بِهَا إِلَّا أَلْحَقْتُ بِهِ وَلَدَهَا فَأَرْسِلُوْهُنَّ بَعْدُ أَوْ أَمْسِكُوْهُنَّ ۔

۴۶۳ ۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنِيْ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنْ وَطِئَ أَمَةً ثُمَّ ضَيَّعَهَا فَأَرْسَلَهَا تَخْرُجُ ثُمَّ وَلَدَتْ فَالْوَلَدُ مِنْهُ وَالضَّيْعَةُ عَلَيْهِ قَالَ نَافِعٌ فَهٰذَا قَضَاءُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَقَوْلُ ابْنِ عُمَرَ ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا مَا جَاءَتْ بِهٖ هٰذِهِ الْأَمَةُ مِنْ وَلَدٍ فَلَا يَلْزَمُ مَوْلَاهَا إِلَّا أَنْ يُقِرَّ بِهٖ وَإِنْ مَاتَ قَبْلَ أَنْ يُقِرَّ بِهٖ لَمْ يَلْزَمْهُ وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا قَالَ لِعَبْدِ بْنِ زَمْعَةَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ وَلَمْ يَقُلْ هُوَ أَخُوْكَ فَقَدْ يَجُوْزُ أَنْ يَكُوْنَ أَرَادَ بِقَوْلِهٖ هُوَ لَكَ أَيْ هُوَ مَمْلُوْكٌ لَكَ لِحَقِّ مَا لَكَ عَلَيْهِ مِنَ الْيَدِ وَلَمْ يَحْكُمْ فِيْ نَسَبِهٖ بِشَيْءٍ ۔

وَالدَّلِيْلُ عَلٰى ذٰلِكَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَمَرَ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ بِالْحِجَابِ مِنْهُ فَلَوْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ قَدْ جَعَلَهُ ابْنَ زَمْعَةَ إِذًا لَمَا حَجَبَ بِنْتَ زَمْعَةَ مِنْهُ لِأَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَأْمُرُ بِقَطْعِ الْأَرْحَامِ بَلْ كَانَ يَأْمُرُ بِصِلَتِهَا وَمِنْ صِلَتِهَا التَّزَاوُرُ فَكَيْفَ يَجُوْزُ أَنْ يَأْمُرَهَا وَقَدْ جَعَلَهُ أَخَاهَا بِالْحِجَابِ مِنْهُ هٰذَا لَا يَجُوْزُ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَيْفَ يَجُوْزُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَهُوَ يَأْمُرُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا أَنْ تَأْذَنَ

لونڈی آئے گی جو اس بات کا اقرار کرے کہ اس کے مالک نے اس سے جماع کیا ہے میں اس کے بچے کو اس (مالک) کے ساتھ ملا دوں گا اب تم ان کو چھوڑ دو یا روک لو (تمہاری مرضی)

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جس نے لونڈی سے وطی کی پھر اسے ضائع کر دیا اور اسے باہر نکلنے کے لیے چھوڑ دیا پھر اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا تو وہ بچہ اسی (مالک) کا ہوگا اور اس کا نان نفقہ اسی کے ذمہ ہوگا حضرت نافع فرماتے ہیں یہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا فیصلہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا قول ہے۔

اس سلسلے میں دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس لونڈی کے ہاں جو بچہ پیدا ہو گا وہ مالک کو لازم نہیں ہو گا البتہ یہ کہ وہ اس کا اقرار کرے اور اگر وہ اس کا اقرار کرنے سے پہلے مر جائے تو اسکو لازم نہیں ہوگا۔ پہلی حدیث میں ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد بن زمعہ سے فرمایا اے عبد بن زمعہ! وہ تمہارے لیے ہے اور یہ نہیں فرمایا کہ وہ تیرا بھائی ہے تو ہو سکتا ہے آپ کے ارشاد "وہ تیرے لیے ہے" سے مراد یہ ہو کہ وہ تمہارا مملوک ہے کیونکہ مالک کو قبضہ کی وجہ سے حق حاصل ہوتا ہے اور آپ نے اس کے نسب کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں فرمایا۔

اس بات کی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کو اس سے پردہ کرنے کا حکم دیا اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسے زمعہ کا بیٹا قرار دیتے تو اس وقت حضرت سودہ بنت زمعہ ان سے پردہ نہ کرتیں کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم رشتہ داروں سے تعلقات منقطع کرنے کا حکم نہیں دیتے تھے بلکہ صلہ رحمی کا حکم فرماتے تھے اور ایک دوسرے کو دیکھنا صلہ رحمی سے ہے تو یہ کیسے جائز ہو سکتا ہے کہ آپ اسے حضرت سودہ کا بھائی قرار دے کر اس سے پردے کا حکم دیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات جائز نہیں اور آپ سے یہ کیسے جائز ہو سکتی جب کہ آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیتے تھے کہ وہ اپنے رضاعی چچا کو (اندر آنے کی) اجازت دیں پھر حضرت

لِعَتِهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ عَلَيْهَا ثُمَّ يَحْجُبُ سَوْدَةَ مِمَّنْ قَدْ جَعَلَهُ أَخَاهَا وَابْنَ أَبِيهَا.

وَلٰكِنْ وَجْهُ ذٰلِكَ عِنْدَنَا وَاللّٰهُ أَعْلَمُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ حَكَمَ فِيهِ بِشَيْءٍ غَيْرِ الْيَدِ الَّتِي جَعَلَهَا لِعَبْدِ بْنِ زَمْعَةَ وَلِسَائِرِ وَرَثَةِ زَمْعَةَ دُونَ سَعْدٍ.

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَمَا مَعْنٰى قَوْلِهِ الَّذِي وَصَلَهُ بِهٰذَا الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ.

قِيلَ لَهُ ذٰلِكَ عَلَى التَّعْلِيمِ مِنْهُ لِسَعْدٍ أَيْ إِنَّكَ تَدَّعِي لِأَخِيكَ وَأَخُوكَ لَمْ يَكُنْ لَهُ فِرَاشٌ وَإِنَّمَا يَثْبُتُ النَّسَبُ مِنْهُ لَوْ كَانَ لَهُ فِرَاشٌ فَإِذَا لَمْ يَكُنْ لَهُ فِرَاشٌ أُنْزِلَ فَهُوَ عَاهِرٌ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ.

۴۲۶۴- وَقَدْ بَيَّنَ هٰذَا الْمَعْنٰى وَكَشَفَهُ مَا قَدْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ ثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ يُوسُفَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَتْ لِزَمْعَةَ جَارِيَةٌ يَطَؤُهَا وَكَانَ يُظَنُّ بِرَجُلٍ آخَرَ أَنَّهُ يَقَعُ عَلَيْهَا فَمَاتَ زَمْعَةُ وَهِيَ حُبْلٰى فَوَلَدَتْ غُلَامًا كَانَ يُشْبِهُ الرَّجُلَ الَّذِي كَانَ يُظَنُّ بِهَا فَذَكَرَتْهُ سَوْدَةُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَمَّا الْمِيرَاثُ فَلَهُ وَأَمَّا أَنْتِ فَاحْتَجِبِي مِنْهُ فَإِنَّهُ لَيْسَ لَكِ بِأَخٍ.

سودہ اس سے پردہ کریں جسے آپ نے ان کا بھائی اور ان کے باپ کا بیٹا قرار دیا۔

لیکن ہمارے نزدیک اس کی وجہ یہ ہے اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ آپ نے صرف اس پر قبضہ کی وجہ سے اسے عبد بن زمعہ اور ان کے دیگر ورثا کے لیے قرار دیا اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ کیلئے قرار نہیں دیا۔

اگر کوئی شخص کہے کہ آپ کے اس قول کا کیا مطلب ہے جو آپ نے متصلاً فرمایا کہ: "بچہ صاحب فراش کے لیے ہے اور زانی کے لیے پتھر ہے"۔

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ یہ آپ کی طرف سے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو تعلیم تھی یعنی (اے سعد!) تم اپنے بھائی کے لیے دعویٰ کر رہے ہو جبکہ ان کا فراش نہیں ہے[1] ان کا نسب تب ثابت ہوتا جب ان کا فراش ہوتا تو جب ان کا فراش نہیں تو وہ زانی قرار پائیں گے اور زانی کے لیے پتھر ہے۔

اس معنی کو یہ حدیث واضح کرتی ہے حضرت یوسف بن زبیر حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت زمعہ کی ایک لونڈی تھی جس سے وہ جماع کرتے تھے اور ایک دوسرے شخص کے بارے میں خیال کیا جاتا تھا کہ اس نے اس سے جماع کیا ہے زمعہ کا انتقال ہوگیا اور وہ لونڈی حاملہ تھی اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا جو اس شخص کے مشابہ تھا جس کے بارے میں خیال کیا جاتا تھا (کہ اس نے اس سے جماع کیا ہے) حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا وراثت تو اس کے لیے ہوگی لیکن تم اس سے پردہ کرو کیونکہ وہ تمہارا بھائی نہیں ہے۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّ زَمْعَةَ كَانَ يَطَأُ تِلْكَ الْأَمَةَ وَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِسَوْدَةَ لَيْسَ هُوَ لَكِ بِأَخٍ يَعْنِي ابْنَ الْمَوْطُوءَةِ فَدَلَّ هٰذَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ قَضٰى فِي نَسَبِهِ عَلٰى زَمْعَةَ بِشَيْءٍ وَأَنَّ وَطْءَ زَمْعَةَ لَمْ يَكُنْ

تو اس حدیث میں ہے کہ حضرت زمعہ اس لونڈی سے وطی کرتے تھے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا وہ تمہارا بھائی نہیں اس سے مراد اس عورت کا بیٹا ہے جس سے وطی کی گئی تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمعہ سے اس کے نسب کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں فرمایا اور آپ کے نزدیک زمعہ کی وطی اس بات کو واجب نہیں کرتی تھی کہ اس

---

[1] مطلب یہ ہے کہ جس لونڈی کا یہ بچہ ہے اگر وہ تمہارے بھائی کی لونڈی ہوتی تو وہ صاحب فراش کہلاتے جبکہ یہاں یہ بات نہیں۔

عِنْدَهٗ بِمُوْجِبِ اَنَّ مَا جَآءَتْ بِهٖ تِلْكَ الْمَوْطُوْءَةُ مِنْ وَلَدٍ مِنْهُ ۔

فَاِنْ قَالَ قَآئِلٌ فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمَّا الْمِیْرَاثُ فَلَهٗ فَهٰذَا یَدُلُّ عَلٰی قَضَائِهٖ بِنَسَبِهٖ ۔

قِیْلَ لَهٗ مَا یَدُلُّ ذٰلِكَ عَلٰی مَا ذَكَرْتَ لِاَنَّ عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ قَدْ كَانَ ادَّعَاهُ وَزَعَمَ اَنَّهٗ ابْنُ اَبِیْهِ لِاَنَّ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَدْ اَخْبَرَتْ فِیْ حَدِیْثِهَا الَّذِیْ ذَكَرْنَا عَنْهَا فِیْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ اَنَّ عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ نَازَعَ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَخِیْ ابْنُ وَلِیْدَةِ اَبِیْ وُلِدَ عَلٰی فِرَاشِ اَبِیْ فَقَدْ یَجُوْزُ اَنْ تَكُوْنَ سَوْدَةُ قَالَتْ مِثْلَ ذٰلِكَ وَهُمَا وَارِثَا زَمْعَةَ فَكَانَا مُقِرَّیْنِ لَهٗ بِوُجُوْبِ الْمِیْرَاثِ مِمَّا تَرَكَ زَمْعَةُ فَجَازَ ذٰلِكَ عَلَیْهِمَا فِی الْمَالِ الَّذِیْ كَانَ یَكُوْنُ لَهُمَا لَوْ لَمْ یُقِرَّا بِمَا اَقَرَّا بِهٖ مِنْ ذٰلِكَ وَلَمْ یَجِبْ بِذٰلِكَ ثُبُوْتُ نَسَبٍ یَجِبُ بِهٖ حُكْمٌ فَیُخَلّٰی بَیْنَهٗ وَبَیْنَ النَّظَرِ اِلٰی سَوْدَةَ ۔

فَاِنْ قَالَ قَآئِلٌ اِنَّمَا كَانَ اَمْرُهَا بِالْحِجَابِ مِنْهُ لَمَّا كَانَ رَاٰی مِنْ شِبْهِهٖ بِعُتْبَةَ كَمَا فِیْ حَدِیْثِ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا ۔

قِیْلَ لَهٗ هٰذَا لَا یَجُوْزُ اَنْ یَكُوْنَ كَذٰلِكَ لِاَنَّ وُجُوْدَ الشِّبْهِ لَا یَجِبُ بِهٖ ثُبُوْتُ نَسَبٍ وَلَا یَجِبُ بِعَدَمِهٖ انْتِفَاءُ نَسَبٍ ۔

اَلَا تَرٰی اِلَی الرَّجُلِ الَّذِیْ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ امْرَاَتِیْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ فَقَالَ

لونڈی کے ہاں جو بچہ پیدا ہوگا وہ زمعہ کا ہی ہوگا۔

اگر کوئی کہنے والا کہے کہ اس حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ میراث اس کے لیے ہے اس بات پر دلالت ہے کہ آپ نے اس کے نسب کا فیصلہ فرمایا۔

اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ اس میں تمہاری مذکورہ بات پر دلالت نہیں ہے کیونکہ عبد بن زمعہ نے اس کا دعویٰ کیا اور یہ خیال کیا کہ وہ اس کے باپ کا بیٹا ہے اس لیے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنی اس حدیث میں جسے ہم نے اس باب کے شروع میں ذکر کیا، خبر دی کہ عبد بن زمعہ سے جب حضرت سعد بن ابی وقاص کا جھگڑا ہوا تو عبد بن زمعہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ وہ میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے اور اس کے فراش پر پیدا ہوا تو ہو سکتا ہے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے بھی اسی قسم کی بات کہی ہو اور وہ دونوں زمعہ کے وارث تھے اور وہ دونوں حضرت زمعہ کے ترکہ میں وراثت کا اقرار کرتے تھے تو ان دونوں کا حضرت زمعہ کے مال میں وارث بننا جائز تھا جیسا کہ اقرار نہ کرنے کی صورت میں بھی وہ دونوں وارث بنتے تھے۔ لیکن اس سے نسب ثابت نہیں ہوتا کہ اس کے لیے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو دیکھنا جائز ہوتا۔

اگر کوئی کہنے والا کہے کہ آپ نے حضرت سودہ کو پردہ کرنے کا حکم اس لیے دیا تھا کہ اس میں عتبہ کے ساتھ مشابہت دیکھی تھی جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے۔

تو اس کو (جواباً) کہا جائے گا کہ ایسی بات نہیں ہو سکتی کیونکہ مشابہت کے پائے جانے سے نسب ثابت نہیں ہوتا اور نہ ہی عدم مشابہت سے نسب کی نفی لازم آتی ہے۔

کیا تم اس شخص کی طرف نہیں دیکھتے جس نے بارگاہ نبوی میں عرض کیا کہ میری بیوی نے سیاہ رنگ کا بچہ جنا ہے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا کس رنگ کے ہیں؟ اس نے

نَعَمْ قَالَ فَمَا اَلْوَانُهَا فَذَكَرَ كَلَامًا قَالَ فَهَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ اِنَّ فِيْهَا اَوْرَقًا قَالَ مِمَّا تَرٰى ذٰلِكَ جَآءَهَا قَالَ مِنْ عِرْقٍ نَزَعَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَعَلَّ هٰذَا مِنْ عِرْقٍ نَزَعَهُ۔

پھر بتایا آپ نے فرمایا کیا ان میں کوئی مٹیالے رنگ کا بھی ہے اس نے عرض کیا جی ہاں مٹیالے رنگ کا بھی ہے آپ نے فرمایا تمہارے خیال میں وہ کہاں سے آیا اس نے عرض کیا کسی رگ نے اسے کھینچا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو ہو سکتا ہے یہ بھی کسی رگ نے کھینچا ہو۔

وَقَدْ ذَكَرْنَا هٰذَا الْحَدِيْثَ بِاِسْنَادِهٖ فِيْ بَابِ اللِّعَانِ فَلَمْ يُرَخِّصْ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَفْيِهٖ لِبُعْدِ شِبْهِهٖ مِنْهُ وَلَا مَنَعَهٗ مِنْ اِدْخَالِهٖ عَلٰى بَنَاتِهٖ وَحُرَمِهٖ بَلْ ضَرَبَ لَهٗ مَثَلًا اَعْلَمَهٗ بِهٖ اَنَّ الشِّبْهَ لَا يُوْجِبُ ثُبُوْتَ الْاَنْسَابِ وَاَنَّ عَدَمَهٗ لَا يُوْجِبُ بِهٖ اِنْتِفَآءَ الْاَنْسَابِ فَكَذٰلِكَ ابْنُ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ لَوْ كَانَ وَطِئُ زَمْعَةَ لِاُمِّهٖ يُوْجِبُ ثُبُوْتَ نَسَبِهٖ مِنْهُ اِذًا لَمَا كَانَ لِبُعْدِ شِبْهِهٖ مِنْهُ مَعْنًى وَلَكَانَ نَسَبُهٗ مِنْهُ ثَابِتٌ وَلَدَخَلَ عَلٰى بَنَاتِهٖ كَمَا يَدْخُلُ عَلَيْهِنَّ غَيْرُهٗ مِنْ بَنِيْهِ۔

اس حدیث کو ہم نے اس کی سند کے ساتھ باب لعان میں ذکر کیا ہے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ عدم مشابہت کی وجہ سے نسبت کی نفی کو جائز قرار نہیں دیا اور نہ ہی اس کو اس کی بیٹیوں اور دیگر مستورات کے پاس آنے سے روکا بلکہ ایک مثال بیان فرما کر اسے بتایا کہ محض مشابہت سے نسب ثابت نہیں ہوتے اور نہ ہی مشابہت نہ ہونے سے نسب کی نفی ہوتی ہے تو زمعہ کی لونڈی کے بیٹے کا بھی یہی مسئلہ ہے کہ اگر زمعہ نے اس کی ماں سے وطی کی ہے تو اس کا اس سے نسب ثابت ہوگا اور اس صورت میں عدم مشابہت کا کوئی مطلب نہیں ہوگا بلکہ اس کا نسب ہوگا اور اس کے دوسرے بیٹوں کی طرح یہ بھی اس کی بیٹیوں کے پاس جا سکتا ہے۔

۴۶۵۔ وَاَمَّا مَا احْتَجُّوْا بِهٖ عَنْ عُمَرَ وَابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ ذٰلِكَ مِمَّا قَدْ رَوَيْنَاهُ عَنْهُمَا فَاِنَّهٗ قَدْ خَالَفَهُمَا فِيْ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

اور وہ جو انہوں نے حضرت عمر فاروق اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس سلسلے میں روایت کیا ہے تو حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت زید بن ثابت (رضی اللہ عنہم) نے ان کی مخالفت کی ہے۔

۴۶۶۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ اَبِيْ حَفْصَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَاْتِيْ جَارِيَةً لَهٗ فَحَمَلَتْ فَقَالَ لَيْسَ مِنِّيْ اِنِّيْ اَتَيْتُهَا اِتْيَانًا لَا اُرِيْدُ بِهِ الْوَلَدَ۔

حضرت عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنی ایک لونڈی کے پاس تشریف لے جاتے تھے اسے حمل ٹھہر گیا انہوں نے فرمایا یہ مجھ سے نہیں کیونکہ میں اس کے پاس اس طریقے پر جاتا تھا کہ بچہ مقصود نہ ہوتا تھا (یعنی عزل کرتا تھا)

۴۶۷۔ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْغَافِقِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ اَبَاهُ كَانَ يَعْزِلُ عَنْ جَارِيَةٍ فَارِسِيَّةٍ

حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کے والد ایک ایرانی لونڈی سے عزل کرتے تھے پھر بھی اسے حمل ہوگیا تو انہوں نے اس کا انکار کیا اور فرمایا میں نے تمہاری اولاد

فَحَمَلَتْ بِحَمْلٍ فَاَنْكَرَهُ وَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَكُنْ اُرِيْدُ وَلَدَكِ وَاِنَّمَا اَسْتَطِيْبُ نَفْسَكِ فَجَلَدَهَا وَاَعْتَقَهَا وَاَعْتَقَ الْوَلَدَ۔

کا ارادہ نہیں کیا تھا میں تو صرف تمہیں خوش کرتا تھا پھر اسے کوڑے مارے اور آزاد کر دیا نیز بچے کو بھی آزاد کر دیا۔

۴۶۸۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ مِثْلَهُ غَيْرَ اَنَّهُ لَمْ يَقُلْ فَاَعْتَقَهَا وَاَعْتَقَ وَلَدَهَا۔

حضرت ابوالزناد، حضرت خارجہ بن زید سے اور وہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے یہ نہیں فرمایا کہ اسے آزاد کر دیا اور اس کے بچے کو بھی آزاد کیا۔

۴۶۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ وَلَدَتْ جَارِيَةٌ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اِنَّهُ لَيْسَ مِنِّيْ وَاِنِّيْ كُنْتُ اَعْزِلُ عَنْهَا

حضرت قتادہ، حضرت شعیب بن مسیب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی لونڈی نے بچہ جنا تو انہوں نے فرمایا یہ میرا نہیں میں تو اس سے عزل کرتا تھا۔

فَهٰذَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَدْ خَالَفَا عُمَرَ وَابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ ذٰلِكَ فَقَدْ تَكَافَأَتْ اَقْوَالُهُمْ وَوَجَبَ النَّظَرُ لِنَسْتَخْرِجَ مِنَ الْقَوْلَيْنِ قَوْلًا صَحِيْحًا فَرَاَيْنَا الرَّجُلَ اِذَا اَقَرَّ بِاَنَّ هٰذَا وَلَدُهُ مِنْ زَوْجَتِهٖ ثُمَّ نَفَاهُ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمْ يَنْتَفِ وَكَذٰلِكَ لَوِ ادَّعٰى اَنَّ حَمْلَهَا مِنْهُ ثُمَّ جَاءَتْ بِوَلَدٍ مِنْ ذٰلِكَ الْحَمْلِ لَمْ يَكُنْ لَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يَنْفِيَهُ بِلِعَانٍ وَلَا بِغَيْرِهٖ لِاَنَّ نَسَبَهُ قَدْ ثَبَتَ مِنْهُ۔

تو یہ حضرت زید بن ثابت اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم ہیں جنہوں نے اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مخالفت کی اب صحابہ کرام کے اقوال برابر برابر ہو گئے اور ہمارے لیے ضروری ہو گیا کہ غور و فکر کے ذریعے دونوں میں سے صحیح قول کو واضح کریں تو ہم نے دیکھا ایک شخص اقرار کرتا ہے کہ یہ اس کا بچہ ہے اس کی بیوی سے ہے اس کے بعد اس کی نفی کرتا ہے تو نفی نہ ہوگی اسی طرح اگر وہ دعویٰ کرے کہ عورت کا حمل اس سے ہے پھر اس حمل سے بچہ پیدا ہو تو لعان وغیرہ کے ذریعہ اس کی نفی نہیں کر سکتا کیونکہ اس کا نسب اس سے ثابت ہو گیا ہے۔

فَهٰذَا حُكْمُ مَا قَدْ وَقَعَتْ عَلَيْهِ الدَّعْوَةُ مِمَّا لَيْسَ لِمُدَّعِيْهِ اَنْ يَنْفِيَهُ وَرَاَيْنَاهُ لَوْ اَقَرَّ اَنَّهُ وَطِئَ امْرَاَتَهُ ثُمَّ جَاءَتْ بِوَلَدٍ فَنَفَاهُ لَكَانَ الْحُكْمُ فِيْ ذٰلِكَ اَنْ تُلَاعَنَ بَيْنَهُمَا وَيَخْرُجَ الْوَلَدُ مِنْ نَسَبِ الزَّوْجِ وَيَلْحَقَ بِاُمِّهٖ فَلَمْ يَكُنْ اِقْرَارُهُ بِوَطْءٍ

تو یہ دعویٰ کی صورت میں حکم ہے کہ اب مدعی اس کی نفی نہیں کر سکتا اور ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے وطی کا اقرار کرے پھر اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور وہ نفی کر دے تو اس کا حکم یہ ہے کہ ان کے درمیان لعان ہوگا بچہ خاوند کے نسب سے نکل کر ماں کے ساتھ مل جائے گا تو بیوی کے ساتھ وطی کے اقرار

اَمَرَاتِہٖ یَجِبُ بِہٖ ثُبُوْتُ نَسَبِ مَا یَلِدُ مِنْہُ وَلَمْ یَکُنْ فِیْ حُکْمِ مَا قَدْ لَزِمَہٗ مِمَّا لَیْسَ لَہٗ نَفْیُہٗ۔

فَلَمَّا کَانَ ھٰذَا حُکْمَ الزَّوْجَاتِ کَانَ حُکْمُ الْاِمَاءِ اَحْرٰی اَنْ یَّکُوْنَ کَذٰلِکَ فَاِنْ اَقَرَّ رَجُلٌ بِوَلَدِ اَمَتِہٖ اَنَّہٗ مِنْہُ اَوْ اَقَرَّ وَھِیَ حَامِلٌ اَنَّ مَا فِیْ بَطْنِھَا مِنْہُ لَزِمَہٗ وَلَمْ یَنْتَفِ مِنْہُ بَعْدَ ذٰلِکَ اَبَدًا وَاِنْ اَقَرَّ اَنَّہٗ قَدْ وَطِئَھَا لَمْ یَکُنْ ذٰلِکَ فِیْ حُکْمِ اِقْرَارِہٖ بِوَلَدِھَا اَنَّہٗ مِنْہُ بَلْ یَکُوْنُ بِخِلَافِ ذٰلِکَ فَیَکُوْنُ لَہٗ اَنْ یَّنْفِیَہٗ وَیَکُوْنُ حُکْمُہٗ وَاِنْ اَقَرَّ بِوَطْیِٔ اَمَتِہٖ کَحُکْمِہٖ لَوْ لَمْ یَکُنْ اَقَرَّ بِوَطْئِھَا قِیَاسًا عَلٰی مَا وَصَفْنَا مِنَ الْحَرَائِرِ وَھٰذَا کُلُّہٗ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَاَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ۔

سے نسب کا ثبوت ضروری نہ ہوا اور یہ اس کے حکم میں نہ ہوگا کہ جو لازم ہوا اور اب اس کی نفی نہیں ہو سکتی۔

تو جب بیویوں کا حکم یہ ہے تو زیادہ مناسب ہے کہ لونڈیوں کا حکم بھی یہی ہو اگر کوئی شخص لونڈی کے بچے یا اس کے حمل کے بارے میں اقرار کرے کہ وہ اس کا ہے تو وہ لازم ہو جائے گا اور اس کے بعد کبھی بھی اس سے نفی نہ ہوگی اور اگر وہ وطی کا اقرار کرے تو اس بات کا اقرار نہ ہوگا کہ یہ بچہ اس کا ہے بلکہ یہ اس کے خلاف ہوگا اور وہ اس کی نفی کر سکتا ہے اور اگر وہ اپنی لونڈی سے وطی کا اقرار کرے تو یہ اقرار نہ کرنے کی طرح ہے جیسا کہ ہم نے آزاد عورتوں کے سلسلے میں بیان کیا اور یہ تمام موقف حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا ہے۔

كِتَابُ الْأَيْمَانِ وَالنُّذُوْرِ

قسموں اور کفاروں کا بیان [1]

بَابُ الْمِقْدَارِ الَّذِيْ يُعْطَى كُلُّ مِسْكِيْنٍ مِّنَ الطَّعَامِ فِي الْكَفَّارَاتِ

۴۷۰ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ وَقَعْتُ بِأَهْلِيْ فِيْ رَمَضَانَ قَالَ لَهُ أَعْتِقْ رَقَبَةً قَالَ مَا أَجِدُهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ مَا أَسْتَطِيْعُ قَالَ فَأَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قَالَ مَا أَجِدُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَأُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِكْتَلٍ فِيْهِ قَدْرُ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعَ تَمْرٍ فَقَالَ خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ قَالَ أَعَلٰى أَحْوَجَ مِنِّيْ وَأَهْلِ بَيْتِيْ قَالَ فَكُلْهُ أَنْتَ وَأَهْلُ بَيْتِكَ وَصُمْ يَوْمًا مَكَانَهُ وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ.

کفارہ میں ایک مسکین کو دیئے جانے والے کھانے کی مقدار

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے (بارگاہ نبوی میں) عرض کیا یا رسول اللہ! میں، رمضان المبارک کے مہینے میں اپنی بیوی سے جماع کر بیٹھا ہوں آپ نے فرمایا ایک غلام یا لونڈی آزاد کرو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے پاس نہیں ہے آپ نے فرمایا دو مہینے کے مسلسل روزے رکھو اس نے عرض کیا مجھے اس کی طاقت نہیں آپ نے فرمایا تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ میں اس کی طاقت بھی نہیں پاتا، (حضرت ابوہریرہ) فرماتے ہیں اس کے بعد آپ کے پاس ایک ٹوکری لائی گئی جس میں تقریباً پندرہ صاع (صاع چار رکلو کا ہوتا ہے) کھجوریں تھیں آپ نے فرمایا یہ لو اور اسے صدقہ کرو اس نے عرض کیا، کیا اپنے اور اپنے گھر والوں سے زیادہ حاجت مند لوگوں پر؟ آپ نے فرمایا تم اور تمہارے گھر والے کھاؤ اور اس کی جگہ ایک دن کا روزہ رکھو نیز اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگو۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ الْإِطْعَامَ فِيْ كَفَّارَاتِ الْأَيْمَانِ إِنَّمَا هُوَ مُدٌّ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ قسموں کے کفاروں میں ہر مسکین کے لیے ایک مُد کھانا ہے کیونکہ اس حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ

[1] ایمان، یمین کی جمع ہے جس کا لغوی معنی دایاں ہاتھ ہے اب یہ قسم کو کہا جاتا ہے کیونکہ اہل عرب جب ایک دوسرے کو قسم دیتے تو باہم دایاں ہاتھ پکڑتے نذور، نذر کی جمع ہے

اَمَرَ الرَّجُلَ فِی الْحَدِیْثِ الَّذِیْ ذَکَرْنَا اَنْ تُطْعِمَ سِتِّیْنَ مِسْکِیْنًا خَمْسَۃَ عَشَرَ صَاعًا فَالَّذِیْ یُصِیْبُ کُلَّ مِسْکِیْنٍ مِّنْھُمْ مُدٌّ مُدٌّ۔

صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو حکم دیا کہ ساٹھ مسکینوں کو پندرہ صاع کھانا دے تو ہر مسکین کو ایک ایک مُد ملے گا۔

فَالُوْا وَقَدْ ذَھَبَ جَمَاعَۃٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ کَفَّارَاتِ الْاَیْمَانِ اِلٰی مَا قُلْنَا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ قسموں کے کفارے سے متعلق صحابہ کرام کی ایک جماعت کا یہی موقف ہے جو ہم نے کہا

۴۷۱۔ فَذَکَرُوْا فِیْ ذٰلِکَ مَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا حَازِمٍ حَدَّثَہٗ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ مَوْلَی ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ فِیْ کَفَّارَاتِ الْاَیْمَانِ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسَاکِیْنَ کُلُّ مِسْکِیْنٍ مُدٌّ بَیْضَاءُ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں ذکر کیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان کے آزاد کردہ غلام حضرت ابو جعفر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں وہ قسموں کے کفاروں کے بارے میں فرماتے تھے کہ یہ دس مسکینوں کا کھانا ہے ہر مسکین کے لیے ایک سفید مُد ہے۔

۴۷۲۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ دَاؤٗدَ بْنِ اَبِیْ ھِنْدٍ عَنْ عِکْرَمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَہٗ۔

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۴۷۳۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اُسَامَۃُ بْنُ زَیْدٍ اللَّیْثِیُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ کَانَ اِذَا کَفَّرَ یَمِیْنَہٗ فَاَطْعَمَ عَشَرَۃَ مَسَاکِیْنَ بِالْمُدِّ الْاَصْغَرِ رَاٰی اَنَّ ذٰلِکَ یُجْزِیْ عِنْدَہٗ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ جب وہ قسم کا کفارہ ادا کرتے تو چھوٹے مُد کے ساتھ دس مسکینوں کو کھانا دیتے ان کے خیال میں یہ کفایت کرتا تھا۔

۴۷۴۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَنَا ابْنُ وَھْبٍ اَنَّ مَالِکًا اَخْبَرَہٗ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ مَنْ حَلَفَ بِیَمِیْنٍ فَوَکَّدَھَا ثُمَّ حَنَثَ فَعَلَیْہِ عِتْقُ رَقَبَۃٍ اَوْ کِسْوَۃُ عَشَرَۃِ مَسَاکِیْنَ وَمَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَلَمْ یُوَکِّدْھَا ثُمَّ حَنَثَ فَعَلَیْہِ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسَاکِیْنَ لِکُلِّ مِسْکِیْنٍ مُدٌّ مِنْ حِنْطَۃٍ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے تھے جس نے (کسی کام پر) قسم کھائی پھر اسے پکا کیا اس کے بعد توڑ دیا تو اس پر ایک غلام آزاد کرنا یا دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے اور جس نے قسم کھائی اور اسے پکا نہیں کیا پھر توڑ دیا تو دس پر دس مسکینوں کھانا ہے ہر مسکین کے لیے گندم کا ایک مُد ہے۔

۴۷۵۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرَۃَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاؤٗدَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

(بقیہ حاشیہ) جس کا معنی وعدہ ہے اور شریعت میں کسی ایسی عبادت کو اپنے اوپر لازم کرنا جو پہلے سے لازم نہ ہو (حضرت علامہ وصی احمد محدث سورتی رحمہ اللہ)

قَالَ ثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّهُ قَالَ يُجْزِئُ فِي كَفَّارَةِ الْيَمِينِ مُدٌّ مِنْ حِنْطَةٍ لِكُلِّ مِسْكِينٍ۔

۴۷۶- حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي الْخَلِيلُ بْنُ مُرَّةَ أَنَّ يَحْيَى بْنَ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَهُ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا لَا يُجْزِئُ فِي الْإِطْعَامِ فِي كَفَّارَةِ الْأَيْمَانِ إِلَّا مُدَّيْنِ مُدَّيْنِ لِكُلِّ مِسْكِينٍ وَيُجْزِئُ مِنَ التَّمْرِ صَاعٌ كَامِلٌ وَكَذَا مِنَ الشَّعِيرِ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي ذٰلِكَ عَلَى أَهْلِ الْمَقَالَةِ الْأُولَى أَنَّهُ قَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا عَلِمَ حَاجَةَ الرَّجُلِ أَعْطَاهُ مَا أَعْطَاهُ مِنَ التَّمْرِ لِيَسْتَعِينَ بِهِ فِيمَا وَجَبَ عَلَيْهِ لَا عَلَى أَنَّهُ جَمِيعُ مَا وَجَبَ عَلَيْهِ كَالرَّجُلِ يَشْكُو إِلَى الرَّجُلِ ضُعْفَ حَالِهِ وَمَا عَلَيْهِ مِنَ الدَّيْنِ فَيَقُولُ لَهُ خُذْ هٰذِهِ الْعَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَاقْضِ بِهَا دَيْنَكَ لَيْسَ عَلَى أَنَّهَا تَكُونُ قَضَاءً عَنْ جَمِيعِ دَيْنِهِ وَلٰكِنْ عَلَى أَنْ تَكُونَ قَضَاءً بِمِقْدَارِهَا مِنْ دَيْنِهِ۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِقْدَارُ مَا يَجِبُ مِنَ الطَّعَامِ فِي كَفَّارَةٍ مِنَ الْكَفَّارَاتِ وَهِيَ مَا يَجِبُ فِي حَلْقِ الرَّأْسِ فِي الْإِحْرَامِ مِنْ أَذًى فَجَعَلَ ذٰلِكَ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ لِكُلِّ مِسْكِينٍ۔

۴۷۷- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُعَقَّلٍ قَالَ قَعَدْتُ إِلَى كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ فِي الْمَسْجِدِ

وہ فرماتے تھے کہ قسم کے کفارے میں ہر مسکین کے لیے گندم کا ایک مد کفایت کرتا ہے۔

حضرت ابن وہب فرماتے ہیں مجھے حضرت خلیل بن مرہ نے بتایا کہ یحییٰ بن ابی کثیر نے ان سے بیان کیا، پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ قسموں کے کفارے میں ہر مسکین کو دو مُد کھانے سے کم دینا جائز نہیں جبکہ کھجوروں سے ایک کامل صاع جائز ہے (ضروری ہے) اسی طرح جو سے بھی۔

اس سلسلے میں پہلے گروہ کے خلاف ان کی دلیل یہ ہے کہ ہوسکتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی حاجت کو دیکھ کر اس کو کھجوروں کی وہ مقدار عطا فرمائی ہو تاکہ وہ اپنے اوپر واجب ہونے والے کفارے کے سلسلے میں مدد حاصل کرسکے یہ بات نہیں تھی کہ اس پر صرف یہی واجب تھا، یہ اس شخص کی طرح ہے جو کسی کے پاس اپنی حالت کی کمزوری اور اس قرض کا ذکر کرتا ہے جو اس کے ذمہ ہے تو یہ کہتا ہے یہ دس درہم لو اور اس سے اپنا قرض ادا کرو، تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس پر کل قرض دس درہم ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ قرض میں سے اپنی مقدار ادا کردے۔

اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کفاروں میں سے ایک کفارے میں واجب کھانے کی مقدار مروی ہے اور وہ احرام کی حالت میں کسی تکلیف کی وجہ سے سر منڈانے کی صورت میں واجب ہونے والا کفارہ ہے تو آپ نے ہر مسکین کے لیے گندم سے دو مُد مقرر فرمائے۔

حضرت عبدالرحمن بن اصبہانی فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں میں مسجد میں حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو میں نے ان سے اس آیت کے بارے میں پوچھا "پس فدیہ ہے روزہ رکھنے سے یا صدقہ

فَسَأَلْتُهُ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ فَقَالَ فِيَّ اُنْزِلَتْ حُمِلْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلٰى وَجْهِيْ فَقَالَ مَا كُنْتُ اَرٰى اَنَّ الْجَهْدَ بَلَغَ بِكَ هٰذَا اَوْ بَلَغَ بِكَ مَا اَرٰى فَنَزَلَتْ فِيَّ خَاصَّةً وَلَكُمْ عَامَّةً فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَحْلِقَ رَاْسِيْ وَاَنْسُكَ نُسُكَهٗ اَوْ اَصُوْمَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اَوْ اُطْعِمَ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ ۔

دینے یا قربانی سے" انہوں نے فرمایا یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی ہے مجھے اٹھا کر بارگاہ نبوی میں لایا گیا۔ اور جوئیں میرے چہرے پر پھیلی ہوئی تھیں آپ نے فرمایا مجھے یہ گمان نہ تھا کہ تمہیں اس قدر تکلیف پہنچے گی تو یہ خاص میرے بارے میں نازل ہوئی لیکن اس کا حکم تم سب کے لیے عام ہے، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں سر منڈواؤں اور قربانی دوں یا تین دن کے روزے رکھوں یا چھ مسکینوں کو یوں کھانا کھلاؤں کہ ہر مسکین کے لیے نصف صاع گندم ہو۔

۴۷۸ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ وَاَطْعِمْ فَرَقًا فِيْ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ ۔

حضرت عبداللہ بن مغفل، حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے یوں فرمایا کہ ایک فرق وہ (تین صاع کا پیمانہ) چھ مسکینوں کو کھلا دو۔

---

۴۷۹ - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ ثَنِيْ كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ تَمْرٍ ۔

حضرت عامر شعبی سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں مجھ سے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ نے اس کی مثل بیان کیا البتہ انہوں نے فرمایا ہر مسکین کے لیے نصف صاع کھجوریں ہیں۔

۴۸۰ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَذْكُرِ التَّمْرَ ۔

حضرت ابولیلیٰ، حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے کھجوروں کا ذکر نہیں کیا۔

۴۸۱ - حَدَّثَنَا اَبُوْ شُرَيْحٍ مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ قَالَا جَمِيْعًا عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنْ مُجَاهِدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ ۔

حضرت سفیان ثوری اور حضرت وھیب دونوں حضرت ابو ایوب سے اور وہ حضرت مجاہد (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۸۲ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ

حضرت عبدالکریم جزری حضرت مجاہد

عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ مُجَاهِدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۸۳- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابوبشر، حضرت مجاہد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا

۴۸۴- حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ قَالَ اَنَا مَالِكٌ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ مُجَاهِدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حمید بن قیس، حضرت مجاہد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۸۵- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُجَاهِدٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن عون، حضرت مجاہد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۴۸۶- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت یحییٰ بن جعدہ، حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں

۴۸۷- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ ثَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَزَادَ وَقَدْ عَلِمَ اَنَّهٗ لَيْسَ عِنْدِيْ مَا اَنْسُكُ بِهٖ۔

حضرت محمد بن کعب قرظی، حضرت کعب بن عجرہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ یہ اضافہ فرمایا کہ آپ کو معلوم ہو چکا تھا کہ میرے پاس قربانی دینے کے لیے کچھ نہیں

۴۸۸- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ مَالِكٍ الْجَزَرِيِّ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرِ الزِّيَادَةَ الَّتِيْ فِيْهِ عَلٰى مَا فِي الْاَحَادِيْثِ الَّتِيْ قَبْلَهٗ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ، حضرت کعب بن عجرہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے اس اضافہ کا ذکر نہیں جو گزشتہ احادیث میں ہے۔

فَكَانَ الَّذِيْ اَمَرَهٗ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ

تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْإِطْعَامِ فِي هٰذِهِ الْآثَارِ مُتَوَاتِرُهَا هُوَ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ وَاَجْمَعُوْا عَلَى الْعَمَلِ بِذٰلِكَ فِي كَفَّارَةِ حَلْقِ الرَّاسِ۔

وَجَاءَ عَنْهُ فِي إِطْعَامِ الْمَسَاكِيْنِ فِي الظِّهَارِ مِنَ التَّمْرِ۔

۴۸۹۔ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا فَرْوَةُ عَنْ اَبِي الْمُغِيْرَةِ قَالَ اَنَا يَحْيٰى بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي خَوْلَةُ ابْنَةُ مَالِكِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَخِي عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعَانَ زَوْجَهَا حِيْنَ ظَاهَرَ مِنْهَا بِعَرَقٍ مِنْ تَمْرٍ وَاَعَانَتْهُ هِيَ بِعَرَقٍ آخَرَ وَذٰلِكَ سِتُّوْنَ صَاعًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْ بِهٖ وَقَالَ اتَّقِي اللّٰهَ وَارْجِعِيْ إِلٰى زَوْجِكِ۔

فَالنَّظَرُ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا اَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ إِطْعَامُ كُلِّ مِسْكِيْنٍ فِي كُلِّ الْكَفَّارَاتِ مِنَ الْحِنْطَةِ نِصْفُ صَاعٍ وَّمِنَ التَّمْرِ صَاعٌ۔

وَقَدْ رُوِيَ فِي ذٰلِكَ عَنْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۴۹۰۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ يَسَارِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ قَالَ لِيْ عُمَرُ إِنِّيْ اَحْلِفُ اَنْ لَّا اُعْطِيَ اَقْوَامًا ثُمَّ يَبْدُوْ لِيْ اَنْ اُعْطِيَهُمْ فَإِذَا رَاَيْتَنِيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَطْعِمْ عَنِّيْ عَشَرَةَ مَسَاكِيْنَ كُلَّ مِسْكِيْنٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ۔

۴۹۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ

متواتر روایات کے مطابق آپ نے ان کو کھانا دینے کے سلسلے میں جو حکم فرمایا وہ ہر مسکین کے لیے نصف صاع گندم اور (محرم کے) سر منڈانے کے کفارے کے سلسلے میں اس پر اجماع ہے۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کفارہ ظہار میں مساکین کو کھجوریں کھلانے کے بارے میں بھی احادیث مروی ہیں۔

حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام فرماتے ہیں مجھ سے حضرت عبادہ بن ثابت کے بھتیجے حضرت مالک کی صاحبزادی حضرت خولہ (رضی اللہ عنہم) نے بیان کیا کہ جب ان کے خاوند نے ظہار کیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کے ایک ٹوکرے کے ساتھ اور خود انہوں نے بھی ایک ٹوکرے کے ساتھ ان کی مدد کی اور یہ ساٹھ صاع تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے صدقہ کرو اور (حضرت خولہ سے) فرمایا تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنے خاوند کی طرف لوٹ جاؤ۔

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ تمام کفاروں میں اسی طرح ہو ہر مسکین کے لیے گندم سے نصف صاع اور کھجوروں سے ایک صاع ہو۔

بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

حضرت یسار بن نمیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ میں قسم کھاتا ہوں کہ کچھ لوگوں کو عطا نہیں کروں گا پھر میرے لیے واضح ہوتا ہے کہ ان کو کچھ دوں جب میں ایسا کرنا چاہتا ہوں تو اپنی طرف سے دس مسکینوں کو کھانا کھلاتا ہوں ہر مسکین کو کھجوروں کا ایک صاع دیتا ہوں۔

حضرت ابو وائل، حضرت یسار بن نمیر سے اور وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں

عَنْ يَسَارِ بْنِ نُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ مِثْلَهُ غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ عَشَرَةَ مَسَاكِيْنَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ نِصْفُ صَاعٍ حِنْطَةٍ اَوْ صَاعُ تَمْرٍ۔

(البتہ انہوں نے فرمایا کہ دس مسکینوں کو کھانا کھلاتا ہوں ہر مسکین کو گندم کا نصف صاع یا کھجوروں کا ایک صاع دیتا ہوں)

۴۹۲۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ عَنْ يَسَارٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ وَزَادَ اَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ۔

حضرت منصور فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو وائل سے سنا وہ حضرت یسار سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا اور یہ اضافہ فرمایا "یا ایک صاع کھجوریں یا ایک صاع جو"۔

۴۹۳۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ يَسَارٍ مِثْلَهُ۔

حضرت سفیان، حضرت منصور سے وہ حضرت ابو وائل سے اور وہ حضرت یسار (رضی اللہ عنہم) سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں)

۴۹۴۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا هِلَالُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ يَسَارٍ مِثْلَهُ۔

حضرت اعمش، حضرت ابو وائل سے اور وہ حضرت یسار سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۴۹۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ وَعَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ قَالَا ثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيٍّ فِيْ كَفَّارَاتِ الْاَيْمَانِ فَذَكَرَ نَحْوًا مِمَّا رُوِيَ عَنْ عُمَرَ۔

حضرت عبد اللہ بن سلمہ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے قسموں کے کفاروں کے بارے میں روایت کرتے ہوئے اس کی مثل ذکر کرتے ہیں جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

۴۹۶۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ كَفَّارَةِ الْيَمِيْنِ قَالَ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ۔

حضرت مجاہد، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے قسم کے کفارہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا گندم سے نصف صاع ہے۔

وَهٰذَا خِلَافُ مَا رَوَيْنَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْفَصْلِ الَّذِيْ قَبْلَ هٰذَا فَهٰذَا عُمَرُ وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَدْ جَعَلَا الْاِطْعَامَ فِيْ كَفَّارَاتِ الْاَيْمَانِ مِنْ حِنْطَةٍ مُدَّيْنِ مُدَّيْنِ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ وَمِنَ الشَّعِيْرِ وَالتَّمْرِ صَاعًا صَاعًا فَكَذٰلِكَ نَقُوْلُ وَكَذٰلِكَ كُلُّ اِطْعَامٍ فِيْ كَفَّارَةٍ اَوْ غَيْرِهَا هٰذَا مِقْدَارُهٗ عَلٰى مَا اُجْمِعَ مِنْ كَفَّارَةِ الْاَدْنٰى۔

یہ روایت، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس روایت کے خلاف ہے جو اس سے پہلے ان سے مروی ہے تو حضرت عمر فاروق اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما نے قسموں کے کفاروں میں ہر مسکین کے لیے گندم سے دو دو مد مقرر فرمایا جبکہ جو اور کھجوروں سے ایک ایک صاع مقرر کیا ہم بھی یہی بات کہتے ہیں اسی طرح جہاں بھی کھانا کھلانا ہو کفارہ ہو یا غیر کفارہ اس کی یہی مقدار ہے جیسا کہ کم از کم کفارہ کے سلسلے میں اس پر اجماع ہے۔

وَقَدْ شَدَّ ذٰلِكَ أَيْضًا مَا قَدْ بَيَّنَّاهُ فِي كِتَابِ صَدَقَةِ الْفِطْرِ مِنْ مِقْدَارِهَا وَمَا ذَكَرْنَا فِي ذٰلِكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ۔

وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيْفَةَ وَأَبِي يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ۔

جو کچھ ہم نے صدقہ فطر کی کتاب میں اس کی مقدار بیان کی ہے اور اس سلسلے میں جو کچھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سے روایت کرتے ہوئے ذکر کیا وہ بھی اسی کی تائید کرتا ہے۔

یہی حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مسلک ہے۔

بَابُ ۱۹۸ الرَّجُلِ يَحْلِفُ أَنْ لَّا يُكَلِّمَ رَجُلًا شَهْرًا كَمْ عَدَدُ ذٰلِكَ الشَّهْرِ مِنَ الْأَيَّامِ

کسی سے مہینہ بھر کلام نہ کرنے کی قسم کھانا

۴۷۹۷ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَنَقَصَ فِي الثَّالِثَةِ إِصْبَعًا۔

حضرت محمد بن سعد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ اس طرح، اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے (یعنی تین بار ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ کیا) اور تیسری بار ایک انگلی کو کم رکھا۔

۴۷۹۸ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ إِسْمٰعِيْلَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي يَعْفُوْرٍ قَالَ تَذَاكَرْنَا عِنْدَ أَبِي الضُّحٰى الشَّهْرَ فَقَالَ بَعْضُنَا تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ وَقَالَ بَعْضُنَا ثَلَاثُوْنَ قَالَ أَبُو الضُّحٰى حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ أَصْبَحْنَا يَوْمًا وَنِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْنَ وَعِنْدَ كُلِّ امْرَأَةٍ مِّنْهُنَّ أَهْلُهَا فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَصَعِدَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي غُرْفَةٍ لَّهٗ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يُجِبْهُ أَحَدٌ ثُمَّ سَلَّمَ فَلَمْ يُجِبْهُ أَحَدٌ فَلَمَّا رَأٰى ذٰلِكَ انْصَرَفَ فَدَعَاهُ بِلَالٌ

حضرت ابویعقوب فرماتے ہیں ہم نے حضرت ابوالضحیٰ کے پاس مہینے کے بارے میں مذاکرہ کیا بعض حضرات کہنے لگے انتیس دن ہوتے ہیں اور بعض حضرات نے فرمایا تیس دن ہیں حضرت ابوالضحیٰ نے فرمایا ہم سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا فرماتے ہیں ہم نے ایک دن اول صبح کی کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات رو رہی تھیں اور ان میں سے ہر ایک کے پاس ان کے گھر والے تھے ہیں) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (بالاخانے میں) حاضر ہوگئے سلام عرض کیا تو کسی نے جواب نہ دیا پھر سلام پیش کیا تو کسی نے جواب نہ دیا جب یہ حالت دیکھی تو واپس لوٹ گئے حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپ کو بلایا اور آپ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوتے عرض کیا کیا آپ نے ازواج مطہرات کو طلاق دے دی آپ نے فرمایا "نہیں" بلکہ میں نے ان سے ایک

فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَطَلَّقْتَ نِسَاءَكَ قَالَ لَا وَلٰكِنْ اٰلَيْتُ مِنْهُنَّ شَهْرًا فَمَكَثَ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ نَزَلَ فَدَخَلَ عَلٰى نِسَآئِهٖ۔

مہینے کے لیے ایلاء کیا ہے (قریب نہ جانے کی قسم کھائی ہے) انتیس دن ٹھہرنے کے بعد آپ نیچے اترے اور ازواج مطہرات کے پاس تشریف لے گئے؟

۴۹۹- حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ إِدْرِيْسَ قَالَ ثَنَا اٰدَمُ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا جَبَلَةُ بْنُ سُحَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَضَمَّ إِبْهَامَهٗ فِي الثَّالِثَةِ۔

حضرت جبلہ بن سحیم فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا فرماتے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنے ہاتھوں کے ساتھ اشارہ فرماتے ہوئے) فرمایا مہینہ اس طرح ہوتا ہے تیسری بار آپ نے انگوٹھے کو ساتھ ملا لیا (یعنی پہلی اور دوسری بار دس دس انگلیوں کے ساتھ اور تیسری بار نو انگلیوں کے ساتھ اشارہ فرمایا گویا انتیس دن کا اشارہ تھا)

۵۰۰- حَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ ثَنَا اٰدَمُ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَذْكُرُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت سعید بن عمرو فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل ذکر کرتے ہیں۔

۵۰۱- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَصُوْمُوْا وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَأَفْطِرُوْا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدِرُوْا لَهٗ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے جب تم اسے دیکھو تو روزہ رکھو اور جب اسے (عید کے چاند کو) دیکھو تو روزہ افطار کرو اور اگر چاند (بادلوں کی وجہ) چھپ جائے تو (مہینے کا) اندازہ کرو (تیس دن پورے کرو)

وَقَدْ ذَكَرْنَا فِيْ هٰذَا أَيْضًا اٰثَارًا فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ كِتَابِنَا هٰذَا۔

اس سلسلے میں ہم نے اسی کتاب میں اس سے پہلے بھی روایات ذکر کی ہیں۔

۵۰۲- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْحَكَمِ السُّلَمِيَّ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰلٰى مِنْ نِّسَآئِهٖ شَهْرًا فَأَتَاهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ۔

حضرت ابوالحکم سلمی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات سے ایک مہینے کا ایلاء کیا پھر آپ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے اور عرض کیا اے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ مہینہ انتیس دن کا ہے۔

۵۰۳- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ

حضرت ابوسلمہ سے مروی ہے انہوں نے حضرت

صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُونَ۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا فرماتے تھے میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے ارشاد فرمایا مہینہ (کبھی) انتیس دن کا ہوتا ہے۔

۵۰۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ أَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَفَ أَنْ لَّا يَدْخُلَ عَلٰى بَعْضِ أَهْلِهِ شَهْرًا فَلَمَّا مَضٰى تِسْعٌ وَّعِشْرُونَ يَوْمًا غَدَا عَلَيْهِمْ أَوْ رَاحَ فَقِيلَ لَهُ حَلَفْتَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَنْ لَّا يَدْخُلَ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا فَقَالَ إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَّعِشْرُونَ يَوْمًا۔

حضرت عکرمہ بن عبدالرحمن سے مروی ہے ان کو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینے تک اپنی بعض ازواج مطہرات کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی جب انتیس دن گزر گئے تو صبح یا شام کے وقت آپ تشریف لائے عرض کیا گیا اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے ان کے پاس ایک مہینہ نہ جانے کی قسم کھائی تھی آپ نے فرمایا (یہ) مہینہ انتیس دن کا ہے۔

۵۰۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحٰقَ قَالَ ثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ هَجَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ شَهْرًا وَّكَانَ يَكُونُ فِي الْعُلْوِ وَيَكُنَّ فِي السُّفْلِ فَنَزَلَ إِلَيْهِنَّ فِي تِسْعٍ وَّعِشْرِينَ فَقَالَ رَجُلٌ إِنَّكَ مَكَثْتَ تِسْعًا وَّعِشْرِينَ لَيْلَةً فَقَالَ إِنَّ الشَّهْرَ هٰكَذَا هٰكَذَا بِأَصَابِعِ يَدَيْهِ وَهٰكَذَا وَقَبَضَ فِي الثَّالِثَةِ إِبْهَامَهُ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کو ایک مہینے تک چھوڑنے کی قسم کھائی اور آپ بالاخانے میں تھے اور وہ نچلی منزل میں تھیں انتیس دن بعد آپ ان کے پاس تشریف لائے تو ایک صحابی نے عرض کیا آپ انتیس راتیں ٹھہرے ہیں آپ نے انگلیوں سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا مہینہ اس طرح اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے تیسری بار انگوٹھے کو ملا لیا۔

۵۰۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا رَوْحٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا فَذَكَرَ مِثْلَهُ۔

حضرت ابوالزبیر فرماتے ہیں انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۰۷۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینے تک

عَنْ اَنَسٍ قَالَ اٰلٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ نِّسَآئِہٖ فَاَقَامَ فِیْ مَشْرُبَۃٍ تِسْعًا وَّعِشْرِیْنَ ثُمَّ نَزَلَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اٰلَیْتَ شَہْرًا فَقَالَ الشَّہْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ۔

ازواج مطہرات کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی، آپ انتیس دن بالاخانے میں ٹھہرے رہے پھر نیچے تشریف لائے صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ آپ نے تو ایک مہینے کی قسم کھائی تھی آپ نے فرمایا (یہ) مہینہ انتیس دن کا ہے۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ فَذَہَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا حَلَفَ لَا یُکَلِّمُ رَجُلًا شَہْرًا فَکَلَّمَہٗ بَعْدَ مُضِیِّ تِسْعَۃٍ وَّعِشْرِیْنَ یَوْمًا اَنَّہٗ لَا یَحْنَثُ۔

وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِکَ بِھٰذَا الْاٰثَارِ۔

وَخَالَفَھُمْ فِیْ ذٰلِکَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا اِنْ کَانَ حَلَفَ مَعَ رُؤْیَۃِ الْھِلَالِ فَھُوَ عَلٰی ذٰلِکَ الشَّھْرِ الَّذِیْ کَانَ ثَلٰثِیْنَ یَوْمًا اَوْ تِسْعًا وَّعِشْرِیْنَ یَوْمًا وَاِنْ کَانَ حَلَفَ فِیْ بَعْضِ شَھْرٍ فَیَمِیْنُہٗ عَلٰی ثَلٰثِیْنَ یَوْمًا۔

وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِکَ بِالْحَدِیْثِ الَّذِیْ ذَکَرْنَاہُ فِیْ اَوَّلِ ھٰذَا الْبَابِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّھْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ فَاِذَا رَاَیْتُمُوْہُ فَصُوْمُوْا وَاِذَا رَاَیْتُمُوْہُ فَاَفْطِرُوْا فَاِنْ غُمَّ عَلَیْکُمْ فَاَکْمِلُوْا ثَلٰثِیْنَ یَوْمًا اَفَلَا تَرَاہُ قَدْ اَوْجَبَ عَلَیْھِمْ اِذَا غُمَّ ثَلٰثِیْنَ وَجَعَلَہٗ عَلَی الْکَمَالِ حَتّٰی یَرَوُا الْھِلَالَ ذٰلِکَ وَکَذٰلِکَ فَعَلَ اَیْضًا فِیْ شَعْبَانَ اَمَرَ بِالصَّوْمِ بَعْدَ مَا یَرٰی ھِلَالَ شَھْرِ رَمَضَانَ فَاِذَا اُغْمِیَ عَلَیْھِمْ لَمْ یَصُوْمُوْا وَکَانَ شَعْبَانُ عَلَی الثَّلَاثِیْنَ اِلَّا اَنْ تَنْقَطِعَ ذٰلِکَ بِرُؤْیَۃِ الْھِلَالِ۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ غَیْرَ مَا فِی الْاٰثَارِ الْاُوَلِ۔

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ اگر کوئی شخص قسم اٹھائے کہ وہ کسی دوسرے شخص سے ایک مہینے تک کلام نہیں کرے گا پھر انتیس دن گزرنے کے بعد کلام کرے تو اسکی قسم نہیں ٹوٹے گی۔

انہوں نے اس سلسلے میں ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان کی مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں اگر اس نے چاند دیکھتے ہی قسم کھائی تھی تو وہ اس مہینے سے متعلق ہوگی وہ تیس دن کا ہو یا انتیس دن کا، اور اگر اس نے مہینے کے کچھ دن گزرنے پر قسم کھائی تھی تو اس کی قسم تیس دن کے لیے ہوگی۔

انہوں نے اس ضمن میں اس حدیث سے استدلال کیا جس کو ہم نے اس باب کے شروع میں ذکر کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے جب تم اسے (چاند کو) دیکھو تو روزہ رکھو اور جب اسے (عید کے چاند کو) دیکھو تو روزہ رکھنا ترک کر دو اگر وہ چھپ جائے تو تیس دن پورے کرو تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ چاند کے چھپ جانے کی صورت میں آپ نے تیس دن مقرر فرمائے اور اسے کامل مہینہ قرار دیا حتیٰ کہ وہ چاند دیکھ لیں اسی طرح شعبان کے سلسلے میں بھی کہا کہ ماہ رمضان کا چاند دیکھنے کے بعد روزہ رکھنے کا حکم دیا اور جب وہ ان پر مخفی ہو تو روزہ نہ رکھیں اور شعبان تیس دن کا ہوگا مگر یہ کہ چاند دکھائی دینے کی وجہ سے یہ مدت کم ہو جائے۔

اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلی روایات کے علاوہ بھی (روایات) مروی ہیں۔

۵۰۸ - حدثنا ابن ابی داؤد قال ثنا الوهبی قال ثنا ابن اسحاق عن عبد الله بن ابی بکر عن عمرة عن عائشة قالت حلف رسول الله صلی الله علیه وسلم لیهجرنا شهرا فدخل علینا لتسع وعشرین فقلنا یا رسول الله انک حلفت ان لا تکلمنا شهرا وانما اصبحت من تسع وعشرین فقال ان الشهر لا یتم۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینے تک ہمیں چھوڑے رکھنے کی قسم کھائی پھر انتیس دن بعد ہمارے پاس تشریف لائے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے قسم کھائی تھی کہ ہم سے ایک مہینے تک کلام نہیں فرمائیں گے اور آپ نے انتیس دن پورے کیے آپ نے فرمایا یہ مہینہ پورا نہیں ہے۔

فاخبر انه انما فعل ذلک لنقصان الشهر فهذا دلیل علی انه کان حلف علیهن مع غرة الهلال فکذلک نقول وقد روی فی هذا ما هو ابین من هذا۔

تو آپ نے بتایا کہ آپ نے مہینے کے کم ہونے کی وجہ ایسا کیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ نے چاند دیکھتے ہی ان کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی تھی ہم بھی یہی بات کہتے ہیں ۔ اس سلسلے میں اس سے بھی زیادہ واضح روایات ہیں۔

۵۰۹ - حدثنا ربیع المؤذن قال ثنا ابن وهب قال اخبرنی ابن ابی الزناد عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت وقولهم ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان الشهر تسع وعشرون لا والله ما کذلک قال انا والله اعلم بما قال فی ذلک انما قال حین هجرنا لاهجرکن شهرا فجاء حتی ذهب تسع وعشرون لیلة فقلت یا نبی الله انک اقسمت شهرا وانما غبت عنا تسعا وعشرین لیلة فقال ان شهرنا هذا کان تسعا وعشرین لیلة فثبت بذلک ان یمینه کانت مع رؤیة الهلال وقد روی عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه من هذا شیء۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں صحابہ کرام کا قول کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے اللہ کی قسم! آپ نے یوں نہیں فرمایا آپ نے جب ہمیں چھوڑا تو فرمایا میں تمہیں ایک مہینے تک چھوڑے رکھوں گا پھر انتیس راتیں گزرنے کے بعد آپ تشریف لائے تو میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی! آپ نے ایک مہینے کی قسم کھائی تھی جب کہ آپ ہم سے انتیس راتیں غائب رہے آپ نے فرمایا ہمارا یہ مہینہ انتیس راتوں کا تھا تو اس سے ثابت ہوا کہ آپ نے چاند دیکھتے ہی قسم کھائی تھی اس سلسلے میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے بھی کچھ مروی ہے۔

---

۵۱۰ - حدثنا ابو بکرة وابن مرزوق قالا ثنا عمر بن یونس قال ثنا عکرمة بن عمار عن سماک بن زمیل قال ثنی عبد الله بن عباس قال ثنی عمر بن الخطاب رضی الله عنه فذکر

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں مجھ سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات

إِيلَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِسَائِهِ وَأَنَّهُ نَزَلَ لِتِسْعٍ وَعِشْرِينَ وَقَالَ إِنَّ الشَّهْرَ قَدْ يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ۔

ہے ایلاء کا ذکر کیا اور یہ کہ آپ انتیس دن بعد نیچے تشریف لائے اور فرمایا کبھی مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے۔

۵۱۱۔ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ وَيَكُونُ ثَلَاثِينَ وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَصُومُوا وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَافْطِرُوا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ۔

بواسطہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے حضرت ابو سلمہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض اوقات مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے اور کبھی تیس دن کا تو جب تم اسے (چاند کو) دیکھو تو روزہ رکھو اور اسے دیکھ کر عید کرو اگر وہ تم پر چھپ جائے تو گنتی پوری کرو۔

فَأَخْبَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّهُ إِنَّمَا يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ بِرُؤْيَةِ الْهِلَالِ قَبْلَ الثَّلَاثِينَ فَقَدْ دَلَّتْ هَٰذِهِ الْآثَارُ لِمَا كَشَفَتْ عَمَّا ذَكَرْنَا۔

تو اس حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ (مہینہ) تیس دن سے پہلے چاند نظر آنے کی صورت میں انتیس دن کا ہوتا ہے یہ روایات ہمارے بیان سے ظاہر ہونے والی بات پر دلالت کرتی ہیں۔

وَهَٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللَّهُ۔

حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ ذَٰلِكَ أَيْضًا عَنِ الْحَسَنِ۔

۵۱۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ فِي رَجُلٍ نَذَرَ أَنْ يَصُومَ شَهْرًا قَالَ إِنِ ابْتَدَأَ لِرُؤْيَةِ الْهِلَالِ صَامَ لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطَرَ لِرُؤْيَتِهِ وَإِنِ ابْتَدَأَ فِي بَعْضِ الشَّهْرِ صَامَ ثَلَاثِينَ يَوْمًا وَاللَّهُ تَعَالَى أَعْلَمُ۔

اس سلسلے میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے حضرت اشعث نے حضرت حسن سے ایک شخص کے بارے میں روایت کیا جس نے ایک مہینہ روزہ رکھنے کی نذر مانی آپ نے فرمایا اگر وہ چاند کے ساتھ ابتدا کرے تو چاند دیکھ کر شروع کرے اور چاند دیکھ کر روزہ چھوڑ دے اور مہینے کی درمیان شروع کرے تو تیس دن روزہ رکھے اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

بَابُ ۱۹۹ الرَّجُلِ يُوجِبُ عَلَى نَفْسِهِ أَنْ يُصَلِّيَ فِي مَكَانٍ فَيُصَلِّي

کسی معین جگہ میں نماز پڑھنے کی نذر مان کر دوسری جگہ نماز پڑھنے

فِیْ غَیْرِہٖ

۵۱۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ ثَنَا الْخَصِیْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ حَبِیْبٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَوْمَ الْفَتْحِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ نَذَرْتُ اِنْ فَتَحَ اللّٰہُ عَلَیْکَ مَکَّۃَ اَنْ اُصَلِّیَ فِیْ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ فَقَالَ لَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلِّ ھٰھُنَا فَاَعَادَھَا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلَاثًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَاْنَکَ اِذًا۔

کا حکم

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فتح مکہ کے دن ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے نذر مانی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے مکہ مکرمہ کو فتح فرمایا تو میں بیت المقدس میں نماز پڑھوں گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا اسی جگہ نماز پڑھ لو۔ اس نے دو یا تین بار یہی سوال کیا تو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب جیسے چاہو کرو

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَ الَّذِیْ نَذَرَ اَنْ یُّصَلِّیَ فِیْ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ اَنْ یُّصَلِّیَ فِیْ غَیْرِہٖ فَقَالَ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ وَاَبُوْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ مَنْ جَعَلَ لِلّٰہِ عَلَیْہِ اَنْ یُّصَلِّیَ فِیْ غَیْرِہٖ اَجْزَاَہٗ ذٰلِکَ۔

وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِکَ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ غَیْرَ اَنَّ اَبَا یُوْسُفَ قَدْ قَالَ فِیْ اِمْلَائِہٖ مَنْ نَذَرَ اَنْ یُّصَلِّیَ فِیْ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ فَصَلّٰی فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَوْ فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَجْزَاَہٗ ذٰلِکَ لِاَنَّہٗ صَلّٰی فِیْ مَوْضِعٍ الصَّلٰوۃُ فِیْہِ اَفْضَلُ مِنَ الصَّلٰوۃِ فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ اَوْجَبَ الصَّلٰوۃَ فِیْہِ عَلٰی نَفْسِہٖ وَمَنْ نَذَرَ اَنْ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی نذر ماننے والے کو حکم دیا کہ وہ اس کے علاوہ کسی جگہ نماز پڑھ لے، حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کے لیے نذر مانے تو کسی دوسرے مقام پر نماز پڑھنا کافی ہے۔

انہوں نے اس سلسلے میں اس حدیث سے استدلال کیا ہے البتہ حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ نے اپنی املاء میں فرمایا کہ جس نے بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی نذر مانی پھر مسجد حرام یا مسجد نبوی میں نماز پڑھی تو اس کے لیے یہ کفایت کرتی ہے کیونکہ اس نے ایسے مقام پر نماز پڑھی ہے جو اس جگہ سے افضل ہے جہاں نماز پڑھنے کو اس نے اپنے اوپر واجب کیا ہے۔ اور جو شخص مسجد حرام میں نماز پڑھنے کی نذر مانے پھر بیت المقدس میں نماز پڑھے تو یہ جائز نہیں کیونکہ اس نے ایسی جگہ نماز پڑھی ہے جس میں نماز

يصلي في المسجد الحرام فصلى في بيت المقدس لم يجزه ذلك لانه صلى في مكان ليس للصلوة فيه من الفضل ما للصلوة في ذلك المكان الذي اوجب على نفسه الصلوة فيه واحتج في ذلك بما روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

کی وہ فضیلت نہیں جو اس جگہ میں ہے جہاں نماز پڑھنا اس نے اپنے اوپر لازم کیا تھا۔

انہوں نے اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی روایات سے استدلال کیا ہے۔

۵۱۴۔ حدثنا محمد بن خزيمة قال ثنا عمرو بن مرزوق قال ثنا شعبة عن ابي عبد العزيز الربذي عن عمرو بن الحكم عن سعد بن ابي وقاص عن النبي صلى الله عليه وسلم قال صلوة في مسجدي هذا افضل من الف صلوة فيما سواه الا المسجد الحرام۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا میری اس مسجد میں نماز پڑھنا مسجد حرام کے علاوہ دیگر مقامات میں ایک ہزار نماز سے افضل ہے۔

۵۱۵۔ حدثنا علي بن معبد قال ثنا مكي وشجاع ح وحدثنا عبد الرحمن بن الجارود قال ثنا مكي قالا ثنا موسى بن عبيدة عن داود بن مدرك عن عروة عن عائشة رضي الله عنها عن رسول الله صلى الله عليه وسلم مثله۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۱۶۔ حدثنا فهد قال ثنا يحيى بن عبد الحميد الحماني قال ثنا يعلى بن عبيد عن موسى الجهني عن نافع عن ابن عمر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم مثله۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۱۷۔ حدثنا ابو بكرة قال ثنا ابو عاصم قال اخبرنا ابن جريج قال سمعت نافعا مولى ابن عمر يقول حدثني ابراهيم بن عبد الله بن معبد بن عباس عن ميمونة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم مثله۔

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔

۵۱۸۔ حدثنا يونس قال اخبرنا ابن وهب قال اخبرني الليث قال ثني نافع فذكر باسناده مثله۔

حضرت لیث فرماتے ہیں مجھ سے حضرت نافع نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۱۹۔ حدثنا الربيع الجيزي قال ثنا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم

حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ قَالَ ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ مُوسٰى وَ حَدَّثَنِيْ هٰذَا الْحَدِيْثَ اَبُوْعُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں حضرت موسیٰ بن عقبہ (راوی) فرماتے ہیں مجھ سے یہ حدیث ابوعبداللہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے بیان کی وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۲۰۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ قَالَ ثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت قزعہ، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ (علیہ) وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۲۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ ثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ قَالَ ثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت سعید بن مسیب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۲۲۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابوسلمہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۲۳۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنَا اَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْعَامِرٍ ح وَحَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا اَفْلَحُ قَالَ ثَنِيْ اَبُوْبَكْرِ بْنُ حَزْمٍ عَنْ سَلْمَانَ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت سلمان اغرؒ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۲۴۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ زَيْدِ بْنِ رَبَاحٍ وَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوعبداللہ اغرؒ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

۵۲۵ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ سَلْمَانَ الْأَغَرِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

حضرت محمد بن عمرو، حضرت سلمان اغرؒ سے وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ۔

۵۲۶ - حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ ثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلْمَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

حضرت عبد اللہ بن سلمان، اپنے والد سے وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

---

۵۲۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

حضرت محمد بن ہلال، اپنے والد سے وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۲۸ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ ثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا صَالِحٍ هَلْ سَمِعْتَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَذْكُرُ فَضْلَ الصَّلٰوةِ فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا وَلٰكِنْ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَارِظٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ ۔

حضرت یحییٰ بن سعید فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو صالح رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا آپ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی فضیلت کا ذکر سنا انہوں نے فرمایا نہیں، البتہ مجھ سے حضرت ابراہیم بن عبد اللہ بن قارظ نے بیان کیا انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (روایت کرتے ہوئے) بیان کرتے تھے انہوں نے اس (گزشتہ حدیث) کی مثل ذکر کیا ۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَهٰذَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَضَّلَ الصَّلٰوةَ فِي مَسْجِدِهِ عَلَى الصَّلٰوةِ فِي غَيْرِهِ بِأَلْفِ صَلٰوةٍ غَيْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَاحْتَمَلَ أَنْ يَكُونَ لَا فَضْلَ لِلصَّلٰوةِ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ عَلَى الصَّلٰوةِ فِي مَسْجِدِهِ أَوْ تَكُونَ الصَّلٰوةُ فِي أَحَدِهِمَا أَفْضَلَ مِنَ

حضرت ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی میں نماز کو مسجد حرام کے علاوہ دیگر مساجد کی ہزار نمازوں سے افضل قرار دیا۔ تو اس بات کا احتمال ہے کہ مسجد نبوی میں پڑھی جانے والی نماز پر مسجد حرام کی نماز کو فضیلت نہ ہو یا ان میں سے ایک مسجد کی نماز دوسری مسجد میں پڑھی جانے والی نماز سے

الصَّلٰوةِ فِي الْاٰخَرِ فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ ۔

۵۲۹ ۔ فَاِذَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ حَبِيْبٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةٌ فِيْ مَسْجِدِيْ هٰذَا اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وَصَلٰوةٌ فِيْ ذٰلِكَ اَفْضَلُ مِنْ مِائَةِ صَلٰوةٍ فِيْ هٰذَا ۔

۵۳۰ ۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ ثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ قَالَ ثَنِيْ زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ عَتِيْقٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَرْفَعْهُ ۔

قَالَ سُفْيَانُ فَيَرَوْنَ اَنَّ الصَّلٰوةَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَفْضَلُ مِنْ مِائَةِ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا فِيْ مَسْجِدِ الرَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّمَا فَضْلُهٗ عَلَيْهِ بِمِائَةِ صَلٰوةٍ ۔

۵۳۱ ۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةٌ فِيْ مَسْجِدِيْ هٰذَا اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وَصَلٰوةٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَفْضَلُ مِنْ مِائَةِ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ قَالَ فَلَمَّا كَانَ فَضْلُ الصَّلٰوةِ فِيْ بَعْضِ هٰذِهِ الْمَسَاجِدِ عَلٰى بَعْضٍ عَلٰى مَا قَدْ ذُكِرَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ لَمْ يُجْزِ لِمَنْ اَوْجَبَ عَلٰى نَفْسِهٖ صَلٰوةً فِيْ شَيْءٍ مِنْهَا اِلَّا اَنْ يُصَلِّيَهَا حَيْثُ اَوْجَبَ

افضل ہو، تو ہم نے اس سلسلے میں غور کیا۔

حضرت عطاء بن زبیر (یا عطاء بن ابو الزبیر) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اس مسجد میں نماز دیگر مساجد کی ہزار نمازوں سے افضل ہے سوائے مسجد حرام کے کیونکہ اس میں پڑھی جانے والی نماز اس (مسجد نبوی) کی ایک سو نمازوں سے افضل ہے۔

حضرت سلیمان بن عتیق فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے منبر پر سنا فرماتے تھے میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا پھر انہوں نے اس کی مثل لیکن غیر مرفوع ذکر کیا (یعنی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا اپنا قول ہے)

حضرت سفیان فرماتے ہیں فقہاء کرام مسجد حرام میں نماز کو دیگر مساجد کی ایک لاکھ نمازوں کے برابر سمجھتے ہیں البتہ مسجد نبوی کی سو نمازوں کا درجہ اس کی ایک نماز کے برابر ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اس مسجد میں نماز مسجد حرام کے علاوہ مساجد کی ہزار نمازوں سے افضل ہے اور مسجد حرام میں نماز دیگر مساجد کی ایک لاکھ نمازوں سے افضل ہے تو جب ان میں سے بعض مساجد کے مقابلے میں دیگر مساجد میں نماز کو فضیلت حاصل ہے جیسا کہ ان روایات میں ذکر کیا گیا تو وہ شخص جو اپنے اوپر نماز کو واجب کرتا ہے وہ صرف اسی جگہ جہاں کی اس نے نذر مانی ہے یا اس سے افضل جگہ

اَوْ فِيْمَا هُوَ اَفْضَلُ مِنْهُ مِنَ الْمَوَاضِعِ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لِاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدٍ عَلٰى اَهْلِ هٰذَا الْقَوْلِ اَنَّ مَعْنٰى قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةٌ فِيْ مَسْجِدِيْ هٰذَا اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ اِنَّمَا ذٰلِكَ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ لَا عَلَى التَّنَفُّلِ۔

اَلَا تَرٰى اِلٰى قَوْلِهٖ فِيْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ لَاَنْ اُصَلِّيَ فِيْ بَيْتِيْ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُصَلِّيَ فِي الْمَسْجِدِ وَقَوْلُهٗ فِيْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ خَيْرُ صَلٰوةِ الْمَرْءِ فِيْ بَيْتِهٖ اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ وَذٰلِكَ اَنَّهٗ حِيْنَ اَرَادَ اَنْ يَّقُوْمَ بِهِمْ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي التَّطَوُّعِ وَقَدْ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الْمَوْضِعِ مِنْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ فَلَمَّا رُوِيَ ذٰلِكَ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا كَانَ تَصْحِيْحُ الْاٰثَارِ يُوْجِبُ اَنَّ الصَّلٰوةَ فِيْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ لَهَا الْفَضْلُ عَلَى الصَّلَوَاتِ فِي الْبُيُوْتِ هِيَ الصَّلٰوةُ الَّتِيْ هِيَ خِلَافُ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ وَهِيَ الْمَكْتُوْبَةُ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ فَسَادُ مَا احْتَجَّ بِهٖ اَبُوْ يُوْسُفَ وَثَبَتَ اَنَّ مَنْ اَوْجَبَ عَلٰى نَفْسِهٖ صَلٰوةً فِيْ مَكَانٍ فَصَلَّاهَا فِيْ غَيْرِهٖ اَجْزَاَهٗ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ الْاٰثَارِ۔

وَاَمَّا وَجْهُهٗ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَاِنَّا رَاَيْنَا الرَّجُلَ اِذَا قَالَ لِلّٰهِ عَلَيَّ اَنْ اُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَالصَّلٰوةُ الَّتِيْ اَوْجَبَهَا قُرْبَةً حَيْثُ مَا كَانَتْ فَهِيَ عَلَيْهِ وَاجِبَةٌ ثُمَّ اَرَدْنَا اَنْ نَّنْظُرَ فِي الْمَوْطِنِ الَّذِيْ اَوْجَبَ عَلٰى نَفْسِهٖ اَنْ يُّصَلِّيَهَا فِيْهِ هَلْ يَجِبُ

نماز پڑھ سکتا ہے۔

اس قول والوں کے خلاف حضرت امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ کی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی "میری اس مسجد میں ایک نماز دیگر مساجد کی ایک ہزار نمازوں سے افضل ہے"۔ کا معنیٰ یہ ہے کہ اس سے فرض نمازیں مراد ہیں نوافل مراد نہیں۔

کیا تم حضرت عبداللہ بن سعد رضی اللہ عنہ کی روایت میں آپ کے اس قول کو نہیں دیکھتے کہ مجھے اپنے گھر میں نماز پڑھنا مسجد میں پڑھنے سے زیادہ پسند ہے۔ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کی روایت میں آپ کا ارشاد گرامی کہ انسان کی بہترین نماز وہ ہے جو گھر میں پڑھی جائے سوائے فرائض کے، اور آپ نے یہ بات اس وقت فرمائی جب آپ نے ارادہ فرمایا کہ رمضان المبارک میں ان کو نوافل پڑھائیں یہ بات ہم نے ان روایات کے ضمن میں دوسری جگہ بیان کی تو جب یہ روایات ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا تو روایات کی تصحیح سے لازم آتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں جس نماز کو گھر کی نمازوں پر فضیلت حاصل ہے وہ اس نماز کے خلاف ہے یعنی وہ فرض نماز ہے تو اس سے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے استدلال کا فساد ثابت ہو گیا اور یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ جو شخص کسی جگہ نماز پڑھنے کی نذر مانے پھر دوسری جگہ پڑھے تو اس کے لیے یہ جائز ہے — روایات کے طریقے پر اس باب کا بیان یہ ہے۔

اور قیاس کے طریقے پر اس کا بیان یوں ہے کہ ہم ایک شخص کو دیکھتے ہیں جب وہ کہتا ہے اللہ کے لیے مجھ پر مسجد حرام میں دو رکعتیں پڑھنا لازم ہے تو جس نماز کو اس نے بطور قرب (عبادت) لازم کیا وہ اس پر واجب ہو گئی جہاں بھی پڑھے پھر ہم نے ارادہ کیا کہ دیکھیں جس جگہ نماز پڑھنے کی اس نے نذر مانی ہے تو کیا وہ اس پر اسی طرح واجب ہے جس طرح یہ امسجد

عَلَيْهِ كَمَا يَجِبُ عَلَيْهِ تِلْكَ الصَّلٰوةَ اَمْ لَا فَرَاَيْنَاهُ لَوْ قَالَ لِلّٰهِ عَلَيَّ اَنْ اَلْبَثَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سَاعَةً لَمْ يَجِبْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ اللَّبْثُ هُوَ لَوْ فَعَلَهُ قُرْبَةً فَكَانَ اللَّبْثُ وَاِنْ كَانَ قُرْبَةً لَا يَجِبُ بِاِيْجَابِ الرَّجُلِ اِيَّاهُ عَلٰى نَفْسِهِ فَلَمَّا كَانَ مَا ذَكَرْنَا كَذٰلِكَ كَانَ مَنْ اَوْجَبَ لِلّٰهِ عَلٰى نَفْسِهِ صَلٰوةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَجَبَتْ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَلَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ اللَّبْثُ بِهَا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

حرام والی نماز) واجب ہے یا نہیں تو ہم نے اسے دیکھا کہ اگر اس نے کہا اللہ کے لیے مجھ پر لازم ہے کہ میں مسجد حرام میں ایک گھڑی ٹھہروں گا تو یہ اس پر واجب نہ ہوگا۔ اگرچہ یہ ٹھہرنا عبادت ہوتی اگر وہ ٹھہرتا تو (مسجد حرام میں) ٹھہرنا اگرچہ عبادت ہے لیکن آدمی کے اپنے واجب کرنے سے واجب نہیں ہوتی تو جب یہ بات یوں ہے جس طرح ہم نے ذکر کیا تو جو شخص اپنے اوپر مسجد حرام میں نماز پڑھنا لازم کرے اس پر وہ نماز واجب ہو جائے گی اور اس سے مسجد حرام میں ٹھہرنا واجب نہ ہوگا اس باب میں قیاس یہی ہے اور یہی حضرت امام اعظم ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ الرَّجُلِ يُوْجِبُ عَلٰى نَفْسِهِ الْمَشْيَ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ

کسی شخص کا بیت اللہ شریف کی طرف پیدل جانے کی نذر ماننا

۵۳۲۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِيْ الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنِيْ الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْيَمَامِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ حُمَيْدَ الطَّوِيْلَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ يُهَادٰى بَيْنَ اِبْنَيْنِ لَهُ فَسَاَلَ عَنْهُ فَقَالُوْا نَذَرَ اَنْ يَمْشِيَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَغَنِيٌّ عَنْ تَعْذِيْبِ هٰذَا نَفْسَهُ وَ اَمَرَهُ اَنْ يَّرْكَبَ۔

حضرت یحییٰ بن سعید سے مروی ہے کہ حضرت حمید طویل نے ان کو بتایا انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسے آدمی کے پاس سے گزرے جو اپنے دو بیٹوں کے سہارے سے چل رہا تھا آپ نے اس کے بارے میں پوچھا تو صحابہ کرام نے بتایا اس نے پیدل چلنے کی نذر مانی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص کے اپنے آپ کو عذاب دینے سے بے نیاز ہے اور آپ نے اسے سوار ہونے کا حکم دیا۔

۵۳۳۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ الْجِيْزِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَا ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حُمَيْدٍ

حضرت یحییٰ بن حمید، حضرت ثابت سے وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

۴۵۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عِيْسَى ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَنْصُوْرٍ عَنْ دُخَيْنِ الْحَجَرِيِّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرِ الْجُهَنِيِّ قَالَ نَذَرَتْ اُخْتِيْ اَنْ تَمْشِيَ اِلَى الْكَعْبَةِ حَافِيَةً حَاسِرَةً فَاَتَى عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُ هٰذِهٖ قَالُوْا نَذَرَتْ اَنْ تَمْشِيَ اِلَى الْكَعْبَةِ حَافِيَةً حَاسِرَةً فَقَالَ مُرُوْهَا فَلْتَرْكَبْ وَلْتَخْتَمِرْ۔

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میری بہن نے نذر مانی کہ وہ کعبہ شریف کی طرف ننگے پاؤں ننگے سر جائے گی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو فرمایا اسے کیا ہوا صحابہ کرام نے بتایا کہ اس نے کعبہ شریف کی طرف ننگے پاؤں برہنہ سر جانے کی نذر مانی ہے آپ نے فرمایا اسے کہو کہ سوار ہو اور دوپٹہ اوڑھے۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذِهِ الْاٰثَارِ فَقَالُوْا مَنْ نَذَرَ اَنْ يَحُجَّ مَاشِيًا اُمِرَ اَنْ يَرْكَبَ وَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ غَيْرَ ذٰلِكَ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا يَرْكَبُ كَمَا جَاءَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَاِنْ كَانَ اَرَادَ بِقَوْلِهٖ لِلّٰهِ عَلَيَّ مَعْنَى الْيَمِيْنِ فَعَلَيْهِ مَعَ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ لِاَنَّ مَعْنٰى لِلّٰهِ عَلَيَّ قَدْ يَكُوْنُ فِيْ مَعْنٰى وَاللّٰهِ لِاَنَّ النَّذْرَ مَعْنَاهُ مَعْنَى الْيَمِيْنِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ فِي النَّذْرِ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ۔

فَمِمَّا رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الزُّبَيْرِ التَّمِيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نَذْرَ فِيْ غَضَبٍ وَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ۔

تحقیق مسئلہ

حضرت امام جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت ان روایات کی طرف گئی ہے وہ فرماتے ہیں جو شخص پیدل چل کر حج کرنے کی نذر مانے اسے سوار ہونے کو کہا جائے اور اس پر اس کے علاوہ کچھ بھی لازم نہ ہوگا۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ سوار ہو جائے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اب اگر "اللہ کے لیے مجھ پر لازم ہے" کے الفاظ سے قسم مقصود تھی تو اس پر قسم کا کفارہ بھی لازم ہوگا کیونکہ "للہ علیّ" کے الفاظ بعض اوقات "واللہ" کے معنی میں (یعنی قسم کے لیے) آتے ہیں کیونکہ نذر اور قسم کا ایک ہی مطلب ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سلسلے میں احادیث مروی ہیں کہ نذر میں قسم کا کفارہ ہے۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حالتِ غصہ میں نذر نہیں اور اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم کا ہے۔ (یعنی اس نذر کو پورا نہ کرے بلکہ کفارہ دے)

۵۳۶- حَدَّثَنَا یُونُسُ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الزُّبَیْرِ فَذَکَرَ بِإِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت حماد بن زید، حضرت محمد بن زبیر سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۳۷- حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ سَلَمَۃَ الْمِنْقَرِیُّ قَالَ ثَنَا أَبَانُ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ أَبِیْ کَثِیْرٍ قَالَ ثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الزُّبَیْرِ الْحَنْظَلِیُّ فَذَکَرَ بِإِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت یحییٰ بن ابی کثیر فرماتے ہیں مجھ سے حضرت محمد بن زبیر حنظلی نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۳۸- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ قَالَ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزُّبَیْرِ فَذَکَرَ بِإِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت عبادہ بن عوام فرماتے ہیں: ہم سے حضرت محمد بن زبیر نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۳۹- حَدَّثَنَا فَہْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَہَّابِ ابْنُ عَطَاءٍ قَالَا أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزُّبَیْرِ الْحَنْظَلِیُّ عَنْ أَبِیْہِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عِمْرَانَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

حضرت عبد اللہ اور حضرت عبد الوہاب بن عطاء دونوں نے بتایا کہ ہمیں محمد بن زبیر حنظلی نے اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے خبر دی انہوں نے ایک شخص سے اس نے حضرت عمران رضی اللہ عنہ سے انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کیا۔

۵۴۰- حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا أَیُّوْبُ بْنُ سُلَیْمَانَ بْنِ بِلَالٍ قَالَ ثَنِیْ أَبُوْ بَکْرِ بْنُ أَبِیْ أُوَیْسٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِیْ عَتِیْقٍ وَمُوْسَی بْنِ عُقْبَۃَ عَنِ ابْنِ شِہَابٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ عَنْ یَحْیَی بْنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ الَّذِیْ کَانَ یَسْکُنُ الْیَمَامَۃَ أَنَّہٗ حَدَّثَہٗ أَنَّہٗ سَمِعَ أَبَا سَلَمَۃَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ یُخْبِرُ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نَذْرَ فِیْ مَعْصِیَۃٍ وَکَفَّارَتُہٗ کَفَّارَۃُ یَمِیْنٍ۔

حضرت سلیمان بن ارقم، حضرت یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کرتے ہیں جو یمامہ میں رہتے تھے انہوں نے ان سے بیان کیا کہ انہوں نے حضرت ابوسلمہ بن عبد الرحمٰن سے سنا جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے خبر دیتے تھے انہوں نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا گناہ کے کام کی نذر نہیں اور اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم کا ہے۔

۵۴۱- حَدَّثَنَا یُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَہْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ کَعْبِ بْنِ

حضرت عقبہ بن عامر، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شَمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ۔

آپ نے فرمایا نذر کا کفارہ وہی ہے جو قسم کا کفارہ ہے۔

۵۴۲۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ رَافِعٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهِ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص بغیر نام لیے (مجہول) نذر مانے تو اس کا کفارہ، وہی ہے جو قسم کا کفارہ ہے۔

۵۴۳۔ وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ أَيْضًا مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُعَافِرِيُّ عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ أُخْتَهُ نَذَرَتْ أَنْ تَمْشِيَ إِلَى الْكَعْبَةِ حَافِيَةً غَيْرَ مُخْتَمِرَةٍ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُقْبَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْ أُخْتَكَ فَلْتَرْكَبْ وَلْتَخْتَمِرْ وَلْتَصُمْ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ۔

انہوں نے اس سلسلے میں مزید ذکر کیا حضرت ابو عبدالرحمٰن حُبُلی حضرت عقبہ بن عامر جہنی سے روایت کرتے ہیں کہ ان کی بہن نے ننگے پاؤں ننگے سر، کعبۃ اللہ کی طرف جانے کی نذر مانی، حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت عرض کی تو آپ نے فرمایا اپنی بہن سے کہو کہ وہ سوار ہو، دوپٹہ اوڑھے اور تین دن کا روزہ رکھے۔

۵۴۴۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الرُّعَيْنِيَّ يَذْكُرُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ مِثْلَهُ۔

حضرت عبید اللہ بن زحر سے مروی ہے انہوں نے حضرت ابو سعید رعینی سے سنا وہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل ذکر کرتے ہیں۔

۵۴۵۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْيَحْصُبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت ابو سعید یحصبی، حضرت عبد اللہ بن مالک سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

قَالُوْا فَتِلْكَ الثَّلٰثَةُ الْاَيَّامِ اِنَّمَا كَانَتْ كَفَّارَةً لِيَمِيْنِهَا الَّتِيْ كَانَتْ بِهَا حَالِفَةً بِقَوْلِهَا لِلّٰهِ عَلَيَّ اَنْ اَحُجَّ مَاشِيَةً۔

یہ حضرات فرماتے ہیں یہ اس کی قسم کا کفارہ ہے جو یہ کہہ کر اٹھائی تھی کہ "اللہ تعالیٰ کے لیے مجھ پر پیدل حج لازم ہے"۔

۵۴۶۔ وَقَدْ دَلَّ عَلٰى ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُخْتِيْ نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ مَاشِيَةً فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَصْنَعُ بِشَقَآءِ اُخْتِكَ شَيْئًا لِتَحُجَّ رَاكِبَةً وَتُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِهَا۔

اس پر یہ روایت دلالت کرتی ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے ایک شخص بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میری بہن نے پیدل چل کر حج کرنے کی نذر مانی ہے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو تمہاری بہن کے اپنے آپ کو تنگی میں مبتلا کرنے کی کوئی حاجت نہیں اسے چاہیے کہ سوار ہو کر حج کو جائے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔

وَخَالَفَ هٰؤُلَآءِ اَيْضًا اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا بَلْ نَاْمُرُ هٰذَا الَّذِيْ نَذَرَ اَنْ يَحُجَّ مَاشِيًا اَنْ يَرْكَبَ وَيُكَفِّرَ يَمِيْنَهٗ اِنْ كَانَ اَرَادَ يَمِيْنًا وَنَاْمُرُهٗ مَعَ هٰذَا بِالْهَدْيِ۔

کچھ دوسرے حضرات نے بھی ان کی مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں جس نے پیدل حج کرنے کی نذر مانی ہو ہم اسے سوار ہونے اور اگر قسم کا ارادہ کیا تھا تو اس کا کفارہ دینے اور اس کے ساتھ ساتھ قربانی دینے کا بھی حکم دیتے ہیں۔

۵۴۷۔ وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ شَيْبَةَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّ اُخْتَهٗ نَذَرَتْ اَنْ تَمْشِيَ اِلَى الْكَعْبَةِ حَافِيَةً نَاشِرَةً شَعْرَهَا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْهَا فَلْتَرْكَبْ وَلْتَخْتَمِرْ وَلْتُهْدِ هَدْيًا۔

اس سلسلے میں ان کی دلیل یہ ہے حضرت عکرمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو بتایا کہ ان کی بہن نے کعبۃ اللہ کی طرف ننگے پاؤں اور کھلے بالوں کے ساتھ جانے کی نذر مانی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اسے کہو کہ وہ سوار ہو اور دوپٹہ اوڑھے اور جانور کی قربانی دے۔

۵۴۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عِيْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا مَطَرُ الْوَرَّاقُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ نَذَرَتْ اُخْتِيْ اَنْ تَمْشِيَ اِلَى الْكَعْبَةِ فَاَتٰى عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میری بہن نے کعبۃ اللہ کی طرف پیدل چل کر جانے کی نذر مانی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اسے کیا ہوا؟ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے کعبۃ اللہ کی طرف پیدل جانے کی نذر مانی ہے

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا لِهٰذِهٖ فَقَالُوْا نَذَرَتْ اَنْ تَمْشِيَ اِلَى الْكَعْبَةِ فَقَالَ اِنَّ اللهَ لَغَنِيٌّ عَنْ مَشْيِهَا مُرُوْهَا فَلْتَرْكَبْ وَلْتُهْدِ بَدَنَةً ۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهَا بِالْهَدْيِ لِمَكَانِ رُكُوْبِهَا فَتَصْحِيْحُ هٰذِهِ الْاٰثَارِ كُلِّهَا يُوْجِبُ اَنْ يَكُوْنَ حُكْمُ مَنْ نَذَرَ اَنْ يَحُجَّ مَاشِيًا اَنْ يَرْكَبَ اِنْ اَحَبَّ ذٰلِكَ وَيُهْدِيْ هَدْيًا لِتَرْكِهِ الْمَشْيَ وَيُكَفِّرُ عَنْ يَمِيْنِهٖ لِحِنْثِهٖ فِيْهَا وَبِهٰذَا كَانَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ يَقُوْلُوْنَ ۔

وَاَمَّا وَجْهُ النَّظَرِ فِيْ ذٰلِكَ فَاِنَّ قَوْمًا قَالُوْا لَيْسَ الْمَشْيُ فِيْمَا يُوْجِبُهُ نَذْرٌ لِاَنَّ فِيْهِ تَعَبًا لِلْبَدَنِ وَلَيْسَ الْمَاشِيْ فِيْ حَالِ مَشْيِهٖ فِيْ حُرْمَةِ اِحْرَامٍ فَلَمْ يُوْجِبُوْا عَلَيْهِ الْمَشْيَ وَلَا بَدَلًا مِنَ الْمَشْيِ ۔

فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ فَرَاَيْنَا الْحَجَّ فِيْهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ وَالْوُقُوْفُ بِعَرَفَةَ وَبِجَمْعٍ وَكَانَ الطَّوَافُ مِنْهُ مَا يَفْعَلُهُ الرَّجُلُ فِيْ حَالِ اِحْرَامِهٖ وَهُوَ طَوَافُ الزِّيَارَةِ وَمِنْهُ مَا يَفْعَلُهُ بَعْدَ اَنْ يَحِلَّ مِنْ اِحْرَامِهٖ وَهُوَ طَوَافُ الصَّدَرِ وَكَانَ ذٰلِكَ كُلُّهُ مِنْ اَسْبَابِ الْحَجِّ قَدْ اُرِيْدَ اَنْ يَفْعَلَهُ الرَّجُلُ مَاشِيًا وَكَانَ مَنْ فَعَلَهُ رَاكِبًا مُقَصِّرًا وَجُعِلَ عَلَيْهِ الدَّمُ هٰذَا اِذَا كَانَ فَعَلَهُ لَا مِنْ عِلَّةٍ وَاِنْ كَانَ فَعَلَهُ مِنْ عِلَّةٍ فَاِنَّ النَّاسَ مُخْتَلِفُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَمِمَّنْ قَالَ بِذٰلِكَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَبُوْيُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَلَيْهِ دَمٌ وَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ عِنْدَنَا لِاَنَّ الْعِلَلَ اِنَّمَا تُسْقِطُ الْاٰثَامَ فِيْ اِنْتِهَاكِ الْحُرُمَاتِ وَلَا تُسْقِطُ الْكَفَّارَاتِ اَلَا تَرٰى اَنَّ اللهَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى قَالَ وَلَا

آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس کے پیدل چلنے سے بے نیاز ہے اسے کہو کہ سوار ہو اور ہدیہ (لگائے با اونٹ) کی قربانی دے۔

تو اس حدیث میں ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سوار ہونے کی وجہ سے قربانی کا حکم دیا تو ان تمام روایات کی تصحیح سے لازم آیا کہ جو شخص پیدل چل کر حج کرنے کی نذر مانے وہ اگر چاہے تو سوار ہو اور پیدل چلنے سے رکنے کی وجہ سے جانور کی قربانی دے اور قسم توڑنے کی وجہ سے اس کا کفارہ دے حضرت امام ابوحنیفہ اور امام محمد وابو یوسف رحمہم اللہ یہی بات فرماتے تھے۔

قیاس کے طور پر اس کا بیان یہ ہے ایک جماعت کہتی ہے کہ پیدل چلنے کو لازم کر دینا نذر نہیں ہے کیونکہ اس میں بدن کو تھکاوٹ میں مبتلا کر دینا ہے اور پیدل چلنے والا اس حالت میں احرام کی حرمت میں نہیں ہوتا اس لیے وہ حضرات نہ تو اس کے لیے پیدل چلنا ضروری قرار دیتے ہیں

ہم نے اس سلسلے میں غور کیا تو دیکھا کہ حج میں بیت اللہ شریف کا طواف ہوتا ہے نیز عرفات اور مزدلفہ میں وقوف ہوتا ہے ایک طواف وہ ہے جسے آدمی احرام کی حالت میں کرتا ہے اور وہ طواف زیارت ہے ایک طواف وہ ہے جسے احرام سے نکلنے کے بعد کرتا ہے اور وہ طواف صدر ہے اور یہ تمام، اسباب حج میں ہیں بعض اوقات انسان ان امور کو پیدل چل کر کرنے کا ارادہ کرتا ہے اب اگر سواری کی حالت میں کرے تو وہ کوتاہی کرنے والا شمار ہوتا ہے اور اس پر قربانی لازم ہوتی ہے یہ اس وقت ہے جب وہ کسی عذر کے بغیر ایسا کرے اور اگر وہ کسی بیماری وغیرہ کی وجہ سے ایسا کرے تو اس میں اختلاف ہے بعض حضرات فرماتے ہیں اس پر کچھ بھی لازم نہیں ان قائلین میں حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں بعض حضرات فرماتے ہیں اس پر قربانی لازم ہے ہمارے نزدیک قیاس یہی ہے کیونکہ بیماریاں (عذر) حرمات کی خلاف ورزی کے گناہ کو ساقط کرتی ہیں کفاروں کو ساتھ ساقط نہیں کرتیں کیا تم نہیں دیکھتے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ”اور سر کو نہ منڈاؤ حتی کہ

تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْىُ مَحِلَّهٗ وَكَانَ حَلْقُ الرَّأْسِ حَرَامًا عَلَى الْمُحْرِمِ فِىْ اِحْرَامِهٖ اِلَّا مَنْ عُذْرٍ فَاِنْ حَلَقَهٗ فَعَلَيْهِ الْاِثْمُ وَالْكَفَّارَةُ وَاِنِ اضْطُرَّ اِلٰى حَلْقِهٖ فَعَلَيْهِ الْكَفَّارَةُ وَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ فَكَانَ الْعُذْرُ يُسْقِطُ بِهِ الْاٰثَامَ وَلَا يَسْقُطُ بِهِ الْكَفَّارَاتُ فَكَانَ يَجِبُ فِى النَّظْرِ اَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ حُكْمُ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ اِذَا كَانَ مَنْ طَافَهٗ رَاكِبًا لِلزِّيَارَةِ لَا مِنْ عُذْرٍ فَعَلَيْهِ دَمٌ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ مَنْ طَافَهٗ مِنْ عُذْرٍ رَاكِبًا كَذٰلِكَ اَيْضًا فَهٰذَا حُكْمُ النَّظْرِ فِىْ هٰذَا الْبَابِ وَهُوَ قِيَاسُ قَوْلِ زُفَرَ وَلٰكِنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَبَا يُوْسُفَ وَمُحَمَّدًا لَمْ يَجْعَلُوْا عَلٰى مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ طَوَافَ الزِّيَارَةِ رَاكِبًا مِنْ عُذْرٍ شَيْئًا ۔

قربانی کا جانور اپنی قربان گاہ تک پہنچ جائے اور مُحرم پر حالت احرام میں کسی عذر کے بغیر سر منڈانا حرام ہے اور اگر وہ منڈائے تو اس پر گناہ اور کفارہ ہے اور اگر وہ مجبوراً منڈائے تو اس پر صرف کفارہ ہے گناہ نہیں تو عذر کے ساتھ گناہ ساقط ہو جاتے ہیں کفارے ساقط نہیں ہوتے تو قیاس کے مطابق بیت اللہ شریف کے طواف کا حکم بھی اسی طرح لازم ہوتا ہے کہ جب کوئی شخص طواف زیارت کسی عذر کے بغیر سواری پر کرے تو اس پر قربانی لازم ہو گی اور جو شخص عذر کی وجہ سے سواری پر طوافِ زیارت کرے اس کا بھی یہی حکم ہے اس باب میں قیاس یہی ہے اور حضرت امام زفر رحمہ اللہ کے قول کا قیاس بھی اسی طرح ہے لیکن حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ نے اس شخص پر کچھ بھی لازم نہیں کیا جو کسی عذر کے بغیر سوار ہو کر طواف زیارت کرتا ہے ۔

فَلَمَّا ثَبَتَ بِالنَّظْرِ مَا ذَكَرْنَا كَانَ كَذٰلِكَ الْمَشْىُ لَمَّا رَاَيْنَاهُ قَدْ يَجِبُ بَعْدَ فَرَاغِ الْاِحْرَامِ اِذْ كَانَ مِنْ اَسْبَابِهٖ كَمَا يَجِبُ فِى الْاِحْرَامِ كَانَ كَذٰلِكَ الْمَشْىُ الَّذِىْ قَبْلَ الْاِحْرَامِ حُكْمُهٗ حُكْمُ الْمَشْىِ الْوَاجِبِ فِى الْاِحْرَامِ فَكَمَا كَانَ عَلٰى تَارِكِ الْمَشْىِ الْوَاجِبِ فِى الْاِحْرَامِ دَمٌ كَانَ عَلٰى تَارِكِ هٰذَا الْمَشْىِ الْوَاجِبِ قَبْلَ الْاِحْرَامِ دَمٌ اَيْضًا وَذٰلِكَ وَاجِبٌ عَلَيْهِ فِىْ حَالِ قُوَّتِهٖ عَلَى الْمَشْىِ وَفِىْ حَالِ عَجْزِهٖ عَنْهُ فِىْ قَوْلِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَاَبِىْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ اَيْضًا وَذٰلِكَ دَلِيْلٌ لَنَا صَحِيْحٌ عَلٰى مَا بَيَّنَّاهُ مِنْ حُكْمِ الطَّوَافِ بِالْحَمْلِ فِىْ حَالِ الْقُوَّةِ عَلَيْهِ اَوْ فِىْ حَالِ الْعَجْزِ عَنْهُ

تو جب قیاس سے وہ بات ثابت ہو گئی جس کا ہم نے ذکر کیا ہے تو پیدل چلنے کا حکم بھی یہی ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں بعض اوقات یہ احرام سے فراغت کے بعد واجب ہوتا ہے کیونکہ اس کے اسباب (شرائط) میں سے ہے یہ اسی طرح ہے جس طرح احرام کی حالت میں واجب ہوتا ہے اسی طرح جو پیدل چلنا احرام سے پہلے ہے اور وہ اس کے اسباب میں سے ہے اس کا حکم بھی اس چلنے کی طرح ہے جو احرام میں واجب ہو جاتا ہے تو جس طرح اس شخص پر قربانی واجب ہے جو حالتِ احرام میں ضروری چلنے کو چھوڑ دے اسی طرح حالتِ احرام سے پہلے ضروری چلنے کو چھوڑنے والے پر بھی قربانی واجب ہو گی اور یہ قربانی چلنے پر قادر ہونے اور عاجز ہونے دونوں صورتوں میں واجب ہو گی یہ امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کے قول کے مطابق ہے اور یہ اس بات کی صحیح دلیل ہے جسے ہم نے طواف کے ضمن میں بیان کیا کہ وہ قوت کی حالت میں یا عجز کی صورت میں (دونوں صورتوں میں برابر ہے)

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَاِذَا وَجَبَ عَلَيْهِ

اگر کوئی کہنے والا کہے کہ اگر پیدل حج کی نذر ماننے والے پر

الْمَشْيُ بِإِيجَابِهِ عَلَى نَفْسِهِ أَنْ يَحُجَّ مَاشِيًا وَكَانَ يَنْبَغِي إِذَا رَكِبَ أَنْ يَكُونَ فِي مَعْنَى مَا لَمْ يَأْتِ بِمَا أَوْجَبَ عَلَى نَفْسِهِ فَيَكُونُ عَلَيْهِ أَنْ يَحُجَّ بَعْدَ ذٰلِكَ مَاشِيًا فَيَكُونُ كَمَنْ قَالَ لِلّٰهِ عَلَيَّ أَنْ أُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ قَائِمًا فَصَلَّاهُمَا قَاعِدًا۔

فَمِنَ الْحُجَّةِ عِنْدَنَا عَلَى قَائِلِ هٰذَا الْقَوْلِ إِنَّا رَأَيْنَا الصَّلَوٰةَ الْمَفْرُوضَاتِ الَّتِي عَلَيْنَا أَنْ نُصَلِّيَهَا قِيَامًا لَوْ صَلَّيْنَاهَا قُعُودًا لَا لِعُذْرٍ وَجَبَ عَلَيْنَا إِعَادَتُهَا وَكُنَّا فِي حُكْمِ مَنْ لَمْ يُصَلِّهَا۔

وَكَانَ مَنْ حَجَّ مِنَّا حَجَّةَ الْإِسْلَامِ الَّتِي يَجِبُ عَلَيْنَا الْمَشْيُ فِي الطَّوَافِ لَهَا فَطَافَ ذٰلِكَ الطَّوَافَ رَاكِبًا ثُمَّ رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ لَمْ يُجْعَلْ فِي حُكْمِ مَنْ لَمْ يَطُفْ وَيُؤْمَرْ بِالْعَوْدِ بَلْ قَدْ جُعِلَ فِي حُكْمِ مَنْ طَافَ وَأَجْزَأَهُ طَوَافُهُ ذٰلِكَ إِلَّا أَنَّهُ جُعِلَ عَلَيْهِ دَمٌ لِتَقْصِيرِهِ فَكَذٰلِكَ الصَّلَوٰةُ الْوَاجِبَةُ بِالنَّذْرِ وَالْحَجُّ الْوَاجِبُ بِالنَّذْرِ هُمَا مَقِيسَانِ عَلَى الصَّلَوٰةِ وَالْحَجِّ الْوَاجِبَيْنِ بِإِيجَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

فَمَا كَانَ مِنْ ذٰلِكَ مِمَّا يَجِبُ بِإِيجَابِ اللّٰهِ يَكُونُ الْمُقَصِّرُ فِيهِ فِي حُكْمِ تَارِكِهِ كَانَ كَذٰلِكَ مَا وَجَبَ عَلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ الْجِنْسِ بِإِيجَابِهِ إِيَّاهُ عَلَى نَفْسِهِ فَقَصَّرَ فِيهِ يَكُونُ بِتَقْصِيرِهِ فِيهِ فِي حُكْمِ تَارِكِهِ فَعَلَيْهِ إِعَادَتُهُ. وَمَا كَانَ مِنْ ذٰلِكَ مِمَّا يَجِبُ بِإِيجَابِ اللّٰهِ عَلَيْهِ مُقَصِّرٌ فِيهِ فَلَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ إِعَادَتُهُ وَلَمْ يَكُنْ بِذٰلِكَ التَّقْصِيرِ فِي حُكْمِ تَارِكِهِ

پیدل حج کرنا واجب ہے اور سوار ہونے کی صورت میں وہ اس بات پر عمل کرنے والا نہ ہوگا جسے اس نے اپنے اوپر لازم کیا ہے تو ضروری ہونا چاہیے کہ بعد میں پیدل حج کرے اور وہ اس شخص کی طرح ہو جائے گا جو کہتا ہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ کے لیے دو رکعتیں کھڑے ہو کر پڑھنا لازم ہیں پھر وہ بیٹھ کر پڑھتا ہے (یعنی لوٹانا ضروری ہے)

تو اس معترض کے خلاف ہماری دلیل یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں جو نمازیں کھڑے ہو کر پڑھنا ضروری ہیں اگر ہم کسی عذر کے بغیر انہیں بیٹھ کر ادا کریں تو ہم پر ان کا لوٹانا واجب ہوگا اور ہم اس شخص کے حکم میں ہوں گے جس نے ان کو ادا نہیں کیا۔

اور ہم میں سے جو شخص فرض حج ادا کرتا ہے جس میں پیدل طواف کرنا ضروری ہے اور وہ سوار ہو کر طواف کرتا ہے پھر وہ اپنے اہلِ خانہ کی طرف لوٹ آتا ہے تو اسے طواف نہ کرنے والے کے حکم میں قرار نہیں دیا جائے گا اور نہ ہی واپس جانے کو کہا جائے گا بلکہ اسے اس شخص کے حکم میں شمار کیا جائے گا جس نے طواف کیا اور اس کا یہ طواف اس کے لیے کافی ہوا البتہ اس کوتاہی کی وجہ سے اس پر قربانی لازم ہوگی اسی طرح جو نماز اور حج نذر کی وجہ سے واجب ہوا اسے اس نماز اور حج پر قیاس کیا جائے گا جو اللہ تعالیٰ کے فرض کرنے سے لازم ہوتے۔

تو اس میں جو عبادت اللہ تعالیٰ کے واجب کرنے سے لازم ہوئی اس میں کوتاہی کرنے والا چھوڑنے والے کے حکم میں ہوگا اسی طرح جو اس عبادت کی جنس سے ہو جو اس نے خود اپنے اوپر لازم کی پھر اس میں کوتاہی کی تو اس کوتاہی کی وجہ سے وہ اسے چھوڑنے والے کے حکم میں ہوگا اور اس پر اس (عبادت) کو لوٹانا واجب ہوگا۔ اور جو عبادت اللہ تعالیٰ کے واجب کرنے سے واجب ہوئی اور اس نے اس میں کوتاہی کی اور وہ اس کوتاہی کی وجہ سے اسے چھوڑنے والا قرار نہیں پاتا تو اس جنس

كَانَ كَذٰلِكَ مَا وَجَبَ عَلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ الْجِنْسِ بِاِيْجَابِهِ اِيَّاهُ عَلٰى نَفْسِهٖ فَقَصَّرَ فِيْهِ فَلَا يَكُوْنُ بِذٰلِكَ التَّقْصِيْرِ فِيْ حُكْمِ تَارِكِهٖ فَيَجِبُ اِعَادَتُهٗ وَلٰكِنَّهٗ فِيْ حُكْمِ فَاعِلِهٖ وَعَلَيْهِ لِتَقْصِيْرِهٖ مَا يَجِبُ عَلَيْهِ مِنَ التَّقْصِيْرِ فِيْ اَشْكَالِهٖ مِنَ الدِّمَاءِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

کی اس عبادت کا حکم بھی یہی ہو گا جس کو اس نے خود اپنے اوپر لازم کیا پھر اس میں کوتاہی کی تو وہ اس کوتاہی کی وجہ سے چھوڑنے والے کے حکم میں نہیں ہو گا اور اس پر لوٹانا واجب نہ ہو گا بلکہ وہ فاعل کے حکم میں ہو گا اور اس کوتاہی کی وجہ سے وہی قربانی لازم ہو گی جو اس جیسی عبادت میں کوتاہی کی وجہ سے لازم ہوتی ہے یہ حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مسلک ہے۔

بَابُ الرَّجُلِ يَنْذُرُ وَهُوَ مُشْرِكٌ نَذْرًا ثُمَّ يُسْلِمُ

مشرک کا نذر ماننے کے بعد مسلمان ہونا

۵۴۹۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَقَالَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرتے ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے دورِ جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ مسجد حرام میں اعتکاف بیٹھوں گا آپ نے فرمایا اپنی نذر کو پورا کرو۔

۵۵۰۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَرَاهُ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ نَذْرًا وَقَدْ جَاءَ اللّٰهُ بِالْاِسْلَامِ فَقَالَ فِ بِنَذْرِكَ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں (حضرت عبید اللہ بن عمر فرماتے ہیں) میرا خیال ہے وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے دورِ جاہلیت میں نذر مانی تھی اور اب اللہ تعالیٰ نے دولتِ اسلام عطا فرمائی، آپ نے فرمایا اپنی نذر کو پورا کرو۔

۵۵۱۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ اَنَّ اَيُّوْبَ حَدَّثَهٗ اَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ

حضرت نافع سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان سے بیان کیا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے مقام جعرانہ میں سرکار

حَدَّثَنَا اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعِرَّانَةِ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ نَذَرْتُ فِی الْجَاهِلِیَّةِ اَنْ اَعْتَکِفَ یَوْمًا فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْهَبْ فَاعْتَکِفْ یَوْمًا۔

دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ! میں نے دورِ جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ ایک دن مسجد حرام میں اعتکاف بیٹھوں گا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ اور ایک دن اعتکاف بیٹھو۔

تَحْقِیْقُ مَسْئَلَهٗ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَوْجَبَ عَلٰی نَفْسِهٖ شَیْئًا فِیْ حَالِ شِرْکِهٖ مِنْ اِعْتِکَافٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ شَیْءٍ مِّمَّا یُوْجِبُهُ الْمُسْلِمُوْنَ لِلّٰهِ ثُمَّ اَسْلَمَ اِنَّ ذٰلِكَ وَاجِبٌ عَلَیْهِ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا یَجِبُ عَلَیْهِ مِنْ ذٰلِكَ شَیْءٌ

۵۵۲۔ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِمَا رُوِیَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانٍ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَیْلِیِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَذَرَ اَنْ یُّطِیْعَ اللّٰهَ فَلْیُطِعْهُ وَمَنْ نَذَرَ اَنْ یَّعْصِیَ اللّٰهَ فَلَا یَعْصِهٖ

۵۵۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِهٖ

۵۵۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ قَالَ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص حالتِ شرک میں اپنے اوپر کوئی چیز مثلاً اعتکاف یا صدقہ یا ایسی کوئی چیز جو مسلمان اپنے اوپر لازم کرتے ہیں، لازم کر دے پھر مسلمان ہو جائے تو وہ اس پر لازم ہوگی انہوں نے اس سلسلے میں ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس پر کچھ بھی لازم نہیں۔

انہوں نے اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی روایات سے استدلال کیا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی نذر مانے تو وہ اس کی اطاعت کرے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی نذر مانے وہ اس کی نافرمانی نہ کرے۔

حضرت عثمان بن عمر فرماتے ہیں ہم سے حضرت مالک نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت عبید اللہ بن عمر، حضرت طلحہ بن عبد الملک

ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۵۵ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ طَلْحَةَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت ابن وھب فرماتے ہیں مجھے حضرت مالک نے حضرت طلحہ سے روایت کرتے ہوئے خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا

۵۵۶ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا أَبُو سَلَمَةَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ ثَنَا أَبَانُ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبَانٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ مَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَ اللهَ فَلَا يَعْصِهِ۔

حضرت قاسم، حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہا) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جو شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی (گناہ) کی نذر مانے تو وہ اس کی نافرمانی نہ کرے۔

۵۵۷ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ ثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت حرب بن شداد فرماتے ہیں ہم سے حضرت یحیی نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۵۸ - حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْجِيزِيُّ قَالَ ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ ثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ أَبِي حَرْمَلَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا النَّذْرُ مَا ابْتُغِيَ بِهِ وَجْهُ اللهِ۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نذر اس چیز کی ہوتی ہے جس کے ذریعے رضائے خداوندی مطلوب ہو۔

قَالُوْا فَلَمَّا كَانَتِ النُّذُوْرُ إِنَّمَا تَجِبُ إِذَا كَانَتْ مِمَّا يُتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللهِ تَعَالَى وَلَا تَجِبُ إِذَا كَانَتْ مَعَاصِيَ اللهِ وَكَانَ الْكَافِرُ إِذَا قَالَ لِلّٰهِ عَلَيَّ صِيَامٌ أَوْ قَالَ لِلّٰهِ عَلَيَّ اعْتِكَافٌ فَهُوَ لَوْ فَعَلَ ذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ بِهِ مُتَقَرِّبًا إِلَى اللهِ وَهُوَ فِي وَقْتِ مَا أَوْجَبَهُ إِنَّمَا قَصَدَ بِهِ إِلَى رَبِّهِ الَّذِي يَعْبُدُهُ مِنْ دُوْنِ اللهِ وَذٰلِكَ مَعْصِيَةٌ فَدَخَلَ ذٰلِكَ

تو جب نذر ان امور کے صورت میں واجب ہوتی ہے جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کیا جاتا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہو تو واجب نہیں ہوتی (اسی لیے) اگر کافر کہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے مجھ پر روزہ رکھنا واجب ہے یا کہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے مجھ پر اعتکاف ہے پھر وہ اسے بجالائے تو اسے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل نہ ہوگا۔ اور جس وقت اس نے اسے واجب کیا تو اس سے اپنا وہ رب مراد لیا جس کی وہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتا ہے اور یہ گناہ ہے پس یہ سرکار دوعالم صلی اللہ

فِي قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَقَدْ يَجُوْزُ اَيْضًا اَنْ يَكُوْنَ قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ فِ بِنَذْرِكَ لَيْسَ مِنْ طَرِيْقِ اَنَّ ذٰلِكَ كَانَ وَاجِبًا عَلَيْهِ وَلٰكِنْ اَنَّهُ قَدْ كَانَ سَمَحَ فِي حَالِ مَا نَذَرَهُ اَنْ يَفْعَلَهُ فَهُوَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَفْعَلَهُ الْاٰنَ عَلٰى اَنَّهُ طَاعَةٌ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَكَانَ اَمَرَهُ بِهِ خِلَافُ مَا اِذَا كَانَ اَوْجَبَهُ هُوَ عَلٰى نَفْسِهِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِي حَنِيْفَةَ وَاَبِي يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

علیہ وسلم کے اس قول میں داخل ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں نذر نہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو فرمانا کہ اپنی نذر کو پورا کرو اس وجہ سے نہ ہو کہ وہ ان پر واجب تھی بلکہ جس وقت انہوں نے نذر مانی تھی اس وقت وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اب پورا کرنے کا حکم دیا کیونکہ اب وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے تو آپ نے جس بات کا ان کو حکم دیا وہ اس کے خلاف ہے جسے انہوں نے اپنے اوپر واجب کیا تھا۔ یہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

كِتَابُ الْحُدُودِ

حدود کا بیان

بَابُ ۲۰۲ حَدِّ الْبِكْرِ فِي الزِّنَاءِ

کنوارے زانی کی سزا

۵۵۹- حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ أَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا عَنِّي فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ الْبِكْرُ يُجْلَدُ وَيُنْفَى وَالثَّيِّبُ يُجْلَدُ وَيُرْجَمُ.

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے لو، بے شک اللہ تعالیٰ نے ان (عورتوں) کے لیے راستہ نکال دیا ہے کنوارہ، کنواری کے ساتھ اور شادی شدہ شادی شدہ کے ساتھ زنا کرے تو کنوارے کو کوڑے لگائیں اور شہر بدر کیا جائے اور شادی شدہ کو کوڑے لگائے جائیں اور رجم کیا جائے۔

۵۶۰- حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَ ثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ دَلْهَمٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ مُحَبِّقٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا عَنِّي قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَنَفْيُ سَنَةٍ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ.

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے لو، بے شک اللہ تعالیٰ نے ان (عورتوں) کے لیے راستہ نکال دیا ہے کنوارہ، کنواری عورت سے زنا کرے تو ایک سو کوڑے لگائے جائیں اور ایک سال کے لیے شہر بدر کر دیا جائے اور شادی شدہ، شادی شدہ سے کرے تو ایک سو کوڑے لگائے جائیں اور رجم کیا جائے۔

۵۶۱- حَدَّثَنَا يُونُسُ وَعِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْغَافِقِيُّ قَالَا ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ، حضرت ابو ہریرہ، حضرت زید بن خالد جہنی اور حضرت شبل رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

خَالِدِ الْجُهَنِيِّ وَشِبْلٍ قَالُوْا كُنَّا قُعُوْدًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ أَنْشُدُكَ اللّٰهَ إِلَّا قَضَيْتَ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ خَصْمُهُ وَكَانَ أَفْقَهَ مِنْهُ فَقَالَ صَدَقَ اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَائْذَنْ لِيْ قَالَ قُلْ قَالَ إِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلَى هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَأَتِهٖ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَخَادِمٍ ثُمَّ سَأَلْتُ رِجَالًا مِّنْ أَهْلِ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلَى ابْنِيْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ وَعَلَى امْرَأَةِ هٰذَا الرَّجْمَ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ الْمِائَةُ الشَّاةُ وَالْخَادِمُ رَدٌّ عَلَيْكَ وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ وَاغْدُ يَا أُنَيْسُ إِلَى امْرَأَةِ هٰذَا فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا فَغَدَا عَلَيْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا۔

کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے تو ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا میں آپکو اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں کہ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے ساتھ فیصلہ فرمائیں اس کے مخالف نے جو اس سے زیادہ سمجھدار تھا، کہا کہ اس نے ٹھیک کہا ہے ہمارے درمیان کتاب اللہ کے ذریعے فیصلہ فرمائیں اور مجھے (بیان کرنے کی) اجازت دیں آپ نے فرمایا" کہو" اس نے کہا میرا بیٹا ان کے ہاں مزدوری کرتا تھا تو اس نے اس کی بیوی سے زنا کر لیا میں نے اس کی طرف سے ایک سو بکریاں اور ایک خادم بطور فدیہ دیا پھر میں نے کچھ اہل علم حضرات سے پوچھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے پر سو کوڑے اور ایک سال کے لیے شہر بدر کرنا ہے اور اس کی بیوی کو رجم کیا جائے آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے میں تمہارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب سے فیصلہ کروں گا ایک سو بکریاں اور غلام تمہیں واپس دیا جائے گا تمہارے بیٹے کو سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے شہر بدر کر دیا جائے گا اور اے انیس! تم اس شخص کی بیوی کے پاس جاؤ اگر وہ اعتراف

۵۶۲ ۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ وَمَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ قَالَا كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهٗ۔

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ، حضرت ابوہریرہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ دونوں فرماتے ہیں ہم، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، پھر اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ الْبِكْرَ إِذَا زَنٰى فَعَلَيْهِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ جَمِيْعًا وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْآثَارِ۔ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا حَدُّ الْبِكْرِ إِذَا زَنٰى جَلْدُ مِائَةٍ وَلَا نَفْيَ عَلَيْهِ مَعَ الْجَلْدِ إِلَّا أَنْ يَرَى الْإِمَامُ أَنْ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاویؒ فرماتے ہیں ایک جماعت کا یہ موقف ہے کہ غیر شادی شدہ زنا کرے تو اس کو کوڑے مارے جائیں اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے انہوں نے اس سلسلے میں ان (مذکورہ بالا) روایات سے ۲ لیکن دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جب کوئی غیر شادی شدہ زنا کرے تو اسے کوڑے مارے جائیں لیکن جلاوطن نہ کیا جائے البتہ اگر امام (حکمران) اس کے فسق کی وجہ سے جلاوطن

يَنْفِيَهُ لِلدَّعَارَةِ الَّتِي كَانَتْ مِنْهُ فَيَنْفِيَهُ إِلَى حَيْثُ أَحَبَّ كَمَا يَنْفِي الدَّعَارَ فِيهِ وَغَيْرَ الزُّنَاةِ۔

کرنا چاہے تو جہاں چاہے جلا وطن کر دے جیسا کہ فساق اور غیر زانیوں کو جلا وطن کیا جاتا ہے۔

۵۶۳۔ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْاَمَةِ اِذَا زَنَتْ وَلَمْ تُحْصِنْ فَقَالَ اِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ بِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ قَالَ مَالِكٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ لَا اَدْرِيْ اَبَعْدَ الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت ابوہریرہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے غیر محصنہ لونڈی کے زنا کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا جب زنا کرے تو اسے کوڑے مارو پھر زنا کرے تو کوڑے مار پھر زنا کرے تو بھی کوڑے مارو پھر اسے بیچ دو اگرچہ ایک رسی کے بدلے ہو حضرت مالک (راوی) فرماتے ہیں ابن شہاب نے فرمایا مجھے نہیں معلوم کہ آپ نے تیسری بار کے بعد یا چوتھی بار کے بعد بیچنے کے بارے میں فرمایا۔

۵۶۴۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّ شِبْلَ بْنَ خَالِدٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَالِكٍ الْاَوْسِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلِيْدَةُ اِذَا زَنَتْ مِثْلَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ الْبَيْعَ وَاَخْبَرَهُ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ۔

حضرت عبداللہ بن مالک اوسی سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لونڈی زنا کرے، آگے اس کی مثل فرمایا البتہ تیسری یا چوتھی بار بیع کا ذکر فرمایا اور حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ کو حضرت زید بن خالد صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی مثل خبر دی۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ هٰذَا خَطَاٌ شِبْلٌ هٰذَا ابْنُ خَلِيْدٍ الْمُزَنِيُّ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ غلط ہے اور یہ شبل، خلید مزنی کے بیٹے ہیں۔

۵۶۵۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ ثَنَا بَقِيَّةُ هُوَ ابْنُ الْوَلِيْدِ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ شِبْلِ بْنِ خَلِيْدٍ الْمُزَنِيِّ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَالِكٍ الْاَوْسِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى

حضرت زہری، حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن شبل بن خلید مزنی سے روایت کرتے ہیں انہوں نے ان کو خبر دی کہ ان کو حضرت عبد اللہ بن مالک اوسی نے بتایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لونڈی زنا کرے تو اسے کوڑے لگاؤ پھر زنا کرے تو کوڑے

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلِيْدَةُ إِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَبِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ وَالضَّفِيْرُ الْحَبْلُ۔

۵۶۶۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنِيْ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا قَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ ثُمَّ بِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ۔

۵۶۷۔ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَذَكَرَ مِثْلَهُ۔

۵۶۸۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنِيْ أُسَامَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

۵۶۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ أَنَا أَبُوْ أُوَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهِ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ إِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ إِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ بِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ۔

لگاؤ پھر زنا کرے تو کوڑے لگاؤ پھر اگر زنا کرے تو اسے بیچ دو اگرچہ ایک ضفیر کے بدلے ہو اور ضفیر، رسی کو کہتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جب تم میں سے کسی ایک کی لونڈی زنا کرے تو وہ اسے بطور حد کوڑے لگائے اور اسے مزید جھڑک وغیرہ نہ کرے آپ نے یہ بات تین بار فرمائی تیسری یا چوتھی بار فرمایا پھر اسے بیچ دو اگرچہ ایک رسی کے بدلے ہو۔

حضرت سعید بن مقبری، اپنے والد سے اور وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ انہوں نے ان کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت سعید بن ابوسعید مقبری رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن ابوبکر، حضرت عباد بن تمیم سے اور وہ اپنے چچا سے جنہیں شرف صحابیت حاصل تھا، سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لونڈی زنا کرے تو اسے کوڑے مارو پھر زنا کرے تو کوڑے مارو پھر زنا کرے تو کوڑے مارو پھر اسے بیچ دو اگرچہ ایک رسی کے بدلے میں ہو۔

۵۷۰۔ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ ثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ اُوَيْسٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ مِثْلَهٗ۔

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ، حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۵۷۱۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ اَبِيْ فَرْوَةَ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ عُرْوَةَ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَتْهُ اَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عمرہ بنت عبد الرحمٰن سے مروی ہے ان سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، پھر انہوں نے سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۷۲۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى التَّغْلَبِيِّ عَنْ اَبِيْ جَمِيْلَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اَخْبَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَمَةٍ لَهُمْ فَجَرَتْ فَاَرْسَلَنِيْ اِلَيْهَا فَقَالَ اذْهَبْ فَاَقِمْ عَلَيْهَا الْحَدَّ فَانْطَلَقْتُ فَوَجَدْتُهَا لَمْ تَجِفَّ مِنْ دَمِهَا فَرَجَعْتُ فَقَالَ لِيْ فَرَغْتَ فَقُلْتُ وَجَدْتُهَا لَمْ تَجِفَّ مِنْ دَمِهَا فَقَالَ اِذَا هِيَ جَفَّتْ مِنْ دَمِهَا فَاجْلِدْهَا قَالَ عَلِيٌّ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقِيْمُوا الْحُدُوْدَ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی ایک لونڈی کے بارے میں بتایا جس نے زنا کیا تھا آپ نے مجھے اس کی طرف بھیجا اور فرمایا جاؤ اور اس پر حد قائم کرو فرماتے ہیں میں گیا تو میں نے دیکھا کہ اس کا خون خشک نہ ہوا تھا میں واپس آپ کی خدمت میں آیا، آپ نے فرمایا کیا تم فارغ ہو گئے ہو؟ میں نے عرض کیا میں نے اسے ایسا پایا کہ اس کا خون خشک نہیں ہوا آپ نے فرمایا جب اس کا خون خشک ہو اسے کوڑے مارو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے غلاموں اور لونڈیوں پر حد قائم کرو۔

قَالُوْا فَلَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاَمَةِ اِذَا زَنَتْ اَنْ تُجْلَدَ وَلَمْ يَأْمُرْ مَعَ الْجَلْدِ بِنَفْيٍ وَقَدْ قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنَاتِ مِنَ الْعَذَابِ فَعَلِمْنَا بِذٰلِكَ اَنَّ مَا يَجِبُ عَلَى الْاِمَاءِ اِذَا زَنَيْنَ هُوَ نِصْفُ مَا يَجِبُ

یہ حضرات فرماتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لونڈی کے بارے میں حکم فرمایا کہ جب وہ زنا کرے تو اسے کوڑے مارے جائیں اور کوڑوں کے ساتھ جلاوطنی کا حکم نہیں دیا اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے کہ ان پر آزاد عورتوں کی سزا کا نصف ہے تو اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ لونڈیوں کے زنا کرنے کی صورت میں ان پر جو

على الحرائر إذا زنين ثم ثبت أن لا نفي على الأمة إذا زنت كان كذلك أيضا أن لا نفي على الحرة إذا زنت۔

وقد روينا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فيما تقدم من كتابنا هذا أنه نهى أن تسافر امرأة ثلاثة أيام إلا مع محرم فذلك دليل أيضا أن لا تسافر المرأة ثلاثة أيام في حد الزناء بغير محرم وفي ذلك إبطال النفي عن النساء في الزناء فإذا انتفى أن يكون يجب على النساء اللاتي غير المحصنات نفي في الزناء انتفى ذلك أيضا عن الرجال وكان درء النبي صلى الله عليه وسلم إياه عن الإماء فيما ذكرنا كان درءا عن الحرائر وفي درئه إياه عن الحرائر دليل على درعه إياه عن الأحرار وهذا قول أبي حنيفة وأبي يوسف ومحمد رحمة الله عليهم أجمعين۔

فإن قال قائل فإن نفي الأمة إذا زنت ستة أشهر مثل نصف ما تنفى الحرة قال لم ينف النبي صلى الله عليه وسلم تنفي فيما ذكرتموه عنه من جلد الأمة إذا زنت ولا بقوله ثم بيعوها في المرة الرابعة فكان هذا القائل يخالف كل من تقدمه من أهل العلم وخرج من أقاويلهم فيقال له بل فيما روينا عن النبي صلى الله عليه وسلم من قوله إذا زنت أمة أحدكم فليجلدها ثم قال في الرابعة فليبعها دليل على أن لا نفي عليها لأنه إنما

ہے وہ اس کا نصف ہے جو آزاد عورتوں پر واجب ہے جب وہ زنا کریں پھر ثابت ہوا کہ لونڈی کے زنا کرنے کی صورت میں جلا وطنی (کی سزا) نہیں ہے اسی طرح جب آزاد عورت زنا کی مرتکب ہو تو اس پر بھی جلا وطنی نہ ہوگی ۔

اور ہم نے اس سے پہلے اپنی اس کتاب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ عورت کو محرم کے بغیر تین دن کے سفر سے روکا گیا ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عورت محرم کے بغیر تین دن کا سفر نہ کرے پس یہ اس بات کی بھی دلیل ہے کہ عورت زنا کی حد میں محرم کے بغیر تین دن سے زیادہ کا سفر نہ کرے اور اس میں زنا کی صورت میں عورتوں کی جلا وطنی کی نفی ہے تو جب زنا کی صورت میں غیر آزاد عورتوں سے جلا وطنی کی نفی ہو گئی تو مردوں سے بھی اس کی نفی ہو گئی اور جیسا کہ ہم نے ذکر کیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسے لونڈیوں سے دور کرنا آزاد عورتوں سے دور کرنا ہو گا اور آزاد عورتوں سے اس کا دور کرنا ، آزاد مردوں سے بھی دور کرنے کی دلیل ہے یہ حضرت امام ابوحنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مذہب ہے ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ لونڈی کے زنا کی صورت میں چھ مہینے جلا وطن کرنا آزاد عورت کی جلا وطنی کا نصف ہے اور وہ کہے کہ جو کچھ تم لونڈی کے زنا کے سلسلے میں کوڑے لگانے اور چوتھی مرتبہ اسے بیچنے کا ذکر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا اس میں آپ نے جلا وطنی کی نفی نہیں فرمائی۔ تو یہ معترض اہل علم کے ان تمام گزشتہ اقوال کی مخالفت کرنے والا اور ان سے باہر نکلنے والا ہو گا تو اسے کہا جائے گا کہ جو کچھ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے ذکر کیا کہ آپ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کی لونڈی زنا کا ارتکاب کرے تو اسے کوڑے لگائے پھر چوتھی بار کے بارے میں فرمایا کہ اسے بیچ دے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس پر جلا وطنی نہیں ہے کیونکہ آپ نے ان (صحابہ کرام) کو سکھایا

علمهم في ذلك ما يفعلون بإمائهم إذا زنين فمحال أن يكون يقصر في ذلك عن جميع ما يجب عليهن ومحال أن يأمر ببيع من لا يقدر مبتاعه على قبضه من بائعه ولا تصل إلى ذلك إلا بعد مضي ستة أشهر.

ويقال له أيضا قد زعمت أنت أن قول النبي صلى الله عليه وسلم لأنيس رضي الله عنه اغد على امرأة هذا فإن اعترفت فارجمها دليل على أن لا جلد عليها مع ذلك وإن كان إبطال الجلد لم يذكر في هذا الحديث وجعلت ذلك معارضا لما قد روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم من قوله الثيب بالثيب جلد مائة والرجم فإذا كان هذا عندك دليلا على ما ذكرنا فما تنكر على خصمك أن يكون قول النبي صلى الله عليه وسلم إذا زنت أمة أحدكم فليجلدها عنده دليلا على إبطال النفي على الأمة فإذا كان ما ذكرنا على الأمة فإذا كان ما ذكرنا في السكوت عن نفي الأمة ليس يرفع النفي عنها فيما ذكرت أنت أيضا في السكوت عن الجلد مع الرجم لا يرفع الجلد عن الثيب الزاني مع الرجم وما يلزم خصمك في قول النبي صلى الله عليه وسلم إذا زنت أمة أحدكم فليجلدها شيء إلا لزمك مثله في قول النبي صلى الله عليه وسلم لأنيس رضي الله عنه فإن اعترفت فارجمها.

کہ انھوں نے زنا کرنے والی لونڈیوں کے ساتھ کیا سلوک کرنا ہے تو محال ہے کہ آپ ان پر واجب ہونے والی تمام سزا میں کمی کریں اور یہ بھی محال ہے کہ آپ ایسی عورت کو بیچنے کا حکم دیں کہ اسے خریدنے والا اسے بائع سے اپنے قبضے میں لینے پر قادر نہ ہو اور وہ اس کے پاس چھ مہینے کے بعد پہنچے۔

اور اسے یہ بھی کہا جائے گا کہ تمہارے خیال میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت انیس سے فرمانا کہ اس شخص کی عورت کے پاس جاؤ اگر وہ اعتراف کرے تو اسے رجم کرو، اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے ساتھ اس پر کوڑے نہیں ہوں گے اگرچہ کوڑوں کی نفی اس حدیث میں مذکور نہیں ہے اور تم نے اسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ شادی شدہ، شادی شدہ سے زنا کرے تو اسے کوڑے لگائے جائیں اور رجم کیا جائے کے خلاف کر دیا پس اگر تمہارے نزدیک یہ اس بات کی دلیل ہے جسے ہم نے ذکر کیا تو تم اپنے مخالف پر اعتراض نہیں کر سکتے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی جب تم میں سے کسی ایک کی لونڈی زنا کرے تو اسے کوڑے لگائے اس کے نزدیک لونڈی سے جلاوطنی کی نفی کی دلیل ہے تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا کہ لونڈی کی جلاوطنی سے خاموشی اختیار کی گئی ہے، یہ (خاموشی) اس سے جلاوطنی کو نہیں اٹھاتی جیسا کہ تم نے ذکر کیا کہ رجم کے ساتھ کوڑوں کے ذکر سے سکوت شادی شدہ، زانی سے رجم کی سزا کے ساتھ کوڑے مارنے کی نفی نہیں کرتا تو جو کچھ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ جب تم میں سے کسی کی لونڈی زنا کرے تو اسے کوڑے مارنے کے سلسلے میں تمہارے مخالف پر لازم ہوگا اس کی مثل سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی سے تم پر بھی لازم ہوگا کہ آپ نے حضرت انیس سے فرمایا اگر وہ زنا کا اعتراف کرے تو اسے رجم کرو۔

۵۷۵۔ وَيُقَالُ لَهٗ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّفْيِ فِيْ غَيْرِ الزِّنَاءِ مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ ثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَجُلًا قَتَلَ عَبْدَهٗ مُتَعَمِّدًا فَجَلَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً وَّنَفَاهُ سَنَةً وَّمَحَا اَرَاهُ سَهْمَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّعْتِقَ رَقَبَةً فَلَمْ يَكُنْ مَا فَعَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا مِنْ نَفْيِهِ الْقَاتِلَ سَنَةً دَلِيْلًا عِنْدَنَا وَلَا عِنْدَكَ عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ حَدٌّ وَاجِبٌ لَا يَنْبَغِيْ تَرْكُهٗ وَاِنَّمَا كَانَ عَلٰى اَنَّهٗ لِلدَّعَارَةِ لَا لِاَنَّهٗ حَدٌّ فَمَا تُنْكِرُ اَيْضًا اَنْ يَّكُوْنَ مَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا اَمَرَ بِهٖ مِنْ نَفْيِ الزَّانِيْ عَلٰى اَنَّهٗ لِلدَّعَارَةِ لَا لِاَنَّهٗ حَدٌّ وَاجِبٌ كَوُجُوْبِ الْجَلْدِ وَالرَّجْمِ۔

اور اسے یہ بھی کہا جائے گا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زنا کے علاوہ بھی جلا وطنی کے سلسلے میں مروی ہے۔ حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنے غلام کو جان بوجھ کر قتل کر دیا تو حضور علیہ السلام نے اسے ایک سو کوڑے مارے اور جلا وطن کر دیا اور میرا خیال ہے کہ آپ نے مسلمانوں میں سے اس کا حصہ مٹا دیا اور اسے ایک غلام آزاد کرنے کا حکم دیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا قتل کرنے والے کو جلا وطن کرنا ہمارے اور تمہارے (دونوں کے) نزدیک اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ یہ واجب حد ہے اسے چھوڑا نہیں جا سکتا بلکہ وہ محض نافرمانی (گناہ) کی بنا پر تھا حد ہونے کی وجہ سے نہیں تھا تو تم اس بات کا انکار نہیں کر سکتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زانی کو جلا وطن کرنے کا حکم دینا اس کے فسق کی وجہ سے تھا کوڑوں اور رجم کی طرح واجب حد ہونے کی وجہ سے نہیں۔

بَابُ ۲۰۳ حَدِّ الزَّانِي الْمُحْصِنِ مَا هُوَ

شادی شدہ زانی کی سزا

۵۷۶۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا زَنٰى فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ ثُمَّ اُخْبِرَ اَنَّهٗ قَدْ كَانَ اَحْصَنَ فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ۔

حضرت ابو الزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے زنا کا ارتکاب کیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اسے کوڑے لگائے گئے پھر آپ کو بتایا گیا کہ وہ شادی شدہ ہے تو آپ کے حکم سے اسے رجم کیا گیا۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ اِلٰى هٰذَا قَوْمٌ فَقَالُوْا هٰكَذَا حَدُّ الْمُحْصِنِ اِذَا زَنٰى اَلْجَلْدُ وَالرَّجْمُ جَمِيْعًا۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا بَلْ حَدُّهٗ الرَّجْمُ دُوْنَ الْجَلْدِ۔

وَقَالُوْا قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا رَجَمَهٗ لَمَّا اُخْبِرَ اَنَّهٗ مُحْصِنٌ لِاَنَّ الْجَلْدَ الَّذِيْ كَانَ جَلَدَهٗ اِيَّاهُ لَيْسَ مِنْ حَدِّهٖ فِيْ شَيْءٍ لِاَنَّ حَدَّهٗ كَانَ الرَّجْمُ دُوْنَ الْجَلْدِ وَيَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ رَجَمَهٗ لِاَنَّ ذٰلِكَ الرَّجْمُ هُوَ حَدُّهٗ مَعَ الْجَلْدِ۔

وَاحْتَجَّ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى اَيْضًا لِقَوْلِهِمْ بِمَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا اَسَدُ ابْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُذُوْا عَنِّيْ فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا اَلْبِكْرُ بِالْبِكْرِ يُجْلَدُ وَيُنْفٰى وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ يُجْلَدُ وَيُرْجَمُ۔

۵۷۸۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ ثَنَا حِطَّانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوْا عَنِّيْ فَقَدْ جَعَلَ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے وہ حضرات فرماتے ہیں جب شادی شدہ زنا کرے تو اس کی یہی سزا ہے یعنی کوڑے مارنا اور رجم کرنا (دونوں) لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ صرف رجم کیا جائے کوڑے نہ لگائے جائیں۔

وہ فرماتے ہیں ہو سکتا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے رجم کیا ہو کہ آپ کو اس کے شادی شدہ ہونے کے بارے میں بتایا گیا کیونکہ آپ نے اسے جو کوڑے مارے تھے وہ اس کی حد نہ تھی کیونکہ اس کی حد رجم تھی، کوڑے نہیں تھے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس لئے رجم کیا ہو کہ کوڑوں کے ساتھ ساتھ رجم بھی اس کی سزا ہے۔

پہلے قول والوں نے یوں بھی استدلال کیا ہے۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے لے لو بے شک اللہ تعالیٰ نے ان (زانی عورتوں) کے لیے راستہ نکال دیا ہے غیر شادی شدہ غیر شادی شدہ کے ساتھ (زنا کرے تو) کوڑے لگائے جائیں اور جلا وطن کیا جائے اور شادی شدہ، شادی شدہ کے ساتھ زنا کرے تو کوڑے لگائے جائیں اور رجم کیا جائے۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے لو، بے شک اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے راستہ نکال دیا ہے غیر شادی شدہ، غیر شادی شدہ کے ساتھ (مرتکب زنا) ہو تو سو کوڑے مارنا اور ایک سال کے لیے جلا وطن کرنا ہے اور شادی شدہ

اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيلًا اَلْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ۔

شادی شدہ کے ساتھ (مرتکب زنا) ہو تو ایک سو کوڑے مارنا اور رجم کرنا۔

فَقَالُوا فَبِهٰذَا نَقُولُ نَرَى اَنْ يُجْلَدَ الْمُحْصِنُ ثُمَّ يُرْجَمُ بَعْدَ ذٰلِكَ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ ہمارا بھی یہی قول ہے ہمارا خیال ہے کہ شادی شدہ کو کوڑے لگائے جائیں پھر اس کے بعد رجم کیا جائے جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لِلْاٰخَرِينَ عَلَيْهِمْ فِي ذٰلِكَ مَا قَدْ رَوَيْنَاهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَمْرِهِ اُنَيْسًا الْاَسْلَمِيَّ بِرَجْمِ الْمَرْاَةِ الَّتِي اَمَرَهُ اَنْ يَغْدُوَ عَلَيْهَا وَيَرْجُمَهَا اِنِ اعْتَرَفَتْ وَلَمْ يَاْمُرْهُ اَنْ يَجْلِدَهَا وَقَدْ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ بِاِسْنَادِهِ فِي الْبَابِ الْاَوَّلِ وَفِي ذٰلِكَ الْحَدِيثِ اَيْضًا اَنَّ الَّذِي قَامَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ اِنِّي سَاَلْتُ رِجَالًا مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُونِي اَنَّ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا الرَّجْمَ وَلَمْ يَذْكُرْ مَعَهُ الْجَلْدَ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان کے خلاف دوسرے حضرات کی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انیس اسلمی کو حکم دیا کہ وہ اس عورت کو رجم کریں جس کے بارے میں آپ نے فرمایا تھا کہ اس کے پاس جائیں اور اگر وہ اعتراف کرے تو اسے رجم کریں لیکن آپ نے ان کو کوڑے مارنے کا حکم نہیں دیا۔ میں (امام طحاوی) نے یہ روایت اس کی سند سے پہلے باب میں ذکر کی ہے اس حدیث میں یہ بات بھی ہے کہ جو شخص بارگاہ نبوی میں کھڑا ہوا اس نے آپ سے عرض کیا کہ میں نے کئی اہل علم سے پوچھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ اس کی بیوی کو رجم کرنا ہے، اس کے ساتھ اس نے کوڑوں کا ذکر نہیں کیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بات کا انکار (رد) نہیں فرمایا۔

فَدَلَّ هٰذَا اَنَّ جَمِيعَ مَا كَانَ عَلَيْهَا مِنَ الْجَلْدِ فِي الزِّنَاءِ الَّذِي كَانَ مِنْهَا هُوَ الرَّجْمُ دُونَ الْجَلْدِ۔

تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ اس کی تمام سزا جو زنا کی وجہ سے اس پر لازم ہوئی وہ صرف رجم ہے، کوڑے مارنا نہیں ہے۔

وَقَدْ شَدَّ ذٰلِكَ اَيْضًا مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا فُعِلَ بِمَاعِزٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو حضرت ماعز کے ساتھ کئے جانے والے عمل کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔

۵۲۹- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اَسْوَدُ عَنْ عَامِرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ مَاعِزًا وَلَمْ يَذْكُرْ جَلْدًا۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز کو رجم کیا، انہوں نے کوڑے مارنے کا ذکر نہیں کیا۔

فَفِيمَا ذَكَرْنَا مِنْ ذٰلِكَ مَا يَدُلُّ أَنَّ حَدَّ الْمُحْصَنِ هُوَ الرَّجْمُ دُوْنَ الْجَلْدِ.

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ وَلِمَ لَا كَانَ مَا فِيْهِ الرَّجْمُ وَالْجَلْدُ أَوْلٰى مِمَّا فِيْهِ الرَّجْمُ خَاصَّةً.

قِيْلَ لَهُ لِدَلَالَةٍ قَدْ دَلَّتْ عَلٰى نَسْخِ الْجَلْدِ مَعَ الرَّجْمِ وَهِيَ إِنَّا رَأَيْنَا أَصْلَ مَا كَانَ عَلَى الزَّانِيْ قَبْلَ أَنْ نُفَرِّقَ بَيْنَ حُكْمِهِ إِذَا كَانَ مُحْصَنًا وَبَيْنَ حُكْمِهِ إِذَا كَانَ غَيْرَ مُحْصَنٍ مَا وَصَفَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كِتَابِهِ بِقَوْلِهِ.

وَاللَّاتِيْ يَأْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ أَرْبَعَةً مِنْكُمْ فَإِنْ شَهِدُوْا فَأَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا.

فَكَانَ هٰذَا هُوَ حَدَّ الزَّانِيَةِ أَنْ تُمْسَكَ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى تَمُوْتَ أَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا.

ثُمَّ نُسِخَ بِقَوْلِهِ خُذُوْا عَنِّيْ فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا فَذَكَرَ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْ حَدِيْثِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَكَانَ ذٰلِكَ هُوَ السَّبِيْلُ الَّذِيْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا فَجَعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ السَّبِيْلَ عَلٰى مَا قَدْ بَيَّنَهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَرَضَ فِيْ ذٰلِكَ الْجَلْدَ وَالرَّجْمَ عَلَى الثَّيِّبِ وَالْجَلْدَ وَالنَّفْيَ عَلٰى غَيْرِ الثَّيِّبِ.

فَعَلِمْنَا أَنَّ ذٰلِكَ الْقَوْلَ قَدْ كَانَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ نُزُوْلِ هٰذِهِ الْآيَةِ وَأَنَّهُ لَمْ يَتَقَدَّمْ نُزُوْلَ الْآيَةِ وُجُوْبُ الرَّجْمِ عَلَى الزَّانِيْ لِأَنَّ حَدَّهُ عَلٰى مَا

تو اس سلسلے میں جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ شادی شدہ کی سزا (صرف) رجم ہے کوڑے مارنا نہیں ہے۔

اگر کوئی شخص کہے کہ جس روایت میں رجم اور کوڑوں کا ذکر ہے وہ صرف رجم والی روایت سے اولیٰ کیوں نہیں۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ رجم کے ساتھ کوڑوں کی سزا کے منسوخ ہونے پر دلالت موجود ہے وہ یہ کہ ہم زانی کی سزا کے سلسلے میں ایک ضابطہ دیکھتے ہیں پہلے کہ ہم شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کے حکم میں فرق کریں وہ ارشاد خداوندی ہے۔

اور تمہاری وہ عورتیں جو بے حیائی کا ارتکاب کریں ان کے خلاف اپنوں میں سے چار گواہ طلب کرو پس اگر وہ گواہی دیں تو ان کو گھروں میں روک دو حتیٰ کہ ان کو موت اٹھالے یا اللہ تعالیٰ ان کے لیے کوئی راستہ بنا دے۔

تو زانیہ عورت کی یہ سزا تھی کہ اسے گھر میں روک دیا جائے حتیٰ کہ وہ مرجائے یا اللہ تعالیٰ اس کے لیے کوئی راستہ نکالے۔

پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے یہ حکم منسوخ ہوگیا آپ نے فرمایا مجھ سے لو، بے شک اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے راستہ بنا دیا ہے پھر آپ نے وہ بات ذکر فرمائی جو ہم نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ذکر کی ہے اور یہی وہ سبیل ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا "یا اللہ تعالیٰ ان کے لیے کوئی راستہ بنا دے" تو اللہ تعالیٰ نے یہ راستہ بنا دیا جیسا کہ اس نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زبان سے بیان کیا اور اس سلسلے میں شادی شدہ پر کوڑے اور رجم اور غیر شادی شدہ پر کوڑے اور جلاوطنی کو مقرر فرمایا۔

تو ہمیں معلوم ہوگیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی اس آیت کے نزول کے بعد کا ہے اور زانی پر رجم کا وجوب، نزول آیت پر مقدم نہیں ہے کیونکہ اس کی سزا اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق گھروں میں روکنا تھا اور ارشاد خداوندی "یا اللہ تعالیٰ ان کے لیے کوئی راستہ بنا دے"

وَصَفَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ کِتَابِهٖ مِنَ الْحَبْسِ فِی الْبُیُوْتِ وَلَمْ یَکُنْ بَیْنَ قَوْلِهٖ اَوْ یَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِیْلًا وَبَیْنَ حَدِیْثِ عُبَادَةَ حُکْمٌ اٰخَرُ فَعَلِمْنَا اَنَّ حَدِیْثَ عُبَادَةَ کَانَ بَعْدَ نُزُوْلِ هٰذِهِ الْاٰیَةِ وَاَنَّ حَدِیْثَ مَاعِزٍ الَّذِیْ سَاَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهِ عَنْ اِحْصَانِهٖ لِتَفْرِقَتِهٖ بَیْنَ حَدِّ الْمُحْصِنِ وَغَیْرِ الْمُحْصِنِ وَحَدِیْثَ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَزَیْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِیِّ اَنَّهٗ فَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهِ بَیْنَ حُکْمِ الْبِکْرِ وَالثَّیِّبِ فَجَعَلَ عَلَی الْبِکْرِ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِیْبَ عَامٍ وَعَلَی الثَّیِّبِ الرَّجْمَ مُتَاَخِّرٌ عَنْهُ فَکَانَ ذٰلِکَ نَاسِخًا لَهٗ لِاَنَّ مَا تَاَخَّرَ مِنْ حُکْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَنْسَخُ مَا تَقَدَّمَ مِنْهُ فَلِهٰذَا کَانَ مَا ذَکَرْنَا مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَزَیْدِ بْنِ خَالِدٍ وَحَدِیْثِ مَاعِزٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَوْلٰی مِنْ حَدِیْثِ عُبَادَةَ مَعَ مَا قَدْ شَدَّ ذٰلِکَ مِنَ النَّظَرِ الصَّحِیْحِ۔

وَذٰلِکَ اِنَّا رَاَیْنَا الْعُقُوْبَاتِ الْمُتَّفَقَ عَلَیْهَا فِی انْتِهَاکِ الْحُرُمَاتِ کُلِّهَا اِنَّمَا هِیَ شَیْءٌ وَاحِدٌ۔

مِنْ ذٰلِکَ اَنَّا رَاَیْنَا اَنَّ السَّارِقَ عَلَیْهِ الْقَطْعُ لَا غَیْرُ وَالْقَاذِفَ عَلَیْهِ الْجَلْدُ لَا غَیْرُ۔

فَکَانَ النَّظَرُ عَلٰی ذٰلِکَ اَیْضًا اَنْ یَکُوْنَ کَذٰلِکَ الزَّانِی الْمُحْصَنُ عَلَیْهِ شَیْءٌ وَاحِدٌ لَا غَیْرُ فَیَکُوْنُ عَلَیْهِ الرَّجْمُ الَّذِیْ قَدْ اُتُّفِقَ اَنَّهٗ عَلَیْهِ وَیَنْتَفِیْ عَنْهُ الْجَلْدُ الَّذِیْ لَمْ یُتَّفَقْ اَنَّهٗ عَلَیْهِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَبِیْ

اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت کے درمیان کوئی دوسرا حکم نہیں ہے تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی روایت اس آیت کے نزول کے بعد ہے اور حضرت ماعز رضی اللہ عنہ جن کے شادی شدہ ہونے کے بارے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے استفسار فرمایا تھا تاکہ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کی سزا میں تفریق فرمائیں کی روایت اور حضرت ابو ہریرہ اور زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہما کی روایت کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باکرہ (غیر شادی شدہ) اور ثیبہ (شادی شدہ) کی سزا میں فرق کیا باکرہ کی سزا ایک سو کوڑے اور ایک سال کی جلا وطنی اور ثیبہ پر رجم مقرر فرمایا، حضرت عبادہ کی روایت سے موخر ہے لہذا یہ اس کے لیے ناسخ ہوئی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جو حکم متاخر ہے وہ پہلے حکم کو منسوخ کرتا ہے پس جو کچھ ہم نے حضرت ابوہریرہ اور حضرت زید بن خالد کی حدیث نیز حضرت ماعز کی حدیث کے ضمن میں ذکر کیا ہے وہ حضرت عبادہ کی حدیث سے اولیٰ ہے پھر اسے صحیح قیاس سے بھی تقویت ملتی ہے۔

وہ یوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ حرکات کو توڑنے کے سلسلے میں جن سزاؤں پر اتفاق ہے وہ ایک ہی سزا ہے۔

اس ضمن میں ہم دیکھتے ہیں کہ چور کی سزا صرف ہاتھ کاٹنا ہے اسکے علاوہ کچھ نہیں قاذف (الزام تراشی کرنیوالا) کی سزا صرف کوڑے ہیں اسکے تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ شادی شدہ زانی کی سزا بھی صرف ایک ہی ہو اس کے علاوہ نہ ہو پس اس کی سزا صرف رجم ہو گی جس پر سب کا اتفاق ہے اور کوڑوں کی سزا جس پر اتفاق نہیں ہے اس کی نفی ہو گی۔ یہ حضرت امام ابو حنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا

يُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ.

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ وَكَيْفَ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ مَنْسُوْخًا وَقَدْ عَمِلَ بِهٖ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

قول ہے۔

اگر کوئی معترض کہے کہ اس کا منسوخ ہونا کیسے جائز ہوگا جب کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کے وصال) کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اس پر عمل کیا۔

۵۸۰- فَذَكَرَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ جَاءَتْ اِمْرَاَةٌ مِّنْ هَمْدَانَ يُقَالُ لَهَا شَرَاحَةُ اِلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَقَالَتْ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَرَدَّدَهَا حَتّٰى شَهِدَتْ عَلٰى نَفْسِهَا اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ فَاَمَرَ بِهَا فَجُلِدَتْ ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ.

اور وہ یوں ذکر کرے حضرت عبدالرحمن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہمدان (کے علاقے) سے شراحہ نامی ایک عورت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے کہا کہ میں نے زنا کیا ہے آپ نے اسے لوٹا دیا حتیٰ کہ اس نے اپنے نفس پر چار بار گواہی دی (اعتراف کیا) تو آپ کے حکم سے اسے کوڑے مارے گئے پھر اسے رجم کیا گیا۔

۵۸۱- حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

حضرت یوسف بن عدی فرماتے ہیں ہم سے حضرت ابوالاحوص نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۸۲- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ بِلَالٍ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الرَّضْرَاضِ بْنِ اَسْعَدَ قَالَ شَهِدْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللهُ عَنْهُ جَلَدَ شَرَاحَةَ ثُمَّ رَجَمَهَا.

حضرت قتادہ بن رضراض بن اسعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے شراحہ کو کوڑے مارے پھر اسے رجم کیا۔

۵۸۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ عَنْ مُسْلِمٍ الْاَعْوَرِ عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ اَتَتْهُ شَرَاحَةُ فَاَقَرَّتْ عِنْدَهٗ اَنَّهَا زَنَتْ فَقَالَ لَهَا عَلِيٌّ فَلَعَلَّكِ غَضِبْتِ نَفْسَكِ قَالَتْ اَتَيْتُ طَائِعَةً غَيْرَ مُكْرَهَةٍ قَالَ فَاَخَّرَهَا حَتّٰى وَلَدَتْ وَفَطَمَتْ وَلَدَهَا ثُمَّ جَلَدَهَا الْحَدَّ

حضرت حبہ عرنی، حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں ان کے پاس شراحہ نامی عورت آئی اور اس نے آپ کے پاس زنا کا اقرار کیا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا شاید تم اپنے نفس پر غضب ناک ہو کر آئی ہو، اس نے کہا میں خوشی سے آئی ہوں مجھ پر کسی نے جبر نہیں کیا راوی فرماتے ہیں آپ نے اس (کی سزا) کو مؤخر کیا حتیٰ کہ اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور پھر اس بچے نے دودھ پینا چھوڑا تو آپ نے اس کے اقرار کے سبب اسے کوڑے لگائے

بِاِقْرَارِهَا ثُمَّ دَفَنَهَا فِي الرَّحْبَةِ اِلٰى مَنْكِبِهَا ثُمَّ رَمَاهَا هُوَ اَوَّلُ النَّاسِ ثُمَّ قَالَ اِرْمُوْا ثُمَّ قَالَ جَلَدْتُهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَجَمْتُهَا بِسُنَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

پھر اسے ایک کھلی جگہ میں (گڑھا کھود کر) کندھوں تک دبا دیا پھر سب سے پہلے آپ نے اسے (پتھر) مارا اس کے بعد فرمایا اسے مارو، پھر فرمایا میں نے اسے قرآن پاک کے مطابق کوڑے لگائے اور حدیث نبوی کے مطابق رجم کیا۔

۵۸۴۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ جَلَدَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شَرَاحَةَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ وَرَجَمَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَالَ جَلَدْتُهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَجَمْتُهَا بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت سلمہ، حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے شراحہ کو جمعرات کے دن کوڑے لگائے اور جمعہ کے دن اسے رجم کیا اور فرمایا میں نے کتاب اللہ کے مطابق کوڑے لگائے اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں رجم کیا۔

قِيْلَ لَهٗ اِنْ هٰذَا وَاِنْ كَانَ قَدْ رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَمَا ذَكَرْنَا فَاِنَّ غَيْرَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رُوِيَ عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ خِلَافُ مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

اس (معترض) کو کہا جائے گا کہ اگرچہ یہ روایت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا لیکن دوسرے صحابہ کرام سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت کے خلاف مروی ہے۔

۵۸۵۔ فَمِنْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ اَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ ثُمَّ الْاَشْجَعِيَّ اَخْبَرَهٗ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ عُمَرَ مَقْدَمَهُ الشَّامَ بِالْجَابِيَةِ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّ امْرَاَتِيْ زَنَتْ بِغُلَامِيْ فَهِيَ هٰذِهٖ تَعْتَرِفُ بِذٰلِكَ فَاَرْسَلَنِيْ فِيْ رَهْطٍ اِلَيْهَا نَسْاَلُهَا عَنْ ذٰلِكَ فَجِئْتُهَا فَاِذَا هِيَ جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ فَقُلْتُ اَللّٰهُمَّ افْرُجْ فَاهَا الْيَوْمَ عَمَّا شِئْتَ فَسَاَلْتُهَا وَاَخْبَرْتُهَا بِالَّذِيْ قَالَ زَوْجُهَا فَقَالَتْ صَدَقَ فَبَلَّغْنَا ذٰلِكَ عُمَرَ فَاَمَرَ بِرَجْمِهَا۔

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت ابوواقد لیثی نے ان کو بتایا اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں فرماتے ہیں جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ شام تشریف لے گئے تو جابیہ کے مقام پر ہم ان کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا اے امیر المؤمنین! میری عورت، میرے غلام کے ساتھ زنا کی مرتکب ہوئی ہے اور وہ اس بات کا اعتراف بھی کرتی ہے تو آپ نے مجھے ایک جماعت کے ساتھ اس کے پاس بھیجا کہ ہم اس سے اس سلسلے میں پوچھیں میں اس کے پاس آیا تو دیکھا کہ وہ ایک نوجوان لڑکی ہے میں نے کہا یا اللہ! آج اس کا منہ (زبان) کھول دے جو کچھ تو چاہے۔ پھر میں نے اس سے سوال کیا اور اس کے خاوند نے جو کچھ کہا تھا اسے بتایا اس نے کہا کہ اس نے سچ کہا ہے ہم نے یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تک پہنچائی تو آپ نے اسے رجم کرنے کا حکم دیا۔

۵۸۶ - حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ يَحْيٰى ابْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَتَاهُ رَجُلٌ وَهُوَ بِالشَّامِ فَذَكَرَ لَهُ اَنَّهُ وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا فَبَعَثَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ اِلَى امْرَاَتِهٖ لِيَسْاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ فَاَتَاهَا وَعِنْدَهَا نِسْوَةٌ حَوْلَهَا فَذَكَرَ لَهَا الَّذِيْ قَالَهٗ زَوْجُهَا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَاَخْبَرَهَا اَنَّهَا لَا تُؤْخَذُ بِقَوْلِهٖ وَجَعَلَ يُلَقِّنُهَا اَشْبَاهَ ذٰلِكَ لِتَنْتَزِعَ فَاَبَتْ اَنْ تَنْتَزِعَ وَتَمَّتْ عَلَى الْاِعْتِرَافِ فَاَمَرَ بِهَا عُمَرُ فَرُجِمَتْ۔

فَهٰذَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَجْلِدْهَا قَبْلَ رَجْمِهٖ اِيَّاهَا فَهٰذَا خِلَافُ مَا فَعَلَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِشَرَاحَةَ مِنْ جَلْدِهٖ اِيَّاهَا قَبْلَ رَجْمِهَا فَهٰذَا اَوْلَى الْفِعْلَيْنِ عِنْدَنَا لِمَا قَدْ ذَكَرْنَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ۔

حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ شام میں ایک شخص حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے ذکر کیا کہ اس نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک شخص کو پایا، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ کو اس کی بیوی کے پاس بھیجا تاکہ اس سے اس سلسلے میں پوچھیں وہ اس کے پاس آئے تو وہاں کچھ عورتیں تھیں انہوں نے اس سے وہ بات ذکر کی جو اس کے خاوند نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی تھی اور فرمایا کہ اس کی بات پر تمہاری گرفت نہ ہوگی اور اس کو دوسری باتوں کی رغبت دی تاکہ وہ رجوع کرلے لیکن اس نے رجوع کرنے سے انکار کردیا اور اپنے اعتراف پر قائم رہی چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس کے بارے میں حکم دیا اور اسے رجم کیا گیا۔

تو یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے صحابہ کرام کی موجودگی میں اسے رجم سے پہلے کوڑے نہیں مارے ہیں یہ عمل حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے شراحہ سے متعلق فعل یعنی رجم سے پہلے کوڑے مارنے کے خلاف ہے ہمارے نزدیک دونوں فعلوں میں سے یہ اولیٰ ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

بَابُ ۲۴ الْاِعْتِرَافِ بِالزِّنَاءِ الَّذِيْ يَجِبُ بِهِ الْحَدُّ مَا هُوَ۔

جس اعترافِ زنا کے ساتھ حد واجب ہوتی ہے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ ذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَقَرَّ بِالزِّنَاءِ مَرَّةً وَاحِدَةً اُقِيْمَ عَلَيْهِ حَدُّ الزِّنَاءِ۔

وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا قَدْ رَوَيْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ مِنْ قَوْلِهٖ لِاُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اُغْدُ يَا اُنَيْسُ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا قَالُوْا فَفِيْ هٰذَا دَلِيْلٌ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ جب کوئی شخص زنا کا ایک بار اقرار کرے تو اس پر حد قائم کی جائے۔

انہوں نے اس سلسلے میں اس حدیث سے استدلال کیا ہے جسے ہم نے اس کتاب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے حضرت انیس رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے انیس! اس شخص کی بیوی کے پاس جاؤ اور اگر وہ اعتراف کرے تو اسے رجم کرو۔ وہ حضرات فرماتے ہیں اس میں اس

عَلٰی اَنَّ الْاِعْتِرَافَ بِالزِّنَآءِ مَرَّةً وَّاحِدَةً یُوْجِبُ الْحَدَّ۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا یَجِبُ حَدُّ الزِّنَآءِ عَلَی الْمُعْتَرِفِ بِالزِّنَآءِ حَتّٰی یُقِرَّ بِهٖ عَلٰی نَفْسِهٖ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ وَقَالُوْا لَیْسَ فِیْمَا ذَكَرْتُمْ مِنْ حَدِیْثِ اُنَیْسٍ دَلِیْلٌ عَلٰی مَا قَدْ وَصَفْتُمْ۔

وَذٰلِكَ اَنَّهٗ قَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَكُوْنَ اُنَیْسٌ قَدْ كَانَ عَلِمَ الْاِعْتِرَافَ الَّذِیْ یُوْجِبُ حَدَّ الزِّنَآءِ عَلَی الْمُعْتَرِفِ بِهٖ مَا هُوَ بِمَا اَعْلَمَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَاعِزٍ وَغَیْرِهٖ فَخَاطَبَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْخِطَابِ بَعْدَ مَا عَلِمَ اَنَّهٗ قَدْ عَلِمَ الْاِعْتِرَافَ الَّذِیْ یُوْجِبُ الْحَدَّ مَا هُوَ وَقَدْ جَآءَ غَیْرُ هٰذَا الْاَثَرِ مِنَ الْاٰثَارِ مَا قَدْ بَیَّنَ الْاِعْتِرَافَ بِالزِّنَآءِ الَّذِیْ یُوْجِبُ الْحَدَّ عَلَی الْمُعْتَرِفِ مَا هُوَ۔

۵۸۸۔ فَمِنْ ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ قَالَ ثَنَا اِسْرَآئِیْلُ عَنْ جَابِرٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ مَاعِزًا اَرْبَعَ مَرَّاتٍ۔

۵۸۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِیْرَةِ الطَّائِفِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْمِقْدَامِ عَنِ ابْنِ شَدَّادٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ

بات کی دلیل ہے کہ زنا کا ایک بار اقرار حد کو واجب کرتا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ زنا کے معترف پر اس وقت تک حد واجب نہیں ہوتی جب تک وہ اپنے نفس کے خلاف چار بار اقرار نہ کر لے وہ فرماتے ہیں تم نے جو حدیث انیس ذکر کی ہے اس میں تمہاری بات پر کوئی دلیل نہیں۔

اور یہ اس لیے کہ ممکن ہے حضرت انیس رضی اللہ عنہ کو اس اعتراف کا علم ہو چکا ہو جس سے حد واجب ہوتی ہے اور وہ اس طرح کہ حضرت ماعز وغیرہ کے سلسلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس کی خبر دی پھر اس علم کے بعد ان کو یہ خطاب فرمایا (اور اس وقت تک) ان کو علم ہو چکا تھا کہ کس قسم کا اعتراف حد کو واجب کرتا ہے اور اس روایت کے علاوہ روایات میں زنا کے اس اعتراف کا بیان ہے جس کے ذریعے معترف پر حد واجب ہوتی ہے۔

ان روایات میں سے ہے حضرت عبدالرحمن بن ابزی، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز کو چار بار واپس بھیجا۔

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے کہ ایک شخص آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اس نے آپ کے پاس زنا کا اقرار کیا حضور علیہ السلام نے اسے چار بار واپس بھیج دیا پھر تشریف لائے اور ہمیں حکم دیا چنانچہ ہم نے ایک گڑھا کھودا

سَفَرٍ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَاَقَرَّ عِنْدَهُ بِالزِّنَاءِ فَرَدَّهُ اَرْبَعًا ثُمَّ نَزَلَ فَاَمَرَنَا فَحَفَرْنَا لَهُ حُفْرَةً لَيْسَتْ بِالطَّوِيْلَةِ فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ فَارْتَحَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَئِيْبًا حَزِيْنًا فَسِرْنَا حَتّٰى نَزَلْنَا مَنْزِلًا فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَلَمْ تَرَ اِلٰى صَاحِبِكُمْ غُفِرَ لَهٗ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ.

جو زیادہ لمبا نہ تھا پھر آپ کے حکم سے اسے رجم کیا گیا اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غمگین حالت میں تشریف لے گئے ہم چلے حتیٰ کہ ایک منزل پر اترے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اے ابوذر! کیا تم نے اپنے ساتھی کی طرف دیکھا اسے بخش دیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا۔

۵۹۰۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الزِّبْرِقَانُ وَاَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنِ الْحَجَّاجِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

حضرت ابراہیم زبرقان اور ابوخالد احمر، حضرت حجاج سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۹۱۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزٍ اَحَقٌّ مَا بَلَغَنِيْ عَنْكَ قَالَ وَمَا بَلَغَكَ عَنِّيْ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ اَتَيْتَ جَارِيَةَ اٰلِ فُلَانٍ فَاَقَرَّ عَلٰى نَفْسِهٖ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز سے فرمایا تمہارے بارے میں جو خبر مجھے پہنچی ہے کیا وہ سچ ہے؟ انہوں نے عرض کیا آپ کو میرے بارے میں کیا خبر پہنچی ہے؟ آپ نے فرمایا مجھے اطلاع ملی ہے کہ تم نے آل فلاں کی لونڈی سے زنا کیا ہے انہوں نے اپنے خلاف چار بار اقرار کیا تو آپ کے حکم سے انہیں رجم کیا گیا۔

۵۹۲۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

حضرت ابوغسان فرماتے ہیں ہم سے حضرت ابوعوانہ نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۵۹۳۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَسْلَمَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَنَادَاهُ فَحَدَّثَهٗ اَنَّهٗ زَنٰى فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قبیلہ اسلم کا ایک شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ مسجد میں تشریف فرما تھے اس نے آپ کو پکارا اور آپ کے سامنے بیان کیا کہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منہ پھیر لیا وہ ادھر سے ہٹ کر اس طرف ہو گیا جدھر

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَحَّى لِشِقِّهِ الَّذِي أَعْرَضَ قِبَلَهُ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ زَنَى وَشَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَدَعَاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلْ بِكَ جُنُونٌ قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ أَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ فَأَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرْجَمَ بِالْمُصَلَّى فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ جَمَزَ حَتَّى أُدْرِكَ بِالْحَرَّةِ فَقُتِلَ بِهَا رَجْمًا .

آپ نے رخ کیا تھا اور بتایا کہ اس نے زنا کیا ہے اس نے اپنے خلاف چار بار گواہی دی (اعتراف کیا) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور فرمایا کیا تم پاگل ہو؟ اس نے کہا نہیں فرمایا کیا تم شادی شدہ ہو اس نے کہا ہاں تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے عید گاہ میں رجم کرنے کا حکم فرمایا جب اس پر پتھر پڑنے لگے تو وہ بھاگ نکلا حتیٰ کہ پتھریلی زمین میں پکڑا گیا اور رجم کے طور پر ہلاک کیا گیا۔

۵۹۴- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَامِرٍ وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَا ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ أَشْعَرُ قَصِيرٌ ذُو عَضَلَاتٍ فَأَقَرَّ لَهُ بِالزِّنَاءِ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَأَتَاهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ الْآخَرِ فَأَعْرَضَ عَنْهُ قَالَ لَا أَدْرِي مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ قَالَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ فَقَالَ رَدَّهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ .

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت ایک شخص آیا جس کے بال زیادہ قد چھوٹا اور جسم موٹا تھا اس نے زنا کا اقرار کیا تو آپ نے اس سے منہ پھیر لیا وہ دوسری طرف سے آیا آپ نے پھر منہ پھیر لیا راوی فرماتے ہیں مجھے معلوم نہیں دو مرتبہ ایسے ہوا یا تین مرتبہ پھر آپ کے حکم سے اسے رجم کیا گیا راوی فرماتے ہیں حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے یہ بات ذکر کی گئی تو انہوں نے فرمایا آپ نے چار بار واپس لوٹایا۔

۵۹۵- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ قَالَ رَدَّدَهُ مَرَّتَيْنِ .

حضرت وھب سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم سے حضرت شعبہ نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا وہ فرماتے ہیں آپ نے اسے دوبار رد کیا۔

فَقَالَ قَائِلٌ فَفِي هٰذَا أَنَّهُ حَدَّ بَعْدَ إِقْرَارِهِ أَقَلَّ مِنْ أَرْبَعِ مَرَّاتٍ .

اگر کوئی معترض کہے کہ اس حدیث میں ہے کہ آپ نے چار بار سے کم اقرار کے بعد اسے حد لگائی۔

۵۹۶- قِيلَ لَهُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ عِلَّةٌ وَذٰلِكَ أَنَّ رَبِيعًا الْمُؤَذِّنَ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى قَالَ ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ فَاعْتَرَفَ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ اذْهَبُوا بِهِ ثُمَّ رُدُّوهُ فَاعْتَرَفَ

اس سلسلے میں اسے کہا جائے گا کہ اس حدیث میں کچھ خرابی ہے کیونکہ حضرت سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت ماعز کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا انہوں نے دو بار اعتراف کیا تو آپ نے فرمایا اسے لے جاؤ پھر واپس لاؤ پھر انہوں نے دو بار اعتراف کیا حتیٰ کہ چار بار اعتراف ہو گیا تو رسول

مَرَّتَيْنِ حَتَّى اعْتَرَفَ أَرْبَعًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اذْهَبُوا بِهِ فَارْجُمُوهُ۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّهُ أَقَرَّ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ ذَهَبُوا بِهِ ثُمَّ رَدُّوهُ فَأَقَرَّ مَرَّتَيْنِ فَيَجُوزُ أَنْ يَكُونَ جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَضَرَ الْمَرَّتَيْنِ الْأُخْرَتَيْنِ وَلَمْ يَحْضُرْ مَا كَانَ مِنْهُ قَبْلَ ذٰلِكَ وَحَضَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا الْإِقْرَارَ كُلَّهُ وَكَذٰلِكَ مَنْ وَافَقَهُ عَلَى أَنَّهُ كَانَ أَرْبَعًا۔

۵۹۷۔ **حَدَّثَنَا** حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ هَارُونَ قَالَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ هَضَّاضٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ زَنَى فَأَتَى هَزَّالًا فَأَقَرَّ لَهُ أَنَّهُ زَنَى فَقَالَ لَهُ هَزَّالٌ ائْتِ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبِرْهُ قَبْلَ أَنْ يَنْزِلَ فِيكَ قُرْآنٌ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ حَتَّى قَالَ ذٰلِكَ أَرْبَعًا فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ۔

۵۹۸۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ أَتَى رَجُلٌ مِنْ أَسْلَمَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَنَادَاهُ فَحَدَّثَهُ أَنَّهُ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَحَّى لِشِقِّهِ الَّذِي أَعْرَضَ قِبَلَهُ فَأَخْبَرَهُ بِأَنَّهُ زَنَى وَشَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَدَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے لے جاکر رجم کرو۔

اس حدیث میں ہے کہ انہوں نے (حضرت ماعز نے) دو بار اعتراف کیا پھر انہیں لے گئے پھر واپس لائے اور دو بار اقرار کیا تو ہوسکتا ہے کہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بعد والے دو بار اقرار کے وقت موجود ہوں پہلے موجود نہ ہوں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما تمام اقراروں کے وقت موجود ہوں جس نے بھی چار بار اقرار کے سلسلے میں ان کی موافقت کی ہے اسکے بارے میں یہی بات ہے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ماعز بن مالک نے زنا کا ارتکاب کیا پھر وہ ھزال کے پاس آئے اور زنا کا اقرار کیا حضرت ھزال نے فرمایا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور آپ کو خبر دو اس سے پہلے کہ تمہارے بارے میں قرآن پاک (کا کوئی حکم) نازل ہو وہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے زنا کیا ہے آپ نے رُخ انور پھیر لیا حتی کہ انہوں نے چار بار یہ بات کہی تو آپ کے حکم سے ان کو رجم کیا گیا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبیلہ اسلم کا ایک شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ مسجد میں تشریف فرما تھے اس نے آپ کو مخاطب کر کے بیان کیا کہ اس نے زنا کیا ہے آپ نے چہرہ انور پھیر لیا وہ اس طرف ہٹ گیا جدھر آپ نے اعراض فرمایا تھا اور بتایا کہ اس نے زنا کیا ہے اس نے اپنے نفس کے خلاف چار بار گواہی دی (اقرار کیا) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلاکر فرمایا کیا تم پاگل تو نہیں، عرض کیا نہیں فرمایا

وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلْ بِكَ جُنُوْنٌ قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ اَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّرْجَمَ بِالْمُصَلّٰى۔

کیا تم شادی شدہ ہو عرض کیا جی ہاں پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اسے عیدگاہ میں رجم کیا گیا۔

۵۹۹۔ حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ الْغَنَوِيُّ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ يُّقَالُ لَهٗ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ وَاِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ تُطَهِّرَنِيْ فَقَالَ لَهٗ اِرْجِعْ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ اَتَاهُ اَيْضًا فَاعْتَرَفَ عِنْدَهٗ بِالزِّنَاءِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِرْجِعْ ثُمَّ اَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى قَوْمِهٖ فَسَاَلَهُمْ عَنْهُ فَقَالَ مَا تَقُوْلُوْنَ فِيْ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ هَلْ تَرَوْنَ بِهٖ بَاْسًا اَوْ تُنْكِرُوْنَ مِنْ عَقْلِهٖ شَيْئًا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَرٰى بِهٖ بَاْسًا وَّمَا نُنْكِرُ مِنْ عَقْلِهٖ شَيْئًا ثُمَّ عَادَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَرَفَ اَيْضًا عِنْدَهٗ بِالزِّنَاءِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَهِّرْنِيْ فَاَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى قَوْمِهٖ فَسَاَلَهُمْ عَنْهُ فَقَالُوْا لَهٗ كَمَا قَالُوْا لَهٗ فِي الْمَرَّةِ الْاُوْلٰى مَا نَرٰى بِهٖ بَاْسًا وَّمَا نُنْكِرُ مِنْ عَقْلِهٖ شَيْئًا ثُمَّ رَجَعَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّابِعَةَ فَاعْتَرَفَ عِنْدَهٗ بِالزِّنَاءِ فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبد اللہ بن بریدہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ آپ کے پاس ایک شخص آیا جسے ماعز بن مالک کہا جاتا تھا اس نے عرض کیا اے اللہ کے نبی! میں نے زنا کیا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے پاک کردیں آپ نے فرمایا لوٹ جاؤ جب دوسرا دن ہوا تو وہ پھر حاضر ہوا اور آپ کے پاس زنا اعتراف کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوٹ جاؤ پھر آپ نے کسی کو اس کی قوم کی طرف بھیجا جس نے ان سے پوچھا کہ ماعز بن مالک کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے کیا تم اس میں کچھ تکلیف دیکھتے ہو یا اس کی عقل میں کچھ فتور سمجھتے ہو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم اس میں کوئی تکلیف نہیں دیکھتے اور نہ ہی اس کی عقل میں کچھ خرابی دیکھتے ہیں پھر وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور زنا کا اعتراف کیا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے پاک کیجیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی قوم کے پاس کسی کو بھیجا اور ان سے استفسار کیا تو انہوں نے وہی پہلے والی بات کہی کہ ہم اس میں کوئی خرابی یا عقل میں فتور نہیں دیکھتے پھر چوتھی بار حضور علیہ السلام کی حضرت میں حاضر ہوا اور زنا کا اعتراف کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اس کے لیے ایک گڑھا کھودا گیا اور اس کو سینے تک اس میں رکھا گیا پھر لوگوں کو حکم دیا کہ اسے رجم کریں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے

فَحُفِرَتْ لَهٗ حُفْرَةٌ فَجُعِلَ فِيْهَا اِلٰى صَدْرِهٖ ثُمَّ اَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَرْجُمُوْهُ قَالَ بُرَيْدَةُ كُنَّا نَتَحَدَّثُ بَيْنَنَا اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ لَوْ جَلَسَ فِيْ رَحْلِهٖ بَعْدَ اِعْتِرَافِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَمْ يَطْلُبْهُ وَاِنَّمَا رَجَمَهٗ عِنْدَ الرَّابِعَةِ۔

ہیں ہم صحابہ کرام باہم گفتگو کرتے تھے کہ اگر تین بار اقرار کے بعد حضرت ماعز اپنی منزل میں بیٹھے رہتے تو آپ ان کو نہ بلاتے آپ نے ان کو چوتھے اقرار کے وقت رجم کیا۔

فَلَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمْ يَرْجُمْهُ بِاِقْرَارِهٖ مَرَّةً وَّلَا مَرَّتَيْنِ وَلَا ثَلٰثًا دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْحَدَّ لَمْ يَكُنْ وَجَبَ عَلَيْهِ بِذٰلِكَ الْاِقْرَارِ ثُمَّ رَجَمَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِقْرَارِهٖ فِي الْمَرَّةِ الرَّابِعَةِ۔

تو جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ایک، دو اور تین بار کے اقرار پر رجم نہ کیا تو۔ اس بات پر دلالت ہے کہ اس اقرار کے ساتھ حد واجب نہیں ہوتی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چوتھی بار اقرار کے بعد ان کو رجم کیا۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الْاِقْرَارَ بِالزِّنَاءِ الَّذِيْ يُوْجِبُ الْحَدَّ عَلَى الْمُقِرِّ هُوَ اِقْرَارُهٗ بِهٖ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَمَنْ اَقَرَّ كَذٰلِكَ حُدَّ وَمَنْ اَقَرَّ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ لَمْ يُحَدَّ وَقَدْ ذُكِرَ هٰذَا الْمَعْنٰى مَا رَوَيْنَاهُ عَنْ بُرَيْدَةَ مِمَّا كَانَ يَقُوْلُهٗ هُوَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاهُ فِيْ ذٰلِكَ مِمَّا قَدْ ذَكَرْنَا فِيْ حَدِيْثِ فَهْدٍ عَنْ اَبِيْ نُعَيْمٍ عَنْ بَشِيْرِ الْمُهَاجِرِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَقَدْ عَمِلَ بِذٰلِكَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ شَرَاحَةَ فَرَدَّهَا اَرْبَعَ مَرَّاتٍ۔

اس سے ثابت ہوا کہ زنا کا وہ اقرار جس سے اقرار کرنے والے پر حد واجب ہوتی ہے وہ چار بار کا اقرار ہے پس جس نے اس طرح اقرار کیا اسے حد لگائی جائے اور جو اس سے کم بار اقرار کرے اسے حد نہ لگائی جائے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت میں جو معنی مذکور ہے حضرت بریدہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس سلسلے میں یہی بات کہتے ہیں جسے ہم نے حضرت فہد کی حدیث میں ذکر کیا وہ حضرت ابونعیم سے اور وہ حضرت بشر بن مہاجر سے روایت کرتے ہیں یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مسلک ہے، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے شراحہ کے سلسلے میں اسی پر عمل کیا اور اسے چار بار واپس کیا۔

بَابُ ۲۰۵ الرَّجُلِ يَزْنِيْ بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ

بیوی کی لونڈی سے زنا کرنا

۶۰۰۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ

حضرت قتادہ، حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کی لونڈی سے

عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَوْنِ ابْنِ قَتَادَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ اَنَّ رَجُلًا زَنٰی بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَ اِسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا وَاِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَعَلَيْهِ مِثْلُهَا۔

زنا کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اس شخص نے اسے مجبور کیا تھا تو وہ آزاد ہے اور اس (مالکہ) کے لیے اس کی مثل (لونڈی) ہوگی اور اگر اس کی مرضی شامل تھی تو اس مرد پر اس کی مثل ہے (اور وہ لونڈی اس مرد کی ہو جائے گی)

۶۰۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامِ بْنِ مِسْكِيْنٍ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ قَالَ سَاَلْتُ الْحَسَنَ عَنِ الرَّجُلِ يَقَعُ بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ قَبِيْصَةُ بْنُ حُرَيْثٍ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ وَزَادَ وَلَمْ يُقِمْ عَلَيْهِ حَدًّا۔

حضرت قاسم بن سلام بن مسکین فرماتے ہیں میں نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو اپنی بیوی کی لونڈی سے جماع کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا مجھ سے حضرت قبیصہ بن حریث انصاری نے بیان کیا انہوں نے حضرت سلمہ بن محبق سے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا اور یہ اضافہ فرمایا کہ آپ نے اس پر حد نافذ نہیں فرمائی۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذَا وَقَالُوْا هٰذَا هُوَ الْحُكْمُ فِيْمَنْ زَنٰى بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ عَلٰى مَا فِيْ حَدِيْثِ سَلَمَةَ هٰذَا وَقَالُوْا قَدْ عَمِلَ بِذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے یہ حضرات فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی بیوی کی لونڈی سے زنا کرے اس کا یہی حکم ہے جیسا کہ حضرت ابوسلمہ کی اس حدیث میں ہے وہ (حضرات) فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اسی پر عمل کیا۔

۶۰۲۔ وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَمِّهٖ ابْنِ حَيَّانَ اَنَّ رَجُلًا اَتٰى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَقَالَ كَيْفَ صَنَعْتَ قَالَ وَقَعْتُ عَلٰى جَارِيَةِ امْرَاَتِيْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اِنْ كُنْتَ اِسْتَكْرَهْتَهَا فَاَعْتِقْهَا وَاِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْكَ فَاَعْتِقْ وَعَلَيْكَ مِثْلُهَا۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں ذکر کیا حضرت منصور اپنے چچا ابن حیان سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے زنا کیا ہے انہوں نے فرمایا تو نے کیسے کیا؟
اس نے عرض کیا میں نے اپنی بیوی کی لونڈی سے جماع کیا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا "اللہ اکبر" اگر تو اسے ناپسند کرتا تھا تو اسے آزاد کر دے اور اگر اس نے تمہاری بات مانی تھی تو اسے آزاد کر اور تجھ پر اس کی مثل لونڈی لازم ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے

فَقَالُوْا بَلْ نَرٰى عَلَيْهِ الرَّجْمَ اِنْ كَانَ مُحْصِنًا وَ الْجَلْدَ اِنْ كَانَ غَيْرَ مُحْصِنٍ۔

۶۰۳- وَكَانَ مَا ذَهَبُوْا اِلَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ مِنَ الْاٰثَارِ الْمَرْوِيَّةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ اَنَّ رَجُلًا وَقَعَ بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ فَاَتَتْ اِمْرَاَتُهُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ فَاَخْبَرَتْهُ فَقَالَ اَمَا اِنَّ عِنْدِيْ فِيْ ذٰلِكَ خَبَرًا ثَابِتًا اَخَذْتُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كُنْتِ اَذِنْتِ لَهٗ جَلَدْتُهٗ مِائَةً وَاِنْ كُنْتِ لَمْ تَاْذَنِيْ لَهٗ رَجَمْتُهٗ۔

فرمایا کہ ہمارے خیال کے مطابق اسے رجم کیا جائے اگر وہ شادی شدہ ہے اور اگر غیر شادی شدہ ہے تو اسے کوڑے لگائے جائیں۔

انہوں نے اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی روایات سے استدلال کیا ہے حضرت ابو بشر، حضرت حبیب بن سالم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کی لونڈی سے جماع کیا تو اس کی بیوی حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور ان کو (اس بات کی) خبر دی انہوں نے: اس سلسلے میں میرے پاس ایک حدیث ہے جو ثابت ہے۔ میں نے اسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کیا ہے اگر تم نے اسے اجازت دی تھی تو میں اسے سو کوڑے ماروں گا اور اگر تم نے اسے اجازت نہیں دی تھی تو میں اسے رجم کروں گا۔

۶۰۴- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ قَالَ سُئِلَ قَتَادَةُ عَنْ رَجُلٍ وَطِئَ جَارِيَةَ امْرَاَتِهٖ فَحَدَّثَنَا عَنْ حَبِيْبِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ اَنَّهَا رُفِعَتْ اِلَى النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ فَقَالَ لَاَقْضِيَنَّ فِيْهَا بِقَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَتْ اَحَلَّتْهَا لَهٗ جَلَدْتُهٗ مِائَةً وَاِنْ لَمْ تَكُنْ اَحَلَّتْهَا لَهٗ رَجَمْتُهٗ۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ خِلَافُ مَا فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ لِاَنَّ فِيْهِ اِنَّهَا اِنْ لَمْ تَكُنْ اَذِنَتْ لَهٗ رُجِمَ وَاَمَّا قَوْلُهٗ وَاِنْ كُنْتِ اَذِنْتِ لَهٗ جَلَدْنَاهُ مِائَةً فَتِلْكَ الْمِائَةُ عِنْدَنَا تَعْزِيْرٌ كَاَنَّهٗ دَرَاَ عَنْهُ الْحَدَّ بِوَطْئِهٖ بِالشُّبْهَةِ وَعَزَّرَهٗ بِرُكُوْبِهٖ مَا لَا يَحِلُّ لَهٗ۔

حضرت ہمام فرماتے ہیں حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے وطی کی تو انہوں نے حضرت حبیب بن لیساف سے روایت کرتے ہوئے نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ میں اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق فیصلہ کروں گا اگر اس نے اس کو اجازت دی تھی تو میں ایسے (مرد کو) سو کوڑے ماروں گا اور اگر اس نے اس (مرد) کو اجازت نہیں دی تھی تو میں اسے رجم کروں گا۔

اس حدیث میں پہلی حدیث کے خلاف بیان ہے کیونکہ اس میں یہ ہے کہ اگر تو نے اسے اجازت نہیں دی تھی تو اسے رجم کیا جائے گا اور ان کا یہ قول کہ اگر تو نے اسے اجازت دی تھی تو ہم اسے کوڑے ماریں گے تو ہمارے نزدیک یہ سو کوڑے تعزیر ہے گویا انہوں نے وطی بالشبہ کی وجہ سے اس سے حد کو ساقط کر دیا اور حرام جگہ سواری کی وجہ سے اسے سزا دی۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَيَجُوْزُ التَّعْزِيْرُ بِمِائَةٍ قِيْلَ لَهُ نَعَمْ قَدْ عَزَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِائَةٍ فِيْ حَدِيْثٍ قَدْ ذَكَرْنَاهُ عَنْهُ فِيْ رَجُلٍ قَتَلَ عَبْدَهٗ مُتَعَمِّدًا فِيْ بَابِ حَدِّ الْبِكْرِ فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ فَهٰذَا الَّذِيْ ذَكَرَ النُّعْمَانُ عِنْدَنَا نَسْخٌ لِمَا رَوَاهُ سَلَمَةُ بْنُ الْمُحَبِّقِ.

اگر کوئی معترض کہے کہ اس سے سو کوڑوں کے ساتھ تعزیر ثابت ہوئی اسے کہا جائے گا کہ ہاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور تعزیر سو کوڑے مارے ہیں ہم نے اسی کتاب میں باکرہ (غیر شادی شدہ) عورت کی سزا کے سلسلے میں اس شخص کے بارے میں مروی حدیث میں ذکر کیا جس نے اپنے غلام کو جان بوجھ کر قتل کیا تو جو کچھ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا ہمارے نزدیک وہ حضرت سلمہ بن محبق کی روایت کو منسوخ کرتا ہے۔

وَذٰلِكَ أَنَّ الْحُكْمَ كَانَ فِيْ أَوَّلِ الْإِسْلَامِ يُوْجِبُ عُقُوْبَاتٍ بِأَفْعَالٍ فِيْ أَمْوَالٍ وَيُوْجِبُ عُقُوْبَاتٍ فِيْ أَبْدَانٍ بِاسْتِهْلَاكِ أَمْوَالٍ.

اور یہ اس لیے کہ آغازِ اسلام میں بعض گناہوں کی مالی سزا واجب ہوتی اور مال کو ہلاک کرنے کی صورت میں جسمانی سزا لازم ہوتی تھی۔

۶۰۵- مِنْ ذٰلِكَ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْ بَابِ تَحْرِيْمِ الصَّدَقَةِ عَلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ مِنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَانِعِ الزَّكٰوةِ إِنَّا آخِذُوْهَا مِنْهُ وَشَطْرَ مَالِهِ عُقُوْبَةً لَهٗ لِمَا قَدْ صَنَعَ.

اسی سے ہے جو ہم نے بنو ہاشم پر صدقہ حرام ہونے کے باب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص کے بارے میں قول نقل کیا جو زکوٰۃ نہیں دیتا تھا کہ آپ نے فرمایا ہم اس سے کوٰۃ لیں گے اور اس کے مال کا کچھ حصہ اس کے اس جرم کی سزا کے طور پر وصول کیے۔

۶۰۶- وَمِنْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا نُعَيْمٌ عَنِ ابْنِ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ أَحْسِبُهٗ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ الْمَكْتُوْمَةِ غَرَامَتُهَا وَمِثْلُهَا مَعَهَا.

اسی ضمن میں وہ روایت ہے جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپائے ہوئے (محفوظ) اونٹ کو گم کرنے والے کے بارے میں فرمایا کہ اس کا تاوان بھی ہوگا اور اس کے ساتھ اس کی مثل (مزید بنا) ہوگا۔

۶۰۷- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَهِشَامُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَجُلًا مِّنْ مُّزَيْنَةَ أَتٰى إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ حَرِيْسَةِ الْجَبَلِ فَقَالَ لَيْسَ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الْمَاشِيَةِ قَطْعٌ إِلَّا مَا آوَاهُ الْمُرَاحُ فَبَلَغَ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ مزینہ قبیلے کا ایک شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ پہاڑ میں محفوظ جانور کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں آپ نے فرمایا جانوروں (کی چوری) میں ہاتھ کاٹنا نہیں البتہ جسے باڑہ پناہ دے اور اس کی قیمت ڈھال کی قیمت کو پہنچ جائے تو اس میں ہاتھ کاٹنا ہے اور جو ڈھال کی قیمت کو نہ پہنچے اس میں اس کی دو مثل

ثمنه ثمن المجن ففيه قطع اليد وما لم
يبلغ ثمن المجن ففيه غرامة مثليه و
جلدات نكال قال يا رسول الله صلى الله
عليه وسلم كيف ترى في الثمر المعلق قال
هو ومثله معه والنكال وليس في شيء
من الثمر المعلق قطع إلا ما آواه الجرين
فما أخذ من الجرين فبلغ ثمنه ثمن المجن
ففيه القطع وما لم يبلغ ثمن المجن
ففيه غرامة مثليه وجلدات نكال.

فكانت العقوبات جارية فيما
ذكر في هذه الآثار على ما ذكر فيها حتى
نسخ ذلك بتحريم الربو فعاد الأمر إلى أن
لا يؤخذ ممن أخذ شيئا إلا مثل ما أخذوا
إن العقوبات لا تجب في الأموال بانتهاك
الحرمات التي هي غير أموال فحديث
سلمة عندنا كان في الوقت الأول فكان
الحكم على من زنى بجارية امرأته مستكرها
لها عليه أن تعتق عقوبة له في فعله
ويغرم مثلها لامرأته وإن كانت طاوعته
ألزمها جارية زانية وألزمه مكانها
جارية طاهرة ولم يعتق هي بطواعيتها
إياه وفرق في ذلك بينهما إذا كانت
مطاوعة له وبينهما إذا كانت مستكرهة
ثم نسخ ذلك فردت الأمور إلى أن لا
يعاقب أحد بانتهاك حرمة لم يأخذ
فيها مالا بأن يغرم مالا ووجبت عليه
العقوبة التي أوجب الله على سائر
الزناة فثبت بما ذكرنا ما روى النعمان
ونسخ ما روى سلمة بن المحبق وأما

تاوان ہے اور بطور سزا کوڑے الگ ہیں عرض کیا یا رسول اللہ!
لٹکے ہوئے پھل کے بارے میں کیا فرماتے ہیں آپ نے فرمایا وہ بھی
اور اس کے ساتھ اس کی مثل بھی نیز سزا بھی ہوگی اور لٹکے ہوئے
پھلوں میں ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے مگر جس کو سٹور میں رکھا
جائے پس جو پھل سٹور سے لیا جائے اور اس کی قیمت ڈھال
کی قیمت کو پہنچ جائے تو اس میں ہاتھ کاٹنا ہے اور جو ڈھال کی
قیمت کو نہ پہنچے اس میں دوگنا تاوان ہے اور بطور سزا کوڑے
مارنا ہے۔

تو یہ سزائیں جن کا ان روایات میں ذکر کیا گیا جاری رہیں
حتیٰ کہ سود کے حرام ہونے سے یہ منسوخ ہو گئیں اور حکم اس بات
کی طرف لوٹ گیا کہ جس نے کوئی چیز چوری کی ہو اس سے اس چیز کی
مثل لی جائے اور غیر مالی حرمات کو توڑنے میں مالی سزا واجب نہ ہو
گی پس ہمارے نزدیک حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کی روایت ابتدائی
دور سے متعلق ہے اس وقت جو اپنی بیوی کی لونڈی کو مجبور کر کے اس
سے زنا کرتا تو اس پر بطور سزا لازم ہوتا کہ وہ اس کو آزاد کرے اور
اپنی بیوی کو اس کی مثل لونڈی بطور تاوان دے اور اگر اس عورت
کی مرضی شامل ہوتی تو (حاکم) زانیہ لونڈی اس کی مالکہ کے حوالے
کر دیتا اور اس کی جگہ خاوند پر ایک پاکیزہ لونڈی لازم کر دیتا اور
وہ (لونڈی) اس مرد کی بات ماننے کی وجہ سے آزاد نہ ہوتی اور اس
سلسلے میں ان دونوں کے حکم میں فرق ہوتا یعنی اگر
اس لونڈی کی مرضی شامل ہوتی (تو اور حکم ہوتا) اور اگر
وہ ناپسند کرتی (تو دوسرا حکم ہوتا) پھر یہ حکم منسوخ
ہو گیا اور بات اس طرف لوٹ گئی کہ کسی ایسی حرمت کو
توڑنے پر جس میں اس نے مال نہیں لیا مالی تاوان کے
ساتھ سزا نہ دی جائے اور اس پر صرف وہی سزا لازم
ہو جو اللہ تعالیٰ نے تمام زنا کاروں پر واجب کی ہے
تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس سے حضرت نعمان کی روایت ثابت
اور حضرت سلمہ بن محبق کی روایت منسوخ ہو گئی۔ اور وہ جو انہوں

مَا ذَكَرُوْا مِنْ فِعْلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ مَذْهَبِهٖ فِیْ ذٰلِكَ اِلٰی مِثْلِ مَا رَوٰی سَلَمَةُ فَقَدْ خَالَفَهٗ فِیْهِ غَیْرُهٗ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

نے اس سلسلے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا فعل ذکر کیا کہ وہ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کی روایت کی مثل ہے تو اس سلسلے میں دیگر صحابہ کرام نے ان کی مخالفت کی ہے۔

۷۰۸۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عَدِیٍّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ قَالَ كَانَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ لَا اُوْتٰی بِرَجُلٍ وَقَعَ عَلٰی جَارِیَةِ امْرَاَتِهٖ اِلَّا رَجَمْتُهٗ۔

حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ اپنی بیوی کی لونڈی سے جماع کرنے والا جو شخص بھی لایا جائے گا میں اسے رجم کروں گا۔

۷۰۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِی الزِّنَادِ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ عَمْرٍو الْاَسْلَمِیِّ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ عُمَرَ بَعَثَهٗ مُصَدِّقًا عَلٰی سَعْدِ بْنِ هُذَیْمٍ فَاَتٰی حَمْزَةُ بِمَالٍ لِیُصَدِّقَهٗ فَاِذَا رَجُلٌ یَقُوْلُ لِامْرَاَتِهٖ اَدِّیْ صَدَقَةَ مَالِ مَوْلَاكِ وَاِذَا الْمَرْاَةُ تَقُوْلُ لَهٗ بَلْ اَنْتَ اَدِّ صَدَقَةَ مَالِ ابْنِكَ فَسَاَلَ حَمْزَةُ عَنْ اَمْرِهِمَا وَ قَوْلِهِمَا فَاُخْبِرَ اَنَّ ذٰلِكَ الرَّجُلَ زَوْجُ تِلْكَ الْمَرْاَةِ وَاَنَّهٗ وَقَعَ عَلٰی جَارِیَةٍ لَهَا فَوَلَدَتْ وَلَدًا فَاَعْتَقَتْهُ امْرَاَتُهٗ قَالُوْا فَهٰذَا الْمَالُ لِابْنِهٖ مِنْ جَارِیَتِهَا فَقَالَ حَمْزَةُ لَاَرْجُمَنَّكَ بِاَحْجَارِكَ فَقِیْلَ لَهٗ اَصْلَحَكَ اللّٰهُ اِنَّ اَمْرَهٗ قَدْ رُفِعَ اِلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَجَلَدَهٗ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِائَةً وَلَمْ یَرَ عَلَیْهِ الرَّجْمَ فَاَخَذَ حَمْزَةُ بِالرَّجُلِ كَفِیْلًا حَتّٰی قَدِمَ عَلٰی عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَاَلَهٗ عَمَّا ذَكَرَ مِنْ جَلْدِ

حضرت محمد بن حمزہ بن عمرو اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو حضرت سعد بن ہذیم کے پاس زکوٰۃ لینے کے لیے بھیجا حضرت حمزہ مال لے کر آئے تاکہ صدقہ دیں تو دیکھا کہ ایک شخص اپنی بیوی سے کہہ رہا تھا کہ اپنے غلام کے مال کا صدقہ دو اور عورت اس سے کہہ رہی تھی بلکہ تم اپنے بیٹے کے مال کا صدقہ دو حضرت حمزہ نے ان دونوں کے معاملہ اور گفتگو کے بارے میں پوچھا تو ان کو بتایا گیا کہ یہ شخص اس عورت کا خاوند ہے اور اس نے اس (عورت) کی لونڈی سے زنا کیا ہے اس سے ایک بچہ پیدا ہوا جسے اس کی بیوی نے آزاد کر دیا ان لوگوں نے بتایا کہ یہ مال اس شخص کے اس بچے کا ہے جو لونڈی سے پیدا ہوا حضرت حمزہ نے فرمایا میں تجھے تیرے ہی پتھروں سے رجم کروں گا آپ کو بتایا گیا اللہ تعالیٰ آپ کا بھلا کرے اس کا معاملہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ نے اسے ایک سو کوڑے مارے تھے اور اس کے لیے رجم کی سزا تجویز نہ فرمائی حضرت حمزہ نے اس شخص کا ضامن لیا حتیٰ کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے

عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ اِيَّاهُ وَلَمْ يَرَ عَلَيْهِ الرَّجْمَ فَصَدَّقَهُمْ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ بِذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهِمْ وَقَالَ اِنَّمَا دَرَاَ عَنْهُ الرَّجْمَ اِنَّهٗ عَذَرَهٗ بِالْجَاهِلِيَّةِ۔

۶۱۰۔ فَهٰذَا حَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو صَاحِبُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَاٰى اَنَّ عَلٰى مَنْ زَنٰى بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهِ الرَّجْمَ وَلَمْ يُنْكِرْ عَلَيْهِ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ مَا كَانَ عُمَرُ رَاٰى مِنْ ذٰلِكَ حِيْنَ كَفَلَ الرَّجُلَ حَتّٰى يَجِيْءَ اَمْرُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ اِقَامَةِ الْحَدِّ عَلَيْهِ فَقَدْ وَافَقَ ذٰلِكَ اَيْضًا مَا رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَمَا رَوَاهُ النُّعْمَانُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۶۱۱۔ ثُمَّ مَا فِيْ حَدِيْثِ حَمْزَةَ اَيْضًا مِنْ جَلْدِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ ذٰلِكَ الرَّجُلَ مِائَةَ جَلْدَةٍ تَعْزِيْرًا بِحَضْرَةٍ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى مَا رَوَى النُّعْمَانُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَلْدِ الزَّانِيْ بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهِ مِائَةً اَنَّهٗ اَرَادَ بِذٰلِكَ التَّعْزِيْرَ اَيْضًا فَقَدْ وَافَقَ كُلُّ مَا فِيْ حَدِيْثِ حَمْزَةَ هٰذَا مَا رَوَى النُّعْمَانُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۶۱۲۔ وَاَمَّا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَكَانَ عَلِمَ الْحُكْمَ الْاَوَّلَ الَّذِيْ رَوَاهُ سَلَمَةُ بْنُ الْمُحَبِّقِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَلَمْ يَعْلَمْ مَا نَسَخَهٗ مِمَّا رَوَاهُ النُّعْمَانُ وَعَلِمَ ذٰلِكَ عُمَرُ وَعَلِيٌّ وَحَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فَقَالُوْا بِهٖ وَقَدْ

اوران کوڑوں کے بارے میں پوچھا جن کا ذکر کیا گیا تھا اور رجم کو مناسب نہ سمجھا تھا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کی بات کی تصدیق فرمائی اور فرمایا کہ جاہلیت کے عذر کی وجہ سے اس سے رجم کی سزا کو ساقط کیا گیا۔

تو یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت حمزہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ہیں جن کے خیال میں بیوی کی لونڈی سے زنا کرنے والے کی سزا رجم ہے اور جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ انہوں نے اس پر ایک ضامن بنایا حتی کہ اس پر حد کے نفاذ کے سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا حکم معلوم ہو گیا تو آپ نے اس بات کا انکار نہ فرمایا تو یہ بھی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت اور حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کے موافق ہو گئی۔

پھر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اس شخص کو سو کوڑے مارنے کا ذکر ہے یہ صحابہ کرام کی موجودگی میں بطور تعزیر مارے گئے تو یہ بھی حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت پر دلالت کرتی ہے کہ بیوی کی لونڈی سے زنا کرنے والے کو آپ کا سو کوڑے مارنا تعزیر کے طور پر تھا تو حضرت حمزہ کی اس روایت میں جو کچھ ہے وہ سب حضرت نعمان کی اس روایت کے موافق ہے جو انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہے۔

جہاں تک حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو ان کو پہلا حکم پہنچا جیسے حضرت سلمہ بن محبق نے روایت کیا، معلوم تھا لیکن حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کی روایت سے اس کا منسوخ ہونا معلوم نہ تھا اس بات کا علم حضرت عمر فاروق، علی المرتضیٰ اور حمزہ بن عمرو رضی اللہ عنہم کو ہوا اور انہوں نے اس کا قول کیا حضرت

أَنْكَرَ عَلِيٌّ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي هٰذَا قَضَاءَهُ بِمَا قَدْ نُسِخَ۔

علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے منسوخ حکم کے ساتھ فیصلے کرنے پر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا رد کیا۔

۶۱۳- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ ذُكِرَ لِعَلِيٍّ شَأْنُ الرَّجُلِ الَّذِيْ أَتَى ابْنَ مَسْعُوْدٍ وَامْرَأَتَهُ قَدْ وَقَعَ عَلَى جَارِيَةِ امْرَأَتِهِ فَلَمْ يَرَ عَلَيْهِ حَدًّا فَقَالَ عَلِيٌّ لَوْ أَتَانِيْ صَاحِبُ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ لَرَضَخْتُ رَأْسَهُ بِالْحِجَارَةِ فَلَمْ يَدْرِ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ مَا حَدَثَ بَعْدَهُ فَلَمْ يَعْلَمِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ بِذٰلِكَ فَأَخْبَرَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَعَلَّقَ فِيْ ذٰلِكَ بِأَمْرٍ قَدْ كَانَ ثُمَّ نُسِخَ بَعْدَهُ فَلَمْ يَعْلَمِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِذٰلِكَ۔

حضرت محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں اس شخص کا معاملہ ذکر کیا گیا جو اپنی بیوی کے ہمراہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے زنا کیا تھا تو آپ نے اس کے لیے حد تجویز نہ فرمائی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ میرے پاس آتے تو میں پتھروں کے ساتھ ان کا سر کچل دیتا حضرت ابن مسعود کو اتنا بھی معلوم نہ ہوا کہ بعد میں کیا ہوا تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو اس کا علم نہ تھا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے بتایا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس سلسلے میں اس حکم کو اپنایا جو پہلے تھا بعد میں منسوخ ہو گیا لیکن حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو اس کا علم نہ ہو سکا۔

وَقَدْ خَالَفَ عَلْقَمَةُ فِيْ ذٰلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَيْضًا وَمَالَ إِلَى قَوْلِ مَنْ خَالَفَهُ عَلَى أَنَّهُ أَعْلَمُ أَصْحَابِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

اس سلسلے میں حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نے بھی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی مخالفت کی ہے اور ان کے مخالفین کے قول کی طرف مائل ہو گئے حالانکہ وہ ان (حضرت ابن مسعود) کے فاضل شاگردوں میں سے تھے۔

۶۱۴- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ أَتَى جَارِيَةَ امْرَأَتِهِ فَقَالَ مَا أُبَالِيْ إِيَّاهَا أَتَيْتَ أَوْ جَارِيَةَ امْرَأَةٍ عَوْسَجَةٍ۔

حضرت ابراہیم، حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان سے اس عورت کے بارے میں پوچھا گیا جو اپنی بیوی کی لونڈی سے جماع کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا مجھے اس کی پرواہ نہیں کہ تم اس سے زنا کرو یا عوسجہ کی بیوی کی لونڈی سے، (یعنی کسی بھی لونڈی سے جماع زنا ہے)

۶۱۵- فَهٰذَا عَلْقَمَةُ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَهُوَ أَجَلُّ أَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَأَعْلَمُهُمْ قَدْ تَرَكَ قَوْلَ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ ذٰلِكَ لِمَ جَلَالَةِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَهُ وَصَارَ إِلَى غَيْرِهِ وَذٰلِكَ عِنْدَنَا

یہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ ہیں جو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی جلیل القدر اور فاضل شاگردوں میں سے ہیں انہوں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول چھوڑ دیا اور دوسرں کا قول اختیار کیا باوجودیکہ ان کے نزدیک آپ کی جلالت علمی مسلمہ تھی ہمارے نزدیک اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ

لِثُبُوتِ نَسْخِ مَا كَانَ ذَهَبَ إِلَيْهِ عَبْدُ اللهِ فِيْ ذٰلِكَ عِنْدَهُ فَكَذٰلِكَ نَقُوْلُ مَنْ زَنٰى بِجَارِيَةِ امْرَأَتِهِ حُدَّ إِلَّا أَنْ يَدَّعِيَ شُبْهَةً مِثْلَ أَنْ يَقُوْلَ ظَنَنْتُ أَنَّهَا تَحِلُّ لِيْ أَوْ تَكُوْنَ الْمَرْأَةُ أَحَلَّتْهَا لَهُ فَيُدْرَأُ عَنْهُ الْحَدُّ وَيُعَزَّرُ وَيَجِبُ عَلَيْهِ الْعُقْرُ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

نے جو بات اختیار کی تھی ان (حضرت علقمہ) کے نزدیک اس کا نسخ ثابت تھا، ہم بھی یہی بات کہتے ہیں کہ جو شخص اپنی بیوی کی لونڈی سے جماع کرے اسے حد لگائی جائے البتہ یہ کہ وہ شبہ کا دعویٰ کرے مثلاً وہ کہے کہ میں نے اسے اپنے لیے حلال خیال کیا یا بیوی نے اسے میرے لیے حلال قرار دیا تو اس سے حد دور کردی جائے گی اور اسے تعزیر ہوگی نیز مہر لازم ہوگا یہ حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۲۰۶ مَنْ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيْهِ أَوْ ذَاتَ مَحْرَمٍ مِنْهُ دَخَلَ بِهَا

باپ کی بیوی یا محرم عورت سے نکاح کرکے جماع کرنا

۶۱۶۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَقِيْتُ خَالِيْ وَمَعَهُ الرَّايَةُ فَقُلْتُ أَيْنَ تَذْهَبُ فَقَالَ أَرْسَلَنِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيْهِ مِنْ بَعْدِهِ أَنْ أَضْرِبَ عُنُقَهُ أَوْ أَقْتُلَهُ۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میری ملاقات اپنے ماموں سے ہوئی اور ان کے پاس ایک ایک جھنڈا تھا میں نے پوچھا آپ کہاں جارہے ہیں انہوں نے بتایا کہ مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی طرف بھیجا ہے جو اپنے باپ کے (انتقال کے) بعد اس کی بیوی سے نکاح کرتا ہے کہ میں اس کی گردن ماردوں یا اسے قتل کردوں۔

۶۱۷۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ هُوَ ابْنُ مَنَازِلَ وَأَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ قَالَ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ أَشْعَثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ مَرَّ بِيْ خَالِيْ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ الْأَسْلَمِيُّ مَعَهُ اللِّوَاءُ فَذَكَرَ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ آتِيْهِ بِرَأْسِهِ۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میرے پاس سے میرے ماموں حضرت ابو بردہ بن نیار اسلمی گزرے ان کے پاس جھنڈا تھا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا البتہ یہ بھی فرمایا کہ میں اس کا سر آپ کے پاس لاؤں۔

۶۱۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ قَالَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میرے پاس سے حضرت حارث بن

هُشَيْمٌ حَدَّثَنَاهُ قَالَ اَخْبَرَنَا الْاَشْعَثُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مَرَّ بِيَ الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو وَمَعَهُ لِوَآءٌ قَدْ عَقَدَهُ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِلٰى اَيِّ شَيْءٍ بَعَثَكَ قَالَ اِلٰى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيْهِ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهُ ۔

عمرو گزرے اور ان کے پاس جھنڈا تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو عطا فرمایا تھا میں نے پوچھا آپ کو کس کی طرف بھیجا ہے انہوں نے فرمایا اس شخص کی طرف جس نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا کہ میں اس کی گردن ماردوں ۔

---

۶۱۹ ۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ هُوَ ابْنُ مَنَازِلٍ قَالَ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ اَشْعَثَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ ۔

حضرت حفص بن غیاث ، حضرت اشعث سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا ۔

۶۲۰ ۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِي الْجَهْمِ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ ضَلَّتْ اِبِلٌ لِّيْ فَخَرَجْتُ فِيْ طَلَبِهَا فَاِذَا الْخَيْلُ قَدْ اَقْبَلَتْ فَلَمَّا رَاٰى اَهْلُ الْمَآءِ الْخَيْلَ انْضَمُّوْا اِلَيَّ وَجَآءُوْا اِلٰى خِبَآءٍ مِّنَ الْاَخْبِيَةِ فَاسْتَخْرَجُوْا مِنْهَا رَجُلًا فَضَرَبُوْا عُنُقَهٗ قَالُوْا هٰذَا رَجُلٌ اَعْرَسَ بِامْرَاَةِ اَبِيْهِ فَبَعَثَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلَهٗ ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میرا ایک اونٹ گم ہوگیا میں اس کی تلاش میں نکلا تو گھڑ سواروں کے ایک دستے کو آتے ہوئے دیکھا پانی والوں نے سواروں کو دیکھا تو میری طرف آگئے وہ لوگ ان خیموں میں سے ایک خیمے میں چلے گئے اور وہاں سے ایک شخص کو نکال کر اس کی گردن ماردی اور کہا کہ اس شخص نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا ہے اس لیے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف (ان لوگوں کو) بھیجا اور (انہوں نے) اسے قتل کیا ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ مَنْ تَزَوَّجَ ذَاتَ مَحْرَمٍ مِّنْهُ وَهُوَ عَالِمٌ بِحُرْمَتِهَا عَلَيْهِ فَدَخَلَ بِهَا اِنَّ حُكْمَهٗ حُكْمُ الزَّانِيْ وَاِنَّهٗ يُقَامُ عَلَيْهِ حَدُّ الزِّنَآءِ الرَّجْمُ وَالْجَلْدُ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ ۔ وَمِمَّنْ قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ اَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ ۔

حضرت ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جو شخص کسی ذو محرم سے نکاح کرے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ وہ اس پر حرام ہے پھر اس سے جماع بھی کرے تو اس کا وہی حکم ہے جو زانی کا ہے اس پر زنا کی حد رجم یا کوڑے لگائے جائیں ان حضرات نے ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے اس بات کے قائلین میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ و امام محمد بھی شامل ہیں ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يَجِبُ فِيْ هٰذَا حَدُّ الزِّنَآءِ وَلٰكِنْ يَجِبُ فِيْهِ التَّعْزِيْرُ وَالْعُقُوْبَةُ الْبَلِيْغَةُ ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس شخص پر حد زنا واجب نہ ہوگی بلکہ اس پر تعزیر اور پہنچنے والی (سخت) سزا ہوگی ۔

وَمِمَّنْ قَالَ بِذٰلِكَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ۔

حضرت امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری رحمہما اللہ اسی بات کے قائلین میں سے ہیں۔

۶۲۱۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ ذَاتَ مَحْرَمٍ مِنْهُ فَدَخَلَ بِهَا قَالَ لَا حَدَّ عَلَيْهِ۔

حضرت ابونعیم فرماتے ہیں میں نے حضرت سفیان سے سنا وہ اس شخص کے بارے میں جو کسی ذو محرم سے نکاح کرتا اور پھر اس سے جماع کرتا ہے، فرما رہے تھے کہ اس پر حد نہیں ہے۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ عَلَى الَّذِيْنَ احْتَجُّوْا عَلَيْهِمَا بِمَا ذَكَرْنَا اَنَّ فِيْ تِلْكَ الْاٰثَارِ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلَهُ بِالْقَتْلِ وَلَيْسَ فِيْهَا ذِكْرُ الرَّجْمِ وَلَا ذِكْرُ اِقَامَةِ الْحَدِّ۔

مخالفین کے خلاف ان کی دلیل یہ ہے کہ ان روایات کے مطابق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کا حکم دیا لیکن اس میں رجم کا ذکر نہیں اور نہ ہی حد کا ذکر ہے!

وَقَدْ اَجْمَعُوْا جَمِيْعًا اَنَّ فَاعِلَ ذٰلِكَ لَا يَجِبُ عَلَيْهِ قَتْلٌ اِنَّمَا يَجِبُ فِيْ قَوْلِ مَنْ يُوْجِبُ الْحَدَّ عَلَيْهِ الرَّجْمُ اِنْ كَانَ مُحْصِنًا۔

اور اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ ایسی حرکت کرنے والے کو قتل نہیں کیا جائے گا بلکہ جو لوگ اس پر حد لازم کرتے ہیں ان کے نزدیک اگر وہ شادی شدہ ہے تو رجم ہوگا۔

فَلَمَّا لَمْ يَاْمُرِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّسُوْلَ بِالرَّجْمِ وَاِنَّمَا اَمَرَهُ بِالْقَتْلِ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ ذٰلِكَ الْقَتْلَ لَيْسَ بِحَدِّ الزِّنَاءِ وَلٰكِنَّهُ لِمَعْنًى خِلَافِ ذٰلِكَ

تو جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم کا حکم نہیں دیا بلکہ قتل کا حکم فرمایا تو اس سے ثابت ہوگیا کہ یہ قتل حدِ زنا نہیں بلکہ یہ اس کے خلاف مفہوم کے لیے ہے وہ یہ کہ نکاح کرنے والے نے اسے حلال سمجھ کر کیا جیسا کہ وہ دورِ جاہلیت میں کرتے تھے اس طرح وہ مرتد ہوگیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کے ساتھ وہی سلوک کیا جائے جو مرتد کے ساتھ کیا جاتا ہے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور حضرت سفیان ثوری رحمہما اللہ اس نکاح کرنے والے کے بارے میں اسی طرح فرماتے تھے کہ اگر وہ اسے حلال سمجھ کر کرتا ہے تو اسے قتل کیا جائے۔ تو جب اس حدیث میں ایسی بات نہیں ہے جو حضرت امام اعظم اور حضرت سفیان ثوری رحمہما اللہ کی بات کی نفی کرتی ہو تو ان کے خلاف کوئی دلیل نہ ہوگی کیونکہ محض تاویل سے ان کا مخالف ان سے اولیٰ نہیں ہو سکتا۔

وَهُوَ اَنَّ ذٰلِكَ الْمُتَزَوِّجَ فَعَلَ مَا فَعَلَ مِنْ ذٰلِكَ عَلَى الْاِسْتِحْلَالِ كَمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَصَارَ بِذٰلِكَ مُرْتَدًّا فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّفْعَلَ بِهٖ مَا يُفْعَلُ بِالْمُرْتَدِّ وَهٰكَذَا كَانَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَسُفْيَانُ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ يَقُوْلَانِ فِيْ هٰذَا الْمُتَزَوِّجِ اِذَا كَانَ اَتٰى فِيْ ذٰلِكَ عَلَى الْاِسْتِحْلَالِ اَنَّهٗ يُقْتَلُ فَاِذَا كَانَ لَيْسَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَا يَنْفِيْ مَا يَقُوْلُ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ حُجَّةٌ عَلَيْهِمَا لِاَنَّ مُخَالِفَهُمَا لَيْسَ بِالتَّاوِيْلِ اَوْلٰى مِنْهُمَا۔

وَفِيْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

حدیث میں یہ بھی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَدَ لِأَبِي بُرْدَةَ الرَّايَةَ وَلَمْ تَكُنِ الرَّايَاتُ تُعْقَدُ إِلَّا لِمَنْ أُمِرَ بِالْمُحَارَبَةِ وَالْمَبْعُوثُ عَلَى إِقَامَةِ حَدِّ الزِّنَاءِ غَيْرُ مَأْمُورٍ بِالْمُحَارَبَةِ۔

نے اس شخص کو ایسے آدمی کی طرف بھیجا جس نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا تھا لیکن حدیث میں یہ بات نہیں ہے کہ اس نے اس سے جماع بھی کیا تو جب اس کے نکاح کرنے کی وجہ سے ہی اسے سزا دینا مقصود تھی یعنی قتل کرنا۔

وَفِي الْحَدِيثِ أَيْضًا أَنَّهُ بَعَثَهُ إِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيهِ وَلَيْسَ فِيهِ أَنَّهُ دَخَلَ بِهَا فَإِذَا كَانَتْ هٰذِهِ الْعُقُوبَةُ وَهِيَ الْقَتْلُ مَقْصُودًا بِهَا إِلَى الْمُتَزَوِّجِ لِتَزَوُّجِهِ دَلَّ ذٰلِكَ أَنَّهَا عُقُوبَةٌ وَجَبَتْ بِنَفْسِ الْعَقْدِ لَا بِالدُّخُولِ وَلَا يَكُونُ ذٰلِكَ إِلَّا وَالْعَاقِدُ مُسْتَحِلٌّ لِذٰلِكَ۔

تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ سزا صرف عقد سے واجب ہوتی دخول کی وجہ سے نہیں اور یہ صرف اسی صورت میں ہو سکتی ہے جب عقد کرنے والا اسے حلال سمجھتا ہو۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَهُوَ عِنْدَنَا عَلَى أَنَّهُ تَزَوَّجَ وَدَخَلَ بِهَا۔

اگر کوئی کہے کہ ہمارے نزدیک یہ سزا اس لیے تھی کہ اس نے نکاح کیا اور جماع بھی کیا۔

قِيلَ لَهُ وَهُوَ عِنْدَ مُخَالِفِكَ عَلَى أَنَّهُ تَزَوَّجَ وَاسْتَحَلَّ۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ تمہارے مخالف کے نزدیک یہ اس لیے تھی کہ اس نے حلال سمجھ کر نکاح کیا۔

فَإِنْ قَالَ لَيْسَ لِلْاِسْتِحْلَالِ ذِكْرٌ فِي الْحَدِيثِ۔

اگر وہ کہے کہ حدیث میں حلال سمجھنے کا ذکر نہیں ہے۔

قِيلَ لَهُ وَلَا لِلدُّخُولِ ذِكْرٌ فِي الْحَدِيثِ فَإِنْ جَازَ أَنْ تَحْمِلَ مَعْنَى الْحَدِيثِ عَلَى دُخُولٍ غَيْرِ مَذْكُورٍ فِي الْحَدِيثِ جَازَ لِخَصْمِكَ أَنْ يَحْمِلَهُ عَلَى الْاِسْتِحْلَالِ غَيْرِ مَذْكُورٍ فِي الْحَدِيثِ۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ حدیث میں جماع کا ذکر بھی نہیں تو اگر یہ بات جائز ہے کہ حدیث میں ذکر نہ ہونے کے باوجود اسے جماع پر محمول کیا جائے تو تمہارے مخالف کے نزدیک حدیث میں مذکور نہ ہونے کے باوجود اسے حلال سمجھنے پر محمول کرنا جائز ہو گا۔

وَقَدْ رُوِيَ فِي ذٰلِكَ حَرْفٌ زَائِدٌ عَلَى مَا فِي الْآثَارِ الْأَوَّلِ۔

اس سلسلے میں پہلی روایات سے کچھ زائد بھی مروی ہے۔

۶۲۳۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَقِيَ خَالَهُ وَمَعَهُ رَايَةٌ فَقُلْتُ لَهُ إِلَى أَيْنَ تَذْهَبُ فَقَالَ

حضرت یزید بن براء رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے ماموں سے ملے ان کے پاس جھنڈا تھا فرماتے ہیں میں نے پوچھا آپ کہاں جا رہے ہیں انہوں نے فرمایا کہ مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص

بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی رَجُلٍ نَکَحَ اِمْرَاَةَ اَبِیْهِ اَنْ اَقْتُلَهٗ وَ اٰخُذَ مَالَهٗ۔

۶۲۴۔ وَقَدْ رُوِیَ نَحْوُ ذٰلِكَ اَیْضًا عَنِ الْبَرَاءِ مَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ دَاوٗدَ وَفَهْدٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْوَرْدِ قَالُوْا حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ مَنَازِلَ الْکُوْفِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِیْ کَرِیْمَةَ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ جَدَّ مُعَاوِیَةَ اِلٰی رَجُلٍ عَرَّسَ بِامْرَاَةِ اَبِیْهِ اَنْ یَّضْرِبَ عُنُقَهٗ وَ یُخَمِّسَ مَالَهٗ۔

فَلَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ هٰذَیْنِ الْحَدِیْثَیْنِ بِاَخْذِ مَالِ الْمُتَزَوِّجِ وَتَخْمِیْسِهٖ دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْمُتَزَوِّجَ کَانَ بِتَزَوُّجِهٖ مُرْتَدًّا مُحَارِبًا فَوَجَبَ اَنْ یُّقْتَلَ لِرِدَّتِهٖ وَکَانَ مَالُهٗ کَمَالِ الْحَرْبِیِّیْنَ لِاَنَّ الْمُرْتَدَّ الَّذِیْ لَمْ یُحَارِبْ کُلٌّ قَدْ اَجْمَعَ فِیْ اَخْذِ مَالِهٖ عَلٰی خِلَافِ التَّخْمِیْسِ فَقَالَ قَوْمٌ وَهُمْ اَبُوْ حَنِیْفَةَ وَاَصْحَابُهٗ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ وَمَنْ قَالَ بِقَوْلِهِمْ مَالُهٗ لِوَرَثَتِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَقَالَ مُخَالِفُهُمْ مَالُهٗ کُلُّهٗ فَیْءٌ وَلَا تَخْمِیْسَ فِیْهِ لِاَنَّهٗ لَمْ یُوْجَفْ عَلَیْهِ خَیْلٌ وَّلَا رِکَابٌ۔

فَفِیْ تَخْمِیْسِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَالَ الْمُتَزَوِّجِ الَّذِیْ ذَکَرْنَا دَلِیْلٌ عَلٰی اَنَّهٗ قَدْ کَانَتْ مِنْهُ الرِّدَّةُ وَالْمُحَارَبَةُ جَمِیْعًا فَانْتَفٰی بِمَا ذَکَرْنَا اَنْ یَّکُوْنَ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَسُفْیَانَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ فِیْ ذٰلِكَ

کو قتل کرنے اور اس کا مال لینے کے لیے بھیجا ہے جس نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا ہے۔

اس قسم کی روایت حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے علاوہ دیگر صحابہ کرام سے بھی مروی ہے حضرت معاویہ بن قرۃ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاویہ (مذکر) دادا کو ایسے شخص کے پاس بھیجا جس نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا تھا تاکہ ان کی گردن مار دیں اور اس کے مال کا پانچواں حصہ لے آئیں۔

تو جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو حدیثوں میں اس نکاح کرنے والے کا مال لینے اور اس کا پانچواں حصہ وصول کرنے کا حکم دیا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ وہ نکاح کرنے والا اس نکاح کی وجہ سے مرتد محارب ہو گیا تو مرتد ہونے کی وجہ سے اس کا قتل واجب ہوا اور اس کا مال حربیوں کے مال کی طرح ہوا کیونکہ مرتد غیر محارب کے بارے میں سب کا اتفاق ہے کہ اس کا مال پانچویں حصے کے خلاف لیا جاتا ہے کا حضرت امام ابوحنیفہ اور آپ کے اصحاب اور دیگران کے موقف کے قائل ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اس کا مال اس کے مسلمان ورثاء کیلئے ہوگا جبکہ ان کے مخالفین کہتے ہیں کہ اس کا تمام مال فیئے ہوگا اور اس میں پانچواں حصہ نہ ہوگا کیونکہ اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے گئے۔

اس طرح کرنے والے کے مال سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا پانچواں حصہ لینا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مرتد بھی تھا اور محارب بھی، تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے اس بات کی نفی ہو گئی کہ اس حدیث میں حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت سفیان ثوری رحمہما اللہ کے

الْحَدِيْثِ حُجَّةٌ۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ رَاَيْنَا ذٰلِكَ النِّكَاحَ نِكَاحًا لَا يَثْبُتُ فَكَانَ يَنْبَغِيْ اِذَا لَمْ يَثْبُتْ اَنْ يَكُوْنَ فِيْ حُكْمِ مَا لَمْ يَنْعَقِدْ فَيَكُوْنُ الْوَاطِئُ عَلَيْهِ كَالْوَاطِئِ لَا عَلٰى نِكَاحٍ فَيُحَدُّ۔

قِيْلَ لَهٗ اِنْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ فَلِمَ كَانَ فِيْ سُؤَالِكَ اِيَّانَا مَا ذَكَرْتَ ذِكْرَ التَّزْوِيْجِ كَانَ يَنْبَغِيْ اَنْ تَقُوْلَ رَجُلٌ زَنٰى بِذَاتِ مَحْرَمٍ مِّنْهُ فَاِنْ قُلْتَ ذٰلِكَ كَانَ جَوَابُنَا لَكَ اَنْ تَقُوْلَ عَلَيْهِ الْحَدُّ وَاِنْ اَطْلَقْتَ اِسْمَ التَّزَوُّجِ وَسَمَّيْتَ بِذٰلِكَ النِّكَاحَ نِكَاحًا وَّاِنْ لَّمْ يَكُنْ ثَابِتًا فَلَا حَدَّ عَلٰى وَاطِئٍ عَلٰى نِكَاحٍ جَائِزٍ وَّلَا فَاسِدٍ۔

خلاف دلیل ہے۔

اگر کوئی شخص کہے کہ ہم دیکھتے ہیں یہ نکاح ثابت نہیں ہوتا تو چاہیے کہ ثابت نہ ہونے کی وجہ سے اس نکاح کے حکم میں ہو جو منعقد ہی نہیں ہوتا لہذا اس صورت میں وطی کرنے والا ایسا ہوگا جو نکاح کے بغیر وطی کرتا ہے بس اسے حد لگائی جائے۔

تو تمہارے سوال میں تزویج کا ذکر کیوں آیا اس طرح کہنا چاہیے تھا کہ کسی شخص نے ذو محرم سے زنا کیا، اگر تم یہ بات کہتے تو ہم تمہیں یوں جواب دیتے کہ اس پر حد ہوگی اور اگر تم اس پر لفظ نکاح کا اطلاق کرو گے اور اسے نکاح قرار دو گے تو اگرچہ وہ ثابت نہ ہو نکاح کرنے والے پر حد نہیں ہوتی چاہے نکاح جائز ہو یا فاسد۔

۶۲۵۔ **وَقَدْ** رَاَيْنَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَضٰى فِي الْمُتَزَوِّجِ فِي الْعِدَّةِ الَّتِيْ لَا يَثْبُتُ فِيْهَا نِكَاحُ الْوَاطِئِ عَلٰى ذٰلِكَ مَا يَدُلُّ عَلٰى خِلَافِ مَذْهَبِكَ۔

اور ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عدت کے دوران جس میں وطی کرنے والے کا نکاح ثابت نہیں ہوتا نکاح کرنے والے کے خلاف ایسا فیصلہ دیا جو تمہارے مذھب کے خلاف ہے۔

۶۲۶۔ **وَذٰلِكَ** اَنَّ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ طُلَيْحَةَ نَكَحَتْ فِيْ عِدَّتِهَا فَاُتِيَ بِهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَضَرَبَهَا بِالْمِخْفَقَةِ وَضَرَبَ زَوْجَهَا وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَقَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نَكَحَتْ فِيْ عِدَّتِهَا فُرِّقَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ زَوْجِهَا الَّذِيْ نَكَحَتْ ثُمَّ اعْتَدَّتْ بَقِيَّةَ عِدَّتِهَا مِنَ الْاَوَّلِ ثُمَّ اعْتَدَّتْ مِنَ الْاٰخَرِ اِنْ كَانَ دَخَلَ بِهَا الْاٰخَرُ ثُمَّ لَمْ يَنْكِحْهَا اَبَدًا وَّاِنْ لَّمْ يَكُنْ دَخَلَ بِهَا اعْتَدَّتْ مِنَ الْاَوَّلِ وَكَانَ الْاٰخَرُ خَاطِبًا مِّنَ الْخُطَّابِ۔

حضرت سعید بن مسیب اور سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ حضرت طلیحہ نے عدت کے دوران نکاح کیا تو اسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا آپ نے اسے چند ہلکے دُرّے لگائے اس کے خاوند کو مارا اور ان کے درمیان تفریق کردی اور فرمایا جو عورت عدت کے دوران نکاح کرے تو اس کے اور اس خاوند کے درمیان جس سے اس نے نکاح کیا، تفریق کردی جائے پھر وہ پہلے خاوند سے باقی عدت گزارے اس کے بعد دوسرے خاوند سے عدت گزارے اگر اس (دوسرے) نے جماع کیا ہو۔ پھر اس سے کبھی بھی نکاح نہ کرے اور اگر اس (دوسرے خاوند) نے جماع نہیں کیا تو پہلے کی عدت مکمل کرے اور دوسرا پیغام نکاح دینے والوں میں سے ایک ہوگا۔

۶۲۷۔ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

حضرت یونس، حضرت ابن شہاب سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس

فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

کی مثل ذکر کیا۔

۶۲۸۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ ثَنَا هِشَامُ ابْنُ اَبِيْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَجُلًا تَزَوَّجَ امْرَاَةً فِيْ عِدَّتِهَا فَرُفِعَ اِلٰى عُمَرَ فَضَرَبَهُمَا دُوْنَ الْحَدِّ وَجَعَلَ لَهَا الصَّدَاقَ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَقَالَ لَا يَجْتَمِعَانِ اَبَدًا قَالَ وَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا جَعَلْتُهُمَا مَعَ الْخُطَّابِ۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک شخص نے کسی عورت سے اس کی عدت کے دوران نکاح کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تک یہ مسئلہ پہنچا تو آپ نے اسے حد سے کم مار ماری عورت کو مہر کی مستحق قرار دیا دونوں کے درمیان تفریق کردی اور فرمایا یہ دونوں کبھی بھی اکٹھے نہ ہوں۔ راوی فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر وہ توبہ کرکے اپنی اصلاح کریں تو میں انہیں دیگر منگنی کا پیغام دینے والوں کے ساتھ ملاتا ہوں (یعنی ایک دوسرے کو پیغام نکاح دے سکتے ہیں)

اَفَلَا تَرٰى اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ ضَرَبَ الْمَرْاَةَ وَالزَّوْجَ الْمُتَزَوِّجَ فِي الْعِدَّةِ بِالْمَخْفَقَةِ فَاسْتَحَالَ اَنْ يَضْرِبَهُمَا وَهُمَا جَاهِلَانِ بِتَحْرِيْمِ مَا فَعَلَا لِاَنَّهٗ كَانَ اَعْرَفَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ اَنْ يُعَاقِبَ مَنْ لَمْ تَقُمْ عَلَيْهِ الْحُجَّةُ فَلَمَّا ضَرَبَهُمَا دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْحُجَّةَ قَدْ كَانَتْ قَامَتْ عَلَيْهِمَا بِالتَّحْرِيْمِ قَبْلَ اَنْ يَفْعَلَا ثُمَّ هُوَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمْ يُقِمْ عَلَيْهِمَا الْحَدَّ وَقَدْ حَضَرَهٗ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَابَعُوْهُ عَلٰى ذٰلِكَ وَلَمْ يُخَالِفُوْهُ فِيْهِ فَهٰذَا دَلِيْلٌ صَحِيْحٌ اَنَّ عَقْدَ النِّكَاحِ اِذَا كَانَ وَاِنْ كَانَ لَا يَثْبُتُ وَجَبَ لَهٗ حُكْمُ النِّكَاحِ فِيْ وُجُوْبِ الْمَهْرِ بِالدُّخُوْلِ الَّذِيْ يَكُوْنُ بَعْدَهٗ وَفِي الْعِدَّةِ مِنْهُ وَفِيْ ثُبُوْتِ النَّسَبِ وَمَا كَانَ يُوْجِبُ مَا ذَكَرْنَا مِنْ ذٰلِكَ فَمُسْتَحِيْلٌ اَنْ يَجِبَ فِيْهِ حَدٌّ لِاَنَّ الَّذِيْ يُوْجِبُ الْحَدَّ هُوَ الزِّنَاءُ لَا يُوْجِبُ ثُبُوْتَ نَسَبٍ وَلَا مَهْرٍ وَلَا عِدَّةٍ۔

تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو اور جس شخص نے اس کی عدت کے دوران نکاح کیا ہلکے دُرے لگائے تو یہ بات محال ہے کہ آپ ان کو اس صورت میں دُرے لگائیں جب وہ اس فعل کے حرام ہونے سے لاعلم ہوں کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی بہت زیادہ پہچان رکھتے تھے اور اس بات سے ڈرتے تھے کہ کسی کو دلیل قائم ہونے سے پہلے سزا دیں۔ تو جب آپ نے ان کو سزا دی تو معلوم ہوا کہ اس فعل سے پہلے ان دونوں پر حرمت کی دلیل قائم ہو چکی تھی پھر آپ نے ان پر حد قائم نہیں فرمائی اور اس وقت صحابہ کرام بھی موجود تھے انہوں نے بھی آپ کی اتباع کی اور مخالفت نہیں فرمائی تو یہ صحیح دلیل ہے کہ عقد نکاح پائے جانے کے بعد اگرچہ وہ ثابت نہ بھی ہو اس کے لیے نکاح کا حکم ہوگا یعنی نکاح کے بعد جماع کی صورت میں مہر واجب ہوگا عدت واجب ہوگی اور نسب ثابت ہوگا تو جس عمل سے مذکورہ چیزیں ثابت ہو رہی ہیں اس میں حد کا واجب ہونا محال ہے کیونکہ حد تو زنا سے واجب ہوتی ہے اور اس سے نسب، مہر اور عدت ثابت نہیں ہوتی۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ اِنَّ هٰذَا الَّذِيْ

اگر کوئی شخص کہے کہ جو کچھ تم نے ذو محرم سے

ذَكَرْتَ مِنْ وَطْيِ ذَاتِ الْمَحْرَمِ مِنْهُ عَلَى النِّكَاحِ الَّذِي وَصَفْتَهُ وَإِنْ لَّمْ يَكُنْ زِنَاءً فَهُوَ اَغْلَظُ مِنَ الزِّنَاءِ فَاَحْرٰى اَنْ يَجِبَ فِيْهِ مَا يَجِبُ فِي الزِّنَاءِ۔

نکاح کے سلسلے میں ذکر کیا تو اگرچہ یہ زنا نہیں لیکن زنا سے زیادہ بُرا ہے تو زیادہ مناسب ہے کہ جو کچھ زنا کی صورت میں واجب ہوتا ہے اس میں بھی وہی واجب ہو۔

قِيْلَ لَهُ قَدْ اَخْرَجْتَهُ بِقَوْلِكَ هٰذَا مِنْ اَنْ يَكُوْنَ زِنَاءً وَزَعَمْتَ اَنَّهُ اَغْلَظُ مِنَ الزِّنَاءِ وَلَيْسَ مَا كَانَ مِثْلَ الزِّنَاءِ اَوْ مَا كَانَ اَعْظَمَ مِنَ الزِّنَاءِ مِنَ الْاَشْيَاءِ الْمُحَرَّمَةِ يَجِبُ فِي انْتِهَاكِهَا مِنَ الْعُقُوْبَاتِ مَا يَجِبُ فِي الزِّنَاءِ لِاَنَّ الْعُقُوْبَاتِ اِنَّمَا تُؤْخَذُ مِنْ جِهَةِ التَّوْقِيْفِ لَا مِنْ جِهَةِ الْقِيَاسِ۔

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ تم نے اپنے قول سے اسے زنا سے نکال دیا اور تمہارے خیال میں یہ زنا سے زیادہ بُرا ہے لیکن وہ حرام امور جن کی خلاف ورزی پر سزا دی جاتی ہے ان میں سے کوئی عمل زنا کی مثل ہو یا اس سے بڑا، اس کی وہ سزا نہیں جو زنا کی ہے کیونکہ سزائیں توقیفی ہوتی ہیں (جو کچھ شریعت سے معلوم ہوا) قیاس سے ثابت نہیں ہوتیں۔

اَلَا تَرٰى اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ كَمَا حَرَّمَ الْخَمْرَ وَقَدْ جَعَلَ عَلٰى شَارِبِ الْخَمْرِ حَدًّا اَلَمْ يَجْعَلْ مِثْلَهُ عَلٰى اٰكِلِ لَحْمِ الْخِنْزِيْرِ وَلَا عَلٰى اٰكِلِ لَحْمِ الْمَيْتَةِ وَاِنْ كَانَ تَحْرِيْمُ مَا اَتٰى بِهٖ كَتَحْرِيْمِ مَا اَتٰى ذٰلِكَ وَكَذٰلِكَ قَذْفُ الْمُحْصَنَةِ جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْهِ جَلْدَ ثَمَانِيْنَ وَسُقُوْطَ شَهَادَةِ الْقَاذِفِ وَاِلْزَامَ اِسْمِ الْفِسْقِ وَلَمْ يَجْعَلْ ذٰلِكَ فِيْمَنْ رَمٰى رَجُلًا بِالْكُفْرِ وَالْكُفْرُ فِي نَفْسِهِ اَعْظَمُ وَاَغْلَظُ مِنَ الْقَذْفِ فَكَانَتِ الْعُقُوْبَاتُ قَدْ جُعِلَتْ فِي اَشْيَاءَ خَاصَّةً وَلَمْ يُجْعَلْ فِي اَمْثَالِهَا وَلَا فِي اَشْيَاءَ هِيَ اَعْظَمُ مِنْهَا وَاَغْلَظُ فَكَذٰلِكَ مَا جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ الْحَدِّ فِي الزِّنَا لَا يَجِبُ بِهٖ اَنْ يَكُوْنَ وَاجِبًا فِيْمَا هُوَ اَغْلَظُ مِنَ الزِّنَاءِ فَهٰذَا الَّذِيْ ذَكَرْنَا فِي هٰذَا الْبَابِ هُوَ النَّظَرُ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَسُفْيَانَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ نے مردار، خون اور خنزیر کے گوشت کو اسی طرح حرام قرار دیا جس طرح شراب کو حرام قرار دیا اور شراب نوشی کرنے والے پر وہ حد مقرر فرمائی جو خنزیر کا گوشت کھانے والے پر نہیں اور نہ ہی مردار کھانے والے کے لیے وہ سزا ہے اگرچہ اس عمل کی حرمت بھی اس کی حرمت کی طرح ہے اسی طرح کسی پاکدامن پر زنا کے الزام کی سزا اللہ تعالیٰ نے اَسّی کوڑے مقرر فرمائے، اس کی شہادت غیر مقبول ٹھہرائی اور اس کا نام فاسق رکھا جبکہ کسی کو کافر کہنے والے کی یہ سزا نہیں حالانکہ ذاتی طور پر کفر، قذف (الزام تراشی) سے بڑا گناہ ہے اور زیادہ بُرا ہے تو بعض امور میں خاص سزائیں رکھی گئیں جو ان جیسے دوسرے امور میں ہیں اور نہ ہی ان سے بڑے اور زیادہ بُرے گناہوں میں ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ نے زنا کے سلسلے میں جو حد مقرر فرمائی ہے وہ زنا سے زیادہ بُرے عمل میں واجب نہ ہوگی یہ جو کچھ ہم نے اس باب میں ذکر کیا یہی قیاس ہے اور یہی حضرت امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری رحمہما اللہ کا مسلک ہے۔

بَابُ حَدِّ الْخَمْرِ

شراب نوشی کی سزا

۶۲۹ ۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ قَالَ ثَنَا یَحْیٰی قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَۃَ عَنِ الدَّانَاجِ عَنْ حُضَیْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ الرَّقَاشِیِّ اَبِیْ سَاسَانَ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ جَلَدَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْخَمْرِ اَرْبَعِیْنَ وَاَبُوْبَکْرٍ اَرْبَعِیْنَ وَکَمَّلَہَا عُمَرُ ثَمَانِیْنَ وَکُلٌّ سُنَّۃٌ ۔

۶۳۰ ۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاہِیْمَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ الدَّانَاجِ قَالَ ثَنَا حُضَیْنُ بْنُ الْمُنْذِرِ الرَّقَاشِیُّ قَالَ شَہِدْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَقَدْ اُتِیَ بِالْوَلِیْدِ بْنِ عُقْبَۃَ وَقَدْ صَلّٰی بِاَہْلِ الْکُوْفَۃِ الصُّبْحَ اَرْبَعًا وَقَالَ اَزِیْدُکُمْ قَالَ فَشَہِدَ عَلَیْہِ حُمْرَانُ وَرَجُلٌ اٰخَرُ قَالَ فَشَہِدَ اَحَدُہُمَا اَنَّہٗ رَاٰہُ یَشْرَبُہَا وَشَہِدَ الْاٰخَرُ اَنَّہٗ رَاٰہُ یَقِیْئُہَا قَالَ فَقَالَ عُثْمَانُ اِنَّہٗ لَمْ یَقِئْہَا حَتّٰی شَرِبَہَا فَقَالَ عُثْمَانُ لِعَلِیٍّ اَقِمْ عَلَیْہِ الْحَدَّ فَقَالَ عَلِیٌّ لِابْنِہِ الْحَسَنِ اَقِمْ عَلَیْہِ الْحَدَّ قَالَ فَقَالَ الْحَسَنُ

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے شراب نوشی پر چالیس کوڑے مارے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے انہیں مکمل کرتے ہوئے اسّی کوڑے مارے اور یہ سب سنّت ہے۔

حضرت حضین بن منذر رقاشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت ولید بن عقبہ کو لایا گیا تھا انہوں نے اہل کوفہ کو صبح کی نماز چار رکعات پڑھائیں اور کہا کہ میں تمہارے لیے زیادہ کرتا ہوں راوی فرماتے ہیں ان کے خلاف حمران اور ایک دوسرے شخص نے گواہی دی فرماتے ہیں ایک نے گواہی دی کہ اس نے انہیں شراب پیتے ہوئے دیکھا ہے دوسرے نے گواہی دی کہ اس نے قے کرتے ہوئے دیکھا ہے فرماتے ہیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ شراب پینے کے بغیر تو قے نہیں کی ہوگی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے فرمایا اس پر حد قائم کریں، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا اس پر حد قائم کیجئے، حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اس کی مشقت اس کے سپرد کیجئے جو اس کی راحت حاصل کر رہا ہے (مطلب یہ ہے کہ چونکہ خلافت کا منصب بنو امیہ کے پاس ہے اس لئے

وَلِيَ حَارَّهَا مَنْ تَوَلّٰى قَارَّهَا قَالَ فَقَالَ عَلِيٌّ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ أَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَأَخَذَ السَّوْطَ فَجَعَلَ يَجْلِدُهُ وَعَلِيٌّ يَعُدُّ حَتّٰى بَلَغَ أَرْبَعِيْنَ ثُمَّ قَالَ لَهُ أَمْسِكْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ أَرْبَعِيْنَ وَجَلَدَ أَبُوْ بَكْرٍ أَرْبَعِيْنَ وَجَلَدَ عُمَرُ ثَمَانِيْنَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ وَهٰذَا أَحَبُّ إِلَيَّ.

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ الْحَدَّ الَّذِيْ يَجِبُ عَلٰى شَارِبِ الْخَمْرِ هٰذَا أَرْبَعُوْنَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْآثَارِ.

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ وَادَّعَوْا فَسَادَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَأَنْكَرُوْا أَنْ يَكُوْنَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا لِأَنَّهُ قَدْ رُوِيَ عَنْهُ مَا يُخَالِفُ ذٰلِكَ وَيَدْفَعُهُ.

۶۲۱- وَهُوَ مَا حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ ابْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ النَّخَعِيِّ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَجَلَدْنَاهُ فَمَاتَ وَدَيْنَاهُ لِأَنَّهُ شَيْءٌ صَنَعْنَاهُ.

۶۲۲- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ أَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَا حَدَدْتُ أَحَدًا حَدًّا فَمَاتَ فِيْهِ فَوَجَدْتُ فِيْ نَفْسِيْ شَيْئًا إِلَّا الْخَمْرَ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّ فِيْهَا شَيْئًا.

فَهٰذَا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُخْبِرُ

وہ ہی نافذ کریں[1] پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا اس پر حد قائم کیجئے، انہوں نے کوڑا لیا اور مارنے لگے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ گنتے جاتے تھے حتیٰ کہ چالیس تک پہنچے پھر فرمایا رک جاؤ اس کے بعد فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس کوڑے لگائے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے چالیس کوڑے لگائے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسی کوڑے مارے اور یہ دونوں طریقے سنت ہیں اور یہی بات مجھے پسند ہے۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ شراب پینے والے کی حد یہ چالیس کوڑے ہیں انہوں نے اس سلسلے میں ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان سے اختلاف کیا ہے وہ اس حدیث کے فاسد ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں نیز وہ اس بات کا بھی انکار کرتے ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں کچھ فرمایا ہے کیونکہ ان سے وہ بات مروی ہے جو اس کے خلاف ہے اور اس کا رد کرتی ہے۔

حضرت عمیر بن سعید نخعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا جو شخص شراب پیئے پھر ہم اسے کوڑے ماریں اور وہ مرجائے تو ہم اس کی دیت ادا کریں گے کیونکہ یہ عمل ہم نے کیا ہے۔

حضرت عمیر بن سعید رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے کسی شخص کو حد نہیں ماری جس سے وہ مرگیا تو میں اپنے دل میں کچھ (رنج) محسوس کروں سوائے شراب کے، کیونکہ اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی طریقہ مقرر نہیں (سنت نہیں)

تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ خبر دیتے ہیں کہ

---

[1] ایک روایت میں ہے کہ اس بات پر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسن پر ناراضگی کا اظہار فرمایا (حضرت مولانا وصی احمد محدث سورتی رحمہ اللہ)

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ سَنَّ فِیْ شُرْبِ الْخَمْرِ حَدًّا۔

شراب نوشی کی حد کے سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی طریقہ جاری نہیں فرمایا۔

ثُمَّ الرِّوَایَۃُ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ حَدِیْثِ شَارِبِ الْخَمْرِ تَعْلِیْ خِلَافَ مَا فِی الْحَدِیْثِ الْاَوَّلِ اَیْضًا مِّنْ اِخْتِیَارِہِ الْاَرْبَعِیْنَ عَلَی الثَّمَانِیْنَ۔

پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے شراب پینے والے کے سلسلے میں اس پہلی حدیث کے خلاف روایت منقول ہے جس (پہلی حدیث) میں آپ نے اسّی کوڑوں پر چالیس کو ترجیح دی تھی۔

۴۳۳ - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَیْبَۃَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ اَبِیْ مَرْوَانَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ اُتِیَ عَلِیٌّ بِالنَّجَاشِیِّ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِیْ رَمَضَانَ فَضَرَبَہٗ ثَمَانِیْنَ ثُمَّ اَمَرَ بِہٖ اِلَی السِّجْنِ ثُمَّ اَخْرَجَہٗ مِنَ الْغَدِ فَضَرَبَہٗ عِشْرِیْنَ ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا جَلَدْتُکَ ھٰذِہِ الْعِشْرِیْنَ لِاِفْطَارِکَ فِیْ رَمَضَانَ وَجُرْاَتِکَ عَلَی اللّٰہِ۔

حضرت عطاء بن ابی مروان، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک نجاشی لایا گیا جس نے رمضان المبارک کے مہینے میں شراب پی تھی آپ نے اسے اسّی کوڑے لگائے پھر اسے قید خانے میں ڈالنے کا حکم دیا دوسرے دن اسے نکالا تو بیس کوڑے لگائے پھر فرمایا میں نے تمہیں یہ بیس کوڑے اس لیے لگائے ہیں کہ تم نے رمضان المبارک میں روزہ توڑا اور اللہ تعالیٰ پر جرأت کی۔

۴۳۴ - حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ مُصْعَبٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَجُلًا شَرِبَ الْخَمْرَ فِیْ رَمَضَانَ ثُمَّ ذَکَرَ نَحْوَہٗ۔

حضرت ابو مصعب اپنے والد رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رمضان المبارک کے مہینے میں شراب پی، اس کے بعد انہوں نے اس (پہلی حدیث) کی مثل روایت کیا۔

۴۳۵ - حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اُسَامَۃُ بْنُ زَیْدٍ اللَّیْثِیُّ اَنَّ ابْنَ شِھَابٍ حَدَّثَہٗ اَنَّ حُمَیْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ حَدَّثَہٗ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ کَلْبٍ یُّقَالُ لَہٗ وَبْرَۃُ اَخْبَرَہٗ اَنَّ اَبَا بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقَ کَانَ یَجْلِدُ فِی الشَّرَابِ اَرْبَعِیْنَ وَکَانَ عُمَرُ یَجْلِدُ فِیْھَا اَرْبَعِیْنَ قَالَ فَبَعَثَنِیْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ اِلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَدِمْتُ عَلَیْہِ فَقُلْتُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِنَّ خَالِدًا بَعَثَنِیْ اِلَیْکَ قَالَ فِیْمَ قُلْتُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ تَحَاقَرُوا الْعُقُوْبَۃَ

حضرت ابن شہاب بیان کرتے ہیں کہ حمید بن عبدالرحمٰن ابن عوف نے ان سے بیان کیا کہ کلب قبیلے کا ایک شخص جسے وبرہ کہا جاتا تھا اس نے ان کو بتایا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ شراب نوشی پر چالیس کوڑے مارتے تھے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی چالیس کوڑے مارتے تھے وہ فرماتے ہیں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مجھے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا میں نے حاضر ہو کر عرض کیا اے امیر المؤمنین! حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے انہوں نے پوچھا "کس سلسلے میں؟" میں نے عرض کیا لوگ سزا سے ڈرتے ہیں اور شراب نوشی میں مبتلا ہو گئے ہیں آپ کی اس سلسلے میں کیا رائے ہے؟ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اردگرد والوں سے پوچھا تمہاری کیا رائے

وَانْهَمَكُوْا فِي الْخَمْرِ فَمَا تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ عُمَرُ لِمَنْ حَوْلَهٗ مَا تَرَوْنَ فَقَالَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ نَرٰى يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً فَقَبِلَ ذٰلِكَ عُمَرُ فَكَانَ خَالِدٌ اَوَّلَ مَنْ جَلَدَ ثَمَانِيْنَ ثُمَّ جَلَدَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ نَاسًا بَعْدَهٗ۔

۶۳۶ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحُ ابْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ فَاَتَيْتُ عُمَرَ فَوَجَدْتُ عِنْدَهٗ عَلِيًّا وَّطَلْحَةَ وَزُبَيْرًا وَعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَهُمْ مُتَّكِئُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ فَذَكَرَ مِثْلَ مَا فِيْ حَدِيْثِ يُوْنُسَ غَيْرَ اَنَّهٗ زَادَ فِيْ كَلَامِ عَلِيٍّ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا سَكِرَ هَذٰى وَاِذَا هَذٰى افْتَرٰى وَعَلَى الْمُفْتَرِيْ ثَمَانُوْنَ وَتَابَعَهٗ اَصْحَابُهٗ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ۔

اَفَلَا تَرٰى اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لَمَّا سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ ضَرَبَ اَمْثَالَ الْحُدُوْدِ كَيْفَ هِيَ ثُمَّ اسْتَخْرَجَ مِنْهَا حَدًّا بِرَاْيِهٖ فَجَعَلَهٗ كَحَدِّ الْمُفْتَرِيْ وَلَوْ كَانَ عِنْدَهٗ فِيْ ذٰلِكَ شَيْءٌ مُّوَقَّتٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَغْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ وَلَوْ كَانَ عِنْدَ اَصْحَابِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ اِذًا لَاَنْكَرُوْا عَلَيْهِ اَخْذَ ذٰلِكَ مِنْ جِهَةِ الْاِسْتِنْبَاطِ وَضَرْبِ الْاَمْثَالِ فَدَلَّ مَا ذَكَرْنَا مِنْهُ وَمِنْهُمْ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ فَكَيْفَ يَجُوْزُ اَنْ يُّقْبَلَ بَعْدَ هٰذَا عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ مَا يُخَالِفُ هٰذَا۔

۶۳۸ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

ہے؟ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے امیرالمومنین! ہمارے خیال میں اَسّی کوڑے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسے قبول فرمایا تو سب سے پہلے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اَسّی کوڑے لگائے پھر اس کے بعد حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے کچھ لوگوں کو کوڑے لگائے۔

حضرت روح بن عبادہ نے حضرت اسامہ بن زید لیثی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا (کہ راوی فرماتے ہیں) پھر میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہاں حضرت علی المرتضیٰ، حضرت طلحہ، اور حضرت زبیر اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم کو پایا اور وہ سب مسجد میں تکیہ لگائے بیٹھے تھے، پھر انہوں نے اسکی مثل ذکر کیا جو حضرت یونس کی روایت (حدیث) میں مذکور ہے البتہ انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ کے کلام میں یہ اضافہ کیا کہ جب کسی کو نشہ آتا ہے تو وہ بیہودہ بکتا ہے اور جب بیہودہ بکتا ہے تو جھوٹ بکتا ہے اور جو کسی پر جھوٹ بولتا ہے (الزام لگاتا ہے) اسکی سزا اسی کوڑے ہے ان کے شاگردوں نے م [ان کی اتباع کی پھر انہوں نے پوری حدیث ذکر کی]

تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے اس سلسلے میں پوچھا گیا تو انہوں نے حدود کی مثالیں دیں کہ وہ کیسے ہیں پھر انہوں نے اپنی رائے سے (اس) حد کا حکم نکالا اور اسے جھوٹا الزام لگانے والے کی سزا کی طرح قرار دیا اور اگر ان کے پاس سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کوئی مقرر سزا ہوتی ہے تو ان کو اس (رائے) کی ضرورت نہ ہوتی اور اگر ان کے شاگردوں کے پاس اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی کوئی بات ہوتی تو وہ ان کے اجتہاد اور دیگر حدود کی روشنی میں اس سزا کے تقرر کے سلسلے میں ان کا رد کرتے تو جو کچھ ہم نے ان سے اور ان کے شاگردوں سے نقل کیا ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے پاس اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی کوئی بات نہ تھی تو کیسے جائز ہوگا کہ اس کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے اس کے خلاف کوئی بات قبول کی جائے۔

حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

سَعِيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ شَرِبَ نَفَرٌ مِّنْ اَهْلِ الشَّامِ الْخَمْرَ وَعَلَيْهِمْ يَوْمَئِذٍ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ وَقَالُوْا هِيَ حَلَالٌ وَّتَاَوَّلُوْا لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا الْاٰيَةَ فَكَتَبَ فِيْهِمْ اِلٰى عُمَرَ فَكَتَبَ عُمَرُ اَنِ ابْعَثْ بِهِمْ اِلَيَّ قَبْلَ اَنْ يُّفْسِدُوْا مَنْ قِبَلَكَ فَلَمَّا قَدِمُوْا عَلٰى عُمَرَ اِسْتَشَارَ فِيْهِمُ النَّاسَ فَقَالُوْا يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ نَرٰى اَنَّهُمْ قَدْ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وَشَرَعُوْا فِيْ دِيْنِهِمْ مَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ فَاضْرِبْ اَعْنَاقَهُمْ وَعَلِيٌّ سَاكِتٌ فَقَالَ مَا تَقُوْلُ يَا اَبَا الْحَسَنِ قَالَ اَرٰى اَنْ تَسْتَتِيْبَهُمْ فَاِنْ تَابُوْا ضَرَبْتَهُمْ ثَمَانِيْنَ لِشُرْبِهِمُ الْخَمْرَ وَاِنْ لَّمْ يَتُوْبُوْا ضَرَبْتَ اَعْنَاقَهُمْ فَاِنَّهُمْ قَدْ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وَشَرَعُوْا فِيْ دِيْنِهِمْ مَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ فَاسْتَتَابَهُمْ فَتَابُوْا فَضَرَبَهُمْ ثَمَانِيْنَ ثَمَانِيْنَ ۔

۶۳۹ - فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا سَاَلَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ حَدِّهِمْ اَجَابَهُ اَنَّهُ ثَمَانُوْنَ وَلَمْ يَقُلْ اِنْ شِئْتَ جَعَلْتَهُ اَرْبَعِيْنَ وَاِنْ شِئْتَ جَعَلْتَهُ ثَمَانِيْنَ ۔

فَهٰذَا يَنْفِيْ مَا فِيْ حَدِيْثِ الدَّانَاجِ مِمَّا ذُكِرَ فِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاَرْبَعِيْنَ وَمِنْ اخْتِيَارِهِ هُوَ بَعْدَ ذٰلِكَ ۔

سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ شام کے کچھ لوگوں نے شراب پی ان دنوں وہاں یزید بن ابوسفیان کی حکمرانی تھی وہ لوگ کہنے لگے کہ یہ حلال ہے اور انہوں نے اس آیت کی تاویل کی "ایمان والوں اور اچھے کام کرنے والوں پر اس کے چکھنے پر کوئی حرج نہیں جب کہ وہ ڈریں" انہوں (یزید بن ابوسفیان) نے ان کا معاملہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس سے پہلے کہ وہ تمہاری طرف فساد پھیلائیں انہیں میرے پاس بھیجو، جب وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو آپ نے ان کے بارے میں صحابہ کرام سے مشورہ کیا انہوں نے عرض کیا اے امیر المومنین! انہوں نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا اور اپنے دین میں ایسی بات جاری کی جس کی اللہ تعالیٰ نے اجازت نہیں دی ان کی گردنیں اڑا دیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ خاموش رہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے ابوالحسن! آپ کیا کہتے ہیں انہوں نے فرمایا میرا خیال ہے کہ ان سے توبہ کا مطالبہ کریں اگر وہ توبہ کر لیں تو ان کو شراب نوشی پر اسی اسی کوڑے لگائیں اور اگر وہ توبہ نہ کریں تو ان کی گردنیں مار دیں کیونکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا اور اپنے دین میں وہ بات جاری کی جس کی اللہ تعالیٰ نے ان کو اجازت نہیں دی چنانچہ انہوں نے ان سے توبہ کا مطالبہ کیا اور انہوں نے توبہ کی پھر آپ نے ان کو اسی

تو اس حدیث میں ہے کہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی عنہ سے ان کی حد کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ اسی کوڑے ہیں اور یہ نہیں فرمایا کہ اگر آپ چاہیں تو چالیس کوڑے لگائیں اور اگر چاہیں تو اسی کوڑے لگائیں۔

تو یہ اس بات کی نفی کرتی ہے جو داناج (ابن داناج) کی روایت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے واسطے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے چالیس کوڑوں کے بارے میں مذکور ہے اور یہ کہ آپ نے بعد میں اسے اختیار کیا۔

۶۴۰ - وَقَدْ رُوِیَ اَنَّ السَّوْطَ الَّذِیْ ضُرِبَ بِهِ الْوَلِیْدُ کَانَ لَهٗ طَرَفَانِ فَکَانَتِ الضَّرْبَةُ ضَرْبَتَیْنِ۔

یہ بھی مروی ہے کہ ولید کو جس کوڑے سے مارا گیا تھا اس کی دو شاخیں تھیں تو ایک مار، دو ماروں کی جگہ تھی۔

۶۴۱ - حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِیْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اَنَّ عَلِیًّا جَلَدَ الْوَلِیْدَ اَرْبَعِیْنَ بِسَوْطٍ لَهٗ طَرَفَانِ۔

حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ولید کو دو شاخوں والے کوڑے سے چالیس کوڑے مارے۔

۶۴۲ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ قَالَ ثَنِیْ اَبُوالْاَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَلِیًّا جَلَدَ الْوَلِیْدَ بْنَ عُقْبَةَ بِسَوْطٍ لَهٗ ذَنَبَانِ اَرْبَعِیْنَ جَلْدَةً فِی الْخَمْرِ قَالَ وَذٰلِکَ فِیْ زَمَنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ۔

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ولید بن عقبہ کو شراب نوشی پر چالیس کوڑے مارے جس کی دو شاخیں تھیں وہ فرماتے ہیں یہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے دور کا واقعہ ہے۔

۶۴۳ - فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ضَرَبَهٗ ثَمَانِیْنَ لِاَنَّ کُلَّ سَوْطٍ مِّنْ تِلْکَ الْاَسْوَاطِ سَوْطَانِ فَاسْتَحَالَ اَیْضًا اَنْ یَّکُوْنَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ اِنَّ الْاَرْبَعِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنَ الثَّمَانِیْنَ ثُمَّ یَجْلِدُهٗ ثَمَانِیْنَ فَهٰذَا دَلِیْلٌ اَیْضًا عَلٰی فَسَادِ حَدِیْثِ الدَّانَاجِ۔

تو اس حدیث میں ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کو اسّی کوڑے مارے کیونکہ ان میں سے ہر کوڑا دو کے قائم مقام تھا تو محال ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرمائیں کہ مجھے اسّی کے مقابلے میں چالیس کوڑے پسند ہیں پھر وہ اسّی کوڑے ماریں یہ بھی حدیث دا ناج کے فساد کی دلیل ہے۔

وَقَدْ رَوٰی اٰخَرُوْنَ عَنْ عَلِیٍّ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ خِلَافَ ذٰلِکَ کُلِّهٖ۔

دوسرے حضرات نے بھی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے اس کے خلاف روایت کیا ہے۔

۶۴۴ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ ح وَحَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَبْدُالْغَفَّارِ بْنُ دَاوٗدَ وَعُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ خَالِدِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِلَالٍ عَنْ اَبِیْهِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ جَلَدَ

حضرت محمد بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما، حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ایک شخص کو شراب نوشی پر اسّی کوڑے مارے البتہ صالح (راوی) نے اپنی روایت میں فرمایا کہ آپ نے

رَجُلًا فِی الْخَمْرِ ثَمَانِیْنَ غَیْرَ اَنَّ صَالِحًا قَالَ فِیْ حَدِیْثِہٖ جَلَدَ رَجُلًا مِّنْ بَنِیْ حَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ۔

بنو حارث بن خزرج کے ایک شخص کو کوڑے مارے۔

وَھٰذَا عِنْدَنَا اَیْضًا فَاسِدٌ لَا یَثْبُتُ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لِمَا قَدْ رَوَاہُ عَنْہُ سَعِیْدٌ مِنْ قَوْلِہٖ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَاتَ وَلَمْ یَسُنَّ فِی الْخَمْرِ حَدًّا وَاِنَّھُمْ جَعَلُوْہُ ثَمَانِیْنَ بِالتَّمْثِیْلِ الَّذِیْ قَدْ ذَکَرْنَاہُ عَنْہُ فِیْ ھٰذَا الْبَابِ وَلَا یَجُوْزُ عِنْدَنَا وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَنْ عَلِیٍّ رَّضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنْ تَکُوْنَ یَحْتَاجُ فِیْ اِسْتِخْرَاجِ حَدِّ الْخَمْرِ مِنْ ذٰلِکَ وَعِنْدَہٗ فِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ۔

ہمارے نزدیک یہ روایت بھی فاسد ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ثابت نہیں ہے کیونکہ حضرت سعید نے ان سے روایت کیا (اور یہ روایت پہلے گزر چکی ہے) کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور آپ نے شراب نوشی کی حد کا کوئی طریقہ نہیں چھوڑا اور صحابہ کرام نے (دوسری حدود کی) مثال سے اَسّی کوڑے مقرر فرمائے جیسا کہ ہم نے اسی باب میں ان سے روایت ذکر کی اور ہمارے نزدیک حضرت علی المرتضیٰ شراب نوشی کی حد کے لیے اجتہاد کے محتاج نہ ہوتے اگر ان کے پاس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی وہ بات ہوتی جو اس حدیث میں ہے۔

وَقَدْ جَاءَتِ الْاٰثَارُ مُتَوَاتِرَۃً اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ یَقْصُدُ فِیْ حَدِّ الشَّارِبِ اِلٰی عَدَدٍ مِّنَ الضَّرْبِ مَعْلُوْمٍ حَتّٰی لَقَدْ بَیَّنَ فِیْ بَعْضِ مَا رُوِیَ عَنْہُ نَفْیَ ذٰلِکَ مِثْلَ مَا رَوَیْنَاہُ عَنْ عَلِیٍّ رَّضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَلَمْ یَسُنَّ فِیْہِ حَدًّا۔

متواتر روایات میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے والے کی سزا کے سلسلے میں کوڑے مارنے کی ایک معلوم تعداد کا ارادہ نہیں فرمایا بلکہ بعض روایات میں اس کی نفی کا بیان ہے جیسے ہم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا اور اس کی حد مقرر نہیں فرمائی۔

۶۴۵- فَمِمَّا رُوِیَ فِیْ ذٰلِکَ مَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اُسَامَۃُ بْنُ زَیْدٍ اللَّیْثِیُّ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ حَدَّثَہٗ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْھَرَ قَالَ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْاٰنَ وَھُوَ فِی الرِّجَالِ یَلْتَمِسُ رَحْلَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ یَوْمَ حُنَیْنٍ فَبَیْنَمَا ھُوَ کَذٰلِکَ اُتِیَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ

اس سلسلے میں حضرت عبد الرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں گویا کہ میں اب بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں کہ آپ غزوہ حنین کے دن کچھ لوگوں کے درمیان حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی منزل تلاش کر رہے تھے آپ اسی حالت میں تھے کہ ایک شخص لایا گیا جس نے شراب پی تھی آپ نے صحابہ کرام سے فرمایا اسے مارو، تو ان میں سے بعض نے اسے جوتوں کے

لِلنَّاسِ اضْرِبُوْهُ فَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِالنِّعَالِ وَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِالْعَصَا وَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِالْمِيْتَخَةِ يُرِيْدُ الْجَرِيْدَةَ الرَّطْبَةَ ثُمَّ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تُرَابًا مِنَ الْاَرْضِ فَرَمٰى بِهٖ فِيْ وَجْهِهٖ۔

ساتھ مارا بعض نے لاٹھی سے مارا اور کچھ نے کھجور کی ترشاخ (میتخہ) کے ساتھ مارا پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین سے مٹی اٹھا کر اس کے چہرے پر ماری۔

۶۴۶۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ ثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ قَالَ ثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ اَزْهَرَ الزُّهْرِيُّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ يَتَخَلَّلُ النَّاسَ يَسْاَلُ عَنْ مَنْزِلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ فَاُتِيَ بِسَكْرَانٍ فَاَمَرَ مَنْ كَانَ عِنْدَهٗ فَضَرَبُوْهُ بِمَا كَانَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ حَثٰى عَلَيْهِ التُّرَابَ ثُمَّ اُتِيَ اَبُوْ بَكْرٍ بِسَكْرَانٍ فَتَوَخّٰى الَّذِيْ كَانَ مِنْ ضَرْبِهِمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَهٗ اَرْبَعِيْنَ۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں مجھ سے حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر زہری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں میں نے غزوۂ حنین کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا لوگوں کے درمیان حضرت خالد بن ولید کے منزل کے بارے میں پوچھ رہے تھے کہ ایک نشے والا لایا گیا آپ نے اپنے قریب والے حضرات کو حکم دیا تو انہوں نے جو کچھ ان کے ہاتھوں میں تھا اس سے اسے مارا پھر آپ نے اس پر مٹی پھینکی پھر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ (کے دور خلافت میں ان) کے پاس ایک شرابی لایا گیا تو آپ نے اس شخص کو بلانے کا قصد کیا جس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ان (شراب نوشوں) کو مارا تھا پھر اسے چالیس کوڑے مارے۔

۶۴۷۔ اَفَلَا تَرٰى اَنَّ اَبَا بَكْرٍ اِنَّمَا كَانَ ضَرَبَ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ عَلَى التَّحَرِّيْ مِنْهُ لِضَرْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الَّذِيْ كَانَ لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ وَقَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى شَيْءٍ بِعَيْنِهٖ۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے مارنے پر غور فکر کر کے چالیس کوڑے مارے کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس سلسلے میں کسی معین مقدار سے آگاہ نہیں فرمایا تھا۔

۶۴۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ ثَنَا شُعْبَةُ بْنُ التَّيَّاحِ عَنْ اَبِي الْوَدَّاكِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ لَا اَشْرَبُ نَبِيْذَ الْجَرِّ بَعْدَ اِذَا اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَشْوَانٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا

حضرت ابو وداک، حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک نشہ والا لایا گیا اس وقت سے میں گھڑے میں بنایا گیا نبیذ (جوس) نہیں پیتا، اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے شراب نہیں پی میں نے کدو کے برتن

شَرِبْتُ خَمْرًا اِنَّمَا شَرِبْتُ نَبِيْذَ تَمْرٍ وَّزَبِيْبٍ فِيْ دُبَّاءٍ فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنُهِرَ بِالْاَيْدِيْ وَخُفِقَ بِالنِّعَالِ۔

میں کھجور اور کشمش کا جوس پیا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تو اسے ہاتھوں اور جوتوں سے زدوکوب کیا گیا۔

۶۴۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ ثَنِيْ ابْنُ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَارِبٍ فَقَالَ اِضْرِبُوْهُ فَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِيَدِهٖ وَبِثَوْبِهٖ وَبِنَعْلِهٖ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شرابی لایا گیا آپ نے فرمایا اسے مارو تو ان میں سے کسی نے ہاتھ سے کسی نے اپنے کپڑے سے اور کسی نے اپنے جوتے کے ساتھ اسے مارا۔

۶۵۰۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل مروی ہے۔

۶۵۱۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ ثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَالزُّهْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ قَالَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَارِبٍ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِلنَّاسِ قُوْمُوْا اِلَيْهِ فَقَامَ النَّاسُ فَضَرَبُوْهُمْ بِنِعَالِهِمْ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں غزوۂ حنین کے دن ایک شراب نوشی کو بارگاہ نبوی میں لایا گیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا اس کی طرف اٹھو لوگ کھڑے ہوئے، اور اسے اپنے جوتوں کے ساتھ مارا۔

۶۵۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ الْاَسَدِ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ اُتِيَ بِالنُّعْمَانِ اِلَى النَّبِيِّ

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نعمان کو نشہ کی حالت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ سَكْرَانُ قَالَ فَشَقَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشَقَّةً شَدِيدَةً قَالَ فَأَمَرَ مَنْ كَانَ فِي الْبَيْتِ أَنْ يَضْرِبُوهُ قَالَ فَضَرَبُوهُ بِالنِّعَالِ وَالْجَرِيدِ قَالَ عُقْبَةُ كُنْتُ فِيمَنْ ضَرَبَهُ

علیہ وسلم پر یہ بات نہایت گراں گزری فرماتے ہیں پھر آپ نے گھر میں موجود افراد کو حکم دیا کہ اسے ماریں تو انہوں نے جوتوں اور کھجور کی شاخوں کے ساتھ اسے مارا حضرت عقبہ فرماتے ہیں میں بھی مارنے والوں میں شامل تھا۔

۶۵۳ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ بِالنُّعْمَانِ أَوِ ابْنِ النُّعْمَانِ۔

حضرت سلیمان بن حرب فرماتے ہیں ہم سے حضرت وھیب نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا کہ نعمان تھا یا ابن نعمان۔

۶۵۴ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت عفان فرماتے ہیں ہم سے حضرت وھیب نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

فَدَلَّ مَا ذَكَرْنَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُوَقِّفْهُمْ فِي حَدِّ الْخَمْرِ عَلَى ضَرْبٍ مَعْلُومٍ كَمَا وَقَّفَهُمْ فِي حَدِّ الزِّنَاءِ لِغَيْرِ الْمُحْصِنِ وَفِي حَدِّ الْقَذْفِ۔

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو شراب نوشی کی حد کے سلسلے میں معلوم تعداد میں مارنے سے آگاہ نہیں فرمایا جیسا کہ غیر شادی شدہ زانی کی حد اور قذف (الزام تراشی) کی حد کے بارے میں آگاہ فرمایا۔

۶۵۵ - فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ فِي الْخَمْرِ بِنَعْلَيْنِ أَرْبَعِينَ أَرْبَعِينَ فَجَعَلَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ بِكُلِّ نَعْلٍ سَوْطًا۔

اگر کوئی کہنے والا کہے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے سلسلے میں چالیس چالیس جوتے مارے ہیں اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ہر جوتے کو ایک کوڑا قرار دیا۔

۶۵۶ - قِيلَ لَهُ قَدْ صَدَقْتَ قَدْ حَدَّثَنَا بِذَلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ هُوَ ابْنُ مَطَرٍ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ أَخْبَرَنَا الْمَسْعُودِيُّ عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ أَوْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذَلِكَ۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا تم نے ٹھیک کہا ہے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

وَلَيْسَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ أَيْضًا مَا يَدُلُّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

لیکن اس حدیث میں بھی یہ بات نہیں ہے کہ آپ نے اس مارنے سے اسی کوڑوں کا قصد فرمایا تھا ہو سکتا ہے

وَسَلَّمَ فَقَصَدَ بِذٰلِكَ الضَّرْبِ اِلٰى ثَمَانِيْنَ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ قَصَدَ اِلٰى ضَرْبٍ غَيْرِ مَعْلُوْمٍ فَضَرَبَ النَّاسَ فَكَانَ ضَرْبُهُمْ فِيْ جُمْلَتِهٖ ثَمَانِيْنَ فَتَوَخّٰى عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ذٰلِكَ لَمَّا اَرَادَ اَنْ يُّوْقِفَ النَّاسَ فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى شَيْءٍ مَّعْلُوْمٍ فَجَعَلَ مَكَانَ كُلِّ نَعْلٍ سَوْطًا۔

۶۵۷ - وَالدَّلِيْلُ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ جَلَدَ فِي الْخَمْرِ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ وَجَلَدَ اَبُوْبَكْرٍ اَرْبَعِيْنَ فَلَمَّا وَلِيَ عُمَرُ دَعَا النَّاسَ فَقَالَ مَا تَرَوْنَ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهٗ كَاَخَفِّ الْحُدُوْدِ وَتَجْعَلَ فِيْهِ ثَمَانِيْنَ فَلَوْ كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ عَلِمَ اَنَّ مَا فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ تَوْقِيْفًا مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ النَّاسَ عَلٰى حَدِّ الْخَمْرِ اَنَّهٗ ثَمَانُوْنَ اِذًا لَمَا احْتَاجَ فِيْ ذٰلِكَ اِلٰى شُوْرٰى وَلٰكِنَّهٗ اِنَّمَا شَاوَرَ لِيَسْتَنْبِطُوْا وَقْتًا مَّعْلُوْمًا فِيْ ذٰلِكَ لَا يُجَاوِزُهٗ اِلٰى مَا هُوَ اَكْثَرُ مِنْهُ وَلَا يَنْقُصُهٗ اِلٰى اَقَلَّ مِنْهُ۔

۶۵۸ - وَقَدْ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ قَالَا جَمِيْعًا عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

آپ نے غیر معلوم ضرب کا ارادہ کیا ہو پھر لوگوں نے مارا تو وہ اسی تک پہنچ گئیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو ایک معلوم مقدار سے واقف کرنا چاہا تو ایک جوتے کی جگہ ایک کوڑا رکھ لیا۔

اس بات پر یہ روایت بھی دلیل ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے پر کھجور کی شاخوں اور جوتوں سے مارا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے چالیس کوڑے مارے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حکمران بنے تو صحابہ کرام کو بلا کر پوچھا شراب (کی سزا) کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میرا خیال ہے کہ آپ اسے سب سے کم حد کی طرح قرار دیں اور اس میں اسی کوڑے مقرر فرمائیں۔

تو اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوتا کہ حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے صحابہ کرام کو شراب کی حد سے آگاہ کرنا ہے کہ وہ اسی کوڑے ہیں تو آپ کو (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو) مشورے کی ضرورت نہ ہوتی لیکن آپ نے اس لیے مشورہ کیا تا کہ اس سلسلے میں ایک متعین تعداد معلوم کر سکیں کہ نہ تو اس سے زیادہ کی طرف تجاوز کیا جائے اور نہ ہی اس میں کمی کر سکیں۔

حضرت شعبہ اور حضرت ہمام دونوں حضرت قتادہ سے وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص لایا گیا جس نے شراب پی تھی آپ کے حکم سے اسے دو شاخوں کے ساتھ

وَسَلَّمَ اُتِیَ بِرَجُلٍ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاَمَرَ بِهٖ فَضُرِبَ بِجَرِیْدَتَیْنِ نَحْوًا مِّنْ اَرْبَعِیْنَ ثُمَّ صَنَعَ اَبُوْبَکْرٍ مِّثْلَ ذٰلِكَ فَلَمَّا کَانَ عُمَرُ اِسْتَشَارَ النَّاسَ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَخَفُّ الْحُدُوْدِ ثَمَانُوْنَ فَفَعَلَ ذٰلِكَ۔

تقریباً چالیس بار مارا گیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی یہی عمل کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو انہوں نے صحابہ کرام سے مشورہ کیا حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے عرض کیا اے امیرالمؤمنین! سب سے ہلکی حد اسّی کوڑے ہیں چنانچہ آپ نے اسی طرح کیا۔

فَثَبَتَ بِمَا ذَکَرْنَا اَنَّ التَّوْقِیْفَ فِیْ حَدِّ الْخَمْرِ عَلٰی جَلْدٍ مَّعْلُوْمٍ اِنَّمَا کَانَ فِیْ زَمَنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاِنَّمَا وَقَفُوْا عَلَیْهِ مِنْ ذٰلِكَ کَانَ ثَمَانِیْنَ وَلَمْ یُخَالِفْهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اَحَدٌ مِّنْهُمْ فَلَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ یَّدَعَ ذٰلِكَ وَیَقُوْلُ بِخِلَافِهٖ لِاَنَّ اِجْمَاعَ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُجَّةٌ اِذَا کَانَ بَرِیْئًا مِّنَ الْوَهْمِ وَالزَّلَلِ وَهُوَ کَنَقْلِهِمُ الْحَدِیْثَ الْبَرِیْءَ مِنَ الْوَهْمِ وَالزَّلَلِ فَکَمَا کَانَ نَقْلُهُمُ الَّذِیْ نَقَلُوْهُ جَمِیْعًا حُجَّةً لَا یَجُوْزُ لِاَحَدٍ خِلَافُهٗ فَکَذٰلِكَ رَاْیُهُمُ الَّذِیْ رَوَاهُ جَمِیْعًا حُجَّةً لَا یَجُوْزُ لِاَحَدٍ خِلَافُهٗ۔

پس جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ شراب نوشی کی حد کے سلسلے میں کوڑوں کی معلوم تعداد پر واقفیت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوئی اور اس سلسلے میں انہیں جس تعداد پر آگاہی ہوئی وہ اسّی کوڑے ہیں ان میں سے کسی نے بھی اس کی مخالفت نہیں کی لہٰذا کسی کے لیے مناسب نہیں کہ اسے چھوڑ کر اس کے خلاف قول کرے کیونکہ صحابہ کرام کا اجماع حجت ہے جبکہ وہ وہم اور لغزش سے پاک ہو جیسا کہ ان کا کسی ایسی حدیث کو نقل کرنا جو وہم اور لغزش سے پاک ہو، تو جس طرح ان سب کی نقل کردہ حدیث حجت ہے کسی کے لیے اس کی مخالفت جائز نہیں اسی طرح ان سے مروی ان کی مشترکہ رائے بھی حجت ہے کسی کے لئے جائز نہیں کہ اس کے خلاف عمل کرے۔

۶۵۹- وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْعَامِرِ الْعَقَدِیُّ قَالَ ثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ رَبِیْعَةَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ اَنَّ عُمَرَ صَلّٰی عَلٰی جَنَازَةٍ فَلَمَّا انْصَرَفَ اَخَذَ بِیَدِ ابْنٍ لَهٗ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ فَقَالَ اَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ وَجَدْتُّ مِنْ هٰذَا رِیْحَ الشَّرَابِ وَاِنِّیْ سَائِلٌ عَنْهُ فَاِنْ کَانَ سَکَرَ جَلَدْنَاهُ قَالَ السَّائِبُ فَرَاَیْتُ عُمَرَ جَلَدَ ابْنَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ الْحَدَّ ثَمَانِیْنَ۔

حضرت ربیعہ بن سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک جنازہ پر نماز پڑھائی جب سلام پھیرا تو اپنے ایک بیٹے کا ہاتھ پکڑا پھر صحابہ کرام کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا اے لوگو! میں نے اس سے شراب کی بو پائی ہے اور میں اس کے بارے میں پوچھوں گا اگر اسے نشہ آیا تو ہم اسے کوڑے لگائیں گے حضرت سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پھر میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ اس کے بعد آپ نے اپنے بیٹے کو اسی کوڑوں کی سزا دی۔

۶۶۰- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوالْیَمَانِ

حضرت زہری فرماتے ہیں ہم سے حضرت سائب

قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ ثَنَا السَّائِبُ فَذَكَرَ مِثْلَهُ۔

رضی اللہ عنہ نے بیان کیا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

وَهٰذَا بِحَضْرَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْ عَلَيْهِ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى مُتَابَعَتِهِمْ لَهُ۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں ایسا ہوا اور کسی نے بھی مخالفت نہیں کی لہٰذا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ انہوں نے آپ کی اتباع کی۔

۶۶۱- وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيْضًا فِي التَّوْقِيْفِ عَلٰى حَدِّ الْخَمْرِ اَنَّهُ ثَمَانُوْنَ حَدِيْثٌ اِنْ كَانَ ثَابِتًا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی شراب کی حد اسی کوڑے ہونے کے بارے میں آگاہی سے متعلق حدیث مروی ہے بشرطیکہ وہ حدیث ثابت ہو۔

وَهُوَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا اِبْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اَبِيْ اِسْرَائِيْلَ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ صَخْرٍ الْاِفْرِيْقِيِّ عَنْ جَمِيْلِ بْنِ كُرَيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَرِبَ بِسَقَةِ خَمْرٍ فَاجْلِدُوْهُ ثَمَانِيْنَ۔

حضرت عبداللہ بن یزید، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص شراب پیئے اسے اسی کوڑے مارو۔

فَهٰذَا الَّذِيْ وَجَدْنَا فِيْهِ التَّوْقِيْفَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ وَهُوَ ثَمَانُوْنَ فَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ ثَابِتًا فَقَدْ ثَبَتَ بِهِ الثَّمَانُوْنَ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ ثَابِتًا فَقَدْ ثَبَتَ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ مِنْ اِجْمَاعِهِمْ عَلَى الثَّمَانِيْنَ وَمِنِ اسْتِنْبَاطِهِمْ اِيَّاهَا مِنْ اَخَفِّ الْحُدُوْدِ فَذٰلِكَ مِنْ اِجْمَاعِهِمْ بَعْدَ مَا كَانَ خِلَافُهُ كَاِجْمَاعِهِمْ عَلَى الْمَنْعِ مِنْ بَيْعِ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ وَتَكْبِيْرَاتِ الْجَنَائِزِ وَقَدْ كَانَ خِلَافُهُ فَكَمَا لَا يَنْبَغِيْ خِلَافُهُمْ فِيْ تَرْكِ بَيْعِ اُمَّهَاتِ

یہ وہ روایت ہے جس سے ہم نے شراب نوشی کی سزا اسی کوڑے ہونے کے بارے میں آگاہی حاصل کی اگر یہ ثابت ہو تو اس سے اسی کوڑے ثابت ہوں گے اور اگر یہ ثابت نہ ہو تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے اسی کوڑوں پر اجماع ثابت ہے جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا نیز انہوں نے کم از کم حد کو سامنے رکھ کر اجتہاد کیا تو یہ ان کا اجماع ہے جب کہ پہلے اس کے خلاف حکم تھا جیسا کہ انہوں نے ام ولد لونڈیوں کے بیچنے اور نماز جنازہ کی تکبیرات پر اجماع کیا جب کہ پہلے اس کے خلاف تھا تو جس طرح ام ولد لونڈیوں کی خرید وفروخت چھوڑنے میں ان کی مخالفت جائز نہیں اسی

الْاَوْلَادِ فَكَذٰلِكَ لَا يَنْبَغِيْ خِلَافُهُمْ فِيْ تَوْقِيْتِهِمُ الثَّمَانِيْنَ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

طرح شراب کی حد کے سلسلے میں اسّی کوڑے مقرر کرنے میں بھی ان کی مخالفت جائز نہیں یہ حضرات امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۲۰۸ مَنْ سَكِرَ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ مَّا حَدُّهٗ

جسے چار بار نشہ آئے اس کی سزا

۶۶۲۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ ذَكْوَانَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ شَرِبُوْا الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثُمَّ اِنْ شَرِبُوْا فَاجْلِدُوْهُمْ ثُمَّ اِنْ شَرِبُوْا عِنْدَ الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوْهُمْ۔

حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہما رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا اگر وہ شراب پئیں تو انہیں کوڑے مارو پھر اگر شراب پئیں تو انہیں کوڑے مارو پھر چوتھی بار پئیں تو انہیں قتل کر دو۔

۶۶۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ مَعْبَدِ الْقَاصِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن عبد اللہ جدلی، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۶۶۴۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ اَخْبَرَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو ائْتُوْنِيْ بِرَجُلٍ اُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَاِنْ لَمْ اَقْتُلْهُ فَاَنَا كَذَّابٌ۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں راوی فرماتے ہیں حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے فرمایا جس آدمی پر تین بار حد قائم ہوئی ہو اسے میرے پاس لاؤ اگر میں اسے قتل نہ کردوں تو میں جھوٹا ہوں۔

۶۶۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا هُدْبَةُ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ

حضرت شہر بن حوشب، حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو۔

لیکن انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کا قول نقل نہیں کیا۔

۶۶۶۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ ح وَحَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا ثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت ابو سلمہ ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۶۶۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ ثَنَا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَوْدِيُّ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت خالد بن جریر، حضرت جریر سے اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۶۶۸۔ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ ثَنَا ابْنُ هُبَيْرَةَ أَنَّ أَبَا سُلَيْمَانَ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا رِمْثَةَ الْبَلَوِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَجُلًا مِنْهُمْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَأَتَوْا بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَهُ ثُمَّ شَرِبَ الثَّانِيَةَ فَأَتَوْا بِهِ فَضَرَبَهُ ثُمَّ شَرِبَ فَأَتَوْا بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا أَدْرِي قَالَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ فَأَمَرَ بِهِ فَجُعِلَ عَلَى الْعِجْلِ ثُمَّ ضَرَبَ عُنُقَهُ۔

حضرت ابن ہبیرہ بیان کرتے ہیں کہ ام المومنین حضرت سلمہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ غلام ابوسلیمان نے ان سے بیان کیا کہ ابورمثہ بلوی نے ان کو بتایا کہ ایک شخص نے شراب پی لوگ اسے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے تو آپ نے اسے حد لگائی پھر دوسری بار شراب پی تو وہ اسے لائے آپ نے اسے مارا پھر شراب نوشی کی تو وہ اسے بارگاہ نبوی میں لائے راوی فرماتے ہیں مجھے معلوم نہیں انہوں نے ابورمثہ بلوی نے) تیسری یا چوتھی دفعہ کے بارے میں فرمایا کہ اسے ہر رکھ کر اس کی گردن اڑا دی۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى هٰذِهِ الْآثَارِ فَقَلَّدُوهَا وَزَعَمُوا مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَحَدُّهُ الْقَتْلُ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان روایات کو اپنایا اور ان پر عمل کرتے ہوئے خیال کیا کہ جو شخص چار بار شراب پیئے اس کی حد قتل ہے۔

خَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان کی

حَدٌّ فِی الرَّابِعَۃِ کَحَدِّہٖ فِی الْاُوْلٰی۔

مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ چوتھی بار بھی اس کی وہی حد ہے جو پہلی بار ہے

۶۶۹ - وَاحْتَجُّوْا عَلَیْھِمْ فِیْ ذٰلِکَ بِمَا حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا حَبَّانُ بْنُ ھِلَالٍ وَبِمَا حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَا ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ اَنَّ اَبَا اُمَامَۃَ بْنَ سَھْلِ بْنِ حُنَیْفٍ ھٰکَذَا قَالَ ابْنُ مَرْزُوْقٍ فِیْ حَدِیْثِہٖ وَقَالَ یَزِیْدُ فِیْ حَدِیْثِہٖ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ بْنِ سَھْلِ بْنِ حُنَیْفٍ قَالَ کُنَّا مَعَ عُثْمَانَ وَھُوَ مَحْصُوْرٌ فَقَالَ عَلٰی لِمَ تَقْتُلُوْنِیْ وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا یَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰی ثَلٰثٍ اَلنَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّیِّبُ الزَّانِیْ وَالْمُفَارِقُ دِیْنَہٗ التَّارِکُ لِلْجَمَاعَۃِ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ محصور تھے تو ہم بھی ان کے ساتھ تھے انہوں نے فرمایا مجھے کیوں شہید کرتے ہو حالانکہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ کسی مسلمان آدمی کا خون بہانا تین باتوں کے علاوہ جائز نہیں جان کے بدلے جان، شادی شدہ زانی اور اپنے دین کو چھوڑنے والا جماعت سے الگ ہونے والا۔

---

۶۷۰ - حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ قَالَ ثَنَا اَبِیْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مُرَّۃَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

حضرت مسروق، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

---

۶۷۱ - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَیْبَۃَ وَاَبُوْ اُمَیَّۃَ قَالَا ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُوْسٰی قَالَ اَخْبَرَنَا شَیْبَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت شیبان، حضرت اعمش سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

---

۶۷۲ - حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَیَّۃَ قَالَ ثَنَا قَبِیْصَۃُ بْنُ عُقْبَۃَ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت سفیان، حضرت اعمش سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۶۷۳ - حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَیَّۃَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ ثَنَا زَائِدَۃُ ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَیْبَۃَ قَالَ ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ ح وَحَدَّثَنَا

مختلف طرق سے حضرت اعمش سے مروی ہے انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا حضرت سلیمان (راوی) فرماتے ہیں میں

اَبُوْ اُمَيَّةَ اَيْضًا قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ ثَنَا زَائِدَةُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ فِىْ حَدِيْثِهٖ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ وَ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ فِىْ حَدِيْثِهٖ عَنِ الْاَعْمَشِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ قَالَ سُلَيْمَانُ فَحَدَّثْتُ بِهٖ اِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ حَدَّثَنِى الْاَسْوَدُ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهٗ۔

نے یہ بات حضرت ابراہیم سے بیان کی تو انہوں نے فرمایا مجھ سے حضرت اسود نے انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے اس کی مثل بیان کیا۔

---

۶۷۴ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ غَالِبٍ قَالَ دَخَلَ الْاَشْتَرُ عَلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتْ اَرَدْتَّ قَتْلَ ابْنِ اُخْتِىْ فَقَالَ لَقَدْ حَرَصَ عَلٰى قَتْلِىْ وَ حَرَصْتُ عَلٰى قَتْلِهٖ فَقَالَتْ اَمَا اِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَذَكَرَتْ مِثْلَهٗ۔

حضرت عمرو بن غالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت اشتر، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ام المومنین نے فرمایا تو نے اپنے بھانجے کو قتل کرنے کا ارادہ کیا؟ انہوں نے عرض کیا کہ اس نے مجھے قتل کرنے کی حرص کی اور میں نے انہیں قتل کرنے کی خواہش کی ام المومنین نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

فَهٰذِهِ الْاٰثَارُ الَّتِىْ ذَكَرْنَا تُعَارِضُ الْاٰثَارَ الْاُوَلَ لِاَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَنَعَ فِىْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ اَنْ يَحِلَّ الدَّمُ بِاِحْدَى الثَّلَاثِ الْخِصَالِ الْمَذْكُوْرَةِ فِيْهَا غَيْرَاتَهٗ وَقَدْ يَحْتَمِلُ اَنْ تَكُوْنَ هٰذِهِ الْاٰثَارُ الَّتِىْ ذَكَرْنَا نَاسِخَةً لِلْاٰثَارِ الْاُوَلِ فَنَظَرْنَا فِىْ ذٰلِكَ هَلْ نَجِدُ شَيْئًا مِّنَ الْاٰثَارِ يَدُلُّ عَلَيْهِ۔

یہ روایات جو ہم نے ذکر کی ہیں پہلی روایات کے خلاف ہے کیونکہ ان روایات میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مذکورہ امور کے علاوہ خون کے حلال ہونے کو منع فرمایا البتہ یہ احتمال ہے کہ یہ روایات پہلی روایات کے لیے ناسخ ہوں تو ہم نے غور کیا کہ ہم اس بات پر دلالت کے لیے کوئی روایت پاتے ہیں۔

---

۶۷۵ - فَاِذَا ابْنُ اَبِىْ دَاوٗدَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ ثُمَّ اِنْ عَادَ فَاجْلِدُوْهُ ثُمَّ اِنْ عَادَ فَاجْلِدُوْهُ

تو حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص شراب پیئے اسے کوڑے مارو اگر دوبارہ پیئے تو پھر کوڑے مارو اس کے بعد پیئے تو پھر کوڑے مارو، پھر اگر پیئے تو کوڑے مارو، راوی فرماتے ہیں اس سے کوڑے مارنا ثابت ہوا اور قتل کرنا موقوف

ثُمَّ إِنْ عَادَ فَاجْلِدُوهُ قَالَ فَثَبَتَ الْجَلْدُ وَدُرِئَ الْقَتْلُ۔

ہوا۔

۶۷۶۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ حَدَّثَهُ أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي شَارِبِ الْخَمْرِ إِنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوهُ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ فِي الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوهُ فَأُتِيَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَجَلَدَهُ ثُمَّ أُتِيَ بِهِ الرَّابِعَةَ فَجَلَدَهُ وَوَضَعَ الْقَتْلَ عَنِ النَّاسِ۔

حضرت عمرو بن حارث فرماتے ہیں حضرت محمد بن منکدر نے ان سے بیان کیا کہ انہیں یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے والے کے بارے میں فرمایا اگر شراب پیئے تو اسے کوڑے مارو تین بار ایسا کرو پھر چوتھی بار کے بارے میں فرمایا اسے قتل کر دو، پھر ایک شخص جس نے شراب پی تھی تین بار لایا گیا تو آپ نے اسے کوڑے مارے پھر چوتھی بار لایا گیا تو بھی کوڑے مارے اور لوگوں سے قتل کو اٹھا دیا۔

۶۷۷۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ الْكَعْبِيِّ أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ بَلَغَهُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ سَوَاءً۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں حضرت قبیصہ بن ذویب کعبی نے ان سے بیان کیا کہ انہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی ہے پھر انہوں نے حرف بحرف اس کی مثل بیان کیا۔

فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا أَنَّ الْقَتْلَ بِشُرْبِ الْخَمْرِ فِي الرَّابِعَةِ مَنْسُوخٌ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيقِ الْآثَارِ۔

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ چوتھی بار شراب پینے کی وجہ سے قتل کا حکم منسوخ ہو چکا ہے۔ روایات کے طریقے پر اس بات کا یہ (مذکورہ بالا) بیان ہے۔

ثُمَّ عُدْنَا إِلَى النَّظَرِ فِي ذٰلِكَ لِنَعْلَمَ مَا هُوَ فَرَأَيْنَا الْعُقُوبَاتِ الَّتِي تَجِبُ بِانْتِهَاكِ الْحُرُمَاتِ مُخْتَلِفَةً فَمِنْهَا حَدُّ الزِّنَاءِ وَهُوَ الْجَلْدُ فِي غَيْرِ الْإِحْصَانِ فَكَانَ مَنْ زَنٰى وَهُوَ غَيْرُ مُحْصِنٍ فَحُدَّ ثُمَّ زَنٰى ثَانِيَةً كَانَ حَدُّهُ كَذٰلِكَ أَيْضًا ثُمَّ كَذٰلِكَ حَدُّهُ فِي الرَّابِعَةِ لَا يَتَغَيَّرُ عَنْ حَدِّهِ فِي أَوَّلِ مَرَّةٍ وَكَانَ مَنْ سَرَقَ مَا يَجِبُ فِيهِ الْقَطْعُ فَحَدُّهُ قَطْعُ الْيَدِ ثُمَّ إِنْ سَرَقَ ثَانِيَةً فَحَدُّهُ قَطْعُ الرِّجْلِ ثُمَّ إِنْ سَرَقَ ثَالِثَةً فَفِي

پھر ہم نے اس سلسلے میں قیاس کی طرف رجوع کیا تاکہ معلوم کر سکیں کہ اس کی کیا صورت ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ حرمات کو توڑنے کی سزائیں مختلف ہیں ان میں سے ایک زنا کی حد ہے اور وہ غیر شادی شدہ کو سو کوڑے مارنا ہے تو جو غیر شادی شدہ زنا کا ارتکاب کرے اور اسے حد لگائی جائے پھر وہ دوسری بار زنا کرے تو اس کی سزا اسی طرح ہو گی پھر چوتھی بار بھی اس کی حد یہی ہوگی پہلی بار والی سزا (حد) تبدیل نہیں ہوگی۔ اسی طرح جو شخص ایسی چوری کرے جس میں ہاتھ کاٹنا واجب ہوتا ہے تو اس کی حد، ہاتھ کاٹنا ہے پھر اگر وہ دوسری بار چوری کرے تو اس کی سزا پاؤں کاٹنا ہے پھر تیسری بار چوری

حُكْمِهِ اخْتِلَافٌ بَيْنَ النَّاسِ فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ يُقْطَعُ يَدُهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ لَا يُقْطَعُ فَهٰذِهِ حُقُوقُ اللّٰهِ الَّتِي تَجِبُ فِيمَا دُونَ الْأَنْفُسِ۔

وَأَمَّا حُدُودُ اللّٰهِ الَّتِي تَجِبُ فِي الْأَنْفُسِ وَهِيَ الْقَتْلُ فِي الرِّدَّةِ وَالرَّجْمُ فِي الزِّنَاءِ إِذَا كَانَ الزَّانِي مُحْصِنًا فَكَانَ مَنْ زَنَى مِمَّنْ قَدْ أَحْصَنَ رُجِمَ وَلَمْ يُنْتَظَرْ بِهِ أَنْ يَزْنِيَ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ وَكَانَ مَنِ ارْتَدَّ عَنِ الْإِسْلَامِ قُتِلَ وَلَمْ يُنْتَظَرْ بِهِ أَنْ يَرْتَدَّ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ۔

کرے تو اس کے حکم میں فقہاء کرام کا اختلاف ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس کا ہاتھ کاٹا جائے اور دیگر حضرات فرماتے ہیں (اس کا ہاتھ) نہ کاٹا جائے، یہ وہ حقوق ہیں جو نفس سے کم جنایت میں ہیں اور جو حقوق (سزائیں) نفس کے سلسلے میں واجب ہیں یعنی مرتد ہونے کی صورت میں قتل کرنا، زنا کی صورت میں رجم کرنا جب کہ زانی شادی شدہ ہو، تو جو شادی شدہ زنا کرے اسے رجم کیا جائے گا اور اس بات کا انتظار نہیں کیا جائے گا کہ وہ چار بار زنا کرے اور جو شخص اسلام سے پھر جائے اسے قتل کیا جائے گا اور اس بات کا انتظار نہیں کیا جائے گا کہ وہ چار بار مرتد ہو۔

وَأَمَّا حُقُوقُ الْآدَمِيِّينَ فَمِنْهَا أَيْضًا مَا يَجِبُ فِيمَا دُونَ النَّفْسِ فَمِنْ ذٰلِكَ حَدُّ الْقَذْفِ فَكَانَ مَنْ قَذَفَ مَرَّاتٍ فَحُكْمُهُ فِيمَا يَجِبُ عَلَيْهِ بِكُلِّ مَرَّةٍ مِنْهَا فَهُوَ حُكْمٌ وَاحِدٌ لَا يَتَغَيَّرُ وَلَا يَخْتَلِفُ مَا يَجِبُ فِي قَذْفِهِ إِيَّاهُ فِي الْمَرَّةِ الرَّابِعَةِ وَمَا يَجِبُ عَلَيْهِ بِقَذْفِهِ إِيَّاهُ فِي الْمَرَّةِ الْأُولَى فَكَانَتِ الْحُدُودُ لَا يَتَغَيَّرُ فِي انْتِهَاكِ الْحُرَمِ وَحُكْمُهَا كُلُّهَا حُكْمٌ وَاحِدٌ كَمَا كَانَ مِنْهَا جُلِدَ فِي أَوَّلِ مَرَّةٍ فَحُكْمُهُ كَذٰلِكَ أَبَدًا وَمَا كَانَ مِنْهَا قُتِلَ قُتِلَ الَّذِي وَجَبَ عَلَيْهِ ذٰلِكَ الْفِعْلُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلَمْ يُنْتَظَرْ بِهِ أَنْ يَتَكَرَّرَ فِعْلُهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ۔

جہاں تک انسانوں کے حقوق کا تعلق ہے تو ان میں سے بھی بعض نفس سے کم میں واجب ہیں ان میں سے حد قذف ہے تو جو آدمی کسی بے گناہ پر کئی بار الزام لگائے تو ہر بار ایک ہی حکم ہوگا اس میں تبدیلی نہ ہوگی چوتھی بار قذف سے واجب ہونے والی سزا اور پہلی بار قذف سے واجب ہونے والی سزا ایک دوسرے سے مختلف نہ ہوگی تو شرعی احکام کی خلاف ورزی پر سزاؤں میں تبدیلی نہیں ہوتی ان کا ایک ہی حکم ہوتا تو جسے پہلی بار (جرم پر) کوڑے لگائے جائیں اسے (اس جرم پر) ہمیشہ کوڑے ہی لگائے جائیں گے اور جس کی سزا قتل ہے اسے اس کے جرم کی پاداش میں پہلی بار ہی قتل کیا جائے گا اور چار بار فعل کے پائے جانے کا انتظار نہیں کیا جائے گا

فَلَمَّا كَانَ مَا وَصَفْنَا كَذٰلِكَ وَكَانَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ مَرَّةً فَحَدُّهُ الْجَلْدُ لَا الْقَتْلُ كَانَ فِي النَّظَرِ أَيْضًا عُقُوبَتُهُ فِي شُرْبِهِ إِيَّاهَا بَعْدَ ذٰلِكَ أَبَدًا كُلَّمَا شَرِبَهَا الْجَلْدُ لَا الْقَتْلُ وَلَا يَزِيدُ عُقُوبَتَهُ بِتَكَرُّرِ أَفْعَالِهِ كَمَا لَمْ يَزِدْ عُقُوبَةَ مَنْ وَصَفْنَا

تو جب بات اس طرح ہے جس طرح ہم نے بیان کیا اور جو شخص ایک بار شراب پیئے اس کی سزا کوڑے ہیں قتل نہیں تو قیاس کا تقاضا ہے کہ اس کی سزا ہمیشہ یہی ہو جب بھی شراب پیئے اس کو کوڑے مارے جائیں قتل نہ کیا جائے اور تکرار فعل سے سزا میں اضافہ نہ ہو جیسا کہ ان لوگوں کی سزا میں تکرار فعل سے اضافہ نہیں ہوتا جن

يَحْكُوْا بِأَفْعَالِهِ فَهٰذَا الَّذِیْ وَصَفْنَا هُوَ النَّظْرُ وَهُوَ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ -

نا ہم نے ذکر کیا تو یہ جو کچھ ہم نے بیان کیا، ہی قیاس ہے اور یہی حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے -

بَابُ ۲۰۹ الْمِقْدَارِ الَّذِیْ یُقْطَعُ فِیْهِ السَّارِقُ

کتنے مال کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے

۶۷۸- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ یُوْنُسَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَیْرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ الْعُمَرِیُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَطَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مِجَنٍّ قِیْمَتُهٗ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ -

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈھال (کی چوری) پر ہاتھ کاٹا اور اس کی قیمت تین درہم تھی -

۶۷۹- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ ابْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ -

حضرت ایوب، حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۶۸۰- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِیُّ قَالَ ثَنَا مَالِكُ ابْنُ اَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ -

حضرت مالک بن انس، حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں -

۶۸۱- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ، فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ -

حضرت یونس فرماتے ہیں ہمیں حضرت ابن وھب نے خبر دی کہ حضرت مالک نے ان سے بیان کیا، پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا -

۶۸۲- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ سَرَقَ حَجَفَةً ثَمَنُهَا ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ فَقَطَعَهٗ -

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص لایا گیا جس نے تین درہم مالیت کی ڈھال چوری کی تھی تو آپ نے اس کا ہاتھ کاٹا -

تَحْقِيقُ مَسْئَلَةٍ

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَكَانَ الَّذِي فِي هٰذِهِ الْآثَارِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ فِي حَجَفَةٍ قِيمَتُهَا ثَلٰثَةُ دَرَاهِمَ وَلَيْسَ فِيهَا أَنَّهُ لَا يُقْطَعُ فِيمَا هُوَ أَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ فَنَظَرْنَا فِي ذٰلِكَ۔

۶۸۳۔ فَإِذَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا صَالِحٌ أَبُو وَاقِدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ إِلَّا فِي ثَمَنِ الْمِجَنِّ۔

فَعَلِمْنَا بِهٰذَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّفَهُمْ عِنْدَ قَطْعِهِ فِي الْمِجَنِّ عَلٰى أَنَّهُ لَا يُقْطَعُ فِيمَا قِيمَتُهُ أَقَلُّ مِنْ قِيمَةِ الْمِجَنِّ۔

فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ السَّارِقَ يُقْطَعُ فِي هٰذَا الْمِقْدَارِ الَّذِي قَدَّرَهُ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي ثَمَنِ الْمِجَنِّ وَهُوَ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ وَلَا يُقْطَعُ فِيمَا هُوَ أَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِمَا رَوَوْهُ مِنْ هٰذَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ إِلَّا فِيمَا يُسَاوِي عَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَصَاعِدًا۔

۶۸۴۔ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ قَالَا ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان روایات کے مطابق سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈھال کی چوری پر ہاتھ کاٹا اور اس کی قیمت تین درہم تھی لیکن اس میں یہ بات نہیں کہ اس سے کم قیمت والی چیز پر ہاتھ نہیں کاٹا جا سکتا ہم نے اس سلسلے میں دیکھا (تو یوں مروی ہے)

حضرت عامر بن سعد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چور کا ہاتھ نہ کاٹا جائے مگر ڈھال کی قیمت میں

تو اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈھال کی چوری پر ہاتھ کاٹتے وقت ان کو اس بات سے بھی آگاہ کیا کہ ڈھال کی قیمت سے کم قیمت والی چیز کی چوری پر ہاتھ نہ کاٹا جائے۔

تو ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ چور کا ہاتھ صرف اس مقدار پر کاٹا جائے جو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ڈھال کی قیمت کے سلسلے میں مقرر فرمائی اور وہ تین درہم ہیں اس سے کم میں نہ کاٹا جائے انہوں نے اس سلسلے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ان (مذکورہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ چور کا ہاتھ صرف اس چیز کی چوری پر کاٹا جائے جو دس درہم کے برابر ہو یا اس سے زیادہ قیمت والی ہو۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت عطاء حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس ڈھال (کی

مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ اَیُّوْبَ بْنِ مُوْسٰی عَنْ عَطَآءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ قِیْمَۃُ الْمِجَنِّ الَّذِیْ قَطَعَ فِیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَشَرَۃَ دَرَاھِمَ۔

چوری) پر ہاتھ کاٹا اس کی قیمت دس درہم تھی۔

۶۸۵- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِیُّ قَالَا ثَنَا الْوَھْبِیُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت ابن اسحٰق، حضرت عمرو بن شعیب سے وہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔

۶۸۶- حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ الْاَصْبَھَانِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مُعَاوِیَۃُ ابْنُ ھِشَامٍ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاھِدٍ وَّعَطَآءٍ عَنْ اَیْمَنَ الْحَبْشِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَدْنٰی مَا یُقْطَعُ فِیْہِ السَّارِقُ ثَمَنُ الْمِجَنِّ قَالَ وَکَانَ یُقَوَّمُ یَوْمَئِذٍ دِیْنَارًا۔

حضرت ایمن حبشی سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کم از کم جس چیز (کی چوری) پر ہاتھ کاٹا جائے وہ ڈھال کی قیمت ہے وہ فرماتے ہیں اور ان دنوں اس کی قیمت ایک دینار ہوتی تھی۔

۶۸۷- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا یَحْیٰی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ الْحَمَّانِیُّ قَالَ ثَنَا شَرِیْكٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ اَیْمَنَ بْنِ اُمِّ اَیْمَنَ عَنْ اُمِّ اَیْمَنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُقْطَعُ یَدُ السَّارِقِ اِلَّا فِیْ حَجَفَۃٍ وَّقُوِّمَتْ یَوْمَئِذٍ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دِیْنَارًا اَوْ عَشَرَۃَ دَرَاھِمَ۔

حضرت ایمن بن ام ایمن، حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چور کا ہاتھ ڈھال کی قیمت (کے برابر چوری) پر کاٹا جائے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اس کی قیمت ایک دینار یا دس درہم ہوتی تھی۔

فَلَمَّا اخْتُلِفَ فِیْ قِیْمَۃِ الْمِجَنِّ الَّذِیْ قَطَعَ فِیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُتِّبَتَہٗ فِیْ ذٰلِكَ فَلَمْ یُقْطَعْ اِلَّا فِیْمَا قَدْ اُجْمِعَ اَنَّ فِیْہِ وَفَآءً بِقِیْمَۃِ الْمِجَنِّ الَّتِیْ جَعَلَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِقْدَارًا لَّا یُقْطَعُ فِیْمَا ھُوَ اَقَلُّ مِنْھَا وَھِیَ عَشَرَۃٌ

توجب اس ڈھال کی قیمت میں اختلاف ہے جس کی چوری پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کاٹا تو اس میں احتیاط برتی جائے اور صرف اسی صورت میں ہاتھ کاٹا جائے جس پر سب کا اتفاق ہے کہ اس میں اس ڈھال کی قیمت پوری ہو جاتی ہے جسے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقدار قرار دیا اور اس سے کم پر نہ کاٹا جائے اور وہ

دَرَاهِمَ۔

وَقَالَ ذَهَبَ آخَرُوْنَ إِلَى أَنَّهُ لَا يُقْطَعُ إِلَّا فِي رُبْعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

۶۸۸ - وَاحْتَجُّوْا فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْطَعُ فِي رُبُعِ الدِّيْنَارِ فَصَاعِدًا۔

قِيْلَ لَهُمْ لَيْسَ هٰذَا حُجَّةٌ أَيْضًا عَلَى مَنْ ذَهَبَ إِلَى أَنَّهُ لَا يُقْطَعُ إِلَّا فِي عَشَرَةِ دَرَاهِمَ لِأَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا إِنَّمَا أَخْبَرَتْ عَمَّا قَطَعَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ لِأَنَّهَا قَوَّمَتْ مَا قُطِعَ فِيْهِ فَكَانَتْ قِيْمَتُهُ عِنْدَهَا رُبُعَ دِيْنَارٍ فَجَعَلَتْ ذٰلِكَ مِقْدَارَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْطَعُ فِيْهِ۔

۶۸۹ - وَاحْتَجُّوْا فِي ذٰلِكَ أَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِي رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

فَقَالُوْا هٰذَا إِخْبَارٌ مِّنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا عَنْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ مَا ذَكَرْنَا عَنْهَا فِي الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ مِنْ قَطْعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا إِنَّمَا أَخَذَتْ ذٰلِكَ عَنْ رَسُوْلِ

(مقدار) دس درہم ہیں۔

کچھ دوسرے حضرات اس بات کی طرف گئے ہیں کہ دینار کی چوتھائی یا اس سے زائد مالیت کی چوری پر ہاتھ کاٹا جاتے۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دینار کے چوتھے حصے یا اس سے زائد (کی چوری) پر ہاتھ کاٹتے تھے۔

ان سے کہا جائے گا کہ یہ (روایت) بھی ان لوگوں کے خلاف دلیل نہیں ہے جو کم از کم دس درہم کی چوری پر ہاتھ کاٹنے کے قائل ہیں کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس چیز کی خبر دی جس کی چوری پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کاٹا تو ممکن ہے یہ اس بنیاد پر ہوگا کہ انہوں نے (حضرت ام المومنین نے) اس چیز کی قیمت لگائی جس پر ہاتھ کاٹا گیا تو ان کے نزدیک اس کی قیمت دینار کا چوتھا حصہ تھا پس انہوں نے اسی کو وہ مقدار قرار دیا جس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کاٹا۔

ان حضرات نے یوں بھی استدلال کیا ہے حضرت عروہ اور حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چور کا ہاتھ دینار کے چوتھے حصے یا زیادہ (کی چوری) پر کاٹا جائے۔

وہ حضرات فرماتے ہیں یہ ام المومنین کی طرف سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کی خبر دینا ہے پس یہ اس بات پر دلالت ہے کہ ہم نے پہلی حدیث میں جو کچھ ان سے نقل کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دینار کے چوتھے حصے یا اس سے زائد پر ہاتھ کاٹا ام المومنین نے اس بات کو اس لئے اختیار کیا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِمَّا وَقَفَہَا عَلَیْہِ عَلٰی مَا فِیْ ہٰذَا الْحَدِیْثِ لَا مِنْ جِہَۃِ تَقْوِیْمِہَا لِمَا کَانَ قَطَعَ فِیْہِ۔

قِیْلَ لَہُمْ ہٰذَا کَمَا ذَکَرْتُمْ لَوْلَمْ یَخْتَلِفْ فِیْ ذٰلِکَ عَنْہَا

فَقَدْ رَوَی ابْنُ عُیَیْنَۃَ عَنِ الزُّہْرِیِّ عَنْ عَمْرَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ مَا قَدْ ذَکَرْنَاہُ فِی الْفَصْلِ الَّذِیْ قَبْلَ ہٰذَا الْفَصْلِ فَکَانَ ذٰلِکَ اِخْبَارًا مِّنْہَا عَنْ فِعْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا عَنْ قَوْلِہٖ وَیُوْنُسُ بْنُ یَزِیْدَ عِنْدَکُمْ لَا یُقَادِبُ بْنُ عُیَیْنَۃَ فَکَیْفَ تَحْتَجُّوْنَ بِمَا رَوٰی وَتَدَعُوْنَ مَا رَوٰی ابْنُ عُیَیْنَۃَ۔

قَالُوْا فَقَدْ رُوِیَ ہٰذَا الْحَدِیْثُ اَیْضًا مِنْ غَیْرِ ہٰذَا الْوَجْہِ عَنْ عَمْرَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ کَمَا رَوَاہُ یُوْنُسُ بْنُ یَزِیْدَ۔

۶۹۰۔ **فَذَکَرُوْا** مَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَہْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَخْرَمَۃُ بْنُ بُکَیْرٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ عَنْ عَمْرَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّہَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا یُقْطَعُ یَدُ السَّارِقِ اِلَّا فِیْ رُبُعِ دِیْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

قِیْلَ لَہُمْ کَیْفَ تَحْتَجُّوْنَ بِہٰذَا وَاَنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ اَنَّ مَخْرَمَۃَ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ اَبِیْہِ حَرْفًا وَاَنَّ مَا رَوٰی عَنْہُ مُرْسَلٌ وَاَنْتُمْ لَا تَحْتَجُّوْنَ بِالْمُرْسَلِ۔

۶۹۱۔ **فَمِمَّا** یَذْکُرُوْنَ مِمَّا یَنْفُوْنَ بِہٖ سَمَاعَ مَخْرَمَۃَ عَنْ اَبِیْہِ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ عَنْ خَالِہٖ مُوْسٰی بْنِ سَلَمَۃَ قَالَ سَاَلْتُ مَخْرَمَۃَ بْنَ بُکَیْرٍ ہَلْ سَمِعْتَ

نے ان کو اس بات سے آگاہ فرمایا جیسا کہ اس حدیث میں ہے اس وجہ سے نہیں کہ جس چیز پر ہاتھ کاٹا تھا ام المومنین نے خود اس کی قیمت لگائی۔

ان لوگوں کو کہا جائے گا کہ یہ اسی طرح ہوگا جس طرح تم نے ذکر کیا بشرطیکہ اس سلسلے میں ام المومنین سے مروی روایات میں اختلاف

ابن عیینہ نے زہری سے انہوں نے عمرہ سے اور انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے وہ حدیث روایت کی ہے جسے ہم نے اس سے پچھلی فصل میں ذکر کیا اس میں ام المومنین نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل کی خبر دی ہے قول کی نہیں، اور تمہارے نزدیک یونس بن یزید، ابن عیینہ کا ہم پلہ نہیں تو کس طرح تم اس (یونس بن یزید) کی روایت سے استدلال کرتے ہو اور ابن عیینہ کی روایت کو چھوڑ دیتے ہو۔

وہ حضرات فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس طریق کے علاوہ بھی بواسطہ حضرت عمرہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی طرح مروی ہے جس طرح اسے یونس بن یزید نے روایت کیا۔

انہوں نے یوں ذکر کیا حضرت مخرمہ اپنے والد سے وہ حضرت سلیمان بن یسار سے وہ حضرت عمرہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ چور کا ہاتھ چار دیناروں یا اس سے زائد (کی چوری) میں ہی کاٹا جائے (کم پر نہ کاٹا جائے)

انہیں (جواباً) کہا جائے گا کہ تم اس حدیث سے کس طرح استدلال کرتے ہو حالانکہ تمہارے اپنے خیال کے مطابق مخرمہ نے اپنے باپ سے ایک حرف بھی نہیں سنا لہٰذا ان کی روایت مرسل ہے اور تم مرسل روایت سے استدلال نہیں کرتے۔

حضرت مخرمہ کو اپنے والد سے سماعت حاصل نہ ہونے کے بارے میں وہ یوں ذکر کرتے ہیں حضرت ابن ابی مریم اپنے ماموں حضرت موسیٰ بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت مخرمہ بن بکیر سے پوچھا کہ کیا آپ نے اپنے والد سے کچھ سنا

مِنْ اَبِيْكَ شَيْئًا فَقَالَ لَا۔

۶۹۲۔ قَالُوْا فَاِنَّهٗ قَدْ رَوٰی هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَمْرَةَ كَمَا رَوَاهُ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْهَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ اَيْضًا۔

۶۹۳۔ وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

قِيْلَ لَهُمْ قَدْ رَوٰی هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَحْيٰى مَنْ هُوَ اَثْبَتُ مِنْ اَبَانٍ فَاَوْقَفَهٗ عَلٰى عَائِشَةَ وَلَمْ يَرْفَعْهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۶۹۴۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَا طَالَ عَلَيَّ وَلَا نَسِيْتُ الْقَطْعُ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

۶۹۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْمَكِّيُّ قَالَ ثَنَا الْحُمَيْدِيُّ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ ثَنَا اَرْبَعَةٌ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ لَمْ يَرْفَعُوْهُ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ اَبِيْ بَكْرٍ وَّرُزَيْقُ بْنُ حَكِيْمٍ الْاَيْلِيُّ وَيَحْيٰى وَعَبْدُ رَبِّهٖ ابْنَا سَعِيْدٍ وَّالزُّهْرِيُّ اَحْفَظُهُمْ كُلُّهُمْ اِلَّا اَنَّ فِيْ حَدِيْثِ يَحْيٰى مَا قَدْ دَلَّ عَلَى الرَّفْعِ مَا نَسِيْتُ وَلَا طَالَ عَلَيَّ الْقَطْعُ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

۶۹۶۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا

ہے تو انہوں نے فرمایا نہیں۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت عمرہ سے یحییٰ بن سعید نے بھی اسی طرح روایت کی ہے جس طرح اسے حضرت یونس بن یزید نے حضرت زہری سے اور انہوں نے حضرت عمرہ سے روایت کیا

انہوں نے یوں ذکر کیا حضرت یحییٰ بن سعید نے حضرت عمرہ سے اور انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چور کا ہاتھ چار دینار یا اس سے زائد (مال کی چوری) پر کاٹا جائے۔

انہیں کہا جائے گا کہ اس حدیث کو حضرت ابان سے بھی زیادہ با اعتماد راوی نے حضرت یحییٰ سے روایت کیا اور اسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچایا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت نہیں کیا۔

حضرت مالک نے حضرت یحییٰ بن سعید سے اور انہوں نے حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا نہ تو زیادہ عرصہ گزرا اور نہ میں بھولی ہوں چار دیناروں اور اس سے زائد (کی چوری) پر ہاتھ کاٹنا ہے۔

حضرت سفیان فرماتے ہیں ہم سے چار آدمیوں نے حضرت عمرہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے غیر مرفوع حدیث روایت کرتے ہیں (وہ چار حضرات یہ ہیں) حضرت عبداللہ بن ابوبکر، حضرت زریق بن حکیم ایلی، حضرت سعید کے دو بیٹے حضرت یحییٰ اور عبد ربہ، حضرت زہری ان سب سے زیادہ حافظ والے ہیں مگر حضرت یحییٰ کی روایت میں ایک ایسا لفظ ہے جو اس حدیث کے مرفوع ہونے پر دلالت کرتا ہے وہ یہ کہ نہ میں بھولی ہوں اور نہ زیادہ عرصہ گزرا چار دیناروں اور اس سے زائد (کی چوری) پر ہاتھ کاٹنا ہے۔

حضرت یحییٰ بن سعید فرماتے ہیں مجھ سے حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا

أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي عَمْرَةُ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُولُ الْقَطْعُ فِي رُبْعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا۔

فَكَانَ أَصْلُ حَدِيثِ يَحْيَى عَنْ عَمْرَةَ هُوَ مَا ذَكَرْنَا مِمَّا رَوَاهُ عَنْهُ أَهْلُ الْحِفْظِ وَالْإِتْقَانِ مَالِكٌ وَابْنُ عُيَيْنَةَ لَا كَمَا رَوَاهُ أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ فَقَدْ عَادَ حَدِيثُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا إِلَى نَفْسِهَا إِمَّا لِتَقْوِيمِهَا مَا قَدْ خُولِفَ فِي تَقْوِيمِهِ وَإِمَّا لِتَوْقِيتِهَا مَا قَدْ خُولِفَ فِي تَوْقِيتِهِ وَلَمْ يَثْبُتْ فِيهِ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ۔

وَأَمَّا مَا اسْتَدَلَّ بِهِ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَلَى أَنَّ حَدِيثَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا مِمَّا رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْهَا مَرْفُوعٌ بِقَوْلِهَا مَا طَالَ عَلَيَّ وَلَا نَسِيتُ فَإِنَّ ذٰلِكَ عِنْدَنَا لَا دَلَالَةَ فِيهِ عَلَى مَا ذُكِرَ وَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مَعْنَاهَا فِي ذٰلِكَ مَا طَالَ عَلَيَّ وَلَا نَسِيتُ مَا قَطَعَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا كَانَتْ قِيمَتُهُ عِنْدَهَا رُبْعَ دِينَارٍ وَقِيمَتُهُ عِنْدَ غَيْرِهَا أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ فَيَعُودُ مَعْنَى حَدِيثِهَا هٰذَا إِلَى مَعْنَى مَا قَدْ رَوَيْنَا عَنْهَا قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْ ذِكْرِهَا مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقْطَعُ فِيهِ وَمِنْ تَقْوِيمِهَا إِيَّاهُ بِرُبْعِ دِينَارٍ۔

فَإِنْ قَالُوا فَقَدْ رَوَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مِثْلَ مَا رَوَاهُ أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ

نے بیان کیا انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سُنا کہ چار دینار اور اس سے زائد (کی چوری) پر ہاتھ کاٹنا ہے۔

تو حضرت یحییٰ کی حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا سے اصل روایت وہ ہے جسے ہم نے ذکر کیا اسے ان سے حضرت مالک اور ابن عیینہ جیسے حفظ و اعتماد والے حضرات نے روایت کیا یہ ابان بن یزید کی روایت کی طرح نہیں تو حضرت یحییٰ بن سعید کی بواسطہ حضرت عمرہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ان کی ذات کی طرف لوٹ آئی یا تو اس چیز کی قیمت لگانے میں جس کی قیمت میں اختلاف کیا گیا (یعنی ڈھال کی قیمت) یا اس مقدار کے مقرر کرنے میں جس کے تقرر میں اختلاف کیا گیا اور اس سلسلے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ثابت نہیں (یعنی یہ حدیث مرفوع نہیں)

جہاں تک حضرت ابن عیینہ کے اس استدلال کا تعلق ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت عمرہ اور ان سے حضرت یحییٰ بن سعید کی روایت مرفوع ہے کیونکہ ام المومنین نے فرمایا نہ تو زیادہ وقت گزرا اور نہ ہی میں بھولی۔

تو ہمارے نزدیک اس میں اُس مذکورہ بات پر کوئی دلیل نہیں کیونکہ ممکن ہے اس کا مطلب یہ ہو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چوتھائی دینار قیمت کی چیز (چوری کرنے) پر ہاتھ کاٹا اس واقعہ کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا اور نہ ہی وہ بھولیں۔ ان کے نزدیک اس کی قیمت دینار کا چوتھائی تھی جبکہ دوسرے حضرات کے نزدیک اس کی قیمت زیادہ تھی تو اس حدیث کا مفہوم اس حدیث کے مفہوم کی طرف لوٹ گیا جسے ہم نے اس سے پہلے اُن (ام المومنین) سے روایت کیا اور اس میں انہوں نے ذکر کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس چیز (کی چوری) پر ہاتھ کاٹتے تھے اور انہوں نے اس کی قیمت دینار کا چوتھا حصہ لگائی۔

اگر وہ کہیں کہ ابوبکر بن عمرو بن حزم نے بواسطہ حضرت عمرہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس کی مثل روایت کیا جو ابان بن یزید نے بواسطہ حضرت عمرہ، حضرت عائشہ رضی اللہ

عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا۔

۶۹۷۔ وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيْسَ الْمَكِّيُّ قَالَ ثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ قَالَ ثَنِيْ ابْنُ الْهَادِ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ إِلَّا فِيْ رُبْعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

عنہا سے روایت کیا۔

وہ اس سلسلے میں یوں ذکر کریں ابن الہاد، ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم، حضرت عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے، وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں آپ نے فرمایا چور کے ہاتھ دینار کے چوتھے حصے یا اس زائد (کی چوری) کے علاوہ نہ کاٹے جائیں۔

۶۹۸۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت عبداللہ بن جعفر، حضرت یزید بن ہاد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۶۹۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ وَفَهْدٌ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِي اللَّيْثُ قَالَ ثَنِيْ ابْنُ الْهَادِ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت لیث فرماتے ہیں مجھ سے حضرت ابن ہاد نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۷۰۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت محمد بن اسحاق، حضرت ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے وہ حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔

قِيْلَ لَهُمْ قَدْ رُوِيَ هٰذَا كَمَا ذَكَرْتُمْ وَلٰكِنَّهٗ لَا يَجِبُ عَلٰى أُصُوْلِكُمْ أَنْ تُعَارِضُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ مَا رَوَى الزُّهْرِيُّ وَلَا مَا رَوٰى يَحْيٰى وَعَبْدُ رَبِّهٖ ابْنَا سَعِيْدٍ لِأَنَّ أَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ لَيْسَ لَهٗ مِنَ الْإِتْقَانِ وَلَا مِنَ الْحِفْظِ مَا لِوَاحِدٍ مِّنْ هٰؤُلَاءِ وَلَا لِمَنْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ

ان حضرات کو (جواباً) کہا جائے گا کہ جیسے تم نے ذکر کیا اسی طرح مروی ہے لیکن تم اس حدیث کو حضرت زہری کی روایت اور حضرت سعید کے دونوں بیٹوں حضرت یحییٰ اور حضرت عبدربہ کی روایت کے مقابلے میں پیش نہیں کر سکتے کیونکہ حضرت ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کو وہ حفظ و اعتماد حاصل نہیں ہے جو ان حضرات میں سے کسی ایک کو حاصل ہے نیز جن حضرات نے یہ حدیث حضرت ابوبکر بن محمد سے روایت

اَيْضًا عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَهُوَ ابْنُ الْهَادِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عِنْدَ كُمْ مِنَ الْاِتْقَانِ لِلرِّوَايَةِ وَالْحِفْظِ مَا لِمَنْ رَوٰى حَدِيْثَ الزُّهْرِيِّ وَيَحْيٰى وَعَبْدِ رَبِّهِ ابْنَيْ سَعِيْدٍ عَنْهُمْ۔

کی اور وہ ابن ہاد اور محمد بن اسحٰق ہیں تمہارے نزدیک یہ حضرات حفظ و اعتماد میں ان حضرات کے ہم پلہ نہیں ہیں جنہوں نے حضرت زہری، یحییٰ بن سعید اور عبد ربہ بن سعید کی حدیث روایت کی ہے۔

۷۰۱۔ وَقَدْ خَالَفَ اَيْضًا اَبَا بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ فِيْمَا رَوٰى عَنْ عَمْرَةَ مِنْ هٰذَا ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ۔

نیز حضرت ابو بکر بن محمد کے بیٹے حضرت عبداللہ بن ابو بکر نے حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے سلسلے میں ان کی (باپ کی) مخالفت کی ہے۔

۷۰۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ قَالَتْ قَالَتْ عَائِشَةُ الْقَطْعُ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔

حضرت عبداللہ بن ابو بکر، حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہاتھ کاٹنا، دینار کے چوتھائی اور اس سے زائد (کی چوری) پر ہے۔

وَقَدْ خَالَفَهُ فِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا زُرَيْقُ بْنُ حَكِيْمٍ فَرَوَاهُ عَنْ عَمْرَةَ مِثْلَ مَا رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ وَيَحْيٰى وَعَبْدُ رَبِّهِ عَنْهَا قَالَ فَاِنْ كَانَ هٰذَا الْاَمْرُ يُؤْخَذُ مِنْ جِهَةِ كَثْرَةِ الرُّوَاةِ فَاِنَّ مَنْ رَوٰى حَدِيْثَ عَمْرَةَ عَنْهَا بِخِلَافِ مَا رَوَاهُ عَنْهَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَكْثَرُ عَدَدًا وَاِنْ كَانَ يُؤْخَذُ مِنْ جِهَةِ الْاِتْقَانِ فِي الرُّوَاةِ وَالْحِفْظِ فَاِنَّ لِمَنْ رَوٰى حَدِيْثَ عَمْرَةَ عَنْهَا مِنْ يَحْيٰى وَعَبْدِ رَبِّهِ مِنَ الْاِتْقَانِ فِي الرِّوَايَةِ وَالضَّبْطِ لَهَا مَا لَيْسَ لِاَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ۔

اس سلسلے میں حضرت زریق بن حکیم نے بھی ان کی مخالفت کی ہے انہوں نے حضرت عمرہ سے اس کی مثل روایت کیا جو حضرت عبداللہ بن ابو بکر، یحییٰ، اور عبد ربہ نے ان (حضرت عمرہ) سے روایت کیا (امام طحاوی) فرماتے ہیں اگر یہ حکم روایات کی کثرت کے اعتبار سے اختیار کیا جائے تو حضرت عمرہ کی حدیث جن حضرات نے حضرت ابو بکر بن محمد کی روایت کے خلاف روایت کی ہے ان کی تعداد زیادہ ہے اور اگر راویوں کے حفظ و اعتماد کا اعتبار کیا جائے تو حضرت یحییٰ اور عبد ربہ وغیرہ جنہوں نے حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا کی حدیث روایت کی ہے انہیں حفظ و اعتماد میں وہ مقام حاصل ہے جو حضرت ابو بکر بن محمد کو حاصل نہیں ہے۔

فَاِنْ قَالُوْا قَدْ رَوَاهُ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَغَيْرُهُ عَنْ عَمْرَةَ مِثْلَ مَا رَوَاهُ عَنْهَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدٍ۔

اگر وہ کہیں کہ حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن وغیرہ نے حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا سے حضرت ابو بکر بن محمد کی روایت کی مثل روایت کیا ہے۔

۷۰۳۔ فَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ

اور وہ اس سلسلے میں یوں ذکر کریں حضرت جعفر بن ربیعہ حضرت علاء بن اسود بن حارثہ، ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن اور کثیر بن جنیش سے روایت کرتے ہیں کہ ہاتھ کاٹنے کے سلسلے میں ان کا اختلاف ہوا

عَنِ الْعَلَاءِ ... عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَمَّارٍ ... اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَكَثِيْرَ بْنَ خُنَيْسٍ اَنَّهُمْ تَنَازَعُوْا فِي الْقَطْعِ فَدَخَلُوْا عَلٰى عَمْرَةَ يَسْأَلُوْنَهَا فَقَالَتْ قَالَتْ عَائِشَةُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَطْعَ اِلَّا فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ.

تو وہ حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے کہ ان سے پوچھیں، انہوں نے فرمایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دینار کے چوتھے (حصہ یا زائد) میں ہاتھ کاٹنا ہے۔

قِيْلَ لَهُمْ اَمَّا اَبُوْ سَلَمَةَ فَلَا نَعْلَمُهُ يَحْفَظُ عَنْ رَبِيْعَةَ هٰذَا سَمَاعًا وَلَا نَعْلَمُ لَهُ اَصْلًا فَكَيْفَ يَجُوْزُ لَكُمْ اَنْ تَحْتَجُّوْا بِمِثْلِ هٰذَا عَلٰى مُخَالِفِكُمْ وَتُعَارِضُوْا بِهِ مَا قَدْ رَوَاهُ عَنْ عَمْرَةَ مَنْ قَدْ ذَكَرْنَا.

ان حضرات کو کہا جائے گا کہ ہمیں علم نہیں کہ ابو سلمہ نے ربیعہ سے سماعت کی ہو اور نہ ہی اس کی کوئی اصل ہے تو تمہارے لیے یہ کیسے جائز ہے کہ تم اپنے مخالف کے خلاف اس قسم کی روایت سے استدلال کرو اور اس کے ساتھ ان حضرات کی روایت کا مقابلہ کرو جو انہوں نے حضرت عمرہ سے روایت کی ہے جن کا ہم نے ذکر کیا۔

وَاِنِ احْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا بِحَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ قَالَ ثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ قَالَ ثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَتْنِيْ عَمْرَةُ اَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُقْطَعُ السَّارِقُ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا.

اور اگر وہ اس سلسلے میں حدیث زہری سے استدلال کریں حضرت سفیان حضرت زہری سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمرہ نے خبر دی انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دینار کے چوتھائی یا اس سے زیادہ (کی چوری) پر ہاتھ کاٹا جائے۔

٥٠٠٥۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَرَقَ رُبُعَ دِيْنَارٍ قُطِعَ.

حجاج بن منہال، حضرت سفیان سے وہ زہری سے وہ حضرت عمرہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب چوتھائی دینار کی چوری کرے تو اس کا ہاتھ کاٹا جائے۔

٥٠٠٦۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُقْطَعُ الْيَدُ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا.

حضرت ابراہیم بن سعد حضرت زہری سے وہ حضرت عمرہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں وہ فرماتی ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دینار کے چوتھے حصے یا زیادہ پر ہاتھ کاٹا جائے۔

قِيْلَ لَهُمْ قَدْ رَوَيْنَا هٰذَا الْحَدِيْثَ

انہیں (جواباً) کہا جائے گا کہ ہم نے یہ حدیث

عَنِ الزُّهْرِيِّ فِي هٰذَا الْبَابِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَلٰى غَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ مِمَّا مَعْنَاهُ خِلَافُ هٰذَا الْمَعْنٰى وَهُوَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْطَعُ فِي رُبُعِ الدِّيْنَارِ فَصَاعِدًا۔

فَلَمَّا اضْطَرَبَ حَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا وَاخْتُلِفَ عَنْ غَيْرِهِ عُمْرَةَ عَلٰى مَا وَصَفْنَا ارْتَفَعَ ذٰلِكَ كُلُّهُ فَلَمْ يَجِبِ الْحُجَّةُ بِشَيْءٍ مِّنْهُ اِذَا كَانَ بَعْضُهُ يَنْفِيْ بَعْضًا وَرَجَعْنَا اِلٰى اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ فِيْ كِتَابِهٖ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ فَاَجْمَعُوْا اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَعْنِ بِذٰلِكَ كُلَّ سَارِقٍ وَاَنَّهٗ اِنَّمَا عَنٰى بِهٖ خَاصًّا مِّنَ السُّرَّاقِ الْمِقْدَارِ مِنَ الْمَالِ مَعْلُوْمٌ فَلَا يَدْخُلُ فِيْمَا قَدْ اَجْمَعُوْا عَلَيْهِ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى عَنٰى بِهٖ خَاصًّا اِلَّا مَا قَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى عَنَاهُ وَقَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ عَنٰى سَارِقَ الْعَشَرَةِ الدَّرَاهِمِ وَاخْتَلَفُوْا فِيْ سَارِقِ مَا هُوَ دُوْنَهَا فَقَالَ قَوْمٌ هُوَ مِمَّنْ عَنَى اللّٰهُ تَعَالٰى وَقَالَ قَوْمٌ لَيْسَ هُوَ مِنْهُمْ فَلَمْ يَجُزْ لَنَا لَمَّا اخْتَلَفُوْا فِيْ ذٰلِكَ اَنْ نَّشْهَدَ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَنَّهٗ عَنٰى مَا لَمْ يَجْمَعُوْا اَنَّهٗ عَنَاهُ وَجَازَ لَنَا اَنْ نَّشْهَدَ فِيْمَا اَجْمَعُوْا اَنَّ اللّٰهَ عَنَاهُ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنَّهٗ عَنَاهُ فَجَعَلْنَا سَارِقَ الْعَشَرَةِ الدَّرَاهِمِ فَمَا فَوْقَهَا دَاخِلًا فِي الْاٰيَةِ فَقَطَعْنَاهُ بِهَا وَجَعَلْنَا سَارِقَ مَا دُوْنَ الْعَشَرَةِ خَارِجًا مِّنَ الْاٰيَةِ فَلَمْ نَقْطَعْهُ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَ

اسی باب میں بواسطہ ابن عیینہ، حضرت ابن زہری سے لفظاً اور معناً اس کے خلاف روایت کی ہے وہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دینار کی چوتھائی اور اس سے زائد (کی چوری) پر ہاتھ کاٹتے تھے۔

تو جب حضرت زہری کی روایت میں اضطراب ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا اور دوسرے حضرات نے حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا سے اس کے خلاف روایت کیا جیسا کہ ہم نے بیان کیا تو یہ تمام بحث ختم ہوگئی اور ان روایات میں سے کسی کے ساتھ بھی استدلال لازم نہ ہوا کیونکہ بعض، بعض کی نفی کرتی ہیں اور ہم نے قرآن پاک میں ارشاد خداوندی کی طرف رجوع کیا وہ یہ ہے "چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کے ہاتھ کاٹو یہ ان کے عمل کا بدلہ ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے سزا ہے" اس بات پر سب کا اجماع ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کا چور مراد نہیں لیا بلکہ ایک خاص معلوم مقدار کی چوری کرنے والے لوگ مراد ہیں لہٰذا ان کے اس اجماع میں کہ یہاں خاص چور مراد ہیں یہی لوگ داخل ہوں گے جن پر اجماع ہے اور اس بات پر بھی ان کا اجماع ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دس درہم کی چوری کرنے والا مراد لیا ہے اس سے کم قیمت کا مال چوری کرنے والے کے بارے میں ان کا اختلاف ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ ان لوگوں میں شامل ہے جو اللہ تعالیٰ نے مراد لئے ہیں اور دوسرے حضرات فرماتے ہیں وہ ان میں شامل نہیں تو جب اس میں ان کا اختلاف ہے تو ہمارے لیے جائز نہیں کہ بغیر اجماع فقہاء کے ہم انہیں اللہ تعالیٰ کی مراد میں شامل کرنے کی گواہی دیں اور یہ بات جائز ہے کہ جس پر ان کا اجماع ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مراد ہیں، ان کے مراد خداوندی ہونے پر ہم گواہی دیں پس ہم نے دس درہم اور اس سے زائد (قیمت کا) مال چوری کرنے والے کو آیت میں شامل کیا اور اس پر ہاتھ کاٹنے کا حکم لگایا اور دس درہم سے کم مال کے چور کو آیت سے خارج کرتے ہوئے اس کا ہاتھ نہیں کاٹیں گے یہ حضرت

مُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۔
وَقَدْ رُوِيَ ذٰلِكَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّعَطَاءٍ وَّعَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ۔

۷۰۷۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَا يُقْطَعُ الْيَدُ اِلَّا فِي الدِّيْنَارِ اَوْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ ۔

۷۰۸۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ كَانَ قَوْلُ عَطَاءٍ عَلٰى قَوْلِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ لَا يُقْطَعُ الْيَدُ فِيْ اَقَلَّ مِنْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

بَابُ (۲۱) الْاِقْرَارِ بِالسَّرِقَةِ الَّتِيْ تُوْجِبُ الْقَطْعَ

۷۰۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَوْنٍ مَوْلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ قَالَ ثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِيَ بِسَارِقٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنَّ هٰذَا سَرَقَ فَقَالَ مَا اِخَالُهُ سَرَقَ فَقَالَ السَّارِقُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اذْهَبُوْا بِهِ فَاقْطَعُوْهُ ثُمَّ احْسِمُوْهُ ثُمَّ ائْتُوْنِيْ بِهِ فَقُطِعَ ثُمَّ حُسِمَ ثُمَّ اُتِيَ بِهِ فَقَالَ تُبْ اِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ تُبْتُ اِلَى اللهِ فَقَالَ تَابَ اللهُ عَلَيْكَ ۔

۷۱۰۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ

امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

یہی بات ابن مسعود، حضرت عطاء اور حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے۔

حضرت قاسم بن عبد الرحمن سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایک دینار یا دس درہم (کی چوری) پر ہی ہاتھ کاٹا جائے۔

حضرت ابن جریج فرماتے ہیں حضرت عطاء کا قول بھی حضرت عمرو بن شعیب کے قول کی طرح ہے کہ دس درہموں سے کم (مال کی چوری) پر ہاتھ نہ کاٹا جائے اور تمام تعریفیں، تمام جہانوں کے پالنہار کے لیے ہیں۔

چوری کا اقرار جس سے ہاتھ کاٹنا واجب ہوتا ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چور لایا گیا صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس نے چوری کی ہے آپ نے فرمایا "میں اسے چوری کرنے والا گمان نہیں کرتا" چور نے کہا ہاں کیوں نہیں یا رسول اللہ! میں نے چوری کی ہے آپ نے فرمایا اسے لے جاؤ اس کا ہاتھ کاٹو پھر اسے کھولتے ہوئے تیل میں داغو اس کے بعد میرے پاس لاؤ[1] حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اسے لے جایا گیا ہاتھ کاٹنے اور داغنے کے بعد پھر اسے لایا گیا تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرو اس نے کہا میں نے بارگاہ خداوندی میں توبہ کی، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہاری توبہ قبول فرمائی۔

حضرت محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان رضی اللہ عنہ

---

[1] ہاتھ کاٹنے کے بعد کھولتے ہوئے تیل میں اس کو داغنے سے خون بند ہو جاتا ہے۔

ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَۃَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَۃَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ۔

۷۱۱۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَۃَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ ۔

۷۱۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ يُحَدِّثُ اَنَّ يَزِيْدَ بْنَ خُصَيْفَۃَ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ ثَوْبَانَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ۔

۷۱۳۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَۃَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَعْلَبَۃَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عَمْرَو بْنَ سَمُرَۃَ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ سَرَقْتُ جَمَلًا لِبَنِيْ فُلَانٍ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّا فَقَدْنَا جَمَلًا لَنَا فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُطِعَتْ يَدُهٗ قَالَ ثَعْلَبَۃُ اَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهِ حِيْنَ قُطِعَتْ يَدُهٗ وَهُوَ يَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ طَهَّرَنِيْ مِنْكِ اَرَدْتِ اَنْ تُدْخِلِيْ جَسَدِيَ النَّارَ ۔

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت سفیان، حضرت یزید بن خصیفہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت ابن جریج بیان کرتے ہیں کہ یزید بن خصیفہ نے انہیں بتایا انہوں نے محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان سے سنا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ثعلبہ انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمرو بن سمرہ بن حبیب بن عبدشمس نے بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے بنو فلاں کا اونٹ چوری کیا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بلا بھیجا انہوں نے عرض کیا ہمارا اونٹ گم ہو گیا ہے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اس کا ہاتھ کاٹا گیا حضرت ثعلبہ فرماتے ہیں میں اس شخص کو دیکھ رہا ہوں جب اس کا ہاتھ کاٹا گیا تو وہ کہہ رہا تھا اللہ تعالیٰ کے لیے تمام تعریفیں ہیں جس نے میرے جسم کو جہنم میں داخل ہونے سے پاک کر دیا (بچا لیا)

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

الرَّجُلَ اِذَا اَقَرَّ بِالسَّرِقَةِ مَرَّةً وَّاحِدَةً قُطِعَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَمِمَّنْ ذَهَبَ اِلٰى ذٰلِكَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ.

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ وَ مِنْهُمْ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقَالُوْا لَا تُقْطَعُ حَتّٰى يُقِرَّ مَرَّتَيْنِ.

۴۱۷- **وَاحْتَجُّوْا** فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ الزُّبَيْرِيُّ قَالَا ثَنَا حَمَّادُ ابْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اِسْحٰقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِي الْمُنْذِرِ مَوْلٰى اَبِيْ ذَرٍّ عَنْ اَبِيْ اُمَيَّةَ الْمَخْزُوْمِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلِصٍّ اِعْتَرَفَ اِعْتِرَافًا وَّلَمْ يُوْجَدْ مَعَهُ الْمَتَاعُ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اِخَالُكَ سَرَقْتَ قَالَ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا قَالَ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَمَرَ بِهٖ فَقُطِعَ ثُمَّ جِيْءَ بِهٖ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ.

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْطَعْهُ بِاِقْرَارِهٖ مَرَّةً وَّاحِدَةً حَتّٰى اَقَرَّ ثَانِيَةً فَهٰذَا اَوْلٰى مِنْ حَدِيْثِ الْاَوَّلِ لِاَنَّ فِيْهِ زِيَادَةً عَلٰى مَا فِي الْاَوَّلِ.

ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص چوری کرنے کا ایک بار اقرار کرے تو اس کا ہاتھ کاٹا جائے انہوں نے اس سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) روایت سے استدلال کیا ہے حضرت امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ بھی اسی مسلک والوں میں شامل ہیں

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کی ہے حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ بھی ان میں شامل ہیں وہ فرماتے جب تک دوبار اقرار نہ کرے اس کا ہاتھ نہ کاٹا جائے۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا حضرت ابو۔ مخزومی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور لایا گیا جس نے (چوری کا) اعتراف کیا لیکن اس کے پاس سامان نہ پایا گیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا میں خیال نہیں کرتا کہ تم نے چوری کی ہو اس نے عرض کیا ہاں کیوں نہیں یا رسول اللہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو یا تین بار اس پر یہی بات لوٹائی اس نے عرض کیا ہاں کیوں نہیں یا رسول اللہ (میں نے چوری کی ہے) تو آپ کے حکم سے اس کا ہاتھ کاٹا گیا پھر اسے لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا، کہو "میں اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور اس کی طرف توبہ کرتا ہوں" اس نے کہا "میں اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگتا اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں پھر آپ نے (بارگاہ خداوندی میں) عرض کیا اے اللہ! اس کی توبہ قبول فرما۔

تو اس حدیث میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ایک بار اقرار کرنے پر ہاتھ نہیں کاٹا حتیٰ کہ اس نے دوبارہ اقرار کیا پس یہ حدیث پہلی حدیث سے اولیٰ ہے کیونکہ اس میں پہلی کی نسبت اضافہ ہے۔

وَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ تَكُوْنَ اَحَدُهُمَا قَدْ نَسَخَ الْاٰخَرَ فَلَمَّا احْتَمَلَ ذٰلِكَ رَجَعْنَا اِلَى النَّظَرِ فَوَجَدْنَا السُّنَّةَ قَدْ قَامَتْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُقِرِّ بِالزِّنَاءِ اَنَّهٗ رَدَّهٗ اَرْبَعًا وَاَنَّهٗ لَمْ يَرْجُمْهُ بِاِقْرَارِهٖ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَّاَخْرَجَ ذٰلِكَ مِنْ حُكْمِ الْاِقْرَارِ بِحُقُوْقِ الْاٰدَمِيِّيْنَ الَّتِيْ يُقْبَلُ فِيْهَا الْاِقْرَارُ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَرَدَّ حُكْمَ الْاِقْرَارِ بِذٰلِكَ اِلٰى حُكْمِ الشَّهَادَةِ عَلَيْهِ فَكَمَا كَانَتِ الشَّهَادَةُ عَلَيْهِ غَيْرَ مَقْبُوْلَةٍ اِلَّا مِنْ اَرْبَعَةٍ فَكَذٰلِكَ جَعَلَ الْاِقْرَارَ بِهٖ لَا يُوْجِبُ الْحَدَّ اِلَّا بِاِقْرَارِهٖ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ حُكْمَ الْاِقْرَارِ بِالسَّرِقَةِ اَيْضًا لِذٰلِكَ يُرَدُّ اِلٰى حُكْمِ الشَّهَادَةِ عَلَيْهَا فَكَمَا كَانَتِ الشَّهَادَةُ عَلَيْهِ لَا يَجُوْزُ اِلَّا مِنَ اثْنَيْنِ فَكَذٰلِكَ الْاِقْرَارُ بِهَا لَا يُقْبَلُ اِلَّا مَرَّتَيْنِ۔

وَقَدْ رَاَيْنَاهُمْ جَمِيْعًا لَمَّا رَوَوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْمُقِرِّ بِالزِّنَاءِ لَمَّا هَرَبَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا خَلَّيْتُمْ سَبِيْلَهٗ۔

فَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَهُمْ عَلٰى اَنَّ رُجُوْعَهٗ مَقْبُوْلٌ وَّاسْتَعْمَلُوْا ذٰلِكَ فِيْ سَائِرِ حُدُوْدِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَجَعَلُوْا مَنْ اَقَرَّ بِهَا ثُمَّ رَجَعَ قَبْلَ رُجُوْعِهٖ وَلَمْ يَخُصُّوا الزِّنَاءَ بِذٰلِكَ دُوْنَ سَائِرِ حُدُوْدِ اللّٰهِ فَكَذٰلِكَ لَمَّا جُعِلَ الْاِقْرَارُ فِي الزِّنَاءِ لَا يُقْبَلُ اِلَّا بِعَدَدِ مَا يُقْبَلُ عَلَيْهِ مِنَ الْبَيِّنَةِ

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان میں سے ایک نے دوسری کو منسوخ کیا ہو جب اس بات کا احتمال ہے تو ہم نے قیاس کی طرف رجوع کیا تو ہم نے زنا کا اقرار کرنے والے کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو یوں پایا کہ آپ نے اسے چار بار واپس کیا اور ایک بار اقرار کرنے پر اسے رجم نہیں فرمایا اور اسے (ان) انسانی حقوق سے جن میں ایک بار کا اقرار مقبول ہوتا ہے خارج کر دیا اور اس اقرار کے حکم کو گواہی کے حکم کی طرف لوٹا دیا تو جس طرح اس کے خلاف چار سے کم گواہوں کی گواہی مقبول نہیں زنا کے اقرار کو بھی اسی طرح قرار دیا گیا کہ جب تک چار بار اقرار نہ ہو حد واجب نہ ہو گی تو اس سے ثابت ہوا کہ چوری کے اقرار کو بھی اس کی گواہی کی طرف لوٹایا جائے گا تو جس طرح اس کے خلاف دو سے کم کی گواہی قبول نہیں اسی طرح اقرار بھی دو بار ہو گا تب قبول کیا جائے گا۔

اور ہم دیکھتے ہیں کہ ان سب راویوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زنا کا اقرار کرنے والے کے بارے میں روایت کیا کہ جب وہ بھاگ کھڑا ہوا تو آپ نے فرمایا تم نے اس کا راستہ چھوڑ کیوں نہ دیا۔

تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے نزدیک اس کا رجوع مقبول ہے اور انہوں نے تمام حدود میں اس بات پر عمل کیا نیز انہوں نے بتایا کہ جو شخص اقرار کر کے رجوع کرے تو اس کا رجوع قبول کیا جائے گا انہوں نے اس بات کو باقی حدود کو چھوڑ کر صرف زنا کے ساتھ خاص نہیں کیا تو اسی طرح جب زنا کے اقرار میں وہی تعداد معتبر ہے جو گواہی کے لیے قبول کی جاتی ہے تو تمام

أَنَّهُ لَا يُقْبَلُ الْإِقْرَارُ بِسَائِرِ حُدُودِ اللهِ الْأَبِعَدَدِ مَا يُقْبَلُ عَلَيْهَا مِنَ الْبَيِّنَةِ ۔

فَادْخَلَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللهُ فِي هٰذَا عَلٰى أَبِي يُوسُفَ رَحِمَهُ اللهُ فَقَالَ لَوْ كَانَ لَا يُقْطَعُ فِي السَّرِقَةِ حَتّٰى يُقِرَّ بِهَا سَارِقُهَا مَرَّتَيْنِ لَكَانَ إِذَا أَقَرَّ أَوَّلَ مَرَّةٍ صَارَ مَا أَقَرَّ بِهٖ عَلَيْهِ دَيْنًا وَلَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ الْقَطْعُ بَعْدَ ذٰلِكَ إِذَا كَانَ السَّارِقُ لَا يُقْطَعُ فِيمَا قَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ بِأَخْذِهٖ إِيَّاهُ دَيْنًا ۔

فَكَانَ مِنْ حُجَّتِنَا لِأَبِي يُوسُفَ رَحِمَهُ اللهُ عَلَيْهِ فِي ذٰلِكَ أَنَّهُ لَوْ لَزِمَ ذٰلِكَ أَبَا يُوسُفَ فِي السَّرِقَةِ لَلَزِمَ مُحَمَّدًا مِثْلُهُ فِي الزِّنَاءِ أَيْضًا إِذَا كَانَ الزَّانِي فِي قَوْلِهِمْ لَا يُحَدُّ فِيمَا قَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ فِيهِ مَهْرٌ كَمَا لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ فِيمَا قَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ دَيْنًا فَلَوْ كَانَتْ هٰذِهِ الْعِلَّةُ الَّتِي احْتَجَّ بِهَا مُحَمَّدُ ابْنُ الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللهُ عَلٰى أَبِي يُوسُفَ يَجِبُ بِهَا فَسَادُ قَوْلِ أَبِي يُوسُفَ رَحِمَهُ اللهُ فِي الْإِقْرَارِ بِالسَّرِقَةِ لَلَزِمَ مُحَمَّدًا مِثْلُ ذٰلِكَ فِي الْإِقْرَارِ بِالزِّنَاءِ وَذٰلِكَ أَنَّهُ لَمَّا أَقَرَّ بِالزِّنَاءِ مَرَّةً لَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ حَدٌّ وَقَدْ أَقَرَّ بِوَطْيٍ لَا يُحَدُّ فِيهِ بِذٰلِكَ الْإِقْرَارِ

فَوَجَبَ عَلَيْهِ مَهْرٌ فَلَا يَنْبَغِي أَنْ يُحَدَّ فِي وَطْيٍ قَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ فِيهِ مَهْرٌ فَإِذَا كَانَ مُحَمَّدٌ رَحِمَهُ اللهُ لَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ بِذٰلِكَ حُجَّةٌ فِي الْإِقْرَارِ بِالزِّنَاءِ فَكَذٰلِكَ أَبُو يُوسُفَ رَحِمَهُ اللهُ لَا يَجِبُ عَلَيْهِ بِذٰلِكَ حُجَّةٌ فِي الْإِقْرَارِ بِالسَّرِقَةِ ۔

حدود میں اسی طرح اتنی بار کا اقرار مقبول ہوگا جتنی گواہی ضروری ہے ۔

اس سلسلے میں حضرت امام محمد رحمہ اللہ نے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ پر اعتراض کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر چور کا ہاتھ اس وقت تک نہ کاٹا جائے جب تک وہ دو بار اقرار نہ کرے تو جب وہ پہلی بار اقرار کرے گا تو یہ مال اس پر قرض ہو جائے گا اور اس کے بعد اس کا ہاتھ کاٹنا جائز نہ ہوگا کیونکہ جو چیز اس کے لینے سے اس پر قرض ہو گئی اس پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا ۔

اس سلسلے میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے حق میں ہماری دلیل یہ ہے کہ اگر یہ بات چوری کے سلسلے میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ پر لازم آتی ہے تو زنا کے سلسلے میں اسی قسم کی بات حضرت امام محمد رحمہ اللہ پر بھی لازم آئے گی کیونکہ جب زانی پر مہر لازم ہوگا تو اس صورت میں بالاتفاق حد واجب نہ ہوگی جس طرح چوری کے قرض ہو جانے کی صورت میں اس کا ہاتھ کاٹا نہیں جاتا پس اگر اس علت کی وجہ سے جس سے حضرت امام محمد رحمہ اللہ نے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے خلاف استدلال کیا ہے چوری کے اقرار کے سلسلے میں امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول کا فساد لازم آتا ہے تو زنا کے اقرار کے سلسلے میں امام محمد رحمہ اللہ پر بھی یہی بات لازم ہوگی کیونکہ جب اس نے ایک بار زنا کا اقرار کیا تو حد واجب نہ ہوگی اور وہ ایسی وطی کا اقرار کر چکا ہے جس کی وجہ سے حد واجب نہیں ہوتی پس اس پر مہر لازم ہوگا اب جس وطی سے مہر واجب ہو گیا اس کی وجہ سے حد واجب نہ ہوگی تو جس طرح زنا کے اقرار کی صورت میں یہ بات (ایک بار اقرار سے حد کا ساقط ہونا) امام محمد کے خلاف حجت نہیں تو چوری کے اقرار کے سلسلہ میں یہ بات امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے خلاف بھی حجت نہیں ہوگی ۔

وَقَدْ رَدَّ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِيْ اَقَرَّ عِنْدَهٗ بِالسَّرِقَةِ مَرَّتَيْنِ۔

۷۱۵- حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرِ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ رَجُلًا اَقَرَّ عِنْدَهٗ بِسَرِقَةٍ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ قَدْ شَهِدْتَّ عَلٰى نَفْسِكَ شَهَادَتَيْنِ قَالَ فَاَمَرَ بِهٖ فَقُطِعَ وَعُلِّقَهَا فِيْ عُنُقِهٖ اَفَلَا تَرٰى اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ رَدَّ حُكْمَ الْاِقْرَارِ بِالسَّرِقَةِ اِلٰى حُكْمِ الشَّهَادَةِ عَلَيْهَا فِيْ عَدَدِ الشُّهُوْدِ فَكَذٰلِكَ الْاِقْرَارُ بِحُدُوْدِ اللّٰهِ كُلِّهَا لَا يُقْبَلُ فِيْ ذٰلِكَ اِلَّا بِعَدَدِ مَا يُقْبَلُ مِنَ الشُّهُوْدِ عَلَيْهَا۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اس شخص کو جس نے آپ کے پاس چوری کا اقرار کیا دو بار لوٹا دیا (یعنی دوبار اقرار کرایا)

حضرت قاسم بن عبدالرحمن اپنے والد سے اور وہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ کے پاس ایک شخص نے چوری کا دو بار اقرار کیا تو آپ نے فرمایا تم نے اپنے نفس کے خلاف دو بار گواہی دی ہے راوی فرماتے ہیں پھر آپ کے حکم سے اس کا ہاتھ کاٹا گیا اور اسے اس کی گردن میں لٹکا دیا گیا تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے چوری کے اقرار کے سلسلے میں گنتی کا حکم گواہی کے حکم کی طرف لوٹا دیا اللہ تعالیٰ کی تمام حدود میں اسی طرح ہو گا اور اتنی بار کا اقرار ہی قبول ہو گا جتنے لوگوں کی گواہی قبول کی جاتی ہے۔

بَابُ ۲۱۱ الرَّجُلِ يَسْتَعِيْرُ الْحُلِيَّ فَلَا يَرُدُّهٗ هَلْ عَلَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ قَطْعٌ اَمْ لَا

ادھار لئے ہوئے زیورات واپس نہ کرنے پر ہاتھ کاٹا جائے گا یا نہیں

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ رُوِيَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تَسْتَعِيْرُ الْحُلِيَّ وَلَا تَرُدُّهٗ قَالَ فَاُتِيَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُطِعَتْ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت معمر سے مروی ہے وہ حضرت زہری سے وہ حضرت عروہ سے اور وہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت زیورات ادھار کے طور پر لیتی اور پھر واپس نہ کرتی اسے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔

۷۱۶- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ رِجَالٍ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ اِمْرَاَةٌ مَخْزُوْمِيَّةٌ تَسْتَعِيْرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهٗ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت عروہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں فرماتی ہیں ایک مخزومیہ عورت بطور ادھار سامان لیتی اور اس کا انکار کر دیتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا اس کے گھر والے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے اسفارش کے لیے گفتگو حضرت

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا فَأَتَى أَهْلُهَا أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَكَلَّمُوهُ فَكَلَّمَ أُسَامَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أُسَامَةُ أَلَا أَرَاكَ تُكَلِّمُنِي فِي حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا فَقَالَ إِنَّمَا أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُ إِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ وَإِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ قَطَعُوهُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ كَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ لَقَطَعْتُ يَدَهَا فَقَطَعَ يَدَ الْمَخْزُومِيَّةِ۔

اسامہ رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بات کی تو آپ نے فرمایا اے اسامہ! کیا میں نہیں دیکھتا کہ تم اللہ تعالیٰ کی حدود میں سے ایک حد کے بارے میں سفارش کر رہے ہو پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ تم سے پہلے لوگوں کو اس بات نے ہلاک کیا کہ جب ان میں سے کوئی معزز شخص چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے اور جب کوئی کمزور آدمی چوری کرتا تو اس کا ہاتھ کاٹتے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر فاطمہ بنت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ عنہا) بھی چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا تو آپ نے مخزومیہ عورت کا ہاتھ کاٹ دیا۔

تَحْقِيقُ مَسْئَلَةٍ

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّ مَنِ اسْتَعَارَ شَيْئًا فَجَحَدَهُ وَجَبَ أَنْ تُقْطَعَ فِيهِ وَكَانَ عِنْدَهُمْ بِذٰلِكَ فِي مَعْنَى السَّارِقِ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا لَا يُقْطَعُ وَيُضَمَّنُ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ أَنَّ هٰذَا الْحَدِيثَ قَدْ رَوَاهُ مَعْمَرٌ كَمَا ذَكَرُوا وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُهُ فَزَادَ فِيهِ أَنَّ تِلْكَ الْمَرْأَةَ الَّتِي كَانَتْ تَسْتَعِيرُ الْحُلِيَّ فَلَا تَرُدُّهُ سَرَقَتْ فَقَطَعَهَا فِيهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَرِقَتِهَا۔

۷۱۔ فَمِمَّا رُوِيَ فِي ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُرْوَةَ ابْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ امْرَأَةً سَرَقَتْ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تحقیق مسئلہ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جو شخص کوئی چیز ادھار کے طور پر لے پھر اس کا انکار کر دے تو اس کا ہاتھ کاٹنا واجب ہے اور ان کے نزدیک یہ چور کے معنی میں ہے انہوں نے اس سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا ہاتھ نہ کاٹا جائے البتہ اس کا تاوان لیا جائے۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ اس حدیث کو حضرت معمر نے روایت کیا جیسا کہ انہوں نے ذکر کیا لیکن ان کے علاوہ کچھ دوسرے حضرات نے بھی اضافہ کے ساتھ روایت کیا کہ جو عورت زیورات ادھار لے کر واپس نہیں دیتی تھی اس نے چوری کی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے چوری کرنے کی وجہ سے ہاتھ کاٹا۔

اس سلسلے یوں مروی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں عہد رسالت میں فتح مکہ کے زمانے میں ایک عورت نے چوری کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے اس سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ

زَمَنَ الْفَتْحِ فَأُمِرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُقْطَعَ فَكَلَّمَهُ فِيْهَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَقَالَ لَهُ أُسَامَةُ اِسْتَغْفِرْلِي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ الْعَشِيُّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّمَا أَهْلَكَ النَّاسَ مَنْ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَإِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا ثُمَّ أَمَرَ بِتِلْكَ الْمَرْأَةِ الَّتِيْ سَرَقَتْ فَقُطِعَتْ يَدُهَا۔

وسلم سے بات چیت کی تو آپ کے چہرۂ انور کا رنگ متغیر ہوگیا اور فرمایا کیا تم اللہ تعالیٰ کی حدود میں سے کسی حد کے بارے میں سفارش کرتے ہو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے لئے بخشش طلب کیجئے جب شام کا وقت ہوا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی جیسا کہ اس کے لائق ہے پھر فرمایا امابعد! تم سے پہلے لوگوں کو اس بات نے ہلاک کیا کہ جب ان میں سے کوئی معزز شخص چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے اور جب کوئی کمزور چوری کرتا تو اس پر حد قائم کرتے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر حضرت فاطمہ بنت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ عنہا) بھی چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا پھر اس چوری کرنے والی عورت کے بارے میں حکم دیا تو اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔

۷۱۸- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِيْ سَرَقَتْ فَقَالُوْا مَنْ يَجْتَرِئُ يُكَلِّمُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا مَنْ يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَ مَعْنَاهُ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں کہ قریش کو ایک چوری کرنے والی مخزومیہ عورت کے معاملے نے پریشان کیا تو انہوں نے (ایک دوسرے سے) کہا کہ اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بات کرنے کی کسے جرأت ہو سکتی ہے تو (بعض نے جواباً) کہا کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ کون شخص اس بات کی جرأت کر سکتا ہے؟ پھر انہوں نے (راوی نے) اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔

فَثَبَتَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ أَنَّ الْقَطْعَ كَانَ بِخِلَافِ الْمُسْتَعَارِ الْمَجْحُوْدِ۔

تو اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اس چیز پر ہاتھ نہیں کاٹا گیا جو بطور ادھار لی گئی اور پھر اس کا انکار کر دیا گیا۔

۷۱۹- وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَدْفَعُ الْقَطْعَ فِي الْخِيَانَةِ مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

خیانت کی صورت میں ہاتھ نہ کاٹنے کے بارے میں بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے، حضرت ابوالزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خیانت کرنے والے مال اُچکنے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الْخَائِنِ وَلَا عَلَى الْمُخْتَلِسِ وَلَا عَلَى الْمُنْتَهِبِ قَطْعٌ۔

والے اور لوٹنے والے کا ہاتھ نہ کاٹا جائے۔

۷۲۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْبَلْخِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت مکی بن ابراہیم بلخی فرماتے ہیں ہم سے ابن جریج نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۷۲۱۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ رِجَالٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَالِمٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ قَالَ ثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت مغیرہ بن مسلم، حضرت ابو الزبیر سے وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

فَلَمَّا كَانَ الْخَائِنُ لَا قَطْعَ عَلَيْهِ وَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ السَّارِقِ وَأَحْكَمَتِ السُّنَّةُ أَمْرَ السَّارِقِ الَّذِيْ يَجِبُ عَلَيْهِ الْقَطْعُ أَنَّهُ الَّذِيْ سَرَقَ مِقْدَارًا مِّنَ الْمَالِ مَعْلُوْمًا مِّنْ حِرْزٍ وَكَانَ الْمُسْتَعِيْرُ أَخَذَ الْمَالَ الْمُسْتَعَارَ مِنْ غَيْرِ حِرْزٍ ثَبَتَ أَنَّهٗ لَا قَطْعَ عَلَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ لِعَدَمِ الْحِرْزِ وَهٰذَا الَّذِيْ ذَكَرْنَا مِمَّا صَحَّحْنَا عَلَيْهِ مَعَانِيَ هٰذِهِ الْآثَارِ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

تو جب خیانت کرنے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اور چور کے درمیان فرق کیا اور محکم سنت سے ثابت ہے کہ جس چور کا ہاتھ کاٹنا واجب ہے اس سے وہ چور مراد ہے جو مال کی ایک معلوم مقدار کسی کی حفاظت سے پوری کرے جبکہ ادھار لینے والے نے ادھار مال، محفوظ مقام سے حاصل نہیں کیا تو چونکہ وہ مال محفوظ نہ تھا لہٰذا اس پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا تو روایات کے معانی کی تصحیح کے سلسلے میں یہ جو کچھ ہم نے ذکر کیا یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مسلک ہے۔

بَابُ ۲۱۲ سَرِقَةِ الثَّمَرِ وَالْكَثَرِ

پھل اور شگوفہ کی چوری

۷۲۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ أَنَّ عَبْدًا سَرَقَ وَدِيًّا مِّنْ حَائِطِ رَجُلٍ فَغَرَسَهٗ فِيْ حَائِطِ سَيِّدِهٖ فَخَرَجَ صَاحِبُ الْوَدِيِّ يَلْتَمِسُ وَدِيَّهٗ فَوَجَدَهٗ فَاسْتَعْدٰى عَلٰى

حضرت محمد بن یحییٰ بن حبان فرماتے ہیں کہ ایک غلام نے کسی شخص کے باغ سے کھجور کی شاخ چوری کر کے اپنے مالک کے باغ میں گاڑ دی شاخ کا مالک اپنی شاخ تلاش کرتے ہوئے نکلا اور اس غلام کو پا لیا وہ اسے مروان بن حکم کے پاس لے گیا مروان نے غلام کو قید خانے میں ڈال دیا اور اس کا ہاتھ کاٹنے کا ارادہ کیا غلام کا مالک حضرت رافع بن خدیج کے پاس چلا گیا انہوں نے

الْعَبْدِ عِنْدَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فَسَجَنَ الْعَبْدَ وَأَرَادَ قَطْعَ يَدِهِ فَانْطَلَقَ سَيِّدُ الْعَبْدِ إِلَى رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ فَقَالَ الرَّجُلُ إِنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ أَخَذَ غُلَامِي وَهُوَ يُرِيدُ قَطْعَ يَدِهِ وَأَنَا أُحِبُّ أَنْ تَمْشِيَ مَعِيَ إِلَيْهِ فَتُخْبِرَهُ بِالَّذِي سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَشَى مَعَهُ رَافِعٌ حَتَّى أَتَى مَرْوَانَ فَقَالَ أَخَذْتَ عَبْدَ الْهٰذَا فَقَالَ نَعَمْ قَالَ مَا أَنْتَ صَانِعٌ بِهِ قَالَ أَرَدْتُ قَطْعَ يَدِهِ فَقَالَ لَهُ رَافِعٌ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ فَأَمَرَ مَرْوَانُ بِالْعَبْدِ فَأُرْسِلَ۔

بتایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھلوں اور شگوفوں (کی چوری) پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا اس شخص نے عرض کیا کہ مروان بن حکم نے میرے غلام کو پکڑ رکھا ہے اور وہ اس کا ہاتھ کاٹنا چاہتا ہے میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے ساتھ اس کے پاس جائیں اور جو کچھ آپ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے اسے بتائیں چنانچہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ اس کے ساتھ تشریف لے گئے مروان کے پاس پہنچے تو فرمایا تم نے اس کا غلام پکڑا ہوا ہے اس نے کہا "جی ہاں" فرمایا اس کے ساتھ کیا سلوک کرے گا؟ اس نے کہا میں اس کا ہاتھ کاٹنا چاہتا ہوں حضرت رافع نے فرمایا میں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے فرمایا پھلوں اور شگوفوں پر ہاتھ کاٹنا نہیں ہے چنانچہ مروان کے حکم پر غلام کو چھوڑ دیا گیا۔

۲۳۷- حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الشَّافِعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى ابْنِ حَبَّانَ عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ أَنَّ عَبْدًا سَرَقَ وَدِيًّا مِنْ حَائِطِ رَجُلٍ فَجَاءَ بِهِ فَغَرَسَهُ فِي مَكَانٍ آخَرَ فَأُتِيَ بِهِ مَرْوَانُ فَأَرَادَ أَنْ يَقْطَعَهُ فَشَهِدَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ۔

حضرت محمد بن یحییٰ بن حبان، اپنے چچا حضرت واسع بن حبان سے روایت کرتے ہیں کہ ایک غلام نے کسی شخص کے باغ سے شاخ چوری کر کے دوسری جگہ گاڑ دی وہ شخص (مالک) مروان کے پاس آیا مروان نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا ارادہ کیا تو حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے گواہی دی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھلوں اور شگوفوں میں ہاتھ کاٹنا نہیں ہے۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّهُ لَا يُقْطَعُ فِي شَيْءٍ مِنَ الثَّمَرِ وَلَا مِنَ الْكَثَرِ وَسَوَاءٌ عِنْدَهُمْ أُخِذَ مِنْ حَائِطِ صَاحِبِهِ أَوْ مَنْزِلِهِ بَعْدَ مَا قُطِعَ وَأُحْرِزَ فِيهِ وَقَالُوا لَا قَطْعَ أَيْضًا فِي جَرِيدِ النَّخْلِ وَلَا فِي خَشَبِهِ لِأَنَّ رَافِعًا لَمْ يَسْأَلْ عَنْ قِيمَةِ مَا كَانَ فِي الْوَدِيَّةِ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے کہ پھلوں اور شگوفوں کی چوری پر ہاتھ نہ کاٹا جائے چاہے وہ کسی کے باغ سے چوری کرے یا اس کے گھر سے جبکہ اس نے کاٹ کر گھر میں محفوظ کر لیا ہو وہ فرماتے ہیں کھجور کی شاخ اور لکڑی میں بھی ہاتھ کاٹنا نہیں ہے کیونکہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے نہ تو اس مسروقہ

الْمَسْرُوْقَةِ مِنَ الْجَرِيْدِ وَلَا عَنْ قِيْمَةِ جِذْعِهَا وَدَرَءَ الْقَطْعَ عَنِ السَّارِقِ فِيْ ذٰلِكَ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَطْعَ فِيْ كَثَرٍ وَّهُوَ الْجُمَّارُ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّهُ لَا قَطْعَ فِي الْجُمَّارِ وَلَا فِيْمَا يَكُوْنُ عِنْدَهُ مِنَ الْجَرِيْدِ وَالْخَشَبِ وَالثَّمَرِ وَمِمَّنْ قَالَ ذٰلِكَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

شاخ کی قیمت پوچھی اور نہ ہی تنے کی قیمت، اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کے سبب حد کو دور کر دیا کہ شگوفے کی چوری پر ہاتھ کاٹنا نہیں تو اس سے ثابت ہوا کہ کھجور کے گودے میں ہاتھ کاٹنا نہیں اسی طرح شاخ، لکڑی اور پھل میں بھی ہاتھ کاٹنا نہیں۔ حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ بھی اسی بات کے قائلین میں ہیں۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ حَكَاهُ رَافِعٌ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهٖ لَا قَطْعَ فِيْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ وَهُوَ عَلَى الثَّمَرِ وَالْكَثَرِ الْمَاخُوْذَيْنِ مِنَ الْحَوَائِطِ الَّتِيْ لَيْسَتْ بِحِرْزٍ لِّمَا فِيْهَا فَاَمَّا مَا كَانَ مِنْ ذٰلِكَ مِمَّا قَدْ اُحْرِزَ فَحُكْمُهٗ حُكْمُ سَائِرِ الْاَمْوَالِ وَيَجِبُ الْقَطْعُ عَلٰى مَنْ سَرَقَ مِنْ ذٰلِكَ الْمِقْدَارَ الَّذِيْ يَجِبُ الْقَطْعُ فِيْهِ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ جو کچھ انہوں نے بواسطہ حضرت رافع رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا کہ پھل اور شگوفے (گودے) کی چوری پر ہاتھ کاٹنا نہیں تو اس سے مراد وہ ہے جو باغ سے چوری کیا جائے اور وہ حفاظت میں نہیں ہوتا لیکن جسے محفوظ کر لیا گیا تو اس کا حکم باقی تمام مالوں جیسا ہو گا اور جس مقدار پر ہاتھ کاٹنا واجب ہوتا ہے اتنی مقدار کی چوری پر ہاتھ کاٹنا لازم ہو گا۔

۷۲۴۔ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا رَوَيْنَاهُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الْبَابِ لَمَّا سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ فَقَالَ لَا قَطْعَ فِيْهِ اِلَّا مَا اٰوَاهُ الْجَرِيْنُ فَمَا بَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيْهِ الْقَطْعُ وَمَا لَمْ يَبْلُغْ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيْهِ غَرَامَةُ مِثْلِهٖ وَجَلَدَاتُ نَكَالٍ۔

انہوں نے اس سلسلے میں اس حدیث سے استدلال کیا ہے جو ہم نے اسی کتاب کے کسی دوسرے باب میں روایت کی ہے کہ جب لٹکے ہوئے پھلوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ ہاتھ اسی میں کاٹا جائے گا جو کھلیان میں جگہ دے اور وہ وہاں کی قیمت کو پہنچ جائے اس میں ہاتھ کاٹنا ہو گا اور جو مال ڈھال کی قیمت کو نہ پہنچے اس میں اس کے برابر تاوان ہے اور بطور سزا چند کوڑے ہیں۔

۷۲۵۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ اَيْضًا۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے یہ بات روایت کرتے ہیں۔

فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسروقہ

وَسَلَّمَ فِي الثِّمَارِ الْمَسْرُوقَةِ بَيْنَ مَا آوَاهُ الْجَرِيْنُ مِنْهَا وَبَيْنَ مَا لَمْ يُؤْوِهِ وَكَانَ فِي شَجَرِهِ فَجَعَلَ فِيمَا آوَاهُ الْجَرِيْنُ مِنْهَا الْقَطْعَ وَفِيمَا لَمْ يُؤْوِهِ الْجَرِيْنُ الْغُرْمُ وَالنَّكَالُ فَتَصْحِيْحُ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَمَا رَوَاهُ رَافِعٌ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهِ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ أَنْ يُجْعَلَ مَا رَوٰى رَافِعٌ هُوَ عَلٰى مَا كَانَ فِي الْحَوَائِطِ الَّتِي لَمْ يُحْرَزْ مَا فِيْهَا عَلٰى مَا فِي حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَمَا فِي حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو مِمَّا زَادَ عَلٰى مَا فِي حَدِيْثِ رَافِعٍ فَهُوَ خِلَافُ مَا فِي حَدِيْثِ رَافِعٍ فَفِي ذٰلِكَ الْقَطْعُ وَلَا قَطْعَ فِيمَا سِوٰى ذٰلِكَ يَسْتَوِيْ هٰذَانِ الْأَثَرَانِ وَلَا يَتَضَادَّانِ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِيْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

پھلوں کے سلسلے میں سٹور میں محفوظ اور غیر محفوظ جو درخت کے اوپر ہے میں فرق کیا جو سٹور میں محفوظ ہے اس کی چوری پر ہاتھ کاٹنا لازم قرار دیا اور جو محفوظ نہیں اس میں تاوان اور سزا کا حکم فرمایا تو اس حدیث اور جو کچھ حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ پھلوں اور گودے کی چوری پر ہاتھ کاٹنا نہیں دونوں کو یوں صحیح قرار دیا جا سکتا ہے کہ حضرت رافع کی حدیث سے وہ پھل مراد ہوں جو باغوں کے اندر ہیں اور محفوظ نہیں کئے گئے جیسا کہ حضرت رافع کی روایت سے زائد الفاظ ہیں جو حضرت رافع کی روایت کے خلاف ہیں (یعنی محفوظ پھل کا بھی ذکر ہے) اور اس پر ہاتھ کاٹنا ہے اور اس کے علاوہ پر ہاتھ کاٹنا نہیں لہذا یہ دونوں روایتیں برابر ہو گئیں اور ان میں اختلاف نہیں ہوگا حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا یہی مسلک ہے۔

کِتَابُ الْجِنَایَاتِ

جنایات کا بیان

بَابُ مَا يَجِبُ فِي قَتْلِ الْعَمْدِ وَجِرَاحِ الْعَمْدِ

جان بوجھ کر قتل یا زخمی کرنے کی سزا

۴۷۲۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُونٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ ثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ ثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ ثَنِي أَبُو سَلَمَةَ قَالَ ثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مَكَّةَ قَتَلَتْ هُذَيْلٌ رَجُلًا مِنْ بَنِي لَيْثٍ بِقَتِيلٍ كَانَ لَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ مَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ إِمَّا أَنْ يُقْتَلَ وَإِمَّا أَنْ يُؤَدَّى وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَقَالَ أَبُو بَكْرَةَ فِي حَدِيثِهِ قَتَلَتْ خُزَاعَةُ رَجُلًا مِنْ بَنِي لَيْثٍ۔

حضرت ابو سلمہ فرماتے ہیں مجھ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مکہ مکرمہ کو فتح فرمایا تو حضرت ہذیل نے بنو لیث کے ایک شخص کو اپنے ایک مقتول کے بدلے میں جسے دور جاہلیت میں قتل کیا گیا تھا، قتل کر دیا سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا آپ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا جس کا کوئی عزیز قتل کیا جائے تو وہ دو باتوں میں سے ایک کو اختیار کرلے یا تو اسے قتل کرنے کا مطالبہ) کرے یا خون بہا لے۔(اس حدیث کو محمد بن عبد اللہ اور ابو بکرہ دونوں نے روایت کیا لیکن) الفاظ حضرت محمد بن عبد اللہ کے ہیں حضرت ابو بکرہ نے اپنی روایت میں فرمایا کہ خزاعہ نے بنو لیث کا ایک شخص قتل کیا۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ ذِكْرُ مَا يَجِبُ فِي النَّفْسِ خَاصَّةً۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں وہ بات مذکورہ ہے جو صرف قتل نفس پر واجب ہوتی ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ

بواسطہ حضرت ابو شریح خزاعی بھی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ۔

۲۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ قَالَ ثَنِي سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا شُرَيْحٍ الْكَعْبِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي خُطْبَتِهٖ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ أَلَا إِنَّكُمْ مَعْشَرَ خُزَاعَةَ قَتَلْتُمْ هٰذَا الْقَتِيْلَ مِنْ هُذَيْلٍ وَإِنِّي عَاقِلُهٗ فَمَنْ قُتِلَ لَهٗ بَعْدَ مَقَالَتِي قَتِيْلٌ فَأَهْلُهٗ بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ بَيْنَ أَنْ يَأْخُذُوا الْعَقْلَ وَبَيْنَ أَنْ يَقْتُلُوْا۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا دُوْنَ النَّفْسِ مِثْلَ ذٰلِكَ أَيْضًا۔

۲۸۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أُصِيْبَ بِدَمٍ أَوْ بِخَبْلٍ يَعْنِي بِالْخَبْلِ الْجِرَاحَ فَوَلِيُّهٗ بِالْخِيَارِ بَيْنَ إِحْدٰى ثَلَاثٍ بَيْنَ أَنْ يَعْفُوَ أَوْ يَقْتَصَّ أَوْ يَأْخُذَ الدِّيَةَ فَإِنْ أَتَى الرَّابِعَةَ فَخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ فَإِنْ قَبِلَ وَاحِدَةً مِّنْهُنَّ ثُمَّ عَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ النَّارُ خَالِدًا فِيْهَا مُخَلَّدًا۔

۲۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا عَبَّادٌ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ قَالَ أَخْبَرَنِي الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ

وسلم سے اس کی مثل مروی ہے۔

حضرت سعید مقبری فرماتے ہیں میں نے حضرت شریح کعبی رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا سنو! تم خزاعہ کے گروہ نے ہذیل قبیلہ کے اس شخص کو قتل کیا اور میں اس کی طرف سے دیت ادا کروں گا میری اس گفتگو کے بعد جس کا کوئی شخص قتل ہوگیا تو اس مقتول کے گھر والے دو باتوں میں سے ایک کو اختیار کر سکتے ہیں دیت وصول کریں یا (اس قاتل کو) قتل کریں۔

دوسرے طرق سے بھی بواسطہ حضرت شریح خزاعی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نفس سے کم جنایت کے بارے میں اس کی مثل مروی ہے۔

حضرت سفیان بن ابوالعوجاء، حضرت ابوشریح خزاعی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو قتل ہوجائے یا اسے زخم پہنچے (خبل سے مراد زخم ہے) تو اس کے ولی کو تین باتوں میں سے ایک کا اختیار ہے معاف کردے یا بدلہ لے یا دیت وصول کرے اگر وہ کوئی چوتھی بات اختیار کرے تو اس کا ہاتھ پکڑ لو (یعنی روک دو) اور اگر وہ ان (تین) میں سے ایک بات قبول کرنے کے بعد زیادتی کرے تو اس کے لیے جہنم ہے اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔

ایک دوسرے طریقے سے بھی حضرت ابوشریح، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

فَفِي هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ حُكْمَ الْجِرَاحِ الْعَمَدِ كَحُكْمِ الْقَتْلِ الْعَمَدِ فِيْمَا يَجِبُ فِي كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِنَ الْقِصَاصِ وَالدِّيَةِ.

تو اس حدیث میں ہے کہ جان بوجھ کر زخمی کرنے کا حکم جان بوجھ کر قتل کرنے کے حکم جیسا ہے کیونکہ ان میں سے ہر ایک میں قصاص یا دیت واجب ہوتی ہے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا قَتَلَ عَمَدًا فَوَلِيُّهُ بِالْخِيَارِ بَيْنَ اَنْ يَّعْفُوَ اَوْ يَأْخُذَ الدِّيَةَ اَوْ يَقْتَصَّ رَضِيَ بِذٰلِكَ الْقَاتِلُ اَوْ لَمْ يَرْضَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ.

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ جب کسی شخص کو جان بوجھ کر قتل کیا گیا تو اس کے ولی کو اختیار ہے معاف کر دے، دیت وصول کرے یا قصاص لے قاتل اس پر راضی ہو یا نہ ہو۔ انہوں نے اس (مندرجہ بالا) روایت سے استدلال کیا ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَيْسَ لَهُ اَنْ يَّأْخُذَ الدِّيَةَ اِلَّا بِرِضَاءِ الْقَاتِلِ.

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان کی مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ قاتل کی مرضی کے بغیر وہ دیت نہیں لے سکتا۔

۷۳۰ - وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ اَنَّ قَوْلَهُ اَوْ يَأْخُذَ الدِّيَةَ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ عَلٰى مَا قَالَ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى وَيَجُوْزُ اَنْ يَّأْخُذَ الدِّيَةَ اِنْ اُعْطِيَهَا كَمَا يُقَالُ لِلرَّجُلِ خُذْ بِدَيْنِكَ اِنْ شِئْتَ دَرَاهِمَ وَاِنْ شِئْتَ دَنَانِيْرَ وَاِنْ شِئْتَ عُرُوْضًا وَّلَيْسَ يُرَادُ بِذٰلِكَ اَنَّهُ يَأْخُذُ ذٰلِكَ رَضِيَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الدَّيْنُ بِذٰلِكَ اَوْ كَرِهَ وَلٰكِنْ يُّرَادُ اِبَاحَةُ ذٰلِكَ لَهُ اِنْ اُعْطِيَهُ.

ان کی دلیل یہ ہے کہ آپ کے ارشاد گرامی "یا وہ دیت لے" سے وہ بات بھی مراد ہو سکتی ہے جو پہلے قول والوں نے کہی ہے اور یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے لیے دیت لینا جائز ہے اگر اس کو دی جائے جیسے کسی شخص کو کہا جائے اپنے قرض کے بدلے اگر چاہو تو درہم لو، چاہو تو دینار لو اور اگر چاہو تو سامان لو، اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ (قرض خواہ) یہ چیز ضرور لے قرض دار اس پر راضی ہو یا اسے ناپسند کرے بلکہ اس سے محض جواز مراد ہے کہ اگر اسے دیا جائے تو وہ لے سکتا ہے۔

۷۳۱ - فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ وَّمَا حَاجَتُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ هٰذَا قِيْلَ لَهُ لِمَا قَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا.

اگر کوئی شخص کہے کہ ان کو یہ بات ذکر کرنے کی کیا ضرورت تھی تو اسے کہا جائے گا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی طرح مروی ہے۔

۷۳۲ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْقِصَاصُ فِيْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ وَلَمْ يَكُنْ فِيْهِمْ دِيَةٌ فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ اِلٰى قَوْلِهٖ فَمَنْ عُفِيَ

حضرت مجاہد، حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ بنی اسرائیل میں قصاص تھا۔ دیت نہیں تھی تو اللہ تعالیٰ نے اس امت کے بارے میں فرمایا "تم پر مقتولوں کے بارے میں قصاص فرض کیا گیا آزاد، آزاد کے بدلے" (آخر تک) پھر فرمایا پس جس کو اپنے بھائی کی طرف سے کچھ معاف کیا جائے (آخر تک) تو جان بوجھ کر قتل کرنے کی صورت

لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ وَّالْعَفْوُ فِيْ اَنْ يَّقْبَلَ الدِّيَةَ فِي الْعَمَدِ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِمَّا كَانَ كُتِبَ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ۔

۴۳۳۔ فَاَخْبَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ لَمْ يَكُنْ فِيْهِمْ دِيَةٌ اَيْ اَنَّ ذٰلِكَ كَانَ حَرَامًا عَلَيْهِمْ اَنْ يَّاْخُذُوْهُ اَوْ يَتَعَرَّضُوْا بِالدَّمِ بَدَلًا اَوْ يَتْرُكُوْهُ حَتّٰى يَسْفِكُوْهُ وَاِنَّ ذٰلِكَ مِمَّا كَانَ كُتِبَ عَلَيْهِمْ فَخَفَّفَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَنَسَخَ ذٰلِكَ الْحُكْمَ بِقَوْلِهٖ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ مَعْنَاهُ اِذَا وَجَبَ الْاَدَآءُ وَسَنُبَيِّنُ مَا قِيْلَ فِيْ ذٰلِكَ فِيْ مَوْضِعِهٖ مِنْ هٰذَا الْبَابِ اِنْشَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

۴۳۴۔ فَبَيَّنَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ اَيْضًا عَلٰى هٰذَا الْجِهَةِ فَقَالَ مَنْ قُتِلَ لَهٗ وَلِيٌّ فَهُوَ بِالْخِيَارِ بَيْنَ اَنْ يَّقْتَصَّ اَوْ يَعْفُوَ اَوْ يَاْخُذَ الدِّيَةَ الَّتِيْ اُبِيْحَتْ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ وَجَعَلَ لَهُمْ اَخْذَهَا اِذَا اُعْطُوْهَا هٰذَا وَجْهٌ يَّحْتَمِلُهٗ هٰذَا الْحَدِيْثُ وَلَيْسَ لِاَحَدٍ اِذَا كَانَ حَدِيْثٌ مِّثْلُ هٰذَا يَحْتَمِلُ وَجْهَيْنِ مُتَكَافِئَيْنِ اَنْ يَّعْطِفَهٗ عَلٰى اَحَدِهِمَا دُوْنَ الْاٰخَرِ اِلَّا بِدَلِيْلٍ مِّنْ غَيْرِهٖ يَدُلُّ اَنَّ مَعْنَاهُ عَلٰى مَا عَطَفَهٗ عَلَيْهِ۔

فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ هَلْ نَجِدُ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا يَّدُلُّ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى فَقَدْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ

میں معافی یہ ہے کہ دیت قبول کرے، یہ تمہارے رب کی طرف سے پہلی امتوں کی نسبت (تم پر) آسانی ہے۔

تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ بنی اسرائیل میں دیت نہیں تھی یعنی ان پر حرام تھا کہ وہ دیت لیں یا اس کی وجہ سے قصاص چھوڑ دیں یہاں تک کہ وہ خون بہائیں (یعنی خون بہانا ضروری تھا) یہ بات ان لوگوں پر فرض تھی تو اللہ تعالیٰ نے اس امت پر آسانی فرمائی اور اپنے اس ارشاد سے کہ جس کو اپنے بھائی کی طرف سے کچھ معاف کیا جائے تو اچھے طریقے سے (دیت کا) تقاضا کرنا ہے اور عمدہ طریقے سے ادا کرنا ہے، اس پہلے حکم کو منسوخ کر دیا، عمدگی کے ساتھ ادائیگی کا مطلب یہ ہے کہ جب اس کا ادا کرنا واجب ہو اس سلسلے میں جو گفتگو کی گئی ہے اسے ہم اسی باب میں اس کے (مناسب) مقام پر بیان کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو اس جہت سے بھی بیان فرمایا آپ نے فرمایا جس کا کوئی رشتہ دار قتل ہو جائے تو اسے اختیار ہے قصاص لے یا معاف کر دے یا دیت وصول کرے جو اس امت کے لیے حلال کی گئی اور جب انہیں دیت دی جائے تو ان کے لیے اس کا لینا جائز ہے۔ اس حدیث میں اس بات کا بھی احتمال ہے۔ اور کسی شخص کے لیے جائز نہیں کہ جب کسی حدیث میں اس طرح کی دو مساوی باتوں کا احتمال ہو تو وہ ایک کو چھوڑ کر دوسری پر محمول کرے البتہ اس پر کوئی دوسری دلیل پائی جاتی ہو جو اس معنیٰ کے مراد ہونے پر دلالت کرتی ہو (تو وہی معنیٰ مراد لیں گے)

تو ہم نے غور و فکر کیا کہ کیا ہم کوئی ایسی بات پاتے ہیں جو ان میں سے ایک مفہوم پر دلالت کرے تو پہلے قول والے فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا جس کو اپنے بھائی کی طرف سے کچھ معاف

شَیْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَیْهِ بِاِحْسَانٍ ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ الآیة۔

فَاَخْبَرَ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ اَنَّ لِلْوَلِیِّ اَنْ یَّعْفُوَا وَیَتَّبِعَ الْقَاتِلَ بِاِحْسَانٍ فَاسْتَدَلُّوْا بِذٰلِكَ اَنَّ لِلْوَلِیِّ اِذَا عَفَا اَنْ یَّاْخُذَ الدِّیَةَ مِنَ الْقَاتِلِ وَاِنْ لَّمْ یَكُنْ اِشْتَرَطَ ذٰلِكَ عَلَیْهِ فِیْ عَفْوِهٖ عَنْهُ۔

قِیْلَ لَهُمْ مَا فِیْ هٰذَا دَلِیْلٌ عَلٰی مَا ذَكَرْتُمْ وَقَدْ یَحْتَمِلُ ذٰلِكَ وُجُوْهًا اَحَدُهَا مَا وَصَفْتُمْ وَیَحْتَمِلُ اَیْضًا فَمَنْ عُفِیَ لَهٗ مِنْ اَخِیْهِ شَیْءٌ عَلَی الْجِهَةِ الَّتِیْ قُلْنَا بِرِضَآءِ الْقَاتِلِ اَنْ یُّعْفٰی عَنْهُ عَلٰی مَا یُؤْخَذُ مِنْهُ وَقَدْ یَحْتَمِلُ اَیْضًا اَنْ یَّكُوْنَ ذٰلِكَ فِی الدَّمِ الَّذِیْ یَكُوْنُ بَیْنَ جَمَاعَةٍ فَیَعْفُوْا اَحَدُهُمْ فَیَتَّبِعُ الْبَاقُوْنَ الْقَاتِلَ بِحِصَصِهِمْ مِنَ الدِّیَةِ بِالْمَعْرُوْفِ وَیُؤَدِّیْ ذٰلِكَ اِلَیْهِمْ بِاِحْسَانٍ۔

هٰذِهٖ تَاوِیْلَاتٌ قَدْ تَاَوَّلَتِ الْعُلَمَآءُ هٰذِهِ الْاٰیَةَ عَلَیْهَا فَلَا حُجَّةَ فِیْهَا لِبَعْضٍ عَلٰی بَعْضٍ اِلَّا بِدَلِیْلٍ اٰخَرَ فِیْ اٰیَةٍ اُخْرٰی مُتَّفَقٌ عَلٰی تَاوِیْلِهَا اَوْ سُنَّةٍ اَوْ اِجْمَاعٍ وَفِیْ حَدِیْثِ اَبِیْ شُرَیْحٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ بِالْخِیَارِ بَیْنَ اَنْ یَّعْفُوَ اَوْ یَقْتَصَّ اَوْ یَاْخُذَ الدِّیَةَ فَجَعَلَ عَفْوَهٗ غَیْرَ اَخْذِهِ الدِّیَةَ۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّهٗ اِذَا عَفَا فَلَا دِیَةَ لَهٗ وَاِذَا كَانَ لَا دِیَةَ لَهٗ اِذَا عَفَا عَنِ الدَّمِ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الَّذِیْ كَانَ وَجَبَ لَهٗ هُوَ الدَّمُ وَاِنَّ اَخْذَهٗ

کیا جائے تو اچھے طریقے سے تقاضا کرنا ہے اور نیکی کی ساتھ ادا کرنا ہے یہ تمہارے رب کی طرف سے آسانی اور رحمت ہے۔

تو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بتایا کہ ولی کو معاف کرنے اور قاتل سے اچھے طریقے سے مطالبہ کرنے کا حق ہے انہوں نے اس سے استدلال کیا کہ ولی جب معاف کرے گا تو وہ قاتل سے دیت لے سکتا ہے اگرچہ اس کے معاف کرتے وقت یہ شرط نہ رکھی گئی ہو۔

ان کو کہا جائے گا کہ جو کچھ تم نے ذکر کیا ہے اس میں اس بات پر کوئی دلیل نہیں اور اس میں کئی باتوں کا احتمال ہے جن میں سے ایک وہ ہے جس کا تم نے قول کیا ہے اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ جس کو اپنے بھائی طرف سے کچھ معاف کیا جائے اس سے وہ بات مراد ہو جو ہم کہہ رہے ہیں کہ وہ قاتل کی رضا سے (قصاص) معاف کر کے اس کے بدلے میں (دیت) وصول کرے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ آیت اس خون کے بارے میں ہو جو ایک جماعت کے درمیان مشترک ہوتا ہے کہ اگر ان میں سے ایک معاف کر دے تو باقی حضرات قاتل سے اپنے اپنے حصے کی دیت اچھے طریقے سے طلب کریں اور وہ بھی ان کو اچھے طریقے سے دے۔

یہ وہ معانی ہیں جو اس آیت کے سلسلے میں علماء کرام نے بیان کئے ہیں لیکن ان میں سے کوئی بھی دوسرے کے خلاف حجت نہیں جب تک کسی دوسری آیت میں دلیل نہ ہو جس کی تاویل پر سب متفق ہوں یا سنت سے یا اجماع سے دلیل پائی جائے حضرت شریح کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ وہ معاف کر دے یا قصاص لے یا دیت وصول کرے تو آپ نے معاف کرنے اور دیت (ادا کرنے) کو ایک دوسرے کا غیر قرار دیا۔

تو اس سے ثابت ہوا کہ جب وہ معاف کر دے تو دیت نہ ہو گی اور جب خون معاف کرنے کی صورت میں دیت لازم نہ ہوئی تو اس سے ثابت ہوا کہ جو چیز واجب وہ قصاص ہے اور دیت کا لینا قصاص کے بدل کے طور پر جائز قرار دیا گیا اور جو چیزیں بدل ہوتی ہیں

الدِّيَةَ الَّتِي أُبِيحَتْ لَهُ هُوَ بِمَعْنَى أَخْذِهَا بَدَلًا مِنَ الْقَتْلِ وَالْأَبْدَالُ مِنَ الْأَشْيَاءِ لَوْ نَجِدُهَا تَجِبُ إِلَّا بِرِضَاءِ مَنْ تَجِبُ عَلَيْهِ وَرِضَاءِ مَنْ تَجِبُ لَهُ فَإِذَا ثَبَتَ ذٰلِكَ فِي الْقَتْلِ ثَبَتَ مَا ذَكَرْنَا وَانْتَفَى مَا قَالَ الْمُخَالِفُ لَنَا.

وہ ہماری معلومات کے مطابق ان لوگوں کی مرضی سے واجب ہوتی ہیں جن کے لیے وہ واجب ہوتی ہیں تو جب قصاص کے سلسلے میں یہ بات ثابت ہوگئی تو جو کچھ ہم نے کہا وہ بھی ثابت ہوگیا اور ہمارے مخالف کی بات کی نفی ہوگئی۔

وَلَمَّا لَمْ يَكُنْ فِيمَا احْتَجَّ بِهِ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُولَى لِقَوْلِهِمْ مَا يَدُلُّ عَلَيْهِ نَظَرْنَا هَلْ لِلْآخَرِينَ خَبَرٌ يَدُلُّ عَلَى مَا قَالُوا.

تو جب پہلے قول والوں کے لیے بات پر کوئی دلیل نہیں تو ہم نے دیکھا کہ کیا دوسروں کے لیے کوئی ایسی روایت ہے جو ان کی بات پر دلالت کرے۔

۳۵۷- **فَإِذَا** أَبُو بَكْرَةَ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَدْ حَدَّثَانَا قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ ح وَحَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ قَالَا ثَنَا حُمَيْدُ الطَّوِيلُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّضْرِ أَنَّ عَمَّتَهُ الرُّبَيِّعَ لَطَمَتْ جَارِيَةً فَكَسَرَتْ ثَنِيَّتَهَا فَطَلَبُوا إِلَيْهِمُ الْعَفْوَ فَأَبَوْا وَالْأَرْشَ فَأَبَوْا إِلَّا الْقِصَاصَ فَاخْتَصَمُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِالْقِصَاصِ فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَتُكْسَرُ ثَنِيَّةُ الرُّبَيِّعِ لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ فَرَضِيَ الْقَوْمُ فَعَفَوْا وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ يَزِيدُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ

تو حضرت انس بن مالک بن نضر سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ ان کی پھوپھی ربیع نے اپنی لونڈی کو تھپڑ مار کر اس کے اگلے دانت توڑ دیئے انہوں نے (ربیع کے خاندان والوں نے) ان (لونڈی کے ورثا) سے معافی مانگی تو انہوں نے انکار کر دیا تاوان قبول کرنے سے بھی انکار کر دیا صرف قصاص کا مطالبہ کیا وہ لوگ اپنا مقدمہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے تو آپ نے قصاص کا حکم دیا حضرت انس بن نضر نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ حضرت ربیع کے دانت توڑیں گے نہیں یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ان کے دانت نہیں توڑے جائیں گے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے انس! اللہ تعالیٰ کی کتاب تو قصاص کا حکم دیتی ہے، چنانچہ وہ لوگ راضی ہوگئے اور معاف کر دیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھالیں تو وہ اسے پورا کرتا ہے بعض راویوں نے کچھ زائد الفاظ نقل کئے ہیں۔

فَلَمَّا كَانَ الْحُكْمُ الَّذِي حَكَمَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى

تو جس عورت کے دانت توڑے گئے تھے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ربیع سے اس کے قصاص

الرُّبَيِّعِ لِلْمَنْزُوْعَةِ ثَنِيَّتُهَا هُوَ الْقِصَاصُ وَلَمْ يُخَيِّرْهَا بَيْنَ الْقِصَاصِ وَاَخْذِ الدِّيَةِ وَحَاجَّ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ حِيْنَ اَبٰى ذٰلِكَ فَقَالَ يَا اَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ

فَعَفَا الْقَوْمُ فَلَمْ يَقْضِ لَهُمْ بِالدِّيَةِ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الَّذِیْ يَجِبُ بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهٖ فِی الْعَمْدِ هُوَ الْقِصَاصُ لِاَنَّهٗ لَوْ كَانَ يَجِبُ لِلْمَجْنِیِّ عَلَيْهِ الْخِيَارُ بَيْنَ الْقِصَاصِ وَبَيْنَ الْعَفْوِ مِمَّا يَاْخُذُ بِهِ الْجَانِیْ اِذًا لَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَاَعْلَمَهَا بِمَا لَهَا اَنْ تَخْتَارَهٗ مِنْ ذٰلِكَ۔

اَلَا تَرٰى اَنَّ حَاكِمًا لَوْ تَقَدَّمَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فِیْ شَیْءٍ يَجِبُ لَهٗ فِيْهِ اَحَدُ شَيْئَيْنِ فَثَبَتَ عِنْدَهٗ حَقُّهٗ اَنَّهٗ لَا يَحْكُمُ لَهٗ بِاَحَدِ الشَّيْئَيْنِ دُوْنَ الْاٰخَرِ وَاِنَّمَا يَحْكُمُ لَهٗ بِاَنْ يَّخْتَارَ مَا اَحَبَّ مِنْ كَذَا اَوْ مِنْ كَذَا فَاِنْ تَعَدّٰى ذٰلِكَ فَقَدْ قَصَّرَ عَنْ فَهْمِ الْحُكْمِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْكَمُ الْحُكَمَاءِ فَلَمَّا حَكَمَ بِالْقِصَاصِ وَاَخْبَرَ اَنَّهٗ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الَّذِیْ فِیْ مِثْلِ ذٰلِكَ هُوَ الْقِصَاصُ لَا غَيْرُهٗ۔

فَلَمَّا ثَبَتَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا وَجَبَ اَنْ يُّعْطَفَ عَلَيْهِ حَدِيْثُ اَبِیْ شُرَيْحٍ وَّاَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَيُجْعَلُ قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْمَا فَهُوَ بِالْخِيَارِ بَيْنَ اَنْ يَّعْفُوَ

کا فیصلہ فرمایا اور اسے قصاص اور دیت لینے کے درمیان اختیار نہیں دیا حضرت انس بن نضر نے انکار کرتے ہوئے اختلاف کیا تو آپ نے فرمایا اے انس اللہ تعالیٰ کی کتاب میں قصاص کا حکم دیا گیا ہے تو قوم نے معاف کر دیا اور ان کے دیت کا فیصلہ نہ ہوا۔

اس سے ثابت ہوا کہ جان بوجھ کر قتل کی صورت میں قرآن پاک اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف قصاص ثابت ہے کیونکہ جسے نقصان پہنچایا گیا اگر اسے قصاص اور معاف کرنے کا اختیار ہوتا کہ وہ اس کے بدلے میں جرم کرنے والے سے کچھ لے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اختیار دیتے اور انہیں بتا دیتے کہ انہیں کیا کیا چیز اختیار کرنے کا حق ہے۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی شخص حاکم کے پاس ایسا مقدمہ لے جائے جس میں اس کے لیے دو چیزوں میں سے ایک واجب ہوتی ہے تو حاکم کے ہاں اس کا یہ حق ثابت ہوگا کہ وہ (حاکم) کسی ایک چیز کے ساتھ فیصلہ کرے اور دوسری کو چھوڑ دے بلکہ وہ اس کے لیے یوں فیصلہ کرے گا کہ فلاں فلاں چیزوں میں سے جسے پسند کرے اختیار کرے پھر اگر وہ زیادتی کرتا ہے تو گویا اس نے فیصلے کی سمجھ میں کوتاہی کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بہتر حاکم ہیں تو جب آپ نے قصاص کا فیصلہ فرمایا اور بتایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کا فیصلہ ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ اس قسم کی صورت میں صرف قصاص ہوتا ہے کچھ اور نہیں۔

تو جب یہ حدیث ثابت ہو گئی جیسا کہ ہم نے ذکر کیا تو حضرت ابو شریح اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث کو بھی اس کے مطابق کرنا ضروری ہوا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جس قول میں معاف کرنے، قصاص لینے پر یا دیت لینے کے درمیان اختیار کا

وَبَيْنَ اَنْ يَقْتَصَّ اَوْ يَاْخُذَ الدِّيَةَ عَلَى الرِّضَاءِ مِنَ الْجَانِيْ بِغُرْمِ الدِّيَةِ حَتّٰى تَتَّفِقَ مَعَانِيْ هٰذَيْنِ الْحَدِيْثَيْنِ وَمَعْنٰى حَدِيْثِ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

ذکر ہے وہ مجرم کی رضامندی پر موقوف ہے کہ وہ بطور تاوان دیت ادا کرے تاکہ ان دونوں حدیثوں اور حضرت انس بن نضر کے حدیث کے معانی ایک جیسے ہو جائیں۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَاِنَّ النَّظَرَ يَدُلُّ عَلٰى مَا قَالَ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى وَذٰلِكَ اَنَّ عَلَى النَّاسِ اَنْ يَسْتَحْيُوْا اَنْفُسَهُمْ فَاِذَا قَالَ الَّذِيْ لَهٗ سَفْكُ الدَّمِ قَدْ رَضِيْتُ بِاَخْذِ الدِّيَةِ وَتَرْكِ سَفْكِ الدَّمِ وَجَبَ عَلَى الْقَاتِلِ اِسْتِحْيَاءُ نَفْسِهٖ فَاِذَا وَجَبَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اُخِذَ مِنْ مَالِهٖ وَاِنْ كَرِهَ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ قیاس پہلے قول والوں کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ لوگوں پر اپنے آپ کو زندہ رکھنا لازم ہے تو جب وہ شخص جس کو خون بہانے (بدلہ لینے) کا حق ہے، کہے کہ میں دیت لینا اور خون نہ بہانا پسند کرتا ہوں تو قاتل پر اپنے نفس کو زندہ رکھنا واجب ہوگا اور جب یہ واجب ہے تو اس سے دیت لی جائے گی اگرچہ وہ ناپسند کرے۔

فَالْحُجَّةُ عَلَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ عَلَى النَّاسِ اِسْتِحْيَاءَ اَنْفُسِهِمْ كَمَا ذَكَرْتَ بِالدِّيَةِ بِمَا جَاوَزَ الدِّيَةَ وَجَمِيْعِ مَا يَمْلِكُوْنَ وَقَدْ رَاَيْنَاهُمْ اَجْمَعُوْا اَنَّ الْوَلِيَّ لَوْ قَالَ لِلْقَاتِلِ قَدْ رَضِيْتُ اَنْ اٰخُذَ دَارَكَ هٰذِهٖ عَلٰى اَنْ لَّا اَقْتُلَكَ اَنَّ الْوَاجِبَ عَلَى الْقَاتِلِ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اللّٰهِ تَسْلِيْمُ ذٰلِكَ لَهٗ وَحَقْنُ دَمِ نَفْسِهٖ فَاِنْ اَبٰى لَمْ يُجْبَرْ عَلَيْهِ بِاتِّفَاقِهِمْ عَلٰى ذٰلِكَ وَلَمْ يُؤْخَذْ مِنْهُ ذٰلِكَ كُرْهًا فَيُدْفَعُ اِلَى الْوَلِيِّ۔

تو اس سلسلے میں اس شخص کے خلاف دلیل یہ ہے کہ یقیناً لوگوں پر اپنی جانیں بچانا واجب ہے جیسا کہ تم نے ذکر کیا چاہے وہ دیت کے ساتھ ہو اس کے علاوہ کسی چیز کے ساتھ بلکہ اپنی تمام مملوک کے ساتھ بھی ہو اور ہم دیکھتے ہیں کہ فقہاء نے اس بات پر اجماع کیا کہ اگر ولی، قاتل سے کہے کہ میں اس بات پر راضی ہوں کہ تمہارا یہ مکان لے لوں اور تجھے قتل نہ کروں تو اللہ تعالیٰ اور اس قاتل کے درمیان اس شخص پر لازم ہوگا کہ وہ مکان دے کر اپنی جان بچائے لیکن اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ اس (قاتل) پر زبردستی نہیں کی جائے گی اور اس کی مرضی کے خلاف مکان لے کر ولی کو نہیں دیا جائے گا۔

فَكَذٰلِكَ الدِّيَةُ اِذَا طَلَبَهَا الْوَلِيُّ فَاِنَّهٗ يَجِبُ عَلَى الْقَاتِلِ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ رَبِّهٖ اَنْ يَّسْتَحْيِيَ نَفْسَهٗ بِهَا وَاِنْ اَبٰى ذٰلِكَ لَمْ يُجْبَرْ عَلَيْهِ وَلَمْ يُؤْخَذْ مِنْهُ كُرْهًا۔

اسی طرح دیت کا مسئلہ ہے کہ جب (مقتول کا) ولی اس کا مطالبہ کرے تو دیانتاً قاتل پر واجب ہے کہ وہ ادا کر کے اپنے نفس کو بچائے لیکن اگر وہ انکار کرے تو اس پر زبردستی نہیں کی جائے گی اور اس کی مرضی کے خلاف وصول نہیں کی جائے گی۔

ثُمَّ رَجَعْنَا اِلٰى اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى

پھر ہم پہلے قول والوں کی اس بات کی طرف لوٹتے ہیں

فِیْ قَوْلِهِمْ اَنَّ لِلْوَلِیِّ اَنْ یَّاْخُذَ الدِّیَةَ وَاِنْ کَرِهَ ذٰلِكَ الْجَانِیْ۔

کہ ولی کو دیت لینے کا حق ہے چاہے مجرم کو یہ ناپسند ہو۔

فَنَقُوْلُ لَهُمْ لَیْسَ یَخْلُوْا ذٰلِكَ مِنْ اَحَدِ وُجُوْهٍ ثَلٰثَةٍ اِمَّا اَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِكَ لِاَنَّ الَّذِیْ لَهٗ عَلَی الْقَاتِلِ هُوَ الْقِصَاصُ وَالدِّیَةُ جَمِیْعًا فَاِذَا عَفَا عَنِ الْقِصَاصِ فَاَبْطَلَهٗ بِعَفْوِهٖ کَانَ لَهٗ اَخْذُ الدِّیَةِ وَاِمَّا اَنْ یَّکُوْنَ الَّذِیْ وَجَبَ لَهٗ هُوَ الْقِصَاصُ خَاصَّةً وَّلَهٗ اَنْ یَّاْخُذَ الدِّیَةَ بَدَلًا مِّنْ ذٰلِكَ الْقِصَاصِ وَاِمَّا اَنْ یَّکُوْنَ الَّذِیْ وَجَبَ لَهٗ هُوَ اَحَدُ اَمْرَیْنِ اِمَّا الْقِصَاصُ وَاِمَّا الدِّیَةُ یَخْتَارُ مِنْ ذٰلِكَ مَا شَآءَ لَیْسَ یَخْلُوْا ذٰلِكَ مِنْ اَحَدِ هٰذِهِ الثَّلٰثَةِ الْوُجُوْهِ۔

تو ہم کہتے ہیں کہ یہ تین صورتوں میں سے کسی ایک سے خالی نہیں یا تو یہ اس لیے ہوگا کہ قاتل پر قصاص اور دیت دونوں لازم ہیں پس جب اس نے قصاص معاف کر دیا تو معافی کی وجہ سے اسے باطل کردیا تو اب اسے دیت لینے کا حق ہوگا یا صرف قصاص واجب ہوگا اور وہ قصاص کے عوض دیت لے سکتا ہے یا دونوں میں سے ایک چیز واجب ہے قصاص ہوگا یا دیت، ان میں سے جو چاہے اختیار کرے لہذا یہ ان صورتوں میں سے کسی ایک سے خالی نہ ہوگا۔

فَاِنْ قُلْتُمْ الَّذِیْ وَجَبَ لَهٗ هُوَ الْقِصَاصُ وَالدِّیَةُ جَمِیْعًا فَهٰذَا فَاسِدٌ لِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ یُوْجِبْ عَلٰی اَحَدٍ فَعَلَ فِعْلًا اَکْثَرَ مِمَّا فَعَلَ فَقَدْ قَالَ عَزَّ وَجَلَّ وَکَتَبْنَا عَلَیْهِمْ فِیْهَا اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ فَلَمْ یُوْجِبِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰی اَحَدٍ بِفِعْلِهٖ یَفْعَلُهٗ اَکْثَرَ مِمَّا فَعَلَ وَلَوْ کَانَ ذٰلِكَ کَذٰلِكَ لَوَجَبَ اَنْ یَّقْتُلَ وَیَاْخُذَ الدِّیَةَ فَلَمَّا لَمْ یَکُنْ لَهٗ بَعْدَ قَتْلِهٖ اَخْذُ الدِّیَةِ دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰی اَنَّ الَّذِیْ کَانَ وَجَبَ لَهٗ خِلَافُ مَا قُلْتُمْ وَاِنْ قُلْتُمْ اِنَّ الَّذِیْ وَجَبَ لَهٗ هُوَ الْقِصَاصُ وَلٰکِنْ لَهٗ اَنْ یَّاْخُذَ الدِّیَةَ بَدَلًا مِّنْ ذٰلِكَ الْقِصَاصِ فَاِنَّا لَا نَجِدُ حَقًّا لِّرَجُلٍ یَّکُوْنُ لَهٗ اَنْ یَّاْخُذَ بِهٖ بَدَلًا بِغَیْرِ رِضَآءِ مَنْ عَلَیْهِ ذٰلِكَ الْحَقُّ

پس اگر تم کہو کہ قصاص اور دیت دونوں واجب ہیں تو یہ بات فاسد ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کسی فعل کے مرتکب پر اس کے فعل سے زائد واجب نہیں کیا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور ہم نے اس سلسلے میں ان پر فرض کیا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں بدلہ ہے" تو اللہ تعالیٰ نے کسی جرم کرنے والے پر اس کے جرم سے زائد واجب نہیں کیا اگر یہ بات اس طرح ہوتی تو واجب ہوگا کہ وہ قتل بھی کرے اور دیت بھی لے تو جب قتل کرنے کے بعد دیت لینا نہیں ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جو کچھ واجب ہے وہ تمہارے قول کے خلاف ہے — اور اگر تم کہو کہ واجب تو صرف قصاص ہے لیکن وہ اس کے عوض دیت لے سکتا ہے تو ہم یہ صورت نہیں پاتے کہ کوئی صاحب حق اس شخص کی مرضی کے خلاف جس کے ذمہ حق ہے اس کا بدل وصول کرے پس یہ معنیٰ بھی باطل ہو

فَبَطَلَ هٰذَا الْمَعْنٰى اَيْضًا وَاِنْ قُلْتُمْ اِنَّ الَّذِيْ وَجَبَ لَهٗ هُوَ اَحَدُ اَمْرَيْنِ اِمَّا الْقِصَاصُ وَاِمَّا الدِّيَةُ يَاْخُذُ مِنْهُمَا مَا اَحَبَّ وَلَمْ يَجِبْ لَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ وَاحِدًا مِّنْهُمَا دُوْنَ الْاٰخَرِ فَاِنَّهٗ يَنْبَغِيْ اِذَا عَفَا عَنْ اَحَدِهِمَا بِعَيْنِهٖ اَنْ لَّا يَجُوْزَ عَفْوُهٗ لِاَنَّ حَقَّهٗ اِنْ لَّمْ يَكُنْ هُوَ الْمَعْفُوُّ عَنْهُ بِعَيْنِهٖ فَيَكُوْنُ لَهٗ اِبْطَالُهٗ اِنَّمَا كَانَ لَهٗ اَنْ يَّخْتَارَهٗ فَيَكُوْنُ هُوَ حَقَّهٗ اَوْ يَخْتَارَ غَيْرَهٗ فَيَكُوْنُ هُوَ حَقَّهٗ فَاِذَا عَفَا عَنْ اَحَدِهِمَا قَبْلَ اخْتِيَارِهٖ اِيَّاهُ وَقَبْلَ وُجُوْبِهٖ لَهٗ بِعَيْنِهٖ فَعَفْوُهٗ بَاطِلٌ۔

گیا۔ اور اگر تم کہو کہ دو چیزوں میں سے ایک واجب ہے قصاص ہو گا یا دیت، جو کچھ پسند کرے لے لیکن اس کے لیے ضروری نہیں کہ ان میں سے کسی ایک ہی کو لے دوسری نہیں لے سکتا اس کے لیے مناسب ہے کہ جب دونوں میں کسی ایک معین کو معاف کر دیا تو یہ معاف کرنا جائز نہ ہو کیونکہ جو کچھ اس نے معاف کیا یہ معین طور پر اس کا حق نہ تھا لہذا وہ اس کو باطل کر سکتا ہے اسے اس بات کا حق تھا کہ وہ اسے اختیار کرے اس طرح وہ اس کا حق ہو جاتا یا دوسری کو اختیار کرے پس وہ اس کا حق ہو جاتا لہذا جب وہ ان دونوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے اور بعینہٖ اس کے واجب ہونے سے پہلے دوسرے حق کو معاف کر دے تو یہ معاف کرنا باطل ہو گا۔

اَلَا تَرٰى اَنَّ رَجُلًا لَّوْ جُرِحَ اَبُوْهُ عَمْدًا فَعَفَا عَنْ جَارِحِ اَبِيْهِ ثُمَّ مَاتَ اَبُوْهُ مِنْ تِلْكَ الْجِرَاحَةِ وَلَا وَارِثَ لَهٗ غَيْرُهٗ اَنَّ عَفْوَهٗ بَاطِلٌ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا عَفَا قَبْلَ وُجُوْبِ الْمَعْفُوِّ عَنْهُ لَهٗ۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی شخص کسی کے باپ کو جان بوجھ کر زخمی کر دے اور وہ اپنے باپ کو زخمی کرنے والے شخص کو معاف کر دے پھر اس کا باپ اسی زخم کی وجہ سے مر جائے اور اس (لڑکے) کے علاوہ کوئی دوسرا وارث بھی نہ ہو تو اس کا معاف کرنا باطل ہو گا کیونکہ اس نے معاف کرنے کا حق ملنے سے پہلے معاف کر دیا۔

فَلَمَّا كَانَ مَا ذَكَرْنَا كَذٰلِكَ وَكَانَ الْعَفْوُ مِنَ الْقَاتِلِ قَبْلَ اخْتِيَارِ الْقِصَاصِ اَوِ الدِّيَةِ جَائِزًا ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الْقِصَاصَ قَدْ كَانَ وَجَبَ لَهٗ بِعَيْنِهٖ قَبْلَ عَفْوِهٖ عَنْهُ وَلَوْلَا وُجُوْبُهٗ لَهٗ اِذًا لَّمَا كَانَ لَهٗ اِبْطَالُهٗ بِعَفْوِهٖ كَمَا لَمْ يَجُزْ عَفْوُ الْاِبْنِ عَنْ دَمِ اَبِيْهِ قَبْلَ وُجُوْبِهٖ لَهٗ۔

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا جب اس کا معاملہ اس طرح ہے اور قصاص یا دیت لینے سے پہلے قاتل کو معاف کرنا جائز ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ معاف کرنے سے پہلے صرف قصاص واجب تھا اور اگر وہ واجب نہ ہوتا تو وہ معافی کے ذریعے اسے باطل نہ کر سکتا جیسے بیٹا اپنے باپ کا خون اس وقت تک معاف نہیں کر سکتا جب تک وہ اس کے لیے واجب نہ ہو۔

فَفِيْ ثُبُوْتِ مَا ذَكَرْنَا وَانْتِفَاءِ هٰذِهِ الْوُجُوْهِ الَّتِيْ وَصَفْنَا مَا يَدُلُّ اَنَّ الْوَاجِبَ عَلَى الْقَاتِلِ عَمْدًا اَوِ الْجَارِحِ عَمْدًا هُوَ الْقِصَاصُ لَا غَيْرُ ذٰلِكَ مِنْ دِيَةٍ وَّلَا غَيْرِهَا اِلَّا اَنْ يَّصْطَلِحَ هُوَ اِنْ كَانَ حَيًّا اَوْ وَارِثُهٗ اِنْ كَانَ مَيِّتًا وَالَّذِيْ وَجَبَ ذٰلِكَ

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس کے ثبوت اور ان تین وجوہ کی نفی اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جان بوجھ کر قتل کرنے والے یا جان بوجھ کر زخمی کرنے والے پر صرف قصاص واجب ہے کوئی دوسری چیز یعنی دیت وغیرہ لازم نہیں البتہ زندہ ہونے کی صورت میں قاتل خود اور اس کے مرنے کی صورت میں اس کے ورثا کسی چیز پر

عَلَيْهِ عَلٰى شَيْءٍ فَيَكُوْنُ الصُّلْحُ جَائِزًا عَلٰى مَا اصْطَلَحَا عَلَيْهِ مِنْ دِيَةٍ اَوْ غَيْرِهَا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

صلح کرلیں تو وہ چیز واجب ہوگی اور دیت یا کسی دوسری چیز پر صلح جائز ہوگی حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

بَابُ ۲۱۴ الرَّجُلِ يَقْتُلُ رَجُلًا كَيْفَ يُقْتَلُ

کوئی شخص کسی کو قتل کرے تو اس کو کیسے قتل کیا جائے

۳۶۔ حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْدَاوُدَ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَّ رَاْسَ صَبِيٍّ بَيْنَ حَجَرَيْنِ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُرَضَّ رَاْسُهٗ بَيْنَ حَجَرَيْنِ۔

حضرت قتادہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک یہودی نے ایک بچے کا سر دو پتھروں کے درمیان کچل دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کا سر بھی دو پتھروں کے درمیان کچلا جائے۔

تَحْقِيْقُ مَسْئَلَہ

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَلَّدُوْهُ وَقَالُوْا يُقْتَلُ كُلُّ قَاتِلٍ بِمَا قَتَلَ بِهٖ۔

امام اول

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا كُلُّ مَنْ وَجَبَ عَلَيْهِ قَوَدٌ لَمْ يُقْتَلْ اِلَّا بِالسَّيْفِ۔

وَقَالُوْا هٰذَا الْحَدِيْثُ الَّذِيْ ذَكَرْتُمُوْهُ يَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَاٰى اَنَّ ذٰلِكَ الْقَاتِلَ يَجِبُ قَتْلُهٗ لِلّٰهِ اِذْ كَانَ اِنَّمَا قَتَلَ عَلٰى مَالٍ قَدْ بُيِّنَ فِيْ بَعْضِ الْحَدِيْثِ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس حدیث کی طرف گئی ہے اور انہوں نے اس پر عمل کرتے ہوئے فرمایا کہ ہر قاتل کو اسی چیز کے ساتھ قتل کیا جائے جس کے ساتھ اس نے قتل کیا۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جس شخص پر قصاص واجب ہو اسے صرف تلوار سے قتل کیا جائے۔

وہ فرماتے ہیں یہ حدیث جو تم نے روایت کی ہے اس میں احتمال ہے کہ نبی اکرم کے خیال میں اس کا قتل اللہ تعالیٰ کے لیے واجب ہو کیونکہ اس نے مال لینے کے لیے اس (بچے کو) کو قتل کیا تھا بعض احادیث میں یہ بات بیان کی گئی ہے۔

۳۷۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ عَدَا يَهُوْدِيٌّ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ہشام بن زید، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ عہد رسالت میں ایک یہودی نے ایک بچی پر زیادتی کی اس کے زیورات اتار لیے اور اس کا سر (پتھر سے) کچل دیا اس (بچی) کے گھر والے اسے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے تو وہ آخری سانس

عَلٰی جَارِیَۃٍ فَاَخَذَ اَوْضَاحًا کَانَتْ عَلَیْھَا وَرَضَحَ رَاْسَھَا فَاَتٰی بِھَا اَھْلُھَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھِیَ فِیْ اٰخِرِ رَمَقٍ وَقَدْ اُصْمِتَتْ فَقَالَ لَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَکِ اَفُلَانٌ لِغَیْرِ الَّذِیْ قَتَلَھَا فَاَشَارَتْ بِرَاْسِھَا اَیْ لَا فَقَالَ لِرَجُلٍ اٰخَرَ غَیْرِ الَّذِیْ قَتَلَھَا فَاَشَارَتْ بِرَاْسِھَا اَیْ لَا فَقَالَ فَفُلَانٌ لِقَاتِلِھَا فَاَشَارَتْ اَیْ نَعَمْ فَاَمَرَ بِہٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَرُضِخَ رَاْسُہٗ بَیْنَ حَجَرَیْنِ۔

سے رہی تھی اور بالکل خاموش تھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا کہ تجھے کس نے قتل کیا ہے کیا فلاں نے ؟ قاتل کے غیر کے بارے میں پوچھا، اس نے سر کے ساتھ اشارہ کیا کہ نہیں پھر ایک دوسرے شخص کے بارے میں، جو قاتل نہیں تھا پوچھا، تو اس نے سر کے اشارے سے بتایا کہ نہیں، آپ نے قاتل کے بارے پوچھا کہ فلاں نے ؟ تو اس نے اشارہ کیا یعنی ہاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا اور اس کے سر کو دو پتھروں کے درمیان کچل دیا گیا۔

۳۸؍۔ فَاِنْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَعَلَ دَمَ ذٰلِکَ الْیَھُوْدِیِّ قَدْ وَجَبَ لِلّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ کَمَا یَجِبُ دَمُ قَاطِعِ الطَّرِیْقِ لِلّٰہِ تَعَالٰی فَکَانَ لَہٗ اَنْ یَّقْتُلَ کَیْفَ شَآءَ بِسَیْفٍ اَوْ بِغَیْرِ ذٰلِکَ وَالْمُثْلَۃُ حِیْنَئِذٍ مُبَاحَۃٌ فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْعُرَنِیِّیْنَ۔

اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودی کا خون بہانا اللہ تعالیٰ کے لیے واجب قرار دیا جیسا کہ ڈاکوؤں کا خون اللہ تعالیٰ کے لیے واجب ہوتا ہے تو آپ کے لیے جائز تھا کہ جیسے چاہیں تلوار سے یا کسی دوسری طرح اسے قتل کر دیں اور ان دنوں مُثلہ (شکل بگاڑنا) جائز تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عرینہ کے ساتھ یہی سلوک کیا تھا۔

۳۹؍۔ فَاِنَّہٗ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ جَرِیْرُ ابْنُ حَازِمٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَدِمَ ثَمَانِیَۃُ رَھْطٍ مِّنْ عُکْلٍ فَاسْتَوْخَمُوا الْمَدِیْنَۃَ فَبَعَثَھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی ذَوْدٍ لَّہٗ فَشَرِبُوْا مِنْ اَلْبَانِھَا فَلَمَّا صَحُّوْا ارْتَدُّوْا عَنِ الْاِسْلَامِ وَقَتَلُوْا رَاعِیَ الْاِبِلِ وَسَاقُوا الْاِبِلَ فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اٰثَارِھِمْ فَاُخِذُوْا فَقَطَعَ اَیْدِیَھُمْ وَاَرْجُلَھُمْ وَسَمَلَ اَعْیُنَھُمْ وَتَرَکَھُمْ حَتّٰی مَاتُوْا۔

حضرت ابوقلابہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ قبیلہ عکل کے آٹھ آدمی مدینہ طیبہ آئے انہیں مدینہ طیبہ کی آب وہوا موافق نہ آئی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے اونٹوں کے پاس بھیج دیا انہوں نے ان کا دودھ پیا جب ٹھیک ہو گئے تو اسلام سے پھر گئے اونٹوں کے چرواہوں کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو ہانک کر لے گئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (کچھ لوگوں کو) ان کے پیچھے بھیجا انہوں نے ان کو پکڑ کر ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیں پھیر کر چھوڑ دیا حتیٰ کہ وہ مر گئے۔

۴۰؍۔ حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرَۃَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ

حضرت حمید طویل، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

بْنُ بَكْرٍ قَالَ ثَنَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ ۔

۷۴۱۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا قَبِيْصَةُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ هُمْ مِّنْ عُكْلٍ قَطَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ اَعْيُنَهُمْ ۔

۷۴۲۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ ثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ ح وَحَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ ثَنَا سَعِيْدٌ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ اَعْيُنَهُمْ وَتَرَكَهُمْ حَتّٰى مَاتُوْا ۔

۷۴۳۔ حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ ثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِّنْ حَيٍّ مِّنْ اَحْيَآءِ الْعَرَبِ فَاَسْلَمُوْا وَبَايَعُوْهُ قَالَ فَوَقَعَ الْمُوْمُ وَهُوَ الْبِرْسَامُ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْوَجَعُ قَدْ وَقَعَ فَلَوْ اَذِنْتَ لَنَا فَخَرَجْنَا اِلَى الْاِبِلِ فَكُنَّا فِيْهَا يَعْنِيْ قَالَ نَعَمْ اُخْرُجُوْا فَكُوْنُوْا فِيْهَا قَالَ فَخَرَجُوْا فَقَتَلُوْا اَحَدَ الرَّاعِيَيْنِ وَذَهَبُوْا بِالْاِبِلِ قَالَ وَجَآءَ الْاٰخَرُ وَقَدْ خَرَجَ فَقَالَ قَدْ قَتَلُوْا صَاحِبِيْ وَذَهَبُوْا بِالْاِبِلِ

سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ۔

حضرت ابو قلابہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ آیت کریمہ "بے شک ان لوگوں کا بدلہ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں کے بارے میں فرماتے ہیں کہ وہ قبیلہ عکل کے لوگ تھے نبی اکرم صلی علیہ وسلم نے ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے اور ان کی آنکھوں میں سلائیں پھیریں ۔

حضرت عبد العزیز بن صہیب، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے اور ان کی آنکھوں میں (لوہے کی) گرم سلائیں پھیریں اور ان کو (اسی حالت میں) چھوڑ دیا حتی کہ وہ مر گئے ۔

حضرت معاویہ بن قرہ، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں عرب کے قبائل میں سے ایک قبیلہ کے کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اسلام لائے اور آپ کے دست مبارک پر بیعت کی راوی فرماتے ہیں پھر انہیں برسام کی بیماری لاحق ہوئی انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم اس بیماری میں مبتلا ہو گئے ہیں اگر آپ اجازت فرمائیں تو ہم اونٹوں کی طرف چلے جائیں اور وہاں رہیں آپ نے فرمایا ہاں جاؤ اور وہاں رہو فرماتے ہیں وہ چلے گئے پھر انہوں نے ایک چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو ہنکا کر لے گئے فرماتے ہیں دوسرا چرواہا بچ کر نکل آیا اس نے عرض کیا کہ انہوں نے میرے ساتھی کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو لے گئے ہیں حضرت انس فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تقریباً بیس نوجوان انصار تھے آپ نے ان

قَالَ وَعِنْدَهُ شُبَّانٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ قَرِيبٌ مِّنْ عِشْرِيْنَ قَالَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمُ الشُّبَّانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعَثَ مَعَهُمْ قَائِفًا فَقَصَّ اٰثَارَهُمْ فَاَتٰى بِهِمْ فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ اَعْيُنَهُمْ ـ

جوانوں کو ان کے پیچھے بھیجا اور ان کے ساتھ ایک کھوجی کو بھیجا وہ ان کے نشانات کے مطابق چلا چنانچہ ان کو پکڑ کر لایا تو آپ نے ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے اور ان کی آنکھوں میں سلائیں پھیر دیں۔

فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُرَنِيِّيْنَ مَا فَعَلَ بِهِمْ مِنْ هٰذَا فَلَمَّا حَلَّ لَهُ مِنْ سَفْكِ دِمَائِهِمْ فَكَانَ لَهُ اَنْ يَقْتُلَهُمْ كَيْفَ اَحَبَّ وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ تَمْثِيْلًا بِهِمْ لِاَنَّ الْمُثْلَةَ كَانَتْ حِيْنَئِذٍ مُّبَاحَةً ثُمَّ نُسِخَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ وَنَهٰى عَنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَكُنْ لِاَحَدٍ اَنْ يَّفْعَلَهُ فَيَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ فَعَلَ بِالْيَهُوْدِيِّ مَا فَعَلَ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ثُمَّ نُسِخَ ذٰلِكَ بَعْدَ نَسْخِ الْمُثْلَةِ وَيَحْتَمِلُ اَيْضًا اَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَرَ مَا وَجَبَ عَلَى الْيَهُوْدِيِّ مِنْ ذٰلِكَ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَلٰكِنَّهُ رَاٰهُ وَاجِبًا لِاَوْلِيَاءِ الْجَارِيَةِ فَقَتَلَهُ لَهُمْ ـ

تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرنیہ والوں کے ساتھ یہ سلوک کیا تو جب آپ کے لیے ان کا خون بہانا جائز تھا تو آپ جیسے چاہتے ان کو قتل کرتے اگرچہ ان کو مُثلہ بنانا ہوتا کیونکہ ان دنوں مثلہ بنانا جائز تھا پھر اس کے بعد منسوخ ہو گیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا اب کسی شخص کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں۔ تو اس بات کا احتمال ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی کے ساتھ یہ معاملہ اسی وجہ سے کیا ہو پھر مُثلہ کے منسوخ کے بعد یہ حکم بھی منسوخ ہو گیا اور یہ بھی احتمال ہے کہ آپ کے خیال میں یہودی پر یہ قتل اللہ تعالیٰ کے حق کے سبب واجب نہ ہوا بلکہ آپ کے علم میں یہ لونڈی کے ورثا کیلئے واجب ہوا تھا تو آپ نے انکے حق کے طور پر اسے قتل کر دیا۔

فَاحْتَمَلَ اَنْ يَكُوْنَ قَتَلَهُ كَمَا فَعَلَ لِاَنَّ ذٰلِكَ هُوَ الَّذِيْ كَانَ وَجَبَ عَلَيْهِ ـ

تو اس بات کا احتمال ہے کہ آپ نے اسے اسی طرح قتل کیا جیسے اس نے کیا تھا کیونکہ اس پر یہی واجب تھا۔

وَاحْتَمَلَ اَنْ يَكُوْنَ الَّذِيْ كَانَ وَجَبَ عَلَيْهِ هُوَ سَفْكُ الدَّمِ بِاَيِّ شَيْءٍ مِّمَّا شَاءَ الْوَلِيُّ يَسْفِكُهُ بِهِ فَاخْتَارُوا الرَّضْخَ فَفَعَلَ ذٰلِكَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ

اور یہ بھی احتمال ہے کہ محض اس کا خون بہانا واجب ہو اور ولی کو اختیار ہو جس چیز کے ساتھ چاہے بہائے تو انہوں نے کچلنا پسند کیا چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی خاطر ایسا کیا۔

هٰذِهٖ وُجُوْهٌ يَحْتَمِلُهَا هٰذَا الْحَدِيْثُ وَلَا دَلَالَةَ مَعَنَا يَدُلُّنَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ بَعْضَهَا دُوْنَ بَعْضٍ ـ

اس حدیث میں ان وجوہ کا احتمال ہے اور ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں جو اس بات پر دلالت کرے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی ایک طریقے کو چھوڑ کر دوسرا اختیار فرمایا۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَتَلَ ذٰلِكَ الْيَهُوْدِيَّ بِخِلَافِ مَا

آپ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے یہودی کو اس طریقے کے خلاف قتل کیا جس طریقے سے اس نے بچی کو قتل کیا تھا۔

كَانَ قَتَلَ بِهِ الْجَارِيَةَ۔

۴۴۷۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ دَاوُدَ اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْيَعْلٰى مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ ثَنَا اَبُوْصَفْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ ابْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ قَالَ ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ وَكَانَ ثِقَةً وَرَفَعَ بِهِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْيَهُوْدِ رَضَخَ رَاْسَ جَارِيَةٍ عَلٰى حَلْيٍ لَهَا فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُرْجَمَ حَتّٰى قُتِلَ۔

حضرت ابوقلابہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک یہودی شخص نے ایک بچی کے سر کو اس کے زیورات کے لیے جو اس نے پہنے ہوئے تھے، کچل دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو پتھر مارے جائیں یہاں تک کہ وہ مر جائے۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ قَتَلَ ذٰلِكَ الْيَهُوْدِيَّ رَجْمًا بِقَتْلِهِ الْجَارِيَةَ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فِيْ هٰذَا الْاَثَرِ وَفِيْمَا تَقَدَّمَهُ مِنَ الْاٰثَارِ وَهُوَ رَضْخُهُ رَاْسَهَا وَالرَّجْمُ قَدْ يُصِيْبُ الرَّاْسَ وَغَيْرَ الرَّاْسِ فَقَدْ قَتَلَهُ بِغَيْرِ مَا كَانَ قَتَلَ بِهِ الْجَارِيَةَ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَا كَانَ فَعَلَ كَانَ حَلَالًا يَوْمَئِذٍ ثُمَّ نُسِخَ بِنَسْخِ الْمُثْلَةِ۔

تو اس حدیث میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودی کو بچی کے قتل کے سبب پتھر مار مار کر ہلاک کیا جیسا کہ ہم نے یہ واقعہ گزشتہ حدیث اور اس سے پہلے کی روایات میں ذکر کیا کہ اس نے اس بچی کے سر کو کچلا تھا اور رجم کبھی سر پر ہوتا ہے اور کبھی دوسری جگہ، تو آپ نے اس صورت کے خلاف اسے قتل کیا جس انداز میں اس نے بچی کو قتل کیا تھا۔ تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ آپ نے جو کچھ کیا وہ ان دنوں جائز تھا پھر مُثلہ کے منسوخ ہونے کے ساتھ ہی یہ بھی منسوخ ہو گیا۔

۴۴۵۔ فَمِمَّا رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَسْخِ الْمُثْلَةِ مَا قَدْ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا نَافِعُ ابْنُ يَزِيْدَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَالْمُجَثَّمَةُ الشَّاةُ تُرْمٰى بِالنَّبْلِ حَتّٰى تُقْتَلَ۔

مُثلہ کے منسوخ ہونے کے بارے میں ایک روایت

حضرت ابن جریج سے مروی ہے وہ حضرت عکرمہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجثمہ سے منع فرمایا مجثمہ یہ ہے کہ بکری کو تیر سے مارا جائے حتیٰ کہ وہ مر جائے۔

۴۴۶۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ

الْعَدَانِیُّ قَالَا اَخْبَرَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوْا شَیْئًا فِیْہِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی ذی رُوح چیز کو نشانہ نہ بناؤ (یعنی باندھ کر نشانہ نہ بناؤ)

۷۴۷۔ حَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ سَمِعْتُ یَزِیْدَ بْنَ ھَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَۃُ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت یزید بن ہارون فرماتے ہیں ہمیں حضرت شعبہ نے خبر دی انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۷۴۸۔ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ وَسِمَاکٍ عَنْ عِکْرِمَۃَ قَالَ اَحَدُھُمَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

حضرت عاصم احول اور حضرت سماک حضرت عکرمہ سے روایت کرتے ہیں ان میں سے ایک حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۷۴۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ سِمَاکٍ عَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

حضرت سماک، حضرت عکرمہ سے وہ حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۷۵۰۔ حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ ثَنِیْ اَبِیْ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ ثَنِی الْمِنْھَالُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ اَوْ مُجَاھِدٍ قَالَ مَرَّ ابْنُ عُمَرَ بِدَجَاجَۃٍ قَدْ نُصِبَتْ تُرْمٰی فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْھٰی اَنْ یُّمَثَّلَ بِالْبَھَائِمِ۔

حضرت منہال بن عمرو، حضرت سعید بن جبیر یا حضرت مجاہد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک مرغی کے پاس سے گزرے جسے کھڑا کر کے تیر مارے جا رہے تھے انہوں نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے جانوروں کو کھڑا کر کے (باندھ کر) نشانہ بنانے سے منع فرمایا۔

۷۵۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ وَھْبٍ قَالَ ثَنِیْ عَمِّیْ وَھُوَ ابْنُ وَھْبٍ قَالَ ثَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَابْنُ لَھِیْعَۃَ اَنَّ بُکَیْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ حَدَّثَھُمَا عَنْ اَبِیْہِ عَنِ ابْنِ یَعْلٰی اَنَّہٗ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

حضرت ابولیلی سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم نے حضرت عبدالرحمن بن خالد بن ولید (رضی اللہ عنہم) کے ہمراہ جہاد کیا تو دشمن کی طرف سے چار عجمی کافر لائے گئے حضرت عبدالرحمن کے حکم سے انہیں مشکیں باندھ کر تیروں سے قتل کیا گیا یہ بات حضرت ابوایوب

ابْنِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ فَأُتِيَ بِأَرْبَعَةِ أَعْلَاجٍ مِّنَ الْعَدُوِّ فَأَمَرَ بِهِمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَقَتَلُوْا صَبْرًا بِالنَّبْلِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ أَبَا أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيَّ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ قَتْلِ الصَّبْرِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ كَانَتْ دُجَاجَةٌ مَّا صَبَرْتُهَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَأَعْتَقَ أَرْبَعَ رِقَابٍ۔

انصاری رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو انہوں نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ باندھ کر قتل کرنے سے منع فرماتے تھے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر مرغی بھی ہوتی تو میں اسے باندھ کر قتل نہ کرتا حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے چار غلام آزاد کیے۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ إِسْحَاقَ عَنْ بُكَيْرٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت اسحٰق، حضرت بکیر سے روایت کرتے انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ يَعْلٰى عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صَبْرِ الدَّابَّةِ قَالَ أَبُوْ أَيُّوْبَ وَكَانَتْ دَجَاجَةٌ مَا صَبَرْتُهَا۔

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع فرمایا حضرت ابوایوب فرماتے ہیں اگر مرغی بھی ہوتی تو میں اسے باندھ کر ہلاک نہ کرتا۔

۷۵۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنَا فَيَأْمُرُنَا بِالصَّدَقَةِ وَيَنْهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ۔

حضرت حسن، حضرت عمران بن حصین سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں خطبہ دیتے ہوئے صدقہ کا حکم دیتے اور مُثلہ کرنے سے منع فرماتے۔

۷۵۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ ثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ قَالَ قَلَّمَا خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خُطْبَةً إِلَّا أَمَرَنَا فِيْهِ بِالصَّدَقَةِ وَنَهَانَا فِيْهَا عَنِ الْمُثْلَةِ۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اکثر خطبوں میں صدقہ کا حکم دیتے اور مُثلہ کرنے سے منع فرماتے۔

۷۵۴۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا الْحَسَنُ قَالَ قَالَ سَمُرَةُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَّمَا قَامَ فِيْنَا يَخْطُبُ إِلَّا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ

ایک دوسرے طریق سے حضرت حسن سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً ہر خطبہ میں ہمیں صدقہ کا حکم دیتے اور مُثلہ سے منع فرماتے۔

۷۵۵۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ ابْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُصْبَرَ الْبَهَائِمُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانوروں کو کھڑا کر کے ہلاک کرنے سے منع فرمایا۔

۷۵۶۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا الْقَاسِمُ يَعْنِي ابْنَ مَالِكٍ عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ نَوْفَلٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ ثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ صُفَيَّةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُثْلَةِ۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مُثلہ کرنے سے منع فرمایا۔

۷۵۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ وَابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَا ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ شِبَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هُنَيِّ ابْنِ نُوَيْرَةَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَحْسَنُ النَّاسِ قِتْلَةً اَهْلُ الْاِيْمَانِ۔

حضرت علقمہ، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا اہلِ ایمان، بہترین طریقے پر قتل کرنے والے ہیں[لہ]

۷۵۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ وَلَمْ يَذْكُرْ شَيْئًا عَنْ هُنَيٍّ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابراہیم، حضرت علقمہ سے وہ حضرت عبد اللہ (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

فَقَدْ ثَبَتَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ نَسْخُ الْمُثْلَةِ بَعْدَ اَنْ كَانَتْ مُبَاحَةً عَلٰى مَا قَدْ رَوَيْنَاهُ فِيْ حَدِيْثِ الْعُرَنِيِّيْنَ۔

ان روایات سے ثابت ہوا کہ مُثلہ کا حکم منسوخ ہو چکا ہے جب کہ پہلے یہ جائز تھا جیسا کہ عرنیہ والوں کی حدیث میں ہم نے روایت کیا۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ لَمْ يَدْخُلْ مَا اخْتَلَفْنَا نَحْنُ وَاَنْتُمْ فِيْهِ مِنَ الْقِصَاصِ فِيْ هٰذَا لِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ قصاص کے سلسلے میں جو کچھ ہمارے اور تمہارے میں اختلاف ہے وہ اس میں داخل نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اور اگر تم بدلہ لو تو اس کی مثل بدلہ لو جیسی تمہیں تکلیف دی گئی"۔

قِيْلَ لَهٗ لَيْسَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ يُرَادُ

اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ اس آیت

لہ یعنی جہاں قتل کرنا ضروری ہو وہاں اذیت دینے کی بجائے آسانی کے ساتھ قتل کرتے ہیں۔ ۱۲ ہزاروی۔

بِهَا هٰذَا الْمَعْنٰى اِنَّمَا اُرِيْدَ بِهَا مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا رَوَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ۔

سے یہ معنی مراد نہیں بلکہ اس سے وہ مفہوم مراد ہے جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اور اسے حضرت ابن عباس اور حضرت ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کیا۔

۵۹۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى ابْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الْحِمَّانِيُّ قَالَ ثَنَا قَيْسٌ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا قُتِلَ حَمْزَةُ وَمُثِّلَ بِهٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ ظَفِرْتُ بِهِمْ لَاُمَثِّلَنَّ بِسَبْعِيْنَ رَجُلًا مِنْهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلْ نَصْبِرُ۔

حضرت مقسم، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کر کے ان کا مُثلہ کیا گیا تو رسول اکرم صلی اللہ وسلم نے فرمایا اگر مجھے ان پر کامیابی حاصل ہوگئی تو میں سے ستر آدمیوں کو مُثلہ بناؤں گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ آیت کریمہ نازل فرمائی "اگر تم ان سے بدلہ لو تو اس کی مثل لو جو اذیت انہوں نے تمہیں پہنچائی اور اگر تم صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے لیے بہتر ہے" اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلکہ ہم صبر کریں گے۔

۶۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ قَالَا ثَنَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلٰى حَمْزَةَ حِيْنَ اسْتُشْهِدَ فَنَظَرَ اِلٰى اَمْرٍ لَمْ يَنْظُرْ قَطُّ اِلٰى اَمْرٍ اَوْجَعَ لِقَلْبِهٖ مِنْهُ فَقَالَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ اِنْ كُنْتَ لَوَصُوْلًا لِلرَّحِمِ فَعُوْلًا لِلْخَيْرَاتِ وَلَوْلَا حُزْنٌ مِنْ بَعْدِكَ لَسَرَّنِيْ اَنْ اَدَعَكَ حَتّٰى تُحْشَرَ مِنْ اَفْوَاجٍ شَتّٰى وَاَيْمُ اللّٰهِ لَاُمَثِّلَنَّ بِسَبْعِيْنَ مِنْهُمْ مَكَانَكَ فَنَزَلَ عَلَيْهِ جِبْرَائِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفٌ بَعْدُ بِخَوَاتِيْمِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس کھڑے ہوگئے اور آپ نے ایک ایسا معاملہ دیکھا کہ اس سے زیادہ آپ کے دل کو دکھ دینے والا واقعہ کبھی نہیں دیکھا تھا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے آپ صلہ رحمی کرنے والے بہت زیادہ نیکیاں کرنے والے تھے اگر آپ کے بعد غم کا خیال نہ ہوتا تو مجھے یہ بات پسند تھی کہ آپ کو چھوڑ دیتا حتیٰ کہ آپ (جانوروں کے) مختلف جوڑوں میں سے اٹھائے جاتے اللہ کی قسم! میں آپ کی جگہ ان کے ستر آدمیوں کو مثلہ بناؤں گا ابھی آپ اپنی جگہ کھڑے ہی تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام سورۂ نحل

سُوْرَةِ النَّحْلِ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَ لَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ وَاِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ فَصَبَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ كَفَّرَ عَنْ يَمِيْنِهٖ۔

کی آخری آیات لے کر اترے وان عاقبتم (آخر تک) چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبر فرمایا اور قسم کا کفارہ ادا کیا۔

فَاِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْ هٰذَا الْمَعْنٰى لَا فِي الْمَعْنَى الَّذِيْ ذَكَرْتَ۔

تو یہ آیت اس مفہوم کے لیے نازل ہوئی اس بات کے لیے نہیں جس کا تم نے ذکر کیا۔

وَ قَدْ رُوِيَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِالسَّيْفِ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے فرمایا تلوار کے بغیر قصاص نہ لیا جائے۔

۴۶۱۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِيْ عَازِبٍ عَنِ النُّعْمَانِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِالسَّيْفِ۔

حضرت جابر، حضرت ابو عازب سے اور وہ حضرت نعمان سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تلوار کے بغیر قصاص نہ لیا جائے۔

فَدَلَّ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَنَّ الْقَوَدَ لِكُلِّ قَتِيْلٍ مَا كَانَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا بِالسَّيْفِ۔

تو یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ مقتول کسی قسم کا بھی ہو اس کا قصاص تلوار سے لیا جائے۔

وَقَدْ جَاءَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا قَدْ دَلَّ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا اَيْضًا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی روایات بھی آئی ہیں جو اس مذکورہ بات پر دلالت کرتی ہیں۔

۴۶۲۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِجِرَاحٍ فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَّسْتَاْنُوْا بِهَا سَنَةً۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ زخمی لوگ لائے گئے تو آپ نے فرمایا ایک سال تک (ان زخموں کے ٹھیک ہونے کی) انتظار کرو

۴۶۳۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُسْتَقَادُ مِنَ الْجُرْحِ حَتّٰى يَبْرَاَ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا زخموں کی وجہ سے قصاص نہ لیا حتیٰ کہ وہ ٹھیک ہو جائیں۔

فَلَوْ كَانَ يُفْعَلُ بِالْجَانِي كَمَا فَعَلَ كَمَا قَالَ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُولَى لَمْ يَكُنْ لِلْاِسْتِينَاءِ مَعْنًى لِأَنَّهُ يَجِبُ عَلَى الْقَاطِعِ قَطْعُ يَدِهِ إِنْ كَانَتْ جِنَايَتُهُ قَطْعًا بَرِءَ مِنْ ذٰلِكَ الْمَجْنِيُّ عَلَيْهِ أَوْ مَاتَ.

فَلَمَّا ثَبَتَ الْاِسْتِينَاءُ لِيَنْظُرَ مَا تَؤُولُ عَلَيْهِ الْجِنَايَةُ ثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّ مَا يَجِبُ فِيهِ الْقِصَاصُ هُوَ مَا تَؤُولُ إِلَيْهِ الْجِنَايَةُ لَا غَيْرُ ذٰلِكَ.

فَإِنْ طَعَنَ طَاعِنٌ فِي يَحْيَى بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ وَأَنْكَرَ عَلَيْنَا الْاِحْتِجَاجَ بِحَدِيثِهِ فَإِنَّ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِينِيِّ قَدْ ذَكَرَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ أَنَّهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ فِي حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ.

وَقَدْ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الشَّافِعِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الثَّقَفِيُّ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الْإِحْسَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوا الذَّبْحَ وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ وَلْيُرِحْ ذَبِيحَتَهُ.

فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ بِأَنْ يُحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَأَنْ يُرِيحُوا مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَهُمْ ذَبْحَهُ مِنَ الْأَنْعَامِ فَمَا أَحَلَّ لَهُمْ قَتْلَهُ مِنْ بَنِي آدَمَ فَهُوَ أَحْرَى أَنْ يُفْعَلَ بِهِ ذٰلِكَ.

اگر مجرم کے ساتھ وہی سلوک ہوتا جو اس نے کیا ہے جیسا کہ پہلے قول والے کہتے ہیں تو سال کی مہلت دینے کا کوئی مطلب نہ ہوتا کیونکہ ہاتھ کاٹنے والے کا ہاتھ ضرور کاٹنا ہے اگر اس کا جرم ہاتھ کاٹنا ہے مظلوم ٹھیک ہو یا مر جائے۔

تو جب ایک سال تک انتظار کیا جاتا ہے تاکہ دیکھا جائے کہ جرم کا انجام کیا ہوتا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ قصاص اسی صورت میں واجب ہوگا جس میں جنایت انجام کو پہنچے کسی اور صورت میں نہیں۔

اگر کوئی طعن کرنے والا یحییٰ بن ابی انیسہ (حدیث کے ایک راوی) پر طعن کرے اور ان کی روایت سے استدلال کا انکار کرے تو (اس کا جواب یہ ہے کہ) علی بن مدینی، حضرت یحییٰ بن سعید سے نقل کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں وہ (یحییٰ بن ابی انیسہ) حضرت زہری کی محمد بن اسحٰق سے روایت میں مجھے زیادہ پسند ہیں۔

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر کام میں احسان کو لازمی قرار دیا ہے پس جب تم قتل کرو تو اچھی طرح قتل کرو اور جب ذبح کرو تو اچھی طرح ذبح کرو اور چاہیے کہ تم میں سے ایک اپنی چھری کو تیز کرے اور اپنے ذبیحہ کو آرام پہنچائے۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو حکم دیا کہ اچھے طریقے سے قتل کریں اور جن جانوروں کو ذبح کرنا اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے حلال کیا ہے انہیں آرام پہنچائیں پس جن انسانوں کو قتل کرنا ان کے لیے جائز قرار دیا ان سے یہ سلوک کرنا زیادہ مناسب ہے۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ لَا يُسْتَأْنَى بُرْءُ الْجِرَاحِ وَخَالَفَ مَا ذَكَرْنَا فِي ذٰلِكَ مِنَ الْآثَارِ كَفَىٰ بِهِ جَهْلًا فِي خِلَافِهِ كُلَّ مَنْ تَقَدَّمَهُ مِنَ الْعُلَمَاءِ وَعَلَىٰ ذٰلِكَ فَإِنَّا نُفْسِدُ قَوْلَهُ مِنْ طَرِيقِ النَّظَرِ۔

وَذٰلِكَ إِنَّا رَأَيْنَا رَجُلًا لَوْ قَطَعَ يَدَ رَجُلٍ خَطَأً فَبَرَأَ مِنْهَا وَجَبَتْ عَلَيْهِ دِيَةُ الْيَدِ وَلَوْ مَاتَ مِنْهَا وَجَبَتْ عَلَيْهِ دِيَةُ النَّفْسِ وَلَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ فِي الْيَدِ شَيْءٌ وَدَخَلَ مَا كَانَ يَجِبُ فِي الْيَدِ فِيمَا وَجَبَ فِي النَّفْسِ فَصَارَ الْجَانِي كَمَنْ قَتَلَ وَلَيْسَ كَمَنْ قَطَعَ وَصَارَتِ الْيَدُ لَا يَجِبُ لَهَا حُكْمٌ إِلَّا وَالنَّفْسُ قَائِمَةٌ وَلَا يَجِبُ لَهَا حُكْمٌ إِذَا كَانَتِ النَّفْسُ تَالِفَةً فَصَارَ النَّظَرُ عَلَىٰ ذٰلِكَ يَكُونُ كَذٰلِكَ إِذَا قَطَعَ يَدَهُ عَمْدًا فَإِنْ بَرَءَ فَالْحُكْمُ لِلْيَدِ وَفِيهَا الْقَوَدُ وَإِنْ مَاتَ مِنْهَا فَالْحُكْمُ لِلنَّفْسِ وَفِيهَا الْقِصَاصُ لَا فِي الْيَدِ قِيَاسًا وَنَظَرًا عَلَىٰ مَا ذَكَرْنَا مِنْ حُكْمِ الْخَطَأِ۔

وَيَدْخُلُ أَيْضًا عَلَىٰ مَنْ يَقُولُ إِنَّ الْجَانِيَ يُقْتَلُ كَمَا قَتَلَ أَنْ يَقُولَ إِذَا رَمَاهُ بِسَهْمٍ فَقَتَلَهُ أَنْ تُنْصَبَ الرَّامِي فَيُرْمِيهِ حَتَّىٰ يَقْتُلَهُ وَقَدْ نَهَىٰ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَبْرِ ذِي الرُّوحِ فَلَا يَنْبَغِي أَنْ يُصْبَرَ أَحَدٌ لِنَهْيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ وَلٰكِنْ يُقْتَلُ قَتْلًا لَا يَكُونُ مَعَهُ شَيْءٌ مِنَ النَّهْيِ۔

أَلَا تَرَىٰ أَنَّ رَجُلًا لَوْ نَكَحَ رَجُلًا فَقَتَلَهُ بِذٰلِكَ أَنَّهُ لَا يَجِبُ لِلْوَلِيِّ أَنْ يَفْعَلَ بِالْقَاتِلِ كَمَا فَعَلَ وَلٰكِنْ يَجِبُ لَهُ أَنْ

اگر کوئی شخص کہے کہ زخم کے ٹھیک ہونے کی انتظار نہیں کی جائے گی اور وہ ان روایات کی مخالفت کرے جو ہم نے ذکر کی ہیں تو اس کی جہالت کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ متقدمین علماء کی مخالفت کرتا ہے اس کے باوجود ہم اس کے قول کو قیاس کے طور پر فاسد قرار دیتے ہیں۔

اور وہ اس طرح کہ ہم دیکھتے ہیں اگر کوئی شخص غلطی سے کسی دوسرے شخص کا ہاتھ کاٹ دے اور وہ ٹھیک ہو جائے تو اس پر ہاتھ کی دیت واجب ہوتی ہے اور اگر وہ اس وجہ سے مر جائے تو اس پر ایک جان کی دیت واجب ہوتی ہے اور ہاتھ کے سلسلے میں کچھ بھی واجب نہیں ہوتا اور ہاتھ کے سلسلے میں واجب ہونے والی سزا نفس کی جنایت میں واجب ہونے والی سزا میں داخل ہو جاتی ہے اور جرم کرنے والا قاتل کی طرح ہوتا ہے ہاتھ کاٹنے والے کی طرح نہیں ہوتا ہاتھ کا حکم اس صورت میں واجب ہوتا جب نفس باقی ہو اور اگر اس کی جان ضائع ہو جائے تو ہاتھ کاٹنے کا حکم واجب نہیں ہوتا تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ جب وہ جان بوجھ کر ہاتھ کاٹے تو اسی طرح حکم ہو اگر وہ ٹھیک ہو جائے تو ہاتھ کاٹنے کا حکم ہوگا اور اس میں بدلہ ہوگا اور اگر وہ مر جائے تو نفس کا حکم ہوگا اور اس میں قصاص لازم ہوگا ہاتھ کا بدلہ نہ ہوگا خطا کے سلسلے میں ہم نے جو کچھ ذکر کیا ہے اس پر قیاس کا تقاضا یہی ہے۔

جو شخص کہتا ہے کہ قاتل کو اسی طرح قتل کیا جائے جیسے اس نے قتل کیا اس پر یہ اعتراض بھی ہوتا ہے کہ وہ کہے کہ اگر اس نے تیر سے ہلاک کیا تو اس تیر مارنے والے کو کھڑا کر کے تیر مارے یہاں تک کہ اسے ہلاک کر دے حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی جاندار چیز کو کھڑا کر کے مارنے سے منع فرمایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ممانعت کی وجہ سے اسے کھڑا کرنا صحیح نہیں بلکہ جس طریقے سے ممانعت نہ ہو اس طریقے پر قتل کیا جائے۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی مرد سے بدفعلی کرے اور اس کے سبب سے اسے ہلاک کر دے تو ولی کو اس بات کا حق نہیں کہ قاتل کے ساتھ بھی وہی سلوک کرے جو اس نے کیا بلکہ اسے محض

يَقْتُلَهُ لِاَنَّ نِكَاحَهُ اِيَّاهُ حَرَامٌ عَلَيْهِ فَكَذٰلِكَ صَبْرُهُ اِيَّاهُ فِيْمَا وَصَفْنَا حَرَامٌ عَلَيْهِ وَلٰكِنْ لَهٗ قَتْلُهٗ كَمَا يُقْتَلُ مَنْ حَلَّ دَمُهٗ بِرِدَّةٍ اَوْ بِغَيْرِهَا هٰذَا هُوَ النَّظْرُ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ غَيْرَ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ لَا يُوْجِبُ الْقَوَدَ عَلٰى مَنْ قَتَلَ بِحَجَرٍ وَسَنُبَيِّنُ قَوْلَهٗ هٰذَا وَالْحُجَّةُ لَهٗ فِيْ بَابِ شِبْهِ الْعَمْدِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

قتل کرنے کا حق ہے کیونکہ اس کے ساتھ بدفعلی کرنا بھی حرام ہے اسی طرح اسے باندھ کر ہلاک کرنا بھی حرام ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا البتہ اسے قتل کرنے کا حق ہے جیسے اس شخص کو قتل کیا جاتا ہے جس کا خون مرتد ہونے یا کسی اور وجہ سے مباح ہو جاتا ہے قیاس یہی ہے اور یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے البتہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جس نے پتھر کے ساتھ ہلاک کیا اس پر بدلہ واجب نہیں ہم آپ کے اس قول اور دلیل کو عنقریب شبہ عمد کے باب میں بیان کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بَابُ ۲۱۵ شِبْهِ الْعَمْدِ الَّذِيْ لَا قَوَدَ فِيْهِ مَا هُوَ

شبہ عمد جس میں قصاص نہیں

۷۶۵۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ قَاسِمِ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ جَوْشَنٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ السَّدُوْسِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ اَلَا اِنَّ قَتِيْلَ خَطَاِ الْعَمْدِ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا وَالْحَجَرِ فِيْهِ دِيَةٌ مُغَلَّظَةٌ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ مِنْهَا اَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً فِيْ بُطُوْنِهَا اَوْلَادُهَا۔

حضرت عقبہ بن اوس سدوسی، ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن خطبہ دیا تو آپ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا سنو! شبہ عمد کا مقتول وہ ہے جو کوڑے، لاٹھی اور پتھر سے قتل ہو جائے اس میں دیت مغلظہ ہے یعنی سو اونٹ ہیں جن میں چالیس حاملہ اونٹنیاں ہوں۔

تحقيق مسئله

تحقیق مسئلہ

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالُوْا لَا قَوَدَ عَلٰى مَنْ قَتَلَ رَجُلًا بِعَصًا اَوْ حَجَرٍ وَمِمَّنْ قَالَ بِذٰلِكَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے اس حدیث کو اپناتے ہوئے فرمایا کہ جس شخص نے کسی کو لاٹھی یا پتھر سے ہلاک کیا اس پر قصاص نہیں حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ

اَبُوْحَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔
وَخَالَفَھُمْ فِیْ ذٰلِکَ اٰخَرُوْنَ مِنْھُمْ اَبُوْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْھِمَا فَقَالُوْا اِذَا کَانَتِ الْخَشْبَۃُ مِثْلُھَا یَقْتُلُ فَعَلَی الْقَاتِلِ بِھَا الْقِصَاصُ وَذٰلِکَ عَمَدٌ وَاِنْ کَانَ مِثْلُھَا لَا یَقْتُلُ فَفِیْ ذٰلِکَ الدِّیَۃُ وَذٰلِکَ شِبْہُ الْعَمَدِ۔

وَقَالُوْا لَیْسَ فِیْمَا احْتَجَّ بِہٖ عَلَیْنَا اَھْلُ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی مِنْ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا اِنَّ قَتِیْلَ خَطَاءِ الْعَمَدِ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا وَالْحَجَرِ فِیْہِ مِائَۃٌ مِّنَ الْاِبِلِ دَلِیْلٌ عَلٰی مَا قَالُوْا لِاَنَّہٗ قَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَکُوْنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَادَ ذٰلِکَ الْعَصَا الَّتِیْ لَا تَقْتُلُ مِثْلُھَا الَّتِیْ ھِیَ کَالسَّوْطِ الَّذِیْ لَا یَقْتُلُ مِثْلُہٗ فَاِنْ کَانَ اَرَادَ بِذٰلِکَ فَھُوَ الَّذِیْ قُلْنَا وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ اَرَادَ ذٰلِکَ وَاَرَادَ مَا قُلْتُمْ اَنْتُمْ فَقَدْ تَرَکْتُمَا الْحَدِیْثَ وَخَالَفْنَاہُ فَنَحْنُ بَعْدُ لَمْ نُثْبِتْ خِلَافَنَا لِھٰذَا الْحَدِیْثِ اِذْ کُنَّا نَقُوْلُ اِنَّ مِنَ الْعَصَا مَا اِذَا قُتِلَ بِہٖ لَمْ یَجِبْ بِہٖ عَلَی الْقَاتِلِ قَوَدٌ وَھٰذَا الْمَعْنَی الَّذِیْ حَمَلْنَا عَلَیْہِ مَعْنٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ اَوْلٰی مِمَّا حَمَلَہٗ عَلَیْہِ اَھْلُ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی لِاَنَّ مَا حَمَلْنَاہُ عَلَیْہِ لَا یُضَادُّ حَدِیْثَ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اِیْجَابِہِ الْقَوَدَ عَلَی الْیَھُوْدِیِّ الَّذِیْ رَضَخَ رَاْسَ الْجَارِیَۃِ بِحَجَرٍ وَّمَا حَمَلَہٗ عَلَیْہِ اَھْلُ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی یُضَادُّ ذٰلِکَ وَیَنْفِیْہِ وَلِاَنْ یُّحْمَلَ الْحَدِیْثُ عَلٰی مَا یُوَافِقُ بَعْضُہٗ

اللہ بھی اسی بات کے قائلین میں شامل ہیں۔

لیکن دوسرے حضرات جن میں حضرت امام ابویوسف اور امام محمد رحمہما اللہ بھی شامل ہیں نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا اگر لکڑی ایسی ہو کہ وہ ہلاک کر دیتی ہے تو اس میں قاتل پر قصاص ہے اور یہ قتل عمد (جان بوجھ کر قتل کرنا) ہے اور اگر اس جیسی لکڑی ہلاک نہیں کرتی تو اس میں دیت ہے اور یہ شبہ عمد ہے (یعنی عمد کے مشابہ ہے)

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ پہلے قول والوں نے جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی "سنو! شبہ عمد، کوڑے، عصا اور پتھر سے قتل کرنا ہے اور اس میں ایک سو اونٹ (دیت) ہے" سے استدلال کیا ہے تو اس میں ان کے موقف پر دلیل نہیں ہے کیونکہ ہو سکتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے وہ لاٹھی مراد لی ہو جو ہلاک نہیں کرتی اور وہ اس کوڑے کی طرح ہے جس سے ہلاکت واقع نہیں ہوتی اگر آپ کی یہی مراد ہے تو اس سے ہماری بات ثابت ہو گئی اور اگر آپ کی مراد یہ نہیں بلکہ وہ بات مراد ہے جو تم نے کہی ہے تو ہم نے حدیث کو چھوڑ دیا اور اس کی مخالفت کی لیکن ہم نے ابھی تک اس حدیث کے خلاف ثابت نہیں کیا کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ کچھ لاٹھیاں اس قسم کی ہیں کہ ان سے ہلاکت کے سبب قاتل پر قصاص واجب نہیں ہوتا اور یہ معنیٰ جس پر ہم نے اس حدیث کو محمول کیا اس معنیٰ سے بہتر ہے جو پہلے قول والوں کی مراد ہے کیونکہ ہم نے اس حدیث سے جو مفہوم لیا ہے وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کے خلاف نہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے اس یہودی پر قصاص واجب قرار دیا جس نے ایک بچی کا سر پتھر سے کچل دیا تھا پہلے قول والوں نے اس سے جو معنیٰ لیا ہے وہ اس روایت کے خلاف ہے اور اس کی نفی کرتا ہے اور حدیث کا وہ مفہوم لینا جس سے روایات ایک دوسرے کے موافق ہو جائیں اس معنیٰ پر محمول کرنے

بَعْضًا اَوْلٰی مِنْ اَنْ یُّحْمَلَ عَلٰی مَا یُضَادُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا۔

سے بہتر ہے جس سے بعض کا بعض سے تضاد ثابت ہو۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَاَنْتَ قَدْ قُلْتَ اِنَّ حَدِیْثَ اَنَسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا مَنْسُوْخٌ فِی الْبَابِ الْاَوَّلِ فَكَیْفَ اَثْبَتَّ الْعَمَلَ بِهٖ هٰهُنَا۔

اگر کوئی معترض کہے کہ تم نے پہلے باب میں کہا تھا حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت منسوخ ہے تو کس طرح تم نے یہاں اس پر عمل کو ثابت کیا۔

قِیْلَ لَهٗ لَمْ نَقُلْ اِنَّ حَدِیْثَ اَنَسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا مَنْسُوْخٌ مِّنْ جِهَةِ مَا ذَكَرْتَ وَقَدْ ثَبَتَ وُجُوْبُ الْقَوَدِ وَالْقَتْلِ بِالْحَجَرِ فِیْ حَدِیْثِ اَنَسٍ وَّاِنَّمَا قُلْتُ اِنَّ الْقِصَاصَ بِالْحَجَرِ قَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَّكُوْنَ مَنْسُوْخًا لِمَا قَدْ ذَكَرْتُ مِنَ الْحُجَّةِ فِیْ ذٰلِكَ فَحَدِیْثُ اَنَسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ اِیْجَابِ الْقَوَدِ عِنْدَنَا غَیْرُ مَنْسُوْخٍ وَّفِیْ كَیْفِیَّةِ الْقَوَدِ الْوَاجِبِ قَدْ یَحْتَمِلُ اَنْ یَّكُوْنَ مَنْسُوْخًا عَلٰی مَا فَسَّرْنَا وَبَیَّنَّا فِی الْبَابِ الَّذِیْ قَبْلَ هٰذَا الْبَابِ۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ ہم یہ نہیں کہتے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت اس جہت سے منسوخ ہے جو تم نے ذکر کی ہے جب کہ اس روایت سے قصاص اور پتھر سے ہلاک کرنے کا وجوب ثابت ہو رہا ہے میں تو یہ کہتا ہوں کہ ممکن ہے پتھر کے ساتھ قصاص منسوخ ہو چکا ہو جیسا کہ اس سلسلے میں ہم نے دلیل ذکر کی ہے تو ہمارے نزدیک حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت قصاص کے وجوب کے سلسلے میں منسوخ نہیں ہے البتہ واجب قصاص کے طریقے کے سلسلے میں منسوخ ہونے کا احتمال ہے جیسا کہ ہم نے گزشتہ باب میں وضاحت سے بیان کیا۔

فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لِلَّذِیْنَ قَالُوْا اِنَّ الْقَتْلَ بِالْحَجَرِ لَا یُوْجِبُ الْقَوَدَ فِیْ دَفْعِ حَدِیْثِ اَنَسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَدْ یَحْتَمِلُ اَنْ یَّكُوْنَ مَا اَوْجَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْقَتْلِ فِیْ ذٰلِكَ حَقًّا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الْیَهُوْدِیَّ كَقَاطِعِ الطَّرِیْقِ الَّذِیْ یَكُوْنُ مَا وَجَبَ عَلَیْهِ حَدًّا مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ فَاِنَّ قَاطِعَ الطَّرِیْقِ اِذَا قَتَلَ بِحَجَرٍ اَوْ بِعَصًا وَجَبَ عَلَیْهِ الْقَتْلُ فِیْ قَوْلِ الَّذِیْ یَزْعُمُ اَنَّهٗ لَا قَوَدَ عَلٰی مَنْ قَتَلَ بِعَصًا وَّقَدْ قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَهْلِ النَّظَرِ۔

تو جن لوگوں کے نزدیک پتھر کے ساتھ قتل کرنے سے قصاص لازم نہیں ہوتا ان کے نزدیک حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کے خلاف دلیل یہ ہے کہ ممکن ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صورت میں حق خداوندی کے طور پر قصاص کو لازم کیا ہو اور یہودی کو اس ڈاکو کی طرح قرار دیا جس پر اللہ تعالیٰ کی حدود میں سے حد لازم ہوتی ہے اگر یہ بات اسی طرح ہے تو ڈاکو جب پتھر یا لاٹھی سے کسی کو ہلاک کرے تو اس شخص کے نزدیک بھی جو کہتا ہے کہ لاٹھی کے ساتھ قتل کی صورت میں قصاص واجب نہیں ہوتا، اس (ڈاکو) کا قتل واجب ہوگا۔ مجتہدین کی ایک جماعت نے یہی قول کہا ہے

وَقَدْ قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ فِی الْخَنَّاقِ اَنَّ عَلَیْهِ الدِّیَةَ وَاَنَّهٗ لَا یُقْتَلُ اِلَّا اَنْ یَّفْعَلَ ذٰلِكَ غَیْرَ مَرَّةٍ فَیُقْتَلُ وَیَکُوْنُ ذٰلِكَ حَدًّا مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَزَّ وَجَلَّ۔

حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے گلا گھونٹ کر مارنے والے کے بارے میں فرمایا کہ اس پر دیت ہو گی اور جب تک وہ کئی بار ایسا نہ کرے اسے قتل نہیں کیا جائے اس کے بعد اسے بطور حد قتل کیا جائے گا۔

فَقَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَ الْیَهُوْدِیَّ عَلٰی مَا فِیْ حَدِیْثِ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لِاَنَّهٗ وَجَبَ عَلَیْهِ الْقَتْلُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ کَمَا یَجِبُ عَلٰی قَاطِعِ الطَّرِیْقِ فَاِنْ کَانَ ذٰلِكَ کَذٰلِكَ فَاِنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ کُلُّ مَنْ قَطَعَ الطَّرِیْقَ فَقَتَلَ بِعَصًا اَوْ حَجَرٍ اَوْ فَعَلَ ذٰلِكَ فِی الْمِصْرِ یَکُوْنُ حُکْمُهٗ فِیْمَا فَعَلَ حُکْمُ قَاطِعِ الطَّرِیْقِ وَکَذٰلِكَ الْخَنَّاقُ الَّذِیْ قَدْ فَعَلَ ذٰلِكَ غَیْرَ مَرَّةٍ اَنَّهٗ یُقْتَلُ۔

تو ممکن ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی کو اس لیے قتل کیا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے لیے اس کا قتل واجب ہو گیا تھا جیسا کہ ڈاکو کا قتل واجب ہوتا ہے اگر یہ بات اسی طرح ہے تو حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص، ڈاکہ ڈالے اور لاٹھی یا پتھر سے ہلاک کرے یا شہر کے اندر یہ کام کرے تو اس کا حکم ڈاکو کے حکم جیسا ہو گا اسی طرح جو کئی بار گلا گھونٹ کر ہلاک کرے تو اسے بھی قتل کیا جائے گا۔

وَقَدْ کَانَ یَنْبَغِیْ فِی الْقِیَاسِ عَلٰی قَوْلِهٖ اَنْ یَّکُوْنَ یَجِبُ عَلٰی مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مَرَّةً وَّاحِدَةً اَلْقَتْلُ وَیَکُوْنُ ذٰلِكَ حَدًّا مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَزَّ وَجَلَّ کَمَا یَجِبُ اِذَا فَعَلَهٗ مِرَارًا لِاَنَّا رَاَیْنَا الْحُدُوْدَ یُوْجِبُهَا اِنْتِهَاكُ الْحُرْمَةِ مَرَّةً وَّاحِدَةً ثُمَّ لَا یَجِبُ عَلٰی مَنِ انْتَهَكَ تِلْكَ الْحُرْمَةَ ثَانِیَةً اِلَّا مَا وَجَبَ عَلَیْهِ فِی انْتِهَاکِهَا فِی الْبَدْءِ۔

ان کے قول پر قیاس کا تقاضا ہے کہ جو شخص ایک بار ایسا کرے اس کا قتل واجب ہو اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدود میں سے حد قرار پائے جیسا کہ بار بار کرنے سے قتل واجب ہوتا ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک بار حرمت کو توڑنے سے حدود لازم ہو جاتی ہیں پھر دوسری بار جب حرمت کو توڑا جاتا ہے تو وہی چیز لازم ہوتی ہے جو پہلی بار توڑنے سے لازم ہوئی تھی۔

فَکَانَ النَّظَرُ فِیْمَا وَصَفْنَا اَنْ یَّکُوْنَ الْجَانِی الْخَنَّاقُ کَذٰلِكَ اَیْضًا وَاَنْ یَّکُوْنَ حُکْمُهٗ فِیْ اَوَّلِ مَرَّةٍ هُوَ حُکْمُهٗ فِیْ اٰخِرِ مَرَّةٍ هٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِیْ هٰذَا الْبَابِ وَفِیْ ثُبُوْتِ مَا ذَکَرْنَا مَا یَرْفَعُ اَنْ یَّکُوْنَ

تو جو کچھ ہم نے بیان کیا اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ گلا گھونٹنے والے کا حکم بھی یہی ہو اور جو حکم پہلی بار سے لازم ہو دوسری بار ایسا کرنے سے بھی وہی حکم ہونا چاہیے اس باب میں قیاس یہی ہے اور ہماری بات کے ثابت ہونے کی صورت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

فِیْ حَدِیْثِ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ حُجَّۃٌ عَلٰی مَنْ یَقُوْلُ مَنْ قَتَلَ رَجُلًا بِحَجَرٍ فَلَا قَوَدَ عَلَیْہِ۔

وَکَانَ مِنْ حُجَّۃِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اَیْضًا فِیْ قَوْلِہٖ ھٰذَا مَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اِقْتَتَلَتِ امْرَاَتَانِ مِنْ ھُذَیْلٍ فَضَرَبَتْ اِحْدٰھُمَا الْاُخْرٰی الْحَجَرَ فَقَتَلَتْھَا وَمَا فِیْ بَطْنِھَا فَاخْتَصَمُوْا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَضٰی اَنَّ دِیَۃَ جَنِیْنِھَا عَبْدٌ اَوْ وَلِیْدَۃٌ وَقَضٰی بِدِیَۃِ الْمَرْاَۃِ عَلٰی عَاقِلَتِھَا وَوَرَّثَھَا وَلَدَھَا وَمَنْ مَّعَھُمْ فَقَالَ حَمَلُ بْنُ مَالِکِ بْنِ النَّابِغَۃِ الْھُذَلِیُّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ اَغْرَمُ مَنْ لَّا شَرِبَ وَلَا اَکَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَھَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِکَ بَطَلَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا ھٰذَا مِنْ اِخْوَانِ الْکُھَّانِ مِنْ اَجْلِ سَجْعِہِ الَّذِیْ سَجَعَ۔

۷۶۷ - حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ ابْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا الْفِرْیَابِیُّ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ عُبَیْدِ بْنِ نَضْلَۃَ الْخُزَاعِیِّ عَنِ الْمُغِیْرَۃِ بْنِ شُعْبَۃَ اَنَّ امْرَاَتَیْنِ ضَرَبَتْ اِحْدٰھُمَا الْاُخْرٰی بِعَمُوْدِ الْفُسْطَاطِ فَقَتَلَتْھَا فَقَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِالدِّیَۃِ عَلٰی عَصَبَۃِ الْقَاتِلَۃِ وَقَضٰی فِیْ مَا بَطْنِھَا بِغُرَّۃٍ وَّالْغُرَّۃُ عَبْدٌ اَوْ اَمَۃٌ فَقَالَ الْاَعْرَابِیُّ اَغْرَمُ مَنْ لَّا طَعِمَ وَلَا شَرِبَ وَلَا صَاحَ

کا اس شخص کے خلاف حجت ہونا بھی ختم ہو جاتا ہے جو کہتا ہے کہ جس نے کسی شخص کو پتھر سے ہلاک کیا اس پر قصاص نہیں۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی دلیل یہ روایت بھی ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ھذیل قبیلے کی دو عورتیں آپس میں لڑ پڑیں ان میں سے ایک نے دوسری کو پتھر مارکر اسے اور جو کچھ اس کے پیٹ میں تھا دونوں کو قتل کر دیا وہ لوگ جھگڑا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گئے آپ نے فیصلہ فرمایا کہ اس کے بچے (حمل) کی دیت ایک غلام لڑکا یا لڑکی ہے اور عورت کی دیت اس دوسری عورت کے خاندان پر ڈال دی اس (مقتولہ) کے بچے اور دیگر رشتہ داروں کو اس کا وارث قرار دیا حضرت حمل بن مالک ابن نابغہ ہذلی نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں اس کی دیت کیسے دوں جس نے پیا نہ کھایا نہ بات کی اور نہ ہی کوئی آواز نکالی اس قسم کا خون باطل ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے مسجع کلام کی وجہ سے فرمایا یہ تو کاہنوں (نجومیوں) کے بھائیوں سے ہے۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک عورت نے دوسری کو خیمہ کے ڈنڈے سے مارا جس سے وہ ہلاک ہو گئی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتلہ کے خاندان والوں پر دیت لازم فرمائی اور جو کچھ اس کے پیٹ میں تھا (اور ہلاک ہو گیا) اس کے لیے ایک غلام یا لونڈی دینے کا فیصلہ فرمایا ایک اعرابی نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں اس کی دیت دوں جس نے کھایا نہ پیا، چیخا اور نہ آواز نکالی اس قسم کا خون باطل ہوتا ہے آپ نے فرمایا اس نے دیہاتیوں

وَلَا اسْتَهَلَّ وَمِثْلُ ذٰلِكَ بَطَلَ فَقَالَ سَجْعٌ كَسَجْعِ الْأَعْرَابِ۔

کی طرح مسجع کلام کیا۔

۴۶۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ أَخْبَرَنَا زَائِدَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نَضْلَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت عبید بن نضلہ، حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

قَالُوا فَهٰذِهِ الْآثَارُ تُخْبِرُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْتُلِ الْمَرْأَةَ الْقَاتِلَةَ بِالْحَجَرِ وَلَا بِعَمُودِ الْفُسْطَاطِ وَعَمُودُ الْفُسْطَاطِ يُقْتَلُ مِثْلُهُ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى أَنَّهُ لَا قَوَدَ عَلَى مَنْ قَتَلَ بِخَشَبَةٍ وَإِنْ كَانَ مِثْلُهَا يُقْتَلُ۔

یہ حضرات فرماتے ہیں ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتلہ عورت کو پتھر سے یا خیمے کے ڈنڈے سے قتل نہیں کیا حالانکہ خیمے کا ڈنڈا ان چیزوں میں سے ہے جن سے قتل کیا جاسکتا ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جو آدمی لکڑی سے قتل کیا جائے اس کا قصاص نہیں اگرچہ اس کی مثل لکڑی سے قتل کیا جاتا ہو۔

فَكَانَ مِنْ حُجَّةِ مَنْ خَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ أَنْ قَالَ فَقَدْ رَوَى حَمَلٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِلَافَ هٰذَا۔

اس سلسلے مخالفین حضرات کی دلیل یہ ہے کہ حمل بن مالک نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے خلاف روایت کیا ہے۔

۴۶۹۔ فَذَكَرَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ نَشَدَ النَّاسَ قَضَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِينِ فَقَالَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ فَقَالَ إِنِّي كُنْتُ بَيْنَ امْرَأَتَيْنِ وَإِنَّ إِحْدَاهُمَا ضَرَبَتِ الْأُخْرَى بِمِسْطَحٍ فَقَتَلَتْهَا وَجَنِينَهَا فَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِينِ بِغُرَّةٍ وَأَنْ تُقْتَلَ مَكَانَهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو قسم دے کر پوچھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنین (پیٹ کے بچے) کے بارے میں کیا فیصلہ فرمایا؟ تو حضرت حمل بن مالک نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ میں دو عورتوں کے درمیان تھا ان میں سے ایک نے دوسری کو خیمہ کا کیل مارا جس سے وہ اور اس کے پیٹ کا بچہ ہلاک ہو گیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچے کے بارے میں ایک غلام (یا لونڈی) کا اور اس قاتلہ کو مقتولہ کی جگہ قتل کا فیصلہ فرمایا۔

۴۷۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت

ثنا الحميدي قال ثنا هشام بن سليمان المخزومي عن ابن جريج عن عمرو بن دينار عن طاوس عن ابن عباس مثله غير انه لم يذكر قوله وان تقتل مكانها.

فهذا حمل بن مالك رضي الله عنه يروي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قتل المرأة بالتي قتلتها بالمسطح فقد خالف ابا هريرة والمغيرة رضي الله عنهما فيما رويا عن النبي صلى الله عليه وسلم من قضائه بالدية في ذلك فقد تكافأت الاخبار في ذلك فلما تكافأت واختلفت وجب النظر في ذلك لنستخرج من القولين قولا صحيحا.

فاعتبرنا ذلك فوجدنا الاصل المجمع عليه ان من قتل رجلا بحديدة عمدا فعليه القود وهو اثم في ذلك ولا كفارة في قول اكثر العلماء واذا قتله خطأ فالدية على عاقلته والكفارة عليه ولا اثم عليه فكانت الكفارة تجب حيث يرتفع الاثم وترتفع الكفارة حيث يجب الاثم ورأينا شبه العمد قد اجمعوا ان الدية فيه وان الكفارة فيه واجبة واختلفوا في كيفيتها ما هي فقال قائلون هو الرجل يقتل رجلا متعمدا بغير سلاح وقال آخرون هو الرجل يقتل الرجل بالشيء الذي لا يرى انه يقتله كانه يتعمد ضرب رجل

طاؤس، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے ان کا یہ قول نقل نہیں کیا کہ اس (قاتلہ) کو اس (مقتولہ) کی جگہ قتل کیا جائے۔

تو یہ حضرت حمل بن مالک جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو قتل کیا جس نے دوسری عورت کو کیل مار کر ہلاک کیا تھا تو انہوں نے حضرت ابوہریرہ اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہما کی اس روایت کی مخالفت کی جس میں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ نقل کیا کہ آپ نے دیت لازم فرمائی تو اس طرح روایات باہم برابر ہوگئیں جب روایات باہم مقابل و برابر ہوگئیں تو غور و فکر ضروری ہو گیا تاکہ ہم دونوں میں سے صحیح قول نکال سکیں۔

پس ہم نے اس سلسلے میں قیاس کیا تو ایک متفق علیہ قاعدہ پایا وہ یہ کہ جو شخص کسی کو جان بوجھ کر لوہے (کے اوزار) سے قتل کر دے اس پر قصاص ہے اور وہ گناہ گار بھی ہوگا لیکن اکثر علماء کے نزدیک اس پر کفارہ نہیں اور اگر وہ غلطی سے قتل کرے تو اس کے خاندان پر دیت لازم ہوگی اور اس پر کفارہ ہوگا گناہ نہیں ہوگا تو کفارہ وہاں لازم ہوگا جہاں گناہ اٹھ جائے اور کفارہ وہاں اٹھ جائے گا جہاں گناہ لازم ہوگا پھر ہم نے شبہ عمد کو دیکھا تو سب کا اتفاق ہے کہ اس میں دیت ہے اور کفارہ بھی واجب ہے البتہ اس کی (شبہ عمد کی) تعریف میں اختلاف ہے کچھ حضرات فرماتے ہیں کہ کوئی شخص کسی دوسرے کو جان بوجھ کر کسی ہتھیار کے بغیر قتل کر دے (تو یہ شبہ عمد ہے) دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ کسی کا کسی کو ایسی چیز کے ساتھ ہلاک کرنا کہ اس کے خیال میں وہ اس سے ہلاک نہیں ہوگا گویا وہ کسی شخص کو قصداً کوڑا یا کوئی دوسری ایسی چیز مارتا ہے جس کی مثل

بِسَوْطٍ اَوْ بِشَیْءٍ لَا یَقْتُلُ مِثْلُهُ فَیَمُوْتُ مِنْ ذٰلِكَ فَهٰذَا شِبْهُ الْعَمَدِ عِنْدَهُمْ فَاِنْ كَرَّرَ عَلَیْهِ الضَّرْبَ بِالسَّوْطِ مِرَارًا حَتّٰی كَانَ ذٰلِكَ مِمَّا قَدْ یَقْتُلُ مِثْلُهُ كَانَ ذٰلِكَ عَمَدًا وَّ وَجَبَ عَلَیْهِ فِیْهِ الْقَوَدُ وَكُلُّ مَنْ جَعَلَ مِنْهُمْ شِبْهَ الْعَمَدِ عَلٰی جِنْسٍ مِنْ هٰذَیْنِ الْجِنْسَیْنِ اَوْجَبَ فِیْهِ الْكَفَّارَةَ وَقَدْ رَاَیْنَا الْكَفَّارَةَ فِیْمَا قَدْ اَجْمَعَ عَلَیْهِ الْفَرِیْقَانِ تَجِبُ حَیْثُ لَا یَجِبُ الْاِثْمُ وَ تَنْتَفِیْ حَیْثُ یَكُوْنُ الْاِثْمُ وَكَانَ الْقَاتِلُ بِحَجَرٍ اَوْ بِعَصًا اَوْ مِثْلِ ذٰلِكَ یَقْتُلُ عَلَیْهِ اِثْمُ النَّفْسِ وَهُوَ فِیْمَا بَیْنَهُ وَبَیْنَ رَبِّهِ كَمَنْ قَتَلَ رَجُلًا بِحَدِیْدَةٍ وَكَانَ مَنْ قَتَلَ رَجُلًا بِسَوْطٍ لَیْسَ مِثْلُهُ یَقْتُلُ غَیْرَ اٰثِمٍ اِثْمَ الْقَتْلِ وَلٰكِنَّهُ اٰثِمٌ اِثْمَ الضَّرْبِ فَكَانَ اِسْمُ الْقَتْلِ فِیْ هٰذَا عَنْهُ مَرْفُوْعًا لِاَنَّهُ لَمْ یُرِدْهُ وَاِثْمُ الضَّرْبِ عَلَیْهِ مَكْتُوْبٌ لِاَنَّهُ قَصَدَهُ وَاَرَادَهُ۔

سے۔ ہلاکت واقع نہیں ہوتی، پھر وہ اس سے مرجاتا ہے، ان کے نزدیک یہ شبہ عمد ہے اگر بار بار کوڑے مارے حتی کہ وہ اس چیز کی طرح ہو جائے جس سے قتل کیا جاتا ہے تو یہ عمداً قتل ہو جائے گا اور اس پر قصاص لازم ہوگا تو ان میں سے جس نے بھی شبہ عمد کو ان دو جنسوں میں سے ایک جنس کے مطابق قرار دیا ہے انہوں نے کفارہ لازم قرار دیا اور ہم دیکھتے ہیں کہ دونوں گروہوں کے کفارہ وہاں واجب ہوتا ہے جہاں گناہ نہیں ہوتا اور جہاں گناہ ہوتا ہے وہاں کفارے کی نفی ہو جاتی ہے اور جو شخص پتھر یا لاٹھی یا اس کی مثل کسی چیز سے قتل کرے اس پر گناہ ہوگا اور وہ اس کے اور اس کے رب کے درمیان ہے، جیسے کوئی شخص کسی کو لوہے (کے اوزار) سے قتل کرے اور جو شخص کسی کو کوڑے کے ساتھ قتل کرے کہ اس کی مثل کے ساتھ قتل نہیں کیا جاتا تو اس پر قتل کا گناہ نہیں ہوگا البتہ مارنے کا گناہ ہوگا گویا اس سے قتل کا گناہ اٹھا لیا گیا کیونکہ اس نے اس کا ارادہ نہیں کیا تھا اور مارنے کا گناہ لکھ دیا جائے گا کیونکہ اس نے اس کا ارادہ اور قصد کیا تھا۔

فَكَانَ النَّظَرُ اَنْ یَكُوْنَ شِبْهُ الْعَمَدِ الَّذِیْ قَدْ اَجْمَعَ اَنَّ فِیْهِ كَفَّارَةً فِی النَّفْسِ هُوَ مَا لَا اِثْمَ فِیْهِ وَهُوَ الْقَتْلُ بِمَا لَیْسَ مِثْلُهُ یُقْتَلُ الَّذِیْ یَتَعَمَّدُ بِهِ الضَّرْبَ وَلَا یُرَادُ بِهِ تَلَفُ النَّفْسِ فَیَاْتِیْ ذٰلِكَ عَلٰی تَلَفِ النَّفْسِ۔

تو قیاس یہ ہے کہ شبہ عمد جس پر سب کا اتفاق ہے کہ اس میں کفارہ نفس ہے یہ وہ ہے جس میں گناہ نہیں اور وہ ایسی چیز کے ساتھ قتل کرنا ہے جس سے عام طور پر قتل نہیں کیا جاتا اس سے مارنے کا ارادہ کیا جاتا ہے لیکن نفس کی ہلاکت مقصد نہیں ہوتا لیکن اس سے نفس کی ہلاکت واقع ہو جاتی ہے۔

فَقَدْ ثَبَتَ بِذٰلِكَ قَوْلُ اَهْلِ هٰذِهِ الْمَقَالَةِ وَهُوَ قَوْلُ اَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمَا۔

اس سے اس بات کے قائلین کا موقف ثابت ہو گیا اور یہ حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا اور امام محمد رحمہ اللہ کا قول ہے۔

وَقَدْ رُوِیَ ذٰلِكَ اَیْضًا عَنْ عُمَرَ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے بھی

ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ۔

۲۷۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عِیْسَی بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْبِرَکِیُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ قَالَ ثَنِیْ زَیْدُ بْنُ جُبَیْرٍ الْجُشَمِیُّ عَنْ جَرْوَۃَ بْنِ حُمَیْدٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ یَعْمِدُ اَحَدُکُمْ فَیَضْرِبُ اَخَاهُ مِثْلَ اٰکِلَةِ اللَّحْمِ قَالَ الْحَجَّاجُ یَعْنِی الْعَصَا ثُمَّ یَقُوْلُ لَا قَوَدَ عَلَیَّ لَا اُوْتٰی بِاَحَدٍ فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا اَقَدْتُهٗ۔

اسی طرح مروی ہے۔

حضرت جروہ بن حمید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی کو مارنے کا ارادہ کرتا ہے اور اسے گوشت کھانے والی چیز سے مارتا ہے حجاج کہتے ہیں (اس سے) لاٹھی مراد ہے پھر کہتا ہے کہ مجھ پر قصاص نہیں میرے پاس اس جرم کا مرتکب جو شخص بھی لایا گیا میں اس سے قصاص لوں گا۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ خِلَافُ ذٰلِكَ۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے اس کے خلاف مروی ہے۔

۲۷۷۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ قَالَ ثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عَدِیٍّ قَالَ ثَنَا شَرِیْكٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَۃَ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ شِبْهُ الْعَمْدِ بِالْعَصَا وَالْحَجَرِ الثَّقِیْلِ وَلَیْسَ فِیْهِمَا قَوَدٌ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

حضرت عاصم بن ضمرہ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا شبہ عمد، لاٹھی اور بھاری پتھر سے مارنا ہے اور ان دونوں صورتوں میں قصاص نہیں اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

بَابٌ ۲۱۶ شِبْهِ الْعَمْدِ هَلْ یَکُوْنُ فِیْمَا دُوْنَ النَّفْسِ کَمَا یَکُوْنُ فِی النَّفْسِ

کیا نفس سے کم میں بھی شبہ عمد ہوتا ہے

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ لَمَّا ثَبَتَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّفْسَ قَدْ یَکُوْنُ فِیْهَا شِبْهُ عَمْدٍ کَانَ کَذٰلِكَ فِیْمَا دُوْنَ النَّفْسِ وَذَکَرَ فِیْ ذٰلِكَ الْاٰثَارَ الَّتِیْ قَدْ رَوَیْنَاهَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّتِیْ فِیْهَا اَلَا اِنَّ قَتِیْلَ خَطَاءِ الْعَمْدِ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا وَالْحَجَرِ فِیْهِ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ مِنْهَا اَرْبَعُوْنَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں اگر کوئی شخص کہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو گیا کہ کبھی قتل نفس میں شبہ عمد بھی ہوتا ہے تو نفس سے کم میں بھی شبہ عمد ہوگا۔ اور وہ اس سلسلے میں ان روایات کا ذکر کرے جو ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں۔ جن میں آپ نے فرمایا سنو! شبہ عمد کا مقتول وہ ہے جو کوڑے، لاٹھی اور پتھر سے مارا گیا اس میں سو اونٹ ہیں جن میں چالیس حاملہ

خَلِفَةً فِي بُطُونِهَا أَوْلَادُهَا۔

فَكَانَ مِنْ حُجَّتِنَا عَلَيْهِ فِي ذٰلِكَ أَنَّهُ قَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّفْسِ مَا قَدْ رُوِيَ عَنْهُ فِيهَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ فِيمَا دُونَ النَّفْسِ مَا يُخَالِفُ ذٰلِكَ وَهُوَ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ بِإِسْنَادِهِ فِي أَوَّلِ هٰذَا الْكِتَابِ فِي خَبَرِ الرُّبَيِّعِ أَنَّهَا لَطَمَتْ جَارِيَةً فَكَسَرَتْ ثَنِيَّتَهَا فَاخْتَصَمُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِالْقِصَاصِ۔

وَقَدْ رَأَيْنَا اللَّطْمَةَ إِذَا أَتَتْ عَلَى النَّفْسِ لَمْ يَجِبْ فِيهَا قَوَدٌ وَرَأَيْنَاهَا فِيمَا دُونَ النَّفْسِ قَدْ أَوْجَبَتِ الْقَوَدَ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّ مَا كَانَ فِي النَّفْسِ شِبْهَ عَمْدٍ أَنَّهُ فِيمَا دُونَ النَّفْسِ عَمْدٌ عَلَى تَصْحِيحِ هٰذِهِ الْآثَارِ وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ۔

بَابُ ۲۱ الرَّجُلِ يَقُولُ عِنْدَ مَوْتِهِ إِنْ مُتُّ فَفُلَانٌ قَتَلَنِي

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ قَدْ رَوَيْنَا فِيمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا سَأَلَ الْجَارِيَةَ الَّتِي رُضِخَ رَأْسُهَا مَنْ رَضَخَ رَأْسَكِ أَفُلَانٌ هُوَ فَأَوْمَتْ بِرَأْسِهَا أَيْ نَعَمْ فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَضْخِ رَأْسِهِ بَيْنَ حَجَرَيْنِ۔

فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى هٰذَا الْحَدِيثِ فَزَعَمُوا أَنَّهُمْ قَلَّدُوهُ وَقَالُوا مَنِ ادَّعَى

اونٹنیاں ہوں۔

اس سلسلے میں ان کے خلاف ہماری دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قتل نفس کے بارے میں وہی بات مروی ہے جو اس حدیث میں ہے لیکن نفس سے کم (یعنی اعضاء) میں اس کے خلاف مروی ہے اور وہ روایت ہم نے اس کتاب کے شروع میں حضرت ربیع کے واقعہ میں نقل کی ہے کہ انہوں نے ایک لونڈی کو تھپڑ مار کر اس کے اگلے دانت توڑ دیئے وہ لوگ اپنا مقدمہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے گئے تو آپ نے قصاص کا حکم دیا۔

اور ہم دیکھتے ہیں کہ اگر تھپڑ مارنے سے نفس کی ہلاکت واقع ہو تو اس صورت میں قصاص لازم نہیں ہوتا اور نفس سے کم میں قصاص واجب ہوتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ جو عمل نفس کے بارے میں شبہ عمد قرار پاتا ہے وہ نفس کے علاوہ میں عمد (جان بوجھ کر قتل کرنا) بن جاتا ہے ان روایات کی تصحیح سے یہی ثابت ہوتا ہے اور حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

کوئی شخص مرتے وقت کہے کہ اگر میں مرگیا تو فلاں نے مجھے قتل کیا ہے

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم نے اس کتاب کے شروع میں روایت نقل کی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اس لڑکی سے پوچھا جس کا سر کچلا گیا تھا کہ کس نے تمہارا سر کچلا کیا فلاں شخص نے؟ تو اس نے سر کے ساتھ اشارہ کیا کہ ہاں، تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا سر دو پتھروں کے درمیان کچلنے کا حکم دیا۔

ایک جماعت نے اس حدیث پر عمل کا دعویٰ کرتے ہوئے فرمایا کہ جس نے موت کی حالت میں دعویٰ کیا کہ اسے

وَهُوَ فِي حَالِ الْمَوْتِ اَنَّ فُلَانًا قَتَلَهٗ ثُمَّ مَاتَ قُبِلَ قَوْلُهٗ فِي ذٰلِكَ وَقُتِلَ الَّذِي ذَكَرَ اَنَّهٗ قَتَلَهٗ۔

فلاں نے قتل کیا ہے پھر وہ مر گیا تو اس سلسلے میں اس کی بات قبول کی جائے گی اور جس کا اس نے ذکر کیا کہ اس نے اسے قتل کیا اسے (قصاص میں) قتل کیا جائے گا۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ الْيَهُوْدِيَّ فَاَقَرَّ بِمَا ادَّعَتِ الْجَارِيَةُ عَلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ فَقَتَلَهٗ بِاِقْرَارِهٖ لَا بِدَعْوَى الْجَارِيَةِ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ ممکن ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی سے بھی پوچھا ہو اور اس نے اس بات کا اقرار کیا جس کا اس لڑکی نے اس کے خلاف دعویٰ کیا تھا تو آپ نے اس کے اقرار کے (سبب) اسے قتل کیا لڑکی کے دعویٰ کی وجہ سے نہیں۔

فَاعْتَبَرْنَا الْاٰثَارَ الَّتِي قَدْ جَاءَتْ فِي ذٰلِكَ هَلْ نَجِدُ فِيْهَا عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ دَلِيْلًا۔

لہٰذا ہم نے اس سلسلے میں مروی روایات کو دیکھا ہم اس سلسلے میں ان میں کوئی دلیل پاتے ہیں۔

۷۷۵۔ فَاِذَا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَزَادَ قَالَ فَسَاَلَهٗ فَاَقَرَّ بِمَا ادَّعَتْ فَرَضَخَ رَاْسَهٗ بَيْنَ حَجَرَيْنِ۔

تو حضرت انس، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قسم کی بات روایت کرتے ہوئے کچھ زائد باتیں نقل کرتے ہیں فرماتے ہیں آپ نے اس (یہودی) سے پوچھا تو اس نے لڑکی کے دعویٰ کے مطابق اقرار کیا چنانچہ آپ نے اس کا سر دو پتھروں کے درمیان کچل دیا۔

۷۷۶۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَخَ رَاْسَ جَارِيَةٍ بَيْنَ حَجَرَيْنِ فَقِيْلَ لَهَا مَنْ فَعَلَ بِكِ هٰذَا اَفُلَانٌ اَفُلَانٌ حَتّٰى ذَكَرُوا الْيَهُوْدِيَّ فَاُتِيَ بِهٖ فَاعْتَرَفَ فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُضِخَ رَاْسُهٗ بَيْنَ حَجَرَيْنِ۔

حضرت قتادہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک یہودی نے ایک لڑکی کا سر دو پتھروں کے درمیان کچل دیا اس سے پوچھا گیا کہ تمہارے ساتھ یہ معاملہ کس نے کیا کیا فلاں نے؟ کیا فلاں نے؟ حتیٰ کہ یہودی کا ذکر کیا (اس نے ہاں میں جواب دیا) چنانچہ اس کو لایا گیا اور اس نے اعتراف کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر اس کا سر دو پتھروں کے درمیان کوٹا گیا۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا قَتَلَهٗ بِاِقْرَارِهٖ بِمَا ادُّعِيَ عَلَيْهِ لَا بِدَعْوَى الْجَارِيَةِ۔

تو اس حدیث میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (یہودی) کو لڑکی کے دعویٰ کے مطابق اقرار کی بنیاد پر قتل کیا محض لڑکی کے دعویٰ پر نہیں۔

وَقَدْ بَيَّنَ ذٰلِكَ اَيْضًا مَاقَدْ اَجْمَعُوْا عَلَيْهِ

یہ بات اجماع کے اندر بھی بیان ہوئی ہے

اَلَا تَرٰى اَنَّ رَجُلًا لَوِادَّعٰى عَلٰى رَجُلٍ دَعْوٰى قَتْلًا اَوْغَيْرَهٗ فَسَاَلَ الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ عَنْ ذٰلِكَ فَاَوْمٰى بِرَاْسِهٖ اَىْ نَعَمْ اَنَّهٗ لَايَكُوْنُ بِذٰلِكَ مُقِرًّا فَاِذَا كَانَ اِيْمَاءُ الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ بِرَاْسِهٖ لَا يَكُوْنُ مِنْهُ اِقْرَارًا يَجِبُ بِهٖ عَلَيْهِ حَقٌّ كَانَ اِيْمَاءُ الْمُدَّعِيْ بِرَاْسِهٖ اَحْرٰى اَنْ لَّا يُوْجِبَ لَهٗ حَقًّا۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی شخص، کسی شخص پر قتل وغیرہ کا دعویٰ کرے (پھر حاکم) مدعیٰ علیہ سے پوچھے اور وہ سر کے ساتھ اشارہ کرے کہ ہاں تو اس سے وہ اقرار کرنے والا نہ ہوگا تو جب مدعیٰ علیہ کا سر کے اشارے سے ہاں کرنا اقرار نہیں بنتا کہ اس سے اس پر کوئی چیز لازم ہو تو مدعی کے اشارے سے حق کا نہ ثابت ہونا زیادہ لائق ہے۔

۵۵۵ وَقَدْ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْيُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعٰى نَاسٌ دِمَآءَ رِجَالٍ وَّاَمْوَالِهِمْ وَلٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ فَمَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّعْطٰى اَحَدٌ بِدَعْوَاهُ دَمًا اَوْمَالًا وَلَمْ يُوْجِبْ لِلْمُدَّعِيْ فِيْهِ بِدَعْوَاهُ اِلَّا بِالْيَمِيْنِ فَهٰذَا حُكْمُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ تَصْحِيْحِ مَعَانِي الْاٰثَارِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اگر لوگوں کو محض ان کے دعویٰ پر دیا جائے تو لوگ دوسروں کے خونوں اور مالوں کا دعویٰ کریں گے لیکن مدعیٰ علیہ پر قسم ہے۔ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ کسی کو محض اس کے دعویٰ پر خون (کا حق) یا مال دیا جائے اور مدعی کے لیے اس میں کچھ بھی واجب قرار نہیں دیا مگر (مدعیٰ علیہ کی) قسم کے ساتھ، معانی روایات کی تصحیح کے اعتبار سے اس باب کا حکم یہ ہے۔

وَاَمَّا وَجْهُ ذٰلِكَ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَاِنَّهُمْ قَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ رَجُلًا لَوِادَّعٰى فِيْ حَالِ مَوْتِهٖ اَنَّ لَهٗ عَلٰى رَجُلٍ دَرَاهِمَ ثُمَّ مَاتَ اِنَّ ذٰلِكَ غَيْرُ مَقْبُوْلٍ مِنْهُ وَاِنَّهٗ فِيْ ذٰلِكَ كَهُوَ فِيْ دَعْوَاهُ فِيْ حَالِ الصِّحَّةِ فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ يَّكُوْنَ كَذٰلِكَ هُوَ فِيْ دَعْوَاهُ الدَّمَ فِيْ تِلْكَ الْحَالِ كَهُوَ فِيْ دَعْوَاهُ ذٰلِكَ فِيْ حَالِ الصِّحَّةِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

اور غور و فکر کے طور پر یہ کہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ اگر کوئی شخص مرتے وقت دعویٰ کرے کہ فلاں شخص کے ذمہ اس کے کچھ درہم ہیں پھر وہ مر جائے تو اس کی یہ بات مقبول نہ ہوگی اور اس کا یہ دعویٰ حالتِ صحت کے دعویٰ کی طرح (غیر مقبول) ہوگا تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ اس حالت میں خون کے دعویٰ کا بھی وہی حکم ہو جو حالتِ صحت میں ہوتا ہے یہ حضرت امام ابوحنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

۲۲۸۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ قَالَ اَخْبَرَنَا نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ قَالَ کُنْتُ عَامِلًا لِابْنِ الزُّبَیْرِ عَلَی الطَّائِفِ فَکَتَبْتُ اِلَی ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ امْرَاَتَیْنِ کَانَتَا فِیْ بَیْتٍ تَخْرُزَانِ حَرِیْرًا لَّھُمَا فَاَصَابَتْ اِحْدٰھُمَا یَدَ صَاحِبَتِھَا بِالْاِشْفٰی فَجَرَحَتْھَا فَخَرَجَتْ وَھِیَ تَدْمٰی وَفِی الْحُجْرَۃِ حَدَاثٌ فَقَالَتْ اَصَابَتْنِیْ فَاَنْکَرَتْ ذٰلِکَ الْاُخْرٰی فَکَتَبْتُ فِیْ ذٰلِکَ اِلَی ابْنِ عَبَّاسٍ فَکَتَبَ اِلَیَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَضٰی اَنَّ الْیَمِیْنَ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَیْہِ وَلَوْ اَنَّ النَّاسَ اُعْطُوْا بِدَعْوَاھُمْ لَادَّعٰی نَاسٌ مِّنَ النَّاسِ دِمَاءَ رِجَالٍ وَّاَمْوَالَھُمْ فَادْعُھَا فَاقْرَاْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃَ عَلَیْھَا اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَھْدِ اللّٰہِ وَاَیْمَانِھِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا اَلْاٰیَۃَ فَقَرَاْتُ عَلَیْھَا الْاٰیَۃَ فَاعْتَرَفَتْ قَالَ نَافِعٌ فَحَسِبْتُ اَنَّہٗ قَالَ فَبَلَغَ ذٰلِکَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَسَرَّہٗ۔

اَفَلَا تَرٰی اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا قَدْ رَدَّ حُکْمَھَا فِیْ ذٰلِکَ اِلٰی حُکْمِ سَائِرِ مَا یَدَّعِی النَّاسُ بَعْضُھُمْ عَلٰی بَعْضٍ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔

حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی طرف سے طائف کے علاقے پر حاکم تھا میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں دو عورتوں کا مقدمہ لکھ بھیجا کہ وہ دونوں ایک گھر میں ریشم (کا کپڑا) سی رہی تھیں ان میں سے ایک نے دوسری کے ہاتھ میں سُوئی چبھوئی اور اسے زخمی کر دیا وہ باہر نکلی اور خون بہہ رہا تھا؟ کچھ لوگ باتیں کر رہے تھے اس نے کہا اس نے مجھے زخمی کیا ہے دوسری نے انکار کیا تو میں یہ معاملہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو لکھا انہوں نے مجھے لکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدعیٰ علیہ پر قسم کا فیصلہ فرمایا اور اگر لوگوں کو محض ان کے دعوں پر دیا جائے تو لوگ دوسروں کے خونوں اور مالوں کا دعویٰ کریں گے تم اسے بلا کر اس کے سامنے یہ آیت پڑھو بے شک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی آیات اور اپنی قسموں کے بدلے تھوڑی قیمت لیتے ہیں" (یعنی جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں) فرماتے ہیں میں نے اس کے سامنے آیت پڑھی تو اس نے اعتراف کر لیا حضرت نافع فرماتے ہیں میرا خیال ہے کہ یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو پہنچی تو وہ اس پر خوش ہوئے۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس (زخمی کرنے) کا حکم ان تمام دعووں کے حکم کی طرف لوٹا دیا جن کا لوگ دعویٰ کرتے ہیں۔

بَابُ الْمُؤْمِنِ یَقْتُلُ الْکَافِرَ مُتَعَمِّدًا ۲۱۸

کوئی مومن کسی کافر کو جان بوجھ کر قتل کرے

۲۸۰۔ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ یَحْیٰی قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِیْسَ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ ح وَحَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا آپ کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ ثَنَا اَسْبَاطُ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيْفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ اَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَلِيًّا هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمٌ سِوَى الْقُرْاٰنِ فَقَالَ وَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَاَ النَّسَمَةَ مَا عِنْدَنَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمٌ سِوَى الْقُرْاٰنِ وَمَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ قَالَ قُلْتُ وَمَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ قَالَ الْعَقْلُ وَفِكَاكُ الْاَسِيْرِ وَاَنْ لَّا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا قَتَلَ الْكَافِرَ مُتَعَمِّدًا لَمْ يُقْتَلْ بِهٖ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا بَلْ يُقْتَلُ بِهٖ وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ هٰذَا الْكَلَامَ الَّذِيْ حَكَاهُ اَبُوْ جُحَيْفَةَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ عَلِيٍّ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمْ يَكُنْ مُنْفَرِدًا وَلَوْ كَانَ لَا احْتَمَلَ مَا قَالُوْا وَلٰكِنَّهٗ كَانَ مَوْصُوْلًا بِغَيْرِهٖ۔

۴۸۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَّادٍ قَالَ انْطَلَقْتُ اَنَا وَالْاَشْتَرُ اِلٰى عَلِيٍّ فَقُلْنَا هَلْ عَهِدَ اِلَيْكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدًا لَمْ يَعْهَدْهُ اِلَى النَّاسِ عَامَّةً قَالَ لَا اِلَّا مَا كَانَ فِيْ كِتَابِيْ هٰذَا فَاَخْرَجَ كِتَابًا مِّنْ قِرَابِ سَيْفِهٖ فَاِذَا فِيْهِ الْمُؤْمِنُوْنَ

قرآن پاک کے علاوہ بھی کوئی علم ہے انہوں نے فرمایا اس ذات کی قسم! جس نے دانے کو پھاڑا اور جاندار کو پیدا کیا ہمارے پاس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن پاک اور جو کچھ اس صحیفے میں ہے اس کے سوا کچھ نہیں۔ وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا اس صحیفے میں کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا دیت کے احکام، قیدی کو چھڑانا اور یہ کہ مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے۔

[illegible]

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی مسلمان کسی کافر کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کے بدلے میں اسے قتل نہ کیا جائے انہوں نے اس سلسلے میں مندرجہ بالا حدیث سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اسے اس کے بدلے میں قتل کیا جائے۔ اس سلسلے میں ان کی دلیل یہ ہے کہ اس حدیث میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا جو کلام حضرت ابوجحیفہ نے نقل کیا ہے صرف یہی کلام نہیں اگر صرف یہی کلام ہوتا تو ان کے قول کا احتمال تھا لیکن اس کے ساتھ کچھ اور کلام بھی ملا ہوا ہے۔

حضرت قیس بن عباد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں اور حضرت اشتر (حارث بن مالک) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی طرف گئے اور پوچھا کہ کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے کوئی وعدہ لیا ہے جو عام لوگوں سے نہ لیا ہو انہوں نے فرمایا "نہیں" البتہ جو کچھ میری اس کتاب میں ہے پھر انہوں نے اپنی تلوار کی میان سے ایک کتاب نکالی جس میں لکھا تھا کہ مومنوں کے خون باہم برابر ہیں اور ان کے عہد (کو پورا کرنے) کے لیے ادنیٰ مسلمان بھی کوشش کر سکتا ہے وہ دوسروں کے خلاف ایک قوت ہیں کسی

تتكافأ دماؤهم ويسعى بذمتهم أدناهم وهم يد على من سواهم لا يقتل مؤمن بكافر ولا ذو عهد في عهده ومن أحدث حدثا فعلى نفسه ومن أحدث حدثا أو آوى محدثا فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين.

مومن کو کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے اور نہ کسی معاہدہ والے کو معاہدے کے دوران قتل کیا جائے جس نے دین میں کوئی (ایسی) نئی بات نکالی (جس کا دین سے کوئی تعلق نہیں) تو اس کا وبال اسی پر ہوگا اور جس نے کوئی (بری) بدعت نکالی یا کسی بدعتی کو پناہ دی اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔[1]

فهذا هو حديث علي رضي الله عنه بتمامه والذي فيه من نفي قتل المؤمن بالكافر هو قوله لا يقتل مؤمن بكافر ولا ذو عهد في عهده فاستحال أن يكون معناه على ما حمله عليه أهل المقالة الأولى لأنه لو كان معناه على ما ذكروا لكان ذلك لحنا ورسول الله صلى الله عليه وسلم أبعد الناس من ذلك ولكان لا يقتل مؤمن بكافر ولا ذي عهد في عهده.

تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی مکمل حدیث یہ ہے اس میں جو مومن کو کافر کے بدلے میں قتل نہ کرنے کا ذکر ہے تو وہ۔ کہ کسی مومن کو کسی کافر کے بدلے اور کسی معاہدہ والے کو معاہدے کے دوران قتل نہ کیا جائے تو اس کا وہ معنیٰ جو پہلے قول والوں نے لیا ہے محال ہے، کیونکہ اگر وہ معنیٰ ہوتا جو انہوں نے ذکر کیا ہے تو یہ غلط بات ہوتی اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے سب لوگوں سے زیادہ دور رہنے والے ہیں اور مفہوم یہ ہوتا کہ کسی مومن کو کافر اور کسی معاہدہ والے کے بدلے میں اس کے معاہدہ کے دوران قتل نہ کیا جائے۔

فلما لم يكن لفظه كذلك وإنما هو ولا ذو عهد في عهده علمنا بذلك أن ذا العهد هو المعني بالقصاص فصار ذلك كقوله لا يقتل مؤمن ولا ذو عهد في عهده بكافر.

تو جب اس کے الفاظ یوں نہیں ہیں بلکہ اس کے الفاظ یوں ہیں کہ کسی معاہدہ والے کو اس کے معاہدہ کے دوران قتل نہ کیا جائے تو اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ قصاص سے عہد والے (ذمی) ہی مراد ہیں اب یہ قول یوں ہوگا کہ کسی مومن اور عہد والے (ذمی) کو اس کے عہد میں کسی کافر (غیر ذمی) کے بدلے قتل نہ کیا جائے۔

وقد علمنا أن ذا العهد كافر فدل ذلك أن الكافر الذي منع النبي صلى الله عليه وسلم أن يقتل به المؤمن في هذا الحديث هو الكافر الذي لا عهد له فهذا مما لا اختلاف فيه بين المؤمنين أن المؤمن لا يقتل بالكافر الحربي وأن ذا العهد الكافر الذي قد صارت له ذمة لا يقتل به أيضا.

اور ہمیں یہ بات معلوم ہے کہ معاہدہ والا بھی کافر ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کافر کے بدلے میں مومن کے قتل سے منع فرمایا اس سے وہ کافر مراد ہے جس سے معاہدہ نہیں اور اس کے بارے میں ایمان والوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں کہ حربی کافر کے بدلے میں مومن کو قتل نہ کیا جائے اور وہ کافر جس سے معاہدہ ہے اور وہ ذمی قرار پایا اسے بھی حربی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے۔

[1] بدعتی اس شخص کو کہتے ہیں جو دین میں ایسی بات نکالے جس کی دین میں کوئی اصل نہیں یا اس سے سنت کا ترک لازم آتا ہے ہر نئی چیز بدعت نہیں (ہزاروی)

وَقَدْ نَجِدُ مِثْلَ هٰذَا كَثِيْرًا فِي الْقُرْاٰنِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاللَّآئِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّاللَّآئِيْ لَمْ يَحِضْنَ فَكَانَ مَعْنٰى ذٰلِكَ وَ

فَكَذٰلِكَ قَوْلُهٗ لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ اِنَّمَا مُرَادُهٗ فِيْهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ بِكَافِرٍ فَقَدَّمَ وَاَخَّرَ فَالْكَافِرُ الَّذِيْ مُنِعَ اَنْ يُّقْتَلَ بِهِ الْمُؤْمِنُ هُوَ الْكَافِرُ غَيْرُ الْمُعَاهِدِ۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ قَوْلُهٗ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ اِنَّمَا مَعْنَاهُ لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ فَانْقَطَعَ الْكَلَامُ ثُمَّ قَالَ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ كَلَامًا مُسْتَانِفًا اَيْ وَلَا يُقْتَلُ الْمُعَاهِدُ فِيْ عَهْدِهٖ۔

فَكَانَ مِنْ حُجَّتِنَا عَلَيْهِ اَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَلَيْهِ اَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ اِنَّمَا جَرٰى فِي الدِّمَآءِ الْمَسْفُوْكِ بَعْضُهَا بِبَعْضٍ لِاَنَّهٗ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ يَدٌ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ تَتَكَافَأُ دِمَآؤُهُمْ وَيَسْعٰى بِذِمَّتِهِمْ اَدْنَاهُمْ ثُمَّ قَالَ لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ فَاِنَّمَا اَجْرٰى الْكَلَامَ عَلَى الدِّمَآءِ الَّتِيْ تُؤْخَذُ قِصَاصًا وَلَمْ يَجْرِ عَلٰى حُرْمَةِ دَمٍ بِعَهْدٍ فَيُحْمَلُ الْحَدِيْثُ عَلٰى ذٰلِكَ فَهٰذَا وَجْهٌ۔

وَحُجَّةٌ اُخْرٰى اَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ اِنَّمَا رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَعْلَمُ اَنَّهٗ رُوِيَ عَنْ غَيْرِهٖ مِنْ طَرِيْقٍ صَحِيْحٍ

اور ہم اس قسم کی بات (عبارت میں تقدم و تاخر) قرآن پاک میں بکثرت پاتے ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہے "اور تمہاری وہ عورتیں جو حیض سے مایوس ہو جائیں اگر تمہیں شک ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے اور وہ جنہیں حیض نہ آتا ہو"

اسی طرح آپ کا ارشاد ہے کہ کسی مومن کو کافر کے بدلے اور نہ کسی ذمہ والے کو اس کے عہد کے دوران قتل کیا جائے۔ آپ کی مراد یہ ہے اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ کسی مومن اور کسی ذمی کو اس کے عہد کے دوران کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے تو عبارت میں تقدم و تاخر ہے پس جس کافر کے بدلے میں مومن کو قتل کرنے سے منع کیا گیا اس سے وہ کافر مراد ہے جس سے کوئی عہد و پیمان نہیں۔

اگر کوئی معترض کہے کہ آپ کا ارشاد گرامی "اور نہ کسی معاہد کو اس کے معاہدہ کے دوران" کا مفہوم یہ ہوگا کہ آپ نے "مومن کو کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے" فرمانے کے بعد کلام توڑ دیا پھر نئے سرے سے کلام فرمایا کہ کسی معاہدہ والے کو اس کے عہد کے دوران قتل نہ کیا جائے۔

تو اس کے خلاف ہماری دلیل یہ ہے کہ یہ حدیث اس خون کے بارے میں ہے جو کسی کے بدلے میں بہایا جائے کیونکہ آپ نے فرمایا مسلمانوں کو اپنے غیر پر قوت و غلبہ حاصل ہے اور ان کے عہد کو پورا کرنے کے لیے ان کا ادنیٰ بھی کوشش کرے پھر فرمایا کوئی مومن کسی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے اور نہ کوئی معاہدہ والا اپنے معاہدے کے دوران قتل کیا جائے تو یہ کلام اس خون کے بارے میں ہے جو قصاص کے طور پر بہایا جائے اور معاہدے کی وجہ سے خون کی حرمت کے بارے میں یہ کلام جاری نہیں ہوا لہٰذا اس حدیث کو اسی پر محمول کیا جائے گا یہ ایک دلیل ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ یہ حدیث بواسطہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اور ہمیں معلوم نہیں کہ صحیح سند کے ساتھ کسی دوسرے صحابی سے بھی مروی ہے لہٰذا وہ اس کی "تاویل کو زیادہ جانتے ہیں لہٰذا اگر یہ تمہارے

فهو كان اعلم بتاويله وتاويله فيه اذ كان محتملا عندكم يحتمل هذين المعنيين الذين ذكرتم دليل على ان معناه في الحقيقة هو ما تاوله عليه۔

۷۸۲۔ حدثنا ابراهيم بن ابي داؤد قال ثنا عبد الله بن صالح قال ثني الليث قال ثني عقيل عن ابن شهاب انه قال اخبرني سعيد بن المسيب ان عبد الرحمن بن ابي بكر الصديق قال حين قتل عمر مررت على ابي لؤلؤة ومعه هرمزان فلما بغتهم ثاروا فسقط من بينهم خنجر له راسان ممسكة في وسطه قال قلت فانظروا لعله الخنجر الذي قتل به عمر فنظروا فاذا هو الخنجر الذي وصف عبد الرحمن فانطلق عبيد الله بن عمر حين سمع ذلك من عبد الرحمن ومعه السيف حتى دعا الهرمزان فلما خرج اليه قال انطلق حتى تنظر الى فرس لي ثم تاخر عنه اذا مضى بين يديه علاه بالسيف فلما وجد مس السيف قال لا اله الا الله قال عبيد الله ودعوت حفينة وكان نصرانيا من نصارى الحيرة فلما خرج الي علوته بالسيف فصلت بين عينيه ثم انطلق عبيد الله فقتل ابنة ابي لؤلؤة صغيرة تدعي الاسلام فلما استخلف عثمان دعا المهاجرين والانصار فقال اشيروا علي في قتل هذا الرجل الذي فتق في الدين ما فتق فاجتمع المهاجرون فيه على كلمة واحدة يامرونه بالشدة عليه ويحثون عثمان

نزدیک کسی بات کا احتمال رکھتی ہے تو ان دو معنوں کا احتمال ہوگا جو تم نے ذکر کئے ہیں اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حقیقت میں اس کا معنیٰ وہی ہوگا جو انہوں نے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) بیان کیا۔

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ حضرت عبد الرحمٰن بن ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے تو میں ابولؤلؤہ کے پاس سے گزرا اس کے ساتھ ہرمزان تھا جب میں نے ان پر اچانک حملہ کیا تو وہ بھاگ نکلے اور ان کا خنجر گر پڑا جس کے دو سرے تھے اور دستہ درمیان میں تھا فرماتے ہیں میں نے کہا دیکھو شاید یہ وہی خنجر ہے جس کے ساتھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو شہید کیا [illegible] انہوں نے دیکھا تو یہ وہی خنجر تھا جس کے بارے میں [illegible] رضی اللہ عنہ نے بتایا تھا حضرت عبید اللہ [illegible] حضرت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ سے یہ بات [illegible] چل پڑے حتیٰ کہ انہوں نے ہرمزان کو بلایا [illegible] نکلا تو فرمایا چلو جا کر میرا گھوڑا [illegible] آپ پیچھے ہٹ گئے اور اس پر تلوار [illegible] دیکھی تو کلمہ طیبہ پڑھا حضرت عبید اللہ فرماتے [illegible] حفینہ کو بلایا اور وہ معروف مقام حیرہ کا عیسائی [illegible] طرف آیا تو میں نے اس پر تلوار اٹھائی جو اس کی [illegible] کے درمیان لگی پھر حضرت عبید اللہ چلے گئے [illegible] کی چھوٹی بیٹی کو جو اسلام کا دعویٰ کرتی تھی قتل کر [illegible] غنی رضی اللہ عنہ تخت خلافت پر متمکن ہو [illegible] و انصار کو بلا کر فرمایا مجھے اس شخص کے قتل کے [illegible] دو جس نے دین میں انتشار پھیلایا مہاجرین نے [illegible] کر لیا کہ وہ ان پر سختی کریں اور وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ان (حضرت عبید اللہ) کے قتل پر ابھارنے لگے اور [illegible] حضرت عبید اللہ کے ساتھ تھی وہ کہتے تھے اللہ تعالیٰ نے [illegible]

عَلٰى قَتْلِهٖ وَكَانَ فَوْجُ النَّاسِ الْاَعْظَمُ مَعَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُوْنَ لِحُفَيْنَةَ وَالْهُرْمُزَانَ اَبْعَدَ هُمَا اللّٰهُ فَكَانَ فِيْ ذٰلِكَ الْاِخْتِلَافُ ثُمَّ قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اَعْفَاكَ اللّٰهُ مِنْ اَنْ تَكُوْنَ بَعْدَمَا قَدْ بُوْيِعْتَ وَاِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يَكُوْنَ عَلَى النَّاسِ سُلْطَانٌ فَاَعْرَضَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَتَفَرَّقَ النَّاسُ عَنْ خُطْبَةِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَوَدَى الرَّجُلَيْنِ وَالْجَارِيَةَ.

اور ہرمزان کو دور کر دیا اب اس سلسلے میں اختلاف ہوا تو حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے امیر المومنین! اس واقعہ کے آپ کی بیعت کے بعد واقع ہونے سے آپ کو اللہ تعالیٰ نے بچا لیا یہ تو آپ کی حکمرانی سے پہلے کا ہے چنانچہ انہوں نے حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے اعراض فرمایا اور صحابہ کرام حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے خطبے کے باعث چلے گئے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان دو مردوں اور لڑکی کی دیت ادا کی۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَتَلَ حُفَيْنَةَ وَهُوَ مُشْرِكٌ وَضَرَبَ الْهُرْمُزَانَ وَهُوَ كَافِرٌ ثُمَّ كَانَ اِسْلَامُهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاَشَارَ الْمُهَاجِرُوْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ عَلٰى عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِقَتْلِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَعَلِيٌّ فِيْهِمْ فَمُحَالٌ اَنْ يَكُوْنَ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ يُرَادُ بِهٖ غَيْرُ الْحَرْبِيِّ ثُمَّ يُشِيْرُ الْمُهَاجِرُوْنَ وَفِيْهِمْ عَلِيٌّ عَلٰى عُثْمَانَ بِقَتْلِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِكَافِرٍ ذِمِّيٍّ وَلٰكِنْ مَعْنَاهُ هُوَ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا مِنْ اِرَادَتِهِ الْكَافِرَ الَّذِيْ لَا ذِمَّةَ لَهٗ.

تو اس حدیث میں ہے کہ حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے حفینہ کو قتل کیا اور وہ مشرک تھا اور ہرمزان کو مارا اور وہ کافر تھا پھر وہ اسلام لایا تو مہاجرین نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے قتل کا مشورہ دیا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی ان میں موجود تھے تو محال ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ کسی مومن کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے سے غیر حربی کافر مراد ہو پھر مہاجرین جن میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی تھے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ایک ذمی کافر کے بدلے میں حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے قتل کا مشورہ دیتے ہیں تو اس کا مفہوم وہی ہے جو ہم نے ذکر کیا کہ آپ کی مراد غیر ذمی کافر ہے۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَتَلَ بِنْتًا لِاَبِيْ لُؤْلُؤَةَ صَغِيْرَةً تَدَّعِي الْاِسْلَامَ فَيَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ اِنَّمَا اسْتَحَلُّوْا سَفْكَ دَمِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِهَا لَا بِحُفَيْنَةَ وَالْهُرْمُزَانَ.

اگر کوئی شخص کہے کہ اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے ابولؤلؤہ کی چھوٹی بیٹی کو قتل کیا اور وہ اسلام کا دعویٰ کرتی تھی تو جائز ہے کہ انہوں نے اس کی وجہ سے حضرت عبید اللہ کا خون بہانا جائز قرار دیا ہو ان دو مردوں کی وجہ سے نہیں۔

قِيْلَ لَهٗ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ اَرَادَ قَتْلَهٗ بِحُفَيْنَةَ وَالْهُرْمُزَانَ

تو اس شخص کو جواباً کہا جائے گا کہ اس حدیث میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ انہوں نے حفینہ اور ہرمزان

وَهُوَ قَوْلُهُمْ اَبْعَدَ هُمَا اللّٰهُ فَمُحَالٌ اَنْ يَكُوْنَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرَادَ اَنْ يَقْتُلَهُ بِغَيْرِهِمَا وَيَقُوْلُ النَّاسُ لَهُ اَبْعَدَ هُمَا اللّٰهُ ثُمَّ لَا يَقُوْلُوْنَ لَهُمْ اِنِّيْ لَمْ اُرِدْ قَتْلَهُ بِهٰذَيْنِ اِنَّمَا اَرَدْتُ قَتْلَهُ بِالْجَارِيَةِ وَلٰكِنَّهُ اَرَادَ قَتْلَهُ بِهِمَا وَالْجَارِيَةِ۔ اَلَا تَرَاهُ يَقُوْلُ فَكَثُرَ فِيْ ذٰلِكَ الْاِخْتِلَافُ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّمَا اَرَادَ قَتْلَهُ بِمَنْ قَتَلَ وَفِيْهِمُ الْهُرْمُزَانُ وَجُفَيْنَةُ فَقَدْ ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا مَا صَحَّحَ عَلَيْهِ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ مَعْنٰى حَدِيْثٍ عَلَى الْاَوَّلِ عَلٰى مَا وَصَفْنَا فَانْتَفٰى اَنْ يَكُوْنَ فِيْهِ حُجَّةٌ تَدُلُّ عَلٰى اَنْ يُقْتَلَ الْمُسْلِمُ بِالذِّمِّيِّ۔

کے قتل کی وجہ سے انکو قتل کرنا چاہا تھا اور یہی ان لوگوں کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو (رحمت سے) دور کردیا تو محال ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ان دونوں کے غیر کی وجہ سے انکو قتل کرنے کا ارادہ فرمائیں جبکہ لوگ یہ کہہ رہے ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو دفع کردیا پھر وہ فرمائیں کہ میں نے ان دونوں کی وجہ سے ان کو قتل کرنے کا ارادہ نہیں کیا بلکہ میں نے اس لڑکی کے قتل کی وجہ سے یہ ارادہ کیا تو آپ نے[۲] کیا تم نہیں دیکھتے کہ فرماتے ہیں اس میں اختلاف زیادہ ہوگیا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ان کو ان لوگوں کے بدلے قتل کرنے کا ارادہ فرمایا نے قتل کیا تھا اور ان (مقتولین) میں ہرمزان اور جفینہ بھی۔ تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے اس حدیث کا صحیح مفہوم ثابت ہوگیا کہ اس کا مطلب وہی ہے جو ہم نے بیان کیا اور اس بات کی نفی ہوگئی کہ یہ حدیث ذمی کے بدلے مسلمان کے قتل کے خلاف دلیل بن سکے۔

[۲] [illegible]

وَقَدْ وَافَقَ ذٰلِكَ اَيْضًا وَشَدَّهُ مَا قَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كَانَ مُنْقَطِعًا۔

ایک دوسری حدیث اس کی موافق اور مؤید ہے اگرچہ وہ منقطع ہے۔

۴۸۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِرَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَدْ قَتَلَ مُعَاهِدًا مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ فَاَمَرَ بِهٖ فَضُرِبَ عُنُقُهُ وَقَالَ اَنَا اَوْلٰى مَنْ وَفٰى بِذِمَّتِهٖ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن بیلمانی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک مسلمان مرد کو لایا گیا جس نے ایک ذمی کو قتل کیا تھا آپ کے حکم سے اس کی گردن ماری گئی اور آپ نے فرمایا کہ اس کے عہد کو پورا کرنے کی زیادہ ذمہ داری میری ہے۔

۴۸۴۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَلَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ حُمَيْدٍ الْمَدَنِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت محمد بن ابو حمید مدنی، حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

وَالنَّظَرُ عِنْدَنَا شَاهِدٌ لِذٰلِكَ اَيْضًا وَذٰلِكَ اَنَّا رَاَيْنَا الْحَرْبِيَّ دَمُهُ حَلَالٌ وَمَالُهُ حَلَالٌ فَاِذَا

ہمارے نزدیک قیاس بھی اسی بات کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ ہم دیکھتے ہیں حربی کافر کا خون حلال ہے اور اس کا

صَارَ ذِمِّيًّا حَرُمَ دَمُهُ وَمَالُهُ كَحُرْمَةِ دَمِ الْمُسْلِمِ وَمَالِ الْمُسْلِمِ ثُمَّ رَأَيْنَا مَنْ سَرَقَ مِنْ مَالِ الذِّمِّيِّ مَا يَجِبُ فِيهِ الْقَطْعُ قُطِعَ كَمَا يُقْطَعُ فِي مَالِ الْمُسْلِمِ فَلَمَّا كَانَتِ الْعُقُوبَاتُ فِي انْتِهَاكِ الْمَالِ الَّذِي قَدْ حَرُمَ بِالذِّمَّةِ كَالْعُقُوبَاتِ فِي انْتِهَاكِ الْمَالِ الَّذِي حَرُمَ بِالْإِسْلَامِ كَانَ يَجِيءُ فِي النَّظَرِ أَيْضًا أَنْ تَكُونَ الْعُقُوبَةُ فِي الدَّمِ الَّذِي قَدْ حَرُمَ بِالذِّمَّةِ كَالْعُقُوبَةِ فِي الَّذِي قَدْ حَرُمَ بِالْإِسْلَامِ۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَإِنَّا قَدْ رَأَيْنَا الْعُقُوبَاتِ الْوَاجِبَاتِ فِي انْتِهَاكِ حُرْمَةِ الْأَمْوَالِ قَدْ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا وَبَيْنَ الْعُقُوبَاتِ الْوَاجِبَاتِ فِي انْتِهَاكِ حُرْمَةِ الدَّمِ وَذَلِكَ إِنَّا رَأَيْنَا الْعَبْدَ يَسْرِقُ مِنْ مَالِ مَوْلَاهُ فَلَا يُقْطَعُ وَيَقْتُلُ مَوْلَاهُ فَيُقْتَلُ فَفُرِّقَ بَيْنَ ذَلِكَ فَمَا تُنْكِرُونَ أَيْضًا أَنْ يَكُونَ قَدْ فُرِّقَ بَيْنَ مَا يَجِبُ فِي انْتِهَاكِ مَالِ الذِّمِّيِّ وَدَمِهِ۔

قِيلَ لَهُ هَذَا الَّذِي ذَكَرْتَ قَدْ زَادَ مَا ذَهَبْنَا إِلَيْهِ تَوْكِيدًا لِأَنَّكَ ذَكَرْتَ أَنَّهُمْ أَجْمَعُوا أَنَّ الْعَبْدَ لَا يُقْطَعُ فِي مَالِ مَوْلَاهُ وَأَنَّهُ يُقْتَلُ بِمَوْلَاهُ وَبِعَبِيدِ مَوْلَاهُ فَمَا وَصَفْتَ مِنْ ذَلِكَ كَمَا ذَكَرْتَ فَقَدْ خَفَّفُوا أَمْرَ الْمَالِ وَأَكَّدُوا أَمْرَ الدَّمِ فَأَوْجَبُوا الْعُقُوبَةَ فِي الدَّمِ حَيْثُ لَمْ يُوجِبُوهَا بِالْمَالِ فَلَمَّا ثَبَتَ تَوْكِيدُ أَمْرِ الدَّمِ وَتَخْفِيفُ أَمْرِ الْمَالِ ثُمَّ رَأَيْنَا مَالَ الذِّمِّيِّ يَجِبُ فِي انْتِهَاكِهِ عَلَى الْمُسْلِمِ

مال بھی حلال ہے جب وہ ذمی بن جاتا ہے تو اس کا خون اور مال اسی طرح حرام ہو جاتے ہیں جس طرح مسلمان کے خون اور مال کی حرمت ہے پھر ہم دیکھتے ہیں کہ جو شخص ذمی کا اتنا مال چوری کرے جس پر ہاتھ کاٹا جاتا ہے تو اس (چور) کا ہاتھ اسی طرح کاٹا جائے گا جس طرح مسلمان کے مال میں کاٹا جاتا ہے جب ذمی کے مال کی حرمت توڑنے میں وہی سزا ہے جو مسلمان کے مال کی حرمت توڑنے میں واجب ہوتی ہے تو قیاس کا تقاضا ہے کہ ذمی کے خون کی حرمت توڑنے والے کو بھی وہی سزا ملے جو مسلمان کا خون بہانے والے کو ملتی ہے۔

اگر کوئی معترض کہے کہ ہم دیکھتے ہیں مال کی حرمت توڑنے کی سزا اور خون کی حرمت توڑنے کی سزا میں فرق ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں جب کوئی غلام اپنے مالک کے مال سے چوری کرتا ہے تو اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا اور اگر وہ اپنے مالک کو قتل کرے تو اسے (قصاص میں) قتل کیا جاتا ہے پس دونوں میں فرق ہے تو تم اس بات کا بھی انکار نہیں کر سکتے کہ ذمی کے مال کی حرمت توڑنے اور اس کا خون بہانے کی سزا میں فرق ہے

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ یہ جو کچھ تم نے ذکر کیا یہ ہمارے مذہب کی تاکید کو بڑھاتا ہے کیونکہ تم نے اس بات پر اجماع کا ذکر کیا کہ مالک کا مال چوری کرنے پر غلام کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا لیکن اس کو قتل کرنے کی صورت میں اسے قتل کیا جاتا ہے اسی طرح اگر مالک کے غلاموں کو قتل کرے تو بھی قتل کیا جاتا ہے تو جو کچھ تم نے ذکر کیا اس کے مطابق انہوں نے مال کے معاملے میں آسانی اور خون کے معاملے میں سختی رکھی ہے چنانچہ انہوں نے قتل کی صورت میں سزا واجب قرار دی جب کہ چوری کے سلسلے میں اسے واجب قرار نہیں دیا۔ تو جب خون کے معاملے کی تائید اور مالی معاملے کی آسانی ثابت ہوگئی پھر ہم دیکھتے ہیں کہ ذمی کا مال چوری کرنے پر

مِنَ الْعُقُوْبَةِ كَمَا يَجِبُ عَلَيْهِ فِيْ اِنْتِهَاكِ مَالِ الْمُسْلِمِ كَانَ دَمُهُ اَحْرٰى اَنْ يَّكُوْنَ عَلَيْهِ فِي انْتِهَاكِ حُرْمَتِهِ مِنَ الْعُقُوْبَةِ مَا يَكُوْنُ عَلَيْهِ فِيْ اِنْتِهَاكِ حُرْمَةِ دَمِ الْمُسْلِمِ۔

بھی مسلمان کے لیے وہ سزا ہے جو مسلمان کا مال چوری کرنے پر اسے دی جاتی ہے تو یہ بات زیادہ لائق ہے کہ ذمی کو قتل کرنے کی صورت میں اسے وہی سزا دی جائے جو قتل مسلم پر دی جاتی ہے۔

وَقَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ ذِمِّيًّا لَوْ قَتَلَ ذِمِّيًّا ثُمَّ اَسْلَمَ الْقَاتِلُ اَنَّهُ يُقْتَلُ بِالذِّمِّيِّ الَّذِيْ قَتَلَهُ فِيْ حَالِ كُفْرِهِ وَلَا يُبْطِلُ ذٰلِكَ اِسْلَامُهُ۔

اور اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر کوئی ذمی کسی ذمی کو قتل کرے پھر قاتل اسلام قبول کرلے تو اسے اس ذمی کے قصاص میں قتل کیا جائے گا جسے اس نے حالت کفر میں قتل کیا تھا اور اس کا اسلام لانا اس

فَلَمَّا رَاَيْنَا الْاِسْلَامَ الطَّارِئَ عَلَى الْقَتْلِ لَا يُبْطِلُ الْقَتْلَ الَّذِيْ كَانَ فِيْ حَالِ الْكُفْرِ وَكَانَتِ الْحُدُوْدُ تَمَامُهَا اَحَدَهَا وَلَا يُوْجَدُ عَلٰى حَالٍ لَا يَجِبُ فِي الْبَدْءِ مَعَ تِلْكَ الْحَالِ۔

پھر ہم دیکھتے ہیں کہ قتل کے بعد کا اسلام حالتِ کفر میں جانے والے قتل کو باطل نہیں کرتا اور تمام حدود ایک جیسی ہیں حد ایسی حالت میں نہیں پائی جاتی کہ وہ شروع میں واجب نہ ہو۔

اَلَا تَرٰى اَنَّ رَجُلًا لَوْ قَتَلَ رَجُلًا وَّالْمَقْتُوْلُ مُرْتَدٌّ اَنَّهُ لَا يَجِبُ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَاَنَّهُ لَوْ جَرَحَهُ وَهُوَ مُسْلِمٌ ثُمَّ ارْتَدَّ عِيَاذًا بِاللّٰهِ فَمَاتَ لَمْ يُقْتَلْ فَصَارَتْ رِدَّتُهُ الَّتِيْ تَقَدَّمَتِ الْجِنَايَةَ وَالَّتِيْ طَرَاَتْ عَلَيْهَا فِيْ دَرْءِ الْقَتْلِ سَوَاءً۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو قتل کردے اور مقتول مرتد ہو تو اس (قاتل) پر کچھ بھی واجب نہ ہوگا اور وہ کسی مسلمان کو زخمی کرے پھر وہ (معاذ اللہ) مرتد ہو کر مر جائے تو اس (زخمی کرنے والے) کو قتل نہیں کیا جائے گا تو اس کا جنایت سے پہلے مرتد ہونا اور بعد میں مرتد ہونا دونوں قتل (قصاص) کو ساقط کرنے میں برابر ہیں

فَكَانَ كَذٰلِكَ فِي النَّظَرِ اَنْ يَّكُوْنَ الْقَاتِلُ قَبْلَ جِنَايَتِهِ وَبَعْدَ جِنَايَتِهِ سَوَاءً وَلَمَّا كَانَ اِسْلَامُهُ بَعْدَ جِنَايَتِهِ قَبْلَ اَنْ يُّقْتَلَ بِهَا لَا يَدْفَعُ عَنْهُ الْقَوَدَ كَانَ كَذٰلِكَ اِسْلَامُهُ الْمُتَقَدِّمُ جِنَايَتَهُ لَا يَدْفَعُ عَنْهُ الْقَوَدَ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

تو قیاس کا تقاضا یہی ہے کہ جرم کرنے سے پہلے اور بعد میں قاتل کا ایک ہی حکم ہو تو جب جنایت کے بعد اور قصاص سے پہلے اس کا مسلمان ہونا اس سے قصاص کو ساقط نہیں کرتا تو اسی طرح جنایت سے پہلے کا اسلام بھی قصاص کو ساقط نہیں کرتا یہ حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مسلک ہے۔

۷۸۵۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ قَالَ قَتَلَ رَجُلٌ مِّنَ

حضرت عبدالملک بن میسرہ، حضرت نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ایک مسلمان نے ایک شخص (ایک نسخہ کے مطابق ایک کافر) کو قتل کیا اس کا بھائی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

الْمُسْلِمِيْنَ رَجُلًا مِّنَ الْعِبَادِ فَذَهَبَ اَخُوْهُ اِلٰى عُمَرَ فَكَتَبَ عُمَرُ اَنْ يُّقْتَلَ فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ اُقْتُلْ جُبَيْرُ فَيَقُوْلُ حَتّٰى يَجِيْئَ الْغَيْظُ قَالَ فَكَتَبَ عُمَرُ اَنْ يُّوْدٰى وَلَا يُقْتَلَ۔

۷۸۶- فَهٰذَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ رَاٰى اَيْضًا اَنْ يُّقْتَلَ الْمُسْلِمُ بِالْكَافِرِ وَكَتَبَ بِهٖ اِلٰى عَامِلِهٖ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْهُ عَلَيْهِ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ فَهٰذَا عِنْدَنَا مِنْهُمْ عَلَى الْمُتَابَعَةِ مِنْهُمْ لَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ وَكِتَابُهٗ بَعْدَ هٰذَا لَا يُقْتَلُ فَيَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ كَانَ مِنْهُ عَلٰى اَنَّهٗ كَرِهَ اَنْ يُّبِيْحَهٗ دَمَهٗ لِمَا كَانَ مِنْ وُقُوْفِهٖ عَنْ قَتْلِ وَجَعَلَ ذٰلِكَ شُبْهَةً مَنَعَهٗ بِهَا مِنَ الْقَتْلِ وَجَعَلَ لَهٗ مَا يُجْعَلُ فِي الْقَتْلِ الْعَمَدِ الَّذِيْ تَدْخُلُهٗ شُبْهَةٌ وَهُوَ الدِّيَةُ۔

۷۸۷- وَقَدْ قَالَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا قَتَلَ الذِّمِّيَّ قَتْلَ غِيْلَةٍ عَلٰى مَالِهٖ اَنَّهٗ يُقْتَلُ بِهٖ فَاِذَا كَانَ هٰذَا عِنْدَهُمْ خَارِجًا مِّنْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ فَمَا تُنْكِرُوْنَ عَلٰى مُخَالِفِكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ كَذٰلِكَ الذِّمِّيُّ الْمُعَاهَدُ خَارِجًا مِّنْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَشْتَرِطْ مِنَ الْكُفَّارِ اَحَدًا فَكَمَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يُّخْرِجُوْا مِنَ الْكُفَّارِ مَنْ اُرِيْدَ مَالُهٗ كَانَ لِمُخَالِفِهِمْ اَنْ يُّخْرِجَ اَيْضًا مَنْ وَجَبَتْ ذِمَّتُهٗ۔

کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے لکھا کہ اس (قاتل) کو قتل کیا جائے صحابہ کرام نے فرمایا اے جبیر! اسے قتل کرو انہوں نے فرمایا ٹھہرو مجھے غصہ آنے دو راوی فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے لکھا کہ اسکی دیت دی جائے اور (قاتل کو) قتل نہ کیا جائے۔

تو یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جن کے نزدیک مسلمان کو کافر کے بدلے میں قتل کیا جائے اور انہوں نے یہ بات صحابہ کرام کی موجودگی میں اپنے عامل کو لکھی لیکن ان میں سے کسی نے بھی اعتراض نہیں کیا تو ہمارے نزدیک یہ صحابہ کرام کی طرف سے ان کی متابعت تھی اور اس کے بعد ان کا لکھنا کہ قتل نہ کیا جائے تو ہوسکتا ہے انہوں نے قتل کی کیفیت سے آگاہ ہونے کے بعد اس کا قتل مباح نہ سمجھا ہو اور اس قتل کو "قتل شبہ" قرار دیا ہو جس بنیاد پر آپ قتل سے رک گئے اور انہوں نے وہی سزا دی جو قتلِ عمد میں شبہ پیدا ہونے کی صورت میں واجب ہے اور وہ دیت ہے۔

اہل مدینہ فرماتے ہیں کہ جب کوئی مسلمان کسی ذمی کو اس کا مال لینے کے لیے دھوکے سے قتل کر ڈالے تو اسے بدلے میں قتل کیا جائے تو جب ان کے نزدیک یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے خارج ہے کہ "مسلمان کو کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے" تو تم اپنے مخالفین کی اس بات پر اعتراض نہیں کر سکتے کہ ذمی جس کے ساتھ معاہدہ ہے وہ آپ کے اس قول سے کہ مسلمان کو کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے، خارج ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کسی کافر کے ساتھ مشروط نہیں فرمایا تو جس طرح انہوں نے اس حکم سے اس کافر کو خارج کر دیا جس کا مال چھیننے کا ارادہ کیا گیا تو ان کے مخالفین کو بھی اس بات کا حق ہے کہ ان لوگوں کو خارج کر دیں جن کے ساتھ عہد نبھانا واجب ہے (یعنی ذمی کو)

باب ۲۱۹ الْقَسَامَةِ هَلْ تَكُوْنُ عَلٰى سَاكِنِى الدَّارِ الْمَوْجُوْدِ فِيْهَا الْقَتِيْلُ اَوْ عَلٰى مَالِكِهَا

باب جس گھر میں مقتول پایا گیا اس میں رہنے والے کو قسم دی جائے یا اس کے مالک کو

۷۸۸- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ سَمِعَ بُشَيْرَ بْنَ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِىْ حَثْمَةَ قَالَ وُجِدَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ قَتِيْلًا فِىْ قَلِيْبٍ مِنْ قُلُبِ خَيْبَرَ فَجَاءَ اَخُوْهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ وَعَمَّاهُ حُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ ابْنَا مَسْعُوْدٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لِيَتَكَلَّمَ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكُبْرَ الْكُبْرَ فَتَكَلَّمَ اَحَدُ عَمَّيْهِ اِمَّا حُوَيِّصَةُ وَاِمَّا مُحَيِّصَةُ تَكَلَّمَ الْكَبِيْرُ مِنْهُمَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا وَجَدْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ قَتِيْلًا فِىْ قَلِيْبٍ مِنْ قُلُبِ خَيْبَرَ وَذَكَرَ عَدَاوَةَ يَهُوْدَ لَهُمْ قَالَ اَتُبَرِّئُكُمْ يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ يَمِيْنًا اَنَّهُمْ لَمْ يَقْتُلُوْهُ قَالَ قُلْتُ وَكَيْفَ نَرْضٰى بِاَيْمَانِهِمْ وَهُمْ مُشْرِكُوْنَ قَالَ فَيُقْسِمُ مِنْكُمْ خَمْسُوْنَ اَنَّهُمْ قَتَلُوْهُ قَالُوْا كَيْفَ نُقْسِمُ عَلٰى مَا لَمْ نَرَ فَوَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهٖ۔

حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عبد اللہ بن سہل خیبر کے ایک کنویں میں مقتول پائے گئے تو ان کے بھائی عبد الرحمٰن بن اور ان کے دو چچا حضرت حویصہ اور محیصہ جو حضرت مسعود کے بیٹے تھے، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت عبد الرحمٰن بات کرنے لگے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار فرمایا بڑے کو بات کرنے دو پس ان کے ایک چچا حضرت حویصہ یا حضرت محیصہ نے لفظ ان میں سے جو بڑے تھے انہوں نے بات کی عرض کیا یا رسول اللہ! ہم نے حضرت عبد اللہ بن سہل کو خیبر کے ایک کنویں میں مقتول پایا انہوں نے اپنے ساتھ یہودیوں کی دشمنی کا بھی ذکر کیا آپ نے فرمایا کیا یہودی پچاس قسمیں اٹھائیں کہ انہوں نے قتل نہیں کیا تو تم دست بردار ہو جاؤ گے وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا ہم ان کی قسموں پر کیسے راضی ہوں گے جب کہ وہ مشرک ہیں آپ نے فرمایا پھر تمہارے پچاس آدمی قسم کھائیں کہ انہوں نے ان کو قتل کیا ہے انہوں نے عرض کیا ہم نے جو کچھ دیکھا نہیں اس پر کیسے قسم کھائیں اس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے دیت ادا فرمائی۔

۷۸۹- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ الْاَنْصَارِىَّ وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ خَرَجَا اِلٰى خَيْبَرَ فَتَفَرَّقَا فِىْ حَوَائِجِهِمَا

حضرت یحییٰ بن سعید سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت بشیر بن یسار نے انہیں خبر دی کہ حضرت عبد اللہ بن سہل انصاری اور حضرت محیصہ بن مسعود (رضی اللہ عنہم) خیبر کی طرف گئے اور اپنی اپنی ضرورتوں کے لیے ایک دوسرے سے جدا ہو گئے حضرت عبد اللہ بن سہل شہید کر دیے گئے حضرت

فقتل عبد الله بن سهل فبلغ محيصة فاتى هو واخوه حويصة وعبد الرحمن بن سهل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فذهب عبد الرحمن ليتكلم لمكانه من اخيه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كبر كبر فتكلم حويصة ومحيصة فذكرا شان عبد الله بن سهل فقال لهم رسول الله صلى الله عليه واله وسلم اتحلفون خمسين يمينا وتستحقون دم قاتلكم او صاحبكم قالوا يا رسول الله لم نشهد ولم نحضر قال رسول الله صلى الله عليه واله وسلم افتبرئكم يهود خمسين يمينا قالوا يا رسول الله كيف تقبل ايمان قوم كفار قال مالك قال يحيى بن سعيد فزعم بشير ان رسول

۷۹۰ - حدثنا فهد قال ثنا ابو نعيم قال ثنا سعيد بن عبيد الطائي عن بشير بن يسار ان رجلا من الانصار يقال له سهل بن ابي حثمة اخبره ان نفرا من قومه انطلقوا الى خيبر فتفرقوا فيها فوجدوا احدهم قتيلا فقالوا للذين وجدوا عندهم قتلتم صاحبنا قالوا والله ما قتلنا ولا علمنا قاتلا فانطلقوا الى نبي الله صلى الله عليه واله وسلم فقالوا يا نبي الله انطلقنا الى خيبر فوجدنا احدنا قتيلا فقال رسول الله صلى الله عليه واله وسلم الكبر الكبر فقال لهم تاتون البينة على من قتل قالوا ما لنا بينة قال فيحلفون لكم قالوا لا نرضى بايمان اليهود فكره

محیصہ کو پتہ چلا تو وہ خود، ان کے بھائی حویصہ اور عبدالرحمٰن بن سہل رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت عبدالرحمٰن نے اپنے بھائی کے سلسلے میں بات کرنا چاہی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بڑے کو بات کرنے دو (دو بار فرمایا) چنانچہ حضرت حویصہ اور محیصہ نے بات کی اور حضرت عبداللہ بن سہل کا واقعہ عرض کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم پچاس قسمیں کھاتے ہو کر اپنے قاتل یا (فرمایا) اپنے ساتھی کے خون کے مستحق بن جاؤ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم تو وہاں موجود نہیں تھے اور نہ ہی ہم واقعہ کے گواہ ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا یہودیوں کی پچاس قسموں پر تم دست بردار ہوسکتے ہو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم کافر لوگوں کی قسموں قبول کریں حضرت مالک فرماتے ہیں حضرت یحییٰ بن سعید نے فرمایا کہ حضرت بشیر کے خیال میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے ان کی دیت ادا فرمائی۔

حضرت بشیر بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک انصاری جن کو سہل بن ابو حثمہ کہا جاتا تھا انہوں نے ان کو بتایا کہ ان کی قوم کے کچھ لوگ خیبر کی طرف گئے اور وہاں ایک دوسرے سے جدا ہو گئے پھر انہوں نے اپنے ایک آدمی کو وہاں مقتول پایا تو جن لوگوں کے ہاں اسے پایا تھا انہیں کہنے لگے کہ تم نے ہمارے آدمی کو قتل کیا ہے انہوں نے کہا اللہ کی قسم! ہم نے قتل کیا نہ ہمیں قاتل کا علم ہے وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چلے گئے اور عرض کیا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ہم خیبر کی طرف گئے تو ہم نے وہاں اپنے ایک آدمی کو مقتول پایا رسول اکرم نے فرمایا تم میں سے بڑا بات کرے پھر ان سے فرمایا قاتل کے خلاف گواہ لاؤ انہوں نے عرض کیا ہمارے پاس گواہ نہیں فرمایا اگر وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں تو (قبول کر دگے)؟ انہوں نے عرض کیا ہم یہودیوں کی قسموں پر راضی نہیں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَبْطُلَ دَمَهٗ فَوَدَاهُ بِمِائَةٍ مِّنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ۔

۷۹۱۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْ لَيْلٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ رِجَالٌ مِّنْ كُبَرَآءِ قَوْمِهٖ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَّ مُحَيِّصَةَ خَرَجَا اِلٰى خَيْبَرَ مِنْ جَهْدٍ اَصَابَهُمْ فَاُتِيَ مُحَيِّصَةُ فَاَخْبَرَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ قُتِلَ وَطُرِحَ فِيْ فَقِيْرٍ اَوْ عَيْنٍ فَاَتٰى يَهُوْدَ فَقَالَ اَنْتُمْ وَاللّٰهِ قَتَلْتُمُوْهُ فَقَالُوْا وَاللّٰهِ مَا قَتَلْنَاهُ فَاَقْبَلَ حَتّٰى قَدِمَ عَلٰى قَوْمِهٖ فَذَكَرَ لَهُمْ ذٰلِكَ ثُمَّ اَقْبَلَ هُوَ وَاَخُوْهُ حُوَيِّصَةُ وَهُوَ اَكْبَرُ مِنْهُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ فَذَهَبَ مُحَيِّصَةُ لِيَتَكَلَّمَ وَهُوَ الَّذِيْ كَانَ بِخَيْبَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُحَيِّصَةَ كَبِّرْ كَبِّرْ يُرِيْدُ السِّنَّ فَتَكَلَّمَ حُوَيِّصَةُ قَبْلُ ثُمَّ تَكَلَّمَ مُحَيِّصَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمَّا اَنْ يَّدُوْا صَاحِبَكُمْ وَاِمَّا اَنْ يُّؤْذِنُوْا بِحَرْبٍ فَكَتَبَ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ فَكَتَبُوْا اَنَّا وَاللّٰهِ مَا قَتَلْنَاهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحُوَيِّصَةَ وَمُحَيِّصَةَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَتَحْلِفُوْنَ وَتَسْتَحِقُّوْنَ دَمَ صَاحِبِكُمْ قَالُوْا لَا قَالَ اَفَتَحْلِفُ لَكُمْ يَهُوْدُ قَالُوْا لَيْسُوْا بِمُسْلِمِيْنَ فَوَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

نے اس کے خون کا باطل ہونا ناپسند کرتے ہوئے صدقہ کے اونٹوں میں سے ایک سو اونٹ دیت ادا فرمائی۔

حضرت سہل بن ابو حثمہ فرماتے ہیں انہیں اپنی قوم کے بڑوں میں سے ایک نے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور محیصہ اس تکلیف کی وجہ سے جو انہیں پہنچی تھی، خیبر کی طرف نکلے پھر حضرت محیصہ نے آکر بتایا کہ حضرت عبداللہ بن سہل کو قتل کرکے ایک کنوئیں یا چشمے میں ڈال دیا گیا وہ یہودیوں کے پاس آئے اور فرمایا اللہ کی قسم! تم نے انہیں قتل کیا ہے انہوں نے کہا اللہ کی قسم! ہم نے انہیں قتل نہیں کیا پھر وہ واپس اپنی قوم کے پاس آئے اور انہیں واقعہ بتایا پھر وہ اور ان کے بڑے بھائی حضرت حویصہ اور عبدالرحمٰن بن سہل سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت محیصہ نے بات کرنا چاہی اور وہی خیبر گئے تھے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا بڑے کو بات کرنے دو آپ کی مراد عمر میں بڑا ہونا تھا چنانچہ حضرت حویصہ نے بات کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو وہ (یہودی) تمہارے ساتھی کی دیت دیں یا لڑائی کے لیے تیار ہو جائیں چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں ان کو لکھا تو انہوں نے (جواباً) لکھا اللہ کی قسم! ہم نے ان کو قتل نہیں کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حویصہ، حضرت محیصہ اور حضرت عبدالرحمٰن سے فرمایا کیا تم قسم کھا کر اپنے ساتھی کے خون کے مستحق بنتے ہو انہوں نے عرض کیا وہ تو مسلمان نہیں تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے ان کی دیت ادا فرمائی اور ان کی طرف ایک سو اونٹنیاں بھیجیں حتی کہ انہیں

مِنْ عِنْدِهٖ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ بِمِائَةِ نَاقَةٍ حَتّٰى اُدْخِلَتْ عَلَيْهِمُ الدَّارُ۔

ان کے گھر داخل کیا گیا۔

قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقَدْ عَلِمْنَا اَنَّ خَيْبَرَ كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ لِاَنَّهُمْ اِفْتَتَحُوْهَا وَكَانَتِ الْيَهُوْدُ عُمَّالَهُمْ فِيْهَا فَلَمَّا وُجِدَ فِيْهَا هٰذَا الْقَتِيْلُ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَسَامَةَ فِيْهِ عَلَى الْيَهُوْدِ السُّكَّانِ لَا عَلَى الْمَالِكِيْنَ قَالَ فَكَذٰلِكَ نَقُوْلُ كُلُّ قَتِيْلٍ وُجِدَ فِيْ دَارٍ اَوْ اَرْضٍ فِيْهَا سَاكِنٌ مُسْتَاجِرٌ اَوْ مُسْتَعِيْرٌ فَالْقَسَامَةُ فِيْ ذٰلِكَ وَالدِّيَةُ عَلَى السَّاكِنِ لَا عَلٰى رَبِّهَا الْمَالِكِ۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہمیں معلوم ہے کہ خیبر مسلمانوں کا تھا کیونکہ انہوں نے اسے فتح کیا تھا اور یہودی وہاں ان کی طرف سے عامل تھے تو جب مقتول وہاں پایا گیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں قسم، وہاں رہائش پذیر یہودیوں پر ڈالی مالکوں (مسلمانوں) پر نہیں وہ فرماتے ہیں ہم بھی یہی بات کہتے ہیں کہ جو مقتول کسی ایسے مکان یا زمین میں پایا جائے جہاں کے رہائشی اجرت کے طور پر یا عاریتاً وہاں رہتے ہوں تو اس سلسلے میں قسم اور دیت وہاں کے رہنے والوں پر ہوگی اس کے مالک پر نہیں۔

وَكَانَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ يَقُوْلَانِ الدِّيَةُ وَالْقَسَامَةُ فِيْ ذٰلِكَ عَلَى الْمَالِكِ لَا عَلَى السَّاكِنِ۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہم اللہ فرماتے ہیں اس سلسلے میں دیت اور قسم مالک پر ہوگی وہاں رہنے والوں پر نہیں۔

وَكَانَ مِنْ حُجَّتِنَا لَهُمَا عَلٰى اَبِيْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّ ذٰلِكَ الْقَتِيْلَ لَمْ يُذْكَرْ لَنَا فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ وُجِدَ بِخَيْبَرَ بَعْدَ مَا افْتُتِحَتْ اَوْ قَبْلَ ذٰلِكَ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ اُصِيْبَ فِيْهَا بَعْدَ مَا افْتُتِحَتْ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ كَمَا قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ اُصِيْبَ فِيْ حَالٍ مَا كَانَتْ صُلْحًا بَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ اَهْلِهَا فَاِنْ كَانَ مَوْجُوْدًا فِيْ حَالٍ مَا كَانَتْ صُلْحًا قَبْلَ اَنْ تُفْتَتَحَ فَلَا حُجَّةَ لِاَبِيْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَفِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ لَيْلٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا يَدُلُّ

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے خلاف ان دونوں کی دلیل یہ ہے کہ اس حدیث میں یہ بات مذکور نہیں کہ وہ مقتول فتح خیبر کے بعد وہاں سے ملا یا اس سے پہلے، ہوسکتا ہے وہ فتح کے بعد وہاں پایا گیا ہو تو اس صورت میں وہی حکم ہوگا جو حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں اور ہوسکتا ہے کہ وہ اس حالت میں پایا گیا ہو جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور وہاں کے رہنے والوں کے درمیان صلح تھی تو اب اگر فتح سے پہلے حالتِ صلح میں مقتول پایا گیا تو اس حدیث میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی کوئی دلیل نہیں حضرت ابو لیلیٰ بن عبداللہ بن عبدالرحمن کی روایت میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ یہ زمانہ صلح تھا اور وہ یوں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ

أَنَّهَا كَانَتْ يَوْمَئِذٍ صُلْحًا وَذٰلِكَ أَنَّهُ فِيْهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْأَنْصَارِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ إِمَّا أَنْ تَدُوْا صَاحِبَكُمْ وَإِمَّا أَنْ تُؤْذِنُوْا بِحَرْبٍ وَلَا يُقَالُ هٰذَا إِلَّا لِمَنْ كَانَ فِيْ أَمَانٍ وَعَهْدٍ فِيْ دَارٍ هِيَ صُلْحٌ بَيْنَ أَهْلِهَا وَبَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ.

وَقَدْ بَيَّنَ ذٰلِكَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ فِيْ حَدِيْثِهٖ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ.

۷۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ ابْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلِ بْنِ زَيْدٍ وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدِ بْنِ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيَّ مِنْ بَنِيْ حَارِثَةَ خَرَجَا إِلَى خَيْبَرَ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ وَأَهْلُهَا يَهُوْدُ فَتَفَرَّقَا لِحَاجَتِهِمَا فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ فَوُجِدَ فِيْ شَرَبَةٍ مَقْتُوْلًا فَدَفَنَهُ صَاحِبُهُ ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ فَمَشٰى أَخُو الْمَقْتُوْلِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةُ وَحُوَيِّصَةُ فَذَكَرُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَأْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ وَكَيْفَ قُتِلَ فَزَعَمَ بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَمَّنْ أَدْرَكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَهُمْ تَحْلِفُوْنَ خَمْسِيْنَ يَمِيْنًا وَتَسْتَحِقُّوْنَ دَمَ قَتِيْلِكُمْ أَوْ صَاحِبِكُمْ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا شَهِدْنَا وَلَا حَضَرْنَا قَالَ أَفَتُبْرِئُكُمْ

وسلم نے انصار سے فرمایا کہ یا تو وہ تمہارے ساتھی کی دیت دیں یا جنگ کی اجازت دیں اور یہ بات انہی لوگوں کو کہی جاتی ہے جو امان اور معاہدے کے تحت ایسی جگہ رہتے ہوں جہاں کے رہنے والوں اور مسلمانوں کے درمیان صلح ہو۔

حضرت سلیمان بن بلال، حضرت یحییٰ بن سے روایت کرتے ہوئے اپنی حدیث میں اسے بیان کیا ہے۔

حضرت سلیمان بن بلال، حضرت یحییٰ بن سعید سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سہل بن زید اور محیصہ بن مسعود بن زید انصاری جن کا تعلق بنو حارثہ سے تھا دونوں دورِ نبوت میں خیبر کی طرف نکلے ان دنوں کی ان لوگوں کے ساتھ صلح تھی اور وہاں یہودی رہتے تھے یہ دونوں اپنی اپنی ضرورت کے لیے الگ الگ ہوگئے حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا گیا اور وہ ایک چشمے میں مقتول پائے گئے ان کے ساتھی نے ان کو دفن کر دیا پھر وہ مدینہ طیبہ آئے ان (مقتول) کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن سہل حضرت محیصہ اور حویصہ (تینوں) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور حضرت عبداللہ بن سہل کا واقعہ ذکر کیا اور بتایا کہ وہ کیسے قتل ہوئے حضرت بشیر بن یسار بعض صحابہ کرام سے روایت کرتے ہیں جن سے ان کی ملاقات ہوئی کہ آپ نے ان لوگوں سے فرمایا کیا تم پچاس قسمیں کھا کر اپنے مقتول یا (فرمایا) اپنے ساتھی کے ساتھ خون کے مستحق بننا چاہتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم وہاں حاضر نہ تھے آپ نے فرمایا کیا یہودی پچاس قسمیں کھا کر تم سے برأت حاصل کر لیں انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم کافر قوم کی قسمیں کیسے قبول کریں حضرت

يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ يَمِيْنًا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ نَقْبَلُ اَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ فَزَعَمَ بُشَيْرٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَلَهٗ۔

بشیر بن یسار کا خیال ہے کہ اس کے بعد سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی دیت ادا فرمائی۔

فَبَيَّنَ لَنَا هٰذَا الْحَدِيْثُ اَنَّهَا كَانَتْ فِيْ وَقْتِ وُجُوْدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ فِيْهَا قَتِيْلًا دَارَ صُلْحٍ وَّمُهَادَنَةٍ فَانْتَفٰى بِذٰلِكَ اَنْ يَّلْزَمَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدًا شَيْءٌ مِّمَّا احْتَجَّ بِهٖ عَلَيْهِمَا اَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ لِاَنَّ فَتْحَ خَيْبَرَ اِنَّمَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ۔

تو یہ حدیث بتاتی ہے کہ جب حضرت عبداللہ بن سہل وہاں مقتول پائے گئے ان دنوں وہ صلح کا گھر تھا تو حضرت امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہم اللہ کے خلاف حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی دلیل ہے جو کچھ لازم آتا تھا اس سے اس کی نفی ہو گئی کیونکہ خیبر اس کے بعد فتح ہوا تھا۔

قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَالنَّظَرُ يَدُلُّ عَلٰى مَا قُلْنَا اَيْضًا وَذٰلِكَ اِنَّا رَاَيْنَا الدَّارَ الْمُسْتَاجَرَةَ وَالْمُسْتَعَارَةَ فِيْ يَدِ مُسْتَاجِرِهَا وَمُسْتَعِيْرِهَا لَا فِيْ يَدِ رَبِّهَا اَلَا تَرٰى اَنَّهُمَا وَرَبَّهَا لَوِ اخْتَلَفَا فِيْ ثَوْبٍ وُجِدَ فِيْهَا اَنَّ الْقَوْلَ فِيْهِ قَوْلُهُمَا لَا قَوْلُ رَبِّ الدَّارِ فَكَذٰلِكَ مَا وُجِدَ فِيْهَا مِنَ الْقَتْلٰى فَهُمْ مَوْجُوْدُوْنَ فِيْهَا وَهِيَ فِيْ يَدِ مُسْتَاجِرِهَا وَيَدِ مُسْتَعِيْرِهَا لَا فِيْ يَدِ رَبِّهَا فَمَا وَجَبَ بِذٰلِكَ مِنْ قَسَامَةٍ وَدِيَةٍ فَهِيَ عَلٰى مَنْ هِيَ فِيْ يَدِهٖ لَا عَلٰى مَنْ لَيْسَتْ فِيْ يَدِهٖ وَاِنْ كَانَ مِلْكُهَا لَهٗ۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قیاس بھی ہماری بات پر دلالت کرتا ہے وہ یوں کہ ہم دیکھتے ہیں جو گھر اجرت پر یا بطور ادھار لیا گیا ہو وہ کرایہ دار یا ادھار لینے والے کے پاس ہوتا ہے مالک کے پاس نہیں ہوتا کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر وہ دونوں اور مالک مکان کسی کپڑے میں جھگڑ پڑیں جو وہاں پا یا گیا تو ان دونوں کا قول کا اعتبار ہو گا مالک مکان کا نہیں اسی طرح وہاں جو مقتول پائے جائیں گے اور وہ گھر کرایہ دار یا ادھار والے کے قبضہ میں ہو مالک کے قبضہ میں نہ ہو تو اب جو قسم اور دیت لازم ہو گی تو وہ ان پر لازم ہو گی جن کے قبضہ میں مکان ہے اس پر نہیں جس کا قبضہ نہیں ہے اگرچہ وہ اس کی ملک میں ہے۔

فَكَانَ مِنْ حُجَّةِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ اَنْ قَالَ رَاَيْتُ اِجْمَاعَهُمْ قَدْ دَلَّ عَلٰى اَنَّ الْقَسَامَةَ تَجِبُ عَلَى الْمَالِكِ لَا عَلَى السَّاكِنِ وَذٰلِكَ اَنَّ رَجُلًا وَامْرَاَةً لَوْ كَانَتْ فِيْ اَيْدِيْهِمَا دَارٌ يَسْكُنَانِهَا وَهِيَ لِلزَّوْجِ فَوُجِدَ فِيْهَا

اس سلسلے میں حضرت امام محمد بن حسن رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے فرماتے ہیں میں نے اس بات پر علماء کا اجماع دیکھا ہے کہ قسم، مالک پر واجب ہو گی، رہائشی پر نہیں وہ اس طرح کہ اگر ایک مکان خاوند اور اس کی بیوی کے پاس ہو اور وہ خاوند کا ہو پھر وہاں کوئی مقتول پا یا جائے تو قسم اور دیت صرف خاوند کے رشتہ داروں پر ہو گی عورت

قَتِيلٌ كَانَتِ الْقَسَامَةُ وَالدِّيَةُ عَلَى عَاقِلَةِ الزَّوْجِ خَاصَّةً دُونَ عَاقِلَةِ الْمَرْأَةِ وَقَدْ عَلِمْنَا أَنَّ أَيْدِيَهُمَا عَلَيْهَا وَأَنَّ مَا وُجِدَ فِيهَا مِنْ ثِيَابٍ فَلَيْسَ أَحَدُهُمَا أَوْلَى بِهِ مِنَ الْآخَرِ إِلَّا لِمَعْنًى لَيْسَ مِنْ قِبَلِ الْمِلْكِ وَالْيَدِ فِي شَيْءٍ فَلَوْ كَانَتِ الْقَسَامَةُ يُحْكَمُ بِهَا عَلَى مَنِ الدَّارُ فِي يَدِهِ لَحُكِمَ بِهَا عَلَى الْمَرْأَةِ وَالرَّجُلِ جَمِيعًا لِأَنَّ الدَّارَ فِي أَيْدِيهِمَا وَلِأَنَّهُمَا سَكَنَاهَا فَلَمَّا كَانَ مَا يَجِبُ فِي ذَلِكَ عَلَى الزَّوْجِ خَاصَّةً دُونَ الْمَرْأَةِ إِذْ هُوَ الْمَالِكُ لَهَا كَانَتِ الْقَسَامَةُ وَالدِّيَةُ فِي كُلِّ الْمَوَاضِعِ الْمَوْجُودِ فِيهَا الْقَتْلَى عَلَى مَالِكِهَا لَا عَلَى سَاكِنِهَا۔

کے رشتہ داروں پر نہیں ہوگی، حالانکہ ہم جانتے ہیں کہ وہ مکان ان دونوں کے قبضے میں ہے اور اگر وہاں کپڑا پایا جائے تو ان میں سے ایک دوسرے کی نسبت زیادہ مستحق نہیں ہوگا البتہ یہ کہ کوئی چیز اس کی ملک اور قبضے میں ہو (تو اس کا استحقاق ہوگا) پس اگر قسم اس شخص پر ڈالی جاتی جس کے قبضہ میں مکان ہے تو عورت اور مرد دونوں پر ڈالی جاتی کیونکہ مکان ان دونوں کے قبضے میں ہے نیز دونوں وہاں رہائش پذیر ہیں تو جب اس صورت میں جو کچھ واجب ہوتا ہے وہ صرف خاوند پر واجب ہوتا ہے عورت پر نہیں کیونکہ وہی مالک ہے تو جہاں بھی مقتول پایا جائے، قسم اور دیت مالک پر ہوگی وہاں کے رہنے والوں پر نہیں۔

بَابُ ۲۲: الْقَسَامَةِ كَيْفَ هِيَ

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ اخْتَلَفَ النَّاسُ فِي الْقَتِيلِ الْمَوْجُودِ فِي مَحَلَّةِ قَوْمٍ كَيْفَ الْقَسَامَةُ الْوَاجِبَةُ فِيهِ فَقَالَ قَوْمٌ يَحْلِفُ الْمُدَّعَى عَلَيْهِمْ بِاللَّهِ مَا قَتَلْنَا فَإِنْ أَبَوْا أَنْ يَحْلِفُوا اسْتُحْلِفَ الْمُدَّعُونَ وَاسْتَحَقُّوا مَا ادَّعَوْا۔

۳۷۹ - وَاحْتَجُّوا فِي ذَلِكَ بِحَدِيثِ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ الَّذِي ذَكَرْنَا فِي الْبَابِ الَّذِي قَبْلَ هَذَا الْبَابِ۔

وَقَالَ آخَرُونَ يُسْتَحْلَفُ الْمُدَّعَى عَلَيْهِمْ فَإِذَا حَلَفُوا غَرِمُوا الدِّيَةَ۔

وَقَالُوا قَوْلُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْأَنْصَارِ أَتَحْلِفُونَ وَ

باب ۲۲: قسم کیسے لی جائے

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر کسی قوم کے محلے میں مقتول پایا جائے تو وہاں اس قسم کی کیا صورت ہوگی جو واجب ہو چکی ہے ایک جماعت کہتی ہے کہ جن کے خلاف دعویٰ ہے وہ قسم کھائیں کہ اللہ کی قسم! ہم نے قتل نہیں کیا اور اگر وہ قسم کھانے سے انکار کردیں تو مدعی حضرات سے قسم لی جائے۔

وہ اپنے دعویٰ کے مستحق ہوں گے۔ انہوں نے اس سلسلے میں حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے استدلال کیا ہے جسے ہم نے گزشتہ باب میں ذکر کیا۔

لیکن دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ ان لوگوں سے ہی قسم لی جائے جن کے خلاف دعویٰ ہے جب وہ قسم کھالیں تو تاوان ادا کریں

وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انصار سے یہ فرمانا کہ کیا تم قسم کھا کر اپنے مقتول کے مستحق بنتے ہو یہ بطور

تَسْتَحِقُّوْنَ اَنَّمَا کَانَ عَلَی التَّنْکِیْرِ مِنْهُ عَلَیْهِمْ کَاَنَّهٗ قَالَ اَتَدَّعُوْنَ وَتَاْخُذُوْنَ۔

وَذٰلِکَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُمْ اَفَتُبْرِئُکُمْ یَهُوْدُ بِخَمْسِیْنَ یَمِیْنًا بِاللّٰهِ مَا قَتَلْنَا فَقَالُوْا کَیْفَ نَقْبَلُ اَیْمَانَ قَوْمٍ کُفَّارٍ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَحْلِفُوْنَ وَتَسْتَحِقُّوْنَ اَیْ اِنَّ الْیَهُوْدَ وَاِنْ کَانُوْا کُفَّارًا فَلَیْسَ عَلَیْهِمْ فِیْمَا تَدَّعُوْنَ عَلَیْهِمْ غَیْرَ اَیْمَانِهِمْ وَکَمَا لَا یُقْبَلُ مِنْکُمْ وَاِنْ کُنْتُمْ مُسْلِمِیْنَ اَیْمَانُکُمْ فَتَسْتَحِقُّوْنَ بِهَا کَذٰلِکَ لَا یَجِبُ عَلَی الْیَهُوْدِ بِدَعْوَاکُمْ عَلَیْهِمْ غَیْرَ اَیْمَانِهِمْ۔

انکار تھا گویا آپ نے فرمایا کہ کیا تم صرف دعویٰ کر کے لے لوگے۔

اور یہ اس طرح ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا یہودی پچاس قسموں کے ذریعے تم سے برأت حاصل کر لیں کہ وہ کہیں اللہ کی قسم ہم نے قتل نہیں کیا تو انہوں نے عرض کیا ہم کافر قوم کی قسمیں کیسے قبول کریں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا تم قسم کھا کر اس کے مستحق بنتے ہو؟ یعنی یہودی اگرچہ کافر ہیں لیکن ان کے خلاف دعویٰ میں تم صرف ان کو قسم دے سکتے ہو تو باوجود تمہارے مسلمان ہونے کے جس طرح تم صرف قسم سے دیت کے مستحق نہیں ہو سکتے یہودیوں کے خلاف تمہارے دعویٰ سے بھی سوائے قسموں کے ان پر کچھ واجب نہیں ہوتا۔

۷۹۴۔ وَالدَّلِیْلُ عَلٰی صِحَّةِ هٰذَا التَّاْوِیْلِ مَا قَدْ حَکَمَ بِهٖ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِهٖ فَلَمْ یُنْکِرْهُ عَلَیْهِ مِنْهُمْ مُنْکِرٌ وَمُحَالٌ اَنْ یَّکُوْنَ عِنْدَ الْاَنْصَارِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِنْ ذٰلِکَ عِلْمٌ وَسِیَّمَا مِثْلَ مُحَیِّصَةَ وَقَدْ کَانَ حَیًّا یَوْمَئِذٍ وَسَهْلُ بْنُ اَبِیْ حَثْمَةَ وَلَا یُخْبِرُوْنَهٗ بِهٖ وَیَقُوْلُوْنَ لَیْسَ هٰکَذَا قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَنَا عَلَی الْیَهُوْدِ۔

اس دعویٰ کی صحت پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا وہ فیصلہ ہے جو آپ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام کی موجودگی میں کیا اور ان میں سے کسی نے بھی ان پر اعتراض نہیں کیا اور یہ بات محال ہے کہ انصار کو اس بات کا علم ہو بالخصوص حضرت محیصہ جیسے لوگ جو ان دنوں زندہ تھے اور سہل بن ابوحثمہ بھی موجود تھے اور وہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو ان کی خبر نہ دیں اور انہیں یہ بات نہ کہیں کہ فیصلہ یوں نہیں ہے بلکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کے خلاف ہمارے حق میں فیصلہ دیا۔

۷۹۵۔ فَمِمَّا رُوِیَ عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ ذٰلِکَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَکَمِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْاَزْمَعِ اَنَّهٗ قَالَ لِعُمَرَ اَمَا تَدْفَعُ اَمْوَالُنَا اَیْمَانَنَا وَلَا اَیْمَانُنَا عَنْ اَمْوَالِنَا قَالَ لَا وَعَقَلَهٗ۔

اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت حارث بن ازمع فرماتے ہیں انہوں نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کیا ہمارے مال، ہماری قسموں کو دور نہیں کرتے اور کیا ہماری قسمیں ہمارے مالوں کی وجہ سے دفع نہیں ہوتیں آپ نے فرمایا نہیں اور آپ نے ان پر دیت لازم کر دی۔

۷۹۶۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانٍ

حضرت حارث بن ازمع فرماتے ہیں قبیلہ وداعہ اور ایک

قَالَ ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْاَزْمَعِ قَالَ قُتِلَ قَتِيْلٌ بَيْنَ وَادِعَةَ وَحَيٍّ اٰخَرَ وَالْقَتِيْلُ اِلٰى وَادِعَةَ اَقْرَبُ فَقَالَ عُمَرُ لِوَادِعَةَ يَحْلِفُ خَمْسُوْنَ رَجُلًا مِّنْكُمْ بِاللّٰهِ مَا قَتَلْنَا وَلَا نَعْلَمُ قَاتِلًا ثُمَّ اَغْرِمُوا الدِّيَةَ فَقَالَ لَهُ الْحَارِثُ نَحْلِفُ وَتُغْرِمُنَا فَقَالَ نَعَمْ۔

دوسرے قبیلے کے درمیان ایک شخص قتل ہو گیا، مقتول، وداعہ کے زیادہ قریب تھا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے وداعہ قبیلہ کے لوگوں سے فرمایا کہ تم میں سے پچاس آدمی قسمیں کھائیں کہ ہم نے قتل نہیں کیا اور نہ ہمیں قاتل کا علم ہے پھر تم دیت ادا کرو حارث نے کہا ہم قسم بھی کھائیں اور دیت بھی دیں آپ نے فرمایا "ہاں"

۷۹۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ عَنْ اَبِيْ جَرِيْرٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ الْحَارِثِ الْوَادِعِيِّ قَالَ اَصَابُوْا قَتِيْلًا بَيْنَ قَرْيَتَيْنِ فَكَتَبُوْا فِيْ ذٰلِكَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَكَتَبَ عُمَرُ اَنْ قِيْسُوْا بَيْنَ الْقَرْيَتَيْنِ فَاَيَّتُهُمَا كَانَ اِلَيْهِ اَدْنٰى فَخُذُوْا خَمْسِيْنَ قَسَامَةً فَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ ثُمَّ غَرِّمْهُمُ الدِّيَةَ قَالَ الْحَارِثُ فَكُنْتُ فِيْمَنْ اَقْسَمَ ثُمَّ غَرِمْنَا الدِّيَةَ۔

حضرت حارث وداعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں دو بستیوں کے درمیان ایک مقتول ملا۔ تو انہوں نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو لکھا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو لکھا کہ دونوں بستیوں کے درمیان فاصلے کا اندازہ کرو جو بستی اس کے زیادہ قریب ہو ان کے پچاس آدمیوں سے قسم لو وہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھائیں پھر ان سے بطور تاوان دیت وصول کرو حضرت حارث فرماتے ہیں میں بھی قسم کھانے والوں میں سے تھا پھر ہم نے دیت ادا کی۔

فَهٰذِهِ الْقَسَامَةُ الَّتِيْ حَكَمَ بِهَا اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

وَقَدْ وَافَقَ ذٰلِكَ مَا قَدْ رَوَيْنَاهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الْمَوْضِعِ اَنَّهُ قَالَ لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعٰى نَاسٌ دِمَاءَ رِجَالٍ وَاَمْوَالَهُمْ وَلٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ فَسَوّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ بَيْنَ الْاَمْوَالِ وَالدِّمَاءِ وَحَكَمَ فِيْهَا بِحُكْمٍ وَاحِدٍ فَجَعَلَ الْيَمِيْنَ فِيْ ذٰلِكَ كُلِّهِ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ۔

جس قسامت (قسم) کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے فیصلہ فرمایا وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ان احادیث کے موافق ہے جو ہم نے دوسرے مقامات پر نقل کی ہیں آپ نے فرمایا اگر لوگوں کو محض ان کے دعویٰ پر دے دیا جائے تو لوگ، دوسروں کے خونوں اور مالوں کا دعویٰ کریں گے لیکن مدعیٰ علیہ السلام پر قسم ہے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مالوں اور خون کو برابر رکھتے ہوئے دونوں کے لیے ایک حکم فرمایا ان سب میں مدعیٰ علیہ پر قسم کو لازم قرار دیا۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ مَعْنٰى حَدِيْثِ سَهْلٍ اَيْضًا عَلٰى مَا قَدْ تَاَوَّلْنَاهُ عَلَيْهِ۔

وَقَدْ دَلَّ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ

اس سے ثابت ہوا کہ حضرت سہل کی روایت کا معنی بھی وہی ہے جو ہم نے بیان کیا ہے۔

اس پر وہ روایت بھی دلالت کرتی ہے جسے ہم

فِی الْبَابِ الَّذِیْ قَبْلَ هٰذَا عَنْ سَعِیْدِ بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ بُشَیْرِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِیْ حَثْمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دَعَاهُمْ بِالْبَیِّنَةِ فَلَمَّا ذَكَرُوْا اَنْ لَّا بَیِّنَةَ لَهُمْ قَالَ اَفَیَحْلِفُوْنَ لَكُمْ۔

نے گزشتہ باب میں ذکر کیا حضرت سعید بن عبید بشیر بن یسار سے اور وہ حضرت سہیل بن ابو حثمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو گواہی پیش کرنے کا حکم دیا جب انہوں نے بتایا کہ ان کے پاس گواہ نہیں تو آپ نے فرمایا کیا وہ تمہارے لیے قسمیں اٹھائیں ؟

۷۹۹۔ **فَدَلَّ** مَا ذَكَرْنَا اَنَّ مَا كَانَ مِنْ حُكْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِكَ هُوَ هٰذَا وَكَانَ مَا زَادَ عَلَیْهِ مِمَّا فِیْ حَدِیْثِ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ وَاَبِیْ لَیْلٰی بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ لَیْسَ عَلَی الْحُكْمِ وَلٰكِنْ عَلَی الْمَعْنَی الَّذِیْ تَاَوَّلْنَاهُمَا عَلَیْهِ۔

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم یہی تھا اور جو کچھ یحیی بن سعید اور ابو لیلیٰ بن عبد اللہ کی روایت میں اضافہ ہے وہ فیصلہ نہیں بلکہ اس کا وہی مفہوم ہے جو ہم نے ذکر کیا

ثُمَّ هٰذَا الزُّهْرِیُّ قَدْ عَلِمَ بِقَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْقَسَامَةِ۔

پھر امام زہری رحمہ اللہ کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کا علم تھا۔

۸۰۰۔ **فَمِمَّا** رُوِیَ عَنْهُ فِیْ ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا اَیُّوْبُ بْنُ سُوَیْدٍ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ وَسُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اُنَاسٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْقَسَامَةَ كَانَتْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فَاَقَرَّهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی مَا كَانَتْ عَلَیْهِ وَقَضٰی بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ اُنَاسٍ فِیْ قَتِیْلٍ اِدَّعَوْهُ عَلَی الْیَهُوْدِ۔

اس سلسلے میں مروی ہے حضرت ابن شہاب، ابو سلمہ اور سلیمان بن یسار سے وہ، کچھ انصاری صحابہ کرام سے روایت کرتے ہیں جاہلیت کے دور میں بھی قسامت کا رواج تھا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اسی حالت پر برقرار رکھا اور ایک مقتول جس کے ورثا اس کا دعویٰ یہود پر کرتے تھے، کے بارے میں فیصلہ فرمایا۔

۸۰۱۔ **حَدَّثَنَا** سُلَیْمَانُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ ثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ قَالَ ثَنَا الزُّهْرِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَسُلَیْمَانُ بْنُ یَسَارٍ عَنْ اُنَاسٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت زہری سے مروی ہے وہ اسی سند کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۰۲۔ **ثُمَّ** قَالَ الزُّهْرِیُّ فِی الْقَسَامَةِ اَیْضًا مَا قَدْ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّیُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ

پھر امام زہری نے قسامت کے سلسلے میں یہ بھی فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ

الضَّرِيرُ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْقَسَامَةِ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِمْ۔

وسلم نے مدعی علیہم پر قسامت کا فیصلہ فرمایا۔

فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى أَنَّ الْقَسَامَةَ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِمْ لَا عَلَى الْمُدَّعِيْنَ عَلَى مَا بَيَّنَ الزُّهْرِيُّ فِي حَدِيْثِهِ هٰذَا وَإِنَّمَا كَانَ أَخْذُ الْقَسَامَةِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أُنَاسٍ مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ هٰذَا إِنَّمَا أَخَذَهُ عَنْهُمْ۔

تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ ان لوگوں کو قسم دی جائے گی جن کے خلاف دعویٰ ہے دعویٰ کرنے والوں کو نہیں حضرت زہری نے اس روایت میں اسی طرح بیان کیا ہے اور قسامت کا حکم حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اور سلیمان بن یسار سے حاصل کیا گیا انہوں نے کچھ صحابہ کرام سے لیا تو امام زہری نے یہ ان صحابہ کرام سے لیا۔

وَقَدْ وَافَقَ ذٰلِكَ مَا رَوَيْنَاهُ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مِمَّا فَعَلَهُ وَحَكَمَ بِهِ بِحَضْرَةِ سَائِرِ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُمْ فَلَمْ يُنْكِرْهُ عَلَيْهِ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيْفَةَ وَأَبِي يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

اور یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عمل اور اس حکم کے بھی موافق ہے جسے ہم نے روایت کیا اور انہوں نے یہ فیصلہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں کیا لیکن ان میں سے کسی نے بھی آپ پر اعتراض نہیں کیا۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

بَابٌ ۲۲ مَا أَصَابَتِ الْبَهَائِمُ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

باب ۲۲ رات اور دن میں جانوروں کا کھیتوں کو کھا جانا

۸۰۳- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ نَاقَةً لِرَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ دَخَلَتْ حَائِطًا فَأَفْسَدَتْ فِيْهِ فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَهْلِ الْحَائِطِ بِحِفْظِهَا بِالنَّهَارِ وَعَلَى أَهْلِ الْمَوَاشِيْ مَا أَفْسَدَتْ مَوَاشِيْهِمْ بِاللَّيْلِ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے انصار میں سے ایک شخص کی اونٹنی ایک باغ میں داخل ہو گئی اور اس نے اسے خراب کر دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ باغ والے دن کو اپنے باغ کی حفاظت کریں اور جانوروں والے اس کا تاوان دیں گے جو رات کے وقت ان کے جانور نقصان کریں۔

۸۰۴- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَرَامِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ مُحَيِّصَةَ أَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطًا لِرَجُلٍ فَأَفْسَدَتْ فِيْهِ فَقَضَى

حضرت حرام بن سعید بن محیصہ فرماتے ہیں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی اونٹنی ایک شخص کے باغ میں داخل ہو گئی اور اس نے اسے خراب کر دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَلٰى اَهْلِ الْحَوَائِطِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ وَاَنَّ مَا اَفْسَدَتِ الْمَوَاشِيْ بِاللَّيْلِ ضَمَانٌ عَلٰى اَهْلِهَا۔

نے فیصلہ فرمایا کہ باغ والے دن کو اس کی حفاظت کریں اور جو کچھ رات کے وقت جانور اجاڑیں ان کے مالک اس کے ضامن ہوں گے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذِهِ الْاٰثَارِ فَقَالُوْا مَا اَصَابَتِ الْبَهَائِمُ نَهَارًا فَلَا ضَمَانَ عَلٰى اَحَدٍ فِيْهِ وَمَا اَصَابَتْ لَيْلًا ضَمِنَ اَرْبَابُ تِلْكَ الْبَهَائِمِ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان روایات کو اپناتے ہوئے فرمایا کہ جس چیز کو جانور دن کے وقت نقصان پہنچائیں اس کی کسی پر ضمان (تاوان) نہیں اور جسے رات کے وقت نقصان پہنچائیں تو جانوروں کے مالکوں پر انکی ضمان ہوگی ان حضرات نے ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا ضَمَانَ عَلٰى اَرْبَابِ الْمَوَاشِيْ فِيْمَا اَصَابَتْ مَوَاشِيْهِمْ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذَا كَانَتْ مُنْفَلِتَةً۔

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر جانور کھلے چھوڑے ہوئے ہوں تو وہ دن کے وقت (کسی کھیتی کو) نقصان پہنچائیں یا رات کو، ان کے مالکوں پر تاوان نہیں ہوگا۔

۸۰۵۔ **وَاحْتَجُّوْا** فِيْ ذٰلِكَ بِمَا قَدْ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا الْحَضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَانِيُّ قَالَ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ ثَنَا مُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّائِمَةُ عَقْلُهَا جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا باہر چرنے والے جانوروں کا تاوان معاف ہے اور (معدنیات کی) کان (میں گرنے والے) کا تاوان معاف ہے [1]

۸۰۶۔ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جانوروں (کے نقصان) کا تاوان معاف ہے اور کان کا تاوان معاف ہے۔

۸۰۷۔ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ لَهُ السَّائِلُ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ مَعَهٗ اَبُوْ سَلَمَةَ فَقَالَ اِنْ كَانَ مَعَهٗ فَهُوَ مَعَهٗ۔

حضرت زہری حضرت سعید سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ایک شخص نے حضرت زہری سے پوچھا اے ابومحمد! حضرت سعید کے ساتھ ابوسلمہ بھی ہیں تو انہوں نے فرمایا اگر وہ ان کے ساتھ ہیں، تو ان کے ساتھ ہیں (یعنی اس حدیث کی روایت دونوں نے کی ہے)

۸۰۸۔ **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ

حضرت ابن المسیب اور حضرت عبیداللہ بن عبداللہ (رضی اللہ عنہم) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

---

[1] مطلب یہ ہے کہ باہر چرنے والے جانور کسی کی کھیتی اجاڑ دیں تو جانور کے مالک پر تاوان نہیں ہوگا اسی طرح اگر کسی نے کان کھودی تو اس میں گرنے والے کا کان کے مالک پر تاوان نہیں ہوگا۔ ۱۲ ہزاروی

وَعُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۰۹۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرِ الرَّقِّيُّ قَالَ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابوسلمہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۱۰۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت عبدالوہاب بن عطا فرماتے ہیں: حضرت محمد بن عمرو نے خبر دی انہوں نے سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۸۱۱۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن سیرین، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۱۲۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

۸۱۳۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت محمد بن زیاد فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔

۸۱۴۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَرْفَعُهٗ مِثْلَهٗ۔

حضرت عبدالرحمٰن اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل مرفوعًا (یعنی حضور علیہ السلام سے) روایت کرتے ہیں۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَصَابَتِ الْعَجْمَاءُ جُبَارًا وَالْجُبَارُ هُوَ الْهَدَرُ فَنَسَخَ ذٰلِكَ مَا تَقَدَّمَ مِمَّا فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ مُحَيِّصَةَ وَاِنْ كَانَ مُنْقَطِعًا

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کا تاوان معاف فرمایا جسے جانور نقصان پہنچائیں لفظ جبار کا معنیٰ باطل کرنے (معاف کرنے) کے ہیں تو جو کچھ حضرت ابن محیصہ

لَا يَكُوْنُ بِمِثْلِهِ عِنْدَ الْمُحْتَجِّ بِهٖ عَلَيْنَا حُجَّةٌ وَاِنْ كَانَ الْاَوْزَاعِيُّ قَدْ وَصَلَهٗ فَاِنَّ مَالِكًا وَالْاَثْبَاتَ مِنْ اَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ قَدْ قَطَعُوْهُ وَمَعَ ذٰلِكَ فَاِنَّ الْحُكْمَ الْمَذْكُوْرَ فِيْهِ مَاخُوْذٌ مِنْ حُكْمِ سُلَيْمَانَ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ الْغَنَمُ فَحَكَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ ذٰلِكَ الْحُكْمِ حَقٌّ اَحْدَثَ اللّٰهُ لَهٗ هٰذِهِ الشَّرِيْعَةَ فَنَسَخَتْ مَا قَبْلَهَا۔

فَمِمَّا دَلَّ عَلٰى هٰذَا الَّذِيْ رَوَيْنَاهُ عَنْ جَابِرٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ كَانَ بَعْدَ مَا فِيْ حَدِيْثِ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ مِنْ قَوْلِهٖ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَلٰى اَهْلِ الْمَوَاشِيْ حِفْظَ مَوَاشِيْهِمْ بِاللَّيْلِ وَعَلٰى اَهْلِ الزَّرْعِ حِفْظَ زَرْعِهِمْ بِالنَّهَارِ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَاشِيَةَ اِذَا كَانَ عَلٰى رَبِّهَا حِفْظُهَا مَضْمُوْنًا مَا اَصَابَتْ وَاِذَا لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا حِفْظُهَا غَيْرَ مَضْمُوْنٍ مَا اَصَابَتْ فِيْ ذٰلِكَ ضَمَانٌ فَاَوْجَبَ فِيْ ذٰلِكَ ضَمَانَ مَا اَصَابَ الْمُنْفَلِتَةُ بِاللَّيْلِ اِذْ كَانَ عَلٰى صَاحِبِهَا حِفْظُهَا ثُمَّ قَالَ فِيْ حَدِيْثِ الْعَجْمَاءِ جُرْحُهَا جُبَارٌ فَكَانَتْ مَا اَصَابَتْ فِي انْفِلَاتِهَا جُبَارًا فَصَارَتْ لَوْ هَدَمَتْ حَائِطًا وَقَتَلَتْ رَجُلًا لَمْ يَضْمَنْ صَاحِبُهَا شَيْئًا وَاِنْ كَانَ عَلَيْهِ حِفْظُهَا حَتّٰى لَا تَنْفَلِتَ اِذَا كَانَتْ مِمَّا يُخَافُ عَلَيْهِ مِثْلُ هٰذَا۔

فَلَمَّا لَمْ يُرَاعِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کی روایت کے حوالے سے پہلے بیان ہوا اسے اس حدیث نے منسوخ کر دیا اور اگر وہ حدیث منقطع ہے تو اس سے استدلال کرنے والا اسے ہمارے خلاف دلیل نہیں بنا سکتا اگرچہ امام اوزاعی نے اسے متصل بیان کیا ہے لیکن امام مالک اور ان کے معتبر شاگردوں نے اسے منقطع روایت کیا ہے اس کے باوجود اس میں مذکور حکم حضرت سلیمان علیہ السلام کے فیصلے سے لیا گیا ہے جو انہوں نے اس کھیت کے بارے میں فرمایا جسے کسی کا ریوڑ چر گیا تھا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی قسم کا فیصلہ فرمایا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے یہ شریعت

اس بات پر حضرت جابر اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی روایات دلالت کرتی ہیں کہ یہ حدیث حضرت حرام بن محیصہ کی حدیث کے بعد ہے وہ (ابن محیصہ) فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ جانوروں کے مالکوں پر رات کے وقت انکی حفاظت ضروری ہے اور کھیتی والوں پر دن کے وقت کھیتی کی حفاظت لازمی ہے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانوروں کے پہنچائے ہوئے نقصان کو اس صورت میں قابلِ تاوان قرار دیا جب ان کے مالکوں پر ان کی حفاظت لازم ہو اور اگر ان پر ان کی حفاظت ضروری نہ ہو تو نقصان ناقابلِ تاوان ہوگا۔ تو آپ نے رات کے وقت کھلے رہنے والے جانوروں کے پہنچائے ہوئے نقصان کو قابلِ تاوان قرار دیا کیونکہ ان کے مالکوں پر ان کی حفاظت لازم قرار دی پھر دوسری حدیث میں فرمایا کہ جانوروں کا پہنچایا ہوا نقصان معاف ہے اور اب ان کے کھلے رہنے کی صورت میں نقصان معاف ہوگا لہٰذا اب اگر وہ باغ اجاڑ دیں یا کسی شخص کو ہلاک کر دیں تو ان کے مالک کسی چیز کے ضامن نہیں ہوں گے اگرچہ ان پر ان کی حفاظت ضروری تھی کہ وہ کھلنے نہ پائیں جب ان سے اس قسم کا خوف ہو۔

تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس

وَسَلَّمَ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ وُجُوْبَ حِفْظِهَا عَلَیْهِ وَرَاعِیْ انْفِلَاتِهَا فَلَمْ یُضَمِّنْهُ فِیْهَا شَیْئًا مِمَّا اَصَابَتْ دَجَعَ الْاَمْرُ فِیْ ذٰلِكَ اِلَی اسْتِوَاءِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ مَا اَصَابَتْ لَیْلًا اَوْ نَهَارًا اِذَا کَانَتْ مُنْفَلِتَةً فَلَا ضَمَانَ عَلٰی رَبِّهَا فِیْهِ وَاِنْ کَانَ هُوَ سَیَّبَهَا فَاَصَابَتْ شَیْئًا فِیْ فَوْرِهَا اَوْ فِیْ سَیْبِهَا ضَمِنَ ذٰلِكَ کُلَّهٗ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ وَهُوَ اَوْلٰی مَا حُمِلَتْ عَلَیْهِ هٰذِهِ الْاٰثَارُ لِمَا ذَکَرْنَا وَبَیَّنَّا۔

اس حدیث میں ان کی حفاظت کی رعایت نہیں فرمائی بلکہ ان ان کے کھلے رہنے کی رعایت فرماتی کہ وہ کسی نقصان کے ذمہ دار نہیں ہوں گے تو اس سلسلے میں رات اور دن کا معاملہ ایک جیسا ہو گیا۔

اس سے ثابت ہوا کہ جانور کھلے ہوں تو رات کو نقصان پہنچائیں یا دن کو، ان کے مالکوں پر کوئی تاوان نہیں ہوگا اور اگر مالک نے خود چھوڑا اور وہ اسی وقت یا بعد میں کھلے رہے۔ صورت میں کچھ کھا گئے تو مالک اس تمام کا تاوان دے گا۔ یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔ اور ان روایات کو اس معنی پر محمول کرنا جیسا کہ ہم نے بیان کیا، بہتر ہے۔

بَابُ ٢٢ غُرَّةِ الْجَنِیْنِ الْمَحْکُوْمِ بِهَا فِیْهِ لِمَنْ هِیَ

جنین کے بدلے میں لازم کیا گیا غلام کس کا ہو گا

٨١٦- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ امْرَاَتَیْنِ مِنْ هُذَیْلٍ رَمَتْ اِحْدٰهُمَا الْاُخْرٰی فَطَرَحَتْ جَنِیْنَهَا فَقَضٰی فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ وَلِیْدَةٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبیلہ ھذیل کی دو عورتوں میں سے ایک نے دوسری کو مارا تو اس کا حمل گر گیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں ایک غلام یا لونڈی دینے کا فیصلہ فرمایا۔

٨١٧- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَیْبُ بْنُ اللَّیْثِ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ جَنِیْنِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِیْ لِحْیَانَ سَقَطَ مَیِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ وَاَنَّ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّیَتْ فَقَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ مِیْرَاثَهَا لِبَنِیْهَا وَزَوْجِهَا وَاَنَّ الْعَقْلَ عَلٰی عَصَبَتِهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کے جنین کے بارے میں جو مردہ گر گیا تھا ایک غلام (یا لونڈی) کا فیصلہ فرمایا جس عورت کے خلاف فیصلہ دیا وہ بھی مر گئی تو آپ نے فیصلہ فرمایا کہ اس کی وراثت اس کے بیٹوں اور خاوند کے لیے ہو گی اور اس کی دیت (قاتلہ کے) رشتہ داروں پر ہو گی۔

٨١٨- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَیْبَةَ قَالَ ثَنَا یَزِیْدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے مروی ہے

بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْجَنِیْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ فَقَالَ الَّذِیْ قُضِیَ عَلَیْهِ الْعَقْلُ مَنْ لَا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِكَ بَطَلَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا یَقُوْلُ بِقَوْلِ شَاعِرٍ غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ۔

فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنین کے بارے میں غلام یا لونڈی (دینے) کا فیصلہ فرمایا جس کے خلاف دیت (کی ادائیگی) کا فیصلہ فرمایا تھا اس نے کہا جس نے کھایا نہ پیا نہ چیخا چلایا اس کا خون معاف ہونا چاہیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو شاعروں جیسی باتیں کرتا ہے اس میں ایک غلام یا لونڈی ہے۔

۸۱۹۔ حَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِیَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عُبَیْدِ بْنِ نَضْلَةَ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ رَجُلًا كَانَتْ لَهٗ اِمْرَاَتَانِ فَضَرَبَتْ اِحْدٰهُمَا الْاُخْرٰی بِعَمُوْدِ فُسْطَاطٍ اَوْ بِحَجَرٍ فَاَسْقَطَتْ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الَّذِیْ یُخَاصِمُ كَیْفَ یُعْقَلُ اَوْ كَیْفَ یُوْدٰی مَنْ لَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ وَلَا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَسَجْعٌ كَسَجْعِ الْاَعْرَابِ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهِ غُرَّةً وَجَعَلَ عَلٰی قَوْمِهَا۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی کی دو بیویاں تھیں ان میں سے ایک نے دوسری کو خیمے کی لکڑی یا پتھر مارا یہ معاملہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا جھگڑا کرنے والے نے کہا اس کی دیت کیسے ہو گی یا کیسے ادا کی جائے جو چیخا نہ چلایا اور نہ اس نے کچھ کھایا پیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو اعراب (دیہاتی شعراء) کی طرح شعر گوئی کرتا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں ایک غلام یا لونڈی کا فیصلہ فرمایا اور اسے اس عورت (مارنے والی) کی قوم پر ڈال دیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ الْغُرَّةَ الْوَاجِبَةَ فِی الْجَنِیْنِ اِنَّمَا تَجِبُ لِاُمِّ الْجَنِیْنِ لَمْ یُعْلَمْ اَنَّهٗ كَانَ حَیًّا فِیْ وَقْتِ وُقُوْعِ الضَّرْبَةِ بِاُمِّهٖ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے کہ جنین کے سلسلے میں جو غلام واجب ہوگا وہ جنین کی ماں کے لیے ہوگا کیونکہ معلوم نہیں کہ ماں کو مارتے وقت جنین زندہ تھا یا نہیں۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا بَلْ تِلْكَ الْغُرَّةُ الْمَحْكُوْمُ بِهَا لِلْجَنِیْنِ ثُمَّ یَرِثُهَا مَنْ كَانَ یَرِثُهٗ لَوْ كَانَ حَیًّا۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جس غلام کا فیصلہ کیا گیا وہ جنین (بچے) کا ہوگا پھر وہ لوگ اس کے وارث ہوں گے جو اس (بچے) کے زندہ ہونے کی صورت میں وارث ہوتے۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِیْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَضٰی عَلَی الْمَحْكُوْمِ عَلَیْهِ بِالْغُرَّةِ قَالَ كَیْفَ یُعْقَلُ مَنْ لَا اَكَلَ وَلَا شَرِبَ وَلَا نَطَقَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

اس سلسلے میں ان کی دلیل وہ ہے جو ہم نے ان روایات کے ضمن میں ذکر کی کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غلام دینے کا فیصلہ فرمایا تو اس نے کہا اس کی دیت کیسے دی جائے جس نے کھایا نہ پیا اور نہ بات چیت کی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس میں ایک غلام یا لونڈی ہے اور اس

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ غُرَّةً عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ وَلَمْ يَقُلْ لِلَّذِيْ سَجَعَ ذٰلِكَ السَّجْعَ اِنَّمَا حَكَمْتُ بِهٰذَا لِلْجِنَايَةِ عَلَى الْمَرْاَةِ لَا فِي الْجَنِيْنِ۔

وَقَدْ دَلَّ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا مَا رَوَيْنَاهُ فِيْمَا تَقَدَّمَ فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّ الْمَضْرُوْبَةَ مَاتَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنَ الضَّرْبَةِ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا بِالدِّيَةِ مَعَ قَضَائِهِ بِالْغُرَّةِ فَلَوْ كَانَتِ الْغُرَّةُ لِلْمَرْاَةِ الْمَقْتُوْلَةِ اِذًا لَمَا قَضٰى لَهَا بِالْغُرَّةِ وَلَكَانَ حُكْمُهَا حُكْمَ امْرَاَةٍ فَمَاتَتْ مِنْ ضَرْبِهَا فَعَلَيْهَا دِيَتُهَا وَلَا يَجِبُ عَلَيْهَا لِلضَّرْبَةِ اَرْشٌ۔

فَلَمَّا حَكَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ دِيَةِ الْمَرْاَةِ بِالْغُرَّةِ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الْغُرَّةَ دِيَةٌ لِلْجَنِيْنِ لَا لَهَا فَهِيَ مَوْرُوْثَةٌ عَنِ الْجَنِيْنِ كَمَا يُوْرَثُ مَالُهُ لَوْ كَانَ حَيًّا فَمَاتَ اِتِّبَاعًا لِمَا رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

کا فیے ملانے والے (شاعری کرنے والے) سے یہ نہیں فرمایا کہ میں نے یہ حکم اس لیے دیا کہ عورت کو نقصان پہنچایا گیا ہے جنین کی وجہ سے یہ حکم نہیں۔

اور اس بات پر وہ روایات بھی دلالت کرتی ہیں جو ہم نے اس کتاب میں اس سے پہلے ذکر کی ہیں کہ اس مار کے بعد مضروبہ عورت مرگئی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غلام کے فیصلہ کے ساتھ ساتھ دیت کا فیصلہ بھی فرمایا اگر وہ غلام اس مقتولہ عورت کا ہوتا تو آپ غلام کا فیصلہ نہ فرماتے اور اس کا حال اس عورت کے حال جیسا ہوتا جسے دوسری عورت مارے اور وہ اس کی ضرب سے مرجائے تو اس (قاتلہ) پر اس کی دیت ہوتی ہے اور مارنے کی وجہ سے کوئی تاوان نہیں ہوتا۔

تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کی دیت کے باوجود، غلام کے ساتھ فیصلہ فرمایا تو ثابت ہوا کہ غلام، جنین کی دیت ہے اس عورت کی نہیں وہ اس بچے سے اسی طرح وارث ہوگی جس طرح اس کے زندہ ہونے (اور پھر مرجانے) کی صورت میں اس کی وارث ہوتی اس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی روایات کی اتباع ہے اور یہی امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

۱۲

کِتَابُ السِّیَرِ

جہاد کے احکام

باب ۲۳۳ اَلْاِمَامِ یُرِیْدُ قِتَالَ اَهْلِ الْحَرْبِ هَلْ عَلَیْهِ قَبْلَ ذٰلِكَ اَنْ یَّدْعُوْهُمْ اَمْ لَا

۸۲۰- حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ الرَّقِّیُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ الْفِرْیَابِیُّ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ سَعِیْدِ الثَّوْرِیُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَمَّرَ رَجُلًا عَلٰی سَرِیَّةٍ قَالَ لَهٗ اِذَا لَقِیْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰی اِحْدٰی ثَلَاثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَیَّتُهُنَّ اَجَابُوْكَ اِلَیْهَا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ اُدْعُهُمْ اِلَی الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰی دَارِ الْمُسْلِمِیْنَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ اَنَّ عَلَیْهِمْ مَا عَلَی الْمُهَاجِرِیْنَ وَلَهُمْ مَا لَهُمْ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِیْنَ یَجْرِیْ عَلَیْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِیْ یَجْرِیْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ

مسلم حکمران حربی کفار سے لڑنا چاہے تو کیا پہلے انہیں اسلام کی دعوت دینا لازمی ہے

حضرت ابن بریدہ اپنے والد (رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی چھوٹے لشکر پر کسی کو امیر بناتے تو اس سے فرماتے جب تم اپنے دشمنوں مشرکین کے مقابل جاؤ تو انہیں تین باتوں میں سے ایک کی طرف بلاؤ (آپ نے لفظ خلال یا خصال فرمایا دونوں ہم معنیٰ ہیں) وہ ان میں سے جو بات مان لیں تم ان سے قبول کرو اور ہاتھ روک لو، انہیں اسلام کی طرف بلاؤ اگر وہ تمہاری بات مان جائیں تو ان سے قبول کرو اور ہاتھ روک لو، پھر ان کو اپنے علاقے سے مسلمانوں کے ملک کی طرف جانے کی دعوت دو اور انہیں بتاؤ کہ اگر وہ ایسا کریں تو ان پر وہی کچھ لازم ہوگا جو مہاجرین پر ہے اور انہیں وہ کچھ حاصل ہوگا جو مہاجرین کو حاصل ہے اور اگر وہ (وہاں جانے سے) انکار کردیں تو وہ اعرابی مسلمانوں کی طرح ہوں گے ان پر اللہ تعالیٰ کا وہ حکم جاری ہوگا جو مومنوں پر جاری ہوتا ہے لیکن ان کے لیے غنیمت اور فے میں کوئی حصہ نہیں ہوگا البتہ یہ کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ مل کر جہاد کریں اور اگر وہ اسلام لانے سے انکار کردیں۔

وَلَا يَكُوْنُ لَهُمْ فِي الْفَيْءِ وَالْغَنِيْمَةِ شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يُجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَإِنْ هُمْ أَبَوْا أَنْ يَدْخُلُوْا فِي الْإِسْلَامِ فَسَلْهُمْ إِعْطَاءَ الْجِزْيَةِ فَإِنْ أَجَابُوْا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ فَإِنْ أَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ قَالَ عَلْقَمَةُ فَحَدَّثْتُ بِهٖ مُقَاتِلَ بْنَ حَيَّانَ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ هَيْصَمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

۸۲۱ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ غَيْرَ أَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ حَدِيْثَ عَلْقَمَةَ عَنْ مُقَاتِلٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ هَيْصَمٍ۔

۸۲۲ - حَدَّثَنَا فَهْدُ أَبُوْ صَالِحٍ ح وَحَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ كُلٌّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ ثَنِيْ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ الْحَضْرَمِيِّ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

۸۲۳ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَجَّهَ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ إِلَى خَيْبَرَ وَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ فَقَالَ عَلِيٌّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا قَالَ انْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَوَاللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تَكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ۔

تو انہیں جزیہ دینے کا حکم دیں اگر مان جائیں تو ان سے قبول کر لو اور ان سے ہاتھ روک دو اور اگر انکار کر دیں تو اللہ تعالیٰ کی مدد چاہو اور ان سے لڑو، حضرت علقمہ فرماتے ہیں میں نے یہ بات مقاتل بن حیان سے بیان کی تو انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے مسلم بن ہیصم نے نعمان بن مقرن سے روایت کرتے ہوئے بیان کی انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کیا۔

حضرت ابو حذیفہ فرماتے ہیں ہم سے حضرت سفیان نے بیان کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا لیکن انہوں نے حضرت علقمہ کی حضرت مقاتل سے روایت کا ذکر نہیں کیا۔

حضرت فہد ابو صالح اور روح بن فرج دونوں سند سے لیث بن سعد سے روایت کیا وہ فرماتے ہیں مجھ سے جریر بن حازم نے بیان کیا انہوں نے حضرت شعبہ بن حجاج سے انہوں نے علقمہ بن مرثد حضرمی سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو خیبر کی طرف بھیجا اور ان کو جھنڈا عطا فرمایا تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا۔ میں ان سے لڑوں حتی کہ وہ ہماری مثل ہو جائیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے طریقے پر جاؤ حتی کہ تم ان کے میدان میں اترو پھر انہیں اسلام کی طرف بلاؤ اور انہیں بتاؤ کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا کیا حق واجب ہے اللہ کی قسم، اگر اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے ایک کو بھی ہدایت دے تو تمہارے

۸۲۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ السَّقَطِيُّ قَالَ ثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ ذَرٍّ عَنْ اَخِيْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَمِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ اِلٰى قَوْمٍ يُقَاتِلُهُمْ ثُمَّ بَعَثَ فِيْ اَثَرِهٖ يَدْعُوْهُ وَقَالَ لَهٗ لَا تَاْتِهٖ مِنْ خَلْفِهٖ وَاْتِهٖ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ قَالَ وَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا اَنْ لَّا يُقَاتِلَهُمْ حَتّٰى يَدْعُوَهُمْ۔

حضرت عمر بن ذر، حضرت انس بن مالک کے بھتیجے سے اور وہ اپنے چچا (حضرت انس بن مالک) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو ایک قوم کی طرف جہاد کے لیے بھیجا پھر ان کے پیچھے کسی کو بلانے کے لیے بھیجا اور فرمایا کہ ان کے پیچھے کی طرف سے نہیں بلکہ سامنے کی طرف سے آنا راوی فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ جب تک ان (کفار) کو دعوتِ اسلام نہ دیں، ان سے لڑائی نہ کریں۔

۸۲۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَا قَاتَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا حَتّٰى يَدْعُوَهُمْ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی قوم کو دعوتِ اسلام دینے سے پہلے ان سے لڑائی نہیں کی۔

۸۲۶ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عِيْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ نَجِيْحٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حجاج فرماتے ہیں ہم سے حضرت عبداللہ بن ابی نجیح نے بیان کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۸۲۷ - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حجاج، حضرت ابن ابی نجیح سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۸۲۸ - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ حَجَّاجٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حفص بن غیاث، حجاج سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْاِمَامَ وَاَهْلَ السَّرَايَا اِذَا اَرَادُوْا قِتَالَ الْعَدُوِّ اُدْعُوْهُمْ قَبْلَ ذٰلِكَ اِلٰى مِثْلِ مَا رَوَيْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ امام اور لشکر والے جب دشمن سے لڑنے کا ارادہ کریں تو اس سے پہلے ان کو ان باتوں کی طرف بلائیں جو ہم نے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں سرکار دو عالم صلی اللہ

بُرَيْدَةَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ وَقَالُوْا اِنْ قَاتَلَهُمُ الْاِمَامُ اَوْ اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ سَرَايَاهُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الدُّعَاءِ فَقَدْ اَسَاءُوْا فِيْ ذٰلِكَ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا بَاْسَ بِقِتَالِهِمْ وَالْغَارَةِ عَلَيْهِمْ وَاِنْ لَمْ يُدْعَوْا قَبْلَ ذٰلِكَ۔

۸۲۹۔ **وَاحْتَجُّوْا** فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي الْاَخْضَرِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَغِرْ عَلٰى اُبْنٰى صَبَاحًا ثُمَّ حَرِّقْ۔

۸۳۰۔ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالُوْا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُغِيْرُ عَلَى الْعَدُوِّ عِنْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَيَسْتَمِعُ فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا اَمْسَكَ وَاِلَّا اَغَارَ۔

۸۳۱۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ زَاذَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

۸۳۲۔ **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ بُهْلُوْلٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنِ ابْنِ

علیہ وسلم سے روایت کی ہیں انہوں نے اس سلسلے میں ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں اگر امام یا لشکر والوں میں سے کوئی ایک انکو دعوت اسلام دیئے بغیر لڑے گا تو وہ گناہ گار ہوں گے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ ان سے لڑنے اور ان پر لوٹ مار کرنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ اس سے پہلے ان کو دعوتِ اسلام نہ دیں۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا تم اُبنیٰ والوں پر صبح کے وقت حملہ کرو اور (ان کے باغوں وغیرہ کو) جلا دو۔

محمد بن حجاج، محمد بن خزیمہ، ابن ابی داؤد اور ابن مرزوق (چاروں) سے مروی ہے چاروں اپنی اپنی سند سے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دشمن پر صبح کے وقت حملہ آور ہوتے اگر اذان سنتے تو رک جاتے ورنہ حملہ آور ہونے کا حکم فرماتے

حضرت زاذان، حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ

إِسْحَاقَ قَالَ ثَنِی حُمَیْدُ الطَّوِیْلُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَزَا قَوْمًا لَمْ یُغِرْ عَلَیْهِمْ حَتّٰى یُصْبِحَ فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا أَمْسَكَ وَإِنْ لَمْ یَسْمَعْ أَذَانًا أَغَارَ فَنَزَلْنَا خَیْبَرَ فَلَمَّا أَصْبَحَ وَلَمْ یَسْمَعْ أَذَانًا رَكِبَ وَرَكِبْنَا مَعَهُ فَرَكِبْتُ خَلْفَ أَبِی طَلْحَةَ وَإِنَّ قَدَمِی لَتَمَسُّ قَدَمَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْبَلَنَا عُمَّالُ خَیْبَرَ قَدْ أَخْرَجُوْا مَسَاحِیَهُمْ وَمُكَاتِلَهُمْ فَلَمَّا رَأَوُا النَّبِیَّ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالْجَیْشَ قَالُوْا مُحَمَّدٌ وَالْخَمِیْسُ فَأَدْبَرُوْا هِرَابًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اللهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَیْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ۔

۴۳۳- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا یُوْسُفُ بْنُ بُهْلُوْلٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِیْسَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ خُبَیْبٍ الْجُهَنِیِّ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ مَكِیْثٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَالِبَ بْنَ عَبْدِ اللهِ اللَّیْثِیَّ فِی سَرِیَّةٍ كُنْتُ فِیْهِمْ وَأَمَرَهُمْ أَنْ یَشُنُّوا الْغَارَةَ عَلَى ابْنِ الْمُلَوَّحِ بِالْكَدِیْدِ قَالَ فَرَاحَتِ الْمَاشِیَةُ مِنْ إِبِلِهِمْ وَغَنَمِهِمْ فَلَمَّا احْتَلَبُوْا وَعَطَنُوْا وَاطْمَأَنُّوْا نِیَامًا شَنَنَّا عَلَیْهِمُ الْغَارَةَ فَقَتَلْنَا وَاسْتَقْنَا النَّعَمَ۔

۴۳۴- حَدَّثَنَا سُلَیْمٰنُ بْنُ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا سُلَیْمٰنُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ جَاءَ أَبُو الْعَالِیَةِ إِلَیَّ وَإِلٰى صَاحِبٍ لِی فَانْطَلَقْنَا مَعَهُ حَتّٰى أَتَیْنَا نَصْرَ بْنَ عَاصِمٍ اللَّیْثِیَّ فَقَالَ أَبُو الْعَالِیَةِ حَدِّثْ هٰذَیْنِ حَدِیْثَكَ

وسلم جب کسی قوم سے جہاد فرمانا چاہتے تو صبح تک حملہ آور نہ ہوتے (صبح کے وقت) اگر اذان سنتے تو رک جاتے اور اگر اذان نہ سنتے تو حملہ آور ہوتے ہم خیبر میں اترے جب صبح ہوئی اور آپ نے اذان نہ سنی تو آپ سوار ہوئے اور ہم بھی آپ کے ہمراہ سوار ہو گئے میں حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سوار ہوا میرے قدم سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک قدم سے لگتے تھے خیبر کے محنت کش ہمارے سامنے آئے وہ اپنے ٹوکرے اور کدالیں لے کر نکلے تھے جب انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور لشکر کو دیکھا تو کہنے لگے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، لشکر کے ہمراہ آئے ہیں اور پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہوئے فرمایا خیبر خراب ہو گیا بلاشبہ جب ہم کسی قوم کی زمین پر اترتے ہیں تو ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بری ہوتی ہے۔

حضرت جندب بن مکیث الجہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غالب بن عبد اللہ لیثی کو ایک چھوٹے لشکر میں بھیجا میں بھی ان میں تھا آپ نے حکم دیا کہ مقام کدید میں ابن ملوح پر لوٹ مار کریں راوی فرماتے ہیں شام کو جب ان کے اونٹ اور بکریاں واپس آئیں انہوں نے ان کا دودھ دوہا اور انہیں بٹھا دیا پھر اطمینان سے سو گئے تو ہم نے ان پر چاروں طرف سے حملہ کیا اور ان کو قتل کر کے ان کے جانور ہانک لائے۔

حضرت حمید بن ہلال رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ابو العالیہ میرے اور میرے ایک ساتھی کے پاس آئے تو ہم ان کے ساتھ چلے حتیٰ کہ نصر بن عاصم لیثی رضی اللہ عنہ کے پاس گئے ابو العالیہ نے کہا ان دونوں سے اپنی حدیث بیان کریں انہوں نے فرمایا ہم سے حضرت عقبہ بن

قَالَ ثَنَا عُتْبَةُ بْنُ مَالِكٍ اللَّيْثِيُّ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَأَغَارَتْ عَلَى الْقَوْمِ فَشَدَّ رَجُلٌ وَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِّنَ السَّرِيَّةِ ثُمَّ ذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا أَرَدْنَا مِنْهُ مَا فِيْهِ مِنْ ذِكْرِ الْغَارَةِ۔

مالک لیثی نے بیان کیا فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چھوٹا لشکر بھیجا اس نے ایک قوم پر حملہ کیا ایک شخص حملہ آور ہوا تو لشکر میں سے ایک شخص اس کے پیچھے ہو لیا، پھر انہوں نے ایک طویل حدیث ذکر کی جس کا ہم نے ان سے ارادہ کیا تھا اور اس میں حملہ آور ہونے کا ذکر تھا۔

۸۳۵- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ لَمَّا قَرُبْنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ أَمَرَنَا أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ فَشَنَنَّا عَلَيْهِمُ الْغَارَةَ۔

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب ہم مشرکین کے قریب ہوئے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حکم سے ہم نے ان پر چاروں طرف سے حملہ کیا۔

۸۳۶- فَفِيْ هٰذِهِ الْآثَارِ أَمْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغَارَةِ وَالْغَارَةُ لَا تَكُوْنُ وَقَدْ تَقَدَّمَهَا الدُّعَاءُ وَالْإِنْذَارُ فَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ أَحَدُ الْأَمْرَيْنِ مِمَّا رَوَيْنَا نَاسِخًا لِلْآخَرِ فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ۔

تو ان روایات میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوٹ مار کا حکم فرمایا اور لوٹ مار اس وقت تک نہیں ہوتی جب تک اس سے پہلے دعوت اسلام اور ڈرانا نہ ہو تو اس بات کا احتمال ہے کہ جو دو باتیں ہم نے روایت کی ہیں ان میں سے ایک دوسری کے لیے ناسخ ہو لہٰذا ہم نے اس سلسلے میں غور کیا۔

۸۳۷- فَإِذَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ الْجَحْدَرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الضَّرِيْرُ قَالُوْا أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ قَالَ كَتَبْتُ إِلٰى نَافِعٍ أَسْأَلُهُ عَنِ الدُّعَاءِ قَبْلَ الْقِتَالِ فَقَالَ إِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ فِيْ أَوَّلِ الْإِسْلَامِ أَغَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَنِي الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّوْنَ وَأَنْعَامُهُمْ عَلَى الْمَاءِ فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَهُمْ وَسَبٰى سَبْيَهُمْ وَأَصَابَ يَوْمَئِذٍ جُوَيْرِيَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ وَحَدَّثَنِيْ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَكَانَ فِيْ ذٰلِكَ الْجَيْشِ۔

تو یزید بن سنان، ابو بکرہ اور ابن مرزوق تینوں اپنی اسناد سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن عون نے فرمایا کہ میں نے حضرت نافع رضی اللہ عنہ کو ایک خط لکھا اور جنگ سے پہلے دعوت اسلام کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ یہ ابتدائے اسلام میں تھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو مصطلق پر حملہ کیا وہ دوپہر کے وقت سوئے ہوئے تھے ان کے جانور پانی پر تھے آپ نے ان کے لڑنے والوں کو قتل کیا اور دوسروں کو قیدی بنایا اس دن حضرت جویریہ بنت حارث (حضور علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ) آپ کو حاصل ہوئیں حضرت نافع فرماتے ہیں مجھ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کی اور وہ اس لشکر میں تھے۔

۸۳۸- وَإِذَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَدْ حَدَّثَنَا

حضرت ابن مرزوق فرماتے ہیں ہم سے حضرت

قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ مِثْلَهُ۔

بشر بن عمر نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم سے حضرت حماد بن زید نے، ابن عون سے روایت کرتے ہوئے اس کی مثل بیان کیا۔

وَ اِذَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ قَدْ كُنَّا نَغْزُوْ فَنَدْعُوْ وَلَا نَدْعُوْا

حضرت سلیمان تیمی، حضرت ابوعثمان نہدی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں دونوں باتیں تھیں بعض اوقات ہم جہاد کرتے تو ان کو دعوتِ اسلام دیتے اور بعض اوقات اسلام کی طرف نہ بلاتے۔

وَ اِذَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الضَّرِيْرُ قَالَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَنَّ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيَّ اَخْبَرَهُمْ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ كُنَّا نَغْزُوْا فَنَدْعُوْ وَلَا نَدْعُوْ

حضرت حماد بن سلمہ فرماتے ہیں کہ سلیمان تیمی نے ان کو ابو عثمان نہدی سے خبر دی کہ ہم جہاد کرتے ہوئے کبھی دعوتِ اسلام دیتے اور کبھی نہ دیتے۔

وَ اِذَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا مُبَارَكٌ قَالَ كَانَ الْحَسَنُ يَقُوْلُ لَيْسَ عَلَى الرُّوْمِ دَعْوَةٌ لِاَنَّهُمْ قَدْ دُعُوْا۔

حضرت مبارک بیان کرتے ہیں فرماتے ہیں حضرت حسن فرماتے تھے کہ رومیوں کو دعوتِ اسلام ہو چکی ہے۔

وَ اِذَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ قَالَ قُلْتُ لِاِبْرَاهِيْمَ اِنَّ نَاسًا يَقُوْلُوْنَ اِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ يَنْبَغِيْ اَنْ يُدْعَوْا فَقَالَ قَدْ عَلِمَتِ الرُّوْمُ عَلٰى مَا يُقَاتَلُوْنَ وَقَدْ عَلِمَتِ الدَّيْلَمُ عَلٰى مَا يُقَاتَلُوْنَ

حضرت ابو حمزہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابراہیم سے کہا کہ لوگ کہتے ہیں مشرکین کو دعوت دینی چاہیے انہوں نے فرمایا کہ رومیوں کو معلوم ہے کہ ان سے کس بات پر لڑائی کی جاتی ہے اور دیلمیوں کو بھی پتہ ہے کہ ان سے لڑائی کس وجہ سے کی جاتی ہے۔

وَ اِذَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ دُعَاءِ الدَّيْلَمِ فَقَالَ قَدْ عَلِمُوْا مَا الدُّعَاءُ۔

حضرت منصور فرماتے ہیں میں نے حضرت ابراہیم سے دیلمیوں کو دعوتِ اسلام کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا انہیں معلوم ہے کہ دعوتِ اسلام کیا ہے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَبَيَّنَ مَا رَوَيْنَا مِنْ هٰذَا اَنَّ الدُّعَاءَ اِنَّمَا كَانَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ لِاَنَّ النَّاسَ حِيْنَئِذٍ لَمْ تَكُنِ الدَّعْوَةُ بَلَغَتْهُمْ وَلَمْ يَكُوْنُوْا يَعْلَمُوْنَ عَلٰى مَا يُقَاتَلُوْنَ عَلَيْهِ فَاَمَرَ بِالدُّعَاءِ لِيَكُوْنَ ذٰلِكَ تَبْلِيْغًا لَهُمْ وَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی فرماتے ہیں جو کچھ ہم نے روایت کیا ہے اس سے واضح ہو گیا کہ یہ دعوت اسلام کے شروع میں تھی کیونکہ ان دنوں ان تک دعوت نہیں پہنچی تھی اور انہیں معلوم نہیں تھا کہ ان سے جنگ کیوں کی جاتی ہے لہٰذا دعوت کا حکم دیا گیا تا کہ ان کو تبلیغ ہو جائے اور ان کو خبردار کیا جائے

اِعْلَامًا لَهُمْ مَا يُقَاتَلُوْنَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَمَرَ بِالْغَارَةِ عَلَى اٰخَرِيْنَ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ اِلَّا لِمَعْنًى لَمْ يُحْتَاجُوْا مَعَهٗ اِلَى الدُّعَاءِ لِاَنَّهُمْ قَدْ عَلِمُوْا مَا يُدْعَوْنَ اِلَيْهِ لَوْ دُعُوْا وَمَا لَوْ اَجَابُوْا اِلَيْهِ لَمْ يُقَاتَلُوْا فَلَا مَعْنٰى لِلدُّعَاءِ وَهٰكَذَا كَانَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ يَقُوْلُوْنَ كُلُّ قَوْمٍ قَدْ بَلَغَتْهُمُ الدَّعْوَةُ فَاَرَادَ الْاِمَامُ قِتَالَهُمْ فَلَهٗ اَنْ يُّغِيْرَ عَلَيْهِمْ وَلَيْسَ عَلَيْهِ اَنْ يَّدْعُوَهُمْ وَكُلُّ قَوْمٍ لَمْ تَبْلُغْهُمُ الدَّعْوَةُ فَلَا يَنْبَغِىْ قِتَالُهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمُ الْمَعْنَى الَّذِىْ عَلَيْهِ يُقَاتَلُوْنَ وَالْمَعْنَى الَّذِىْ اِلَيْهِ يُدْعَوْنَ۔

کہ ان سے لڑائی کا باعث کیا ہے پھر دوسرے لوگوں پر حملہ آور ہونے کا حکم دیا تو اس کا یہی مطلب ہے کہ وہ دعوت کے محتاج نہیں تھے کیونکہ انہیں معلوم تھا کہ انہیں کس بات کی طرف بلایا جارہا ہے اور یہ کہ اگر ان کو دعوت دینے کا کوئی مطلب نہیں، حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ اسی طرح فرماتے ہیں کہ سب قوم تک دعوتِ اسلام پہنچ چکی اب اگر حکمران ان سے لڑائی کرنا چاہے تو وہ ان پر حملہ کرسکتا ہے اور اس پر لازم نہیں کہ ان کو دعوتِ اسلام دے اور جن لوگوں تک دعوت نہیں پہنچی ان سے لڑنا مناسب نہیں یہاں تک کہ ان پر واضح ہو جائے کہ ان سے لڑائی کی کیا وجہ ہے اور انہیں کس بات کی طرف بلایا جاتا ہے۔

وَقَدْ تَكَلَّمَ النَّاسُ فِى الْمُرْتَدِّ عَنِ الْاِسْلَامِ اَيُسْتَتَابُ اَمْ لَا فَقَالَ قَوْمٌ اِنِ اسْتَتَابَ الْاِمَامُ الْمُرْتَدَّ فَهُوَ اَحْسَنُ فَاِنْ تَابَ وَاِلَّا قُتِلَ۔

اسلام سے پھر جانے والے (مرتد) کے بارے میں فقہاء نے کلام کیا کہ اس سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے یا نہ؟ ایک جماعت کہتی ہے اگر حکمران، مرتد سے توبہ کا مطالبہ کرنے تو اچھا ہے پھر اگر وہ توبہ کرے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کو قتل کردے

وَمِمَّنْ قَالَ ذٰلِكَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَقَالَ اٰخَرُوْنَ لَا يُسْتَتَابُ وَجَعَلُوْا حُكْمَهٗ كَحُكْمِ الْحَرْبِيِّيْنَ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا مِنْ بُلُوْغِ الدَّعْوَةِ اِيَّاهُمْ وَمِنْ تَقْصِيْرِهَا عَنْهُمْ۔

اس بات کے قائلین میں حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں، دوسرے حضرات فرماتے ہیں اس سے توبہ کا مطالبہ نہ کیا جائے انہوں نے اس کا حکم، حربی کافروں کے حکم جیسا قرار دیا ہے جس طرح ہم نے ان کو دعوت اسلام دینے اور نہ دینے کے بارے میں بیان کیا۔

وَقَالُوْا اِنَّمَا يَجِبُ الْاِسْتِتَابَةُ لِمَنْ خَرَجَ عَنِ الْاِسْلَامِ لَا عَنْ بَصِيْرَةٍ مِّنْهُ بِهٖ فَاَمَّا مَنْ خَرَجَ مِنْهُ اِلٰى غَيْرِهٖ عَلٰى بَصِيْرَةٍ فَاِنَّهٗ يُقْتَلُ وَلَا يُسْتَتَابُ وَهٰذَا قَوْلٌ قَالَ بِهٖ اَبُوْ يُوْسُفَ فِىْ كِتَابِ الْاِمْلَاءِ قَالَ اَقْتُلُهٗ وَلَا اَسْتَتِيْبُهٗ اِلَّا اَنَّهٗ اِنْ بَدَرَنِىْ بِالتَّوْبَةِ خَلَّيْتُ سَبِيْلَهٗ وَوَكَلْتُ اَمْرَهٗ اِلَى اللّٰهِ۔

وہ حضرات فرماتے اس شخص سے توبہ کا مطالبہ کیا جاتا ہے جس نے اسلام سے عدم واقفیت کی وجہ سے اسے چھوڑا لیکن جس نے اسلام سے واقف ہونے ہوئے اسے چھوڑ کر دوسرا دین اختیار کیا اسے قتل کیا جائے اور توبہ کا مطالبہ نہ کیا جائے حضرت امام ابو یوسف نے یہ بات "کتاب الاملاء" میں فرمائی ہے وہ فرماتے ہیں میں تو اسے قتل کروں گا اور توبہ کا مطالبہ نہیں کروں گا البتہ یہ کہ وہ قتل سے پہلے توبہ کرلے تو اس کا راستہ چھوڑ دوں گا اور اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دوں گا۔

وَقَدْ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ

سلیمان بن شعیب نے اپنے والد سے اور انہوں نے امام ابو یوسف

اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ بِذٰلِکَ اَیْضًا۔
وَقَدْ رُوِیَ فِیْ اِسْتِتَابَۃِ الْمُرْتَدِّ وَ فِیْ تَرْکِھَا اِخْتِلَافٌ عَنْ جَمَاعَۃٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۸۳۹ - فَمِنْ ذٰلِکَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ اَخْبَرَنَا ھُشَیْمٌ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ ھِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ ثَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ قَالَ لَمَّا فَتَحْنَا تُسْتَرَ بَعَثَنِیْ اَبُوْمُوْسٰی اِلٰی عُمَرَ فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَیْہِ قَالَ مَا فَعَلَ حُجَیْنَۃُ وَاَصْحَابُہٗ وَکَانُوْا ارْتَدُّوْا عَنِ الْاِسْلَامِ وَلَحِقُوْا بِالْمُشْرِکِیْنَ فَقَتَلَھُمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَاَخَذْتُ بِہٖ فِیْ حَدِیْثٍ اٰخَرَ فَقَالَ مَا فَعَلَ النَّفَرُ الْبِکْرِیُّوْنَ قُلْتُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِنَّھُمْ ارْتَدُّوْا عَنِ الْاِسْلَامِ وَلَحِقُوْا مَعَھُمْ بِالْمُشْرِکِیْنَ فَقُتِلُوْا فَقَالَ عُمَرُ لَاَنْ یَکُوْنَ اَخَذْتُھُمْ سِلْمًا اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ کَذَا وَکَذَا قُلْتُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ مَا کَانَ سَبِیْلُھُمْ لَوْ اَخَذْتَھُمْ سِلْمًا اِلَّا الْقَتْلُ قَوْمٌ ارْتَدُّوْا عَنِ الْاِسْلَامِ وَلَحِقُوْا بِالْمُشْرِکِیْنَ فَقَالَ لَوْ اَخَذْتُھُمْ سِلْمًا لَعَرَضْتُ عَلَیْھِمُ الْبَابَ الَّذِیْ خَرَجُوْا مِنْہُ فَاِنْ رَجَعُوْا وَاِلَّا اسْتَوْدَعْتُھُمُ السِّجْنَ۔

۸۴۰ - حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَۃَ قَالَ اُخِذَ بِالْکُوْفَۃِ رِجَالٌ یُفْشُوْنَ حَدِیْثَ مُسَیْلَمَۃَ الْکَذَّابِ فَکَتَبَ فِیْھِمْ اِلٰی عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ فَکَتَبَ عُثْمَانُ اَنْ اَعْرِضْ عَلَیْھِمْ دِیْنَ الْحَقِّ وَشَھَادَۃَ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰہِ فَمَنْ قَبِلَھَا وَتَبَرَّاَ مِنْ مُّسَیْلَمَۃَ فَلَا تَقْتُلْہُ وَمَنْ لَزِمَ دِیْنَ مُسَیْلَمَۃَ فَاقْتُلْہُ

رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہوئے ہم سے یہ بات بیان کی۔

مرتد سے توبہ کا مطالبہ کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت سے اختلاف مروی ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب ہم نے مقام تستر فتح کیا تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے مجھے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے پوچھا جحیبہ اور اس کے ساتھیوں نے کیا کیا وہ لوگ اسلام سے مرتد ہو کر مشرکین سے جا ملے تھے مسلمانوں نے ان کو قتل کر دیا، پھر میں نے ایک دوسری بات شروع کر دی تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے پوچھا بکریوں کی جماعت کا کیا حال ہے میں نے عرض کیا امیر المومنین! وہ اسلام سے مرتد ہو کر مشرکین سے جا ملے تو انہیں قتل کر دیا گیا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر میں ان کو زندہ پکڑتا تو میرے لئے ان باتوں سے بہتر ہوتا (حضرت انس فرماتے ہیں) میں نے عرض کیا امیر المومنین! اگر آپ ان کو زندہ بھی پکڑتے تو قتل ہی کا حکم دیتے وہ لوگ مرتد ہوئے اور مشرکین کے ساتھ مل گئے انہوں نے فرمایا اگر میں انہیں زندہ سلامت پکڑتا تو میں ان پر وہ دروازہ پیش کرتا جس سے وہ نکلے تھے اگر وہ لوٹ آتے تو ٹھیک، ورنہ میں انہیں قید خانے کے حوالے کر دیتا۔

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کوفہ میں کچھ لوگ پکڑے گئے جو مسیلمہ کذاب کی (جھوٹی) باتیں پھیلا رہے تھے انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ان کے بارے میں لکھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے (جواباً) لکھا کہ ان پر دین حق اور کلمہ شہادت پیش کرو جو قبول کرے اور مسیلمہ سے دست بردار ہو جائے اسے قتل نہ کرو اور جو مسیلمہ کے (جھوٹے) دین کو اختیار کئے رکھے اسے قتل کر دو چنانچہ بعض لوگوں نے دین اسلام قبول کیا تو انہیں چھوڑ دیا گیا اور کچھ لوگوں نے مسیلمہ کے دین کو اپنائے رکھا تو انہیں قتل

قَبْلَهَا رِجَالٌ مِنْهُمْ فَتَرَكُوْا وَلَزِمَ دِيْنَ مُسَيْلَمَةَ رِجَالٌ فَقُتِلُوْا۔

کر دیا گیا۔

۸۴۱۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ لَمَّا افْتَتَحَ سَعْدٌ وَاَبُوْ مُوْسٰى تُسْتَرَ اَرْسَلَ اَبُوْ مُوْسٰى رَسُوْلًا اِلٰى عُمَرَ فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا قَالَ ثُمَّ اَقْبَلَ عُمَرُ عَلَى الرَّسُوْلِ فَقَالَ هَلْ كَانَتْ عِنْدَكُمْ مُغْرِبَةُ خَبَرٍ قَالَ نَعَمْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَخَذْنَا رَجُلًا مِّنَ الْعَرَبِ كَفَرَ بَعْدَ اِسْلَامِهِ فَقَالَ عُمَرُ فَمَا صَنَعْتُمْ بِهِ قَالَ قَدَّمْنَاهُ فَضَرَبْنَا عُنُقَهُ فَقَالَ عُمَرُ اَفَلَا اَدْخَلْتُمُوْهُ بَيْتًا ثُمَّ طَيَّنْتُمْ عَلَيْهِ ثُمَّ رَمَيْتُمْ اِلَيْهِ بِرَغِيْفٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ لَعَلَّهُ اَنْ يَّتُوْبَ اَوْ يُرَاجِعَ اَمْرَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَمْ اٰمُرْ وَلَمْ اَشْهَدْ وَلَمْ اَرْضَ اِذْ بَلَغَنِيْ۔

حضرت یعقوب بن عبدالرحمٰن زہری اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت سعد اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما سے تُستر کا علاقہ فتح کیا تو حضرت ابوموسیٰ نے ایک قاصد حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا، پھر وہ ایک طویل حدیث بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ قاصد کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تمہارے پاس کوئی صاف خبر ہے اس نے عرض کیا جی ہاں اے امیر المؤمنین! ہم نے عرب کے ایک ایسے شخص کو پکڑا جو اسلام لانے کے بعد کافر ہو گیا تھا، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا اس نے کہا ہم اس کے پاس گئے اور اسے قتل کر ڈالا حضرت فاروق اعظمؓ نے فرمایا کیا تم نے اسکو کسی کوٹھڑی میں بند نہ کیا کہ اس کی لپائی کر کے بند کر دیتے پھر تین دن اسکی طرف ایک روٹی پھینکتے شاید وہ توبہ کر لیتا یا اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف رجوع کر لیتا یا اللہ! میں نے نہ اس کا حکم دیا نہ میں وہاں موجود تھا اور نہ ہی میں اس پر راضی ہوا۔

۸۴۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّهُ قَالَ قَدِمَ عَلٰى عُمَرَ رَجُلٌ مِّنْ قِبَلِ اَبِيْ مُوْسٰى ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن محمد بن عبداللہ بن عبد القاری اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کا ایک آدمی آیا، پھر اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔

۸۴۳۔ فَهٰذَا سَعْدٌ وَاَبُوْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا لَمْ يَسْتَتِيْبَاهُ وَاَحَبَّ عُمَرُ اَنْ يُّسْتَتَابَ فَقَدْ يَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ لِاَنَّهُ كَانَ يَرْجُوْ لَهُ التَّوْبَةَ وَلَمْ يُوْجِبْ عَلَيْهِمْ بِقَتْلِهِمْ شَيْئًا لِاَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا لَهُمْ اَنْ يَّرَوْهُ فَيَفْعَلُوْهُ وَاِنْ خَالَفَ رَاْيَ اِمَامِهِمْ۔

تو حضرت سعد اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما نے اس شخص سے توبہ کا مطالبہ نہیں کیا لیکن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس بات کو پسند فرمایا کہ اس سے توبہ کا مطالبہ کیا جاتا تو اس بات کا احتمال ہے کہ آپ کا عمل اس سے توبہ کی اُمید پر تھا لیکن آپ نے اس کے قتل کی وجہ سے ان لوگوں پر کچھ بھی واجب نہیں کیا کیونکہ انہوں نے جو کچھ مناسب سمجھا، کیا اگرچہ انہوں نے امیر کی رائے کے خلاف کیا۔

۸۴۴۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ ح وَحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَا ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ

حضرت ابو وائل بیان کرتے ہیں کہ ابن مغیر سعدی نے مجھ سے بیان کیا فرماتے ہیں کہ میں صبح کے وقت اپنے گھوڑے کی تلاش میں نکلا تو میں بنو حنیفہ کی مساجد میں سے ایک مسجد کے پاس سے

قَالَ ثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ قَالَ ثَنِیْ اَبُوْ وَائِلٍ قَالَ ثَنِیْ ابْنُ مُغِیْرِ السَّعْدِیِّ قَالَ خَرَجْتُ اَطْلُبُ فَرَسًا لِیْ بِالسَّحَرِ فَمَرَرْتُ عَلٰی مَسْجِدٍ مِنْ مَسَاجِدِ بَنِیْ حَنِیْفَةَ فَسَمِعْتُهُمْ یَشْهَدُوْنَ اَنَّ مُسَیْلَمَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ فَرَجَعْتُ اِلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَذَکَرْتُ لَهٗ اَمْرَهُمْ فَبَعَثَ الشُّرَطَ فَاَخَذُوْهُمْ فَجِیْءَ بِهِمْ اِلَیْهِ فَتَابُوْا وَرَجَعُوْا عَمَّا قَالُوْا وَقَالُوْا لَا نَعُوْدُ فَخَلّٰی سَبِیْلَهُمْ وَقَدَّمَ رَجُلًا مِنْهُمْ یُقَالُ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ النَّوَّاحَةِ فَضَرَبَ عُنُقَهٗ فَقَالَ النَّاسُ اَخَذْتَ قَوْمًا فِیْ اَمْرٍ وَّاحِدٍ فَخَلَّیْتَ سَبِیْلَ بَعْضِهِمْ وَقَتَلْتَ بَعْضَهُمْ فَقَالَ کُنْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فَجَآءَ ابْنُ النَّوَّاحَةِ وَرَجُلٌ مَعَهٗ یُقَالُ لَهٗ حَجَرُ بْنُ وَثَالٍ وَافِدَیْنِ مِنْ عِنْدِ مُسَیْلَمَةَ فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدَانِ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَا اَتَشْهَدُ اَنْتَ اَنَّ مُسَیْلَمَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُمَا اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ لَوْ کُنْتُ قَاتِلًا وَفْدًا لَقَتَلْتُکُمَا فَلِذٰلِكَ قَتَلْتُ هٰذَا۔

گزرا میں نے سنا کہ وہ لوگ مسیلمہ کے رسول ہونے کی گواہی دے رہے ہیں فرماتے ہیں میں واپس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان کا معاملہ ذکر کیا انہوں نے کوتوال کو بھیجا جو انہیں پکڑ لایا ان لوگوں نے توبہ کی اور اپنے قول سے رجوع کیا اور کہا کہ ہم آئندہ ایسا نہیں کہیں گے چنانچہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کو چھوڑ دیا۔ پھر ان میں سے ایک شخص آیا جس کو عبداللہ بن نواحہ کہا جاتا تھا آپ نے اس کی گردن ماردی لوگوں نے پوچھا کہ آپ نے ایک ہی معاملہ میں لوگوں کو پکڑا پھر بعض کو چھوڑ دیا اور بعض کو قتل کر دیا انہوں نے فرمایا کہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ابن نواحہ اور اس کے ساتھ ایک دوسرا شخص جس کا نام حجر بن وثال تھا مسیلمہ کی طرف سے بطور وفد آئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں انہوں نے کہا کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لایا، اگر میں کسی وفد کو قتل کرتا تو تم دونوں کو قتل کر دیتا (حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں) اسی لیے میں نے اس شخص کو قتل کیا۔

۸۴۵۔ فَهٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَدْ قَتَلَ ابْنَ النَّوَّاحَةِ وَلَمْ یَقْبَلْ تَوْبَتَهٗ اِذْ عَلِمَ اَنَّ هٰکَذَا خُلُقُهٗ یُظْهِرُ التَّوْبَةَ اِذَا ظُفِرَ بِهٖ ثُمَّ یَعُوْدُ اِلٰی مَا کَانَ عَلَیْهِ اِذَا خُلِّیَ۔

تو یہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے ابن نواحہ کو قتل کیا اور اس کی توبہ قبول نہیں فرمائی کیونکہ آپ کو معلوم تھا کہ اس کی یہ عادت ہے جب اس پر قابو پایا جائے تو توبہ ظاہر کرتا ہے پھر جب چھوڑ دیا جائے تو اپنے پہلے خیالات ونظریات کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

۸۴۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ سُلَیْمٰنَ الْوَاسِطِیُّ قَالَ ثَنَا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُطَرِّفٌ عَنْ اَبِی الْجَهْمِ عَنِ الْبَرَآءِ اَنَّ عَلِیًّا بَعَثَهٗ اِلٰی اَهْلِ النَّهْرِ وَاَنْ فَدَعَاهُمْ ثَلَاثًا۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کو نہروان والوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے ان لوگوں کو تین بار دعوت اسلام دی۔

٨٤٧ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُونُسَ قَالَ ثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ قَيْسٍ الْمَاصِرِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ أَقْبَلَ عَلِيٌّ حَتّٰى نَزَلَ بِذِي قَارٍ فَأَرْسَلَ عَبْدَ اللهِ ابْنَ عَبَّاسٍ إِلٰى أَهْلِ الْكُوفَةِ فَأَبْطَؤُا عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَاهُمْ عَمَّارٌ فَخَرَجُوا قَالَ زَيْدٌ فَكُنْتُ فِيمَنْ خَرَجَ مَعَهُ قَالَ فَكَفَّ عَنْ طَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَأَصْحَابِهِمْ وَدَعَاهُمْ حَتّٰى بَدَؤُهُ فَقَاتَلَهُمْ ۔

٨٤٨ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ أَخْبَرَنَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ رَجُلًا كَانَ نَصْرَانِيًّا فَأَسْلَمَ ثُمَّ تَنَصَّرَ فَأُتِيَ بِهِ عَلِيٌّ فَقَالَ مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا صَنَعْتَ قَالَ وَجَدْتُ دِينَهُمْ خَيْرًا مِنْ دِينِكُمْ فَقَالَ لَهُ مَا تَقُولُ فِي عِيسٰى قَالَ هُوَ رَبِّي أَوْ هُوَ رَبُّ عَلِيٍّ فَقَالَ اقْتُلُوهُ فَقَتَلَهُ النَّاسُ فَقَالَ عَلِيٌّ بَعْدَ ذٰلِكَ إِنْ كُنْتُ لَمُسْتَتِيبَهُ ثَلَاثًا ثُمَّ قَرَأَ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا ۔

٨٤٩ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ الضَّبِّيُّ عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي مُعَاوِيَةَ الدُّهْنِيِّ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ أَنَّ قَوْمًا ارْتَدُّوا وَكَانُوا نَصَارٰى فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ مَعْقِلَ بْنَ قَيْسٍ التَّيْمِيَّ فَقَالَ لَهُمْ إِذَا حَكَكْتُ رَأْسِي فَاقْتُلُوا الْمُقَاتِلَةَ وَاسْبُوا الذُّرِّيَّةَ فَأَتٰى عَلٰى طَائِفَةٍ مِنْهُمْ فَقَالَ مَا أَنْتُمْ فَقَالُوا كُنَّا قَوْمًا نَصَارٰى فَخُيِّرْنَا بَيْنَ الْإِسْلَامِ وَبَيْنَ دِينِنَا فَاخْتَرْنَا الْإِسْلَامَ ثُمَّ رَأَيْنَا أَنْ لَا دِينَ أَفْضَلُ مِنْ دِينِنَا الَّذِي كُنَّا عَلَيْهِ فَنَحْنُ نَصَارٰى فَحَكَّ

حضرت زید بن وھب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تشریف لائے حتیٰ کہ مقام ذی قار میں اترے اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو کوفہ والوں کی طرف بھیجا انہوں نے آنے میں دیر کر دی پھر ان لوگوں کو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے بلایا تو وہ باہر آئے حضرت زید فرماتے ہیں میں بھی ان باہر آنے والوں میں سے تھا فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ نے حضرت طلحہ، حضرت زبیر اور ان کے ساتھیوں سے درگزر فرمایا اور ان لوگوں والوں) کو بلایا یہاں تک کہ جب وہ سامنے آئے تو آپ نے ان سے

حضرت جابر، حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عیسائی اسلام لایا پھر عیسائی بن گیا اسے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا تو آپ نے فرمایا اس بات پر تجھے کس چیز نے ابھارا اس نے کہا میں نے ان کے دین کو آپ کے دین سے بہتر پایا انہوں نے پوچھا کہ تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ اس نے کہا وہ میرے رب ہیں یا (کہا کہ) وہ حضرت علی کے رب ہیں آپ نے فرمایا اسے قتل کر دو تو اسے لوگوں نے قتل کیا اس کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر میں اس سے تین بار توبہ کا مطالبہ کرتا (تو اچھا تھا) پھر آپ نے آیت کریمہ پڑھی (ترجمہ) بے شک جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوتے پھر ایمان لائے پھر کفر کیا پھر کفر میں بڑھ گئے انکی توبہ ہرگز قبول نہیں ہوگی

حضرت ابوالطفیل سے مروی ہے فرماتے ہیں کچھ لوگ مرتد ہو کر عیسائی بن گئے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف حضرت معقل بن قیس تیمی کو بھیجا انہوں نے لوگوں سے فرمایا کہ جب میں سر کھجلاؤں تو تم لڑنے والوں کو قتل کرنا اور بچوں کو قیدی بنا لینا چنانچہ وہ ان کی ایک جماعت کے پاس آئے اور پوچھا تم کس دین پر ہو؟ انہوں نے کہا ہم عیسائی تھے ہمیں اسلام اور اپنے دین کے درمیان اختیار دیا گیا تو ہم نے اسلام کو اختیار کیا پھر ہم نے دیکھا کہ جس دین پر ہم تھے اس سے کوئی دین افضل نہیں تو ہم عیسائی ہو گئے انہوں نے سر کھجلایا تو لڑنے والوں کو قتل کر دیا گیا اور بچوں کو قیدی بنایا گیا۔ حضرت عمار فرماتے ہیں مجھے حضرت ابوشیبہ نے بتایا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس ان لوگوں کے بچے لائے گئے تو آپ نے فرمایا کون

رَأْسَهٗ فَقُتِلَتِ الْمُقَاتِلَةُ وَسُبِيَتِ الذُّرِّيَّةُ قَالَ عَمَّارٌ فَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ شَيْبَةَ اَنَّ عَلِيًّا اُتِيَ بِذَرَارِيْهِمْ فَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِيْهِمْ مِنِّیْ فَقَامَ مَسْقَلَةُ بْنُ هُبَيْرَةَ الشَّيْبَانِیُّ فَاشْتَرَاهُمْ مِنْ عَلِيٍّ بِمِائَةِ اَلْفٍ فَاَتَاهُ بِخَمْسِيْنَ اَلْفًا فَقَالَ عَلِيٌّ اِنِّیْ لَا اَقْبَلُ الْمَالَ اِلَّا كَامِلًا فَدَفَنَ الْمَالَ فِیْ دَارِهٖ وَاَعْتَقَهُمْ وَلَحِقَ بِمُعَاوِيَةَ فَنَفَذَ عَلٰی عِتْقِهِمْ۔

ہے جو مجھ سے ان کو خریدے؟ اس پر مسقلہ بن ہبیرہ شیبانی کھڑے ہوئے اور ان کو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ایک لاکھ (درہموں) کے بدلے خریدا اور پچاس ہزار دیئے حضرت علی المرتضیٰ نے فرمایا میں پورا مال لوں گا (یہ سُن کر) اس نے مال کو اپنے گھر میں دفن کیا ان بچوں کو آزاد کیا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مل گیا انہوں نے ان کی آزادی کو برقرار رکھا۔

بَابُ ۲۲۴ مَا يَكُوْنُ الرَّجُلُ بِهٖ مُسْلِمًا

باب۔ انسان کس بات کے ساتھ مسلمان ہوتا ہے

۸۵۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ ابْنُ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِیِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ الْخِيَارِ عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنِ اخْتَلَفْتُ اَنَا وَرَجُلٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ضَرْبَتَيْنِ فَضَرَبَنِیْ فَاَبَانَ يَدِیْ ثُمَّ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَقْتُلُهٗ اَمْ اَتْرُكُهٗ قَالَ بَلْ اُتْرُكْهُ قُلْتُ وَقَدْ اَبَانَ يَدِیْ قَالَ نَعَمْ فَاِنْ قَتَلْتَهٗ فَاَنْتَ مِثْلُهٗ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَهَا وَهُوَ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَهٗ۔

حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! بتلائیے اگر میرے اور کسی مشرک کے درمیان دو ضربوں کا تبادلہ ہو جائے وہ مجھے مارے اور میرا ہاتھ کاٹ دے پھر کلمہ طیبہ پڑھ لے تو کیا میں اسے قتل کر دوں یا چھوڑ دوں؟ آپ نے فرمایا تم اسے چھوڑ دو میں نے عرض کیا اس نے میرا ہاتھ جدا کر دیا آپ نے فرمایا ہاں ٹھیک ہے اگر تو اسے قتل کرے گا تو ایسا ہو جائے گا جیسے وہ کلمہ پڑھنے سے پہلے تھا اور وہ تمہاری اس حالت کی طرح ہو جائے گا جو اسے قتل کرنے سے پہلے تھی۔

۸۵۱۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ قَالَ ثَنَا حَاتِمُ بْنُ اَبِیْ صَغِيْرَةَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ اَبَاهُ اَوْسًا قَالَ اَنَا لَقُعُوْدٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الصُّفَّةِ وَهُوَ يَقُصُّ عَلَيْنَا وَيُذَكِّرُنَا اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ فَسَارَّهٗ فَقَالَ اِذْهَبُوْا فَاقْتُلُوْهُ فَلَمَّا وَلَّی الرَّجُلُ دَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَا تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ

حضرت حاتم بن ابو صغیرہ، حضرت نعمان بن عمرو بن اوس سے روایت کرتے ہیں انہوں نے ان کو بتایا کہ حضرت اوس نے فرمایا ہم، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ صفہ (چبوترے) پر بیٹھے ہوئے تھے اور آپ ہمیں واقعات سنا کر نصیحت فرما رہے تھے کہ ایک شخص آپ کے پاس آیا اس نے سرگوشی کی آپ نے فرمایا اسے لے جاؤ اور قتل کر دو جب وہ شخص واپس پھرا تو آپ نے اسے بلایا اور پوچھا کیا تم اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دیتے ہو؟ اس شخص نے کہا جی ہاں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے لے جاؤ اور اس کا راستہ چھوڑ دو مجھے حکم دیا گیا کہ میں

الرَّجُلُ نَعَمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْهَبُوْا فَخَلُّوْا سَبِيْلَهٗ فَاِنِّيْ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ يَحْرُمُ دِمَاؤُهُمْ وَاَمْوَالُهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا۔

لوگوں (کفار) سے لڑوں حتیٰ کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں پھر ان کے خون اور مال حرام ہوں گے البتہ اسلام کے حق ہیں (مواخذہ ہوگا)

۸۵۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّيْ مَالَهٗ وَنَفْسَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَى اللّٰهِ۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کو خبر دی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا گیا ہے حتیٰ کہ وہ کلمہ طیبہ پڑھیں جس نے لا الہ الا اللہ (آخر تک) کہا اس کا مال اور جان مجھ سے محفوظ ہو گئے مگر اس کے حق کے ساتھ (اسلامی احکام نافذ ہوں گے) اور اس کا حساب اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے۔

۸۵۳۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۵۴۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابوسلمہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۵۵۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ ثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ وَعَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت جابر اور حضرت ابو صالح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۵۶۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن عجلان فرماتے ہیں میں نے اپنے والد سے سنا وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اس کی مثل بیان کرتے ہیں۔

۸۵۷- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَقَدْ ذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَدْ صَارَ بِهَا مُسْلِمًا لَهٗ مَا لِلْمُسْلِمِيْنَ وَعَلَيْهِ مَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔

حضرت ابوالزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے کہ جس نے لاالہ الا اللہ پڑھا وہ اس کلمہ کے ساتھ مسلمان ہو گیا اس کے حقوق وہی ہیں جو دوسرے مسلمانوں کے ہیں اور اس کی ذمہ داری بھی دوسرے مسلمانوں کی طرح ہے انہوں نے اس سلسلے میں ان احادیث (آثار) سے استدلال کیا ہے

۸۵۸- وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَهُمْ لَا حُجَّةَ لَكُمْ فِيْ هٰذِهِ الْحَدِيْثِ لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا كَانَ يُقَاتِلُ قَوْمًا لَا يُوَحِّدُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى فَكَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا وَحَّدَ اللّٰهَ عَلِمَ بِذٰلِكَ تَرْكَهٗ لِمَا قُوْتِلَ عَلَيْهِ وَخُرُوْجَهٗ مِنْهُ وَلَمْ يَعْلَمْ دُخُوْلَهٗ فِي الْاِسْلَامِ اَوْ فِيْ بَعْضِ الْمِلَلِ الَّتِيْ تُوَحِّدُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَيَكْفُرُ بِجَحْدِهَا رُسُلَهٗ وَغَيْرَ ذٰلِكَ مِنَ الْوُجُوْهِ الَّتِيْ يَكْفُرُ بِهَا اَهْلُهَا مَعَ تَوْحِيْدِهِمْ لِلّٰهِ فَكَانَ حُكْمُ هٰؤُلَآءِ اَنْ لَّا يُقَاتَلُوْا اِذَا وَقَعَتْ هٰذِهِ الشُّبْهَةُ حَتّٰى تَقُوْمَ الْحُجَّةُ عَلٰى مَنْ يُّقَاتِلُهُمْ بِوُجُوْبِ قِتَالِهِمْ فَلِهٰذَا كَفَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قِتَالِ مَنْ كَانَ يُقَاتِلُ بِقَوْلِهِمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاَمَّا مَنْ سِوَاهُمْ مِنَ الْيَهُوْدِ فَاِنَّا قَدْ رَاَيْنَاهُمْ يَشْهَدُوْنَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيَجْحَدُوْنَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَيْسُوْا بِاِقْرَارِهِمْ بِتَوْحِيْدِ اللّٰهِ مُسْلِمِيْنَ اِنْ كَانُوْا جَاحِدِيْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا اَقَرُّوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُلِمَ بِذٰلِكَ خُرُوْجُهُمْ مِنَ الْيَهُوْدِيَّةِ وَلَمْ يُعْلَمْ بِهٖ دُخُوْلُهُمْ فِي الْاِسْلَامِ لِاَنَّهٗ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنُوْا اِنْتَحَلُوْا قَوْلَ مَنْ يَقُوْلُ اِنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس حدیث میں تمہارے لیے کوئی حجت نہیں کیونکہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں سے جہاد کرتے تھے جو اللہ تعالیٰ کو ایک نہیں مانتے تھے تو جب ان میں سے کوئی ایک اللہ تعالیٰ کی توحید کا قائل ہو جاتا تو آپ کو معلوم ہو جاتا کہ جس وجہ سے اس سے لڑائی کی جاتی ہے اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس سے باہر آ گیا ہے لیکن اس سے اس کا اسلام میں یا کسی ایسے دین میں آنا معلوم نہ ہوتا جو اللہ تعالیٰ کی توحید کو مانتے ہیں لیکن اس کے رسولوں کا انکار کرنے کی وجہ سے یا اس کے علاوہ کسی ایسی بات کے سبب سے وہ کافر ہیں جس کے سبب آدمی باوجود موحد ہونے کے کافر ہو جاتا ہے، تو ایسے لوگوں کا حکم یہ ہے کہ شبہ کی وجہ سے ان سے لڑائی نہ کی جائے یہاں تک کہ ان سے لڑنے والے کے لیے ان سے جہاد کے وجوب پر دلیل قائم ہو جائے اس لیے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم جن لوگوں سے جہاد کرتے ان کے لاالہ الا اللہ پڑھنے پر رک جاتے لیکن ان کے علاوہ یہودی وغیرہ اللہ تعالیٰ کی توحید کا اقرار کے باوجود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کرتے ہیں لہٰذا وہ اقرارِ توحید کے باوجود مسلمان نہیں کہلاتے کیونکہ وہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر ہیں جب وہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اقرار کریں تو اس سے ان کا یہودیت سے نکلنا معلوم ہو جائے گا لیکن اسلام میں داخل ہونا معلوم نہ ہوگا کیونکہ ممکن وہ محمد رسول اللہ" پڑھنے والے کے قول کو خاص عرب کے لیے قرار دیتے ہوں (یعنی آپ صرف عربوں کے لیے رسول ہیں۔

الْعَرَبِ خَاصَّةً ۔

٨٥٩ - وَقَدْ أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ حِيْنَ بَعَثَهُ إِلَى خَيْبَرَ وَأَهْلُهَا يَهُوْدُ بِمَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَفَعَ الرَّايَةَ إِلَى عَلِيٍّ حِيْنَ وَجَّهَهُ إِلَى خَيْبَرَ قَالَ امْضِ وَلَا تَلْتَفِتْ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكَ فَسَارَ عَلِيٌّ شَيْئًا ثُمَّ وَقَفَ وَلَمْ يَلْتَفِتْ فَصَرَخَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلٰى مَاذَا أُقَاتِلُ قَالَ قَاتِلْهُمْ حَتّٰى يَشْهَدُوْا أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَإِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَقَدْ مَنَعُوْا مِنْكَ دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ ۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِي هٰذَا الْحَدِيْثِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ أَبَاحَ لَهُ قِتَالَهُمْ وَإِنْ شَهِدُوْا أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ حَتّٰى يَشْهَدُوْا مَعَ ذٰلِكَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ لِأَنَّهُمْ قَوْمٌ كَانُوْا يُوَحِّدُوْنَ اللّٰهَ وَلَا يُقِرُّوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا بِقِتَالِهِمْ حَتّٰى يَعْلَمَ خُرُوْجَهُمْ مِمَّا أَمَرَ بِقِتَالِهِمْ عَلَيْهِ مِنَ الْيَهُوْدِيَّةِ كَمَا أَمَرَ بِقِتَالِ عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ حَتّٰى يَعْلَمَ خُرُوْجَهُمْ مِمَّا قُوْتِلُوْا عَلَيْهِ وَلَيْسَ فِي إِقْرَارِ الْيَهُوْدِ أَيْضًا بِأَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يَجِبُ أَنْ يَكُوْنُوْا مُسْلِمِيْنَ وَلٰكِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِتَرْكِ قِتَالِهِمْ إِذَا قَالُوْا ذٰلِكَ لِأَنَّهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو خیبر کی طرف بھیجا اور وہاں کے رہنے والے یہودی تھے تو آپ نے فرمایا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو خیبر کی طرف بھیجتے ہوئے جھنڈا عنایت فرمایا تو ارشاد فرمایا چلو اور ادھر اُدھر نہ دیکھنا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ تمہیں فتح عطا فرمائے وہ کچھ دور تک چلے پھر ٹھہر گئے اور ادھر اُدھر نہ دیکھا بلکہ آواز دی یا رسول اللہ! میں کس بات پر لڑائی کروں؟ آپ نے فرمایا ان سے لڑو حتیٰ کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں جب وہ ایسا کریں تو انہوں نے تم سے اپنے خونوں اور مالوں کو بچا لیا مگر اس (اسلام) کے حق کے ساتھ (مواخذہ ہوگا) اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے لڑنا جائز قرار دیا اگرچہ وہ توحید خداوندی کی گواہی دیں جب تک اس کے ساتھ اس بات کی گواہی نہ دیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں کیونکہ وہ لوگ توحید خداوندی کو مانتے ہیں لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اقرار نہیں کرتے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے جہاد کا حکم دیا یہاں تک کہ معلوم ہو جائے کہ جس وجہ سے ان سے لڑا جاتا ہے انہوں نے اسے یعنی یہودیت کو چھوڑ دیا ہے جیسا کہ بت پرستوں سے اس وقت تک لڑنے کا حکم ہے جب تک معلوم نہ ہو جائے کہ انہوں نے اس بات کو چھوڑ دیا جس کی وجہ سے ان سے جہاد کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے بارے میں یہودیوں کے اقرار سے بھی ان کا مسلمان ہونا لازم نہیں آتا لیکن حضور علیہ السلام نے حکم دیا کہ جب وہ کلمہ کہیں تو ان سے لڑائی ترک کی جائے کیونکہ ہو سکتا ہے اس سے

قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنُوْا اَرَادُوْا بِهِ الْاِسْلَامَ اَوْ غَيْرَ الْاِسْلَامِ فَاَمَرَ بِالْكَفِّ عَنْ قِتَالِهِمْ حَتّٰى يَعْلَمَ مَا اَرَادُوْا بِذٰلِكَ كَمَا ذَكَرْنَا فِيْمَا قَدْ تَقَدَّمَ مِنْ حُكْمِ مُشْرِكِي الْعَرَبِ وَقَدْ اَتَى الْيَهُوْدُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقَرُّوْا بِنُبُوَّتِهٖ وَلَمْ يَدْخُلُوْا فِي الْاِسْلَامِ فَلَمْ يُقَاتِلْهُمْ عَلٰى اِبَائِهِمُ الدُّخُوْلَ فِي الْاِسْلَامِ اِذْ لَمْ يَكُوْنُوْا عِنْدَهٗ بِذٰلِكَ الْاِقْرَارِ مُسْلِمِيْنَ۔

۸۶۰۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَاِبْرَاهِيْمُ ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ وَاَبُوْ اُمَيَّةَ وَاَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ مُعَاوِيَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَلَمَةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَالَ لِصَاحِبِهٖ تَعَالَ حَتّٰى نَسْاَلَ هٰذَا النَّبِيَّ فَقَالَ لَهُ الْاٰخَرُ لَا تَقُلْ لَهٗ نَبِيٌّ فَاِنَّهٗ اِنْ سَمِعَهَا صَارَتْ لَهٗ اَرْبَعَةُ اَعْيُنٍ فَاَتَاهُ فَسَاَلَهٗ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ فَقَالَ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَسْحَرُوْا وَلَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِيْءٍ اِلٰى سُلْطَانٍ لِيَقْتُلَهٗ وَلَا تَقْذِفُوا الْمُحْصَنَةَ وَلَا تَفِرُّوْا مِنَ الزَّحْفِ وَعَلَيْكُمْ خَاصَّةَ الْيَهُوْدِ اَنْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ قَالَ فَقَبَّلُوْا يَدَهٗ وَقَالُوْا نَشْهَدُ اَنَّكَ نَبِيٌّ قَالَ فَمَا يَمْنَعُكُمْ اَنْ تَتَّبِعُوْنِيْ قَالُوْا اِنَّ دَاوٗدَ دَعَا اَنْ لَا يَزَالَ فِيْ ذُرِّيَّتِهٖ نَبِيٌّ وَاِنَّا نَخْشٰى اِنِ اتَّبَعْنَاكَ اَنْ تَقْتُلَنَا الْيَهُوْدُ۔

انہوں نے اسلام کا ارادہ کیا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ اسلام کا ارادہ نہ ہو تو آپ نے ترک جہاد کا حکم دیا یہاں تک کہ معلوم ہو جائے ان کا ارادہ کیا ہے جیسا کہ ہم نے اس سے پہلے عرب کے مشرکین کے بارے میں ذکر کیا، اور یہودی، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کی نبوت کا اقرار کیا اور وہ اسلام میں داخل نہ ہوئے لیکن ان کے اسلام میں داخل ہونے سے انکار پر آپ نے ان سے لڑائی نہیں کی حالانکہ آپ کے نزدیک وہ اس اقرار کی وجہ سے مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

حضرت ابراہیم بن مرزوق، حضرت ابو بکرہ، حضرت ابو بشر رقی اور حضرت ابن ابی داؤد اپنی اپنی سند سے حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک یہودی نے اپنے ساتھی سے کہا آؤ اس نبی سے سوال کریں دوسرے نے کہا لفظ نبی نہ کہو کیونکہ اگر اس نے سن لیا تو اس کی چار آنکھیں ہو جائیں گی (یعنی خوش ہو جائیں گے) پھر وہ آپ کے پاس آیا اور اس آیت کے بارے میں پوچھا (ترجمہ) "ہم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نو (۹) نشانیاں عطا کیں" نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ان سے مراد یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور کسی نفس کو جسے اللہ تعالیٰ نے حرام کیا، ناحق قتل نہ کرو، چوری نہ کرو، زنا نہ کرو، جادو نہ کرو، سود نہ کھاؤ، کسی بے گناہ کو حکمران کے پاس نہ لے جاؤ کہ وہ اسے قتل کرے، کسی بے گناہ پر زنا کا الزام نہ لگاؤ لڑائی سے نہ بھاگو اور بالخصوص اے یہودیو! تم ہفتے کے دن حد سے تجاوز نہ کرو، راوی فرماتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نبی ہیں آپ نے فرمایا تمہیں کس چیز نے میری اتباع سے روکا ہے؟ انہوں نے کہا حضرت داؤد علیہ السلام نے دعا مانگی تھی کہ ہمیشہ ان کی اولاد میں نبی رہے اور ہمیں ڈر ہے کہ اگر ہم آپ کی پیروی کریں تو ہمیں یہود قتل کر دیں گے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ الْیَهُوْدَ قَدْ کَانُوْا اَقَرُّوْا بِنُبُوَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَعَ تَوْحِیْدِهِمْ لِلّٰهِ فَلَمْ یُقَاتِلْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی یُقِرُّوْا بِجَمِیْعِ مَا یُقِرُّ بِهِ الْمُسْلِمُوْنَ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّهُمْ لَمْ یَکُوْنُوْا بِذٰلِكَ الْقَوْلِ مُسْلِمِیْنَ وَثَبَتَ اَنَّ الْاِسْلَامَ لَا یَکُوْنُ اِلَّا بِالْمَعَانِی الَّتِیْ تَدُلُّ عَلَی الدُّخُوْلِ فِی الْاِسْلَامِ وَتَرْكِ سَائِرِ الْمِلَلِ۔

۸۶۱- وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا یَدُلُّ عَلٰی ذٰلِكَ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث کے مطابق ان یہودیوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار کیا اور وہ توحید خداوندی کو بھی مانتے تھے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے نہیں لڑتے تھے تاکہ وہ ان تمام باتوں کا اقرار کریں جن کا مسلمان اقرار کرتے ہیں تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ وہ اپنے اس قول سے مسلمان نہیں ہوئے تھے اور ثابت ہوا کہ ان امور کی وجہ سے معتبر ہوگا جو اسلام میں داخلے پر دلالت کرتے ہیں نیز وہ تمام

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے جو اس مفہوم پر دلالت کرتی ہے۔

۸۶۲- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ عَنْ حُمَیْدٍ الطَّوِیْلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاِذَا شَهِدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَصَلَّوْا صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلُوْا قِبْلَتَنَا وَاَکَلُوْا ذَبِیْحَتَنَا حُرِّمَتْ عَلَیْنَا دِمَآؤُهُمْ وَاَمْوَالُهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا لَهُمْ مَا لِلْمُسْلِمِیْنَ وَعَلَیْهِمْ مَا عَلَیْهِمْ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں (کفار سے) لڑوں یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں جب وہ توحید و رسالت کی گواہی دے دیں اور ہماری طرح نمازیں پڑھیں ہمارے قبلہ کی طرف رخ کریں ہمارا ذبیحہ کھائیں تو ہم پر ان کے خون اور مال حرام ہو جائیں گے (مگر اسلام کے حق کے ساتھ (پکڑ ہوگی) ان کے حقوق و فرائض وہی ہوں گے جو دوسرے مسلمانوں کے ہیں۔

۸۶۳- قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَدَلَّ مَا ذُکِرَ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ عَلَی الْمَعْنَی الَّذِیْ یَحْرُمُ بِهٖ دِمَآءُ الْکُفَّارِ وَیَصِیْرُوْنَ بِهٖ مُسْلِمِیْنَ لِاَنَّ ذٰلِكَ هُوَ تَرْكُ مِلَلِ الْکُفْرِ کُلِّهَا وَجَحْدُهَا وَالْمَعْنَی الْاَوَّلُ مِنْ تَوْحِیْدِ اللّٰهِ خَاصَّةً هُوَ الْمَعْنَی الَّذِیْ نَکُفُّ بِهٖ عَنِ الْقِتَالِ حَتّٰی نَعْلَمَ مَا اَرَادَ بِهٖ قَائِلُهُ الْاِسْلَامَ اَوْ غَیْرَهُ حَتّٰی تَصِحَّ هٰذِهِ الْاٰثَارُ وَلَا تَتَضَادَّ فَلَا یَکُوْنُ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس روایت میں جو کچھ مذکور ہے وہ اس مفہوم پر دلالت کرتا ہے جس کے باعث کفار کے خون حرام ہو جاتے ہیں اور اس عمل کے ذریعے وہ مسلمان ہو جاتے ہیں کیونکہ اس طرح تمام ادیان کو چھوڑنا اور ان کا انکار پایا جاتا ہے پہلی بات یعنی صرف توحید خداوندی، وہ عقیدہ ہے جس کے باعث ہم ان کے ساتھ لڑنے سے رک جاتے ہیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ یہ کلمہ کہنے والا اسلام کا ارادہ کرتا ہے یا کسی اور بات کا، (ہم یہ بات اس لیے کہتے ہیں) تاکہ ان روایات کا مفہوم صحیح ہو اور ان کے

الْكَافِرُ مُسْلِمًا مَحْكُومًا لَهُ وَعَلَيْهِ بِحُكْمِ الْإِسْلَامِ حَتّٰى يَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَيَجْحَدُ كُلَّ دِيْنٍ سِوَى الْإِسْلَامِ وَيَتَخَلّٰى مِنْهُ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **فِيْمَا** حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مَالِكٍ سَعْدُ بْنُ طَارِقِ بْنِ اَشْيَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيَتْرُكُوْا مَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ حُرِّمَتْ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ وَاَمْوَالُهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى ۔

درمیان تضاد ثابت نہ ہو اور کافر پر اسلام کا حکم اس وقت تک نہیں لگایا جا سکتا جب تک وہ توحید و رسالت کی گواہی دے کر اسلام کے سوا تمام دینوں کا انکار نہ کر دے اور ان سے الگ نہ ہو جائے جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔

حضرت ابو مالک سعید بن طارق بن اشیم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا مجھے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا گیا حتیٰ کہ وہ "لا الہ الا اللہ" پڑھیں اور اللہ تعالیٰ کے سوا جس کی پوجا کرتے ہیں اسے چھوڑ دیں جب وہ ایسا کریں گے تو مجھ پر ان کے خون اور مال حرام ہو جائیں گے مگر دین کا حق (حدود وغیرہ) باقی ہے اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے ۔

۸۶۴ ۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ قَالَ ثَنَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اٰيَةُ الْإِسْلَامِ قَالَ اَنْ تَقُوْلَ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَتَخَلَّيْتُ وَتُقِيْمُ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَتُفَارِقُ الْمُشْرِكِيْنَ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَلَمَّا كَانَ جَوَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ لَمَّا سَاَلَهٗ عَنْ اٰيَةِ الْإِسْلَامِ اَنْ تَقُوْلَ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَتَخَلَّيْتُ وَتُقِيْمُ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَتُفَارِقُ الْمُشْرِكِيْنَ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَكَانَ التَّخَلِّيْ هُوَ تَرْكُ كُلِّ الْاَدْيَانِ اِلَى اللّٰهِ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ كُلَّ مَنْ لَّمْ يَتَخَلَّ مِمَّا سِوَى الْإِسْلَامِ لَمْ يُعْلَمْ بِذٰلِكَ دُخُوْلُهٗ فِي الْإِسْلَامِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۔

حضرت بہز بن حکیم نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اسلام کی نشانی کیا ہے؟ آپ نے فرمایا تم کہو "میں اللہ تعالیٰ کے لیے اسلام لایا (دوسرے) تمام ادیان سے الگ ہو جاؤ، نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو مشرکین سے جدا ہو کر مسلمانوں کے ساتھ مل جاؤ، تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کی نشانی پوچھنے پر معاویہ بن حیدہ کو یہ جواب دیا کہ کہو میں اللہ تعالیٰ کے لیے اسلام لایا، پھر الگ ہو جاؤ نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور مشرکوں سے الگ ہو کر مسلمانوں کے ساتھ جا ملو، اور علیحدگی کا مطلب تمام (باطل) ادیان کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف جانا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ جو شخص اسلام کے علاوہ ادیان سے الگ نہیں ہوتا تو اس سے اس کا اسلام میں داخل ہونا معلوم نہیں ہوتا۔

باب ۲۲۵ بُلُوْغِ الصَّبِيِّ بِدُوْنِ الْاِحْتِلَامِ فَيَكُوْنُ بِهٖ فِيْ مَعْنَى الْبَالِغِيْنَ فِيْ سُهْمَانِ الرِّجَالِ وَفِيْ حِلِّ قَتْلِهٖ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ اِنْ كَانَ حَرْبِيًّا

۸۶۵ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ التَّمَّارُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ حَكَمَ عَلٰى بَنِيْ قُرَيْظَةَ اَنْ يُّقْتَلَ مِنْهُمْ مَنْ جَرَتْ عَلَيْهِ الْمُوْسٰى وَاَنْ تُقْسَمَ اَمْوَالُهُمْ وَذَرَارِيُّهُمْ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَقَدْ حَكَمَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ حَكَمَ بِهٖ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ۔

۸۶۶ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَطِيَّةَ رَجُلٍ مِّنْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَرَّدُوْهُ يَوْمَ قُرَيْظَةَ فَلَمْ يَرَوُا الْمُوْسٰى جَرَتْ عَلٰى شَعْرِهٖ يُرِيْدُ عَانَتَهٗ فَتَرَكُوْهُ مِنَ الْقَتْلِ۔

۸۶۷ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا يَوْمَ حَكَمَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ اَنْ يُّقْتَلَ مُقَاتِلُهُمْ وَتُسْبٰى ذَرَارِيُّهُمْ فَشَكُّوْا فِيَّ فَلَمْ يَجِدُوْنِيْ اَنْبَتُّ الشَّعْرَ فَهَا اَنَا بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ۔

۸۶۸ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

باب۔ احتلام کے بغیر بچے کا بالغ ہونا کہ وہ مردوں کے دو حصے لے سکے اور حربی ہونے کی صورت میں دارالحرب میں اس کو قتل کیا جا سکے۔

حضرت عامر بن سعد، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے بنو قریظہ کے بارے میں فیصلہ فرمایا کہ جو اُسترا استعمال کر سکتا ہو (زیر ناف صاف کرنے کی طرف اشارہ ہے) اسے قتل کیا جائے ان کے مال تقسیم کئے جائیں اور ان کی اولاد کو قیدی بنایا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ بات عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا انہوں نے اللہ تعالیٰ کے اس حکم کے ساتھ فیصلہ کیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے سات آسمان کے اوپر فرمایا:

حضرت مجاہد، بنو قریظہ کے ایک شخص عطیہ سے نقل کرتے ہیں اس نے ان کو بتایا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام نے قریظہ کے دن (لڑائی کی طرف اشارہ ہے) ان کو برہنہ کیا تو دیکھا کہ ان کے زیر ناف بالوں پر اُسترا پھرا ہوا نہیں تھا تو انہوں نے اسے قتل نہ کیا۔

حضرت عطیہ قرظی کہتے ہیں، جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے بنو قریظہ کے بارے میں فیصلہ کیا تو ان دنوں میں لڑکا تھا انہوں نے فیصلہ کیا کہ ان کے لڑنے والوں کو قتل کیا جائے اور بچوں کو قیدی بنایا جائے لوگوں نے میرے بارے میں شکایت کی تو انہوں نے میرے بال اُگے ہوئے نہ پائے تو اب میں تمہارے درمیان ہوں (یعنی قتل سے بچ گیا)

حضرت عبید اللہ بن عمرو، عبدالملک بن عمیر سے اور وہ حضرت عطیہ سے اس کی مثل روایت کرتے

عُمَيْرٍ عَنْ عَطِيَّةَ مِثْلَهُ ۔
۸۶۹ - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ عُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَطِيَّةُ الْقُرَظِیُّ فَذَكَرَ مِثْلَهُ ۔
۸۷۰ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَطِيَّةَ نَحْوَهُ ۔
۸۷۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَطِيَّةُ فَذَكَرَ مِثْلَهُ ۔
۸۷۲ - حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاؤدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ الْخَطْمِیِّ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبْنَاءُ قُرَيْظَةَ اَنَّهُمْ عُرِضُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ فَمَنْ كَانَ مُحْتَلِمًا اَوْ نَبَتَتْ عَانَتُهُ قُتِلَ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ اِحْتَلَمَ اَوْ لَمْ تَنْبُتْ عَانَتُهُ تُرِكَ ۔

ہیں۔
حضرت سفیان، حضرت عبدالملک بن عمیر سے، روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں مجھ سے عطیہ قرظی نے بیان کیا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔
حضرت ابن ابی نجیح اور حضرت مجاہد سے وہ عطیہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔
حضرت حماد کہتے ہیں مجھے حضرت عبدالملک بن عمیر نے خبر دی وہ فرماتے ہیں مجھ سے حضرت عطیہ نے بیان کیا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا۔
حضرت ربیع موذن، محمد بن خزیمہ اور احمد بن داؤد اپنی اپنی سند سے روایت کرتے ہیں، حضرت کثیر بن سائب سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھ سے قریظہ کے بیٹوں نے بیان کیا کہ قریظہ کے دن انہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا تو جسے احتلام آتا تھا یا اس کے زیر ناف بال اُگ آئے تھے اسے قتل کیا گیا اور جس کو احتلام نہیں آتا تھا یا اس کے زیر ناف بال نہیں اُگے تھے اسے چھوڑ دیا گیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذِهِ الْاٰثَارِ فَقَالُوْا لَا يُحْكَمُ لِاَحَدٍ بِالْبُلُوْغِ اِلَّا بِالْاِحْتِلَامِ اَوْ بِاِنْبَاتِ عَانَتِهِ ۔
ذَكَرُوْا فِیْ ذٰلِكَ اَيْضًا عَمَّنْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَصْحَابِهِ مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ اَسْلَمَ مَوْلٰى عُمَرَ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰى اُمَرَاءِ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان آثار کو اپناتے ہوئے فرمایا کہ بالغ ہونے کا حکم اسی پر لگایا جائے جس کو احتلام آتا ہو یا اسکے زیر ناف بال اُگے ہوں۔
انہوں نے اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال بھی ذکر کئے ہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت اسلم سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لشکروں کے امیروں کو لکھا کہ ان پر جزیہ نافذ کریں جو اُسترا

الْاَجْنَادِ اَنْ لَّا تَضْرِبُوا الْجِزْيَةَ اِلَّا عَلٰى مَنْ جَرَتْ عَلَيْهِ الْمُوْسٰى۔

استعمال کرتے ہوں۔

۸۷۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ قَالَ اَخْبَرَنَا اَيُّوْبُ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ اَسْلَمَ عَنْ عُمَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ایوب اور حضرت عبید اللہ، حضرت نافع سے وہ حضرت اسلم سے اور وہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۷۵ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ اَحْسِبُهٗ قَالَ اِنَّ عُثْمَانَ اُتِيَ بِغُلَامٍ قَدْ سَرَقَ فَقَالَ انْظُرُوْا اَخْضَرَّ مِيْزَرُهٗ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَخْضَرَّ فَاقْطَعُوْهُ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اَخْضَرَّ فَلَا تَقْطَعُوْهُ۔

حضرت ابو حصین، حضرت عبداللہ بن عبید بن عمیر اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں (حضرت ابو حصین فرماتے ہیں) میرا خیال ہے انہوں نے فرمایا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک لڑکا لایا گیا جس نے چوری کی تھی آپ نے فرمایا دیکھو اس کے زیر ناف سبز ہو چکی ہے (یعنی بال اگ آتے ہیں) اگر سبز ہو گئی ہے تو اس کا ہاتھ کاٹو اور اگر سبز نہیں تو نہ کاٹو۔

۸۷۶ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ التُّجِيْبِيُّ اَنَّ تَمِيْمَ بْنَ فَرْعٍ الْفَهْرِيَّ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ كَانَ فِي الْجَيْشِ الَّذِيْنَ فَتَحُوا الْاِسْكَنْدَرِيَّةَ فِي الْمَرَّةِ الْاٰخِرَةِ فَلَمْ يَقْسِمْ لِيْ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ مِنَ الْفَيْءِ شَيْئًا وَّقَالَ غُلَامٌ لَّمْ يَحْتَلِمْ حَتّٰى كَادَ يَكُوْنُ بَيْنَ قَوْمِيْ وَبَيْنَ نَاسٍ مِّنْ قُرَيْشٍ فِيْ ذٰلِكَ ثَائِرَةٌ فَقَالَ الْقَوْمُ فِيْكُمْ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسْئَلُوْهُمْ فَسَاَلُوْا اَبَا نَضْرَةَ الْغِفَارِيَّ وَعُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ صَاحِبَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا انْظُرُوْا فَاِنْ كَانَ قَدْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ فَاقْسِمُوْا لَهٗ قَالَ فَنَظَرَ اِلَيَّ بَعْضُ الْقَوْمِ فَاِذَا اَنَا قَدْ اَنْبَتُّ فَقَسَمَ لِيْ۔

حضرت حرملہ بن عمران تجیبی فرماتے ہیں کہ تمیم بن فرع فہری نے ان سے بیان کیا کہ وہ اس لشکر میں تھے جس نے دوسری بار اسکندریہ کو فتح کیا تھا حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے مال فے میں سے مجھے حصہ نہ دیا اور فرمایا یہ لڑکا ہے اور اسے احتلام نہیں ہوا حتی کہ قریب تھا کہ اس سلسلے میں میری قوم اور قریش کے کچھ لوگوں کے درمیان خون ریزی ہو جاتی کچھ لوگوں نے کہا کہ تمہارے درمیان بعض صحابہ کرام موجود ہیں ان سے پوچھو، انہوں نے ابو نضرہ غفاری اور عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہما سے پوچھا یہ دونوں صحابی تھے انہوں نے فرمایا دیکھو اگر بال اُگ آئے ہیں تو انہیں حصہ دو وہ فرماتے ہیں کچھ لوگوں نے مجھے دیکھا تو بال اُگے ہوئے تھے چنانچہ مجھے بھی حصہ دیا گیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ وَّخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا قَدْ يَكُوْنُ الْبُلُوْغُ بِهٰذَيْنِ الْمَعْنَيَيْنِ وَبِمَعْنًى ثَالِثٍ وَّهُوَ اَنْ يَّمُرَّ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس سلسلے میں دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کی وہ فرماتے ہیں کہ بلوغت کے لیے ان دو کے علاوہ ایک تیسرا سبب بھی ہے وہ یہ کہ

عَلَى الصَّبِيِّ خَمْسَ عَشْرَ سَنَةً فَلَا يَحْتَلِمُ وَلَا يَنْبُتُ فَهُوَ اَيْضًا بِذٰلِكَ فِي حُكْمِ الْبَالِغِيْنَ۔

۸۷۷- وَاحْتَجُّوْا فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ عُرِضْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشَرَةَ سَنَةً فَلَمْ يُجِزْنِيْ فِي الْمُقَاتِلَةِ وَعُرِضْتُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَاَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَاَجَازَنِيْ فِي الْمُقَاتِلَةِ قَالَ نَافِعٌ فَحَدَّثْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ هٰذَا اَشْبَهُ لِلْحَدِّ بَيْنَ الذَّرَارِيِّ وَالْمُقَاتِلِ فَاَمَرَ اُمَرَاءَ الْاَجْنَادِ اَنْ يُفْرَضَ لِمَنْ كَانَ فِي اَقَلَّ مِنْ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فِي الذُّرِّيَّةِ وَمَنْ كَانَ فِي خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فِي الْمُقَاتِلَةِ۔

۸۷۸- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا اَبِيْ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

۸۷۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ مَا فِيْهِ مِنْ قَوْلِ نَافِعٍ فَحَدَّثْتُ بِذٰلِكَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اِلٰى اٰخِرِ الْحَدِيْثِ۔

۸۸۰- قَالُوْا فَلَمَّا اَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ عُمَرَ لِخَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً وَرَدَّهٗ لِمَا دُوْنَهَا ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ حُكْمَ ابْنِ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً حُكْمُ الْبَالِغِيْنَ فِيْ اَحْكَامِهٖ كُلِّهَا وَاَنَّ حُكْمَ مَنْ كَانَ سَنَةً دُوْنَهَا حُكْمُ غَيْرِ الْبَالِغِيْنَ فِيْ اَحْكَامِهٖ كُلِّهَا

بچے پر پندرہ سال گزر جائیں اور اسے احتلام نہ ہو اور نہ ہی اس کے بال اُگیں تو وہ بھی بالغوں کے حکم میں ہوگا۔

انہوں نے اس سلسلے میں ان روایات سے استدلال کیا ہے

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں غزوۂ احد کے دن مجھے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا اس وقت میں چودہ سال کا تھا تو آپ نے مجھے جہاد کی اجازت نہ دی اور غزوۂ خندق کے موقع پر جب کہ میں پندرہ سال کا تھا مجھے پیش کیا گیا تو آپ نے مجھے لڑنے کی اجازت دے دی حضرت نافع فرماتے ہیں میں نے یہ حدیث حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے بیان کی تو انہوں نے فرمایا بچوں اور لڑنے والوں کے درمیان یہ حد زیادہ مناسب ہے چنانچہ انہوں نے امراءِ لشکر کو حکم دیا کہ پندرہ سال سے کم عمر والوں کو بچے شمار کیا جائے اور پندرہ سال والوں کو مجاہدین میں شامل کیا جائے۔

حضرت یعقوب بن ابراہیم (یعنی) امام ابو یوسف رحمہ اللہ حضرت عبیداللہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

حضرت ابن مبارک، حضرت عبیداللہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا لیکن اس میں حضرت نافع کا قول کہ میں نے یہ حدیث حضرت عمر بن عبدالعزیز سے بیان کی (آخر تک) ذکر نہیں کیا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو پندرہ سال کی عمر میں اجازت دی اور کم عمر میں روک دیا تو اس سے ثابت ہوا کہ تمام احکام میں پندرہ سالہ لڑکا بالغوں کی طرح ہے اور اس سے کم عمر والا نابالغوں کے حکم میں ہے البتہ یہ کہ پہلی دو وجوہ ل

إِلَّا مَنْ ظَهَرَ بُلُوْغُهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ لِمَعْنًى مِّنَ الْمَعْنَيَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ۔

۸۸۱- قَالُوْا وَقَدْ شَدَّ هٰذَا الْمَعْنٰى اَخْذُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَتَاوِيْلُهٗ ذٰلِكَ الْحَدِيْثَ عَلَيْهِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ يُوْسُفَ وَجَمَاعَةٍ مِّنْ اَصْحَابِنَا غَيْرَ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ كَانَ لَا يَرَى الْاِنْبَاتَ دَلِيْلًا عَلَى الْبُلُوْغِ وَغَيْرَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فَاِنَّهٗ كَانَ لَا يَرٰى مَنْ مَّرَّتْ عَلَيْهِ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً وَّلَمْ يَحْتَلِمْ وَلَمْ يَنْبُتْ فِيْ مَعْنَى الْمُحْتَلِمِيْنَ حَتّٰى يَاْتِيَ عَلَيْهِ تِسْعَ عَشَرَةَ سَنَةً فِيْمَا حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ۔

۸۸۲- وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ اَيْضًا خِلَافُ ذٰلِكَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا يُوْسُفَ يَقُوْلُ قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اِذَا اَتَتْ عَلَيْهِ ثَمَانِيْ عَشْرَةَ سَنَةً فَقَدْ صَارَ بِذٰلِكَ فِيْ اَحْكَامِ الرِّجَالِ وَلَمْ يَخْتَلِفُوْا عَنْهُ جَمِيْعًا فِيْ هَاتَيْنِ الرِّوَايَتَيْنِ فِي الْجَارِيَةِ اَنَّهَا اِذَا مَرَّتْ عَلَيْهَا سَبْعَ عَشْرَةَ سَنَةً اَنَّهَا تَكُوْنُ بِذٰلِكَ كَالَّتِيْ حَاضَتْ وَكَانَ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَجْعَلُ الْغُلَامَ وَالْجَارِيَةَ سَوَاءً فِيْ مُرُوْرِ الْخَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً عَلَيْهِمَا وَيَجْعَلُهُمَا بِذٰلِكَ فِيْ حُكْمِ الْبَالِغِيْنَ وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَذْهَبُ فِي الْغُلَامِ اِلٰى قَوْلِ اَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَفِي الْجَارِيَةِ اِلٰى قَوْلِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لِاَبِيْ حَنِيْفَةَ عَلٰى اَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

سے اس کا بلوغ ظاہر ہو جائے

یہ حضرات مزید فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا اس حدیث کو قبول کرنا اور اس کی تاویل کرنا اسے مزید قوت دیتا ہے یہ حضرت امام ابو یوسف اور ہمارے اصحاب (احناف) کی ایک جماعت کا قول ہے حضرت محمد بن حسن رحمہ اللہ بالوں کے اُگنے کو بالغ ہونے کی دلیل نہیں سمجھتے

حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک جو بچہ پندرہ سال کا ہو جائے اور اسے احتلام نہ آئے اور نہ اس کے زیر ناف بال اُگیں وہ اسے بالغوں کے حکم میں نہیں سمجھتے حتیٰ کہ وہ انیس سال کا ہو جائے سلیمان بن شعیب نے اپنے والد سے اور انہوں نے حضرت امام محمد بن حسن سے اسی طرح بیان کیا ہے۔

حضرت احمد بن ابو عمران فرماتے ہیں محمد بن سماعہ نے ہم سے بیان کیا وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ سے سنا وہ فرماتے تھے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب بچہ اٹھارہ سال کا ہو جائے تو وہ مردوں کے احکام کا پابند ہو جاتا ہے امام ابو حنیفہ کا تمام فقہاء کرام نے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے ان دو روایتوں میں لڑکی کا فرق نہیں کیا جب وہ سترہ سال کی ہو جائے تو وہ حیض والی عورت کی طرح ہو جاتی ہے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ پندرہ سال گزرنے کے بعد لڑکے، لڑکی کو برابر قرار دیتے ہیں اور اس صورت میں دونوں کو بالغوں کے حکم میں سمجھتے ہیں حضرت امام محمد رحمہ اللہ لڑکے کے معاملے میں حضرت امام ابو یوسف کے قول کو اپناتے ہیں جب کہ لڑکی کے سلسلے میں حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کے قول پر عمل کرتے ہیں۔

حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ کے خلاف حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عمر

فِي حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ انَّهُ قَدْ يَجُوزُ اَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّهُ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً لَيْسَ لِاَنَّهُ غَيْرُ بَالِغٍ وَلٰكِنْ لِمَا رَاٰى مِنْ ضُعْفِهٖ وَاَجَازَهُ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً لَيْسَ لِاَنَّهُ بَالِغٌ لٰكِنْ لِمَا رَاٰى مِنْ جَلَدِهٖ وَقُوَّتِهٖ وَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلِمَ كَمْ سَنَةً فِي الْحَالَيْنِ جَمِيْعًا وَقَدْ فَعَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ مَا يَدُلُّ عَلٰى هٰذَا اَيْضًا

رضی اللہ عنہما کی حدیث میں حضور علیہ السلام کا ان کو چودہ سال کی عمر میں واپس کرنا اس لیے نہ تھا کہ وہ بالغ نہیں بلکہ ہوسکتا ہے ان میں کمزوری ملاحظہ فرمائی ہو اور پندرہ سال کی عمر میں بالغ ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ ان میں مضبوطی اور قوت دیکھ کر اجازت دی ہو اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں حالتوں میں ان کی عمر معلوم نہ کی ہو حضرت سمرہ بن جندب کے ساتھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معاملہ اس بات پر دلالت کرتا ہے۔

۸۸۳ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الْخَيَّاطُ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى الطَّبَّاعُ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ اُمَّهٗ كَانَتْ اِمْرَاَةً جَمِيْلَةً مِّنْ بَنِيْ فَزَارَةَ فَذَهَبَتْ بِهٖ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وَهُوَ صَبِيٌّ وَكَثُرَ خُطَّابُهَا فَجَعَلَتْ تَقُوْلُ اَلَا اَتَزَوَّجُ اِلَّا مَنْ يَكْفُلُ لِيْ بِابْنِيْ هٰذَا فَتَزَوَّجَهَا رَجُلٌ عَلٰى ذٰلِكَ فَلَمَّا فَرَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِغِلْمَانِ الْاَنْصَارِ وَلَمْ يَفْرِضْ لَهٗ كَاَنَّهُ اسْتَضْعَفَهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَدْ فَرَضْتَ لِصَبِيٍّ وَلَمْ تَفْرِضْ لِيْ اَنَا اَصْرَعُهٗ قَالَ صَارِعْهُ فَصَرَعْتُهٗ فَفَرَضَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَجَازَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ لَمَّا صَارَعَ الْاَنْصَارِيَّ فَصَرَعَهٗ لَا لِاَنَّهٗ قَدْ بَلَغَ اِحْتَمَلَ اَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ اَيْضًا مَا فَعَلَ فِي ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا اَجَازَهٗ حِيْنَ اَجَازَهٗ لِقُوَّتِهٖ لَا لِبُلُوْغِهٖ وَرَدَّهٗ حِيْنَ رَدَّهٗ لِضُعْفِهٖ لَا لِعَدَمِ بُلُوْغِهٖ فَانْتَفٰى بِمَا ذَكَرْنَا اَنْ يَكُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ حُجَّةٌ لِاَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ لِاِحْتِمَالِهٖ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ لِاَنَّ اَبَا

حضرت عبدالحمید بن جعفر اپنے والد سے اور وہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ان کی والدہ قبیلہ بنو فزارہ کی ایک خوبصورت خاتون تھیں وہ انہیں لے کر مدینہ طیبہ گئیں اس وقت وہ بچے تھے ان کی والدہ کو نکاح کے لیے بہت سے پیغام آئے تو وہ یہی کہتی تھیں میں اس سے نکاح کروں گی جو میرے اس بچے کی پرورش کرے گا تو ایک شخص نے اس شرط کو تسلیم کرتے ہوئے ان سے نکاح کرلیا جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کے بچوں کے لیے وظیفہ مقرر فرمایا اور ان کے لیے مقرر نہ کیا گویا انہیں کمزور سمجھا تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے فلاں بچے کا وظیفہ مقرر فرمایا اور میرے لیے مقرر نہیں کیا میں اس کو پچھاڑ سکتا ہوں آپ نے فرمایا اسے پچھاڑو میں نے اس (بچے) کو پچھاڑ دیا چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کیلئے وظیفہ بھی مقرر فرما دیا تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کا وظیفہ اس وقت مقرر فرمایا جب انصاری بچے سے کشتی میں انہوں نے اسے پچھاڑ دیا اس لیے نہیں کہ وہ بالغ ہوچکے تھے تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے معاملے میں بھی اسی بات کا احتمال ہے کہ جب آپ نے ان کو اجازت دی تو قوت کی وجہ سے اجازت دی، بالغ ہونے کی وجہ سے نہیں، اور جب ان کو واپس لوٹایا تو کمزوری کی وجہ سے واپس کیا، عدم بلوغ کی وجہ سے نہیں، تو ہماری مذکورہ گفتگو سے امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے لیے اس حدیث کے دلیل بننے کی نفی ہوگئی کیونکہ اس میں اُس بات کا احتمال ہے جو حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ نے فرمائی ہے کیونکہ حضرت امام اعظم رحمہ اللہ

حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ لَا يُنْكِرُ اَنْ يُّفْرَضَ لِلصِّبْيَانِ إِذَا كَانُوْا يَحْتَمِلُوْنَ الْقِتَالَ وَيَحْضُرُوْنَ الْحَرْبَ وَاِنْ كَانُوْا غَيْرَ بَالِغِيْنَ۔

اس بات سے انکار نہیں فرماتے کہ جب بچے لڑنے کے قابل ہو جائیں اور لڑائی میں شریک ہوں تو ان کا حصہ مقرر کیا جائے اگرچہ وہ بالغ نہ ہوں۔

۸۸۴- وَقَدْ رُوِيَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْمَا كَانَ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَمْرِ ابْنِ عُمَرَ خِلَافُ مَا رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے معاملے میں جو کچھ خود ان سے مروی ہے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے اس کی خلاف مروی ہے۔

۸۸۵- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ عُرِضْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ فَاسْتَصْغَرَنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَجَازَنَا يَوْمَ اُحُدٍ۔

حضرت ابو اسحٰق، حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں بدر کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو سامنے بلایا پھر ہمیں چھوٹا قرار دیا اور جنگ احد کے دن اجازت دے دی۔

۸۸۶- قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَازَ ابْنَ عُمَرَ يَوْمَ اُحُدٍ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ ابْنُ اَرْبَعَ عَشَرَةَ سَنَةً فَخَالَفَ ذٰلِكَ مَا رَوَيْنَا فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا وَلَمَّا انْتَفٰى اَنْ يَّكُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ حُجَّةٌ لِاَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ عَلَى الْفَرِيْقِ الْاٰخَرِ الْتَمَسْنَا حُكْمَ ذٰلِكَ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ لِنَسْتَخْرِجَ مِنَ الْقَوْلَيْنِ الَّذَيْنِ ذَهَبَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اِلٰى اَحَدِهِمَا وَاَبُوْ يُوْسُفَ اِلَى الْاٰخَرِ مِنْهُمَا قَوْلًا صَحِيْحًا فَاعْتَبَرْنَا ذٰلِكَ فَرَاَيْنَا اللهَ قَدْ جَعَلَ عِدَّةَ الْمَرْاَةِ اِذَا كَانَتْ مِمَّنْ تَحِيْضُ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ وَجَعَلَ عِدَّتَهَا اِذَا كَانَتْ مِمَّنْ لَا تَحِيْضُ مِنْ صِغَرٍ اَوْ كِبَرٍ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ فَجَعَلَ بَدَلًا مِنْ حَيْضَةٍ شَهْرًا وَقَدْ تَكُوْنُ الْمَرْاَةُ تَحِيْضُ فِيْ اَوَّلِ الشَّهْرِ وَفِيْ اٰخِرِهٖ فَيَجْتَمِعُ لَهَا فِيْ شَهْرٍ وَاحِدٍ حَيْضَتَانِ وَقَدْ تَكُوْنُ بَيْنَ حَيْضَتَيْهَا

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو اُحد کے دن چودہ سال کی عمر میں (لڑنے کی) اجازت دے دی یہ بات حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں مروی بات کے خلاف ہے تو جب یہ حدیث کسی ایک فریق کی دوسرے کے خلاف دلیل نہ ہو سکی تو ہم نے غور و فکر اور قیاس کے طور پر اس کا حکم تلاش کیا تاکہ ہم ان دو قولوں میں سے صحیح قول کو واضح کریں جن میں سے ایک کو امام اعظم رحمہ اللہ نے اور دوسرے کو امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے اپنایا ہے تو ہم نے اس پر غور کرتے ہوئے دیکھا کہ اگر عورت کو حیض آتا ہو تو اللہ تعالیٰ نے اس کی عدت تین قروء (حیض) مقرر فرمائی ہے اور اگر کم عمری یا بڑھاپے کی وجہ سے حیض نہ آتا ہو تو اس کی عدت تین مہینے مقرر فرمائی تو حیض کی جگہ مہینے کو رکھا بعض اوقات عورت کو مہینے کے شروع اور آخر میں حیض آتا ہے اس طرح ایک مہینے میں دو حیض جمع ہو جاتے ہیں اور بعض اوقات اس کے دو حیضوں کے درمیان دو مہینے یا اس سے زیادہ ہوتے ہیں تو

شُهُورٍ وَالْاَكْثَرُ فَجُعِلَ الْخَلَفُ فِي الْحَيْضَةِ عَلٰى اَغْلَبِ اُمُوْرِ النِّسَاءِ لِاَنَّ اَكْثَرَهُنَّ تَحِيْضُ فِيْ كُلِّ شَهْرٍ حَيْضَةً وَّاحِدَةً فَلَمَّا كَانَ كَذٰلِكَ وَرَاَيْنَا الْاِحْتِلَامَ يَجِبُ بِهٖ لِلصَّبِيِّ حُكْمُ الْبَالِغِيْنَ فَاِذَا عَدِمَ الْاِحْتِلَامُ وَاُجْمِعَ اَنَّ هُنَاكَ خَلَفًا مِّنْهُ فَقَالَ قَوْمٌ هُوَ بُلُوْغُ خَمْسَ عَشَرَةَ سَنَةً وَّقَالَ اٰخَرُوْنَ هُوَ اَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ مِنَ السِّنِيْنَ جُعِلَ ذٰلِكَ الْخَلَفُ عَلٰى اَغْلَبِ مَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْاِحْتِلَامُ فَهُوَ خَمْسَ عَشَرَةَ سَنَةً لِاَنَّ اَكْثَرَ الْاِحْتِلَامِ اِحْتِلَامُ الصِّبْيَانِ وَحَيْضُ النِّسَاءِ فِيْ هٰذَا الْمِقْدَارِ يَكُوْنُ وَلَا يَجْعَلُ عَلٰى اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا عَلٰى اَكْثَرَ لِاَنَّ ذٰلِكَ اِنَّمَا يَكُوْنُ فِي الْخَاصِّ وَلَا نَعْتَبِرُ حُكْمَ الْخَاصِّ فِيْ ذٰلِكَ وَلٰكِنْ نَعْتَبِرُ اَمْرَ الْعَامِّ كَمَا لَمْ نَعْتَبِرْ اَمْرَ الْخَاصِّ فِيْمَا جُعِلَ خَلَفًا فِي الْحَيْضِ وَاعْتُبِرَ اَمْرُ الْعَامِّ فَثَبَتَ بِالنَّظَرِ الصَّحِيْحِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ كُلِّهٖ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِالنَّظَرِ لَا بِالْاَثَرِ وَانْتَفٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا۔

عام عورتوں کے اعتبار سے حیض کا نائب مقرر فرمایا (یعنی تین مہینے) کیونکہ عام عورتوں کو ہر مہینے میں ایک حیض آتا ہے جب یہ معاملہ اس طرح ہے تو ہم دیکھتے ہیں احتلام سے بچے کے لیے بالغوں کا حکم واجب ہو جاتا ہے اور جب احتلام نہ ہو تو اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ اس کا کوئی نائب ہے تو ایک جماعت نے کہا کہ وہ پندرہ سال کی عمر کو پہنچ جانا ہے دوسروں نے فرمایا کہ وہ اس سے کچھ زیادہ ہے تو عام طور پر جس عمر میں احتلام ہوتا ہے اور وہ پندرہ سال کی عمر ہے تو اس اعتبار سے نائب مقرر کیا گیا کیونکہ عام طور پر بچوں کو احتلام اور بچیوں کو حیض اسی عمر میں آتا ہے اس سے کم یا زیادہ عمر کو مقرر نہیں کیا کیونکہ وہ خاص حالات میں ہوتا ہے اور اس سلسلے میں ہم خاص کا حکم معتبر نہیں مانتے بلکہ عام کے حکم کا اعتبار کرتے ہیں جس طرح حیض کے مسئلے میں عمومی حالات کا اعتبار کر کے نائب (تین ماہ) مقرر کیا گیا تو اس بات میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا قول صحیح قیاس سے ثابت ہو گیا حدیث سے ثابت نہ ہوا اور حضرت امام ابو حنیفہ اور حضرت امام محمد رحمہما اللہ کے مذہب کی نفی ہو گئی۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فِيْ هٰذَا نَحْوٌ مِّنْ قَوْلِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ الَّذِيْ رَوَاهُ اَبُوْ يُوْسُفَ عَنْهُ۔

اس سلسلے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے بھی امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے اس قول کی طرح مروی ہے جو حضرت ابو یوسف رحمہ اللہ نے روایت کیا۔

۴۸۶ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ اَيْ ثَمَانِيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَّمِثْلُهَا فِيْ سُوْرَةِ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ۔

حضرت عطاء بن دینار، حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں "اور یتیموں کے مال کے قریب نہ جاؤ مگر اچھے طریقے سے یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائیں" یعنی اٹھارہ سال کے ہو جائیں سورۃ بنی اسرائیل میں بھی اسی طرح ہے۔

باب ۲۲۶ مَا يُنْهٰى عَنْ قَتْلِهٖ مِنَ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ فِىْ دَارِ الْحَرْبِ

۸۸۷ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاؤٗدَ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ فَكَتَبَ اِلَيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَقْتُلُهُمْ.

۸۸۸ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا اَبِىْ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ هَلْ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْتُلُ مِنْ صِبْيَانِ الْمُشْرِكِيْنَ اَحَدًا فَكَتَبَ اِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاَنَا حَاضِرٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَقْتُلُ مِنْهُمْ اَحَدًا.

۸۸۹ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ ابْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِىُّ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ دَاؤٗدَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَعَثَ جُيُوْشَهٗ قَالَ لَا تَقْتُلُوا الْوِلْدَانَ.

۸۹۰ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِىُّ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ ثَنَا نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَجَدْتُ امْرَاَةً مَقْتُوْلَةً فِىْ بَعْضِ الْمَغَازِىْ فَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ.

۸۹۱ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ

باب۔ دارالحرب میں عورتوں اور بچوں کے قتل سے ممانعت

حضرت قتادہ، حضرت عکرمہ (رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں نجدہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر بچوں کو قتل کرنے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے ان کو لکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ ان کو قتل نہیں کرتے تھا۔

حضرت یزید بن ہرمز فرماتے ہیں نجدہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو لکھ کر پوچھا کیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کے بچوں میں سے کسی کو قتل کرتے تھے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ان کو لکھا اور اس وقت میں بھی موجود تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے کسی کو بھی قتل نہیں کرتے تھے۔

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لشکروں کو بھیجتے وقت فرماتے بچوں کو قتل نہ کرنا۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ایک جنگ کے موقع پر ایک مقتولہ عورت پایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔

حضرت مالک، حضرت نافع سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں لیکن انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا

ابْنِ عُمَرَ۔

۸۹۲- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْغَسَّانٍ قَالَ ثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

ذکر نہیں کیا۔

حضرت جویریہ، حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۸۹۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَغَيْرُهٗ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ۔

حضرت مالک بن انس اور دوسرے حضرات حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔

۸۹۴- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَمِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ حِيْنَ بَعَثَ اِلَى ابْنِ اَبِي الْحُقَيْقِ۔

حضرت ابن کعب بن مالک اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کو ابن ابی حقیق کی طرف بھیجا تو عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔

۸۹۵- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الَّذِيْنَ قَتَلُوا ابْنَ اَبِي الْحُقَيْقِ حِيْنَ خَرَجُوْا اِلَيْهِ عَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ وَالنِّسْوَانِ۔

حضرت عبدالرحمن بن کعب بن مالک، حضرت کعب بن مالک سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو جنہوں نے ابن ابی حقیق کو قتل کیا تھا جب وہ اس (ابن ابی حقیق) کی طرف نکلے تو بچوں اور عورتوں کے قتل سے منع فرمایا۔

۸۹۶- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً قَالَ لَهُمْ لَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَلَا امْرَاَةً۔

حضرت علقمہ بن مرثد، حضرت ابن بریدہ سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی لشکر بھیجتے تو ان سے فرماتے کہ کسی بچے اور عورت کو قتل نہ کرنا۔

۸۹۷- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ

حضرت ابن مرزوق اور حضرت ابو بشر رقی اپنی اپنی سند سے حضرت سلیمان بن بریدہ سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب

مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَعَثَ جَيْشًا كَانَ مِمَّا يُوْصِيْهِمْ بِهٖ اَنْ لَّا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا قَالَ اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ فِيْ حَدِيْثِهٖ قَالَ عَلْقَمَةُ فَحَدَّثْتُ بِهٖ مُقَاتِلَ بْنَ حَيَّانٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ هُشَيْمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

کوئی لشکر بھیجتے تو ان کو ایک وصیت یہ بھی فرماتے کہ کسی بچے کو قتل نہ کرنا حضرت ابوبشر رقی اپنی روایت میں فرماتے ہیں حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ فرمایا کہ میں نے یہ حدیث حضرت مقاتل بن حیان سے بیان کی تو انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث مسلم بن ہشیم نے نعمان بن مقرن کے واسطہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے مجھ سے بیان کی۔

۸۹۸ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ ح وَحَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُكَيْرٍ قَالَا ثَنَا اللَّيْثُ قَالَ ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَعَثَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ اَوْ سَرِيَّةٍ كَانَ مِمَّا يُوْصِيْهِ بِهٖ اَنْ لَّا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا۔

حضرت فہد اور حضرت روح اپنی اپنی سند سے روایت کرتے ہیں حضرت سلیمان بن بریدہ نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بڑے یا چھوٹے لشکر کا امیر مقرر فرماتے تو اسے ایک نصیحت یہ بھی کرتے کہ کسی بچے کو قتل نہ کرنا۔

---

۸۹۹ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ قَالَ هُمَا لِمَنْ غَلَبَ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ یہ دونوں (عورتیں اور بچے) غالب ہونے والے کو حاصل ہوں گے۔

---

۹۰۰ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ قَالَ حَدَّثَنِي الْمُرَقَّعُ بْنُ صَيْفِيٍّ عَنْ جَدِّهٖ رَبَاحِ ابْنِ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ اَنَّهٗ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ

حضرت مرقع بن صیفی اپنے دادا حضرت رباح بن حنظلہ کاتب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک غزوہ میں گئے حضرت خالد بن ولید لشکر کے اگلے حصے پر مقرر تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی

غَزَاهَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَلٰى مُقَدَّمَتِهٖ حَتّٰى لَحِقَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نَاقَتِهٖ فَانْفَرَجُوْا عَنِ امْرَاَةٍ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْهَا مَقْتُوْلَةً فَبَعَثَ اِلٰى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ يَنْهَاهُ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ۔

اونٹنی پر سواران سے جا ملے صحابہ کرام ایک مقتولہ کو دیکھ رہے تھے انہوں نے راستہ دے دیا آپ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا جس میں ان کو عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔

۹۰۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ ثَنَا الْمُغِيْرَةُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ قَالَ اَخْبَرَنِي الْمُرَقَّعُ بْنُ صَيْفِيٍّ عَنْ جَدِّهٖ رِبَاحِ بْنِ رَبِيْعٍ اَنَّهٗ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ لَا تَقْتُلُوْا ذُرِّيَّةً وَّلَا عَسِيْفًا۔

حضرت ابوالزناد فرماتے ہیں مجھے مرقع بن صیفی نے اپنے دادا رباح بن ربیع سے روایت کرتے ہوئے خبر دی کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نکلے پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا کہ بچوں اور غلاموں (مزدوروں) کو قتل نہ کرو۔

۹۰۲۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْجِيْزِيُّ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا الْمُغِيْرَةُ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت سعید بن منصور فرماتے ہیں ہم سے حضرت مغیرہ نے بیان کرتے ہوئے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۹۰۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ ابْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنِ الْمُرَقَّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ بِامْرَاَةٍ لَهَا خَلْقٌ وَقَدِ اجْتَمَعُوْا عَلَيْهَا فَلَمَّا جَآءَ اَفْرَجُوْا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَتْ هٰذِهٖ تُقَاتِلُ ثُمَّ اَتْبَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدًا اَنْ لَّا تَقْتُلَ امْرَاَةً وَّلَا عَسِيْفًا۔

حضرت عبداللہ بن ذکوان، حضرت مرقع بن صیفی سے وہ حضرت حنظلہ کاتب سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا کہ آپ ایک عورت کے پاس سے گزرے جس پر لوگ جمع تھے جب آپ تشریف لائے تو وہ پیچھے ہٹ گئے آپ نے فرمایا یہ تو لڑتی نہیں تھی پھر آپ نے حضرت خالد بن ولید کو پیغام بھیجا کہ کسی عورت اور کسی غلام (خادم وغیرہ) کو قتل نہ کرنا۔

۹۰۴۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت فریابی فرماتے ہیں ہم سے حضرت سفیان نے بیان کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ قَتْلُ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ دارالحرب میں

عَلٰی حَالٍ وَ اَنَّهٗ لَا یَحِلُّ اَنْ یُّقْصَدَ اِلٰی قَتْلِ غَیْرِهِمْ اِذَا کَانَ لَا یُؤْمَنُ فِیْ ذٰلِكَ تَلَفُهُمْ مِنْ ذٰلِكَ اِنَّ اَهْلَ الْحَرْبِ اِذَا تَتَرَّسُوْا بِصِبْیَانِهِمْ فَكَانَ الْمُسْلِمِیْنَ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ رَمْیَهُمْ اِلَّا بِاِصَابَةِ صِبْیَانِهِمْ فَحَرَامٌ عَلَیْهِمْ رَمْیُهُمْ فِیْ قَوْلِ هٰٓؤُلَآءِ وَكَذٰلِكَ اِنْ تَحَصَّنُوْا بِحِصْنٍ وَجَعَلُوْا فِیْهِ الْوِلْدَانَ فَحَرَامٌ عَلَیْنَا رَمْیُ ذٰلِكَ الْحِصْنِ عَلَیْهِمْ اِذَا كُنَّا نَخَافُ مِنْ ذٰلِكَ اِصَابَةَ صِبْیَانِهِمْ وَنِسَآءِهِمْ وَاحْتَجُّوْا بِالْاٰثَارِ الَّتِیْ رَوَیْنَاهَا فِیْ صَدْرِ هٰذَا الْبَابِ۔

وَوَافَقَهُمْ اٰخَرُوْنَ عَلٰی صِحَّةِ هٰذِهِ الْاٰثَارِ وَعَلٰی تَوَاتُرِهَا وَقَالُوْا وَقَعَ النَّهْیُ فِیْ ذٰلِكَ اِلَی الْقَصْدِ اِلٰی قَتْلِ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ فَاَمَّا عَلٰی طَلَبِ قَتْلِ غَیْرِهِمْ مِمَّنْ لَا یُوْصَلُ اِلٰی ذٰلِكَ مِنْهُ اِلَّا بِتَلَفِ صِبْیَانِهِمْ وَنِسَآءِهِمْ فَلَا بَاْسَ بِذٰلِكَ۔

۹۰۵۔ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ ابْنِ جَثَّامَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ یُبَیَّتُوْنَ لَیْلًا فَیُصَابُ مِنْ نِّسَآئِهِمْ وَصِبْیَانِهِمْ فَقَالَ هُمْ مِنْهُمْ۔

۹۰۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْطَاَتْ خَیْلُنَا اَوْلَادًا مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هُمْ مِنْ اٰبَآئِهِمْ۔

کسی عورت اور بچے کو کسی حالت میں قتل کرنا جائز نہیں اور ان کے علاوہ لوگوں کو بھی قتل کرنے کا ارادہ کرنا صحیح نہیں جب ان کے ضائع ہونے کا ڈر ہو مثلاً جب لڑائی لڑنے والے اپنے بچوں کو ڈھال بنائیں (آگے کردیں) اور مسلمان ان (بچوں اور عورتوں) پر تیراندازی کے بغیر اہل حرب پر تیر نہ برسا سکتے ہوں تو ان پر تیر برسانا حرام ہے اسی وہ قلعے میں بند ہوجائیں اور اس میں بچوں کو رکھیں تو اس تیراندازی کرنا بھی حرام ہے جبکہ ہمیں ڈر ہو کہ یہ تیر ان کے بچوں اور تک پہنچیں گے ان حضرات نے ان روایات سے استدلال کیا جنہیں ہم نے باب کے شروع میں ذکر کیا

دوسرے حضرات نے ان روایات کی صحت اور تواتر پر ان سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ عورتوں اور بچوں کو قصداً قتل کرنے کی ممانعت ہے البتہ اس صورت میں ان بچوں اور عورتوں کو قتل کرنا جائز ہے جب دوسروں کو قتل کرنا مقصود ہو لیکن ان کو قتل کئے بغیر ان تک نہ پہنچ سکیں۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے
حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان مشرکین کے بارے میں پوچھا گیا جو رات کو اپنے گھروں میں سوتے ہیں پھر ان کی عورتیں اور بچے پکڑے جاتے ہیں تو آپ نے فرمایا وہ ان میں سے ہیں۔

ایک دوسری سند سے حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھوڑوں نے مشرکین کے بچوں کو روند دیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ اپنے باپ دادا میں سے ہیں۔

۹۰۷- حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا شُرَيْحُ ابْنُ النُّعْمَانِ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِي رَبِيْعَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ الدَّارُ مِنْ دُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ نَفْتَحُهَا فِي الْغَارَةِ فَنُصِيْبُ الْوِلْدَانَ تَحْتَ بُطُوْنِ الْخَيْلِ وَلَا نَشْعُرُ فَقَالَ اِنَّهُمْ مِنْهُمْ۔

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ حضرت ابن عباس سے اور وہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم لوٹ مار میں مشرکین کا کوئی گھر فتح کرتے ہیں اور ان کے بچے ہمارے گھوڑوں کے پاؤں تلے روندے جاتے ہیں جب کہ ہمیں پتہ نہیں چلتا آپ نے فرمایا وہ ان میں سے ہیں۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَلَمَّا لَمْ يَنْهَهُمْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْغَارَةِ وَقَدْ كَانُوْا يُصِيْبُوْنَ فِيْهَا الْوِلْدَانَ وَالنِّسَاءَ الَّذِيْنَ يَحْرُمُ الْقَصْدُ اِلٰى قَتْلِهِمْ دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَا اَبَاحَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ لِمَعْنًى غَيْرِ الْمَعْنَى الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهٖ حَظَرَ مَا حَظَرَ فِي الْاٰثَارِ الْاَوَّلِ وَاَنَّ مَا حَظَرَ فِي الْاٰثَارِ الْاَوَّلِ هُوَ الْقَصْدُ اِلٰى قَتْلِ النِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْ اَبَاحَ هُوَ الْقَصْدُ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَاِنْ كَانَ فِيْ ذٰلِكَ تَلَفُ غَيْرِهِمْ مِمَّنْ لَا يَحِلُّ الْقَصْدُ اِلٰى تَلَفِهِمْ حَتّٰى تَصِحَّ هٰذِهِ الْاٰثَارُ الْمَرْوِيَّةُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَضَادُّ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لُوٹ مار سے منع نہیں فرمایا اور اس میں ان کے بچوں اور عورتوں تک بھی پہنچتے تھے جن کو ارادتاً قتل کرنا حرام ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان روایات میں جواز کا سبب وہ نہیں ہے جو ان کے قتل کی حرمت کا باعث ہے اور وہ گزشتہ روایات میں مذکور ہے پہلی روایات میں جو ممانعت ہے وہ ان عورتوں اور بچوں کو قصداً قتل کرنا ہے اور جواز کی صورت یہ ہے کہ مشرکین کو قتل کرنے کا ارادہ کیا جائے اگرچہ اس میں وہ لوگ ہلاک ہو جائیں جن کو قصداً ہلاک کرنا جائز نہیں اس طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی تمام احادیث صحیح قرار پائیں گی اور ان کے درمیان تضاد نہیں ہوگا۔

وَقَدْ اَمَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْغَارَةِ عَلَى الْعَدُوِّ وَاَغَارَ عَلَى الْاٰخَرِيْنَ فِيْ اٰثَارٍ عَدَدٍ قَدْ ذَكَرْنَاهَا فِيْ بَابِ الدُّعَاءِ قَبْلَ الْقِتَالِ وَلَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ ذٰلِكَ مَا يُحِيْطُ بِهٖ عِلْمُنَا اَنَّهٗ قَدْ كَانَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ لَا يُؤْمَنُ مِنْ تَلَفِ الْوِلْدَانِ وَالنِّسَاءِ فِيْ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّهٗ اَبَاحَ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دشمن پر حملہ آور ہونے کی اجازت دی اور آپ نے ان لوگوں پر حملہ کیا جیسا کہ ہم نے "جہاد سے پہلے اسلام کی دعوت" کے باب میں متعدد روایات ذکر کی ہیں اور جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ آپ نے ان کو منع نہیں فرمایا حالانکہ آپ جانتے تھے کہ اس صورت میں ان کے بچے اور عورتیں ہلاکت سے بچ نہیں سکتے لیکن اس کے باوجود آپ نے ان کو اجازت

ذٰلِكَ لَهُمْ لِاَنَّ قَصْدَهُمْ كَانَ اِلٰى غَيْرِ تَلَفِهِمْ. فَهٰذَا يُوَافِقُ الْمَعْنَى الَّذِىْ ذَكَرْتُ مِمَّا فِىْ حَدِيْثِ الصَّعْبِ وَالنَّظْرُ يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا.

دی کیونکہ ان کا ارادہ ان کو ہلاک کرنا نہ تھا۔
یہ تاویل اس معنی کے موافق ہے جو میں نے (امام طحاوی نے) حضرت صعب رضی اللہ عنہ کی روایت کے ضمن میں ذکر کی اور قیاس بھی اسی پر دلالت کرتا ہے۔

۹۰۸۔ وَقَدْ رُوِىَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الَّذِىْ عَضَّ ذِرَاعَهُ رَجُلٌ فَانْتَزَعَ ذِرَاعَهُ فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتَا الْعَاضِّ اَنَّهُ اَبْطَلَ ذٰلِكَ وَتَوَاتَرَتْ عَنْهُ الْاٰثَارُ فِىْ ذٰلِكَ.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شخص کے بارے میں روایت آئی ہے جس کا بازو کسی نے کاٹا تو اس نے اپنا بازو باہر نکالا جس سے اس (بازو کاٹنے والے) کے اگلے دانت ٹوٹ گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا معاوضہ معاف کر دیا اس سلسلے میں آپ سے متواتر روایات مروی ہیں۔

۹۰۹۔ فَمِنْهَا مَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِىُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ عَمَّيْهِ سَلَمَةَ بْنِ اُمَيَّةَ وَيَعْلَى ابْنِ اُمَيَّةَ قَالَا خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَمَعَنَا صَاحِبٌ لَنَا فَقَاتَلَ رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَعَضَّ الرَّجُلُ ذِرَاعَهُ فَجَبَذَهَا مِنْ فِيْهِ فَنَزَعَ ثَنِيَّتَهُ فَاَتَى الرَّجُلُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَمِسُ الْعَقْلَ فَقَالَ يَنْطَلِقُ اَحَدُكُمْ اِلٰى اَخِيْهِ فَيَعَضُّهُ عَضِيْضَ الْفَحْلِ ثُمَّ يَاْتِىْ يَطْلُبُ الْعَقْلَ لَا عَقْلَ لَهُمَا فَاَبْطَلَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت صفوان بن عبداللہ بن صفوان اپنے دو چچوں سلمہ بن امیہ اور یعلی بن امیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ تبوک کے لیے گئے ہمارے ساتھ ہمارا ایک ساتھی بھی تھا وہ ایک مسلمان شخص سے لڑ پڑا تو اس شخص نے اس کا بازو کاٹا اس نے اس کے منہ سے کھینچا تو اس کے سامنے کے دانت نکل آئے وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر دیت کا مطالبہ کرنے لگا آپ نے فرمایا تم میں سے ایک اپنے بھائی کے پاس جا کر اونٹ کی طرح اسے کاٹتا ہے پھر آ کر دیت کا مطالبہ کرتا ہے ان دونوں کے لیے دیت نہیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کا معاوضہ باطل کر دیا۔

۹۱۰۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ اَنَّ صَفْوَانَ ابْنَ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ حَدَّثَهُ عَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ كَانَ لِىْ اَجِيْرٌ فَقَاتَلَ اِنْسَانًا فَعَضَّ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَانْتَزَعَ اِصْبَعَهُ فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتَاهُ فَجَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهْدَرَ ثَنِيَّتَهُ قَالَ عَطَاءٌ حَسِبْتُ اَنَّ صَفْوَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ

حضرت عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں حضرت صفوان بن یعلی بن امیہ نے ان سے بیان کیا وہ حضرت یعلی بن امیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میرے پاس ایک مزدور تھا اس نے ایک آدمی سے لڑائی کی تو ان میں سے ایک نے دوسرے کو کاٹ دیا اس نے اپنی انگلی کھینچی تو اس (کاٹنے والے کے) سامنے کے دانت گر گئے وہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا تو آپ نے اس کے دانتوں کا معاوضہ باطل قرار دیا حضرت عطاء فرماتے ہیں میرا خیال ہے حضرت صفوان نے فرمایا کہ

عَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَیَدَعُ یَدَہٗ فِیْ فِیْکَ فَتَقْضَمُھَا کَمَا تَقْضَمُ الْجَمَلُ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا وہ اپنے ہاتھ کو تمہارے منہ میں چھوڑ دیتا کہ تم اسے اونٹ کی طرح چباتے۔

۹۱۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنِیْ اَبُوْ عَامِرِ الْعَقَدِیُّ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ مُجَاھِدٍ عَنْ یَعْلَی بْنِ اُمَیَّۃَ فَذَکَرَ نَحْوَہٗ اِلَّا اَنَّہٗ قَالَ کَقَضْمِ الْبَکْرِ۔

حضرت حکم، حضرت مجاہد سے اور وہ حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے فرمایا کہ جوان اُونٹ کی طرح چبا لیتا۔

۹۱۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا حَبَّانُ قَالَ ثَنَا اَبَانُ بْنُ یَزِیْدَ قَالَ ثَنَا قَتَادَۃُ عَنْ زُرَارَۃَ بْنِ اَوْفٰی عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَجُلًا عَضَّ ذِرَاعَ رَجُلٍ فَانْتَزَعَ ذِرَاعَہٗ فَسَقَطَتْ ثَنِیَّتَا الَّذِیْ عَضَّہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَرَدْتَّ اَنْ تَقْضَمَ یَدَ اَخِیْکَ کَمَا یَقْضِمُ الْفَحْلُ فَاَبْطَلَھَا۔

حضرت زرارہ بن اوفی، حضرت عمران بن حصین سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے دوسرے آدمی کا بازو دانتوں سے کاٹا اس نے اپنا بازو کھینچا تو کاٹنے والے کے سامنے کے دانت گر گئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا ارادہ تھا کہ اپنے بھائی کا ہاتھ چبا لیتے جیسے اونٹ چبا لیتا ہے آپ نے اس کا معاوضہ باطل قرار دیا۔

۹۱۳۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَھَّابِ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَۃُ عَنْ قَتَادَۃَ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت شعبہ، حضرت قتادہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَلَمَّا کَانَ الْمَعْضُوْضُ نَزْعُ یَدِہٖ وَاِنْ کَانَ فِیْ ذٰلِکَ تَلَفُ ثَنَایَا غَیْرِہٖ وَکَانَ حَرَامًا عَلَیْہِ الْقَصْدُ اِلٰی نَزْعِ ثَنَایَا غَیْرِہٖ بِغَیْرِ اِخْرَاجِ یَدِہٖ مِنْ فِیْہِ وَلَمْ یَکُنِ الْقَصْدُ فِیْ ذٰلِکَ اِلٰی غَیْرِ التَّلَفِ کَالْقَصْدِ اِلَی التَّلَفِ فِی الْاِثْمِ وَلَا فِیْ وُجُوْبِ الْعَقْلِ کَانَ کَذٰلِکَ کُلُّ مَنْ لَّہٗ اَخْذُ شَیْءٍ وَّفِیْ اَخْذِہٖ اِیَّاہُ تَلَفُ غَیْرِہٖ مِمَّا یَحْرُمُ عَلَیْہِ الْقَصْدُ اِلَی التَّلَفِہٖ کَانَ لَہُ الْقَصْدُ اِلٰی اَخْذِ مَالِہٖ اَخْذَہٗ مِنْ ذٰلِکَ وَاِنْ کَانَ فِیْہِ تَلَفُ مَا یَحْرُمُ عَلَیْہِ الْقَصْدُ اِلٰی تَلَفِہٖ فَکَذٰلِکَ الْعَدُوُّ قَدْ جُعِلَ لَنَا قِتَالُھُمْ وَحُرِّمَ عَلَیْنَا قَتْلُ نِسَآئِھِمْ وَوِلْدَانِھِمْ فَحَرَامٌ عَلَیْنَا الْقَصْدُ اِلٰی مَا نُھِیْنَا عَنْہُ مِنْ ذٰلِکَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جس آدمی کا ہاتھ کاٹا گیا جب اس نے اپنا ہاتھ نکالا اگرچہ اس میں دوسرے آدمی کے دانت ضائع ہوئے اور اس کے منہ سے ہاتھ نکالے بغیر دانتوں کو نکالنے کا قصد کرنا بھی حرام تھا اور اس سلسلے میں دانت ضائع کرنے کا ارادہ نہ کرنا اور اس کا ارادہ کرنا گناہ اور دیت کے اعتبار سے برابر نہیں، تو اسی طرح ہر وہ شخص جس کو کسی چیز کے لینے کا اختیار ہو اور اس کے لینے میں دوسرے کا ایسا نقصان ہوتا ہو جس کا قصد کرنا حرام ہے تو پھر بھی وہ شخص اپنی چیز لے سکتا ہے اگرچہ اس میں وہ چیز ضائع ہو رہی ہو جس کو قصداً ضائع کرنا حرام ہے یہی معاملہ دشمنوں کا ہے کہ ہمیں ان سے لڑنے کا حکم دیا گیا ہے اور ان کی عورتوں اور بچوں کو قتل کرنا ہم پر حرام ہے پس جس بات سے ہمیں روکا گیا ہے اس کا ارادہ کرنا حرام ہے لیکن جو کچھ ہمارے لیے جائز ہے اس کا ارادہ کرنا جائز

وَحَلَالٌ لَنَا الْقَصْدُ إِلَى مَا أُبِيحَ لَنَا وَإِنْ كَانَ فِيهِ تَلَفُ مَا قَدْ حُرِّمَ عَلَيْنَا مِنْ غَيْرِهِمْ وَلَا ضَمَانَ عَلَيْنَا فِي ذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ۔

ہے اگرچہ اس میں وہ چیز ضائع ہوتی ہے جس کو ضائع کرنا حرام ہے لہذا اس سلسلے میں ہم پر کوئی تاوان نہیں ہوگا حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

بَابُ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ هَلْ يُقْتَلُ فِي دَارِ الْحَرْبِ أَمْ لَا

باب۔ بہت بوڑھے شخص کو دار الحرب میں قتل کرسکتے ہیں یا نہ؟

۹۱۴۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ ثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ لَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ بَعَثَ أَبَا عَامِرٍ عَلَى جَيْشٍ إِلَى أَوْطَاسٍ فَلَقِيَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ فَقُتِلَ دُرَيْدٌ وَهَزَمَ اللّٰهُ أَصْحَابَهُ۔

حضرت ابوبردہ، حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ حنین سے فارغ ہوئے تو آپ نے ابو عامر کی سربراہی میں ایک لشکر اوطاس کی طرف بھیجا درید بن صمہ کے ساتھ ان کا مقابلہ ہوا تو درید قتل ہوگیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھیوں کو شکست دی۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى هٰذَا فَقَالُوا لَا بَأْسَ بِقَتْلِ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ فِي الْحَرْبِ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَبِأَنَّ دُرَيْدًا قَدْ كَانَ حِينَئِذٍ فِي حَالِ مَنْ لَا يُقَاتِلُ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ لڑائی میں بہت بوڑھے شخص کو قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں انہوں نے اس سلسلے میں اس حدیث سے استدلال کیا ہے اور اس دن درید لڑائی لڑنے کی حالت میں نہیں تھا (بہت بوڑھا تھا)

۹۱۵۔ وَرَوَوْا فِي ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ وَجَّهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ أَوْطَاسٍ فَأَدْرَكَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ رَبِيعُ بْنُ رَفِيعٍ فَأَخَذَ بِخِطَامِ جَمَلِهِ وَهُوَ يَظُنُّ أَنَّهُ امْرَأَةٌ فَإِذَا هُوَ شَيْخٌ كَبِيرٌ قَالَ مَاذَا تُرِيدُ مِنِّي قَالَ أَقْتُلُكَ ثُمَّ ضَرَبَهُ بِسَيْفِهِ قَالَ فَلَمْ يُغْنِ شَيْئًا قَالَ بِئْسَمَا سَلَّحَتْكَ أُمُّكَ خُذْ سَيْفِي هٰذَا مِنْ مُؤَخَّرِ رَحْلِي ثُمَّ اضْرِبْ وَارْفَعْ عَنِ

انہوں نے اس سلسلے میں مزید روایت کیا ہے حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اوطاس کی طرف لشکر بھیجا تو ربیع بن رفیع نے درید بن صمہ کو پایا انہوں نے اس کے اونٹ کی لگام پکڑلی ان کا خیال تھا کہ وہ کوئی عورت ہے دیکھا تو ایک بہت بوڑھا شخص تھا اس نے کہا آپ مجھ سے کیا چاہتے ہیں انہوں نے فرمایا میں تجھے قتل کروں گا پھر اسے تلوار ماری لیکن اس نے کوئی کام نہ کیا درید نے کہا تمہاری ماں نے تمہیں ہتھیار پکڑنے کا کیا ہی برا طریقہ سکھایا میرے کجاوے کی پچھلی جانب سے میری تلوار لے کر مارو لیکن ہڈیوں اور دماغ سے دور رکھنا میں

الْعِظَامِ وَادْفَعْ عَنِ الدِّمَاغِ فَإِنِّي كَذٰلِكَ كُنْتُ أَقْتُلُ الرِّجَالَ۔

بھی لوگوں کو اسی طرح قتل کیا کرتا تھا۔

قَالُوْا فَلَمَّا قُتِلَ دُرَيْدٌ وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيْرٌ فَانٍ لَا يَدْفَعُ عَنْ نَفْسِهٖ فَلَمْ يَعِبْ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ دَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ الشَّيْخَ الْفَانِيَ يُقْتَلُ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَأَنَّ حُكْمَهٗ حُكْمُ الشُّبَّانِ لَا حُكْمُ النِّسْوَانِ۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب درید کو قتل کیا گیا اور وہ بہت بوڑھا شخص تھا اپنا دفاع نہیں کر سکتا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عمل کو ناپسند نہ فرمایا پس یہ اس بات پر دلالت ہے کہ دار الحرب میں بوڑھوں کو قتل کیا جا سکتا ہے اور ان کا حکم وہی ہے جو نوجوانوں کا ہے عورتوں والا حکم نہیں۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يَنْبَغِيْ قَتْلُ الشُّيُوْخِ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ كَالنِّسَاءِ وَالذُّرِّيَّةِ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ دار الحرب میں بوڑھوں کو قتل کرنا جائز نہیں اور وہ اس سلسلے میں عورتوں اور بچوں کی طرح ہیں۔

۹۱۶- **وَاحْتَجُّوْا** فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ عَنْ أَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً يَقُوْلُ لَا تَقْتُلُوْا شَيْخًا كَبِيْرًا۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت ابن بریدہ اپنے والد (رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی لشکر بھیجتے تو فرماتے کسی بوڑھے شخص کو قتل نہ کرنا۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ الْمَنْعُ مِنْ قَتْلِ الشُّيُوْخِ۔

تو اس حدیث میں بوڑھوں کو قتل کرنے کی ممانعت ہے۔

۹۱۷- **وَقَدْ** قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْضًا فِيْ حَدِيْثِ مُرَقَّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ فِي الْمَرْأَةِ الْمَقْتُوْلَةِ مَا كَانَتْ هٰذِهٖ تُقَاتِلُ فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ مَنْ أُبِيْحَ قَتْلُهٗ هُوَ الَّذِيْ يُقَاتِلُ وَلٰكِنْ لَمَّا رُوِيَ حَدِيْثُ دُرَيْدٍ هٰذَا وَهٰذِهِ الْأَحَادِيْثُ الْأُخَرُ وَجَبَ أَنْ تُصَحَّحَ وَلَا يَدْفَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا فَالنَّهْيُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَتْلِ الشُّيُوْخِ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ ثَابِتٌ فِي الشُّيُوْخِ الَّذِيْنَ لَا مَعُوْنَةَ لَهُمْ عَلٰى شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الْحَرْبِ مِنْ قِتَالٍ وَلَا رَأْيٍ وَحَدِيْثُ دُرَيْدٍ

مرقع بن صیفی کی روایت میں ہے جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مقتولہ عورت کو دیکھا تو فرمایا یہ تو لڑتی نہیں تھی تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ اسی کو قتل کرنا جائز ہے جو لڑتا ہے لیکن جب درید کے سلسلے میں روایت اور دوسری روایات مروی ہیں تو ان کی تصحیح ضروری ہے تاکہ یہ روایات ایک دوسرے کو رد نہ کریں پس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دار الحرب میں بوڑھوں کو قتل کرنے کی ممانعت ان بوڑھوں کے بارے میں ثابت ہے جو لڑائی میں حصہ لے کر یا اپنی رائے وغیرہ سے لشکر کی معاونت نہیں کرتے اور درید والی روایت ایسے بوڑھوں سے متعلق ہے جو لڑائی میں معاونت کرتے

عَلَى الشُّيُوْخِ الَّذِيْ لَهُمْ مَعُوْنَةٌ فِي الْحَرْبِ كَمَا كَانَ لِدُرَيْدٍ فَلَا بَأْسَ بِقَتْلِهِمْ وَإِنْ لَمْ يَكُوْنُوْا يُقَاتِلُوْنَ لِأَنَّ تِلْكَ الْمَعُوْنَةَ الَّتِيْ تَكُوْنُ مِنْهُمْ أَشَدُّ مِنْ كَثِيْرٍ مِنَ الْقِتَالِ وَلَعَلَّ الْقِتَالَ لَا يَلْتَئِمُ لِمَنْ يُقَاتِلُ إِلَّا بِهَا فَإِذَا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ قُتِلُوْا۔

وَالدَّلِيْلُ عَلَى ذٰلِكَ قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ رَبَاحٍ أَخِيْ حَنْظَلَةَ فِي الْمَرْأَةِ الْمَقْتُوْلَةِ مَا كَانَتْ هٰذِهٖ تُقَاتِلُ أَيْ فَلَا تُقْتَلُ فَإِنَّهَا لَا تُقَاتِلُ فَإِذَا قَاتَلَتْ قُتِلَتْ وَارْتَفَعَتِ الْعِلَّةُ الَّتِيْ لَهَا مُنِعَ مِنْ قَتْلِهَا وَفِيْ قَتْلِهِمْ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ لِلْعِلَّةِ الَّتِيْ ذَكَرْنَا دَلِيْلٌ عَلٰى أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِقَتْلِ الْمَرْأَةِ إِذَا كَانَتْ أَيْضًا ذَاتَ تَدْبِيْرٍ فِي الْحَرْبِ كَالشَّيْخِ الْكَبِيْرِ ذِي الرَّأْيِ فِيْ أُمُوْرِ الْحَرْبِ۔

فَهٰذَا الَّذِيْ ذَكَرْنَا هُوَ الَّذِيْ يُوْجِبُهُ تَصْحِيْحُ مَعَانِيْ هٰذِهِ الْآثَارِ۔

وَقَدْ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ أَصْحَابِ الصَّوَامِعِ۔

۹۱۸- **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبَةَ الْأَشْهَلِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا بَعَثَ جُيُوْشَهُ قَالَ لَا تَقْتُلُوْا أَصْحَابَ الصَّوَامِعِ۔

فَلَمَّا جَرَتْ سُنَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى تَرْكِ قَتْلِ أَصْحَابِ الصَّوَامِعِ الَّذِيْنَ حَبَسُوْا أَنْفُسَهُمْ عَنِ النَّاسِ

ہیں جیسا کہ درید کرتا تھا پس ان کو قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ وہ لڑتے نہ ہوں کیونکہ ان سے جو معاونت حاصل ہوتی ہے وہ لڑائی سے بھی زیادہ شدید ہوتی ہے۔ کیونکہ لڑنے والے کی لڑائی ایسی مدد سے ہی تو درست ہوتی ہے۔

جب صورتِ حال یہ ہے تو انہیں جائے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول اس بات جو حنظلہ کے بھائی رباح کی روایت میں منقول ہے آپ نے عورت کے بارے میں فرمایا یہ تو لڑتی نہیں تھی یعنی اس کو قتل نہ کیا جاتا کیونکہ یہ لڑتی نہیں تھی جب وہ لڑے تو اسے قتل کیا جائے کیونکہ جس وجہ سے اس کو قتل کرنا منع تھا وہ ختم ہو گئی اور اس مذکورہ علت کی بنیاد پر ان کا درید بن صمہ کو قتل کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ اگر عورت لڑائی کی تدبیر بتانے والی ہو تو اسے قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں جیسے لڑائی کے امور میں ماہرانہ رائے دینے والے بوڑھے کو قتل۔ معانی روایات کی تصحیح سے جو کچھ ثابت ہوتا ہے وہ یہی ہے جسے ہم نے ذکر کیا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبادت گاہوں میں عبادت کرنے والوں کو قتل کرنے سے بھی منع فرمایا۔

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب لشکروں کو بھیجتے تو فرماتے عبادت کے لیے گوشہ نشینوں کو قتل نہ کرنا۔

تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت جاری ہے کہ وہ لوگ جو دوسروں سے الگ ہو کر عبادت گاہوں میں بیٹھ جاتے ہیں اور ان کی کنارہ کشی کی وجہ سے مسلمان بے خوف ہو جاتے

وَانْقَطَعُوْا عَنْهُمْ وَاٰمِنَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ نَاحِيَتِهِمْ دَلَّ ذٰلِكَ اَيْضًا عَلٰى اَنَّ كُلَّ مَنْ اٰمِنَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ نَاحِيَتِهٖ مِنِ امْرَاَةٍ اَوْ شَيْخٍ فَانٍ صَبِيٍّ كَذٰلِكَ اَيْضًا لَا يُقْتَلُوْنَ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ وَهٰذَا قَوْلُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ وَهُوَ قِيَاسُ قَوْلِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ وَاَبِیْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

تو یہ بھی اس بات کی دلیل ہے کہ مسلمان جس شخص سے بھی اس کی علیحدگی کی وجہ سے بے خوف ہو جائیں وہ عورت ہو، بہت بوڑھا آدمی ہو یا بچہ ہو، ان کو قتل نہیں کیا جائے گا۔ اس باب کا یہی بیان ہے حضرت امام محمد بن حسن رحمہ اللہ کا یہی قول ہے حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رحمہما اللہ کے قول کا قیاس بھی یہی ہے۔

بَابُ ۲۲۸ الرَّجُلِ يَقْتُلُ قَتِيْلًا فِیْ دَارِ الْحَرْبِ هَلْ يَكُوْنُ لَهٗ سَلَبُهٗ اَمْ لَا

باب۔ جو شخص دار الحرب میں کسی کو قتل کرے تو مقتول کا سامان اس کو ملے گا یا نہیں

۹۱۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِیُّ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ قَالَ ثَنَا صَالِحُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ السَّلَبَ لِلْقَاتِلِ۔

حضرت صالح بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا (حضرت عبدالرحمٰن بن عوف) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (مقتول کا) سامان، قاتل کے لیے قرار دیا۔

۹۲۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنْتَدَبَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَاَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزُّبَيْرَ فَخَرَجَ اِلَيْهِ فَقَتَلَهٗ فَجَعَلَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَهٗ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک مشرک نے لڑائی کی دعوت دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا وہ اس کی طرف نکلے اور اسے قتل کر دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا سامان، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے قرار دیا۔

۹۲۱۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ عَيَّاشٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو السَّكْسَكِیِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالسَّلَبِ لِلْقَاتِلِ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر اپنے والد سے اور وہ حضرت خالد بن ولید اور حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (مقتول کے) سامان کا قاتل کے لیے فیصلہ فرمایا

۹۲۲۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ

حضرت عوف بن مالک اشجعی سے مروی ہے فرماتے ہیں غزوۂ موتہ کے دن میں نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے کہا کیا آپ

نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ قُلْتُ لِخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ يَوْمَ مُؤْتَةَ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ قَالَ بَلٰى۔

نہیں جانتے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول کے مال و اسباب میں پانچواں حصہ نہیں رکھا انہوں نے فرمایا ہاں میں جانتا ہوں۔

۹۲۳ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ عَنْ اَبِيْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَلَ اَبَا قَتَادَةَ سَلَبَ قَتِيْلٍ قَتَلَهٗ۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس مقتول کا مال بطور نفل (اضافی طور پر) دیا جسے انہوں نے قتل کیا تھا۔

---

۹۲۴ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ عَنْ اَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ اَنَّهٗ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ قَالَ فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاسْتَدَرْتُ لَهٗ حَتّٰى اَتَيْتُهٗ مِنْ وَّرَآئِهٖ فَضَرَبْتُهٗ بِالسَّيْفِ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهٖ ضَرْبَةً حَتّٰى قَطَعْتُ حَبْلَ الدِّرْعِ فَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً حَتّٰى وَجَدْتُ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِيْ فَلَقِيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ مَا بَالُ النَّاسِ فَقَالَ اَمْرُ اللّٰهِ ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ رَجَعُوْا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهٗ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهٗ سَلَبُهٗ قَالَ فَقُمْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّانِيَةَ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّالِثَةَ فَقُمْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کے غلام ابو محمد ان سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم غزوۂ حنین کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نکلے جب ہم آمنے سامنے ہوئے تو مسلمانوں نے حملہ کیا فرماتے ہیں میں نے دیکھا کہ مشرکین میں سے ایک شخص، ایک مسلمان پر حملہ آور ہوا میں اس کی طرف پھر احتی کہ اس کے پیچھے سے آیا اور اس کی گردن پر تلوار ماری حتیٰ کہ اس کی زرہ کی زنجیر کاٹ دی وہ میری طرف متوجہ ہوا اور مجھ سے اچھی طرح چمٹ گیا میں نے اس سے موت کی بو پائی پھر اسے موت آگئی تو اس نے مجھے چھوڑ دیا میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ملا اور پوچھا لوگوں کا کیا حال ہے؟ انہوں نے فرمایا جیسے خدا کا حکم ہے پھر لوگ واپس لوٹ گئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی شخص کو قتل کیا ہو اور اس کے پاس گواہ موجود ہوں تو اس کا سامان اس (قاتل) کے لیے ہوگا فرماتے ہیں میں اٹھا اور کہا میری گواہی کون دے گا؟ پھر بیٹھ گیا پھر دوسری بار کہا تیسری بار بھی یہی بات کہی میں پھر کھڑا ہو گیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو قتادہ! کیا بات ہے میں نے سارا واقعہ سنا دیا قوم میں سے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ سچ کہتے ہیں اور اس مقتول کا سامان میرے پاس ہے یا رسول اللہ! انہیں میری طرف سے راضی کر دیں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيْلِ عِنْدِىْ فَارْضِهِ مِنِّىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ لَاهَاءَ اللّٰهُ اِذًا لَا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسْدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَعَنْ رَسُوْلِهٖ فَيُعْطِيْكَ سَلَبَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَاَعْطِهٖ اِيَّاهُ فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ فَاَعْطَانِيْهِ فَبِعْتُ الدِّرْعَ فَابْتَعْتُ بِهٖ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ فَاِنَّهٗ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهٗ فِى الْاِسْلَامِ ۔

نے فرمایا نہیں خدا کی قسم ، حضور ایسا نہیں کریں گے کہ اللہ تعالیٰ کے شیروں میں سے ایک شیر اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لڑا اور اس کا سامان تمہیں دے دیں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس نے وہ سامان مجھے دے دیا میں نے زرہ بیچ کر اس سے بنو سلمہ میں کھجوریں خرید لیں اور یہ پہلا مال تھا جو اسلام میں مجھے ملا۔

۹۲۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ جَعْفَرٍ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ قَتَلَ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَنَفَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَهٗ وَدِرْعَهٗ فَبَاعَهٗ بِخَمْسِ اَوَاقٍ ۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں انہوں نے ایک مشرک کو قتل کیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کا سامان اور زرہ بطور نفل عطا فرمائی چنانچہ انہوں نے وہ زرہ پانچ اوقیہ (سونے) کے بدلے بیچ دی (ایک اوقیہ ڈیڑھ اونس کا ہوتا ہے۔

۹۲۶ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ وَابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَا ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اِسْحَاقَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ حُنَيْنٍ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهٗ سَلَبُهٗ فَقَتَلَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِيْنَ رَجُلًا فَاَخَذَ اَسْلَابَهُمْ ۔

حضرت اسحٰق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے دن فرمایا جس نے کسی شخص کو قتل کیا تو اس کا سامان اس کے لیے ہوگا چنانچہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے اس دن بیس آدمیوں کو قتل کرکے ان کا سامان حاصل کیا۔

۹۲۷ - حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ سَلَمَةُ بْنُ الْاَكْوَعِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ فَقَتَلْتُ رَجُلًا مِّنْهُمْ ثُمَّ جِئْتُ بِجَمَلِهٖ اَقُوْدُهٗ عَلَيْهِ رَحْلُهٗ وَسِلَاحُهٗ فَاسْتَقْبَلَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ مَعَهٗ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ فَقَالُوا ابْنُ الْاَكْوَعِ فَقَالَ لَهٗ سَلَبُهٗ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں فرماتے ہیں ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہوازن قبیلے کے خلاف جہاد کیا تو میں نے ان کا ایک آدمی قتل کر دیا پھر اس کا اونٹ لے آیا جس پر اس کا کجاوہ اور دیگر سامان تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی آپ کے ساتھ صحابہ کرام بھی تھے آپ نے فرمایا اس شخص کو کس نے قتل کیا ہے ان سب نے کہا حضرت ابن اکوع رضی اللہ عنہ نے، آپ نے فرمایا اس کا سارا سامان ان کے لیے ہے۔

اَجْمَعُ۔

۹۲۸۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَيْسٍ عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَهُوَ فِيْ سَفَرٍ فَجَلَسَ يَتَحَدَّثُ عِنْدَ اَصْحَابِهٖ ثُمَّ انْسَلَّ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ اُطْلُبُوْهُ فَاقْتُلُوْهُ فَسَبَقْتُهُمْ اِلَيْهِ فَقَتَلْتُهٗ وَاَخَذْتُ سَلَبَهٗ فَنَفَّلَنِيْ اِيَّاهُ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ كُلَّ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فِيْ دَارِ الْحَرْبِ فَلَهٗ سَلَبُهٗ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يَكُوْنُ السَّلَبُ لِلْقَاتِلِ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الْاِمَامُ قَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهٗ سَلَبُهٗ فَاِنْ كَانَ قَالَ ذٰلِكَ لِيُحَرِّضَ النَّاسَ عَلَى الْقِتَالِ فِيْ وَقْتٍ يَحْتَاجُ فِيْهِ اِلٰى تَحْرِيْضِهِمْ عَلٰى ذٰلِكَ فَهُوَ كَمَا قَالَ وَاِنْ لَّمْ يَقُلْ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَمَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَسَلَبُهٗ غَنِيْمَةٌ وَحُكْمُهٗ حُكْمُ الْغَنَائِمِ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْمَا احْتَجَّ بِهٖ عَلَيْهِمْ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى مِنَ الْاٰثَارِ الَّتِيْ رَوَيْنَاهَا اَنَّ قَوْلَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسَّلَبِ لِلْقَاتِلِ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ لِقَوْلٍ كَانَ تَقَدَّمَ مِنْهُ قَبْلَ ذٰلِكَ جَعَلَ بِهٖ سَلَبَ كُلِّ مَقْتُوْلٍ لِمَنْ قَتَلَهٗ وَكَذٰلِكَ مَا ذُكِرَ فِيْهِ مِنْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَبَ لِلْقَاتِلِ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ بِهٰذَا الْمَعْنٰى اَيْضًا۔

حضرت ابن سلمہ بن اکوع، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے کہ آپ کے پاس مشرکین کا ایک جاسوس آیا آپ صحابہ کرام کے پاس بیٹھ کر باتیں کرنے لگے تو وہ کھسک گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے تلاش کر کے قتل کر دو حضرت سلمہ اکوع فرماتے ہیں میں سب سے پہلے اس تک پہنچا قتل کیا اور اس کا سامان لے آیا تو حضور علیہ السلام نے وہ سامان مجھے دے دیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے کہ جو شخص دار الحرب میں کسی کو قتل کرے تو اس کا ساز و سامان اسی کا ہوگا اور انہوں نے ان روایات سے استدلال کیا ہے لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جب تک امام یہ نہ کہے کہ جس نے کسی کو قتل کیا ہے اس کا سامان اس کے لیے ہے، اس وقت تک سامان قاتل کے لیے نہیں ہوگا اور اگر وہ ترغیب کی ضرورت کے پیش نظر لوگوں کو جہاد کی ترغیب دینے کے لیے یہ الفاظ کہے تو اسی طرح ہوگا جیسے اس نے کہا اور اگر وہ یہ الفاظ نہ کہے تو جو آدمی کسی کو قتل کرے اس کا سامان غنیمت قرار پائے گا اور اس کا حکم وہی ہوگا جو مال غنیمت کا ہوتا ہے۔

پہلے قول والوں نے جن روایات سے استدلال کیا ہے اس کے جواب میں ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ حضرت خالد بن ولید اور حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہما کا قول کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مال و اسباب کا فیصلہ قاتل کے حق میں فرمایا تو ہو سکتا ہے اس کا مطلب وہی ہو جس کا پہلے ذکر ہوا کہ ہر مقتول کا سامان اس کے قاتل کو ملے گا اسی طرح ہو سکتا ہے کہ ان (بعد والی) روایات میں جو ذکر کیا گیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول کا سامان قاتل کو دیا اس کا یہ دوسرا مفہوم ہو۔

٩٢٩ - وَمِمَّا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ السَّلَبَ لَا يَجِبُ لِلْقَاتِلِ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ الْمَاجِشُونِ قَالَ حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ إِنِّي لَقَآئِمٌ يَوْمَ بَدْرٍ بَيْنَ غُلَامَيْنِ حَدِيثَةٍ أَسْنَانُهُمَا تَمَنَّيْتُ لَوْ أَنِّي بَيْنَ أَضْلَعٍ مِنْهُمَا فَغَمَزَنِي أَحَدُهُمَا فَقَالَ يَا عَمِّ أَتَعْرِفُ أَبَا جَهْلٍ فَقُلْتُ مَا حَاجَتُكَ إِلَيْهِ يَا ابْنَ أَخِي قَالَ أُخْبِرْتُ أَنَّهُ يَسُبُّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَئِنْ رَأَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِي سَوَادَهُ حَتَّى يَمُوتَ الْأَعْجَلُ مِنَّا فَعَجِبْتُ لِذٰلِكَ فَغَمَزَنِي الْآخَرُ فَقَالَ مِثْلَهَا فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ نَظَرْتُ إِلَى أَبِي جَهْلٍ يَتَرَجَّلُ فِي النَّاسِ فَقُلْتُ أَلَا تَرَيَانِ هٰذَا صَاحِبُكُمُ الَّذِي تَسْأَلَانِ عَنْهُ فَابْتَدَرَاهُ فَضَرَبَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا حَتَّى قَتَلَاهُ ثُمَّ أَتَيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَاهُ فَقَالَ أَيُّكُمَا قَتَلَهُ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا أَنَا قَتَلْتُهُ فَقَالَ أَمَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا قَالَا لَا قَالَ فَنَظَرَ فِي السَّيْفَيْنِ فَقَالَ كِلَاكُمَا قَتَلَهُ وَقَضَى بِسَلَبِهِ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَالْآخَرُ مُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ.

أَفَلَا تَرَى أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَالَ لَهُمَا فِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنْتُمَا قَتَلْتُمَاهُ ثُمَّ قَضَى بِالسَّلَبِ لِأَحَدِهِمَا دُونَ الْآخَرِ فَفِي هٰذَا دَلِيلٌ أَنَّ السَّلَبَ لَوْ كَانَ وَاجِبًا لِلْقَاتِلِ بِقَتْلِهِ إِيَّاهُ لَكَانَ قَدْ وَجَبَ سَلَبُهُ لَهُمَا وَلَمْ يَكُنْ

اس بات پر کہ مقتول کا سامان قاتل کو دینا ضروری نہیں یہ روایات دلالت کرتی ہیں حضرت صالح بن ابراہیم اپنے باپ سے اور وہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں غزوۂ بدر کے دن دو نو عمر لڑکوں کے درمیان کھڑا تھا بس چاہتا تھا کہ ان کی بجائے کسی زیادہ بہادر کے درمیان ہوتا ان دونوں میں سے ایک نے مجھے اشارہ کر کے پوچھا کہ چچا جان! کیا آپ ابوجہل کو جانتے ہیں میں نے کہا اے بھتیجے! تمہارا اس سے کیا کام ہے؟ اس نے کہا مجھے بتایا گیا ہے کہ وہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے اللہ کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر میں اسے دیکھ لوں تو میرا جسم اس کے جسم سے جدا نہ ہوگا یہاں تک کہ ہم سے جس نے جلدی مرنا ہو، مر جائے (حضرت عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں) مجھے اس کی بات پر تعجب ہوا تو دوسرے نے مجھے اشارہ کرتے ہوئے وہی بات کہی زیادہ وقت نہ گزرا کہ میری نظر ابوجہل پر پڑی وہ لوگوں کے درمیان ٹہل رہا تھا میں نے کہا کیا تم دیکھ رہے ہو تمہارا مطلوب جس کے بارے میں تم پوچھ رہے تھے یہی ہے وہ دونوں جلدی جلدی اس کی طرف بڑھے اور اپنی تلواروں سے مارتے ہوئے قتل کر دیا پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو واقعہ بتایا آپ نے فرمایا تم میں سے کس نے اسے قتل کیا ہے تو ان میں ہر ایک نے کہا میں نے اسے قتل کیا ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا کیا تم نے اپنی تلواریں صاف کر لی ہیں؟ انہوں نے عرض کیا نہیں راوی فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تلواروں کو دیکھا تو فرمایا تم دونوں نے اسے قتل کیا ہے اور آپ نے اس کے سامان کا فیصلہ حضرت معاذ بن عمرو بن جموع کے حق میں کیا اور یہ دونوں حضرت معاذ بن عمرو بن ۲

تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ اس حدیث کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا کہ تم دونوں نے اسے قتل کیا ہے پھر ان میں سے ایک کے لیے سامان کا فیصلہ فرمایا دوسرے کے لیے نہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اگر قاتل کو قتل کرنے کی وجہ سے سامان دینا واجب ہوتا تو ان دونوں کے لیے واجب

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْتَزِعُهُ مِنْ أَحَدِهِمَا فَيَدْفَعُهُ إِلَى الْآخَرِ.

أَلَا تَرَى أَنَّ الْإِمَامَ لَوْ قَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ فَقَتَلَ رَجُلَانِ قَتِيلًا إِنَّ سَلَبَهُ لَهُمَا نِصْفَيْنِ وَإِنَّهُ لَيْسَ لِلْإِمَامِ أَنْ يَحْرِمَهُ أَحَدَهُمَا وَيَدْفَعَهُ إِلَى الْآخَرِ لِأَنَّ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لَهُ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ مِثْلُ مَا لِصَاحِبِهِ وَهُمَا أَوْلَى بِهِ مِنَ الْإِمَامِ.

فَلَمَّا كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَلَبِ أَبِي جَهْلٍ أَنْ يَجْعَلَهُ لِأَحَدِ قَاتِلَيْهِ دُونَ الْآخَرِ دَلَّ ذٰلِكَ أَنَّهُ كَانَ أَوْلَى بِهِ مِنْهُمَا لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ قَالَ يَوْمَئِذٍ مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ.

۴۳۰۹ - وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ الْحَارِثِ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ مُوسَى عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ أَبِي سَلَّامٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَدْرٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ فَلَمَّا هَزَمَهُمُ اللهُ تَعَالَى اتَّبَعَهُمْ طَائِفَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَقْتُلُونَهُمْ وَأَحْدَقَتْ طَائِفَةٌ بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَوْلَتْ طَائِفَةٌ بِالْعَسْكَرِ وَالنَّهْبِ فَلَمَّا نَفَى اللهُ الْعَدُوَّ وَرَجَعَ الَّذِينَ طَلَبُوهُمْ قَالُوا لَنَا النَّفَلُ نَحْنُ طَلَبْنَا الْعَدُوَّ وَبِنَا نَفَاهُمُ اللهُ وَهَزَمَهُمْ وَقَالَ الَّذِينَ أَحْدَقُوا بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ مَا أَنْتُمْ بِأَحَقَّ مِنَّا بَلْ هُوَ لَنَا نَحْنُ أَحْدَقْنَا بِرَسُولِ

ہوتا اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے ایک سے لے کر دوسرے کو نہ دیتے۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر امام اعلان کرے کہ جو شخص کسی کو قتل کرے گا تو مقتول کا سامان اسے ملے گا پھر دو آدمی کسی کو قتل کریں تو دونوں کو نصف نصف ملے گا اور امام ایک کو محروم کر کے سارا سامان دوسرے کو نہیں دے سکتا کیونکہ ان دو سے ہر ایک کا دوسرے کے برابر حق ہے اور وہ اس سلسلے میں امام سے زیادہ حق رکھتے ہیں۔

تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حق تھا کہ ابوجہل کا سامان اس کے ایک قاتل کو عطا فرمائیں تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان دونوں کی نسبت زیادہ اختیار تھا کیونکہ آپ نے اس دن یہ اعلان نہیں فرمایا تھا کہ جو شخص کسی کو قتل کرے گا اس کا سامان اسے ہی ملے گا۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدر کی طرف تشریف لے گئے تو آپ کا دشمنوں سے مقابلہ ہوا جب اللہ تعالیٰ نے ان کو بھگا دیا تو مسلمانوں کا ایک گروہ انہیں قتل کرنے کے لیے ان کے پیچھے گیا ایک جماعت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد (آپ کی حفاظت کر رہی) تھی اور ایک جماعت ان کفار کے لشکر کو قابو رکھنے اور غنیمت حاصل کرنے میں مصروف تھی جب دشمن بھاگ گئے اور ان کے پیچھے جانے والے واپس لوٹ آئے تو انہوں نے کہا غنیمت ہمارے لیے ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے ذریعے ان کو دور کیا اور بھگایا اور جو لوگ حضور علیہ السلام کی حفاظت کر رہے تھے انہوں نے کہا تم، ہم سے زیادہ حق نہیں رکھتے بلکہ وہ ہمارے لیے ہے کیونکہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کرتے رہے کہ کہیں دشمن دھوکے سے آپ پر حملہ نہ کر دے اور جن لوگوں نے دشمن کے لشکر [illegible] کیا اور مال حاصل کیا انہوں نے کہا اللہ کی قسم! تم لوگ ہم سے زیادہ حق نہیں رکھتے ہم نے اسے اکٹھا کیا

اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم لا ینال منہ العدو غرۃ وقال الذین استولوا علی العسکر والنھب واللہ ما انتم باحق بہ منا نحن حوینا واستولینا، فانزل اللہ تبارک وتعالی یسئلونک عن الانفال قل الانفال للہ والرسول الی قولہ ان کنتم مؤمنین فقسمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بینھم عن فواق۔

افلا تری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لم یفضل فی ذلک الذین تولوا القتال علی الآخرین فثبت بذلک ان سلب المقتول لا یجب للقاتل بقتلہ صاحبہ الا بجعل الامام ایاہ لہ علی ما فیہ صلاح المسلمین من التحریض علی قتال عدوھم۔

۹۳۱ - وقد حدثنا فھد قال ثنا الحجاج بن المنھال قال ثنا حماد بن سلمۃ عن بدیل بن میسرۃ العقیلی عن عبد اللہ بن شقیق عن رجل من بلقین قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو بوادی القری فقلت یا رسول اللہ لمن المغنم قال للہ سھم ولھؤلاء اربعۃ اسھم قلت فھل احد احق بشیء من المغنم من احد قال لا حتی السھم یاخذہ احدکم من جنبہ فلیس ھو باحق بہ من اخیہ۔

۹۳۲ - حدثنا محمد بن خزیمۃ قال ثنا یوسف بن عدی قال ثنا عبد اللہ بن المبارک عن خالد الحذاء عن عبد اللہ بن شقیق عن رجل من بلقین عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثلہ۔

قال ابو جعفر افلا تری ان رسول

قبضے میں رکھا، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ نازل فرمائی۔ "آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے غنیمتیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہیں۔ (آخر تک آیت)

پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان مال غنیمت برابر تقسیم فرما دیا۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں قتل کرنے والوں کو دوسروں پر کوئی فضیلت نہ دی اس سے ثابت ہوا کہ مقتول کا سامان، قاتل کے لیے صرف قتل کی وجہ سے واجب نہیں البتہ اگر امام مسلمانوں کی بہتری کے لیے ان کو جہاد کی ترغیب دیتے ہوئے اسے مال دے تو ایسا کر سکتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ، بلقین (ایک جگہ کا نام) کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ وادیٔ قریٰ میں تھے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مال غنیمت کس کے لیے ہے؟ آپ نے فرمایا ایک حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور (بقیہ) چار حصے ان (مجاہدین) کے لیے ہیں۔ میں نے پوچھا کیا مال غنیمت میں کسی شخص کا دوسرے کی نسبت زیادہ حق ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں حتیٰ کہ اگر تم میں سے کوئی شخص اپنے جسم سے تیر نکالے تو اپنے دوسرے بھائی کی نسبت کا بھی زیادہ حقدار نہیں ہے۔

حضرت خالد حذاء حضرت عبداللہ بن شقیق سے وہ بلقین کے ایک شخص سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کیا تم نہیں

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ جَعَلَ الْغَنِیْمَۃَ خُمُسًا مِّنْہَا لِلّٰہِ تَعَالٰی وَاَرْبَعَۃَ اَخْمَاسٍ لِّاَصْحَابِہٖ وَبَیَّنَ فِیْ ذٰلِکَ فَقَالَ حَتّٰی لَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ رَمٰی بِسَھْمِہٖ فِیْ جَنْبِہٖ فَنَزَعَہٗ لَمْ یَکُنْ اَحَقُّ بِہٖ مِنْ اَخِیْہِ فَدَلَّ ذٰلِکَ اَنَّ کُلَّ مَا تَوَلَّاہُ الرَّجُلُ فِی الْقِتَالِ وَکُلَّ مَا تَوَلّٰی غَیْرُہٗ مِمَّنْ ھُوَ حَاضِرُ الْقِتَالِ اِنَّھُمَا فِیْہِ سَوَآءٌ۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ اِنَّ الَّذِیْ ذَکَرْتُمُوْہُ مِنْ سَلَبِ اَبِیْ جَھْلٍ وَمِمَّا ذَکَرْتُمُوْہُ فِیْ حَدِیْثِ عُبَادَۃَ اِنَّمَا کَانَ ذٰلِکَ فِیْ یَوْمِ بَدْرٍ قَبْلَ اَنْ یُّجْعَلَ الْاَسْلَابُ لِلْقَاتِلِیْنَ ثُمَّ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ الْاَسْلَابَ لِلْقَاتِلِیْنَ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِیْلًا فَلَہٗ سَلَبُہٗ فَنَسَخَ ذٰلِکَ مَا تَقَدَّمَہٗ۔

قِیْلَ لَہٗ مَا دَلَّ مَا ذَکَرْتَ عَلٰی نَسْخِ شَیْءٍ مِّمَّا تَقَدَّمَہٗ لِاَنَّ ذٰلِکَ الْقَوْلَ الَّذِیْ کَانَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ قَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ اَرَادَ بِہٖ مَنْ قَتَلَ قَتِیْلًا فِیْ تِلْکَ الْحَرْبِ لَا غَیْرِ ذٰلِکَ کَمَا قَالَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّۃَ مَنْ اَلْقٰی سَلَاحَہٗ فَھُوَ اٰمِنٌ فَلَمْ یَکُنْ ذٰلِکَ عَلٰی کُلِّ مَنْ اَلْقٰی سَلَاحَہٗ فِیْ غَیْرِ تِلْکَ الْحَرْبِ۔

وَلَمَّا ثَبَتَ اَنَّ حُکْمَ مَا کَانَ قَبْلَ حُنَیْنٍ اَنَّ الْاَسْلَابَ لَا تَجِبُ لِلْقَاتِلِیْنَ ثُمَّ حَدَثَ فِیْ یَوْمِ حُنَیْنٍ ھٰذَا الْقَوْلُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَاحْتَمَلَ اَنْ یَّکُوْنَ نَاسِخًا لِّمَا تَقَدَّمَ وَاحْتَمَلَ اَنْ لَّا یَکُوْنَ نَاسِخًا لَہٗ لَمْ نَجْعَلْہُ نَاسِخًا حَتّٰی نَعْلَمَ ذٰلِکَ یَقِیْنًا۔

۴۳۳۹۔ وَمِمَّا قَدْ دَلَّ اَیْضًا عَلٰی اَنَّ ذٰلِکَ

دیکھتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غنیمت کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے اور باقی چار حصے صحابہ کرام کے لیے مقرر فرماتے اور اسے بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر تم میں سے کوئی (کافر کے) پہلو میں تیر مارے پھر اسے نکالے تو تنہا اس کا حق دار نہیں ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ انسان جنگ میں جو کچھ حاصل کرتا ہے اور جو کچھ اس کا غیر حاصل کرتا ہے جو لڑائی کے وقت موجود ہو تو یہ دونوں اس (تمام مال) میں برابر ہیں۔

اگر کوئی شخص کہے کہ جو کچھ تم نے ابوجہل کے مال اور جو کچھ تم نے حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ذکر کیا وہ بدر کے دن کا واقعہ ہے اور یہ قتل کرنے والوں کے لیے حصہ مقرر کرنے سے پہلے کی بات ہے پھر غزوۂ حنین کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتولین کا سامان قتل کرنے والوں کے لیے مقرر فرمایا آپ نے فرمایا جو شخص کسی کو قتل کرے اس کا سازو سامان اس (قاتل) کے لیے ہوگا۔ لہٰذا اس سے پہلا حکم منسوخ ہوگیا۔

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ جو کچھ تم نے ذکر کیا وہ پہلے حکم کے نسخ پر دلالت نہیں کرتا کیونکہ غزوہ حنین کے دن سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جس نے اس لڑائی میں کسی کو قتل کیا، اس کے علاوہ مراد نہ ہو جس طرح آپ نے فتح مکہ کے دن فرمایا جو شخص ہتھیار ڈال دے گا اسے امن حاصل ہوگا تو اس سے کسی دوسری لڑائی میں ہتھیار ڈالنا مراد نہیں۔

پس جب ثابت ہوگیا کہ غزوہ حنین سے پہلے مقتول کا اسلاب قاتل کے لیے نہیں ہوتا تھا پھر حنین کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی سامنے آیا تو اس بات کا احتمال ہے کہ یہ حکم، پہلے حکم کے لیے ناسخ ہو اور ہو سکتا ہے کہ ناسخ نہ ہو تو جب تک ہمیں یقین کے ساتھ علم نہ ہو ہم اسے ناسخ قرار نہیں دیں گے۔

اس کے ناسخ نہ ہونے پر یہ روایت بھی دلالت کرتی ہے

الْقَوْلَ لَيْسَ بِنَاسِخٍ لِمَا كَانَ قَبْلَهُ مِنَ الْحُكْمِ
أَنَّ يُونُسَ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ
عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ الْبَرَاءَ
ابْنَ مَالِكٍ أَخَا أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بَارَزَ مَرْزُبَانَ
الضَّارَةِ فَطَعَنَهُ طَعْنَةً فَكَسَرَ الْقَرَبُوسَ وَ
خَلَصَتْ إِلَيْهِ فَقَتَلَهُ فَقَوَّمَ سَلَبَهُ ثَلَاثِينَ
أَلْفًا فَلَمَّا صَلَّيْنَا الصُّبْحَ غَدَا عَلَيْنَا عُمَرُ
فَقَالَ لِأَبِي طَلْحَةَ إِنَّا كُنَّا لَا نُخَمِّسُ الْأَسْلَابَ
وَإِنَّ سَلَبَ الْبَرَاءِ قَدْ بَلَغَ مَالًا وَلَا أَرَانَا
إِلَّا خَامِسِيهِ فَقَوَّمْنَاهُ ثَلَاثِينَ أَلْفًا
فَدَفَعْنَا إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ سِتَّةَ
آلَافٍ فَهٰذَا عُمَرُ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ يَقُولُ
إِنَّا كُنَّا لَا نُخَمِّسُ الْأَسْلَابَ ثُمَّ خَمَّسَ سَلَبَ
الْبَرَاءِ فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّهُمْ كَانُوا لَا يُخَمِّسُونَ
وَلَهُمْ أَنْ يُخَمِّسُوا وَأَنَّ الْأَسْلَابَ لَا يَجِبُ
لِلْقَاتِلِينَ دُونَ أَهْلِ الْعَسْكَرِ وَقَدْ حَضَرَ
عُمَرُ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ مَا كَانَ مِنْ قَوْلِ
رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ
يَوْمَ حُنَيْنٍ مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ فَلَمْ
يَكُنْ ذٰلِكَ عِنْدَهُ عَلَى كُلِّ مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا
فِي تِلْكَ الْحَرْبِ خَاصَّةً۔

۹۳ - وَقَدْ كَانَ أَبُو طَلْحَةَ حَضَرَ ذٰلِكَ
أَيْضًا بِحُنَيْنٍ وَقَضَى لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَسَلَّمَ بِأَسْلَابِ الْقَتْلَى
الَّذِينَ قَتَلَهُمْ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ عِنْدَهُ
مُوجِبًا بِخِلَافِ مَا أَرَادَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ
عَنْهُ فِي سَلَبِ الْمَرْزُبَانِ۔

۹۳ - وَقَدْ كَانَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ
اللهُ تَعَالَى عَنْهُ حَاضِرًا ذٰلِكَ أَيْضًا مِنْ رَسُولِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کے بھائی براء بن مالک کی ضرارہ کے حاکم سے لڑائی ہوئی تو انہوں نے اسے نیزہ مارا جو اس کی زین کا پچھلا حصہ توڑ کر اس شخص تک پہنچ گیا جس سے وہ ہلاک ہو گیا اس کے سامان کی قیمت تیس ہزار لگائی جب ہم نے صبح کی نماز پڑھی تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ہم سامان کا خمس نہیں لیتے اور حضرت براء نے جو سامان حاصل کیا وہ بہت زیادہ مال ہے اور ہم اس کا صرف ایک خمس لیں گے راوی فرماتے ہیں ہم نے اس مال کی قیمت لگائی تو وہ تیس ہزار کا تھا چنانچہ ہم نے چھ ہزار، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو دیئے، تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم مقتول کے ساز و سامان کا خمس نہیں لیتے پھر حضرت براء رضی اللہ عنہ کے سامان کا خمس لے لیا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ خمس لیتے نہیں تھے لیکن لے سکتے تھے نیز یہ کہ وہ سامان لشکر کو چھوڑ کر صرف قاتلوں کو دینا واجب نہیں اور (یہ بات بھی ہے کہ) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حنین کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کے وقت موجود تھے جب آپ نے فرمایا کہ جس نے کسی کو قتل کیا تو اس کا سامان اس قاتل کے لیے ہوگا تو ان کے نزدیک یہ ارشاد گرامی صرف اسی لڑائی کے ساتھ خاص نہ تھا۔

اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بھی حنین کی جنگ میں موجود تھے اور انہوں نے جن لوگوں کو قتل کیا تھا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامان کا ان کے حق میں فیصلہ فرمایا اور آپ کے نزدیک یہ ضروری نہ تھا بخلاف اس کے جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مرزبان کے مال میں فیصلہ فرمایا۔

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ غزوۂ حنین کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اور

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُنَيْنٍ وَمِنْ عُمَرَ فِي يَوْمِ الْبَرَاءِ فَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَنَا عَلٰى مَا رَاٰى عُمَرُ عَلٰى خِلَافِ ذٰلِكَ فَهٰؤُلَاءِ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ لَمْ يَجْعَلُوا قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ عَلَى النَّسْخِ لِلْحُكْمِ الْمُتَقَدِّمِ لِذٰلِكَ

٩٣٦ - وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَاَلَ مَكْحُولًا اَيُخَمَّسُ السَّلَبُ فَقَالَ حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ الْبَرَاءَ ابْنَ مَالِكٍ بَارَزَ رَجُلًا مِنْ عُظَمَاءِ فَارِسَ فَقَتَلَهُ فَاَخَذَ الْبَرَاءُ سَلَبَهُ فَكَتَبَ فِيهِ اِلٰى عُمَرَ فَكَتَبَ عُمَرُ اِلَى الْاَمِيرِ اَنِ اقْبِضْ اِلَيْكَ خُمُسَهُ وَادْفَعْ اِلَيْهِ مَا بَقِيَ فَقَبَضَ الْاَمِيرُ خُمُسَهُ۔

فَهٰذَا مَكْحُولٌ قَدْ ذَهَبَ اَيْضًا فِي الْاَسْلَابِ اِلٰى مَا ذَكَرْنَا۔

٩٣٧ - وَقَدْ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا يَسْاَلُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْاَنْفَالِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْفَرَسُ مِنَ النَّفَلِ ثُمَّ عَادَ لِمَسْاَلَتِهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ذٰلِكَ اَيْضًا ثُمَّ قَالَ الرَّجُلُ الْاَنْفَالُ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ مَا هِيَ قَالَ الْقَاسِمُ فَلَمْ يَزَلْ يَسْاَلُهُ حَتّٰى كَادَ يُحْرِجُهُ۔

٩٣٨ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو عَامِرٍ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ والے واقعہ کے دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھے اور ان کے نزدیک بھی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہ خیال اس (حضور علیہ السلام کے قول) کے خلاف تھا۔ تو یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں جنہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوۂ حنین والے دن کے قول کو بدر والے حکم کے لیے ناسخ قرار نہیں دیا۔

حضرت یحیی بن حمزہ فرماتے ہیں مجھے

بن ثابت بن ثوبان نے بیان کیا ان کو ان کے والد نے خبر دی انہوں نے حضرت مکحول سے پوچھا کیا مقتول کے سامان سے پانچواں حصہ آجائیگا انہوں نے فرمایا مجھے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ کی ایران کے ایک بڑے آدمی سے لڑائی ہوئی تو انہوں نے اسے قتل کر کے اس کا سامان لے لیا پھر اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو لکھا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے امیر کو لکھا کہ پانچواں حصہ لے لیں اور باقی ان کو دے دیں چنانچہ امیر نے پانچواں حصہ لے لیا۔ تو یہ حضرت مکحول رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے اسباب کے سلسلے میں وہی مذہب اختیار کیا جو ہم نے ذکر کیا۔

حضرت قاسم بن محمد فرماتے ہیں میں نے ایک آدمی کو سنا وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے غنیمت کے بارے میں پوچھ رہا تھا حضرت ابن عباس نے فرمایا گھوڑا مال غنیمت سے ہے اس نے اپنا سوال دہرایا تو حضرت ابن عباس نے وہی بات فرمائی پھر اس شخص نے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں جس انفال کا ذکر کیا وہ کیا ہے۔ حضرت قاسم فرماتے ہیں وہ مسلسل سوال کرتا رہا حتی کہ قریب تھا کہ وہ انہیں نکال دیتے۔

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں میں نے ایک آدمی کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے انفال کے بارے میں سوال کرتے ہوئے سنا تو

الْاَنْفَالِ فَقَالَ السَّلَبُ وَالْفَرَسُ مِنَ الْاَنْفَالِ۔

۹۳۹۔ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ وَرَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَا ثَنَا بِشْرُ ابْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِیَ الْاَوْزَاعِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِی الزُّهْرِیُّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَهٗ فَاَقْبَلَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَسَاَلَهٗ عَنِ السَّلَبِ فَقَالَ السَّلَبُ مِنَ النَّفْلِ وَفِی النَّفْلِ الْخُمُسُ۔

فَهٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا قَدْ جَعَلَ فِی السَّلَبِ الْخُمُسَ وَجَعَلَهٗ مِنَ الْاَنْفَالِ وَقَدْ كَانَ عَلِمَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِیْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ مِنْ تَسْلِیْمِهٖ اِلَی الزُّبَیْرِ سَلَبَ الْقَتِیْلِ الَّذِیْ كَانَ قَتَلَهٗ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَا تَقَدَّمَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ بَدْرٍ لَّمْ یَكُنْ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَنْسُوْخًا وَاَنَّ مَا قَضٰی بِهٖ مِنْ سَلَبِ الْقَتِیْلِ الَّذِیْ قَتَلَهُ الزُّبَیْرُ اِنَّمَا كَانَ لِقَوْلٍ كَانَ قَدْ تَقَدَّمَ مِنْهُ اَوْ لِمَعْنًی غَیْرِ ذٰلِكَ۔

فَهٰذَا حُكْمُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِیْقِ تَصْحِیْحِ مَعَانِی الْاٰثَارِ۔

وَاَمَّا وَجْهُ النَّظَرِ فِیْ ذٰلِكَ فَاِنَّا قَدْ رَاَیْنَا الْاِمَامَ لَوْ بَعَثَ سَرِیَّةً وَّهُوَ فِیْ دَارِ الْحَرْبِ وَتَخَلَّفَ هُوَ وَسَائِرُ الْعَسْكَرِ عَنِ الْمُضِیِّ مَعَهَا فَغَنِمَتْ تِلْكَ السَّرِیَّةُ غَنِیْمَةً كَانَتْ تِلْكَ الْغَنِیْمَةُ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ سَائِرِ اَهْلِ الْعَسْكَرِ وَاِنْ لَّمْ یَكُوْنُوْا تَوَلَّوْا مَعَهُمْ قِتَالًا وَّلَا تَكُوْنُ هٰذِهِ السَّرِیَّةُ اَوْلٰی بِمَا غَنِمَتْ مِنْ سَائِرِ اَهْلِ الْعَسْكَرِ وَاِنْ كَانَتْ قَاتَلَتْ حَتّٰی

نے فرمایا مقتول کا سامان اور گھوڑا مال غنیمت ہے۔

۹۳۹ حضرت قاسم بن محمد سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ عراق کی جانب سے ایک آدمی آیا اس نے مقتول کے سامان کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا وہ سامان مال غنیمت میں سے ہے اور غنیمت میں خمس (پانچواں حصہ) ہے۔

تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی مقتول کے سامان میں پانچویں حصے کے قائل ہیں اور وہ اسے مال غنیمت سے قرار دیتے ہیں حالانکہ انہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا جسے ہم نے باب کے شروع میں ذکر کیا، معلوم تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے مقتول کا سامان انہیں عطا فرمایا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا غزوۂ بدر کا عمل جس کا ذکر ہو چکا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک منسوخ نہیں ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے مقتول کا سامان انہیں دیا تو اس کی وجہ آپ کا وہ ارشاد گرامی ہے جو پہلے گزر چکا یا کسی اور وجہ سے عطا فرمایا۔

روایات کی تصحیح معانی کے اعتبار سے اس باب کا بیان یہ تھا۔

اور غور و فکر (قیاس) کے اعتبار سے اس کا بیان یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں اگر امام کوئی لشکر بھیجے اور وہ دار الحرب میں ہو امام اور باقی لشکر اس چھوٹے لشکر کے ساتھ نہ جائیں پھر وہ چھوٹا لشکر مال غنیمت لے کر آئے تو یہ غنیمت ان کے اور باقی تمام لشکر کے درمیان تقسیم ہوگی اگرچہ وہ ان کے ساتھ لڑائی میں شریک نہ تھے اور یہ چھوٹا لشکر دوسروں کی نسبت مال غنیمت کا زیادہ حقدار نہ ہوگا اگرچہ جنگ انہوں نے لڑی اور اسی کی وجہ سے غنیمت حاصل ہوئی اور اگر امام اس لشکر کو بھیجتے ہوئے غنیمت میں سے پانچواں حصہ ان کے لیے مقرر کر

كَانَ عَنْ قِتَالِهَا مَا غَنِمَتْ وَلَوْ كَانَ الْإِمَامُ نَفَلَ تِلْكَ السَّرِيَّةَ لَمَّا بَعَثَهَا الْخُمُسَ مِمَّا غَنِمَتْ كَانَ ذٰلِكَ لَهَا عَلٰى مَا نَفَلَهَا إِيَّاهُ الْإِمَامُ وَكَانَ مَا بَقِيَ مِمَّا غَنِمَتْ بَيْنَهَا وَبَيْنَ سَائِرِ أَهْلِ الْعَسْكَرِ فَكَانَتِ السَّرِيَّةُ الْمَبْعُوثَةُ لَا تَسْتَحِقُّ مِمَّا غَنِمَتْ دُوْنَ سَائِرِ أَهْلِ الْعَسْكَرِ إِلَّا مَا خَصَّهَا بِهِ الْإِمَامُ دُوْنَهُمْ۔

دے تو ان کو وہ ملے گا جو امام نے ان کے لیے مقرر کیا اور باقی مال ان کے اور باقی لشکر کے درمیان تقسیم ہوگا لہذا یہ لشکر باقی لشکر سے الگ صرف اتنے مال کا مستحق ہوگا جو امام نے ان کے لیے مخصوص کیا ہے۔

فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ أَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ كُلُّ مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْعَسْكَرِ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ لَا يَسْتَحِقُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ شَيْئًا مِمَّا تَوَلّٰى أَخْذَهُ مِنْ أَسْلَابِ الْقَتْلٰى وَغَيْرِهَا إِلَّا كَمَا يَسْتَحِقُّ مِنْهُ سَائِرُ أَهْلِ الْعَسْكَرِ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ الْإِمَامُ نَفَلَهُ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ لَهُ بِتَنْفِيْلِ الْإِمَامِ لَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ أَيْضًا وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے

ہیں جتنا لشکر ہے ان میں سے کوئی بھی اس سامان، حق کا جو اس نے مقتولین کے سامان وغیرہ سے حاصل کیا بلکہ وہ باقی لشکر کی طرح استحقاق رکھتا ہے البتہ یہ کہ امام اس کے لیے اس میں سے کچھ مقرر فرما دے لہذا یہ اسے امام کے عطا کرنے سے ملے گا کسی اور وجہ سے نہیں، اس باب میں قیاس یہی ہے اور حضرت امام اعظم ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مذہب بھی یہی ہے۔

۹۴۰ - وَقَدْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْهَرَوِيُّ قَالَ ثَنَا دُحَيْمٌ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا صَفْوَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَوْفٍ قَالَ الْوَلِيْدُ وَحَدَّثَنِيْ ثَوْرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرٍ عَنْ عَوْفٍ وَهُوَ ابْنُ مَالِكٍ أَنَّ مَدَدِيًّا رَافَقَهُمْ فِيْ غَزْوَةِ مُؤْتَةَ وَأَنَّ رُوْمِيًّا كَانَ يَشُدُّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَيُغْرِيْ بِهِمْ فَتَلَطَّفَ لَهُ ذٰلِكَ الْمَدَدِيُّ فَقَعَدَ لَهُ تَحْتَ صَخْرَةٍ فَلَمَّا مَرَّ بِهِ عَرْقَبَ فَرَسَهُ وَخَرَّ الرُّوْمِيُّ لِقَفَاهُ فَعَلَاهُ بِالسَّيْفِ فَقَتَلَهُ فَأَقْبَلَ بِفَرَسِهِ وَسَيْفِهِ وَسَرْجِهِ وَلِجَامِهِ وَمِنْطَقَتِهِ وَسِلَاحِهِ كُلُّ ذٰلِكَ مُذَهَّبٌ بِالذَّهَبِ وَالْجَوْهَرِ إِلٰى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ فَأَخَذَ مِنْهُ

حضرت خالد بن معدان حضرت جبیر سے وہ حضرت عوف بن مالک سے روایت کرتے ہیں کہ [illegible] ایک رومی ان کے مقابلے [illegible] حملہ کرتا [illegible] اس رومی [illegible] دیا [illegible] جب [illegible] اس [illegible] رومی [illegible] گر [illegible] اسے قتل کر دیا پھر وہ اس [illegible] حضرت خالد بن ولید [illegible] سامان [illegible] حضرت خالد نے اس سے [illegible] فرماتے ہیں [illegible]

خَالِدُ طَائِفَةً وَنَفَّلَهُ بَقِيَّتَهُ فَقُلْتُ يَا خَالِدُ مَا هٰذَا اَمَا تَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَلَ الْقَاتِلَ السَّلَبَ كُلَّهُ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنِّيْ اِسْتَكْثَرْتُهُ فَقُلْتُ اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَاُعَرِّفَنَّكَهَا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَوْفٌ فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْتُهُ خَبَرَهُ فَدَعَاهُ وَاَمَرَهُ اَنْ يَّدْفَعَ اِلَى الْمَدَدِيْ بَقِيَّةَ سَلَبِهِ فَوَلّٰى خَالِدٌ لِيَدْفَعَ سَلَبَهُ فَقُلْتُ كَيْفَ رَاَيْتَ يَا خَالِدُ اَوَلَمْ اَفِ لَكَ بِمَا وَعَدْتُكَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ يَا خَالِدُ لَا تُعْطِهِ فَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَقَالَ هَلْ اَنْتُمْ تَارِكُوْا اُمَرَائِيْ لَكُمْ صِفْوَةُ اُمُوْرِهِمْ وَعَلَيْهِمْ كَدَرُهُ .

اَفَلَا تَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ اَمَرَ خَالِدًا اَنْ يَّدْفَعَ بَقِيَّةَ السَّلَبِ اِلَى الْمَدَدِيْ فَلَمَّا تَكَلَّمَ عَوْفٌ بِمَا تَكَلَّمَ بِهٖ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدًا اَنْ لَّا يَدْفَعَهُ اِلَيْهِ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ السَّلَبَ لَمْ يَكُنْ وَاجِبًا لِلْمَدَدِيْ بِقَتْلِهِ الَّذِيْ كَانَ ذٰلِكَ السَّلَبُ عَلَيْهِ لِاَنَّهُ لَوْ كَانَ وَاجِبًا لَهُ بِذٰلِكَ اِذًا لَمَا مَنَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلَامٍ كَانَ مِنْ غَيْرِهٖ وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ خَالِدًا اَنْ يَّدْفَعَهُ اِلَيْهِ وَلَهُ دَفْعُهُ اِلَيْهِ وَاَمَرَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِمَنْعِهٖ مِنْهُ وَلَهُ مَنْعُهُ مِنْهُ كَقَوْلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لِاَبِيْ طَلْحَةَ فِيْ حَدِيْثِ الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِيْ قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْبَابِ اِنَّا كُنَّا لَا نُخَمِّسُ الْاَسْلَابَ وَاِنَّ سَلَبَ الْبَرَاءِ قَدْ بَلَغَ مَالًا عَظِيْمًا

سامان دیا ہے انہوں نے کہا ہاں میں جانتا ہوں لیکن میرے خیال میں یہ بہت زیادہ مال ہے وہ فرماتے ہیں میں نے کہا اللہ کی قسم میں تمہاری بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ضرور عرض کروں گا حضرت عوف فرماتے ہیں جب ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو میں نے آپ تک یہ بات پہنچا دی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو بلا کر فرمایا لشکری کا باقی مال بھی اسے دے دو حضرت خالد وہ مال دینے کے لیے واپس لوٹے تو میں نے کہا اے خالد! تمہارا کیا خیال ہے کیا میں نے تم سے کیا ہوا وعدہ پورا نہیں کیا اس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا اے خالد! اسے نہ دینا اور میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا کیا تم میرے مقرر کردہ امیروں کو چھوڑ دو گے تمہارے لیے عمدہ چیزیں اور ان کے لیے خراب مال ہو۔

تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو حکم دیا کہ باقی مال لشکری کو دے دیں پھر جب حضرت عوف رضی اللہ عنہ نے کچھ بات کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اسے مال نہ دیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ سامان قتل کی وجہ سے لشکری کے لیے واجب نہیں ہوا تھا کیونکہ اگر وہ قتل کی وجہ سے واجب ہوتا تو کسی دوسرے شخص کی گفتگو کے باعث سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اسے نہ روکتے لیکن آپ نے حضرت خالد بن ولید کو حکم دیا کہ وہ مال دے دیں تو آپ کو دینے کا حق تھا اور پھر منع فرما دیا تو آپ کو روکنے کا حق بھی تھا جس طرح حضرت براء رضی اللہ عنہ کی روایت میں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا قول ہے اور ہم نے اسے اس باب میں ذکر کیا ہے کہ آپ نے فرمایا ہم پانچواں حصہ نہیں لیتے لیکن حضرت براء کو جو سامان ملا وہ بہت بڑا مال ہے اور ہم اس کا پانچواں حصہ لیں گے چنانچہ آپ نے خمس لیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ مقتول کے مال سے خمس نہیں لیتے تھے لیکن انہیں خمس لینے کا اختیار ہے ان کا خمس نہ لینا اس

وَلَا أَرَى أَنَا إِلَّا خَامِسَةً قَالَ فَخَمَّسَهُ فَأَخْبَرَ عُمَرُ أَنَّهُمْ كَانُوا لَا يُخَمِّسُونَ الْأَسْلَابَ وَلَهُمْ أَنْ يُخَمِّسُوهَا وَإِنَّ تَرْكَهُمْ تَخْمِيسَهَا إِنَّمَا كَانَ بِتَرْكِهِمْ ذٰلِكَ لَا لِأَنَّ الْأَسْلَابَ قَدْ وَجَبَتْ لِلْقَاتِلِينَ كَمَا تَجِبُ لَهُمْ سِهَامُهُمْ مِنَ الْغَنِيمَةِ فَكَذٰلِكَ مَا فَعَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ مِنْ أَمْرِهِ خَالِدًا بِمَا أَمَرَهُ بِهِ وَمِنْ نَهْيِهِ إِيَّاهُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَمَّا نَهَاهُ عَنْهُ إِنَّمَا أَمَرَهُ بِمَا لَهُ أَنْ يَأْمُرَ بِهِ وَنَهَاهُ عَمَّا لَهُ أَنْ يَنْهَاهُ عَنْهُ وَفِيمَا ذَكَرْنَا دَلِيلٌ صَحِيحٌ أَنَّ السَّلَبَ لَا يَجِبُ لِلْقَاتِلِينَ مِنْ هٰذِهِ الْجِهَةِ

اختیار کی وجہ سے تھا اس لیے نہیں کہ وہ قتل کرنے والوں کے لیے واجب ہو گیا جیسا کہ ان کے لیے غنیمت سے حصہ واجب ہو جاتا ہے اسی طرح حضرت عوف کی روایت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ کیا کہ حضرت خالد بن ولید کو حکم دیا پھر منع فرما دیا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ آپ اس کا حکم دینے اور منع کرنے باتوں کا اختیار رکھتے تھے جو کچھ ہم ذکر کیا اس میں اس بات کی صحیح دلیل پائی جاتی ہے اس وجہ سے قاتلین کے لیے سامان واجب نہیں ہوتا۔

---

۱۴۱ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ ثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسٰى قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ قَالَ ثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَعَلَ كَذَا أَوْ كَذَا فَلَهُ كَذَا وَكَذَا فَذَهَبَ شُبَّانُ الرِّجَالِ وَجَلَسَتِ الشُّيُوخُ تَحْتَ الرَّايَاتِ فَلَمَّا كَانَتِ الْغَنِيمَةُ جَاءَتِ الشُّبَّانُ يَطْلُبُونَ نَفْلَهُمْ فَقَالَ الشُّيُوخُ لَا تَسْتَأْثِرُوا عَلَيْنَا فَإِنَّا كُنَّا تَحْتَ الرَّايَاتِ وَلَوِ انْهَزَمْتُمْ كُنَّا رِدْءًا لَكُمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ فَقَرَأَ حَتّٰى بَلَغَ كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَكَارِهُونَ يَقُولُ أَطِيعُونِي فِي هٰذَا الْأَمْرِ كَمَا رَأَيْتُمْ عَاقِبَةَ أَمْرِي حَيْثُ خَرَجْتُمْ وَأَنْتُمْ كَارِهُونَ فَقَسَمَ بَيْنَهُمْ بِالسَّوَاءِ بِمَا قَسَمَ.

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب غزوۂ بدر کا دن تھا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اس طرح کیا اس کے لیے ایسا ایسا ہے پس نوجوان حضرات چلے گئے اور عمر رسیدہ حضرات جھنڈوں کے نیچے بیٹھے رہے جب مال غنیمت آیا تو نوجوان اپنا انعام طلب کرنے لگے بزرگوں نے کہا کہ تمہیں ہم پر ترجیح نہیں ہے ہم جھنڈوں کے نیچے تھے اگر تمہیں شکست ہوتی تو ہم تمہارے لیے چادر کا کام دیتے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں (آخر تک) آپ نے اسے پڑھا حتیٰ کہ آپ یہاں تک پہنچے "جیسا کہ آپ کا رب آپ کو آپ کے خانۂ اقدس سے حق کے ساتھ باہر لایا ایک گروہ ناپسند کرتا تھا" آپ نے فرمایا اس میں میری اطاعت کرو جیسا کہ تم میرے کام کا نتیجہ دیکھ چکے جب تم نکلے تو بددل تھے، پھر آپ نے مال غنیمت برابر برابر تقسیم فرمایا۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَنْعُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الشُّبَّانَ مَا كَانَ جَعَلَهٗ لَهُمْ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْاَسْلَابَ لَا تَجِبُ لِلْقَاتِلِيْنَ وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَمَا مَنَعَهُمْ مِنْهَا وَلَا اَعْطَاهُمْ اَسْلَابَ مَنِ اسْتَاْثَرُوْا بِقَتْلِهٖ دُوْنَ مَنْ سِوَاهُمْ مِمَّنْ تَخَلَّفَ عَنْهُمْ۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَمَا وَجْهُ مَنْعِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُمْ مَا كَانَ جَعَلَهٗ لَهُمْ۔

قِيْلَ لَهٗ لِاَنَّ مَا كَانَ جَعَلَهٗ لَهُمْ فَاِنَّمَا كَانَ لِاَنْ يَّفْعَلُوْا مَا هُوَ صَلَاحٌ لِسَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ وَلَيْسَ مِنْ صَلَاحِ الْمُسْلِمِيْنَ تَرْكُهُمُ الرَّايَاتِ وَالْخُرُوْجُ عَنْهَا وَاِضَاعَةُ الْحَافِظِيْنَ لَهَا فَلَمَّا خَرَجُوْا عَنْ ذٰلِكَ كَانُوْا قَدْ خَرَجُوْا عَنِ الْمَعْنَى الَّذِيْ بِهٖ يَسْتَحِقُّوْنَ مَا جَعَلَ لَهُمْ فَمَنَعَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ۔

بَابٌ ۲۲۹ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى

۹۴۲- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِيْ لَيْلٰى يُحَدِّثُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ فَاطِمَةَ اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُوْا اِلَيْهِ اَثَرَ الرَّحٰى فِيْ يَدِهَا وَقَدْ بَلَغَهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ سَبْيٌ فَاَتَتْهُ تَسْاَلُهٗ خَادِمًا فَلَمْ تَلْقَهٗ وَلَقِيَتْهَا عَائِشَةُ فَاَخْبَرَتْهَا الْحَدِيْثَ فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ بِذٰلِكَ

تو اس حدیث کے مطابق سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوجوانوں کو اس حصے سے روک دیا جو ان کے لیے مقرر فرمایا تھا پس اس حدیث میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ مقتولین کا سامان، قاتلوں کے لیے واجب نہیں ہوتا اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ ان کو اس سے منع نہ فرماتے اور جنھوں نے قتل کیا تھا سامان کے ساتھ ان کو ترجیح دیتے دوسروں کو جو پیچھے رہ گئے تھے وہ مال نہ دیتے۔

اگر کوئی شخص کہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مال ان کے لیے مقرر کیا تھا تو نہ دینے کی کیا وجہ ہے؟

تو اسے جواباً کہا جائے گا کہ آپ نے ان کے لیے وہ مال اس وجہ سے مقرر فرمایا کہ وہ ایسا عمل کریں جس میں مسلمانوں کی بھلائی ہے اور جھنڈوں کو چھوڑ دینا ان سے نکل جانا اور ان کی حفاظت کرنے والوں کو ضائع کر دینا مسلمانوں کی بھلائی نہیں ہے جب وہ اس عمل سے نکل گئے تو ان کے استحقاق کا سبب باقی نہ رہا لہٰذا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے وہ مال روک دیا اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

باب۔ قرابت داروں کا حصہ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے ہاتھ پر چکی کے نشان کی شکایت کرنے لگیں انہیں خبر ملی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قیدی آئے ہیں اس لیے وہ خادم کا سوال کرنے حاضر ہوئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات نہ ہوئی البتہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات کی اور ان کو بات بتائی، جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو انہوں نے آپ کو اس بات کی خبر دی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور ہم اپنے بستروں پر

قَالَ فَاَتَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْنَا لِنَقُوْمَ فَقَالَ مَکَانَکُمَا فَقَعَدَ بَیْنَنَا حَتّٰی وَجَدْتُّ بَرْدَ قَدَمَیْهِ عَلٰی صَدْرِیْ فَقَالَ اَلَا اَدُلُّکُمَا عَلٰی خَیْرٍ مِّمَّا سَاَلْتُمَا تُکَبِّرَانِ اللّٰہَ اَرْبَعًا وَّثَلَاثِیْنَ وَتُسَبِّحَانِ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِیْنَ تَحْمَدَانِ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِیْنَ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَکُمَا فَاِنَّہٗ خَیْرٌ لَّکُمَا

۹۴۳- حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّہٗ قَالَ لِفَاطِمَةَ ذَاتَ یَوْمٍ قَدْ جَاءَ اللّٰہُ اَبَاکِ بِسَعَةٍ وَّرَقِیْقٍ فَاْتِیْهِ فَاطْلُبِیْ مِنْهُ خَادِمًا فَاَتَتْهُ فَذَکَرَتْ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ وَاللّٰہِ لَا اُعْطِیْکُمَا وَاَدَعُ اَهْلَ الصُّفَّةِ یَطْوُوْنَ بُطُوْنَهُمْ وَلَا اَجِدُ مَا اُنْفِقُ عَلَیْهِمْ وَلٰکِنْ اَبِیْعُهَا وَاُنْفِقُ عَلَیْهِمْ اَلَا اَدُلُّکُمَا عَلٰی خَیْرٍ مِّمَّا سَاَلْتُمَا عَلَّمَنِیْهِ جِبْرِیْلُ کَبِّرَا فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَّسَبِّحَا عَشْرًا وَّاحْمَدَا عَشْرًا وَّاِذَا اَوَیْتُمَا اِلٰی فِرَاشِکُمَا ثُمَّ ذَکَرَ مِثْلَ مَا فِیْ حَدِیْثِ سُلَیْمَانَ۔

۹۴۴- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ نُمَیْرٍ قَالَ ثَنَا زَیْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَیَّاشُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِی الْفَضْلُ بْنُ حَسَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَکَمِ اَنَّ اُمَّہٗ حَدَّثَتْهُ اَنَّهَا ذَهَبَتْ هِیَ وَاُمُّهَا حَتّٰی دَخَلَتْ عَلٰی فَاطِمَةَ فَخَرَجْنَ جَمِیْعًا فَاَتَیْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَقْبَلَ مِنْ بَعْضِ مَغَازِیْهِ وَمَعَهٗ رَقِیْقٌ فَسَاَلْنَهٗ اَنْ یُّخْدِمَهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ

چلے گئے تھے ہم اٹھنے لگے تو آپ نے فرمایا اپنی جگہ ٹھہرے رہو چنانچہ آپ ہمارے درمیان تشریف فرما ہوئے حتیٰ کہ میں نے آپ کے قدموں کی ٹھنڈک اپنے سینے پر محسوس کی آپ نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جو اس سے بہتر ہے جس کا تم نے سوال کیا ہے جب تم اپنے بستروں پر جاؤ تو چونتیس بار اللہ اکبر کہو تینتیس بار سبحان اللہ اور تینتیس بار ہی الحمد للہ پڑھو یہ تمہارے لیے خادم سے بہتر ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے ایک دن حضرت خاتون جنت سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد ماجد کو بہت سا مال اور غلام عطا فرمائے ہیں پس ان کے پاس جا کر ایک خادم کا مطالبہ کرو حضرت خاتون جنت حاضر ہوئیں اور آپ کی خدمت میں یہ بات عرض کی آپ نے فرمایا اللہ کی قسم! میں اہل صفہ کو چھوڑ کر تمہیں نہیں دوں گا (بھوک کی وجہ سے) ان کے پیٹ خالی ہیں اور میرے پاس ان پر خرچ کرنے کے لیے کچھ نہیں لیکن میں ان غلاموں کو بیچ کر ان پر خرچ کروں گا کیا میں تمہیں تمہاری اس مطلوبہ چیز سے بہتر نہ بتاؤں حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے سکھایا ہے ہر نماز کے بعد دس بار اللہ اکبر دس بار سبحان اللہ اور دس بار الحمد للہ پڑھا کرو اور جب تم اپنے بستروں پر جاؤ تو بھی پڑھو پھر حضرت سلیمان کی روایت (گزشتہ روایت) کی مثل ذکر کیا۔

حضرت فضل بن حسن بن عمرو بن حکم سے مروی ہے ان کی ماں نے ان سے بیان کیا کہ وہ اور ان کی والدہ حضرت خاتون جنت کے پاس حاضر ہوئیں پھر وہ اکٹھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں آپ کسی غزوہ سے واپس تشریف لائے تھے اور آپ کے ساتھ کچھ غلام تھے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے ایک غلام کا سوال کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَقَكُنَّ يَتَامٰى اَهْلِ بَدْرٍ۔

فرمایا اہل بدر کے یتیم بچے تم سے سبقت لے گئے۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ ذَوِىْ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا سَهْمَ لَهُمْ مِنَ الْخُمُسِ مَعْلُوْمٌ وَلَا حَظَّ لَهُمْ مِنْهُ خِلَافُ حَظِّ غَيْرِهِمْ قَالُوْا وَاِنَّمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ مَا جَعَلَ مِنْ ذٰلِكَ بِقَوْلِهٖ وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَبِقَوْلِهٖ مَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسَاكِيْنِ بِحَالِ فَقْرِهِمْ وَحَاجَتِهِمْ فَاَدْخَلَهُمْ مَعَ الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ فَكَمَا يَخْرُجُ الْفَقِيْرُ وَالْيَتِيْمُ وَالْمِسْكِيْنُ مِنْ ذٰلِكَ لِخُرُوْجِهِمْ مِنَ الْمَعْنَى الَّذِىْ بِهٖ اسْتَحَقُّوْا مَا اسْتَحَقُّوْا مِنْ ذٰلِكَ فَكَذٰلِكَ ذَوُوْ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَضْمُوْمُوْنَ مَعَهُمْ اِنَّمَا كَانُوْا ضُمُّوْا مَعَهُمْ لِفَقْرِهِمْ فَاِذَا اسْتَغْنَوْا خَرَجُوْا مِنْ ذٰلِكَ وَقَالُوْا لَوْ كَانَ لِقَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِىْ ذٰلِكَ حَظٌّ لَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ اِذْ كَانَتْ اَقْرَبَهُمْ اِلَيْهِ نَسَبًا وَاَمَسَّهُمْ بِهٖ رَحِمًا فَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا حَظًّا فِى السَّبْيِ الَّذِىْ ذَكَرْنَا وَلَمْ يُخْدِمْهَا مِنْهُ خَادِمًا وَلٰكِنَّهٗ وَكَّلَهَا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لِاَنَّ مَا تَاْخُذُ مِنْ ذٰلِكَ اِنَّمَا حُكْمُهَا فِيْهِ حُكْمُ الْمَسَاكِيْنِ فِيْمَا تَاْخُذُ مِنَ الصَّدَقَةِ فَرَاٰى اَنْ تَرْكَهَا

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے لیے خمس (پانچویں حصہ) میں سے کوئی معلوم مقدار نہیں اور دوسروں کے حصے سے الگ کوئی حصہ نہیں وہ حضرات فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے وہی حصہ مقرر فرمایا جسے اس نے اس آیت کریمہ میں بیان فرمایا (ترجمہ) "اور جان لو کہ جو کچھ تم مال غنیمت حاصل کرو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رشتہ داروں، یتیموں، محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہے"، اور اس ارشاد گرامی میں بیان کیا (ترجمہ) "جو کچھ اللہ تعالیٰ نے بستیوں والوں کے مال سے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا وہ اللہ تعالیٰ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کے قرابت داروں یتیموں اور مسکینوں کے لیے ہے" اور یہ اس صورت میں ہے جب وہ محتاج ہوں اور ان کو حاجت ہو تو ان (قرابت داروں) کو فقراء اور مساکین کے ساتھ شامل فرمایا پس جس طرح فقیر، یتیم اور مسکین اس حکم سے خارج ہو جاتے ہیں جب ان میں استحقاق کا سبب نہ پایا جائے اور وہ اس کے مستحق نہیں ہوں گے اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار جن کو ان حضرات کے ساتھ ملایا گیا انہیں ان کی محتاجی کی وجہ سے ملایا گیا اور اگر وہ مالدار ہوں تو اس حکم سے خارج ہو جائیں گے۔ یہ حضرات مزید فرماتے ہیں اگر محض قرابت نبوی کی وجہ سے ان کا حصہ ہوتا تو حضرت خاتون جنت بھی ان میں سے ہوتیں کیونکہ وہ نسب کے اعتبار سے آپ کے زیادہ قریب اور رحم کے لیے زیادہ مستحق تھیں لیکن آپ نے ان کے لیے ان قیدیوں میں حصہ نہیں رکھا جن کا ہم نے ذکر کیا اور انہیں کوئی خادم عطا نہیں فرمایا بلکہ ان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے حوالے کر دیا کیونکہ آپ اس میں سے جو کچھ حاصل کرتیں تو آپ صدقہ لینے کی وجہ سے مساکین میں ہوتیں تو آپ نے دیکھا کہ ان کا اس مطالبہ سے دست بردار ہونا اور اللہ تعالیٰ کے ذکر، تسبیح اور تہلیل کی طرف متوجہ ہونا اس

ذٰلِكَ وَالْإِقْبَالَ عَلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَتَسْبِيحَهُ وَتَهْلِيلَهُ خَيْرٌ لَهَا مِنْ ذٰلِكَ وَأَفْضَلُ۔

۹۴۵ - وَقَدْ قَسَمَ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْعَ الْخُمُسِ فَلَمْ يَرَيَا لِقَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ حَقًّا خِلَافَ حَقِّ سَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّ هٰذَا هُوَ الْحُكْمُ عِنْدَهُمَا وَثَبَتَ إِذْ لَمْ يُنْكِرْهُ عَلَيْهِمَا أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُخَالِفْهُمَا فِيْهِ أَنَّ ذٰلِكَ كَانَ رَأْيُهُمْ فِيْهِ أَيْضًا وَإِذَا ثَبَتَ الْإِجْمَاعُ فِيْ ذٰلِكَ مِنْ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَمِنْ جَمِيْعِ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثَبَتَ الْقَوْلُ بِهٖ وَوَجَبَ الْعَمَلُ بِهٖ وَتَرْكُ خِلَافِهٖ۔

ثُمَّ هٰذَا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا صَارَ الْأَمْرُ إِلَيْهِ حَمَلَ النَّاسَ عَلٰى ذٰلِكَ أَيْضًا۔

۹۴۶ - وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ فَقُلْتُ أَرَأَيْتَ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ حَيْثُ وَلِيَ الْعِرَاقَ وَمَا وَلِيَ مِنْ أُمُوْرِ النَّاسِ كَيْفَ صَنَعَ فِيْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى قَالَ سَلَكَ بِهٖ وَاللّٰهِ سَبِيْلَ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ قُلْتُ وَكَيْفَ وَأَنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ مَا تَقُوْلُوْنَ قَالَ إِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا كَانَ أَهْلُهُ يَصْدُرُوْنَ إِلَّا عَنْ رَأْيِهٖ قُلْتُ فَمَا مَنَعَهُ قَالَ كَرِهَ وَاللّٰهِ أَنْ يُدَّعٰى عَلَيْهِ خِلَافُ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ۔

فَهٰذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ

سے بہتر اور افضل ہے۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہما نے تمام خمس تقسیم کر دیا اور قرابت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے ان کے لیے عام مسلمانوں کے حق سے الگ کوئی حق خیال نہ کیا اس سے ثابت ہوا کہ ان دونوں حضرات کے نزدیک بھی یہی [illegible] ہے اور جب کسی صحابی نے اس کا انکار نہیں کیا اور نہ ہی ان کی مخالفت کی تو ثابت ہوا کہ صحابہ کرام کی رائے بھی یہی تھی پس جب حضرت صدیق اکبر، حضرت فاروق اعظم اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس بات پر اجماع ہوا تو یہ قول ثابت ہو گیا اس پر عمل کرنا اور اس کے خلاف کو چھوڑنا واجب ہو گیا۔

پھر جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو [illegible] حاصل ہوئی تو انہوں نے بھی لوگوں کو اسی بات کی ترغیب دی۔

ان حضرات نے اس سلسلے میں یوں ذکر کیا حضرت [illegible] اسحٰق فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو جعفر سے سوال کر[illegible] کہا کہ جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ عراق کے حکمران بنے [illegible] کے معاملات آپ کے سپرد ہوئے تو آپ نے قرابت داروں کے حصے سے متعلق کیا عمل کیا انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم [illegible] صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کے راستے پر چلے ہو وہ فرماتے ہیں میں نے پوچھا یہ کیسے ہوا حالانکہ تم [illegible] بات کرتے ہو، انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم ان کے ساتھی [illegible] کی بات مانتے ہیں میں نے پوچھا تو کس چیز نے انہیں [illegible] فرمایا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اس بات کو ناپسند کیا کہ [illegible] خلاف حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کی [illegible]

تو یہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے اس[illegible]

عَنْهُ قَدْ اَجْرَاهُ عَلٰی مَا كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَجْرَيَاهُ عَلَيْهِ لِاَنَّهٗ رَاٰى ذٰلِكَ عَدْلًا وَّلَوْ كَانَ رَاْيُهٗ خِلَافَ ذٰلِكَ مَعَ عِلْمِهٖ وَدِيْنِهٖ وَفَضْلِهٖ اِذًا لَرَدَّهٗ اِلٰى مَا رَاٰى۔

اسی طرح جاری رکھا جس طرح حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے زمانے میں جاری تھا کیونکہ وہ اسے انصاف کے مطابق سمجھتے تھے اور اگر وہ اس کے خلاف رائے رکھتے تو اپنے علم و فضل اور دین کے پیش نظر اپنی رائے کی طرف لوٹا دیتے۔

۹۲۷- وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ اَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِیٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَاَلْتُ الْحَسَنَ ابْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ قَالَ اَمَّا قَوْلُهٗ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ فَهُوَ مِفْتَاحُ كَلَامٍ لِلّٰهِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ لِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسَاكِيْنِ۔

ان حضرات نے اس طرح بھی استدلال کیا ہے حضرت قیس بن مسلم فرماتے ہیں میں نے حضرت حسن بن محمد بن علی (رضی اللہ عنہم) سے اللہ تعالیٰ کے قول (ترجمہ) "اور جان لو کہ جو کچھ تم غنیمت حاصل کرو اس کا پانچواں حصہ ہے" تو یہ صرف تمہید ہے یعنی دنیا اور آخرت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے (پانچواں حصہ) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے رشتہ دارو ں، یتیموں اور مساکین کے لیے ہے۔

وَاخْتَلَفَ النَّاسُ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَوْمٌ مِّنْهُمْ سَهْمُ ذَوِی الْقُرْبٰى لِقَرَابَةِ الْخَلِيْفَةِ وَقَالَ قَوْمٌ سَهْمُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْخَلِيْفَةِ مِنْ بَعْدِهٖ ثُمَّ اَجْمَعُوْا رَاْيَهُمْ اَنْ جَعَلُوْا هٰذَيْنِ السَّهْمَيْنِ فِی الْخَيْلِ وَالْعُدَّةِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَكَانَ ذٰلِكَ فِیْ اِمَارَةِ اَبِیْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالُوْا اَفَلَا تَرٰى اَنَّ ذٰلِكَ مِمَّا قَدْ اَجْمَعَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ رَجَعَ اِلَى الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ الَّذِیْ تَكُوْنُ عُدَّةً لِّلْمُسْلِمِيْنَ فِیْ قِتَالِ عَدُوِّهِمْ وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ لِذَوِیْ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَا مَنَعُوْا مِنْهُ وَلَمَا صَرَفُوْا اِلٰى غَيْرِهِمْ وَلَا يَخْفٰى ذٰلِكَ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ مَّعَ عِلْمِهٖ مِنْ اَهْلِهٖ وَتَقَدُّمِهٖ فِيْهِمْ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد صحابہ کرام میں اختلاف ہوا ان میں سے ایک جماعت نے کہا کہ رشتہ داروں کا حق خلیفہ کی قرابت کی وجہ سے ہے بعض نے کہا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کا حصہ خلیفہ وقت کے لیے ہوگا پھر ان کا اس بات پر اتفاق ہوگیا کہ ان دونوں حصوں کو گھوڑوں اور جہاد کی تیاری پر صرف کریں حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی خلافت میں یہی طریقہ رہا۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کیا تم نہیں دیکھتے کہ یہ صحابہ کرام کا متفق علیہ فیصلہ ہے اور یہ حصہ ان گھوڑوں اور اسلحہ کی طرف لوٹتا ہے جسے دشمن کے مقابلے میں مسلمانوں نے تیار کیا اور اگر وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت کی وجہ سے ہوتا تو وہ اسے نہ روکتے اور کسی دوسرے مصرف پر خرچ نہ کرتے اور یہ بات حضرت حسن بن محمد جیسے اہل علم اور ان میں سے مقدم شخص پر مخفی نہ رہتی۔

وَقَدْ قَالَ ذٰلِكَ اَيْضًا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ جَوَابِهٖ لِنَجْدَةَ لَمَّا كَتَبَ اِلَيْهِ يَسْاَلُهٗ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى.

۹۴۸ - وَذَكَرُوْا فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ ثَنَا عَمِّيْ جُوَيْرِيَةُ بْنُ اَسْمَاءَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ يَزِيْدَ بْنَ هُرْمُزَ حَدَّثَهٗ اَنَّ نَجْدَةَ صَاحِبَ الْيَمَامَةِ كَتَبَ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى فَكَتَبَ اِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ لَنَا وَقَدْ كَانَ دَعَانَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِيُنْكِحَ مِنْهُ اَيِّمَنَا وَيَقْضِيَ عَنْهُ مَنْ غَارِمِنَا فَاَبَيْنَا اِلَّا اَنْ يُسَلِّمَهٗ لَنَا كُلَّهٗ وَرَاَيْنَا اَنَّهٗ لَنَا.

۹۴۹ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ ثَنَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ ابْنُ عَامِرٍ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى الَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ وَفَرَضَ لَهُمْ فَكَتَبَ اِلَيْهِ وَاَنَا شَاهِدٌ كُنَّا نَرٰى اَنَّهُمْ قَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا.

فَهٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا يُخْبِرُ اَنَّ قَوْمَهُمْ اَبَوْا عَلَيْهِمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهُمْ وَلَمْ يَظْلِمْ مَنْ اَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْهِ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَا اُرِيْدَ فِيْ ذٰلِكَ بِقَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ مَا ذَكَرْنَا مِنَ الْفَقْرِ وَالْحَاجَةِ فَهٰذِهٖ حُجَجُ مَنْ ذَهَبَ اِلٰى اَنَّ ذَوِي الْقُرْبٰى لَا سَهْمَ لَهُمْ مِنَ الْخُمُسِ وَاَنَّ ذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نجدہ کو جواب دیتے ہوئے یہی بات فرمائی تھی جب اس نے آپ سے قرابت داروں کے حصہ سے متعلق مسئلہ پوچھنے کے لیے آپ کو لکھا تھا۔

یہ حضرات اس سلسلے میں ذکر کرتے ہیں حضرت ابن شہاب سے مروی ہے یزید بن ہرمز نے ان سے بیان کیا کہ یمامہ کے حکمران نجدہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر قرابت داروں کے حصے کے بارے میں پوچھا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان کو لکھا کہ یہ ہمارے لیے ہے عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ہمیں بلایا تھا کہ اس سے وہ ہمارے خاندان کی بیوہ عورتوں کا نکاح کر دیں اور ہمارے قرض داروں کے قرض اتار دیں تو ہم نے انکار کیا مگر یہ کہ وہ تمام مال ہمیں دیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارا حق ہے۔

حضرت یزید بن ہرمز سے مروی ہے نجدہ بن عامر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر قرابت داروں کے اس حصے کے بارے میں پوچھا جس کا اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا اور ان کے لیے مقرر کیا تو انہوں نے ان کو لکھا اور میں بھی موجود تھا کہ ہمارا خیال تھا اس سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت مراد ہے لیکن ہماری قوم نے (ہمیں دینے سے) انکار کر دیا۔

تو یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بتاتے ہیں کہ ان کی قوم نے اس بات سے انکار کر دیا کہ یہ حصہ ان کا ہو لیکن انہوں نے انکار کرنے والوں پر کوئی زیادتی نہیں کی تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہاں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت سے جو کچھ مراد ہے وہ وہی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا یعنی فقر اور محتاجی کی صورت میں ان کا ہے۔ یہ ان لوگوں کے دلائل ہیں جن کا موقف ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے لیے خمس میں کوئی حصہ نہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا مَنْ بَعْدَهُ۔

اور آپ کے بعد ان کے لیے یہ حصہ نہیں تھا۔

وَقَدْ خَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا قَدْ كَانَ لَهُمْ سَهْمٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ خُمُسُ الْخُمُسِ وَكَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّضَعَهُ فِيْمَنْ شَاءَ مِنْهُمْ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں ان کے لیے حصہ تھا اور وہ خمس کا خمس تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار تھا کہ ان میں سے جسے چاہیں عطا فرمائیں۔

۹۵۰ - **وَذَكَرُوْا** فِیْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرِ بْنِ مَطَرٍ وَعَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ الْبَغْدَادِيَّانِ قَالَا ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ لَمَّا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى اَعْطٰى بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ وَلَمْ يُعْطِ بَنِيْ اُمَيَّةَ شَيْئًا وَبَنِيْ نَوْفَلٍ فَاَتَيْتُ اَنَا وَعُثْمَانُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰؤُلَاءِ بَنُوْ هَاشِمٍ فَضَّلَهُمُ اللّٰهُ بِكَ فَمَا بَالُنَا وَبَنِي الْمُطَّلِبِ وَاِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ فِي النَّسَبِ شَيْءٌ وَّاحِدٌ فَقَالَ اِنَّ بَنِي الْمُطَّلِبِ لَمْ يُفَارِقُوْنِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَلَا الْاِسْلَامِ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں ذکر کیا حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کا حصہ تقسیم فرمایا تو بنو ہاشم اور بنو مطلب کو عطا فرمایا لیکن بنو امیہ اور بنو نوفل کو نہ دیا (وہ فرماتے ہیں) میں اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! ان بنو ہاشم کو اللہ تعالیٰ نے آپ کے سبب سے فضیلت عطا فرمائی تو ہمارا اور بنو مطلب کا کیا حال ہے حالانکہ ہم اور وہ (بنو ہاشم) نسبی اعتبار سے ایک ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنو مطلب دورِ جاہلیت اور دورِ اسلام (دونوں) میں مجھ سے جدا نہیں ہوئے۔

قَالُوْا فَلَمَّا اَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ السَّهْمَ بَعْضَ الْقَرَابَةِ وَحَرَمَ مَنْ قَرَابَتُهُ مِنْهُ كَقَرَابَتِهِمْ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ لَمْ يُرِدْ بِمَا جَعَلَ لِذَوِي الْقُرْبٰى كُلَّ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّمَا اَرَادَ بِهٖ خَاصًّا مِنْهُمْ وَجَعَلَ الرَّاْيَ فِيْ ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُهُ فِيْمَنْ شَاءَ مِنْهُمْ وَاِذَا مَاتَ فَانْقَطَعَ رَاْيُهُ انْقَطَعَ مَا جُعِلَ لَهُمْ مِنْ ذٰلِكَ كَمَا قَدْ جُعِلَ

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حصہ بعض قرابت داروں کو عطا فرمایا اور کچھ لوگوں کو جو اسی درجے کی قرابت رکھتے تھے، محروم رکھا تو اس سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے قرابت داروں کے لیے جو حصہ مقرر فرمایا اس سے تمام قرابت دار مراد نہیں بعض خاص لوگ مراد ہیں اور یہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صوابدید پر ہے ان میں سے جسے چاہیں عطا فرمائیں اور جب آپ کا وصال ہو گیا اور آپ کی رائے باقی نہ رہی تو ان (قرابت داروں) کا جو حصہ مقرر کیا گیا تھا، ختم ہو گیا جس طرح سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے لیے مال

لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يصطفي من المغنم لنفسه سهم الصفي فكان ذلك ما كان حيا يختار لنفسه من المغنم ما شاء فلما مات انقطع ذلك.

وممن ذهب إلى هذا القول أبو حنيفة وأبو يوسف ومحمد رحمة الله عليهم.

وخالفهم في ذلك آخرون فقالوا بل ذوو القربى الذي جعل الله لهم من ذلك ما جعل هم بنو هاشم وبنو المطلب فأعطاهم رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أعطاهم من ذلك بجعل الله عز وجل ذلك لهم ولم يكن له حينئذ أن يعطي غيرهم من بني أمية وبني نوفل لأنهم لم يدخلوا في الآية وإنما دخل فيها من قرابة رسول الله صلى الله عليه وسلم بنو هاشم وبنو المطلب خاصة فلما اختلفوا في هذا الاختلاف فذهب كل فريق إلى ما ذكرنا واحتجوا لقوله بما وصفنا وجب أن نكشف كل قول منها وما ذكرنا من حجة قائله لنستخرج من هذه الأقاويل قولا صحيحا فنظرنا في ذلك فابتدأنا بقول الذي نفى أن يكون لهم في الآية شيء بحق القرابة وأنه إنما جعل لهم فيها ما جعل لحاجتهم وفقرهم كما جعل للمسكين واليتيم فيها ما جعل لحاجتهما وفقرهما فإذا ارتفع الفقر عنهم جميعا ارتفعت حقوقهم من ذلك فوجدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم قد قسم سهم ذوي القربى حين قسمه فأعطى بني هاشم وبني المطلب وعمهم

غنیمت میں سے کچھ ساتھ حصہ رکھتے تھے اور یہ آپ کی ظاہری حیات تک تھا کہ آپ مال غنیمت میں سے جو چاہتے اختیار فرماتے جب آپ کا وصال ہو گیا تو یہ سلسلہ بھی ختم ہو گیا۔

یہ حضرت امام ابو حنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

لیکن کچھ دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت [illegible] ہوئے فرمایا کہ جن قرابت داروں کے لیے اللہ تعا[illegible] فرمایا وہ بنو ہاشم اور بنو مطلب ہیں اور انہیں سرکا[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ عطا فرمایا وہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے مقرر کیا تھا اور اس وقت آپ ان کے علاوہ بنو امیہ اور بنو نوفل کو نہیں دے سکتے تھے کیونکہ وہ آپ [illegible] میں داخل نہیں تھے بنو ہاشم اور بنو مطلب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خصوصی قرابت کے سبب داخل ہوئے تو جب فقہاء کرام کے درمیان اختلاف ہے تو ہر فریق نے وہ موقف اختیار کیا [illegible] کیا ہے اور اپنے قول پر وہ دلائل پیش کیے جو [illegible] بیان کئے ہیں تو ہم پر واجب ہے کہ [illegible] اور اس کی دلیل کو واضح کریں تاکہ ان اقوال میں سے صحیح قول نکال سکیں۔ چنانچہ ہم نے اس میں غور کیا [illegible] اس جماعت کے قول سے ابتداء کی جو آیت [illegible] داروں کے حصے کی نفی کرتی ہے انہوں [illegible] محتاجی کے باعث ان کا حصہ قرار دیا جیسا کہ [illegible] کے لیے ان کی حاجت اور فقر کی وجہ سے [illegible] ان سب کا فقر ختم ہو جائے گا تو اس سے ان [illegible] بھی ختم ہو جائیں گے۔ تو ہم نے دیکھا کہ رسول [illegible] علیہ وسلم نے تقسیم کے وقت قرابت داروں کا حصہ [illegible] تمام بنو ہاشم اور بنو مطلب کو دیا اور ان میں مالدار بھی [illegible] فقیر بھی، اس سے ثابت ہوا کہ اگر ان کا حصہ فقر کی وجہ [illegible]

بِذٰلِكَ جَمِيعًا وَقَدْ كَانَ فِيهِمُ الْغَنِيُّ وَالْفَقِيرُ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّهُ لَوْ كَانَ مَا جَعَلَ لَهُمْ فِي ذٰلِكَ هُوَ لِعِلَّةِ الْفَقْرِ لَا لِعِلَّةِ الْقَرَابَةِ إِذًا لَمَا دَخَلَ أَغْنِيَاؤُهُمْ فِي فُقَرَائِهِمْ فِي مَا جَعَلَ لَهُمْ مِنْ ذٰلِكَ وَلَقَصَدَ إِلَى الْفُقَرَاءِ مِنْهُمْ دُونَ الْأَغْنِيَاءِ فَأَعْطَاهُمْ كَمَا فَعَلَ فِي الْيَتَامٰى فَلَمَّا أَدْخَلَ أَغْنِيَاءَهُمْ فِي فُقَرَائِهِمْ ثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّهُ قَصَدَ بِذٰلِكَ إِلَى أَعْيَانِ الْقَرَابَةِ لِعِلَّةِ قَرَابَتِهِمْ لَا لِعِلَّةِ فَقْرِهِمْ۔

ہوتا، قرابت داری کی وجہ سے نہ ہوتا تو اس حصے میں ان کے فقراء کے ساتھ مالدار شریک نہ ہوتے اور صرف فقراء کا ارادہ کیا جاتا مالدار لوگوں کا حصہ نہ ہوتا اور آپ محتاجوں ہی کو دیتے جیسا کہ یتیم کے سلسلے میں کہا تو جب آپ نے ان کے فقراء میں مالداروں کو بھی داخل فرمایا تو اس سے ثابت ہوا کہ آپ نے اس کے ساتھ قرابت داروں کا ارادہ صرف ان کی قرابت کے سبب کیا ان کی محتاجی کی وجہ سے نہیں۔

۹۵۱ - وَأَمَّا مَا ذَكَرُوا مِنْ حَدِيثِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا حَيْثُ سَأَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُخْدِمَهَا خَادِمًا مِنَ السَّبْيِ الَّذِي كَانَ قَدِمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَفْعَلْ وَوَكَلَهَا إِلَى ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَالتَّسْبِيحِ فَهٰذَا لَيْسَ فِيهِ عِنْدَنَا دَلِيلٌ لَهُمْ عَلَى مَا ذَكَرُوا لِأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقُلْ لَهَا حِينَ سَأَلَتْهُ لَا حَقَّ لَكِ فِيهِ وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ لَبَيَّنَ ذٰلِكَ لَهَا كَمَا بَيَّنَهُ لِلْفَضْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَرَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ حِينَ سَأَلَا أَنْ يَسْتَعْمِلَهُمَا عَلَى الصَّدَقَةِ لِيُصِيبَا مِنْهَا فَقَالَ لَهُمَا إِنَّمَا هِيَ أَوْسَاخُ النَّاسِ وَإِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَلَا لِأَحَدٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ۔

اور وہ جو انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ذکر کی کہ جب انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان قیدیوں میں سے ایک غلام کی درخواست کی جو آپ کے پاس آئے تھے تو آپ نے خادم عنایت نہ فرمایا اور انہیں اللہ تعالیٰ کے ذکر اور تسبیح کی طرف متوجہ کیا تو ہمارے نزدیک اس میں ان کے موقف کی کوئی دلیل نہیں کیونکہ جب انہوں نے سوال کیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ اس میں تمہارا حق نہیں اگر یہ بات اسی طرح ہوتی تو آپ حضرت خاتون جنت سے بھی اسی طرح بیان فرماتے جیسے حضرت فضل بن عباس اور حضرت ربیعہ بن حارث کو فرمایا تھا جب انہوں نے صدقہ پر عامل مقرر ہونا چاہا تاکہ اس سے کچھ حاصل کریں تو آپ نے فرمایا یہ لوگوں کی میل ہے اور یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اہل بیت کے لیے جائز ہیں۔

وَقَدْ يَجُوزُ أَيْضًا أَنْ يَكُونَ لَمْ يُعْطِهَا الْخَادِمَ حِينَئِذٍ لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ قُسِمَ فَلَمَّا قُسِمَ أَعْطَاهَا حَقَّهَا مِنْ ذٰلِكَ وَأَعْطَى غَيْرَهَا أَيْضًا حَقَّهُ فَيَكُونُ تَرْكُهُ إِعْطَاءَهَا إِنَّمَا كَانَ لِأَنَّهُ لَمْ يُقْسَمْ وَدَلَّهَا عَلَى تَسْبِيحِ اللّٰهِ وَتَحْمِيدِهِ وَتَهْلِيلِهِ الَّذِي يُرْجٰى لَهَا بِهِ الْفَوْزُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالزُّلْفٰى عِنْدَهُ وَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ قَدْ

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ نے اس وقت اس لیے نہ دیا ہو کہ ابھی تقسیم نہیں ہوئی تھی جب تقسیم ہوئی تو آپ نے ان کو ان کا حق دے دیا اور دوسروں کو بھی ان کا حق عنایت فرمایا تو اس وقت نہ دینے کی وجہ عدم تقسیم تھی اور آپ نے تو اللہ تعالیٰ کی تسبیح تحمید اور تہلیل کا راستہ بتایا کہ آپ ان کلمات کے ذریعے ان کے لیے بارگاہ خداوندی سے کامیابی اور اس کے قرب کی امید رکھتے تھے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ نے ان کو تقسیم کے بعد غلام

أَخَذَ مِنْهَا مِنْ ذٰلِكَ بَعْدَ مَا قَسَمَ وَلَا نَعْلَمُ فِي الْآثَارِ مَا يَدْفَعُ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ۔

وَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مَنَعَهَا مِنْ ذٰلِكَ إِنْ كَانَ مَنَعَهَا مِنْهُ لِأَنَّهَا لَيْسَتْ قَرَابَةً وَلٰكِنَّ أَقْرَبَ مِنَ الْقَرَابَةِ لِأَنَّ الْوَلَدَ لَا يُقَالُ هُوَ مِنْ قَرَابَةِ أَبِيهِ إِنَّمَا يُقَالُ ذٰلِكَ لِمَنْ غَيْرُهُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْهُ۔

أَلَا تَرَى إِلَى قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ مَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ فَجَعَلَ الْوَالِدَيْنِ غَيْرَ الْأَقْرَبِينَ لِأَنَّهُمْ أَقْرَبُ مِنَ الْأَقْرَبِينَ فَكَمَا كَانَ الْوَالِدُ يَخْرُجُ مِنْ قَرَابَةِ وَلَدِهِ فَكَذٰلِكَ الْوَلَدُ يَخْرُجُ مِنْ قَرَابَةِ وَالِدِهِ۔

وَقَدْ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ نَحْوًا مِمَّا ذَكَرْنَا فِي رَجُلٍ قَالَ قَدْ أَوْصَيْتُ بِثُلُثِ مَالِي لِقَرَابَةِ فُلَانٍ أَنَّ وَالِدَيْهِ وَوَلَدَهُ لَا يَدْخُلُونَ فِي ذٰلِكَ لِأَنَّهُمْ أَقْرَبُ مِنَ الْقَرَابَةِ وَلَيْسُوا بِقَرَابَةٍ وَاحْتَجَّ فِي ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْآيَةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا۔

فَهٰذَا وَجْهٌ آخَرُ فَانْدَفَعَ بِمَا ذَكَرْنَا أَنْ يَكُونَ لَهُمْ أَيْضًا بِحَدِيثِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا هٰذَا حُجَّةٌ فِي نَفْيِ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى۔

۹۵۲- وَأَمَّا مَا احْتَجُّوا فِي حَدِيثِ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مِنْ فِعْلِهِمَا وَأَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُنْكِرُوا ذٰلِكَ عَلَيْهِمَا فَإِنَّ هٰذَا مِمَّا يَسَعُ فِيهِ اجْتِهَادُ الرَّأْيِ فَرَأَيَاهُمَا ذٰلِكَ وَاجْتَهَدَا فَكَانَ مَا أَدَّاهُمَا إِلَيْهِ اجْتِهَادُهُمَا هُوَ مَا رَأَيَا فِي ذٰلِكَ فَحَكَمَا بِهِ وَهُوَ الَّذِي كَانَ

عطا فرمایا ہو اور ہمیں روایات میں کوئی بات اس کے خلاف معلوم نہیں ہوتی۔

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اگر آپ نے ان کو غلام عطا نہیں فرمایا تو شاید اس لیے کہ ان کو قرابت حاصل نہ تھی بلکہ وہ تو قرابت سے بھی زیادہ قریبی تھیں کیونکہ اولاد کے بارے میں یہ نہیں کہا جاتا کہ وہ باپ کے رشتہ داروں سے ہے بلکہ یہ لفظ اولاد کے غیر کے لیے استعمال ہوتا ہے کہ وہ اس کے زیادہ قریب ہے۔

کیا تم اللہ تعالیٰ کے اس قول کی طرف نہیں دیکھتے فرمایا آپ فرما دیجیے جو کچھ تم اچھی چیز سے خرچ کرو تو وہ ماں باپ اور زیادہ قریبی رشتہ داروں کے لیے ہے تو ماں باپ کو قرابت داروں کا غیر قرار دیا کیوں کہ وہ زیادہ قریبی لوگوں سے بھی زیادہ قریبی ہیں تو جس طرح انسان کی قرابت سے والد نکل جاتا ہے اسی طرح بیٹا بھی والد کی قرابت سے نکل جاتا ہے۔

حضرت امام محمد بن حسن رحمہ اللہ نے بھی اس شخص کے بارے میں جو کہتا ہے کہ میں نے فلاں قرابت [illegible] کی وصیت کی اس کے والدین اور اولاد اس میں شامل نہیں ہوں گے کیونکہ وہ قرابت سے بھی زیادہ قریبی ہیں [illegible] وہی بات کہی ہے جو ہم نے ذکر کی اور انہوں نے اس سلسلے میں اسی آیت سے استدلال کیا ہے جسے ہم نے ذکر کیا۔

تو یہ ایک دوسری وجہ ہے پس جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے اس بنیاد پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے قرابت داروں کے حصہ کی نفی پر استدلال ختم ہو گیا۔

اور وہ جو انہوں نے حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے عمل سے استدلال کیا اور یہ کہ صحابہ کرام نے اس کا انکار نہیں کیا تو اس بات میں اجتہاد کی گنجائش ہے تو ان دونوں نے اس میں غور و فکر کیا اور اپنے اجتہاد کے مطابق فیصلہ کیا اور اسی پر کاربند رہے انہیں اس پر ثواب اور اجر ملے گا۔

اور ان حضرات کا یہ کہنا کہ صحابہ کرام میں سے کسی نے بھی اس کا انکار نہیں کیا تو کسی کے لیے اس کا انکار کرنا کیسے جائز

عَلَيْهِمَا وَمِمَّا فِي ذٰلِكَ مُثَابَانِ مَاجُوْرَانِ وَ اَمَّا قَوْلُهُمْ وَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِمَا اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَيْفَ يَجُوْزُ اَنْ تُنْكِرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِمَا اَحَدٌ وَهُمَا اِمَامَانِ عَدْلَانِ رَاٰيَا رَاْيًا فَحَكَمَا بِهٖ فَفَعَلَا فِي ذٰلِكَ الَّذِيْ كُلِّفَا وَلٰكِنْ قَدْ رَاٰى فِي ذَالِكَ غَيْرُهُمَا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخِلَافِ مَا رَاٰيَا فَلَمْ يُعَنِّفُوْهُمَا فِيْمَا حَكَمَا بِهٖ مِنْ ذٰلِكَ اِذْ كَانَ الرَّاْيُ فِي ذٰلِكَ وَاسِعًا وَ الْاِجْتِهَادُ لِلنَّاسِ جَمِيْعًا فَاَدّٰى اَبَا بَكْرٍ وَ عُمَرَ رَاْيُهُمَا فِي ذٰلِكَ اِلٰى مَا رَاٰيَا وَحَكَمَا وَاَدّٰى غَيْرُهُمَا مِمَّنْ خَالَفَهُمَا اِجْتِهَادُهٗ فِي ذٰلِكَ اِلٰى مَا رَاٰهُ وَكُلٌّ مَاجُوْرٌ فِي اِجْتِهَادِهٖ فِي ذٰلِكَ مُثَابٌ مُؤَدٍّ لِلْفَرْضِ الَّذِيْ عَلَيْهِ وَلَمْ يُنْكِرْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ قَوْلَهٗ لِاَنَّ مَا خَالَفَ اِلَيْهِ وَهُوَ رَاْيٌ وَالَّذِيْ قَالَهٗ مُخَالِفُهٗ هُوَ رَاْيٌ اَيْضًا وَلَا تَوْقِيْفَ مَعَ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا لِقَوْلِهٖ مِنْ كِتَابٍ وَّلَا سُنَّةٍ وَلَا اِجْمَاعٍ۔

ہو سکتا تھا جب کہ وہ دونوں عادل امام تھے ان کی ایک رائے تھی جس پر انہوں نے فیصلہ کیا تو انہوں نے اس سلسلے میں وہی کچھ کیا جس کا ان کو مکلف بنایا گیا تھا۔

البتہ دوسرے صحابہ کرام کی رائے ان کے خلاف تھی لیکن انہوں نے ان پر سختی نہیں کی کیونکہ اس میں رائے کی گنجائش تھی اور اجتہاد کی بھی سب کو اجازت تھی چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے ایک رائے اختیار کی اور فیصلہ کیا لیکن ان مخالفین نے ایک دوسری رائے اختیار کی جو ان کے اجتہاد کا تقاضا تھا اور یہ تمام حضرات اپنے ہر اجتہاد کا اجر و ثواب پائیں گے انہوں نے اپنی ذمہ داری کو پورا کیا لہذا انہوں نے ایک دوسرے پر اعتراض نہیں کیا کیونکہ اس کی بھی ایک رائے ہے اور ان میں سے کسی ایک کو بھی قرآن و سنت اور اجماع سے صریح نص حاصل نہیں۔

وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَدْ كَانَا خُوْلِفَا فِيْمَا رَاٰيَا مِنْ ذٰلِكَ قَوْلُ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَدْ كُنَّا نَرٰى اَنَّا نَحْنُ هُمْ قَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا فَاَخْبَرَ اَنَّهُمْ قَدْ رَاَوْا فِي ذٰلِكَ رَاْيًا اَبَاهُ عَلَيْهِمْ قَوْمُهُمْ وَاَنَّ عُمَرَ دَعَاهُمْ اِلٰى اَنْ يُّزَوِّجَ مِنْهُ اَيِّمَتَهُمْ وَيَكْسُوَا مِنْهُ عَارِيَهُمْ قَالَ فَاَبَيْنَا عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يُّسَلِّمَهٗ لَنَا كُلَّهٗ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّهُمْ قَدْ كَانُوْا عَلٰى هٰذَا الْقَوْلِ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ بَعْدَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّ اَنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوْا نَزَعُوْا عَمَّا كَانُوْا رَاَوْا مِنْ ذٰلِكَ

اس بات کی دلیل کہ اس سلسلے میں حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کی رائے کی مخالفت کی گئی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے وہ فرماتے ہیں ہم خیال کیا کرتے تھے کہ ہم ہی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار ہیں تو ہماری قوم نے اس بات کا انکار کیا۔ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ اس سلسلے میں ان کی قوم نے ان کی رائے کی مخالفت کی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو دعوت دی کہ وہ اس حصے میں سے ان کی بیوہ عورتوں کا نکاح کر دیں اور ان کے بے لباس لوگوں کو لباس پہنائیں وہ فرماتے ہیں ہم نے صرف اس بات کو تسلیم کیا کہ وہ تمام مال ہمیں عطا فرمائیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت عمر

لِرَأْيِ أَبِي بَكْرٍ وَلَا رَأْيِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا فَدَلَّ مَا ذَكَرْنَا أَنَّ حُكْمَ ذٰلِكَ كَانَ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعِنْدَ سَائِرِ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَحُكْمِ الْأَشْيَاءِ الَّتِي تَخْتَلِفُ فِيْهَا الَّتِي يَسَعُ فِيْهَا اجْتِهَادُ الرَّأْيِ۔

۹۵۴- وَأَمَّا قَوْلُهُمْ ثُمَّ أَفْضَى الْأَمْرُ إِلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلَمْ يُغَيِّرْ شَيْئًا مِّنْ ذٰلِكَ عَمَّا كَانَ وَضَعَهُ عَلَيْهِ أَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالُوْا فَذٰلِكَ دَلِيْلٌ عَلٰى أَنَّهُ قَدْ كَانَ رَأٰى فِي ذٰلِكَ أَيْضًا مِثْلَ الَّذِي رَأَيَا فَلَيْسَ ذٰلِكَ كَمَا ذَكَرُوْا لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بَقِيَ فِي يَدِ عَلِيٍّ مِمَّا كَانَ وَقَعَ فِي يَدِ أَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ لِأَنَّهُمَا لَمَّا كَانَ ذٰلِكَ وَقَعَ فِي أَيْدِيْهِمَا أَنْفَذَاهُ فِي وُجُوْهِهِ الَّتِي رَأَيَاهَا فِي ذٰلِكَ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِمَا ثُمَّ أَفْضَى الْأَمْرُ إِلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَلَمْ يُعْلَمْ أَنَّهُ سَبٰى أَحَدًا وَلَا ظَهَرَ عَلٰى أَحَدٍ مِّنَ الْعَدُوِّ وَلَا غَنِمَ غَنِيْمَةً يَجِبُ فِيْهَا خُمُسٌ لِلّٰهِ لِأَنَّهُ إِنَّمَا كَانَ شَغَلَهُ فِي خِلَافَتِهِ كُلِّهَا بِقِتَالِ مَنْ خَالَفَهُ مِمَّنْ لَا يُسْبٰى وَلَا يُغْنَمُ وَإِنَّمَا يُحْتَجُّ بِقَوْلِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي ذٰلِكَ لَوْ سَبٰى وَغَنِمَ فَفَعَلَ فِي ذٰلِكَ مِثْلَ مَا كَانَ أَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ فَعَلَا فِي الْأَخْمَاسِ وَأَمَّا إِذْ لَمْ يَكُنْ سَبْيٌ وَلَا غَنَمٌ فَلَا حُجَّةَ لِأَحَدٍ فِي تَغْيِيْرِ مَا كَانَ فُعِلَ قَبْلَهُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَوْ كَانَ بَقِيَ فِي يَدِهٖ مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ مِمَّا كَانَ غَنِمَهُ مَنْ قَبْلَهُ فَحَرَمَهُ ذَوِي قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كَانَ فِي ذٰلِكَ أَيْضًا حُجَّةٌ تَدُلُّ عَلٰى مَذْهَبِهٖ فِي ذٰلِكَ كَيْفَ كَانَ لِأَنَّ

فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں بھی اسی بات پر قائم رہے اور انہوں نے حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی رائے کی وجہ سے اپنی رائے کو نہ چھوڑا تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس کا حکم حضرت صدیق اکبر، حضرت عمر فاروق اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نزدیک ان اشیاء کی طرح تھا جن میں اختلاف کیا جاتا ہے اور ان میں اجتہاد کی گنجائش ہوتی ہے

ان کا یہ کہنا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں اس طریق کار میں کوئی تبدیلی نہیں کی جو حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے وضع کیا تھا یہ حضرات فر[مات]ے کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس سلسلے میں حضرت علی المرتضیٰ [رضی] اللہ عنہ کی رائے بھی وہی تھی جو ان دونوں حضرات کی تھی لیکن یہ بات اس طرح نہیں جس طرح انہوں نے ذکر کی ہے کیونکہ جو کچھ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے پاس تھا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے قبضے میں نہیں تھا کیونکہ جو کچھ ان کو حاصل ہوا انہوں نے اپنی رائے کے مطابق جہاں مناسب سمجھا خرچ کیا پھر جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو خلافت حاصل ہوئی تو معلوم نہیں کہ انہوں نے کسی کو قیدی بنایا یا کسی دشمن پر کامیابی حاصل کی نہ انہوں نے ایسی غنیمت حاصل کی جس میں خمس واجب ہوتا ہے کیونکہ ان کا تمام دور خلافت ان مخالفین کے خلاف لڑائی میں گزرا جن سے نہ کوئی قیدی بنایا گیا اور نہ مال غنیمت حاصل ہوا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے قول کی ضرورت تو تب ہوتی جب انہوں نے کسی کو قیدی بنایا ہوتا اور مال غنیمت حاصل کیا ہوتا اور آپ اس میں وہ عمل کرتے جو حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہما نے خمس میں کیا لیکن جب قیدی اور غلام نہ تھے تو کوئی شخص اس بات کو دلیل نہیں بنا سکتا کہ پہلے سے جاری عمل میں تبدیلی کی گئی۔ اگر ان کے پاس پہلے سے چلا ہوا غنیمت میں سے کچھ مال ہوتا پھر وہ اسے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں پر حرام کرتے تو بھی یہ بات ان کے مذہب کی دلیل نہ بنتی اور یہ کیسے دلیل بن سکتی ہے جب کہ یہ مال ان تک اس وقت پہنچا جب پہلے امام کی طرف سے اس میں حکم

ذٰلِكَ اِنَّمَا صَارَ اِلَيْهِ بَعْدَ مَا نَفَذَ فِيْهِ الْحُكْمُ مِنَ الْاِمَامِ الَّذِيْ كَانَ قَبْلَهٗ فَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ اِبْطَالُ ذٰلِكَ الْحُكْمِ وَاِنْ كَانَ هُوَ يَرٰى خِلَافَهٗ لِاَنَّ ذٰلِكَ الْحُكْمَ مِمَّا يَخْتَلِفُ فِيْهِ الْعُلَمَآءُ وَلَوْ كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَاٰى فِيْ ذٰلِكَ مَا كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رَاَيَاهُ فِيْ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَدْ خَالَفَهٗ لِقَوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كُنَّا نَرٰى اِنَّا نَحْنُ هُمْ فَاَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا فَهٰذِهٖ جَوَابَاتُ الْحُجَجِ الَّتِيْ احْتَجَّ بِهَا الَّذِيْنَ نَفَوْا سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى اَنْ يَكُوْنَ وَاجِبًا لَهُمْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا فِيْ حَيَاتِهٖ وَاَنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ ذٰلِكَ كَسَائِرِ الْفُقَرَآءِ فَبَطَلَ هٰذَا الْمَذْهَبُ فَثَبَتَ اَحَدُ الْمَذَاهِبِ الْاُخَرِ۔

نافذ ہو گیا اب انہیں اس کو باطل کرنے کا حق نہ تھا اگرچہ ان کی رائے اس کی خلاف بھی ہوتی لیکن اس حکم میں علماء کا اختلاف ہے اور اگر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی رائے حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی رائے کے موافق ہوتی تو یہاں مخالف حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اس قول کے موافق کہتا کہ ہم اپنے آپ کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار خیال کرتے تھے لیکن قوم نے اس سلسلے میں ہماری بات نہ مانی تو جو لوگ سرکار دو عالم کی حیات طیبہ اور وصال کے بعد آپ کے قرابت دار ول کے حصہ کی نفی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ باقی فقراء کی طرح ہیں تو ان کے دلائل کے یہ جوابات ہیں پس یہ مذہب باطل ہو گیا اور دوسرے دو میں سے ایک مذہب ثابت ہوا۔

فَاَرَدْنَا اَنْ نَّنْظُرَ فِيْ قَوْلِ مَنْ جَعَلَ لِقَرَابَةِ الْخَلِيْفَةِ مِنْ بَعْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ سَهْمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْخَلِيْفَةِ مِنْ بَعْدِهٖ هَلْ لِذٰلِكَ وَجْهٌ فَرَاَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ فُضِّلَ بِسَهْمِ الصَّفِيِّ وَبِخُمُسِ الْخُمُسِ وَجُعِلَ لَهٗ مَعَ ذٰلِكَ فِي الْغَنِيْمَةِ سَهْمٌ كَسَهْمِ رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثُمَّ رَاَيْنَاهُمْ قَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ سَهْمَ الصَّفِيِّ لَيْسَ لِاَحَدٍ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّ حُكْمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فِيْ ذٰلِكَ خِلَافُ حُكْمِ الْاِمَامِ مِنْ بَعْدِهٖ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَيْضًا اَنَّ حُكْمَهٗ فِيْ خُمُسِ الْخُمُسِ خِلَافُ حُكْمِ الْاِمَامِ مِنْ بَعْدِهٖ ثَبَتَ اَنَّ حُكْمَهٗ فِيْمَا

تو ہم نے ارادہ کیا کہ اس شخص کے قول کو دیکھیں جس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سے خلیفہ کے قرابت داروں کے لیے قرار دیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ خلیفہ کے لیے مقرر کیا کیا اس کی کوئی دلیل ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ آپ کو ایک صاف (خالص) حصے اور خمس کے پانچویں حصے کے ساتھ فضیلت حاصل تھی اس کے علاوہ مال غنیمت میں دوسرے مسلمانوں کی طرح آپ کا حصہ تھا پھر ہم دیکھتے ہیں اس بات پر سب متفق ہیں کہ جو خالص حصہ ہے وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو ملے گا اور اس سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم بعد والے حکمرانوں کے خلاف ہے اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ خمس کے پانچویں حصے کے سلسلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم بعد والے حکمرانوں کے حکم کے خلاف ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ جو کچھ ہم نے بیان کیا اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم بعد والے حکمرانوں کے احکام

وَصَفْنَاهُ خِلَافُ حُكْمِ الْإِمَامِ مِنْ بَعْدِهٖ فَثَبَتَ أَنَّ حُكْمَ قَرَابَتِهٖ فِيْ ذٰلِكَ خِلَافُ حُكْمِ قَرَابَةِ الْإِمَامِ مِنْ بَعْدِهٖ فَثَبَتَ أَحَدُ الْقَوْلَيْنِ مِنَ الْآخَرَيْنِ۔

فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ فَإِذَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ وَاعْلَمُوْا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ فَكَانَ سَهْمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَارِيًا لَهٗ مَا كَانَ حَيًّا إِلٰى أَنْ مَاتَ وَانْقَطَعَ بِمَوْتِهٖ وَكَانَ سَهْمُ الْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ۔

ثُمَّ اخْتَلَفُوْا فِيْ سَهْمِ ذِي الْقُرْبٰى فَقَالَ قَوْمٌ هُوَ لَهُمْ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا كَانَ لَهُمْ فِيْ حَيَاتِهٖ وَقَالَ قَوْمٌ قَدِ انْقَطَعَ عَنْهُمْ بِمَوْتِهٖ وَكَانَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ جَمَعَ كُلَّ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ وَلِذِي الْقُرْبٰى فَلَمْ يَخُصَّ أَحَدًا مِنْهُمْ دُوْنَ أَحَدٍ ثُمَّ قَسَمَ ذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطٰى مِنْهُمْ بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ خَاصَّةً وَحَرَمَ بَنِيْ أُمَيَّةَ وَبَنِيْ نَوْفَلٍ وَقَدْ كَانُوْا مَحْصُوْرِيْنَ مَعْدُوْدِيْنَ وَفِيْمَنْ أَعْطَى الْغَنِيَّ وَالْفَقِيْرَ وَفِيْمَنْ حَرَمَ كَذٰلِكَ فَثَبَتَ أَنَّ ذٰلِكَ السَّهْمَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَهٗ فِيْ أَيِّ قَرَابَتِهٖ شَاءَ فَصَارَ بِذٰلِكَ حُكْمُهٗ حُكْمَ سَهْمِهِ الَّذِيْ كَانَ يَصْطَفِيْ لِنَفْسِهٖ فَكَمَا

سے مختلف ہے پس ثابت ہوا کہ آپ کی قرابت کا حکم بھی بعد والے حکمرانوں کی قرابت کے حکم سے مختلف ہے پس پچھلے دو قولوں میں سے ایک قول ثابت ہوا۔

پس ہم نے اس میں غور کیا تو دیکھا ارشاد خداوندی ہے اور جان لو! جو کچھ تم مالِ غنیمت حاصل کرو تو اللہ تعالیٰ اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے اس کا پانچواں حصہ ہے تو جب تک سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم (ظاہری زندگی کے ساتھ) زندہ رہے آپ کا حصہ جاری رہا حتیٰ کہ آپ کا انتقال ہوگیا اور آپ کے وصال کے ساتھ ہی یہ حصہ منقطع ہوگیا اور یتیموں، مساکین اور مسافروں کا حصہ، آپ کی وفات کے بعد اسی طرح رہا جیسے پہلے تھا۔

پھر قرابت داروں کے حصے میں اختلاف ہوا ایک جماعت نے کہا کہ وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بھی ان کو ملے گا جیسا کہ آپ کی حیات طیبہ میں ان کے لیے تھا جب کہ دوسری جماعت یہ کہتی ہے کہ آپ کے وصال کی وجہ سے وہ ختم ہوگیا اور اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام رشتہ داروں کو "ولذی القربیٰ" میں جمع فرمایا اور ان میں سے کسی کو مخصوص نہیں کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حصہ تقسیم فرمایا تو ان میں سے بنو ہاشم اور بنو مطلب کو دیا جبکہ بنو امیہ اور بنو نوفل کو محروم رکھا حالانکہ وہ چند گنتی کے افراد تھے اور جن کو آپ نے عطا فرمایا ان میں مالدار بھی تھے اور محتاج بھی اور جن کو نہیں دیا ان کا بھی یہی حال تھا تو اس سے ثابت ہوا کہ یہ حصہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تھا پس آپ نے جس رشتہ دار کو دینا چاہا عطا فرمایا تو اس طرح اس کا حکم آپ کے اس حصے کی طرح ہوگیا جو خالصتاً آپ کے لیے تھا تو جس طرح آپ کی وفات سے وہ حصہ ختم ہوگیا آپ کے بعد کسی کے

كَانَ ذٰلِكَ مُرْتَفِعًا بِوَفَاتِهٖ غَيْرَ وَاجِبٍ لِاَحَدٍ مِنْ بَعْدِهٖ كَانَ هٰذَا اَيْضًا كَذٰلِكَ مُرْتَفِعًا بِوَفَاتِهٖ غَيْرَ وَاجِبٍ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

لیے واجب نہیں اسی طرح آپ کے وصال سے یہ حصہ بھی اُٹھ گیا اور آپ کے بعد کسی کے۔لیے واجب نہیں، حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

بَابُ ٢٣ النَّفْلِ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنْ قِتَالِ الْعَدُوِّ وَاِحْرَازِ الْغَنِيْمَةِ

دشمن کے ساتھ لڑائی سے فراغت اور مال غنیمت جمع کرنے کے بعد غنیمت لینے کا حکم

٩٥٥ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سُلَيْمٰنَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ مَسْلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَلَ فِيْ بِدَايَتِهٖ الرُّبُعَ وَفِيْ رَجْعَتِهٖ الثُّلُثَ۔

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شروع میں چوتھا حصہ اور واپسی پر تیسرا حصہ لیتے تھے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْاِمَامَ لَهٗ اَنْ يَّنْتَفِلَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ مَا اَحَبَّ بَعْدَ اِحْرَازِهٖ اِيَّاهَا قَبْلَ اَنْ يَّقْسِمَهَا كَمَا كَانَ لَهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَيْسَ لِلْاِمَامِ اَنْ يَّنْفُلَ بَعْدَ اِحْرَازِ الْغَنِيْمَةِ اِلَّا مِنَ الْخُمُسِ فَاَمَّا مِنْ غَيْرِ الْخُمُسِ فَلَا لِاَنَّ ذٰلِكَ قَدْ مَلَكَتْهُ الْمُقَاتِلَةُ فَلَا سَبِيْلَ لِلْاِمَامِ عَلَيْهِ وَقَالُوْا قَدْ يَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْفُلُهٗ فِي الرَّجْعَةِ هُوَ ثُلُثُ الْخُمُسِ بَعْدَ الرُّبُعِ الَّذِيْ نَفَلَهٗ كَانَ فِي الْبَدَاءَةِ فَلَا يَخْرُجُ مِمَّا قُلْنَا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ مال غنیمت اکٹھا کرنے کے بعد اور تقسیم سے پہلے امام جس قدر چاہے لے سکتا ہے جیسا کہ اسے اس سے پہلے لینے کا حق ہے انہوں نے اس سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ مال غنیمت اکٹھا کرنے کے بعد وہ صرف پانچواں حصہ لے سکتا ہے اس کے علاوہ نہیں لے سکتا کیونکہ یہ مال، جہاد کرنے والوں کی ملکیت ہے لہٰذا اس میں امام کا کوئی دخل نہیں وہ حضرات فرماتے ہیں کہ ممکن ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ واپسی پر لیتے تھے وہ پانچویں حصے کا تہائی ہو اور پہلے چوتھا حصہ لیتے ہوں اور یہ ہمارے قول سے خارج نہیں۔

فَقَالَ لَهُمُ الْاٰخَرُوْنَ اِنَّ الْحَدِيْثَ اِنَّمَا جَاءَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْفُلُ فِي الْبَدَاءَةِ الرُّبُعَ وَفِيْ

پہلے قول والے حضرات جواب دیتے ہیں کہ حدیث میں آیا ہے آپ شروع میں چوتھا حصہ اور واپسی پر تیسرا حصہ لیتے تھے اور آپ

الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ وَكَمَا كَانَ الرُّبُعَ الَّذِي كَانَ الرُّبُعَ يَنْفُلُهُ فِي الْبَدَاءَةِ هُوَ الرُّبُعُ قَبْلَ الْخُمُسِ فَكَذَلِكَ الثُّلُثُ الَّذِي كَانَ يَنْفُلُهُ فِي الرَّجْعَةِ هُوَ الثُّلُثُ أَيْضًا قَبْلَ الْخُمُسِ وَإِلَّا لَمْ يَكُنْ لِذِكْرِ الثُّلُثِ مَعْنًى۔

ابتداء میں جو چوتھا حصہ لیتے تھے وہ خمس سے پہلے ہوتا تھا اسی طرح جو تہائی حصہ آپ واپسی پر لیتے تھے وہ بھی خمس نکالنے سے پہلے ہوگا ورنہ تہائی حصے کے ذکر کا کوئی مطلب نہیں بنتا۔

قِيلَ لَهُمْ بَلْ لَهُ مَعْنًى صَحِيحٌ وَذَلِكَ أَنَّ الْمَذْكُورَ مِنْ نَفْلِهِ فِي الْبَدَاءَةِ هُوَ الرُّبُعُ مِمَّا يَجُوزُ لَهُ النَّفَلُ مِنْهُ فَكَذَلِكَ نَفْلُهُ فِي الرَّجْعَةِ هُوَ الثُّلُثُ مِمَّا يَجُوزُ لَهُ النَّفَلُ مِنْهُ وَهُوَ الْخُمُسُ۔

ان سے کہا جائے گا کہ ایسا نہیں بلکہ اس کا صحیح مفہوم ہے وہ یہ کہ ابتداء میں جس چوتھے حصے کا ذکر ہے یہ اس مال میں سے ہے جس سے آپ کے لیے لینا جائز تھا اسی طرح واپسی پر تیسرا حصہ بھی اس میں سے ہوگا جس سے آپ کے لیے لینا جائز تھا اور وہ خمس (پانچواں حصہ) ہے۔

۹۵۶۔ وَقَالَ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُولَى فَقَدْ رُوِيَ حَدِيثُ حَبِيبٍ هَذَا بِلَفْظٍ يَدُلُّ عَلَى مَا قُلْنَا فَذَكَرُوا مَا حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ عَنْ حَبِيبِ ابْنِ مَسْلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْفُلُ فِي الْبَدَاءَةِ الرُّبُعَ وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ۔

پہلے قول والے فرماتے ہیں کہ یہ حضرت حبیب کی روایت ایسے الفاظ کے ساتھ بھی مروی ہے جو ہماری اس بات پر دلالت کرتے ہیں۔

وہ فرماتے ہیں حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شروع میں چوتھا حصہ لیتے اور واپسی پر خمس کے بعد تیسرا حصہ لیتے تھے۔

۹۵۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَلَ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ۔

ایک دوسرے طریق سے حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پانچویں حصہ کے بعد تہائی حصہ لیتے تھے۔

۹۵۸۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ وَعَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْفُلُ فِي الْغَزْوِ الرُّبُعَ

ایک اور طریق سے حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کے موقع پر خمس کے بعد چوتھا حصہ لیتے اور جب واپس لوٹتے تو خمس کا تیسرا حصہ لیتے تھے۔

بَعْدَ الْخُمُسِ وَيُنَفِّلُ إِذَا قَفَلَ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

قَالُوْا فَدَلَّ مَا ذَكَرْنَا أَنَّ ذٰلِكَ الثُّلُثَ الَّذِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُ فِي الرَّجْعَةِ هُوَ الثُّلُثُ بَعْدَ الْخُمُسِ۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپسی پر غنیمت کا جو تہائی حصہ دیتے تھے وہ خمس کے بعد کا تہائی ہوتا تھا۔

۹۵۹۔ **قِيْلَ** لَهُمْ قَدْ يَحْتَمِلُ هٰذَا أَيْضًا مَا ذَكَرْنَا وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ أَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ أَبِيْ سَلَّامٍ عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُهُمْ إِذَا خَرَجُوْا بَادِيْنَ الرُّبُعَ وَيُنَفِّلُهُمْ إِذَا قَفَلُوا الثُّلُثَ۔

ان سے کہا جائے گا کہ اس میں اس بات کا بھی احتمال ہے جو ہم نے ذکر کی ہے انہوں نے اس سلسلے میں اس روایت سے بھی استدلال کیا ہے حضرت ابوامامہ باھلی حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب وہ شروع میں نکلتے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو چوتھا حصہ دیتے اور جب واپس لوٹتے تو تیسرا حصہ دیتے۔

قِيْلَ لَهُمْ وَهٰذَا الْحَدِيْثُ أَيْضًا قَدْ يَحْتَمِلُ مَا احْتَمَلَهٗ حَدِيْثُ حَبِيْبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الَّذِيْ أَرْسَلَهٗ أَكْثَرُ النَّاسِ عَنْ مَكْحُوْلٍ أَنَّهٗ كَانَ يُنَفِّلُ فِي الْبَدْأَةِ الرُّبُعَ وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ۔

ان کو کہا جائے گا کہ اس حدیث میں بھی وہی احتمال ہے جو حبیب بن مسلمہ کی اس روایت میں احتمال ہے جسے مکحول سے اکثر لوگوں نے مرسل روایت کیا ہے[1] کہ آپ ابتداء میں چوتھا حصہ لیتے اور واپسی پر تہائی حصہ لیتے۔

وَقَدْ يَجُوْزُ أَيْضًا أَنْ يَكُوْنَ عُبَادَةُ عَنٰى بِقَوْلِهٖ وَيُنَفِّلُهُمْ إِذَا قَفَلُوا الثُّلُثَ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ عَلٰى قُفُوْلٍ مِنْ قِتَالٍ إِلٰى قِتَالٍ فَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ وَكَانَ الثُّلُثُ الْمُنَفَّلُ هُوَ الثُّلُثُ قَبْلَ الْخُمُسِ فَذٰلِكَ جَائِزٌ عِنْدَنَا أَيْضًا لِأَنَّهٗ يُرْجٰى بِذٰلِكَ صَلَاحُ الْقَوْمِ وَتَحْرِيْضُهُمْ عَلٰى قِتَالِ عَدُوِّهِمْ فَأَمَّا إِذَا كَانَ الْقِتَالُ قَدِ انْقَطَعَ فَلَا يَجُوْزُ النَّفَلُ لِأَنَّهٗ لَا مَنْفَعَةَ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْ ذٰلِكَ۔

ہو سکتا ہے حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اس قول کہ آپ ان کو واپسی پر تیسرا حصہ دیتے، سے ایک جنگ سے دوسری جنگ کی طرف لوٹنا مراد لیا ہو۔ اگر یہ بات اسی طرح ہے اور غنیمت کا جو تہائی حصہ دیا گیا اس سے خمس سے پہلے کا تہائی مراد ہے تو ہمارے نزدیک یہ بات بھی جائز ہے کیونکہ اس سے قوم کی بہتری کی امید کی جا سکتی ہے اور انہیں دشمنوں سے لڑنے کی رغبت دی جاتی ہے لیکن جب لڑائی نہ ہو رہی ہو تو مال غنیمت میں سے دینا جائز نہیں کیونکہ اس میں مسلمانوں کا کوئی فائدہ نہیں۔

[1] مرسل وہ حدیث ہوتی جہاں تابعی، صحابی کو چھوڑ کر براہ راست حضور علیہ السلام سے روایت کرے۔

۹۶۰ - وَاحْتَجَّ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى لِقَوْلِهِمْ اَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ قَالَا ثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا قَرُبْنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَمَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ فَشَنَنَّا الْغَارَةَ عَلَيْهِمْ فَنَفَلَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ اِمْرَاَةً مِّنْ فَزَارَةَ اَتَيْتُ بِهَا مِنَ الْغَارَةِ فَقَدِمْتُ بِهَا الْمَدِيْنَةَ فَاسْتَوْهَبَهَا مِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَهَبْتُهَا لَهٗ فَفَادٰى بِهَا اُنَاسًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

پہلے قول والوں نے اپنے موقف پر اس حدیث سے بھی استدلال کیا ہے حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب ہم مشرکین کے قریب ہوئے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ہمیں حکم دیا تو ہم نے ان پر اچانک حملہ کر دیا تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مجھے قبیلہ فزارہ کی ایک عورت بطور غنیمت عطا فرمائی جسے میں لوٹ مار سے لایا تھا میں اسے مدینہ طیبہ لایا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ... کرنے کا حکم دیا چنانچہ میں نے وہ عورت آپ کو ہبہ کر دی تو آپ نے کئی مسلمانوں کے بدلے میں اسے (اس کی قوم کو) دیا۔

فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ فِيْ ذٰلِكَ لِلْاٰخَرِيْنَ عَلَيْهِمْ اَنَّهٗ لَمْ يُذْكَرْ فِيْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَانَ نَفَّلَ سَلَمَةَ قَبْلَ اِنْقِطَاعِ الْحَرْبِ اَوْ بَعْدَ انْقِطَاعِهَا فَلَا حُجَّةَ فِيْ ذٰلِكَ۔

دوسرے حضرات اس حدیث سے پہلے قول والوں کے خلاف یوں استدلال کرتے ہیں کہ اس حدیث میں یہ بات مذکور نہیں کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے لڑائی ختم ہونے سے [illegible] پہلے وہ عورت انہیں دی یا [illegible]ں سے بعد دی لہٰذا یہ حدیث دلیل نہیں بن سکتی۔

۹۶۱ - وَاحْتَجُّوْا لِقَوْلِهِمْ [illegible] اَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا [illegible] مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً فِيْهَا ابْنُ عُمَرَ فَغَنِمُوْا غَنَائِمَ كَثِيْرَةً فَكَانَتْ غَنَائِمُهُمْ لِكُلِّ اِنْسَانٍ اِثْنَيْ عَشَرَ بَعِيْرًا وَنَفَّلَ كُلَّ اِنْسَانٍ مِّنْهُمْ بَعِيْرًا بَعِيْرًا سِوٰى ذٰلِكَ۔

انہوں نے اپنے مذہب پر اس حدیث سے بھی استدلال کیا ہے حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چھوٹا لشکر بھیجا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی اس میں شامل تھے انہیں بہت سا مال غنیمت ملا چنانچہ ہر آدمی کو بارہ بارہ اونٹ ملے اس کے علاوہ بھی ان سب کو ایک ایک اونٹ ملا۔

---

۹۶۲ - قَالُوْا فَهٰذَا ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُخْبِرُ اَنَّهُمْ قَدْ نُفِّلُوْا بَعْدَ سِهَامِهِمْ بَعِيْرًا بَعِيْرًا فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

تو یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں جو بتاتے ہیں کہ انہوں نے اپنے حصے سے زائد ایک ایک اونٹ حاصل کیا اور سرکار دو عالم نے ان پر کوئی اعتراض نہیں فرمایا۔

قِيْلَ لَهُمْ مَا لَكُمْ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

ان سے کہا جائے گا کہ اس حدیث میں تمہارے لیے کوئی

مِنْ حُجَّةٍ وَهُوَ اِلَى الْحُجَّةِ عَلَيْكُمْ اَقْرَبُ مِنْهُ اِلَى الْحُجَّةِ لَكُمْ لِاَنَّهٗ فِيْهِ فَبَلَغَتْ سُهْمَانُهُمْ اِثْنَیْ عَشَرَ بَعِيْرًا وَّنُفِّلُوْا بَعِيْرًا بَعِيْرًا۔

فَفِیْ ذٰلِكَ دَلِيْلٌ اَنَّ مَا نُفِّلُوْا مِنْهُ مِنْ ذٰلِكَ كَانَ مِنْ غَيْرِ مَا كَانَتْ فِيْهِ سُهْمَانُهُمْ وَهُوَ الْخُمُسُ فَلَا حُجَّةَ لَكُمْ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ فِی النَّفْلِ مِنْ غَيْرِ الْخُمُسِ۔

فَلَمَّا لَمْ يَكُنْ فِیْ شَیْءٍ مِّمَّا احْتَجَّ بِهٖ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰی لِقَوْلِهِمْ مِنَ الْاٰثَارِ مَا يَجِبُ بِهٖ مَا قَالُوْا اَرَدْنَا اَنْ نَّنْظُرَ فِيْمَا احْتَجَّ بِهٖ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُخْرٰی لِقَوْلِهِمْ مِّنَ الْاٰثَارِ اَيْضًا فَنَظَرْنَا فِیْ ذٰلِكَ فَاِذَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْحَارِثِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰی عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ اَبِیْ سَلَّامٍ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَبَرَةً مِّنْ جَنْبِ بَعِيْرٍ ثُمَّ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ لَا يَحِلُّ لِیْ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ اِلَّا الْخُمُسَ وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ فِيْكُمْ فَاَدُّوا الْخَيْطَ وَالْمَخِيْطَ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الْاَنْفَالَ وَقَالَ لِيَرُدَّ قَوِیُّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰی ضَعِيْفِهِمْ۔

۴۹۶۔ اَفَلَا تَرٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِیْ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ اِلَّا الْخُمُسَ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَا سِوَی الْخُمُسِ مِنَ الْغَنَائِمِ لِلْمُقَاتِلَةِ لَا حُكْمَ لِلْاِمَامِ فِیْ ذٰلِكَ ثُمَّ كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

دلیل نہیں بلکہ تمہارے حق میں ہونے کی بجائے اس کا تمہارے خلاف ہونا زیادہ مناسب ہے کیونکہ اس میں یوں ہے کہ بارہ بارہ اونٹ ان کے حصے میں آئے اور پھر بطور غنیمت ایک ایک اونٹ مزید ملا۔

تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ انہوں نے اس میں سے جو کچھ حاصل کیا وہ ان کے حصے یعنی خمس کے علاوہ تھا پس تمہارے لیے اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ زائد مال غیر خمس میں سے ہے۔

تو جب پہلے قول والوں کے لیے اپنے موقف پر پیش کردہ روایات میں اس بات پر کوئی دلیل نہیں کہ جو کچھ وہ کہتے ہیں وہ واجب ہے تو ہم نے ارادہ کیا کہ دوسرے قول والوں نے جن روایات سے استدلال کیا ہے ان کو دیکھیں چنانچہ ہم نے ان کو دیکھا حضرت ابو امامہ باہلی، حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ حنین کے دن اونٹ کے پہلو سے اُون لی پھر فرمایا اے لوگو! جو کچھ اللہ تعالیٰ تمہیں غنیمت عطا فرمائے اس میں سے میرے لیے خمس کے علاوہ کچھ بھی حلال نہیں اور خمس بھی تمہاری طرف لوٹا دیا جاتا ہے لہٰذا تم سوئی اور دھاگہ ادا کردو۔ (یعنی اگر تمہارے پاس مال غنیمت میں سے اتنا بھی ہے تو جمع کرا دو) راوی فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مال غنیمت کو پسند نہیں فرماتے تھے اور آپ نے فرمایا مالدار مومنوں کو چاہیے کہ کمزور (نادار) لوگوں کی طرف لوٹا دیں۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال غنیمت عطا فرمایا اس میں سے میرے لیے صرف خمس جائز ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ غنیمت میں سے خمس کے علاوہ مجاہدین کے لیے ہے اس میں امام کا حکم جاری نہیں ہوتا پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْاَنْفَالَ وَقَالَ لِیَرُدَّ قَوِیُّ الْمُسْلِمِیْنَ عَلٰی ضَعِیْفِھِمْ اَیْ لَا یَفْضُلُ اَحَدٌ مِّنْ اَقْوِیَاءِ الْمُؤْمِنِیْنَ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ لِقُوَّتِہٖ عَلٰی ضَعِیْفِھِمْ لِضُعْفِہٖ وَیَسْتَوُوْنَ فِیْ ذٰلِکَ وَاسْتَحَالَ اَیْضًا اَنْ یَّکُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَفَلَ مِنَ الْاَنْفَالِ مَا کَانَ یَکْرَہُ فَکَانَ النَّفَلُ الَّذِیْ لَیْسَ بِمَکْرُوْہٍ ھُوَ النَّفَلُ فِی الْخُمُسِ فَثَبَتَ بِذٰلِکَ اَنَّ مَا کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَفَلَہٗ مِمَّا رَوَاہُ عُبَادَۃُ عَنْہُ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ ھُوَ مِنَ الْخُمُسِ۔

وسلم نے مالِ غنیمت (لینا) ناپسند فرمایا اور فرمایا کہ مالدار مسلمان کمزوروں کی طرف لوٹا دیں یعنی اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جو مال غنیمت عطا فرمایا اس میں طاقت والوں کو ان کی طاقت کی وجہ سے کمزوروں پر ان کی کمزوری کے باعث کوئی فضیلت نہیں بلکہ اس سلسلے میں وہ سب برابر ہیں اور یہ بات بھی محال ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکروہ جانتے کے باوجود مال غنیمت میں سے لیتے ہوں پس جو مال لینا مکروہ نہ تھا وہ خمس میں سے ہے تو ثابت ہوا کہ اس حدیث میں حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے جس زائد مالِ غنیمت کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کیا ہے وہ خمس میں سے تھا۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیْضًا مَا یَدُلُّ عَلٰی صِحَّۃِ ھٰذَا الْمَذْھَبِ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مذہب کی صحت پر دلالت کرنے والی حدیث بھی مروی ہے۔

۹۶۵- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سَھْلُ بْنُ بَکَّارٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَۃَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ عَنْ اَبِی الْجُوَیْرِیَۃِ عَنْ مَعْنِ بْنِ یَزِیْدَ السُّلَمِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا نَفَلَ اِلَّا بَعْدَ الْخُمُسِ۔

حضرت معن بن یزید سلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا نفل (زائد مال) خمس کے بعد ہی ہوتا ہے۔

وَمَعْنٰی قَوْلِہٖ اِلَّا بَعْدَ الْخُمُسِ عِنْدَنَا وَاللّٰہُ اَعْلَمُ اَیْ حَتّٰی یُقْسَمَ الْخُمُسُ وَاِذَا قُسِمَ الْخُمُسُ انْفَرَدَ حَقُّ الْمُقَاتِلَۃِ وَھُوَ اَرْبَعَۃُ اَخْمَاسٍ فَکَانَ ذٰلِکَ النَّفَلُ الَّذِیْ یَنْفُلُہُ الْاِمَامُ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَکْرَہٗ اَنْ یَّفْعَلَ ذٰلِکَ مِنَ الْخُمُسِ لَا مِنَ الْاَرْبَعَۃِ الْاَخْمَاسِ الَّتِیْ ھِیَ حَقُّ الْمُقَاتِلَۃِ۔

ہمارے نزدیک ان کے قول "خمس کے بعد" کا مطلب یہ ہے کہ خمس الگ کر دیا جائے جب (تقسیم کے بعد) خمس الگ ہو گا تو مجاہدین کا حصہ یعنی چار خمس الگ ہو جائیں گے (اور ان کا حق ہو جاتا ہے) تو اب جو نفل (زائد مال) امام دیتا ہے اور جس میں اپنی مرضی سے کوئی راستہ اختیار کرتا ہے وہ اس خمس میں سے ہوتا تھا چار خمسوں سے نہیں جو مجاہدین کا حق ہے۔

۹۶۶- وَقَدْ دَلَّ عَلٰی ذٰلِکَ اَیْضًا مَا قَدْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا یُوْسُفُ بْنُ

اس بات پر یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے حضرت ابن سیرین سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت انس بن مالک ایک

عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ أَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ مَعَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ فِي غَزَاةٍ غَزَاهَا فَأَصَابُوْا سَبْيًا فَأَرَادَ عُبَيْدُ اللّٰهِ أَنْ يُعْطِيَ أَنَسًا مِنَ السَّبْيِ قَبْلَ أَنْ يَقْسِمَ فَقَالَ أَنَسٌ لَا وَلٰكِنِ اقْسِمْ ثُمَّ أَعْطِنِي مِنَ الْخُمُسِ قَالَ فَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ لَا إِلَّا مِنْ جَمِيْعِ الْغَنَائِمِ فَأَبَى أَنَسٌ أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ وَأَبَى عُبَيْدُ اللّٰهِ أَنْ يُعْطِيَهُ مِنَ الْخُمُسِ شَيْئًا۔

جنگ میں حضرت عبداللہ بن ابوبکرہ رضی اللہ عنہم کے ہمراہ تھے انہیں کچھ قیدی ملے حضرت عبداللہ نے ارادہ کیا کہ تقسیم سے پہلے ان میں سے کچھ حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسا نہیں ہو سکتا، تم پہلے تقسیم کرو پھر مجھے دو راوی فرماتے ہیں حضرت عبیداللہ نے فرمایا نہیں میں تو پورے مال غنیمت میں سے دوں گا لیکن حضرت انس رضی اللہ عنہ نے لینے سے انکار کر دیا اور حضرت عبیداللہ نے خمس میں سے کچھ دینے سے انکار کیا۔

حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ أَنَسٍ نَحْوَهُ۔

حضرت کہمس بن حسن، حضرت محمد بن سیرین سے اور وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

فَهٰذَا أَنَسٌ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لَمْ يَقْبَلِ النَّفْلَ إِلَّا مِنَ الْخُمُسِ۔

تو یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے خمس کے بغیر مال لینا پسند نہ فرمایا۔

۹۶۷- وَقَدْ رُوِيَ مِثْلُ ذٰلِكَ أَيْضًا عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَمْرٍو حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ سُلَيْمٰنَ ابْنِ يَسَارٍ أَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ مُعَاوِيَةَ بْنِ خَدِيْجٍ فِي غَزْوَةِ الْمَغْرِبِ فَنَفَّلَ النَّاسَ وَمَعَنَا أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرُدُّوْا ذٰلِكَ غَيْرَ جَبَلَةَ بْنِ عَمْرٍو۔

حضرت جبلہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے بھی اس کی مثل مروی ہے۔

حضرت سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ مغرب کی جنگ میں حضرت معاویہ بن خدیج کے ہمراہ تھے انہوں نے لوگوں کو مالِ غنیمت دیا ہمارے ساتھ کچھ صحابہ کرام بھی تھے تو حضرت جبلہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی نے واپس نہ کیا۔

۹۶۸- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ قَالَ سَأَلْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ عَنِ النَّفْلِ فِي الْغَزْوِ فَقَالَ لَمْ أَرَ أَحَدًا صَنَعَهُ غَيْرَ ابْنِ خَدِيْجٍ نَفَّلَنَا بِأَفْرِيْقِيَّةَ النِّصْفَ بَعْدَ الْخُمُسِ وَمَعَنَا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت خالد بن ابوعمران رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت سلیمان بن یسار سے جہاد میں نفل دینے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا میں نے حضرت ابن خدیج رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی کو ایسا کرتے نہیں دیکھا انہوں نے ہمیں افریقیہ میں خمس کے بعد نصف مال دیا اور ہمارے ساتھ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اولین مہاجرین صحابہ کرام میں سے بہت سے

مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ اُنَاسٌ كَثِيْرٌ فَاَبٰى جَبَلَةُ بْنُ عَمْرٍو اَنْ يَّاْخُذَ مِنْهَا شَيْئًا۔

۹۶۹۔ فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوٰى جَبَلَةَ بْنِ عَمْرٍو قَدْ قَبِلُوْا۔

قِيْلَ لَهٗ قَدْ صَدَقْتَ وَنَحْنُ فَلَمْ نُنْكِرْ اَنَّ النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوْا فِيْ ذٰلِكَ فَمِنْهُمْ مَنْ اَجَازَ لِلْاِمَامِ النَّفْلَ قَبْلَ الْخُمُسِ وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ يُجِزْهُ وَاَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانُوْا فِيْ ذٰلِكَ مُخْتَلِفِيْنَ وَاِنَّمَا اَرَدْنَا بِمَا رَوَيْنَا عَنْ اَنَسٍ وَجَبَلَةَ اَنَّهُمَا يُخْبِرَانِ قَوْلَنَا هٰذَا مَعَ مَنْ قَدْ ذَكَرْنَا فِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۹۷۰۔ فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ رُوِيَ اَيْضًا عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ فِيْ هٰذَا۔

فَذَكَرَ مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهٖ يُقَالُ لَهٗ بِشْرُ بْنُ عَلْقَمَةَ قَالَ بَارَزْتُ رَجُلًا يَوْمَ الْقَادِسِيَّةِ فَقَتَلْتُهٗ فَبَلَغَ سَلَبُهُ اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا فَنَفَّلَنِيْهِ سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ۔

قِيْلَ لَهٗ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ سَعْدٌ نَفَّلَهٗ ذٰلِكَ وَالْقِتَالُ لَمْ يَرْتَفِعْ فَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ فَهٰذَا قَوْلُنَا اَيْضًا وَاِنْ كَانَ اِنَّمَا نَفَّلَهٗ بَعْدَ ارْتِفَاعِ الْقِتَالِ قَدْ يَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ جَعَلَ ذٰلِكَ مِنَ الْخُمُسِ فَاِنْ كَانَ جَعَلَهٗ مِنْ غَيْرِ الْخُمُسِ فَهٰذَا فِيْهِ الَّذِيْ ذَكَرْنَا مِنَ الْاِخْتِلَافِ فَلَمْ يَكُنْ فِيْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ لِاَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ حُجَّةٌ اِذَا كَانَ قَدْ

حضرات تھے حضرت جبلہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ لینے سے انکار کر دیا۔

اگر کوئی شخص کہے کہ اس حدیث کے مطابق حضرت جبلہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے علاوہ باقی صحابہ کرام نے اسے قبول کر لیا۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ تم نے ٹھیک کہا ہے ہم اس بات کا انکار نہیں کرتے کہ اس میں صحابہ کرام کا اختلاف تھا بعض نے خمس نکالنے سے پہلے اما[م کے] لیے کسی کو عطا کرنا جائز قرار دیا اور بعض کے نزدیک [illegible] ہے۔ اس سلسلے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان اختلاف ہے ہم تو صرف یہ بتانا چاہتے کہ دیگر صحابہ کرام جن کا ہم نے ذکر کیا، کے ساتھ ساتھ حضرت انس اور حضرت جبلہ رضی اللہ عنہما کی روایات بھی ہمارے قول کی خبر دیتی ہیں۔

اگر کوئی شخص کہے کہ اس سلسلے میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے اور وہ یوں ذکر کرے۔

حضرت اسود بن قیس اپنی قوم کے ایک شخص جسے بشر بن علقمہ کہا جاتا تھا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے جنگ قادسیہ کے دن ایک شخص سے مقابلہ کیا تو اسے قتل کر دیا اس کا سامان بارہ ہزار کی قیمت کو پہنچا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے وہ مال بطور نفل (زائد) مجھے دے دیا۔

اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ ہو سکتا ہے حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جنگ ختم ہونے سے پہلے یہ مال دیا ہو اگر یہ بات اس طرح ہے تو ہم بھی اس کے قائل ہیں اور اگر انہوں نے جنگ ختم ہونے کے بعد دیا تو اس بات کا احتمال ہے کہ وہ خمس سے دیا ہو اور اگر انہوں نے غیر خمس میں سے دیا تو یہ بھی اختلافی بات ہے لہٰذا اس حدیث میں کسی فریق کے لیے بھی حجت نہ ہوگی اس میں اس مفہوم کا بھی احتمال ہے جو مخالف فریق

يَحْتَمِلُ مَا قَدْ صَرَفَهُ اِلَيْهِ مُخَالِفُهُ.

وَوَجَبَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ تُكْشَفَ وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ لِنَعْلَمَ كَيْفَ حُكْمُهُ مِنْ طَرِيْقِ النَّظْرِ فَكَانَ الْاَصْلُ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ الْاِمَامَ اِذَا قَالَ فِيْ حَالِ الْقِتَالِ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ اِنَّ ذٰلِكَ جَائِزٌ وَلَوْ قَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ كَذَا وَكَذَا دِرْهَمًا كَانَ ذٰلِكَ جَائِزًا اَيْضًا وَلَوْ قَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ عُشْرُ مَا اَصَبْنَا لَمْ يَجُزْ ذٰلِكَ لِاَنَّ هٰذَا لَوْ جَازَ جَازَ اَنْ تَكُوْنَ الْغَنِيْمَةُ كُلُّهَا لِلْمُقَاتِلِيْنَ فَيَبْطُلُ حَقُّ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْهَا مِنَ الْخُمُسِ فَكَانَ النَّفْلُ لَا يَكُوْنُ قَبْلَ الْقِتَالِ اِلَّا فِيْمَا اَصَابَهُ الْمُنَفَّلُ بِسَيْفِهٖ وَلَا يَجُوْزُ فِيْمَا اَصَابَ غَيْرُهُ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ فِيْمَا حُكْمُهُ حُكْمُ الْاِجَارَةِ فَيَجُوْزُ ذٰلِكَ كَمَا يَجُوْزُ الْاِجَارَةُ كَقَوْلِهٖ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ عَشَرَةُ دَرَاهِمَ فَذٰلِكَ جَائِزٌ.

فَلَمَّا كَانَ مَا ذَكَرْنَا كَذٰلِكَ وَلَمْ يَجُزِ النَّفْلُ اِلَّا فِيْمَا اَصَابَهُ الْمُنَفَّلُ بِسَيْفِهٖ اَوْ فِيْمَا جُعِلَ لَهُ لِعَمَلِهٖ وَلَمْ يَجُزْ اَنْ يُنَفَّلَ مِمَّا اَصَابَهُ غَيْرُهُ كَانَ النَّظْرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ يَكُوْنَ بَعْدَ اِحْرَازِ الْغَنِيْمَةِ اَحْرٰى اَنْ لَّا يَجُوْزَ اَنْ يُنَفَّلَ مِمَّا اَصَابَ غَيْرُهُ فَفَسَدَ بِذٰلِكَ قَوْلُ مَنْ اَجَازَ النَّفْلَ بَعْدَ اِحْرَازِ الْغَنِيْمَةِ وَرَجَعْنَا اِلٰى حُكْمِ مَا اَصَابَهُ هُوَ فَكَانَ ذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُنَفِّلَهُ الْاِمَامُ اِيَّاهُ قَدْ وَجَبَ حَقُّ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْ خُمُسِهٖ وَحَقُّ الْمُقَاتِلَةِ فِيْ اَرْبَعَةِ اَخْمَاسِهٖ فَلَوْ اَجَزْنَا النَّفْلَ اِذَا كَانَ حَقُّهُمْ قَدْ بَطَلَ بَعْدَ وُجُوْبِهٖ وَاِنَّمَا يَجُوْزُ النَّفْلُ فِيْمَا يَدْخُلُ فِيْ مِلْكِ الْمُنَفَّلِ

کی مراد ہے ۔

اب اس کے بعد واجب ہے کہ قیاس کے طور پر اس بات کا جائزہ لیا جائے تو اس میں ضابطہ یہ ہے کہ اگر امام جنگ کے دوران اعلان کرے کہ جو شخص کسی کو قتل کرے گا اس (مقتول) کا سامان اسے ملے گا تو یہ جائز ہے اور اگر وہ کہے کہ جو شخص کسی کو قتل کرے گا تو اسے اتنے درہم ملیں گے تو یہ بھی جائز ہے اور اگر کہے کہ جو شخص کسی کو قتل کرے گا مال غنیمت میں سے اس دسواں حصہ ملے گا تو یہ جائز نہیں کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو تمام مالِ غنیمت ، مجاہدین کے لیے ہوتا اور اللہ تعالیٰ کا حق یعنی خُمس باطل ہو جاتا لہذا لڑائی سے پہلے نفل اسی مال میں سے ہو گا جیسے نفل لینے والے نے اپنی تلوار کے ذریعے حاصل کیا یا اس کے عمل کی وجہ سے اس کے لیے مقرر کیا گیا جو کچھ دوسروں کو حاصل ہوا وہ اس کے لیے قرار نہیں دیا جائے گا

تو قیاس کے مطابق یہ بات زیادہ لائق ہے کہ غنیمت کا مال جمع کرنے کے بعد دوسروں کے حاصل کردہ مال میں سے دینا جائز نہ ہو ، اس سے ان لوگوں کا قول فاسد ہو گیا جو غنیمت جمع کرنے کے بعد نفل دینا جائز قرار دیتے ہیں لہذا یہ حکم اس چیز کی طرف لوٹ گیا جو اس نے خود حاصل کی ہے ۔ تو امام کے اسے نفل دینے سے پہلے خمس میں امام کا اور چار خمسوں میں مجاہدین کا حق واجب تھا تو اگر ہم اسے دینا جائز قرار دیں تو ان کا حق واجب ہونے کے بعد باطل ہو جائے گا نفل صرف اس چیز میں ہو گا جو دشمن کی ملک سے نکل کر اس کی مِلک میں آئی ہے اور جو اس سے پہلے دشمن کی مِلک سے نکل کر (عام) مسلمانوں کی مِلک میں آ چکی ہو اس

مِنْ مِلْكِ الْعَدُوِّ
وَاَمَّا مَاقَدْ زَالَ عَنْ مِلْكِ الْعَدُوِّ قَبْلَ ذٰلِكَ وَ صَارَ فِيْ مِلْكِ الْمُسْلِمِيْنَ فَلَا نَفْلَ فِيْ ذٰلِكَ لِاَنَّهٗ مِنْ مَّالِ الْمُسْلِمِيْنَ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنْ لَّا نَفْلَ بَعْدَ اِحْرَازِ الْغَنِيْمَةِ عَلٰى مَا قَدْ فَصَّلْنَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَبَيَّنَّا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ اَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

میں نفل نہیں ہے کیونکہ وہ مسلمانوں کا مال ہے اس سے ثابت ہوا کہ مال غنیمت جمع کر لینے کے بعد نفل نہیں ہے جیسا کہ ہم نے یہ بات اس باب میں تفصیل کے ساتھ بیان کی ہے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحہم اللہ کا یہی قول ہے۔

بَابُ الْمَدَدِ يَقْدِمُوْنَ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الْقِتَالِ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ بَعْدَ مَا ارْتَفَعَ الْقِتَالُ قَبْلَ قُفُوْلِ الْعَسْكَرِ هَلْ يُسْهَمُ لَهُمْ اَمْ لَا

اختتام جنگ کے بعد لشکر کی واپسی سے پہلے مدد کے لیے آنے والوں کو غنیمت سے حصہ ملے گا یا نہیں

۹۷۲- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عَنْبَسَةَ بْنَ سَعِيْدٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَانَ بْنَ سَعِيْدٍ عَلٰى سَرِيَّةٍ مِنَ الْمَدِيْنَةِ قِبَلَ نَجْدٍ فَقَدِمَ اَبَانُ وَاَصْحَابُهٗ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ بَعْدَ مَا فَتَحْنَا وَاِنَّ حُزُمَ خَيْلِهِمْ لَلِيْفٌ فَقَالَ اَبَانُ اِقْسِمْ لَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ لَا تَقْسِمْ لَهُمْ شَيْئًا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ اَبَانُ اَنْتَ بِهٰذَا يَا وَبْرُ تَحَدَّرَ مِنْ رَاْسِ ضَالٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِجْلِسْ يَا اَبَانُ فَلَمْ يَقْسِمْ لَهُمْ شَيْئًا۔

حضرت ابن شہاب زہری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عنبسہ بن سعید نے انہیں خبر دی کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ حضرت سعید بن عاص رضی اللہ عنہ سے بیان کر رہے تھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابان بن سعید کی قیادت میں ایک لشکر مدینہ طیبہ سے نجد کی طرف بھیجا حضرت ابان اور ان کے ساتھی فتح خیبر کے بعد اسی مقام پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کے گھوڑوں کی لگامیں کھجور کی چھال سے بنی ہوئی تھیں حضرت ابان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارے لیے بھی تقسیم فرمائیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی! انہیں حصہ نہ دیجئے حضرت ابان نے کہا تو یہاں ہے اے وبر! جو ضال (پہاڑ) کی چوٹی سے اترا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابان! بیٹھ جاؤ اور آپ نے انہیں حصہ نہ دیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّهٗ لَا يُسْهَمُ مِنَ الْغَنِيْمَةِ اِلَّا لِمَنْ حَضَرَ الْوَقْعَةَ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ مال غنیمت سے حصہ صرف ان لوگوں کو ملے گا جو اس واقعہ میں موجود ہوں

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا يُقْسَمُ لِكُلِّ مَنْ شَهِدَ الْوَقْعَةَ وَلِمَنْ كَانَ غَائِبًا عَنْهَا فِيْ شَيْءٍ مِنْ اَسْبَابِهَا فَمِنْ ذٰلِكَ مَنْ خَرَجَ يُرِيْدُهَا فَلَمْ يَلْحَقْ بِالْاِمَامِ حَتّٰى ذَهَبَ الْقِتَالُ غَيْرَ اَنَّهٗ لَحِقَ بِهٖ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ قَبْلَ خُرُوْجِهٖ مِنْهَا قُسِمَ لَهٗ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ مال غنیمت ان تمام لوگوں کے لیے تقسیم ہوگی جو جنگ میں حصہ لیں اور جو غائب ہوں لیکن اسباب جنگ میں ہوں ان میں وہ لوگ بھی ہوں جنہوں نے نکلنے کا ارادہ کیا لیکن امام کے ساتھ نہ مل سکے حتیٰ کہ جنگ ختم ہوگئی البتہ وہ امام کے دار الحرب سے لوٹنے سے پہلے وہاں جا ملے تو انہیں حصہ دیا جائے گا۔

۹۷۳- وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عِيْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا كُلَيْبُ بْنُ وَائِلٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ هَانِئُ ابْنُ قَيْسٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ كُنْتُ قَاعِدًا اِلٰى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ هَلْ شَهِدَ عُثْمَانُ بَدْرًا فَقَالَ لَا وَلٰكِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ اِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِيْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ فَضَرَبَ لَهٗ بِسَهْمٍ وَلَمْ يَضْرِبْ لِاَحَدٍ غَابَ غَيْرَهٗ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت حبیب بن ابو ملیکہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ آپ کے پاس ایک شخص آیا اس نے کہا کیا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر میں شریک ہوئے؟ انہوں نے فرمایا نہیں لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کی حاجت اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کام سے گئے ہیں چنانچہ آپ نے ان کے لیے حصہ مقرر فرمایا اور ان کے علاوہ کسی (غائب) کو نہیں دیا۔

۹۷۴- حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَزْدِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ كُلَيْبِ بْنِ وَائِلٍ ثُمَّ ذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ اِلٰى هُنَا۔

حضرت ابو اسحٰق فزاری، حضرت کلیب بن وائل سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل یہاں تک ذکر کیا۔

۹۷۵- اَفَلَا تَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ضَرَبَ لِعُثْمَانَ فِيْ غَنَائِمِ بَدْرٍ بِسَهْمٍ وَلَمْ يَحْضُرْهَا لِاَنَّهٗ كَانَ غَائِبًا فِيْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ فَجَعَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَنْ حَضَرَهَا فَكَذٰلِكَ كُلُّ مَنْ غَابَ عَنْ وَقْعَةِ الْمُسْلِمِيْنَ بِاَهْلِ الْحَرْبِ بِشُغْلٍ يَشْغَلُهٗ بِهِ الْاِمَامُ مِنْ اُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ مِثْلَ اَنْ يَبْعَثَهٗ اِلٰى جَانِبٍ اٰخَرَ مِنْ دَارِ الْحَرْبِ لِقِتَالٍ

کیا تم نہیں دیکھتے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے لیے بدر کی غنیمت میں سے حصہ مقرر فرمایا حالانکہ آپ وہاں موجود نہ تھے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کام میں غائب تھے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حاضرین کی طرح قرار دیا اسی طرح ہر وہ شخص جو کفار کے ساتھ مسلمانوں کی جنگ سے غائب ہو کہ امام اسے مسلمانوں کے کسی کام میں مشغول رکھے مثلاً دار الحرب کی کسی دوسری جانب دوسرے لوگوں کے ساتھ لڑائی کے لیے بھیجے پھر اس شخص کے جانے کے بعد امام کو مال

قَوْمٍ آخَرِيْنَ فَيُصِيْبُ الْإِمَامُ غَنِيْمَةً بَعْدَ مُفَارَقَةِ ذٰلِكَ الرَّجُلِ إِيَّاهُ أَوْ يَبْعَثُ بِرَجُلٍ مِمَّنْ مَعَهُ مِنْ دَارِ الْحَرْبِ إِلٰى دَارِ الْإِسْلَامِ لِيَمُدَّهُ بِالسِّلَاحِ وَالرِّجَالِ فَلَا يَعُوْدُ ذٰلِكَ الرَّجُلُ إِلَى الْإِمَامِ حَتّٰى يَغْنَمَ غَنِيْمَةً فَهُوَ شَرِيْكٌ فِيْهَا وَهُوَ كَمَنْ حَضَرَهَا وَكَذٰلِكَ مَنْ أَرَادَهَا فَرَدَّهُ الْإِمَامُ عَنْهَا وَشَغَلَهُ بِشَيْءٍ مِنْ أُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَهُوَ كَمَنْ حَضَرَهَا وَعَلٰى هٰذَا الْوَجْهِ عِنْدَنَا وَاللّٰهُ أَعْلَمُ أَسْهَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ فِيْ غَنَائِمِ بَدْرٍ وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَمَا أَسْهَمَ لَهُ كَمَا لَمْ يُسْهِمْ لِغَيْرِهِ مِمَّنْ غَابَ عَنْهَا لِأَنَّ غَنَائِمَ بَدْرٍ لَوْ كَانَتْ وَجَبَتْ لِمَنْ حَضَرَهَا دُوْنَ مَنْ غَابَ عَنْهَا إِذًا لَمَا ضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِغَيْرِ مَنْ حَضَرَهَا بِسَهْمٍ وَلٰكِنَّهَا وَجَبَتْ لِمَنْ حَضَرَ الْوَقْعَةَ وَلِكُلِّ مَنْ بَذَلَ نَفْسَهُ لَهَا فَصَرَفَهُ الْإِمَامُ عَنْهَا وَشَغَلَهُ بِغَيْرِهَا مِنْ أُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ كَمَنْ حَضَرَهَا وَأَمَّا حَدِيْثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَإِنَّمَا ذٰلِكَ عِنْدَنَا وَاللّٰهُ أَعْلَمُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَّهَ أَبَانًا إِلٰى نَجْدٍ قَبْلَ أَنْ يَتَهَيَّأَ خُرُوْجُهُ إِلٰى خَيْبَرَ فَتَوَجَّهَ أَبَانٌ فِيْ ذٰلِكَ ثُمَّ حَدَثَ مِنْ خُرُوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى خَيْبَرَ مَا حَدَثَ فَكَانَ مَا غَابَ فِيْهِ أَبَانٌ مِنْ ذٰلِكَ عَنْ حُضُوْرِ خَيْبَرَ لَيْسَ هُوَ شُغْلًا شَغَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِ عَنْ حُضُوْرِهَا بَعْدَ إِرَادَتِهِ إِيَّاهُ فَيَكُوْنُ كَمَنْ حَضَرَهَا۔

غنیمت حاصل ہو یا ان لوگوں میں سے جو دارالحرب میں اس کے ساتھ ہوں، کسی کو دارالاسلام میں بھیجے تاکہ ہتھیاروں اور لشکر کے ذریعے مدد حاصل کرے پھر وہ شخص امام کے غنیمت حاصل کرنے تک واپس نہ آئے تو وہ اس میں شریک ہوگا اور وہ ان موجودہ لوگوں کی طرح ہوگا اسی طرح جو آدمی (جنگ میں جانے کا) ارادہ کرے لیکن اس کو واپس کر کے مسلمانوں کے کسی کام میں مصروف کر دے تو وہ بھی اس جنگ میں حاضر لوگوں کی طرح ہوگا۔

اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے لیکن ہمارے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو بدر کی غنیمت سے اسی وجہ سے حصہ دیا اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ کو حصہ نہ دیتے جس طرح حاضر نہ ہونے والوں کو حصہ نہیں دیا کیونکہ اگر بدر کا مال غنیمت صرف حاضر ہونے والوں کے لیے واجب ہوتا غیر حاضر صحابہ کرام کے لیے نہ ہوتا تو اس صورت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے غیر کے لیے حصہ مقرر نہ فرماتے لیکن یہ ان کے لیے بھی واجب ہوا جو اس غزوہ میں حاضر تھے اور ان لوگوں کے لیے بھی جنہوں نے اپنے آپ کو اس کے لیے پیش کیا لیکن امام نے ان کو واپس کر کے مسلمانوں کے کسی دوسرے کام میں مشغول کر دیا۔ اب وہ بھی حاضرین کی طرح حصہ دار ہوئے جہاں تک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کا تعلق ہے تو ہمارے خیال میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی طرف جانے کی تیاری کرنے سے پہلے حضرت ابان کو نجد کی طرف بھیجا پھر آپ نے خیبر کی طرف جانے کا پروگرام بنایا۔ تو حضرت ابان رضی اللہ عنہ کا خیبر کی حاضری سے غائب ہونا اس بنیاد پر نہ تھا کہ انہوں نے ادھر جانے کا ارادہ کیا پھر حضور علیہ السلام نے ان کو کسی دوسری طرف مشغول کر دیا کہ اب انہیں حاضرین میں شمار کیا جائے۔

فَهٰذَانِ الْحَدِيثَانِ أَصْلَانِ فَكُلُّ مَنْ أَرَادَ الْخُرُوجَ مَعَ الْإِمَامِ إِلَى قِتَالِ الْعَدُوِّ فَرَدَّهُ الْإِمَامُ عَنْ ذٰلِكَ بِأَمْرٍ آخَرَ مِنْ أُمُورِ الْمُسْلِمِينَ فَتَشَاغَلَ بِهِ حَتَّى غَنِمَ الْإِمَامُ غَنِيمَةً فَهُوَ كَمَنْ حَضَرَ مَعَ الْإِمَامِ يُسْهَمُ لَهُ فِي الْغَنِيمَةِ كَمَا يُسْهَمُ لِمَنْ حَضَرَهَا وَكُلُّ شَيْءٍ تَشَاغَلَ بِهِ رَجُلٌ مِنْ شُغْلِ نَفْسِهِ أَوْ شُغْلِ الْمُسْلِمِينَ مِمَّا كَانَ دُخُولُهُ فِيهِ مُتَقَدِّمًا ثُمَّ حَدَثَ لِلْإِمَامِ قِتَالُ الْعَدُوِّ فَتَوَجَّهَ لَهُ فَغَنِمَ فَلَا حَقَّ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ فِي الْغَنِيمَةِ وَهِيَ بَيْنَ مَنْ حَضَرَهَا وَبَيْنَ مَنْ حُكْمُهُ حُكْمُ الْحَاضِرِ لَهَا۔

تو یہ دونوں حدیثیں اصل ہیں پس جو شخص جہاد کے لیے امام کے ہمراہ جانا چاہتا ہے لیکن امام اسے مسلمانوں کے کسی دوسرے کام کی وجہ سے واپس کر دیتا ہے وہ اس کام میں مشغول ہو جاتا ہے حتیٰ کہ امام مالِ غنیمت حاصل کر لیتا ہے وہ اس شخص کی طرح ہو گا جو امام کے ساتھ حاضر ہوا اور اسے بھی شریک جنگ حضرات کی طرح حصہ ملے گا۔ اور رہ شخص جو ذاتی کام میں مصروف رہا یا مسلمانوں کے کام میں مصروف ہوا لیکن اس جنگ سے پہلے اس میں مصروف ہو گیا تھا پھر امام دشمن کی طرف جانے کا پروگرام بنا کر مقابلے میں گیا اور مالِ غنیمت حاصل کیا تو اس شخص کا مالِ غنیمت میں کوئی حصہ نہ ہو گا اور یہ شرکاءِ جنگ اور ان لوگوں کے درمیان ہو گا جن کو حکماً شریک قرار دیا۔

وَاحْتَجَّ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُولَى لِقَوْلِهِمْ أَيْضًا بِمَا حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ أَنَّ أَهْلَ الْبَصْرَةِ غَزَوْا نَهَاوَنْدَ وَمَدَّهُمْ أَهْلُ الْكُوفَةِ فَظَفِرُوا فَأَرَادَ أَهْلُ الْبَصْرَةِ أَنْ لَا يَقْسِمُوا لِأَهْلِ الْكُوفَةِ وَكَانَ عَمَّارٌ عَلَى أَهْلِ الْكُوفَةِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عُطَارِدٍ أَيُّهَا الْأَجْدَعُ تُرِيدُ أَنْ تُشَارِكَنَا فِي غَنَائِمِنَا فَقَالَ خَيْرُ أُذُنِي سَبَبْتُ قَالَ فَكَتَبَ فِي ذٰلِكَ إِلَى عُمَرَ فَكَتَبَ عُمَرُ أَنَّ الْغَنِيمَةَ لِمَنْ شَهِدَ الْوَقْعَةَ۔

پہلے قول والوں نے اپنے موقف پر اس طرح بھی استدلال کیا حضرت قیس بن مسلم فرماتے ہیں میں نے حضرت طارق بن شہاب سے سنا کہ بصرہ والوں نے نہاوند میں جنگ لڑی کوفہ والوں نے ان کی مدد کی پھر انہیں فتح ہو گئی بصرہ والوں نے ارادہ کیا کہ کوفہ والوں کو حصہ نہ دیں حضرت عمار کوفہ والوں کی قیادت کر رہے تھے بنو عطارد میں سے ایک شخص نے کہا، اے کان کٹے! کیا تم ہمارے ساتھ غنیمت میں شریک ہونا چاہتے ہو انہوں نے کہا میرے کان عنقریب اُگ آئیں گے راوی فرماتے ہیں پھر انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو لکھا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے (جواباً) لکھا کہ جو لوگ جنگ میں شریک ہوں غنیمت (صرف) ان کو ملے گی)

۹۷۷ - قَالُوا فَهٰذَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ ذَهَبَ أَيْضًا إِلَى أَنَّ الْغَنِيمَةَ لِمَنْ شَهِدَ الْوَقْعَةَ فَقَدْ وَافَقَ هٰذَا قَوْلَنَا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جن کے نزدیک غنیمت صرف ان لوگوں کے لیے ہو گی جو جنگ میں شریک ہوئے۔ پس یہ بات ہمارے قول کے موافق ہے۔

قِيلَ لَهُمْ قَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ نَهَاوَنْدُ فُتِحَتْ وَصَارَتْ دَارَ الْإِسْلَامِ وَأُحْرِزَتِ الْغَنَائِمُ وَقُسِمَتْ قَبْلَ وُرُودِ أَهْلِ الْكُوفَةِ

ان حضرات کو (جواباً) کہا جائے گا کہ ہو سکتا ہے نہاوند فتح ہو کر دارالاسلام بن گیا ہو اور مالِ غنیمت کو اکٹھا کر کے کوفہ والوں کے آنے سے پہلے اسے تقسیم کر دیا گیا ہو۔ اگر یہ بات اس طرح ہے

فَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ فَإِنَّا نَحْنُ نَقُولُ أَيْضًا إِنَّ الْغَنِيمَةَ فِي ذٰلِكَ لِمَنْ شَهِدَ الْوَقْعَةَ وَإِنْ كَانَ جَوَابُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِي فِي هٰذَا الْحَدِيثِ لَمَّا كَتَبَ بِهِ إِلَيْهِ إِنَّمَا هُوَ لِهٰذَا السُّؤَالِ فَإِنَّا ذٰلِكَ مِمَّا لَا اِخْتِلَافَ فِيهِ وَإِنْ كَانَ عَلَى أَنَّ أَهْلَ الْكُوفَةِ لَحِقُوا بِهِمْ قَبْلَ خُرُوجِهِمْ مِنْ دَارِ الشِّرْكِ بَعْدَ ارْتِفَاعِ الْقِتَالِ فَكَتَبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ الْغَنِيمَةَ لِمَنْ شَهِدَ الْوَقْعَةَ فَإِنَّ فِي ذٰلِكَ الْحَدِيثِ مَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ أَهْلَ الْكُوفَةِ قَدْ كَانُوا طَلَبُوا أَنْ تُقْسَمَ لَهُمْ وَفِيهِمْ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ وَمَنْ كَانَ فِيهِمْ غَيْرُهُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ مِمَّنْ يُكَافِئُ قَوْلَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِقَوْلِهِمْ فَلَا يَكُونُ وَاحِدٌ مِنَ الْقَوْلَيْنِ أَوْلَى مِنَ الْآخَرِ إِلَّا بِدَلِيلٍ عَلَيْهِ إِمَّا مِنْ كِتَابٍ أَوْ مِنْ سُنَّةٍ وَإِمَّا مِنْ نَظَرٍ صَحِيحٍ

تو ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ اس صورت میں غنیمت ان لوگوں کے لیے ہوگی جو اس واقعہ میں شریک ہوئے اور اگر اس حدیث میں مذکور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مکتوب اسی سوال کا جواب ہے تو اس میں بھی کوئی اختلاف نہیں اور اگر بات یہ ہے کہ لڑائی ختم ہونے کے بعد ان لوگوں کے دارشرک سے لوٹنے سے پہلے پہلے کوفہ والے وہاں پہنچ گئے تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے لکھا کہ غنیمت ان لوگوں کے لیے ہوگی جو جنگ میں شریک ہوں تو یہ اس حدیث کا مفہوم اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ کوفہ والوں نے اپنے حصے کا مطالبہ کیا تھا تو ان میں حضرت عمار اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے جن کا قول حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول کے مماثل ہو جاتا ہے لہٰذا ان دونوں میں سے کوئی قول بھی اس وقت تک دوسرے قول سے بہتر قرار نہیں پاتا جب تک اسے قرآن پاک سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا صحیح قیاس سے دلیل حاصل نہ ہو۔

فَنَظَرْنَا فِي ذٰلِكَ فَرَأَيْنَا السَّرَايَا الْمَبْعُوثَةَ مِنْ دَارِ الْحَرْبِ إِلَى بَعْضِ أَهْلِ الْحَرْبِ أَنَّهُمْ مَا غَنِمُوا فَهُوَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ سَائِرِ أَصْحَابِهِمْ وَسَوَاءٌ فِي ذٰلِكَ مَنْ كَانَ خَرَجَ فِي تِلْكَ السَّرِيَّةِ وَمَنْ لَمْ يَخْرُجْ لِأَنَّهُمْ قَدْ كَانُوا بَذَلُوا مِنْ أَنْفُسِهِمْ مَا بَذَلَ الَّذِينَ أَسَرُوا فَلَمْ يَفْضُلْ فِي ذٰلِكَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَإِنْ كَانَ مَا لَقُوا مِنَ الْقِتَالِ مُخْتَلِفًا فَالنَّظَرُ عَلَى ذٰلِكَ أَنْ يَكُونَ كَذٰلِكَ مَنْ بَذَلَ نَفْسَهُ بِمِثْلِ مَا بَذَلَ بِهِ نَفْسَهُ مَنْ حَضَرَ الْوَقْعَةَ فَهُوَ فِي ذٰلِكَ كَمَنْ حَضَرَ الْوَقْعَةَ إِذَا كَانَ عَلَى الشَّرَائِطِ الَّتِي ذَكَرْنَا فِي هٰذَا الْبَابِ

پس ہم نے اس سلسلے میں غور و فکر کیا تو ان لشکروں کو دیکھا جو دارالحرب سے ہی دارالحرب کے کسی حصے کی طرف بھیجے جاتے ہیں پھر وہ مال غنیمت لاتے ہیں تو وہ ان کے اور ان کے دیگر ساتھیوں کے درمیان برابر تقسیم ہوتا ہے اور اس سلسلے میں اس لشکر کے ساتھ جانے والے اور نہ جانے والے برابر ہوتے ہیں کیونکہ انہوں نے بھی اپنے آپ کو اسی طرح پیش کیا جس طرح جانے والوں نے پیش کیا لہٰذا ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت حاصل نہ ہوگی اگرچہ ان کی لڑائیاں مختلف ہیں تو اس پر قیاس کا تقاضا یہی ہے کہ جو شخص اپنے آپ کو پیش کرتا ہے وہ اس کی مثل ہو جو شریک جنگ ہو کر اپنے آپ کو پیش کرتا ہے پس وہ اس سلسلے میں جنگ میں شریک ہونے کی طرح ہوگا بشرطیکہ وہ شرائط پائی جائیں جنہیں ہم نے اس باب میں ذکر

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

بَابُ ۲۳۲ الْاَرْضِ تُفْتَحُ كَيْفَ يَنْبَغِيْ لِلْاِمَامِ اَنْ يَّفْعَلَ فِيْهَا

۹۷۸۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ قَالَ لَوْلَا اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ بَيَانًا لَيْسَ لَهُمْ شَيْءٌ مَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلٰى قَرْيَةٍ اِلَّا قَسَمْتُهَا كَمَا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ۔

۹۷۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ۔

فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْاِمَامَ اِذَا فَتَحَ اَرْضًا عَنْوَةً وَجَبَ عَلَيْهِ اَنْ يَّقْسِمَهَا كَمَا يَقْسِمُ الْغَنَائِمَ وَلَيْسَ لَهٗ اِحْتِبَاسُهَا كَمَا لَيْسَ لَهٗ اِحْتِبَاسُ سَائِرِ الْغَنَائِمِ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا الْاِمَامُ بِالْخِيَارِ اِنْ شَاءَ خَمَّسَهَا وَقَسَمَ اَرْبَعَةَ اَخْمَاسِهَا وَاِنْ شَاءَ تَرَكَهَا اَرْضَ خَرَاجٍ وَلَمْ يَقْسِمْهَا۔

۹۸۰۔ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَسُفْيَانَ بِذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ

کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

مفتوحہ زمین میں امام کیا طریق کار اختیار کرے

حضرت زید بن اسلم، اپنے والد سے اور وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں اگر بعد والے لوگوں کا خیال نہ ہو کہ ان کے لیے کچھ نہیں رہے گا تو اللہ تعالیٰ مجھ پر جو بستی بھی فتح فرماتا ہیں اسے تقسیم کر دیتا جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم فرمایا۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

تو ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ اگر امام کسی علاقے کو لڑائی کے ذریعے فتح کرے تو اس پر واجب ہے کہ اسے بھی مال غنیمت کی طرح تقسیم کر دے اسے یہ علاقہ روک رکھنے کا حق نہیں جیسا کہ وہ مال غنیمت کو روک نہیں سکتا۔ ان حضرات نے اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ امام کو اختیار ہے اگر چاہے تو اس کا پانچواں حصہ اور باقی چار حصے تقسیم کر دے اور اگر چاہے تو اسے خراجی زمین کے طور پر چھوڑ دے اور تقسیم نہ کرے۔

حضرت ابن مبارک حضرت امام ابو حنیفہ اور حضرت سفیان ثوری رحمہما اللہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ کا بھی یہی قول ہے۔

عَلَيْهِمْ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي ذٰلِكَ مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اس سلسلے میں ان کی دلیل سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے۔

۹۸۱۔ فَمِنْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ بِالشَّطْرِ ثُمَّ اَرْسَلَ ابْنَ رَوَاحَةَ فَقَاسَمَهُمْ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو نصف حصہ پر دیا پھر حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا تو انہوں نے ان کے درمیان تقسیم کر دیا۔

۹۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ عَامَلَ اَهْلَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا خَرَجَ مِنَ الزَّرْعِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے سال خیبر والوں سے کھیتی کی پیداوار کے نصف پر معاملہ طے فرمایا

۹۸۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ الزِّيَادِيُّ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ قَالَ ثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَفَاءَ اللّٰهُ خَيْبَرَ فَاَقَرَّهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا كَانُوْا وَجَعَلَهَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ فَبَعَثَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ فَخَرَصَهَا عَلَيْهِمْ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے خیبر کو بطور غنیمت عطا فرمایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اسی طرح برقرار رکھا جس طرح وہ تھے اور اسے اپنے اور ان کے درمیان برابر رکھا پھر حضرت رواحہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا تو انہوں نے اس کو اندازے سے تقسیم کیا۔

۹۸۴۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ ثُمَّ ذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت محمد بن سابق فرماتے ہیں حضرت ابراہیم بن طہمان نے ہم سے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ قَسَمَ خَيْبَرَ بِكَمَالِهَا وَلٰكِنَّهٗ قَسَمَ طَائِفَةً مِّنْهَا عَلٰى مَا احْتَجَّ بِهٖ عُمَرُ فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس سے ثابت ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو مکمل طور پر تقسیم نہیں فرمایا تھا بلکہ اس کا ایک حصہ تقسیم فرمایا تھا جیسا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پہلی حدیث میں اس سے استدلال کیا اور ایک حصہ تقسیم کے

وَتَرَكَ طَائِفَةً مِنْهَا فَلَمْ يَقْسِمْهَا عَلَى مَا رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فِي هٰذِهِ الْاٰثَارِ الْاُخْرِ وَالَّذِيْ كَانَ قَسَمَ مِنْهَا هُوَ الشِّقُّ وَالْبُطَاةُ وَتَرَكَ سَائِرَهَا فَعَلِمْنَا بِذٰلِكَ اَنَّهُ قَسَمَ وَلَهُ اَنْ يَقْسِمَ وَتَرَكَ وَلَهُ اَنْ يَتْرُكَ ۔

بغیر چھوڑ دیا جیسا کہ حضرت ابن عباس، حضرت ابن عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم سے ان دوسری روایات میں مروی ہے اس میں سے آپ نے شق اور بطاۃ بستیوں (یا قلعوں) کو تقسیم فرمایا اور باقی کو چھوڑ دیا تو اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ آپ نے تقسیم فرمایا تو اس کا آپ کو اختیار تھا اور آپ نے کچھ حصہ چھوڑ دیا تو آپ اس بات کا بھی اختیار رکھتے تھے۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّهُ هٰكَذَا حُكْمُ الْاَرْضِيْنَ الْمُفْتَتَحَةِ لِلْاِمَامِ فَيَقْسِمُهَا اِنْ رَاٰى ذٰلِكَ صَلَاحًا لِلْمُسْلِمِيْنَ كَمَا قَسَمَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَسَمَ مِنْ خَيْبَرَ وَلَهُ تَرْكُهَا اِنْ رَاٰى فِيْ ذٰلِكَ صَلَاحًا لِلْمُسْلِمِيْنَ اَيْضًا كَمَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرَكَ مِنْ خَيْبَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ مَا رَاٰى مِنْ ذٰلِكَ عَلَى التَّحَرِّيْ مِنْهُ لِصَلَاحِ الْمُسْلِمِيْنَ ،

تو اس سے ثابت ہوا کہ جن زمینوں کو فتح کیا جائے ان کے بارے میں امام کو اختیار ہوتا ہے اگر مسلمانوں کی بھلائی دیکھے تو اسے تقسیم کر دے جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کا کچھ حصہ تقسیم فرمایا اور اگر تقسیم نہ کرنے میں مسلمانوں کا فائدہ سمجھے تو تقسیم نہ کرے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کا کچھ حصہ چھوڑ دیا غور و فکر کے بعد جو بات مسلمانوں کے لیے بہتر ہو اس پر عمل کرے۔

۹۸۵۔ وَقَدْ فَعَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ اَرْضِ السَّوَادِ مِثْلَ ذٰلِكَ اَيْضًا فَتَرَكَهَا لِلْمُسْلِمِيْنَ اَرْضَ خَرَاجٍ لِيَنْتَفِعَ بِهَا مَنْ يَجِيْءُ مِنْ بَعْدِهٖ مِنْهُمْ كَمَا يَنْتَفِعُ بِهَا مَنْ كَانَ فِيْ عَصْرِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عراق کی زمین میں یہی طریقہ اختیار فرمایا آپ نے اسے مسلمانوں کے لیے خراجی زمین کے طور پر چھوڑ دیا تاکہ بعد میں آنے والے لوگ بھی اس سے اسی طرح نفع اٹھائیں جس طرح اس دور کے مسلمانوں نے نفع اٹھایا۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ لَمْ يَفْعَلْ فِي السَّوَادِ مَا فَعَلَ مِنْ ذٰلِكَ مِنْ جِهَةِ مَا قُلْتُمْ وَلٰكِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ جَمِيْعًا رَضُوْا بِذٰلِكَ وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّهُمْ قَدْ كَانُوْا رَضُوْا بِذٰلِكَ اَنَّهُ جَعَلَ الْجِزْيَةَ عَلٰى رِقَابِهِمْ فَلَمْ يَخْلُ ذٰلِكَ مِنْ اَحَدِ وَجْهَيْنِ اِمَّا اَنْ يَكُوْنَ جَعَلَهَا عَلَيْهِمْ ضَرِيْبَةً لِلْمُسْلِمِيْنَ لِاَنَّهُمْ

اگر کوئی معترض کہے کہ ہو سکتا ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عراق کی سرزمین میں یہ عمل اس وجہ سے اختیار نہ کیا جو تم نے بیان کی ہے بلکہ تمام مسلمانوں کے اسی بات پر رضامندی ظاہر کی ہوا اسکی رضامندی کی دلیل یہ ہے کہ آپ نے ان لوگوں پر جزیہ مقرر فرمایا تو یہ بات دو حال سے خالی نہیں یا تو آپ نے ان پر مسلمانوں کے لیے جزیہ اس لیے مقرر کیا کہ وہ ان کے غلام ہیں یا اس طرح مقرر کیا جیسے آزاد لوگوں پر جزیہ مقرر کیا جاتا ہے تاکہ اس کے ذریعے ان کی جانوں کی حفاظت کی جائے ہم دیکھتے ہیں کہ آپ نے ان کی عورتوں،

عَبِيْدٌ لَّهُمْ اَوْ يَكُوْنَ جَعَلَ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ كَمَا
يَجْعَلُ الْجِزْيَةَ عَلَى الْاَحْرَارِ لِيُحْقَنَ بِذٰلِكَ
دِمَاءُ هُمْ فَرَاَيْنَاهُ قَدْ اَهْمَلَ نِسَاءَ هُمْ
وَمَشَائِخَهُمْ وَاَهْلَ الزَّمَانَةِ مِنْهُمْ وَ
صِبْيَانَهُمْ وَاِنْ كَانُوْا قَادِرِيْنَ عَلَى الْاِكْتِسَابِ
اَكْثَرَ مِمَّا يَقْدِرُ عَلَيْهِ بَعْضُ الْبَالِغِيْنَ فَلَمْ
يَجْعَلْ عَلٰى اَحَدٍ مِّمَّنْ ذَكَرْنَا مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا
فَدَلَّ مَا بَقِيَ اِنَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَا اَوْجَبَ لَيْسَ
لِعِلَّةِ الْمِلْكِ وَلٰكِنَّهُ لِعِلَّةِ الذِّمَّةِ وَ قَبْلَ
ذٰلِكَ جَمِيْعُ مَا افْتُتِحَ تِلْكَ الْاَرْضُ اَخْذُهُمْ
ذٰلِكَ مِنْهُمْ دَلِيْلٌ عَلٰى اِجَارَتِهِمْ لِمَا كَانَ
عُمَرُ فَعَلَ ذٰلِكَ ثُمَّ رَاَيْنَاهُ وَضَعَ عَلَى الْاَرْضِ
شَيْئًا مُخْتَلِفًا فَوَضَعَ عَلٰى جَرِيْبِ الْكَرْمِ شَيْئًا مَعْلُوْمًا وَوَضَعَ
عَلٰى جَرِيْبِ الْحِنْطَةِ شَيْئًا مَعْلُوْمًا وَاَهْمَلَ النَّخْلَ فَلَمْ يَاْخُذْ
مِنْهَا شَيْئًا فَلَمْ يَخْلُ ذٰلِكَ مِنْ اَحَدِ وَجْهَيْنِ اِمَّا
اَنْ يَكُوْنَ مَلَكَ بِهِ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ قَدْ ثَبَتَتْ
حُرْمَتُهُمْ بِثِمَارِ اَرْضِيْهِمْ وَالْاَرْضُ مِلْكٌ
لِّلْمُسْلِمِيْنَ اَوْ يَكُوْنَ جَعَلَ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ
كَمَا جَعَلَ الْخَرَاجَ عَلٰى رِقَابِهِمْ وَلَا يَجُوْزُ
اَنْ يَكُوْنَ الْخَرَاجُ يَجِبُ اِلَّا فِيْمَا مَلَكَهُ لِغَيْرِ
اَخْذِ الْخَرَاجِ فَاِنْ حَمَلْنَا ذٰلِكَ عَلَى
التَّمْلِيْكِ مِنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِيَّاهُمْ
ثَمَرَ النَّخْلِ وَالْكَرْمِ بِمَا جَعَلَ عَلَيْهِمْ مِمَّا
ذَكَرْنَا جَعَلَ فِعْلَهُ ذٰلِكَ قَدْ دَخَلَ فِيْمَا قَدْ نَهٰى
عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ
بَيْعِ السِّنِيْنَ وَمِنْ بَيْعِ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ
فَاسْتَحَالَ اَنْ يَكُوْنَ الْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ
الْاَمْرَ عِنْدَنَا عَلٰى اَنَّ تَمْلِيْكَهُ لَهُمُ الْاَرْضَ
الَّتِيْ اَوْجَبَ هٰذَا عَلَيْهِمْ فِيْمَا قَدْ تَقَدَّمَ

بوڑھوں، معذوروں (جو شل تھے) اور ان کے بچوں کو چھوڑ دیا
(ان پر جزیہ مقرر نہیں کیا) اگرچہ وہ بعض بالغ لوگوں سے زیادہ کمانے
پر قادر تھے لیکن جن لوگوں کا ہم نے ذکر کیا ان میں سے کسی پر کچھ بھی
مقرر نہیں کیا اب یہ اس بات کی دلیل ہے کہ باقی لوگوں پر جو کچھ
واجب کیا وہ ان کی ملکیت کی وجہ سے نہیں بلکہ ذمی ہونے کی وجہ
سے تھا اور اس سے پہلے تمام مفتوحہ زمین کا ان سے لینا ان کے
اجارہ کی دلیل ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا۔
دیکھتے ہیں کہ انہوں نے زمین پر مختلف چیزیں مقرر یں
انگور کی زمین پر متعین مقدار مقرر فرمائی گندم والی زمین پر بھی
معلوم مقدار مقرر کی، لیکن کھجور کو چھوڑ دیا اور اس سے کچھ بھی
نہ لیا۔ اب یہ دو حال سے خالی نہیں۔ یا تو یہ کہ جن لوگوں کی حرمت
ثابت ہوئی وہ اپنے پھلوں کے مالک ہوئے لیکن زمین مسلمانوں
کی ملک قرار پائی یا آپ نے ان پر اس طرح مقرر فرمایا جس طرح ان
پر خراج لازم کیا، اور جب تک خراج لیے بغیر مالک نہ ہو جائے
خراج واجب نہیں ہوتا اگر ہم اسے اس بات پر محمول
کریں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے محصول کے بدلے
میں انہیں کھجوروں اور انگوروں کے پھلوں کا مالک بنایا تھا
تو یہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس نہی میں داخل
ہو جائے گا کہ آپ نے کئی سالوں کی بیع اور جس چیز کا
مالک نہ ہو اس کی بیع سے منع فرمایا لیکن اس بات کا پایا جانا
محال ہے بلکہ ہمارے نزدیک بات یہ ہے کہ آپ نے ان کو
اس زمین کا مالک بنایا تھا جو پہلے اجرت پر دی گئی تھی کہ اب
یہ ان کی ملک خراجی ہو گی اور جو کچھ ان پر واجب ہوا اس کا یہی
حکم ہے سب لوگوں نے آپ کے اس فیصلے کو قبول کیا اور
آپ نے ان سے جو کچھ لیا تھا اس میں سے ان کو جو کچھ دیا
انہوں نے اسے لے لیا لہٰذا ان کا اسے قبول کرنا ان کی طرف
سے آپ کے اس فعل کی اجازت تھی

عَلٰی اَنْ تَکُوْنَ مِلْکَھُمْ لِذٰلِكَ مِلْكٌ خَرَاجِیٌّ فَھٰذَا حُکْمُهٗ فِیْمَا یَجِبُ عَلَیْھِمْ فِیْهِ وَ قَبِلَ النَّاسُ جَمِیْعًا مِّنْهُ ذٰلِكَ وَ اَخَذُوْا مِنْهُ مَا اَعْطَاھُمْ مِمَّا اَخَذَ مِنْھُمْ فَکَانَ قُبُوْلُھُمْ لِذٰلِكَ اِجَازَۃً مِّنْھُمْ لِفِعْلِهٖ۔

قَالُوْا فَلِھٰذَا جَعَلْنَا اَھْلَ السَّوَادِ مَالِکِیْنَ لِاَرْضِھِمْ وَجَعَلْنَاھُمْ اَحْرَارًا بِالْعِلَّۃِ الْمُتَقَدِّمَۃِ وَ کُلُّ ھٰذَا اِنَّمَا کَانَ بِاِجَازَۃِ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ غَنِمُوْا تِلْكَ الْاَرْضَ وَلَوْ لَا ذٰلِكَ لَمَا جَازَ وَلَکَانُوْا عَلٰی مِلْکِھِمْ قَالُوْا فَکَذٰلِكَ نَقُوْلُ کُلُّ اَرْضٍ مُفْتَتَحَۃٍ عَنْوَۃً فَحُکْمُھَا اَنْ تُقْسَمَ کَمَا تُقْسَمُ الْاَمْوَالُ خُمُسُھَا لِلّٰهِ وَاَرْبَعَۃُ اَخْمَاسِھَا لِلَّذِیْنَ افْتَتَحُوْھَا لَیْسَ لِلْاِمَامِ مَنْعُھُمْ مِنْ ذٰلِكَ اِلَّا اَنْ تَطِیْبَ اَنْفُسُ الْقَوْمِ بِتَرْکِھَا کَمَا طَابَتْ اَنْفُسُ الَّذِیْنَ افْتَتَحُوا السَّوَادَ لِعُمَرَ بِمَا ذَکَرْنَا۔

فَکَانَ مِنَ الْحُجَّۃِ لِلْاٰخَرِیْنَ عَلَیْھِمْ اَنَّا نَعْلَمُ اَنَّ اَرْضَ السَّوَادِ لَوْ کَانَتْ کَمَا ذَکَرَ اَھْلُ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی لَکَانَ قَدْ وَجَبَ فِیْھَا خُمُسُ اللّٰهِ بَیْنَ اَھْلِهِ الَّذِیْنَ جَعَلَهُ اللّٰهُ لَھُمْ وَقَدْ عَلِمْنَا اَنَّهٗ لَا یَجُوْزُ لِلْاِمَامِ اَنْ یَّجْعَلَ ذٰلِكَ الْخُمُسَ وَلَا شَیْئًا مِّنْهُ لِاَھْلِ الذِّمَّۃِ وَقَدْ کَانَ اَھْلُ السَّوَادِ الَّذِیْنَ اَقَرَّھُمْ عُمَرُ صَارُوْا اَھْلَ الذِّمَّۃِ وَقَدْ کَانَ السَّوَادُ بِاَسْرِهٖ فِیْ اَیْدِیْھِمْ۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ مَا فَعَلَهٗ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ ذٰلِكَ کَانَ مِنْ جِھَۃٍ غَیْرِ الْجِھَۃِ الَّتِیْ ذَکَرُوْا وَھُوَ عَلٰی اَنَّهٗ لَمْ یَکُنْ وَجَبَ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ ذٰلِكَ خُمُسٌ وَکَذٰلِكَ

یہ حضرات فرماتے ہیں ہم نے اسی لیے اہلِ سواد کو ان کی زمینوں کا مالک قرار دیا اور پہلے بیان کی گئی علت کے باعث ہم نے انہیں آزاد قرار دیا اور یہ سب کچھ اس قوم کی اجازت سے ہوا جنہوں نے اس زمین کو بطور غنیمت حاصل کیا اگر ان کی مرضی نہ ہوتی تو یہ جائز نہ ہوتا اور وہ زمین ان کی ملک بھی رہتی یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اسی طرح ہم کہتے ہیں کہ جو زمین لڑائی کے ذریعے فتح کی جائے اس کا حکم یہ ہے کہ اسے بھی دیگر مالوں کی طرح تقسیم کیا جائے پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے اور چار حصے ان لوگوں کے لیے ہوں گے جنہوں نے اسے فتح کیا امام انکو روک نہیں سکتا البتہ یہ قوم خوشی سے اس کے چھوڑنے پر راضی ہو جائے جیسا کہ سواد کی زمین فتح کرنے والوں نے اسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کیلئے چھوڑ دیا تھا جس طرح ہم نے ذکر کیا۔

ان کے خلاف دوسرے لوگوں کی دلیل یہ ہے کہ ہم جانتے ہیں اگر سواد کی زمین اس طرح ہوتی جس طرح پہلے قول والوں نے کہا ہے تو اس میں اللہ تعالیٰ کے لیے پانچواں حصہ واجب ہوتا جو اللہ تعالیٰ اور ان لوگوں کے درمیان ہوتا جن کے لیے اللہ تعالیٰ نے اسے قرار دیا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ امام کے لیے پانچواں حصہ یا اس میں سے کوئی چیز ذمی لوگوں کو دینا جائز نہیں اور سواد کے جن لوگوں کو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے برقرار رکھا وہ ذمی ہو چکے تھے اور سواد کا تمام علاقہ ان کے قبضہ میں تھا

تو اس سے ثابت ہوا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہ عمل اس وجہ سے نہیں تھا جو ان حضرات نے ذکر کی ہے بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ اس میں اللہ تعالیٰ کے لیے خمس (یا پانچواں حصہ) واجب نہیں ہوا تھا اسی طرح جو کچھ ان کی گردنوں کے سلسلے میں کیا تو آپ نے ان پر احسان

مَا فَعَلَ فِيْ رِقَابِهِمْ فَمَنَّ عَلَيْهِمْ بِأَنْ أَقَرَّهُمْ فِيْ أَرْضِيْهِمْ وَنَفَى الرِّقَّ مِنْهُمْ وَ أَوْجَبَ الْخَرَاجَ عَلَيْهِمْ فِيْ رِقَابِهِمْ وَأَرْضِيْهِمْ فَمَلَكُوْا بِذٰلِكَ أَرْضِيْهِمْ وَانْتَفَى الرِّقُّ عَنْ رِقَابِهِمْ۔

فرمایا کہ انہیں ان کی زمینوں پر برقرار رکھا اور ان سے غلامی کو اُٹھا دیا اور ان کی گردنوں اور زمینوں پر خراج لازم کیا اس طرح وہ اپنی زمینوں کے مالک بن گئے اور ان کی گردنوں سے غلامی کو دور کیا۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّ لِلْإِمَامِ أَنْ يَّفْعَلَ هٰذَا بِمَا افْتَتَحَ عَنْوَةً فَنَفَى عَنْ أَهْلِهَا رِقَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَنْ أَرْضِيْهِمْ مِلْكَ الْمُسْلِمِيْنَ وَيُوْجِبُ ذٰلِكَ لِأَهْلِهَا وَيَضَعُ عَلَيْهِمْ مَّا يَجِبُ عَلَيْهِمْ وَضْعُهُ مِنَ الْخَرَاجِ كَمَا فَعَلَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ بِحَضْرَةِ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحْتَجَّ عُمَرُ بِذٰلِكَ بِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ أَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ثُمَّ قَالَ لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ فَأَدْخَلَهُمْ مَعَهُمْ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُا الدَّارَ وَالْإِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُرِيْدُ بِذٰلِكَ الْأَنْصَارَ فَأَدْخَلَهُمْ مَعَهُمْ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْنَ جَاءُوْا مِنْ بَعْدِهِمْ فَأَدْخَلَ فِيْهَا جَمِيْعَ مَنْ يَّجِيْءُ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ فَلِلْإِمَامِ أَنْ يَّفْعَلَ ذٰلِكَ وَيَضَعَهُ حَيْثُ رَأَى وَضْعَهُ فِيْمَا سَمَّى اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ السُّوْرَةِ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ أَبُوْ حَنِيْفَةَ وَ سُفْيَانُ وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ۔

اس سے ثابت ہوا کہ جس زمین کو امام نے لڑائی کے ذریعے فتح کیا وہ اس میں یہ عمل اختیار کر سکتا ہے وہ ان کو مسلمانوں کے غلام ہونے اور ان کی زمینوں کو مسلمانوں کی ملکیت سے بچا کر ان پر خراج مقرر کر سکتا ہے جس طرح حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں ایسا کیا اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے استدلال کیا ہے اللہ تعالیٰ کچھ بستیوں والوں (کے مال) سے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم غنیمت عطا فرمائے تو وہ اللہ تعالیٰ اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم، قرابت داروں، یتیموں، محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہے پھر فرمایا مہاجر فقراء کے لیے ہے تو ان کو بھی ان میں داخل کیا، پھر فرمایا "اور وہ لوگ جنہوں نے ان سے پہلے ان کو گھر اور ایمان کا ٹھکانہ دیا اس سے انصار مراد ہیں چنانچہ ان کو بھی ان میں شامل کیا پھر فرمایا" اور وہ لوگ جو ان کے بعد آئے" اس طرح ان کے بعد آنے والے تمام مومنوں کو بھی اس میں شامل کیا۔ تو امام کو اس بات کا حق ہے اور وہ ان لوگوں کو جن کا اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں ذکر فرمایا جس کو مناسب سمجھے دے تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے حضرت امام ابو جعفر اور حضرت سفیان رحمہا اللہ کا مذہب ثابت ہو گیا اور یہی حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہا اللہ کا قول ہے۔

۹۸۶۔ فَإِنِ احْتَجَّ فِيْ ذٰلِكَ مُحْتَجٌّ بِمَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ

اگر اس سلسلے میں کوئی شخص اس روایت سے استدلال کرے حضرت قیس بن ابی حازم فرماتے ہیں جب حضرت جریر بن عبد اللہ اور عمار بن یاسر

بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ قَالَ لَمَّا وَفَدَ جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ فِیْ اُنَاسٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ اِلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ عُمَرُ لِجَرِیْرٍ یَا جَرِیْرُ وَاللّٰهِ لَوْلَا اَنِّیْ قَاسِمٌ مَسْئُوْلٌ لَکُنْتُمْ عَلٰی مَا قَسَمْتُ لَکُمْ وَلٰکِنِّیْ اَرٰی اَنْ اَرُدَّهٗ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ فَرَدَّهٗ وَکَانَ رُبُعُ السَّوَادِ لِبَجِیْلَةَ فَاَخَذَهٗ مِنْهُمْ وَاَعْطَاهُمْ ثَمَانِیْنَ دِیْنَارًا۔

کچھ دوسرے مسلمانوں کے ہمراہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت جریر سے فرمایا اے جریر! اللہ کی قسم! اگر میں ایسا قاسم نہ ہوتا جس سے سوال ہوگا تو تم اسی پر قائم رہتے جو میں نے تمہارے لیے تقسیم کیا لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ اسے مسلمانوں کی طرف لوٹا دوں چنانچہ آپ نے اسے لوٹا دیا اور سواد کا چوتھا حصہ بجیلہ والوں کے لیے تھا تو آپ نے ان سے لے لیا اور ان کو اسی دینار دیئے۔

۹۸۷۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْاَصْبَهَانِیِّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ ثَنِیْ اِسْمٰعِیْلُ عَنْ قَیْسٍ عَنْ جَرِیْرٍ قَالَ کَانَ عُمَرُ قَدْ اَعْطٰی بَجِیْلَةَ رُبُعَ السَّوَادِ فَاَخَذْنَاهُ ثَلَاثَ سِنِیْنَ فَوَفَدَ بَعْدَ ذٰلِکَ جَرِیْرٌ اِلٰی عُمَرَ وَمَعَهٗ عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ فَقَالَ عُمَرُ وَاللّٰهِ لَوْلَا اَنِّیْ قَاسِمٌ مَسْئُوْلٌ لَتَرَکْتُکُمْ عَلٰی مَا کُنْتُ اَعْطَیْتُکُمْ فَاَرٰی اَنْ تَرُدَّهٗ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ فَفَعَلَ قَالَ فَاَجَازَنِیْ عُمَرُ ثَمَانِیْنَ دِیْنَارًا۔

حضرت قیس بن جریر فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بجیلہ والوں کو سواد کا چوتھا حصہ عطا فرمایا پھر ہم نے ان سے تین سال تک کے لیے رکھا اس کے بعد حضرت جریر، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے حضرت عمار بن یاسر بھی ان کے ہمراہ تھے حضرت فاروق رضی اللہ عنہ فرمایا اللہ کی قسم! اگر میں ایسا تقسیم کرنے والا نہ ہوتا جس سے سوال ہوگا تو میں تمہیں اسی چیز پر چھوڑ دیتا جو تمہیں دی ہے لیکن میرا خیال ہے اسے مسلمانوں کی طرف لوٹا دو چنانچہ انہوں نے اسی طرح کیا وہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجھے اسی دینار (لینے) کی اجازت دی۔

قَالُوْا فَهٰذَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ عُمَرَ قَدْ کَانَ قَسَمَ السَّوَادَ بَیْنَ النَّاسِ ثُمَّ اَرْضَاهُمْ بَعْدَ ذٰلِکَ بِمَا اَعْطَاهُمْ عَلٰی اَنْ یَّعُوْدَ لِلْمُسْلِمِیْنَ۔

یہ حضرات فرماتے ہیں یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سواد کی زمین کو لوگوں میں تقسیم فرمایا پھر ان کو عطیہ دے کر اسے مسلمانوں کی طرف لوٹانے پر راضی کیا۔

قِیْلَ لَهٗ مَا یَدُلُّ هٰذَا الْحَدِیْثُ ظَاهِرُهٗ عَلٰی مَا ذَکَرْتُمْ وَلٰکِنْ یَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ عُمَرُ فَعَلَ مِنْ ذٰلِکَ مَا فَعَلَ فِیْ طَائِفَةٍ مِّنَ السَّوَادِ فَجَعَلَهَا لِبَجِیْلَةَ ثُمَّ اَخَذَ ذٰلِکَ مِنْهُمْ لِلْمُسْلِمِیْنَ وَعَوَّضَهُمْ مِنْهُمْ عِوَضًا مِنْ مَالِ الْمُسْلِمِیْنَ فَکَانَتْ تِلْکَ الطَّائِفَةُ الَّتِیْ جَرٰی فِیْهَا هٰذَا الْفِعْلُ

تو اس (استدلال کرنے والے) شخص کو جواب دیا جائے گا کہ اس حدیث کا ظاہر اس بات پر دلالت نہیں کرتا جسے تم نے ذکر کیا ہے لیکن ہو سکتا ہے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے یہ عمل سواد کے کسی ایک گروہ کے سلسلے میں کیا ہو اسے قبیلہ بجیلہ کے لیے قرار دیا پھر ان سے مسلمانوں کے لیے کر ان کو مسلمانوں کے مال سے عوضانہ عطا فرمایا تو یہ صرف ایک گروہ تھا جسے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے عوضانہ دے کر مسلمانوں

لِلْمُسْلِمِينَ بِمَا عَوَّضَ عُمَرُ أَهْلَهَا مَا عَوَّضَهُمْ مِنْهَا مِنْ ذٰلِكَ وَمَا بَقِيَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنَ السَّوَادِ فَعَلَى الْحُكْمِ الَّذِي قَدْ بَيَّنَّا فِيمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْبَابِ وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَكَانَتْ أَرْضُ السَّوَادِ أَرْضَ عُشْرٍ وَلَمْ يَكُنْ أَرْضَ خَرَاجٍ۔

۹۸۸۔ **فَإِنِ** احْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ ابْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنْ بَجِيلَةَ إِلَى عُمَرَ فَقَالَتْ إِنَّ قَوْمِي رَضُوا مِنْكَ مِنَ السَّوَادِ بِمَا لَمْ أَرْضَ وَلَسْتُ أَرْضٰى حَتّٰى تَمْلَأَ كَفِّي ذَهَبًا أَوْ جَمَلِي طَعَامًا أَوْ كَلَامًا هٰذَا مَعْنَاهُ فَفَعَلَ ذٰلِكَ بِهَا عُمَرُ۔

۹۸۹۔ **قِيلَ** لَهُمْ ذٰلِكَ أَيْضًا عِنْدَنَا وَاللهُ أَعْلَمُ عَلَى الْجُزْءِ الَّذِي كَانَ سَلَّمَهُ عُمَرُ لِبَجِيلَةَ فَمَلَكُوهُ ثُمَّ أَرَادَ انْتِزَاعَهُ مِنْهُمْ بِطِيبِ أَنْفُسِهِمْ فَلَمْ يُخْرِجْ حَقَّ تِلْكَ الْمَرْأَةِ مِنْهَا إِلَّا بِمَا طَابَتْ بِهِ نَفْسُهَا فَأَعْطَاهَا عُمَرُ مَا طَلَبَتْ حَتّٰى رَضِيَتْ فَسَلَّمَتْ مَا كَانَ لَهَا مِنْ ذٰلِكَ كَمَا سَلَّمَ سَائِرُ قَوْمِهَا حُقُوقَهُمْ فَهٰذَا عِنْدَنَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ كُلِّهِ مِنْ طَرِيقِ الْآثَارِ وَمِنْ طَرِيقِ النَّظَرِ عَلٰى مَا بَيَّنَّا وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَسُفْيَانَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ۔

۹۸۹۔ **وَقَدْ** رُوِيَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي أَرْضِ مِصْرَ أَيْضًا مَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ ثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِيهِ

کے لیے یہ عمل جاری کیا اور سواد کے باقی حصے کا وہی حکم ہے جسے ہم نے اس سے پہلے اسی باب میں بیان کیا ہے، اگر یہ بات نہ ہوتی اور سواد کی زمین، عشری زمین ہوتی، خراجی نہ ہوتی۔

اگر وہ اس سلسلے میں یوں استدلال کریں حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے فرماتے ہیں بجیلہ قبیلہ کی ایک عو نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میری قوم سواد کی زمین کے سلسلے میں جس بات پر راضی ہوتی ہے میں اس پر راضی نہیں ہوں اور میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی جب تک میری ہتھیلی کو سونے سے یا میرے اونٹ کو غلہ سے نہ بھر دیں یا اس نے اسی قسم کا کلام کیا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسی طرح کیا۔

ان حضرات کو کہا جائے گا کہ یہ بات بھی ہمارے نزدیک صرف اس حصے سے متعلق ہے جو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے قبیلہ بجیلہ کو عطا فرمایا تھا وہ اس کے مالک بن گئے پھر آپ نے ان کی مرضی سے اسے واپس لینے کا ارادہ کیا تو اس عورت کا حق اسی صورت میں ختم ہو سکتا تھا کہ وہ خوشی سے دیتی چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس کے مطالبہ کے مطابق اسے عنایت فرمایا یہاں تک کہ وہ راضی ہو گئی اور اس نے بھی باقی قبیلے کی طرح جو کچھ ملا تھا آپ کے حوالے کر دیا ہمارے نزدیک روایات کے طریقے پر اس باب کا یہ (مندرجہ بالا) بیان ہے اور قیاس کے طور پر بھی اسی طرح ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا اور یہی حضرت امام ابوحنیفہ حضرت سفیان، حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مذہب ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مصر کی زمین کے بارے میں بھی اسی طرح مروی ہے، حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں جب حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے مصر کی زمین کو فتح فرمایا تو انہوں نے اپنے ساتھ موجود تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جمع کر کے ان سے مشورہ لیا کہ اس زمین کو ان لوگوں کے درمیان

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ لَمَّا فَتَحَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ اَرْضَ مِصْرَ جَمَعَ مَنْ كَانَ مَعَهُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَشَارَهُمْ فِيْ قِسْمَةِ اَرْضِهَا بَيْنَ مَنْ شَهِدَهَا كَمَا قَسَمَ بَيْنَهُمْ غَنَائِمَهُمْ وَكَمَا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ بَيْنَ مَنْ شَهِدَهَا اَوْ يُوْقِفُهَا حَتّٰى رَاجَعَ فِيْ ذٰلِكَ رَاْيَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ نَفَرٌ مِنْهُمْ فِيْهِمُ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ وَاللّٰهِ مَا ذَاكَ اِلَيْكَ وَلَا اِلٰى عُمَرَ اِنَّمَا هِيَ اَرْضٌ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاَوْجَفْنَا عَلَيْهَا خَيْلَنَا وَرِجَالَنَا وَحَوَيْنَا مَا فِيْهَا فَمَا قِسْمَتُهَا بِاَحَقَّ مِنْ قِسْمَةِ اَمْوَالِهَا وَقَالَ نَفَرٌ مِنْهُمْ لَا نَقْسِمُهَا حَتّٰى نُرَاجِعَ رَاْيَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْهَا فَاتَّفَقَ رَاْيُهُمْ عَلٰى اَنْ يَكْتُبُوْا اِلٰى عُمَرَ فِيْ ذٰلِكَ وَيُخْبِرُوْهُ فِيْ كِتَابِهِمْ اِلَيْهِ بِمَقَالَتِهِمْ فَكَتَبَ اِلَيْهِمْ عُمَرُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ وَصَلَ اِلَيَّ مَا كَانَ مِنْ اِجْمَاعِكُمْ عَلٰى اَنْ تَغْتَصِبُوْا عَطَايَا الْمُسْلِمِيْنَ وَمُؤَنَ مَنْ يَغْزُوْا اَهْلَ الْعَدُوِّ وَاَهْلَ الْكُفْرِ وَاِنِّيْ اِنْ قَسَمْتُهَا بَيْنَكُمْ لَمْ يَكُنْ لِمَنْ بَعْدَكُمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ مَادَّةٌ يَقْوُوْنَ بِهِ عَلٰى عَدُوِّكُمْ وَلَوْلَا مَا اَحْمِلُ عَلَيْهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَدْفَعُ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ مُؤَنِهِمْ وَاُجْرِيْ عَلٰى ضُعَفَائِهِمْ وَاَهْلِ الدِّيْوَانِ مِنْهُمْ لَقَسَمْتُهَا بَيْنَكُمْ فَاَوْقِفُوْهَا فَيْئًا عَلٰى مَنْ بَقِيَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى يَنْقَرِضَ اٰخِرُ عِصَابَةٍ تَغْزُوْا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَا قَدْ دَلَّ فِيْ حُكْمِ الْاَرْضِيْنَ الْمُفْتَتَحَةِ عَلٰى

تقسیم کیا جائے جو جنگ کے لیے حاضر ہوئے جیسے آپ نے ان کے درمیان مالِ غنیمت کو تقسیم فرمایا اور جس طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی زمین ان لوگوں کے درمیان تقسیم فرمائی جو وہاں حاضر تھے یا اسے اسی طرح چھوڑ دیا جائے حتیٰ کہ حضرت امیر المومنین کی رائے معلوم کی جائے کچھ لوگوں نے جن میں حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ بھی تھے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم یہ آپ کے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اختیار میں نہیں، یہ وہ زمین ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں فتح کیا ہم نے ان پر اپنے گھوڑے اور آدمی دوڑائے اور جو کچھ اس میں ہے اسے ہم نے قابو کیا لہٰذا آپ کا اسے تقسیم کرنا مال کی تقسیم سے زیادہ ضروری ہے بعض لوگوں نے کہا ہم اسے تقسیم نہیں کریں حتیٰ کہ ہم حضرت امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی رائے کی طرف رجوع کریں چنانچہ وہ سب اس بات پر متفق ہو گئے کہ اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو لکھا اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد مجھے تمہاری طرف سے یہ بات پہنچی ہے کہ تم اس بات پر متفق ہو کہ تم مسلمانوں کے عطیات اور دشمن نیز کفار کے مقابلے میں لڑنے والوں کی محنت کو چھین لو اگر میں اسے تمہارے درمیان تقسیم کر دوں تو تمہارے بعد والے مسلمانوں کے لیے کوئی ایسی چیز باقی نہیں رہے گی جس کے ذریعے وہ تمہارے دشمن کے خلاف مضبوط ہو سکیں اگر تمہیں اللہ کی راہ میں برانگیختہ کرنا ، مسلمانوں سے ان کا بوجھ دور کرنا ان کے کمزوروں اور دیوان والوں پر اسے جاری کرنا نہ ہوتا تو میں اسے تمہارے درمیان تقسیم کر دیتا لہٰذا اسے باقی مسلمانوں کے لیے بطور غنیمت رکھو حتیٰ کہ مسلمانوں کی آخری جماعت جنگ کرے ، والسلام علیکم

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں مفتوحہ زمینوں کے حکم پر دلالت پائی جاتی

مَا ذَكَرْنَا وَاَنَّ حُكْمَهَا خِلَافُ حُكْمِ مَا سِوَاهَا مِنْ سَائِرِ الْاَمْوَالِ الْمَغْنُوْمَةِ مِنَ الْعَدُوِّ۔

ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا نیز اس کا حکم ان باقی تمام مالوں سے الگ ہے جو دشمن سے غنیمت کے طور پر حاصل ہوئے۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ ذَكَرَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ قَسَمَ خَيْبَرَ بَيْنَ مَنْ كَانَ شَهِدَهَا فَذٰلِكَ يَنْفِيْ اَنْ تَكُوْنَ فِيْمَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ خَيْبَرَ حُجَّةٌ لِّمَنْ ذَهَبَ اِلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَسُفْيَانُ وَمَنْ تَابَعَهُمَا فِيْ اِيْقَافِ الْاَرَضِيْنَ الْمُفْتَتَحَةِ لِنَوَائِبِ الْمُسْلِمِيْنَ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ اس حدیث میں صحابہ کرام سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو ان لوگوں کے درمیان تقسیم فرمایا جو وہاں حاضر تھے لہٰذا خیبر کے سلسلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل ان لوگوں کی دلیل کی نفی کرتا ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت سفیان اور ان کے متبعین کے مسلک پر چلتے ہیں کہ مفتوحہ زمینیں مسلمانوں کی ضرورت کے لیے چھوڑی جائیں۔

قِيْلَ لَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ لَمْ يُفَسِّرْ لَنَا فِيْهِ كُلَّ الَّذِيْ كَانَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ خَيْبَرَ وَقَدْ جَاءَ غَيْرُهٗ فَبَيَّنَ لَنَا مَا كَانَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا۔

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ یہ حدیث سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے خیبر سے متعلق پورے عمل کی وضاحت نہیں کرتی۔ دوسرے حضرات سے مروی روایات نے اس سلسلے میں وضاحت کی ہے۔

۹۹۰ - حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ قَالَ قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ نِصْفَيْنِ نِصْفًا لِنَوَائِبِهٖ وَحَاجَتِهٖ وَنِصْفًا بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَسَمَهَا بَيْنَهُمْ عَلٰى ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا۔

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو دو برابر حصوں میں تقسیم فرمایا نصف حصہ اپنی ضروریات کے لیے رکھا اور باقی نصف مسلمانوں کے درمیان اٹھارہ حصوں میں تقسیم فرمایا۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ بَيَانُ مَا كَانَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ خَيْبَرَ وَاَنَّهٗ اَوْقَفَ نِصْفَهَا لِنَوَائِبِهٖ وَحَاجَتِهٖ وَقَسَمَ نِصْفَهَا بَيْنَ مَنْ شَهِدَهَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَالَّذِيْ

تو اس حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے خیبر سے متعلق فیصلے کا بیان ہے کہ آپ نے اس کا نصف حصہ اپنی ضروریات کے لیے رکھا اور دوسرا نصف شریک ہونے والے مسلمانوں کے لیے رکھا جو حصہ وقف کیا (اسے اپنے لیے رکھا)

كَانَ اَوْقَفَهُ مِنْهَا هُوَ الَّذِيْ كَانَ دَفَعَهُ اِلَى الْيَهُوْدِ مُزَارَعَةً عَلٰى مَا فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ الَّذِيْنَ ذَكَرْنَاهُمَا وَهُوَ الَّذِيْ تَوَلّٰى عُمَرُ قِسْمَتَهُ فِيْ خِلَافَتِهٖ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمَّا اَجْلَى الْيَهُوْدَ عَنْ خَيْبَرَ وَفِيْمَا بَيَّنَّا مِنْ ذٰلِكَ تَقْوِيَةٌ لِمَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَسُفْيَانُ فِيْ اِيْقَافِ الْاَرْضِيْنَ وَتَرْكِ قِسْمَتِهَا اِذَا رَاٰى الْاِمَامُ ذٰلِكَ۔

اسے یہودیوں کو مزارعت پر دیا جیسا کہ حضرت ابن عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم کی روایات کے ضمن میں ہم نے ذکر کیا اور یہ وہی حصہ کہ جب حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں یہودیوں کو جلاوطن کیا تو اسے مسلمانوں کے درمیان تقسیم فرمایا یہ جو کچھ ہم نے بیان کیا حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت سفیان رحمہما اللہ کے مذہب کی تقویت ہے کہ اگر امام چاہے تو ان (مفتوحہ) زمینوں کو وقف کر دے اور تقسیم نہ کرے۔

بَابُ ۲۳۳ الرَّجُلِ يَحْتَاجُ اِلَى الْقِتَالِ عَلٰى دَابَّةٍ مِّنَ الْمَغْنَمِ

مجبوراً غنیمت کے جانور پر سوار ہو کر لڑنا

۹۹۱۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنِ ابْنِ مَرْزُوْقٍ التُّجِيْبِيِّ عَنْ حَنَشِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ عَامَ خَيْبَرَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَاْخُذُ دَابَّةً مِّنَ الْمَغَانِمِ فَيَرْكَبُهَا حَتّٰى اِذَا اَنْقَصَهَا رَدَّهَا فِي الْمَغَانِمِ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَلْبَسُ ثَوْبًا مِّنَ الْمَغَانِمِ حَتّٰى اِذَا اَخْلَقَهُ رَدَّهَا فِي الْمَغَانِمِ۔

حضرت رویفع بن ثابت، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے خیبر کے سال فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مال غنیمت میں سے جانور لے کر اس پر سوار نہ ہو حتیٰ کہ اسے ناقص بنا کر مالِ غنیمت میں لوٹا دے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مال غنیمت میں سے کوئی کپڑا نہ پہنے یہاں تک کہ اسے پرانا کر کے مالِ غنیمت میں لوٹا دے۔

۹۹۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى ابْنُ اَيُّوْبَ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ سُلَيْمٍ التُّجِيْبِيِّ عَنْ حَنَشٍ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی بواسطہ حضرت رویفع بن ثابت، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل مروی ہے۔

فَذَهَبَ قَوْمٌ مِّنْهُمُ الْاَوْزَاعِيُّ اِلٰى اَنَّهُ لَا بَاْسَ اَنْ يَاْخُذَ الرَّجُلُ السِّلَاحَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ فَيُقَاتِلُ بِهٖ فِيْ مَعْمَعَةِ الْقِتَالِ مَا

ایک جماعت جن میں امام اوزاعی بھی شامل ہیں اس بات کی طرف گئی ہے کہ مالِ غنیمت میں ہتھیار لے کر لڑائی کے دوران ان کے ذریعے لڑنے میں کوئی حرج نہیں جب تک اسے ضرورت ہو

كَانَ اِلَى ذٰلِكَ مُحْتَاجًا وَّلَا يَنْتَظِرُ بِرَدِّهٖ الْفَرَاغَ مِنَ الْحَرْبِ فَتَعْرِضُهٗ لِلْهَلَاكِ وَانْكِسَادِ الثَّمَنِ فِىْ طُوْلِ مُكْثِهٖ فِىْ دَارِ الْحَرْبِ وَاحْتَجُّوْا فِىْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

۹۹۳- **وَخَالَفَهُمْ** فِىْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ مِنْهُمْ اَبُوْحَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فِيْمَا حَدَّثَنِىْ سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ يُوْسُفَ فَقَالُوْا لَا بَاْسَ اَنْ يَّاْخُذَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ مِنَ الْغَنِيْمَةِ السِّلَاحَ اِذَا احْتَاجَ اِلَيْهِ بِغَيْرِ اِذْنِ الْاِمَامِ فَيُقَاتِلُ بِهٖ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنَ الْحَرْبِ ثُمَّ يَرُدُّهٗ فِى الْمَغْنَمِ۔

۹۹۴- **قَالَ** اَبُوْيُوْسُفَ وَقَدْ بَلَغَنَا عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا احْتَجَّ بِهِ الْاَوْزَاعِىُّ وَلِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَانٍ وَّوُجُوْهٌ وَّتَفْسِيْرٌ لَّا يَفْهَمُهٗ وَلَا يُبْصِرُهٗ اِلَّا مَنْ اَعَانَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَهٰذَا الْحَدِيْثُ عِنْدَنَا عَلٰى مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ وَهُوَ عَنْهُ غَنِىٌّ يَّبْقٰى بِذٰلِكَ عَلٰى دَابَّتِهٖ وَعَلٰى ثَوْبِهٖ اَوْ يَاْخُذُ ذٰلِكَ يُرِيْدُ بِهِ الْخِيَانَةَ فَاَمَّا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ فِىْ دَارِ الْحَرْبِ لَيْسَ مَعَهٗ دَابَّةٌ وَّلَيْسَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَضْلٌ يَّحْمِلُوْنَهٗ اِلَّا دَوَابُّ الْغَنِيْمَةِ وَلَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَّمْشِىَ فَاِنَّ هٰذَا لَا يَحِلُّ لِلْمُسْلِمِيْنَ تَرْكُهٗ وَلَا بَاْسَ اَنْ يَّرْكَبَهَا هٰذَا شَاءُوْا اَوْ كَرِهُوْا وَكَذٰلِكَ هٰذِهِ الْحَالُ فِى الثِّيَابِ وَكَذٰلِكَ هٰذِهِ الْحَالُ فِى السِّلَاحِ وَالْحَالُ اَبْيَنُ وَاَوْضَحُ۔ **اَلَا تَرٰى** اَنَّ قَوْمًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَوْ تَكَسَّرَتْ سُيُوْفُهُمْ اَوْ ذَهَبَتْ وَلَهُمْ غِنًى عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ اَنَّهٗ لَا بَاْسَ اَنْ يَّاْخُذُوْا سُيُوْفًا مِّنَ الْغَنِيْمَةِ فَيُقَاتِلُوْا بِهَا مَا دَامُوْا فِىْ دَارِ الْحَرْبِ اَرَاَيْتَ وَلَوْ لَمْ يَحْتَاجُوْا اِلَيْهَا فِىْ

لیکن واپس لوٹانے کے لیے لڑائی کے ختم ہونے کا منتظر نہ رہے کہ دارالحرب میں زیادہ دیر ٹھہرنے کی وجہ سے وہ (اسلحہ) ضائع ہو جائے یا اس کی قیمت کم ہو جائے انہوں نے اس سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کی ہے ان میں حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بھی ہیں حضرت سلیمان بن شعیب اپنے والد سے اور وہ حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ سے نقل کرتے ہیں کہ ان حضرات نے فرمایا کوئی شخص ضرورت کے تحت امام کی اجازت کے بغیر غنیمت میں سے اسلحہ لے کر شریک جنگ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں لیکن جب لڑائی سے فارغ ہو جائے تو مال غنیمت میں لوٹا دے۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث جس سے حضرت امام اوزاعی نے استدلال کیا ہے ہم تک پہنچی ہے لیکن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے کئی معانی و مطالب ہیں اور ایسی وضاحت ہے جسے وہی شخص جان سکتا ہے جو اس کی بصیرت رکھتا ہے جسے اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہو ہمارے نزدیک یہ حدیث اس شخص کے بارے میں ہے جو ضرورت کے بغیر غنیمت سے جانور یا کپڑا لیتا ہے (اور اسے استعمال کرتا ہے) یا خیانت کے طور پر لیتا ہے لیکن وہ مسلمان شخص جس کے پاس دارالحرب میں کوئی جانور نہ ہو اور دوسرے مسلمانوں کے پاس غنیمت کے علاوہ کوئی زائد جانور نہ ہوں اور وہ پیدل بھی نہ چل سکتا ہو تو مسلمانوں کے لیے اسے چھوڑنا جائز نہیں اور اس پر سوار ہونے میں کوئی حرج نہیں دیگر مسلمان پسند کریں یا ناپسند۔ کپڑے کا بھی یہی حکم ہے ہتھیار کا بھی یہی حال ہے بلکہ یہ حال تو بالکل واضح ہے۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر مسلمان قوم کی تلواریں ٹوٹ جائیں یا ان کے پاس نہ رہیں اور مسلمانوں سے انہیں کچھ نہ مل سکے تو اس بات میں کوئی حرج نہیں کہ مال غنیمت سے تلواریں لے کر ان کے ساتھ لڑیں جب تک وہ دارالحرب میں ہوں کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر وہ گھمسان کی جنگ میں ان (تلواروں) کے محتاج نہ ہوں اور اس کے دو دن بعد

مَعْمَعَةِ الْقِتَالِ وَاحْتَاجُوْا اِلَيْهَا بَعْدَ ذٰلِكَ بِيَوْمَيْنِ اَغَارَ عَلَيْهِمُ الْعَدُوُّ اَيَقُوْمُوْنَ هٰكَذَا فِيْ وُجُوْهِ الْعَدُوِّ بِغَيْرِ سِلَاحٍ كَيْفَ يَصْنَعُوْنَ اَيَسْتَاْثِرُوْنَ هٰذَا الرَّاْىَ فِيْهِ تَوْهِيْنٌ لِمَكِيْدَةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَكَيْفَ يَحِلُّ هٰذَا فِى الْمَعْمَعَةِ وَيَحْرُمُ بَعْدَ ذٰلِكَ۔

۹۹۵- وَقَدْ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمُجَالِدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ يَاْتِيْ اَحَدُنَا اِلٰى طَعَامٍ مِّنَ الْغَنِيْمَةِ فَيَاْخُذُ مِنْهُ حَاجَتَهٗ۔

فَاِذَا كَانَ الطَّعَامُ لَا بَاْسَ بِاَخْذِهٖ وَاَكْلِهٖ وَاسْتِهْلَاكِهٖ لِحَاجَةِ الْمُسْلِمِيْنَ اِلٰى ذٰلِكَ كَانَ كَذٰلِكَ اَيْضًا لَا بَاْسَ بِاَخْذِ الدَّوَابِّ وَالسِّلَاحِ وَالثِّيَابِ وَاسْتِعْمَالِهَا لِحَاجَةٍ اِلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ الَّذِيْ اُرِيْدَ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى هٰذَا غَيْرَ مَا اُرِيْدَ بِهٖ مِنْ حَدِيْثِ رُوَيْفِعٍ حَتّٰى لَا يَتَضَادَّا وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَبِهٖ نَاْخُذُ۔

بَابُ ۲۳۴ الرَّجُلِ يُسْلِمُ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَعِنْدَهٗ اَكْثَرُ مِنْ اَرْبَعِ نِسْوَةٍ

۹۹۶- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الشَّامِيُّ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ

ان کی ضرورت محسوس کریں کہ دشمن ان پر اچانک حملہ کر دے تو وہ اسی طرح ہتھیاروں کے بغیر دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوں گے وہ کیا کریں گے کیا وہ اس رائے کو ترجیح دیں گے جس میں مسلمانوں کے طریقہ جنگ کی توہین ہو اور یہ کیسے ہو گا کہ وہ لڑائی کے دوران تو حلال ہو لیکن اس کے بعد حرام ہو۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ (صحابی) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں ہم خیبر کے موقعہ پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے تو ہم میں سے ایک غنیمت کے کھانے کی طرف آتا اور اس سے اپنی ضرورت کو پورا کرتا۔

تو جب کھانا حاصل کرنے اسے کھانے اور مسلمانوں کی ضرورت کے لیے خرچ کرنے میں کوئی حرج نہیں تو اسی طرح جانوروں ہتھیاروں اور کپڑوں کو لے کر ضرورت کے تحت استعمال کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں (یہ مفہوم) اس لیے مراد لیا گیا) تاکہ حضرت ابن ابی اوفیٰ کی حدیث سے جو کچھ مراد ہے حضرت رویفع کی حدیث سے اس کے خلاف مفہوم مراد نہ لیا جائے اور وہ باہم متضاد نہ ہوں یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے اور ہم بھی اسے ہی اپناتے ہیں۔

جو شخص دار الحرب میں اسلام لائے اور اس کے پاس چار بیویاں ہوں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت غیلان بن سلمہ نے اسلام قبول کیا تو ان کی دس بیویاں تھیں

عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ غَيْلَانَ ابْنَ سَلَمَةَ اَسْلَمَ وَتَحْتَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ خُذْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا ان میں سے چار کو رکھ لو۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَسْلَمَ وَعِنْدَهُ اَكْثَرُ مِنْ اَرْبَعِ نِسْوَةٍ قَدْ كَانَ تَزَوَّجَهُنَّ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَهُوَ مُشْرِكٌ اَنَّهُ يَخْتَارُ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا فَيُمْسِكُهُنَّ وَيُفَارِقُ سَائِرَهُنَّ وَسَوَاءٌ عِنْدَهُمْ كَانَ تَزْوِيْجُهُ اِيَّاهُنَّ فِيْ عُقْدَةٍ وَّاحِدَةٍ اَوْ فِيْ عُقَدٍ مُتَفَرِّقَةٍ وَمِمَّنْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص ایمان لائے اور اس کے پاس چار سے زیادہ بیویاں ہوں اس نے دارالحرب میں ان سے نکاح کیا ہو جب کہ وہ مشرک تھا تو ان میں سے چار کو اختیار کرے اپنے پاس روک لے اور باقی کو جدا کرے ان کے نزدیک برابر ہے کہ ان سے ایک ہی عقد میں نکاح کیا ہو یا متفرق طور پر نکاح میں لایا ہو، اس بات کے قائلین میں حضرت امام محمد بن حسن رحمہ اللہ بھی شامل ہیں۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا اِنْ كَانَ تَزَوَّجَهُنَّ فِيْ عُقْدَةٍ وَّاحِدَةٍ فَنِكَاحُهُنَّ كُلُّهُنَّ بَاطِلٌ وَّيُفَرَّقُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُنَّ وَاِنْ كَانَ تَزَوَّجَهُنَّ فِيْ عُقَدٍ مُتَفَرِّقَةٍ فَنِكَاحُ الْاَرْبَعِ الْاُوَلِ مِنْهُنَّ ثَابِتٌ وَيُفَرَّقُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَائِرِهِنَّ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر ان سے ایک ہی عقد میں نکاح کیا تھا تو ان سب کا نکاح باطل ہو جائے گا اب اس کے اور ان عورتوں کے درمیان تفریق کر دی جائے اور اگر ان سے متفرق طور پر نکاح کیا تھا تو ان میں سے پہلی چار کا نکاح ثابت ہو جائے گا اور اس کے اور باقی بیویوں کے درمیان تفریق کر دی جائے۔

وَمِمَّنْ ذَهَبَ اِلٰى هٰذَا الْقَوْلِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا۔

حضرت امام ابو حنیفہ اور حضرت امام ابو یوسف رحمہما اللہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

۹۹۷ - وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ مُنْقَطِعٌ لَيْسَ كَمَا رَوَاهُ عَبْدُ الْاَعْلٰى وَاَصْحَابُهُ الْبَصْرِيُّوْنَ عَنْ مَعْمَرٍ اِنَّمَا اَصْلُهُ مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّهُ قَالَ بَلَغَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِّنْ ثَقِيْفٍ اَسْلَمَ وَعِنْدَهُ اَكْثَرُ مِنْ اَرْبَعِ نِسْوَةٍ اَمْسِكْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ یہ مندرجہ بالا حدیث منقطع ہے یہ ایسے نہیں جس طرح عبدالاعلی اور ان کے بصری ساتھیوں نے حضرت معمر سے روایت کی ہے اس کی اصل وہ ہے جو ہم (امام طحاوی) سے حضرت یونس نے بیان کی وہ فرماتے ہیں ہمیں ابن وہب نے خبر دی کہ حضرت مالک نے حضرت ابن شہاب سے روایت کرتے ہوئے ان سے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ثقیف کے ایک آدمی سے جو اسلام لایا تھا، اور اس کے پاس چار سے زیادہ بیویاں تھیں فرمایا کہ ان میں سے چار کو روک لو اور باقی کو جدا کر دو۔

۹۹۸ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ الْمَكِّيُّ

حضرت ابن عیینہ، حضرت معمر سے وہ حضرت ابن

قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ ابْنُ حَمِيْدٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ۔

شہاب سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۹۹۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ۔

حضرت عبدالرزاق، حضرت معمر سے وہ حضرت ابن شہاب سے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

فَهٰذَا هُوَ اَصْلُ هٰذَا الْحَدِيْثِ كَمَا رَوَاهُ مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَكَمَا رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ ۔

تو اس حدیث کی اصل یہ ہے جیسے حضرت مالک نے حضرت زہری سے روایت کیا اور جیسے حضرت عبدالرزاق اور ابن عیینہ نے حضرت معمر سے اور انہوں نے حضرت زہری سے روایت کیا۔

وَقَدْ رَوَاهُ اَيْضًا عَقِيْلٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ مَا يَدُلُّ عَلَى الْمَوْضِعِ الَّذِيْ اَخَذَهُ الزُّهْرِيُّ مِنْهُ ۔

حضرت عقیل نے بھی حضرت زہری سے روایت کیا جو اس مقام پر دلالت کرتی ہے جہاں سے حضرت زہری نے یہ حدیث لی ہے۔

۱۰۰۰۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَا ثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَقِيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ بَلَغَنِيْ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ سُوَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِغَيْلَانَ بْنِ سَلَمَةَ الثَّقَفِيِّ حِيْنَ اَسْلَمَ وَتَحْتَهٗ عَشْرُ نِسْوَةٍ خُذْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ ۔

حضرت عقیل، حضرت ابن شہاب زہری سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں مجھے حضرت عثمان بن محمد بن ابوسوید رضی اللہ عنہ سے یہ بات پہنچی ہے کہ جب حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی اسلام لائے اور ان کے پاس دس بیویاں تھیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان میں سے چار کو رکھ لو اور باقی کو جدا کر دو۔

۱۰۰۱۔ فَبَيَّنَ عَقِيْلٌ فِيْ هٰذَا عَنِ الزُّهْرِيِّ مَخْرَجَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَاَنَّهٗ اِنَّمَا اَخَذَهٗ عَمَّا بَلَغَهٗ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَحَالَ اَنْ يَكُوْنَ الزُّهْرِيُّ عِنْدَهٗ فِيْ هٰذَا شَيْءٌ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ فَيَدَعُ الْحُجَّةَ بِهٖ وَيَحْتَجُّ بِمَا بَلَغَهٗ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ سُوَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ اِنَّمَا اُتِيَ مَعْمَرٌ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ لِاَنَّهٗ كَانَ عِنْدَهٗ عَنِ

تو حضرت عقیل نے حضرت زہری سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ یہ حدیث کہاں سے آئی ہے انہوں نے اسے اس شخص سے لیا ہے جس تک یہ روایت حضرت عثمان بن محمد سے پہنچی اور انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے تو یہ بات محال ہے کہ اس سلسلے میں حضرت زہری کے پاس بواسطہ حضرت سالم ان کے والد سے کوئی روایت ہو تو وہ اس سے استدلال کرنے کی بجائے اس روایت سے استدلال کریں جو ان تک بواسطہ حضرت عثمان بن محمد بن ابوسوید، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہنچی لیکن اس حدیث میں حضرت معمر آئے ہیں کیونکہ ان

الزُّهْرِيِّ فِيْ قِصَّةِ غَيْلَانَ حَدِيْثَانِ هٰذَا اَحَدُهُمَا وَالْاٰخَرُ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ طَلَّقَ نِسَآءَهٗ وَقَسَمَ مَالَهٗ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّرْتَجِعَ نِسَآءَهٗ وَمَالَهٗ وَقَالَ لَوْ مُتَّ عَلٰى ذٰلِكَ لَرَجَمْتُ قَبْرَكَ كَمَا رُجِمَ قَبْرُ اَبِيْ رِغَالٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَاَخْطَاَ مَعْمَرٌ فَجَعَلَ اِسْنَادَ هٰذَا الْحَدِيْثِ الَّذِيْ فِيْهِ كَلَامُ عُمَرَ لِلْحَدِيْثِ الَّذِيْ فِيْهِ كَلَامُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَسَدَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ جِهَةِ الْاِسْنَادِ۔

ثُمَّ لَوْ ثَبَتَ عَلٰى مَا رَوَاهُ عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ لَمَا كَانَتْ اَيْضًا فِيْهِ حُجَّةٌ عِنْدَنَا عَلٰى مَنْ ذَهَبَ اِلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا فِيْ ذٰلِكَ لِاَنَّ تَزْوِيْجَ غَيْلَانَ ذٰلِكَ اِنَّمَا كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قَدْ بَيَّنَ ذٰلِكَ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ مَعْمَرٍ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ۔

۱۰۰۲- حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ اَحْمَدَ بْنِ دَاوٗدَ زَادَ اَنَّهٗ كَانَ تَزَوَّجَهُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ۔

فَكَانَ تَزْوِيْجُ غَيْلَانَ لِلنِّسْوَةِ اللَّاتِيْ كُنَّ عِنْدَهٗ حِيْنَ اَسْلَمَ فِيْ وَقْتٍ كَانَ تَزَوُّجُ ذٰلِكَ الْعَدَدِ جَائِزًا وَالنِّكَاحُ عَلَيْهِ ثَابِتٌ وَلَمْ يَكُنْ لِلْوَاحِدَةِ حِيْنَئِذٍ مِنْ ثُبُوْتِ النِّكَاحِ اِلَّا مَا لِلْعَاشِرَةِ مِثْلُهٗ ثُمَّ اَحْدَثَ اللّٰهُ

کے پاس حضرت غیلان کے واقعہ سے متعلق حضرت زہری سے مروی دو حدیثیں تھیں ان میں سے ایک یہ (مندرجہ بالا) ہے اور دوسری حضرت سالم کے واسطے سے ان کے والد سے مروی ہے کہ حضرت غیلان بن سلمہ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی اور اپنا مال تقسیم کر دیا یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نے حکم دیا کہ اپنی عورتوں اور مال کے سلسلے میں رجوع کر دو اور فرمایا اگر تم اسی حالت میں مر جاؤ گے تو میں تمہاری قبر کو سنگسار کروں گا جیسا کہ دور جاہلیت میں ابو رغال کی قبر کو سنگسار کیا گیا تو اس حدیث میں حضرت معمر سے خطا ہوئی انہوں نے اس حدیث میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا کلام تھا اس حدیث کی سند بنا دیا جس میں رسول ...

پھر اگر وہ روایت ثابت بھی ہو جائے جو حضرت عبدالاعلیٰ نے بواسطہ معمر حضرت زہری سے روایت کی ہے تو بھی اس میں ہمارے نزدیک حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے مذہب پر کوئی دلیل نہیں کیونکہ غیلان کا نکاح دور جاہلیت میں ہوا تھا جسے اس حدیث میں حضرت سعید بن ابو عروبہ نے حضرت معمر سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا۔

حضرت سعید بن ابو عروبہ، حضرت معمر سے وہ حضرت زہری سے وہ حضرت سالم سے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں احمد بن داؤد کی روایت (۹۹۸) کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ یہ اضافہ ہے کہ انہوں نے ان (عورتوں) سے دور جاہلیت میں نکاح کیا تھا۔

تو غیلان کے اسلام لاتے وقت ان کی جو بیویاں تھیں ان سے انہوں نے اس وقت نکاح کیا تھا جب اتنی تعداد میں بیویوں کا ہونا جائز تھا اور ان کا نکاح ثابت تھا اس وقت ایک عورت سے نکاح کا ثبوت، دس عورتوں کے ثبوت جیسا تھا پھر اللہ تعالیٰ نے دوسرا حکم ظاہر فرمایا اور چار سے زیادہ بیویاں کا

عَزَّ وَجَلَّ حُكْمًا اٰخَرَ وَهُوَ تَحْرِيْمُ مَا فَوْقَ الْاَرْبَعِ فَكَانَ ذٰلِكَ حُكْمًا طَارِئًا طَرَاَتْ بِهٖ حُرْمَةٌ حَادِثَةٌ عَلٰى نِكَاحِ غَيْلَانَ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِذٰلِكَ اَنْ يُّمْسِكَ مِنَ النِّسَاۗءِ الْعَدَدَ الَّذِيْ اَبَاحَهُ اللّٰهُ وَيُفَارِقَ مَا سِوٰى ذٰلِكَ وَجَعَلَ كَرَجُلٍ لَهٗ اَرْبَعُ نِسْوَةٍ فَطَلَّقَ اِحْدَاهُنَّ فَحُكْمُهٗ يَخْتَارُ مِنْهُنَّ وَاحِدَةً فَيَجْعَلُ ذٰلِكَ الطَّلَاقَ عَلَيْهَا وَيُمْسِكُ الْاُخْرٰى وَكَذٰلِكَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ يَقُوْلَانِ فِيْ هٰذَا ـ

حرام ہونا ہے لہٰذا حرمت کا یہ حکم حضرت غیلان کے نکاح پر طاری ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وجہ سے ان کو حکم دیا کہ اپنی بیویوں میں سے اتنی تعداد کو رکھ لیں جس کو اللہ تعالیٰ نے جائز قرار دیا اور باقی کو جدا کردیں اور انہیں اس شخص کی طرح قرار دیا جس کی چار بیویاں ہوں پھر وہ ان میں سے ایک کو طلاق دے تو اس کا حکم یہ ہے کہ ان میں سے کسی کو (طلاق کے لیے) اختیار کرے اسے طلاق دے دے اور دوسری بیویوں کو رکھ لے اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہا اللہ یہی فرماتے ہیں۔

فَاَمَّا مَنْ تَزَوَّجَ عَشْرَ نِسْوَةٍ بَعْدَ تَحْرِيْمِ اللّٰهِ مَا جَاوَزَ الْاَرْبَعَ فِيْ عُقْدَةٍ وَّاحِدَةٍ فَاِنَّهٗ اِنَّمَا عَقَدَ النِّكَاحَ عَلَيْهِنَّ عَقْدًا فَاسِدًا فَلَا يَثْبُتُ لَهٗ بِذٰلِكَ نِكَاحٌ ـ

لیکن جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک عقد میں چار عورتوں سے زیادہ کے ساتھ نکاح کے حرام ہونے کے بعد دس عورتوں سے نکاح کرے تو اس نے ان سے فاسد عقد کیا ہے لہٰذا اس سے اس کا نکاح ثابت نہیں ہوگا۔

اَلَا تَرٰى اَنَّهٗ لَوْ تَزَوَّجَ ذَاتَ رَحِمٍ مَحْرَمٍ مِّنْهُ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَهُوَ مُشْرِكٌ ثُمَّ اَسْلَمَ اَنَّهَا لَا تَقِرُّ تَحْتَهٗ وَاِنْ كَانَ عَقْدُهٗ لِذٰلِكَ كَانَ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَهُوَ مُشْرِكٌ فَلَمَّا كَانَ هٰذَا يُرَدُّ حُكْمُهٗ فِيْهِ اِلٰى حُكْمِ نِكَاحَاتِ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْمَا يَعْقِدُوْنَ فِيْ دَارِ الْاِسْلَامِ كَانَ كَذٰلِكَ اَيْضًا حُكْمُهٗ فِي الْعَشْرِ نِسْوَةِ اللَّاتِيْ تَزَوَّجَهُنَّ وَهُوَ مُشْرِكٌ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ يُرَدُّ حُكْمُهٗ فِيْ ذٰلِكَ اِلٰى حُكْمِ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ نِكَاحَاتِهِمْ فَاِنْ كَانَ تَزَوَّجَهُنَّ فِيْ عُقْدَةٍ وَّاحِدَةٍ فَنِكَاحُهُنَّ بَاطِلٌ وَاِنْ كَانَ تَزَوَّجَهُنَّ فِيْ عُقَدٍ مُتَفَرِّقَةٍ جَازَ نِكَاحُ الْاَرْبَعِ الْاُوَلِ مِنْهُنَّ وَبَطَلَ نِكَاحُ سَائِرِهِنَّ ـ

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اگر کوئی شخص دار الحرب میں حالت شرک میں کسی محرم رشتہ دار عورت سے نکاح کرے پھر وہ اسلام لے آئے تو وہ اس کے نکاح میں نہیں رہے گی اگرچہ اس کا یہ نکاح دار الحرب میں اور حالت شرک میں ہوا جب اس صورت میں اس کا حکم مسلمان عورتوں سے نکاح کی طرف لوٹایا جاتا ہے جو دار الاسلام میں کیا جاتا ہے تو اس نے دار الحرب میں اور حالت شرک میں جن دس عورتوں سے نکاح کیا ہے اسے بھی مسلمانوں کے نکاح جیسا حکم دیا جائے گا اگر اس نے ایک عقد میں نکاح کیا تو ان کا نکاح باطل ہوگا اور اگر متفرق عقدوں میں کیا تو ان میں سے پہلی چار کا نکاح جائز ہوگا اور باقی کا نکاح باطل ہو جائے گا۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ تَرَكَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ قَوْلَهُمَا فِيْ شَيْءٍ قَالَاهُ فِيْ هٰذَا

اگر کوئی شخص کہے کہ اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہا اللہ نے اپنا قول چھوڑ دیا ہے اور وہ اس

المعنی وذلک انهما قالا فی رجل من اهل الحرب سبی وله اربع نسوۃ وسبین معه ان نکاحهن کلهن قد فسد ویفرق بینه وبینهن قال فقد کان ینبغی علی ما حملا علیه حدیث غیلان ان یجعلا له ان یختار منهن اثنتین فیمسکهما ویفارق الاثنتین الباقیتین لان نکاح الاربع قد کان کله ثابتا صحیحا وانما طرأ الرق علیه فحرم علیه ما فوق الاثنتین کما انه لما طرأ حکم الله فی تحریم ما فوق الاربع امر رسول الله صلی الله علیه وسلم غیلان باختیار اربع من نسائه وفراق سائرهن ۔

قیل له ما خرج ابو حنیفة وابو یوسف رحمهما الله بما ذکرت عن اصلهما ولکنهما ذهبا الی ما قد خفی علیک ۔

وذلک ان هذا کان تزوج الاربع فی وقت ما تزوجهن بعد ما حرم علی العبد تزوج ما فوق الاثنتین فاذا تزوج وهو حربی فی دار الحرب ما فوق اثنتین ثم سبی وسبین معه رد حکمه فی ذلک الی حکم تحریم قد کان قبل نکاحه فصار کانه تزوجهن فی عقدة بعد ما صار رقیقا وهو فی ذلک کرجل تزوج صبیتین صغیرتین فجاءت امرأة فارضعتهما معا فانهما تبینان منه جمیعا ولا یؤمر بان یختار احدهما فیمسکها ویفارق الاخری لان حرمة الرضاع طرأت علیه بعد نکاحه ایاهما وکذلک الرق الطارئ علی النکاح الذی وصفنا حکمه حکم هذا الرضاع

طرح کہ جو حربی قید ہو گیا اور اس کی چار بیویاں تھیں جو اس کے ساتھ ہی قید ہوئیں تو ان سب کا نکاح فاسد ہو جائے گا اب اس کے اور ان کے درمیان تفریق کردی جائے) وہ (معترض) کہتا ہے کہ انہوں نے حدیث غیلان کو جس بات پر محمول کیا اس اعتبار سے مناسب ہے کہ وہ اسے ان میں سے دو عورتوں کو چننے کا اختیار دیں پس وہ انہیں روک لے اور باقی دو کو چھوڑ دے کیونکہ چاروں کا نکاح صحیح ثابت تھا اس پر غلامی طاری ہوتی جس سے دو عورتوں
حرام ہوگئیں جیسا کہ جب چار سے زائد عورتوں کی حرمت کا حکم طاری ہوا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت غیلان کو اپنی بیویوں میں سے چار کو اختیار کرنے اور باقی کو چھوڑنے کا حکم دیا۔

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ جو کچھ تم نے ذکر کیا ہے اس کی وجہ سے حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ نے اپنے ضابطہ کو ترک نہیں کیا بلکہ انہوں نے وہ بات اختیار کی جو تم سے پوشیدہ ہے

اور یہ اس لیے کہ جس وقت اس نے چار عورتوں سے نکاح کیا اس وقت غلام پر دو عورتوں سے زائد کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہو چکا تھا جب اس نے دارالحرب میں حربی ہونے کی حیثیت سے دو سے زائد عورتوں سے نکاح کیا پھر وہ قید ہو گیا اور اس کے ساتھ وہ عورتیں بھی قیدی بن گئیں تو اس کا حکم اس تحریم کی طرف لوٹ گیا جو اس کے نکاح سے پہلے موجود تھی گویا اس نے غلام بننے کے بعد ایک عقد میں ان سے نکاح کیا اس سلسلے میں وہ اس شخص کی طرح ہوگا جس نے دو چھوٹی بچیوں سے نکاح کیا پھر کسی عورت نے آکر ان دونوں کو دودھ پلایا تو وہ دونوں اس سے جدا ہو جائیں گی اسے اس بات کا حکم نہیں دیا جائے گا کہ ان میں سے ایک کو اختیار کرکے روک لے اور دوسری کو جدا کردے کیونکہ دودھ کی وجہ سے حرمت ان دونوں کے ساتھ نکاح کرنے کے بعد طاری ہوئی ہے اسی طرح جو غلامی اس نکاح کے بعد طاری ہوئی جس کا ذکر ہم نے کیا ہے تو اس کا حکم اس رضاعت جیسا ہوگا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ اور یہ دونوں صورتیں اس صورت سے مختلف ہیں جو سرکار دو عالم

الَّذِیْ ذَکَرْنَا وَهُمَا جَمِیْعًا مُفَارِقَانِ لِمَا کَانَ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَیْلَانَ بْنِ سَلَمَةَ لِاَنَّ غَیْلَانَ لَمْ یَکُنْ حُرْمَةُ اللهِ لِمَا فَوْقَ الْاَرْبَعِ تَقَدَّمَتْ نِکَاحَهُ فَیُرَدُّ حُکْمُ نِکَاحِهِ اِلَیْهَا وَاِنَّمَا طَرَأَتِ الْحُرْمَةُ عَلٰی نِکَاحِهِ بَعْدَ ثُبُوْتِهِ کُلِّهِ فَرَدَّتْ حُرْمَةُ مَا حَرَّمَ عَلَیْهِ مِنْ ذٰلِكَ اِلٰی حُکْمٍ حَادِثٍ بَعْدَ النِّکَاحِ فَوَجَبَ لَهُ بِذٰلِكَ الْخِیَارُ کَمَا یَجِبُ لَهُ فِی الطَّلَاقِ الَّذِیْ ذَکَرْنَا۔

صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت غیلان کے نکاح سے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف سے چار عورتوں سے زائد کے ساتھ نکاح کی حرمت نہیں آئی تھی کہ ان کے نکاح کا حکم اس کی طرف لوٹایا جاتا بلکہ نکاح کی حرمت اس وقت طاری ہوئی جب نکاح مکمل طور پر ثابت ہو چکا تھا لہٰذا اب جو کچھ ان پر حرام ہوگا اس کی نسبت نکاح کے بعد پیدا ہونے والے حکم کی طرف ہوگی لہٰذا اس سے ان کے لیے اختیار کا پایا جانا ضروری ہو گیا جیسا کہ اس طلاق میں اختیار واجب ہے جسے ہم نے بیان کیا۔

فَاِنِ احْتَجُّوْا اَیْضًا فِیْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَیْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ حَمِیْضَةَ بِنْتِ الشَّمَرْدَلِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ قَیْسٍ قَالَ اَسْلَمْتُ وَعِنْدِیْ ثَمَانِیْ نِسْوَةٍ فَاَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَخْتَارَ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا۔

اگر وہ اس حدیث سے استدلال کریں حضرت حارث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اسلام لایا تو میری آٹھ بیویاں تھیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں ان میں سے چار کو اختیار کر لوں۔

۴۱۰۰۔ حَدَّثَنَا صَالِحٌ قَالَ ثَنَا سَعِیْدٌ قَالَ ثَنَا هُشَیْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا مُغِیْرَةُ عَنْ بَعْضِ وُلْدِ الْحَارِثِ بْنِ قَیْسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

حضرت مغیرہ، حضرت حارث بن قیس کے کسی صاحبزادے سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

قِیْلَ لَهُ قَدْ یَحْتَمِلُ ذٰلِكَ مَا قَدْ ذَکَرْنَاهُ فِیْ حَدِیْثِ غَیْلَانَ وَقَدْ یَجُوْزُ اَیْضًا اَنْ یَکُوْنَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ بِقَوْلِهِ لَهُ اِخْتَرْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا اَیْ اِخْتَرْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا فَتَزَوَّجْهُنَّ وَلَا دَلَالَةَ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ عَلٰی وَاحِدٍ مِنْ هٰذَیْنِ الْمَعْنَیَیْنِ۔

تو ان کو کہا جائے گا کہ اس میں اس بات کا بھی احتمال ہے جسے ہم نے حضرت غیلان والی حدیث کے ضمن میں بیان کیا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کہ ان میں سے چار اختیار کرو، سے مراد یہ ہو کہ ان میں سے چار کو پسند کر کے ان سے نکاح کر لو، اور اس حدیث میں ان دونوں معنوں میں سے کسی پر بھی دلالت نہیں پائی جاتی۔

وَاِنِ احْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ اَیْضًا بِمَا حَدَّثَنَا رَبِیْعُ الْجِیْزِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ وَحَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ اَبِیْ وَهْبِ الْجَیْشَانِیِّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ

اور اگر وہ اس سلسلے میں اس حدیث سے استدلال کریں حضرت ضحاک بن فیروز دیلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں اسلام لایا تو میرے نکاح میں دو

فَيْرُوْزِ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَسْلَمْتُ وَعِنْدِيْ اُخْتَانِ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ طَلِّقْ اِحْدٰهُمَا۔

بہنیں تھیں میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا ان میں سے ایک کو طلاق دے دو۔

۱۰۰۶۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِيْ وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنِ الضَّحَّاكِ ابْنِ فَيْرُوْزِ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَسْلَمْتُ وَعِنْدِيْ اُخْتَانِ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ طَلِّقْ اَيَّتَهُمَا شِئْتَ۔

ایک دوسری سند سے بھی بواسطہ حضرت ضحاک بن فیروز دیلمی، ان کے والد سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں میں اسلام لایا تو میرے نکاح میں دو بہنیں تھیں میں نے بارگاہ نبوی حاضر ہو کر مسئلہ پوچھا تو آپ نے "ان میں سے جس کو چاہو طلاق دے دو"

قِيْلَ لَهُمْ هٰذَا يُوْجِبُ الْاِخْتِيَارَ كَمَا ذَكَرْتُمْ وَهُوَ اَوْضَحُ مِنْ حَدِيْثِ حَارِثِ بْنِ قَيْسٍ وَلٰكِنَّهُ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا خَيَّرَهٗ لِاَنَّ نِكَاحَهٗ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قَبْلَ تَحْرِيْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا فَوْقَ الْاَرْبَعِ فَيَكُوْنُ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ مِثْلَ مَعْنٰى حَدِيْثِ غَيْلَانَ بْنِ سَلَمَةَ فَقَدْ ثَبَتَ بِمَا بَيَّنَّا فِيْ هٰذَا الْبَابِ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَفَسَدَ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَقَدْ ذَهَبَ اِلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ بَعْضُ الْمُتَقَدِّمِيْنَ۔

تو ان حضرات کو (جواباً) کہا جائے گا کہ یہ حدیث اختیار کو واجب کرتی ہے جیسا کہ تم نے کہا اور یہ روایت حضرت حارث بن قیس کی حدیث سے زیادہ واضح ہے لیکن ہو سکتا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اختیار اس لیے دیا ہو کہ ان کا نکاح دورِ جاہلیت میں (یعنی) چار سے زیادہ عورتوں کے ساتھ نکاح کے حرام ہونے سے پہلے ہوا لہٰذا اس حدیث کا مفہوم، حضرت غیلان بن سلمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے مفہوم جیسا ہوا تو جو کچھ ہم نے اس باب میں بیان کیا اس سے حضرت امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کا مذہب ثابت ہوا اور حضرت امام محمد رحمہ اللہ کا موقف فاسد ہو گیا حضرت امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ جس طرف گئے ہیں بعض متقدمین کا بھی یہی مسلک ہے۔

۱۰۰۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ قَالَ ثَنَا غُنْدَرٌ اَوْ عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ يَاْخُذُ الْاُوْلٰى وَالثَّانِيَةَ وَالثَّالِثَةَ وَالرَّابِعَةَ۔

حضرت بکر بن خلف فرماتے ہیں ہم سے حضرت غندر یا عبدالاعلیٰ نے بیان کیا انہوں نے حضرت سعید سے اور انہوں نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا وہ فرماتے ہیں پہلی دوسری تیسری اور چوتھی عورت کو رکھ لے۔

بَابُ ۲۳۵ اَلْحَرْبِيَّةِ تُسْلِمُ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ فَتَخْرُجُ اِلٰى دَارِ الْاِسْلَامِ ثُمَّ يَخْرُجُ زَوْجُهَا بَعْدَ ذٰلِكَ مُسْلِمًا۔

۱۰۰۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ رَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبْنَتَهٗ زَيْنَبَ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَلَى النِّكَاحِ الْاَوَّلِ بَعْدَ ثَلَاثِ سِنِيْنَ۔

۱۰۰۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ رَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عِكْرِمَةَ بْنِ اَبِيْ جَهْلٍ اُمَّ حَكِيْمٍ بِنْتَ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ بَعْدَ اَشْهُرٍ اَوْ قَرِيْبٍ مِّنْ سَنَةٍ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا اَسْلَمَتْ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَجَاءَتْنَا مُسْلِمَةً ثُمَّ جَاءَ زَوْجُهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَاَدْرَكَهَا وَهِيَ فِي الْعِدَّةِ فَهِيَ اِمْرَاَتُهٗ عَلٰى حَالِهَا وَاِنْ لَّمْ يُدْرِكْهَا حَتّٰى تَخْرُجَ مِنَ الْعِدَّةِ فَلَا سَبِيْلَ لَهٗ عَلَيْهَا وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا سَبِيْلَ لَهٗ عَلَيْهَا فِي الْوَجْهَيْنِ جَمِيْعًا وَّخُرُوْجُهَا عِنْدَهُمْ مِنْ دَارِ الْحَرْبِ يَقْطَعُ الْعِصْمَةَ الَّتِيْ كَانَتْ بَيْنَهَا وَبَيْنَ زَوْجِهَا وَيُبِيْنُهَا مِنْهُ۔

۱۰۱۰۔ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَ ثَنَا حَفْصٌ

کوئی حربیہ عورت دار الحرب اسلام لانے کے بعد دار الاسلام میں آجائے پھر اس کا خاوند مسلمان ہوکر آئے۔

حضرت عکرمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو تین سال بعد پہلے نکاح کے ساتھ حضرت ابو العاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹا دیا۔

حضرت ابوبکر بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام حکیم بنت حارث بن ہشام کو کچھ مہینوں یا سال کے قریب مدت کے بعد حضرت عکرمہ بن ابو جہل، رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹا دیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جب کوئی عورت دار الحرب میں اسلام لائے اور اسی حالت اسلام میں ہمارے پاس آجائے پھر اس کے بعد اس کا خاوند آئے اور وہ اسے حالتِ عدت میں پالے تو وہ بدستور اس کی بیوی ہوگی اور اگر وہ عدت کے ختم ہونے تک اسے نہ پالے تو اب اس کا اس عورت سے کوئی تعلق نہیں۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا دونوں صورتوں میں اس کا اس عورت سے کوئی تعلق نہیں رہا ان کے نزدیک دار الحرب سے نکلنے کی وجہ سے وہ عصمت ختم ہو گئی جو اس کے اور اس کے خاوند کے درمیان تھی اور وہ عورت اس سے جدا ہو جائے گی۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیلئے حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت

یَعْنِی ابْنَ غِیَاثٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَدَّ زَیْنَبَ عَلٰی اَبِی الْعَاصِ بِنِکَاحٍ جَدِیْدٍ۔

کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو ابن العاص کی طرف نئے نکاح کے ساتھ لوٹایا۔

۱۰۱۱ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا یَحْیٰی قَالَ ثَنَا حَفْصٌ عَنْ دَاوٗدَ عَنِ الشَّعْبِیِّ مِثْلَہٗ۔

حضرت حفص، حضرت داؤد سے اور وہ حضرت شعبی سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

قَالُوْا فَفِیْ حَدِیْثِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو ھٰذَا اِخْلَافُ مَا فِیْ حَدِیْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمرو کی حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کے خلاف ہے۔

۱۰۱۲ - وَقَدْ وَافَقَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو عَلٰی ذٰلِكَ عَامِرَ الشَّعْبِیَّ مَعَ عِلْمِہٖ بِمَغَازِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالُوْا فَھٰذَا اَوْلٰی مِمَّا قَدْ خَالَفَہٗ لِمَعَانٍ سَنُبَیِّنُہَا فِیْ ھٰذَا الْبَابِ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرو نے اس سلسلے میں حضرت عامر شعبی کی موافقت کی ہے حالانکہ انہیں حضور علیہ السلام کے غزوات کا علم تھا یہ حضرات فرماتے ہیں کہ یہ حدیث چند وجوہ سے اپنی مخالف روایت سے اولیٰ ہے ان وجوہ کو ہم انشاء اللہ اسی باب میں بیان کریں گے

وَکَانَ مِنَ الْحُجَّۃِ لَہُمْ فِیْ ذٰلِكَ عَلٰی مَنْ ذَھَبَ اِلَی الْقَوْلِ الْاَوَّلِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اِنَّمَا فِیْ حَدِیْثِہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَدَّھَا عَلٰی اَبِی الْعَاصِ عَلَی النِّکَاحِ الْاَوَّلِ فَلَیْسَ فِیْ ذٰلِكَ دَلِیْلٌ اَنَّہٗ رَدَّھَا اِلَیْہِ لِاَنَّہَا فِی الْعِدَّۃِ وَلَا کَیْفَ کَانَ الْحُکْمُ یَوْمَئِذٍ فِی الْمُشْرِکَۃِ تُسْلِمُ وَزَوْجُہَا مُشْرِكٌ اَیُبِیْنُہَا ذٰلِكَ مِنْہُ اَوْ یَکُوْنُ زَوْجَۃً لَّہٗ عَلٰی حَالِہَا وَاِنَّمَا یَکُوْنُ حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حُجَّۃً لِاَھْلِ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی لَوْ کَانَ فِیْہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَدَّھَا عَلٰی اَبِی الْعَاصِ لِاَنَّہٗ اَدْرَکَہَا وَھِیَ فِی الْعِدَّۃِ۔

پہلے قول کے قائلین کے خلاف ان لوگوں کی ایک دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت زینب کو حضرت ابن العاص کی طرف لوٹانے کا جو ذکر ہے اس میں اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ آپ نے ان کو عدت کے باقی رہنے کی وجہ سے لوٹایا اور یہ بات (واضح) ہے کہ ان دنوں اس مشرکہ عورت کا حکم کیا تھا جو ایمان لائے اور اس کا خاوند مشرک ہی رہے کیا وہ اس سے جدا ہو جائے گی یا پہلے کی طرح اس کی بیوی ہی رہے گی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت پہلے قول والوں کی دلیل اس وقت بنتی جب اس میں یہ بات ہوتی کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حضرت ابن العاص رضی اللہ عنہا کی طرف اس لیے لوٹایا کہ انہوں نے ان کو عدت میں پا لیا۔

فَاَمَّا اِذَا لَمْ یَتَبَیَّنْ لَنَا الْعِلَّۃُ الَّتِیْ لَہَا رَدَّھَا عَلَیْہِ فَقَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَکُوْنَ ھِیَ

تو جب ہمارے لیے یہ بات واضح نہیں کہ آپ نے کس وجہ سے ان کو لوٹایا تو ہو سکتا ہے وہ عدت میں ہوں اور

الْعِدَّةُ وَقَدْ يَجُوزُ اَنْ تَكُوْنَ لِاَنَّ الْاِسْلَامَ لَمْ يَكُنْ حِيْنَئِذٍ يُبِيْنُهَا مِنْهُ وَلَا يُزِيْلُهَا عَنْ حُكْمِهَا الْمُتَقَدِّمِ۔

۱۰۱۳- وَلَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ تَوْبَةَ الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ قُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ مِنْ اَيْنَ جَاءَ اِخْتِلَافُهُمْ فِيْ زَيْنَبَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ رَدَّهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ عَلَى النِّكَاحِ الْاَوَّلِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ رَدَّهَا بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ اَتَرٰى كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ لَمْ يَجِئْ اِخْتِلَافُهُمْ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاِنَّمَا جَاءَ اِخْتِلَافُهُمْ اَنَّ اللّٰهَ اِنَّمَا حَرَّمَ اَنْ تَرْجِعَ الْمُؤْمِنَاتُ اِلَى الْكُفَّارِ فِيْ سُوْرَةِ الْمُمْتَحِنَةِ بَعْدَ مَا كَانَ ذٰلِكَ جَائِزًا حَلَالًا فَعَلِمَ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو ثُمَّ رَاٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَدَّ زَيْنَبَ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ بَعْدَ مَا كَانَ عَلِمَ حُرْمَتَهَا عَلَيْهِ بِتَحْرِيْمِ اللّٰهِ الْمُؤْمِنَاتِ عَلَى الْكُفَّارِ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ عِنْدَهُ اِلَّا بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ فَقَالَ رَدَّهَا عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ وَلَمْ يَعْلَمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا بِتَحْرِيْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الْمُؤْمِنَاتِ عَلَى الْكُفَّارِ حَتّٰى عَلِمَ بِرَدِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ فَقَالَ رَدَّهَا عَلَيْهِ بِالنِّكَاحِ الْاَوَّلِ لِاَنَّهُ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ بَيْنَ اِسْلَامِهِ وَاِسْلَامِهَا فَسْخٌ لِلنِّكَاحِ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَهُمَا۔

قَالَ مُحَمَّدٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَمِنْ هٰهُنَا

اس وجہ سے لوٹانے کا امکان بھی ہے کہ ان دونوں اسلام اسے جدا نہیں کرتا تھا اور سابقہ حکم کو بھی اس سے زائل نہیں کرتا تھا۔

حضرت ابو توبہ بن ربیع نافع فرماتے ہیں میں نے حضرت محمد بن حسن رحمہ اللہ کی خدمت میں عرض کیا کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے بارے میں اختلاف کہاں سے پیدا ہوا کہ بعض حضرات فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حضرت ابو العاص کی طرف پہلے نکاح کے ساتھ لوٹایا اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ انہیں جدید نکاح کے ساتھ لوٹایا کیا آپ نہیں دیکھتے کہ ان میں ہر گروہ وہی بات کہتا ہے جو اس نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے حضرت امام محمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ان کے درمیان اختلاف اس وجہ سے نہیں آیا بلکہ اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ ممتحنہ میں مومنات کے کفار کی طرف لوٹنے کو حرام قرار دیا جب کہ پہلے یہ عمل جائز اور حلال تھا حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو یہ بات معلوم تھی پھر انہوں نے دیکھا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب کو حضرت ابو العاص کی طرف لوٹایا اس سے پہلے انہیں علم تھا کہ یہ بات جائز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مومنات کے کفار کی طرف رجوع کو حرام قرار دیا تو ان کے نزدیک یہ جدید نکاح کے ساتھ لوٹنا تھا لہٰذا انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جدید نکاح کے ساتھ لوٹایا جبکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو اس بات کا علم نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مومنہ عورتوں کا کفار کی طرف لوٹنا حرام قرار دیا ہے حتیٰ کہ انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت زینب کو حضرت ابو العاص کی طرف لوٹانے کا علم ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ آپ نے پہلے نکاح کے ساتھ لوٹایا کیونکہ ان کے نزدیک حضرت ابو العاص کے اسلام لانے اور حضرت زینب کے اسلام کے درمیان (عدت میں) فسخ نہیں ہوا تھا۔

حضرت امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس وجہ سے اختلاف

جَآءَ اِخْتِلَافُهُمْ لَا مِنْ اِخْتِلَافٍ سَمِعُوْهُ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ ذِکْرِہٖ مَارَدَّ زَیْنَبَ بِهٖ عَلٰی اَبِی الْعَاصِ اَنَّهُ النِّکَاحُ الْاَوَّلُ اَوِ النِّکَاحُ الْجَدِیْدُ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ وَقَدْ اَحْسَنَ مُحَمَّدٌ فِیْ هٰذَا وَتَصْحِیْحُ الْاٰثَارِ فِیْ هٰذَا الْبَابِ عَلٰی هٰذَا الْمَعْنَی الصَّحِیْحِ یُوْجِبُ صِحَّةَ مَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو۔

۱۰۱۴۔ وَالدَّلِیْلُ عَلٰی ذٰلِكَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَدْ کَانَ یَقُوْلُ فِی النَّصْرَانِیَّةِ اِذَا اَسْلَمَتْ فِیْ دَارِ الْاِسْلَامِ وَزَوْجُهَا کَافِرٌ مَا قَدْ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُکَیْرٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِی الْیَهُوْدِیَّةِ وَالنَّصْرَانِیَّةِ تَکُوْنُ تَحْتَ النَّصْرَانِیِّ اَوِ الْیَهُوْدِیِّ فَتُسْلِمُ هِیَ قَالَ یُفَرَّقُ بَیْنَهُمَا الْاِسْلَامُ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی۔

۱۰۱۵۔ وَحَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیْعِ عَنْ عَبْدِ الْکَرِیْمِ الْجَزَرِیِّ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ غَیْرَ اَنَّهُ لَمْ یَقُلِ الْاِسْلَامُ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی۔

۱۰۱۶۔ اَفَیَجُوْزُ اَنْ تَکُوْنَ النَّصْرَانِیَّةُ عِنْدَهُ اِذَا اَسْلَمَتْ فِیْ دَارِ الْاِسْلَامِ وَزَوْجُهَا نَصْرَانِیٌّ اَنَّهَا تَبِیْنُ مِنْهُ وَلَا یُنْتَظَرُ بِهَا اِسْلَامُهٗ اِلٰی اَنْ تَخْرُجَ مِنَ الْعِدَّةِ وَتَکُوْنُ الْحَرْبِیَّةُ الَّتِیْ لَیْسَتْ بِکِتَابِیَّةٍ اِذَا اَسْلَمَتْ فِیْ دَارِ الْحَرْبِ ثُمَّ جَآءَتْنَا مُسْلِمَةً یُنْتَظَرُ بِهَا

پیدا ہوا اس وجہ سے نہیں کہ انہوں نے حضور علیہ السلام سے حضرت زینب کو ابوالعاص کی طرف لوٹانے کا ذکر سن کر کہا کہ آپ نے پہلے نکاح کے ساتھ لوٹایا یا جدید نکاح کے ساتھ واپس کیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت محمد بن حسن رحمہ اللہ نے اس سلسلے میں کتنی اچھی بات فرمائی ہے اس صحیح بات کی بنیاد پر روایات کے معانی کی تصحیح۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے قول کی صحت واجب ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا قول اس نصرانیہ عورت کے بارے میں جو دارالاسلام میں اسلام لائی اور اس کا خاوند کافر ہے، اس بات کی دلیل ہے حضرت عکرمہ حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے اس یہودیہ اور نصرانیہ عورت کے بارے میں روایت کرتے ہیں جو نصرانی یا یہودی کے نکاح میں ہو اور اسلام قبول کرے کہ ان دونوں کے درمیان تفریق کر دی جائے کیونکہ اسلام بلند ہے اور اس سے کوئی دین بلند نہیں ہے۔

حضرت عبدالکریم جزری، حضرت عکرمہ سے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ البتہ انہوں نے یہ ذکر نہیں کیا کہ اسلام بلند ہے اور اس سے کوئی دین بلند نہیں ہے۔

تو کیا یہ صحیح ہے کہ ان کے نزدیک یہ بات جائز ہے جب دارالاسلام میں مسلمان ہو جائے اور اس کا خاوند نصرانی ہو تو وہ جدا ہو جاتی ہے اور اس کے خاوند کے اسلام کا انتظار نہیں کیا جاتا یہاں تک کہ اس عورت کی عدت ختم ہو جائے اور وہ حربیہ عورت جو کتابیہ نہ ہو وہ دارالحرب میں اسلام لانے کے بعد ہمارے پاس آجائے تو اس کے خاوند کو اس کے ساتھ

اِلْحَاقُ زَوْجِهَا بِهَا مُسْلِمًا فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ خُرُوْجِهَا مِنَ الْعِدَّةِ هٰذَا مُحَالٌ لِاَنَّ اِسْلَامَهَا فِيْ دَارِ الْاِسْلَامِ اِذَا كَانَ يُبِيْنُهَا مِنْ زَوْجِهَا النَّصْرَانِيِّ الذِّمِّيِّ فَاِسْلَامُهَا فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَخُرُوْجُهَا اِلٰى دَارِ الْاِسْلَامِ وَتَرْكُهَا زَوْجَهَا الْمُشْرِكَ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ اَحْرٰى اَنْ تُبِيْنَهَا۔

ملانے کے لیے اس بات کا انتظار کیا جائے کہ عورت کی عدت ختم ہونے سے پہلے پہلے وہ اسلام قبول کرے یہ بات محال ہے کیونکہ جب اس کا دارالاسلام میں اسلام قبول کرنا اسے اس کے نصرانی ذمی خاوند سے جدا کر دیتا ہے تو دارالحرب میں اس کا اسلام لانا اور پھر دارالاسلام کی طرف آجانا جب کہ وہ اپنے مشرک خاوند کو دارالحرب میں چھوڑ آئے اس بات کے زیادہ لائق ہے کہ وہ اس سے جدا ہو جائے۔

فَثَبَتَ بِهٰذَا مِنْ قَوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّهٗ كَانَ يَرَى الْعِصْمَةَ مُنْقَطِعَةً بِاِسْلَامِ الْمَرْاَةِ لَا لِخُرُوْجِهَا مِنَ الْعِدَّةِ وَاِذَا ثَبَتَ ذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهٖ اِسْتَحَالَ اَنْ يَكُوْنَ تَرْكُ مَا قَدْ كَانَ ثَبَتَ عِنْدَهٗ مِنْ حُكْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَدِّهٖ زَيْنَبَ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ عَلَى النِّكَاحِ الْاَوَّلِ وَصَارَ اِلٰى خِلَافِهٖ اِلَّا بَعْدَ نَسْخِ ذٰلِكَ عِنْدَهٗ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ الْاٰثَارِ۔

تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اس قول سے ثابت ہوا کہ وہ عدت کے اسلام لانے کی وجہ سے عصمت کو منقطع سمجھتے تھے اس کی عدت ختم ہونے کی وجہ سے نہیں تو جب یہ بات ان کے قول سے ثابت ہوئی تو محال ہے کہ وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت زینب کو نکاح اول کے ساتھ حضرت ابوالعاص کی طرف لوٹانے والے حکم کو چھوڑ دیں جو ان کے نزدیک ثابت ہے اور وہ اس کے خلاف کو اختیار کریں یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب ان کے نزدیک یہ حکم منسوخ ہو چکا ہو روایات کے طریقے پر اس بات کا یہ (مندرجہ بالا) بیان ہے۔

وَاَمَّا النَّظَرُ فِيْ ذٰلِكَ فَاِنَّا رَاَيْنَا الْمَرْاَةَ اِذَا اَسْلَمَتْ وَزَوْجُهَا كَافِرٌ فَقَدْ صَارَتْ اِلٰى حَالٍ لَا يَجُوْزُ اَنْ يَسْتَاْنِفَ نِكَاحَهٗ عَلَيْهَا لِاَنَّهَا مُسْلِمَةٌ وَهُوَ كَافِرٌ فَاَرَدْنَا اَنْ نَنْظُرَ اِلٰى مَا يَطْرَاُ عَلَى النِّكَاحِ مِمَّا لَا يَجُوْزُ مَعَهُ الْاِسْتِقْبَالُ لِلنِّكَاحِ كَيْفَ حُكْمُهٗ فَرَاَيْنَا اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ الْاَخَوَاتِ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَكَانَ مَنْ تَزَوَّجَ اِمْرَاَةً صَغِيْرَةً لَا رِضَاعَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا فَاَرْضَعَتْهَا اُمُّهٗ حَرُمَتْ عَلَيْهِ بِذٰلِكَ وَانْفَسَخَ النِّكَاحُ فَكَانَ الرِّضَاعُ الطَّارِئُ عَلَى النِّكَاحِ فِيْ حُكْمِ الرِّضَاعِ الْمُتَقَدِّمِ لِلنِّكَاحِ فِيْ اِشْبَاهٍ لِذٰلِكَ يَطُوْلُ

اور قیاس کے طور پر اس کا بیان یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں جب کوئی عورت اسلام لاتی ہے اور اس کا خاوند کافر ہی رہتا ہے تو وہ ایسی حالت میں ہو جاتی ہے کہ اس آدمی کا اس سے نکاح جائز نہیں ہوتا کیونکہ وہ مسلمان ہے جب کہ وہ شخص کافر ہے تو ہم نے ارادہ کیا کہ اس حالت کا حکم معلوم کریں جو نکاح پر طاری ہوتی ہے اور وہ ایسی حالت ہے جس کی موجودگی میں نکاح کرے جن کے ساتھ اس کا رضاعی رشتہ نہ ہو پھر اس بچی کو اس مرد کی ماں دودھ پلائے تو اس سے وہ اس پر حرام ہو جائے گی اور نکاح ٹوٹ جائے گا اور نکاح پر طاری ہونے والی رضاعت نکاح سے پہلے پائی جانے والی رضاعت کی طرح ہوگی اس قسم کی بہت سی مثالیں ہیں جن کے ذکر سے کتاب طویل ہو جائے گی اور کئی ایسے امور ہیں کہ اگر وہ نکاح سے پہلے ہوں یا نکاح پر طاری ہوں تو ان کا

الْكِتَابُ بِذِكْرِهَا وَكَانَتْ ثَمَّةَ اَشْيَاءُ يَخْتَلِفُ فِيْهَا الْحُكْمُ اِذَا كَانَتْ مُتَقَدِّمَةً لِلنِّكَاحِ اَوْ طَرَأَتْ عَلَى النِّكَاحِ۔

مِنْ ذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ نِكَاحَ الْمَرْاَةِ فِيْ عِدَّتِهَا مِنْ زَوْجِهَا وَاَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ اَنَّ الْعِدَّةَ مِنَ الْجِمَاعِ فِي النِّكَاحِ الْفَاسِدِ يَمْنَعُ مِنَ النِّكَاحِ كَمَا يَمْنَعُ اِذَا كَانَتْ بِسَبَبِ نِكَاحٍ صَحِيْحٍ وَكَانَتِ الْمَرْاَةُ لَوْ وُطِئَتْ بِشُبْهَةٍ وَلَهَا زَوْجٌ فَوَجَبَتْ عَلَيْهَا بِذٰلِكَ عِدَّةٌ لَمْ تَبِنْ بِذٰلِكَ مِنْ زَوْجِهَا وَلَمْ يَجْعَلْ هٰذِهِ الْعِدَّةَ كَالْعِدَّةِ الْمُتَقَدِّمَةِ لِلنِّكَاحِ فَفَرَّقَ فِيْ هٰذَا بَيْنَ حُكْمِ الْمُسْتَقْبِلِ وَالْمُسْتَدْبِرِ فَاَرَدْنَا اَنْ نَنْظُرَ فِي الْمَرْاَةِ اِذَا اَسْلَمَتْ وَزَوْجُهَا كَافِرٌ هَلْ تَبِيْنُ مِنْهُ بِذٰلِكَ وَيَكُوْنُ حُكْمُ مُسْتَقْبِلِ ذٰلِكَ وَمُسْتَدْبِرِهٖ سَوَاءً كَمَا كَانَ ذٰلِكَ فِي الرَّضَاعِ الَّذِيْ ذَكَرْنَا اَوْلَا تَبِيْنُ مِنْهُ بِاِسْلَامِهَا فَلَا يَكُوْنُ حُكْمُ اِسْلَامِهَا الْحَادِثِ كَهُوَ اِذَا كَانَ قَبْلَ النِّكَاحِ كَالْعِدَّةِ الَّتِيْ ذَكَرْنَا الَّتِيْ فُرِّقَ بَيْنَ حُكْمِ الْمُسْتَقْبِلِ فِيْهَا وَحُكْمِ الْمُسْتَدْبِرِ فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ فَوَجَدْنَا الْعِدَّةَ الطَّارِئَةَ عَلَى النِّكَاحِ لَا يَجِبُ فِيْهَا فُرْقَةٌ فِيْ حَالِ وُجُوْبِهَا وَلَا بَعْدَ ذٰلِكَ وَكَانَ الرَّضَاعُ الَّذِيْ ذَكَرْنَا يَجِبُ بِهِ الْفُرْقَةُ فِيْ حَالِ كَوْنِهٖ وَلَا يُنْتَظَرُ بِهَا شَيْءٌ بَعْدَهٗ وَكَانَ الْاِسْلَامُ الطَّارِئُ عَلَى النِّكَاحِ كُلٌّ قَدْ اَجْمَعَ اَنَّ فُرْقَةً تَجِبُ بِهٖ فَقَالَ قَوْمٌ تَجِبُ فِيْ وَقْتِ اِسْلَامِ الْمَرْاَةِ وَهُوَ قَوْلُ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَقَالَ اٰخَرُوْنَ لَا تَجِبُ الْفُرْقَةُ حَتّٰى تُعْرَضَ عَلَى الزَّوْجِ الْاِسْلَامُ

حکم بدل جاتا ہے۔

ان میں سے ایک بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عورت سے نکاح حرام قرار دیا جو اپنے خاوند کی عدت میں ہو اور مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ نکاح فاسد کے سبب کئے گئے جماع کی عدت بھی نکاح کرنے کو منع کرتی ہے جس طرح وہ نکاح صحیح کی وجہ سے (عدت کے دوران) منع ہے اور اگر کسی عورت سے وطی بالشبہ کی جائے اور اس کا خاوند بھی موجود ہو تو اس پر عدت واجب ہوگی لیکن وہ اپنے خاوند سے جدا نہ ہوگی اور یہ عدت اس عدت کی طرح نہ ہوگی جو نکاح سے پہلے پائی جاتی ہے تو اس میں مقدم و موخر کا فرق کیا جائے گا۔[1] تو ہم نے ارادہ کیا کہ اس عورت کے بارے میں معلوم کریں جو اسلام لائی اور اس کا خاوند کافر ہے کیونکہ وہ اس وجہ سے اس سے جدا ہو جائے گی اور اس میں مقدم و موخر کا حکم ایک جیسا ہوگا جیسا کہ رضاعت کے سلسلے میں ذکر کیا یا اسلام کی وجہ سے اس سے جدا نہ ہوگی اور اس کے ابھی اسلام قبول کرنے کو نکاح سے پہلے والے اسلام کی طرح قرار نہیں دیا جائے جیسا کہ عدت کا مسئلہ ہم نے ذکر کیا کہ اس میں مقدم و موخر کا حکم مختلف ہے تو ہم نے اس میں غور کیا تو نکاح پر طاری ہونے والی عدت کو یوں پایا کہ جس وقت وہ عدت واجب ہے اس وقت بھی اور اس کے بعد بھی ان کے درمیان تفریق واجب نہیں ہوتی اور جس رضاعت کا ہم نے ذکر کیا اس سے فرقت واجب ہوجاتی ہے اور اس کے بعد کسی اور بات کی انتظار نہیں کی جاتی اور جو اسلام نکاح کے بعد آتا ہے اس کے بارے میں سب کا اتفاق ہے کہ اس سے جدائی واجب ہو جاتی ہے۔ تو ایک قوم کے نزدیک عورت کے اسلام لاتے ہی جدائی واجب ہو جاتی ہے اور یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے جبکہ دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ جب تک خاوند پر اسلام پیش نہ کیا جائے اور وہ انکار نہ کرے ان کے درمیان فرقت نہیں ہوگی اس وقت

---

[1] مطلب یہ ہے کہ جب نکاح کی موجودگی میں عدت گزارے تو وہ نکاح باقی رہے گا یہ مقدم ہے اور عدت کے دوران نکاح کرنا چاہے تو جائز نہیں یہ موخر ہے ۱۲ ہزاروی

نَیَأْبَاهُ فَیُفَرَّقُ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْمَرْاَةِ اَوْتَخْتَارُہٗ فَتَکُوْنُ اِمْرَاَتُهٗ عَلٰی حَالِهَا وَهُوَقَوْلُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَ اٰخَرُوْنَ هِیَ اِمْرَاَتُهٗ مَالَمْ یُخْرِجْهَا مِنْ اَرْضِ الْهِجْرَةِ وَهُوَقَوْلُ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَسَنَاْتِیْ اَسَانِیْدِ هٰذِهِ الرِّوَایَاتِ فِیْ اٰخِرِ هٰذَا الْبَابِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

ان کے درمیان تفریق کر دی جائے گی یا وہ خاوند اسلام کو اختیار کرے تو وہ اسی طرح اس کی بیوی رہے گی یہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا قول ہے کچھ دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ جب تک وہ اسے دارالحرب (دارالحرب) سے نکال نہ دے یہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا قول ہے ہم ان روایات کی اسناد اس باب کے آخر میں لائیں گے۔

فَلَمَّا ثَبَتَ اَنَّ اِسْلَامَ الزَّوْجَةِ الطَّارِئَ عَلَی النِّکَاحِ یُوْجِبُ الْفُرْقَةَ بَیْنَ الْمَرْاَةِ وَبَیْنَ زَوْجِهَا فِیْ حَالٍ مَّا ثَبَتَ اَنَّ حُکْمَ ذٰلِكَ بِحُکْمِ الرِّضَاعِ اَشْبَهُ مِنْهُ بِحُکْمِ الْعِدَّةِ فَلَمَّا کَانَ الرِّضَاعُ تَجِبُ بِهِ الْفُرْقَةُ سَاعَةً یَکُوْنُ وَلَا یُنْتَظَرُ بِهٖ خُرُوْجُ الْمَرْاَةِ مِنْ عِدَّتِهَا کَانَ کَذٰلِكَ الْاِسْلَامُ۔

جب ثابت ہو گیا کہ عورت کا نکاح کے بعد اسلام لانا بیوی اور خاوند کے درمیان تفریق کو واجب کرتا ہے چاہے کوئی بھی حالت ہو تو ثابت ہوا کہ اس کا حکم، عدت کے حکم کی بجائے، رضاعت کے حکم سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے تو جب رضاعت کی وجہ سے جدائی واجب ہو جاتی ہے جب بھی رضاعت پائی جائے اور عورت کے عدت سے نکلنے کا انتظار نہیں کیا جاتا تو اسلام لانے کا بھی یہی حکم ہوگا۔

فَهٰذَا وَجْهُ النَّظَرِ فِیْ هٰذَا الْبَابِ اَنَّ الْمَرْاَةَ تَبِیْنُ مِنْ زَوْجِهَا بِاِسْلَامِهَا فِیْ دَارِ الْاِسْلَامِ کَانَتْ اَوْ فِیْ دَارِ الْحَرْبِ وَقَدْ کَانَ اَبُوْحَنِیْفَةَ وَاَبُوْیُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ یُخَالِفُوْنَ هٰذَا وَیَقُوْلُوْنَ فِی الْحَرْبِیَّةِ اِذَا اَسْلَمَتْ فِیْ دَارِ الْحَرْبِ وَزَوْجُهَا کَافِرٌ اِنَّهَا اِمْرَاَتُهٗ مَا لَمْ تَحِضْ ثَلَاثَ حِیَضٍ اَوْ تَخْرُجْ اِلٰی دَارِ الْاِسْلَامِ فَاَیُّ ذٰلِكَ کَانَتْ بَانَتْ بِهٖ مِنْ زَوْجِهَا وَقَالُوْا کَانَ النَّظَرُ فِیْ هٰذَا اَنْ تَبِیْنَ مِنْ زَوْجِهَا بِاِسْلَامِهَا سَاعَةَ اَسْلَمَتْ وَقَالُوْا اِذَا اَسْلَمَتْ وَزَوْجُهَا فِیْ دَارِ الْاِسْلَامِ فَهِیَ اِمْرَاَتُهٗ عَلٰی حَالِهَا حَتّٰی یَعْرِضَ الْقَاضِیْ عَلٰی زَوْجِهَا الْاِسْلَامَ فَیُسْلِمَ فَتَبْقٰی تَحْتَهٗ اَوْ یَاْبٰی فَیُفَرِّقُ بَیْنَهُمَا وَقَالُوْا کَانَ النَّظَرُ فِیْ ذٰلِكَ اَنْ تَبِیْنَ مِنْهُ

قیاس کے طور پر اس باب کا یہ بیان ہے کہ عورت اسلام لاتے ہی خاوند سے جدا ہو جاتی ہے دارالاسلام میں ہو یا دارالحرب میں حضرت ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ اس کی مخالفت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر حربیہ عورت، دارالحرب میں اسلام لائے اور اس کا خاوند کافر ہی رہے تو جب تک اس عورت کو تین حیض نہ آئیں یا وہ دارالاسلام کی طرف نہ نکلے وہ اس کی بیوی ہی رہے گی ان دونوں میں سے کوئی بھی بات پائی جائے تو وہ خاوند سے جدا ہو جاتے گی یہ حضرات (امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کے علاوہ) یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اس سلسلے میں قیاس یہی ہے کہ وہ عورت اسلام قبول کرتے ہی خاوند سے جدا ہو جائے وہ فرماتے ہیں جب وہ اسلام لائے اور اس کا خاوند دارالاسلام میں ہو تو وہ پہلے کی طرح اس کی بیوی رہے گی یہاں تک قاضی اس کے خاوند پر اسلام پیش کرے پس وہ اسلام لے آئے تو اس کی بیوی رہے گی یا وہ انکار کرے تو ان کے درمیان تفریق کر دی جائے۔ یہ حضرات مزید فرماتے ہیں کہ اس سلسلے میں قیاس یہی ہے کہ وہ عورت اسلام لاتے ہی

بِإِسْلَامِهَا سَاعَةً أَسْلَمَتْ وَلٰكِنَّا قَلَّدْنَا مَا رُوِيَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

۱۰۱۷- فَذَكَرُوْا مَا حَدَّثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ السَّفَّاحِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ كُرْدُوْسٍ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مِّنَّا مِنْ بَنِيْ تَغْلِبَ نَصْرَانِيٌّ تَحْتَهُ إِمْرَأَةٌ نَصْرَانِيَّةٌ فَأَسْلَمَتْ فَرُفِعَتْ إِلٰى عُمَرَ فَقَالَ لَهُ أَسْلِمْ وَإِلَّا فَرَّقْتُ بَيْنَكُمَا فَقَالَ لَمْ أَدَعْ هٰذَا إِلَّا اسْتِحْيَاءً مِّنَ الْعَرَبِ أَنْ يَّقُوْلُوْا إِنَّهُ أَسْلَمَ عَلٰى بُضْعِ امْرَأَةٍ قَالَ فَفَرَّقَ عُمَرُ بَيْنَهُمَا۔

۱۰۱۸- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا هِلَالُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا أَبُوْ يُوْسُفَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ عَنِ السَّفَّاحِ عَنْ كُرْدُوْسِ بْنِ دَاوُدَ التَّغْلِبِيِّ عَنْ عُمَرَ نَحْوَهُ۔

۱۰۱۹- فَقَلَّدُوْا مَا رُوِيَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذَا الَّذِيْ أَسْلَمَتْ إِمْرَأَتُهُ فِيْ دَارِ الْإِسْلَامِ وَجَعَلُوا الَّذِيْ أَسْلَمَتْ إِمْرَأَتُهُ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ أَجَلًا إِنْ أَسْلَمَ فِيْهِ وَإِلَّا وَقَعَتِ الْفُرْقَةُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ إِمْرَأَتِهِ بَدَلًا مِّنَ الْعَرْضِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْرِضُوْنَهُ عَلَيْهِ لَوْ كَانَ فِيْ دَارِ الْإِسْلَامِ وَهُوَ الْعِدَّةُ إِلَّا أَنْ تَخْرُجَ الْمَرْأَةُ قَبْلَ ذٰلِكَ إِلٰى دَارِ الْإِسْلَامِ فَيَنْقَطِعُ الْأَجَلُ بِذٰلِكَ وَيَجِبُ بِهِ الْبَيْنُوْنَةُ وَنَحْنُ فِيْ هٰذَا عَلٰى مَا رَوَيْنَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ وُجُوْبِ الْبَيْنُوْنَةِ بِالْإِسْلَامِ سَاعَةً يَكُوْنُ مِنَ الْمَرْأَةِ۔

۱۰۲۰- وَأَمَّا مَا رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ فَمَا حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

اسی وقت اس سے جدا ہو جائے لیکن ہم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت کو اپنایا ہے۔

انہوں نے یوں ذکر کیا حضرت داؤد بن کردوس سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں ہم سے بنو تغلب کے ایک شخص نے بیان کیا کہ ایک نصرانی شخص کی نصرانیہ بیوی تھی وہ اسلام لے آئی تو یہ مسئلہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا اسلام قبول کرو ورنہ میں تم دونوں کے درمیان کر دوں گا اس نے کہا میں اس کو نہ چھوڑتا (یعنی اسلام قبول کرتا) لیکن مجھے عربوں سے شرم آتی ہے وہ کہیں گے یہ اپنی بیوی کی شرمگاہ کے لیے مسلمان ہو گیا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کے درمیان تفریق کر دی۔

ایک دوسری سند سے بھی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل مروی ہے۔

تو ان حضرات نے اس شخص کے سلسلے میں جس کی بیوی دارالاسلام میں مسلمان ہوئی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی روایت کی تقلید کی اور جس کی بیوی دارالحرب میں اسلام لائی ایک وقت مقرر کیا کہ اگر وہ اس مدت میں اسلام لے آئے تو ٹھیک ہے ورنہ اس شخص کے اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ہو جائے گی اور یہ اس اسلام کا بدل ہے جو اس کے دارالاسلام میں ہونے کی صورت میں اس پر پیش کیا جاتا اور یہ وقت عدت ہے البتہ یہ کہ عورت اس سے پہلے دارالاسلام کی طرف نکل جائے تو یہ مدت ختم ہو جائے گی اور ان کے درمیان تفریق واجب ہو گی اور اس سلسلے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کو اپناتے ہیں کہ عورت جس وقت بھی اسلام لائے جدائی واجب ہو گی۔

اس سلسلے میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے جو مروی ہے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تک وہ دارالھجرة

عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ هُوَ اَحَقُّ بِنِكَاحِهَا مَا كَانَتْ فِيْ دَارِ هِجْرَتِهَا.

(دارالحرب) میں ہے اس کا خاوند اس کے ساتھ نکاح کا زیادہ حق رکھتا ہے۔

۱۰۲۱- وَقَدْ رُوِيَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَقَتَادَةَ فِيْ رَدِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ اِنَّ ذٰلِكَ مَنْسُوْخٌ وَاخْتَلَفَا فِيْمَا نَسَخَهُ.

حضرت زہری اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہما سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت زینب کو حضرت ابوالعاص (رضی اللہ عنہا) کی طرف لوٹانے کے سلسلے میں مروی ہے کہ یہ منسوخ ہے البتہ اس کے ناسخ کے سلسلے میں ان کا اختلاف ہے۔

۱۰۲۲- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ سُفْيَانَ ابْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ اَبَا الْعَاصِ بْنَ رَبِيْعَةَ اُخِذَ اَسِيْرًا يَوْمَ بَدْرٍ فَاُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ اِبْنَتَهُ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَكَانَ هٰذَا قَبْلَ اَنْ يَّنْزِلَ الْفَرَائِضُ يَعْنِي ابْنَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَدَّهَا عَلٰى زَوْجِهَا.

حضرت سفیان بن حسین، حضرت زہری سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوالعاص بن ربیعہ بدر کے دن قیدی بنائے گئے انہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ نے اپنی صاحبزادی ان کے حوالے کر دی حضرت زہری فرماتے ہیں کہ یہ بات یعنی حضور علیہ السلام کی صاحبزادی کا ان کے خاوند کی طرف لوٹانا احکامِ فرائض (یعنی حرمت کے احکام) نازل ہونے سے پہلے تھا۔

۱۰۲۳- وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ ثَنَا عَلِيٌّ قَالَ عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ اِبْنَتَهُ قَالَ قَتَادَةُ كَانَ هٰذَا قَبْلَ اَنْ تَنْزِلَ سُوْرَةُ بَرَآءَةَ.

حضرت سعید، حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کو حضرت ابوالعاص کی طرف لوٹایا حضرت قتادہ فرماتے ہیں یہ سورۂ برأت کے نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے۔

بَابُ ۲۳۶ الْفِدَاءِ

فدیہ دینے کا بیان

۱۰۲۴- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ ثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ نَفَّلَنِيْ اَبُوْبَكْرٍ امْرَاَةً مِّنْ فَزَارَةَ اَتَيْتُ بِهَا مِنَ الْغَارَةِ فَقَدِمْتُ بِهَا الْمَدِيْنَةَ فَاسْتَوْهَبَهَا مِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَادٰى بِهَا اُنَاسًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ.

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مجھے فزارہ قبیلہ کی ایک عورت بطور نفل (غنیمت) دی جسے میں (لڑائی کی) لوٹ مار سے لایا تھا میں اسے لے کر مدینہ طیبہ آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مجھ سے بطور ہبہ طلب کر لیا چنانچہ آپ نے اس کے عوض کئی مسلمانوں کو چھڑایا

۱۰۲۵- حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرَةَ قَالَ ثَنَا عُمَيْرُ

حضرت عمیر بن یونس، حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے

بْنُ يُونُسَ قَالَ ثَنَا عِكْرِمَةُ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ وَزَادَ كَانُوْا أُسَارٰى بِمَكَّةَ۔

روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا اور یہ اضافہ کیا کہ وہ مسلمان مکہ مکرمہ میں قید تھے۔

۱۰۲۶۔ **حَدَّثَنَا** يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ عَمِّهٖ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَادٰى بِرَجُلٍ مِّنَ الْعَدُوِّ رَجُلَيْنِ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دشمن کے ایک شخص کے عوض کچھ مسلمانوں کو چھوڑایا۔

۱۰۲۷۔ **حَدَّثَنَا** اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدٰى رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِرَجُلٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ بَنِىْ عَقِيْلٍ۔

حضرت ابو المہلب حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو عقیل کے ایک مشرک شخص کے بدلے دو مسلمانوں کو چھوڑا دیا۔

۱۰۲۸۔ **حَدَّثَنَا** صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا مُجَالِدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَدَّاكِ جَبْرُ بْنُ نَوْفٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِىِّ قَالَ اَصَبْنَا سَبْيًا فَاَرَدْنَا نُفَادِىْ بِهِنَّ فَسَاَلْنَا النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يَكُوْنُ لَهُ الْاَمَةُ فَيُصِيْبُ مِنْهَا فَيَعْزِلُ عَنْهَا مَخَافَةَ اَنْ تَعْلَقَ مِنْهُ فَقَالَ افْعَلُوْا مَا بَدَا لَكُمْ فَمَا يُقْضٰى مِنْ اَمْرٍ يَكُنْ وَاِنْ كَرِهْتُمْ۔

حضرت ابو وداک جبر بن نوف، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم نے کچھ لوگوں کو قیدی بنایا ہم نے ان کے ذریعے اپنے قیدیوں کو چھوڑانا چاہا تو ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ ایک شخص کے پاس لونڈی ہو تو وہ اس سے بچے کی پیدائش کے ڈر سے عزل کر سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا جو چاہو کرو جس کام کا اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرمایا ہے وہ ہو کر رہے گا اگرچہ تم ناپسند کرو۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّهٗ لَا بَاْسَ اَنْ يُّفْدٰى مَا فِىْ اَيْدِى الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ اُسَارَى الْمُسْلِمِيْنَ بِمَنْ قَدْ مَلَكَهُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَاحْتَجُّوْا فِىْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ مسلمانوں کو اہل حرب سے جو مرد یا عورتیں ہاتھ آئیں ان کو ان مسلمان قیدیوں کا فدیہ دینے میں کوئی حرج نہیں جو مشرکین کے قبضہ میں ہیں ان حضرات نے ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

وَمِمَّنْ ذَهَبَ اِلٰی هٰذَا الْقَوْلِ اَبُوْ یُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ بھی اسی بات کے قائلین میں شامل ہیں۔

وَکَرِهَ اٰخَرُوْنَ اَنْ یُّفَادٰی بِمَنْ قَدْ وَقَعَ مِلْكُ الْمُسْلِمِیْنَ عَلَیْهِ لِاَنَّهٗ قَدْ صَارَتْ لَهٗ ذِمَّةٌ بِمِلْكِ الْمُسْلِمِیْنَ اِیَّاهُ فَکَرِهُوْهُ اَنْ یَّرُدَّ حَرْبِیًّا بَعْدَ اَنْ کَانَ ذِمَّةً۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان لوگوں کو مسلمانوں کے فدیہ میں دینا ناپسند کیا ہے جو مسلمانوں کی ملک میں آ چکے ہیں کیونکہ اب مسلمانوں کی ملک میں آنے کی وجہ سے وہ ذمی قرار پا چکے ہیں تو ذمی بننے کے بعد ان کو حربی بنا نا مکروہ ہے۔

وَقَالُوْا اِنَّمَا کَانَ الْفِدَاءُ الْمَذْکُوْرُ فِیْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ فِیْ وَقْتٍ کَانَ لَا بَاْسَ اَنْ یُّفَادٰی فِیْهِ بِمَنْ اَسْلَمَ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ فَیَرُدُّوْا اِلَی الْمُشْرِکِیْنَ عَلٰی اَنْ یَّرُدُّوْا اِلَی الْمُسْلِمِیْنَ مَنْ اُسِرُوْا مِنْهُمْ کَمَا صَالَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ مَکَّةَ عَلٰی اَنْ یَّرُدَّ اِلَیْهِمْ مَنْ جَاءَ اِلَیْهِ مِنْهُمْ وَاِنْ کَانَ مُسْلِمًا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں ان روایات میں جس فدیہ کا ذکر ہے وہ اس وقت کی بات ہے جب اہل حرب میں سے مسلمان ہونے والے کو بطور فدیہ مشرکین کی طرف لوٹایا جاتا تھا تاکہ وہ مسلمانوں میں سے قیدی بنائے گئے لوگوں کو مسلمانوں کی طرف واپس کریں جیسا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ سے اس بات پر مصالحت کی تھی کہ ان میں سے جو آپ کے پاس آئے گا اسے ان کی طرف لوٹا دیں گے اگرچہ وہ مسلمان ہو۔

۱۰۲۹- فَمِمَّا بَیَّنَ اَنَّ ذٰلِكَ کَذٰلِكَ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ خُزَیْمَةَ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عَدِیٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِی الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ اَسَرَتْ ثَقِیْفٌ رَجُلَیْنِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَسَرَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِیْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ فَمَرَّ بِهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُوْثَقٌ فَاَقْبَلَ اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَلٰی مَا اُحْتُبِسَ قَالَ بِجَرِیْرَةِ حُلَفَائِكَ ثُمَّ مَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُ فَاَقْبَلَ اِلَیْهِ فَقَالَ لَهُ الْاَسِیْرُ اِنِّیْ مُسْلِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ قُلْتَهَا وَاَنْتَ تَمْلِكُ اَمْرَكَ اَفْلَحْتَ کُلَّ الْفَلَاحِ ثُمَّ مَضٰی رَسُوْلُ

جن روایت سے واضح ہوتا کہ بات اس طرح تھی ان میں سے ایک یہ ہے حضرت ابو المہلب حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں قبیلہ ثقیف نے صحابہ کرام میں سے دو آدمیوں کو قیدی بنا لیا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بنو عامر بن صعصعہ کے ایک شخص کو قید کیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے گزرے تو وہ بندھا ہوا تھا آپ اس کی طرف متوجہ ہوئے تو اس نے کہا مجھے کیوں قید کیا گیا ہے آپ نے فرمایا تمہارے حلیفوں کے جرم میں، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تو اس نے آواز دی آپ اس کی طرف متوجہ ہوئے تو قیدی نے عرض کیا میں مسلمان ہو گیا ہوں آپ نے فرمایا اگر تو اس وقت یہ بات کہتا جب تو اپنے معاملے کا مالک تھا تو مکمل طور پر فلاح پاتا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تو اس نے پکارا آپ متوجہ ہوئے تو اس نے کہا میں بھوکا ہوں آپ نے فرمایا میں تمہاری

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَنَادَاہُ اَیْضًا فَاَقْبَلَ فَقَالَ اِنِّیْ جَائِعٌ فَاَطْعِمْنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْفَذَکَ حَاجَتَکَ ثُمَّ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَادَاہُ بِالرَّجُلَیْنِ الَّذَیْنِ کَانَتْ ثَقِیْفٌ اَسَرَتْہُمَا۔

حاجت کو پورا کردوں گا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ان دو آدمیوں کے عوض میں دیا جنہیں بنو ثقیف نے قیدی بنایا تھا۔

۱۰۳۰- حَدَّثَنَا فَہْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْنُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَنْ اَبِی الْمُہَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ کَانَتِ الْعَضْبَاءُ لِرَجُلٍ مِّنْ بَنِیْ عَقِیْلٍ اُسِرَ فَاُخِذَتِ الْعَضْبَاءُ مِنْہُ فَاُتِیَ بِہٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ عَلٰی مَا تَاْخُذُوْنِیْ وَتَاْخُذُوْنَ سَابِقَۃَ الْحَاجِّ وَقَدْ اَسْلَمْتُ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اٰخُذُکَ بِجَرِیْرَۃِ حُلَفَائِکَ وَکَانَتْ ثَقِیْفٌ قَدْ اَسَرَتْ رَجُلَیْنِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی حِمَارٍ عَلَیْہِ قَطِیْفَۃٌ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ جَائِعٌ فَاَطْعِمْنِیْ وَظَمْاٰنُ فَاَسْقِنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ہٰذِہٖ حَاجَتُکَ ثُمَّ اِنَّ الرَّجُلَ فُدِیَ بِرَجُلٍ وَحَبَسَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَضْبَاءَ لِرَحْلِہٖ۔

حضرت ابوالمہلب، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں عضباء (اونٹنی) بنو عقیل کے ایک شخص کی تھی جسے قید کیا گیا تھا۔ وہ اونٹنی لے لی گئی اس شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو اس نے کہا اے محمد! صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے مجھے کس بات پر پکڑا ہے اور اس اونٹنی کو بھی پکڑا جو سب حاجیوں سے آگے جانے والی تھی حالانکہ میں مسلمان ہو گیا ہوں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تمہیں تمہارے حلیفوں کے جرم میں پکڑا ہے اور بنو ثقیف نے دو صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کو قیدی بنا لیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دراز گوش پر سوار تھے اور آپ پر ایک دھاری دار چادر تھی اس نے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں بھوکا ہوں مجھے کھانا کھلائیں پیاسا ہوں پانی پلائیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تمہاری حاجت ہے پھر حضور علیہ السلام نے اس کے بدلے صحابی کو چھڑا لیا اور اونٹنی کو اپنی سواری کے لیے رکھ لیا۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَہٰذَا الْحَدِیْثُ مُفَسَّرٌ قَدْ اَخْبَرَ فِیْہِ عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَادٰی بِذٰلِکَ الْمَاسُوْرِ بَعْدَ اَنْ اَقَرَّ بِالْاِسْلَامِ وَقَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ ذٰلِکَ مَنْسُوْخٌ وَاَنَّہٗ لَیْسَ لِلْاِمَامِ اَنْ یَّفْدِیَ مَنْ اُسِرَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ بِمَنْ فِیْ یَدَیْہِ مِنْ اَسْرٰی اَہْلِ الْحَرْبِ الَّذِیْنَ قَدْ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حدیث میں وضاحت ہے اس میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے خبر دی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے اسلام کا اقرار کرنے کے باوجود اسے قیدی صحابی کے عوض کے طور پر دیا اور اس پر اتفاق ہے کہ یہ منسوخ ہے اور امام کو اس بات کا حق نہیں ہے کہ وہ اہل حرب میں سے حاصل ہونے والے ان قیدیوں جو مسلمان ہو جائیں، مسلمان قیدیوں کے عوض دے اور

أَسْلَمُوْا وَأَنَّ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى لَا تَرْجِعُوْهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ قَدْ نَسَخَ أَنْ تُرَدَّ أَحَدٌ مِّنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ إِلَى الْكُفَّارِ.

فَلَمَّا ثَبَتَ بِذٰلِكَ وَثَبَتَ أَنْ لَّا يُرَدَّ إِلَى الْكُفَّارِ مَنْ جَآءَنَا مِنْهُمْ بِذِمَّةٍ وَثَبَتَ أَنَّ الذِّمَّةَ تُحَرِّمُ مَا حَرَّمَهُ الْإِسْلَامُ مِنْ دِمَآءِ أَهْلِهَا وَأَمْوَالِهِمْ وَأَنَّهُ يَجِبُ عَلَيْنَا مَنْعُ أَهْلِهَا مِنْ نَّقْضِهَا وَالرُّجُوْعِ إِلَى دَارِ الْحَرْبِ كَمَا يُمْنَعُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ نَّقْضِ إِسْلَامِهِمْ وَالْخُرُوْجِ إِلَى دَارِ الْحَرْبِ عَلَى ذٰلِكَ وَكَانَ مَنْ أَصَبْنَاهُ مِنْ أَهْلِ الْحَرْبِ فَمَلَكْنَاهُ صَارَ بِمِلْكِنَا إِيَّاهُ ذِمَّةً لَّنَا وَ أَعْتَقْنَاهُ لَمْ يُعَدَّ حَرْبِيًّا بَعْدَ ذٰلِكَ وَكَانَ لَنَا أَخْذُهُ بِأَدَآءِ الْجِزْيَةِ إِلَيْنَا كَمَا نَأْخُذُ بِسَآئِرِ ذِمَّتِنَا وَعَلَيْنَا حِفْظُهُ مِمَّا نَحْفَظُهُمْ مِنْهُ وَكَانَ حَرَامًا عَلَيْنَا أَنْ تُفَادِيَ بِعَبِيْدِنَا الْكُفَّارِ الَّذِيْنَ قَدْ وُلِدُوْا فِيْ دَارِنَا لِمَا قَدْ صَارَ لَهُمْ مِّنَ الذِّمَّةِ فَالنَّظَرُ عَلَى ذٰلِكَ أَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ هٰذَا الْحَرْبِيُّ إِذَا أَسَرْنَاهُ فَصَارَ ذِمَّةً لَّنَا وَقَعَ مِلْكُنَا عَلَيْهِ أَنْ يَحْرُمَ عَلَيْنَا الْمُفَادَاةُ بِهٖ وَرَدُّهٗ إِلَى أَيْدِي الْمُشْرِكِيْنَ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ.

اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی، "انہیں کفار کی طرف نہ لوٹاؤ" نے کسی مسلمان کو کفار کی طرف لوٹانے کے عمل کو منسوخ کر دیا۔

جب یہ بات ثابت ہو گئی اور یہ بھی ثابت ہوا کہ جو شخص ذمی بن کر ہمارے پاس آئے اسے کفار کی طرف نہ لوٹایا جائے اور ثابت ہوا کہ جس طرح اسلام کی وجہ سے خونوں اور مالوں کو تحفظ حاصل ہو جاتا ہے اسی طرح کسی سے عہد و پیمان (ذمہ) بھی ان چیزوں کو حرام کر دیتا ہے اور ہم پر واجب ہے کہ ہم اہل ذمہ کو اس (ذمہ) کے توڑنے اور انہیں دار الحرب کی طرف جانے سے روکیں جس طرح مسلمانوں کو اسلام کے چھوڑنے اور دار الحرب کی طرف جانے سے روکا جاتا ہے، اور جن اہل حرب کو ہم حاصل کریں اور ان کے مالک بن جائیں تو ہماری ملکیت کے باعث وہ ذمی ہو جاتے ہیں اور اگر ہم انہیں آزاد کریں تو اس کے بعد وہ حربی شمار نہیں ہوتے اور ہمارے لیے جائز ہے کہ ہم ان سے جزیہ لے کر اپنی طرف بلائیں جس طرح ہم تمام ذمی لوگوں کو اپنے ہاں لے لیتے ہیں اب ان تمام امور میں ان کی حفاظت ہمارے ذمہ ہو گی جن میں ہم ذمیوں کی حفاظت کرتے ہیں اور یہ بات حرام ہے کہ جو کفار غلام ہمارے ملک میں پیدا ہوئے اور ذمی بن گئے ہم انہیں فدیہ میں دیں تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ یہ حربی جسے ہم نے قید کیا اور وہ ہمارے ذمہ میں آ گیا اس کا بھی یہی حال ہونا چاہیے کہ اب اس میں ہماری ملک ثابت ہو گئی اسے فدیہ میں دینا اور مشرکین کے قبضہ میں دینا جائز نہیں یہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۲۳ مَا أَحْرَزَ الْمُشْرِكُوْنَ مِنْ أَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ هَلْ يَمْلِكُوْنَهٗ أَمْ لَا

مشرکین نے مسلمانوں کے جس مال پر قبضہ کیا کیا وہ ان کی ملکیت بن جاتی ہے۔

۱۰۳۱ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں عضباء اونٹنی تمام حاجیوں سے آگے جانے والی تھی مشرکین نے

عَنْ اَبِی الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ كَانَتِ الْعَضْبَاءُ مِنْ سَوَابِقِ الْحَاجِّ فَاَغَارَ الْمُشْرِكُوْنَ عَلٰی سَرْحِ الْمَدِیْنَةِ فَذَهَبُوْا بِهٖ وَفِیْهِ الْعَضْبَاءُ وَاَسَرُوْا امْرَاَةً مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَكَانُوْا اِذَا نَزَلُوْا یُرْسِلُوْنَ اِبِلَهُمْ اَفْنِیَتِهِمْ فَلَمَّا كَانَتْ ذَاتَ لَیْلَةٍ قَامَتِ الْمَرْاَةُ وَقَدْ نُوِّمُوْا فَجَعَلَتْ لَا تَضَعُ یَدَهَا عَلٰی بَعِیْرٍ اِلَّا رَغَا حَتّٰی اِذَا اَتَتْ عَلَی الْعَضْبَاءِ فَاَتَتْ عَلٰی نَاقَةٍ ذَلُوْلٍ فَرَكِبَتْهَا وَتَوَجَّهَتْ قِبَلَ الْمَدِیْنَةِ وَنَذَرَتْ لَئِنْ نَجَّاهَا اللّٰهُ عَلَیْهَا لَتَنْحَرَنَّهَا فَلَمَّا قَدِمَتْ عُرِفَتِ النَّاقَةُ فَاَتَوْا بِهَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَتْهُ بِنَذْرِهَا فَقَالَ بِئْسَ مَا جَزَیْتِهَا اَوْ وَفَیْتِهَا لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِیْ مَعْصِیَةِ اللّٰهِ وَلَا فِیْمَا لَا یَمْلِكُ ابْنُ اٰدَمَ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ غَنِیْمَةَ اَهْلِ الْحَرْبِ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِیْنَ مَرْدُوْدٌ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ قَبْلَ الْقِسْمَةِ وَبَعْدَهَا لِاَنَّ اَهْلَ الْحَرْبِ فِیْ قَوْلِهِمْ لَا یَمْلِكُوْنَ اَمْوَالَ الْمُسْلِمِیْنَ بِاَخْذِهِمْ اِیَّاهَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَقَالُوْا قَوْلُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَرْاَةِ الَّتِیْ اَخَذَتِ الْعَضْبَاءَ لَا نَذْرَ لِابْنِ اٰدَمَ فِیْمَا لَا یَمْلِكُ دَلِیْلٌ عَلٰی اَنَّهَا لَمْ تَكُنْ مَلَكَتْهَا بِاَخْذِهَا اِیَّاهَا مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ وَاَنَّ اَهْلَ الْحَرْبِ لَمْ یَكُوْنُوْا مَلَكُوْهَا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا مَا اَخَذَهٗ اَهْلُ الْحَرْبِ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِیْنَ فَاَحْرَزُوْهُ فِیْ دَارِهِمْ فَقَدْ مَلَكُوْهُ وَزَالَ

مدینہ طیبہ کی چراگاہ میں لوٹ مار کر کے اسے (چراگاہ کے جانوروں کو) لے گئے اس میں غصباء بھی تھی انہوں نے مسلمانوں کی ایک عورت کو بھی قیدی بنا لیا ان کی عادت تھی کہ جب کسی جگہ اترتے تو اپنے اونٹوں کو ان کے میدانوں میں چھوڑ دیتے تھے۔ ایک رات وہ عورت کھڑی ہوئی اور وہ لوگ سو چکے تھے وہ جس اونٹ پر ہاتھ رکھتی وہ شور مچاتا حتیٰ کہ جب وہ غصباء کے پاس آئی تو گویا وہ ایک فرمانبردار اونٹنی کے پاس آئی، وہ اس سوار ہو کر مدینہ طیبہ کی طرف متوجہ ہو گئی اور نذر مانی " اللہ تعالیٰ نے اسے بچا لیا تو وہ اس اونٹنی کو ذبح کرے گی جب وہ مدینہ طیبہ آئی تو اونٹنی پہچانی گئی چنانچہ صحابہ کرام اس عورت کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے آئے اس نے آپ کو اپنی نذر کے بارے میں بتایا آپ نے فرمایا اگر تم یہ نذر پوری کرو تو تم نے برا بدلہ دیا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور غیر مملوکہ [illegible] نذر پوری نہیں کی جاتی۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ [illegible] ایک [illegible] اس بات کی طرف گئی ہے کہ مسلمانوں کا جو مال [illegible] اہل حرب سے بطور غنیمت حاصل ہوا [illegible] صورتوں میں مسلمانوں کی طرف لوٹایا جائے گا کیونکہ ان [illegible] قول کے مطابق حربی مسلمان جو حاصل کرتے ہیں اس [illegible] بنتے وہ کہتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس عورت [illegible] غصباء لی تھی یہ فرمانا کہ انسان جس چیز کا مالک نہیں [illegible] نہیں کی جاتی، اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اسے اہل حرب [illegible] کے بعد مالک نہیں بنی تھیں اور اہل حرب کو [illegible] دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اس کی [illegible] حاصل نہیں ہوئی تھی۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ مشرکین، مسلمانوں کا جو مال حاصل کر کے اسے دار الحرب میں محفوظ کریں وہ اس کے مالک بن جاتے ہیں اور اس سے

عَنْهُ مِلْكُ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِذَا اَوْجَفَ عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَاَخَذُوْا مِنْهُمْ فَاِنْ جَآءَ صَاحِبُهٗ قَبْلَ اَنْ يُّقْسَمَ اَخَذَهٗ بِغَيْرِ شَيْءٍ وَاِنْ جَآءَ بَعْدَ مَا قُسِمَ اَخَذَهٗ بِالْقِيْمَةِ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ اَنَّ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ لِابْنِ اٰدَمَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ اِنَّمَا كَانَ قَبْلَ اَنْ تَمْلِكَ الْمَرْاَةُ النَّاقَةَ لِاَنَّهَا قَالَتْ ذٰلِكَ وَهِيَ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَكُلُّ النَّاسِ يَقُوْلُ اِنَّ مَنْ اَخَذَ شَيْئًا مِّنْ اَهْلِ الْحَرْبِ فَلَمْ يَتَحَوَّلْ بِهٖ اِلٰى دَارِ الْاِسْلَامِ اِنَّهٗ غير محرز لَهٗ وَغَيْرُ مَالِكٍ وَاِنَّ مِلْكَهٗ لَا يَقَعُ عَلَيْهِ حَتّٰى يَخْرُجَ بِهٖ اِلٰى دَارِ الْاِسْلَامِ فَاِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ غَنِمَهٗ وَمَلَكَهٗ فَلِهٰذَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَاْنِ الْمَرْاَةِ مَا قَالَ لِاَنَّهَا نَذَرَتْ قَبْلَ اَنْ تَمْلِكَهَا لَئِنْ نَجَّاهَا اللّٰهُ عَلَيْهَا لَتَنْحَرَنَّهَا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ لِابْنِ اٰدَمَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُهٗ لِاَنَّ نَذْرَهَا ذٰلِكَ كَانَ مِنْهَا قَبْلَ اَنْ تَمْلِكَهَا۔

۱۰۳۲- فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَلَيْسَ فِيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ كَانُوْا مَلَكُوْهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَخْذِهِمْ اِيَّاهَا مِنْهُ اَمْ لَا وَلَا عَلٰى اَنَّ اَهْلَ الْحَرْبِ يَمْلِكُوْنَ مَا اَوْجَفُوْا عَلَيْهِ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ اَيْضًا اَمْ لَا۔

۱۰۳۳- وَالَّذِيْ فِيْهِ الدَّلِيْلُ عَلٰى ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

مسلمانوں کی ملکیت زائل ہو جاتی ہے پس جب مسلمان اس پر گھوڑے دوڑائیں (حملہ کریں) اور ان سے واپس لے لیں پھر تقسیم سے پہلے اس کا مالک آجائے تو کسی عوض کے بغیر حاصل کرے گا اور اگر تقسیم کے بعد آئے تو قیمت دے کر حاصل کرے گا۔

پہلی حدیث میں ان کی دلیل یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی "غیر مملوک چیز میں انسان کی نذر معتبر نہیں"، عورت کے اس اونٹنی کی ملکیت کے حصول سے پہلے کی بات ہے کیونکہ اس نے یہ بات دار الحرب میں کہی تھی اور سب لوگ کہتے ہیں کہ جو شخص دار الحرب والوں سے کچھ لے اور اسے دار الاسلام کی طرف نہ لائے تو وہ اس کا محافظ اور مالک نہیں ہوگا اس چیز پر اس کی ملک واقع نہیں ہوگی جب تک اسے لے کر دار الاسلام کی طرف نہ نکلے جب وہ ایسا کرے گا تو وہ مال غنیمت ہوگا اور یہ شخص اس کا مالک بن جائے گا اسی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کے بارے میں فرمایا جو کچھ فرمایا کیونکہ اس نے مالک بننے سے پہلے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے نجات دی تو وہ اسے ذبح کرے گی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا انسان جس چیز کا مالک نہ ہو اس میں اس کی نذر صحیح نہیں کیونکہ اس نے اس (اونٹنی) کی مالک بننے سے پہلے نذر مانی تھی۔

اس حدیث کا یہ بیان ہے اور اس میں اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اونٹنی لینے کے بعد مشرکین کو اس کی ملکیت حاصل ہو گئی تھی یا نہیں اور نہ اس بات کی کوئی دلیل ہے کہ اہل حرب مسلمانوں کے جس مال پر حملہ کریں تو انہیں اس کی ملکیت حاصل ہو جاتی ہے یا نہیں۔

اس بات کی دلیل اس حدیث میں ہے حضرت سماک بن حرب، حضرت تمیم بن طرفہ طائی سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص کے دشمن نے اس کا اونٹ لے لیا پھر ایک دوسرے

عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ الطَّائِيِّ أَنَّ رَجُلًا أَصَابَ لَهُ الْعَدُوُّ بَعِيرًا فَاشْتَرَاهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَجَاءَ بِهِ فَعَرَفَهُ صَاحِبُهُ فَخَاصَمَهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنْ شِئْتَ أَعْطَيْتَهُ ثَمَنَهُ الَّذِي اشْتَرَاهُ بِهِ وَهُوَ لَكَ وَإِلَّا فَهُوَ لَهُ۔

١٠٣٤- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

فَهٰذَا هُوَ الَّذِي فِيهِ وَجْهُ الْحُكْمِ فِي هٰذَا الْبَابِ كَيْفَ هُوَ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ الْمُتَقَدِّمِينَ۔

١٠٣٥- فَمِمَّا رُوِيَ عَنْهُمْ فِي ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ فِيمَا أَحْرَزَ الْمُشْرِكُونَ فَأَصَابَهُ الْمُسْلِمُونَ فَعَرَفَهُ صَاحِبُهُ قَالَ إِنْ أَدْرَكَهُ قَبْلَ أَنْ يُقْسَمَ فَهُوَ لَهُ وَإِنْ جَرَتْ فِيهِ السِّهَامُ فَلَا شَيْءَ لَهُ۔

١٠٣٦- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَأَبَا عُبَيْدَةَ قَالَا ذٰلِكَ۔

١٠٣٧- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ مِثْلَهُ۔

شخص نے اس سے خرید لیا وہ لے کر آیا تو مالک نے اپنا اونٹ پہچان لیا وہ اپنا مقدمہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا آپ نے فرمایا اگر تم چاہو تو اس شخص کو اس کی اتنی قیمت دے دو جس کے ساتھ اس نے اسے خریدا ہے اور یہ اونٹ تمہارا ہوگا ورنہ وہ اس کا ہوگا۔

حضرت سفیان ثوری، حضرت سماک سے، تمیم بن طرفہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ [illegible] وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

اس باب میں یہی حکم ہے جو بیان ہوا اور یہی بات متقدمین کی ایک جماعت سے مروی ہے۔

ان سے مروی روایات میں سے ایک یہ ہے حضرت قبیصہ بن ذویب سے مروی ہے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اس چیز کے بارے میں جو مشرکین [illegible] پھر مسلمانوں نے اسے لے لیا، اس کے مالک نے اسے پہچان لیا، فرماتے ہیں اگر اس [illegible] وہ اسی کی ہوگی اور اگر اس میں حصے جاری ہو گئے تو اس کے لیے کچھ نہ ہوگا۔

حضرت رجاء بن حیوہ سے مروی ہے حضرت عمر فاروق اور حضرت [illegible] اللہ عنہما نے یہ بات فرمائی۔

حضرت بکیر بن عبداللہ بن اشج، حضرت سلیمان بن یسار سے اور وہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۳۸- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ زَائِدَةَ بْنِ قُدَامَةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ إِذَا أَصَابَ الْمُشْرِكُونَ السَّبْيَ لِلْمُسْلِمِينَ فَأَصَابَهُ الْمُسْلِمُونَ فَقَدَرَ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ قَبْلَ أَنْ تُقْسَمَ فَهُوَ لَهُ وَإِنْ قَدَرَ عَلَيْهِ بَعْدَ الْقِسْمَةِ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ بِالثَّمَنِ الَّذِي أَخَذَ بِهِ۔

حضرت زائدہ بن قدامہ، حضرت لیث سے اور وہ حضرت مجاہد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب مسلمانوں کا مال مشرکین کے ہاتھ لگ جائے پھر مسلمانوں کو حاصل ہو جائے اور تقسیم سے پہلے اس کا مالک اس پر قادر ہو جائے تو وہ اسی کا ہوگا اور اگر تقسیم کے بعد اس پر قادر ہو، تو جس قیمت پر اس نے لیا تھا وہ قیمت ادا کر کے لینے کا زیادہ مستحق ہے۔

۱۰۳۹- حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَسَدِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ غُلَامًا لِابْنِ عُمَرَ أَبَقَ إِلَى الْعَدُوِّ وَظَهَرَ الْمُسْلِمُونَ عَلَيْهِ فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَكُنْ قُسِمَ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ان کا ایک غلام دشمن کی طرف بھاگ گیا اور مسلمانوں نے اس پر غلبہ حاصل کیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے واپس کر دیا لیکن ابھی تک وہ تقسیم نہیں ہوا تھا۔

۱۰۴۰- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ أَخْبَرَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ وَحَبِيبٍ وَهِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ أَنَّ رَجُلًا ابْتَاعَ جَارِيَةً مِنَ الْعَدُوِّ فَوَطِئَهَا فَوَلَدَتْ مِنْهُ فَجَاءَ صَاحِبُهَا فَخَاصَمَهُ إِلَى شُرَيْحٍ فَقَالَ الْمُسْلِمُ أَحَقُّ أَنْ يَرُدَّ عَلَى أَخِيهِ بِالثَّمَنِ قَالَ فَإِنَّهَا قَدْ وَلَدَتْ مِنْهُ فَقَالَ أَعْتِقْهَا قَضَاءَ الْأَمِيرِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ۔

حضرت ایوب، حبیب اور ہشام، حضرت محمد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے دشمن سے ایک لونڈی خریدی اور اس سے وطی کی پھر اس سے بچہ پیدا ہوا تو اس کا مالک آیا اور اپنا مقدمہ حضرت شریح رحمہ اللہ کے پاس لے گیا راوی فرماتے ہیں انہوں نے فرمایا مسلمانوں کے لیے مناسب ہے کہ اسے قیمت لے کر اپنے بھائی کی طرف لوٹا دے اس نے کہا اس سے بچہ پیدا ہوا ہے انہوں نے فرمایا اسے آزاد کر دو اور یہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا فیصلہ ہے۔

۱۰۴۱- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ قَالَ أَخْبَرَنَا حَمَّادٌ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ وَعَامِرٍ قَالَ قَتَادَةُ عَنْ عُمَرَ أَنَّهُمْ قَالُوا فِيمَا أَصَابَ الْمُشْرِكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ أَصَابَهُ الْمُسْلِمُونَ بَعْدُ قَالُوا إِنْ جَاءَ صَاحِبُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْسَمَ

حضرت ابراہیم اور حضرت عامر دونوں فرماتے ہیں حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ان سب نے فرمایا کہ مسلمانوں کا جو مال، مشرکین نے لے لیا پھر مسلمانوں نے اس پر قبضہ کر لیا تو اگر اس کا مالک تقسیم سے پہلے آ جائے تو وہ اس کا زیادہ مستحق ہے۔

فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ۔

۱۰۴۲- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ الْمُشْرِكِيْنَ اَصَابُوْا فَرَسًا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَاَصَابَهُ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدُ فَاَخَذَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ قَبْلَ اَنْ يُقْسَمَ الْمَقَاسِمُ وَلَمْ يَذْكُرْ نَافِعٌ هُنَا قَبْلَ اَنْ يُقْسَمَ الْمَقَاسِمُ اِلَّا اَنَّ الْحُكْمَ بَعْدَ مَا يَقَعُ الْمَقَاسِمُ بِخِلَافِ ذٰلِكَ عِنْدَهٗ۔

حضرت ایوب حضرت نافع سے روایت کرتے ہیں کہ مشرکین، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا گھوڑا لے گئے پھر مسلمانوں نے اس پر قبضہ کر لیا تو حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے تقسیم سے پہلے وہ لے لیا حضرت نافع نے یہاں یہ ذکر نہیں کیا کہ انہوں نے تقسیم سے پہلے لیا لیکن ان کے نزدیک تقسیم کے بعد اس کا حکم اس کے خلاف ہے۔

۱۰۴۳- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى مَا اَحْرَزَ الْعَدُوُّ فَهُوَ جَائِزٌ۔

حضرت خلاس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس نے کسی چیز کو قابو کر لے تو اس کے بعد اسے خریدنا جائز ہے۔

۱۰۴۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَالْحَسَنِ قَالَا مَا اَحْرَزَ الْمُشْرِكُوْنَ فَهُوَ فَیْءٌ لِلْمُسْلِمِيْنَ لَا يُرَدُّ مِنْهُ شَيْءٌ۔

حضرت زہری اور حضرت حسن [illegible] ہیں جو چیز مشرکین کے قابو [illegible] کے لیے غنیمت ہے اس [illegible] کیا جائے۔

فَكُلُّ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ رَوَيْنَا عَنْهُمْ هٰذِهِ الْاٰثَارَ قَدْ ثَبَتَ مِلْكُ الْمُشْرِكِيْنَ لِمَا اَحْرَزُوْا مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّمَا اخْتِلَافُهُمْ فِيْمَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ الْحَسَنُ وَالزُّهْرِيُّ اِنَّ مَا اَحْرَزَ الْمُشْرِكُوْنَ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ ثُمَّ قَدَرَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَا سَبِيْلَ لِصَاحِبِهٖ عَلَيْهِ۔

وَقَدْ خَالَفَهُمَا فِيْ ذٰلِكَ شُرَيْحٌ وَمُجَاهِدٌ وَاِبْرَاهِيْمُ وَعَامِرٌ وَمَنْ تَقَدَّمَهُمْ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرُ وَعَلِيٌّ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ وَابْنُ عُمَرَ وَزَيْدٌ

ان سب حضرات [illegible] کہ ہیں اس چیز میں مشرکین کی ملک [illegible] نے مسلمانوں سے اپنے قبضے میں [illegible] میں اختلاف یہ ہے حضرت حسن اور زہری [illegible] ہیں کہ مشرکین، مسلمانوں کے مال [illegible] قابو میں کر لیں پھر اس کے بعد مسلمان [illegible] جائیں تو اب اس کے مالک کا کوئی حق نہیں۔

لیکن اس سلسلے حضرت شریح حضرت [illegible] اور ان سے مقدم صحابہ کرام حضرت عمر فاروق، حضرت [illegible] حضرت ابو عبیدہ حضرت ابن عمر اور حضرت زید بن ثابت [illegible] عنہم نے ان دونوں (حضرت زہری اور حضرت [illegible]

ثَابِتٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَشَذَّ
مَاقَالُوْهُ مِنْ ذٰلِكَ مَاقَدْ رَوَيْنَاهُ عَنِ
النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ
تَمِيْمِ بْنِ طَرْفَةَ فَذٰلِكَ اَوْلٰى مِمَّا ذَهَبْنَا
اِلَيْهِ وَاِنْ كَانَ النَّظَرُ مُخَالِفًا لِمَا ذَهَبَ
اِلَيْهِ الْفَرِيْقَانِ جَمِيْعًا وَذٰلِكَ اَنَّا رَاَيْنَا
الْمُسْلِمِيْنَ يَسْبُوْنَ اَهْلَ الْحَرْبِ وَاَمْوَالَهُمْ
فَيَمْلِكُوْنَ اَمْوَالَهُمْ كَمَا يَمْلِكُوْنَ رِقَابَهُمْ
وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ اِذَا اَسَرُوا الْمُسْلِمِيْنَ
لَمْ يَمْلِكُوْا رِقَابَهُمْ فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ
لَّا يَمْلِكُوْنَ اَمْوَالَهُمْ وَيَكُوْنُ حُكْمُ اَمْوَالِ
الْمُسْلِمِيْنَ كَحُكْمِ رِقَابِهِمْ كَمَا كَانَ حُكْمُ
اَمْوَالِ الْمُشْرِكِيْنَ كَحُكْمِ رِقَابِهِمْ وَلٰكِنَّا
مَنَعْنَا مِنْ ذٰلِكَ بِمَا حَكَمَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِمَا حَكَمَ بِهِ الْمُسْلِمُوْنَ
مِنْ بَعْدِهٖ فَلَمَّا ثَبَتَ مَا حَكَمُوْا بِهٖ مِنْ ذٰلِكَ
نَظَرْنَا اِلٰى مَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنْ حُكْمِ مَا قَدَرَ
عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ فَاَخَذُوْهُ مِنْ اَيْدِي
الْمُشْرِكِيْنَ فَجَاءَ صَاحِبُهٗ بَعْدَ مَا قُسِمَ
هَلْ لَهٗ اَنْ يَّاْخُذَهٗ بِالْقِيْمَةِ كَمَا قَالَ بَعْضُ
مَنْ رَوَيْنَا عَنْهُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ اَوْ لَا يَاْخُذُهٗ
بِقِيْمَةٍ وَلَا غَيْرِهَا كَمَا قَدْ قَالَ بَعْضُ مَنْ
رَوَيْنَا عَنْهُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ اَيْضًا فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ
فَرَاَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ
حَكَمَ فِيْ مُشْتَرِي الْبَعِيْرِ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ
اَنَّ لِصَاحِبِهٖ اَنْ يَّاْخُذَهٗ مِنْهُ بِالثَّمَنِ وَكَانَ ذٰلِكَ الْبَعِيْرُ
قَدْ مَلَكَهُ الْمُشْتَرِيْ مِنَ الْحَرْبِيِّيْنَ كَمَا
يَمْلِكُ الَّذِيْ يَقَعُ فِيْ سَهْمِهٖ مِنَ الْغَنِيْمَةِ مَا
يَقَعُ فِيْ سَهْمِهٖ مِنْهَا فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ

کی مخالفت کی ہے انہوں نے اپنے قول کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی سے موکد کیا ہے جسے ہم نے حضرت تمیم بن طرفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں روایت کیا ہے یہ اس سے بہتر ہے جس کی طرف ہم گئے ہیں اگرچہ قیاس ان دونوں فریقوں کے خلاف ہے وہ اس طرح کہ ہم دیکھتے ہیں مسلمان، اہل حرب (کفار) کو قیدی بناتے اور ان کے مال پر قبضہ کر کے ان کے مالوں کے مالک بن جاتے ہیں جس طرح وہ ان کی گردنوں کے مالک ہوتے ہیں اور مشرکین جب مسلمانوں کو قیدی بناتے ہیں تو وہ ان کی گردنوں کے مالک نہیں بنتے تو قیاس کا تقاضا ہے کہ وہ ان کے مالوں کے مالک بھی نہ بنیں اور مسلمانوں کے مال کا حکم وہی ہو جو ان کی گردنوں کا ہے جس طرح مشرکین کے مالوں کا حکم ان کی گردنوں کے حکم جیسا ہے لیکن ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد والے مسلمانوں کے حکم کی وجہ سے اسے چھوڑ دیا تو جب اس سلسلے میں ان کا فیصلہ ثابت ہو گیا تو ہم نے مختلف فیہ مسئلے میں غور کیا یعنی جب مسلمان اس پر قادر ہو کر مشرکین کے ہاتھوں سے لے لیں اور پھر تقسیم کے بعد اس کا مالک آجائے تو وہ قیمت کے ساتھ لے سکتا ہے جیسا کہ ان بعض حضرات نے فرمایا جن سے ہم نے اس باب میں روایت کیا ہے یا وہ قیمت کے ساتھ اور قیمت کے بغیر کسی طرح نہیں لے سکتا جس طرح بعض حضرات نے فرمایا اور ہم نے اس باب میں اسے روایت کیا۔ پس ہم نے اس سلسلے میں غور کیا تو دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل حرب سے اونٹ خریدنے والے کے سلسلے میں فرمایا کہ اس کا مالک قیمتاً اسے لے سکتا ہے حالانکہ حربی کفار سے اس اونٹ کو خریدنے والا اس کا مالک بن چکا تھا جس طرح غنیمت سے حصہ حاصل کرنے والا اس حصے کا مالک بن جاتا ہے تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ جب امام، مال غنیمت تقسیم کر دے اور اس میں سے کوئی چیز کسی شخص کے قبضے میں آجائے

تَكُوْنَ الْاِمَامُ اِذَا قَسَمَ الْغَنِيْمَةَ فَوَقَعَ شَيْءٌ مِنْهَا فِيْ يَدِ رَجُلٍ وَقَدْ كَانَ اُسِرَ ذٰلِكَ مِنْ يَدِ اٰخَرَ اَنْ يَكُوْنَ الْمَاسُوْرُ مِنْ يَدِهٖ كَذٰلِكَ وَاَنْ يَكُوْنَ لَهٗ اَخْذُ مَا كَانَ اُسِرَ مِنْ يَدِهٖ الَّذِيْ وَقَعَ فِيْ سَهْمِهٖ بِقِيْمَتِهٖ كَمَا يَاْخُذُهٗ مِنْ يَدِ مُشْتَرِيْهِ الَّذِيْ ذَكَرْنَا بِثَمَنِهٖ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

حالانکہ یہ دوسرے کے ہاتھ سے قبضے میں گئی تھی تو اس ماسور (مقبوضہ) چیز کا بھی حکم ہوا اور جو کچھ اس کے ہاتھ سے کسی کے قبضہ میں گئی تھی اب اس آدمی سے جس کے حصے میں آئی ہے قیمت دے کر لے سکتا ہے جس طرح وہ خریدنے والے کو قیمت دے کر لے سکتا ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا، یہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۲۳۸ مِيْرَاثُ الْمُرْتَدِّ لِمَنْ هُوَ

مرتد کی وراثت کسے ملے گی

۱۰۴۵ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَرِثُ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ وَلَا الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کافر مسلمان کا اور مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوتا۔

۱۰۴۶ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن وھب فرماتے ہیں حضرت یونس نے ابن شہاب سے نقل کرتے ہوئے مجھے خبر دی انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۰۴۷ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ۔

حضرت عمرو بن عثمان، حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا مسلمان، کافر کا وارث نہیں ہوتا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْمُرْتَدَّ اِذَا قُتِلَ عَلٰى رِدَّتِهٖ اَوْ مَاتَ عَلَيْهَا كَانَ مَالُهٗ لِبَيْتِ مَالِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا مِيْرَاثُهٗ لِوَرَثَتِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ مرتد جب حالتِ ارتداد میں قتل ہو جائے یا مر جائے تو اس کا مال مسلمانوں کے بیت المال میں جائے گا ان حضرات نے اس سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کا مال اس کے مسلمان ورثاء کے لیے ہوگا۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ عَلَى اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى اَنَّ ذٰلِكَ الْكَافِرَ الَّذِىْ عَنَاهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ هٰذَا الْحَدِيْثِ لَمْ يُبَيِّنْ تَنَافِيْهِ اَىَّ كَافِرٍ هُوَ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ هُوَ الْكَافِرُ الَّذِىْ لَهٗ مِلَّةٌ وَيَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ هُوَ الْكَافِرُ كُلُّ كُفْرٍ كَانَ مَا كَانَ مِلَّةً اَوْ غَيْرَ مِلَّةٍ فَلَمَّا احْتَمَلَ ذٰلِكَ لَمْ يَجُزْ اَنْ يُصْرَفَ اِلٰى اَحَدِ الْمَعْنَيَيْنِ دُوْنَ الْاٰخَرِ اِلَّا بِدَلِيْلٍ يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ فَنَظَرْنَا هَلْ فِىْ شَىْءٍ مِّنَ الْاٰثَارِ مَا يَدُلُّ عَلٰى مَا اَرَادَ بِهٖ مِنْ ذٰلِكَ.

پہلے قول والوں کے خلاف ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کافر مراد لیا ہے اس کی وضاحت نہیں فرمائی کہ وہ کون سا کافر ہے ہو سکتا ہے کہ یہ ایسا کافر ہو جس کا کسی ملّت سے تعلق ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ مطلق کافر مراد ہو چاہے اس کا کسی ملّت سے تعلق ہو یا نہ تو جب اس بات کا احتمال ہے تو کسی دلیل کے بغیر اسے کسی ایک معین معنیٰ کی طرف پھیرنا جائز نہیں تو ہم نے دیکھا کہ کیا کوئی ایسی روایت ہے جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد پر دلالت کرتی ہو۔

۱۰۴۸- فَاِذَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَدْ حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَلِىُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَارَثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا يَرِثُ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ.

تو حضرت عمرو بن عثمان، حضرت اسامہ بن زید (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان، کافر کا وارث نہیں ہوتا اور نہ کافر کسی مسلمان کا وارث ہوتا ہے۔

فَلَمَّا جَاءَ هٰذَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا ذَكَرْنَا عَلِمْنَا اَنَّهٗ اَرَادَ الْكَافِرَ ذَا الْمِلَّةِ فَلَمَّا رَاَيْنَا الرِّدَّةَ لَيْسَتْ بِمِلَّةٍ وَرَاَيْنَاهُمْ مُجْمِعِيْنَ اَنَّ الْمُرْتَدِّيْنَ لَا يَرِثُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا لِاَنَّ الرِّدَّةَ لَيْسَتْ بِمِلَّةٍ ثَبَتَ اَنَّ حُكْمَ مِيْرَاثِهِمْ حُكْمُ مِيْرَاثِ الْمُسْلِمِيْنَ.

تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت آئی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ نے صاحب ملّت کافر مراد لیا ہے جب ہم نے دیکھا کہ ارتداد (مرتد ہونا) کوئی دین نہیں اور ہم نے اسی بات پر اجماع بھی پایا کہ مرتد ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے کیونکہ ارتداد کوئی دین نہیں ہے تو ثابت ہوا کہ ان کی وراثت کا حکم، مسلمانوں کی وراثت کے حکم جیسا ہے۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَاَنْتَ لَا تُوَرِّثُهُمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَكَذٰلِكَ لَا تُوَرِّثُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْهُمْ.

اگر کوئی کہنے والا یوں کہے کہ تم انہیں مسلمانوں کا وارث نہیں سمجھتے تو اسی طرح مسلمان بھی ان کے وارث نہیں ہوں گے۔

قِيْلَ لَهٗ مَا فِىْ هٰذَا دَلِيْلٌ لَكَ عَلٰى مَا ذَكَرْتَ لِاَنَّ قَدْ رَاَيْنَا مَنْ يَمْنَعُ الْمِيْرَاثَ بِفِعْلٍ كَانَ مِنْهُ وَلَا يَمْنَعُ ذٰلِكَ الْفِعْلُ اَنْ

تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ اس میں تمہاری بات پر کوئی دلیل نہیں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنے کسی عمل کی وجہ سے وراثت سے محروم ہو جاتا ہے تو وہ اس کے مورث

يُورَثُ ۔

مِنْ ذٰلِكَ اِنَّا رَاَيْنَا الْقَاتِلَ لَا يَرِثُ مَنْ قَتَلَ وَرَاَيْنَا لَوْ جَرَحَ رَجُلًا جَرَاحَةً ثُمَّ مَاتَ الْجَارِحُ ثُمَّ مَاتَ الْمَجْرُوْحُ مِنَ الْجَرَاحَةِ وَالْجَارِحُ اَبُو الْمَجْرُوْحِ اَنَّهُ يَرِثُهُ فَقَدْ صَارَ الْمَقْتُوْلُ يَرِثُ مِمَّنْ قَتَلَهُ وَلَا يَرِثُ الْقَاتِلُ مِمَّنْ قُتِلَ لِاَنَّ الْقَاتِلَ عُوْقِبَ بِقَتْلِهِ فَمُنِعَ الْمِيْرَاثُ مِمَّنْ قَتَلَهُ، وَلَمْ يُمْنَعِ الْمَقْتُوْلُ مِنَ الْمِيْرَاثِ مِمَّنْ جَرَحَهُ الْجَرَاحَةَ الَّتِيْ قَتَلَتْهُ اِذَا كَانَ لَمْ يَفْعَلْ شَيْئًا فَكَذٰلِكَ الْمُرْتَدُّ مُنِعَ مِنْ مِيْرَاثِ غَيْرِهِ عُقُوْبَةً لِمَا اَتَاهُ وَلَمْ يُمْنَعْ غَيْرُهُ مِنَ الْمِيْرَاثِ مِنْهُ اِذْ لَمْ يَكُنْ مِنْهُ مَا يُعَاقَبُ عَلَيْهِ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ قَوْلُ مَنْ يُوَرِّثُ مِنَ الْمُرْتَدِّ وَرَثَتَهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۔

بننے میں رکاوٹ نہیں بنتا۔

اسی سے یہ بات ہے کہ ہم دیکھتے ہیں قاتل مقتول کا وارث نہیں بنتا اور ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی کو زخمی کرتا ہے پھر زخمی کرنے والا مر جاتا ہے پھر وہ زخمی شخص اس زخم کی وجہ سے مر جاتا ہے اور زخمی کرنے والا، اس زخمی کا باپ ہے تو وہ اس کا وارث بن جائے گا تو مقتول اپنے قاتل کا وارث بن جاتا ہے اور قاتل، مقتول کا وارث نہیں بنتا کیونکہ قاتل کو اس کے قتل کرنے کی سزا دی گئی اور یوں وہ مقتول کی وراثت سے محروم ہو گیا لیکن مقتول اس شخص کی وراثت سے محروم نہیں ہوتا جس نے اسے زخم لگایا جس زخم کی وجہ سے وہ مر گیا کیونکہ اس نے کوئی فعل نہیں کیا اسی طرح مرتد کو اس کے عمل کی سزا دیتے ہوئے دوسروں کی وراثت سے محروم رکھا جائے گا لیکن دوسروں کو اس کی وراثت سے محروم نہیں کیا جائے گا کیونکہ اس (دوسرے) نے ایسا کام نہیں کیا جس کی اسے سزا دی جائے اس سے ان لوگوں کا قول ثابت ہو گیا جو مرتد کے مسلمان ورثا کو اس کی وراثت دینے کے قائل ہیں

وَقَدْ رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ اَيْضًا ۔

اس سلسلے میں متقدمین کی ایک جماعت سے بھی روایات آئی ہیں۔

۱۰۴۹ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ جَعَلَ مِيْرَاثَ الْمُسْتَوْرِدِ لِوَرَثَتِهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۔

حضرت ابو عمرو شیبانی، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے مستورد کی وراثت اس کے مسلمان ورثاء کے لیے قرار دی۔

۱۰۵۰ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنِ ابْنِ عُبَيْدِ بْنِ الْاَبْرَصِ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ لِلْمُسْتَوْرِدِ عَلٰى دِيْنٍ مَنْ اَنْتَ قَالَ عَلٰى دِيْنِ عِيْسٰى قَالَ عَلِيٌّ وَاَنَا عَلٰى دِيْنِ عِيْسٰى فَمَنْ رَّبُّكَ فَزَعَمَ الْقَوْمُ اَنَّهُ قَالَ اِنَّهُ رَبُّهُ فَقَالَ اقْتُلُوْهُ وَلَمْ يَتَعَرَّضْ لِمَالِهِ ۔

حضرت ابن عبید بن ابرص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے مستورد سے فرمایا تم کس کے دین پر ہو؟ اس نے کہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دین پر۔ آپ نے فرمایا میں بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دین پر ہوں، (پھر پوچھا) تمہارا رب کون ہے؟ قوم کا خیال ہے کہ اس نے کہا وہ یعنی (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) اس کے رب ہیں تو آپ نے فرمایا اسے قتل کر دو لیکن آپ نے اس کے مال کو نہ چھیڑا۔

۱۰۵۱- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ جُمَيْعٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا مَاتَ الْمُرْتَدُّ وَرِثَهٗ وَلَدُهٗ۔

حضرت قاسم بن عبدالرحمن، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ جب مرتد مرجائے تو اس کی اولاد اس کی وارث ہوتی ہے۔

۱۰۵۲- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ مِيْرَاثُهٗ لِوَرَثَتِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

حضرت حکم بن عتیبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس (مرتد) کی وراثت اس کے مسلمان ورثاء کے لیے ہے۔

۱۰۵۳- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ ثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنْ مِيْرَاثِ الْمُرْتَدِّ فَقَالَ هُوَ لِاَهْلِهٖ۔

حضرت موسیٰ بن ابوکثیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مرتد کی وراثت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا وہ اس کے گھر والوں (ورثاء) کے لیے ہے۔

۱۰۵۴- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنِ الْمُرْتَدِّيْنَ فَقَالَ نَرِثُهُمْ وَلَا يَرِثُوْنَنَا۔

حضرت موسیٰ بن ابوکثیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مرتد لوگوں کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا ہم ان کے وارث ہوں گے لیکن وہ ہمارے نہیں ہوں گے۔

۱۰۵۵- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدَةُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مِثْلَهٗ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت موسیٰ بن ابوکثیر، حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۵۶- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُوْسَى بْنِ الصَّبَّاحِ وَقَالَ مَرَّةً عَنْ اَبِي الصَّبَّاحِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مِثْلَهٗ۔

حضرت موسیٰ بن صباح حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں حضرت شعبہ کبھی "موسیٰ بن صباح" فرماتے اور کبھی "ابن صباح" ذکر کرتے۔

۱۰۵۷- حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْمُرْتَدِّ يَلْحَقُ بِدَارِ الْحَرْبِ قَالَ مَالُهٗ بَيْنَ وَلَدِهٖ مِنَ

حضرت اشعث، حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے پہلے ایسے مرتد کے بارے میں جو دارالحرب میں چلا جائے، نقل کرتے ہیں کہ قرآن پاک کے مطابق اس کا مال

الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ۔

۱۰۵۸۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدَةُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ الْحَسَنَ قَالَ مِيْرَاثُهُ لِوَارِثِهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِذَا ارْتَدَّ عَنِ الْاِسْلَامِ۔

فَهٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ ذَكَرْنَا قَدْ جَعَلُوْا مِيْرَاثَ الْمُرْتَدِّ لِوَرَثَتِهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ شَدَّ ذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهِمْ مَا قَدْ وَصَفْنَاهُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ مِمَّا يُوْجِبُهُ النَّظَرُ۔

وَفِيْ ذٰلِكَ حُجَّةٌ اُخْرٰى مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ اَيْضًا وَهِيَ اَنَّا رَاَيْنَاهُمْ قَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ الْمُرْتَدَّ قَبْلَ رِدَّتِهِ مَحْظُوْرٌ دَمُهُ وَمَالُهُ ثُمَّ اِذَا ارْتَدَّ فَكُلٌّ قَدْ اَجْمَعُوْا اَنَّ الْحَظْرَ الْمُتَقَدِّمَ قَدِ ارْتَفَعَ عَنْ دَمِهٖ وَصَارَ دَمُهُ مُبَاحًا وَمَالُهُ مَحْظُوْرٌ فِيْ حَالَةِ الرِّدَّةِ بِالْحَظْرِ الْمُتَقَدِّمِ وَقَدْ رَاَيْنَا الْحَرْبِيِّيْنَ حُكْمُ دِمَائِهِمْ وَحُكْمُ اَمْوَالِهِمْ سَوَاءٌ قُتِلُوْا اَوْ لَمْ يُقْتَلُوْا فَلَمْ يَكُنِ الَّذِيْ يَحِلُّ بِهٖ اَمْوَالُهُمْ هُوَ الْقَتْلُ بَلْ كَانَ الْكُفْرُ وَكَانَ الْمُرْتَدُّ لَا يَحِلُّ مَالُهُ بِكُفْرِهٖ فَلَمَّا ثَبَتَ اَنَّ مَالَهُ لَا يَحِلُّ بِكُفْرِهٖ ثَبَتَ اَنَّهُ لَا يَحِلُّ بِقَتْلِهٖ۔

وَقَدْ رَاَيْنَا اَمْوَالَ الْحَرْبِيِّيْنَ تَحِلُّ بِالْغَنَائِمِ فَتُمْلَكُ بِهَا وَرَاَيْنَا مَا وَقَعَ مِنْ اَمْوَالِهِمْ فِيْ دَارِنَا مَلَكْنَاهُ عَلَيْهِمْ وَغَنِمْنَاهُ بِالدَّارِ وَاِنْ لَمْ نَقْتُلْهُمْ فَلَمَّا كَانَ مَالُ الْمُرْتَدِّ غَيْرَ مَغْنُوْمٍ بِرِدَّتِهٖ كَانَ فِي النَّظَرِ اَيْضًا غَيْرَ مَغْنُوْمٍ بِسَفْكِ دَمِهٖ فَلَمَّا ثَبَتَ اَنَّ مَالَهُ لَا يَدْخُلُ فِيْ حُكْمِ الْغَنَائِمِ لَمْ يَخْلُ مِنْ اَحَدٍ

اس کی مسلمان اولاد کے درمیان تقسیم کیا جائے۔

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب وہ اسلام سے پھر جائے تو اس کی وراثت اس کے مسلمان ورثاء کے لیے ہوگی۔

تو یہ حضرات جن کا ہم نے ذکر کیا ہے مرتد کی وراثت اس کے مسلمان ورثاء کے لیے قرار دیتے ہیں اور ان کے اس قول کو جو ہم نے اس باب میں بیان کیا اس بات سے بھی تقویت حاصل ہوتی ہے جو قیاس سے واجب ہوتا ہے۔

اس سلسلے میں غور و فکر اور قیاس کے طریقے پر بھی دلیل پائی جاتی ہے وہ یوں کہ مرتد ہو جاتا ہے تو بالاتفاق اس کے خون کی وہ حرمت جو پہلے کی طرح محفوظ و محترم ہوتا ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ حربی کفار کی جانوں اور مالوں کا حکم برابر ہوتا ہے وہ قتل کیے جائیں یا قتل نہ کیے جائیں ان کے مال قتل کی وجہ سے نہیں بلکہ کفر کی وجہ سے حلال ہوتے ہیں جبکہ مرتد کا مال اس کے کفر کی وجہ سے حلال نہیں ہوتا تو جب ثابت ہو گیا کہ اس کا مال اس کے کفر کی وجہ سے حلال نہیں ہوتا تو ثابت ہوا کہ وہ اس کے قتل سے بھی حلال نہیں ہوتا۔

اور ہم دیکھتے ہیں کہ اہل حرب کا مال غنیمت بن جانے کی وجہ سے حلال ہو جاتا ہے اور اس کی ملکیت حاصل ہو جاتی ہے اور ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ ان کا جو مال ہمارے ملک میں آجاتا ہے ہم اس کے مالک ہو جاتے ہیں اور اسے اپنے ملک میں غنیمت بنا لیتے ہیں اگرچہ ہم ان کو قتل نہیں کرتے تو جب مرتد کا مال اس کے ارتداد کی وجہ سے مال غنیمت نہیں بنتا، تو قیاس کا تقاضا ہے کہ اس کا خون بہانے کے سبب سے بھی اس کا مال غنیمت نہ بنے لہٰذا

وَجْهَيْنِ إِمَّا أَنْ يَرِثَهُ وَرَثَتُهُ الَّذِينَ يَرِثُونَهُ لَوْ مَاتَ عَلَى الْإِسْلَامِ أَوْ يَصِيرُ لِلْمُسْلِمِينَ فَإِنْ صَارَ لِوَرَثَتِهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَهُوَ مَا قُلْنَا وَإِنْ صَارَ لِجَمِيعِ الْمُسْلِمِينَ فَقَدْ وَرِثَ الْمُسْلِمُونَ مُرْتَدًّا۔

فَلَمَّا كَانَ الْمُرْتَدُّ فِي حَالِ مَنْ يَرِثُهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَلَمْ يَخْرُجْ بِرِدَّتِهِ مِنْ ذٰلِكَ كَانَ الَّذِينَ يَرِثُونَهُ هُمْ وَرَثَتُهُ الَّذِينَ كَانُوا يَرِثُونَهُ لَوْ مَاتَ فِي الْإِسْلَامِ لَا غَيْرُهُمْ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ وَإِنَّمَا زَالَ مِلْكُ الْمُرْتَدِّ بِاللُّحُوقِ بِدَارِ الْحَرْبِ لِخُرُوجِهِ مِنْ دَارِنَا إِلَى دَارِ الْحَرْبِ عَلَى طَرِيقِ الْاِسْتِحْقَاقِ مَعَ كَوْنِهِ مُقَاتِلًا لَنَا مُبَاحَ الدَّمِ فِي دَارِنَا بِدَلِيلِ الْحَرْبِيِّ يَدْخُلُ إِلَيْنَا إِذَا عَادَ إِلَى دَارِ الْحَرْبِ وَخَلَّفَ مَالًا هٰهُنَا لَمْ يَزَلْ عَنْهُ مِلْكُهُ مَعَ وُجُودِ هٰذَا وَلَمْ يَخْرُجْ مُسْتَحِقًّا لِأَنَّهُ فِي أَمَانِنَا إِلَى أَنْ يَدْخُلَ دَارَ الْحَرْبِ۔

جب ثابت ہوا کہ اس کا مال غنیمتوں کے حکم میں داخل نہیں ہے تو وہ دو صورتوں سے خالی نہیں یا تو اس کے ورثا کو وراثت ملے گی جو اس کے حالتِ اسلام میں فوت ہونے کی وجہ سے وارث بنتے ہیں یا عام مسلمانوں کے لیے ہو جائے گا اگر وہ اس کے مسلمان ورثا کو ملے تو وہی بات ہے جو ہم نے کہی ہے اور اگر عام مسلمان اس کے وارث بن جائیں تو یہی مسلمان مرتد کے وارث ہو گئے۔

تو جب مرتد اس شخص کی طرح ہے جس کی وراثت اس کے مسلمان ورثاء کو حاصل ہوتی ہے اور وہ مرتد ہونے کی وجہ سے اس حکم سے خارج نہیں ہوتا تو اس کے ورثاء وہی لوگ ہوں گے جو اس صورت میں وارث ہو جاتے جب وہ حالتِ اسلام میں فوت ہوتا دوسرے لوگ وارث نہ ہوں گے یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے مرتد کے دارالحرب میں چلے جانے سے اس کی ملک اس لیے زائل ہو جاتی ہے کیونکہ وہ بطور استحقاق ہمارے ملک سے نکل کر دارالحرب میں چلا گیا حالانکہ ہمارے ملک میں ہم سے لڑنے کی وجہ سے اس کا خون مباح تھا۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ اگر کوئی حربی کافر ہمارے ملک میں آئے پھر دارالحرب طرف لوٹ جائے اور یہاں مال چھوڑ جائے تو اس کے باوجود اس کی ملکیت زائل نہ ہو گی کیونکہ وہ دارالحرب کا مستحق ہو کر نہیں نکلا اس لیے کہ وہ دارالحرب میں داخل ہونے تک ہماری حفاظت میں ہے۔

باب ۲۳۹ إِحْيَاءِ الْأَرْضِ الْمَيْتَةِ

غیر آباد زمین کو آباد کرنا

۱۰۵۹۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو بَكْرِ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ ثَنَا سَعِيدٌ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَاطَ حَائِطًا عَلَى أَرْضٍ فَهِيَ لَهُ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی زمین کے گرد دیوار بنا لے وہ اسی کے لیے ہے (یعنی ایسی زمین جو کسی کی ملک بس نہ ہو)

۱۰۶۰۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ

حضرت کثیر بن عبداللہ اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ثنا كثير بن عبد الله عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احيى ارضا مواتا من ارض فهي له وليس لعرق ظالم حق.

۱۰۶۱ - حدثنا ابن ابي داؤد قال ثنا محمد بن المنهال قال ثنا يزيد بن زريع عن سعيد بن ابي عروبة عن قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احاط على شيء فهو له.

قال ابوجعفر فذهب ذاهبون الى ان من احيى ارضا ميتة فهي له اذن له الامام في ذلك او لم ياذن وجعلها له الامام او لم يجعلها له واحتجوا في ذلك بهذه الآثار.

وممن ذهب الى ذلك ابو يوسف و محمد بن الحسن رحمة الله عليهما وقالوا لما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احيى ارضا ميتة فهي له فقد جعل حكم احياء ذلك الى من احب فلا امر للامام في ذلك وقالوا قد دلت على هذا ايضا شواهد النظر.

الا ترى ان الماء الذي في البحار والانهار من اخذ منه شيئا ملكه باخذه اياه وان لم يأمره الامام باخذه ويجعله له وكذلك الصيد من اصطاده فهو له ولا يحتاج في ذلك الى اباحة من الامام ولا الى تمليك والامام في ذلك وسائر الناس سواء قالوا فكذلك الارض الميتة التي لا ملك لاحد عليها فهي كالطير الذي ليس بمملوك فمن اخذ من ذلك شيئا فهو له باخذه اياه ولا يحتاج في ذلك الى امر

جس نے کسی مردہ (بنجر) زمین کو آباد کیا وہ اسی کے لیے ہے اور ظالم کے پسینے کا کوئی حق نہیں۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی چیز (زمین) پر دیوار کھینچ لی وہ اسی کے لیے ہے۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں بعض حضرات اسی بات کی طرف گئے ہیں کہ جس نے کسی غیر آباد زمین کو آباد کیا وہ اسی کی ہوگی اس سلسلے میں امام اسے اجازت دے یا نہ دے امام اسے اس شخص کے لیے مختص کرے یا نہ کرے، ان حضرات نے اس سلسلے میں ان احادیث سے استدلال کیا ہے۔

اس بات کے قائلین میں حضرت امام ابو یوسف اور حضرت امام محمد رحمہما اللہ بھی شامل ہیں یہ حضرات فرماتے ہیں کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے غیر آباد زمین کو آباد کیا وہ اسی کے لیے ہوگی تو آپ نے اسے آباد کرنے کا اختیار ہر شخص کو دیا جو اسے پسند کرے لہذا اس میں امام کا اختیار نہیں یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اس پر قیاس کے شواہد بھی دلالت کرتے ہیں۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ سمندروں اور دریاؤں کے پانی سے اگر کوئی شخص کچھ پانی حاصل کرے تو وہ اس کے لینے سے مالک ہو جاتا ہے اگرچہ امام نے اسے لینے کا حکم نہ دیا ہو اور نہ اس کے لیے ... اسی طرح اگر کوئی شخص شکار کرتا ہے تو وہ اسی کا ہوتا ہے اور ... میں امام کی طرف سے مباح قرار دینے اور مالک بنانے کا محتاج نہیں ہوتا بلکہ اس سلسلے میں امام اور دوسرے لوگ برابر ہیں یہ حضرات فرماتے ہیں کہ غیر مملوکہ بے آباد زمین کا حکم بھی یہی ہے کہ وہ غیر مملوک پرندے کی طرح ہے کہ جو شخص اسے حاصل کرتا ہے وہ محض اس کے پکڑنے سے اس کا مالک ہو جاتا ہے اور اس سلسلے میں وہ امام کے حکم یا تملیک کا محتاج نہیں ہوتا جس طرح وہ

مِنَ الْاِمَامِ وَلَا اِلٰی تَمْلِیْکِهٖ کَمَا لَا یَحْتَاجُ اِلٰی ذٰلِكَ مِنْهُ فِی الْمَآءِ وَالصَّیْدِ الَّذِیْنَ ذَکَرْنَا۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ مِنْهُمْ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ فَقَالُوْا لَا یَکُوْنُ الْاَرْضُ تُحْیٰی اِلَّا بِاَمْرِ الْاِمَامِ فِیْ ذٰلِكَ لِمَنْ یُحْیِیْهَا وَ جَعَلَهَا لَهٗ وَقَالُوْا لَیْسَ مَا رُوِیَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا ذُکِرَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ بِدَافِعٍ لِمَا قُلْنَا لِاَنَّ ذٰلِكَ الْاِحْیَآءَ الَّذِیْ جَعَلَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاَرْضَ لِلَّذِیْ اَحْیَاهَا فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ لَمْ یُفَسِّرْ لَنَا مَا هُوَ فَقَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَکُوْنَ هُوَ مَا فَعَلَ مِنْ ذٰلِكَ بِاَمْرِ الْاِمَامِ فَیَکُوْنُ قَوْلُهٗ مَنْ اَحْیٰی اَرْضًا مَّیْتَةً فَهِیَ لَهٗ اَیْ مَنْ اَحْیَاهَا عَلٰی شَرَائِطِ الْاِحْیَآءِ فَهِیَ لَهٗ وَمِنْ شَرَائِطِهٖ تَحْظِیْرُهَا وَاِذْنُ الْاِمَامِ لَهٗ فِیْهَا وَ تَمْلِیْکُهٗ اِیَّاهَا فَقَدْ یَجُوْزُ اَنْ یَکُوْنَ هٰذَا هُوَ مَعْنَی الْحَدِیْثِ وَیَجُوْزُ اَنْ یَکُوْنَ عَلٰی مَا تَاَوَّلَهٗ اَبُوْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمَا اِلَّا اَنَّهٗ لَا یَجُوْزُ اَنْ یُّقْطَعَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْقَوْلِ اَنَّهٗ اَرَادَ مَعْنًی اِلَّا بِالتَّوْقِیْفِ مِنْهُ اَوْ بِاِجْمَاعٍ مِمَّنْ بَعْدَهٗ اَنَّهٗ اَرَادَ ذٰلِكَ الْمَعْنٰی۔

فَنَظَرْنَا اِذْ لَمْ نَجِدْ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ حُجَّةً لِاَحَدِ الْفَرِیْقَیْنِ فِیْ غَیْرِهٖ مِنَ الْاَحَادِیْثِ هَلْ فِیْهَا مَا یَدُلُّ عَلٰی شَیْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ۔

فَاِذَا یُوْنُسُ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

پانی اور شکار کے سلسلے میں محتاج نہیں ہوتا جن کا ہم نے ذکر کیا ہے۔

لیکن اس سلسلے میں دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کی ہے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بھی ان میں شامل ہیں وہ فرماتے ہیں زمین کو حکمران کے حکم سے آباد کیا جا سکتا ہے اور یہ اسی کے لیے ہوگی جو اسے آباد کرے اور حکمران اس زمین کو اس کے لیے قرار دے یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اس سلسلے میں جو کچھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے وہ ہماری بات کی نفی نہیں کرتا کیونکہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں جس آباد کاری کی بنیاد پر اس زمین کو آباد کرنے والے کے لیے قرار دیا ہے اس کی وضاحت نہیں فرمائی کہ وہ کیا ہے ہو سکتا ہے اس سے مراد وہ زمین ہو جو حکمران کے حکم سے آباد کی ہیں آپ کے ارشاد گرامی کہ "جس نے مردہ زمین کو آباد کیا وہ اسی کے لیے ہے" کا مطلب یہ ہوگا کہ جو آباد کرنے کی شرائط کے مطابق آباد کرے، اور اس کی شرائط میں سے اس کا کسی کے تصرف میں نہ ہونا، حکمران کی اجازت اور اس کا اس شخص کو مالک بنانا ہے تو ہو سکتا ہے حدیث کا یہی مفہوم ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحہم اللہ کی تاویل کے مطابق ہو البتہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ آپ نے اس سے فلاں معنیٰ مراد لیا ہے جب تک ہمیں آپ کی طرف سے آگاہی حاصل نہ ہو یا آپ کے بعد والوں کا اس بات پر اجماع نہ ہو کہ آپ نے فلاں معنی مراد لیا ہے۔

تو جب ہم اس حدیث میں کسی ایک فریق کے لیے بھی دلیل نہیں پاتے تو ہم نے دوسری احادیث کو دیکھا کہ کیا ان میں اس بات پر دلالت کرنے والی کوئی بات ہے۔

تو حضرت ابن عباس، حضرت صعب بن جثامہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی

يَقُوْلُ لَاحِمٰى اِلَّا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

۱۰۶۳۔ **حَدَّثَنَا** يَزِيْدُ وَابْنُ اَبِىْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِىْ رَبِيْعَةَ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ الْبَقِيْعَ وَقَالَ لَاحِمٰى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ۔

۱۰۶۴۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِىْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَلِىُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاحِمٰى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ۔

فَلَمَّا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاحِمٰى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَالْحِمٰى مَا حُمِىَ مِنَ الْاَرْضِ دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ حُكْمَ الْاَرْضِيْنَ اِلَى الْاَئِمَّةِ لَا اِلٰى غَيْرِهِمْ وَاَنَّ حُكْمَ ذٰلِكَ غَيْرُ حُكْمِ الصَّيْدِ۔

وَقَدْ بَيَّنَّا مَا يَحْتَمِلُهُ الْاَثَرُ الْاَوَّلُ فَكَانَ الْاَوْلٰى مِنَ الْاَشْيَاءِ بِنَا اَنْ نَحْمِلَ وَجْهَهٗ عَلٰى مَا يُخَالِفُ هٰذَا الْاَثَرَ الثَّانِىَ

وَاَمَّا مَا يَدْخُلُ لِاَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ ذٰلِكَ مِنْ جِهَةِ النَّظَرِ مِمَّا يُفَرِّقُ بِهٖ بَيْنَ الْاَرْضِ الْمَوَاتِ وَبَيْنَ مَاءِ الْاَنْهَارِ وَالصَّيْدِ اِنَّا رَاَيْنَا الصَّيْدَ وَمَاءَ الْاَنْهَارِ لَا يَجُوْزُ لِلْاِمَامِ تَمْلِيْكُ ذٰلِكَ اَحَدًا وَرَاَيْنَاهُ لَوْ مَلَّكَ رَجُلًا اَرْضًا مَيْتَةً ثُمَّ مَلَّكَهَا لِرَجُلٍ اٰخَرَ جَازَ وَكَذٰلِكَ لَوِ احْتَاجَ الْاِمَامُ اِلٰى بَيْعِهَا فِىْ نَائِبَةٍ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَازَ بَيْعُهٗ لَهَا وَلَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ

کے لیے چراگاہ نہیں۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنت البقیع کو حرم قرار دیا اور فرمایا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کے لیے چراگاہ نہیں ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر چراگاہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے۔

توجب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کے لیے کوئی چراگاہ نہیں اور چراگاہ سے مراد وہ زمین ہے جسے محفوظ کیا گیا ہو تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ زمینوں کا اختیار حکمرانوں کو حاصل ہے دوسروں کو نہیں اور اس کا حکم، شکار کے حکم کے خلاف ہے۔

پہلی روایت میں جس بات کا احتمال ہے ہم نے اسے بیان کر دیا اور سب سے بہتر بات یہ ہے کہ ہم اسے اس بات پر محمول کریں

جو اس دوسری روایت کے خلاف نہ ہو حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی طرف اس سلسلے میں جو بات بطور قیاس پائی جاتی ہے کہ غیر آباد زمینوں اور نہروں کے پانی یا شکار کے درمیان فرق کیا جاتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ امام کے لیے کسی کو شکار یا نہروں کے پانی کا مالک بنانا جائز نہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ اگر وہ کسی شخص کو مردہ زمین کا مالک بنائے پھر کسی دوسرے شخص کو اس کا مالک بنائے تو جائز ہے اسی طرح اگر امام مسلمانوں کے مفادات میں اسے بیچنے کی ضرورت محسوس کرے تو اس کے لیے بیچنا جائز ہے لیکن نہر کے

فِیْ مَآءِ نَھْرٍ وَلَا فِیْ صَیْدِ بَرٍّ وَّلَا بَحْرٍ فَلَمَّا کَانَ ذٰلِکَ اِلَی الْاِمَامِ فِی الْاَرْضِیْنَ دَلَّ ذٰلِکَ اَنَّ حُکْمَھَا اِلَیْہِ وَاَنَّھَا فِیْ یَدِہٖ کَسَائِرِ الْاَمْوَالِ الَّتِیْ فِیْ یَدِہٖ لِلْمُسْلِمِیْنَ لَا رَدَّ لَھَا بِعَیْنِہٖ وَلَا یَمْلِکُھَا اَحَدٌ بِاَخْذِہٖ اِیَّاھَا حَتّٰی یَکُوْنَ الْاِمَامُ یُمَلِّکُھَا اِیَّاہُ عَلٰی حُسْنِ النَّظْرِ مِنْہُ لِلْمُسْلِمِیْنَ وَلَمَّا کَانَ الصَّیْدُ وَالْمَآءُ لَیْسَ اِلَی الْاِمَامِ بَیْعُھُمَا وَلَا تَمْلِیْکُھُمَا اَحَدًا کَانَ الْاِمَامُ فِیْھِمَا کَسَائِرِ النَّاسِ وَکَانَ مِلْکُھُمَا یَجِبُ بِاَخْذِھِمَا دُوْنَ الْاِمَامِ فَثَبَتَ بِذٰلِکَ مَا ذَھَبَ اِلَیْہِ اَبُوْحَنِیْفَۃَ لِمَا وَصَفْنَا مِنَ الْاٰثَارِ وَالدَّلَائِلِ الَّتِیْ ذَکَرَ۔

پانی یا خشکی اور سمندر کے شکار کے سلسلے میں یہ بات جائز نہیں تو جب زمینوں کے سلسلے میں یہ اختیار حکمران کو حاصل ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ ان (زمینوں) کا حکم حکمران کے اختیار میں ہے اور یہ زمینیں اس کے قبضے میں مسلمانوں کے ان دیگر اموال کی طرح ہیں جو حکمران کے قبضے میں ہیں اسے معین طور پر کوئی رد نہیں کرسکتا اور نہ ہی کوئی شخص اسے لے کر اس کا مالک بن سکتا ہے جب تک کہ حکمران مسلمانوں کی بھلائی دیکھتے ہوئے اسے اس کا مالک نہ بنا دے تو جب حکمران شکار اور پانی کو بیچ نہیں سکتا اور نہ ہی کسی کو ان کا مالک بنا سکتا ہے تو ان دونوں چیزوں کے معاملے میں حکمران دوسرے لوگوں کی طرح ہے اور ان دو چیزوں کو حاصل کرنے سے ان کی ملکیت واجب ہو جاتی ہے اس میں حکمران کا دخل نہیں ہوتا ہم نے روایات کا جو مفہوم بیان کیا اور جو دلائل ذکر کئے ہیں ان سے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ ...

۱۰۶۵- فَاِنِ احْتَجَّ مُحْتَجٌّ فِیْ ذٰلِکَ بِمَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ اَنَّ مَالِکًا وَیُوْنُسَ بْنَ زَیْدٍ اَخْبَرَاہُ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ مَنْ اَحْیٰی اَرْضًا مَیْتَۃً فَھِیَ لَہٗ وَذٰلِکَ اَنَّ رِجَالًا کَانُوْا یَتَحَجَّرُوْنَ مِنَ الْاَرْضِ۔

اگر کوئی شخص حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کرے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس نے مردہ زمین کو زندہ کیا وہ اسی کے لیے ہے آپ نے یہ بات اس لیے فرمائی کہ لوگ زمین کو (ارد گرد پتھر لگا کر) روک لیتے تھے۔

۱۰۶۶- حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرَۃَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ اَبِی الْوَزِیْرِ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عُمَرَ مِثْلَہٗ۔

حضرت سفیان، حضرت زہری سے وہ حضرت سالم سے وہ اپنے والد سے اور وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

قِیْلَ لَہٗ لَا حُجَّۃَ لَکَ فِیْ ھٰذَا وَمَعْنٰی ھٰذَا عِنْدَنَا عَلٰی مَا ذَکَرْنَاہُ مِنْ مَعْنٰی قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْیٰی اَرْضًا مَیْتَۃً فَھِیَ لَہٗ۔

اس استدلال کرنے والے شخص کو جواب دیا جائے گا کہ اس میں تمہارے لیے کوئی دلیل نہیں اور ہمارے نزدیک اس کا مفہوم وہی ہے جو ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کے ضمن میں ذکر کیا جس میں آپ نے فرمایا جس نے بے آباد زمین کو آباد کیا وہ اسی کے لیے ہے۔

۱۰۶۷- قَدْ رُوِیَ عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ غَیْرِ ھٰذَا الْحَدِیْثِ مَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ مُرَادَہٗ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ ھُوَ مَا ذَکَرْنَاہُ۔

اس حدیث کے علاوہ بھی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس حدیث سے وہی معنی مراد ہے جو ہم نے ذکر کیا۔

۱۰۶۸- حَدَّثَنَا اَبُوْبِشْرٍ الرَّقِّیُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْمُعَاوِیَۃَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیِّ عَنْ مُحَمَّدٍ

حضرت محمد بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں بصرہ والوں میں سے ایک شخص جسے ابوعبداللہ کہا جاتا تھا۔

بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ يُقَالُ لَهٗ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ اِلٰى عُمَرَ فَقَالَ اِنَّ بِاَرْضِ الْبَصْرَةِ اَرْضًا لَا تَضُرُّ بِاَحَدٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَلَيْسَتْ مِنْ اَرْضِ الْخَرَاجِ فَاِنْ شِئْتَ اَنْ تَقْطَعَنِيْهَا اَتَّخِذُهَا قَضْبًا وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا فِيْ نَخِيْلِيْ فَافْعَلْ فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ اَخَذَ الْفَلَايَا بِاَرْضِ الْبَصْرَةِ قَالَ فَكَتَبَ عُمَرُ اِلٰى اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اِنْ كَانَتْ حِمًى فَاَقْطِعْهَا اِيَّاهُ.

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے کہا کہ بصرہ کی سرزمین میں ایک جگہ ایسی ہے اگر آپ چاہیں تو اسے میرے لیے مختص کر دیں میں اس میں سبزی، زیتون اور کھجوریں لگا لوں گا تو یہ پہلا شخص تھا جس نے سرزمین بصرہ میں جنگل کو حاصل کیا راوی کہتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ اگر وہ جگہ چراگاہ ہے تو اسے اس شخص کے لیے مختص کر دیں۔

اَفَلَا تَرٰى اَنَّ عُمَرَ لَمْ يَجْعَلْ لَهٗ اَخْذَهَا وَلَا جَعَلَ لَهٗ مِلْكَهَا اِلَّا بِاِقْطَاعِ خَلِيْفَتِهٖ ذٰلِكَ الرَّجُلَ اِيَّاهَا وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَكَانَ يَقُوْلُ لَهٗ وَمَا حَاجَتُكَ اِلٰى اِقْطَاعِيْ اِيَّاكَ لِاَنَّ لَكَ اَنْ تُحْيِيَهَا دُوْنِيْ وَتَعْمُرَهَا فَتَمْلِكُهَا فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْاِحْيَاءَ عِنْدَ عُمَرَ هُوَ مَا اَذِنَ الْاِمَامُ فِيْهِ لِلَّذِيْ يَتَوَلَّاهُ وَمَلَّكَهٗ اِيَّاهُ.

کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے لیے اس کا لینا اور مالک بننا، خلیفہ کی تقسیم کے بغیر جائز قرار نہیں دیا اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ فرماتے کہ میری تقسیم کی کیا ضرورت ہے کیونکہ تم میری اجازت کے بغیر بھی اسے آباد کر سکتے ہو پس تم اس کے مالک ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے نزدیک یہ اس کے لیے ہو گی جسے حکمران اس کا اختیار دے گا اور مالک بنائے گا۔

۱۰۶۹۔ وَقَدْ دَلَّ ذٰلِكَ اَيْضًا مَا حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَزْهَرُ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ لَنَا رِقَابُ الْاَرْضِ.

یہ حدیث بھی اس بات پر دلالت کرتی ہے حضرت محمد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا زمین کی ملکیت ہمارے اختیار میں ہے

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ رِقَابَ الْاَرَضِيْنَ كُلَّهَا اِلٰى اَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّهَا لَا تَخْرُجُ مِنْ اَيْدِيْهِمْ اِلَّا بِاِخْرَاجِهِمْ اِيَّاهَا اِلٰى مَا رَاَوْا عَلٰى حُسْنِ النَّظَرِ مِنْهُمْ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْ عِمَارَةِ بِلَادِهِمْ وَصَلَاحِهَا فَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ.

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ اس بات پر دلالت ہے کہ تمام زمینوں کی ملکیت مسلمان حکمرانوں کو حاصل ہے ان کے ہاتھ سے یہ زمین اسی وقت نکلے گی جب وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس کی آبادکاری اور بہتری کے لیے مسلمانوں کے حوالے کریں یہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۲۴ اِنْزَاءِ الْحَمِيْرِ عَلَى الْخَيْلِ

گھوڑی کو گدھے سے جفتی کرانا

۱۰۷۰۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ اَبِيْ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خچر بطور تحفہ پیش کی گئی صحابہ کرام نے عرض کیا اگر ہم گھوڑی کو گدھے

ثَنَا زِرٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَغْلَةٌ فَرَكِبَهَا فَقَالَ لَوْ حَمَلْنَا الْحَمِيْرَ عَلَى الْخَيْلِ لَكَانَ لَنَا مِثْلُ هٰذِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۔

سے جفتی کرائیں تو ہمارے لیے بھی اس کی طرح (خچر) ہو جائے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کام وہ لوگ کرتے ہیں جو بے علم ہیں۔

۱۰۷۱۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ ثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عُثْمَانَ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

حضرت عثمان بن علقمہ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۷۲۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ جَهْضَمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا اخْتَصَّنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ دُوْنَ النَّاسِ اِلَّا بِثَلَاثٍ اِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ وَاَنْ لَّا نَاْكُلَ الصَّدَقَةَ وَاَنْ لَا نُنْزِيَ الْحُمُرَ عَلَى الْخَيْلِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دوسرے حضرات سے صرف تین باتوں کے ساتھ خاص کیا مکمل وضو کرنا، صدقہ نہ کھانا اور گھوڑی کو گدھے سے جفتی نہ کرنا

فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذَا فَكَرِهُوْا اِنْزَاءَ الْحُمُرِ عَلَى الْخَيْلِ وَحَرَّمُوْا ذٰلِكَ وَمَنَعُوْا مِنْهُ وَاحْتَجُّوْا بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔

ایک جماعت اسی بات کی طرف گئی ہے وہ گھوڑی کو گدھے سے جفتی کرنا مکروہ جانتے ہیں انہوں نے حرام قرار دیا اور اس سے روکا ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَلَمْ يَرَوْا بِذٰلِكَ بَاْسًا۔

لیکن دوسرے حضرات اس سلسلے میں مخالفت کرتے ہوئے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھے

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ ذٰلِكَ لَوْ كَانَ مَكْرُوْهًا لَكَانَ رُكُوْبُ الْبِغَالِ مَكْرُوْهًا لِاَنَّهٗ لَوْلَا رَغْبَةُ النَّاسِ فِي الْبِغَالِ وَرُكُوْبِهِمْ اِيَّاهَا لَمَا اُنْزِيَتِ الْحُمُرُ عَلَى الْخَيْلِ۔

اس سلسلے میں ان کی دلیل یہ ہے کہ اگر یہ کام ناپسند ہوتا تو خچر پر سوار ہونا بھی مکروہ ہوتا کیونکہ اگر لوگوں کو خچروں اور ان پر سواری کی رغبت نہ ہوتی تو گھوڑیوں کو گدھوں سے جفتی نہ کرایا جاتا

اَلَا تَرٰى اَنَّهٗ لَمَّا نَهٰى عَنْ اِخْصَاءِ

کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب انسانوں کو خصی کرنے سے منع

بَنِيْ اٰدَمَ كُرِهَ بِذٰلِكَ اِتِّخَاذُ الْخُصْيَانِ لِاَنَّ فِيْ اِتِّخَاذِهِمْ مَا يَحْمِلُ مِنْ تَخْصِيْصِهِمْ عَلٰى اِخْصَائِهِمْ لِاَنَّ النَّاسَ اِذَا تَحَامَوْا اِتِّخَاذَهُمْ لَمْ يَرْغَبْ اَهْلُ الْفِسْقِ فِيْ اِخْصَائِهِمْ۔

کیا گیا تو اس سے خصی لوگوں (غلاموں) کو حاصل کرنا مکروہ ہوگیا کیونکہ انہیں حاصل کرنے میں لوگوں کو خصی کرنے کی رغبت ہوتی اس لیے کہ جب لوگ انہیں حاصل کرنے سے پرہیز کریں تو فاسق و فاجر لوگ ان کو خصی کرنے میں رغبت نہیں کرتے۔

۱۰۷۳- وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْقَوَارِيْرِيُّ قَالَ ثَنَا عَفِيْفُ بْنُ سَالِمٍ قَالَ ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عِيْسَى الذَّهَبِيُّ قَالَ اُتِيَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بِخَصِيٍّ فَكَرِهَ اَنْ يَّبْتَاعَهٗ وَقَالَ مَا كُنْتُ لِاُعِيْنَ عَلَى الْاِخْصَاءِ فَكُلُّ شَيْءٍ فِيْ تَرْكِ كَسْبِهٖ تَرْكٌ لِبَعْضِ اَهْلِ الْمَعَاصِيْ لِمَعْصِيَتِهِمْ فَلَا يَنْبَغِيْ كَسْبُهٗ فَلَمَّا اُجْمِعَ عَلٰى اِبَاحَةِ اِتِّخَاذِ الْبِغَالِ وَرُكُوْبِهَا دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّ النَّهْيَ الَّذِيْ فِي الْاٰثَارِ الْاُوَلِ لَمْ يُرِدْ بِهِ التَّحْرِيْمَ وَلٰكِنَّهٗ اُرِيْدَ بِهٖ مَعْنًى اٰخَرَ۔

حضرت علاء بن عیسیٰ ذہبی فرماتے ہیں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس ایک خصی لایا گیا تو آپ نے اس کو خریدنا ناپسند فرمایا اور ارشاد فرمایا میں خصی کرنے کے عمل کو پسند نہیں کرتا جس چیز کے کسب کو چھوڑنے سے بعض گناہگاروں کو چھوڑنا لازم آئے اس کا کسب مناسب نہیں تو جب خچر میں رکھنے اور ان پر سواری کرنے پر اتفاق ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ پہلی روایت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حرام کرنے کا ارادہ نہیں فرمایا بلکہ آپ نے کسی دوسری بات کا ارادہ فرمایا۔

۱۰۷۴- فَمِمَّا رُوِيَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رُكُوْبِ الْبِغَالِ مَا قَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا الْقَوَارِيْرِيُّ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِّلْبَرَاءِ يَا اَبَا عُمَارَةَ وَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا وَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ وَلّٰى سَرْعَانُ النَّاسِ تَلَقَّتْهُمْ هَوَازِنُ بِالنَّبْلِ وَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَاَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ اٰخِذٌ بِلِجَامِهَا وَهُوَ يَقُوْلُ اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ۔

خچر پر سواری کے سلسلے میں رسول اکرم [illegible] سے مروی روایات میں سے یہ روایت [illegible] مروی ہے وہ فرماتے ہیں ایک شخص نے حضرت براء [illegible] سے کہا اے ابو عمارہ! تم لوگ غزوۂ حنین [illegible] تو انہوں نے جواب دیا اللہ کی قسم! رسول اکرم [illegible] نہیں بھاگے بلکہ بعض جلد باز حضرات بھاگے تھے [illegible] کے تیر لگے اور میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی سفید خچر پر سوار تھے اور حضرت ابوسفیان بن [illegible] اس کی لگام پکڑ رکھی تھی آپ فرما رہے تھے "میں نبی ہوں اس میں جھوٹ نہیں اور میں عبدالمطلب [illegible] ہوں۔"

۱۰۷۵- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت شعبہ، فرماتے ہیں ہمیں حضرت ابو اسحاق نے خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۰۷۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْجُعْدِ قَالَ ثَنَا زُهَیْرُ بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ مِثْلَهٗ۔

حضرت علی بن جعد فرماتے ہیں حضرت ابواسحٰق نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے ہم سے اس کی مثل بیان کیا

۱۰۷۷۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِی اللَّیْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ كَثِیْرِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اَبَاهُ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِالْمُطَّلِبِ قَالَ شَهِدْتُّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ فَلَزِمْتُ اَنَا وَاَبُوْ سُفْیَانَ بْنُ الْحَارِثِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نُفَارِقْهُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَغْلَةٍ لَّهٗ بَیْضَآءَ اَهْدَاهَا لَهٗ فَرْوَةُ بْنُ نَفَاثَةَ الْجُذَامِیُّ۔

حضرت کثیر بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں غزوۂ حنین کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا تو میں اور حضرت ابو سفیان بن حارث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہے آپ سے جدا نہ ہوئے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سفید خچر پر سوار تھے جو حضرت فروہ بن نفاثہ جذامی نے آپ کو بطور ہدیہ پیش کی تھی۔

۱۰۷۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِیَّ یُحَدِّثُ عَنْ كَثِیْرِ بْنِ الْعَبَّاسِ عَنْ اَبِیْهِ نَحْوَهٗ۔

حضرت سفیان فرماتے ہیں میں نے حضرت زہری سے سنا وہ حضرت کثیر بن عباس سے اور وہ اپنے والد سے اس کی مثل بیان کرتے تھے۔

۱۰۷۹۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِیَادٍ قَالَ ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ حُصَیْنٍ قَالَ ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَغْلَتِهٖ۔

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں غزوۂ حنین کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا اور آپ اپنی خچر پر تھے۔

۱۰۸۰۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ النَّحْرِ عِنْدَ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ

حضرت سلیمان بن عمرو بن احوص اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں میں نے قربانی کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو جمرۂ عقبہ کے پاس دیکھا آپ اپنی خچر پر سوار تھے۔

وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهٖ۔

۱۰۸۱- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِيَّاهُمْ وَهُوَ رَاكِبٌ عَلٰى بَغْلَتِهٖ۔

حضرت عبداللہ بن بشر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے پاس تشریف لائے اور آپ اپنی خچر پر سوار تھے۔

۱۰۸۲- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ ثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ وَحُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَغْلَتِهٖ شَهْبَاءَ فَمَرَّ عَلٰى حَائِطٍ لِبَنِي النَّجَّارِ فَاِذَا قَبْرٌ يُعَذَّبُ صَاحِبُهٗ فَحَاصَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا اَنْ لَّا تَدَافَنُوْا لَدَعَوْتُ اللّٰهَ يُسْمِعُكُمْ عَذَابَ الْقَبْرِ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خچر شہباء پر سوار تھے آپ بنو نجار کے ایک باغ کے پاس سے گزرے تو وہاں ایک قبر تھی اور صاحب قبر کو عذاب ہو رہا تھا خچر اُچھلی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مجھے اس بات کا ڈر نہ ہوتا کہ تم (مُردوں کو) دفن کرنا چھوڑ دو گے تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ وہ تمہیں عذابِ قبر سُنا دے۔

۱۰۸۳- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى قَالَ ثَنَا فَائِدٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ رَاٰى بَغْلَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْبَاءَ وَكَانَتْ عِنْدَ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ۔

حضرت عبید اللہ بن علی بن ابو رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خچر شہباء کو دیکھا اور وہ حضرت علی بن حسین (حضرت امام زین العابدین) رضی اللہ عنہما کے پاس تھی۔

۱۰۸۴- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا فِيْهِ فَمَرَرْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْهَزِمًا وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ۔

حضرت ایاس بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم نے حنین کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جہاد کیا پھر انہوں نے ایک طویل حدیث ذکر کی اس میں یہ بات بھی ہے کہ میں بھاگتا ہوا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا تو آپ اپنی خچر شہباء پر (سوار) تھے۔

۱۰۸۵- حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا

حضرت اسلم بن ابو عمران، حضرت عقبہ بن عامر رضی

ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلَالٍ عَنْ أَسْلَمَ بْنِ أَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَتَهٗ فَاتَّبَعْتُهٗ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ۔

اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خچر پر سوار ہوئے تو میں آپ کے پیچھے ہوا پھر انہوں نے حدیث ذکر کی۔

فَقَدْ تَوَاتَرَتِ الْآثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِبَاحَةِ رُكُوْبِ الْبِغَالِ۔

تو خچر پر سواری کے جواز پر سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر کے ساتھ احادیث مروی ہیں۔

۱۰۸۶۔ وَقَدْ رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا قَدْ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيْبٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَشْوَعَ عَنْ حَنَشِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا أُتِيَ بِبَغْلَةٍ يَوْمَ الْأَضْحٰى فَرَكِبَهَا فَلَمْ يَزَلْ يُكَبِّرُ حَتّٰى أَتَى الْجَبَّانَةَ۔

اس سلسلے میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے حضرت حنش بن معتمر فرماتے ہیں میں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو دیکھا قربانی کے دن آپ کے پاس خچر لائی گئی تو آپ اس پر سوار ہوئے اور صحراء تک مسلسل تکبیر کہتے رہے۔

۱۰۸۷۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ الْجَزَّارِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ أَنَّهٗ خَرَجَ يَوْمَ النَّحْرِ عَلٰى بَغْلَةٍ بَيْضَاءَ يُرِيْدُ الصَّلٰوةَ فَجَاءَ رَجُلٌ فَأَخَذَ بِخِطَامِ بَغْلَتِهٖ فَسَأَلَهٗ عَنْ يَوْمِ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ فَقَالَ هُوَ يَوْمُكَ هٰذَا خَلِّ سَبِيْلَهَا۔

حضرت حکم فرماتے ہیں میں نے حضرت یحییٰ بن جزار سے سنا وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ قربانی کے دن اپنی سفید خچر پر نماز کے ارادے سے نکلے تو ایک شخص آیا جس نے آپ کی خچر کی لگام پکڑ کر حج اکبر کے دن سے متعلق سوال کیا آپ نے فرمایا وہ یہی دن ہے اس (خچر) کا راستہ چھوڑ دو۔

۱۰۸۸۔ فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَمَا مَعْنٰى قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی "یہ عمل وہ لوگ کرتے ہیں جنہیں علم نہیں" کا کیا مطلب ہے۔

قِيْلَ لَهٗ قَدْ قَالَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ ذٰلِكَ مَعْنَاهُ أَنَّ الْخَيْلَ قَدْ جَاءَ فِيْ اِرْتِبَاطِهَا وَاكْتِسَابِهَا وَعَلْفِهَا الْأَجْرُ وَلَيْسَ ذٰلِكَ فِي الْبِغَالِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ علماء نے اس کا مطلب یوں بیان کیا ہے کہ گھوڑے کے باندھنے، اسے حاصل کرنے اور اسے چارہ دینے میں ثواب ہے جب کہ خچر میں یہ بات نہیں ہے چنانچہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گھوڑی پر گھوڑا

إِنَّمَا يُنْزَأُ فَرَسٌ عَلَى فَرَسٍ حَتَّى يَكُونَ عَنْهُمَا مَا فِيهِ الْأَجْرُ وَيُحْمَلُ حِمَارًا عَلَى فَرَسٍ فَيَكُونُ عَنْهُمَا بَغْلٌ لَا أَجْرَ فِيهِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ أَيْ لِأَنَّهُمْ يَتْرُكُونَ بِذَلِكَ إِنْتَاجَ مَا فِي ارْتِبَاطِهِ الْأَجْرُ وَيُنْتِجُونَ مَا لَا أَجْرَ فِي ارْتِبَاطِهِ.

۱۰۸۹- فَمِمَّا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الثَّوَابِ فِي ارْتِبَاطِ الْخَيْلِ مَا حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْلِ فَقَالَ هِيَ لِثَلَاثَةٍ لِرَجُلٍ أَجْرٌ وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ وَلِرَجُلٍ وِزْرٌ فَأَمَّا مَنْ رَبَطَهَا عُدَّةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَإِنَّهُ لَوْ طَوَّلَ لَهَا فِي مَرْجٍ خَصِيبٍ أَوْ رَوْضَةٍ خَصِيبَةٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عَدَدَ مَا أَكَلَتْ حَسَنَاتٍ وَعَدَدَ أَرْوَاثِهَا حَسَنَاتٍ وَلَوِ انْقَطَعَ طِوَلُهَا ذَلِكَ فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ كَتَبَ اللّٰهُ عَدَدَ آثَارِهَا حَسَنَاتٍ وَلَوْ مَرَّتْ بِنَهْرٍ عَجَاجٍ لَا يُرِيدُ السَّقْيَ بِهِ فَشَرِبَتْ مِنْهُ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عَدَدَ مَا شَرِبَتْ حَسَنَاتٍ وَمَنِ ارْتَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَتَعَفُّفًا ثُمَّ لَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِي رِقَابِهَا وَظُهُورِهَا كَانَتْ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ وَمَنِ ارْتَبَطَهَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَنِوَاءً عَلَى الْمُسْلِمِينَ كَانَتْ لَهُ وِزْرًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالُوا فَالْحُمُرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ فِي الْحُمُرِ شَيْءٌ إِلَّا هٰذِهِ الْآيَةُ الْفَاذَّةُ فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ.

جست کرے (اسے حاملہ کرے) تاکہ ان دونوں سے وہ چیز حاصل ہو جس میں ثواب ہے گھوڑی پر گدھے کی جست وہ لوگ کرواتے ہیں جو بےعلم ہیں کیونکہ ان دونوں سے خچر پیدا ہوتی ہے جس میں کوئی ثواب نہیں وہ (اپنی لاعلمی کی وجہ سے) اس سے اُس بچے کا حصول چھوڑ دیتے ہیں جسے باندھنے میں ثواب ہے اور وہ ایسا جانور حاصل کرتے ہیں جسے باندھنے میں کوئی ثواب نہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گھوڑے باندھنے کے ثواب کے سلسلے میں روایات مروی ہیں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گھوڑے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا یہ تین قسم کے لوگوں کیلئے ہیں ایک کیلئے اجر ہے دوسرے کیلئے پردہ ہے اور تیسرے کیلئے بوجھ ہے جو شخص اسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کی تیاری کے لیے گھر میں باندھتا ہے اور اسے زیادہ عرصہ تک سرسبز و شاداب چراگاہ یا سرسبز باغ میں رکھتا ہے تو جس قدر وہ کھاتا ہے اور جس قدر وہ لید کرتا ہے اس کے مطابق اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے نیکیاں لکھ دیتا ہے اور اگر وہ زیادہ دیر نہ چرے بلکہ ایک یا دو ٹیلوں پر چڑھے تو اس کے قدموں کے نشانات کے مطابق اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے نیکیاں لکھ دیتا ہے اور اگر وہ ٹاپیں مارتے دریا سے گزرے اور پانی پلانے کا ارادہ نہ ہو لیکن وہ اس سے پی لے تو جس قدر اس نے پیا اللہ تعالیٰ اس کے مطابق اس شخص کیلئے نیکیاں لکھ دیتا ہے اور جو شخص اسے مالداری کے حصول اور (مانگنے سے) بچنے کے لیے باندھتا ہے پھر اس کی گردن اور پیٹھ میں اللہ تعالیٰ کا حق نہیں بھلاتا وہ اس کے لیے جہنم کی آگ سے آڑ بنے گا اور جو آدمی اسے تکبر ریاکاری اور مسلمانوں سے دشمنی کے لیے باندھتا ہے تو وہ قیامت کے دن اس کے لیے بوجھ ہوگا صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! گدھوں کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا گدھوں کے بارے میں مجھ پر اس ایک آیت کے سوا کچھ نازل نہیں ہوا۔ جو شخص ایک ذرہ کے برابر نیکی کرے وہ اسے دیکھ لے گا (پالے گا) اور جو آدمی ایک ذرہ کے برابر برائی کرے وہ (بھی) اسے دیکھے گا۔

۱۰۹۰ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ ذٰلِكَ أَيْضًا۔

حضرت بکیر، حضرت ابوصالح سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۹۱ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِي نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا قیامت تک گھوڑوں کی پیشانیوں سے بھلائی وابستہ ہے۔

۱۰۹۲ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی بواسطہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل مروی ہے۔

۱۰۹۳ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت ایوب، حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۹۴ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت مالک، حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۰۹۵ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ ثَنَا طَلْحَةُ بْنُ أَبِي سَعِيْدٍ أَنَّ سَعِيْدَ الْمَقْبُرِيَّ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ إِيْمَانًا بِاللّٰهِ وَتَصْدِيْقًا بِوَعْدِ اللّٰهِ كَانَ شِبَعُهُ وَرِيُّهُ وَرَوْثُهُ حَسَنَاتٍ فِي مِيْزَانِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہوئے اور اس کے وعدوں کی تصدیق کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے راستے میں (جہاد کے لیے) گھوڑا رکھتا ہے تو اس (گھوڑے) کا پیٹ بھر کر کھانا، سیراب ہونا اور اس کی لید، قیامت کے دن اس (شخص) کی نیکیوں میں شمار ہوں گے۔

۱۰۹۶ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُتْبَةُ بْنُ اَبِيْ حَكِيْمٍ عَنِ الْحُصَيْنِ بْنِ حَرْمَلَةَ الْمَهْدِيِّ عَنْ اَبِي الْمُصَبِّحِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَيْلُ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ وَالنَّيْلُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَقَلِّدُوْهَا وَلَا تُقَلِّدُوْهَا الْاَوْتَارَ ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت کے دن تک بھلائی اور ثواب رکھا گیا ہے ان کے گلے میں ہار ڈالو لیکن تانت کا ہار نہ ڈالو۔

۱۰۹۷۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ الْاَجْرُ وَالْغَنِيْمَةُ ۔

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے گھوڑوں کی پیشانیوں سے قیامت تک بھلائی ثواب اور غنیمت وابستہ ہے۔

۱۰۹۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ يُوْنُسَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ ۔

حضرت یزید بن زریع، حضرت یونس سے روایت کرتے ہیں وہ اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کرتے ہیں۔

۱۰۹۹۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ صَالِحٍ يُحَدِّثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ زِيَادُ بْنُ نُعَيْمٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا كَبْشَةَ يُحَدِّثُ صَاحِبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ وَاَهْلُهَا مُعَانُوْنَ عَلَيْهَا وَالْمُنْفِقُ عَلَيْهَا كَالْبَاسِطِ يَدَيْهِ بِالصَّدَقَةِ ۔

حضرت زیادہ بن نعیم سے مروی ہے انہوں نے حضرت ابوکبشہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ گھوڑوں کی پیشانیوں سے بھلائی وابستہ ہے ان کے مالک ان کی وجہ سے مشقت اٹھاتے ہیں اور ان پر خرچ کرنے والا صدقہ کرنے کے لیے ہاتھ پھیلانے والے کی طرح ہے۔

۱۱۰۰۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا بَكْرُ بْنُ اِدْرِيْسَ وَابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھلائی گھوڑوں کی پیشانیوں سے وابستہ ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ! یہ کیسے؟ فرمایا قیامت تک ثواب اور مال غنیمت ملتا ہے

الْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِمَّ ذٰلِكَ قَالَ الْاَجْرُ وَالْغَنِيْمَةُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَزَادَ فِيْهِ ابْنُ اِدْرِيْسَ وَالْاِبِلُ عِزٌّ لِاَهْلِهَا وَالْغَنَمُ بَرَكَةٌ۔

گا ابن ادریس نے یہ اضافہ کیا ہے کہ اونٹ، اپنے مالکوں کے لیے باعثِ عزت اور بکریاں برکت کا سبب ہیں۔

۱۱۰۱ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ ثَنَا فِطْرٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ وَقَفَ عَلَيْنَا عُرْوَةُ الْبَارِقِيُّ وَنَحْنُ فِيْ مَجْلِسِنَا فَحَدَّثَنَا فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ اَبَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

حضرت فطر، حضرت ابواسحٰق سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت بارقی ہمارے پاس آکر ٹھہرے اور ہم ایک مجلس میں تھے انہوں نے ہم سے بیان کرتے ہوئے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ سے سنا کہ قیامت تک ہمیشہ کے لیے گھوڑوں کی پیشانیوں میں بھلائی رکھی گئی ہے۔

۱۱۰۲ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عیزار بن حریث، حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۱۰۳ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ الْوَحَاظِيُّ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَزَادَ الْاَجْرُ وَالْغَنِيْمَةُ۔

حضرت جابر بن عامر، حضرت عروہ بارقی سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے لفظ اجر اور غنیمت کا اضافہ کیا۔

۱۱۰۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَفْطَسُ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْشِيُّ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ قَيْسٍ السَّكُوْنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاَهْلُهَا مُعَانُوْنَ عَلَيْهَا۔

حضرت سلمہ بن قیس سکونی (یا سکری) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ قیامت تک گھوڑوں کی پیشانیوں میں بھلائی رکھی گئی ہے اور ان کے مالک ان پر مشقت برداشت کرتے رہیں گے۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَمَا مَعْنَى اخْتِصَاصِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِيْ هَاشِمٍ بِالنَّهْيِ عَنْ اِنْزَاءِ الْحَمِيْرِ عَلَى الْخَيْلِ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صرف بنو ہاشم کو گھوڑیوں پر گدھوں کی جست سے منع کرنے کا کیا مطلب ہے۔

۱۱۰۵- قِيلَ لَهُ لِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ ثَنَا الْمُرَجِّى هُوَ ابْنُ رَجَاءٍ قَالَ ثَنَا أَبُو جَهْضَمٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا اخْتَصَّنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِثَلَاثٍ أَنْ لَا نَأْكُلَ الصَّدَقَةَ وَأَنْ نُسْبِغَ الْوُضُوءَ وَأَنْ لَا نُنْزِيَ حِمَارًا عَلَى فَرَسٍ قَالَ فَلَقِيتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ الْحَسَنِ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ صَدَقَ كَانَتِ الْخَيْلُ قَلِيلَةً فِي بَنِي هَاشِمٍ فَأَحَبَّ أَنْ تَكْثُرَ فِيهِمْ فَبَيَّنَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَسَنِ بِتَفْسِيرِهِ هٰذَا الْمَعْنَى الَّذِي اخْتَصَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي هَاشِمٍ أَنْ يَنْزُوا حِمَارًا عَلَى فَرَسٍ وَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِلتَّحْرِيمِ وَإِنَّمَا كَانَتِ الْعِلَّةُ قِلَّةَ الْخَيْلِ فِيهِمْ فَإِذَا ارْتَفَعَتْ تِلْكَ الْعِلَّةُ وَكَثُرَتِ الْخَيْلُ فِي أَيْدِيهِمْ صَارُوا فِي ذٰلِكَ كَغَيْرِهِمْ وَفِي اخْتِصَاصِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاهُمْ بِالنَّهْيِ عَنْ ذٰلِكَ دَلِيلٌ عَلَى إِبَاحَتِهِ إِيَّاهُ لِغَيْرِهِمْ وَلَمَّا كَانَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ فِي ارْتِبَاطِ الْخَيْلِ مَا ذَكَرْنَا مِنَ الثَّوَابِ وَالْأَجْرِ وَسُئِلَ عَنِ ارْتِبَاطِ الْحَمِيرِ فَلَمْ يَجْعَلْ فِي ارْتِبَاطِهَا شَيْئًا وَالْبِغَالُ الَّتِي هِيَ خِلَافُ الْخَيْلِ مِثْلُهَا كَانَ مَنْ تَرَكَ أَنْ تُنْتِجَ مَا فِي ارْتِبَاطِهِ وَكَسْبِهِ ثَوَابٌ وَأَنْتَجَ مَا لَا ثَوَابَ ارْتِبَاطِهِ وَكَسْبِهِ مِنَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ حضرت عبید اللہ بن عبداللہ بن عباس، حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صرف تین باتوں کے ساتھ خاص کیا یہ کہ ہم صدقہ نہ کھائیں، وضو مکمل کریں اور گدھے سے گھوڑی کو جفتی نہ کریں حضرت عبداللہ فرماتے ہیں پھر میں حضرت عبداللہ بن حسن رضی اللہ عنہ سے ملا اور وہ بیت اللہ شریف کا طواف کر رہے تھے میں نے ان سے یہ بات بیان کی تو انہوں نے فرمایا کہ انہوں نے (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے) سچ فرمایا ہے بنو ہاشم میں گھوڑے کم تھے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی کثرت کو پسند فرمایا، تو حضرت عبداللہ بن حسن رضی اللہ عنہ نے اپنی تفسیر سے اس بات کو واضح کر دیا جس کے سبب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو ہاشم کو گدھوں سے گھوڑیوں کو جفتی کرنے سے منع فرمایا نیز یہ کہ یہ کام حرام نہیں ان کے پاس گھوڑوں کی قلت اس کا سبب تھا، جب یہ علت ختم ہو گئی اور ان کے پاس گھوڑے زیادہ ہو گئے تو وہ اس سلسلے میں دوسرے لوگوں کی طرح ہو گئے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا صرف ان کو اس بات سے منع کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ دوسروں کے لیے یہ عمل جائز ہے تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کے باندھنے میں اجر و ثواب کا ذکر فرمایا جیسا کہ ہم نے ذکر کیا اور آپ سے گدھوں کے باندھنے کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے ان کے باندھنے میں کوئی ثواب نہ بتایا تو خچر بھی جو گھوڑوں کے خلاف ہیں وہ بھی ان (گدھوں) کی مثل ہیں تو جو شخص جانوروں کے وہ بچے لینا چھوڑ دے جن کو باندھنے اور حاصل کرنے میں ثواب ہے اور وہ بچے حاصل کرے جن میں ثواب نہیں ہے تو وہ بے علم لوگوں میں سے ہے۔

فَقَدْ ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا إِبَاحَةُ نَتْجِ الْبِغَالِ لِبَنِيْ هَاشِمٍ وَغَيْرِهِمْ وَإِنْ كَانَ إِنْتَاجُ الْخَيْلِ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ ـ

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ بنو ہاشم اور ان کے غیر کے لیے خچریں پیدا کرنا جائز ہے اگرچہ گھوڑوں کے بچے حاصل کرنا اس سے افضل ہے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے ۔

۱۳

كِتَابُ وُجُوْهِ الْفَيْءِ وَخُمُسِ الْغَنَائِمِ

فئ اور غنیمتوں کے خُمس کی اقسام کا بیان

قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا اَفَاءَ اللهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَقَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ.

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَكَانَ مَا ذَكَرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي الْاٰيَةِ الْاُوْلٰى هُوَ فِيْمَا صَالَحَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ اَهْلَ الشِّرْكِ مِنَ الْاَمْوَالِ وَفِيْمَا اَخَذُوْهُ مِنْهُمْ فِيْ جِزْيَةِ رِقَابِهِمْ وَمَا اَشْبَهَ ذٰلِكَ وَكَانَ مَا ذَكَرَهٗ فِي الْاٰيَةِ الثَّانِيَةِ هُوَ خُمُسُ مَا غَلَبُوْا عَلَيْهِ بِاَسْيَافِهِمْ وَمَا اَشْبَهَهٗ مِنَ الرِّكَازِ الَّذِيْ جَعَلَ اللهُ فِيْهِ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخُمُسَ وَتَوَاتَرَتْ بِذٰلِكَ الْاٰثَارُ عَنْهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ.

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا جو کچھ اللہ تعالیٰ بستیوں والوں سے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمائے تو وہ اللہ تعالیٰ اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم، قرابت داروں، یتیموں محتاجوں اور مسافروں کیلئے ہے نیز ارشاد فرمایا اور جان لو! جو کچھ تم مال غنیمت سے حاصل کرو تو بےشک اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ، اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم، قرابت داروں، یتیموں محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہے۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے پہلی آیت میں جو کچھ ذکر فرمایا یہ مشرکین کے اس مال کے بارے میں ہے جس پر مسلمان مشرکین سے صلح کریں اور وہ مال جو ان سے ان کی جانوں کے جزیہ کے طور پر حاصل کریں اور اسی قسم کے دوسرے مال سے متعلق ہے اور جو کچھ دوسری آیت میں ذکر فرمایا تو وہ اس مال کا پانچواں حصہ ہے جس پر انہوں نے اپنی تلواروں کے ذریعے غلبہ حاصل کیا یا وہ مال مدفون ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے خمس قرار دیا اس سلسلے میں آپ سے متواتر احادیث مروی ہیں۔

۱۱۰۶- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

حضرت سعید بن مسیب اور حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمن رضی اللہ عنہما، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدفون مال میں

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ فِی الرِّکَازِ الْخُمُسُ۔

خمس (پانچواں حصہ ہے)

۱۱۰۷- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ فَقَالَ لَہُ السَّائِلُ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ اَمَعَہٗ اَبُوْ سَلَمَۃَ فَقَالَ اِنْ کَانَ مَعَہٗ فَھُوَ مَعَہٗ فَکَانَ حُکْمُ جَمِیْعِ الْفَیْءِ وَخُمُسِ الْغَنَائِمِ حُکْمًا وَاحِدًا ثُمَّ تَکَلَّمَ النَّاسُ بَعْدَ ذٰلِکَ فِیْ تَاوِیْلِ قَوْلِہٖ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ اٰیَۃِ الْفَیْءِ فَلِلّٰہِ وَفِی الْغَنِیْمَۃِ فَاَنَّ لِلّٰہِ فَقَالَ بَعْضُھُمْ قَدْ وَجَبَ لِلّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ بِذٰلِکَ سَھْمٌ فِی الْفَیْءِ وَفِیْ خُمُسِ الْغَنِیْمَۃِ فَجُعِلَ ذٰلِکَ السَّھْمُ فِیْ نَفَقَۃِ الْکَعْبَۃِ۔

حضرت سفیان، حضرت زہری سے وہ حضرت سعید بن مسیب سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں کسی نے ان (حضرت سفیان) سے پوچھا اے ابو محمد! کیا ان کے ساتھ حضرت ابوسلمہ بھی تھے تو انہوں نے فرمایا اگر وہ ان کے ساتھ تھے تو تھے (ورنہ حضرت سعید بن مسیب تنہا بھی معتبر ہیں) تو تمام فئی اور غنیمتوں کے خُمس کا ایک ہی حکم ہے پھر اس کے بعد محدثین نے آیت فئی میں "فللہ" اور آیت غنیمت میں "فان للہ" کی تاویل میں گفتگو کی ہے ان میں سے بعض نے فرمایا کہ فئی میں اللہ تعالیٰ کے لیے ایک حصہ واجب ہے اسی طرح غنیمت کے خُمس میں بھی، انہوں نے اس حصے کو کعبۃ اللہ پر خرچ کے لیے قرار دیا۔

۱۱۰۸- وَرَوَوْا ذٰلِکَ عَنْ اَبِی الْعَالِیَۃِ کَتَبَ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ حَدَّثَنِیْ عَنْ اَبِیْ عُبَیْدِ اللّٰہِ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرِ الرَّازِیِّ عَنِ الرَّبِیْعِ عَنْ اَبِی الْعَالِیَۃِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یُؤْتٰی بِالْغَنِیْمَۃِ فَیَضْرِبُ بِیَدِہٖ فَمَا وَقَعَ فِیْھَا مِنْ شَیْءٍ جَعَلَہٗ لِلْکَعْبَۃِ وَھُوَ سَھْمُ بَیْتِ اللّٰہِ ثُمَّ یَقْسِمُ مَا بَقِیَ عَلٰی خَمْسَۃٍ فَیَکُوْنُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَھْمٌ وَلِذِی الْقُرْبٰی سَھْمٌ وَلِلْیَتَامٰی سَھْمٌ وَلِلْمَسَاکِیْنِ سَھْمٌ وَلِابْنِ السَّبِیْلِ سَھْمٌ قَالَ وَالَّذِیْ جَعَلَہٗ لِلْکَعْبَۃِ ھُوَ السَّھْمُ الَّذِیْ لِلّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ۔

انہوں نے یہ بات حضرت ابوالعالیہ سے روایت کی ہے حضرت ابوالعالیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مال غنیمت لایا جاتا تو آپ اس میں ہاتھ ڈالتے جو کچھ اس میں آجاتا اسے کعبہ شریف کے لیے قرار دیتے اور وہ بیت اللہ شریف کا حصہ ہوتا پھر جو کچھ بچتا اسے پانچ حصوں میں تقسیم کرتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ایک حصہ ہوتا آپ کے قرابت داروں کے لیے ایک حصہ ہوتا، یتیموں کے لیے ایک حصہ ہوتا، محتاجوں کے لیے ایک حصہ ہوتا اور مسافروں کے لیے ایک حصہ ہوتا، وہ (حضرت ابوالعالیہ) فرماتے ہیں کعبہ شریف کے لیے وہی حصہ قرار دیتے جو اللہ تعالیٰ کا حصہ ہوتا۔

وَذَھَبَ اٰخَرُوْنَ اِلٰی مَا اَضَافَ اللّٰہُ جَلَّ ثَنَاؤُہٗ اِلٰی نَفْسِہٖ مِنْ ذٰلِکَ اَنَّہٗ مِفْتَاحُ

دوسرے حضرات اس بات کی طرف گئے ہیں کہ اس میں سے جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کی طرف منسوب کیا تو وہ محض

كَلَامٍ اِفْتَتَحَ بِهٖ مَا اَمَرَ مِنْ قِسْمَةِ الْفَيْءِ وَخُمُسِ الْغَنَائِمِ فِيْهِ قَالُوْا وَكَذٰلِكَ مَا اَضَافَهٗ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

آغاز کلام کے لیے ہے اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ فئی اور غنیمتوں کے خمس کی تقسیم کے حکم کا آغاز کیا یہ حضرات فرماتے ہیں کہ جو کچھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہے اس کا بھی یہی حکم ہے۔

۱۱۰۹ - وَرَوَوْا ذٰلِكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ بْنِ رَاشِدٍ الْبَصْرِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْمُغِيْرَةِ الْكُوْفِيُّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَتِ الْغَنِيْمَةُ تُقْسَمُ عَلٰى خَمْسَةِ اَخْمَاسٍ فَاَرْبَعَةٌ مِنْهَا لِمَنْ قَاتَلَ عَلَيْهَا وَخُمُسٌ وَاحِدٌ يُقْسَمُ عَلٰى اَرْبَعَةٍ فَرُبُعٌ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِذِي الْقُرْبٰى يَعْنِيْ قَرَابَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا كَانَ لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ فَهُوَ لِقَرَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَاْخُذِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخُمُسِ شَيْئًا وَالرُّبُعُ الثَّانِيْ لِلْيَتَامٰى وَالرُّبُعُ الثَّالِثُ لِلْمَسَاكِيْنِ وَالرُّبُعُ الرَّابِعُ لِابْنِ السَّبِيْلِ وَهُوَ الضَّعِيْفُ الْفَقِيْرُ الَّذِيْ يَنْزِلُ بِالْمُسْلِمِيْنَ۔

انہوں نے یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں مال غنیمت کو پانچ حصوں پر تقسیم کیا جاتا تھا ان میں سے ۱ حصے جہاد کرنے والوں کے لیے ہوتے پانچواں حصہ چار حصوں میں تقسیم ہوتا ایک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نیز آپ کے قرابت داروں کے لیے ہوتا، دوسرا حصہ یتیموں کے لیے تیسرا حصہ محتاجوں کے لیے اور چوتھا حصہ مسافروں کے لیے ہوتا اور مسافروں سے وہ کمزور محتاج لوگ مراد ہیں جو مسلمانوں کے پاس آکر ٹھہرتے۔

وَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ مَعْنٰى قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ مِفْتَاحُ كَلَامٍ وَاَنَّ قَوْلَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ يَجِبُ بِهٖ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ سَهْمٌ وَكَذٰلِكَ مَا اَضَافَهٗ اِلٰى مَنْ ذَكَرَهٗ فِيْ اٰيَةِ خُمُسِ الْغَنَائِمِ جَمِيْعًا۔

ایک دوسری جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی "فان للہ خمسہ" افتتاح کلام ہے اور "للرسول" کے الفاظ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حصہ واجب ہوتا ہے غنیمتوں کے خمس کے سلسلے میں جو کچھ انکی طرف مذکور ہے اس سے بھی یہی مراد ہے۔

۱۱۱۰ - وَرَوَوْا ذٰلِكَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

انہوں نے یہ بات حضرت حسن بن محمد بن علی رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے۔

۱۱۱۱ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ مُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ ثَنَا

[1] فرمایا "فان للہ خمسہ" دنیا اور آخرت میں تمہید کلام الٰہی ہے (اس کے بعد) رسول اکرم

[1] حضرت قیس بن مسلم فرماتے ہیں میں نے حضرت حسن بن محمد رحمہ اللہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی "واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسہ" کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے ۱۲

سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَأَلْتُ الْحَسَنَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ الْآيَةَ قَالَ أَمَّا قَوْلُهُ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ فَهُوَ مِفْتَاحُ كَلَامِ اللهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَاخْتَلَفَ النَّاسُ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَائِلٌ سَهْمُ ذَوِي الْقُرْبٰى لِقَرَابَةِ الْخَلِيفَةِ وَقَالَ قَائِلٌ سَهْمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْخَلِيفَةِ مِنْ بَعْدِهِ ثُمَّ أَجْمَعَ رَأْيُهُمْ عَلٰى أَنْ جَعَلُوا هٰذَيْنِ السَّهْمَيْنِ فِي الْخَيْلِ وَالْعُدَّةِ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَكَانَ ذٰلِكَ فِي إِمَارَةِ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا۔

صلی اللہ علیہ وسلم، قرابت داروں، یتیموں محتاجوں اور مسافروں کا حصہ ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد اس سلسلے میں صحابہ کرام کے درمیان اختلاف ہوا کسی کہنے والے نے کہا کہ قرابت داروں کا حصہ خلیفہ کے قرابت داروں کے لیے ہے کسی نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آپ کا حصہ خلیفہ کے لیے ہے پھر اس بات پر وہ سب متفق ہو گئے کہ وہ ان دونوں حصوں کو جہاد کے لیے تیاری اور گھوڑوں پر خرچ کریں یہ بات حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے دور میں ہوئی۔

فَلَمَّا اخْتَلَفُوا فِيمَا يُقْسَمُ عَلَيْهِ الْفَيْءُ وَخُمُسُ الْغَنَائِمِ هٰذَا الْاِخْتِلَافَ فَقَالَ كُلُّ فَرِيقٍ مِنْهُمْ مَا قَدْ ذَكَرْنَا عَنْهُ وَجَبَ أَنْ نَنْظُرَ فِي ذٰلِكَ لِنَسْتَخْرِجَ مِنْ أَقْوَالِهِمْ فِيهِ قَوْلًا صَحِيحًا فَاعْتَبَرْنَا قَوْلَ الَّذِينَ ذَهَبُوا إِلٰى أَنَّهُمَا يُقْسَمَانِ عَلٰى سِتَّةِ أَسْهُمٍ وَجَعَلُوا مَا أَضَافَهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلٰى نَفْسِهِ مِنْ ذٰلِكَ يَجِبُ بِهِ سَهْمٌ يُصْرَفُ فِي حَقِّ اللهِ تَعَالٰى كَمَا ذَكَرُوا هَلْ لَهُ مَعْنًى أَمْ لَا فَرَأَيْنَا الْغَنِيمَةَ قَدْ كَانَتْ مُحَرَّمَةً عَلٰى مَنْ سِوٰى هٰذِهِ الْأُمَّةِ مِنَ الْأُمَمِ ثُمَّ أَبَاحَهُ اللهُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ رَحْمَةً مِنْهُ إِيَّاهَا وَتَخْفِيفًا مِنْهُ عَنْهَا وَجَاءَتْ بِذٰلِكَ

جب اس سلسلے میں فقہاء کے درمیان مال فئی اور غنیمت کے خمس کی تقسیم پر اختلاف ہے اور ہر فریق نے وہ بات کہی ہے جو ہم نے ذکر کی تو ہم پر واجب ہے کہ اس سلسلے میں غور کریں تاکہ ان کے اقوال سے صحیح قول نکال سکیں پس ہم نے ان کے قول کا جائزہ لیا جو اسے چھ حصوں پر تقسیم کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے جس حصے کی اپنی ذات کی طرف نسبت کی ہے اسے وہ اللہ تعالیٰ کے حق پر خرچ کرتے ہیں جیسا کہ انہوں نے ذکر کیا ہے، کہ کیا ان حضرات کے قول کا کوئی مفہوم ہے یا نہیں تو ہم نے دیکھا کہ اس امت کے علاوہ دیگر امتوں پر غنیمت حرام تھی پھر اللہ تعالیٰ نے اسے اپنی خصوصی رحمت اور آسانی پیدا کرنے کی خاطر اس امت کے لیے حلال قرار دیا اس سلسلے میں رسولِ

الْاٰثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

۱۱۱۲۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ حُذَیْفَۃَ عَنْ سُفْیَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ ذَکْوَانَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ لَمْ تَحِلَّ الْغَنِیْمَۃُ لِاَحَدٍ سُوْدِ الرُّؤُسِ قَبْلَنَا کَانَتِ الْغَنِیْمَۃُ تَنْزِلُ النَّارُ فَتَاْکُلُھَا فَنَزَلَتْ لَوْلَا کِتَابٌ مِّنَ اللّٰہِ سَبَقَ لَمَسَّکُمْ فِی الْکِتَابِ السَّابِقِ۔

۱۱۱۳۔ حَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ الْفِرْیَابِیُّ قَالَ ثَنَا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیْعِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ تَحِلَّ الْغَنِیْمَۃُ لِقَوْمٍ سُوْدِ الرُّؤُسِ قَبْلَکُمْ کَانَتْ تَنْزِلُ نَارٌ مِّنَ السَّمَآءِ فَتَاْکُلُھَا حَتّٰی لَوْ کَانَ یَوْمُ بَدْرٍ فَوَقَعُوْا فِی الْغَنَائِمِ فَاخْتَلَفَتْ بِھِمْ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی لَوْلَا کِتَابٌ مِّنَ اللّٰہِ سَبَقَ لَمَسَّکُمْ فِیْمَا اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ فَکُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَیِّبًا ثُمَّ اِنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اخْتَلَفُوْا فِی الْاَنْفَالِ فَانْتَزَعَھَا اللّٰہُ مِنْھُمْ ثُمَّ جَعَلَھَا لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ فِیْہِ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَنْفَالِ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ۔

۱۱۱۴۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِی الزِّنَادِ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ مُوْسٰی عَنْ مَکْحُوْلٍ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ الْبَاھِلِیِّ عَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایات مروی ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم سے پہلے کسی سیاہ سروں (بالوں) والی قوم کے لیے غنیمت حلال نہ تھی آسمان سے آگ اترتی اور مال غنیمت کو جلا دیتی پس آیت نازل ہوئی کہ اگر اللہ تعالیٰ کا لکھا ہوا گزر نہ چکا ہوتا تو پہلے کے مطابق تمہیں عذاب پہنچتا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے پہلے کسی سیاہ بالوں والی قوم کے لیے مال غنیمت حلال نہ تھا آسمان سے آگ آکر اسے جلا دیتی تھی حتیٰ کہ بدر کا دن آیا اور مسلمان مال غنیمت میں پڑ گئے اور ان میں اختلاف ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی اگر اللہ تعالیٰ کا لکھا ہوا گزر نہ چکا ہوتا تو جو کچھ تم نے (فدیہ) لیا اس کے بدلے میں بہت بڑا عذاب ہوتا پس جو مال غنیمت حاصل کرو اسے حلال اور پاکیزہ سمجھتے ہوئے کھاؤ پھر صحابہ کرام کے درمیان غنیمتوں کے بارے میں اختلاف ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اسے ان سے لے لیا پھر اسے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قرار دیا اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے غنیمتیں اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہیں۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدر کی طرف تشریف لے گئے اور دشمن سے مقابلہ کیا جب اللہ تعالیٰ نے ان کو بھگا دیا تو مسلمانوں کا ایک گروہ ان کے پیچھے چلا اور ان کو قتل کرنے لگا جب کہ دوسرا گروہ رسول اکرم صلی اللہ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی بَدْرٍ فَلَقِیَ الْعَدُوَّ فَلَمَّا هَزَمَهُمُ اللّٰہُ اتَّبَعَتْهُمْ طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ یَقْتُلُوْنَهُمْ وَاَحْدَقَتْ طَائِفَةٌ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاسْتَوْلَتْ طَائِفَةٌ بِالْعَسْكَرِ وَالنَّهْبِ فَلَمَّا نَفَى اللّٰہُ الْعَدُوَّ وَرَجَعَ الَّذِیْنَ طَلَبُوْهُمْ قَالُوْا لَنَا النَّفْلُ نَحْنُ طَلَبْنَا الْعَدُوَّ وَبِنَا نَفَاهُمُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ وَهَزَمَهُمْ وَقَالَ الَّذِیْنَ اَحْدَقُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَنْتُمْ بِاَحَقَّ مِنَّا نَحْنُ اَحْدَقْنَا بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَنَالُ الْعَدُوُّ مِنْہُ غِرَّةً وَقَالَ الَّذِیْنَ اسْتَوْلَوْا عَلَی الْعَسْكَرِ وَالنَّهْبِ وَاللّٰہِ مَا اَنْتُمْ اَحَقُّ بِہٖ مِنَّا نَحْنُ حَوَیْنَاهُ وَاسْتَوْلَیْنَاهُ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ یَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ اِلٰی قَوْلِہٖ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ فَقَسَمَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَهُمْ عَنْ فَوَاقٍ ۔

علیہ وسلم کی حفاظت کرتا تھا ایک گروہ لشکر پر غالب آیا اور ان کو لوٹنے لگا جب اللہ تعالیٰ نے دشمن کو بھگایا اور ان کے پیچھے جانے والے واپس آ گئے تو کہنے لگا مالِ غنیمت ہمارے لیے ہے کیونکہ ہم نے دشمن کا پیچھا کیا ہے اور ہماری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کو دور کیا اور بھگایا جنہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کی تاکہ دشمن دھوکے سے آپ پر حملہ آور نہ ہو اور جنہوں نے دشمن پر غلبہ پایا اور لُوٹ مار کی تھی، کہنے لگے اللہ تعالیٰ کی قسم! تم ہم سے زیادہ حق نہیں رکھتے ہم نے اسے گھیرے میں لیا اور حاصل کیا اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی "آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے" غنیمتیں اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہیں اگر تم مومن ہو" تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ان کے درمیان برابر برابر تقسیم فرمایا۔

۵۱۱۱- حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ یَحْیٰی قَالَ ثَنَا اَبُو النَّضْرِ قَالَ ثَنَا الْاَشْجَعِیُّ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِیْ رَبِیْعَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ مُوْسٰی عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ اَبِیْ سَلَّامٍ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ نَحْوَہٗ وَلَمْ یَذْكُرْ عُبَادَةَ غَیْرَ اَنَّہٗ قَالَ فَقَسَمَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ فَوَاقٍ بَیْنَهُمْ وَنَزَلَ الْقُرْاٰنُ یَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰہِ الرَّسُوْلِ وَقَدْ قَالَ قَوْمٌ اِنَّ هٰذِهِ الْاٰیَةَ نَزَلَتْ فِیْ غَیْرِ هٰذَا الْمَعْنٰی ۔

حضرت مکحول، حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں اور انہوں نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کیا البتہ یہ فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان برابر برابر تقسیم فرمایا اور قرآن پاک کی آیت نازل ہوئی "آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں" آخر تک ایک جماعت کہتی ہے کہ یہ آیت دوسرے معنیٰ میں نازل ہوئی ہے۔

۱۱۱۶- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ ثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ فِي قَوْلِهِ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ قَالَ فَإِنَّهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ إِلَى الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ غَيْرِ قِتَالٍ مِنْ دَآبَّةٍ وَنَحْوِ ذٰلِكَ فَهُوَ نَفْلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا التَّأْوِيْلِ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَمْرِ أَبِي بَكْرَةَ۔

حضرت عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں ہم سے حضرت عبدالملک بن سلیمان نے بیان کیا وہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں آخر تک کے بارے میں حضرت عطاء رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ مشرکین کا جو جانور لڑائی کے بغیر بھاگ کر مسلمانوں کی طرف آجائے یا اس قسم کی کوئی صورت ہو تو وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے وہ فرماتے ہیں حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی روایت اس تاویل کی صحت پر دلالت کرتی ہے۔

۱۱۱۷- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ ثَنَا أَبِي عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ مَنْ خَرَجَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الطَّائِفِ أَعْتَقَهُ فَكَانَ أَبُوْ بَكْرَةَ مِنْهُمْ فَهُوَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ طائف کے دن جو بھی حضور علیہ السلام کی طرف آگیا آپ نے اسے آزاد کر دیا حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بھی ان میں سے تھے اور وہ آپ کے آزاد کردہ غلام تھے۔

۱۱۱۸- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ الْخَلِيْلِ الْكُوْفِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ أَعْتَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الطَّائِفِ مَنْ خَرَجَ إِلَيْهِ مِنْ عَبِيْدِ الطَّائِفِ فَكَانَ مِمَّنْ عُتِقَ يَوْمَئِذٍ أَبُوْ بَكْرَةَ وَغَيْرُهُ فَكَانُوْا مَوَالِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے آپ فرماتے ہیں طائف کے دن وہاں کا جو غلام رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آیا آپ نے اسے آزاد کر دیا اور اس دن آپ نے جن کو آزاد کیا ان میں حضرت ابو بکرہ اور دوسرے حضرات بھی تھے تو یہ حضرات آپ کے آزاد کردہ غلام تھے۔

۱۱۱۹- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاؤُدَ بْنِ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنِ الْفَضْلِ

حضرت شعبی، ثقیف کے ایک مرد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ حضرت

بْنِ مُهَلْهَلٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنِ الشَّبَّاكِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ ثَقِيْفٍ قَالَ سَأَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْنَا أَبُوْبَكْرَةَ فَأَبٰى عَلَيْنَا وَقَالَ هُوَ طَلِيْقُ اللّٰهِ وَطَلِيْقُ رَسُوْلِهٖ أَفَلَا تَرٰى أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَعْتَقَ أَبَا بَكْرَةَ وَمَنْ نَزَلَ إِلَيْهِ مِنْ عَبِيْدِ الطَّائِفِ عِتْقًا صَارُوْا بِهٖ مَوَالِيَهٗ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَنَّ مِلْكَهُمْ كَانَ وَجَبَ لَهٗ قَبْلَ الْعِتَاقِ دُوْنَ سَائِرِ مَنْ كَانَ مَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَأَنَّهُمْ إِذَا أُخِذُوْا بِغَيْرِ قِتَالٍ كَمَا لَوْ لَمْ يُوْجَفْ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَّذٰلِكَ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَ مَنْ سِوَاهُ مِمَّنْ كَانَ مَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَقَدْ قَالَ قَوْمٌ إِنَّ تَأْوِيْلَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ أُرِيْدَ بِهٖ مَعْنًى غَيْرُ هٰذَيْنِ الْمَعْنَيَيْنِ۔

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کو ہماری طرف لوٹا دیں تو آپ نے انکار فرمایا اور ارشاد فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کا آزاد کردہ اور اللہ تعالیٰ کے رسول کی طرف سے آزاد شدہ ہے تو کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکرہ اور طائف کی طرف سے آنے والے دوسرے غلاموں کو اس طرح آزاد کیا کہ اس سے وہ آپ کے موالی (آزاد کردہ غلام) بن گئے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ ان کو آزاد کرنے سے پہلے ہی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی ملک حاصل ہو چکی تھی باقی مسلمانوں کی حاصل نہ تھی اور جب وہ لڑائی کے بغیر پکڑے جائیں جیسا کہ وہ مال جس پر گھوڑے اور سواریاں دوڑائی نہیں گئیں تو یہ صرف سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہیں آپ کے ساتھ دوسرے مسلمانوں کو ان کی ملک حاصل نہیں ہوتی ایک جماعت کہتی ہے کہ اس آیت سے ان دو معنوں کے علاوہ مفہوم مراد لیا گیا ہے۔

۱۱۲۰- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ ثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ قَالَ ثَنَا دَاوٗدُ بْنُ أَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَعَلَ كَذَا وَكَذَا فَلَهٗ كَذَا وَكَذَا فَذَهَبَ شُبَّانُ الرِّجَالِ وَجَلَسَ شُيُوْخٌ تَحْتَ الرَّايَاتِ فَلَمَّا كَانَتِ الْغَنِيْمَةُ جَاءَ الشُّبَّانُ يَطْلُبُوْنَ نَفْلَهُمْ فَقَالَ الشُّيُوْخُ لَا تَسْتَأْثِرُوْا عَلَيْنَا فَإِنَّا كُنَّا تَحْتَ الرَّايَاتِ وَلَوِ انْهَزَمْتُمْ كُنَّا رِدْءًا لَكُمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ فَقَرَأَ حَتّٰى بَلَغَ كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيْقًا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب بدر کا دن ہوا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایسا ایسا کرے گا اس کے لیے اتنا اتنا اجر ہے پس نوجوان صحابہ کرام چلے گئے اور ضعیف العمر جھنڈوں کے نیچے بیٹھے رہے جب غنیمت کا مال آیا تو نوجوانوں نے آکر اپنا زائد حصہ مانگنا شروع کیا بزرگوں نے کہا کہ تمہیں ہم پر ترجیح نہیں ہے ہم جھنڈوں کے نیچے تھے اگر تمہیں شکست ہوتی تو ہم تمہارے لیے رکاوٹ (آڑ) بنے ہوئے تھے اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی "آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں" آپ نے یہ آیت پڑھی یہاں تک کہ آپ اس مقام پر پہنچے "جیسا کہ آپ کا رب آپ کو گھر سے حق کے ساتھ باہر لایا اور بے شک ایک گروہ ناپسند کرتا تھا" آپ فرما رہے تھے کہ اس معاملے میں اطاعت کرو جیسا کہ تم میرے کام کا نتیجہ دیکھ رہے ہو کہ جب تم (گھروں سے) نکلنے تو ناخوش تھے۔

لَكَارِهُوْنَ يَقُوْلُ اَطِيْعُوْا فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ كَمَا رَاَيْتُمْ عَاقِبَةَ اَمْرِيْ حَيْثُ خَرَجْتُمْ وَاَنْتُمْ كَارِهُوْنَ فَقَسَمَ بَيْنَهُمْ بِالسَّوِيَّةِ اَفَلَا تَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَسَمَهٗ كُلَّهٗ بَيْنَهُمْ كَمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ وَكَانَ مَا اَضَافَهُ اللّٰهُ اِلٰى نَفْسِهٖ عَلٰى سَبِيْلِ الْفَرْضِ وَمَا اَضَافَهٗ اِلٰى رَسُوْلِهٖ عَلٰى سَبِيْلِ التَّمْلِيْكِ۔ وَقَدْ رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ وَجْهٌ اٰخَرُ اَيْضًا۔

۱۱۲۱۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ ابْنِ حَرْبٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ نَزَلَتْ فِيَّ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ اَصَبْتُ سَيْفًا يَوْمَ بَدْرٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَفِّلْنِيْهِ فَقَالَ ضَعْهُ مِنْ حَيْثُ اَخَذْتَهٗ ثُمَّ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَفِّلْنِيْهِ فَقَالَ ضَعْهُ مِنْ حَيْثُ اَخَذْتَهٗ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَفِّلْنِيْهِ فَقَالَ ضَعْهُ مِنْ حَيْثُ اَخَذْتَهٗ اَتُجْعَلُ كَمَنْ لَّا غِنٰى لَهٗ اَوْ قَالَ اَوَ جُعِلَ كَمَنْ لَا غِنٰى لَهٗ اَلشَّكُّ مِنَ ابْنِ مَرْزُوْقٍ قَالَ وَنَزَلَ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ كُلِّهَا اَنَّ اِبَاحَةَ الْغَنَائِمِ اِنَّمَا جُعِلَتْ فِيْ بَدْءِ تَحْلِيْلِهَا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَلَمْ يَكُنْ مَا اَضَافَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى مِنْهَا اِلٰى نَفْسِهٖ عَلٰى اَنْ يُّصْرَفَ شَيْءٌ مِنْهَا فِيْ حَقِّ اللّٰهِ تَعَالٰى فَيُصْرَفُ ذٰلِكَ فِيْ ذٰلِكَ الْحَقِّ بِعَيْنِهٖ لَا يَجُوْزُ اَنْ يُّتَعَدّٰى اِلٰى غَيْرِهٖ وَيُصْرَفُ بِعَيْنِهَا اِلٰى سَهْمٍ لِّرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَكُوْنُ مُقَسَّمَةً عَلٰى سَهْمَيْنِ مَصْرُوْفَةً فِيْ وَجْهَيْنِ بَلْ جُعِلَتْ كُلُّهَا

پس آپ نے ان کے درمیان برابر تقسیم فرمایا تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ جوں ہی اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ "آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں" نازل فرمائی تو آپ نے تمام مال ان کے درمیان تقسیم فرما دیا اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف منسوب کیا وہ فرض ہے اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جس کی نسبت کی وہ تملیک (مالک بنانے) کے طور پر۔

اس سلسلے میں ایک اور مفہوم بھی بیان ... ہے۔

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میرے بارے میں چار آیات نازل ہوئی ہیں مجھے بدر کے دن ایک تلوار ملی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیک وسلم) یہ مجھے عطا کیجئے آپ نے فرمایا اسے جہاں سے لیا ہے وہاں ہی رکھ دیں پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تلوار مجھے عطا کیجئے آپ نے فرمایا اسے وہیں رکھو جہاں سے تم نے اسے لیا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ مجھے عطا کیجئے آپ نے فرمایا اسے وہاں ہی رکھیں جہاں سے لیا ہے کیا تجھے اس شخص کی طرح قرار دیا جائے جو مالدار نہیں یا فرمایا اسے اس کی طرح کر دیا جائے جسے [illegible] نہیں (ابن مرزوق کو شک ہے) وہ فرماتے ہیں اس پر آیت کریمہ "اور آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں" نازل ہوئی۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ان تمام روایات میں غنیمتوں کے حلال ہونے کا جو ذکر ہے [illegible] میں اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قرار دیا گیا پس اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اپنی ذات کی طرف منسوب کیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے حق پر خرچ کیا جائے وہ بعینہ اس کے حق پر خرچ کیا جائے اور کسی دوسری طرف اس کا پھرنا جائز نہ ہو، اور اسے بعینہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حصے کی طرف پھیرا جائے اور اس کو دو حصوں پر تقسیم کر کے دو جگہوں پر خرچ کیا جائے بلکہ یہ تمام مال ایک ہی مصرف پر خرچ کیا جائے گا یعنی

مُتَصَرِّفَۃً فِیْ وَجْہٍ وَّاحِدٍ وَّھُوَ اَنْ جُعِلَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یَسْتَاْثِرْ بِھَا عَلٰی اَصْحَابِہٖ وَلَمْ یَخُصَّ بِھَا بَعْضَھُمْ دُوْنَ بَعْضٍ بَلْ عَمَّھُمْ بِھَا جَمِیْعًا وَسَوّٰی بَیْنَھُمْ فِیْھَا وَلَمْ یُخْرِجْ مِنْھَا لِلّٰہِ خُمُسًا لِاَنَّ اٰیَۃَ الْخُمُسِ فِی الْاَفْیَاءِ وَاٰیَۃَ الْغَنَائِمِ لَمْ تَکُنْ نَزَلَتْ عَلَیْہِ حِیْنَئِذٍ فَفِیْمَا ذَکَرْنَا مَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّہٗ لَمَّا نَزَلَتْ اٰیَۃُ الْغَنَائِمِ وَھِیَ الَّتِیْ وَقَعَ فِیْ تَاْوِیْلِھَا مِنَ الْاِخْتِلَافِ مَا قَدْ ذَکَرْنَا اَنْ لَّا یَکُوْنَ مَا اَضَافَ اللّٰہُ تَعَالٰی مِنْھَا اِلٰی نَفْسِہٖ مِنَ الْغَنَائِمِ یَجِبُ بِہٖ لِلّٰہِ فِیْھَا سَھْمٌ فَیَکُوْنُ ذٰلِکَ السَّھْمُ خِلَافَ سَھْمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْھَا وَلٰکِنَّہٗ کَانَ مِنْہُ عَلٰی اَنَّ لَہٗ عَزَّ وَجَلَّ فَرْضٌ اَنْ یُّقْسَمَ عَلٰی مَا سَمَّاہُ مِنَ الْوُجُوْہِ الَّتِیْ ذَکَرْنَاھَا فَبَطَلَ بِذٰلِکَ قَوْلُ مَنْ ذَھَبَ اِلٰی اَنَّ الْغَنِیْمَۃَ تُقْسَمُ عَلٰی سِتَّۃِ اَسْھُمٍ۔

کہ اسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ قرار دیا جائے پھر آپ اس کے ساتھ نہ تو صحابہ کرام کو ترجیح دیں اور نہ بعض کو چھوڑ کر دوسرے بعض کے لیے اسے خاص کریں بلکہ ان سب کو عطا فرمائیں اور ان کے درمیان برابر تقسیم کریں اور اس میں سے اللہ تعالیٰ کے لیے پانچواں حصہ نہ نکالا جائے کیونکہ آیت خمس مال فئی کے بارے میں نازل ہوئی اور اس وقت تک آپ پر غنیمتوں کے بارے میں آیت نازل نہیں ہوئی تھی تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ جب غنیمتوں والی آیت نازل ہوئی اور یہ وہ ہے جس کی تاویل میں اختلاف ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے غنیمتوں سے اپنی ذات کی طرف منسوب کیا اس سے اللہ تعالیٰ کے لیے ایسا حصہ ثابت نہیں ہوتا جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ کے خلاف ہو بلکہ اللہ تعالیٰ کا حصہ ان لوگوں پر تقسیم ہونا چاہیے جن کا ہم نے ذکر کیا اس سے ان لوگوں کا قول باطل ہو گیا جن کے نزدیک غنیمت کو چھ حصوں پر تقسیم کیا جاتا ہے۔

۱۱۲۲- ثُمَّ رَجَعْنَا اِلٰی قَوْلِ مَنْ ذَھَبَ اِلٰی اَنَّھَا تُقْسَمُ عَلٰی اَرْبَعَۃِ اَسْھُمٍ اِلٰی مَا احْتَجُّوْا بِہٖ فِیْ ذٰلِکَ مِنْ خَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا الَّذِیْ رَوَیْنَاہُ فِیْ صَدْرِ ھٰذَا الْکِتَابِ وَاِنْ کَانَ خَبَرًا مُّنْقَطِعًا لَا یَثْبُتُ مِثْلُہٗ غَیْرَ اَنَّ قَوْمًا مِّنْ اَھْلِ الْعِلْمِ بِالْاٰثَارِ یَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ صَحِیْحٌ وَاَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَلْحَۃَ وَاِنْ کَانَ لَمْ یَکُنْ رَاٰی عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا فَاِنَّمَا اَخَذَ ذٰلِکَ عَنْ مُّجَاھِدٍ وَّعِکْرِمَۃَ مَوْلَی ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا۔

پھر ہم نے ان لوگوں کے قول کی طرف رجوع کیا جن کے نزدیک اسے چار حصوں میں تقسیم کیا جائے انہوں نے اس سلسلے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے جسے ہم نے باب کے شروع میں نقل کیا ہے اگرچہ یہ حدیث منقطع ہے اور اس قسم کی روایت ثابت نہیں ہوتی لیکن روایات کا علم رکھنے والی ایک جماعت کہتی ہے کہ یہ صحیح ہے اور علی بن ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے اگرچہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو نہیں دیکھا لیکن انہوں نے یہ روایت حضرت مجاہد اور حضرت ابن عباس کے آزاد کردہ غلام حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہما سے لی ہے۔

۱۱۲۳- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ فَھْمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَحْمَدَ

حضرت علی بن حسین بن عبدالرحمن فرماتے ہیں میں نے حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے سنا فرماتے تھے اگر کوئی

ابْنَ حَنْبَلٍ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ رَجُلًا رَحَلَ اِلٰى مِصْرَ فَانْصَرَفَ مِنْهَا بِكِتَابِ التَّاوِيْلِ لِمُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ مَا رَاَيْتُ رِحْلَتَهٗ ذَهَبَتْ بَاطِلَةً فَوَجَدْنَا مَا اُضِيْفَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالتَّحِيَّةُ فِيْ اٰيَةِ الْاَنْفَالِ قَدْ كَانَ عَلَى التَّمْلِيْكِ لَا عَلٰى مَا سِوَاهُ فَقَدْ كَانَ فِيْ هٰذَا حُجَّةٌ قَاطِعَةٌ تُغْنِيْنَا عَنِ الْاِحْتِجَاجِ بِمَا سِوَاهَا عَلٰى اَهْلِ هٰذَا الْقَوْلِ وَلٰكِنَّا نُرِيْدُ فِي الْاِحْتِجَاجِ عَلَيْهِمْ فَنَقُوْلُ قَدْ وَجَدْنَا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَضَافَ اِلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مِّنَ الْفَيْءِ فِيْ غَيْرِ الْاٰيَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَدَّمْنَا ذِكْرَهُمَا فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ فَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى التَّمْلِيْكِ مِنْهُ اِيَّاهُ مَا اَضَافَهٗ اِلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ مَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَا اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ ۔

شخص مصر جاکر معاویہ بن صالح کی "کتاب التاویل" لے آئے تو میں اس کے اس سفر کو بے فائدہ نہیں سمجھتا پس ہم نے یوں پایا کہ آیت انفال میں جو کچھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہے وہ محض تملیک کے لیے ہے کوئی دوسرا مفہوم نہیں اس میں قطعی دلیل ہے جو ہمیں کسی دوسری دلیل کے ساتھ ان لوگوں کے خلاف استدلال سے بے نیاز کردیتی ہے لیکن ہم ان کے خلاف مزید دلیل پیش کرنا چاہتے ہیں پس ہم کہتے کہ جن دو آیتوں کا ہم نے اس باب کے شروع میں ذکر کیا ہے ان کے علاوہ آیات میں بھی اللہ تعالیٰ نے فئی کا کچھ حصہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا ہے اس سے مراد بھی "تملیک" ہے ارشاد خداوندی ہے جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کفار سے بطور فئی عطا فرمایا تو تم نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے۔

١١٢٤ - حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ وَاَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيْ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ النَّصْرِيِّ قَالَ اَرْسَلَ اِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اِنَّهٗ قَدْ حَضَرَ الْمَدِيْنَةَ اَهْلُ اَبْيَاتٍ قَوْمِكَ وَقَدْ اَمَرْنَا لَهُمْ بِرَضْخٍ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ فَبَيْنَا اِنَّا كَذٰلِكَ اِذْ جَآءَهٗ حَاجِبُهٗ يَرْفَاُ فَقَالَ هٰذَا عُثْمَانُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَسَعْدٌ وَالزُّبَيْرُ وَطَلْحَةُ يَسْتَاْذِنُوْنَ عَلَيْكَ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُمْ ثُمَّ مَكَثْنَا سَاعَةً فَقَالَ هٰذَا الْعَبَّاسُ وَعَلِيٌّ يَسْتَاْذِنَانِ عَلَيْكَ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُمَا فَدَخَلَ الْعَبَّاسُ قَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا الرَّجُلِ وَهُمَا حِيْنَئِذٍ فِيْمَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَمْوَالِ بَنِي النَّضِيْرِ فَقَالَ الْقَوْمُ

حضرت مالک بن اوس نفری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجھے بلا بھیجا اور فرمایا کہ آپ کی قوم کے کچھ خاندان مدینہ طیبہ میں آئے ہیں اور ہم نے انہیں عطا کرنے کا فیصلہ کیا ہے لہٰذا آپ ان میں تقسیم فرمائیں (فرماتے ہیں) ہم اسی حالت میں تھے کہ آپ کا دربان یرفا آگیا اس نے کہا حضرت عثمان، عبدالرحمٰن بن سعد، زبیر اور طلحہ رضی اللہ عنہم آپ کے پاس آنے کی اجازت طلب کرتے ہیں فرمایا انہیں اجازت دو پھر ہم کچھ دیر ٹھہرے تو اس (دربان) نے کہا حضرت عباس اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما آپ کی خدمت میں حاضری کی اجازت مانگتے ہیں آپ نے فرمایا ان کو اجازت دو حضرت عباس رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور فرمایا اے امیرالمومنین میرے اور اس شخص کے درمیان فیصلہ کیجیے وہ دونوں اسی وقت بنو نضیر سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہونے والے مال فئی میں جھگڑ رہے تھے، حاضرین نے کہا اے امیرالمومنین

اِقْضِ بَيْنَهُمَا يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَرِحْ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَنْ صَاحِبِهٖ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ الَّذِيْ بِاِذْنِهٖ تَقُوْمُ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُوْرِثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ قَالُوْا قَدْ قَالَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ لَهُمَا مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَا نَعَمْ قَالَ فَاِنِّيْ سَاُخْبِرُكُمْ عَنْ هٰذَا الْفَيْءِ اِنَّ اللّٰهَ خَصَّ نَبِيَّهٗ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْطِهٖ غَيْرَهٗ فَقَالَ مَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَا اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ فَوَاللّٰهِ مَا احْتَازَهَا دُوْنَكُمْ وَلَا اسْتَاْثَرَ بِهَا عَلَيْكُمْ وَلَقَدْ قَسَمَهَا بَيْنَكُمْ وَبَثَّهَا فِيْكُمْ حَتّٰى بَقِيَ مِنْهَا هٰذَا الْمَالُ وَكَانَ يُنْفِقُ مِنْهُ عَلٰى اَهْلِهٖ رِزْقَ سَنَةٍ ثُمَّ يَجْمَعُ مَا بَقِيَ مِنْهَا هٰذَا الْمَالُ وَكَانَ يُنْفِقُ مِنْهُ عَلٰى اَهْلِهٖ رِزْقَ سَنَةٍ ثُمَّ يَجْمَعُ مَا بَقِيَ مَجْمَعَ مَالِ اللّٰهِ اَفَلَا تَرٰى اَنَّ قَوْلَهٗ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ هُوَ عَلٰى فِيْ تَمْلِيْكِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَ سَائِرِ النَّاسِ لَيْسَ عَلٰى مِفْتَاحِ الْكَلَامِ الَّذِيْ لَا يَجِبُ لَهٗ بِهٖ مِلْكٌ فَكَذٰلِكَ مَا اَضَافَهٗ اِلَيْهِ اَيْضًا فِيْ اٰيَةِ الْفَيْءِ وَفِيْ اٰيَةِ الْغَنِيْمَةِ اللَّتَيْنِ قَدَّمْنَا ذِكْرَهُمَا فِيْ صَدْرِ هٰذَا الْكِتَابِ هُوَ عَلَى التَّمْلِيْكِ مِنْهُ لَهٗ لَيْسَ عَلٰى اِفْتِتَاحِ الْكَلَامِ الَّذِيْ لَا يَجِبُ لَهٗ بِهٖ مِلْكٌ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا اَنَّ الْفَيْءَ وَالْخُمُسَ مِنَ الْغَنَائِمِ قَدْ كَانَا فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْصَرِفَانِ فِيْ خَمْسَةِ اَوْجُهٍ لَا فِيْ اَكْثَرَ مِنْهَا وَلَا فِيْمَا دُوْنَهَا۔

ان کے درمیان فیصلہ کیجئے اور ان دونوں میں سے ہر ایک کو دوسرے کی طرف سے راحت پہنچائیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں تمہیں اس ذات کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں کیا تم جانتے ہو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہماری (انبیاء کرام) کی وراثت نہیں ہوتی ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے ان سب نے کہا (ہاں) سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات فرمائی ہے پھر آپ نے ان دونوں حضرات سے یہی بات فرمائی ہے تو انہوں نے بھی جواباً "ہاں" فرمایا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا عنقریب میں تمہیں اس مال فئی کے بارے میں خبر دوں گا بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک چیز کے ساتھ خاص فرمایا وہ کسی اور کو نہیں دی ارشاد خداوندی ہے "جو مال اللہ تعالیٰ نے ان کفار سے اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دلایا تم نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے اللہ تعالیٰ کی قسم! رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مال تمہارے علاوہ کسی کے لیے اٹھا نہیں رکھا اور نہ ہی تم پر کسی کو ترجیح دی ہے آپ نے وہ مال تم لوگوں میں تقسیم کر دیا اور پھیلا دیا حتیٰ کہ اس سے یہ مال باقی رہ گیا آپ اس میں سے اپنے گھر والوں پر سال بھر خرچ فرماتے تھے پھر باقی مال کو اللہ تعالیٰ کا مال قرار دے کر جمع فرماتے کیا تم نے انہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی "جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ان کفار سے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو دلایا" یہ اس فئی کے بارے ہیں جس کی ملکیت صرف سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوئی دوسرے لوگوں کو نہیں، اور یہ افتتاح کلام کے لیے نہیں کہ اس کے ساتھ ملک واجب نہ ہو اسی طرح آیت فئی اور آیت غنیمت جو ہم نے پہلے ذکر کی ہیں ان میں بھی آپ کی طرف نسبت تملیک کے طور پر ہے ایسے افتتاح کلام کے طور پر نہیں جس کے سبب آپ کے لیے اس کی ملک واجب نہیں ہوتی تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہو گیا کہ فئی اور غنیمتوں کا خمس سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں پانچ مصارف پر صرف ہوتے تھے نہ اس سے زیادہ پر اور نہ کم پر۔

١١٢٥ - وَقَدْ كَتَبَ إِلَيَّ عَلِيُّ ابْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ يُحَدِّثُنِي عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ لَهِيعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ رَأَيْتُ الْغَنَائِمَ تُجَزَّأُ خَمْسَةَ أَجْزَاءٍ ثُمَّ تُسْهَمُ عَلَيْهِمْ فَمَا أَصَابَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ لَهُ لَا يَتَخَيَّرُ.

١١٢٦ - ثُمَّ حَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ ثَنَا أَبِي وَسَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ وَمَتْنِهِ عَنْهُمَا.

١١٢٧ - حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ مِمَّا أَصَابَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ لَهُ وَيُقْسَمُ الْبَقِيَّةُ بَيْنَهُمْ وَقَدْ رُوِيَ ذَلِكَ أَيْضًا عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ.

١١٢٨ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ الْجَزَّارِ يَقُولُ سَهْمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُمُسُ الْخُمُسِ.

١١٢٩ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ خُمُسُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَخُمُسُ الرَّسُولِ وَاحِدٌ ثُمَّ تَكَلَّمُوا فِي تَأْوِيلِ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلِذِي الْقُرْبَى مِنْهُمْ.

اور حضرت علی بن عبدالعزیز نے مجھے (امام طحاوی) کو لکھا وہ اپنی سند سے روایت کرتے ہوئے حضرت نافع سے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے دیکھا کہ غنیمتیں پانچ حصوں میں تقسیم ہوتی تھیں پھران میں سے ہر ایک کو حصہ ملتا تھا جو کچھ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملتا وہ آپ ہی کے لیے ہوتا کسی اور کے لیے جمع نہ کیا جاتا۔

پھر مجھ (امام طحاوی) سے یہی حدیث یحییٰ بن عثمان نے بیان کی وہ فرماتے ہیں میرے والد اور سعید بن عفیر نے ہم سے بیان کیا۔ پھر انہوں نے اسی سند اور متن کے ساتھ ذکر کیا۔

حضرت ابن مبارک فرماتے ہیں ہمیں ابن لہیعہ نے خبر دیتے ہوئے اپنی سند سے اسی کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ آپ ہی کے لیے ہوتا اور باقی ماندہ ان حضرات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہی بات حضرت یحییٰ بن جزار اور عطاء بن ابی رباح سے مروی ہے۔

حضرت موسیٰ بن ابی عائشہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے یحییٰ بن جزار سے سنا وہ فرماتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ، خمس کا خمس (یعنی خمس کا پانچواں حصہ) ہوتا تھا۔

حضرت عبدالملک بن ابی سلیمان رضی اللہ عنہ حضرت عطاء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا پانچواں حصہ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ ایک ہی چیز ہے۔ پھر علماء نے ارشاد خداوندی میں قرابت داروں کے لیے حصہ کے مفہوم میں گفتگو کی ہے۔

۱۱۳۰- فَقَالَ بَعْضُهُمْ هُمْ بَنُوْهَاشِمِ الَّذِيْنَ
حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الصَّدَقَةَ لَا مَنْ سِوَاهُمْ
مِنْ ذَوِيْ قُرْبٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ مِّنَ الْفَيْءِ وَمِنْ خُمُسِ
الْغَنَائِمِ مَا جُعِلَ لَهُمْ مِنْهَا بَدَلًا مِّمَّا حَرَّمَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ مِّنَ الصَّدَقَةِ وَقَالَ قَوْمٌ هُمْ بَنُوْ
هَاشِمٍ وَبَنُوا الْمُطَّلِبِ خَاصَّةً دُوْنَ مَنْ سِوَاهُمْ
مِنْ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ۔

۱۱۳۱- وَقَالَ قَوْمٌ هُمْ قُرَيْشٌ كُلُّهَا الَّذِيْنَ
يَجْمَعُهُ وَاٰبَاءَهُمْ اَقْصٰى اٰبَائِهٖ مِنْ قُرَيْشٍ دُوْنَ
مَنْ سِوَاهُمْ مِمَّنْ يُّقَارِبُهٗ مِنْ قِبَلِ اُمَّهَاتِهٖ
مِمَّنْ لَيْسَ مِنْ قُرَيْشٍ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ
عَلَيْهِ اَنْ يَّعُمَّهُمْ اِنَّمَا كَانَ عَلَيْهِ اَنْ يُّعْطِيَ
مَنْ رَاٰى اِعْطَاءَهٗ مِنْهُمْ دُوْنَ بَقِيَّتِهِمْ۔

۱۱۳۲- وَقَالَ قَوْمٌ هُمْ قَرَابَتُهٗ مِنْ قِبَلِ
اٰبَائِهٖ اِلٰى اَقْصٰى اَبٍ لَّهٗ مِنْ قُرَيْشٍ وَمِنْ
قِبَلِ اُمَّهَاتِهٖ اِلٰى اَقْصٰى اُمٍّ لِكُلِّ اُمٍّ مِّنْهُنَّ
مِنَ الْعَشِيْرَةِ الَّتِيْ هِيَ مِنْهَا غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ
عَلَيْهِ اَنْ يَّعُمَّهُمْ بِعَطِيَّتِهٖ اِنَّمَا يُعْطِيْ مَنْ رَّاٰى
اِعْطَاءَهٗ مِنْهُمْ۔

۱۱۳۳- وَقَدِ احْتَجَّ كُلُّ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ لِمَا
ذَهَبَ اِلَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ بِمَا سَنَذْكُرُهٗ فِيْ كِتَابِنَا
هٰذَا وَنَذْكُرُ مَعَ ذٰلِكَ مَا يَلْزَمُهٗ مِنْ مَّذْهَبِهٖ
اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاَمَّا اَهْلُ الْقَوْلِ الْاَوَّلِ
الَّذِيْنَ جَعَلُوْهُ لِبَنِيْ هَاشِمٍ خَاصَّةً۔

۱۱۳۴- فَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ
جَلَّ اخْتَصَّهُمْ بِذٰلِكَ بِتَحْرِيْمِ الصَّدَقَةِ
عَلَيْهِمْ فَاِنَّ قَوْلَهُمْ هٰذَا عِنْدَنَا فَاسِدٌ لِاَنَّ

ان میں سے بعض نے فرمایا کہ اس سے بنو ہاشم مراد ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے صدقہ حرام کیا ہے ان کے علاوہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے قرابت دار مراد نہیں ہیں ان (بنو ہاشم) کے لیے اللہ تعالیٰ نے مال فئی اور غنیمتوں کے خمس سے حصہ مقرر فرمایا یہ اس صدقہ کا بدلہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ان پر حرام فرمایا، بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ان سے صرف بنو ہاشم اور بنو مطلب مراد ہیں ان کے علاوہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے رشتہ دار مراد نہیں ہیں۔

کچھ حضرات نے فرمایا اس سے وہ تمام قریش مراد ہیں جو ان (بنو ہاشم) کے ساتھ جد اعلیٰ قریش پر اکٹھے ہو جاتے ہیں اس میں آپ کے وہ رشتہ دار داخل نہیں جو ماؤں کی طرف سے آپ کے قریبی ہیں لیکن قریش نہیں ہیں، لیکن آپ پر واجب نہیں تھا کہ ان سب کو عطا کریں بلکہ آپ جس کو دینا مناسب سمجھتے اس کو عطا کرنا واجب تھا دوسروں کو نہیں۔

بعض حضرات کے نزدیک اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو آپ کے آباؤ اجداد کی طرف سے قریش کے آخری باپ تک آپ سے رشتہ رکھتے ہوں اور آپ کی ماؤں کی طرف سے اس قبیلہ کی آخری ماں تک جس قبیلہ سے اس کا تعلق ہے البتہ ان سب کو دینا بھی واجب نہ تھا بلکہ آپ جسے مناسب سمجھتے عطا فرمائے۔

ان میں سے ہر مسلک والے نے اپنے موقف پر استدلال کیا ہے جسے ہم اپنی اس کتاب میں عنقریب ذکر کریں گے اس کے ساتھ ہی ہم وہ بات بھی ذکر کریں گے جو ان کے مذہب سے لازم آتی ہے (ان شاء اللہ تعالیٰ) پہلے قول والے جنہوں نے اسے صرف بنو ہاشم کے لیے قرار دیا ہے۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صدقہ کے حرام ہونے کے سلسلے میں انہیں مختص کیا لیکن ہمارے نزدیک ان کا یہ قول صحیح نہیں کیونکہ جب سرکار دو عالم صلی اللہ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَرَّمَتِ الصَّدَقَةُ عَلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ قَدْ حَرَّمَهَا عَلٰى مَوَالِيْهِمْ كَتَحْرِيْمِهِ إِيَّاهَا عَلَيْهِمْ وَتَوَاتَرَتْ عَنْهُ الْاٰثَارُ بِذٰلِكَ۔

علیہ وسلم نے جب بنو ہاشم پر صدقہ حرام کیا تو جس طرح ان پر حرام فرمایا اسی طرح ان کے غلاموں پر بھی حرام کیا ہے اس سلسلے میں متواتر روایات مروی ہیں

١١٣٥ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْحَكَمِ عَنِ الْمِقْسَمِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اُسْتُعْمِلَ أَرْقَمُ بْنُ أَرْقَمَ عَلَى الصَّدَقَاتِ فَاسْتَتْبَعَ أَبَا رَافِعٍ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ يَا أَبَا رَافِعٍ إِنَّ الصَّدَقَةَ حَرَامٌ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَإِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ۔

حضرت مقسم، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ارقم بن ارقم رضی اللہ عنہ کو صدقات پر عامل مقرر کیا گیا ہے تو انہوں نے حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ لے جانا چاہا وہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس بات کا سوال کیا تو آپ نے فرمایا اے ابو رافع! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر صدقہ حرام ہے اور قوم کا غلام انہی میں سے ہوتا ہے۔

١١٣٦ - حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَإِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ أَبِيْ رَافِعٍ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا مِّنْ بَنِيْ مَخْزُوْمٍ عَلَى الصَّدَقَةِ فَقَالَ لِأَبِيْ رَافِعٍ أَصْحِبْنِيْ كَيْمَا تُصِيْبَ مِنْهَا فَقَالَ حَتّٰى أَسْتَأْذِنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ إِنَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ لَا يَحِلُّ لَهُمُ الصَّدَقَةُ وَإِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ۔

حضرت حکم، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت ابو رافع کے بیٹے سے روایت کرتے ہیں وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو مخزوم کے ایک شخص کو صدقہ وصول کرنے کے لیے بھیجا تو انہوں نے کہا اے ابو رافع! آپ بھی میرے ساتھ چلیں تاکہ آپ کو بھی کچھ حاصل ہو انہوں نے فرمایا میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لیے بغیر نہیں جا سکتا پھر وہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور یہ معاملہ ذکر کیا آپ نے فرمایا آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لیے صدقہ حلال نہیں اور کسی قوم کا غلام ان ہی میں سے ہوتا ہے۔

١١٣٧ - حَدَّثَنَا رَبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ كُلْثُوْمٍ ابْنَةِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ورقاء بن عمر، حضرت عطاء بن سائب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ ہمارے ایک آزاد کردہ غلام

فَقَالَتْ اِنَّ مَوْلًى لَنَا يُقَالُ لَهٗ هُرْمُزُ اَوْ كَيْسَانُ اَخْبَرَ اَنَّهٗ مَرَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَدَعَانِىْ فَقَالَ يَا فُلَانُ اِنَّا اَهْلُ بَيْتٍ قَدْ نُهِيْنَا اَنْ نَّاْكُلَ الصَّدَقَةَ وَاِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَلَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ فَلَمَّا كَانَتِ الصَّدَقَةُ الْمُحَرَّمَةُ عَلٰى بَنِىْ هَاشِمٍ قَدْ دَخَلَ فِيْهِمْ مَوَالِيْهِمْ وَلَمْ يَدْخُلْ مَوَالِيْهِمْ مَعَهُمْ فِىْ سَهْمِ ذَوِى الْقُرْبٰى بِاتِّفَاقِ الْمُسْلِمِيْنَ ثَبَتَ بِذٰلِكَ فَسَادُ قَوْلِ مَنْ قَالَ اِنَّمَا جُعِلَتْ لِذَوِى الْقُرْبٰى فِىْ اٰيَةِ الْفَيْءِ وَفِىْ اٰيَةِ خُمُسِ الْغَنِيْمَةِ بَدَلًا مِّمَّا حُرِّمَ عَلَيْهِمُ الصَّدَقَةُ۔

وَيُفْسِدُ هٰذَا الْقَوْلَ اَيْضًا مِّنْ جِهَةٍ اُخْرٰى وَذٰلِكَ اَنَّا رَاَيْنَا الصَّدَقَةَ لَوْ كَانَتْ حَلَالًا لِّبَنِىْ هَاشِمٍ كَهِىَ لِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ لَكَانَتْ حَرَامًا عَلٰى اَغْنِيَائِهِمْ كَحُرْمَتِهَا عَلٰى اَغْنِيَاءِ جَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ مِمَّنْ سِوَاهُمْ وَقَدْ رَاَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَدْخَلَ بَنِىْ هَاشِمٍ فِىْ سَهْمِ ذَوِى الْقُرْبٰى جَمِيْعًا وَفِيْهِمُ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَقَدْ كَانَ مُوْسِرًا فِى الْجَاهِلِيَّةِ وَالْاِسْلَامِ جَمِيْعًا اَلَا تَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ تَعَجَّلَ مِنْهُ زَكٰوةَ مَالِهٖ عَامَيْنِ فَلَمَّا رَاَيْنَا يَسَارَهٗ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ سَهْمِ ذَوِى الْقُرْبٰى وَكَانَ ذٰلِكَ الْيَسَارُ يَمْنَعُهٗ مِنَ الصَّدَقَةِ قَبْلَ تَحْرِيْمِ اللّٰهِ اِيَّاهَا عَلٰى بَنِىْ هَاشِمٍ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ سَهْمَ ذَوِى الْقُرْبٰى لَمْ يُجْعَلْ لِمَنْ جُعِلَ لَهٗ خَلَفًا مِّنَ الصَّدَقَةِ الَّتِىْ

ہرمز یا (فرمایا) کیسان نے خبر دی کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرے فرماتے ہیں مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلا کر فرمایا اے فلاں! ہم اہل بیت کو صدقہ کھانے سے روکا گیا ہے اور قوم کا غلام ان ہی میں سے ہوتا ہے لہٰذا تم بھی صدقہ نہ کھانا تو جب صدقہ کے حرام ہونے کے سلسلے میں بنو ہاشم میں ان کے غلام بھی شامل ہیں اس بات پر مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ قرابت داروں کے حصے میں ان کے ساتھ غلام شامل نہیں تو اس سے ان لوگوں کے قول کا فساد ثابت ہو گیا جو کہتے ہیں کہ آیت فئی اور خُمس غنیمت کی آیت میں قرابت داروں کا حصہ ان پر صدقہ کے حرام ہونے کے بدلے میں رکھا گیا ہے۔

یہ قول ایک اور وجہ سے بھی فاسد ہو جاتا ہے وہ یوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ اگر صدقہ بنو ہاشم کے لیے بھی حلال ہوتا جس طرح تمام مسلمانوں کے لیے حلال ہے تو ان کے مالداروں پر حرام ہوتا جس طرح دیگر مسلمانوں کے مالداروں پر حرام ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کے حصے میں تمام بنو ہاشم کو داخل فرمایا اور ان میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں حالانکہ وہ دورِ جاہلیت اور اسلام کے دور میں بھی مالدار تھے کیا تم نہیں دیکھتے کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دو سال کی زکوٰۃ پیشگی وصول فرمائی تو جب ہم نے دیکھا کہ ان کی مالداری نے ان کو قرابت داروں کے حصے سے محروم نہیں کیا حالانکہ یہ مالداری بنو ہاشم پر صدقہ کے حرام ہونے سے پہلے بھی ان کے لیے صدقہ کو حرام کر تی تھی تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جن لوگوں کے لیے یہ حصہ مقرر کیا گیا حرمت صدقہ کے بدلے میں مقرر نہیں کیا گیا اور جو لوگ اس بات کی طرف گئے ہیں کہ اس

حُرِّمَتْ عَلَيْهِ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ذَهَبُوْا اِلٰى اَنَّ ذَوِي الْقُرْبٰى فِي الْاٰيَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَلَوْنَاهُمَا فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ هُمْ بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ خَاصَّةً فَاِنَّهُمْ اِحْتَجُّوْا لِقَوْلِهِمْ بِمَا رَوٰى جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ.

١١٣٩- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَحْرِ بْنِ مَطَرٍ الْبَغْدَادِيَّانِ قَالَا ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ لَمَّا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى بِهٖ اَعْطٰى بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ وَلَمْ يُعْطِ بَنِيْ اُمَيَّةَ شَيْئًا فَاَتَيْتُ اَنَا وَعُثْمَانُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰؤُلَاءِ بَنُوْ هَاشِمٍ فَضَّلَهُمُ اللّٰهُ بِكَ فَمَا بَالُنَا وَبَنِي الْمُطَّلِبِ وَاِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ فِي النَّسَبِ شَيْءٌ وَاحِدٌ فَقَالَ اِنَّ بَنِي الْمُطَّلِبِ لَمْ يُفَارِقُوْنِيْ.

قَالُوْا فَلَمَّا رَاَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَمَّ بِعَطِيَّتِهٖ مَا اُمِرَ اَنْ يُعْطِيَهُ ذَوِيْ قُرْبَاهُ بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ وَحَرَمَ مَنْ فَوْقَهُمْ فَلَمْ يُعْطِهِ شَيْئًا دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَنْ فَوْقَهُمْ لَيْسُوْا مِنْ ذَوِيْ قُرْبَاهُ وَهٰذَا الْقَوْلُ اَيْضًا عِنْدَنَا فَاسِدٌ لِاَنَّا قَدْ رَاَيْنَاهُ قَدْ حَرَمَ بَنِيْ اُمَيَّةَ وَبَنِيْ نَوْفَلٍ وَلَمْ يُعْطِهِمْ شَيْئًا لِاَنَّهُمْ لَيْسُوْا قَرَابَةً وَكَيْفَ لَا يَكُوْنُوْنَ قَرَابَةً وَمَوْضِعُهُمْ مِنْهُ كَمَوْضِعِ بَنِي الْمُطَّلِبِ فَلَمَّا كَانَ بَنُوْ اُمَيَّةَ وَبَنُوْ نَوْفَلٍ لَمْ يَخْرُجُوْا مِنْ قَرَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَرْكِهٖ اِعْطَاءَهُمْ كَانَ كَذٰلِكَ مَنْ فَوْقَهُمْ مِمَّنْ

باب کے شروع میں مذکور دو آیتوں میں جن قرابت داروں کا ذکر ہے وہ صرف بنو ہاشم اور بنو مطلب ہیں انہوں نے اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے۔

حضرت سعید بن مسیب، حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کا حصہ تقسیم فرمایا تو وہ بنو ہاشم اور بنو مطلب ہی کو دیا بنو امیہ کو کچھ بھی نہ دیا چنانچہ میں اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ! ان بنو ہاشم کو تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی وجہ سے فضیلت دی ہے لیکن ہمارا اور بنو مطلب کا کیا معاملہ ہے وہ اور ہم نسب میں برابر ہیں آپ نے فرمایا وہ (بنو مطلب) جاہلیت اور اسلام [illegible] میں مجھ سے جدا نہیں ہوئے۔

ابوداؤد ۲/۶۱ نسائی ۲/۱۷۸

یہ علماء فرماتے ہیں جب [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کو عطیہ [illegible] مطابق بنو ہاشم اور بنو مطلب مختص کر دیا [illegible] والوں کو محروم کیا انہیں کچھ بھی نہ دیا تو یہ اس بات [illegible] کہ اوپر والے قرابت داروں میں سے نہیں [illegible] نزدیک یہ قول بھی فاسد ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں [illegible] نے بنو امیہ اور بنو نوفل دونوں کو محروم کیا [illegible] کیونکہ وہ قرابت دار نہ تھے تو وہ کیسے [illegible] گے جب کہ ان کا مقام وہی ہے جو بنو مطلب [illegible] تو جب غنیمت عطا کرنے کے باوجود بنو امیہ [illegible] سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت سے [illegible] ان سے اوپر کے جتنے بھی لوگ قریش ہیں [illegible] کی وجہ سے آپ کی قرابت داری سے خارج نہیں [illegible]

سَائِرِ بُطُوْنِ قُرَيْشٍ لَا يَخْرُجُوْنَ مِنْ قَرَابَتِهٖ بِتَرْكِهٖ إِعْطَاءَهُمْ وَقَدْ أَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْضًا مِّنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى مَنْ لَيْسَ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ وَلَا مِنْ بَنِي الْمُطَّلِبِ وَلٰكِنَّهُ مِنْ قُرَيْشٍ مِّمَّنْ يَلْقَاهُ إِلٰى أَبٍ هُوَ أَبْعَدُ مِنَ الْأَبِ الَّذِيْ يَلْقَاهُ عَنْهُ بَنُوْ أُمَيَّةَ وَبَنُوْ نَوْفَلٍ وَهُوَ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کے حصہ سے ان لوگوں کو بھی عطا کیا جو نہ تو بنو ہاشم تھے اور نہ ہی بنو مطلب، بلکہ وہ قریش کے اس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے جو آپ سے اس پشت میں ملتے تھے جو بنو امیہ اور بنو نوفل کے آباء سے دُور کی پشت ہے اور وہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ ہیں۔

۱۱۳۹- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ يَحْيَى ابْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ بِأَرْبَعَةِ أَسْهُمٍ سَهْمٌ لِلزُّبَيْرِ وَسَهْمٌ لِذِي الْقُرْبٰى لِصَفِيَّةَ بِنْتِ عَبْدِ

حضرت یحییٰ بن عباد بن عبد اللہ بن زبیر (رضی اللہ عنہم) اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے تھے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے لیے چار حصے مقرر فرمائے ایک حصہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے دوسرا حصہ قرابت داری کا جو ان کی والدہ حضرت صفیہ بنت عبد المطلب کے لیے اور دو حصے گھوڑے کے لیے۔

۱۱۴۰- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ دَاوُدَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ دَاوُدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ يَوْمَ خَيْبَرَ أَرْبَعَةَ أَسْهُمٍ سَهْمًا لَهُ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ وَسَهْمَيْنِ لِلْفَرَسِ وَسَهْمًا لِذِي الْقُرْبٰى۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ نے خیبر کے دن حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو چار حصے عطا فرمائے عام مسلمانوں کے حصے کے ساتھ ایک حصہ ان کو دو حصے گھوڑے کے لیے اور ایک حصہ قرابت داری کا (حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو)

۱۱۴۱- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كَانَ الزُّبَيْرُ يُضْرَبُ لَهُ فِي الْغَنَمِ بِأَرْبَعَةِ أَسْهُمٍ سَهْمَيْنِ لِفَرَسِهٖ وَسَهْمَانِ لِذِي الْقُرْبٰى فَلَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَعْطَى الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ لِقَرَابَتِهٖ مِنْهُ مِنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالزُّبَيْرُ لَيْسَ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ

حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہا اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے مالِ غنیمت میں چار حصے مقرر کیے گئے دو حصے آپ کے گھوڑے کے لیے ایک حصہ قرابتدار (حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا) کیلئے تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ قرابت کی وجہ سے قرابت داروں کے حصے سے عطا فرمایا حالانکہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نہ تو بنو ہاشم سے تھے اور نہ ہی بنو مطلب سے،

وَلَا بَنِي الْمُطَّلِبِ وَقَدْ جَعَلَهُ فِيمَا أَعْطَاهَا مِنْ ذٰلِكَ كَبَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ دَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ ذَوِي الْقُرْبَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمْ بَنُو هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ وَمَنْ سِوَاهُمْ مِنْ ذَوِي قَرَابَتِهِ

اور انکو عطا فرما کر آپنے بنو ہاشم بنو مطلب اور ان کے علاوہ دیگر قرابتداروں کی طرح بنا دیا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ قرابتداروں سے بنو ہاشم بنو مطلب اور ان کے علاوہ آپکے دیگر رشتہ دار مراد ہیں۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ إِنَّ الزُّبَيْرَ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ فَإِنَّ أُمَّهُ مِنْهُمْ وَهِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ فَبِهٰذَا أَعْطَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَعْطَاهُ فَقَامَ عِنْدَهُ بِمَوْضِعِهِ مِنْهُ بِأُمِّهِ مَقَامَ غَيْرِهِ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ

اگر کوئی شخص کہے کہ اگرچہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بنو ہاشم سے نہ تھے لیکن ان کی والدہ تو ان (بنو ہاشم) سے تھیں اور وہ حضرت صفیہ بنت عبد المطلب ہیں اسی وجہ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں عطا فرمایا جو کچھ عطا کیا، تو وہ اپنی والدہ کی وجہ سے بنو ہاشم کے دیگر افراد کی طرح ہو گئے۔

قِيلَ لَهُ لَوْ كَانَ مَا وَصَفْتَ كَمَا ذَكَرْتَ إِذًا لَأَعْطَى مَنْ سِوَاهُ مِنْ غَيْرِ بَنِي هَاشِمٍ مِمَّنْ أُمُّهُ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ وَقَدْ كَانَ بِحَضْرَتِهِ مِنْ غَيْرِ بَنِي هَاشِمٍ مِمَّنْ أُمَّهَاتُهُمْ هَاشِمِيَّاتٌ مِمَّنْ هُوَ أَمَسُّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَسَبِ أُمِّهِ رَحِمًا مِنَ الزُّبَيْرِ مِنْهُمْ أُمَامَةُ ابْنَةُ أَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيعِ وَقَدْ حَرَمَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُعْطِهَا شَيْئًا مِنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبَى إِذْ حَرَّمَ بَنِي أُمَيَّةَ وَهِيَ مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ وَلَمْ يُعْطِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأُمِّهَا أَنَّهَا هَاشِمِيَّةٌ وَهِيَ زَيْنَبُ ابْنَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهَا وَحَرَمَ أَيْضًا جَعْدَةَ بْنَ هُبَيْرَةَ الْمَخْزُومِيَّ فَلَمْ يُعْطِهِ شَيْئًا وَأُمُّهُ أُمُّ هَانِئٍ ابْنَةُ أَبِي طَالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ فَلَمْ يُعْطِهِ بِأُمِّهِ شَيْئًا إِذْ كَانَتْ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ

اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا اگر اس کی وجہ وہ ہوتی جو تم نے ذکر کی ہے تو آپ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے علاوہ ان دیگر غیر ہاشمیوں کو بھی عطا فرماتے جن کی مائیں بنو ہاشم سے تھیں۔ آپ کے سامنے ایسے لوگ بھی تھے جو بنو ہاشم سے نہیں تھے لیکن ان کی مائیں ہاشمی تھیں اور وہ ماں کے لحاظ سے آپ کے ساتھ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی نسبت زیادہ قرب رکھتے تھے۔ ان میں سے حضرت ابو العاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت امامہ رضی اللہ عنہا ہیں لیکن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں محروم رکھا اور قرابت داروں کے حصے میں سے انہیں کچھ بھی نہیں دیا کیونکہ یہ مال بنو امیہ پر حرام تھا اور وہ بنو امیہ سے تعلق رکھتی تھیں آپ نے ان کی ہاشمی والدہ یعنی حضرت زینب بنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ عنہا کی وجہ سے کچھ نہ دیا اسی طرح حضرت جعدہ بن ہبیرہ مخزومی کو محروم کیا اور انہیں کچھ نہ دیا حالانکہ ان کی والدہ حضرت ام ہانی بنت ابی طالب بن عبد المطلب ہاشمیہ تھیں تو ان کی والدہ کے ہاشمیہ ہونے کے باوجود انہیں کچھ نہ دیا۔

فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ الْمَعْنَى الَّذِي أَعْطَى بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ آپ نے حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو قرابت داروں کے حصے سے جو کچھ دیا وہ مال

الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ مَا أَعْطَاهُ مِنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى لَيْسَ لِقَرَابَتِهٖ لِأُمِّهٖ وَلٰكِنَّهٗ لِمَعْنًى غَيْرِ ذٰلِكَ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا أَنَّ ذَوِي قُرْبٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمْ بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ وَمَنْ سِوَاهُمْ مِمَّنْ هُوَ لَهٗ قَرَابَةٌ مِنْ غَيْرِ بَنِيْ هَاشِمٍ وَمِنْ غَيْرِ بَنِي الْمُطَّلِبِ وَقَدْ أَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ رَسُوْلَهٗ فِيْ غَيْرِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ فَلَمْ يَقْصِدْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنِّذَارَةِ بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ خَاصَّةً بَلْ قَدْ أَنْذَرَ مِنْ قَوْمِهٖ مِمَّنْ هُوَ أَبْعَدُ مِنْهُ رَحِمًا مِنْ بَنِيْ أُمَيَّةَ وَمِنْ بَنِيْ نَوْفَلٍ۔

کی وجہ سے (حاصل ہونے والی) قرابت کی بنیاد پر نہیں تھا بلکہ کسی اور وجہ سے تھا تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار بنو ہاشم اور بنو مطلب ہیں اور ان کے علاوہ وہ لوگ بھی جو اگرچہ بنو ہاشم یا بنو مطلب سے تعلق نہیں رکھتے لیکن انہیں آپ کے ساتھ قرابت ہے اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے علاوہ ارشاد فرمایا "آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں"۔ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ڈرانے کے ساتھ صرف بنو ہاشم اور بنو مطلب کا قصد نہیں فرمایا بلکہ آپ نے اپنی قوم کے ان لوگوں کو بھی ڈرایا جو آپ سے دور کا رشتہ رکھتے تھے اور ان کا بنو امیہ اور بنو نوفل سے تعلق تھا۔

۱۱۴۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ اجْمَعْ لِيْ بَنِيْ هَاشِمٍ وَهُمْ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا أَوْ أَرْبَعُوْنَ إِلَّا رَجُلًا ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ۔

حضرت عبادہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب آیت کریمہ "اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں" نازل ہوئی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اے علی! بنو ہاشم کو میرے پاس جمع کرو اور وہ چالیس یا انتالیس مرد تھے پھر مکمل حدیث ذکر کی۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ أَنَّهٗ قَصَدَ بِالنِّذَارَةِ إِلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ خَاصَّةً۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں ہے کہ آپ نے صرف بنو ہاشم کو ڈرانے کا قصد فرمایا۔

۱۱۴۳ - فَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الْغَفَّارِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبَّاسٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ مِثْلَهٗ غَيْرَ أَنَّهٗ قَالَ اجْمَعْ لِيْ بَنِي الْمُطَّلِبِ

حضرت عبداللہ بن حارث، حضرت ابن عباس سے اور وہ حضرت علی المرتضیٰ (رضی اللہ عنہم) سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ اس میں ہے کہ آپ نے فرمایا بنو مطلب کو میرے پاس بلاؤ۔

۱۱۴۴ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ بْنِ مُوْسٰی قَالَ ثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ وَزُهَيْرِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ اِنْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَضْفَةٍ مِّنْ جَبَلٍ فَعَلَا اَعْلَاهَا ثُمَّ قَالَ يَا بَنِیْ عَبْدِ مُنَافٍ اِنِّیْ نَذِيْرٌ فَفِیْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اِدْخَالُهٗ بَنِیْ عَبْدِ مُنَافٍ مَعَ مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْهُمْ مِنْ قَرَابَتِهٖ۔

حضرت قبیصہ بن مخارق اور حضرت زہیر بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں جب آیت کریمہ "اور اپنے قرابت داروں کو ڈرائیں" نازل ہوئی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایک پہاڑ کے گرم پتھریلے حصے پر تشریف لے گئے پھر اس کے اوپر چڑھ گئے اس کے بعد فرمایا اے بنو مناف! میں ڈرانے والا ہوں اس حدیث کے مطابق آپ نے بنو عبد مناف ان لوگوں میں شامل کیا جنہیں آپ کے ساتھ ان کی نسبت زیادہ قرب حاصل تھا۔

۱۱۴۵ - حَدَّثَنَا رَبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ وَحَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ قَالَا ثَنَا ضِمَامُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ مُوْسٰى بْنِ وَرْدَانَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ يَا بَنِیْ هَاشِمٍ يَا بَنِیْ قُصَيٍّ يَا بَنِیْ عَبْدِ مُنَافٍ اَنَا النَّذِيْرُ وَالْمَوْتُ الْمُغِيْرُ وَالسَّاعَةُ الْمَوْعِدُ فَفِیْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ دَعَا بَنِیْ قُصَيٍّ مَعَ مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْهُمْ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے ارشاد فرمایا اے بنو ہاشم! اے بنو عبد مناف! میں ڈرانے والا ہوں موت لوٹنے والی ہے اور قیامت کا وعدہ ہے اس حدیث میں ہے کہ آپ نے زیادہ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ قصی کی اولاد کو بھی بلایا۔

۱۱۴۶ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ وَعَفَّانُ عَنْ اَبِیْ عَوَانَةَ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مُوْسٰى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ قَامَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادٰى يَا بَنِیْ كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِّنَ النَّارِ يَا بَنِیْ عَبْدِ مُنَافٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِّنَ النَّارِ يَا بَنِیْ هَاشِمٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِّنَ النَّارِ يَا بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنْقِذُوْا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ فرماتے ہیں جب آیت کریمہ اور قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں نازل ہوئی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے آواز دی اے کعب بن لوئی کی اولاد! اپنے آپ کو آگ (جہنم) سے بچاؤ اے عبد مناف کی اولاد! اپنے آپ کو آگ سے بچاؤ، اے بنو ہاشم! اپنے آپ کو آگ سے بچاؤ اے عبد المطلب کی اولاد، اپنے آپ کو آگ سے بچاؤ اے فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ عنہا! اپنے آپ کو آگ سے بچاؤ بے شک میں

اَنْفُسَکُمْ مِنَ النَّارِ یَا فَاطِمَۃُ اِبْنَۃُ مُحَمَّدٍ اَنْقِذِیْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ، فَاِنِّیْ لَا اَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰہِ شَیْئًا غَیْرَ اَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَاَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّهٗ اَنْذَرَ بَنِیْ کَعْبِ بْنِ لُؤَیٍّ مَعَ مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْهُمْ وَ فِی الْحَدِیْثِ اَیْضًا اَنَّهٗ جَعَلَهُمْ جَمِیْعًا ذَوِیْ اَرْحَامٍ۔

۱۱۴۷ - حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ قَالَ ثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَ اَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الصَّفَا فَجَعَلَ یُنَادِیْ یَا بَنِیْ عَدِیٍّ یَا بَنِیْ فُلَانٍ لِبُطُوْنِ قُرَیْشٍ حَتّٰی اجْتَمَعُوْا فَجَعَلَ الرَّجُلُ اِذَا لَمْ یَسْتَطِعْ اَنْ یَّخْرُجَ اَرْسَلَ رَسُوْلًا لِیَنْظُرَ وَجَاءَ اَبُوْ لَهَبٍ وَّقُرَیْشٌ فَاجْتَمَعُوْا فَقَالَ اَرَاَیْتُمْ لَوْ اَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ خَیْلًا بِالْوَادِیْ تُرِیْدُ اَنْ تُغِیْرَ عَلَیْكُمْ اَکُنْتُمْ مُصَدِّقِیَّ قَالُوْا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَیْكَ اِلَّا صِدْقًا قَالَ فَاِنِّیْ نَذِیْرٌ لَّکُمْ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ فَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّهٗ دَعَا بُطُوْنَ قُرَیْشٍ كُلَّهَا۔

۱۱۴۸ - حَدَّثَنَا یُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ ثَنَا سَلَامَۃُ بْنُ رَوْحٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنِی الزُّهْرِیُّ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیِّبِ وَ اَبُوْ سَلَمَۃَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ

تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں سوائے اس کے کہ قرابت داری ہے اسے تر رکھوں گا (صلہ رحمی کروں گا) تو اس حدیث میں ہے کہ آپ نے بنو کعب بن لوئی کو ان لوگوں کے ساتھ رکھا جو ان کی نسبت آپ کے زیادہ قریب تھے تو اس حدیث میں ہے کہ آپ نے ان سب کو ذوی الارحام بنا یا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں جب آیت کریمہ "وانذر عشیرتك الاقربین" نازل ہوئی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صفا (پہاڑی) پر تشریف لے گئے اور پکارنے لگے اے بنو عدی! اے بنو فلاں! قریش کے تمام قبائل کو پکارا یہاں تک کہ وہ جمع ہو گئے حتیٰ کہ جو شخص نہیں آسکتا تھا اس نے اپنا قاصد بھیجا تاکہ وہ جائزہ لے ابو لہب بھی آیا اور تمام قریش آئے پس وہ اکٹھے ہوئے تو آپ نے فرمایا بتاؤ اگر میں تمہیں خبر دوں کہ اس وادی میں ایک لشکر ہے جو تم پر حملہ آور ہونا چاہتا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے انہوں نے عرض کیا "جی ہاں" ہم نے آپ کو ہمیشہ سچا پایا آپ نے فرمایا تو پھر میں تمہیں آنے والے سخت عذاب سے ڈراتا ہوں تو اس حدیث میں ہے آپ نے قریش کے تمام قبائل کو بلایا۔

حضرت سعید بن مسیب اور حضرت ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر آیت کریمہ "وانذر عشیرتك الاقربین" نازل ہوئی تو آپ نے فرمایا اے قریش کے گروہ! اللہ تعالیٰ سے اپنے نفسوں کا سودا کرو میں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے تمہیں نہیں بچاؤں گا اے عبد مناف کی

أَنْزَلَ عَلَيْهِ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللَّهِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا فَاطِمَةُ ابْنَةَ رَسُولِ اللَّهِ[1]

اپنے نفسوں کا اللہ تعالیٰ سے سودا کرو میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والے عذاب کو دور نہیں کروں گا، اے عباس بن عبد المطلب! میں تمہیں خدا کے عذاب سے نہیں بچاؤں گا، اے رسول اللہ کی پھوپھی حضرت صفیہ میں تم سے عذاب خداوندی کو دور نہیں کروں اے فاطمہ بنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ عنہا میں اللہ تعالیٰ کے عذاب کے سلسلے میں تمہارے کچھ کام نہ آؤں گا۔

۱۱۴۹ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدٌ وَأَبُو سَلَمَةَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ يَا صَفِيَّةُ يَا فَاطِمَةُ فَلَمَّا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَمَرَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُنْذِرَ عَشِيرَتَهُ الْأَقْرَبِينَ أَنْذَرَ قُرَيْشًا بَعِيدَهَا وَقَرِيبَهَا دَلَّ ذَلِكَ أَنَّهُمْ جَمِيعًا ذَوُو قَرَابَتِهِ وَلَوْلَا ذَلِكَ لَقَصَدَ بِإِنْذَارِهِ إِلَى ذَوِي قَرَابَتِهِ مِنْهُمْ وَتَرَكَ مَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ بِذِي قَرَابَةٍ لَهُ فَلَمْ يُنْذِرْهُ كَمَا لَمْ يُنْذِرْ مَنْ يَجْمَعُهُ وَإِيَّاهُ أَبٌ غَيْرُ قُرَيْشٍ.

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھے حضرت سعید اور ابو سلمہ رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا البتہ اس میں یہ ہے کہ آپ نے فرمایا اے صفیہ! اے فاطمہ! تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے اپنے قبیلے کو ڈرانے کا حکم دیا تو آپ نے قریش کے قریب و بعید تمام لوگوں کو ڈرایا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ وہ سب آپ کے قرابت دار ہیں اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ ان میں سے صرف قرابت داروں کو ڈرانے کا قصد فرماتے اور جو آپ کے قرابت دار نہ تھے ان کو چھوڑ دیتے اور نہ ڈراتے جیسا کہ آپ نے ان لوگوں کو نہیں ڈرایا جن کا آپ سے تعلق تھا لیکن ان کے باپ غیر قریشی تھے۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ إِنَّهُ إِنَّمَا جَمَعَ قُرَيْشًا كُلَّهَا فَأَنْذَرَهَا لِأَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَهُ أَنْ يُنْذِرَ عَشِيرَتَهُ الْأَقْرَبِينَ وَلَا عَشِيرَةَ لَهُ أَقْرَبُ مِنْ قُرَيْشٍ فَلِذَلِكَ دَعَا قُرَيْشًا كُلَّهَا إِذْ كَانَتْ بِأَجْمَعِهَا عَشِيرَتَهُ الَّتِي هِيَ أَقْرَبُ الْعَشَائِرِ إِلَيْهِ.

اگر کوئی کہنے والا کہے کہ آپ نے تمام قریش کو جمع کیا اور انہیں ڈرایا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا تھا کہ آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں اور قریش سے زیادہ رشتہ دار کوئی نہیں تھا اس لیے آپ نے قریش کو بلایا کیونکہ وہ تمام آپ کے اس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے جو دیگر قبائل کی نسبت آپ کے زیادہ قریب تھا۔

---

[1] اس کا یہ مطلب نہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن کسی کے کام نہیں آسکیں گے بلکہ محض تنبیہ ہے اور امت کو بتانا ہے کہ جب آپ کے خاندان والوں کے لیے عمل ضروری ہے تو دوسرے اس سے کیسے بے نیاز ہو سکتے ہیں۔

قِيْلَ لَهٗ: لَوْ كَانَ كَمَا ذَكَرْتَ إِذَا كَانَ يَقُوْلُ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْقُرْبٰى وَلٰكِنَّهٗ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَقُلْ لَهٗ كَذٰلِكَ وَقَالَ لَهٗ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ فَأَعْلَمَهٗ أَنَّ كُلَّ أَهْلِ هٰذِهِ الْعَشِيْرَةِ مِنْ أَقْرِبَائِهٖ فَبَطَلَ بِمَا ذَكَرْنَا قَوْلُ مَنْ جَعَلَ ذَا قُرْبٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ خَاصَّةً وَفِيْمَا ذَكَرْنَا مِنْ هٰذِهِ الْحُجَّةِ الَّتِيْ احْتَجَجْنَا بِهَا مَا يُغْنِيْنَا عَنِ الْاِحْتِجَاجِ لِقَوْلِ مَنْ قَالَ إِنَّ ذَوِيْ قُرْبٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمْ قُرَيْشٌ كُلُّهَا۔

تو اس شخص کو جواباً کہا جائے گا اگر یہ بات اسی طرح ہوتی جس طرح تم کہہ رہے ہو تو اس صورت میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا " وانذر عشیرتك القربٰی " (یعنی مفرد کا صیغہ ہوتا) لیکن اللہ تعالیٰ نے یوں نہیں فرمایا اور " وانذر عشیرتك الاقربین " فرمایا اور آپ کو بتایا کہ اس قبیلے کے تمام لوگ آپ کے زیادہ قریبی ہیں تو اس سے ان لوگوں کا قول باطل ہوگیا جو صرف بنوہاشم اور بنو مطلب کو آپ کے قرابت دار قرار دیتے ہیں اور یہ دلیل جو ہم نے ذکر کی اور ہم نے اس سے استدلال کیا اس کی وجہ سے ان لوگوں کی دلیل لانے کی ضرورت باقی نہیں رہتی جو کہتے ہیں کہ تمام قریش آپ کے قرابت دار ہیں۔

۱۱۵۰ - وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ تَاوِيْلِ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى مَا يَدُلُّ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى أَيْضًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی " قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربٰی " (آپ فرما دیجیے میں تم سے اس (تبلیغ دین) پر قرابت کی محبت کے علاوہ کوئی اجر نہیں مانگتا) کی تفسیر کے سلسلے میں ایسی بات مروی ہے جو اس معنیٰ پر دلالت کرتی ہے

۱۱۵۱ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى قَالَ أَنْ تَصِلُوْا قَرَابَتِيْ وَلَا تُكَذِّبُوْنِيْ فَهٰذَا عَلَى الْخِطَابِ لِقُرَيْشٍ كُلِّهَا فَقَدْ دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَنَّ قُرَيْشًا كُلَّهَا ذَوُوْ قَرَابَتِهٖ وَقَدْ رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ أَيْضًا عَنْ عِكْرِمَةَ مَا يَدُلُّ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى أَيْضًا۔

حضرت شعبی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ارشاد خداوندی " قل لا اسئلکم الایۃ " کی تفسیر یوں کرتے ہیں کہ میرے قرابت داروں سے صلہ رحمی کرو اور مجھے نہ جھٹلاؤ، اور یہ مفہوم تمام قریش کو خطاب کی صورت میں ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ تمام قریش آپ کے قرابت دار ہیں حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے بھی اس قسم کا مفہوم مروی ہے جو اس معنیٰ پر دلالت کرتا ہے۔

۱۱۵۲ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ الْبَجَلِيُّ

حضرت یحیی بن ایوب بجلی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ

قَالَ سَأَلْتُ عِكْرِمَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ لَّآ اَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى قَالَ كَانَتْ قَرَابَاتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بُطُوْنِ قُرَيْشٍ كُلِّهَا فَكَانُوْا اَشَدَّ النَّاسِ لَهٗ اَذًى فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْهِمْ قُلْ لَّآ اَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى۔

تو اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ نازل فرمائی آپ نے فرما دیجئے میں تم سے اس (تبلیغ) پر اجرت نہیں مانگتا صرف اپنی قرابت داری کے سبب صلہ رحمی چاہتا ہوں۔

۱۱۵۳ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ فَرُّوْخٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ اَتٰى رَجُلٌ عِكْرِمَةَ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ لَّآ اَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى قَالَ اَسَبَائِيٌّ اَنْتَ قَالَ لَسْتُ بِسَبَائِيٍّ وَلٰكِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَعْلَمَ قَالَ اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ اَنْ تَعْلَمَ فَاِنَّهٗ لَمْ يَكُنْ حَيٌّ مِّنْ اَحْيَاءِ قُرَيْشٍ اِلَّا وَقَدْ عَرَقَ فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَانَتْ قُرَيْشٌ يَصِلُوْنَ اَرْحَامَهُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ فَمَا عَدَا اِذَا جَاءَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَقَطَعُوْهُ وَمَنَعُوْهُ وَحَرَمُوْهُ فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ لَّآ اَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى اَنْ تَصِلُوْنِيْ كَمَا كُنْتُمْ تَصِلُوْنَ بِهٖ قَرَابَتَكُمْ قَبْلِيْ۔

حضرت حبیب بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک شخص، حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا اے ابو عبد اللہ! ارشاد خداوندی "قل لا اسئلکم الایة" کا کیا مطلب ہے آپ نے فرمایا کیا تو سبائی ہے[1] اس نے کہا میں سبائی نہیں ہوں لیکن میں جاننا چاہتا، آپ نے فرمایا اگر تو جاننا چاہتا ہے تو (جان لے کہ) قریش کے ہر قبیلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رگ (اصل) تھی اس سے پہلے قریش اپنوں اور دوسروں سب سے صلہ رحمی کرتے تھے جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ نے ان کو اسلام کی طرف بلایا تو انہوں نے آپ سے قطع تعلق کیا، آپ کو روکا اور محروم کیا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا آپ فرما دیجئے میں اس پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا صرف قرابت کی صلہ رحمی چاہتا ہوں مجھ سے اسی طرح صلہ رحمی کرو جس طرح تم مجھ سے پہلے اپنے قرابتداروں سے کرتے تھے۔

۱۱۵۴ - وَقَدْ رُوِيَ عَنْ مُّجَاهِدٍ فِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا مَّا يَدُلُّ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى۔

اسی معنیٰ پر دلالت کرنے والی تفسیر حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

۱۱۵۵ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ فِيْ قَوْلِهٖ قُلْ لَّآ اَسْأَلُكُمْ

حضرت ابن ابی نجیح، حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی "قل لا اسئلکم الایة" کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں (کہ آپ نے ارشاد فرمایا) میری اتباع

---

[1] سبائی۔ شیعہ کا ایک فرقہ ہے جو صرف حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خدا کہتے ہیں نعوذ باللہ من ذلک

عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى اَنْ تَتَّبِعُوْنِيْ وَتُصَدِّقُوْنِيْ وَتَصِلُوْا رَحِمِيْ فَفِيْ مَا رَوَيْنَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَعَنْ عِكْرِمَةَ وَعَنْ مُجَاهِدٍ فِيْ تَاْوِيْلِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ مَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ قُرَيْشًا كُلَّهَا ذَوُوْ قَرَابَةٍ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ وَافَقَ ذٰلِكَ مَا ذَكَرْنَاهُ فِيْ تَاْوِيْلِ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ غَيْرَ اَنَّهُ قَدْ رُوِيَ عَنِ الْحَسَنِ فِيْ تَاْوِيْلِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَجْهٌ يُخَالِفُ هٰذَا الْوَجْهَ۔

کرو۔ میری تصدیق کرو اور مجھ سے صلہ رحمی کرو۔ تو جو کچھ ہم نے حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت عکرمہ اور حضرت مجاہد (رضی اللہ عنہم) سے اس آیت کی تفسیر کے سلسلے میں ذکر کیا ہے وہ اس بات پر دلالت ہے کہ تمام قریش سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار ہیں، اور یہ مفہوم، آیت کریمہ "وانذر عشیرتك الاقربین" کی مذکورہ تفسیر کے موافق ہے البتہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے اس کے خلاف تفسیر مروی ہے۔

۱۱۵۶ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ ابْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ عَنِ الْحَسَنِ فِيْ قَوْلِهِ قُلْ لَّا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى قَالَ التَّقَرُّبُ اِلَى اللّٰهِ بِالْعَمَلِ الصَّالِحِ فَاَمَّا مَنْ ذَهَبَ اِلٰى اَنَّ قُرَيْشًا مِّنْ ذَوِيْ قُرْبٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّ مِنْ ذَوِي الْقُرْبٰى اَيْضًا مَنْ مَسَّهُ بِرَحِمٍ مِّنْ قِبَلِ اُمَّهَاتِهِ اِلٰى اَقْصٰى كُلِّ اَبٍ لِكُلِّ اُمٍّ مِّنْ اُمَّهَاتِهِ مِنَ الْعَشِيْرَةِ الَّتِيْ هِيَ مِنْهَا فَاِنَّهُ احْتَجَّ لِمَا ذَهَبَ اِلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ بِالنَّظَرِ وَقَالَ رَاَيْتُ الرَّجُلَ بِنِسْبَتِهِ مِنْ اَبِيْهِ وَمِنْ اُمِّهِ مُخْتَلِفًا وَلَمْ يَمْنَعْهُ اِخْتِلَافُ نَسَبِهِ مِنْهُمَا اَنْ كَانَ اِبْنًا لَّهُمَا ثُمَّ رَاَيْنَاهُ يَكُوْنُ لَهٗ قَرَابَةٌ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا فَيَكُوْنُ بِمَوْضِعِهِ مِنْ اَبِيْهِ قَرَابَةً لِّذِيْ قَرَابَةِ اَبِيْهِ وَيَكُوْنُ بِمَوْضِعِهِ مِنْ اُمِّهِ قَرَابَةً لِّذِيْ قُرْبٰى اُمِّهِ اَلَا تَرٰى

حضرت منصور بن زاذان، حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے ارشاد خداوندی "قل لا اسئلکم الایہ" کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس سے اعمال صالح کے ساتھ قرب خداوندی حاصل کرنا مراد ہے اور جو لوگ، اس بات کی طرف گئے ہیں کہ قریش سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار ہیں نیز وہ لوگ بھی قرابتدار وا ہیں سے ہیں جو آپ کی ماؤں کی طرف سے آپ سے صلہ رحمی رکھتے ہیں، یہ سلسلہ آپ کی ماؤں کے قبیلے کی طرف سے ان کے جد اعلیٰ تک پہنچتا ہے اس شخص نے اپنے مذہب پر قیاس سے بھی دلیل لی ہے اس نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ ایک شخص کو اپنے باپ، اور ماں کی طرف سے مختلف نسبت حاصل ہوتی ہے تو اگر وہ ان دونوں کا بیٹا ہے تو یہ نسبت اس کو ان سے ہونے سے منع نہیں کرتی پھر ہم دیکھتے ہیں کہ اسے ان میں سے ہر ایک کے ساتھ قرابت حاصل ہوتی ہے پس وہ باپ کی قرابت کے سبب اس کے قرابتداروں میں سے ہوگا اور ماں کی طرف سے قرابت کے سبب اس کے قرابت داروں سے ہوگا کیا تو نہیں دیکھتا کہ وہ باپ کی طرف سے بھائیوں کا وارث بھی ہوتا ہے اور ماں کی طرف سے بھائیوں کا وارث بھی اسی طرح اس کے باپ کی طرف سے بھائی اور ماں کی طرف سے بھائی اس کے وارث بنتے ہیں اگرچہ ان بھائیوں

أَنَّهُ يَرِثُ إِخْوَتَهُ لِأَبِيهِ وَإِخْوَتَهُ لِأُمِّهِ وَتَرِثُهُ إِخْوَتُهُ لِأَبِيهِ وَإِخْوَتُهُ لِأُمِّهِ وَإِنْ كَانَ مِيرَاثُ فَرِيقٍ مِمَّنْ ذَكَرْنَا مُخَالِفًا لِمِيرَاثِ الْفَرِيقِ الْآخَرِ وَلَيْسَ اخْتِلَافُ ذَلِكَ بِمَانِعٍ مِنْهُ الْقَرَابَةَ فَلَمَّا كَانَ ذَوُو قُرْبَى أُمِّهِ قَدْ صَارُوا لَهُ قَرَابَةً كَمَا أَنَّ ذَوِي قُرْبَى أَبِيهِ قَدْ صَارُوا لَهُ قَرَابَةً كَانَ مَا يَسْتَحِقُّهُ ذَوُو قُرْبَى أَبِيهِ بِقَرَابَتِهِمْ مِنْهُ يَسْتَحِقُّ ذَوُو قُرْبَى أُمِّهِ بِقَرَابَتِهِمْ مِنْهُ مِثْلَهُ۔

کی میراث، ایک دوسرے کے خلاف ہے لیکن یہ اختلاف قرابت سے منع نہیں کرتا تو جب ماں کے قرابت دار اس کے بھی قرابت دار ہوئے جیسے باپ کے قرابت دار اس کے قریبی ہوتے ہیں تو جس چیز کے حق دار اس کے قرابت دار ہوں گے اس کی ماں کے قرابت دار بھی قرابت کی وجہ اسی طرح کے مستحق ہوں گے۔

وَقَدْ تَكَلَّمَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِي مِثْلِ هَذَا فِي رَجُلٍ أَوْصَى لِذِي قَرَابَةِ فُلَانٍ بِثُلُثِ مَالِهِ فَقَالُوا فِي ذَلِكَ أَقْوَالًا سَنُبَيِّنُهَا وَنُبَيِّنُ مَذْهَبَ صَاحِبِ كُلِّ قَوْلٍ مِنْهَا الَّذِي أَدَّاهُ إِلَى قَوْلِهِ الَّذِي قَالَهُ مِنْهَا فِي كِتَابِنَا هَذَا إِنْ شَاءَ اللَّهُ تَعَالَى فَكَانَ أَبُو حَنِيفَةَ رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَيْهِ قَالَ هِيَ لِكُلِّ ذِي رَحِمٍ مَحْرَمٍ مِنْ فُلَانٍ الْمُوصِي لِقَرَابَتِهِ بِمَا أَوْصَى لَهُمْ بِهِ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ وَمِنْ قِبَلِ أُمِّهِ غَيْرَ أَنَّهُ يَبْدَأُ فِي ذَلِكَ بِمَنْ كَانَتْ قَرَابَتُهُ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ عَلَى مَنْ كَانَتْ قَرَابَتُهُ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ وَتَفْسِيرُ ذَلِكَ أَنْ يَكُونَ لَهُ عَمٌّ وَخَالٌ فَقَرَابَةُ عَمِّهِ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ كَقَرَابَةِ خَالِهِ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ فَيُبْدَأُ فِي ذَلِكَ عَمُّهُ عَلَى خَالِهِ فَيُجْعَلُ الْوَصِيَّةُ لَهُ وَكَانَ زُفَرُ بْنُ الْهُذَيْلِ يَقُولُ الْوَصِيَّةُ لِكُلِّ مَنْ قَرُبَ مِنْهُ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ أَوْ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ دُونَ مَنْ كَانَ

اہل علم نے اس قسم کے مسئلے میں بحث کی ہے کہ ایک شخص کسی کے قرابت دار کے لیے تہائی مال کی وصیت کرتا ہے تو اس سلسلے میں کئی اقوال ہیں جنہیں عنقریب ہم اپنی اسی کتاب میں بیان کریں گے اور ہر قول والے کے مذہب پر اس کی دلیل بھی ذکر کریں گے جس کی وجہ سے اس نے یہ مذہب اختیار کیا، انشاء اللہ تعالیٰ۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے تھے یہ مال اس فلاں (جس کے قرابت داروں کے لیے وصیت کی گئی) کے ان ذو رحم محرموں کو ملے گا جنہیں اس کے باپ اور ماں کی طرف سے رشتہ داری حاصل ہے البتہ جن پر باپ کی طرف سے قرابت حاصل ہے انہیں ان (لوگوں) پر مقدم رکھا جائے گا جو ماں کی طرف سے اس کے رشتہ دار ہیں، اس کی وضاحت اس طرح ہے کہ مثلاً اس کا چچا اور ماموں ہے تو باپ کی طرف سے چچا کی قرابت، اسی طرح ہے جیسے ماں کی طرف سے ماموں کی قرابت ہے لہٰذا یہاں چچا کو ماموں پر مقدم کرتے ہوئے وصیت کو اس کے حق میں کیا جائے گا۔ حضرت زفر بن ہزیل فرماتے تھے کہ یہ وصیت ہر اس شخص کے لیے ہوگی جو باپ کی طرف سے یا ماں کی طرف سے قریبی رشتہ دار ہے دور والے رشتہ دار مراد نہیں ہیں اسی میں مُوصیٰ لہٗ

اَبْعَدَ مِنْهُ مِنْهُمْ وَ سَوَآءٌ فِیْ ذٰلِكَ مَنْ كَانَ مِنْهُمْ ذَا رَحِمٍ لِلْمُوْصِیْ لِقَرَابَتِهٖ وَمَنْ لَّمْ یَكُنْ مِّنْهُمْ ذَا رَحِمٍ وَ قَالَ اَبُوْ یُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمَا الْوَصِیَّةُ فِیْ ذٰلِكَ لِكُلِّ مَّنْ جَمَعَهٗ وَ فُلَانًا اَبٌ وَّاحِدٌ مُنْذُ كَانَتِ الْهِجْرَةُ مِنْ قِبَلِ اَبِیْهِ اَوْ مِنْ قِبَلِ اُمِّهٖ وَ سَوَّیَا فِیْ ذٰلِكَ بَیْنَ مَنْ بَعُدَ مِنْهُمْ وَبَیْنَ مَنْ قَرُبَ وَبَیْنَ مَنْ كَانَتْ رَحِمُهٗ مَحْرَمَةً مِّنْهُمْ وَ بَیْنَ مَنْ كَانَتْ رَحِمُهٗ مِنْهُمْ غَیْرَ مَحْرَمَةٍ وَّلَمْ یُفَضِّلَا فِیْ ذٰلِكَ بَیْنَ مَنْ كَانَتْ رَحِمُهٗ مِنْهُمْ مِنْ قِبَلِ الْاَبِ عَلٰی مَنْ كَانَتْ رَحِمُهٗ مِنْهُمْ مِّنْ قِبَلِ الْاُمِّ۔

کے ذو رحم محرم اور ان کے علاوہ رشتہ دار دونوں برابر ہیں حضرت امام ابویوسف اور امام محمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں، کہ موصیٰ لہ اور ان کا جداعلیٰ ایک ہو جب سے ہجرت ہوئی خواہ ماں کی طرف سے ہوں یا باپ کی طرف سے نیز اس میں دور کے رشتہ دار اور قریب کے، ذورحم محرم اور غیر ذی رحم محرم برابر ہیں ان دونوں ائمہ نے باپ کی طرف سے رشتہ دار کو ماں کی طرف سے رشتہ دار پر فضیلت نہیں دی۔

وَكَانَ اٰخَرُوْنَ یَذْهَبُوْنَ فِیْ ذٰلِكَ اِلٰی اَنَّ الْوَصِیَّةَ بِمَا وَصَفْنَا لِكُلِّ مَنْ جَمَعَهٗ وَالْمُوْصٰی لِقَرَابَتِهٖ اَبُوْهُ الثَّالِثُ اِلٰی مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْ ذٰلِكَ وَكَانَ اٰخَرُوْنَ یَذْهَبُوْنَ فِیْ ذٰلِكَ اِلٰی اَنَّ الْوَصِیَّةَ لِكُلِّ مَنْ جَمَعَهٗ وَ فُلَانًا الْمُوْصٰی لِقَرَابَتِهٖ اَبُوْهُ الرَّابِعُ اِلٰی مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْ ذٰلِكَ۔

وَكَانَ اٰخَرُوْنَ یَذْهَبُوْنَ فِیْ ذٰلِكَ اِلٰی اَنَّ الْوَصِیَّةَ فِیْمَا ذَكَرْنَا لِكُلِّ مَّنْ جَمَعَهٗ وَفُلَانًا الْمُوْصٰی لِقَرَابَتِهٖ اَبٌ وَّاحِدٌ فِی الْاِسْلَامِ اَوْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ مِمَّنْ یَرْجِعُ بِاٰبَآئِهٖ اَوْ بِاُمَّهَاتِهٖ اِلَیْهِ اِمَّا عَنْ اَبٍ وَّ اِمَّا عَنْ اُمٍّ اِلٰی اَنْ یَّلْقَاهُ یُثْبِتُ بِهِ الْمَوَارِیْثَ وَ یَقُوْمُ بِهِ الشَّهَادَاتُ فَاَمَّا مَا ذَهَبَ اِلَیْهِ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ مِمَّا ذَكَرْنَا فِیْ هٰذَا الْفَصْلِ فَفَاسِدٌ عِنْدَ

دوسرے حضرات اس سلسلے میں اس بات کی طرف گئے ہیں کہ جس وصیت کا ذکر ہم نے کیا یہ ہر اس شخص کے لیے ہے جو وصیت کئے گئے شخص کے ساتھ تیسرے باپ اور اس سے نیچے رشتہ میں شریک ہو کچھ دوسرے حضرات اس سلسلے میں اس بات کی طرف گئے ہیں کہ یہ وصیت ہر اس شخص کے لیے ہوگی جو اس (موصیٰ لہ) کے ساتھ چوتھے باپ (پردادا) اور اس سے نیچے کی قرابت میں شریک ہو۔ کچھ اور حضرات اس بات کی طرف گئے ہیں کہ جس وصیت کا ہم نے ذکر کیا ہے اس میں وہ سب لوگ شریک ہیں جو اس (موصیٰ لہ) کے ساتھ اسلام یا جاہلیت میں ایک باپ کی قرابت میں ہوں اور وہ اپنے باپوں یا ماؤں کے ساتھ اس کی طرف لوٹتا ہو یا باپ کی طرف سے یا ماں کی طرف سے، یہاں تک کہ وہ اس سے مل جائے، اس رشتہ داری کے ساتھ وراثت ثابت ہوگی اور اس کے ساتھ شہادتیں قائم ہوں گی لیکن جس بات کی طرف حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ گئے ہیں اور ہم نے اسے بیان کیا ہے وہ صحیح نہیں

لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى اَعْطٰى بَنِيْ هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ وَاَكْثَرُهُمْ غَيْرُ ذَوِيْ اَرْحَامٍ مَحْرَمَةٍ۔

۱۱۵۷- وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَمَرَ اَبَا طَلْحَةَ اَنْ يَجْعَلَ شَيْئًا مِّنْ مَالِهٖ قَدْ جَاءَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ فَاَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَجْعَلَ فِيْ فُقَرَاءِ قَرَابَتِهٖ فَجَعَلَهٗ اَبُوْ طَلْحَةَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَلِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ فَاَمَّا حَسَّانُ فَيَلْقَاهُ عِنْدَ اَبِيْهِ الثَّالِثِ وَاَمَّا اُبَيٌّ فَيَلْقَاهُ عِنْدَ اَبِيْهِ السَّابِعِ وَلَيْسَا بِذَوِيْ اَرْحَامٍ مِّنْهُ مَحْرَمَةٍ۔

۱۱۵۸- وَجَاءَتْ بِذٰلِكَ الْاٰثَارُ فَمِنْهَا مَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا الْمَاجِشُوْنُ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ جَاءَ اَبُوْ طَلْحَةَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ قَالَ وَكَانَ دَارُ ابْنِ جَعْفَرٍ وَالدَّارُ الَّتِيْ تَلِيْهَا قَصْرُ حُدَيْلَةَ حَوَائِطَ قَالَ وَكَانَ قَصْرُ حُدَيْلَةَ حَائِطًا لِاَبِيْ طَلْحَةَ فِيْهَا بِيْرٌ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا فَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا وَيَاْكُلُ ثَمَرَهَا فَجَاءَهٗ اَبُوْ طَلْحَةَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ

کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کا حصہ تقسیم کر کے بنو ہاشم اور بنو مطلب کو دیا حالانکہ ان میں سے اکثر ذو رحم محرم نہیں تھے۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ وہ اس مال میں سے جسے وہ آپ کے پاس لائے ہیں کچھ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کر دیں۔ اور ان کو حکم دیا کہ (وہ مال) اپنے قرابتداروں کو دیں تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اسے حضرت ابی بن کعب اور حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے لیے قرار دیا حالانکہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے ان کا رشتہ تیسرے باپ (پردادا) سے شروع ہوتا ہے جب کہ حضرت ابی بن کعب کے ساتھ ان کا رشتہ ساتویں باپ پر جا کر ملتا ہے اور وہ ان کے ذو رحم محرم نہ تھے۔

اس سلسلے میں روایات آئی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی "تم ہرگز نیکی نہیں پاؤ گے یہاں تک کہ اپنا پسندیدہ مال خرچ کرو" تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر فرما تھے حضرت ابن جعفر کا گھر اور جس گھر کے ساتھ ملے ہوئے تھے وہ باغ تھے راوی فرماتے ہیں قصر حدیلہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا باغ تھا اس میں ایک کنواں تھا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لے جاتے اس کا پانی نوش فرماتے اور اس کا پھل تناول فرماتے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما تھے انہوں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے "تم ہرگز نیکی نہیں پاؤ گے حتیٰ کہ اپنا پسندیدہ مال خرچ کرو" تو میرا سب سے پیارا مال یہ کنواں ہے یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے میں اس کی نیکی اور ثواب

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ فَاِنَّ اَحَبَّ اَمْوَالِيْ اِلَيَّ هٰذِهِ الْبِيْرُ فَهِيَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ اَرْجُوْا بِرَّهٗ وَذُخْرَهٗ اِجْعَلْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ اَرَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ يَا اَبَا طَلْحَةَ مَالٌ رَابِحٌ قَدْ قَبِلْنَاهُ مِنْكَ وَرَدَدْنَاهُ عَلَيْكَ فَاجْعَلْهُ فِي الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ فَتَصَدَّقَ اَبُوْ طَلْحَةَ عَلٰى ذَوِيْ رَحِمِهٖ فَكَانَ مِنْهُمْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ فَبَاعَ حَسَّانُ نَصِيْبَهٗ مِنْ مُعَاوِيَةَ فَقِيْلَ لَهٗ اِنَّ حَسَّانًا يَبِيْعُ صَدَقَةَ اَبِيْ طَلْحَةَ فَقَالَ لَا اَبِيْعُ صَاعًا بِصَاعٍ مِّنْ دَرَاهِمَ۔

۱۱۵۹ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ ثَنَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَالَ اَوْ قَالَ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا جَاءَ اَبُوْ طَلْحَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَائِطِي الَّذِيْ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا لَوِ اسْتَطَعْتُ اَنْ اُسِرَّهٗ لَمْ اُعْلِنْهُ قَالَ اِجْعَلْهُ فِيْ فُقَرَاءِ قَرَابَتِكَ وَفُقَرَاءِ اَهْلِكَ۔

۱۱۶۰ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ ثَنَا اَبِيْ عَنْ ثُمَامَةَ قَالَ اَنَسٌ كَانَتْ لِاَبِيْ طَلْحَةَ اَرْضٌ فَجَعَلَهَا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِجْعَلْهَا فِيْ فُقَرَاءِ قَرَابَتِكَ فَجَعَلَهَا لِحَسَّانٍ وَاُبَيٍّ قَالَ اَبِيْ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ

اور ذخیرہ کی امید رکھتا ہوں یا رسول اللہ! آپ جہاں مناسب سمجھیں اس کو خرچ فرمائیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واہ واہ ابو طلحہ! یہ نفع بخش مال ہے ہم نے تم سے قبول کیا اور واپس تمہاری طرف لوٹا دیا لہذا اسے اپنے قرابت داروں پر خرچ کرو راوی فرماتے ہیں حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے (وہ مال) اپنے ذی رحم حضرات پر صدقہ کر دیا ان میں حضرت ابی بن کعب اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہما بھی تھے راوی فرماتے ہیں حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے اپنا حصہ، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ پر بیچ دیا ان (حضرت معاویہ) سے کہا گیا کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ حضرت ابو طلحہ کے صدقہ کو بیچتے ہیں تو انہوں نے فرمایا کیا میں ایک صاع (کھجور) کو ایک صاع درہم کے بدلے نہ بیچوں۔

حضرت حمید طویل، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب آیت کریمہ "اور تم ہرگز نیکی نہیں پاؤ گے حتی کہ اپنی پسندیدہ چیز خرچ کرو" نازل ہوئی یا انہوں نے فرمایا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "کون ہے جو اللہ تعالی کو اچھا قرض دے" تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرا باغ جو فلاں فلاں جگہ پر ہے اگر میں اسے چھپا سکتا تو اعلان نہ کرتا آپ نے فرمایا اسے اپنے محتاج قرابت داروں اور غریب گھر والوں کو دو۔

حضرت ثمامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس زمین تھی انہوں نے اسے اللہ تعالی کے لیے قرار دیا پھر وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا اسے اپنے محتاج رشتہ داروں کو دو، تو انہوں نے وہ حضرت حسان اور حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کو دے دیا حضرت محمد بن عبد اللہ انصاری فرماتے ہیں میرے والد نے حضرت

أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَكَانَا أَقْرَبَ إِلَيْهِ مِنِّيْ.

١١٦١ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا مِّنْ نَّخْلٍ وَكَانَ أَحَبَّ أَمْوَالِهِ إِلَيْهِ حَائِطًا حُدَيْلَةَ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَّاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ قَالَ أَنَسٌ فَلَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ فِيْ كِتَابِهِ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَإِنَّ أَحَبَّ الْأَمْوَالِ إِلَيَّ الْحَائِطُ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ فَضَعْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ شِئْتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ فِيْهِ وَأَنَا أَرٰى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ أَقَارِبِهِ وَبَنِيْ عَمِّهِ.

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَهٰذَا أَبُوْ طَلْحَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ جَعَلَهَا فِيْ أُبَيٍّ وَحَسَّانَ وَإِنَّمَا يَلْتَقِيْ هُوَ وَأُبَيٌّ عِنْدَ أَبِيْهِ السَّابِعِ لِأَنَّ أَبَا

ثمامہ سے اور انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی وہ فرماتے ہیں یہ دونوں حضرات (حضرت حسان اور حضرت ابی بن کعب) ان کے مجھ سے زیادہ قریبی رشتہ دار تھے۔

حضرت اسحٰق بن عبداللہ بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کھجوروں کے اعتبار سے مدینہ طیبہ کے انصار میں سب سے زیادہ مالدار تھے اور ان کا محبوب ترین مال حدیلہ کا باغ تھا اور وہ مسجد کے سامنے تھا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم (وہاں) تشریف لے جاتے اور وہاں سے عمدہ پانی نوش فرماتے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب آیت کریمہ "اور تم ہرگز نیکی نہیں پا سکتے جب تک اپنی محبوب ترین چیز خرچ نہ کرو" نازل ہوئی تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے "لن تنالوا البر الآیۃ" اور میرا سب سے پسندیدہ مال باغ ہے تو وہ صدقہ ہے میں اللہ تعالیٰ سے اس کی نیکی (ثواب) اور ذخیرہ کی امید کرتا ہوں یا رسول اللہ! آپ جہاں چاہیں اسے استعمال کریں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واہ یہ تو نفع بخش مال ہے واہ یہ تو نفع بخش مال ہے اس کے بارے میں جو کچھ تو نے کہا وہ میں نے سن لیا ہے لیکن میرا خیال ہے کہ تم اسے اپنے قریبی رشتہ داروں کو دو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں ایسا ہی کروں گا چنانچہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اسے اپنے قریبی رشتہ داروں اور چچا زاد بھائیوں میں تقسیم کر دیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے وہ باغ حضرت ابی بن کعب اور حضرت حسان رضی اللہ عنہما میں تقسیم کر دیا حالانکہ وہ اور

أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا فَاطِمَةُ ابْنَةَ مُحَمَّدٍ أَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا غَيْرَ أَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَأَبُلُّهَا بِبِلَالِهَا فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّهُ أَنْذَرَ بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ مَعَ مَنْ هُوَ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْهُمْ وَفِي الْحَدِيثِ أَيْضًا أَنَّهُ جَعَلَهُمْ جَمِيعًا ذَوِي أَرْحَامٍ.

۱۱۴۷ - حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ ثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِي يَا بَنِي عَدِيٍّ يَا بَنِي فُلَانٍ لِبُطُونِ قُرَيْشٍ حَتَّى اجْتَمَعُوا فَجَعَلَ الرَّجُلُ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَخْرُجَ أَرْسَلَ رَسُولًا لِيَنْظُرَ وَجَاءَ أَبُو لَهَبٍ وَقُرَيْشٌ فَاجْتَمَعُوا فَقَالَ أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا بِالْوَادِي تُرِيدُ أَنْ تُغِيرَ عَلَيْكُمْ أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ إِلَّا صِدْقًا قَالَ فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَنَّهُ دَعَا بُطُونَ قُرَيْشٍ كُلَّهَا.

۱۱۴۸ - حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ ثَنَا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ

تمہارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں سوائے اس کے کہ قرابت داری ہے اسے تر رکھوں گا (صلہ رحمی کروں گا) تو اس حدیث میں ہے کہ آپ نے بنو کعب بن لوئ کو ان لوگوں کے ساتھ رکھا جو ان کی نسبت آپ کے زیادہ قریب تھے تو اس حدیث میں ہے کہ آپ نے ان سب کو ذوی الارحام بنایا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں جب آیت کریمہ "وانذر عشیرتك الاقربین" نازل ہوئی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صفا (پہاڑی) پر تشریف لے گئے اور پکارنے لگے اے بنو عدی! اے بنو فلاں! قریش کے تمام قبائل کو پکارا یہاں تک کہ وہ جمع ہو گئے حتیٰ کہ جو شخص نہیں آسکتا تھا اس نے اپنا قاصد بھیجا تاکہ وہ جائزہ لے ابولہب بھی آیا اور تمام قریش آئے پس وہ اکٹھے ہوئے تو آپ نے فرمایا بتاؤ اگر میں تمہیں خبر دوں کہ اس وادی میں ایک لشکر ہے جو تم پر حملہ آور ہونا چاہتا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے انہوں نے عرض کیا "جی ہاں" ہم نے آپ کو ہمیشہ سچا پایا آپ نے فرمایا تو پھر میں تمہیں آنے والے سخت عذاب سے ڈراتا ہوں تو اس حدیث میں ہے آپ نے قریش کے تمام قبائل کو بلایا۔

حضرت سعید بن مسیب اور حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر آیت کریمہ "وانذر عشیرتك الاقربین" نازل ہوئی تو آپ نے فرمایا اے قریش کے گروہ! اللہ تعالیٰ سے اپنے نفسوں کا سودا کرو میں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے تمہیں نہیں بچاؤں گا اے عبد مناف کی اولاد!

قَالُوْا قَرَابَةُ الرَّجُلِ كُلُّ مَنْ جَمَعَهُ وَاِيَّاهُ اَبُوْهُ الرَّابِعُ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُ مِنْ اٰبَائِهٖ فَفَاسِدٌ اَيْضًا لِاَنَّ اَهْلَهُ الَّذِيْنَ ذَهَبُوْا اِلَيْهِ اَيْضًا وَتَهُمْ عَلَيْهِ فِيْمَا ذَكَرُوْا اِعْطَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَهْمِ ذَوِى الْقُرْبٰى بَنِى الْمُطَّلِبِ وَهُمْ بَنُوْ اَبِيْهِ الرَّابِعِ وَلَمْ يُعْطِ بَنِىْ اَبِيْهِ الْخَامِسِ وَلَا بَنِىْ اَحَدٍ مِّنْ اٰبَائِهِ الَّذِيْنَ فَوْقَ ذٰلِكَ وَقَدْ رَاَيْنَاهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَمَ بَنِىْ اُمَيَّةَ وَبَنِىْ نَوْفَلٍ فَلَمْ يُعْطِهِمْ شَيْئًا لَيْسَ لِاَنَّهُمْ لَيْسُوْا مِنْ ذَوِىْ قَرَابَتِهٖ فَكَذٰلِكَ يَحْتَمِلُ اَيْضًا اَنْ يَّكُوْنَ اِذْ حَرَمَ مَنْ فَوْقَهُمْ اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ مِنْهُ لَيْسَ لِاَنَّهُمْ لَيْسُوْا مِنْ قَرَابَتِهٖ وَهٰذَا اَبُوْ طَلْحَةَ فَقَدْ اَعْطٰى مَا اَمَرَهُ اللّٰهُ وَالنَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِعْطَائِهٖ اِيَّاهُ ذَا قَرَابَتِهِ الْفُقَرَاءَ بَعْضَ بَنِىْ اَبِيْهِ السَّابِعِ فَلَمْ يَكُنْ بِذٰلِكَ اَبُوْ طَلْحَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ لِمَا اَمَرَهُ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُخَالِفًا وَّلَا اَنْكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلَهُ مِنْ ذٰلِكَ فَاَمَّا مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَنَّ قَرَابَةَ الرَّجُلِ كُلُّ مَنْ جَمَعَهُ وَاِيَّاهُ اَبُوْهُ الثَّالِثُ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْ ذٰلِكَ فَاِنَّهُمْ قَالُوْا لَمَّا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذَوِى الْقُرْبٰى اَعْطٰى بَنِىْ هَاشِمٍ جَمِيْعًا وَهُمْ بَنُوْ اَبِيْهِ الثَّالِثِ فَكَانُوْا قَرَابَتَهُمْ مِنْهُ وَاَعْطٰى بَنِى الْمُطَّلِبِ مَا اَعْطَاهُمْ لِاَنَّهُمْ حُلَفَاؤُهُ وَلَوْ كَانَ اَعْطَاهُمْ لِاَنَّهُمْ قَرَابَتُهُ لَاَعْطٰى مَنْ هُوَ فِى الْقَرَابَةِ مِثْلُهُمْ مِنْ بَنِىْ

جو انہوں نے ذکر کی یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کا حصہ بنو مطلب کو دیا اور وہ چوتھی پشت میں آپ کے ساتھ شریک تھے اور آپ نے پانچویں پشت یا اس سے اوپر کے شرکاء کو عطا نہیں فرمایا حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو امیہ اور بنو نوفل کو محروم کیا اور انہیں کچھ نہیں دیا کیونکہ وہ آپکے قرابتداروں میں سے نہیں تھے اسی طرح اس بات کا بھی احتمال ہے کہ جب آپ نے اوپر کے لوگوں کو محروم رکھا تو اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ وہ قرابت دار نہیں تھے حالانکہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اپنے بعض ایسے قرابت داروں کو عطا فرمایا جو ساتویں پشت میں آپ کے ساتھ جمع ہوتے ہیں) اس عمل میں حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کی اور نہ ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اس عمل پر اعتراض کیا اور جو لوگ یہ مذہب رکھتے ہیں کہ کسی شخص کے قرابتدار وہ لوگ ہیں جو اس کے ساتھ تیسری پشت سے نیچے تک جمع ہوتے ہیں تو ان کا کہنا یہ ہے کہ جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابتداروں کا حصہ تقسیم فرمایا تو تمام بنو ہاشم کو دیا اور وہ آپ کے ساتھ تیسری پشت سے شریک تھے لہٰذا آپ کے ساتھ ان کو قرابت حاصل تھی اور بنو مطلب کو عطا فرمایا کیونکہ وہ آپ کے حلیف تھے اگر آپ ان کو قرابتداری کی وجہ سے عطا فرماتے تو جو قرابت داری میں ان کی مثل تھے یعنی بنو امیہ اور بنو نوفل تو ان کو بھی عطا کرتے تو ہمارے نزدیک یہ قول فاسد ہے کیونکہ اگر حضور علیہ السلام بنو مطلب کو معاہدے کی وجہ سے عطا کرتے قرابتداری

أُمَيَّةَ وَبَنِي نَوْفَلٍ فَهٰذَا الْقَوْلُ عِنْدَنَا فَاسِدٌ لِأَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ أَعْطٰى بَنِي الْمُطَّلِبِ بِالْحِلْفِ لَا بِالْقَرَابَةِ لَأَعْطٰى جَمِيْعَ حُلَفَائِهِ فَقَدْ كَانَتْ خُزَاعَةُ حُلَفَاءَهُ وَلَقَدْ نَاشَدَهُ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ الْخُزَاعِيُّ بِذٰلِكَ الْحِلْفِ۔

کی وجہ سے نہ دیتے تو اپنے تمام حلیفوں کو عطا فرماتے بنو خزاعہ بھی آپ کے حلیف تھے عمرو بن سالم خزاعی نے آپ کے سامنے حلف کے اشعار پڑھے تھے۔

۱۱۶۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ لَمَّا وَادَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ مَكَّةَ وَكَانَتْ خُزَاعَةُ حُلَفَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَتْ بَنُوْ بَكْرٍ حُلَفَاءَ قُرَيْشٍ فَدَخَلَتْ خُزَاعَةُ فِي صُلْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَخَلَتْ بَنُوْ بَكْرٍ فِي صُلْحِ قُرَيْشٍ فَكَانَ بَيْنَ خُزَاعَةَ وَبَيْنَ بَنُوْ بَكْرٍ بَعْدَ قِتَالٍ فَأَمَدَّتْهُمْ قُرَيْشٌ بِسِلَاحٍ وَطَعَامٍ وَظَلَّلُوْا عَلَيْهِمْ وَظَهَرَتْ بَنُوْ بَكْرٍ عَلٰى خُزَاعَةَ فَقَتَلُوْا فِيْهِمْ فَقَدِمَ وَافِدُ خُزَاعَةَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَ بِمَا صَنَعَ الْقَوْمُ وَدَعَاهُ إِلَى النُّصْرَةِ وَأَنْشَدَ فِي ذٰلِكَ ۔ سه

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ سے صلح کی اور خزاعہ جاہلیت کے دور میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیف تھے جب کہ بنو بکر قریش کے حلیف تھے تو خزاعہ پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صلح میں داخل ہوئے اور بنو بکر قریش کی صلح میں داخل ہوئے اس کے بعد خزاعہ اور بنو بکر کے درمیان لڑائی ہوئی تو قریش نے ہتھیاروں اور کھانے کے ساتھ بنو بکر کی مدد کی اور ان پر سایہ بھی کیا تو اس طرح بنو بکر، خزاعہ پر غالب آگئے اور انہوں نے ان کو قتل کیا چنانچہ خزاعہ کا وفد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور قوم نے جو کچھ کیا سب آپ کو بتایا اور آپ سے مدد کی درخواست کی اور اس سلسلے میں یہ اشعار پڑھے۔

لَا هُمَّ إِنِّيْ نَاشِدٌ مُحَمَّدَا
حِلْفَ أَبِيْنَا وَأَبِيْهِ الْأَتْلَدَا
وَالِدًا كُنَّا وَكُنْتَ وَلَدَا
إِنَّ قُرَيْشًا أَخْلَفُوْكَ الْمَوْعِدَا
وَزَعَمُوْا أَنْ لَسْتُ أَدْعُوْا أَحَدَا
وَنَقَضُوْا مِيْثَاقَكَ الْمُؤَكَّدَا
وَجَعَلُوْا إِلَى بِكَدَاءٍ رُصَّدَا

اے اللہ! میں، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے باپ، اور ان کے جد امجد کے درمیان طے پانے والا معاہدہ یاد دلاتا ہوں ہم والد تھے (عمر میں بڑے تھے) اور آپ فرزند تھے بے شک قریش نے معاہدے کی خلاف ورزی کی اور انہوں نے گمان کیا کہ میں کسی کو نہیں بلاؤں گا انہوں نے آپ سے مضبوط میثاق کو توڑ دیا اور کداء (مکہ مکرمہ کے بلند حصہ میں مقام) میں میرے لیے گھات بنا

وَهُمْ اَذَلُّ وَاَقَلُّ عَدَدًا
وَهُمْ اَتَوْنَا بِالْوَتِيْرِ هُجَّدًا
نَتْلُوا الْقُرْاٰنَ رُكَّعًا وَّ سُجَّدًا
ثُمَّةَ اَسْلَمْنَا وَلَمْ نَنْزِعْ يَدًا
فَانْصُرْ رَسُوْلَ اللّٰهِ نَصْرًا عَتِيْدًا
وَابْعَثْ جُنُوْدَ اللّٰهِ تَاْتِيْ مَدَدًا
فِيْ فَيْلَقٍ كَالْبَحْرِ يَاْتِيْ مُزْبِدًا
فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَدْ تَجَرَّدَا
اِنْ سِيْمَ خَسْفًا وَجْهُهٗ تَرَدَّدَا

قَالَ حَمَّادٌ وَّ هٰذَا الشِّعْرُ بَعْضُهٗ عَنْ اَيُّوْبَ وَبَعْضُهٗ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ حَازِمٍ وَاَكْثَرُهٗ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ۔

۱۱۶۳ - حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ ابْنُ بُهْلُوْلٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَغَيْرِهٖ نَحْوَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ ذَكَرَ اَنَّ الْمُنَاشِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الشِّعْرِ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ فَلَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُدْخِلْ خُزَاعَةَ فِيْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى لِلْحِلْفِ الَّذِيْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهُمْ اِسْتَحَالَ اَنْ تَكُوْنَ اِعْطَاءُهٗ بَنِي الْمُطَّلِبِ لِلْحِلْفِ وَلَوْ كَانَ اِعْطَاهُمْ لِلْحِلْفِ اَيْضًا لَاَعْطٰى مَوَالِيَ بَنِيْ هَاشِمٍ وَهُوَ فَلَمْ يُعْطِهِمْ شَيْئًا وَاَمَّا مَا ذَهَبَ اَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا مِمَّا قَدْ ذَكَرْنَاهُ عَنْهُمَا فَهُوَ اَحْسَنُ هٰذِهِ الْاَقْوَالِ كُلِّهَا عِنْدَنَا لِاَنَّا رَاَيْنَا النَّاسَ فِيْ دَهْرِنَا هٰذَا يَنْتَسِبُوْنَ اِلَى الْعَبَّاسِ وَكَذٰلِكَ اٰلُ عَلِيٍّ

رکھی ہے وہ نہایت کمزور اور کم تعداد میں وہ ہم پر وتیر مقام سے پچھلے پہر آئے (جبکہ) ہم اسی جگہ رکوع و سجود میں قرآن پڑھتے رہے ہم نے امن پسندی اختیار کی اور ہاتھ نہیں کھینچا اے اللہ! اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت مضبوط مدد فرما اور مدد کے لیے خدائی لشکر بھیج دے اتنا بڑا لشکر جو سمندر کی طرح جھاگ چھوڑتا ہو ان میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم بے نیام تلوار کے ساتھ ہوں اگر ذلت و رسوائی پہنچے تو آپ کے چہرہ انور سے الگ رہے۔

حضرت حماد فرماتے ہیں ان میں سے بعض اشعار ایوب سے بعض یزید بن حازم سے اور اکثر محمد بن اسحق سے مروی ہیں۔

حضرت محمد بن اسحق، حضرت، زہری وغیرہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے یہ فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ اشعار پڑھنے والا شخص عمرو بن سالم تھا۔ تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اور خزاعہ کے درمیان معاہدے کی وجہ سے ان کو قرابت داروں کے حصے میں شریک نہیں کیا تو محال ہے کہ بنو مطلب کو معاہدے کی وجہ سے عطا فرماتے اگر آپ معاہدے کی وجہ سے عطا فرماتے تو بنو ہاشم کے آزاد کردہ غلاموں کو بھی دیتے لیکن آپ نے ان کو کچھ نہیں دیا حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ نے جو موقف اختیار کیا اور جسے ہم نے ذکر کیا ہے ہمارے نزدیک وہ ان تمام اقوال سے بہتر ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے اس زمانے میں لوگ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہوتے ہیں اسی طرح آلِ علی، آلِ جعفر، آلِ عقیل، آلِ زبیر اور آلِ طلحہ ہیں ان سب کی اولاد اپنے جدِ اعلیٰ

وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ الزُّبَيْرِ وَطَلْحَةَ
كُلُّ هٰؤُلَاءِ يَنْتَسِبُ أَوْلَادُهُمْ إِلَى أَبِيهِمُ
الْأَعْلَى فَيُقَالُ بَنُو الْعَبَّاسِ وَبَنُو عَلِيٍّ وَبَنُو
مَنْ ذَكَرْنَا حَتّٰى قَدْ صَارَ ذٰلِكَ يَجْمَعُهُمْ وَحَتّٰى
قَدْ صَارُوا بِآبَائِهِمْ مُتَفَرِّقِينَ كَأَهْلِ
الْعَشَائِرِ وَالْمُخْتَلِفَةِ۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ وَرَأَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَسَمَ سَهْمَ ذَوِي
الْقُرْبٰى إِنَّمَا جَعَلَهُ فِيمَنْ يَجْمَعُهُ وَإِيَّاهُ
أَبٌ جَاهِلِيٌّ فَكَانَ بَنُو ذٰلِكَ الْأَبِ مِنْ ذَوِي
قَرَابَتِهِ وَكَذٰلِكَ مَنْ أَعْطَاهُ أَبُو طَلْحَةَ
مَا أَعْطَاهُ مِمَّنْ ذَكَرْنَا فَإِنَّمَا يَجْمَعُهُمْ
وَإِيَّاهُ أَبٌ جَاهِلِيٌّ فَلِمَ قُلْتُمْ أَنَّ قَرَابَةَ
الرَّجُلِ هِيَ مَنْ جَمَعَهُ وَإِيَّاهُ أَقْصٰى آبَائِهِ
فِي الْإِسْلَامِ۔

قِيلَ لَهُ قَدْ ذَكَرْنَا فِيمَا تَقَدَّمَ
مِنَّا فِي كِتَابِنَا هٰذَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَعْطٰى قَرَابَةً
وَمَنَعَ قَرَابَةً وَقَدْ كَانَ كُلُّ مَنْ أَعْطَاهُ
وَكُلُّ مَنْ حَرَمَهُ مِمَّنْ لَمْ يُعْطِهِ مِمَّنْ
مَوْضِعُهُ مِنْهُ وَمَوْضِعُ الَّذِي أَعْطَاهُ
يَجْمَعُهُ وَإِيَّاهُمْ عَشِيرَةٌ وَاحِدَةٌ
يُنْسَبُونَ إِلَيْهَا حَتّٰى يُقَالُ لَهُمْ جَمِيعًا هٰؤُلَاءِ
الْقُرَيْشِيُّونَ وَلَا يُنْسَبُونَ إِلٰى مَا بَعْدَ
قُرَيْشٍ فَيُقَالُ هٰؤُلَاءِ الْكِنَانِيُّونَ فَصَارَ
أَهْلُ الْعَشِيرَةِ جَمِيعًا بَنِي أَبٍ وَاحِدٍ وَقَرَابَةً
وَاحِدَةً وَبَانُوا مِمَّنْ سِوَاهُمْ فَلَمْ يُنْسَبُوا
إِلَيْهِ فَكَذٰلِكَ أَيْضًا كُلُّ أَبٍ حَدَثَ فِي الْإِسْلَامِ
صَارَ فَخِذًا أَوْ صَارَ عَشِيرَةً يُنْسَبُ

کی طرف منسوب ہوتی ہے کہا جاتا ہے بنو عباس، بنو علی اور اسی طرح جن کا ہم نے ذکر کیا ان کی اولاد بھی، حتیٰ کہ یہ امر (جدّ اعلیٰ کا ایک ہونا) ان کو جمع کرتا ہے اور وہ اپنے آباء و اجداد کی وجہ سے الگ الگ ہوتے ہیں جس طرح مختلف قبائل ہیں۔

اگر کوئی شخص کہے کہ ہم دیکھتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب قرابتداروں کا حصہ تقسیم فرمایا تو ان لوگوں کو دیا جو آپ کے ساتھ دورِ جاہلیت کے باپ میں شریک تھے تو اس باپ کی اولاد آپ کے قرابتدار تھے اسی طرح حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جن لوگوں کو عطا کیا اور ہم نے ان کا ذکر کیا ان کی بھی یہی صورت تھی تو آپ یہ بات کیوں کہتے ہیں کہ کسی شخص کی قرابت میں وہ لوگ شامل ہیں جن کے ساتھ وہ اسلام میں جدّ اعلیٰ کے ساتھ جمع ہوتے ہیں۔

تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا ہم نے اپنی اس کتاب میں پہلے ذکر کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض قرابتداروں کو دیا اور بعض سے روکا تو آپ نے جن کو عطا فرمایا اور جن کو نہیں دیا وہ سب آپ کے ساتھ ایک ہی قبیلے میں جمع ہوتے ہیں اور اسی قبیلے کی طرف منسوب ہوتے ہیں حتیٰ کہ ان سب کو قریشی کہا جاتا ہے اور وہ قریش کے بعد کی طرف منسوب نہیں کیے جاتے کہ ان کو کنانی کہا جائے تو وہ سب ایک قبیلے کے افراد ہوئے ایک باپ کی اولاد ہیں اور ایک ہی قرابت سے تعلق رکھتے ہیں اور باقی لوگوں سے جدا ہو گئے اور ان کی طرف منسوب نہیں ہوتے اسی طرح جو باپ اسلام میں سامنے آیا تو وہ فخذ یا عشیرہ ہوا اس کی اولاد اسلام میں اس کی طرف منسوب ہوتی ہے تو وہ اور اس کی اولاد

وَلَدُهٗ اِلَیْہِ فِی الْاِسْلَامِ فَكَانَ هُوَ وَوَلَدُهٗ
یُنْسَبُوْنَ جَمِیْعًا اِلٰی عَشِیْرَۃٍ وَّاحِدَۃٍ قَدْ
تَقَدَّمَ مِنَ الْاِسْلَامِ فَهُمْ جَمِیْعًا مِّنْ اَهْلِ
تِلْكَ الْعَشِیْرَۃِ هٰذَا اَحْسَنُ الْاَقْوَالِ فِیْ
هٰذَا الْبَابِ عِنْدَنَا وَاللّٰهَ نَسْاَلُهُ التَّوْفِیْقَ۔

ثُمَّ رَجَعْنَا اِلٰی مَا اَعْطٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَوِیْ قُرْبَاهُ
فَوَجَدْنَا النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوْا فِیْ ذٰلِكَ
فَقَالَ بَعْضُهُمْ اَعْطَاهُ بِحَقٍّ قَدْ وَجَبَ
لَهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِیَّاهُمْ فِیْ
اٰیَۃِ الْغَنَآئِمِ وَفِیْ اٰیَۃِ الْفَیْءِ وَلَمْ یَكُنْ
لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
مَنْعُهُمْ مِّنْ ذٰلِكَ وَلَا التَّخَطِّیْ بِهٖ عَنْهُمْ
اِلٰی غَیْرِهِمْ وَلَا نَفْسِهِمْ مِّنْ خُمُسِ جَمِیْعِ
الْفَیْءِ وَمِنْ خُمُسِ خُمُسِ جَمِیْعِ الْغَنَآئِمِ
كَمَا لَیْسَ لَهٗ مِنْهُ مَنْعُ الْمُقَاتِلَةِ مِنْ اَرْبَعَةِ
اَخْمَاسِ الْغَنَآئِمِ وَلَا التَّخَطِّیْ بِهٖ عَنْهُمْ
اِلٰی غَیْرِهِمْ۔

وَقَالَ اٰخَرُوْنَ لَمْ یَجِبْ لِذِیْ
قَرَابَۃِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
حَقٌّ فِی الْفَیْءِ وَلَا فِیْ خُمُسِ الْغَنَآئِمِ بِالْاٰیَتَیْنِ
اللَّتَیْنِ ذَكَرْنٰهُمَا فِیْ اَوَّلِ كِتَابِنَا هٰذَا وَاِنَّمَا
وَكَدَ اللّٰهُ اَمْرَهُمْ بِذِكْرِهٖ اِیَّاهُمْ فِیْ هَاتَیْنِ
الْاٰیَتَیْنِ ثُمَّ لَا یَجِبُ بَعْدَ ذٰلِكَ لَهُمْ فِی
الْفَیْءِ وَخُمُسِ الْغَنَآئِمِ اِلَّا كَمَا یَجِبُ
لِغَیْرِهِمْ مِّنْ سَآئِرِ فُقَرَآءِ الْمُسْلِمِیْنَ
الَّذِیْنَ لَا قَرَابَۃَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا
الْقَوْلُ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ۔

سب ایک قبیلہ (عشیرہ) کی طرف منسوب ہوتے ہیں جو اسلام سے پہلے ہوا اور وہ سب اس قبیلہ (عشیرہ) سے تعلق رکھتے ہیں[1] ہمارے نزدیک اس باب میں یہ سب سے اچھا قول ہے اور ہم اللہ تعالیٰ ہی سے توفیق مانگتے ہیں۔

پھر ہم نے اس مال (کے بیان) کی طرف رجوع کیا جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قرابت داروں کو عطا فرمایا تو ہم نے دیکھا کہ اس سلسلے میں لوگوں (محدثین) کا اختلاف ہے ان میں سے بعض فرماتے ہیں کہ آپ نے ان کو وہ حق دیا جسے اللہ تعالیٰ نے آیت غنیمت اور آیت فیٔ میں ذکر کرتے ہوئے ان کے لیے واجب کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اختیار نہیں تھا کہ آپ ان سے یہ حق روکتے یا ان کو چھوڑ کر دوسروں کو عطا فرماتے ان کے لیے تمام فیٔ کے پانچویں حصے میں سے اور تمام مال غنیمت کے پانچویں حصے میں سے ہوتا جیسا کہ غنیموں کے پانچ حصوں میں چار حصے مجاہدین سے روکتے یا ان کو چھوڑ کر دوسروں کو عطا کرنے کا آپ کو اختیار نہیں تھا۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قرابتداروں کے لیے فیٔ اور غنیمتوں کے خمس میں جو حق واجب ہوا وہ ان دو آیتوں کے باعث نہیں جنہیں اس کتاب کے شروع میں ذکر کیا گیا اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں اس حق کا تاکیداً ذکر فرمایا پھر ان کے لیے فیٔ اور غنیمت کے خمس میں اسی طرح واجب ہوا جس طرح ان دیگر فقراء مسلمانوں کے لیے واجب ہے جنہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرابت حاصل نہ تھی یہ قول حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ سے مروی ہے۔

[1] خلاصہ یہ ہے کہ دور جاہلیت میں جو باپ بیٹے اس کی اولاد عشیرہ کہلاتی ہے پھر آگے اسلام میں جو جد اعلیٰ ہوگا اسکی اولاد فخذ کہلائے گی۔ گویا فخذ عشیرہ کے تحت ہوتا ہے۔ ۱۲ ہزاروی

۱۱۶۴ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ ثَابِتُ بْنُ يَعْقُوْبَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عَنْ عَمِّهٖ أَبِيْ سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ هٰذَا كِتَابُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِي الْفَيْءِ وَالْمَغْنَمِ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ أَنْزَلَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَائِرَ وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ يُؤْمِنُوْنَ فَشَرَعَ فِيْهِ الدِّيْنَ وَأَنْهَجَ بِهِ السَّبِيْلَ وَصَرَّفَ بِهِ الْقَوْلَ وَبَيَّنَ مَا يُؤْتٰى مِمَّا يُنَالُ بِهٖ مِنْ رِضْوَانِهٖ وَمَا يُنْتَهٰى عَنْهُ مِنْ مَنَاهِيْهِ وَمَسَاخِطِهٖ ثُمَّ أَحَلَّ حَلَالَهُ الَّذِيْ وَسَّعَ بِهٖ وَحَرَّمَ حَرَامَهُ فَجَعَلَهُ مَرْغُوْبًا عَنْهُ مَسْخُوْطًا عَلٰى أَهْلِهٖ وَجَعَلَ مِمَّا رَحِمَ بِهٖ هٰذِهِ الْأُمَّةَ وَوَسَّعَ بِهٖ عَلَيْهِمْ مَا أَحَلَّ مِنَ الْمَغْنَمِ وَبَسَطَ مِنْهُ وَلَمْ يَحْظُرْهُ عَلَيْهِمْ كَمَا ابْتُلِيَ بِهٖ أَهْلُ النُّبُوَّةِ وَالْكِتَابِ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَهُمْ فَكَانَ مِنْ ذٰلِكَ مَا نَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَاصَّتِهٖ دُوْنَ النَّاسِ مِمَّا غَنِمَهُ مِنْ أَمْوَالِ بَنِيْ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرِ إِذْ يَقُوْلُ اللّٰهُ حِيْنَئِذٍ مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلٰى مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ فَكَانَتْ تِلْكَ الْأَمْوَالُ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَجِبْ فِيْهَا خُمُسٌ وَلَا مَغْنَمٌ لِيُوَلِّيَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ أَمْرَهُ وَأَخْتَارَ أَهْلَ الْحَاجَةِ بِهَا السَّابِقَةَ عَلٰى مَا يُلْهِمُهُ مِنْ ذٰلِكَ

حضرت مالک بن انس رحمہ اللہ اپنے چچا حضرت ابوسہیل بن مالک رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں یہ فئی اور غنیمت کے بارے میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا خط ہے فرماتے ہیں (حمد و صلوٰۃ کے بعد!) اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس طرح نازل فرمایا کہ وہ مومنین کے لیے باعث بصیرت اور رحمت ہے۔ اس میں دین کو ظاہر کیا، راستہ مقرر فرمایا اور طرح طرح کا کلام کیا، اس میں ان چیزوں کی عطا کا ذکر ہے جن سے اس کی رضا حاصل ہوتی ہے اور اس کے ذریعے اس کی منع کردہ اور باعث غضب امور سے اجتناب کیا جاتا ہے پھر بعض چیزوں کو حلال کر کے اس میں وسعت عطا فرمائی اور کچھ چیزوں کو حرام کر کے ان سے نفرت دلائی اور ان کو حاصل کرنے والوں پر ناراضگی کا اظہار فرمایا اس اس امت پر جن چیزوں کے ذریعے وسیع رحمت فرمائی ان میں سے ایک یہ ہے کہ ان کے لیے مال غنیمت کو حلال کیا اس کے بارے میں کشادگی عطا فرمائی اور انہیں اس سے منع نہیں کیا جیسا کہ اس سے پہلے انبیاء کرام اور اہل کتاب کو اس میں بتلا کیا گیا اور اس میں سے وہ مال ہے جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو بنو قریظہ اور بنو نضیر سے بطور فئی حاصل ہوا وہ آپ کے ساتھ خاص تھا لوگوں کے لیے نہیں تھا اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ جو اللہ تعالیٰ نے ان میں صرف اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا ان پر تم نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو جس پر چاہے مسلط کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے یہ اموال سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھے ان میں خمس واجب نہیں تھا اور نہ یہ مال غنیمت تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا اختیار دیتا اور آپ اللہ تعالیٰ کے

وَيَأْذَنْ لَهُ بِهِ فَلَمْ يَضْرِبْ بِهَا رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَخْتَرْهَا
لِنَفْسِهِ وَلَا لِأَقَارِبِهِ وَلَمْ يُخَصِّصْ
بِهٰذَا مِنْهُمْ بِفَرْضٍ وَّلَا سُهْمَانٍ وَّلٰكِنْ
اٰثَرَ بِأَوْسَعِهَا وَأَكْثَرِهَا أَهْلَ الْحَقِّ وَ
الْقِدَمِ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ أُخْرِجُوْا
مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا
مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ
أُولٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُوْنَ وَقَسَمَ اللّٰهُ طَوَائِفَ
مِنْهَا فِيْ أَهْلِ الْحَاجَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ وَحَبَسَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرِيْقًا
مِّنْهَا لِنَائِبَتِهِ وَحَقِّهِ وَمَا يَعْرُوْهُ غَيْرَ مُفْتَقِدٍ
شَيْئًا مِّنْهَا وَلَا مُسْتَأْثِرٍ بِهِ وَلَا مُرِيْدٍ أَنْ
يُّوْرِثَهُ أَحَدًا بَعْدَهُ فَجَعَلَهُ صَدَقَةً لَّا يُوْرَثُ
لِأَحَدٍ فِيْهِ هَادَةً فِي الدُّنْيَا وَمُحَقَّرَةً لَّهَا
وَإِيْثَرَةً لِّمَا عِنْدَ اللّٰهِ فَهٰذَا الَّذِيْ لَمْ يُوْجَفْ
فِيْهِ خَيْلٌ وَّلَا رِكَابٌ وَّمِنَ الْأَنْفَالِ الَّتِيْ أَثَرَ
اللّٰهُ بِهَا رَسُوْلَهُ وَلَمْ يَجْعَلْ لِأَحَدٍ فِيْهَا
مِثْلَ الَّذِيْ جَعَلَ لَهُ مِنَ الْمَغْنَمِ الَّذِيْ فِيْهِ
إِخْتِلَافُ مَنِ اخْتَلَفَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا
أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرٰى
فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى
وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ كَيْلَا يَكُوْنَ دُوْلَةً
بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ ثُمَّ قَالَ وَمَا اٰتٰكُمُ
الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا
وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ فَأَمَّا
قَوْلُهُ فَلِلّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى غَنِيٌّ
عَنِ الدُّنْيَا وَأَهْلِهَا وَكُلِّ مَا فِيْهَا وَلَهُ
ذٰلِكَ كُلُّهُ وَلٰكِنَّهُ يَقُوْلُ اجْعَلُوْهُ فِيْ

بتانے سے ان میں پہلے حاجتمندوں کا انتخاب فرماتے تو رسول
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تقسیم نہ فرمایا اور اپنے یا اپنے
رشتہ داروں کے لیے اسے اختیار بھی نہ کیا اور نہ ہی ان میں
سے کسی کو مقرر حصے یا دو حصوں کے ساتھ خاص کیا بلکہ اس
میں سے زیادہ اور وسیع مال کے ساتھ حق داروں اور قدیم
مہاجرین کو ترجیح دی جنہیں ان کے گھروں اور مالوں
سے نکالا گیا وہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور رضا تلاش کرتے
ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم
دین کی مدد کرتے ہیں وہی لوگ سچے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس
کا حصہ انصار میں سے حاجتمند لوگوں میں تقسیم فرمایا رسول اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے کچھ اپنی ضرورتوں اور
حق کے لیے رکھا اور وہ مال جو آپ کے پاس یوں ہوتا کہ
آپ اس میں کسی چیز کو گم نہ پاتے اور نہ اس کے ساتھ
کسی کو ترجیح دیتے اور نہ ہی اس کے بعد کسی کو دینے
کا ارادہ فرماتے اسے آپ صدقہ قرار دیتے اس میں سے
کسی کو وراثت نہ ملتی دنیا میں سخاوت کرتے ہوئے
اسے (دنیا کو) حقیر سمجھتے ہوئے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے
پاس ہے اسے ترجیح دیتے ایسا کرتے یہ وہ مال ہے
جس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے گئے اور یہ اس
مال غنیمت سے ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اپنے
رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ترجیح دی اور اس میں کسی شخص
کے لیے اس مال غنیمت کی طرح حصہ قرار نہیں دیا جس
میں اختلاف کرنے والوں نے اللہ تعالیٰ کے اس قول
میں اختلاف کیا کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ بستیوں والوں کے مال
سے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا پس وہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (آپ کے) قرابتداروں یتیموں محتاجوں اور مسافروں کے لیے
ہے تاکہ وہ تمہارے دولتمندوں کے درمیان گردش نہ کرتا رہے پھر فرمایا جو
کچھ رسول صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں دے دیں اسے لے لو اور
جس سے منع فرمائیں اس سے رک جاؤ اور اللہ تعالیٰ سے

سَبِيْلِهِ الَّتِيْ اَمَرَ بِهَا وَ قَوْلُهُ وَلِلرَّسُوْلِ فَاِنَّ الرَّسُوْلَ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَظٌّ فِي الْمَغْنَمِ اِلَّا كَحَظِّ الْعَامَّةِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَلٰكِنَّهُ يَقُوْلُ اِلَى الرَّسُوْلِ قِسْمَتُهُ وَ الْعَمَلُ بِهِ وَالْحُكُوْمَةُ فِيْهِ فَاَمَّا قَوْلُهُ وَلِذِي الْقُرْبٰى فَقَدْ ظَنَّ جَهَلَةٌ مِّنَ النَّاسِ اَنَّ اَنَّ لِذِي قُرْبٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ سَهْمًا مَّفْرُوْضًا مِّنَ الْمَغْنَمِ قُطِعَ عَنْهُمْ وَلَمْ يُؤْتِهِ اِيَّاهُمْ وَلَوْ كَانَ كَذٰلِكَ لَبَيَّنَهُ كَمَا بَيَّنَ فَرَائِضَ الْمَوَارِيْثِ فِي النِّصْفِ وَالرُّبُعِ وَالسُّدُسِ وَالثُّمُنِ وَ مَا نَقَصَ حَظُّهُمْ مِّنْ ذٰلِكَ غِنَاءٌ كَانَ عِنْدَ اَحَدِهِمْ اَوْ فَقْرًا كَمَا لَا يَقْطَعُ ذٰلِكَ حَظَّ الْوَرَثَةِ مِنْ سِهَامِهِمْ وَلٰكِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَفَلَ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا مِّنَ الْمَغْنَمِ مِنَ الْعِقَارِ وَ السَّبْيِ وَالْمَوَاشِيْ وَالْعُرُوْضِ وَ الصَّامِتِ وَلٰكِنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ فَرْضٌ يُعْلَمُ وَلَا اَثَرٌ يُقْتَدٰى بِهِ حَتّٰى قَبَضَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنَّهُ قَدْ قَسَمَ فِيْهِمْ قَسْمًا يَوْمَ خَيْبَرَ لَمْ يَعُمَّ بِذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ عَامَّتَهُمْ وَلَمْ يُخَصِّصْ قَرِيْبًا دُوْنَ اٰخَرَ اَحْوَجَ مِنْهُ لَقَدْ اَعْطٰى يَوْمَئِذٍ مَّنْ لَّيْسَتْ لَهُ قَرَابَةٌ وَّ ذٰلِكَ لَمَّا شَكَوْا اِلَيْهِ مِنَ الْحَاجَةِ وَمَا كَانَ مِنْهُمْ فِيْ جَنْبِهِ مِنْ قَوْمِهِمْ وَمَا خَلَصَ اِلٰى حُلَفَائِهِمْ مِّنْ ذٰلِكَ فَلَمْ يُفَضِّلْهُمْ عَلَيْهِمْ لِقَرَابَتِهِمْ وَلَوْ كَانَ لِذِي الْقُرْبٰى حَقٌّ كَمَا ظَنَّ اُولٰئِكَ لَكَانَ اَخْوَالُهُ ذَوِيْ

ڈرو بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب والا ہے جہاں تک اللہ تعالیٰ کے ارشاد "فللہ" کا تعلق ہے تو اللہ تعالیٰ دنیا اور اس کے رہنے والوں اور جو کچھ اس میں ہے سب سے بے نیاز ہے اور یہ سب کچھ اس کی ملکیت ہے لیکن وہ فرماتا ہے کہ اسے اُس کے راستے میں خرچ کرو جس کا اس نے حکم دیا اور ارشاد خداوندی ''وللرسول'' کا جہاں تک تعلق ہے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مالِ غنیمت میں حصہ، عام مسلمانوں کے حصے کی طرح تھا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی تقسیم، اس پر عملدرآمد اور فیصلے کا اختیار حاصل تھا۔ ارشاد خداوندی "ولذی القربیٰ" کے بارے میں جاہل لوگوں کا خیال ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں کے لیے حصہ مقرر ہے اور آپ نے ان سے دور کر دیا ان کو عطا نہیں فرمایا اگر ایسی بات ہوتی تو اللہ تعالیٰ بیان فرما دیتا جیسا کہ وراثتوں کے سلسلے میں نصف، چوتھا حصہ، چھٹا اور آٹھواں حصہ بیان فرمایا اور ان کا حصہ اس سے کم نہ ہوتا ان میں سے کوئی مالدار ہوتا یا محتاج جیسا کہ ورثاء کا حصہ ان سے روکا نہیں جاتا۔ بلکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مالِ غنیمت کچھ مال زمین، قیدی، سامان اور سونا چاندی دیا لیکن اس میں سے کچھ بھی فرض نہ تھا جو جانا جائے اور نہ سنت جس کی پیروی کی جائے حتیٰ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا، البتہ آپ نے ان کے درمیان خیبر کے دن یوں تقسیم فرمایا کہ اس دن ان کو عمومی طور پر عطا نہ فرمایا اور نہ کسی ایسے قریبی کو جو دوسرے کی نسبت زیادہ محتاج تھا، خاص کیا اس دن آپ نے ان لوگوں کو بھی دیا جنہیں آپ سے قرابت نہ تھی اور یہ اس وقت کی بات ہے جب انہوں نے آپ کی خدمت میں ضرورت کی شکایت کی ان لوگوں کو آپ سے قرابت حاصل نہ تھی اور نہ ہی وہ آپ کے حلیف تھے تو انہیں قرابت داری کی وجہ سے دوسرے لوگوں پر فضیلت نہیں دی اگر قرابتداروں کا حق ہوتا جیسا کہ ان لوگوں کا خیال ہے تو آپ کے ماموں آپ کے باپ دادا کے

قُرْبِیْ وَاَخْوَالَ اَبِیْہِ وَجَدِّہٖ وَکُلُّ مَنْ ضَرَبَہٗ یَرْحَمُ فَاِنَّھَا الْقُرْبٰی کُلُّھَا وَکَمَا لَوْ کَانَ ذٰلِكَ کَمَا ظَنُّوْا لَاَعْطَاھُمْ اِیَّاہُ اَبُوْبَکْرٍ وَّعُمَرُ بَعْدَ مَا وَسَعَ الْفَیْءُ وَکَثُرَ وَاَبُوالْحَسَنِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا حِیْنَ مَلَكَ مَامَلَكَ وَلَمْ یَکُنْ عَلَیْہِ فِیْہِ قَائِلٌ اَفَلَا عَلَّمَھُمْ مِّنْ ذٰلِكَ اَمْرًا یُّعْمَلُ بِہٖ فِیْھِمْ وَیُعْرَفُ بَعْدَہٗ وَلَوْکَانَ ذٰلِكَ کَمَا زَعَمُوْا لَمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی کَیْلَا یَکُوْنَ دُوْلَۃً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ فَاِنَّ مِنْ ذَوِیْ قَرَابَۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَنْ کَانَ غَنِیًّا وَّکَانَ فِیْ سِعَۃٍ یَّوْمَ یُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ وَبَعْدَ ذٰلِكَ فَلَوْ کَانَ ذٰلِكَ السَّھْمُ جَائِزًا لَہٗ وَلَھُمْ کَانَتْ تِلْكَ دَوْلَۃً بَلْ کَانَتْ مِیْرَاثًا لِقَرَابَتِہٖ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ قَطْعُھَا وَلَا نَقْضُھَا وَلٰکِنَّہٗ یَقُوْلُ لِذِیْ قُرْبٰی بِحَقِّھِمْ وَقَرَابَتِھِمْ فِی الْحَاجَۃِ وَالْحَقِّ اللَّازِمِ کَحَقِّ الْمُسْلِمِیْنَ فِیْ مَسْکَنَتِہٖ وَحَاجَتِہٖ فَاِذَا اسْتَغْنٰی فَلَا حَقَّ لَہٗ وَالْیَتِیْمُ فِیْ یُتْمِہٖ وَاِنْ کَانَ الْیَتِیْمُ وَرِثَ عَنْ وَّالِدِہٖ فَلَا حَقَّ لَہٗ وَابْنُ السَّبِیْلِ فِیْ سَفَرِہٖ وَضَرُوْرَتِہٖ اِنْ کَانَ کَبِیْرَ الْمَالِ مُوْسِعًا عَلَیْہِ فَلَا حَقَّ لَہٗ فِیْہِ وَرَدَّ ذٰلِكَ الْحَقَّ اِلٰی اَھْلِ الْحَاجَۃِ وَبَعَثَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ بَعَثَ وَذَکَرَ الْیَتِیْمَ ذَا الْمَقْرَبَۃِ وَالْمِسْکِیْنَ ذَا الْمَتْرَبَۃِ کُلُّ ھٰؤُلَاءِ ھٰکَذَا لَمْ یَکُنْ نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا صَالِحٌ مَّنْ مَّضٰی لِیَدَعُوْا حَقًّا فَرَضَہُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ لِذِیْ قَرَابَۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

ماموں یا در آپ کے تمام ذی رحم محارم، "ذوی القربیٰ" میں شامل ہوتے کیونکہ یہ سب آپ کے قرابتدار تھے اور اگر یہ بات اسی طرح ہوتی جس طرح یہ حضرات خیال کرتے ہیں تو مال فئی کے زیادہ ہونے کے بعد حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہما ان کو عطا فرماتے اور جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو ان پر کوئی اعتراض کرنے والا بھی نہ تھا تو انہوں نے اس سلسلے ان (قرابتداروں) کو وہ بات یاد نہ دلائی جس پر ان کے لیے عمل کیا جاتا اور بعد میں مشہور ہو جاتی نیز اگر یہ بات اسی طرح ہوتی جس طرح ان لوگوں نے خیال کیا تو اللہ تعالیٰ یوں نہ فرماتا "تاکہ وہ تمہارے مالداروں کے درمیان گردش نہ کرے" کیونکہ نزول قرآن کے وقت اور اس کے بعد بھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابتداروں میں مال دار لوگ بھی تھے اگر یہ حصہ ان کے لیے جائز ہوتا تو یہ ان کے درمیان گردش کرنے والی دولت ہوتی بلکہ آپ کی قرابت کی وجہ سے مال وراثت بن جاتا کسی کو اس کے توڑنے کا حق نہ ہوتا لیکن وہ فرماتا ہے کہ قرابتداروں کا حق ان کی قرابت کی وجہ سے حاجت کے وقت ہے اور لازم حق، محتاج اور حاجت کے وقت مسلمانوں کے حق کی طرح ہے پس جب وہ ضرورت مند نہ رہے تو اس کا کوئی حق نہیں اور یتیم کا حق یتیمی کی حالت میں ہے اگر وہ اپنے وارث سے حصہ لیتا ہے تو اب اس کا کوئی حق نہیں "ابن السبیل" کا حق سفر کی حالت میں ہے اور اگر وہ زیادہ مالدار ہے اور اس کے پاس وسیع مال ہے تو اس کا کوئی حق نہیں بلکہ یہ حق، ضرورتمندوں کی طرف لوٹایا جائے گا اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو مبعوث فرمایا اور قرابت دار یتیم کا ذکر کیا اور لیس مسکین کا ذکر کیا جو محتاج ہے ان سب کا یہی حکم ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور سلف صالحین میں سے کوئی آپ کے قرابتداروں کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ حق کو چھوڑنے والا نہ تھا۔ بلکہ وہ سب ان کا حق ادا کرتے تھے جیسا کہ ارشاد خداوندی اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُوْمُوْنَ لَهُمْ بِحَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ كَمَا قَالَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَحْكَامُ الْقُرْاٰنِ وَلَقَدْ عَلٰى ذٰلِكَ اَمْضَوْا عَطَايَا مِنْ عَطَايَا وَضَعَهَا فِيْ اَفْيَآءِ النَّاسِ وَاِنَّ بَعْضَ مَنْ اُعْطِيَ مِنْ تِلْكَ الْعَطَايَا لِمَنْ هُوَ عَلٰى غَيْرِ دِيْنِ الْاِسْلَامِ فَاَمْضَوْا ذٰلِكَ لَهُمْ فَمَنْ زَعَمَ غَيْرَ هٰذَا كَانَ مُفْتَرِيًا مُتَقَوِّلًا عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُوْلِهٖ وَصَالِحِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا غَيْرَ الْحَقِّ وَاَمَّا قَوْلُ مَنْ يَّقُوْلُ فِي الْخُمُسِ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَرَضَهٗ فَرَائِضَ مَعْلُوْمَةً فِيْهَا حَقٌّ مَنْ سَمّٰى فَاِنَّ الْخُمُسَ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ بِمَنْزِلَةِ الْمَغْنَمِ وَقَدْ اَتَى اللّٰهُ نَبِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيًا فَاَخَذَ مِنْهُ اُنَاسًا وَتَرَكَ ابْنَتَهٗ وَقَدْ اَرَاتْهُ يَدَيْهَا مِنْ مَحَلِّ الرَّحٰى فَوَكَلَهَا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالتَّسْبِيْحِ فَهٰذِهٖ اِدَّعَتْ حَقًّا لِقَرَابَتِهٖ وَلَوْ كَانَ هٰذَا الْخُمُسُ وَالْفَيْءُ عَلٰى مَا ظَنَّ مَنْ يَّقُوْلُ هٰذَا الْقَوْلَ كَانَ ذٰلِكَ حَيْفًا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَاعْتِرَاضًا لِمَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَمَا عَطَلَ قَسْمُ ذٰلِكَ فِيْمَنْ يَّدَّعِيْ فِيْهِ بِالْقَرَابَةِ وَالنَّسَبِ وَالْوِرَاثَةِ وَلَدَخَلَتْ فِيْهِ سَهْمَانُ الْعَصَبَةِ وَالنِّسَآءِ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ وَ يَرٰى مَنْ تَفَقَّهَ فِي الدِّيْنِ اَنَّ ذٰلِكَ غَيْرُ مُوَافِقٍ لِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ وَمَآ اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ وَقَوْلُ الْاَنْبِيَآءِ لِقَوْمِهِمْ

وغیرہ احکام قرآن (پر وہ عمل کرتے تھے) بلاشبہ انہوں نے ان عطیات کو جاری رکھا جو لوگوں کے مال غنیمت میں رکھا تھا جن لوگوں کو عطیات دیئے گئے ان میں سے بعض وہ بھی تھے جو دین اسلام پر نہیں تھے تو ان حضرات نے ان کے لیے اسے جاری رکھا اب جو شخص اس کے علاوہ بات کہے وہ اللہ تعالیٰ اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اتباع کرنے والے نیک مسلمانوں پر جھوٹ باندھتا اور ناحق بات کہنے کا الزام لگاتا ہے اور وہ لوگ جو خمس کے بارے میں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جن لوگوں کا ذکر کیا ہے ان کا حصہ مقرر فرمایا تو یہ خمس غنیمت کی طرح ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قیدی عطا فرمائے تو ان میں کچھ صحابہ کرام کو دیئے جب کہ اپنی صاحبزادی (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا) کو نہ دیا حالانکہ انہوں نے آپ کو اپنے ہاتھ دکھائے جن پر چکی پیسنے کے نشانات تھے آپ نے ان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور تسبیح پر توکل کا حکم دیا حالانکہ انہوں نے اپنی قرابتداری کا حق مانگا تھا تو جس طرح ان لوگوں نے گمان کیا ہے اگر یہ خمس اور فیٔ اسی طرح ہوتا تو یہ مسلمانوں پر زیادتی اور اس کے خلاف جو اللہ تعالیٰ نے ان کو غنیمت کے طور پر عطا فرمایا اور اس کا حصہ معطل نہ ہوتا جو اس سلسلے میں قرابت، نسب اور وراثت کا دعویٰ کرتا اور اس میں دو حصے داخل ہوتے، عصبہ،

اور اولاد کے ماں ہونے کا اب جس شخص کو دین کی سمجھ حاصل ہے وہ سمجھتا ہے کہ یہ بات اللہ تعالیٰ کے اس قول کے موافق نہیں ہے جو اس نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمائی ہے، آپ فرما دیجئے میں تم سے جو اجرت مانگتا ہوں وہ تمہارے ہی لیے ہے اور میں اس (تبلیغ دین) پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا اور نہ ہی میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں دیگر انبیاء کرام علیہم السلام نے بھی اپنی قوموں سے یہی فرمایا اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایسے نہ تھے کہ جو چیز

مِثْلُ ذٰلِكَ وَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَدَّعِيَ مَا لَيْسَ لَهٗ وَلَا لِيَدَعَ حَقًّا وَّلَا قَسْمًا لِّنَفْسِهٖ وَلَا لِغَيْرِهٖ وَاخْتَارَهُ اللّٰهُ لَهُمْ وَامْتَنَّ عَلَيْهِمْ بِهٖ وَلَا لِيَحْرِمَهُمْ اِيَّاهُ وَلَقَدْ سَاَلَهٗ نِسَاءُ بَنِيْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ الْفَكَاكَ وَتَخْلِيَةَ السَّبِيِّيْنَ مِنْ سَبَايَاهُمْ بَعْدَ مَا كَانُوْا فَيْئًا فَفَكَّهُمْ وَاَطْلَقَهُمْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُسْاَلُ مِنْ اَنْعَامِهِمْ لَدٰى شَجَرَةٍ بِرِدَائِهٖ فَظَنَّ اَنَّهُمْ نَزَعُوْهُ عَنْهُ لَوْ كَانَ عَدَدُ شَجَرِ تِهَامَةَ نَعَمًا لَقَسَمْتُهٗ بَيْنَكُمْ وَمَا اَنَا بِاَحَقَّ بِهٖ مِنْكُمْ بِقَدْرِ وَبَرَةٍ اَخَذَهَا مِنْ كَاهِلِ الْبَعِيْرِ اِلَّا الْخُمُسَ فَاِنَّهٗ مَرْدُوْدٌ فِيْكُمْ فَفِيْ هٰذَا بَيَانُ مَوَاضِعِ الْفَيْءِ الَّتِيْ وَجَّهَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ بِحُكْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَعَدْلِ قَضَائِهٖ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ هٰذَا اَوْ اَلْحَدَ فِيْهِ وَسَمّٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغَيْرِ مَا سَمَّاهُ بِهٖ رَبُّهٗ كَانَ بِذٰلِكَ مُفْتَرِيًا مُكَذِّبًا مُحَرِّفًا لِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ مَوَاضِعِهٖ مَصِيْرًا بِذٰلِكَ وَمَنْ تَابَعَهٗ عَلَيْهِ عَلَى التَّكْذِيْبِ وَاِلٰى مَا صَارَ اِلَيْهِ ضُلَّالُ اَهْلِ الْكِتَابِ الَّذِيْنَ يَدَّعُوْنَ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ وَّقَالَ اٰخَرُوْنَ اِنَّمَا جَعَلَ اللّٰهُ اَمْرَ الْخُمُسِ اِلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَضَعُهٗ فِيْمَنْ رَاٰى وَضْعَهٗ فِيْهِ مِنْ قَرَابَتِهٖ غَنِيًّا كَانَ اَوْ فَقِيْرًا ثُمَّ مَنْ اَمَرَ اَنْ يُّعْطِيَهٗ

آپ کے لیے نہ ہوتا اس کا مطالبہ کرتے اور نہ ہی آپ اپنا یا دوسروں کا حصہ چھوڑتے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کے لیے پسند فرمایا اور ان پر احسان کیا اسی طرح آپ ان کو محروم کرنے والے بھی نہ تھے بنو سعد بن بکر کی عورتوں نے آپ سے اپنے قیدی چھوڑنے اور ان کو مسلمانوں سے لینے کا مطالبہ کیا حالانکہ وہ مال فے بن چکے تھے تو آپ نے ان کو رہا کر دیا اور چھوڑ دیا اور جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی چادر مبارک پکڑ کر ان جانوروں کا مطالبہ کیا گیا جو درخت کے پاس تھے اور آپ سے خیال کیا کہ وہ آپ سے چادر لے گئے ہیں تو آپ نے فرمایا اگر تہامہ کے درختوں کے برابر جانور ہوتے تو میں وہ بھی تم میں تقسیم کر دیتا میں خمس کے علاوہ اونٹ کی گردن کے بالائی حصے کے بالوں کے برابر بھی تم سے زیادہ حق نہیں رکھتا اور وہ خمس بھی تمہاری طرف لوٹایا جاتا ہے۔ تو یہ ان مواقع کا بیان ہے جہاں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے حکم اور اپنے انصاف پر مبنی فیصلے کے مطابق فے کو رکھا لہٰذا جو شخص اس سے اعراض کرے اور اس سلسلے میں دین سے نکل جائے اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک رکھا اس کے علاوہ نام لے تو وہ افترا باندھنے والا بہت جھٹلانے والا اور اللہ تعالیٰ کے قول کو اس کی جگہوں سے بدلنے والا ہے اور جو شخص اس پر اس کی اتباع کرے گا وہ تکذیب اور اس عمل کی طرف جانے والا ہوگا جس کی طرف اہل کتاب کے وہ گمراہ لوگ گئے ہیں جو اپنے انبیاء کرام علیہم السلام پر جھوٹے دعوے کرتے ہیں۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کچھ دوسرے لوگوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے خمس کا اختیار اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا تاکہ وہ اپنے قرابت داروں میں سے جس کو چاہیں عطا فرمائیں وہ مالدار ہوں یا محتاج لیکن اس کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کو بھی عطا فرمائیں جن کو خمس سے

مِنَ الْخُمُسِ سِوَاهُمْ مِمَّنْ تَبَيَّنَ فِي آيَةِ الْخُمُسِ وَلِذَٰلِكَ أَمَرَهُ فِي آيَةِ الْفَيْءِ أَيْضًا فَلَمَّا اخْتَلَفُوا فِي هٰذِهِ الْاِخْتِلَافِ الَّذِي وَصَفْنَا وَجَبَ أَنْ نَنْظُرَ فِي ذٰلِكَ لِنَسْتَخْرِجَ مِنْ أَقْوَالِهِمْ هٰذِهِ قَوْلًا صَحِيحًا فَاعْتَبَرْنَا قَوْلَ مَنْ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى مِنْ قَرَابَتِهِ مَنْ أَعْطَى مَا أَعْطَاهُ بِحَقٍّ وَاجِبٍ لَهُمْ لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهُ إِيَّاهُمْ فِي آيَةِ الْغَنَائِمِ وَفِي آيَةِ الْفَيْءِ فَوَجَدْنَا هٰذَا الْقَوْلَ فَاسِدًا لِأَنَّا رَأَيْنَاهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى قَرَابَةً وَمَنَعَ قَرَابَةً فَلَوْ كَانَ مَا أَضَافَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِمْ فِي آيَةِ الْغَنَائِمِ وَفِي آيَةِ الْفَيْءِ عَلَى طَرِيقِ الْفَرْضِ مِنْهُ لَهُمْ إِذًا لَمَا حَرَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ أَحَدًا وَلَعَمَّهُمْ بِمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ حَتّٰى لَا يَكُونَ فِي شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ خَارِجًا عَمَّا أَمَرَهُ اللّٰهُ بِهِ فِيهِمْ أَلَا يَرَى أَنَّ رَجُلًا لَوْ أَوْصَى لِذِي قَرَابَةِ فُلَانٍ بِثُلُثِ مَالِهِ وَهُمْ يُحْصَوْنَ وَيُعْرَفُونَ أَنَّ الْقَائِمَ بِوَصِيَّتِهِ لَيْسَ لَهُ وَضْعُ الثُّلُثِ فِي بَعْضِ الْقَرَابَةِ دُونَ بَقِيَّتِهِمْ حَتّٰى يَعُمَّهُمْ جَمِيعًا بِالثُّلُثِ الَّذِي يُوصِي لَهُمْ بِهِ وَيُسَوِّي بَيْنَهُمْ فِيهِ وَإِنْ فَعَلَ فِيهِ مَا سِوَى ذٰلِكَ كَانَ مُخَالِفًا لِمَا أُمِرَ بِهِ وَحَاشَ لِلّٰهِ أَنْ يَكُونَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَيْءٍ مِنْ فِعْلِهِ بِمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ بِهِ مُخَالِفًا وَلِحُكْمِهِ تَارِكًا فَلَمَّا كَانَ مَا أَعْطَى مِمَّا صَرَفَهُ فِي

دینے کا حکم دیا جس کا اظہار آیہ خمس سے ہوتا ہے اسی لیے آیت فئے میں بھی اس کا حکم دیا تو جب اس سلسلے میں انہوں نے یہ اختلاف کیا جو ہم نے بیان کیا تو ہمارے لیے اس میں غور کرنا ضروری ہو گیا تا کہ ہم ان کے ان اقوال سے صحیح قول نکال سکیں چنانچہ ہم نے اس شخص کے قول میں غور کیا جو کہتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قرابتداروں میں سے جن لوگوں کو جو کچھ عطا کیا وہ ان کے لیے واجب تھا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے غنیمتوں سے متعلق آیت اور آیت فئے میں ان کا ذکر نہیں کیا پس ہم نے اس قول کو فاسد پایا کیونکہ ہم دیکھتے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض قرابتداروں کو عطا فرمایا اور کچھ کو عطا نہیں کیا آیت غنیمت اور آیت فئے میں ان کی طرف جس چیز کی اضافت کی گئی ہے اگر وہ ان کے لیے فرض کے طور پر ہوتی تو اس صورت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے کسی ایک کو بھی محروم نہ فرماتے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کے لیے مقرر فرمایا ان سب کو عطا فرماتے حتیٰ کہ آپ ان کے بارے میں حکم خداوندی سے ذرا بھر بھی باہر نہ جاتے کیا وہ نہیں دیکھتا کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے کے قرابتداروں کے لیے اپنے مال کے تیسرے حصے کی وصیت کرے اور انہیں یہ بات معلوم ہے کہ جس شخص کو وصیت کی گئی ہے اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ بعض رشتہ داروں کو تہائی حصہ دے اور دوسروں کو چھوڑ دے بلکہ جس تہائی مال کی وصیت کی گئی ہے وہ ان سب کو دینا ہوگا اور وہ ان کے درمیان برابر تقسیم کرے گا اگر وہ اس کے خلاف کرے تو جس بات کا حکم دیا گیا ہے وہ اس کی خلاف ورزی کرنے والا ہو گا اور پناہ بخدا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے افعال میں اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والے اور اس کے حکم کو چھوڑنے والے ہوں تو جب آپ نے اپنے رشتہ داروں کو جو کچھ دیا وہ سب رشتہ داروں کو نہ دیا تو یہ بات محال ہے کہ آپ اپنے رشتہ دارو ں

ذَوِیْ قُرْبَاهُ لَمْ یَعُمَّ بِهٖ قَرَابَتَهٗ كُلَّهَا اِسْتَحَالَ بِذٰلِكَ اَنْ یَّكُوْنَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِقَرَابَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ مَنَعَهُمْ مِنْهُ لِاَنَّ قَرَابَتَهٗ لَوْ كَانَ جُعِلَ لَهُمْ شَیْءٌ بِعَیْنِهٖ كَانُوْا كَذَوِیْ قَرَابَةِ فُلَانٍ الْمُوْصٰى لَهُمْ بِثُلُثِ الْمَالِ الَّذِیْ لَیْسَ لِلْمُوْصِیْ مَنْعُ بَعْضِهِمْ وَلَا اِیْثَارُ اَحَدِهِمْ دُوْنَ اَحَدٍ فَبَطَلَ بِذٰلِكَ هٰذَا الْقَوْلُ ثُمَّ اعْتَبَرْنَا قَوْلَ الَّذِیْ قَالُوْا لَمْ یَجِبْ لِذِیْ قَرَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ فِیْ اٰیَةِ الْفَیْءِ وَلَا فِیْ اٰیَةِ الْغَنَائِمِ وَاِنَّمَا وَكَّدَ اَمْرَهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اِیَّاهُمْ اَیْ فَیُعْطَوْنَ لِقَرَابَتِهِمْ وَلِفَقْرِهِمْ وَبِحَاجَتِهِمْ فَوَجَدْنَا هٰذَا الْقَوْلَ فَاسِدًا لِاَنَّهٗ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ كَمَا قَالُوْا لَمَا اَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَغْنِیَاءَ بَنِیْ هَاشِمٍ مِنْهُمُ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ فَقَدْ اَعْطَاهُ مَعَهُمْ وَكَانَ مُوْسِرًا فِی الْجَاهِلِیَّةِ وَالْاِسْلَامِ حَتّٰى لَقَدْ تَعَجَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ذِی الْقُرْبٰى لَیْسَ لِلْفَقْرِ لٰكِنْ لِمَعْنًى سِوَاهُ وَلَوْ كَانَ لِلْفَقْرِ اَعْطَاهُمْ لَكَانَ مَا اَعْطَاهُمْ مَا سَبِیْلُهٗ سَبِیْلُ الصَّدَقَةِ وَالصَّدَقَةُ مُحَرَّمَةٌ عَلَیْهِمْ۔

سے متعلق اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ کو روک دیتے کیونکہ اگر ان سب کے لیے کوئی حصہ مقرر ہوتا تو وہ اس فلاں موصیٰ لہ (جس کے لیے وصیت کی گئی) کے قرابتداروں کی طرح ہوتے جن کے لیے مال کے تہائی کی وصیت کی گئی تھی تو وہاں وصیت کرنے والے کے لیے جائز نہیں کہ ان میں سے بعض کو نہ دے اور کسی ایک کو دوسرے پر ترجیح دے تو اس سے یہ قول باطل ہو گیا۔ پھر ہم نے ان لوگوں کے قول کا جائزہ لیا جو کہتے ہیں کہ آیت فئے اور آیت غنیمت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں کے لیے کچھ بھی واجب نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کا ذکر محض تاکید کے لیے کیا یعنی ان کو ان کی قرابت اور فقر و احتیاج کی وجہ سے دیا جائے تو ہم نے اس قول کو بھی فاسد پایا کیونکہ اگر بات اس طرح ہوتی جس طرح وہ کہتے ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بنو ہاشم کے مالدار لوگوں کو عطا نہ فرماتے جن میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں آپ نے انہیں عطا فرمایا حالانکہ وہ جاہلیت اور اسلام دونوں حالتوں میں مالدار تھے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرابت داروں کو فوری طور پر جو کچھ عنایت فرمایا وہ ان کے فقر کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ کسی اور وجہ سے تھا اگر آپ ان کو محتاجی کی وجہ سے عنایت فرماتے تو جو کچھ عطا فرماتے وہ صدقہ ہوتا جب کہ صدقہ ان پر حرام ہے۔

۱۱۶۵- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ عَنْ اَبِی الْجَوْزَاءِ

حضرت ابو الجوزا ء سعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے عرض کیا کہ آپ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے

السَّعْدِيِّ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَا تَحْفَظُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَذْكُرُ اَنِّيْ اَخَذْتُ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلْتُهَا فِيْ فِيَّ فَاَخْرَجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَلْقَاهَا فِي التَّمْرِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَانَ عَلَيْكَ فِيْ هٰذِهٖ التَّمْرَةِ لِهٰذَا الصَّبِيِّ فَقَالَ اِنَّا اٰلُ مُحَمَّدٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ ۔

کیا بات یاد کی ہے انہوں نے فرمایا مجھے یاد ہے کہ میں نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لے کر اسے اپنے منہ میں ڈالا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نکالا پھر اسے کھجوروں میں ڈال دیا ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس بچے کے لیے اس کھجور میں آپ پر کوئی حرج نہ تھا، آپ نے فرمایا ہم آل محمد کے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔

۱۱۶۶ - حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَا ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَمَّارَةَ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ سِنَانٍ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ فِيْ اٰخِرِهٖ وَلَا لِاَحَدٍ مِّنْ اَهْلِهٖ ۔

حضرت ربیعہ بن سنان فرماتے ہیں میں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے پوچھا، پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا البتہ اس کے آخر میں فرمایا کہ نہ آپ کے گھر والوں کے لیے (حلال ہے)

۱۱۶۷ - حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ وَسَعِيْدٌ اِبْنَا زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ جَهْضَمٍ مُوْسٰى بْنِ سَالِمٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ مَا اخْتَصَّنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ دُوْنَ النَّاسِ اِلَّا بِثَلَاثٍ اِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ وَاَنْ لَّا نَاْكُلَ الصَّدَقَةَ وَاَنْ لَّا نُنْزِيَ الْحُمُرَ عَلَى الْخَيْلِ ۔

حضرت ابوجہضم موسیٰ بن سالم، حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے لوگوں سے الگ ہمیں صرف تین باتوں کے ساتھ خاص کیا یہ کہ ہم وضو مکمل طور پر کریں صدقہ نہ کھائیں اور گدھے سے گھوڑی کو جفتی نہ کریں۔

۱۱۶۸ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ ثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ وَحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

حضرت ابو عمر حوضی فرماتے ہیں ہم سے حضرت شبابہ بن سوار نے بیان کیا اور حضرت سلیمان بن شعیب فرماتے ہیں ہم سے عبد الرحمٰن بن زیاد نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لے کر اسے اپنے منہ میں ڈال

زِيَادٍ قَالَ اَخَذَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَاَدْخَلَهَا فِيْ فِيْهِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَخْ كَخْ اَلْقِهَا اَلْقِهَا اَمَا عَلِمْتَ اَنَّا لَا نَاكُلُ الصَّدَقَةَ۔

دیا تو حضور علیہ السلام نے ان سے فرمایا کخ کخ (یہ کلمہ بچے کو جھڑکنے کے لیے بولا جاتا ہے) اسے پھینک دو پھینک دو کیا تم نہیں جانتے کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے۔

۱۱۶۹- حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ اِبِلٍ سَائِمَةٍ فِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ ابْنَةُ لَبُوْنٍ مَنْ اَعْطَاهَا مُؤْتَجِرًا فَلَهٗ اَجْرُهَا وَمَنْ مَنَعَهَا فَاَنَا اٰخُذُهَا مِنْهُ وَشَطْرُ اِبِلِهٖ عَزْمَةٌ مِّنْ عَزَمَاتِ رَبِّنَا لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ مِّنَّا مِنْهَا شَيْءٌ۔

حضرت بہز بن حکیم اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ چرنے والوں اونٹوں (کی زکوٰۃ) کے بارے میں فرماتے تھے ہر چالیس اونٹوں میں ایک بنت لبون (اونٹ کا وہ بچہ جو تیسرے سال میں داخل ہو گیا) ہے جو شخص ثواب حاصل کرنے کے لیے دے گا اس کے لیے اس کا ثواب ہے اور جو اسے روکے گا تو میں خود اس سے لے لوں گا اور اس کے اونٹوں کا حصہ ہمارے رب کے فرائض میں سے ایک فریضہ ہے ہم میں سے کسی کے لیے اس میں سے کچھ بھی حلال نہیں۔

۱۱۷۰- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ الضَّرِيْرُ ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ قَالَا ثَنَا مَعْرُوْفُ بْنُ وَاصِلٍ السَّعْدِيُّ قَالَ سَمِعْتُ حَفْصَةَ فِيْ سَنَةِ تِسْعِيْنَ قَالَ ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ فِيْ حَدِيْثِهٖ اِبْنَةَ طَلْقٍ تَقُوْلُ ثَنَا رُشَيْدُ بْنُ مَالِكٍ وَاَبُوْ عُمَيْرٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِطَبَقٍ عَلَيْهِ تَمْرٌ فَقَالَ اَصَدَقَةٌ اَمْ هَدِيَّةٌ فَقَالَ بَلْ صَدَقَةٌ قَالَ فَوَضَعَهٗ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ وَالْحَسَنُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَاَخَذَ الصَّبِيُّ تَمْرَةً فَجَعَلَهَا فِيْ فِيْهِ

حضرت علی بن معبد فرماتے ہیں ہم سے حکم بن مروان نابینا نے حدیث بیان کی اور حضرت ابراہیم بن ابوداؤد فرماتے ہیں ہم سے احمد بن عبد اللہ بن یونس نے حدیث بیان کی پھر یہ دونوں (حکم بن مروان اور احمد بن عبد اللہ) معروف بن واصل سعدی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے ۹۰ھ میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے سنا ابن ابی داؤد فرماتے ہیں وہ (حضرت حفصہ) حضرت طلق کی بیٹی ہیں وہ فرماتی ہیں ہم سے رشید بن مالک اور ابوعمیر نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ کھجوروں کا ایک تھال لایا گیا آپ نے فرمایا یہ صدقہ ہے یا ہدیہ؟ (لانے والے نے) عرض کیا صدقہ ہے راوی کہتے ہیں آپ نے اسے لوگوں کے سامنے رکھ دیا حضرت حسن رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے ننھے بچے یعنی حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے ایک کھجور لے کر

فَادْخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِصْبَعَهٗ وَجَعَلَ يَتَرَقَّقُ بِهٖ فَاَخْرَجَهَا فَقَذَفَهَا ثُمَّ قَالَ اِنَّا اٰلُ مُحَمَّدٍ لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ۔

اپنے منہ میں ڈال دی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلی مبارک ان کے منہ میں ڈال کر آرام سے کھجور نکالی اور اسے پھینک دیا پھر فرمایا ہم آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) صدقہ نہیں کھاتے۔

۱۱۷۱- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيْمِ الْاَوْدِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيْسٰى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ الصَّدَقَةِ فَتَنَاوَلَ الْحَسَنُ تَمْرَةً فَاَخْرَجَهَا مِنْ فِيْهِ وَقَالَ اِنَّا اَهْلُ بَيْتٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ صدقہ والے کمرے میں داخل ہوا تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے ایک کھجور لے کر اپنے منہ میں ڈال دی آپ نے فرمایا ہم اہل بیت کے لیے صدقہ جائز نہیں۔

۱۱۷۲- حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمٰنَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّا اَهْلُ بَيْتٍ لَا يَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ وَلَمْ يَشُكَّ۔

حضرت محمد بن سعید اصبہانی فرماتے ہیں ہمیں حضرت شریک نے خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے (یوں نقل کیا کہ آپ نے) فرمایا ہم اہل بیت ہیں ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں (یہ بات کسی شک کے بغیر فرمائی)

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَفَلَا يَرٰى اَنَّ الصَّدَقَةَ الَّتِيْ تَحِلُّ لِسَائِرِ الْفُقَرَاءِ مِنْ غَيْرِ بَنِيْ هَاشِمٍ مِنْ جِهَةِ الْفَقْرِ لَا تَحِلُّ لِبَنِيْ هَاشِمٍ مِنْ حَيْثُ تَحِلُّ لِغَيْرِهِمْ فَكَذٰلِكَ الْفَيْءُ وَالْغَنِيْمَةُ لَوْ كَانَ مَا يُعْطَوْنَ مِنْهَا عَلٰى جِهَةِ الْفَقْرِ اِذًا لَمَا حَلَّ لَهُمْ فَاَمَّا مَا احْتَجَّ بِهٖ اَهْلُ هٰذَا الْقَوْلِ لِقَوْلِهِمْ مِنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ بِالتَّسْبِيْحِ عِنْدَمَا سَاَلَتْهُ اَنْ يُخْدِمَهَا خَادِمًا عِنْدَ قُدُوْمِ السَّبْيِ عَلَيْهِ فَوَكَّلَهَا اِلٰى مَا اَمَرَهَا بِهٖ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَلَمْ يُخْدِمْهَا مِنَ السَّبْيِ اَحَدًا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کیا یہ شخص نہیں دیکھتا کہ جو صدقہ غیر بنو ہاشم کے لیے محتاجی کی وجہ سے حلال ہے وہ بنو ہاشم کے لیے اس طرح حلال نہیں جس طرح دوسروں کے لیے حلال ہے مال فے اور غنیمت کا بھی یہی حکم ہے اگر ان کو یہ مال فقر کی وجہ سے دیا جاتا تو اس صورت میں حلال نہ ہوتا یہ حضرات اپنے قول پر جو دلیل پیش کرتے ہیں وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو تسبیح پڑھنے کا حکم ہے جب انہوں نے قیدیوں کے آنے پر آپ سے ایک خادم کی درخواست کی تھی تو آپ نے انہیں تسبیح پڑھنے کا حکم دیا اور قیدیوں میں سے کوئی غلام نہ دیا۔

فَذَكَرَ فِي ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِيْ لَيْلٰى يُحَدِّثُ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُوْا اِلَيْهِ اَثَرَ الرَّحٰى فِيْ يَدَيْهَا وَبَلَغَهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَتَاهُ سَبْيٌ فَاَتَتْهُ تَسْاَلُهُ خَادِمًا فَلَمْ تَلْقَهُ وَلَقِيَتْهَا عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَاَخْبَرَتْهَا الْحَدِيْثَ فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ بِذٰلِكَ قَالَ فَاَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْنَا اَنْ نَّقُوْمَ فَقَالَ اَلَا اَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِّمَّا سَاَلْتُمَا تُكَبِّرَانِ اللّٰهَ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ وَتُسَبِّحَانِ اللّٰهَ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ وَتَحْمَدَانِ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا فَاِنَّهُ خَيْرٌ لَّكُمَا مِنْ خَادِمٍ۔

١١٧٤- حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمٰنَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ لِفَاطِمَةَ ذَاتَ يَوْمٍ قَدْ جَاءَ اللّٰهُ اَبَاكِ بِسَعَةٍ مِّنْ رَّقِيْقٍ فَاسْتَخْدِمِيْهِ فَاَتَتْهُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَا اُعْطِيْكُمَا وَاَدَعُ اَهْلَ الصُّفَّةِ يَطْوُوْنَ بُطُوْنَهُمْ وَلَا اَجِدُ مَا اُنْفِقُ عَلَيْهِمْ وَلٰكِنْ اَبِيْعُهَا وَاُنْفِقُ عَلَيْهِمْ اَلَا اَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِّمَّا

اس (مستدل) نے یوں ذکر کیا حضرت شعبہ حضرت حکم سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے سنا وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے ہاتھوں پر چکی (پیسنے) کے نشانات کی شکایت کی اور انہیں یہ خبر ملی تھی کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ قیدی آئے ہیں تو وہ خادم کا سوال کرنے حاضر ہوئیں لیکن آپ سے ملاقات نہ ہوئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے ان کو سارا قصہ بتایا جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو ام المومنین نے ساری صورت حال عرض کی (حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے جبکہ ہم لیٹ گئے تھے ہم اٹھنے لگے تو آپ نے فرمایا کیا میں تمہیں اس چیز سے بہتر کی راہنمائی نہ کروں جس کا تم دونوں نے سوال کیا ہے جب تم لیٹنے لگو تو چونتیس بار (۳۴) اللہ اکبر تینتیس بار (۳۳) سبحان اللہ اور تینتیس بار (۳۳) الحمدللہ پڑھا کرو یہ تمہارے لیے خادم سے بہتر ہے۔

حضرت عطاء بن سائب، اپنے والد سے اور وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے ایک دن حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا آپ کے والد ماجد کو اللہ تعالیٰ نے بہت سے غلام دیئے ہیں تو ان میں سے ایک خادم مانگ لاؤ وہ حاضر ہوئیں اور حضور کی خدمت میں یہ بات عرض کی تو آپ نے فرمایا اللہ کی قسم! میں اصحاب صفہ کو چھوڑ کر تمہیں نہیں دوں گا کہ (بھوک کی وجہ سے) ان کے پیٹوں میں بل پڑ رہے ہیں اور میرے پاس ان پر خرچ کرنے کے لیے کچھ نہ ہو لیکن میں ان غلاموں کو فروخت کر کے ان پر خرچ کروں گا کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جو اس سے بہتر ہے جس کا تم نے سوال کیا یہ

سَأَلْتُمَا عَلَّمَنِيْهِ جِبْرِيْلُ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ كَبِّرَا فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَاحْمِدَا عَشْرًا وَسَبِّحَا عَشْرًا فَإِذَا أَوَيْتُمَا إِلٰى فِرَاشِكُمَا ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَ مَا ذَكَرَ فِيْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بْنِ شُعَيْبٍ۔

بات مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے سکھائی ہے ہر نماز کے بعد دس بار اللہ اکبر دس بار الحمد اللہ اور دس بار سبحان اللہ پڑھا کرو اور جب لیٹنے لگو (تو بھی پڑھو) اس کے بعد سلیمان بن شعیب کی روایت (حدیث نمبر ۱۱۷۳) کی طرح ذکر کیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ أَفَلَا يَرٰى أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُخْدِمْهَا مِنَ السَّبْيِ خَادِمًا وَلَوْ كَانَ لَهَا فِيْهِ حَقٌّ بِمَا ذَكَرَ اللّٰهُ مِنْ ذَوِي الْقُرْبٰى فِيْ آيَةِ الْغَنِيْمَةِ وَفِيْ آيَةِ الْفَيْءِ إِذًا لَمَا مَنَعَهَا مِنْ ذٰلِكَ وَأَثَرَ غَيْرَهَا عَلَيْهَا أَلَا تَرَاهُ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَا أُعْطِيْكِهَا وَأَدَعُ أَهْلَ الصُّفَّةِ يَطْوُوْنَ بُطُوْنَهُمْ وَلَا أَجِدُ مَا أُنْفِقُ عَلَيْهِمْ۔

قِيْلَ لَهُ مَنْعُهُ إِيَّاهَا يَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ لِأَنَّهَا لَمْ تَكُنْ عِنْدَهُ قَرَابَةً وَلٰكِنَّهَا كَانَتْ عِنْدَهُ أَقْرَبُ مِنَ الْقَرَابَةِ لِأَنَّ الْوَلَدَ لَا يَجُوْزُ أَنْ يُقَالَ هُوَ قَرَابَةُ أَبِيْهِ إِنَّمَا الْقَرَابَةُ مِنْ بَعْدِ الْوَلَدِ أَلَا يَرٰى إِلٰى قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كِتَابِهِ قُلْ مَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِيْنَ فَجَعَلَ الْوَالِدَيْنِ غَيْرَ الْأَقْرَبِيْنَ فَكَمَا كَانَ الْوَالِدَانِ يَخْرُجَانِ مِنْ قَرَابَةِ وَلَدِهِمَا فَكَذٰلِكَ وَلَدُهُمَا يَخْرُجُ مِنْ قَرَابَتِهِمَا وَلَقَدْ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فِيْ رَجُلٍ أَوْصٰى بِثُلُثِ مَالِهِ لِذِيْ قَرَابَةِ فُلَانٍ أَنَّ وَالِدَيْهِ وَوَلَدَهُ لَا يَدْخُلُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ لِأَنَّهُمْ أَقْرَبُ مِنَ الْقَرَابَةِ فَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُعْطِ فَاطِمَةَ مَا سَأَلَتْهُ لِهٰذَا الْمَعْنٰى۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اگر کوئی معترض ہے کہ کیا اس شخص نے نہیں دیکھا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خاتون جنت کو قیدیوں میں سے کوئی خادم نہیں دیا اگر آیت غنیمت اور آیت فے میں قرابتداروں کے ذکر کی وجہ سے اس میں ان کا حق ہوتا تو آپ ان سے نہ روکتے اور دوسرں کو ان پر ترجیح نہ دیتے کیا تم نہیں دیکھتے کہ آپ نے فرمایا اللہ کی قسم میں اہل صفہ کو چھوڑ کر تمہیں نہیں دوں گا کہ بھوک کی وجہ سے انکے پیٹوں میں بل پڑ رہے ہوں اور میرے پاس کوئی ایسی چیز نہ ہو جو ان پر خرچ کروں تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا آپ کے ان کو عطا کرنے میں اس بات کا بھی احتمال ہے کہ انہیں آپ کے ہاں قرابت نہ ہو کیونکہ وہ تو قرابت سے بھی بڑھ کر قریب تھیں کیونکہ اولاد کے بارے میں یہ بات کہنا جائز نہیں کہ وہ اپنے باپ کے قریبی ہیں قرابت تو اولاد کے بعد شروع ہوتی ہے کیا وہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کو نہیں دیکھتا جو اس نے اپنی کتاب میں ارشاد فرمایا آپ فرما دیجیے جو کچھ تم اچھی چیز سے خرچ کرو وہ ماں باپ کے لیے اور قریبی رشتہ داروں کے لیے ہے تو ماں باپ کو غیر قریبی قرار دیا تو جس طرح والدین، اولاد کی قرابت سے خارج ہیں اسی طرح ان کی اولاد بھی ان کی قرابت سے خارج ہے حضرت امام محمد بن حسن رحمہ اللہ اس شخص کے بارے میں جو فلاں کے قرابت داروں کے لیے تہائی مال کی وصیت کرتا ہے، فرماتے ہیں کہ اس (فلاں) کے والدین اور اولاد اس میں داخل نہیں ہوں گے کیونکہ وہ تو قرابت سے زیادہ قریبی ہیں تو اس بات کا احتمال ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کے سوال پر اس (مذکورہ بالا) وجہ سے (غلام) عطا نہ فرمایا ہو۔

۱۱۷۵- فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ

اگر کوئی کہنے والا کہے کہ آپ سے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی

اَيْضًا فِي غَيْرِ فَاطِمَةَ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ مِثْلَ هٰذَا اَيْضًا .

۱۱۷۶ - فَذَكَرَ مَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ ثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنِي عَيَّاشُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي الْفَضْلُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَكِيمِ اِنَّ اُمَّهٗ حَدَّثَتْهُ اَنَّهَا ذَهَبَتْ هِيَ وَ اُمُّهَا حَتّٰى دَخَلَتَا عَلٰى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَخَرَجْنَ جَمِيعًا فَاَتَيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَقْبَلَ مِنْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ وَمَعَهٗ رَقِيْقٌ فَسَاَلْتَهٗ اَنْ يُخْدِمَهُنَّ فَقَالَ سَبَقَكُنَّ يَتَامٰى اَهْلِ بَدْرٍ .

اللہ عنہا کے علاوہ دوسرے بنو ہاشم کے بارے میں بھی اس کی مثل مروی ہے ۔

اور وہ یوں ذکر کرتے حضرت فضل بن حسن ، حضرت عمرو بن حکیم سے روایت کرتے ہیں کہ ان کی ماں نے ان سے بیان کیا کہ وہ اور ان کی ماں (یعنی حضرت عمرو بن حکیم کی نانی) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئیں پھر وہ سب وہاں سے نکل کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں ا آپ کسی غزوہ سے واپس تشریف لائے تھے آپ کے کچھ غلام تھے حضرت خاتون جنت نے ان سب کے لیے غلام مانگے تو آپ نے فرمایا اہلِ بدر کے یتیم تمہاری نسبت پچھاڑے ہوئے (رعایت مند) ہیں ۔

۱۱۷۷ - حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ اَمْلٰى عَلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ الْفَضْلَ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ حَدَّثَهٗ اَنَّ ابْنَ اُمِّ الْحَكِيمِ اَوْ ضُبَاعَةَ ابْنَتَيِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ حَدَّثَهٗ عَنْ اِحْدٰهُمَا اِنَّهَا قَالَتْ اَصَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيًا فَذَهَبْتُ اَنَا وَاُخْتِيْ فَاطِمَةُ ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَشْكُوْنَا اِلَيْهِ مَا نَحْنُ فِيْهِ وَسَاَلْنَا اَنْ يُّعْطِيَنَا شَيْئًا مِّنَ السَّبْيِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَقَكُنَّ يَتَامٰى بَدْرٍ وَّلٰكِنْ سَاَدُلُّكُنَّ عَلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ لَّكُنَّ تُكَبِّرْنَ اللّٰهَ عَلٰى اَثَرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلَاثًا وَّ ثَلٰثِيْنَ تَكْبِيْرَةً وَّثَلَاثًا وَّ ثَلٰثِيْنَ تَسْبِيْحَةً وَّ ثَلَاثًا وَّ ثَلٰثِيْنَ تَحْمِيْدَةً وَّلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

حضرت عیاش بن عقبہ حضرمی سے روایت ۔

فضل بن حسن بن عمرو بن امیہ نے ان سے بیان کیا حضرت زبیر بن عبد المطلب کی صاحبزادی ام حکیم یا ضباعہ کے بیٹے نے ان میں سے ایک سے روایت کرتے ہوئے ان سے بیان کیا وہ فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ قیدی آئے تو میں اور میری بہن یعنی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور کی خدمت میں حاضر ہوئیں ہم نے اپنی حالت کی شکایت کی اور آپ سے سوال کیا کہ قیدیوں میں سے کچھ ہمیں عطا فرمائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدر والوں کے یتیم تم پر سبقت رکھتے ہیں لیکن میں عنقریب تمہیں اس سے بہتر بات کی راہنمائی کروں گا ۔ ہر نماز کے بعد تینتیس ۳۳ بار اللہ اکبر پڑھو تینتیس ۳۳ بار سبحان اللہ تینتیس ۳۳ بار الحمد للہ اور ایک بار لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر پڑھو حضرت عیاش فرماتے ہیں وہ دونوں (حضرت ام حکیم اور حضرت ضباعہ) رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چچا زاد بہنیں تھیں ۔

لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَاحِدَةً قَالَ عَيَّاشٌ وَهُمَا ابْنَتَا عَمِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۱۱۷۸۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ ثَنَا اِصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ وَلَا اَدْرِيْ مَا اسْمُ الرَّجُلِ وَلَا اِسْمُ اَبِيْهِ۔

حضرت اسبغ بن فرج فرماتے ہیں ہم سے حضرت عبداللہ بن وہب نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا کہ مجھے اس شخص (راوی) اور اس کے باپ کا نام معلوم نہیں۔

قِيْلَ لَهٗ لَيْسَ هٰذَا حُجَّةً لَكَ عَلٰى مَنْ اَوْجَبَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى لِاَنَّهٗ اِنَّمَا يُوْجِبُهٗ لِمَنْ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيْثَارَهٗ بِهٖ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ اٰثَرَ بِهٖ ذَا قُرْبَاهُ مِنْ يَتَامٰى اَهْلِ بَدْرٍ وَمِنَ الضُّعَفَاءِ الَّذِيْنَ قَدْ صَارُوْا لِضُعْفِهِمْ مِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ فَلَمَّا انْتَفٰى قَوْلُ مَنْ رَاٰى سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى وَاحِدًا بِحَمْلَتِهِمْ عَلٰى اَنَّهُمْ عِنْدَهٗ بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ خَاصَّةً لَا يَتَخَطَّوْنَ اِلٰى غَيْرِهِمْ وَقَوْلُ مَنْ قَالَ اِنَّ حَقَّ ذَوِي الْقُرْبٰى فِيْ خُمُسٍ فِي الْغَنَائِمِ وَفِي الْفَيْءِ بِفَقْرِهِمْ وَلِحَاجَتِهِمْ بِمَا احْتَجَجْنَا بِهٖ عَلٰى كُلِّ وَاحِدٍ مِّنَ الْقَوْلَيْنِ ثَبَتَ الْقَوْلُ الْاٰخَرُ وَهُوَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ لَهٗ اَنْ يَّخُصَّ بِهٖ مَنْ شَاءَ مِنْهُمْ وَحَرَمَ مَنْ شَاءَ مِنْهُمْ۔

اس قائل سے کہا جائے گا کہ یہ بات تمہارے لیے ان لوگوں کے خلاف دلیل نہیں بن سکتی جو قرابتداروں کا حصہ واجب قرار دیتے ہیں کیونکہ وہ اسے ان لوگوں کے لیے واجب قرار دیتا ہے جسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ترجیح دینا مناسب سمجھیں تو ہوسکتا ہے کہ آپ نے اس کے ساتھ اپنے قرابتداروں میں اہلِ بدر کے یتیموں اور ان کمزور لوگوں کو ترجیح دی ہو جو اپنی کمزوری کی وجہ سے اہلِ صفہ میں سے ہو گئے۔ تو جب ہمارے دلائل سے دونوں قولوں کی نفی ہو گئی یعنی اس شخص کے قول کی بھی جو قرابتداروں کے لیے ایک ہی حصہ قرار دیتا ہے یعنی وہ ان کے نزدیک صرف بنو ہاشم اور بنو مطلب کے لیے ان سے دوسروں کی طرف تجاوز نہیں کرتا، اور اس شخص کا قول بھی جو غنیمتوں کے خمس اور مالِ فئے میں ان کا حصہ ان کی محتاجی اور حاجت کی وجہ سے قرار دیتا تو دوسرا قول ثابت ہو گیا وہ یہ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار تھا کہ اس کے ساتھ ان میں سے جس کو چاہیں خاص کریں اور جسے چاہیں محروم کریں۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ وَمَا دَلِيْلُكَ عَلٰى ذٰلِكَ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ اس پر تمہارے پاس کیا دلیل ہے تو اسے کہا جائے گا

قِيْلَ لَهٗ قَدْ ذَكَرْنَا مِنَ الدَّلَائِلِ عَلٰى ذٰلِكَ فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ مَا يُغْنِيْنَا عَنْ اِعَادَتِهٖ هٰهُنَا مَعَ اَنَّا نَزِيْدُ فِيْ ذٰلِكَ بَيَانًا اَيْضًا۔

کہ ہم نے اس کتاب میں اس سے پہلے دلائل ذکر کر دیئے ہیں اب ان کو لوٹانے کی ضرورت نہیں البتہ ہم اس کی وضاحت کے لیے کچھ اضافہ کرتے ہیں۔

۱۱۷۹- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ ثَنَا جُوَیْرِیَةُ بْنُ اَسْمَاءَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ اَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِیْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ حَدَّثَهُ قَالَ اجْتَمَعَ رَبِیْعَةُ بْنُ الْحَارِثِ وَالْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَا لَوْ بَعَثْنَا هٰذَیْنِ الْغُلَامَیْنِ لِیْ وَالْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ عَلَی الصَّدَقَةِ فَاَدَّیَا مَا یُؤَدِّی النَّاسُ وَاَصَابَا مَا یُصِیْبُ النَّاسُ قَالَ فَبَیْنَا هُمَا فِیْ ذٰلِكَ جَاءَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَوَقَفَ عَلَیْهِمَا فَذَكَرَا ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ عَلِیٌّ لَا تَفْعَلَا فَوَاللهِ مَا هُوَ بِفَاعِلٍ فَقَالَا مَا یَمْنَعُكَ هٰذَا اِلَّا نَفَاسَةً عَلَیْنَا فَوَاللهِ لَقَدْ نِلْتَ صِهْرَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا نَفِسْنَا عَلَیْكَ فَقَالَ عَلِیٌّ اَنَا اَبُوْ حَسَنٍ اَرْسِلَاهُمَا فَانْطَلَقَا وَاضْطَجَعَ فَلَمَّا صَلّٰی رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ سَبَقْنَاهُ اِلَی الْحُجْرَةِ فَقُمْنَا عِنْدَهَا حَتّٰی جَاءَ فَاَخَذَ بِاٰذَانِنَا فَقَالَ اَخْرِجَا مَا تُضْمِرَانِ ثُمَّ دَخَلَ وَدَخَلْنَا عَلَیْهِ وَهُوَ یَوْمَئِذٍ عِنْدَ زَیْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ فَتَوَاكَلْنَا الْكَلَامَ ثُمَّ تَكَلَّمَ اَحَدُنَا فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللهِ اَنْتَ اَبَرُّ النَّاسِ وَاَوْصَلُ النَّاسِ وَقَدْ بَلَغْنَا النِّكَاحَ وَقَدْ جِئْنَاكَ لِتُؤَمِّرَنَا عَلٰی بَعْضِ الصَّدَقَاتِ فَنُؤَدِّیْ اِلَیْكَ كَمَا یُؤَدُّوْنَ وَنُصِیْبُ كَمَا یُصِیْبُوْنَ فَسَكَتَ حَتّٰی اَرَدْنَا اَنْ نُكَلِّمَهٗ وَجَعَلَتْ زَیْنَبُ تَلْمَعُ اِلَیْنَا مِنْ وَّرَاءِ الْحِجَابِ اَنْ لَّا

حضرت مالک بن انس حضرت زہری سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن نوفل بن حارث نے ان سے بیان کیا کہ عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث نے ان سے بیان کیا وہ فرماتے ہیں حضرت ربیعہ بن حارث اور عباس بن عبدالمطلب اکٹھے ہوئے اور باہم گفتگو کی کہ اگر ہم ان دو بچوں میرے اور حضرت فضل بن عباس کے بارے میں فرمایا، صدقہ کی وصولی کے لیے بھیجیں تو جو کچھ لوگ دیتے ہیں یہ بھی دیں اور جو کچھ لوگ حاصل کرتے ہیں یہ بھی حاصل کریں راوی فرما- ہیں وہ دونوں اسی حالت میں تھے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور ان دونوں کے پاس کھڑے ہو گئے انہوں نے آپ کے سامنے ذکر کیا تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسا نہ کرو اللہ کی قسم! حضور علیہ السلام ایسا نہیں کریں گے ان دونوں نے فرمایا کہ آپ محض کسی وجہ سے اس بات سے رُک رہے ہیں اللہ کی قسم! آپ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد ہیں لیکن ہم آپ سے بخل نہیں کرتے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ابوحسن ہوں (یعنی میں خوبیوں کا مالک ہوں. حسد نہیں کرتا) ان دونوں کو بھیجو پھر وہ دونوں چلے گئے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ لیٹ گئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز پڑھ چکے تو ہم آپ سے پہلے حجرہ مبارکہ میں پہنچ گئے اور وہاں کھڑے ہو گئے حتیٰ کہ آپ تشریف لائے اور آپ نے ہم دونوں کے کان پکڑ کر فرمایا جو کچھ تمہارے دل میں ہے ظاہر کرو پھر آپ اندر تشریف لے گئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ اندر گئے آپ ان دنوں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے ہاں ٹھہرے ہوئے تھے ہم نے ایک دوسرے کو بات کرنے کا وکیل بنایا پھر ہم میں سے ایک نے کلام کیا انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! آپ لوگوں میں سے سب سے زیادہ نیکی کرنے والے اور زیادہ صلہ رحمی کرنے والے ہیں ہم نکاح کی عمر کو

تُكَلِّمَاهُ فَقَالَ إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَنْبَغِي لِآلِ مُحَمَّدٍ
إِنَّمَا هِيَ أَوْسَاخُ النَّاسِ ادْعُ لِي مَحْمِيَةَ وَكَانَ
عَلَى الْخُمُسِ وَنَوْفَلُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ
فَجَاءَاهُ فَقَالَ لِمَحْمِيَةَ أَنْكِحْ هٰذَا الْغُلَامَ
ابْنَتَكَ لِلْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ فَأَنْكَحَهُ وَقَالَ
لِنَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ أَنْكِحْ هٰذَا الْغُلَامَ ابْنَتَكَ
فَأَنْكَحَنِي فَقَالَ لِمَحْمِيَةَ أَصْدِقْ عَنْهُمَا
مِنَ الْخُمُسِ وَكَذَا فَلَا يُرَى أَنَّ رَسُولَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ مَحْمِيَةَ أَنْ
يُصْدِقَ عَنْهُمَا مِنَ الْخُمُسِ وَلَمْ يَقْسِمِ
الْخُمُسَ بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ عَدَدِ بَنِي هَاشِمٍ وَ
بَنِي الْمُطَّلِبِ فَيُعْلَمَ مِقْدَارُ مَا لِكُلِّ وَاحِدٍ
مِّنْهُمْ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى أَنَّهُ أَتَى مَا سَمَّى اللّٰهُ
لِذَوِي الْقُرْبٰى فِي الْآيَتَيْنِ اللَّتَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا
فِي صَدْرِ كِتَابِنَا هٰذَا لَيْسَ لِقَوْمٍ بِأَعْيَانِهِمْ
لِقَرَابَتِهِمْ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ إِذًا لَأَوْجَبَ
التَّسْوِيَةَ فِيهِ بَيْنَهُمْ وَإِذَا إِنَّمَا كَانَ رَسُولُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْبِسُهُ
فِي يَدِ مَحْمِيَةَ دُونَ أَهْلِهِ حَتّٰى يَضَعَهُ
فِيهِمْ كَمَا لَمْ يَحْبِسْ أَرْبَعَةَ أَخْمَاسِ الْغَنَائِمِ
عَنْ أَهْلِهَا وَلَمْ يُوَلِّ عَلَيْهَا حَافِظًا دُونَ
أَهْلِهَا فَفِي تَوْلِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ عَلَى الْخُمُسِ مِنَ الْغَنَائِمِ مَنْ
يَحْفَظُهُ حَتّٰى يَضَعَهُ فِيمَنْ يَأْمُرُهُ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَهُ فِيهِ دَلِيلٌ
عَلَى أَنَّ حُكْمَهُ إِلَيْهِ فِيمَنْ يَرَى فِي ذَوِي
قُرْبَاهُ وَلَوْ كَانَ لِذَوِي الْقُرْبٰى حَقٌّ بِعَيْنِهِ
لَا يَجُوزُ أَنْ يُصْرَفَ سَهْمٌ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ
مِّنْهُمْ حَظُّهُ مِنْهُ إِلَى مَنْ سِوَاهُ وَإِنْ كَانُوا

پہنچ چکے ہیں ہم آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوتے ہیں کہ آپ ہمیں بعض صدقات (کی وصولی) پر مقرر فرمائیں تاکہ ہم بھی دوسروں کی طرح آپ تک مال پہنچائیں اور دوسروں کی طرح ہم بھی فائدہ حاصل کریں آپ خاموش رہے حتی کہ ہم نے ارادہ کیا کہ آپ سے (دوبارہ) کلام کریں حضرت زینب رضی اللہ عنہا پردہ کے پیچھے سے ہمیں بات نہ کرنے کا اشارہ کر رہی تھیں آپ نے فرمایا آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے صدقہ حلال نہیں یہ تو لوگوں کی میل ہے محمیہ کو میرے پاس بلاؤ اور وہ خمس پر مقرر تھے اور نوفل بن حارث بن عبدالمطلب کو بھی بلاؤ جب وہ آئے تو آپ نے حضرت محمیہ سے فرمایا اس لڑکے یعنی حضرت فضل بن عباس سے اپنی بیٹی کا نکاح کردو چنانچہ انہوں نے نکاح کر دیا اور نوفل بن حارث سے فرمایا اس لڑکے (عبدالمطلب بن ربیعہ) سے اپنی بیٹی کا نکاح کردو تو انہوں نے میرے ساتھ نکاح کر دیا پھر حضرت محمیہ سے فرمایا کہ ان دونوں کی طرف سے خمس میں سے اتنا اتنا مہر ادا کرو تو کیا وہ (معترض) نہیں جانتا کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت محمیہ کو خمس میں سے ان دونوں کی طرف سے مہر ادا کرنے کا حکم فرمایا اور اس کے بعد بنو ہاشم اور بنو مطلب کی تعداد کے مطابق خمس تقسیم نہیں فرمایا جس سے معلوم ہوتا کہ ان میں سے ہر ایک کے لیے کتنی مقدار ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان دو آیتوں میں جن کا ہم نے اس باب کے شروع میں ذکر کیا قرابتداروں کا جو حصہ بیان کیا ہے وہ قرابتداری کی وجہ سے کسی معین جماعت کے لیے نہیں اگر ایسا ہوتا تو اس صورت میں ان کے درمیان برابری ضروری ہوتی اور اس صورت میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم اسے اہل بیت سے الگ کر کے حضرت محمیہ کے پاس نہ رکھتے حتی کہ وہ ان سب کو عطا فرماتے جیسا کہ آپ نے غنیمت کے چار حصے ان کے مستحقین سے نہیں روکے اور ان سے روک کر اس پر کوئی محافظ مقرر نہیں فرمایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

أَوْلَى قُرْبَى لِمَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْبِسُ حَقًّا لِلْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَلَا لِعَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ وَلَا عَنْ غَيْرِهِمَا حَتَّى يُؤَدِّيَ إِلَى كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ حَقَّهُ وَلَمَّا احْتَاجَ الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ وَعَبْدُ الْمُطَّلِبِ بْنُ رَبِيعَةَ أَنْ يُتَصَدَّقَ عَنْهُمَا شَيْئًا قَدْ جَعَلَهُ اللَّهُ لَهُمَا بِالْآيَةِ الَّتِي ذَكَرَهُمْ فِيهَا فَفِي انْتِفَاءِ مَا ذَكَرْنَا دَلِيلٌ صَحِيحٌ وَحُجَّةٌ قَائِمَةٌ أَنَّ مَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَهُ فِي ذَوِي قُرْبَاهُ الَّذِينَ جَعَلَهُ فِيهِمْ وَمَا قَدْ كَانَ لَهُ صَرَفَهُ عَنْهُمْ إِلَى ذَوِي قُرْبَاهُ مِثْلِهِمْ وَإِنَّ بَعْضَهُمْ لَمْ يَكُنْ أَوْلَى بِهِ مِنْ بَعْضٍ إِلَّا مَنْ رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَضْعَهُ فِيهِ مِنْهُمْ فَيَكُونُ بِذَلِكَ أَوْلَى مِمَّنْ رَأَى يُخْطِئُهُ بِهِ مِنْهُمْ.

١١٨٠ - فِي ذَلِكَ أَيْضًا حُجَّةٌ أُخْرَى وَهِيَ أَنَّ فَهْدَ بْنَ سُلَيْمَانَ بْنِ يَحْيَى قَالَ قَدْ ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَلْقِينَ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِوَادِي الْقُرَى فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ لِمَنِ الْمَغْنَمُ فَقَالَ لِلَّهِ سَهْمٌ وَلِهَؤُلَاءِ أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ قُلْتُ فَهَلْ أَحَدٌ أَحَقُّ بِشَيْءٍ مِنَ الْمَغْنَمِ مِنْ أَحَدٍ قَالَ لَا حَتَّى السَّهْمِ يَأْخُذُهُ أَحَدُكُمْ مِنْ أَخِيهِ فَلَيْسَ بِأَحَقَّ بِهِ مِنْ أَخِيهِ.

١١٨١ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا

کا غنیمت کے خمس پر کسی کو مقرر کرنا پھر آپ کے حکم سے اس کا کسی کو عطا ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا اختیار آپ کو حاصل تھا کہ قرابتداروں میں سے جیسے مناسب سمجھیں عطا فرمائیں اگر قرابتداروں کا مقررہ حصہ ہوتا تو آپ کسی ایک قرابتدار کا حصہ دوسرے کو عطا نہ فرماتے اگرچہ وہ قریبی ہوں اور آپ یقیناً حضرت فضل بن عباس، عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث اور ان کے علاوہ دوسروں کا حق نہ روکتے؟! ان میں سے ہر ایک کو اس کا حق دیتے اور اس صورت حضرت فضل بن عباس اور عبدالمطلب بن ربیعہ اس بات کے محتاج نہ ہوتے کہ ان کی طرف سے کوئی چیز بطور مہر ادا کی جائے جبکہ اللہ تعالیٰ نے آیت مذکورہ کے ذریعے اسے ان کے لیے قرار دیا جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات کی نفی پر صحیح دلیل اور مضبوط حجت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں اپنے قرابتداروں کے لیے جو عمل کیا کہ بعض کو عطا فرمایا اور دوسروں کو نہ دیا حالانکہ ان میں سے بعض دوسروں سے زیادہ قریبی نہ تھے تو اس کی وجہ صرف یہی تھی کہ آپ کو اس بات کا اختیار تھا کہ ان ہی سے جس کو چاہیں مقدم کریں۔

اس سلسلے میں ایک اور دلیل بھی ہے وہ یہ ہے حضرت بدیل بن میسرہ، حضرت عبداللہ بن شقیق سے اور وہ بلقین کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ وادیٔ قریٰ میں تھے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مالِ غنیمت کس کے لیے ہے؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے لیے ایک حصہ ہے اور ان لوگوں کے لیے چار حصے ہیں میں نے پوچھا کیا کوئی شخص دوسرے کی نسبت غنیمت کا زیادہ حقدار ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں حتیٰ کہ تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے حصہ لیتا ہے تو وہ اپنے بھائی کی نسبت اس کا زیادہ حق نہیں رکھتا۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت عبداللہ بن شفیق،

يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللهِ شَقِيقٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ بَلْقِينَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

بلقین کے ایک شخص سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۱۸۲۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُرَادِيُّ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسٰى قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ قَالَ كُنْتُ اَقْعُدُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فَقَالَ اِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ لَمَّا اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ الْقَوْمُ اَوْ مَنِ الْوَفْدُ قَالُوْا رَبِيعَةُ قَالَ مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ اَوْ بِالْوَفْدِ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَادِمِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنَّا لَا نَسْتَطِيعُ اَنْ نَّاْتِيَكَ اِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَمُرْنَا بِاَصْلٍ فَصْلٍ نُخْبِرُ بِهِ مَنْ وَّرَآءَنَا وَنَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْاِيْمَانُ بِاللهِ وَحْدَهُ قَالَ اللهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ قَالَ شَهَادَةُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ وَاِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءُ الزَّكٰوةِ وَصِيَامُ رَمَضَانَ وَاَنْ تُعْطُوْا مِنَ الْمَغْنَمِ الْخُمُسَ۔

حضرت شعبہ، حضرت ابوحمزہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو انہوں نے فرمایا کہ جب عبدالقیس کا وفد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا کون سی قوم ہے یا (فرمایا) کون وفد ہے انہوں نے عرض کیا "ربیعہ" آپ نے فرمایا قوم یا وفد کا آنا مبارک ہو نہ ذلت ہو نہ پشیمانی انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم آپ کے پاس صرف حرمت والے مہینوں (رجب، ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم) میں آسکتے ہیں (باقی مہینوں میں لڑائی کا خطرہ ہوتا ہے) آپ ہمیں اصل اور فیصلہ کن بات بتادیں تاکہ ہم اپنے پچھلوں کو بتائیں اور اس کے ذریعے ہم جنت میں داخل ہوں آپ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان کیا ہے انہوں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ نے فرمایا اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، رمضان المبارک کے روزے رکھنا اور یہ کہ تم مال غنیمت سے پانچواں حصہ (خمس) دو۔

۱۱۸۳۔ حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَعُلِمَ اَنَّهُ قَدْ اَضَافَ الْخُمُسَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ اِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَمْ يُضِفْ اِلَيْهِ اَرْبَعَةَ اَخْمَاسِهَا وَاَنَّ مَا سِوَاهُ مِنْهَا

حضرت ابوحمزہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں عبدالقیس کا وفد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس سے معلوم ہوا کہ خمس کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا اور باقی چار حصوں کو اس کی طرف منسوب نہیں کیا خمس کے علاوہ کو قوم کے لیے غیر معین طور پر رکھا حضور علیہ السلام جس کو چاہیں عطا فرمائیں اگر یہ قرابت داروں کی معلوم تعداد کے لیے ہوتا تو اس طرح نہ ہوتا کیا وہ شخص نہیں دیکھتا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ

لِقَوْمٍ بِغَيْرِ أَعْيَانِهِمْ يَضَعُهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ عَلَى مَا يَرَى وَلَوْ كَانَ لِذِي الْقُرْبَى الْمَعْلُومِ عَدَدُهُمْ لَمْ يَكُنْ كَذٰلِكَ أَفَلَا يَرَى أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْخُذُ الْخُمُسَ لِيَضَعَهُ فِيمَا يَرَى وَضْعَهُ وَيَقْسِمُ مَا بَقِيَ بَعْدَهُ عَلَى السُّهْمَانِ فَدَلَّ أَنَّ مَا كَانَ يَقْسِمُهُ عَلَى السُّهْمَانِ أَنَّهُ لِقَوْمٍ بِأَعْيَانِهِمْ لَا يَجُوزُ لِأَحَدٍ مَنْعُهُمْ مِنْهُ وَأَنَّ الَّذِي يَأْخُذُهُ لَا يَقْسِمُهُ حَتَّى يَدْخُلَ فِيهِ رَأْيُهُ هُوَ الَّذِي لَيْسَ لِقَوْمٍ بِأَعْيَانِهِمْ وَأَنَّهُ مَرْدُودٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يَضَعَهُ فِيمَا يَرَى ثُمَّ تَكَلَّمَ النَّاسُ فِي حُكْمِ مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُهُ فِي ذَوِي قُرْبَاهُ فِي حَيَاتِهِ كَيْفَ حُكْمُهُ بَعْدَ وَفَاتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَائِلُونَ هُوَ رَاجِعٌ مِنْ قَرَابَتِهِ إِلَى قَرَابَةِ الْخَلِيفَةِ مِنْ بَعْدِهِ وَقَالَ آخَرُونَ هُوَ لِبَنِي هَاشِمٍ وَلِبَنِي الْمُطَّلِبِ خَاصَّةً وَقَالَ آخَرُونَ وَهُمُ الَّذِينَ ذَهَبُوا إِلَى أَنَّ مَا كَانَ فِي حَيَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضْعَهُ فِيهِ مِنْ قَرَابَتِهِ هُوَ مُنْقَطِعٌ عَنْهُمْ بِوَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرْنَا فِي هٰذِهِ الْأَقْوَالِ لِنَسْتَخْرِجَ مِنْهَا قَوْلًا صَحِيحًا فَرَأَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي حَيَاتِهِ فِي الْمَغْنَمِ سَهْمُ الصَّفِيِّ لَا اخْتِلَافَ بَيْنَ

علیہ وسلم جس کے لیے مناسب سمجھیں صرف فرمائیں اور جو مال کچھ حصوں میں تقسیم فرمائیں تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جو کچھ آپ مختلف حصوں میں تقسیم فرماتے وہ معین قوم کے لیے تھا کسی کے لیے جائز نہ تھا کہ ان سے روک سکے اور جو آپ لیتے اور اپنی رائے کے بغیر تقسیم نہ فرماتے یہ وہ مال تھا جو کسی معین قوم کے لیے نہ تھا وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لوٹایا جاتا آپ جہاں مناسب سمجھتے خرچ کرتے پھر لوگوں نے اس بارے میں گفتگو کی کہ جو کچھ آپ اپنی حیات طیبہ میں قرابتداروں کو دیتے تھے آپ کے وصال کے بعد اس کا کیا ہوگا؟ کچھ کہنے والوں نے فرمایا کہ آپ کے بعد وہ آپ کی قرابت سے خلیفۂ وقت کی قرابت کی طرف لوٹے گا دوسرے حضرات [illegible] بنو ہاشم اور بنو مطلب کے لیے ہوگا [illegible] ہیں جو کہتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ [illegible] اپنی حیات طیبہ میں اپنے [illegible] قرابت داروں کو دیتے تھے [illegible] وصال سے وہ حصہ ختم ہو گیا [illegible] ہم نے ان اقوال میں غور کیا [illegible] ان سے صحیح قول نکال سکیں تو ہم [illegible] ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible] میں آپ کے لیے ایک منتخب [illegible] تھا اس سلسلے میں علماء کے کوئی اختلاف نہیں۔

اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ ذٰلِكَ۔

۱۱۸۴- وَقَدْ رُوِیَ عَنْهُ فِیْهِ مَا حَدَّثَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْمُرَادِیُّ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ ثَنَا اَبُوْ هِلَالِ الرَّاسِبِیُّ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَیْسِ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّ بَیْنَنَا وَبَیْنَكَ هٰذَا الْحَیَّ مِنْ مُّضَرَ وَاِنَّا لَا نَسْتَطِیْعُ اَنْ نَّاْتِیَكَ اِلَّا فِی الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَمُرْنَا بِاَمْرٍ نَاْخُذُ بِهٖ وَنُحَدِّثُ بِهٖ مَنْ بَعْدَنَا قَالَ اٰمُرُكُمْ بِاَرْبَعٍ وَّاَنْهَاكُمْ عَنْ اَرْبَعٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنْ تُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَتُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَتُعْطُوْا سَهْمَ اللّٰهِ مِنَ الْغَنَائِمِ وَالصَّفِیَّ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الْحَنْتَمِ وَالدُّبَّاءِ وَالنَّقِیْرِ وَالْمُزَفَّتِ۔

حضرت ابوحمزہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں عبدالقیس کا وفد، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے عرض کیا کہ آپ کے اور ہمارے درمیان یہ مضر کا قبیلہ حائل ہے اور ہم آپ کے پاس حرمت والے مہینوں کے علاوہ آنے کی طاقت نہیں رکھتے ہیں آپ کوئی بات بتائیں جسے ہم اختیار کریں اور اپنے پچھلے لوگوں سے بھی بیان کریں آپ نے فرمایا میں تمہیں چار باتوں کا حکم دیتا ہوں اور چار باتوں سے روکتا ہوں اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا اور مال غنیمت میں اللہ تعالیٰ کا حصہ اور منتخب حصہ نکالنا اور تمہیں سبز گھڑے، کدو سے بنائے گئے برتن، لکڑی کے برتن اور زنار کول لگے ہوئے برتن سے منع کرتا ہوں (ان برتنوں میں شراب بنائی جاتی تھی اس لیے منع فرمایا)

۱۱۸۵- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ بْنِ مُوْسٰی قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَنَفَّلَ سَیْفَهٗ ذِی الْفِقَارِ یَوْمَ بَدْرٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن ذوالفقار تلوار کو بطور نفل (زائد) لیا۔

۱۱۸۶- حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ یَحْیَی الْهَمْدَانِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُو النَّضْرِ قَالَ ثَنَا الْاَشْجَعِیُّ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ سَاَلْتُ الشَّعْبِیَّ عَنْ سَهْمِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّفِیِّ قَالَ كَانَ سَهْمُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَسَهْمِ رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَكَانَ الصَّفِیُّ یَصْطَفِیْ بِهٖ اِنْ شَاءَ عَبْدًا وَّاِنْ شَاءَ اَمَةً وَّاِنْ شَاءَ فَرَسًا۔

حضرت مطرف فرماتے ہیں میں نے حضرت شعبی سے حضور علیہ السلام کے حصے اور منتخب حصے کے بارے میں پوچھا انہوں نے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ ایک عام مسلمان کی طرح ہوتا تھا اور جو منتخب حصہ ہوتا آپ خود اس کا انتخاب فرماتے غلام یا لونڈی یا گھوڑا جو چاہتے لیتے۔

۱۱۸۷ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا قَالَ تَنَفَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفَهٗ ذَا الْفِقَارِ يَوْمَ بَدْرٍ وَّهُوَ الَّذِيْ رَاٰى فِيْهِ الرُّؤْيَا يَوْمَ اُحُدٍ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذو الفقار (نامی) تلوار بدر کے دن بطور نفل لی اور یہ وہی تلوار ہے جس کے بارے میں آپ نے غزوۂ احد کے دن خواب دیکھا تھا۔

۱۱۸۸ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اللَّيْثِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ فِيْمَا يَحْتَجُّ بِهٖ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثَلَاثُ صَفَايَا بَنِي النَّضِيْرِ وَخَيْبَرَ وَفَدَكَ فَاَمَّا بَنُوا النَّضِيْرِ فَكَانَتْ نَجْزَاٰهَا ثَلَاثَةَ اَجْزَاءٍ فَقَسَمَ مِنْهَا جُزْءًا مِّنْ بَيْنِ الْمُسْلِمِيْنَ وَحَبَسَ جُزْءًا لِّلنَّفَقَةِ ثُمَّ فَضَلَ عَنْ اَهْلِهٖ رَدَّهٗ اِلٰى فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ۔

حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (فرماتے ہیں) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنی دلیل میں فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تین منتخب مال تھے یعنی بنو نضیر اور خیبر (کا مال) اور فدک (کا باغ) بنو نضیر (سے حاصل ہونے والے مال) کو آپ نے تین حصوں میں تقسیم فرمایا ایک حصہ مسلمانوں میں تقسیم فرما دیا ایک حصہ اپنے خرچ کے لیے رکھا اور جو کچھ آپ کے گھر والوں سے بچا اسے مہاجرین فقراء (رضی اللہ عنہم) کی طرف لوٹا دیا۔

۱۱۸۹ - حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ يَحْيَى الْهَمْدَانِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا مَعَ مُطَرِّفٍ بِاَعْلَى الْمِرْبَدِ فِيْ سُوْقِ الْاِبِلِ اِذَا اَتٰى عَلَيْنَا اَعْرَابِيٌّ مَعَهٗ قُطْعَةُ اَدِيْمٍ اَوْ قُطْعَةُ جِرَابٍ شَكَّ الْجُرَيْرِيُّ فَقَالَ هَلْ فِيْكُمْ مَّنْ يَقْرَاُ فَقُلْتُ اَنَا اَقْرَاُ قَالَ هَا فَاقْرَاْهُ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَهٗ لَنَا فَاِذَا فِيْهِ مِنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ لِبَنِيْ زُهَيْرِ بْنِ قَيْسٍ حَيٍّ مِّنْ عُكْلٍ اَنَّهُمْ شَهِدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَفَارَقُوا الْمُشْرِكِيْنَ وَاَقَرُّوْا بِالْخُمُسِ فِيْ غَنَائِمِهِمْ

حضرت جریری، حضرت ابو العلاء سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں اس دوران کہ میں اونٹوں کے بازار میں مربد کے بالائی حصہ میں تھا کہ اچانک ہمارے پاس ایک اعرابی آیا اس کے پاس چمڑے یا جراب (تلوار کا میان) کا ایک ٹکڑا تھا حضرت جریری کو شک ہے، اس نے کہا کیا تم میں سے کوئی پڑھا ہوا ہے (حضرت ابو العلاء فرماتے ہیں) میں نے کہا میں پڑھتا ہوں اس نے کہا یہ لو اور پڑھو، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہمارے لیے لکھا ہے دیکھا تو اس میں (یوں تحریر) تھا حضرت محمد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بنو زہیر بن قیس کی طرف جو عکل قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے گواہی دی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ تعالیٰ کے

وَسَهْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفِيِّهِ فَأَنْتُمْ آمِنُونَ بِأَمَانِ اللهِ فَقَالَ لَهُ بَعْضُهُمْ هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا تُحَدِّثُنَا قَالَ نَعَمْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ تَذْهَبَ عَنْهُ وَحَرُ الصَّدْرِ فَلْيَصُمْ شَهْرَ الصَّبْرِ وَثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ أَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَا أَرَاكُمْ تَرَوْنَ أَنِّي أَكْذِبُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَدَّثْتُكُمُ الْيَوْمَ حَدِيثًا فَأَخَذَهَا ثُمَّ انْطَلَقَ۔

قَالَ أَبُوْجَعْفَرٍ وَأَجْمَعُوا جَمِيعًا أَنَّ هٰذَا السَّهْمَ لَيْسَ لِلْخَلِيفَةِ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَّهُ لَيْسَ فِيهِ كَالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ الْخَلِيفَةُ لَا يَخْلُفُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا كَانَ لَهُ مِمَّا خَصَّهُ اللهُ بِهِ دُونَ سَائِرِ الْمُقَاتِلِينَ مَعَهُ كَانَتْ قَرَابَتُهُ أَحْرَى أَنْ لَا تَخْلُفَ قَرَابَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا كَانَ لَهُمْ فِي حَيَاتِهِ مِنَ الْفَيْءِ وَالْغَنِيمَةِ فَبَطَلَ بِهٰذَا قَوْلُ مَنْ قَالَ إِنَّ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبَى بَعْدَ مَوْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَرَابَةِ الْخَلِيفَةِ مِنْ بَعْدِهِ ثُمَّ رَجَعْنَا إِلَى مَا قَالَ النَّاسُ سِوَى هٰذَا الْقَوْلِ مِنْ هٰذِهِ الْأَقْوَالِ الَّتِي ذَكَرْنَا فِي هٰذَا الْفَصْلِ فَأَمَّا مَنْ خَصَّ بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ دُونَ مَنْ سِوَاهُمْ مِنْ ذَوِي قُرْبَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبَى لَهُمْ خَاصَّةً فَقَدْ ذَكَرْنَا فَسَادَ قَوْلِهِ

رسول ہیں وہ مشرکین سے جدا ہو گئے انہوں نے اپنی غنیمتوں میں خمس اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ اور آپ کے منتخب (صفی) مال کا اقرار کیا انہیں اللہ تعالیٰ کی امان کے ساتھ امن ہے حاضرین میں سے بعض نے کہا کیا تم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث سنی ہے جو ہم سے بیان کرے اس نے کہا ہاں آپ نے فرمایا جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اس کے سینے سے بغض جاتا رہے وہ صبر کے مہینے (رمضان المبارک کے مکمل) اور ہر مہینے میں تین روزے رکھے قوم میں سے ایک شخص نے کہا کیا تم نے یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے؟ اس نے کہا میرے خیال میں تم مجھے حضور علیہ السلام پر جھوٹ بولنے والا سمجھتے ہو کوئی حدیث ہرگز نہیں سناؤں گا پھر وہ چلا گیا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس بات پر ان سب کا اتفاق ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ حصہ خلیفہ کو نہیں ملے گا اور وہ اس سلسلے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح نہیں ہے تو جب خلیفہ اس مال میں جو مجاہدین کے علاوہ صرف آپ کے ساتھ خاص ہے، آپ کا نائب نہیں بن سکتا۔ تو یہ بات زیادہ مناسب ہے کہ آپ کی قرابت کو آپ کی حیات طیبہ میں جو کچھ غنیمت اور مال فے سے ملتا تھا اس میں خلیفہ کی قرابت کو نیابت حاصل نہ ہو۔ اس سے اس شخص کا قول باطل ہو گیا جو کہتا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ کے قرابتداروں کا حصہ خلیفہ کے قرابتداروں کے لیے ہو گا۔ پھر ہم اس قول کے علاوہ دوسرے اقوال کی طرف لوٹتے ہیں جن کا ہم نے اس فصل میں ذکر کیا تو جس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے باقی قرابتداروں کو چھوڑ کر اسے بنو ہاشم اور بنو مطلب کے ساتھ خاص کیا تو ہم نے اس سے پہلے اپنی اس کتاب میں اس کے قول کا فساد ذکر کیا ہے لہٰذا اب اسے لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے اسی طرح جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ مال آپ کے ان رشتہ داروں کے لیے ہے جو محتاج ہوں مالداروں کے لیے نہیں اور انہوں نے ان لوگوں کو دوسرے مسلمانوں کے فقراء کی

فِيْمَا تَقَدَّمَ فِيْ كِتَابِنَا هٰذَا فَأَغْنَانَا ذٰلِكَ عَنْ إِعَادَتِهٖ هٰهُنَا وَكَذٰلِكَ مَنْ جَعَلَهٗ لِفُقَرَاءِ قَرَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَ أَغْنِيَائِهِمْ وَجَعَلَهُمْ كَغَيْرِهِمْ مِّنْ سَائِرِ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَدْ ذَكَرْنَا أَيْضًا فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ فَسَادَ قَوْلِهٖ فَأَغْنَانَا عَنْ إِعَادَتِهٖ هٰهُنَا وَبَقِيَ قَوْلُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهٗ أَنْ يَّضَعَهٗ فِيْمَنْ رَأَى وَضْعَهٗ فِيْهِ مِنْ ذَوِيْ قَرَابَتِهٖ وَإِنَّ أَحَدًا مِّنْهُمْ لَا يَسْتَحِقُّ مِنْهُ شَيْئًا حَتّٰى يُعْطِيَهٗ إِيَّاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ لَهٗ أَنْ يَّصْطَفِيَ مِنَ الْمَغْنَمِ لِنَفْسِهٖ مَا رَأَى فَكَانَ ذٰلِكَ مُنْقَطِعًا بِوَفَاتِهٖ غَيْرَ وَاجِبٍ لِأَحَدٍ مِّنْ بَعْدِ وَفَاتِهٖ فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ أَنْ يَّكُوْنَ كَذٰلِكَ مَا لَهٗ أَنْ يَّخُصَّ بِهٖ مَنْ رَأَى مِنْ ذَوِيْ قُرْبَاهُ دُوْنَ مَنْ سِوَاهُ مِنْ ذَوِيْ قُرْبَاهُ فِيْ حَيَاتِهٖ إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ إِلٰى أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِ وَفَاتِهٖ وَلَمَّا بَطَلَ أَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ إِلٰى أَحَدٍ بَعْدَ وَفَاتِهٖ بَطَلَ أَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ السَّهْمُ لِأَحَدٍ مِّنْ ذَوِيْ قَرَابَتِهٖ بَعْدَ وَفَاتِهٖ۔

طرح قرار دیا ہے تو ہم نے اس کتاب میں ان لوگوں کے قول کا فساد بھی ذکر کر دیا ہے لہٰذا اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں اب ان لوگوں کا قول باقی رہ گیا جو کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار تھا کہ ان قرابت داروں میں سے جسے مناسب سمجھیں عطا فرمائیں اور جب تک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عطا نہ فرمائیں ان میں سے کوئی مستحق نہیں آپ کو یہ بھی حق تھا کہ مالِ غنیمت میں سے اپنی ذات کے لیے جو کچھ چاہیں چن لیں تو یہ آپ کے وصال سے منقطع ہو گیا آپ کے بعد کسی کے لیے واجب نہیں تو قیاس کا تقاضا یہی ہے کہ آپ کو اپنی زندگی میں اختیار تھا اپنے قرابت داروں میں سے جسے چاہیں عطا فرمائیں اور دوسروں کو چھوڑ دیں آپ کے وصال کے بعد کسی کو یہ حق حاصل نہیں تو پھر جب آپ کے وصال کے بعد کسی کے لیے اس اختیار کا ہونا باطل ہو گیا تو آپ کی وفات کے بعد اس حصے کا آپ کے کسی قرابتدار کے لیے ہونا بھی باطل ہو گیا۔

۱۱۹۰- فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ أَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ثُمَّ ذَكَرَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمِّيْ جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ حَدَّثَهٗ أَنَّ نَجْدَةَ صَاحِبَ الْيَمَامَةِ كَتَبَ إِلٰى

اگر کوئی معترض کہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اس بات میں تم سے اختلاف کرتے ہیں حضرت ابن شہاب حضرت یزید بن ہرمز سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ نجدہ صاحب یمامہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے "ذوی القربٰی" کا حصہ معلوم کرنے کے لیے ان کو خط لکھا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان کو لکھا کہ وہ (حصہ) ہمارے لیے تھا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ہمیں

ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَسْأَلُهُ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى فَكَتَبَ إِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّهُ لَنَا وَقَدْ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ دَعَانَا لِيُنْكِحَ مِنْهُ أَيِّمَنَا وَيَقْضِيَ مِنْهُ غَارِمَنَا فَأَبَيْنَا أَنْ يُسَلِّمَهُ لَنَا كُلَّهُ وَرَأَيْنَا أَنَّهُ لَنَا۔

بلایا تاکہ وہ اس مال سے ہمارے رنڈووں کا نکاح کریں اور اس سے ہمارے قرضوں کو ادا کریں تو ہم نے انکار کیا مگر یہ کہ وہ مال ہمیں دیں ہمارا یہی خیال ہے کہ وہ ہمارا حق ہے۔

۱۱۹۱- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ ثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَسْأَلُهُ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى الَّذِيْنَ ذَكَرَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَفَرَضَ لَهُمْ فَكَتَبَ إِلَيْهِ وَأَنَا شَاهِدٌ كِتَابَهُ أَنَّهُمْ قَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا۔

حضرت یزید بن ہرمز فرماتے ہیں حضرت نجدہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایک تحریر کے ذریعے ان "ذوی القربٰی" کے بارے میں پوچھا جن کا اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا اور ان کا حصہ مقرر کیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ان کو لکھا اور میں ان کی تحریر کا گواہ ہوں کہ ہم ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت ہیں لیکن ہماری قوم نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔

قِيْلَ لَهُ إِنَّا لَمْ نَدْفَعْ أَنْ يَكُوْنَ قَدْ خُوْلِفْنَا فِيْمَا ذَهَبْنَا إِلَيْهِ مِمَّا ذَكَرْنَا وَلٰكِنْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَأَى فِيْ ذٰلِكَ أَنَّ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى ثَابِتٌ وَأَنَّهُمْ بَنُوْ هَاشِمٍ فِيْ حَيٰوةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعْدَ وَفَاتِهِ وَقَدْ أَخْبَرَ أَنَّ قَوْمَهُ أَبَوْا ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَفِيْهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَمَنْ تَابَعَهُ مِنْهُمْ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ عَلٰى ذٰلِكَ فَمِثْلُ مَنْ ذَكَرْنَا يَكُوْنُ قَوْلُهُ مُعَارِضًا لِقَوْلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا۔

تو اس معترض کو جواب دیا جائے گا کہ ہم اس بات کا رد نہیں کرتے کہ ہمارے مذکورہ بالا موقف پر ہماری مخالفت کی گئی لیکن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا اس سلسلے میں خیال یہ ہے کہ ذوی القربیٰ کا حق ثابت ہے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں بھی اور آپ کے بعد بھی بنوہاشم کے لیے ہے اور انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ان کی قوم نے ان کی اس بات کا انکار کیا۔ ان (انکار کرنے والوں) میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور آپ کی اتباع کرنے والے دوسرے حضرات بھی ہیں تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کے خلاف ہے۔

۱۱۹۲- وَلَقَدْ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ الْخَثْعَمِيِّ عَنِ ابْنِ حَبِيْبٍ قَالَ وَقَعَتْ جَرَّةٌ فِيْهَا وَرِقٌ مِّنْ دَيْرِ خَرْبٍ فَأَتَيْتُ بِهَا عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ

حضرت عبداللہ بن بشر خثعمی، حضرت ابن حبیب سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں

چاندی کا ایک گھوڑا گرا ہوا تھا میں اسے لے کر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے فرمایا اسے پانچ حصوں میں تقسیم کر کے چار حصے لے لو اور پانچواں حصہ میرے پاس لاؤ

اَقْسِمْهَا عَلٰی خَمْسَةِ اَخْمَاسٍ فَخُذْ اَرْبَعَةً وَّهَاتِ خُمُسًا فَلَمَّا اَدْبَرْتُ قَالَ اَفِیْ نَاحِیَتِكَ مَسَاكِیْنُ فُقَرَآءُ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَخُذْهُ فَاقْسِمْهُ بَیْنَهُمْ اَفَلَا یُرٰی اَنَّ عَلِیًّا رَّضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَدْ اَمَرَهٗ اَنْ یَّقْسِمَ الْخُمُسَ مِنَ الرِّكَازِ فِیْ فُقَرَآءِ نَاحِیَتِهٖ فَلَمْ یُوْجِبْ عَلَیْهِ وَقْعَ شَیْءٍ مِّنْهُ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ ذَوِیْ قُرْبٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَهٰذَا اخِلَافُ مَا كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبَّاسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رَاٰهُ فِیْ ذٰلِكَ ۔

جب اس نے پیٹھ پھیری تو آپ نے فرمایا کیا تمہارے پڑوس میں کچھ مساکین فقراء ہیں میں نے عرض کیا جی ہاں تو فرمایا یہ لو اوران کے درمیان تقسیم کردو تو کیا یہ شخص نہیں دیکھتا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اسے حکم دیا کہ وہ مدفون مال میں سے اپنی پڑوسی فقراء پر تقسیم کرے اور آپ نے اس میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی رشتہ دار کے لیے کچھ بھی واجب نہ فرمایا تو یہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے موقف کے خلاف ہے ۔

۱۱۹۳ ۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُمَیْرُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُمَیَّةَ اَللّٰهُمَّ اَوْ حَدَّثَ الْقَوْمَ وَاَنَا فِیْهِمْ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ قَالَ اَرْسَلَ اِلَیَّ عُمَرُ ظُهْرًا فَاَتَیْتُهٗ فَلَمَّا انْتَهَیْتُ اِلَی الْبَابِ سَمِعْتُ نَحِیْبًا شَدِیْدًا فَقُلْتُ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ اَعَتَرِیْ عُمَرَ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَدَخَلْتُ حَتّٰی جِئْتُ فَوَقَعْتُ یَدِیْ عَلَیْهِ فَقُلْتُ لَا بَاْسَ بِكَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَقَالَ اَعْجَبَكَ مَا رَاَیْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هَا اِنَّ الْخَطَّابَ عَلَی اللّٰهِ لَوْ كَرُسْنَا عَلَیْهِ كَانَ حَذَا اِلٰی صَاحِبِیْ قَبْلِیْ قَالَ ثُمَّ قَالَ ثُمَّ اجْلِسْ بِنَا نَتَفَكَّرْ فَكَتَبْنَا الْمُحِقِّیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَكَتَبْنَا اَزْوَاجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ دُوْنَ ذٰلِكَ فَاَصَابَ الْمُحِقِّیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَرْبَعَةَ الْاٰفٍ وَّاَصَابَ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِنَّ وَمَنْ دُوْنَ ذٰلِكَ اَلْفًا

حضرت عمیر بن اسحٰق فرماتے ہیں (اللہ تعالیٰ جانتا ہے) حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن امیہ نے مجھ سے یا قوم سے بیان کیا اور میں بھی ان میں تھا فرمایا مجھ سے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ظہر کے وقت کسی کو میری طرف بھیجا میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا جب میں دروازے تک پہنچا تو میں نے بہت زیادہ بلند آواز سے رونے کی آواز سنی میں نے " انا للہ وانا الیہ راجعون " پڑھا کیا یہ میرے سردار حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں میں اندر گیا حتیٰ کہ ان کے پاس پہنچا تو میرا ہاتھ ان پر لگا میں نے عرض کیا امیر المومنین ! آپ کو کوئی پرواہ نہیں کرنی چاہیے ۔ انہوں نے فرمایا جو کچھ تم نے دیکھا اس پر تمہیں تعجب ہوا ؟ میں نے عرض کیا جی ہاں فرمایا دیکھو اگر میں اللہ تعالیٰ کے حکم پر سختی سے عمل پیرا ہوں تو میرے پہلے ساتھی (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) کی برابری ہوگی فرماتے ہیں پھر فرمایا ہمارے پاس بیٹھو تا کہ ہم غور و فکر کریں ہم نے ان لوگوں کے نام لکھے جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں مستحق ہیں ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور ان کے علاوہ دوسروں کے نام بھی لکھے جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں مستحق ہیں ان کو چار ہزار ملے جب کہ ازواج مطہرات اور دوسرے لوگوں کو ایک ہزار، حتیٰ کہ ہم نے مال کو

حَتّٰی دَنَ عَنِ الْمَالِ اَفَلَا تَرٰی اَنَّ عُمَرَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ قَدْ سَوَّيَا بَيْنَ الْمُحِقِّيْنَ وَبَيْنَ اَهْلِ الدَّرَجَةِ الَّتِيْ بَعْدَهُمْ وَلَمْ يُدْخِلْ فِيْ ذٰلِكَ ذَوِيْ قُرْبٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَرَابَتِهِمْ كَمَا اَدْخَلَا الْاِسْتِحْقَاقَ بِاِسْتِحْقَاقِهِمْ۔

تقسیم کر دیا تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت عمر فاروق اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما نے مستحقین اور ان کے بعد قرابت داروں میں مساوات قائم کی ان میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کو قربت کی وجہ سے شامل نہ کیا جیسا کہ مستحقین کو ان کے استحقاق کی وجہ سے شامل کیا۔

۱۱۹۴- وَقَدْ حَدَّثَنَا اَيْضًا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ رَجَاءٍ الْهَاشِمِيْ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مَعْشَرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلٰى غُفْرَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَلِيَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدِمَ عَلَيْهِ مَالٌ مِّنَ الْبَحْرَيْنِ فَقَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ فَلْيَاْتِنِيْ وَلْيَاْخُذْ فَاَتٰى جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ وَعَدَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ مَالٌ مِّنَ الْبَحْرَيْنِ اَعْطَانِيْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِلْءَ كَفَّيْهِ قَالَ خُذْ بِيَدِكَ فَاَخَذَ بِيَدِهٖ فَوَجَدَهَا خَمْسَمِائَةٍ فَقَالَ اُعْدُدْ اِلَيْهَا اَلْفًا ثُمَّ اَعْطٰى مَنْ كَانَ وَعَدَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا ثُمَّ قَسَمَ بَيْنَ النَّاسِ مَا بَقِيَ فَاَصَابَ كُلَّ اِنْسَانٍ مِّنْهُمْ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ جَاءَهٗ مَالٌ كَثِيْرٌ اَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ فَقَسَمَهٗ بَيْنَ النَّاسِ فَاَصَابَ كُلَّ اِنْسَانٍ عِشْرُوْنَ دِرْهَمًا وَفَضَلَ مِنَ الْمَالِ فَضْلٌ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ فَضَلَ فَضْلٌ وَّلَكُمْ خَدَمٌ يُعَالِجُوْنَ لَكُمْ وَيَعْمَلُوْنَ لَكُمْ فَاِنْ شِئْتُمْ رَضَخْنَا لَهُمْ

حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے اور وہ حضرت عمر بن عبداللہ (غفرہ کے آزاد کردہ غلام) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلافت پر متمکن ہوئے تو آپ کے پاس بحرین سے مال آیا آپ نے فرمایا جس کسی سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے وعدہ کیا ہو وہ میرے پاس آئے اور (وعدہ کے مطابق) لے جائے چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ آئے اور فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ جب بحرین سے مال آیا تو آپ مجھے اتنا اتنا دیں گے تین مرتبہ ہاتھوں کو ملا کر فرمایا آپ نے فرمایا اپنے ہاتھ سے لے لیں انہوں نے اپنے ہاتھ سے لیا تو اسے پانچ سو پایا فرمایا اس کے ساتھ ایک ہزار گن لو پھر جس جس سے حضور علیہ السلام کا وعدہ تھا اسے عطا فرمایا پھر باقی ماندہ کو صحابہ کرام میں تقسیم کر دیا تو ہر شخص کو دس درھم ملے جب دوسرا سال ہوا تو آپ کے پاس پہلے سے بھی زیادہ مال آیا آپ نے اسے صحابہ کرام کے درمیان تقسیم کر دیا تو ہر شخص کو بیس درہم ملے اور کچھ مال بچ گیا آپ نے فرمایا اے لوگو! کچھ مال بچ گیا ہے تم سے کچھ لوگ مقدم ہیں وہ تمہارے لیے محنت اور کام کاج کرتے ہیں اگر تم چاہو تو ہم انہیں (مزید) دے دیں چنانچہ ان کو پانچ درھم عطا فرمائے عرض کیا اے خلیفۂ رسول! اگر آپ مہاجرین و انصار کو ان کی فضیلت کے باعث زیادہ دیتے (تو اچھا تھا) آپ نے فرمایا ان کا اجر اللہ تعالیٰ پر ہے یہ مال غنیمت ہے اور مال غنیمت میں کسی کو ترجیح دینے کی بجائے مساوات افضل ہے جب

فَرَضَ لَهُمْ خَمْسَةَ دَرَاهِمَ فَقِيْلَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ فَضَّلْتَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارَ بِفَضْلِهِمْ قَالَ اِنَّمَا اُجُوْرُهُمْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّمَا هٰذَا مَغَانِمُ وَالْاُسْوَةُ فِي الْمَغَانِمِ اَفْضَلُ مِنَ الْاَثْرَةِ فَلَمَّا تُوُفِّيَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَاسْتَخْلَفَ عُمَرُ فُتِحَتْ عَلَيْهِ الْفُتُوْحُ وَجَاءَهُمْ مَالٌ اَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالَ كَانَ لِاَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ هٰذَا الْمَالِ رَأْيٌ وَلِيْ رَأْيٌ اٰخَرُ رَاٰى اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ يُقْسَمَ بِالسَّوِيَّةِ وَرَاَيْتُ اَنْ اُفَضِّلَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارَ وَلَا اَجْعَلُ مَنْ قَاتَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَنْ قَاتَلَ مَعَهُ فَفَضَّلَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارَ فَجَعَلَ لِمَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْهُمْ خَمْسَةَ اٰلَافٍ وَمَنْ كَانَ لَهُ اِسْلَامٌ كَاِسْلَامِهِمْ اِلَّا اَنَّهُ لَمْ يَشْهَدْ بَدْرًا اَرْبَعَةَ اٰلَافٍ اَرْبَعَةَ اٰلَافٍ وَلِلنَّاسِ عَلٰى قَدْرِ اِسْلَامِهِمْ وَمَنَازِلِهِمْ وَفَرَضَ لِاَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا لِكُلِّ اِمْرَاَةٍ مِنْهُنَّ اِلَّا صَفِيَّةَ وَجُوَيْرِيَةَ فَرَضَ لَهُمَا سِتَّةَ اٰلَافٍ سِتَّةَ اٰلَافٍ فَاَبَتَا اَنْ تَاْخُذَا فَقَالَ اِنَّمَا فَرَضْتُ لَكُنَّ بِالْهِجْرَةِ فَقَالَتَا اِنَّمَا فَرَضْتَ لَهُنَّ لِمَكَانِهِنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَنَا مِثْلُ مَكَانِهِنَّ فَاَبْصَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَجَعَلَهُنَّ سَوَاءً وَفَرَضَ لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا لِقَرَابَتِهِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَرَضَ لِنَفْسِهِ خَمْسَةَ اٰلَافٍ وَفَرَضَ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ خَمْسَةَ اٰلَافٍ وَرُبَّمَا زَادَ الشَّيْءَ وَفَرَضَ لِلْحَسَنِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو آپ پر فتوحات کا دروازہ کھل گیا اور اس سے مسلمانوں کے پاس بہت زیادہ مال آیا انہوں نے فرمایا اس مال کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک رائے تھی لیکن میری اور رائے ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رائے تھی کہ اسے برابر تقسیم کیا جائے اور میرا خیال ہے کہ میں مہاجرین و انصار کو فضیلت دوں اور جس شخص نے (حالت کفر میں) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑائی کی ہے اسے اس کی طرح قرار نہ دوں جس نے آپ کے ساتھ مل کر (کفار سے) لڑائی کی چنانچہ آپ نے مہاجرین و انصار کو ترجیح دی ان میں سے جو غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ان کے لیے پانچ پانچ ہزار اور جو ان کے ساتھ ہی مسلمان ہوئے لیکن بدر میں شریک نہیں ہوئے ان کو چار چار ہزار عطا فرمایا دوسرے حضرات کو ان کے اسلام لانے اور مقام و مرتبہ کے اعتبار سے عطا فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے ہر ایک کے لیے بارہ ہزار مقرر فرمائے البتہ حضرت صفیہ اور حضرت جویریہ رضی اللہ عنہما کے لیے چھ چھ ہزار مقرر فرمائے انہوں نے لینے سے انکار کر دیا آپ نے فرمایا میں نے تمہارے لیے ہجرت کی وجہ سے مقرر کیا ہے تو انہوں نے فرمایا ازواج مطہرات کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ان کی نسبت کی وجہ سے مقرر ہوا اور ہمارے لیے بھی ان کے برابر مقام ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سمجھ گئے اور ان سب کا حصہ برابر برابر کر دیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرابت کی وجہ سے حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے لیے بارہ ہزار مقرر فرمائے اور اپنے لیے پانچ ہزار مقرر کیے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بھی پانچ ہزار مقرر فرمائے۔ اور بعض اوقات زائد بھی دیا حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کے لیے پانچ پانچ ہزار مقرر فرمائے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرابت کی وجہ سے ان

وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا خَمْسَةَ اٰلَافٍ خَمْسَةَ اٰلَافٍ اَلْحَقَهُمَا بِاَبِيْهِمَا لِقَرَابَتِهِمَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَرَضَ لِاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَّضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَرْبَعَةَ اٰلَافٍ وَّ فَرَضَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ثَلَاثَةَ اٰلَافٍ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا بِاَيِّ شَيْءٍ زِدْتَهٗ عَلَيَّ فَمَا كَانَ لِاَبِيْهِ مِنَ الْفَضْلِ مَا لَمْ يَكُنْ لَّكَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ مِنَ الْفَضْلِ مَا لَمْ يَكُنْ لِّيْ فَقَالَ اِنَّ اَبَاهُ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَبِيْكَ فَكَانَ هُوَ اَحَبُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْكَ وَفَرَضَ لِاَبْنَآءِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا اَلْفَيْنِ اَلْفَيْنِ فَمَرَّ بِهٖ عُمَرُ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ فَقَالَ زِدْهُ اَلْفًا يَا غُلَامُ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ لِاَيِّ شَيْءٍ زِدْتَهٗ عَلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ لِاَبِيْهِ مِنَ الْفَضْلِ مَا لَمْ يَكُنْ لِاٰبَآئِنَا قَالَ فَرَضْتُ لِاَبِيْ سَلَمَةَ اَلْفَيْنِ وَزِدْتُهٗ لِاُمِّ سَلَمَةَ اَلْفًا فَلَوْ كَانَتْ لَكَ اُمٌّ مِثْلُ اُمِّ سَلَمَةَ زِدْتُكَ اَلْفًا وَّ فَرَضَ لِاَهْلِ مَكَّةَ ثَمَانِيْ مِائَةٍ فِي الشَّرَفِ مِنْهُمْ ثُمَّ النَّاسُ عَلٰى قَدْرِ مَنَازِلِهِمْ وَفَرَضَ لِعُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَمْرٍو ثَمَانِيْ مِائَةٍ وَّ فَرَضَ لِلنَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ فِيْ اَلْفَيْ دِرْهَمٍ فَقَالَ لَهٗ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ جَآءَكَ ابْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَمْرٍو وَنَسَبَهٗ اِلٰى جَدِّهٖ فَفَرَضْتَ لَهٗ ثَمَانِيْ مِائَةٍ وَّجَآءَكَ هَنْبَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَفَرَضْتَ لَهٗ فِيْ اَلْفَيْنِ فَقَالَ اِنِّيْ لَقِيْتُ اَبَا هٰذَا يَوْمَ اُحُدٍ فَسَاَلَنِيْ

دونوں کو ان کے والد کے ساتھ ملا یا حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے لیے چار ہزار مقرر کئے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے لیے تین ہزار مقرر فرمائے انہوں نے عرض کیا کہ آپ نے کس وجہ سے انہیں مجھ سے زیادہ دیا ان کے والد کو آپ کی طرح فضیلت حاصل نہیں اور انہیں مجھ سے بڑھ کر فضیلت نہیں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے والد تمہارے والد سے زیادہ محبوب تھے اور وہ خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں تم سے زیادہ محبوب تھے بدر میں شریک ہونے والے مہاجرین وانصار کے بچوں کے لیے دو دو ہزار مقرر فرمائے عمر بن ابی سلمہ وہاں سے گزرے تو آپ نے فرمایا اے غلام! (تقسیم کرنے والے سے فرمایا) انہیں کچھ زیادہ دے دو حضرت محمد بن عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہما نے عرض کیا آپ نے ان کو مجھ سے زیادہ کس وجہ سے دیا اللہ کی قسم ان کے والد کو ہمارے آباء واجداد سے زیادہ فضیلت حاصل نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا میں نے حضرت ابوسلمہ کے لیے دو ہزار مقرر فرمائے اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ کی وجہ سے ایک ہزار کا اضافہ کیا اگر تمہاری ماں بھی حضرت ام سلمہ کی طرح ہوتی تو میں تمہیں بھی ایک ہزار زائد دیتا اہل مکہ کے لیے ان کی عزت واحترام کی وجہ سے آٹھ سو مقرر کیا پھر ان لوگوں کو ان کے مرتبے کے مطابق عطا فرمایا حضرت عثمان بن عبداللہ بن عثمان بن عمرو کے لیے آٹھ سو مقرر فرمائے حضرت نضر بن انس رضی اللہ عنہ کو دو ہزار دیئے حضرت طلحہ بن عبیداللہ نے عرض کیا آپ کے پاس حضرت عثمان بن عمرو کا بیٹا آیا (دادا کی طرف نسبت کی) تو آپ نے اس کے لیے آٹھ سو مقرر کئے اور انصار کا ایک سست (ادنیٰ) آدمی آیا تو آپ نے اس کے لیے دو ہزار مقرر کر دیئے آپ نے فرمایا میں نے غزوہ اُحد کے دن اس کے باپ سے ملاقات کی اس نے مجھ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا أَرَاهُ إِلَّا قَدْ قُتِلَ فَسَلَّ سَيْفَهُ وَكَسَرَ غِمْدَهُ وَقَالَ إِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُتِلَ فَإِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ وَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ وَهٰذَا يَرْعَى الْغَنَمَ بِمَكَّةَ أَفَتَرَانِيْ أَجْعَلُهُمَا سَوَاءً قَالَ فَعَمِلَ عُمَرُ عُمُرَهُ كُلَّهُ بِهٰذَا حَتّٰى إِذَا كَانَ فِيْ آخِرِ السَّنَةِ الَّتِيْ قُتِلَ فِيْهَا سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ حَجَّ فَقَالَ أُنَاسٌ مِّنَ النَّاسِ لَوْ مَاتَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ قُمْنَا إِلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ فَبَايَعْنَاهُ قَالَ أَبُوْ مَعْشَرٍ يَعْنُوْنَ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَلَمَّا قَدِمَ عُمَرُ الْمَدِيْنَةَ خَطَبَ فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهِ رَأَى أَبُوْ بَكْرٍ فِيْ هٰذَا الْمَالِ رَأْيًا رَأَى أَنْ يَقْسِمَ بَيْنَهُمْ بِالسَّوِيَّةِ وَرَأَيْتُ أَنْ أُفَضِّلَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارَ بِفَضْلِهِمْ فَإِنْ عِشْتُ هٰذِهِ السَّنَةَ أَرْجِعُ إِلٰى رَأْيِ أَبِيْ بَكْرٍ فَهُوَ خَيْرٌ مِّنْ رَأْيِيْ أَفَلَا تَرٰى أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا قَسَمَ سَوّٰى بَيْنَ النَّاسِ جَمِيْعًا فَلَمْ يُقَدِّمْ ذَوِيْ قُرْبٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ وَلَمْ يَجْعَلْ لَهُمْ سَهْمًا فِيْ ذٰلِكَ الْمَالِ أَبَانَهُمْ بِهِ عَنِ النَّاسِ فَذٰلِكَ دَلِيْلٌ عَلٰى أَنَّهُ كَانَ لَا يَرٰى لَهُمْ بَعْدَ مَوْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا فِيْ مَالِ الْفَيْءِ سِوٰى مَا يَأْخُذُوْنَهُ كَمَا يَأْخُذُ مَنْ لَيْسَ بِذِي الْقُرْبٰى ثُمَّ هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا أَفْضٰى إِلَيْهِ الْأَمْرُ وَرَأَى التَّفْضِيْلَ بَيْنَ النَّاسِ عَلَى الْمَنَازِلِ لَمْ يَجْعَلْ لِذَوِي الْقُرْبٰى سَهْمًا

کے بارے میں پوچھا میں نے کہا میرا خیال ہے آپ شہید ہو گئے ہیں چنانچہ اس نے تلوار نکال کر اس کی میان کو توڑ دیا اور کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہوئے لیکن خدا تو زندہ ہے اسے موت نہیں آئے گی اور لڑتے رہے حتیٰ کہ شہید ہو گئے اور یہ شخص مکہ مکرمہ میں بکریاں چراتا رہا تو تمہارا کیا خیال ہے میں ان کو برابر کر دوں۔ راوی فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنی ساری زندگی اس پر عمل پیرا رہے حتیٰ کہ جب اس سال کا آخر ہوا جس میں آپ کو شہید کیا گیا یعنی ۲۳ھ تو آپ نے حج کیا بعض لوگوں نے کہا اگر امیر المومنین انتقال فرما جائیں تو فلاں بن فلاں کی طرف اٹھیں گے اور ان کی بیعت کریں گے حضرت ابو معشر فرماتے ہیں ان کی مراد حضرت طلحہ بن عبید اللہ تھے جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ تشریف لائے تو آپ نے خطبہ دیا اور اپنے خطبہ میں فرمایا اس مال میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ایک رائے تھی ان کا خیال تھا کہ اسے لوگوں میں برابر تقسیم کریں۔ اور میرا خیال تھا کہ میں مہاجرین و انصار کو ان کی فضیلت کے باعث ترجیح دوں اگر میں اس سال زندہ رہا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رائے کی طرف رجوع کروں گا وہ میری رائے سے بہتر ہے۔

تو کیا وہ نہیں دیکھتا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جب لوگوں کے درمیان برابر برابر تقسیم فرمایا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں کو دوسروں پر مقدم نہیں کیا اور ان کے لیے اس مال میں ایسا حصہ مقرر نہیں کیا جس کے باعث وہ دوسروں سے ممتاز ہوں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ کے قرابتداروں کے لیے مال فے میں صرف وہی حق سمجھتے تھے جیسے وہ دوسروں (غیر قرابتداروں) کی طرح لیتے تھے پھر یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جب حکومت ان کو ملی اور انہوں نے صحابہ کرام میں درجات کے اعتبار سے فضیلت کو مناسب سمجھا تو انہوں نے بھی اہل قرابت کے لیے ایسا حصہ

يَمُنُّوْنَ بِهٖ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّهٗ جَعَلَهُمْ وَسَائِرَ النَّاسِ سَوَآءً وَفَضَّلَ بَيْنَهُمْ بِالْمَنَازِلِ غَيْرَ مَا يَسْتَحِقُّوْنَهٗ بِالْقَرَابَةِ لَوْ كَانَ لِاَهْلِهَا سَهْمٌ قَائِمٌ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى مَا ذَهَبْنَا اِلَيْهِ مِنَ ارْتِفَاعِ سَهْمِ ذَوِى الْقُرْبٰى بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيْثٍ رُوِىَ عَنْ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۔

۱۱۹۵ - حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ هِلَالٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَجَاءَهٗ عَلِىٌّ وَالْعَبَّاسُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَخْتَصِمَانِ قَالَ الْعَبَّاسُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنِىْ وَبَيْنَ هٰذَا الْكَذَا الْكَذَا قَالَ حَمَّادٌ اَنَا اُكَنِّىْ عَنِ الْكَلَامِ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تُوُفِّىَ وَوَلِىَ اَبُوْ بَكْرٍ صَدَقَتَهٗ فَقَوِىَ عَلَيْهَا وَاَدّٰى فِيْهَا الْاَمَانَةَ فَزَعَمَ هٰذَا اَنَّهٗ خَانَ وَفَجَرَ وَكَلِمَةً قَالَهَا اَيُّوْبُ قَالَ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَنَّهٗ مَا خَانَ وَلَا فَجَرَ وَلَا كَذَا قَالَ حَمَّادٌ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ مَالِكٍ وَغَيْرِ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ اَنَّهٗ قَالَ لَقَدْ كَانَ فِيْهَا رَاشِدًا تَابِعًا لِلْحَقِّ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ اَيُّوْبَ فَلَمَّا تُوُفِّىَ اَبُوْ بَكْرٍ وَلِيْتُهَا بَعْدَهٗ فَقَوِيْتُ عَلَيْهَا فَاَدَّيْتُ فِيْهَا الْاَمَانَةَ وَزَعَمَ هٰذَا اَنِّىْ خُنْتُ وَلَا فَجَرْتُ وَلَا تِلْكَ الْكَلِمَةَ وَفِىْ حَدِيْثِ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِىِّ وَلَقَدْ كُنْتُ فِيْهَا رَاشِدًا تَابِعًا لِلْحَقِّ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ عِكْرِمَةَ ثُمَّ اَتَيَانِىْ فَقَالَا

مقرر نہیں کیا جس کی وجہ سے انہیں دوسرے لوگوں پر برتری حاصل ہو بلکہ انہوں نے ان کو اور باقی تمام لوگوں کو برابر رکھا اور ان کے درمیان صرف مراتب کے لحاظ سے اس فضیلت کو قائم کیا تھا جو قرابت کی وجہ سے ان کو حاصل ہوتا قرابت داروں کا کوئی حصہ ہوتا۔ تو یہ ہمارے اس موقف کی دلیل ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث کی وجہ سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے قرابتداروں کا حصہ اٹھ گیا۔

حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جھگڑتے ہوتے آئے حضرت عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اے امیرالمومنین میرے اور اس کے درمیان جو ایسا ایسا ہے فیصلہ کر دیجئے حضرت حماد راوی فرماتے ہیں میں اشارۃً کلام کہتا ہوں انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم! میں ضرور ضرور تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ صدقہ کے مختار بنے تو وہ اس پر مضبوط رہے اور انہوں نے اس میں امانت کو ادا کیا اس شخص نے گمان کیا کہ انہوں نے خیانت کی اور گناہ کیا ایوب نے یہ بات روایت کی (ایوب راوی ہیں) "اور اللہ تعالیٰ کی جانتا ہے کہ انہوں نے نہ خیانت کی اور نہ ہی گناہ کیا اور نہ ہی کچھ اور" حماد کہتے ہیں ہم سے عمرو بن دینار نے، حضرت مالک اور کئی دوسرے لوگوں کے واسطہ سے حضرت زہری سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا انہوں نے فرمایا کہ وہ یقیناً اس سلسلے میں راہ راست پر ہے حق کی اتباع کرنے والے تھے، پھر حماد، ایوب کی حدیث کی طرف لوٹے (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا) جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو ان کے بعد مجھے اختیارات حاصل ہوئے تو میں اس میں مضبوط رہا اور امانت ادا کی اور اس کا گمان ہے کہ میں نے خیانت کی اور گناہ گار ہوا اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں نے خیانت نہیں کی اور نہ میں (اس

اِدْفَعْ اِلَيْنَا صَدَقَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَدْ دَفَعْتُهَا اِلَيْهِمَا فَقَالَ هٰذَا اِلٰهٰذَا اَعْطِنِيْ
نَصِيْبِيْ مِنْ اِبْنِ اَخِيْ وَقَالَ هٰذَا اِلٰهٰذَا اَعْطِنِيْ
نَصِيْبِيْ مِنْ اِمْرَاَتِيْ مِنْ اَبِيْهَا وَقَدْ عَلِمَ اَنَّ
نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُوْرَثُ
مَا تَرَكَ صَدَقَةً وَفِيْ حَدِيْثِ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ
اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَقُوْلُ اِنَّا لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةً ثُمَّ رَجَعَ
اِلٰى حَدِيْثِ عِكْرِمَةَ ثُمَّ تَلَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّمَا
الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْعَامِلِيْنَ
عَلَيْهَا الْاٰيَةَ فَهٰذِهٖ لِهٰؤُلَآءِ ثُمَّ تَلَا وَاعْلَمُوْا
اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ
وَلِذِي الْقُرْبٰى اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ ثُمَّ قَالَ وَهٰذِهٖ
لِهٰؤُلَآءِ وَفِيْ حَدِيْثِ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ مَا
اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَا اَوْجَفْتُمْ
عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ
فَكَانَتْ هٰذِهٖ خَاصَّةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ يُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ
عَلَيْهِ خَيْلًا وَّلَا رِكَابًا فَكَانَ يَاْخُذُ مِنْ ذٰلِكَ
قُوْتَهٗ وَقُوْتَ اَهْلِهٖ وَيَجْعَلُ بَقِيَّةَ الْمَالِ
لِاَهْلِهٖ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ اَيُّوْبَ ثُمَّ تَلَا
مَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى
فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى اِلٰى اٰخِرِ
الْاٰيَةِ ثُمَّ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ
اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ حَتّٰى بَلَغَ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ فَهٰؤُلَآءِ الْمُهَاجِرُوْنَ
ثُمَّ قَرَاَ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ
مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى بَلَغَ خَصَاصَةٌ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَ قَالَ فَهٰؤُلَآءِ الْاَنْصَارُ قَالَ

سلسلے میں گناہ گار ہوا اور وہ بات کی حضرت عمرو کی حضرت زہری سے روایت میں ہے کہ (انہوں نے فرمایا) میں اس سلسلے میں راہ ہدایت پر تھا اور میں نے حق کی اتباع کی۔

پھر انہوں نے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کی روایت کی طرف رجوع کیا فرماتے ہیں پھر وہ دونوں حضرت علی المرتضیٰ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما میرے پاس آئے اور کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صدقہ ہمیں دیجیے تو میں نے ان دونوں کو دے دیا اب یہ (حضرت عباس) ان (حضرت علی) سے فرماتے ہیں کہ میرے بھتیجے کی طرف سے میرا حصہ مجھے دو اور یہ (حضرت علی المرتضیٰ) ان (حضرت عباس) سے کہتے ہیں کہ میری زوجہ کا ان کے والد سے حصہ مجھے دو۔ حالانکہ یہ جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ورثہ نہیں ہے آپ نے جو کچھ چھوڑا وہ صدقہ ہے حضرت زہری کی روایت میں ہے انہوں نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے ہماری وراثت نہیں ہوتی جو کچھ ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے پھر وہ حضرت عکرمہ کی روایت کی طرف لوٹے کہ اس کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی (ترجمہ) بے شک صدقات فقراء مساکین اور اس پر کام کرنے والوں کے لیے ہیں۔ پس یہ صدقات ان لوگوں کے لیے ہیں پھر آپ نے تلاوت فرمائی (ترجمہ) جان لو کہ جو کچھ تم مال غنیمت سے حاصل کرو تو اس کا خمس اللہ تعالیٰ کے لیے اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور قرابت داروں کے لیے ہے (آخر تک) پھر فرمایا یہ ان حضرات کے لیے ہے (جن کا ذکر ہوا) حضرت زہری سے حضرت عمرو کی روایت میں ہے انہوں نے فرمایا "جو کچھ اللہ تعالیٰ ان سے اپنے نبی کو بطور فے عطا فرمائے جس پر تم نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے (آخر تک) (ترجمہ) پر مسلمانوں نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے خاص ہے آپ اس سے اپنا نفقہ اور اپنے گھر والوں کی روزی لیتے پھر باقی مال اپنے

ثُمَّ قَرَأَ وَالَّذِيْنَ جَاءُوْا مِنْ بَعْدِهِمْ حَتّٰى بَلَغَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَهٰذِهِ الْاٰيَةُ اسْتَوْعَبَتِ الْمُسْلِمِيْنَ فَلَمْ يَبْقَ اَحَدٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا لَهٗ حَقٌّ اِلَّا مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ رَقِيْقِكُمْ فَاِنْ اَعِشْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَبْقَ اَحَدٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا سَاْتِيْهِ حَقُّهٗ حَتّٰى رَاعِيَ الثَّلَّةِ يَاْتِيْهِ حَظُّهٗ اَوْ قَالَ حَقُّهٗ قَالَ فَهٰذَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَدْ تَلَا فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ ثُمَّ قَالَ وَهٰذِهٖ لِهٰؤُلَاءِ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى قَدْ كَانَ ثَابِتًا عِنْدَهٗ لَهُمْ بَعْدَ وَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا كَانَ لَهُمْ فِيْ حَيَاتِهٖ قِيْلَ لَهٗ لَيْسَ فِيْمَا ذَكَرْتَ عَلٰى مَا ذَهَبْتَ اِلَيْهِ وَكَيْفَ يَكُوْنُ لَكَ فِيْهِ وَلَا لَنَا عَلٰى مَا ذَهَبْتَ اِلَيْهِ وَقَدْ كَتَبَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِلٰى نَجْدَةَ حِيْنَ كَتَبَ يَسْاَلُهٗ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى قَدْ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ دَعَانَا اِلٰى اَنْ يُّنْكِحَ مِنْهُ اَيِّمَنَا وَيَكْسُوَ مِنْهُ عَارِيَنَا فَاَبَيْنَا عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يُّسَلِّمَهٗ لَنَا كُلَّهٗ فَاَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْنَا فَهٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُخْبِرُ اَنَّ عُمَرَ اَبٰى عَلَيْهِمْ دَفْعَ السَّهْمِ اِلَيْهِمْ لِاَنَّهُمْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهٗ لَهُمْ فَكَيْفَ يَتَوَهَّمُ عَلَيْهِ فِيْمَا رُوِيَ عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَوْسٍ غَيْرَ ذٰلِكَ وَلٰكِنْ مَعْنٰى مَا رُوِيَ عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَوْسٍ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مِنْ قَوْلِهٖ فَهٰذِهٖ لِهٰؤُلَاءِ اَيْ هِيَ لَهُمْ عَلٰى مَعْنٰى مَا جَعَلَهَا اللّٰهُ لَهُمْ فِيْ وَقْتِ اِنْزَالِهِ الْاٰيَةَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

گھر والوں کے لیے رکھتے پھر وہ (راوی) حضرت ایوب کی روایت کی طرف لوٹے کہ آپ نے یہ آیت تلاوت کی (ترجمہ) جو کچھ اللہ تعالیٰ نے بستیوں والوں سے اپنے رسول کو عطا فرمایا پس وہ اللہ تعالیٰ کے لیے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے آپ کے اہل قرابت کے لیے ہے (آخر تک) پھر ان فقراء مہاجرین کے لیے ہے جنہیں ان کے گھروں اور مالوں سے نکالا گیا۔ "وہی لوگ سچے ہیں" تک پڑھا تو یہ لوگ مہاجرین ہیں فرماتے ہیں پھر انہوں نے تلاوت فرمائی (ترجمہ) اور وہ لوگ جو اُن کے بعد آئے مہربان رحم فرمانے والا ہے" تک پڑھا۔ تو اس آیت نے تمام مسلمانوں کو گھیر لیا تو کوئی مسلمان نہ رہا جسے حق نہ ملا ہو البتہ وہ غلام جن کے وہ مالک ہوں اگر میں آئندہ سال زندہ رہا (ان شاء اللہ) تو مسلمانوں میں سے کوئی شخص باقی نہ رہے گا جسے میں اس کا حق نہ دوں حتیٰ کہ ریوڑ چرانے کو اس کا حصہ یا فرمایا اس کا حق ملے گا تو وہ شخص لیتا ہے یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے اس حدیث میں یہ آیت تلاوت فرمائی (ترجمہ) اور جان لو جو کچھ تم مال غنیمت سے حاصل کرو پس بے شک اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اس کا پانچواں حصہ اور اس کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اور ذوی القربیٰ کے لیے (آخر تک) پھر فرمایا یہ ان (مذکورہ) لوگوں کے لیے ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ ان کے نزدیک قرابت داروں کا حصہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد بھی ثابت ہے جیسا کہ آپ کی حیات طیبہ میں ان کے لیے تھا تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ جو کچھ تو نے ذکر کیا اس میں تیرے مذہب پر کوئی دلیل نہیں اور اس میں تیرے موقف پر دلیل کیسے ہو سکتی ہے حالانکہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے جب ذوی القربیٰ کے حصے کے بارے میں نجدہ کے سوال پر لکھا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ہمیں بلایا تاکہ وہ اس مال میں سے ہمارے رنڈوؤں کا نکاح کریں اور ہمارے بے لباس لوگوں کو اس سے لباس پہنائیں تو ہم نے انکار کیا حتیٰ کہ وہ سب مال ہمیں دے

فِيْهِمْ وَعَلٰى مِثْلِ مَا عَلٰى بِهٖ عَزَّ وَجَلَّ مَا جَعَلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا مِنَ السَّهْمِ الَّذِىْ اَضَافَهٗ اِلَيْهِ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ السَّهْمُ جَارِيًا لَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَيَاتِهٖ وَبَعْدَ وَفَاتِهٖ غَيْرَ مُنْقَطِعٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ بَلْ كَانَ جَارِيًا لَهٗ فِىْ حَيَاتِهٖ مُنْقَطِعًا عَنْهُ بِمَوْتِهٖ وَكَذٰلِكَ مَا اَضَافَهٗ فِيْهَا اِلٰى ذَوِى قُرْبَاهُ كَذٰلِكَ اَيْضًا وَاجِبًا لَهُمْ فِىْ حَيَاتِهٖ يَضَعُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْمَنْ شَآءَ مِنْهُمْ مُرْتَفِعًا بِوَفَاتِهٖ كَمَا لَمْ يَكُنْ قَوْلُ عُمَرَ فَهٰذِهٖ لِهٰؤُلَآءِ لَا يَجِبُ بِهٖ بَقَاءُ سَهْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْوَقْتِ الَّذِىْ قَالَ فِيْهِ مَا قَالَ كَانَ ذٰلِكَ قَوْلُهٗ فَهِىَ لِهٰؤُلَآءِ لَا يَجِبُ بِهٖ بَقَاءُ سَهْمِ ذَوِى الْقُرْبٰى اِلَى الْوَقْتِ الَّذِىْ قَالَ فِيْهِ مَا قَالَ مُعَارَضَةً صَحِيْحَةً بَاقِيَةً اَنْ يَكُوْنَ حَدِيْثُ مَالِكِ بْنِ اَوْسٍ هٰذَا عَنْ عُمَرَ مُخَالِفًا لِحَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ عُمَرَ فِىْ سَهْمِ ذَوِى الْقُرْبٰى۔

۱۱۹۶ - وَلَقَدْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْكَلْبِىِّ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِىءٍ اَنَّ فَاطِمَةَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ يَا اَبَا بَكْرٍ مَنْ يَرِثُكَ اِذَا مُتَّ قَالَ وَلَدِىْ وَاَهْلِىْ قَالَتْ فَمَا لَكَ تَرِثُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنِىْ قَالَ يَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَرِثْتُ اَبَاكِ دَارًا وَّلَا ذَهَبًا وَّلَا غُلَامًا قَالَتْ وَلَا سَهْمَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الَّذِىْ جَعَلَهٗ لَنَا وَصَافِيَتَنَا الَّتِىْ

دیں لیکن انہوں نے اس بات سے انکار کر دیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما خبر دیتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ذوی القربیٰ کا حصہ ان کو دینے سے انکار فرمایا کیونکہ ان کے نزدیک یہ ان حضرات کا حق نہیں تھا تو کیسے حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ کی ان سے روایت کی روشنی میں اس کے علاوہ بات کا وہم کیا جا سکتا ہے بلکہ حضرت مالک بن اوس نے ان سے جو کچھ روایت کیا کہ یہ ان لوگوں کیلئے ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی تو اس وقت یہ ان کا حصہ تھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے مقرر فرمایا جس طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ کی طرف اضافت ہے اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ وہ آپ کی حیات طیبہ میں اور آپکی وفات کے بعد بھی آپ کیلئے نہ تھا بلکہ آپ کی زندگی میں تو جاری تھا لیکن وصال مبارک سے منقطع ہو گیا اسی طرح جو کچھ آپکے قرابتداروں کی طرف منسوب ہوا وہ بھی آپکی حیات طیبہ میں ان کیلئے وصال سے یہ حصہ اُٹھ گیا تو جس طرح حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کے قول کہ یہ ان لوگوں کیلئے ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ اس وقت تک باقی رہے جب اس قائل نے یہ بات کہی اسی طرح آپ کے اس ارشاد سے کہ یہ مال ان لوگوں کے لیے ہے لازم نہیں آتا کہ اس قول تک ذوی القربیٰ کا حصہ باقی رہے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے حضرت مالک بن اوس کی یہ روایت اس حدیث کے خلاف ہے جسے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ذوالقربیٰ کے حصہ کے بارے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔

حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ کے وصال کے بعد آپ کا وارث کون ہوگا آپ نے فرمایا میری اولاد اور میری بیوی، انہوں نے فرمایا پھر کیا وجہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت میری بجائے آپ لیتے ہیں انہوں نے فرمایا اے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی! میں آپ کے والد ماجد سے کسی مکان، سونے اور غلام کا وارث نہیں بنا انہوں نے فرمایا اور آپ اس حصے کے وارث بھی نہیں بنے جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے قرار دیا اور وہ جو خالصًا ہمارے لیے ہے اور آپ کے قبضہ میں ہے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

بِيَدِكَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ اَطْعَمَنِيْهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَاِذَا مِتُّ كَانَتْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

۱۱۹۷ - حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ رض اَنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لِاَبِيْ بَكْرٍ مَنْ يَرِثُكَ اِذَا مُتَّ قَالَ وَلَدِيْ وَاَهْلِيْ قَالَتْ فَمَا لَكَ تَرِثُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَنَا قَالَ يَا ابْنَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَا وَرِثَ اَبُوْكِ دَارًا وَّلَا مَالًا وَّلَا غُلَامًا وَلَا ذَهَبًا وَّلَا فِضَّةً قَالَتْ فَدَكَ الَّتِيْ جَعَلَهَا اللّٰهُ لَنَا وَصَافِيَتُنَا الَّتِيْ بِيَدِكَ لَنَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّمَا طُعْمَةٌ اَطْعَمَنِيْهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَاِذَا مِتُّ فَهِيَ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَفَلَا يَرٰى اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَدْ اَخْبَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مَا كَانَ يُعْطِيْهِ ذَوِيْ قُرْبَاهُ فَاِنَّمَا كَانَ مِنْ طُعْمَةٍ اَطْعَمَهَا اللّٰهُ اِيَّاهُ وَمَلَّكَهُ اِيَّاهَا حَيَاتَهُ وَقَطَعَهَا عَنْ ذَوِيْ قَرَابَتِهٖ بِمَوْتِهٖ وَقَدْ ذَكَرْنَا فِيْ صَدْرِ هٰذَا الْكِتَابِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّهُ قَالَ اخْتَلَفَ النَّاسُ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَائِلٌ سَهْمُ ذَوِي الْقُرْبٰى لِقَرَابَةِ الْخَلِيْفَةِ وَقَالَ قَائِلٌ سَهْمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْخَلِيْفَةِ مِنْ بَعْدِهٖ

نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ حصہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بطور خوراک عطا فرمایا جب میرا انتقال ہو جائے گا تو یہ مسلمانوں کے درمیان تقسیم ہوگا۔

حضرت ابوصالح، حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہا کہ جب آپ کا انتقال ہو جائے گا تو آپ کا وارث کون ہو گا؟ انہوں نے فرمایا میری اولاد اور بیوی، انہوں نے فرمایا پھر کیا وجہ ہے کہ ہماری بجائے آپ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث بنے انہوں نے فرمایا اے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی! آپ کے والد ماجد نے کوئی مکان، مال، غلام اور سونا چاندی ورثہ میں نہیں چھوڑا انہوں نے فرمایا باغ فدک جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے قرار دیا اور ہمارا وہ منتخب مال جو آپ کے قبضے میں ہے وہ ہمارے لیے ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا یہ خوراک جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں کھلائی ہے جب میرا انتقال ہو جائے گا تو وہ مسلمانوں کے درمیان تقسیم ہو جائے گی تو کیا وہ شخص (معترض) نہیں دیکھتا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہوئے بتایا کہ آپ جو کچھ اپنے قرابتداروں کو عطا فرماتے تھے وہ کھانا تھا جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو کھلایا اور آپ کی حیات طیبہ میں آپ کو اس کا مالک بنایا پھر آپ کے وصال پر اسے آپ کے قرابتداروں سے منقطع کر دیا ہم نے اس کتاب (باب) کے شروع میں حضرت حسن بن محمد بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم سے روایت کیا وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد صحابہ کرام کے درمیان اختلاف ہوا کسی نے کہا ذوی القربیٰ کا حصہ خلیفہ کے قرابتداروں کے لیے ہے کسی کا قول ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ آپ کے بعد خلیفہ کے لیے تھا پھر ان سب نے بالاتفاق ان دونوں حصوں کو لشکر اور جہاد کی تیاری میں صرف کیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ایسا ہوا۔ تو اختلاف کے بعد جب وہ متفق ہو گئے

ثُمَّ اجْتَمَعَ رَأْيُهُمْ عَلَى أَنْ جَعَلُوا هٰذَيْنِ السَّهْمَيْنِ فِي الْخَيْلِ وَالْعُدَّةِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَكَانَ ذٰلِكَ فِي إِمَارَةِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلَمَّا أَجْمَعُوا بَعْدَ مَا كَانُوا اخْتَلَفُوا كَانَ إِجْمَاعُهُمْ حُجَّةً وَفِيمَا أَجْمَعُوا عَلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ بُطْلَانُ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبَىٰ مِنَ الْمَغَانِمِ وَالْفَيْءِ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَأَمَّا مَا رَوَيْتُمُوهُ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَإِنَّمَا كَانَ فِيمَا ذَهَبَ إِلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ مُتَابِعًا لِأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَرَاهَةَ أَنْ يَدَّعِيَ عَلَيْهِ خِلَافَهُمَا۔

تو ان کا اجماع حجت ہے انہوں نے جس بات پر اجماع کیا وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد مال غنیمت اور مال فے سے قرابتداروں کے حصے کا بطلان ہے اگر کوئی معترض کہے کہ تم نے جو کچھ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے تو انہوں نے حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی اتباع اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کی کہ آپ پہلان دونوں حضرات کی مخالفت پر الزام نہ آئے۔

وَذَكَرَ فِي ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ قُلْتُ أَرَأَيْتَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَيْثُ وَلِيَ الْعِرَاقَ وَمَا وَلِيَ مِنْ أَمْرِ النَّاسِ كَيْفَ صَنَعَ فِي سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبَىٰ قَالَ سَلَكَ بِهِ وَاللّٰهِ سَبِيلَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قُلْتُ وَكَيْفَ وَأَنْتُمْ تَقُولُونَ قَالَ أَمَا وَاللّٰهِ مَا كَانَ أَهْلُهُ يَصْدُرُونَ إِلَّا عَنْ رَأْيِهِ قُلْتُ فَمَا مَنَعَهُ قَالَ كَرِهَ وَاللّٰهِ أَنْ يُدَّعَى عَلَيْهِ خِلَافُ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قِيلَ لَهُ هٰذَا تَأَوَّلَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ فِي تَرْكِهِ خِلَافَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ يَرَى فِي الْحَقِيقَةِ خِلَافَ مَا رَأَيَا لَا يَجُوزُ ذٰلِكَ عِنْدَنَا عَلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَلَا

اور وہ (معترض) اس سلسلے میں یوں ذکر کرے حضرت محمد بن اسحٰق فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوجعفر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ مجھے بتائیے جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ عراق کے حکمران بنے اور لوگوں کے معاملات آپ کے سپرد ہوئے تو آپ نے ذوی القربیٰ کے حصے کے بارے میں کیا کیا انہوں نے کہا اللہ کی قسم وہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے نقش قدم پر چلے میں نے کہا یہ کیسے ہوسکتا ہے جب کہ تم لوگ (ذوالقربیٰ کے حق کا) قول کرتے ہو انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم! ان کے ساتھی تو صرف ان کی رائے پر چلتے تھے۔ میں نے کہا تو انہیں کس چیز نے منع کیا فرمایا اللہ کی قسم! انہوں نے اس بات کو ناپسند کیا کہ ان پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی مخالفت کا الزام لگایا جائے۔ تو اس شخص (معترض) سے کہا جائے گا کہ حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ نے حضرت علی المرتضیٰ کی طرف سے حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی مخالفت ترک کرنے کے بارے میں یہ تاویل کی ہے ورنہ حقیقت میں ان کی رائے ان دونوں کی رائے کے خلاف تھی ہمارے نزدیک حضرت علی المرتضیٰ رضی

يُتَوَهَّمُ عَلٰى مِثْلِهٖ فَكَيْفَ يُتَوَهَّمُ عَلَيْهِ وَقَدْ خَالَفَ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي اَشْيَاءَ وَخَالَفَ عُمَرَ وَحْدَهٗ فِي اَشْيَاءَ اُخَرَ مِنْهُمَا رَاٰى بَيْعَ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ بَعْدَ نَهْيِ عُمَرَ عَنْ بَيْعِهِنَّ وَمِنْ ذٰلِكَ مَا رَاٰى مِنَ التَّسْوِيَةِ بَيْنَ النَّاسِ فِي الْعَطَاءِ وَقَدْ كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُفَضِّلُ بَيْنَهُمْ عَلٰى قَدْرِ سَوَابِقِهِمْ وَلَعَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ اَعْرَفَ بِاللّٰهِ مِنْ اَنْ يُّجْرِيَ شَيْئًا عَلٰى مَا الْحَقُّ عِنْدَهٗ فِي خِلَافِهٖ وَلٰكِنَّهٗ اَجْرَى الْاَمْرَ بِسَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى عَلٰى مَا رَاٰهُ حَقًّا وَّعَدْلًا فَلَمْ يُخَالِفْ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْهِ وَلَقَدْ كَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْهِ يُخَالِفُ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي حَيَاتِهِمَا فِي اَشْيَاءَ قَدْ رَاٰيَا فِي ذٰلِكَ خِلَافَ مَا رَاٰى فَلَا يَرَى الْاَمْرَ عَلَيْهِ فِي ذٰلِكَ دَنِفًا وَلَا يَمْنَعَانِهٖ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا يُؤَاخِذَانِهٖ عَنْهُ فَكَيْفَ يَسَعُهٗ هٰذَا فِي حَالِ الْاِمَامِ فِيْهَا غَيْرُهٗ ثُمَّ يَضِيْقُ عَلَيْهِ فِي حَالٍ هُوَ الْاِمَامُ فِيْهَا نَفْسُهٗ هٰذَا عِنْدَنَا مُحَالٌ۔

اللہ عنہ کے بارے میں یہ خیال جائز نہیں اس جیسے شخص کے بارے میں یہ وہم نہیں کیا جا سکتا تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ وہم کیسے کیا جائے گا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے بہت سے معاملات میں حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہا کی مخالفت کی ہے پھر کچھ دوسری باتوں میں صرف حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی مخالفت کی ہے ان میں ام ولد لونڈیوں کو بیچنے کا مسئلہ ہے جبکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو بیچنے سے منع کر دیا تھا اسی طرح عطیات میں صحابہ کرام کے درمیان مساوات قائم کرنا ہے جب کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ان کے مراتب، سبقت کی بنیاد پر انہیں ایک دوسرے پر فضیلت دیتے تھے اور یقیناً حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کی زیادہ پہچان رکھتے تھے کہ وہ اپنی دانست میں کسی بات کو حق سمجھتے ہوئے اس کے خلاف کام کریں لیکن انہوں نے ذوی القربیٰ کے حصے سے متعلق وہی حکم جاری کیا جو ان کے نزدیک حق اور انصاف تھا پس انہوں نے اس سلسلے میں حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت فاروق رضی اللہ عنہا کی مخالفت نہیں کی حضرت علی المرتضیٰؓ ان دونوں حضرات کی زندگی میں ان سے کئی مسائل میں اختلاف کرتے تھے لیکن ان کی یہ مخالفت معیوب نہ سمجھی گئی اور نہ ہی وہ دونوں آپ کو اس سے منع کرتے تھے نہ انہوں نے اس پر مواخذہ کیا پھر کیسے ہو سکتا ہے کہ جب دوسرا امام ہو تو مخالفت کرنا جائز ہو اور جب آپ خود امام ہوں تو اسے اپنائے رکھیں ہمارے نزدیک یہ محال ہے۔

۱۱۹۹۔ وَلَقَدْ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ عِيْسَى بْنِ عَاصِمٍ عَنْ زَاذَانَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ عَلِيٍّ فَتَذَاكَرْنَا الْخِيَارَ فَقَالَ اَمَا اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ سَاَلَنِيْ عَنْهُ فَقُلْتُ اِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَّهُوَ اَحَقُّ بِهَا وَاِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَوَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ فَقَالَ لَيْسَ كَذٰلِكَ وَلٰكِنَّهَا اِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَهِيَ

حضرت زاذان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے کہ ہم نے خیار (عورت کو طلاق کا اختیار دیا جائے تو اس کا کیا حکم ہوگا) کے بارے میں باہم گفتگو کی تو انہوں نے فرمایا امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے اس سلسلے میں پوچھا تو میں نے کہا اگر وہ اپنے خاوند کو اختیار کرے تو ایک طلاق (رجعی) ہوگی اور وہی (خاوند) اس کا زیادہ حق دار ہوگا اور اگر وہ اپنے نفس کو اختیار کرے تو ایک بائن طلاق ہوگی انہوں نے فرمایا ایسا نہیں بلکہ اگر وہ اپنے نفس کو اختیار کرے تو ایک طلاق ہوگی اور وہ خاوند اس کا زیادہ

وَاحِدَةٌ وَّهُوَ اَحَقُّ بِهَا وَاِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَلَا شَيْءَ فَلَمْ اَسْتَطِعْ اِلَّا مُتَابَعَةَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَمَّا اٰلَ الْاَمْرُ اِلَيَّ عَرَفْتُ اَنِّيْ مَسْئُوْلٌ عَنِ الْفُرُوْجِ فَاَخَذْتُ بِمَا كُنْتُ اَرٰى فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ رَاْيٌ رَاَيْتَهُ تَابَعَكَ عَلَيْهِ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ رَاْيٍ اِنْفَرَدْتَّ بِهٖ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلَ اِلٰى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَخَالَفَنِيْ وَاِيَّاهُ فَقَالَ اِذَا اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَوَاحِدَةٌ وَّهُوَ اَحَقُّ بِهَا وَاِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَثَلَاثٌ لَا تَحِلُّ لَهٗ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ اَفَلَا يَرٰى اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ اَخْبَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ لَمَّا خَلَصَ اِلَيْهِ الْاَمْرُ وَعَرَفَ اَنَّهٗ مَسْئُوْلٌ عَنِ الْفُرُوْجِ اَخَذَ بِمَا كَانَ يَرٰى وَاَنَّهٗ لَمْ يَرَ تَقْلِيْدَ عُمَرَ فِيْمَا يَرٰى خِلَافَهٗ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَكَذٰلِكَ اَيْضًا لَمَّا خَلَصَ اِلَيْهِ الْاَمْرُ اِسْتَحَالَ مَعَ مَعْرِفَتِهٖ بِاللّٰهِ وَمَعَ عِلْمِهٖ اَنَّهٗ مَسْئُوْلٌ عَنِ الْاَمْوَالِ اَنْ يَكُوْنَ يُبِيْحُهَا مَنْ يَرَاهُ مِنْ غَيْرِ اَهْلِهَا وَيَمْنَعُ مِنْهَا اَهْلَهَا وَلٰكِنَّهٗ كَانَ الْقَوْلُ عِنْدَهٗ فِيْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى كَالْقَوْلِ فِيْمَا كَانَ عِنْدَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَاَجْرَى الْاَمْرَ عَلٰى ذٰلِكَ لَا عَلٰى مَا سِوَاهُ فَاَمَّا اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ فَاِنَّ الْمَشْهُوْرَ عَنْهُمْ فِيْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى اَنَّهٗ قَدِ ارْتَفَعَ بِوَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّ الْخُمُسَ مِنَ الْغَنَائِمِ وَجَمِيْعِ الْفَيْءِ يُقْسَمَانِ فِيْ ثَلَاثَةِ اَسْهُمٍ لِلْيَتَامٰى

حق دار ہوگا (یعنی رجوع کرے) اور اگر وہ اپنے خاوند کو اختیار کرے تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی تو میرے لیے امیر المومنین کی اتباع کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ جب معاملہ میرے سپرد ہوا (مجھے خلافت ملی) تو میں نے جان لیا کہ مجھ سے (عورتوں کی) شرمگاہوں کے بارے میں سوال ہوگا تب میں نے اپنی رائے پر عمل کیا اس وقت ان کے بعض ساتھیوں نے کہا کہ اگر امیر المومنین آپ کی رائے پر چلتے تو مجھے یہ بات اس سے زیادہ پسند تھی کہ آپ اپنی رائے میں تنہا ہوں انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم! حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کسی شخص کو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا تو انہوں نے میری اور ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا اگر وہ اپنے خاوند کو اختیار کرے تو ایک طلاق ہوگی اور وہ (خاوند) اس عورت کا زیادہ حق دار ہوگا اور اگر اپنے نفس کو اختیار کرے تو تین طلاقیں ہوں گی جب تک دوسرے خاوند سے نکاح نہ کرلے اس کے لیے حلال نہ ہوگی۔ تو کیا یہ شخص (معترض) نہیں دیکھتا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اس حدیث میں خبر دی کہ جب حکومت ان کے سپرد ہوئی اور انہیں معلوم ہوا کہ عورتوں کے بارے میں ان سے سوال ہوگا تو انہوں نے اپنی رائے پر عمل کیا اور انہوں نے جس معاملہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی مخالفت کی اس میں ان کی تقلید کو جائز نہ جانا اسی طرح جب آپ کو خلافت ملی تو محال تھا کہ خدا کی معرفت اور اس علم کے باوجود کہ مالوں کے بارے میں ان سے سوال ہوگا آپ ان اموال کو غیر اہل کے لیے جائز قرار دیتے اور اہل لوگوں سے روک دیتے بلکہ قرابتداروں کے حصے کے بارے میں ان کا قول، حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے قول کی طرح تھا لہٰذا انہوں نے اسی پر حکم جاری کیا اس کے علاوہ پر نہیں حضرت امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مشہور مسلک یہی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے قرابت داروں کا حصہ اٹھ گیا اور غنیمتوں کا خمس نیز مال فے تین حصوں میں یعنی یتیموں محتاجوں اور مسافروں کے لیے تقسیم ہوگا۔

وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ

۱۲۰۰ - وَكَذٰلِكَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ ابْنِ الرَّبِيْعِ اللُّؤْلُئِيْ

قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ أَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَهٰكَذَا يُعْرَفُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ فِيْ جَمِيْعِ مَا رُوِيَ عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ مِنْ رَأْيِهِ وَمِمَّا حَكَاهُ عَنْ أَبِيْ حَنِيْفَةَ وَأَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا فَأَمَّا أَصْحَابُ الْإِمْلَاءِ فَإِنَّ جَعْفَرَ بْنَ أَحْمَدَ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ قَالَ أَمْلٰى عَلَيْنَا أَبُوْ يُوْسُفَ فِيْ رَمَضَانَ فِيْ سَنَةِ إِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ قَالَ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى وَاعْلَمُوْا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ فَهٰذَا فِيْمَا بَلَغَنَا وَاللّٰهُ أَعْلَمُ فِيْمَا أَصَابَ مِنْ عَسَاكِرِ أَهْلِ الشِّرْكِ مِنَ الْغَنَائِمِ وَالْخُمُسُ مِنْهَا عَلٰى مَا سَمَّى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كِتَابِهِ أَرْبَعَةُ أَخْمَاسِهَا بَيْنَ الْجُنْدِ الَّذِيْ أَصَابُوْا ذٰلِكَ لِلْفَرَسِ سَهْمًا وَلِلرَّجُلِ سَهْمًا عَلٰى مَا جَاءَ مِنَ الْأَحَادِيْثِ وَالْآثَارِ وَقَالَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ لِلرَّجُلِ سَهْمٌ وَلِلْفَرَسِ سَهْمٌ وَالْخُمُسُ يُقْسَمُ عَلٰى خَمْسَةِ أَسْهُمٍ خُمُسُ اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ وَاحِدٌ وَخُمُسُ ذِي الْقُرْبٰى لِكُلِّ صِنْفٍ سَمَّاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ هٰذِهِ الْآيَةِ خُمُسُ الْخُمُسِ فَفِيْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ ثُبُوْتُ سَهْمِ ذِي الْقُرْبٰى قَالُوْا وَأَمْلٰى عَلَيْنَا أَبُوْ يُوْسُفَ فِيْ مَسْأَلَةٍ قَالَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ إِذَا ظَهَرَ الْإِمَامُ عَلٰى بَلَدٍ مِنْ بِلَادِ أَهْلِ الشِّرْكِ فَهُوَ

حضرت یعقوب بن ابراہیم، حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں حضرت امام محمد بن حسن رحمہ اللہ سے جن روایات میں ان کی رائے مذکور ہے ان سے بھی یہی بات معلوم ہوتی ہے اسی طرح انہوں نے جو کچھ حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رحمہما سے نقل کیا وہ بھی یہی ہے جہاں تک اصحاب املاء (احادیث لکھنے والے محدثین) کا تعلق ہے تو جعفر بن احمد فرماتے ہیں ہم سے حضرت بشر بن ولید نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہمیں حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ نے رمضان المبارک ۱۸۱ھ میں لکھوایا اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی "اور جان لو! جو کچھ تم مال غنیمت سے حاصل کرو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے قرابت داروں، یتیموں، مساکین اور مسافروں کے لیے ہے تو یہ اس چیز کے بارے میں جیسا کہ ہم تک بات پہنچی اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ مشرکین کے لشکروں سے جو مال غنیمت کے طور پر حاصل ہوا اور اس میں سے خمس ہوگا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اس کا ذکر فرمایا چار حصے اس لشکر کے لیے ہوں گے جس نے اسے حاصل کیا ایک حصہ گھوڑے کا اور ایک حصہ مرد کا ہوگا جیسا کہ احادیث و آثار میں آیا ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں مرد کے لیے ایک حصہ اور گھوڑے کے لیے ایک حصہ ہوگا خمس کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا جائے گا اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا پانچواں حصہ ایک ہی ہوگا پانچواں حصہ آپ کے قرابت داروں کے لیے ہوگا اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں جن لوگوں کا ذکر کیا ان میں سے ہر قسم کے لوگوں کے لیے پانچواں حصہ ہوگا تو اس روایت میں قرابت داروں کے حصے کا ثبوت ہے اور یہ حضرات فرماتے ہیں ایک مسئلہ میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے ہمیں لکھایا کہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ نے فرمایا جب (مسلمانوں کا) امام، مشرکین کے کسی شہر پر غلبہ حاصل کرے تو اسے اختیار ہے جو کچھ مسلمانوں کے لیے

بِالْخِيَارِ يَفْعَلُ فِيهِ الَّذِي يَرَى أَنَّهُ أَفْضَلُ وَخَيْرٌ لِلْمُسْلِمِينَ إِنْ رَأَى أَنْ يُخَمِّسَ الْأَرْضَ وَالْمَتَاعَ وَيَقْسِمُ أَرْبَعَةَ أَخْمَاسِهِ بَيْنَ الْجُنْدِ الَّذِي افْتَتَحُوا مَعَهُ فَعَلَ وَيَقْسِمُ الْخُمُسَ عَلَى ثَلَاثَةِ أَسْهُمٍ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَإِنْ رَأَى أَنْ يَتْرُكَ الْأَرَضِينَ وَيَتْرُكَ أَهْلَهَا فِيهَا وَيَجْعَلَهَا ذِمَّةً وَيَضَعَ عَلَيْهِمْ وَعَلَى أَرْضِهِمُ الْخَرَاجَ وَكَمَا فَعَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالسَّوَادِ كَانَ ذٰلِكَ لَهُ۔

بہتر اور افضل سمجھے کرے اگر مناسب سمجھے کہ زمین اور سامان پانچ حصوں میں تقسیم کرے چار حصے ان مجاہدین میں تقسیم کرے جنہوں نے اسے فتح کیا اور پانچویں حصے کو تین حصوں میں تقسیم کرے فقراء، مساکین اور مسافروں کو دے اور اگر زمین کو اسی طرح ان کے مالکوں کے پاس چھوڑ دے انہیں ذمی قرار دے کر ان پر جزیہ اور زمین پر خرچ مقرر کر دے تو ایسا کرے جیسا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عراق والوں کے ساتھ کیا تھا اس بات کی اسے اجازت ہے۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَفِي هٰذِهِ الرِّوَايَةِ سُقُوطُ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى وَهٰذَا الْقَوْلُ الْمَشْهُورُ عَنْهُمْ وَالَّذِي اتَّفَقَتْ عَلَيْهِ هَاتَانِ الرِّوَايَتَانِ فِي الْفَيْءِ وَفِي خُمُسِ الْغَنِيمَةِ أَنَّهُمَا إِذَا خَلَصَا جَمِيعًا وَضَعَ خُمُسَ الْغَنَائِمِ فِيمَا يَجِبُ وَضْعُهُ فِيهِ مِمَّا ذَكَرْنَا وَأَمَّا الْفَيْءُ فَيُبْدَأُ مِنْهُ بِإِصْلَاحِ الْقَنَاطِرِ وَبِنَاءِ الْمَسَاجِدِ وَأَرْزَاقِ الْقُضَاةِ وَأَرْزَاقِ الْجُنْدِ وَجَوَائِزِ الْوُفُودِ ثُمَّ يُوضَعُ مَا بَقِيَ مِنْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي مِثْلِ مَا يُوضَعُ فِيهِ خُمُسُ الْغَنَائِمِ سَوَاءً فَهٰذِهِ وُجُوهُ الْفَيْءِ وَأَخْمَاسُ الْغَنَائِمِ الَّتِي كَانَتْ تَجْرِي عَلَيْهَا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى أَنْ تُوُفِّيَ وَمَا يَجِبُ أَنْ يَمْتَثِلَ فِيهَا بَعْدَ وَفَاتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقَدْ بَيَّنَّاهُ ذٰلِكَ وَشَرَحْنَاهُ بِغَايَةِ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس روایت کے مطابق قرابتداروں کا حصہ ساقط ہو گیا اور ان حضرات سے یہی قول مشہور ہے فے اور غنیمت کے خمس کے سلسلے میں جس بات پر یہ دو روایتیں متفق ہیں وہ یہ ہے کہ جب یہ دونوں حاصل ہوں تو غنیمت کا خمس ان لوگوں کو دیا جائے جن کا حق ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا لیکن مال فے سے ابتداءً پلوں کی مرمت کی جائے مسجدیں بنائی جائیں، قاضیوں کی تنخواہیں، فوج کی تنخواہ، وفود کے اخراجات حاصل کئے جائیں اس کے بعد باقی مال ان لوگوں میں برابر تقسیم کیا جائے جن کو خمس دیا جاتا ہے یہ مال فے اور غنیمت کے خمس کی وہ صورتیں ہیں جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں جاری تھیں اور آپ کی وفات کے بعد قیامت تک اسی پر عمل ہونا چاہیے ہم نے اپنے بساط کے مطابق اسے خوب واضح کیا اور تشریح کر دی اور اللہ تعالیٰ ہی سے توفیق کا سوال کرتے ہیں۔

مَا مَلَكْنَا وَاللّٰهُ نَسْاَلُهُ التَّوْفِيْقَ۔

۱۲۰۱۔ وَاَمَّا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ فَاِنَّهُ ثَنَا مَالِكُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا اَبُو النَّضْرِ قَالَ ثَنَا الْاَشْجَعِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ سَهْمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخُمُسِ هُوَ خُمُسُ الْخُمُسِ وَمَا بَقِيَ فَلِهٰذِهِ الطَّبَقَاتِ الَّتِيْ سَمَّى اللّٰهُ وَالْاَرْبَعَةُ الْاَخْمَاسِ لِمَنْ قَاتَلَ عَلَيْهِ۔

جہاں تک حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کا تعلق ہے تو حضرت اشجعی فرماتے ہیں ہم سے حضرت سفیان ثوری نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ، خمس سے ہے اور وہ خمس کا خمس ہے اور جو باقی رہا وہ ان لوگوں کے لیے ہے جن کا اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا جبکہ چار حصے مجاہدین کے لیے ہیں۔

۱۴

كِتَابُ الْحُجَّةِ فِي فَتْحِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَنْوَةً

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو بطور غلبہ فتح فرمایا

۱۲۰۲- قَالَ أَبُوْجَعْفَرٍ اجْتَمَعَتِ الْأُمَّةُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَالَحَ أَهْلَ مَكَّةَ قَبْلَ افْتِتَاحِهِ إِيَّاهَا ثُمَّ افْتَتَحَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ قَوْمٌ كَانَ افْتِتَاحُهُ إِيَّاهَا بَعْدَ أَنْ نَقَضَ أَهْلُ مَكَّةَ الْعَهْدَ وَخَرَجُوْا مِنَ الصُّلْحِ فَافْتَتَحَهَا وَهِيَ دَارُ حَرْبٍ لَا صُلْحَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَهْلِهَا وَلَا عَقْدَ وَلَا عَهْدَ وَمِمَّنْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَالْأَوْزَاعِيُّ وَمَالِكُ بْنُ أَنَسٍ وَّسُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّوْرِيُّ وَأَبُوْيُوْسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحِمَهُمُ اللهُ۔

وَقَالَ قَوْمٌ بَلِ افْتَتَحَهَا صُلْحًا۔

ثُمَّ احْتَجَّ كُلُّ فَرِيْقٍ مِنْ هٰذَيْنِ الْفَرِيْقَيْنِ لِقَوْلِهِ مِنَ الْآثَارِ بِمَا سَنُبَيِّنُهُ فِي كِتَابِنَا هٰذَا وَنَذْكُرُ مَعَ ذٰلِكَ صِحَّةَ مَا احْتَجَّ بِهِ أَوْ فَسَادِهِ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالٰی۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس بات پر امت کا اجماع ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو فتح کرنے سے پہلے مصالحت فرمائی اس کے بعد اسے فتح کیا ایک جماعت کہتی ہے کہ آپ نے اسے اہل مکہ کے عہد شکنی کرنے اور صلح کو توڑنے کے بعد فتح کیا۔ اور یہ دار الحرب تھا ان لوگوں کے ساتھ نہ صلح تھی نہ کوئی معاہدہ اور نہ عہد و پیمان تھا اس قول کے قائلین میں حضرت امام ابوحنیفہ، امام اوزاعی، مالک بن انس، سفیان بن سعید ثوری، ابویوسف اور امام محمد بن حسن رحمہم اللہ شامل ہیں۔

ایک جماعت کہتی ہے کہ آپ نے صلح کے طور پر اسے فتح کیا۔

پھر ان میں سے ہر گروہ نے اپنے موقف پر روایات سے دلائل دیئے جنہیں ہم اپنی اس کتاب میں عنقریب ذکر کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ ہر ایک کی دلیل کی صحت افساد کو بھی ذکر کریں گے (ان شاء اللہ تعالیٰ)

وكان حجة من ذهب الى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم افتتحها صلحا ان قال اما الصلح فقد كان بين رسول الله صلى الله عليه وسلم وبين اهل مكة فامن كل فريق منه ومن اهل مكة من الفريق الآخر ثم لم يكن من اهل في ذلك ما يوجب نقض الصلح وانما كانت بنو نفاثة وهم غير من اهل مكة قاتلوا خزاعة واعانهم على ذلك رجال من قريش وثبت بقية اهل مكة على صلحهم وتمسكوا بعهدهم الذي عاهدوا رسول الله صلى الله عليه وسلم فخرجت بنو نفاثة ومن تابعهم على ما فعلوا من ذلك من الصلح وثبت بقية اهل مكة على الصلح الذي كانوا صالحوا رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

قالوا والدليل على ذلك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما افتتحها لم يقسم فيها فيئا ولم يستعبد فيها احدا۔

۱۲۰۴- وكان من الحجة عليهم في ذلك لمخالفهم ان عكرمة مولى عبد الله بن عباس رضي الله عنهما ومحمد بن مسلم بن عبيد الله بن عبد الله بن شهاب الزهري عليهما يدور اكثر اخبار المغازي قد روي عنهما ما يدل على خروج اهل مكة من الصلح الذي كانوا صالحوا عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم باحداث احدثوها۔

جن لوگوں کا موقف ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے صلح کے طور پر فتح کیا ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہلِ مکہ کے درمیان صلح ہوگئی تھی۔ اور ہر گروہ دوسرے سے بےخوف ہوچکا تھا بنو نفاثہ جو اہل مکہ میں سے نہیں تھے انہوں نے خزاعہ قبیلے سے لڑائی کی اور اس پر قریش کے کچھ لوگوں نے ان کی مدد کی، جبکہ باقی اہل مکہ اپنی صلح پر قائم رہے اور انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو معاہدہ کیا تھا اسے مضبوطی سے تھامے رکھا پس بنو نفاثہ اور ان کے پیچھے چلنے والے اس صلح سے نکل گئے جب کہ باقی اہل مکہ اس صلح پر قائم رہے جو انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی تھی۔

یہ حضرات فرماتے ہیں اس کی دلیل یہ ہے جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ فتح کیا تو مال فے تقسیم نہیں فرمایا اور نہ ہی کسی کو غلام بنایا۔

ان کے خلاف ان کے مخالفین کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عکرمہ، جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام تھے اور حضرت محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبد اللہ جن پر لڑائیوں کی اکثر خبروں کا دارومدار ہے ان دونوں سے مروی ہے کہ اہل مکہ اپنے عمل کی وجہ سے اس صلح سے نکل گئے تھے جو انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کی تھی۔

١٢٠٥ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ لَمَّا وَادَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ مَكَّةَ وَكَانَتْ خُزَاعَةُ حُلَفَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَتْ بَنُو بَكْرٍ حُلَفَاءَ قُرَيْشٍ فَدَخَلَتْ خُزَاعَةُ فِي صُلْحِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَخَلَتْ بَنُو بَكْرٍ فِي صُلْحِ قُرَيْشٍ فَكَانَ بَيْنَ خُزَاعَةَ وَبَيْنَ بَنِي بَكْرٍ بَعْدُ قِتَالٌ فَأَمَدَّهُمْ قُرَيْشٌ بِسِلَاحٍ وَطَعَامٍ وَظَلَّلُوا عَلَيْهِمْ وَظَهَرَتْ بَنُو بَكْرٍ عَلَى خُزَاعَةَ فَقَتَلُوا فِيهِمْ فَخَافَتْ قُرَيْشٌ أَنْ يَكُونُوا عَلَى قَوْمٍ قَدْ نَقَضُوا فَقَالُوا لِأَبِي سُفْيَانَ اذْهَبْ إِلَى مُحَمَّدٍ فَأَجِدَّ الْحِلْفَ وَأَصْلِحْ بَيْنَ النَّاسِ وَأَنَّ لَيْسَ فِي قَوْمٍ ظَلَّلُوا عَلَى قَوْمٍ وَأَمَدُّوهُمْ بِسِلَاحٍ وَطَعَامٍ مَا أَنْ يَكُونُوا نَقَضُوا فَانْطَلَقَ أَبُو سُفْيَانَ وَسَارَ حَتَّى قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَاءَكُمْ أَبُو سُفْيَانَ وَسَيَرْجِعُ رَاضِيًا بِغَيْرِ حَاجَةٍ فَأَتَى أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ أَجِدَّ الْحِلْفَ وَأَصْلِحْ بَيْنَ النَّاسِ أَوْ بَيْنَ قَوْمِكَ قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ الْأَمْرُ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى وَإِلَى رَسُولِهِ وَقَدْ قَالَ فِيمَا قَالَ لَهُ بِأَنْ لَيْسَ فِي قَوْمٍ ظَلَّلُوا عَلَى قَوْمٍ وَأَمَدُّوهُمْ بِسِلَاحٍ وَطَعَامٍ مَا أَنْ يَكُونُوا نَقَضُوا قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ الْأَمْرُ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَإِلَى رَسُولِهِ قَالَ ثُمَّ أَتَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ایوب، حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ سے صلح کی اور قبیلہ خزاعہ دورِ جاہلیت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیف تھا جبکہ بنو بکر قریش کے حلیف تھے خزاعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معاہدۂ صلح میں اور بنو بکر، قریش کی صلح میں شامل ہو گئے اس کے بعد خزاعہ اور بنو بکر میں لڑائی ہو گئی قریش نے اسلحہ اور کھانے کے ذریعے ان کی مدد کی اور ان پر سایہ کیا جناب بنو بکر، خزاعہ پر غالب آ گئے انہوں نے ان کو قتل کیا تو قریش کو نقض عہد کرنے والی قوم کا ساتھ دینے سے ڈر محسوس ہوا (ندامت ہوئی) انہوں نے ابوسفیان سے کہا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر معاہدہ کی تجدید کریں اور لوگوں کے درمیان صلح کروائیں اور کہیں کہ اگر کچھ لوگوں نے ان کی ہتھیاروں اور کھانے سے مدد کی اور ان پر سایہ کیا تو یہ عہد توڑنا نہیں ہے حضرت ابوسفیان وہاں سے چلے حتی کہ مدینہ طیبہ پہنچے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوسفیان تمہارے پاس آ گئے ہیں لیکن یہ مقصد حاصل کئے بغیر خوش ہو کر چلے جائیں گے وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! معاہدے کی تجدید کیجئے اور لوگوں کے درمیان یا (کہا) اپنی قوم کے درمیان صلح کروائیں راوی کہتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا معاملہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ہے انہوں نے اس دوران یہ بھی کہا کہ اگر کچھ لوگوں نے ان لوگوں پر سایہ کیا اور ہتھیاروں اور کھانے سے ان کی مدد کی تو یہ عہد کو توڑنا نہیں ہے راوی فرماتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا معاملہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ہے راوی فرماتے ہیں پھر وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے اور ان سے بھی یہی

فَذَكَرَ لَهُ نَحْوًا مِمَّا ذَكَرَ لِأَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَقَضْتُمْ فَمَا كَانَ مِنْهُ جَدِيدًا فَأَبْلَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا كَانَ مِنْهُ شَدِيدًا أَوْ قَالَ مَتِينًا فَقَطَعَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ وَمَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ شَاهِدَ عَشِيرَةٍ ثُمَّ أَتَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَ لَهَا يَا فَاطِمَةُ هَلْ لَكِ فِي أَمْرٍ تَسُودِينَ فِيهِ نِسَاءَ قَوْمِكِ ثُمَّ ذَكَرَ لَهَا نَحْوًا مِمَّا قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ لَهَا فَتُجَدِّدِينَ الْحِلْفَ وَتُصْلِحِينَ بَيْنَ النَّاسِ فَقَالَتْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لَيْسَ الْأَمْرُ إِلَّا إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُولِهِ قَالَ ثُمَّ أَتَى عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهُ نَحْوًا مِمَّا قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ رَجُلًا أَضَلَّ أَنْتَ سَيِّدُ النَّاسِ فَأَجِدِ الْحِلْفَ وَأَصْلِحْ بَيْنَ النَّاسِ فَضَرَبَ أَبُو سُفْيَانَ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى وَقَالَ قَدْ أَخَذْتُ بَيْنَ النَّاسِ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ قَالَ ثُمَّ انْطَلَقَ حَتّٰى قَدِمَ قَالُوا وَاللّٰهِ مَا أَتَيْتَنَا بِحَرْبٍ فَيُحْذَرَ وَلَا أَتَيْتَنَا بِصُلْحٍ فَيَأْمَنَ ارْجِعْ ارْجِعْ قَالَ وَقَدِمَ وَفْدُ خُزَاعَةَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِمَا صَنَعَ الْقَوْمُ وَدَعَاهُ بِالنُّصْرَةِ وَأَنْشَدَ فِي ذٰلِكَ ؎

لَاهُمَّ إِنِّي نَاشِدٌ مُحَمَّدًا
حِلْفَ أَبِينَا وَأَبِيهِ الْأَتْلَدَا
وَالِدًا كُنَّا وَكُنْتَ وَلَدًا
إِنَّ قُرَيْشًا أَخْلَفُوكَ الْمَوْعِدَا

بات کہی جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہی تھی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم نے عہد شکنی کی ہے جو عہد نیا تھا اسے اللہ تعالیٰ نے پرانا کر دیا اور وہ جو اس سے سخت تھا یا فرمایا مضبوط تھا اللہ تعالیٰ نے توڑ دیا ابوسفیان کہتے ہیں میں نے آج کے دن کی طرح کوئی سخت دن نہیں دیکھا پھر وہ حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے فاطمہ رضی اللہ عنہا! کیا آپ کسی معاملے میں اپنی قوم کی عورتوں کی سرداری کریں گی پھر ان سے بھی وہی بات کہی جو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے کہی تھی پھر ان سے کہا کہ معاہدہ کی تجدید کریں اور لوگوں کے درمیان صلح کرائیں حضرت خاتونِ جنت نے فرمایا معاملہ صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار میں ہے راوی فرماتے ہیں پھر وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ ان سے بھی وہی بات کہی جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہی تھی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے آج کے دن کی طرح (کسی دن) بہت ملنسار آدمی نہیں دیکھا تم لوگوں کے سردار ہو تم ہی تجدید عہد کرو اور لوگوں کے درمیان صلح کراؤ حضرت ابوسفیان نے اپنا پاؤں دوسرے پاؤں پر مارا اور کہا میں نے لوگوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دیا راوی کہتے ہیں پھر وہ چلے گئے حتیٰ کہ مکہ مکرمہ آ گئے لوگوں نے کہا اللہ کی قسم! نہ تو تم لڑائی کی خبر لائے کہ اس سے بچا جاتا اور نہ صلح کا پیغام لائے ہو کہ اس سے امن ہو جاتا واپس جاؤ، واپس جاؤ راوی فرماتے ہیں خزاعہ کا وفد سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے آپ کو قوم کی خبر سنائی اور مدد کی درخواست کی اور اس سلسلے میں یہ شعر پڑھے۔

"اے اللہ! میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنے اور ان کے جد امجد کا حلف پڑھتا ہوں (اے محمد صلی اللہ علیک وسلم!) ہم والد (کی جگہ تھے) اور آپ بچے تھے بے شک قریش نے آپ سے بدعہدی کی اور مضبوط معاہدے کو توڑ دیا میرے لیے کداء

وَنَقَضُوا مِيثَاقَكَ الْمُؤَكَّدَا
وَجَعَلُوا لِي بِكَدَاءٍ رُصَّدَا
وَزَعَمُوا أَنْ لَسْتُ أَدْعُو أَحَدًا
وَهُمْ أَذَلُّ وَأَقَلُّ عَدَدًا
وَهُمْ أَتَوْنَا بِالْوَتِيرِ هُجَّدًا
نَتْلُوا الْقُرْآنَ رُكَّعًا وَسُجَّدًا
ثُمَّتَ أَسْلَمْنَا وَلَمْ نَنْزِعْ يَدَا
فَانْصُرْ رَسُولَ اللهِ نَصْرًا عَتَدَا
وَابْعَثْ جُنُودَ اللهِ تَأْتِي مَدَدَا
فِي فَيْلَقٍ كَالْبَحْرِ يَأْتِي مُزْبِدَا
فِيهِمْ رَسُولُ اللهِ قَدْ تَجَرَّدَا
إِنْ سِيمَ خَسْفًا وَجْهُهُ تَرَبَّدَا

قَالَ حَمَّادٌ هٰذَا الشِّعْرُ بَعْضُهُ عَنْ أَيُّوبَ وَبَعْضُهُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَازِمٍ وَأَكْثَرُهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى حَدِيثِ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ مَا قَالَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ ؎

أَتَانِي وَلَمْ أَشْهَدْ بِبَطْحَاءِ مَكَّةَ
رِجَالُ بَنِي كَعْبٍ تُحَزُّ رِقَابُهَا
وَصَفْوَانُ عَوْدٌ حُزَّ مِنْ وَرْقِ اسْتِهِ
فَذَاكَ أَوَانُ الْحَرْبِ حَانَ غِضَابُهَا
فَيَا لَيْتَ شِعْرِي هَلْ تَنَالَنَّ نُصْرَتِي
سُهَيْلَ بْنَ عَمْرٍو حَرُّهَا وَعِقَابُهَا

قَالَ فَأَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّحِيلِ فَارْتَحَلُوا فَسَارُوا حَتَّى نَزَلُوا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ قَالَ وَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ حَتَّى نَزَلَ لَيْلًا فَرَأَى الْعَسْكَرَ وَالنِّيرَانَ فَقَالَ مَا هٰذَا قِيلَ هٰذِهِ تَمِيمٌ أَمْحَلَتْ بِلَادُهَا فَانْتَجَعَتْ بِلَادَكُمْ قَالَ هٰؤُلَاءِ

میں گھات بٹھا دی اور انہوں نے گمان کیا کہ میں کسی کو نہیں بلاؤں گا وہ کمزور اور تعداد میں تھوڑے ہیں وہ وتیر میں ہم پر پچھلے پہر آئے جب کہ ہم رکوع و سجدہ کرتے اور قرآن پڑھ رہے تھے اس جگہ ہم نے صلح کی اور ہم نے ہاتھ نہ کھینچا اے اللہ! اپنے رسول کی قوی مدد فرما ان کی مدد کے لیے اپنے لشکر بھیج اتنا بڑا لشکر جو سمندر کی طرح جھاگ چھوڑتا ہو ان میں اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنہوں نے تلوار کو ننگا کیا اگر قوم کو ذلت پہنچے تو آپ کا چہرہ انور دوسری طرف ہو۔

حضرت حماد فرماتے ہیں ان میں سے بعض اشعار حضرت ایوب سے، بعض یزید بن حازم سے اور اکثر حضرت محمد اسحٰق سے مروی ہیں، پھر وہ (راوی) حضرت ایوب کی حضرت عکرمہ سے روایت کی طرف لوٹے اور کچھ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا وہ بات کہی۔

"میرے پاس مکہ مکرمہ کے میدان میں بنو کعب کے لوگ آئے جن کی گردنیں کاٹی جاتی تھیں لیکن میں موجود نہ تھا اور صفوان ایک ایسی لکڑی سے جو اپنی جڑ کے کنارے سے کاٹی گئی پس یہ لڑائی کا وقت ہے جو مشکل وقت تک آ گیا ہے ہائے افسوس مجھے معلوم ہوتا کہ میری مدد کا جوش اور بدلہ لینے کا جذبہ سہیل بن عمرو کو پالے گا۔

راوی کہتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوچ کا حکم دیا صحابہ کرام روانہ ہوئے اور چلے حتیٰ کہ مرالظہران میں اترے فرماتے ہیں ابوسفیان حاضر ہوئے حتیٰ کہ ایک رات وہاں اترے لشکر اور آگ کو دیکھا تو کہا یہ کیا ہے؟ کسی نے کہا یہ قبیلہ تمیم ہے جن کے ملک میں قحط سالی پڑ گئی ہے اور وہ رزق کی تلاش میں تمہارے علاقے میں آئے ہیں کہا

وَاللهِ اَكْثَرُ مِنْ اَهْلِ مِنًا اَوْ مِثْلَ اَهْلِ مِنًا فَلَمَّا عَلِمَ اَنَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَنَكَّرَ وَقَالَ دُلُّوْنِي عَلَى الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَاَتَى الْعَبَّاسَ فَاَخْبَرَهُ الْخَبَرَ وَانْطَلَقَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَى بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قُبَّةٍ لَهٗ فَقَالَ يَا اَبَا سُفْيَانَ اَسْلِمْ تَسْلَمْ قَالَ وَكَيْفَ اَصْنَعُ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى قَالَ اَيُّوْبُ فَحَدَّثَنِيْ اَبُو الْخَلِيْلِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَهُوَ خَارِجٌ مِّنَ التِّيْهِ مَا قُلْتَهَا اَبَدًا قَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ مَنْ هٰذَا قَالُوْا عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَاَسْلَمَ اَبُوْ سُفْيَانَ فَانْطَلَقَ بِهِ الْعَبَّاسُ فَلَمَّا اَصْبَحُوْا ثَارَ النَّاسُ لِطُهُوْرِهِمْ قَالَ فَقَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ يَا اَبَا الْفَضْلِ مَا لِلنَّاسِ اُمِرُوْا فِيْ شَيْءٍ قَالَ فَقَالَ لَا وَلٰكِنَّهُمْ قَامُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ فَاَمَرَهٗ فَتَوَضَّأَ وَانْطَلَقَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا دَخَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ كَبَّرَ فَكَبَّرَ النَّاسُ ثُمَّ رَكَعَ فَرَكَعُوْا ثُمَّ رَفَعَ فَرَفَعُوْا فَقَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ طَاعَةَ قَوْمٍ جَمَعَهُمْ مِّنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا وَلَا فَارِسَ الْاَكَارِمَ وَلَا الرُّوْمَ ذَاتَ الْقُرُوْنِ بِاَطْوَعَ مِنْهُمْ قَالَ حَمَّادٌ وَّزَعَمَ يَزِيْدُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ يَا اَبَا الْفَضْلِ اَصْبَحَ وَاللهِ ابْنُ اَخِيْكَ عَظِيْمَ الْمُلْكِ قَالَ لَيْسَ بِمُلْكٍ وَلٰكِنَّهَا نُبُوَّةٌ قَالَ اَوْ ذَاكَ اَوْ ذَاكَ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ اَيُّوْبَ عَنْ

اللہ کی قسم! یہ تو منیٰ والوں سے زیادہ ہیں یا منیٰ والوں جتنے ہیں جب انہیں معلوم ہوا کہ یہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں تو حالت خراب ہوگئی۔ کہا حضرت عباس بن عبدالمطلب کے بارے میں میری راہنمائی کرو پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آکر ماجرا ذکر کیا وہ انہیں لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ایک خیمہ میں تھے آپ نے فرمایا اے ابوسفیان! ایمان لاؤ بچ جاؤ گے انہوں نے کہا لات وعزیٰ کا کیا کروں؟ حضرت ایوب فرماتے ہیں حضرت ابوالخلیل نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے مجھ سے بیان کیا وہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اور آپ میدان سے باہر کھڑے تھے، تم نے یہ بات کبھی نہیں کہی تھی، ابوسفیان نے پوچھا یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں تو ابوسفیان نے اسلام قبول کر لیا اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ ان کو لے کر چلے جب صبح ہوئی تو صحابہ کرام وضو کیلئے دوڑے ابوسفیان نے کہا اے ابوالفضل لوگوں کو کیا ہوا انہیں کوئی حکم ملا ہے انہوں نے فرمایا نہیں بلکہ یہ نماز کی تیاری کر رہے ہیں انہوں نے ابوسفیان کو بھی حکم دیا چنانچہ انہوں نے وضو کیا اور وہ ان کو لے کر بارگاہ رسالت مآب میں حاضر ہوئے جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز شروع کرتے ہوئے "اللہ اکبر" کہا تو صحابہ کرام نے بھی "اللہ اکبر" کہا پھر رکوع کیا تو انہوں نے بھی رکوع کیا پھر سر اٹھایا (تو بعد نماز) ابوسفیان نے کہا میں نے آج کی طرح کسی قوم کو اکٹھے یہاں سے وہاں تک (اپنے سردار کی) اطاعت کرتے نہیں دیکھا بڑے بڑے معزز ایرانیوں اور گھوڑوں والے رومیوں کو اس سے زیادہ اطاعت گزار نہیں دیکھا۔ حماد فرماتے ہیں یزید بن حازم نے حضرت عکرمہ سے روایت کرتے ہوئے یہ خیال کیا کہ حضرت ابوسفیان نے کہا اے ابوالفضل (حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی کنیت) اللہ کی قسم تمہارا بھتیجا تو بہت بڑا بادشاہ ہو گیا ہے انہوں نے فرمایا یہ بادشاہی

عِكْرِمَةَ قَالَ فَقَالَ اَبُوْسُفْيَانَ وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ قَالَ فَقَالَ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ اَذِنْتَ لِيْ فَاَتَيْتُ اَهْلَ مَكَّةَ فَدَعَوْتُهُمْ وَاٰمَنْتُهُمْ وَجَعَلْتَ لِاَبِيْ سُفْيَانَ شَيْئًا يُذْكَرُ بِهٖ قَالَ فَانْطَلَقَ فَرَكِبَ بَغْلَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْبَاءَ وَانْطَلَقَ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُدُّوْا عَلَيَّ اَبِيْ رُدُّوْا عَلَيَّ اَبِيْ اِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ اِنِّيْ اَخَافُ اَنْ تَفْعَلَ بِكَ قُرَيْشٌ كَمَا فَعَلَتْ ثَقِيْفٌ بِعُرْوَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ دَعَاهُمْ اِلَى اللّٰهِ فَقَتَلُوْهُ اَمَا وَاللّٰهِ لَئِنْ رَكِبُوْهَا مِنْهُ لَاُضْرِمَنَّهَا عَلَيْهِمْ نَارًا قَالَ فَانْطَلَقَ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ يَا اَهْلَ مَكَّةَ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا فَقَدِ اسْتَبْطَنْتُمْ بِاَشْهَبَ بَازِلٍ قَالَ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ الزُّبَيْرَ مِنْ قِبَلِ اَعْلٰى مَكَّةَ وَبَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ مِنْ قِبَلِ اَسْفَلِ مَكَّةَ قَالَ فَقَالَ لَهُمْ هٰذَا الزُّبَيْرُ مِنْ قِبَلِ اَعْلٰى مَكَّةَ وَهٰذَا خَالِدٌ مِنْ قِبَلِ اَسْفَلِ مَكَّةَ وَمَا خَالِدٌ وَخُزَاعَةُ مُجَدَّعَةُ الْاُنُوْفِ ثُمَّ قَالَ مَنْ اَلْقٰى سِلَاحَهٗ فَهُوَ اٰمِنٌ وَمَنْ اَغْلَقَ بَابَهٗ فَهُوَ اٰمِنٌ وَمَنْ دَخَلَ دَارَ اَبِيْ سُفْيَانَ فَهُوَ اٰمِنٌ ثُمَّ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَرَامَوْا بِشَيْءٍ مِنَ النَّبْلِ ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهَرَ عَلَيْهِمْ فَاَمِنَ النَّاسُ اِلَّا خُزَاعَةَ عَنْ بَنِيْ بَكْرٍ وَذَكَرَ اَرْبَعَةً مِقْيَسَ بْنَ صَبَابَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ سَرْحٍ وَابْنَ خَطَلٍ وَسَارَةَ مَوْلَاةَ بَنِيْ هَاشِمٍ

نہیں نبوت سے انہوں نے کہا چلو یہی سہی، چلو یہی سہی، پھر وہ (راوی) حضرت عکرمہ سے حضرت ایوب کی روایت کی طرف لوٹتے وہ فرماتے ہیں ابوسفیان نے کہا قریش کی صبح پر افسوس ہے راوی کہتے ہیں حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے (بارگاہ نبوی میں) عرض کیا یا رسول اللہ! اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں اہل مکہ کے پاس جا کر ان کو دعوت دوں اور انہیں امن کی خوشخبری سناؤں اور آپ ابوسفیان کو کوئی ایسا حکم دیں جسے وہ یاد رکھیں پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سفید خچر پر سوار ہو کر چلے راوی فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے باپ کو میری طرف لوٹاؤ میرے باپ کو میری طرف لوٹاؤ یقیناً آدمی کا چچا اس کے باپ کی طرح ہوتا ہے مجھے ڈر ہے کہ قریش تمہارے ساتھ وہ معاملہ کریں جو ثقیف نے عروہ بن مسعود کے ساتھ کیا تھا انہوں نے ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلایا اور انہوں نے (ثقیف نے) ان کو شہید کر دیا سنو! اللہ کی قسم! اگر انہوں نے بھی وہی چال چلی تو میں ان پر آگ برسا دوں گا راوی فرماتے ہیں پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ چلے اور فرمایا اے اہل مکہ! اسلام لاؤ امن پاؤ گے اس وادی میں تم دشوار اور سخت معاملہ میں الجھ گئے وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو مکہ مکرمہ کی اوپر والی جانب سے بھیجا راوی فرماتے ہیں حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا یہ حضرت زبیر ہیں جو مکہ مکرمہ کی اوپر والی جانب سے آئے ہیں اور یہ حضرت خالد ہیں جو اس کی نچلی طرف سے آئے ہیں حضرت خالد اور قبیلہ خزاعہ کو جانتے ہو وہ ناک کاٹنے والے ہیں پھر فرمایا جو شخص ہتھیار ڈال دے گا اسے امن ملے گا جو اپنا دروازہ بند کر دے گا وہ امن میں ہو گا جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے گا وہ مامون ہو گا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے کچھ تیر ایک دوسرے پر پھینکے پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان پر غالب آ گئے تو لوگوں کو امن حاصل ہوا مگر خزاعہ اور بنو بکر کی لڑائی جاری رہی، اور چار آدمیوں کا ذکر کیا مقیس بن صبابہ، عبد اللہ بن ابی سرح ابن خطل اور بنو ہاشم کی آزاد کردہ لونڈی سارہ، حضرت حماد نے

قَالَ حَمَّادُ سَبَارَةٌ فِي حَدِيثِ أَيُّوبَ أَوْ فِي حَدِيثِ غَيْرِهِ قَالَ فَقَاتَلَهُمْ خُزَاعَةُ إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ إِلَى قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ قَالَ خُزَاعَةُ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ وَيَتُوبُ اللهُ عَلَى مَنْ يَشَاءُ -

حضرت ایوب کی روایت میں یا کسی دوسری روایت میں اس کا نام سبارہ بتایا ہے فرماتے ہیں خزاعہ دوپہر تک ان سے لڑتے رہے تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی کیا تم ان لوگوں سے نہیں لڑتے جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو نکالنے کا ارادہ کیا (یہاں تک) اور وہ مومنوں کے سینے کو ٹھنڈک عطا فرمائے فرماتے ہیں اس سے خزاعہ مراد ہیں "اور ان کے دلوں سے غصہ لے جائے اور اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہے اسکی توبہ قبول کرتا ہے۔

۱۲۰۶- حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ بُهْلُولَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ إِسْحَاقَ يَقُولُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ وَغَيْرُهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَالَحَ قُرَيْشًا عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ عَلَى أَنَّهُ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَدْخُلَ فِي عَقْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَهْدِهِ دَخَلَ فِيهِ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَدْخُلَ فِي عَقْدِ قُرَيْشٍ وَعَهْدِهِمْ دَخَلَ فِيهِ فَتَوَاثَبَتْ خُزَاعَةُ وَبَنُو كَعْبٍ وَغَيْرُهُمْ مَعَهُمْ فَقَالُوا نَحْنُ فِي عَقْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَهْدِهِ وَتَوَاثَبَتْ بَنُو بَكْرٍ فَقَالُوا نَحْنُ فِي عَقْدِ قُرَيْشٍ وَعَهْدِهِمْ وَقَامَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْوَفَاءِ بِذٰلِكَ سَنَةً وَبَعْضَ سَنَةٍ ثُمَّ إِنَّ بَنِي بَكْرٍ عَدَوْا عَلَى خُزَاعَةَ عَلَى مَاءٍ لَهُمْ بِأَسْفَلِ مَكَّةَ فَقَالَ لَهُ الزُّبَيْرُ بَيَّتُوهُمْ فِيهِ فَأَصَابُوا مِنْهُمْ رَجُلًا وَتَجَاوَزَ الْقَوْمُ فَاقْتَتَلُوا وَرَفَدَتْ قُرَيْشٌ بَنِي بَكْرٍ بِالسِّلَاحِ وَقَاتَلَ مَعَهُمْ مَنْ قَاتَلَ مِنْ قُرَيْشٍ بِاللَّيْلِ مُسْتَخْفِيًا حَتّٰى جَاوَزُوا خُزَاعَةَ إِلَى الْحَرَمِ وَقَائِدُ بَنِي بَكْرٍ يَوْمَئِذٍ نَوْفَلُ بْنُ مُعَاوِيَةَ فَلَمَّا انْتَهَوْا إِلَى الْحَرَمِ قَالَتْ بَنُو بَكْرٍ يَا نَوْفَلُ الْهَلَكَ الْهَلَكَ إِنَّا قَدْ دَخَلْنَا الْحَرَمَ فَقَالَ كَلِمَةً

حضرت ابن اسحٰق فرماتے ہیں ہم سے حضرت محمد بن مسلم بن شہاب زہری وغیرہ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے سال قریش سے اس بات پر مصالحت کی کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد و پیمان میں داخل ہونا چاہتا ہے وہ اس میں داخل ہو تو خزاعہ اور بنو کعب کود پڑے اور ان کے ساتھ کچھ دوسرے لوگ بھی کہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد و پیمان میں داخل ہوتے ہیں جبکہ بنو بکر نے جلدی کرتے ہوئے کہا کہ ہم قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہوتے ہیں قریش ایک سال اور کچھ اوپر اس وعدے پر قائم رہے پھر بنو بکر نے مکہ مکرمہ کی نچلی جانب خزاعہ کا مال لوٹا حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا اسی وقت (رات کو) ان پر حملہ کر دو چنانچہ انہوں نے ان کے ایک آدمی کو مار ڈالا اور قوم آگے بڑھی اور وہ باہم لڑنے لگے قریش نے بنو بکر کو ہتھیاروں سے مدد دی اور چھپ کر ان کے ہمراہ لڑنے لگے حتیٰ کہ وہ حرم کی طرف خزاعہ سے آگے بڑھے اس دن بنو بکر کی قیادت نوفل بن معاویہ کے ہاتھ میں تھی جب وہ حرم شریف تک پہنچے تو بنو بکر نے کہا اے نوفل! ہلاکت ہے ہلاکت ہے بے شک ہم حرم میں داخل ہو گئے تو انہوں نے ایک بڑی بات کہی کہ آج اس کا کوئی معبود نہیں اے بنو بکر! تم اپنا بدلہ لو اور خزاعہ نے اسلام سے پہلے تین آدمیوں کو قتل کر ڈالا تھا اور وہ (لڑائی سے) الگ تھے (ان کے نام یہ تھے) ذویب، کلثوم اور سلیمان بن اسود بن زربی یعمری۔ مجھے

عَظِيْمَةٌ لَا اِلٰهَ لَهُ الْيَوْمَ يَا بَنِيْ بَكْرٍ اُصِيْبُوْا ثَارَكُمْ قَدْ كَانَتْ خُزَاعَةُ اَصَابَتْ قَبْلَ الْاِسْلَامِ نَفَرًا ثَلَاثَةً وَهُمْ مُتَحَرِّفُوْنَ ذُوَيْبًا وَكُلْثُوْمًا وَسُلَيْمَانَ بْنَ الْاَسْوَدِ بْنِ ذُرَيْقِ بْنِ يَعْمُرَ فَلَعَمْرِيْ يَا بَنِيْ بَكْرٍ اِنَّكُمْ تُشْرِفُوْنَ فِي الْحَرَمِ اَفَلَا تُصِيْبُوْنَ ثَارَكُمْ فِيْهِ قَالَ وَقَدْ كَانُوْا اَصَابُوْا مِنْهُمْ رَجُلًا لَيْلَةً بَيَّتُوْهُمْ بِالْوَتِيْرِ وَمَعَهُ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهٖ يُقَالُ لَهُ مُنَبِّهٌ رَجُلًا مُفْرَدًا فَخَرَجَ هُوَ وَتَمِيْمٌ فَقَالَ مُنَبِّهٌ يَا تَمِيْمُ اِلْهَ بِنَفْسِكَ فَاَمَّا اَنَا فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ لَمَيِّتٌ قَتَلُوْنِيْ اَوْ لَمْ يَقْتُلُوْنِيْ فَانْطَلَقَ تَمِيْمٌ فَاَدْرَكَ مُنَبِّهٌ فَقَتَلُوْهُ وَاَفْلَتَ تَمِيْمٌ فَلَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ لَحِقَ اِلٰى دَارِ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَدَارِ رَافِعٍ مَوْلًى لَهُمْ وَخَرَجَ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ حِيْنَ قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ عَمْرٌو ثُمَّ

اپنی عمر کی قسم اے بنو بکر! تم حرم میں پہنچ گئے ہو تو کیا تم اس میں اپنا بدلہ نہیں لو گے راوی فرماتے ہیں انہوں نے رات کے وقت ان کے ایک آدمی کو قتل کر دیا تھا انہوں نے وتیر میں ان پر شب خون مارا، اس کے ساتھ اس کی قوم کا ایک آدمی تھا جس کو منبہ کہتے تھے وہ تنہا تھا وہ اور تمیم نکلے تو منبہ نے کہا اے تمیم! تم اپنی جان پر نرمی کرو اللہ کی قسم! میں تو مرچکا ہوں وہ مجھے قتل کریں یا نہ، تو تمیم چلا اس نے منبہ کو اس حالت میں پایا کہ اسے لوگوں نے قتل کر دیا تھا تمیم بچ کر نکل گیا جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو بدیل بن ورقاء اور ان کے غلام رافع سے جا ملے اور عمرو بن سالم نکل کر بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے وہ کھڑے ہوگئے جبکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے تو عمرو نے وہاں یہ اشعار پڑھے (ترجمہ)

لَاهُمَّ اِنِّيْ نَاشِدٌ مُحَمَّدَا
حِلْفَ اَبِيْنَا وَاَبِيْهِ الْاَتْلَدَا
وَالِدًا كُنَّا وَكُنْتَ وَلَدَا
ثُمَّتَ اَسْلَمْنَا فَلَمْ نَنْزِعْ يَدَا
فَانْصُرْ رَسُوْلَ اللّٰهِ نَصْرًا عَتِدَا
وَادْعُ عِبَادَ اللّٰهِ يَاْتُوْا مَدَدَا
فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَدْ تَجَرَّدَا
اِنْ سِيْمَ خَسْفًا وَجْهُهٗ تَرَبَّدَا
فِيْ فَيْلَقٍ كَالْبَحْرِ يَاْتِيْ مُزْبِدَا
اِنَّ قُرَيْشًا اَخْلَفُوْكَ الْمَوْعِدَا

اے اللہ! میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے باپ اور ان کے دادا کا معاہدہ یاد دلاتا ہوں ہم باپ کی جگہ تھے اور یہ بچے تھے ہم نے وہاں صلح کی اور اس سے ہاتھ نہیں کھینچا اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی قوی مدد فرمایا اور آپ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو پکاریں مدد کے لیے آئیں گے ان میں اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں جنہوں نے تلوار نکالی ہے اگر ذلت در پیش ہو تو ان کا چہرہ انور دوسری طرف ہوگا (یعنی آپ محفوظ ہوں گے) وہ بہت بڑے لشکر میں ہیں جو ایسے دریا کی طرح ہے جس سے جھاگ نکلتی ہے بے شک قریش نے آپ سے وعدہ خلافی کی ہے اور آپ کے ساتھ کیا ہوا مضبوط عہد توڑا ہے انہوں نے مقام کداء

وَنَقَضُوْا مِيْثَاقَكَ الْمُؤَكَّدَا
وَجَعَلُوْا لِيْ فِيْ كَدَاءٍ رُصَّدَا
وَزَعَمُوْا اَنْ لَسْتَ اَدْعُوْا اَحَدَا
وَهُمْ اَذَلُّ وَاَقَلُّ عَدَدَا
هُمْ بَيَّتُوْنَا بِالْوَتِيْرِ هُجَّدَا
فَقَتَلُوْنَا رُكَّعًا وَّسُجَّدَا

ہیں میرے گھات لگائی اور اُن کا خیال تھا کہ میں کسی کو نہیں پکاروں گا وہ نہایت کمزور اور کم تعداد والے ہیں انہوں نے رات کے پچھلے پہر مقام وتیر میں ہم پر حملہ کیا اور انہوں نے ہمیں رکوع و سجود کی حالت میں قتل کیا۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نُصِرَتْ بَنِيْ كَعْبٍ ثُمَّ خَرَجَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ خُزَاعَةَ حَتّٰى قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ فَاَخْبَرُوْهُ بِمَا اُصِيْبَ مِنْهُمْ وَقَدْ رَجَعُوْا وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّكُمْ بِاَبِيْ سُفْيَانَ قَدْ قَدِمَ لِيَزِيْدَ فِي الْعَهْدِ وَيَزِيْدَ فِي الْمُدَّةِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوًا مِّمَّا فِيْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ فِيْ طَلَبِ اَبِيْ سُفْيَانَ الْجَوَابَ مِنْ اَبِيْ بَكْرٍ وَّمِنْ عُمَرَ وَمِنْ عَلِيٍّ وَمِنْ فَاطِمَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَجَوَابُ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ لَهٗ بِمَا اَجَابَهٗ فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى مَا فِيْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ خَبَرَ اَبِيْ سُفْيَانَ مَعَ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَلَا اَمَانَ الْعَبَّاسِ اِيَّاهُ وَلَا اِسْلَامَهٗ وَلَا بَقِيَّةَ الْحَدِيْثِ۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنو کعب کو فتح ہو گئی پھر بدیل بن ورقہ، خزاعہ کے چند آدمیوں کے ہمراہ مدینہ طیبہ میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور جو کچھ ان پر بیتی اس کا ماجرا سنا کر واپس لوٹ گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گویا تم ابوسفیان سے ملو گے جو اس لیے آ رہا ہے کہ معاہدے کو بڑھائے اور مدت میں اضافہ کرے پھر اس قسم کی حدیث بیان کی جو حضرت ایوب نے حضرت عکرمہ سے روایت کی کہ ابوسفیان نے حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت علی المرتضیٰ اور حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہم سے سوال کیا تھا اور ان حضرات نے جو جوابات دیئے جیسا کہ حضرت عکرمہ سے حضرت ایوب نے روایت کیا انہوں نے حضرت عباس کے ساتھ ابوسفیان کی گفتگو اور حضرت عباس کے ان کو امن دینے نیز ان کے اسلام لانے کا ذکر نہیں کیا اور نہ ہی حدیث کا باقی حصہ نقل کیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فِيْ هٰذَيْنِ الْحَدِيْثَيْنِ اَنَّ الصُّلْحَ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ اَهْلِ مَكَّةَ دَخَلَتْ خُزَاعَةُ فِيْ صُلْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحِلْفِ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهٗ وَدَخَلَتْ بَنُوْ بَكْرٍ فِيْ صُلْحِ قُرَيْشٍ لِلْحِلْفِ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهٗ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ان دو حدیثوں میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل مکہ کے درمیان جو صلح ہوئی اس میں خزاعہ، آپ کی صلح میں داخل ہوئے اور اس کی وجہ وہ پرانا معاہدہ تھا جو آپ کے اور ان کے درمیان تھا اور بنو بکر اس معاہدے کی وجہ سے جو ان کے اور قریش کے درمیان تھا، قریش کے ساتھ شریک ہوئے تو ان میں سے ہر فریق کے حلیف کا حکم اس کی طرح ہو گیا

فَصَارَ حُكْمُ حُلَفَاءِ كُلِّ فَرِيْقٍ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ قُرَيْشٍ فِي الصُّلْحِ كَحُكْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحُكْمِ قُرَيْشٍ وَكَانَ بَيْنَ حُلَفَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ حُلَفَاءِ قُرَيْشٍ مِّنَ الْقِتَالِ مَا كَانَ فَكَانَ ذٰلِكَ نَقْضًا مِّنْ حُلَفَاءِ قُرَيْشٍ لِلصُّلْحِ الَّذِيْ كَانُوْا دَخَلُوْا فِيْهِ وَخُرُوْجًا مِّنْهُمْ بِذٰلِكَ مِنْهُ فَصَارُوْا بِذٰلِكَ حَرْبًا لِّرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ثُمَّ اَمَدَّتْ قُرَيْشٌ حُلَفَاءَهَا هٰؤُلَاءِ بِمَا قَوَّوْهُمْ بِهِ عَلٰى قِتَالِ خُزَاعَةَ حَتّٰى قُتِلَ مِنْهُمْ مَّنْ قُتِلَ وَقَدْ كَانَ الصُّلْحُ مَنَعَهُمْ مِّنْ ذٰلِكَ فَكَانَ فِيْمَا فَعَلُوْا مِنْ ذٰلِكَ نَقْضًا لِّلْعَهْدِ وَخُرُوْجًا مِّنَ الصُّلْحِ فَصَارَتْ قُرَيْشٌ بِذٰلِكَ حَرْبًا لِّرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِاَصْحَابِهِ۔

یعنی حضور علیہ السلام کے حلیف کا حکم آپ کے حکم کی طرح اور قریش کے حلیف کا حکم ان کے حکم جیسا ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیفوں اور قریش کے حلیفوں کے درمیان جنگ ہوئی تو یہ قریش کی طرف سے اس صلح کو توڑنا تھا جس میں وہ داخل ہو گئے نیز اس معاہدے سے نکلنا تھا اس طرح وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سے لڑنے والے قرار پائے پھر قریش نے اپنے حلیفوں کی مدد کرتے ہوئے انہیں خزاعہ کے ساتھ لڑائی پر برقرار رکھا حتیٰ کہ ان میں سے کچھ لوگ شہید ہوئے حالانکہ صلح ان کو اس بات سے روکتی تھی تو اس سلسلے میں انہوں نے جو کچھ کیا وہ نقض عہد اور صلح سے نکلنا تھا تو اس طرح قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام سے لڑائی کی۔

فَقَالَ الْاٰخَرُوْنَ وَكَيْفَ يَكُوْنُ بِمَا ذَكَرْتُمْ كَمَا وَصَفْتُمْ وَقَدْ رَوَيْتُمْ اَنَّ اَبَا سُفْيَانَ وَفَدَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ بَعْدَ اَنْ كَانَ بَيْنَ بَنِيْ بَكْرٍ وَّبَيْنَ خُزَاعَةَ مِنَ الْقِتَالِ مَا كَانَ وَبَعْدَ اَنْ كَانَ مِنْ قُرَيْشٍ لِّبَنِيْ بَكْرٍ مِّنَ الْمَعُوْنَةِ لَهُمْ مَّا كَانَ عِلْمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَوْضِعِهِ فَلَمْ يَصِلْهُ وَلَمْ يَعْرِضْ لَهُ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّهُ كَانَ عِنْدَهُ فِيْ اَمَانِهِ عَلٰى حَالِهِ غَيْرَ خَارِجٍ مِّنْهُ مِمَّا كَانَ مِنْ بَنِيْ بَكْرٍ فِيْ قِتَالِ خُزَاعَةَ وَمَا كَانَ

دوسرے حضرات فرماتے ہیں جو کچھ تم نے ذکر کیا وہ کیسے ہو سکتا ہے جب کہ ابو سفیان، مدینہ طیبہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ حاضری بنو بکر اور خزاعہ کے درمیان لڑائی کے بعد ہوئی اور قریش اس سے پہلے بنو بکر کی مدد کر چکے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس (ابو سفیان) کی حالت کا علم تھا اس کے باوجود نہ تو آپ نے کوئی صلہ رحمی کی اور نہ ہی تعرض فرمایا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ کے نزدیک وہ امان میں تھے بنو بکر اور خزاعہ کے درمیان لڑائی کی وجہ سے وہ اس امان سے خارج نہیں ہوئے اور قریش نے کھانے، ہتھیاروں اور سایہ کرنے کے ذریعے بنو بکر کی جو مدد کی اس سے بھی وہ صلح ختم نہیں

مِنْ قُرَيْشٍ فِيْ مَعُوْنَتِهِ بَنِيْ بَكْرٍ بِمَا اَعَانُوْهُمْ بِهٖ مِنَ الطَّعَامِ وَالسِّلَاحِ وَالتَّظْلِيْلِ غَيْرُ نَاقِضٍ لِاَ مَانِهٖ بِصُلْحِهِ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرُ مُخْرِجٍ لَهٗ مِنْهُ۔

ہوئی جو ان کے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان تھی اور نہ ہی وہ اس سے خارج ہوئے۔

فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ لِلْاٰخَرِيْنَ اَنَّ تَرْكَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّعَرُّضَ لِاَبِيْ سُفْيَانَ لَمْ يَكُنْ لِاَنَّ الصُّلْحَ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ اَهْلِ مَكَّةَ قَائِمٌ وَّلٰكِنَّهٗ تَرَكَهٗ لِاَنَّهٗ كَانَ وَافِدًا اِلَيْهِ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ طَالِبًا الصُّلْحَ الثَّانِيَ سِوَى الصُّلْحِ الْاَوَّلِ لِانْتِقَاضِ الصُّلْحِ الْاَوَّلِ فَلَمْ يَعْرِضْ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلٍ وَّلَا غَيْرِهٖ لِاَنَّ مِنْ سُنَّةِ الرُّسُلِ اَنْ لَّا يُقْتَلُوْا۔

ان کے خلاف دوسرے حضرات کی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ابوسفیان سے تعرض نہ کرنے کی وجہ یہ نہ تھی کہ آپ کے اور اہل مکہ کے درمیان صلح باقی تھی بلکہ آپ نے اسے اس لیے چھوڑا کہ وہ پہلی صلح کے علاوہ دوسری صلح کے لیے بطور وفد آپ کی خدمت میں آئے کیونکہ پہلی صلح ٹوٹ چکی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل وغیرہ کے ذریعے تعرض نہیں فرمایا بلکہ دستور یہ ہے کہ قاصدوں کو قتل نہیں کیا جاتا۔

۱۲۰۷- ثُمَّ قَدْ رُوِيَ عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ ثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ وَائِلٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ مُعَيْزٍ السَّعْدِيُّ قَالَ خَرَجْتُ اَسْتَبِقُ فَرَسًا لِّيْ بِالسَّحَرِ فَمَرَرْتُ عَلٰى مَسْجِدٍ مِّنْ مَّسَاجِدِ بَنِيْ حَنِيْفَةَ فَسَمِعْتُهُمْ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ مُسَيْلِمَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَرَجَعْتُ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَذَكَرْتُ لَهٗ اَمْرَهُمْ فَبَعَثَ الشُّرَطَ فَاَخَذُوْهُمْ وَجِيْءَ بِهِمْ اِلَيْهِ فَتَابُوْا وَرَجَعُوْا عَمَّا قَالُوْا وَقَالُوْا لَا نَعُوْدُ فَخَلّٰى سَبِيْلَهُمْ وَقُدِّمَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ يُقَالُ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ النَّوَّاحَةِ فَضَرَبَ عُنُقَهٗ فَقَالَ النَّاسُ اَخَذْتَ قَوْمًا

پھر اس سلسلے میں آپ سے مروی ہے حضرت ابووائل فرماتے ہیں ہم سے ابن معیز سعدی نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں میں اپنے گھوڑے کو درخت کے ساتھ باندھنے کے لیے آگے بڑھا، تو میں بنو حنیفہ کی مساجد میں سے ایک مسجد کے پاس سے گزرا میں نے سُنا کہ وہ گواہی دے رہے ہیں کہ مسیلمہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹا اور ان سے ان لوگوں کا معاملہ ذکر کیا انہوں نے کچھ سپاہیوں کو بھیجا انہوں نے ان کو پکڑا چنانچہ ان کو آپ کی خدمت میں لایا گیا انہوں نے توبہ کی اور اپنے قول سے رجوع کر لیا کہنے لگے ہم آئندہ ایسی بات نہیں کہیں گے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کو چھوڑ دیا پھر ان میں سے ایک شخص آیا جسے عبداللہ بن نواحہ کہا جاتا تھا آپ نے اس کی گردن مار دی صحابہ کرام نے پوچھا آپ

فِیْ اَمْرٍ وَّاحِدٍ فَخَلَّیْتَ سَبِیْلَ بَعْضِهِمْ وَقَتَلْتَ بَعْضَهُمْ فَقَالَ كُنْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فَجَآءَهُ اِبْنُ النَّوَّاحَةِ وَرَجُلٌ مَّعَهُ یُقَالُ لَهٗ اِبْنُ وَثَّالِ ابْنِ حَجْرٍ وَافِدَیْنِ مِنْ عِنْدِ مُسَیْلَمَةَ فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدَانِ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَا اَتَشْهَدُ اَنْتَ اَنَّ مُسَیْلَمَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ لَوْكُنْتُ قَاتِلًا وَّفْدًا لَقَتَلْتُكُمَا فَلِذٰلِكَ قَتَلْتُ هٰذَا۔

١٢٠٨- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَیْرِ بْنِ الْاَشَجِّ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا رَافِعٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ اَقْبَلَ بِكِتَابٍ مِّنْ قُرَیْشٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمَّا رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُلْقِیَ فِیْ قَلْبِیْ الْاِسْلَامُ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ وَاللّٰهِ لَا اَرْجِعُ اِلَیْهِمْ اَبَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اَنِّیْ لَا اَخِیْسُ بِالْعَهْدِ وَلَا اَحْبِسُ الْبُرُدَ وَلٰكِنْ اِرْجِعْ فَاِنْ كَانَ فِیْ قَلْبِكَ الَّذِیْ فِیْ قَلْبِكَ الْاٰنَ فَارْجِعْ قَالَ فَرَجَعْتُ ثُمَّ اَقْبَلْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَسْلَمْتُ قَالَ بُكَیْرٌ وَّاَخْبَرَنِیْ اَنَّ اَبَا رَافِعٍ كَانَ قِبْطِیًّا۔

١٢٠٩- حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ كُرَیْبٍ قَالَ ثَنَا یُوْنُسُ بْنُ بُكَیْرٍ عَنْ مُّحَمَّدٍ

نے ایک قوم کو ایک بات میں پکڑا تو ان میں سے بعض کو چھوڑ دیا اور بعض کو قتل کر دیا آپ نے فرمایا میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ابن نواحہ اور اس کے ساتھ ایک دوسرا شخص آیا جسے وثال بن حجر کہا جاتا تھا یہ دونوں مسیلمہ کے نمائندے بن کر آئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا تم گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں انہوں نے کہا کیا آپ گواہی دیتے مسیلمہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے آپ نے فرمایا، تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لایا اگر میں کسی قاصد کو قتل تو تم دونوں کو قتل کرتا (حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں) میں نے اس لیے انکو قتل کیا دکیونکہ یہ مسیلمہ کو رسول مان کر اور حضور علیہ السلام کی م

حضرت حسن بن علی بن ابی رافع فرماتے ہیں حضرت ابو رافع نے ان کو خبر دی کہ وہ قریش کا خط لے کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے فرماتے ہیں جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو میرے دل میں اسلام ڈال دیا گیا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ کی قسم: میں ان کی طرف کبھی بھی واپس نہیں جاؤں گا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں عہد شکنی نہیں کرتا اور نہ قاصدوں کو روکتا ہوں اس لیے تم واپس چلے جاؤ اگر تمہارے دل میں وہ بات ہوئی جو اس وقت ہے تو دوبارہ آجانا (فرماتے ہیں) پھر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہوئے اور اسلام قبول کیا حضرت بکیر فرماتے ہیں مجھے حضرت حسن نے خبر دی کہ حضرت ابو رافع قبطی تھے۔

حضرت مسلمہ بن نعیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے

ابْنِ اسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ طَارِقٍ عَنْ مَسْلَمَۃَ بْنِ نُعَیْمٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ جَآءَہٗ رَسُوْلُ مُسَیْلَمَۃَ بِکِتَابِہٖ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَھُمَا وَاَنْتُمَا تَقُوْلَانِ مِثْلَ مَا یَقُوْلُ فَقَالَا نَعَمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَا لَوْلَا اَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ اَعْنَاقَکُمَا۔

پاس تھا جب آپ کے پاس مسیلمہ کا قاصد اس کا خط لے کر آیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں قاصدوں سے فرما رہے تھے کہ تم بھی وہی بات کہتے ہو جو وہ کہتا ہے انہوں نے کہا جی ہاں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر قاصدوں کو قتل نہ کرنے کا دستور نہ ہوتا تو میں تم دونوں کی گردن مار دیتا۔

وَالدَّلِیْلُ عَلٰی خُرُوْجِ اَھْلِ مَکَّۃَ

مِنَ الصُّلْحِ بِمَا کَانَ بَیْنَ بَنِیْ بَکْرٍ وَبَیْنَ خُزَاعَۃَ وَبِمَا کَانَ مِنْ مَعُوْنَۃِ قُرَیْشٍ لِبَنِیْ بَکْرٍ فِیْ ذٰلِکَ طَلَبُ اَبِیْ سُفْیَانَ تَجْدِیْدَ الْحِلْفِ وَتَوْکِیْدَ الصُّلْحِ عِنْدَ سُؤَالِ اَھْلِ مَکَّۃَ اِیَّاہُ ذٰلِکَ وَلَوْ کَانَ الصُّلْحُ لَمْ یَنْتَقِضْ اِذًا لَمَا کَانَ بِھِمْ اِلٰی ذٰلِکَ حَاجَۃٌ وَّلَکَانَ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقُ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلِیٌّ وَّفَاطِمَۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا سَالَھُمْ اَبُوْ سُفْیَانَ مَا سَالَھُمْ مِنْ ذٰلِکَ یَقُوْلُوْنَ مَا حَاجَتُکَ وَحَاجَۃُ اَھْلِ مَکَّۃَ اِلٰی ذٰلِکَ اَنْتُمْ جَمِیْعًا فِیْ صُلْحٍ وَفِیْ اَمَانٍ لَا تَحْتَاجُوْنَ مَعَھُمَا اِلٰی غَیْرِھِمَا۔

اس بات کی دلیل کہ بنو بکر اور خزاعہ کے درمیان لڑائی ہونے اور قریش کے ان کی مدد کرنے کی وجہ سے اہل مکہ سے صلح ختم ہو گئی، ابوسفیان کا معاہدے کی تجدید کرنا اور صلح کی تاکید طلب کرنا ہے جب اہل مکہ نے ان سے یہ مطالبہ کیا اگر صلح ختم نہ ہو جاتی تو انہیں اس بات کی حاجت نہ تھی اور جب ابوسفیان نے حضرت ابوبکر صدیق حضرت فاروق اعظم حضرت علی المرتضیٰ اور حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہم سے سوال کیا تو وہ پوچھتے کہ تمہیں اور اہل مکہ کو اس کی کیا حاجت ہے وہ تمام لوگ صلح اور امان میں ہیں اب ان کو کسی دوسری صلح (یا معاہدے) کی ضرورت نہیں ہے۔

۱۲۱۰- ثُمَّ ھٰذَا عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ وَّاحِدُ خُزَاعَۃَ یُنَاشِدُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَا قَدْ ذَکَرْنَا مِنْ مُنَاشَدَتِہٖ اِیَّاہُ فِیْ حَدِیْثِ عِکْرِمَۃَ وَالزُّھْرِیِّ وَسَالَہٗ فِیْ ذٰلِکَ النَّصْرَ وَیَقُوْلُ فِیْمَا یُنَاشِدُہٗ مِنْ ذٰلِکَ۔

پھر یہ عمرو بن سالم ہیں جو خزاعہ قبیلہ کے ایک فرد ہیں وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ (اشعار پر مبنی) معاہدہ سناتے ہیں جس کا ہم نے حضرت عکرمہ اور حضرت زہری کی روایات میں ذکر کیا ہے وہ اس میں آپ سے مدد طلب کرتے ہیں اور ان اشعار کے ضمن میں وہ کہتے ہیں۔

اِنَّ قُرَیْشًا اَخْلَفُوْکَ الْمَوْعِدَا
وَنَقَضُوْا مِیْثَاقَکَ الْمُؤَکَّدَا

بے شک قریش نے آپ سے کئے ہوئے معاہدے کی خلاف ورزی کی ہے اور آپ کے ساتھ کیا ہوا پکا معاہدہ توڑا ہے" رسول

وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُنْكِرُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ ثُمَّ كَشَفَ لَهُ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ الْمَعْنَى الَّذِيْ بِهِ كَانَ نَقْضُ قُرَيْشٍ مَا كَانُوْا عَاهَدُوْهُ عَلَيْهِ وَوَافَقُوْهُ بِاَنْ قَالَ ؎

وَهُمْ اَتَوْنَا بِالْوَتِيْرِ هُجَّدًا
فَقَتَلُوْنَا رُكَّعًا وَّ سُجَّدًا

وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْ ذٰلِكَ اَحَدًا غَيْرَ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِيْ نُفَاثَةَ وَلَا مِنْ غَيْرِهِمْ ثُمَّ اَنْشَدَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ فِي الشِّعْرِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ عَنْهُ فِيْ حَدِيْثِ عِكْرِمَةَ الْمَعْنَى الَّذِيْ ذَكَرَهُ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ فِي الشِّعْرِ الَّذِيْ نَاشَدَ بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

فَفِيْ ذٰلِكَ دَلِيْلٌ اَنَّ رِجَالَ بَنِيْ كَعْبٍ اَصَابَهُمْ مَا اَصَابَهُمْ مِنْ نَقْضِ قُرَيْشٍ الَّذِيْ بِهِ خَرَجُوْا مِنْ عَهْدِهِمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ اَلَا تَرَاهُ يَقُوْلُ ؎

اَتَانِيْ وَلَمْ اَشْهَدْ بِبَطْحَاءِ مَكَّةَ
رِجَالُ بَنِيْ كَعْبٍ تُحَزُّ رِقَابُهَا

ثُمَّ ذَكَرَ مَا بَيَّنَّاهُ لِمَنْ كَانَ سَبَبًا مِنْ ذٰلِكَ قُرَيْشٌ وَّرِجَالُهَا فَقَالَ.

فَيَا لَيْتَ شِعْرِيْ هَلْ تَنَالَنَّ نُصْرَتِيْ
سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو حَرُّهَا وَعِقَابُهَا

وَسُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو وَهُوَ كَانَ اَحَدُ مَنْ عَاقَدَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّلْحَ.

فَاَمَّا مَا ذَكَرَ لَكَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا افْتَتَحَهَا لَمْ يَقْسِمْ مَالًا وَّلَمْ يَسْتَعْبِدْ اَحَدًا وَّلَمْ يَغْنَمْ اَرْضًا فَكَيْفَ يَسْتَعْبِدُ مَنْ قَدْ

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اس بات کا انکار نہیں فرمایا پھر عمرو بن سالم نے اس بات کو واضح کیا جس کے سبب قریش کا معاہدہ ٹوٹ گیا وہ فرماتے ہیں

"وہ اندھیرے منہ مقام وتیر میں ہم پر حملہ آور ہوئے اور انہوں نے ہمیں رکوع اور سجدے کی حالت میں قتل کیا۔"

انہوں نے اس سلسلے میں قریش کے علاوہ نفاثہ کا ذکر نہیں کیا پھر حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ نے اپنے اس شعر میں اس کا ذکر کیا جسے ہم نے ان سے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں نقل کیا اس کا مفہوم وہی ہے جو حضرت عمرو بن سالم نے اس شعر میں ذکر کیا جسے انہوں نے حضور علیہ السلام کے سامنے پڑھا۔

اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ بنو کعب کے لوگوں کو جو اذیت پہنچی وہ قریش کی اس عہد شکنی کی وجہ سے پہنچی جو انہوں نے مکہ مکرمہ کی وادی میں کی کیا تم نہیں دیکھتا کہ وہ (حضرت عمرو بن سالم) فرماتے ہیں

"بنو کعب کے کچھ لوگ جن کی گردنیں کاٹی گئیں، وادی مکہ میں میرے پاس آئے اور میں وہاں موجود نہیں تھا۔"

پھر انہوں نے قیدیوں کا حال بیان کیا جسے ہم نے ذکر کیا ان میں قریش اور ان کے کچھ لوگ تھے وہ کہتے ہیں۔

"ہائے افسوس! مجھے معلوم ہوتا کہ میری مدد کا جوش اور بدلہ لینے کا جذبہ سہیل بن عمرو کو پالے گا۔

اور یہ سہیل بن عمرو ان لوگوں میں سے ایک ہے جن سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معاہدہ کیا تھا۔

اور وہ جو اس نے تم سے ذکر کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ مکرمہ کو فتح کیا تو مال تقسیم نہیں فرمایا نہ کسی کو غلام بنایا اور نہ زمین کو غنیمت قرار دیا تو آپ ان لوگوں کو کیسے غلام بناتے جن پر ان کے خون اور مال کے

مَنَّ عَلَيْهِ فِي دَمِهِ وَمَالِهِ۔

فَأَمَّا أَرْضُ مَكَّةَ فَإِنَّ النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوا فِي تَرْكِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّعَرُّضَ لَهَا فَمَنْ يَذْهَبُ إِلَى أَنَّهُ فُتِحَهَا عَنْوَةً فَقَالَ تَرَكَهَا مِنْهُ عَلَيْهِمْ كَمِنَّتِهِ عَلَيْهِمْ فِي دِمَائِهِمْ وَفِي سَائِرِ أَمْوَالِهِمْ۔

سلسلے میں احسان فرما چکے تھے۔

جہاں تک سرزمین کا تعلق ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس سے تعرض نہ فرمانے کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے بعض حضرات اس طرف گئے ہیں کہ آپ نے اسے غلبہ کے طور پر فتح کیا تو وہ فرماتے ہیں کہ آپ نے ان لوگوں پر احسان فرماتے ہوئے اسے اسی طرح چھوڑ دیا جیسا کہ ان کی جانوں اور اموال کے سلسلے میں احسان فرمایا۔

وَمِمَّنْ ذَهَبَ إِلَى ذَلِكَ أَبُو يُوسُفَ لِأَنَّهُ كَانَ يَذْهَبُ إِلَى أَنَّ أَرْضَ مَكَّةَ تَجْرِي عَلَيْهَا الْأَمْلَاكُ كَمَا تَجْرِي عَلَى سَائِرِ الْأَرَضِينَ۔

اس موقف والوں میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ بھی شامل ہیں کیونکہ ان کا مذہب یہ ہے کہ مکہ مکرمہ کی زمین میں ملکیت جاری ہوگی جس طرح باقی تمام زمینوں میں جاری ہوتی ہے۔

وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَمْ تَكُنْ أَرْضُ مَكَّةَ مِمَّا وَقَعَتْ عَلَيْهِ الْغَنَائِمُ لِأَنَّ أَرْضَ مَكَّةَ عِنْدَهُمْ لَا تَجْرِي عَلَيْهَا الْأَمْلَاكُ۔

اور بعض دوسرے حضرات نے فرمایا کہ سرزمین مکہ ان زمینوں میں سے نہیں جن پر غنیمتوں کا اجراء ہو کیونکہ ان کے نزدیک مکہ مکرمہ کی زمین کا کوئی مالک نہیں بن سکتا۔

وَمِمَّنْ ذَهَبَ إِلَى ذَلِكَ أَبُو حَنِيفَةَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ رَحِمَهُمَا۔

اس مذہب والوں میں حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت سفیان ثوری رحمہما اللہ بھی شامل ہیں۔

وَقَدْ ذَكَرْنَا فِي هَذَا الْبَابِ الْآثَارَ الَّتِي رَوَاهَا كُلُّ فَرِيقٍ مِمَّنْ ذَهَبَ إِلَى مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ أَبُو حَنِيفَةَ وَأَبُو يُوسُفَ رَحِمَهُمَا اللهُ فِي كِتَابِ الْبُيُوعِ مِنْ شَرْحِ مَعَانِي الْآثَارِ الْمُخْتَلِفَةِ الْمَرْوِيَّةِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَحْكَامِ فَأَغْنَانَا ذَلِكَ عَنْ إِعَادَتِهِ هَهُنَا۔

ہم نے اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت امام ابو یوسف رحمہما اللہ دونوں کے مذہب پر ان کی روایات کردہ روایات کو کتاب البیوع میں نقل کیا احکام کے سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی مختلف روایات کے معانی کو واضح کیا ہے یہاں اس کے لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔

ثُمَّ رَجَعَ الْكَلَامُ إِلَى مَا يُثْبِتُ أَنَّ مَكَّةَ فُتِحَتْ عَنْوَةً۔

پھر کلام اس بات کو ثابت کرنے کی طرف لوٹ گیا کہ مکہ مکرمہ بطور غلبہ فتح ہوا۔

فَإِنْ قُلْتُمْ إِنَّ حَدِيثَيِ الزُّهْرِيِّ وَعِكْرِمَةَ الَّذِينَ ذَكَرْنَا مُنْقَطِعَانِ۔

اگر تم یہ کہو کہ حضرت زہری اور حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہما کی جو روایات ہم نے ذکر کی ہیں وہ منقطع ہیں۔

قِيلَ لَكُمْ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيثٌ يَدُلُّ عَلَى مَا رَوَيْنَاهُ۔

تو تمہیں (جواباً) کہا جائے گا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی اس بات پر دلالت کرنے والی روایت مروی ہے۔

١٢١١ - حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ بُهْلُوْلٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ قَالَ قَالَ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضٰى لِسَفَرِهٖ وَخَرَجَ لِعَشْرٍ مَضَيْنَ مِنْ رَمَضَانَ فَصَامَ وَصَامَ النَّاسُ مَعَهٗ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالْكَدِيْدِ اَفْطَرَ ثُمَّ مَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانِ فِيْ عَشْرِ اٰلَافٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَسَمِعَتْ سُلَيْمٌ وَّمُزَيْنَةُ فَلَمَّا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ الظَّهْرَانِ وَقَدْ عَمِيَتِ الْاَخْبَارُ عَلٰى قُرَيْشٍ فَلَا يَاْتِيْهِمْ خَبَرٌ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَدْرُوْنَ مَا هُوَ فَاعِلٌ وَخَرَجَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ اَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ وَّحَكِيْمُ بْنُ حِزَامٍ وَبُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ يَنْظُرُوْنَ هَلْ يَجِدُوْنَ خَبَرًا اَوْ يَسْمَعُوْنَهٗ فَلَمَّا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ الظَّهْرَانِ قَالَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُلْتُ وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ لَئِنْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَنْوَةً قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْهُ فَيَسْتَاْمِنُوْهُ اِنَّهٗ لَهَلَاكُ قُرَيْشٍ اِلٰى اٰخِرِ الدَّهْرِ قَالَ فَجَلَسْتُ عَلٰى بَغْلَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْضَاءِ فَخَرَجْتُ عَلَيْهَا حَتّٰى دَخَلْتُ الْاَرَاكَ فَلَقِيْتُ بَعْضَ الْحَطَّابَةِ اَوْ صَاحِبَ لَبَنٍ اَوْ ذَا حَاجَةٍ يَاْتِيْهِمْ يُخْبِرُهُمْ بِمَكَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَخْرُجُوْا اِلَيْهِ قَالَ فَاِنِّيْ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک کی گیارہ تاریخ کو سفر پر تشریف لے گئے صحابہ کرام نے آپ کے ساتھ روزہ رکھا حتیٰ کہ جب مقام کدید پر تشریف لائے تو روزہ افطار کیا پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے یہاں تک کہ دس ہزار مسلمانوں کے ساتھ مرالظہران (مقام) پر پہنچے تو قبیلہ سلیم اور قبیلہ مزینہ نے سُنا جب مرالظہران پر اُترے اور قریش پر آپ کی خبریں مخفی تھیں لہٰذا ان کو آپ کے آنے کی اطلاع نہ ہوئی اور معلوم تھا کہ آپ کیا کرنے والے ہیں اس رات ابوسفیان بن حرب، حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء یہ دیکھنے نکلے کہ انہیں آپ کی کوئی خبر ملے یا آپ کے بارے میں وہ کچھ سنیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مرالظہران میں اترے تو حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے فرمایا قریش کے لیے بُری صبح ہے اگر وہ اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے امن طلب نہ کریں اور آپ مکہ مکرمہ میں بطور غلبہ داخل ہوئے تو قریش کے لیے عمر بھر کی ہلاکت ہے فرماتے ہیں میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سفید خچر پر بیٹھا حتیٰ کہ پیلو کے درختوں (کے جھنڈ) میں داخل ہوا تاکہ لکڑیاں جمع کرنے والوں، دودھ والوں اور کام کرنے والوں سے مل کر انہیں بتاؤں کہ وہ قریش کو جا کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہاں آنے کی خبر دیں اور بتائیں کہ وہ آپ کے پاس آئیں فرماتے ہیں میں اسی مقصد کی تلاش میں تھا کہ اچانک ابوسفیان اور بدیل کی گفتگو سنی وہ واپس لوٹ رہے تھے ابوسفیان کہہ رہے تھے آج رات کی طرح میں نے آگ نہیں دیکھی اور نہ ایسا لشکر دیکھا بدیل نے کہا اللہ کی قسم! یہ خزاعہ ہیں جو لڑائی کے لیے جمع ہوئے ہیں ابوسفیان نے کہا خزاعہ اللہ کی قسم وہ تو نہایت کمزور ہیں ان کی ایسی آگ کہاں

لَا شَيْرُ عَلَيْهِ وَالْتَمِسُ مَا خَرَجْتُ لَهُ إِذَا سَمِعْتُ كَلَامَ أَبِي سُفْيَانَ وَبُدَيْلٍ وَهُمَا يَتَرَاجَعَانِ وَأَبُو سُفْيَانَ يَقُولُ مَا رَأَيْتُ كَاللَّيْلَةِ نِيرَانًا قَطُّ وَلَا عَسْكَرًا قَالَ بُدَيْلٌ هٰذِهِ وَاللّٰهِ خُزَاعَةُ حَمَشَتْهَا الْحَرْبُ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ خُزَاعَةُ وَاللّٰهِ أَذَلُّ مِنْ أَنْ تَكُونَ هٰذِهِ نِيرَانُهُمْ فَعَرَفْتُ صَوْتَ أَبِي سُفْيَانَ فَقُلْتُ يَا أَبَا حَنْظَلَةَ قَالَ فَعَرَفَ صَوْتِي فَقَالَ أَبُو الْفَضْلِ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَا لَكَ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي قَالَ قُلْتُ وَيْلَكَ هٰذَا وَاللّٰهِ رَسُولُ اللّٰهِ فِي النَّاسِ وَاصَبَاحُ قُرَيْشٍ وَاللّٰهِ لَئِنْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَنْوَةً قَبْلَ أَنْ يَأْتُوهُ فَيَسْتَأْمِنُوهُ إِنَّهُ لَهَلَاكُ قُرَيْشٍ إِلَى آخِرِ الدَّهْرِ قَالَ فَمَا الْحِيلَةُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي قَالَ قُلْتُ وَاللّٰهِ إِلَّا أَنْ تَرْكَبَ فِي عَجُزِ هٰذِهِ الدَّابَّةِ فَآتِيَ بِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّهُ وَاللّٰهِ لَئِنْ ظَفِرَ بِكَ لَيَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ قَالَ فَرَكِبَ فِي عَجُزِ الْبَغْلَةِ وَرَجَعَ صَاحِبَاهُ قَالَ وَكُلَّمَا مَرَرْتُ بِنَارٍ مِنْ نِيرَانِ الْمُسْلِمِينَ قَالُوا مَنْ هٰذَا فَإِذَا نَظَرُوا قَالُوا عَمُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ حَتّٰى مَرَرْتُ بِنَارِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ مَنْ هٰذَا وَقَامَ إِلَيَّ فَلَمَّا رَآهُ عَلَى عَجُزِ الدَّابَّةِ عَرَفَهُ وَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ عَدُوُّ اللّٰهِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَمْكَنَ مِنْكَ وَخَرَجَ يَشْتَدُّ نَحْوَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكَضْتُ الْبَغْلَةَ فَسَبَقْتُهُ كَمَا تَسْبِقُ الدَّابَّةُ الْبَطِيئَةُ الرَّجُلَ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے ابوسفیان کی آواز پہچان لی میں نے کہا اے ابوحنظلہ! انہوں نے بھی میری آواز پہچان لی اور کہا ابوالفضل ہو؟ فرماتے ہیں میں نے کہا ہاں میں ہی ہوں۔ انہوں نے کہا آپ کو کیا ہوا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ فرماتے ہیں میں نے کہا تمہارے لیے ہلاکت ہے اللہ کی قسم! یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام ہیں قریش کی صبح پر افسوس، اللہ کی قسم! اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غلبہ پاتے ہوئے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے اور اس سے پہلے ان لوگوں نے اگر آپ سے امان نہ مانگی تو قریش کے لیے دائمی ہلاکت ہے انہوں نے کہا تو اس کی تدبیر کیا ہے میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ فرماتے ہیں میں نے کہا اللہ کی قسم کوئی تدبیر نہیں البتہ یہ کہ تم میری سواری پر پیچھے بیٹھ جاؤ اور میں تمہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے جاؤں اللہ کی قسم! اگر حضور نے تم پر قابو پا لیا تو تمہاری گردن ماردیں گے فرماتے ہیں وہ خچر کی پیٹھ پر سوار ہو گئے اور ان کے دونوں ساتھی واپس لوٹ گئے حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب میں مسلمانوں کی کسی آگ (یعنی ڈیرے) کے پاس سے گزرتا تو وہ پوچھتے یہ کون ہے جب دیکھتے تو کہتے یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں جو آپ کی خچر پر سوار ہیں حتیٰ کہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی آگ (پڑاؤ) سے گزرا تو انہوں نے فرمایا یہ کون ہے؟ اور (پھر) میری طرف اٹھے جب ابوسفیان کو سواری پر میرے پیچھے دیکھا تو اسے پہچان لیا اور فرمایا ابوسفیان؟ اللہ کا دشمن اللہ تعالیٰ کے لیے حمد ہے جس نے اسے میرے قابو میں دیا اور تیزی سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نکل گئے میں نے بھی خچر کو ایڑ لگائی (تیز دوڑایا) پھر میں خچر سے بعجلت اترا اور بارگاہ نبوی میں حاضر ہو گیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی تشریف لائے اور

البطحاء ثم اقتحمت عن البغلة فدخلت
على رسول الله صلى الله عليه وسلم و
جاء عمر رضي الله عنه فدخل فقال يا
رسول الله هذا ابو سفيان قد امكن الله
منه بلا عقد ولا عهد فدعني فاضرب
عنقه، قال قلت يا رسول الله اني قد
اجرته، قال ثم جلست الى رسول الله صلى
الله عليه وسلم فاخذت براسه فقلت و
الله لا يناجيه رجل دوني قال فلما اكثر
عمر رضي الله عنه في شانه فقلت مهلا يا
عمر والله لو كان رجلا من بني عدي بن
كعب ما قلت هذا ولكن قد عرفت انه
رجل من بني عبد مناف قال فقال مهلا
يا عباس لاسلامك يوم اسلمت كان
احب الي من اسلام الخطاب وما لي الا
اني قد عرفت ان اسلامك كان احب الى
رسول الله صلى الله عليه وسلم من اسلام
الخطاب فقال رسول الله صلى الله عليه
وسلم اذهب به الى رحلك فاذا اصبحت
فاتنا به قال فلما اصبحت غدوت به
الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما
راه قال ويحك يا ابا سفيان الم يان
لك ان تشهد ان لا اله الا الله قال
بابي انت وامي فما احلمك واكرمك
واوصلك اما والله لقد كاد يقع في
نفسي ان لو كان مع الله غيره لقد اغنى
شيئا بعد وقال ويلك يا ابا سفيان الم
يان لك ان تشهد اني رسول الله قال
بابي انت وامي ما احلمك واكرمك

داخل ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ ابوسفیان ہے اللہ تعالیٰ
نے کسی عہد و ذمہ کے بغیر اس پر قابو دیا ہے مجھے اس کی
گردن مارنے کی اجازت دیجئے (حضرت عباس رضی اللہ
عنہ) فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں
نے اسے پناہ دی ہے فرماتے ہیں پھر میں رسول اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھ گیا اور آپ کے سر انور
کو پکڑ کر کہا اللہ کی قسم! آپ سے میرے سوا کوئی
مشورہ نہیں کرے گا فرماتے ہیں جب حضرت عمر رضی اللہ
عنہ اس کے بارے میں زیادہ بولنے لگے تو میں نے کہا اے
عمر! ٹھہر جائیے اگر بنو عدی بن کعب میں سے کوئی شخص ہوتا تو
آپ یہ بات نہ کہتے لیکن آپ جانتے ہیں کہ یہ بنو عبد مناف
میں سے ایک شخص ہیں انہوں نے فرمایا اے عباس! ٹھہر جائیے
اللہ کی قسم! جس دن آپ اسلام لائے تو آپ کا اسلام
لانا مجھے (اپنے باپ) خطاب کے ایمان لانے سے زیادہ
پسند تھا (یعنی اگر وہ اسلام لاتے تو مجھے اتنی خوشی نہ ہوتی
جتنی خوشی آپ کے اسلام لانے پر ہوئی) اور بس یہ کہ
آپ کا اسلام لانا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ پسند تھا
فرمایا اسکو اپنے مسکن میں لے جائیں جب صبح ہو تو میرے پاس
صبح ہوئی تو میں انکو لے کر آپکی خدمت میں حاضر ہوا آپ
تو فرمایا اے ابوسفیان! تجھ پر افسوس ہے کیا تیرے
لیے ابھی وہ وقت نہیں آیا جس میں تم گواہی دو
کے سوا کوئی معبود نہیں انہوں نے عرض کیا میرے
آپ پر قربان ہوں آپ کس قدر بردبار، کریم اور صلہ رحمی کرنے
والے ہیں اللہ کی قسم! میرے دل میں یہ بات آئی
اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور خدا بھی ہوتا تو ابھی تک
فائدہ تو دیتا۔ آپ نے فرمایا اے ابوسفیان تجھ پر افسوس
ہے کیا تمہارے لیے ابھی وقت نہیں آیا کہ تم گواہی دو کہ میں اللہ
تعالیٰ کا رسول ہوں کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان
آپ کس قدر حلیم، کریم اور صلہ رحمی کرنے والے ہیں

دَارَ صَلَكَ اَمَا وَاللّٰهِ هٰذِهٖ فَاِنَّ فِی النَّفْسِ مِنْهَا حَتَّی الْاٰنَ شَیْئًا قَالَ الْعَبَّاسُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قُلْتُ وَیْلَكَ اَسْلِمْ وَاشْهَدْ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَبْلَ اَنْ یُّضْرَبَ عُنُقُكَ قَالَ فَشَهِدَ شَهَادَةَ الْحَقِّ وَاَسْلَمَ قَالَ الْعَبَّاسُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا سُفْیَانَ رَجُلٌ یُّحِبُّ هٰذَا الْفَخْرَ فَاجْعَلْ لَهٗ شَیْئًا قَالَ نَعَمْ مَّنْ دَخَلَ دَارَ اَبِیْ سُفْیَانَ فَهُوَ اٰمِنٌ وَمَنْ اَغْلَقَ عَلَیْهِ بَابَهٗ فَهُوَ اٰمِنٌ فَلَمَّا ذَهَبْتُ لِاَنْصَرِفَ قَالَ یَا عَبَّاسُ اِحْبِسْهُ بِمَضِیْقِ الْوَادِیْ عِنْدَ حَطِیْمِ الْجُنْدِ حَتّٰی یَمُرَّ بِهٖ جُنُوْدُ اللّٰهِ فَیَرَاهَا قَالَ فَحَبَسْتُهٗ حَیْثُ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَمَرَّتْ بِهِ الْقَبَائِلُ عَلٰی رَایَاتِهَا فَكُلَّمَا مَرَّتْ بِهٖ قَبِیْلَةٌ قَالَ مَنْ هٰذِهٖ قُلْتُ بَنُوْ سُلَیْمٍ قَالَ یَقُوْلُ مَالِیْ وَلِبَنِیْ سُلَیْمٍ ثُمَّ تَمُرُّ بِهٖ قَبِیْلَةٌ فَیَقُوْلُ مَنْ هٰذِهٖ فَاَقُوْلُ مُزَیْنَةُ فَقَالَ مَالِیْ وَلِمُزَیْنَةَ حَتّٰی نَفِدَتِ الْقَبَائِلُ لَا تَمُرُّ بِهٖ قَبِیْلَةٌ اِلَّا سَاَلَنِیْ عَنْهَا فَاُخْبِرُهٗ اِلَّا قَالَ مَالِیْ وَلِبَنِیْ فُلَانٍ حَتّٰی مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْخَضْرَاءِ كَتِیْبَةٍ فِیْهَا الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ لَا یُرٰی مِنْهُمْ اِلَّا الْحَدَقُ فِی الْحَدِیْدِ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَنْ هٰؤُلَاءِ یَا عَبَّاسُ قُلْتُ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَقَالَ مَا لِاَحَدٍ بِهٰؤُلَاءِ قَبْلٌ وَاللّٰهِ یَا اَبَا الْفَضْلِ لَقَدْ

یہی ایک بات ہے جس کے بارے میں ابھی تک میرے دل میں کھٹکا رہا حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے کہا تمہارے لیے ہلاکت ہو اس سے پہلے کہ آپ تمہیں قتل کر دیں اسلام لاؤ اور گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں فرماتے ہیں چنانچہ انہوں نے سچی گواہی دی اور اسلام لائے حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ابوسفیان اس فخر کو پسند کرتے ہیں انہیں کوئی اعزاز عطا فرمائیں آپ نے فرمایا ہاں جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوگا اسے امن حاصل ہوگا جو اپنا دروازہ بند کر دے گا (مزاحمت نہیں کرے گا) اسے بھی امن ملے گا جب میں واپس لوٹنے لگا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عباس! انہیں وادی کی کسی تنگ جگہ میں لشکر کی گزرگاہ پر کھڑا کریں یہاں تک کہ وہاں سے اللہ تعالیٰ کے لشکر گزریں اور یہ ان کو دیکھیں فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس جگہ کا مجھے حکم دیا تھا میں نے ان کو وہاں کھڑا کیا فرماتے ہیں وہاں سے مختلف قبائل اپنے جھنڈوں کے ساتھ گزرتے جب ان کے پاس سے ایک قبیلہ گزرا تو پوچھا یہ کونسا قبیلہ ہے؟ میں نے کہا قبیلہ بنو سلیم فرماتے ہیں حضرت ابوسفیان نے کہا مجھے بنو سلیم سے کیا کام، پھر ایک اور قبیلہ گزرا تو پوچھنے لگے یہ کون سا قبیلہ ہے؟ میں نے کہا مزنیہ قبیلہ ہے تو کہا میرا مزنیہ قبیلہ سے کیا واسطہ حتیٰ کہ قبیلے گزر گئے جو قبیلہ بھی گزرتا وہ مجھ سے اس کے بارے میں پوچھتے اور میں ان کو اس کے بارے میں بتاتا اور وہ کہتے مجھے اس فلاں قبیلے سے کیا غرض ہے حتیٰ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سبز پوش لشکر میں گزرے ان میں مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم دونوں تھے ان میں سے ہر ایک لوہے میں حرکت کرنے والا دکھائی دیتا ابوسفیان نے کہا سبحان اللہ! اے عباس یہ کون ہیں میں نے کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور آپ کے ساتھ مہاجرین و انصار ہیں انہوں نے کہا

أَصْبَحَ مُلْكُ ابْنِ أَخِيكَ الْعَدَاةَ قَالَ قُلْتُ
وَيْلَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ إِنَّهَا النُّبُوَّةُ قَالَ فَنَعَمْ
قَالَ قُلْتُ الْتَجَأَ إِلَى قَوْمِكَ أُخْرُجْ إِلَيْهِمْ
حَتَّى إِذَا جَاءَهُمْ صَرَخَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ يَا
مَعْشَرَ قُرَيْشٍ هٰذَا مُحَمَّدٌ قَدْ جَاءَكُمْ
فِيمَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ فَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي
سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَقَامَتْ إِلَيْهِ هِنْدٌ بِنْتُ
عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ فَأَخَذَتْ شَارِبَهُ فَقَالَتْ
اقْتُلُوا الْحَمِيتَ الدَّسَمَ فَبِئْسَ طَلِيعَةُ قَوْمٍ
قَالَ وَيْلَكُمْ لَا تَغُرَّنَّكُمْ هٰذِهِ مِنْ أَنْفُسِكُمْ
وَإِنَّهُ قَدْ جَاءَ مَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ مَنْ دَخَلَ
دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ قَالُوا قَاتَلَكَ اللّٰهُ
وَمَا يُغْنِي عَنَّا دَارُكَ قَالَ وَمَنْ أَغْلَقَ
عَلَيْهِ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ.

فَهٰذَا حَدِيثٌ مُتَّصِلُ الْإِسْنَادِ صَحِيحٌ
مَا فِيهِ مَعْنًى يَدُلُّ عَلَى فَتْحِ مَكَّةَ عَنْوَةً وَ
يَنْفِي أَنْ تَكُونَ صُلْحًا وَيُثْبِتُ أَنَّ الْهُدْنَةَ
الَّتِي كَانَتْ تَقَدَّمَتْ بَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ قُرَيْشٍ
قَدْ كَانَتِ انْقَطَعَتْ وَذَهَبَتْ قَبْلَ وُرُودِ
رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ.

أَلَا يُرَى إِلَى قَوْلِ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُ وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ وَاللّٰهِ لَئِنْ دَخَلَ
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ
عَنْوَةً قَبْلَ أَنْ يَأْتُوهُ فَيَسْتَأْمِنُوهُ إِنَّهُ لَهَلَاكُ
قُرَيْشٍ إِلَى آخِرِ الدَّهْرِ.

أَفَتَرَى الْعَبَّاسَ عَلَى فَضْلِ رَأْيِهِ
وَعَقْلِهِ يَتَوَهَّمُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَرَّضُ قُرَيْشًا وَهُمْ مِنْهُ فِي

اللہ کی قسم! کسی کو ان کے ساتھ مقابلے کی طاقت نہیں اے ابوالفضل! اللہ کی
قسم تمہارا بھتیجا تو دشمنوں پر حکمران بن گیا فرماتے ہیں میں نے کہا تمہارے لیے
ہلاکت ہو اے ابوسفیان! یہ نبوت ہے (بادشاہی نہیں) ابوسفیان نے کہا
"ہاں" فرماتے ہیں میں نے کہا اپنی قوم کے پاس جائیں یہاں تک کہ جب وہ
ان کے پاس گئے تو بلند آواز سے پکارا اے قریش کے گروہ! حضرت محمد مصطفےٰ
صلی اللہ علیہ وسلم ایسے لشکر کے ہمراہ تشریف لائے ہیں کہ تم ان کا مقابلہ
نہیں کر سکتے پس جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوگا اسے امن
حاصل ہوگا چنانچہ ہند بنت عتبہ بن ربیعہ کھڑی ہوئی اور (ابوسفیان کی) مونچھ پکڑ کر
کہنے لگی کیا سخت چربی والے (بہادر) قتل ہو گئے یہ تو برا لشکر ہے
ابوسفیان نے کہا تمہارے لیے ہلاکت ہو تم اس دھوکے میں نہ رہنا
تمہارے پاس وہ لشکر آیا ہے جس کے مقابلے کی کسی کو طاقت نہیں
جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوگا اسے امن ہے انہوں نے کہا
اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کرے تیرے گھر سے کس قدر فائدہ حاصل ہوگا انہوں
نے فرمایا جو آدمی اپنا دروازہ بند کرے گا وہ بھی محفوظ رہے گا۔

تو اس حدیث کی سند متصل ہے صحیح ہے اس میں کوئی مفہوم نہیں
پایا جاتا جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ
مکہ مکرمہ بطور غلبہ فتح ہوا اور صلح کے ساتھ فتح
کی نفی ہے اور یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم اور قریش کے درمیان جو صلح تھی وہ آپ
کی تشریف آوری سے پہلے ختم ہو چکی
تھی۔

کیا وہ شخص حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے اس قول
کی طرف نہیں دیکھتا کہ قریش کی صبح پر افسوس اگر نبی اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم زبردستی مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے
اس سے پہلے کہ وہ آکر امن طلب کریں، تو قریش کے لیے
دائمی ہلاکت ہے۔

تو تمہارا کیا خیال ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ
اپنی بہترین رائے اور عقل کے باوجود یہ خیال کرتے تھے کہ رسول
صلی اللہ علیہ وسلم باوجود امان اور صلح کے قریش سے تعرض

اَمَانٍ وَّصُلْحٍ وَّهُدْنَةٍ هٰذَا مِنَ الْمُحَالِ الَّذِيْ لَا يَجُوْزُ كَوْنُهٗ وَلَا يَنْبَغِيْ لِذِيْ لُبٍّ اَوْ لِذِيْ عَقْلٍ اَوْ لِذِيْ دِيْنٍ اَنْ يَّتَوَهَّمَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ ثُمَّ هٰذَا الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ خَاطَبَ اَبَا سُفْيَانَ بِذٰلِكَ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَئِنْ ظَفَرَ بِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَقْتُلَنَّكَ وَاللّٰهِ اِنَّهٗ لَهَلَاكُ قُرَيْشٍ اِنْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَنْوَةً فَلَا يَدْفَعُ اَبُوْ سُفْيَانَ قَوْلَهٗ وَلَا يَقُوْلُ لَهٗ وَمَا خَوْفِيْ وَخَوْفُ قُرَيْشٍ مِّنْ دُخُوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَنَحْنُ فِيْ اَمَانٍ مِّنْهُ اِنَّمَا يَقْصِدُ بِدُخُوْلِهٖ اَنْ يَّنْتَصِفَ خُزَاعَةَ مِنْ بَنِيْ نُفَاثَةَ دُوْنَ قُرَيْشٍ وَسَائِرِ اَهْلِ مَكَّةَ وَلَمْ يَقُلْ لَهٗ اَبُوْ سُفْيَانَ وَلِمَ يَضْرِبُ عُنُقِيْ اِذْ قَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَاللّٰهِ لَئِنْ ظَفَرَ بِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ وَاَنَا فِيْ اَمَانٍ مِّنْهُ ۔

گے یہ بات محال ہے جو نہیں ہو سکتی اور کسی بھی عقل مند اور دین دار کے لیے جائز نہیں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ایسا گمان کرے پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ابوسفیان کو اس طرح خطاب کیا فرمایا اللہ کی قسم! اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تم پر قابو پالیا تو تمہیں قتل کردیں گے اللہ کی قسم! اگر آپ بطور غلبہ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو قریش کے لیے ہلاکت ہے اور ابوسفیان نے ان کے قول کا رد نہیں کیا اور یہ نہیں کہا کہ مجھے اور قریش کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کا کیا خوف ہے ہمیں تو ان سے امان حاصل ہے آپ تو مکہ مکرمہ میں بنو نفاثہ سے خزاعہ کا بدلہ لیں گے باقی قریش سے نہیں اور نہ ہی تمام اہل مکہ سے، اور جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قابو میں آ گئے تو آپ تمہاری گردن اڑا دیں گے تو جواب میں ابوسفیان نے یہ نہیں کہا کہ آپ میری گردن کیوں ماریں گے مجھے تو آپ کی طرف سے امان حاصل ہے ۔

1211- ثُمَّ هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاٰى اَبَا سُفْيَانَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا اَبُوْ سُفْيَانَ قَدْ اَمْكَنَ اللّٰهُ مِنْهُ بِلَا عَهْدٍ وَّلَا عَقْدٍ فَدَعْنِيْ اَضْرِبْ عُنُقَهٗ وَلَمْ يُنْكِرْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اِذْ كَانَ اَبُوْ سُفْيَانَ عِنْدَهٗ لَيْسَ فِيْ اَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا فِيْ صُلْحٍ مِّنْهُ ۔

پھر یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جو حضرت ابوسفیان کو دیکھ کر عرض کرتے ہیں یا رسول اللہ! یہ ابوسفیان ہیں اللہ تعالیٰ نے کسی عہد و پیمان کے بغیر آپ کو ان پر قابو دیا ہے آپ مجھے اجازت دیں کہ میں ان کی گردن ماروں تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اس بات کا رد نہیں فرمایا کیونکہ ان کے نزدیک ابوسفیان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے امان اور صلح حاصل نہ تھی ۔

1212- ثُمَّ لَمْ يُحَاجِّ اَبُوْ سُفْيَانَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِذٰلِكَ وَلَا حَاجَّهٗ عَنْهُ الْعَبَّاسُ

پھر ابوسفیان نے اس بات پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے جھگڑا نہیں کیا اور نہ ان کی طرف سے حضرت عباس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَلْ قَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِنِّي قَدْ أَجَرْتُهُ فَلَمْ يُنْكِرْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عُمَرَ وَلَا عَلَى الْعَبَّاسِ مَا كَانَ مِنْهُمَا مِنَ الْقَوْلِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ عَنْهُمَا فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّهُ لَوْلَا جَوَارُ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِذًا لَمَا مَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْمَا أَرَادَ مِنْ قَتْلِ أَبِي سُفْيَانَ فَأَيُّ خُرُوْجٍ مِنَ الصُّلْحِ مُنْعَدِمٌ أَيُّ نَقْضٍ لَهُ يَكُوْنُ أَبْيَنَ مِنْ هٰذَا۔

رضی اللہ عنہ نے دلیل پیش کی بلکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ میں نے ان کو پناہ دی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما دونوں کی بات کو رد نہیں کیا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اگر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف سے پناہ حاصل نہ ہوتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو ابوسفیان کے قتل کے ارادے سے باز نہ رکھتے تو صلح سے کون سا نکلنا معدوم ہے اور زیادہ واضح نقض عہد کونسا ہوگا۔

ثُمَّ أَبُوْ سُفْيَانَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ بَعْدَ ذٰلِكَ نَادٰى بِأَعْلٰى صَوْتِهٖ بِمَا جَعَلَهُ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ اٰمِنٌ وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ اٰمِنٌ وَلَمْ يَقُلْ لَهُ قُرَيْشٌ وَمَا حَاجَتُنَا إِلٰى دُخُوْلِنَا دَارَكَ وَإِلٰى إِغْلَاقِنَا أَبْوَابَنَا وَنَحْنُ فِي أَمَانٍ قَدْ أَغْنَانَا عَنْ طَلَبِ الْأَمَانِ بِغَيْرِهٖ وَلٰكِنَّهُمْ عَرَفُوْا خُرُوْجَهُمْ مِنَ الْأَمَانِ الْأَوَّلِ وَانْتِقَاضَ الصُّلْحِ الَّذِي كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَّهُمْ عِنْدَ مَا خُوْطِبُوْا بِمَا خُوْطِبُوْا بِهٖ مِنْ هٰذَا الْكَلَامِ غَيْرُ اٰمِنِيْنَ إِلَّا أَنْ يَفْعَلُوْا مَا جَعَلَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ اٰمِنِيْنَ أَنْ يَفْعَلُوْهُ مِنْ دُخُوْلِهِمْ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ أَوْ مِنْ إِغْلَاقِهِمْ أَبْوَابَهُمْ۔

پھر اس کے بعد جب ابوسفیان مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو جو اعزاز سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیا تھا باآواز بلند اس کا اعلان کیا کہ جو اپنے گھر کا دروازہ بند کردے گا وہ بھی امن میں ہوگا۔ اور قریش نے بھی ان سے نہیں کہا کہ ہمیں آپ کے گھر میں داخل ہونے اور اپنے دروازے بند کرنے کی ضرورت نہیں ہے ہمیں امان حاصل ہے جس نے ہمیں کوئی اور امان طلب کرنے سے بے نیاز کر دیا ہے لیکن انہوں نے معلوم کرلیا تھا۔ کہ وہ پہلے امان سے نکل چکے ہیں اور ان کے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جو صلح تھی وہ ٹوٹ چکی ہے اور جب انہیں ان الفاظ کے ساتھ مخاطب کیا گیا تو وہ امن میں نہیں البتہ یہ کہ وہ اس امن کو حاصل کریں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو عطا فرمایا یعنی ابوسفیان کے گھر داخل ہوں یا اپنے دروازے بند کردیں۔

١٢١٤ - ثُمَّ قَدْ رُوِيَ عَنْ أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مَا يَدُلُّ عَلٰى أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ

پھر حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا سے ایسی بات مروی ہے جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل

وَهِيَ دَارُ حَرْبٍ لَا دَارُ اَمَانٍ۔

۱۲۱۵- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ بَهْلُوْلٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْ مُرَّةَ مَوْلٰى عَقِيْلِ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ اُمَّ هَانِئٍ بِنْتَ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمَّا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلٰى مَكَّةَ فَرَّ اِلَيَّ رَجُلَانِ مِنْ اَحْمَائِيْ مِنْ بَنِيْ مَخْزُوْمٍ وَكَانَتْ عِنْدَ هُبَيْرَةَ بْنِ اَبِيْ وَهْبٍ الْمَخْزُوْمِيِّ فَدَخَلَ عَلَيَّ اَخِيْ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَاَقْتُلَنَّهُمَا فَغَلَقْتُ عَلَيْهِمَا بَيْتِيْ ثُمَّ جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلٰى مَكَّةَ فَوَجَدْتُهٗ يَغْتَسِلُ فِيْ جَفْنَةٍ اِنَّ فِيْهَا اَثَرَ الْعَجِيْنِ وَفَاطِمَةُ ابْنَتُهٗ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَسْتُرُهٗ بِثَوْبٍ فَلَمَّا اغْتَسَلَ اَخَذَ ثَوْبَهٗ فَتَوَشَّحَ بِهٖ ثُمَّ صَلّٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الضُّحٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَيَّ فَقَالَ مَرْحَبًا وَّاَهْلًا بِاُمِّ هَانِئٍ مَا جَاءَ بِكِ فَاَخْبَرْتُهٗ خَبَرَ الرَّجُلَيْنِ وَخَبَرَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ وَاٰمَنَّا مَنْ اٰمَنْتِ۔

۱۲۱۶- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اَبِيْ مُرَّةَ مَوْلٰى عَقِيْلٍ عَنْ فَاخِتَةَ اُمِّ هَانِئٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ ثُمَّ صَلّٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ مُّخَالِفًا بَيْنَ طَرَفَيْهِ

ہوئے تو وہ دارالحرب تھا دارالامان نہیں تھا۔

عقیل بن ابی طالب کے غلام ابو مرہ سے مروی ہے حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ کی بلند جگہ پر اترے تو میرے دیواروں میں سے دو شخص جن کا قبیلہ بنو مخزوم سے تعلق تھا میری طرف بھاگ کر آئے حضرت ام ہانی ہبیرہ بن ابی وہب مخزومی کے پاس تھیں فرماتی ہیں میرے بھائی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور فرمایا میں ان دونوں کو ضرور بضرور قتل کروں گا میں نے ان پر اپنا گھر (دروازہ) بند کر دیا پھر میں مکہ مکرمہ کی بلند جگہ پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو میں نے آپ کو ایک ٹب (کی طرح برتن) میں غسل کرتے ہوئے پایا اس میں آٹے کے آثار تھے آپ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے آگے پردہ کیا ہوا تھا جب آپ غسل کر چکے تو اپنا کپڑا پکڑا اور اس سے بدن کو لپیٹ لیا پھر چاشت کی آٹھ رکعتیں پڑھیں پھر میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا ام ہانی کا آنا مبارک ہو کیسے آنا ہوا؟ فرماتی ہیں میں نے ان دو آدمیوں اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا واقعہ سنایا آپ نے فرمایا جسے تم نے پناہ دی ہم نے پناہ دے دی اور جسے آپ نے امن دیا ہم نے بھی اسے امان دے دی۔

حضرت فاختہ یعنی حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن غسل فرمایا پھر ایک کپڑے میں (لپٹے ہوئے) آٹھ رکعات ادا فرمائیں اس کپڑے کی دو طرفوں کو مخالف سمت میں کر کے باندھ لیا فرماتی ہیں میں نے عرض کیا میں نے اپنے مشرکین اور دیور کو پناہ دی ہے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ان کو قتل کرنے کے لیے چھوٹ پڑے فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

قَالَتْ فَقُلْتُ اِنِّیْ اَجَرْتُ حَمْوَیَّ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَاِنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یُفْلِتُ عَلَیْہِمَا لِیَقْتُلَہُمَا قَالَتْ فَقَالَ مَا کَانَ لَہٗ ذٰلِكَ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ وَاَمَّنَّا مَنْ اَمَّنْتِ۔

۱۲۱۷ - اَفَلَا تَرٰی اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَدْ اَرَادَ قَتْلَ الْمَخْزُوْمِیِّیْنَ بِمَکَّۃَ وَلَوْ کَانَا فِیْ اَمَانٍ لَمَا طَلَبَ ذٰلِكَ مِنْهُمَا اُمُّ هَانِیءٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا لِیَحْرُمَ بِذٰلِكَ دِمَاؤُهُمَا عَلٰی عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَلَمْ تَقُلْ لَہٗ مَا لَكَ اِلٰی قَتْلِهِمَا مِنْ سَبِیْلٍ لِاَنَّهُمَا وَسَائِرَ اَهْلِ مَکَّۃَ فِیْ صُلْحٍ وَّ اَمَانٍ۔

۱۲۱۸ - ثُمَّ اَخْبَرَتْ اُمُّ هَانِیءٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَا کَانَ [illegible] عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَبِمَا کَانَ مِنْ جِوَارِهَا ذَیْنِكَ الْمَخْزُوْمِیِّیْنَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ وَاَمَّنَّا مَنْ اَمَّنْتِ وَلَمْ یُعَنِّفْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فِیْ اِرَادَتِہٖ قَتْلَهُمَا قَبْلَ جِوَارِ اُمِّ هَانِیءٍ اِیَّاهُمَا فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّہٗ لَوْلَا جِوَارُهَا لَصَحَّ قَتْلُهُمَا وَمُحَالٌ اَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ قَتْلُهُمَا وَثَمَّۃَ اَمَانٌ قَائِمٌ وَّ صُلْحٌ مُّتَقَدِّمٌ لَّهُمَا وَهٰذَا دُخُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَکَّۃَ فَاَیُّ شَیْءٍ اَبْیَنُ مِنْ هٰذَا۔

ثُمَّ قَدْ رَوٰی اَبُوْ هُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ هٰذَا الْبَابِ مَا هُوَ اَبْیَنُ مِنْ هٰذَا۔

۱۲۱۹ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِیْ زَائِدَۃَ قَالَ

فرمایا ان کو اس بات کا حق نہیں جس کو تم نے پناہ دی اس کو ہم نے بھی پناہ دی اور جس کو تم نے امان دی ہم نے بھی اسے امان دی۔

تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت علی المکرم رضی اللہ عنہ نے مکہ مکرمہ کے مخزومیوں کو قتل کرنے کا ارادہ کیا اگر ان کو امان حاصل ہوتی تو آپ ان کا پیچھا نہ کرتے پھر حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے ان کو پناہ دی تاکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر ان کا خون حرام ہو جائے اور ان کو نہیں کہا کہ ان کو قتل نہیں کر سکتے کیونکہ یہ دونوں اور تمام اہل مکہ صلح اور امان میں ہیں۔

پھر حضرت ام ہانی رضی [illegible] نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان دو مخزومیوں کے بارے میں حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے ارادے اور اپنی طرف سے پناہ دینے کے بارے میں بتایا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا جس کو تم نے پناہ دی ہم نے بھی اسے پناہ دی اور جس کو تم نے امن دیا ہم نے بھی اسے امن دیا اور آپ نے حضرت ام ہانی کے پناہ دینے سے پہلے ان حضرات کے ارادۂ قتل کی وجہ سے حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ پر عتاب نہیں فرمایا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ اگر ان کی طرف سے پناہ صحیح نہ ہوتی تو ان دونوں حضرات کا قتل صحیح ہوتا اور یہ بات محال ہے کہ انہیں قتل کیا جاتا جب کہ وہاں امن قائم ہوتا اور اس سے پہلے صلح بھی موجود ہو یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ مکرمہ میں داخلہ تھا تو اس سے واضح بات کونسی ہو سکتی ہے۔

پھر اس بات میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس سے بھی روشن بات مروی ہے۔

حضرت عبداللہ بن رباح فرماتے ہیں ہم اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ہم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے انہوں نے فرمایا اے انصار

أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ وَفَدْنَا إِلَى مُعَاوِيَةَ وَفِينَا أَبُو هُرَيْرَةَ فَقَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِحَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِكُمْ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ ذَكَرَ فَتْحَ مَكَّةَ فَقَالَ أَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَدِمَ مَكَّةَ فَبَعَثَ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ عَلَى إِحْدَى الْمُجَنِّبَتَيْنِ وَبَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْأُخْرَى وَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ عَلَى الْحُسَّرِ فَأَخَذُوا بَطْنَ الْوَادِي وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كَتِيبَةٍ فَنَظَرَ فَرَآنِي فَقَالَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللهِ قَالَ اهْتِفْ لِي بِالْأَنْصَارِ وَلَا يَأْتِينِي إِلَّا أَنْصَارِيٌّ قَالَ فَهَتَفَ بِهِمْ حَتَّى إِذَا طَافُوا بِهِ وَقَدْ وَبَّشَتْ قُرَيْشٌ أَوْبَاشَهَا وَأَتْبَاعَهَا فَقَالُوا نُقَدِّمُ هَؤُلَاءِ فَإِنْ كَانَ لَهُمْ شَيْءٌ كُنَّا مَعَهُمْ وَإِنْ أُصِيبُوا أَعْطَيْنَا الَّذِي سَأَلَنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْأَنْصَارِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ حِينَ طَافُوا بِهِ انْظُرُوا إِلَى أَوْبَاشِ قُرَيْشٍ وَأَتْبَاعِهِمْ ثُمَّ قَالَ بِإِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى احْصُدُوهُمْ حَصْدًا حَتَّى تُوَافُونِي بِالصَّفَا فَانْطَلَقُوا فَمَا يَشَاءُ أَحَدٌ مِنَّا أَنْ يَقْتُلَ مَا شَاءَ إِلَّا قَتَلَ وَمَا تَوَجَّهَ إِلَيْنَا أَحَدٌ مِنْهُمْ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ يَا رَسُولَ اللهِ أُبِيحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ وَلَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَأَغْلَقَ النَّاسُ أَبْوَابَهُمْ وَأَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى

کی جماعت! کیا میں تم سے متعلق ایک حدیث نہ سناؤں پھر انہوں نے فتح مکہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ تشریف لائے تو آپ وہاں یوں داخل ہوئے کہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو لشکر کے ایک حصے پر مقرر فرمایا اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دوسرے حصے پر مقرر کیا حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کو اگلے حصے پر مقرر کیا وہ بطن وادی میں چلے گئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لشکر کے ایک دستے میں تھے آپ نے دیکھا تو مجھ پر نظر پڑی فرمایا اے ابوہریرہ! میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی حاضر ہوں، فرمایا انصار کو میرے پاس بلاؤ اور انصار کے علاوہ کسی کو نہ بلانا فرماتے ہیں انہیں بلایا حتیٰ کہ وہ آپ کے گرد اکٹھے ہو گئے اور قریش نے اپنے بدمعاشوں اور ان کے چیلوں کو جمع کیا وہ کہنے لگے یہ لوگ آگے بڑھے ہیں اگر ان کو کامیابی ہو گئی تو ہم ان کے ساتھ ہو جائیں گے اور اگر یہ مارے گئے تو ہم انہیں اتنا مال دیں گے جتنا وہ مانگیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب انصار اکٹھے ہوئے تو آپ نے فرمایا قریش کے بدمعاشوں اور ان کے چیلوں کو دیکھو پھر ایک ہاتھ کو دوسرے پر رکھ کر ارشاد فرمایا کہ ان کو اچھی طرح کاٹو (قتل کرو) حتیٰ کہ تم صفا پر میرے پاس آجاؤ پس وہ چلے تو ہم میں سے جو بھی جس کو چاہتا قتل کرتا اور ان میں سے کوئی بھی ہماری طرف متوجہ نہ ہوا ابو سفیان نے کہا یا رسول اللہ قریش کے نوجوانوں کو بچائیے ورنہ آج کے بعد قریش نہیں ہوں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنا دروازہ بند کر دے گا اسے امن ہو گا اور جو ابو سفیان کے گھر میں داخل ہو گا اسے بھی امن ہو گا چنانچہ لوگوں نے اپنے دروازے بند کر دیئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے حتیٰ کہ حجر اسود کے پاس آ کر اسے چوما پھر بیت اللہ شریف کا طواف کیا اس کے بعد بیت اللہ شریف کی ایک طرف رکھے ہوئے بت کے پاس آئے جس کی وہ پوجا کرتے تھے آپ کے ہاتھ میں کمان تھی آپ نے کمان کا سرا پکڑا ہوا تھا جب آپ بت کے پاس آئے تو اس کی آنکھوں میں (کمان کا سرا) چبھونے لگے اور

الْحَجَرَ فَاسْتَلَمَهٗ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ فَاَتٰى
عَلٰى صَنَمٍ اِلٰى جَنْبِ الْبَيْتِ يَعْبُدُوْنَهٗ وَفِىْ
يَدِهٖ قَوْسٌ فَهُوَ اٰخِذٌ بِسِيَةِ الْقَوْسِ فَلَمَّا
اَنْ اَتٰى عَلَى الصَّنَمِ جَعَلَ يَطْعَنُ فِىْ عَيْنَيْهِ
وَيَقُوْلُ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ
كَانَ زَهُوْقًا حَتّٰى اِذَا فَرَغَ مِنْ طَوَافِهٖ اَتَى
الصَّفَا فَصَعِدَ عَلَيْهَا حَتّٰى نَظَرَ اِلَى الْبَيْتِ
فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْهُ
بِمَا شَآءَ اللّٰهُ وَالْاَنْصَارُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ
تَحْتَهٗ فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَمَّا
الرَّجُلُ فَقَدْ اَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِىْ قَرَابَتِهٖ
وَرَاْفَةٌ بِعَشِيْرَتِهٖ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ
اللّٰهُ عَنْهُ وَجَآءَهُ الْوَحْىُ بِهٖ وَكَانَ اِذَا جَآءَ
لَمْ يَخْفَ عَلَيْنَا فَلَيْسَ اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ يَرْفَعُ
رَاْسَهٗ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَقْضِىَ
الْوَحْىُ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا
مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَقُلْتُمْ اَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ
اَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِىْ قَرَابَتِهٖ وَرَاْفَةٌ
بِعَشِيْرَتِهٖ قَالُوْا لَوْ كَانَ ذٰلِكَ قَالَ كَلَّا اِنِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ
وَرَسُوْلُهٗ هَاجَرْتُ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِلَيْكُمْ
وَالْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ فَاَقْبَلُوْا
يَبْكُوْنَ اِلَيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ وَاللّٰهِ مَا قُلْنَا الَّذِىْ
قُلْنَا اِلَّا ضَنًّا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ قَالَ فَاِنَّ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ۔

آپ فرما رہے تھے حق آگیا اور باطل چلا گیا بے شک باطل مٹ جانے والا ہے جب آپ طواف سے فارغ ہوئے تو صفا کی طرف تشریف لائے اس پر چڑھ گئے حتی کہ بیت اللہ شریف کی طرف دیکھا تو اپنے ہاتھوں کو اٹھایا اللہ تعالی کی حمد وثنا کرنے لگے اور دعا مانگی جس قدر اللہ تعالی نے چاہا انصار رضی اللہ عنہ نیچے تھے انصار ایک دوسرے سے کہنے لگے آپ کو قرابت کی رغبت اور قبیلہ کی مہربانی نے پکڑ لیا ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں آپ پر وحی آگئی اور جب آپ پر وحی آئی تھی تو وہ ہم پر پوشیدہ نہ رہتی اور ہم میں سے کوئی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سر نہ اٹھا سکتا حتی کہ وحی ختم ہو جاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے گروہ انصار! کیا تم نے یہ بات کہی ہے کہ اس شخص کو (آپ کو) قرابت کی رغبت اور قبیلہ کی رحمت ومہربانی نے پا لیا ہے انہوں نے کہا شاید یہ ذکر ہوا ہو آپ نے فرمایا ہرگز نہیں میں اللہ تعالی کا بندہ اور رسول ہوں میں نے اللہ تعالی کی طرف اور تم لوگوں کی طرف ہجرت کی میری زندگی، تمہاری زندگی کے ساتھ اور میری موت تمہاری موت کے ساتھ ہے چنانچہ وہ روتے ہوئے آگے بڑھے اور کہتے تھے اللہ تعالی کی قسم! ہم نے تو یہ بات صرف اللہ تعالی اور اس کے رسول کے ساتھ بخل کی وجہ سے کہی (یعنی ہم، خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی دوسرے کو نہیں دینا چاہتے تھے) آپ نے فرمایا اللہ تعالی اور اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں اور تمہارا عذر قبول کرتے ہیں۔

۱۲۲۰: فَهٰذَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ
يُخْبِرُ اَنَّ قُرَيْشًا عِنْدَ دُخُوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَبَشَتْ
اَوْبَاشَهَا وَاَتْبَاعَهَا فَقَالُوْا نُقَدِّمُ هٰؤُلَآءِ

تو یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں جو خبر دیتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے وقت قریش نے اپنے بدمعاشوں اور ان کے ساتھیوں کو لڑائی کے لیے جمع کیا اور کہا کہ یہ لوگ آگے ہیں اگر ان کو کچھ ملتا

فَإِنْ كَانَ لَهُمْ شَيْءٌ كُنَّا مَعَهُمْ وَإِنْ أُصِيبُوْا أَعْطَيْنَا الَّذِي سُئِلْنَا وَإِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلٰى ذٰلِكَ مِنْهُمْ فَقَالَ لِلْأَنْصَارِ أُنْظُرُوْا إِلٰى أَوْبَاشِ قُرَيْشٍ وَأَتْبَاعِهِمْ ثُمَّ قَالَ بِإِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْأُخْرٰى أُحْصُدُوْهُمْ حَصَادًا حَتّٰى تَوَافُوْنِيْ بِالصَّفَا فَمَا يَشَاءُ أَحَدٌ مِّنَّا أَنْ يَّقْتُلَ مَنْ شَاءَ إِلَّا قَتَلَ وَمَا تَوَجَّهَ إِلَيْنَا أَحَدٌ مِّنْهُمْ فَيَكُوْنُ مِنْ هٰذَا دُخُوْلٌ عَلٰى أَمَانٍ ثُمَّ كَانَ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْمَنُّ عَلَيْهِمْ وَالصَّفْحُ۔

ہوگئی تو ہم ان کے ساتھ ہو جائیں گے اور اگر ان کو کچھ گزند پہنچی تو جو کچھ ہم سے مانگیں گے ہم دیں گے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی اس بات سے آگاہ ہو گئے تھے آپ نے انصار سے فرمایا قریش کے بدمعاشوں اور ان کے چیلوں کو دیکھو پھر اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے پر مار کر فرمایا ان کو اچھی طرح کاٹ دو حتیٰ کہ تم صفا پر مجھ سے آملو تو ہم میں سے جس نے جس کو چاہا قتل کیا اور ان میں سے کوئی بھی ہماری طرف متوجہ نہ ہوا تو کیا یہ داخلہ امان پر تھا پھر اس کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر احسان اور درگزر فرمایا۔

۱۲۲۱- وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ زِيَادَةٌ عَلٰى مَا فِيْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ۔

اس حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سلیمان بن مغیرہ کی روایت سے کچھ اضافہ بھی ہے۔

۱۲۲۲- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامِ بْنِ مِسْكِيْنٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ أَبِيْ قَالَ ثَنَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ سَارَ إِلٰى مَكَّةَ لِيَسْتَفْتِحَهَا فَسَرَّحَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ وَخَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فَلَمَّا بَعَثَهُمْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اهْتِفْ بِالْأَنْصَارِ فَنَادٰى يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ أَجِيْبُوْا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءُوْا كَمَا كَانُوْا عَلٰى مِيْعَادٍ ثُمَّ قَالَ اسْلُكُوْا هٰذَا الطَّرِيْقَ وَلَا يُشْرِفَنَّ أَحَدٌ إِلَّا أَيْ قَتَلْتُمُوْهُ وَسَارَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن رباح رضی اللہ عنہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ کو فتح کرنے تشریف لے گئے تو حضرت ابوعبیدہ بن جراح، حضرت زبیر بن عوام اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہم کو بھیجا جب ان کو بھیج چکے تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا انصار کو آواز دو انہوں نے پکارا اے گروہ قریش! رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ، چنانچہ وہ حاضر ہوئے جیسا کہ ان کی عادت تھی پھر فرمایا اس راستے پر چلو اور جو کوئی بھی بلندی کی طرف آئے اس کو قتل کر دو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح عطا فرمائی کہ اس دن ان کے چار آدمی قتل ہوئے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پھر قریش کے سردار کعبہ تشریف میں داخل ہوئے اور ان کا خیال تھا کہ ان سے تلوار اٹھائی نہیں جائے گی پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کیا اور دو رکعتیں پڑھیں پھر کعبہ شریف کے پاس آکر دروازے کی

وَسَلَّمَ وَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِمَّا قُتِلَ يَوْمَئِذٍ
الْاَرْبَعَةَ قَالَ ثُمَّ دَخَلَ صَنَادِيدُ قُرَيْشٍ مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ الْكَعْبَةَ وَهُمْ يَظُنُّوْنَ اَنَّ السَّيْفَ لَا
يُرْفَعُ عَنْهُمْ ثُمَّ طَافَ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اَتَى
الْكَعْبَةَ فَاَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ فَقَالَ مَا تَقُوْلُوْنَ
وَمَا تَظُنُّوْنَ فَقَالُوْا نَقُوْلُ اَخٌ وَابْنُ عَمٍّ حَلِيْمٌ
رَحِيْمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَقُوْلُ كَمَا قَالَ يُوْسُفُ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ
يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ قَالَ
فَخَرَجُوْا كَاَنَّمَا نُشِرُوْا مِنَ الْقُبُوْرِ فَدَخَلُوْا
فِي الْاِسْلَامِ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ مِنَ الْبَابِ الَّذِيْ يَلِي الصَّفَا فَخَطَبَ
وَالْاَنْصَارُ اَسْفَلَ مِنْهُ فَقَالَتِ
الْاَنْصَارُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَمَا اِنَّ الرَّجُلَ
اَخَذَتْهُ الرَّاْفَةُ بِقَوْمِهٖ وَاَدْرَكَتْهُ الرَّغْبَةُ
فِيْ قَرَابَتِهٖ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ
الْوَحْيَ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَقُلْتُمْ اَخَذَتْهُ
الرَّاْفَةُ بِقَوْمِهٖ وَاَدْرَكَتْهُ الرَّغْبَةُ فِيْ
قَرَابَتِهٖ فَمَا نَبِيٌّ اَنَا اِذًا كَلَّا وَاللّٰهِ اِنِّيْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا اِنَّ الْمَحْيَا لَمَحْيَاكُمْ وَاِنَّ
الْمَمَاتَ لَمَمَاتُكُمْ قَالُوْا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
مَا قُلْنَا اِلَّا مَخَافَةَ اَنْ تُفَارِقَنَا اِلَّا ضَنًّا
بِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَنْتُمْ صَادِقُوْنَ عِنْدَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ قَالَ
فَوَاللّٰهِ مَا بَقِيَ مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا نَكَسَ نَحْرَهٗ بِدُمُوْعِ عَيْنَيْهِ۔

چوکھٹ کے دونوں بازوؤں کو پکڑا اور فرمایا تم کیا کہتے ہو اور تمہارا کیا گمان ہے انہوں نے کہا ہم کہتے ہیں آپ بھائی ہیں چچازاد ہیں اور حلیم و رحیم ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں وہی بات کہتا ہوں جو حضرت یوسف علیہ السلام نے کہی تھی آج تم پر کوئی مواخذہ نہیں اللہ تعالیٰ تمہیں بخش دے اور وہ سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں وہ اس سے نکلے گویا کہ انہیں قبروں سے نکالا گیا ہے (نئی زندگی مل گئی) اور وہ اسلام لائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دروازے سے نکلے جو صفا سے ملا ہوا ہے آپ نے خطبہ ارشاد فرمایا انصار نچلی جانب تھے انصار ایک دوسرے سے کہنے لگے آپ کو قوم پر مہربانی اور قرابت کی رغبت نے پکڑ لیا ہے فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ پر وحی نازل فرمائی آپ نے فرمایا اے گروہ انصار! کیا تم نے کہا کہ ان کو قوم پر مہربانی اور قرابت کی رغبت نے گھیر لیا ہے اس صورت میں تو میں نبی نہیں ہوں گا ہرگز نہیں اللہ کی قسم! میں اللہ تعالیٰ کا سچا رسول ہوں بے شک میری زندگی تمہاری زندگی کے ساتھ اور میری موت تمہاری موت کے ساتھ ہے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ کی قسم ہم نے یہ بات صرف اس ڈر سے کہی تھی کہ آپ ہم سے جدا نہ ہو جائیں اور ہم آپ پر بخل کرتے ہیں آپ نے فرمایا تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سچے ہو، فرماتے ہیں اللہ کی قسم! ان میں سے کوئی شخص نہ تھا جو آنسو بھری آنکھوں کے ساتھ آپ کے سامنے جھکا نہ ہو۔

۱۲۲۳- اَفَلَا يَرٰى اَنَّ قُرَيْشًا بَعْدَ دُخُوْلِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَدْ
كَانُوْا يَظُنُّوْنَ اَنَّ السَّيْفَ لَا يُرْفَعُ عَنْهُمْ
افْتَرَاهُمْ كَانُوْا يَخَافُوْنَ ذٰلِكَ مِنْ رَسُوْلِ

توکیا یہ شخص نہیں دیکھتا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے بعد قریش کا خیال تھا کہ ان سے تلوار نہیں اٹھائی جائے گی تمہارا کیا خیال ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان کو امن دینے کے باوجود وہ آپ سے ڈرتے تھے

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اٰمَنَھُمْ قَبْلَ ذٰلِکَ ھٰذَا وَاللّٰہُ غَیْرُ مُخَوَّفٍ مِّنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلٰکِنَّھُمْ عَلِمُوْا اَنَّ اِلَیْہِ قَتْلَھُمْ اِنْ شَآءَ وَاَنَّ اِلَیْہِ الْمَنَّ عَلَیْھِمْ اِنْ شَآءَ وَاَنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ اَظْھَرَہٗ عَلَیْھِمْ وَصَیَّرَہٗ فِیْ یَدِہٖ یَحْکُمُ فِیْھِمْ بِمَآ اَرَادَ اللّٰہُ تَعَالٰی مِنْ قَبْلُ وَمَنَّ بَعْدَ ذٰلِکَ عَلَیْھِمْ وَعَفَا ثُمَّ قَالَ لَھُمْ یَوْمَئِذٍ لَا تُغْزٰی مَکَّۃُ بَعْدَ ھٰذَا الْیَوْمِ اَبَدًا۔

اللہ کی قسم آپ کی ذات اقدس مقام خوف میں نہ تھی بلکہ وہ جانتے تھے کہ آپ کو اختیار ہے چاہیں تو قتل کر دیں اور چاہیں تو احسان فرمائیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان پر غالب فرمایا تھا اور انہیں اختیار دیا کہ ان کے بارے میں پہلے بھی اور اس کے بعد بھی جو کچھ اللہ تعالیٰ چاہے فیصلہ فرمائیں اور آپ نے ان کو معاف کر دیا پھر اس دن ان سے فرمایا کہ آج کے بعد مکہ مکرمہ میں کبھی بھی لڑائی نہیں ہوگی۔

۱۲۲۴ - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا حَامِدُ بْنُ یَحْیٰی قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ عَنْ زَکَرِیَّا ابْنِ اَبِیْ زَائِدَۃَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْبَرْصَآءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّۃَ لَا تُغْزٰی مَکَّۃُ بَعْدَ ھٰذَا الْیَوْمِ اَبَدًا قَالَ اَبُوْ سُفْیَانَ تَفْسِیْرُ ھٰذَا الْحَدِیْثِ لِاَنَّھُمْ لَا یَکْفُرُوْنَ اَبَدًا فَلَا یُغْزَوْنَ عَلَی الْکُفْرِ ھٰذَا لَا یَکُوْنُ اِلَّا وَدُخُوْلُہٗ اِیَّاھَا دُخُوْلُ غَزْوٍ ثُمَّ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُقْتَلُ قُرَشِیٌّ بَعْدَ ھٰذَا الْیَوْمِ صَبْرًا۔

حضرت حارث بن برصاء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فتح مکہ کے دن فرما رہے تھے کہ آج کے بعد مکہ مکرمہ میں کبھی بھی لڑائی نہیں ہوگی حضرت ابوسفیان فرماتے ہیں اس کی وضاحت یہ ہے کہ وہ کبھی بھی کفر نہیں کریں گے پس کفر پر ان سے لڑائی نہیں ہوگی اور آپ کا یہ فرمانا اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب اس (مکہ مکرمہ) میں آپ کا داخلہ لڑائی کے لیے ہو پھر آپ نے فرمایا آج کے بعد کسی قریشی کو قید کر کے قتل نہیں کیا جائے گا۔

۱۲۲۵ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا قَالَ ثَنَا اَبِیْ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُطِیْعٍ سَمِعْتُ مُطِیْعًا یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّۃَ یَقُوْلُ لَا یُقْتَلُ قُرَشِیٌّ صَبْرًا بَعْدَ ھٰذَا الْیَوْمِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ قَالَ فَدَلَّ اَنَّ دِمَآءَ قُرَیْشٍ اِنَّمَا حُرِّمَتْ بَعْدَ ذٰلِکَ الْیَوْمِ لِمَا کَانَ مِنْ رَّسُوْلِ

حضرت شعبی سے روایت ہے فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن مطیع نے فرمایا میں نے حضرت مطیع سے سنا فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح مکہ کے دن فرماتے ہوئے سنا کہ آج کے بعد قیامت تک کسی قریشی کو قید کر کے قتل نہیں کیا جائے گا فرماتے ہیں یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس دن کے بعد قریش کے خون حرام ہو گئے کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن اسے حرام قرار دیا پھر آپ نے اس دن خطبہ ارشاد فرمایا جس میں مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے پہلے کا حکم اس میں داخل ہوتے وقت اور

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَتَهُ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهِمْ ثُمَّ خَطَبَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ خُطْبَةً بَيَّنَ فِيْهَا حُكْمَ مَكَّةَ قَبْلَ دُخُوْلِهِ إِيَّاهَا وَحُكْمَهَا وَقْتَ دُخُوْلِهِ إِيَّاهَا وَحُكْمَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ.

اس کے بعد کا حکم بیان فرمایا۔

۱۲۲۶ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنِ بْنِ إِسْمٰعِيْلَ إِنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ حَرَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَوَضَعَهَا بَيْنَ هٰذَيْنِ الْأَخْشَبَيْنِ ثُمَّ لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِيْ وَلَمْ تَحِلَّ لِيْ إِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ وَّلَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا لَا يُرْفَعُ لُقَطَتُهَا إِلَّا مُنْشِدُهَا فَقَالَ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِلَّا الْإِذْخِرَ.

حضرت عمرو بن عون بن اسماعیل سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ کو اس دن حرام قرار دیا جس دن اس نے آسمانوں، زمین، سورج اور چاند کو پیدا فرمایا اور اسے ان دو سنگلاخ پہاڑوں کے درمیان رکھا پھر مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں کیا گیا اور میرے لیے بھی دن کی ایک گھڑی حلال ہوا اس کا گھاس نہ کاٹا جائے نہ اس کے درخت کاٹے جائیں، اس کے شکار کو بھگایا نہ جائے اس میں گری پڑی کو بھی صرف وہی شخص اٹھا سکتا ہے جو اس کا اعلان کرے حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں البتہ اذخر (خوشبو دار گھاس) کو کاٹا جا سکتا ہے۔

۱۲۲۷ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا شُرَيْحٍ الْكَعْبِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ فَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَسْفِكَنَّ فِيْهَا دَمًا وَّلَا يَعْضِدَنَّ فِيْهَا شَجَرًا فَإِنْ تَرَخَّصَ مُتَرَخِّصٌ فَقَالَ قَدْ أُحِلَّتْ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ اللهَ أَحَلَّهَا لِيْ وَلَمْ يُحِلَّهَا لِلنَّاسِ وَإِنَّمَا أَحَلَّهَا لِيْ سَاعَةً.

حضرت سعید مقبری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو شریح کعبی رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ کو حرام کیا لوگوں نے اسے حرام قرار نہیں دیا پس جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتا ہے وہ ہرگز اس میں خون نہ بہائے نہ اس کے درخت کاٹے اگر کوئی شخص اس میں رخصت سمجھے اور کہے کہ اسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حلال قرار دیا گیا تھا تو (کہو) اللہ تعالیٰ نے اسے میرے لیے حلال کیا لوگوں کے لیے حلال نہیں کیا اور میرے لیے بھی اسے ایک ساعت حلال کیا ہے۔

۱۲۲۸ - حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ بُهْلُوْلٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ قَالَ وَحَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ أَبِيْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ

حضرت ابو شریح خزاعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب عمرو بن سعید نے مکہ مکرمہ کی جانب حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما کی طرف لشکر بھیجا تو وہ (ابو شریح خزاعی) ان کے پاس آئے اور جو کچھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا ان سے بیان کیا

قَالَ لَمَّا بَعَثَ عَمْرُو بْنُ سَعِيْدٍ الْبَعْثَ إِلٰى مَكَّةَ لِغَزْوَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ أَتَاهُ أَبُوْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيُّ فَكَلَّمَهُ بِمَا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ خَرَجَ إِلٰى نَادِيْ قَوْمِهِ فَجَلَسَ فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَجَلَسْتُ مَعَهُ فَحَدَّثَ عَمَّا حَدَّثَ عَمْرُو بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّا جَاءَ بِهِ عَمْرُو بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ قُلْتُ لَهُ إِنَّا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ افْتَتَحَ مَكَّةَ فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ مِنْ يَوْمِ الْفَتْحِ عَدَتْ خُزَاعَةُ عَلٰى رَجُلٍ مِنْ هُذَيْلٍ فَقَتَلُوْهُ بِمَكَّةَ وَهُوَ مُشْرِكٌ قَالَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْنَا خَطِيْبًا فَقَالَ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فَهِيَ حَرَامٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ يَسْفِكَ بِهَا دَمًا وَلَا يَعْضِدُ بِهَا شَجَرًا لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ كَانَ قَبْلِيْ وَلَا تَحِلُّ لِأَحَدٍ بَعْدِيْ وَلَمْ تَحِلَّ لِيْ إِلَّا هٰذِهِ السَّاعَةَ غَضَبًا أَلَا ثُمَّ عَادَتْ كَحُرْمَتِهَا أَلَا فَمَنْ قَالَ لَكُمْ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَحَلَّهَا فَقُوْلُوْا إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَلَّهَا لِرَسُوْلِهِ وَلَمْ يُحِلَّهَا لَكَ يَا مَعْشَرَ خُزَاعَةَ كُفُّوْا أَيْدِيَكُمْ فَقَدْ قَتَلْتُمْ قَتِيْلًا لَأَدِيَنَّهُ فَمَنْ قَتَلَ بَعْدَ مَقَامِيْ هٰذَا فَهُوَ بِخَيْرِ نَظَرَيْنِ إِنْ أَحَبَّ فَدَمُ قَاتِلِهِ وَإِنْ أَحَبَّ فَعَقْلُهُ قَالَ انْصَرِفْ أَيُّهَا الشَّيْخُ فَنَحْنُ أَعْلَمُ بِحُرْمَتِهَا مِنْكَ إِنَّهَا لَا تَمْنَعُ سَافِكَ دَمٍ وَلَا مَانِعَ حُرْمَةٍ وَلَا خَالِعَ طَاعَةٍ قَالَ قُلْتُ قَدْ كُنْتُ شَاهِدًا وَكُنْتَ غَائِبًا وَقَدْ أَمَرَنَا رَسُوْلُ

پھر وہ اپنی قوم کی ایک مجلس کی طرف نکلے اور وہاں بیٹھ گئے (راوی خزرج فرماتے ہیں) میں بھی اٹھ کر ان کے پاس گیا اور ان کے پاس بیٹھ گیا اور ان سے وہ حدیث بیان کی جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے عمرو بن سعید سے بیان کی تھی اور عمرو بن سعید نے جو کچھ کہا وہ بھی بیان کیا وہ فرماتے ہیں میں نے کہا جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ فتح کیا تو ہم آپ کے ساتھ تھے جب فتح کا دوسرا دن ہوا تو خزاعہ نے ہذیل کے ایک شخص پر زیادتی کرتے ہوئے اسے مکہ مکرمہ میں قتل کر دیا اور وہ مشرک تھا فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان خطبہ دینے کھڑے ہوئے آپ نے فرمایا اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ نے اس دن مکہ مکرمہ کو حرام قرار دیا جس دن آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا پس یہ قیامت تک حرام ہے ایسے شخص کے لیے جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے جائز نہیں کہ وہ اس میں خون بہائے اور نہ وہاں کے درخت کاٹے مجھ سے پہلے یہ کسی کے لیے حلال نہیں تھا اور نہ میرے بعد کسی کے لیے حلال ہوگا اور میرے لیے بھی صرف ایک گھڑی غضب الٰہی (کے اظہار) کے لیے حلال ہوا سنو اس کی حرمت پہلے کی طرح لوٹ آئی ہے سنو! جو شخص تم سے کہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حلال قرار دیا ہے تو کہو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول علیہ السلام کے لیے اسے حلال قرار دیا تمہارے لیے حلال نہیں کیا اے خزاعہ کے گروہ! اپنے ہاتھوں کو روکو تم نے ایک شخص کو قتل کیا میں ضرور اس کی دیت دوں گا اس کے بعد جو شخص یہاں قتل کرے گا تو اس (مقتول کے ورثاء) کے لیے دو باتوں میں سے ایک کا اختیار ہے چاہے تو (بطور قصاص) قاتل کا خون بہائے اور اگر چاہے تو دیت لے انہوں نے (ابو سعید نے) کہا بزرگو! اس کی حرمت کو ہم آپ سے زیادہ جانتے ہیں وہ (مکہ مکرمہ) قاتل، مانع حرمت اور باغی (کے قتل) سے نہیں روکتا حضرت ابو شریح فرماتے ہیں میں نے کہا کہ میں وہاں موجود تھا اور

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُبَلِّغَ شَاهِدُنَا غَائِبَنَا وَقَدْ اَبْلَغْتُكَ۔

۱۲۲۹ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ هِشَامٍ الرُّعَيْنِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا شُرَيْحِ الْخُزَاعِيَّ يَقُوْلُ لِعَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ حِيْنَ قَطَعَ بَعْثًا اِلَى مَكَّةَ لِقِتَالِ بْنِ الزُّبَيْرِ يَا هٰذَا اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مَكَّةَ حَرَامٌ حَرَّمَهَا اللّٰهُ وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ وَاِنَّ اللّٰهَ اِنَّمَا اَحَلَّنِيَ الْقِتَالَ بِهَا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ وَلَعَلَّهُ اَنْ يَّكُوْنَ بَعْدِيْ رِجَالٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْقِتَالَ بِهَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْهُمْ فَقُوْلُوْا اِنَّ اللّٰهَ اَحَلَّهَا لِرَسُوْلِهٖ وَلَمْ يُحِلَّهَا لَكَ وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ وَلَوْلَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ مَا حَدَّثْتُكَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ عَمْرٌو اِنَّكَ شَيْخٌ قَدْ خَرِفْتَ وَلَقَدْ هَمَمْتُ بِكَ قَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَنَتَكَلَّمَنَّ بِالْحَقِّ وَاِنْ شَدَدْتَ رِقَابَنَا۔

۱۲۳۰ - حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ شُرَيْحِ الْخُزَاعِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ مَعْنٰى حَدِيْثِ نَصْرٍ الَّذِيْ قَبْلَ هٰذَا الْحَدِيْثِ۔

۱۲۳۱ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ

تم غائب تھے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم میں سے حاضر، غائب تک پہنچا دے تو بلاشبہ میں نے پہنچا دیا۔

حضرت ابو سعید مقبری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو شریح خزاعی سے سنا وہ عمرو بن سعید سے فرما رہے تھے جب کہ وہ منبر پر تھا جب اس نے مکہ مکرمہ کی طرف ایک لشکر بھیجا تھا تاکہ وہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے لڑائی کریں (ابو شریح نے فرمایا) اے شخص! میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے بے شک مکہ مکرمہ حرام ہے اللہ تعالیٰ نے حرم قرار دیا لوگوں نے اسے حرم نہیں بنایا اور اللہ تعالیٰ نے میرے لیے بھی دن کی ایک گھڑی اس میں لڑنا جائز قرار دیا اور ہو سکتا ہے میرے بعد کچھ لوگ اس میں لڑائی کو جائز و حلال سمجھیں تو ان میں سے جو ایسا کرے تو کہو بے شک اسے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حلال قرار دیا تمہارے لیے حلال نہیں کیا اور چاہیے کہ حاضر، غائب تک یہ بات پہنچا دے اور اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات نہ فرمائی ہوئی کہ حاضر غائب تک پہنچا دے تو میں تم سے یہ حدیث بیان نہ کرتا عمرو بن سعید نے کہا بے شک تم بوڑھے ہو چکے ہو اور تمہاری عقل زائل ہو چکی ہے میں تمہیں سزا دوں گا انہوں نے فرمایا سنو! اللہ کی قسم ہم ضرور بضرور حق بات کہیں گے اگرچہ تم ہم پر سختی کرو۔

ایک دوسری سند سے حضرت ابو سعید مقبری، حضرت ابو شریح خزاعی سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کا مفہوم روایت کرتے ہیں جو اس (گزشتہ) حدیث سے پہلے ذکر کی گئی ہے (یعنی حدیث ۱۲۲۸)

حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حجون پہاڑ پر کھڑے ہوئے پھر فرمایا اللہ کی قسم! بے شک تم اللہ تعالیٰ کی

الله عنه قال وقف رسول الله صلى الله عليه وسلم على الحجون ثم قال والله لخير أرض الله وأحب أرض الله إلى الله لم تحل لأحد كان قبلي ولا تحل لأحد بعدي وما أحلت لي إلا ساعة من النهار وهي بعد ساعتها هذه حرام إلى يوم القيامة.

زمین میں سے بہتر (زمین) ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے پیاری زمین ہو مجھ سے پہلے کسی کے لیے اور نہ میرے بعد کسی کے لیے حلال ہوا اور میرے لیے بھی دن کی ایک گھڑی حلال کیا گیا اور اب اس ساعت کے بعد یہ قیامت تک حرام ہے۔

۱۲۳۲۔ حدثنا محمد بن خزيمة قال ثنا حجاج بن المنهال وأبو سلمة قالا ثنا حماد بن سلمة عن محمد بن عمرو فذكر بإسناده مثله.

حضرت حماد بن سلمہ، حضرت محمد بن عمرو سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۲۳۳۔ حدثنا محمد بن عبد الله بن ميمون قال ثنا الوليد بن مسلم عن الأوزاعي عن يحيى قال حدثني أبو سلمة قال حدثني أبو هريرة رضي الله عنه قال لما فتح الله عز وجل على رسوله مكة قتلت هذيل رجلا من بني ليث بقتيل كان لهم في الجاهلية قال فقام النبي صلى الله عليه وسلم فقال إن الله عز وجل حبس عن أهل مكة الفيل وسلط عليهم رسوله والمؤمنين وإنها لم تحل لأحد قبلي ولا تحل لأحد بعدي وإنما أحلت لي ساعة من نهار وإنها ساعتي هذه حرام لا يعضد شجرها ولا يختلى شوكها ولا تلتقط ساقطتها إلا لمنشد.

حضرت ابوسلمہ فرماتے ہیں مجھ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مکہ کو فتح فرمایا تو ہذیل نے بنو لیث کے ایک شخص کو اپنے ایک مقتول کے بدلے میں جو دور جاہلیت میں قتل ہوا تھا، قتل کر دیا فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ سے ہاتھی والوں کو روک دیا اور اپنے رسول اور مومنوں کو ان پر غلبہ دیا اور مجھ سے پہلے اس کو کسی کے لیے حلال نہیں کیا اور نہ ہی میرے بعد یہ حلال ہے اور میرے لئے بھی دن کی ایک ساعت حلال ہوا اور اس وقت یہ حرام ہے اس کے درخت نہ کاٹے جائیں اس کے کانٹے نہ توڑے جائیں اور اس میں گری ہوئی (گم شدہ) چیز بھی وہی اٹھا سکتا ہے جو اس کا اعلان کرے۔

۱۲۳۴۔ حدثنا بكار بن قتيبة قال ثنا أبو داود قال ثنا حرب بن شداد عن يحيى بن أبي كثير فذكر بإسناده مثله غير أنه قال إن الله عز وجل حبس عن أهل مكة

حضرت حرب بن شداد، حضرت یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ سے ہاتھی کو روکا اور فرمایا اس میں گمشدہ چیز

الْفِيلِ وَقَالَ لَا يُلْتَقَطُ ضَالَّتُهَا إِلَّا لِمُنْشِدٍ۔

أَفَلَا يَرَى أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَخْبَرَ بِهٖ فِي خُطْبَتِهٖ هٰذِهٖ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَحَلَّ لَهٗ مَكَّةَ سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ ثُمَّ عَادَتْ حَرَامًا إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَوْ كَانَ لَا حَاجَةَ بِهٖ إِلَى الْقِتَالِ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ إِذَا كَانَتْ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ وَفِيمَا قَبْلَهَا وَفِيمَا بَعْدَهَا عَلٰى مَعْنًى وَاحِدٍ وَكَانَ حُكْمُهَا فِي تِلْكَ الْأَوْقَاتِ كُلِّهَا حُكْمًا وَّاحِدًا۔

کو صرف وہی اٹھائے جو اس کا اعلان کرے۔

تو کیا یہ شخص نہیں دیکھتا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس خطبے میں بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ کو دن کی ایک گھڑی حلال کیا پھر قیامت تک اس کی حرمت واپس آگئی اور اگر اس گھڑی آپ کو لڑائی کی ضرورت نہ ہوتی تو اس وقت اس سے پہلے اور اس کے بعد بھی بات ہوتی اور ان تمام اوقات میں اس کا ایک ہی حکم ہوتا۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ إِنَّمَا أُبِيحَ لَهٗ إِظْهَارُ السِّلَاحِ بِهَا لَا غَيْرُ۔

قِيلَ لَهٗ وَأَيُّ حَاجَةٍ بِهٖ إِلٰى إِظْهَارِ السِّلَاحِ بِهَا لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُّقَاتِلَ بِهٖ أَحَدًا فِيهَا هٰذَا مُحَالٌ عِنْدَنَا وَلَا يَجُوزُ إِظْهَارُ السِّلَاحِ بِهَا إِلَّا وَهُوَ مُبَاحٌ لَهُ الْقِتَالُ بِهٖ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ آپ کے لیے صرف ہتھیاروں کا اظہار کرنا جائز کیا گیا اس کے علاوہ کی اجازت نہ تھی۔

تو اسے (جواباً) کہا جائے گا کہ ہتھیاروں کو ظاہر کرنے کی کیا ضرورت تھی اگر آپ (امان کی وجہ سے) کسی سے لڑ نہ سکتے ہمارے نزدیک یہ بات محال ہے اور وہاں ہتھیاروں کا اظہار اسی لیے جائز ہوا کہ آپ کو لڑنے کی اجازت ملی۔

۱۲۳۵ - وَقَدْ بَيَّنَ هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ فِي حَدِيثِهِ الَّذِي رَوَيْنَا عَنْهُ فِي هٰذَا الْفَصْلِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْمُقْبُرِيِّ هٰذَا الْمَعْنٰى فَقَالَ فِيهِ وَإِنَّ اللّٰهَ إِنَّمَا أَحَلَّ لِيَ الْقِتَالَ فِيهَا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ أَفَيَجُوزُ لَهٗ أَنْ يَّحِلَّ لَهٗ قِتَالُ مَنْ هُوَ فِي هُدْنَةٍ مِّنْهُ وَأَمَانٍ هٰذَا لَا يَجُوزُ۔

ہشام بن سعد نے اپنی حدیث میں جسے ہم نے اس فصل میں حضرت ابوسعید مقبری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا یہ معنی بیان کیا ہے انہوں نے اس سلسلے میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے میرے لیے دن کی ایک گھڑی اس میں لڑنا جائز کیا تو کیا آپ کے لیے ان لوگوں سے لڑنا جائز ہوگا جنہیں آپ کی طرف سے صلح اور امان حاصل تھی یہ تو جائز نہیں۔

ثُمَّ قَدْ كَانَ دُخُولُهٗ إِيَّاهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دُخُولَ مُحَارِبٍ لَا دُخُولَ اٰمِنٍ لِأَنَّهٗ دَخَلَهَا وَعَلٰى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ۔

پھر آپ کا دخول مکہ، ایک محارب (لڑنے والے) کے طور پر تھا امن والے کی طرح نہیں کیونکہ آپ داخل ہوئے تو آپ کے سرانور پر خود تھی۔

۱۲۳۶ - حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا أَخْبَرَهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے موقع پر جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر پر خود تھی جب آپ نے اسے اتارا تو ایک شخص نے آکر عرض کیا یا رسول اللہ! یہ ابن خطل

وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَهُ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ هٰذَا ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقْتُلُوهُ قَالَ مَالِكٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَلَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ مُحْرِمًا۔

کعبہ شریف کے پردوں سے لٹکا ہوا ہے آپ نے فرمایا اس کو قتل کر دو حضرت مالک فرماتے ہیں حضرت ابن شہاب نے فرمایا کہ اس دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

۱۲۳۷ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَقُلْ وَلَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ مُحْرِمًا وَقِيْلَ اِنَّهٗ دَخَلَهَا وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ۔

حضرت ابو الولید فرماتے ہیں ہم سے حضرت مالک بن انس نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا اور یہ نہیں فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دن احرام میں نہیں تھے یہ بھی کہا گیا کہ آپ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سرانور پر سیاہ عمامہ تھا۔

۱۲۳۸ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے اور آپ کے سرانور پر سیاہ عمامہ تھا۔

۱۲۳۹ - حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمٰنَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابو الزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۴۰ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ۔

حضرت ابو الزبیر رضی اللہ عنہ، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مکہ مکرمہ میں) داخل ہوئے تو آپ پر سیاہ عمامہ تھا۔

۱۲۴۱ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيْمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ ثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ

ایک دوسرے طریق سے حضرت ابو الزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَلَوْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِنْدَ دُخُوْلِہٖ اِیَّاھَا غَیْرَ مُحَارِبٍ اِذًا لَمَا دَخَلَھَا۔

۱۲۴۲ - وَھٰذَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا وَھُوَ اَحَدُ مَنْ رَوٰی عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِحْلَالَ اللّٰہِ مَکَّۃَ لَہٗ کَمَا قَدْ رَوَیْنَا عَنْہُ فِیْ ھٰذَا الْفَصْلِ قَدْ مَنَعَ النَّاسَ اَنْ یَّدْخُلَ الْحَرَمَ غَیْرَ مُحْرِمِیْنَ۔

۱۲۴۳ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْہَالِ قَالَ حَمَّادٌ عَنْ قَیْسٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ لَا یَدْخُلُ اَحَدٌ مَکَّۃَ اِلَّا مُحْرِمًا۔

۱۲۴۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْھَیْثَمِ بْنِ الْجَھْمِ قَالَ ثَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ قَالَ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا لَا عُمْرَۃَ عَلَی الْمَکِّیِّ اِلَّا اَنْ یَّخْرُجَ مِنَ الْحَرَمِ فَلَا یَدْخُلُہٗ اِلَّا حَرَامًا فَقِیْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ فَاِنْ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنْ مَّکَّۃَ قَرِیْبًا قَالَ نَعَمْ یَقْضِیْ حَاجَتَہٗ وَیَجْعَلُ مَعَ قَضَائِھَا عُمْرَۃً۔

۱۲۴۵ - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا ھُشَیْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِکِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اِنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ لَا یَدْخُلُ مَکَّۃَ تَاجِرٌ وَّلَا طَالِبُ حَاجَۃٍ اِلَّا وَھُوَ مُحْرِمٌ۔

کرتے ہیں۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے وقت محارب (لڑنے والے) نہ ہوتے تو اس میں داخل نہ ہوتے۔

اور یہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہیں جو ان راویوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے مکہ مکرمہ (میں لڑائی) کو حلال کیا جیسا کہ ہم نے ان سے اس فصل میں روایت کیا کہ انہوں نے صحابہ کرام کو مکہ مکرمہ میں غیر محرم ہو کر داخل ہونے سے منع فرمایا۔

حضرت عطاء، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص مکہ مکرمہ میں احرام کے بغیر داخل نہ ہو۔

حضرت عطاء رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے فرماتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا مکی پر عمرہ نہیں مگر یہ کہ وہ حرم سے باہر چلا جائے تو اب احرام کے بغیر داخل نہ ہو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ اگر کوئی شخص مکہ مکرمہ سے قریب نکلے تو بھی؟ فرمایا ہاں اپنا کام پورا کر کے اس کے ساتھ عمرہ بھی کرے۔

حضرت عطاء بن ابی رباح، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے تھے کہ کوئی تاجر اور حاجت مند مکہ مکرمہ میں احرام کے بغیر داخل نہ ہو۔

فَدَلَّ مَا ذَكَرْنَا اَنَّ اِحْلَالَ اللّٰهِ اِيَّاهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا كَانَ لِحَاجَتِهٖ اِلَى الْقِتَالِ مِنْهَا لَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ۔

جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حلال قرار دینا لڑائی کی ضرورت کے لیے تھا کسی اور بات کے لیے نہیں

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنَ النَّاسَ جَمِيْعًا اِلَّا سِتَّةَ نَفَرٍ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ آدمیوں کے علاوہ سب کو امن دیا۔

۱۲۴۶- وَذَكَرَ فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ ثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ زَعَمَ السُّدِّيُّ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ اٰمَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ اِلَّا اَرْبَعَةَ نَفَرٍ وَامْرَاَتَيْنِ وَقَالَ اقْتُلُوْهُمْ وَاِنْ وَجَدْتُّمُوْهُمْ مُتَعَلِّقِيْنَ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ عِكْرِمَةَ بْنَ اَبِيْ جَهْلٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَطَلٍ وَمُقَيَّسَ بْنَ صَبَابَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ فَاَمَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَطَلٍ فَاُتِيَ وَهُوَ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَاسْتَبَقَ اِلَيْهِ سَعِيْدُ بْنُ حُرَيْثٍ وَعَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَسَبَقَ سَعِيْدٌ عَمَّارًا وَكَانَ اَشَدَّ الرَّجُلَيْنِ فَقَتَلَهٗ وَاَمَّا مُقَيَّسُ بْنُ صَبَابَةَ فَاَدْرَكَهُ النَّاسُ فِي السُّوْقِ فَقَتَلُوْهُ وَاَمَّا عِكْرِمَةُ بْنُ اَبِيْ جَهْلٍ فَرَكِبَ الْبَحْرَ فَاَصَابَتْهُمْ عَاصِفٌ فَقَالَ اَصْحَابُ السَّفِيْنَةِ لِاَهْلِ السَّفِيْنَةِ اَخْلِصُوْا فَاِنَّ اٰلِهَتَكُمْ لَا تُغْنِيْ عَنْكُمْ شَيْئًا هٰهُنَا فَقَالَ عِكْرِمَةُ وَاللّٰهِ لَئِنْ لَّمْ يُنْجِنِيْ فِي الْبَحْرِ اِلَّا الْاِخْلَاصُ لَمْ يُنْجِنِيْ فِي الْبَرِّ غَيْرُهٗ اَللّٰهُمَّ اِنَّ لَكَ عَلَيَّ عَهْدًا اِنْ اَنْتَ اَنْجَيْتَنِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ اِنِّيْ اٰتِيْ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَضَعُ يَدِيْ فِيْ يَدِهٖ فَلَاَجِدَنَّهٗ

اور وہ اس سلسلے میں یوں ذکر کرے حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب فتح مکہ کا دن ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار مردوں اور دو عورتوں کے علاوہ سب کو امن دیا آپ نے (ان کے بارے میں) فرمایا ان کو قتل کرو اگرچہ ان کو کعبۃ اللہ کے پردوں کے ساتھ لٹکا ہوا پاؤ وہ حضرت عکرمہ بن ابی جہل، عبداللہ بن خطل، مقیس بن صبابہ، عبداللہ بن سعد بن ابی سرح تھے عبداللہ بن خطل کعبۃ اللہ کے پردوں سے لٹکا ہوا تھا حضرت سعید بن حریث اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما دونوں اس کی طرف بڑھے تو حضرت سعید، حضرت عمار سے سبقت لے گئے اور وہ حضرت عمار سے زیادہ سخت تھے انہوں نے اسے قتل کر دیا مقیس بن صبابہ کو صحابہ کرام نے بازار میں پایا تو قتل کر دیا، عکرمہ بن ابی جہل دریا میں (کشتی پر) سوار ہو گئے ان کشتی والوں پر تیز ہوا آئی تو کشتی والوں نے کہا کہ سب لوگ خالصتاً اللہ تعالیٰ کو یاد کرو تمہارے (جھوٹے) معبود تمہیں یہاں کوئی فائدہ نہ دیں گے عکرمہ نے کہا اللہ کی قسم! اگر اس دریا میں صرف اخلاص ہی نجات دے سکتا ہے تو خشکی میں اس کے علاوہ نجات نہیں اے اللہ! میرا تجھ سے وعدہ ہے اگر مجھے اس حالت سے نجات عطا فرمائے تو میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوں گا پھر اپنا ہاتھ ان کے ہاتھ پر رکھ دوں گا تو میں ضرور انہیں معاف کرنے والا کریم پاؤں گا پھر وہ اسلام لائے عبداللہ بن ابی سرح حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے ہاں چھپ گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو)

عفوًا كريمًا فأسلم قال وأما عبد الله بن أبي سرح فإنه اختبى عند عثمان بن عفان رضي الله عنه فلما دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله بايع عبد الله قال فرفع رأسه فنظر إليه ثلثا كل ذلك تأبيا فبايعه بعد ثلاث ثم أقبل على أصحابه فقال أما كان فيكم رجل يقوم إلى هذا حين رآني كففت يدي عن بيعته فيقتله قالوا ما درينا يا رسول الله ما في نفسك فهلا أومأت إلينا بعينك فقال إنه لا ينبغي لنبي أن تكون له خائنة عين.

١٢٤٧ - حدثنا أبو أمية قال ثنا أحمد بن الفضل فذكر بإسناده مثله.

قيل له هذا ما كان من رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد أن أظفره الله عليهم.

ألا يرى أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما كان صالحهم أولا قد كان دخل في صلحه ذلك هؤلاء الستة النفر وإن دماءهم قد حلت بعد ذلك بأسباب حدثت منهم بعد الصلح وكذلك أبو سفيان أيضا كان في الصلح.

١٢٤٨ - ثم قال عمر بن الخطاب رضي الله عنه لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حين أتاه به العباس رضي الله عنه يا رسول الله هذا أبو سفيان قد أمكن الله منه بغير عقد ولا عهد فلم ينكر ذلك

بلایا تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! عبداللہ کو بیعت فرمائیں راوی فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سر انور اٹھایا اور اسے تین بار دیکھا ہر مرتبہ نگاہ ہٹا لیتے تین بار کے بعد بیعت فرمایا پھر اپنے صحابہ کرام کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تم میں کوئی ایسا شخص نہ تھا کہ جب اس نے مجھے دیکھا کہ میں نے اس کی بیعت سے ہاتھ روک لیا وہ اسے قتل کر دیتا انہوں نے عرض کیا ہمیں معلوم نہ ہو سکا کہ آپ کے [illegible] کیا ہے؟ آپ نے اپنی آنکھ سے ہمیں [illegible] نہ کیا آپ نے فرمایا کسی نبی کے لیے جائز [illegible] وہ چور آنکھ سے دیکھے۔

حضرت ابو امیہ فرماتے ہیں ہم سے احمد بن فضل نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

تو اس معترض کو کہا جائے گا کہ یہ معاملہ اس کے بعد ہوا جب آپ کو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر غلبہ عطا فرمائی۔

کیا وہ نہیں دیکھتا کہ جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی مرتبہ ان سے مصالحت کی تو اس میں یہ چھ افراد بھی داخل تھے اور اس کے بعد ان کا خون ان اسباب سے حلال ہو گیا جو صلح کے بعد پیدا ہوئے اسی طرح ابو سفیان بھی صلح میں تھے۔

پھر جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ، ابو سفیان کو لے کر آئے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے کسی عہد و پیمان کے بغیر اسے آپ کے قابو میں دیا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا انکار نہ فرمایا حتی کہ اس کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے

عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَجَارَهُ الْعَبَّاسُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِحَقْنِ دَمِهٖ لِجِوَارِهٖ وَكَذٰلِكَ هُبَيْرَةُ بْنُ اَبِيْ وَهْبٍ الْمَخْزُوْمِيُّ وَابْنُ عَمِّهِ اللَّذَانِ كَانَا لَحِقَا بَعْدَ دُخُوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ اِلٰى اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَاَرَادَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْ يَّقْتُلَهُمَا وَقَدْ كَانَا دَخَلَا فِي الصُّلْحِ الْاَوَّلِ ثُمَّ قَدْ حَلَّتْ دِمَآؤُهُمَا بَعْدَ ذٰلِكَ بِالْاَسْبَابِ الَّتِيْ كَانَتْ مِنْهُمَا حَتّٰى اَجَارَتْهُمَا اُمُّ هَانِئٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَحَرُمَتْ بِذٰلِكَ دِمَآؤُهُمَا وَكَذٰلِكَ مَنْ لَّمْ يَدْخُلْ دَارَ اَبِيْ سُفْيَانَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَلَا مَنْ تَغَلَّقَ عَلَيْهِ بَابَهٗ قَدْ كَانَ دَخَلَ فِي الصُّلْحِ الْاَوَّلِ عَلٰى غَيْرِ اِشْتِرَاطٍ عَلَيْهِ فِيْهِ دُخُوْلَ دَارِ اَبِيْ سُفْيَانَ وَلَا يُغْلِقُ بَابَ نَفْسِهٖ عَلَيْهِ ثُمَّ حَلَّ دَمُهٗ بَعْدَ الصُّلْحِ الْاَوَّلِ بِالْاَسْبَابِ الَّتِيْ كَانَتْ مِنْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ۔

۱۲۴۹- فَدَلَّ بِمَا حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْنُسَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الطُّوْسِيُّ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ ثَنَا اَبِيْ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيْعِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَ اِسْمُهُ الْعَاصَ فَسَمَّاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مُطِيْعًا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَمَرَ بِقَتْلِ هٰؤُلَآءِ الرَّهْطِ يَقُوْلُ لَا تُغْزٰى مَكَّةُ بَعْدَ الْيَوْمِ اَبَدًا وَّلَا يُقْتَلُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ صَبْرًا بَعْدَ الْعَامِ۔

کو پناہ دی تو ان کی پناہ کی وجہ سے ان کا خون محفوظ ہو گیا اسی طرح ہبیرہ بن ابی وھب مخزومی اور اس کے چچازاد بھائی کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے بعد حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے پناہ دی پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کو قتل کرنے کا ارادہ فرمایا یہ دونوں پہلی صلح میں داخل تھے پھر ان اسباب کی وجہ سے جو ان سے صادر ہوئے ان کا خون حلال ہو گیا حتی کہ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے ان کو پناہ دی اس سے ان کا خون حرام ہو گیا اسی طرح فتح مکہ کے دن جو آدمی حضرت ابوسفیان کے گھر داخل نہ ہوا یا جس نے اپنا دروازہ بند نہ کیا تھا تو وہ حضرت ابوسفیان کے گھر میں داخل ہونے یا اپنا دروازہ بند کرنے کی شرط کے بغیر صلح میں داخل تھا پھر صلح اول کے بعد ان اسباب کی وجہ سے جو اس کی طرف سے پائے گئے اس کا خون حلال ہو گیا۔

اسحٰق بن ابراہیم کی روایت بھی اس بات پر دلالت کرتی ہے وہ یوں ہے حضرت عبداللہ بن مطیع بن اسود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں ان کا نام عاص تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام مطیع رکھا فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا جس وقت آپ نے مکہ مکرمہ میں اس گروہ کے قتل کا حکم دیا تو فرمایا آج کے بعد مکہ مکرمہ میں کبھی بھی لڑائی نہیں ہوگی اور اس سال کے بعد قریش میں سے کوئی شخص بھی قید کر کے قتل نہیں کیا جائے گا۔

فَهٰذَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ كَانَ غَزْوُهَا فِيْ ذٰلِكَ الْعَامِ بِخِلَافِ فِيْمَا بَعْدَهٗ مِنَ الْاَعْوَامِ وَفِيْ ذٰلِكَ مَا قَدْ دَلَّ عَلٰى اَنَّهٗ كَانَ لَا اَمَانَ لِاَهْلِهَا فِيْ ذٰلِكَ الْعَامِ لِاَنَّهٗ لَا تُغْزٰى مَنْ هُوَ فِيْ اَمَانٍ وَقَوْلُهٗ لَا يُقْتَلُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ صَبْرًا بَعْدَ ذٰلِكَ الْعَامِ لِذٰلِكَ۔

تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ اس سال کا غزوہ آئندہ سالوں کے برخلاف تھا اور اس میں اس بات پر بھی دلیل پائی جاتی ہے کہ اس سال اہل مکہ کے لیے امان نہیں تھی کیونکہ جو شخص امان میں ہو اس سے لڑائی نہیں کی جاتی اور آپ کا ارشاد گرامی کہ اس سال کے بعد کسی قریشی کو قید کر کے قتل نہیں کیا جائے گا اس کا مطلب بھی یہی تھا۔

وَفِيْمَا رَوَيْنَا وَذَكَرْنَا مِنَ الْاٰثَارِ وَكَشَفْنَا مِنَ الدَّلَائِلِ مَا تَقُوْمُ الْحُجَّةُ بِهٖ فِيْ كَشْفِ مَا اخْتَلَفْنَا فِيْهِ وَاِيْضَاحِ فَتْحِ مَكَّةَ اَنَّهٗ عَنْوَةً وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ۔

جو روایات ہم نے نقل کی ہیں اور دلائل واضح کئے انہوں نے اس اختلاف کو کھول کر بیان کر دیا اس بات کی وضاحت کر دی کہ مکہ مکرمہ بطور غلبہ فتح ہوا۔ اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

۱۲۵۰- وَلَقَدْ رُوِيَ فِيْ اَمْرِ مَكَّةَ مَا يَمْنَعُ اَنْ يَّكُوْنَ صُلْحًا مَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ ح وَحَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِيْعَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَقَدْ اَظْهَرَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِسْلَامَ فَاَسْلَمَ اَهْلُ مَكَّةَ وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ تُفْرَضَ الصَّلٰوةُ حَتّٰى اَنْ كَانَ لَيَقْرَأُ بِالسَّجْدَةِ وَيَسْجُدُ فَيَسْجُدُوْنَ فَمَا يَسْتَطِيْعُ بَعْضُهُمْ اَنْ يَّسْجُدَ مِنَ الزِّحَامِ وَضِيْقِ الْمَكَانِ لِكَثْرَةِ النَّاسِ حَتّٰى قَدِمَ رُءُوْسُ قُرَيْشٍ الْوَلِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ وَاَبُوْ جَهْلٍ وَغَيْرُهٗ فَكَانُوْا بِالطَّائِفِ فِيْ اَرَاضِيْهِمْ فَقَالَ اَتَدَعُوْنَ دِيْنَ اَبِيْ بَكْرٍ فَكَفَرُوْا۔

مکہ مکرمہ کے مسئلہ میں صلح کے خلاف یہ حدیث مروی ہے حضرت مسور بن مخرمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کو ظاہر فرمایا پس اہل مکہ نے اسلام قبول کیا اور یہ بات نماز کے فرض ہونے سے پہلے کی ہے حتیٰ کہ آپ آیت سجدہ پڑھتے اور سجدہ کرتے تو وہ بھی سجدہ کرتے اور لوگوں کی کثرت کے باعث اور جگہ کی قلت کے سبب ان میں سے بعض سجدہ نہیں کر سکتے تھے یہاں تک کہ قریش کے سردار ولید بن مغیرہ اور ابوجہل وغیرہ آئے اور وہ طائف میں اپنی زمینوں پر گئے ہوئے تھے تو وہ کہنے لگا کیا تم ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دین کو مانتے ہو چنانچہ انہوں نے انکار کر دیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ اِسْلَامَ اَهْلِ مَكَّةَ قَدْ كَانَ تَقَدَّمَ وَاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بَعْدَ ذٰلِكَ فَكَيْفَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں یہ بات ہے کہ اہل مکہ پہلے اسلام لائے پھر انہوں نے کفر کیا تو کیسے جائز تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف

يَجُوْزُ اَنْ يُّؤْمِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَوْمًا مُّرْتَدِّيْنَ بَعْدَ قُدْرَتِهٖ عَلَيْهِمْ هٰذَا لَا يَجُوْزُ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَقَدْ اَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ جَمِيْعًا اَنَّ الْمُرْتَدَّ يُحَالُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الطَّعَامِ اِلَّا مَا يَقُوْمُ بِنَفْسِهٖ وَاَنَّهٗ يُحَالُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ سِعَةِ الْعَيْشِ وَالتَّصَرُّفِ فِيْ اَرْضِ اللّٰهِ حَتّٰى يُرَاجِعَ دِيْنَ اللّٰهِ تَعَالٰى اَوْ يَاْبٰى ذٰلِكَ فَيَمْضِيْ عَلَيْهِ حُكْمُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاِنَّهٗ لَوْ سَاَلَ الْاِمَامَ اَنْ يُّؤْمِنَهٗ عَلٰى اَنْ يُّقِيْمَ مُرْتَدًّا اٰمِنًا فِيْ دَارِ الْاِسْلَامِ اَنَّ الْاِمَامَ لَا يُجِيْبُهٗ اِلٰى ذٰلِكَ وَلَا يُعْطِيْهِ مَا سَاَلَ فَفِيْ ثُبُوْتِ مَا ذَكَرْنَا مِنْ اِجْمَاعِ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى مَا وَصَفْنَا دَلِيْلٌ صَحِيْحٌ وَّحُجَّةٌ قَاطِعَةٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُؤَمِّنْ اَهْلَ مَكَّةَ بَعْدَ قُدْرَتِهٖ عَلَيْهِمْ وَظَفْرِهٖ بِهِمْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

سے جائز نہیں حالانکہ اس بات پر اجماع ہے کہ مرتد کے طعام میں رکاوٹ ڈالی جائے البتہ جتنا وہ کھا سکے اسے دیا جائے) عیش عشرت اور زمین میں تصرف کرنے پر پابندی لگائی جائے یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین کی طرف لوٹ آئے یا اس کا انکار کر دے پھر اس پر اللہ تعالیٰ کا حکم جاری ہوگا (قتل کیا جائے گا) اگر وہ مسلمان بادشاہ سے سوال کرے کہ وہ اسے حالت ارتداد میں ہی دارالاسلام کے اندر امن دے تو بادشاہ اس کی بات نہ مانے اور اس کا مطالبہ پورا نہ کرے جو کچھ ہم نے مسلمانوں کے اجماع کے سلسلے میں ذکر کیا ہے اس پر واضح اور قطعی دلیل پائی جاتی ہے وہ یہ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ پر قدرت حاصل کرنے اور فتح پانے کے بعد ان کو امن نہیں دیا۔ اور اللہ تعالیٰ سب سے بہتر جانتا ہے۔

كِتَابُ الْبُيُوعِ

خرید وفروخت کا بیان

بَابُ بَيْعِ الشَّعِيرِ بِالْحِنْطَةِ مُتَفَاضِلًا

۵۱ ۲ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّدَفِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ بُسْرَ بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ أَرْسَلَ غُلَامًا لَهُ بِصَاعٍ مِنْ قَمْحٍ فَقَالَ لَهُ بِعْهُ ثُمَّ اشْتَرِ بِهِ شَعِيرًا فَذَهَبَ الْغُلَامُ فَأَخَذَ صَاعًا وَزِيَادَةً بَعْضَ صَاعٍ فَلَمَّا جَاءَ مَعْمَرًا أَخْبَرَهُ فَقَالَ لَهُ مَعْمَرٌ لِمَ فَعَلْتَ انْطَلِقْ فَرُدَّهُ وَلَا تَأْخُذْ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَإِنِّي كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَكَانَ طَعَامُنَا يَوْمَئِذٍ الشَّعِيرَ قِيلَ لَهُ فَإِنَّهُ لَيْسَ مِثْلَهُ قَالَ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُضَارِعَهُ۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى هٰذَا الْحَدِيثِ فَقَلَّدُوهُ وَقَالُوا لَا يَجُوزُ بَيْعُ الْحِنْطَةِ بِالشَّعِيرِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا لَا بَأْسَ بِبَيْعِ الْحِنْطَةِ بِالشَّعِيرِ مُتَفَاضِلًا مِثْلَيْنِ

گندم کے بدلے جو کی زیادتی کے ساتھ بیچنا

حضرت بسر بن سعید [illegible] عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ا[illegible] ایک صاع دے کر بھیجا پھر فر[illegible] غلام گیا اور ایک صاع سے زا[illegible] کے پاس آکر اس نے بتایا تو حضر[illegible] تم نے ایسا کیوں کیا ا[illegible] برابر لو میں نے رسول [illegible] وسلم سے سنا تھا آپ نے فر[illegible] کے بدلے برابر برابر [illegible] ہمارا غلہ ، جو تھا ان [illegible] کہا اس کی مثل نہیں ۔ تو فرما[illegible] بات کا ڈر ہے کہ یہ [illegible] ہو ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرما[illegible] جماعت اس حدیث کی طرف گئی ہے انہوں نے ا[illegible] ہوئے فرمایا کہ گندم کو جو کے بدلے صرف برابر [illegible] لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کر[illegible] فرمایا کہ گندم کو جو کے بدلے کی زیادتی کے ساتھ ایک مثل [illegible]

بِمِثْلٍ اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ ۔
وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ عَلٰى اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى فِي الْحَدِيْثِ الَّذِي احْتَجُّوْا بِهٖ عَلَيْهِمْ مَعْمَرًا اَخْبَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَسْمَعُهٗ يَقُوْلُ الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ ثُمَّ قَالَ مَعْمَرٌ وَكَانَ طَعَامُنَا يَوْمَئِذٍ الشَّعِيْرُ فَيَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ بِقَوْلِهِ الَّذِي حَكَاهُ عَنْهُ مَعْمَرٌ الطَّعَامَ الَّذِي كَانَ طَعَامُهُمْ يَوْمَئِذٍ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ عَلَى الشَّعِيْرِ بِالشَّعِيْرِ فَلَا يَكُوْنُ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ شَيْءٌ مِنْ ذِكْرِ الْحِنْطَةِ بِالشَّعِيْرِ مِمَّا ذُكِرَ فِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّمَا هُوَ مَذْكُوْرٌ عَنْ مَعْمَرٍ مِنْ رَأْيِهٖ وَمِنْ تَأْوِيْلِهٖ مَا كَانَ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تَرٰى اَنَّهٗ قِيْلَ لَهٗ فَاِنَّهٗ لَيْسَ مِثْلَهٗ اَيْ لَيْسَ مِنْ نَوْعِهٖ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ قَالَهٗ وَكَانَ جَوَابُهٗ لَهٗ اِنِّيْ اَخْشٰى اَنْ يُضَارِعَ كَاَنَّهٗ خَافَ اَنْ يَكُوْنَ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي سَمِعَهٗ يَقُوْلُهٗ وَهُوَ مَا ذَكَرْنَا فِيْ حَدِيْثِهٖ عَلَى الْاَطْعِمَةِ كُلِّهَا فَتَوَقّٰى ذٰلِكَ وَتَنَزَّهَ عَنْهُ لِلرَّيْبِ الَّذِي وَقَعَ فِيْ قَلْبِهٖ مِنْهُ فَلَمَّا انْتَفٰى اَنْ يَكُوْنَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ حُجَّةٌ لِاَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ عَلٰى صَاحِبِهٖ نَظَرْنَا هَلْ فِيْ غَيْرِهٖ مَا يَدُلُّنَا عَلٰى حُكْمِ ذٰلِكَ كَيْفَ هُوَ فَاعْتَبَرْنَا ذٰلِكَ ۔

۱۲۵۲۔ فَاِذَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ

بدلے دو مثل یا زیادہ بیچنے میں کوئی حرج نہیں ۔

پہلے قول والوں نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے انہوں نے ان کے خلاف اسی حدیث سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت معمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی کہ وہ آپ سے سُن رہے تھے آپ نے فرمایا کہ غلے کے بدلے غلہ برابر برابر ہو پھر حضرت معمر نے فرمایا کہ ان دنوں ہمارا غلہ جو تھے تو ممکن ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی ہے جو حضرت معمر نے آپ سے روایت کیا وہ غلہ مراد ہو جو ان دنوں تھا تو جَو کی جَو سے بیع مراد ہوئی ۔ لہٰذا اس حدیث میں جَو کے بدلے گندم کی بیع کے بارے میں کچھ بھی مذکور نہیں جو کچھ مذکور ہے وہ حضرت معمر رضی اللہ عنہ کی اپنی رائے ہے اور جو کچھ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا اس کی تاویل ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ ان سے کہا گیا یہ اس کی مثل نہیں یا اس کی نوع سے نہیں تو انہوں نے اس بات کا انکار نہیں فرمایا ان کا جواب تھا کہ مجھے اس کے مشابہ ہونے کا خوف ہے گویا ان کو اس بات کا ڈر تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں جسے انہوں نے سُنا اور ہم نے بیان کیا تمام غلے مراد نہ ہوں تو وہ محض شک کی وجہ سے جو ان کے دل میں پیدا ہوا اس سے بچتے تھے جب اس حدیث میں کسی ایک گروہ کے لیے دلیل کی نفی ہو گئی تو ہم نے دوسری روایات کو دیکھا کہ کیا ان میں اس کے حکم پر کوئی دلیل ہے کہ وہ کیسا ہے ؟

تو حضرت ابوالاشعث، حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ کھڑے ہوئے اور فرمایا اے لوگو ! تم نے نئے قسم کے سودے جاری کیے جن کو میں نہیں جانتا بے شک سونا، سونے کے بدلے برابر

أَنَّهُ قَامَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ قَدْ أَحْدَثْتُمْ بُيُوعًا لَا أَدْرِي مَا هِيَ وَأَنَّ الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ تِبْرُهُ وَعَيْنُهُ وَالْفِضَّةَ وَزْنًا بِوَزْنٍ تِبْرُهَا وَعَيْنُهَا وَلَا بَأْسَ بِبَيْعِ الذَّهَبِ بِالْفِضَّةِ وَالْفِضَّةُ أَكْثَرُهُمَا يَدًا بِيَدٍ لَا يَصْلُحُ نَسِيئًا وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ حَتَّى عَدَّ الْمِلْحَ مِثْلًا بِمِثْلٍ مَنْ زَادَ وَاسْتَزَادَ فَقَدْ أَرْبَى۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَهَذَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِ قَدْ خَالَفَ مَعْمَرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ فِيمَا ذَهَبَ إِلَيْهِ مَا ذَكَرْنَا عَنْهُ فِي الْحَدِيثِ الْأَوَّلِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ هَذَا الْكَلَامُ أَيْضًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۱۲۵۳۔ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ وَرَجُلٍ آخَرَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ وَلَا الْبُرَّ بِالْبُرِّ وَلَا الشَّعِيرَ بِالشَّعِيرِ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ عَيْنًا بِعَيْنٍ يَدًا بِيَدٍ وَلَكِنْ بِيعُوا الذَّهَبَ بِالْوَرِقِ وَالْوَرِقَ بِالذَّهَبِ وَالْبُرَّ بِالشَّعِيرِ وَالشَّعِيرَ بِالْبُرِّ وَالتَّمْرَ بِالْمِلْحِ وَالْمِلْحَ بِالتَّمْرِ يَدًا بِيَدٍ كَيْفَ شِئْتُمْ قَالَ وَنَقَصَ أَحَدُهُمَا التَّمْرَ بِالْمِلْحِ وَزَادَ الْآخَرُ مَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَى۔

۱۲۵۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

برابر ہو اس کی ڈلی ہو یا سکہ، چاندی، چاندی کے بدلے اس کی ڈلی ہو یا سکہ، سونے کو چاندی کے بدلے یوں بیچنے میں کوئی حرج نہیں کہ چاندی زیادہ ہو لیکن نقد ہو ادھار صحیح نہیں گندم، گندم کے بدلے ایک مُد ایک مُد کے بدلے، نقداً ہو جو، جو کے بدلے ایک مُد، ایک مُد کے بدلے ہو اور نقد ہو گندم کے بدلے جو اس طرح بیچا کہ جو زیادہ ہوں ہاتھوں ہاتھ (نقد) صحیح ہے ادھار صحیح نہیں کھجور، کھجور کے، آپ نے نمک کو شمار کیا کہ برابر جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا اس نے سود (لیا)۔

حضرت امام ابوجعفر رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ ہیں جو حضرت معمر رضی اللہ عنہ کے اس موقف کی مخالفت کر رہے ہیں جو ہم نے پہلی حدیث میں ان سے نقل کیا حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی یہ بات روایت کی ہے۔

حضرت محمد بن سیرین، حضرت مسلم بن یسار اور ایک دوسرے شخص سے اور وہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونے کو سونے کے بدلے، چاندی کو چاندی کے بدلے گندم کو گندم کے بدلے جو کو جو کے بدلے، کھجور کو کھجور کے بدلے اور نمک کو نمک کے بدلے برابر بیچو لیکن سونے کو چاندی کے بدلے چاندی کو سونے کے بدلے، گندم کو جو کے بدلے، جو کو گندم کے بدلے کھجور کو نمک کے بدلے اور نمک کو کھجور کے بدلے جیسے چاہو بیچو کھجور اور نمک میں سے ایک چیز کم ہو یا زیادہ ہو تو جائز ہے (ایک جنس کی اشیاء میں) جو زیادہ دے یا زیادہ لے اس نے سودی معاملہ کیا۔

حضرت وہیب، حضرت ایوب سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل نقل کیا۔

۱۲۵۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ الْكَيْسَانِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِيْ تَمِيْمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنِ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ قَالَ سَمِعْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبَايَعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْحِنْطَةَ بِالْحِنْطَةِ وَلَا الشَّعِيْرَ بِالشَّعِيْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ اِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ عَيْنًا بِعَيْنٍ فَمَنْ زَادَ اَوِ ازْدَادَ فَقَدْ اَرْبٰى وَلٰكِنْ بِيْعُوا الذَّهَبَ بِالْوَرِقِ وَالْحِنْطَةَ بِالشَّعِيْرِ وَالتَّمْرَ بِالْمِلْحِ يَدًا بِيَدٍ كَيْفَ شِئْتُمْ۔

حضرت ابو الاشعث فرماتے ہیں میں نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے سُنا وہ فرماتے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا
سونے کے بدلے
سونا، چاندی کے بدلے چاندی، کھجور کے بدلے کھجور گندم کے بدلے گندم جَو کے بدلے جَو اور نمک کے بدلے نمک کو برابر برابر بیچو جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا اس نے سُودی کاروبار کیا البتہ سونے کو چاندی کے بدلے، گندم کو جَو کے بدلے، کھجور کو نمک کے بدلے ہاتھوں ہاتھ (نقداً) جیسے چاہو بیچ سکتے ہو۔

۱۲۵۶۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّبَاعَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ تِبْرُهُ وَعَيْنُهُ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ وَالْفِضَّةُ تِبْرُهَا وَعَيْنُهَا اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَذَكَرَ الشَّعِيْرَ بِالشَّعِيْرِ وَالتَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَالْمِلْحَ بِالْمِلْحِ كَيْلًا بِكَيْلٍ فَمَنْ زَادَ اَوِ ازْدَادَ فَقَدْ اَرْبٰى وَلَا بَاْسَ بِبَيْعِ الشَّعِيْرِ بِالْبُرِّ يَدًا بِيَدٍ وَالشَّعِيْرُ اَكْثَرُهُمَا

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کا ٹکڑا اور سکہ سونے کے بدلے بیچنے سے منع فرمایا مگر یہ کہ دونوں کا وزن برابر ہو، چاندی کا ٹکڑا اور اس کا سکہ چاندی کے بدلے بھی برابر برابر وزن ہو آپ نے جَو کے بدلے جَو کھجور کے بدلے کھجور، نمک کے بدلے نمک کا ذکر فرمایا کہ پیمانہ بپیمانہ کے برابر ہو جس نے زیادہ دیا یا زیادہ کیا اس نے سُود کھایا جَو کو گندم کے بدلے ہاتھوں ہاتھ یوں بیچنا کہ جو زیادہ ہوں اس سے کوئی حرج نہیں۔

۱۲۵۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ۔

حضرت ابو قلابہ، حضرت ابو الاشعث سے وہ حضرت عبادہ بن صامت سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۵۸۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ

حضرت محمد بن سیرین، حضرت مسلم بن یسار اور ایک دوسرے شخص سے روایت کرتے ہیں ان دونوں نے بیان

قَالَ ثَنَا سَلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ وَذَكَرَ آخَرَ حَدَّثَاهُ أَوْ حَدَّثَنَا قَالَ جَمَعَ الْمَنْزِلُ بَيْنَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَمُعَاوِيَةَ فِيْ كَنِيْسَةٍ أَوْ بِيْعَةٍ فَحَدَّثَ عُبَادَةُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ وَلَا الْبُرَّ بِالْبُرِّ وَلَا الشَّعِيْرَ بِالشَّعِيْرِ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ عَيْنًا بِعَيْنٍ قَالَ أَحَدُهُمَا وَلَمْ يَقُلِ الْآخَرُ قَالَ عُبَادَةُ أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَبِيْعَ الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ وَالْبُرَّ بِالشَّعِيْرِ وَالشَّعِيْرَ بِالْبُرِّ يَدًا بِيَدٍ كَيْفَ شِئْنَا۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِيْ هٰذِهِ الْآثَارِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِبَاحَةُ بَيْعِ الشَّعِيْرِ بِالْحِنْطَةِ مِثْلَيْنِ بِمِثْلٍ فَقَدْ ثَبَتَ الْقَوْلُ بِذٰلِكَ مِنْ طَرِيْقِ الْآثَارِ ثُمَّ الْتَمَسْنَا حُكْمَ ذٰلِكَ بَعْدُ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ لِنَعْلَمَ كَيْفَ هُوَ فَرَأَيْنَا أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَدِ اخْتَلَفُوْا فِيْ كَفَّارَةِ الْيَمِيْنِ مِنَ الْحِنْطَةِ كَمْ هِيَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ هِيَ نِصْفُ صَاعٍ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ وَقَالَ بَعْضُهُمْ هِيَ مُدٌّ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ فَكَانَ الَّذِيْنَ جَعَلُوْهَا مِنَ الْحِنْطَةِ نِصْفَ صَاعٍ يَجْعَلُوْنَهَا مِنَ الشَّعِيْرِ صَاعًا وَكَانَ الَّذِيْنَ جَعَلُوْهَا مِنَ الْحِنْطَةِ مُدًّا يَجْعَلُوْنَهَا مِنَ الشَّعِيْرِ مُدَّيْنِ وَقَدْ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ بِأَسَانِيْدِهِ عَنْهُمْ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الْمَوْضِعِ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّهُمَا نَوْعَانِ مُخْتَلِفَانِ لِأَنَّهُمَا لَوْ كَانَا مِنْ نَوْعٍ وَاحِدٍ إِذًا لَأَجْزَى مِنْ أَحَدِهِمَا مَا يُجْزِيْ مِنَ الْآخَرِ فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ إِنَّهُ إِنَّمَا زِيْدَ فِي الشَّعِيْرِ

کیا کہ حضرت عبادہ بن صامت اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما عیسائیوں کی ایک عبادت گاہ میں جمع ہوئے (کنیسہ اور بیعہ یہودیوں کے عبادت خانے یا عیسائیوں کے گرجے کو کہتے ہیں) حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونے کو سونے کے بدلے چاندی کو چاندی کے بدلے، گندم کو گندم کے بدلے، جَو کو جو کے بدلے، کھجور کو کھجور کے بدلے، نمک کو نمک کے بدلے برابر برابر بیچو ان میں ایک راوی نے فرمایا اور دوسرے نے نہیں کہا کہ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم سونے کو چاندی کے بدلے، گندم کو جو کے بدلے اور جو کو گندم کے بدلے ہاتھوں ہاتھ جس طرح چاہیں بیچ سکتے ہیں

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ان روایات میں جو کی گندم کے بدلے دو مثل کی ایک مثل کے ساتھ بیع کا جواز ہے روایات کے طریقے پر یہ بات ثابت ہوگئی پھر ہم نے غور و فکر کے طریقے پر اس کا حکم تلاش کیا کہ وہ کیا ہے؟ تو ہم نے دیکھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کفارہ قسم کے غلے کے بارے میں اختلاف کیا کہ وہ کس قدر ہے بعض نے فرمایا ہر مسکین کے لیے نصف صاع ہے اور بعض نے فرمایا کہ ہر مسکین کے لیے ایک مُد ہے جنہوں نے نصف صاع گندم کو کفارہ قرار دیا وہ جو سے ایک صاع مقرر کرتے ہیں اور جو گندم سے مُد کرتے ہیں وہ دو مُد کو کفارہ قرار دیتے ہیں یہ بات ہم دوسرے مقام پر سند کے ساتھ ذکر کر چکے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ یہ دونوں الگ نوع ہیں کیونکہ اگر یہ ایک ہی نوع سے ہوتیں تو ایک سے جس قدر کفایت کرتی وہی مقدار دوسری سے بھی کافی ہوتی۔ اگر کوئی کہے کہ گندم کے مقابلے میں جو کو اس لیے زیادہ

عَلٰی مَا جُعِلَ فِیْ ذٰلِكَ مِنَ الْحِنْطَةِ لِغُلُوِّ الْحِنْطَةِ وَالتِّسَاعِ الشَّعِیْرِ فَالْجَوَابُ لَهٗ فِیْ ذٰلِكَ اِنَّا رَاَیْنَا مَا یُعْطٰی مِنْ جَیِّدِ الْحِنْطَةِ وَمِنْ رَدِیْهَا فِیْ كَفَّارَةِ الْاَیْمَانِ سَوَاءٌ وَكَذٰلِكَ الشَّعِیْرُ اَلَا تَرٰی مَنْ وَجَبَتْ عَلَیْهِ كَفَّارَةُ یَمِیْنٍ فَاَعْطٰی كُلَّ مِسْكِیْنٍ نِصْفَ مُدٍّ یُسَاوِیْ نِصْفَ صَاعٍ اَنَّ ذٰلِكَ لَا یُجْزِئُهٗ مِنْ نِصْفِ صَاعٍ وَلَا مِنْ مُدٍّ فَمَا كَانَ مَا ذَكَرْنَا كَذٰلِكَ وَكَانَ الشَّعِیْرُ یُؤَدّٰی مِنْهُ فِیْ كَفَّارَةِ الْاَیْمَانِ مِثْلَ مَا یُؤَدّٰی مِنَ الْحِنْطَةِ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّهٗ نَوْعٌ خِلَافُ الْحِنْطَةِ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنْ لَا بَاْسَ بِبَیْعِهٖ بِالْحِنْطَةِ مِثْلَیْنِ بِمِثْلٍ وَاَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رح وَاَبِیْ یُوْسُفَ رح وَمُحَمَّدٍ رح

رکھا گیا کہ گندم بھاری ہوتی ہے جبکہ جَو ہلکے ہوتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ قسم کے کفارہ میں عمدہ اور ردی دونوں قسم کی گندم برابر برابر رہتی ہے اسی طرح جَو کا حکم ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ جس پر قسم کا کفارہ واجب ہو جائے اور وہ ہر مسکین کو نصف مُد دے جو نصف صاع کے برابر ہو تو یہ نصف صاع کی جگہ کفایت نہیں کرے گی اور نہ ایک مُد کی جگہ کافی ہو گی تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ بھی اسی طرح ہے اور قسموں کے کفاروں میں جَو اسی طرح ادا کئے جاتے تھے جس طرح گندم سے کفارہ ادا ہوتا تھا اس سے ثابت ہوا کہ یہ (جَو) گندم کے خلاف نوع ہے تو اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ ایک مثل گندم کے بدلے دو مثل یا زائد جَو بیچے جا سکتے ہیں یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ بَیْعِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ

چھوہاروں کے بدلے کھجور کی بیع

۱۲۵۹- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا وَاُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ حَدَّثَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ مَوْلَی الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْیَانَ اَنَّ زَیْدًا اَبَا عَیَّاشٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَاَلَ سَعْدًا عَنِ السُّلْتِ بِالْبَیْضَاءِ فَقَالَ سَعْدٌ شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُسْاَلُ عَنِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ فَقَالَ اَیَنْقُصُ الرُّطَبُ اِذَا جَفَّ فَقَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَلَا اِذًا وَكَرِهَهٗ

حضرت ابوعیاش خبر دیتے ہیں کہ انہوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے گندم کو جَو کے بدلے بیچنے کے بارے میں پوچھا تو حضرت سعد نے فرمایا میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ آپ سے چھوہاروں کے بدلے کھجور کی بیع کے بارے میں پوچھا گیا آپ نے فرمایا کیا کھجور خشک ہو کر کم ہو جاتی ہے انہوں نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا تو پھر یہ جائز نہیں اور آپ نے ناپسند فرمایا

۱۲۶۰- حَدَّثَنَا صَالِحُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِیُّ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ زَیْدٍ اَبِیْ عَیَّاشٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا پھر انہوں نے اس (پہلی حدیث) کی مثل ذکر کیا۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی هٰذَا

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، ایک

الحديث فقلدوه وجعلوه اصلا ومنعوا به بيع الرطب بالتمر وممن ذهب الى ذلك ابو يوسف ومحمد بن الحسن رحمة الله عليهما۔

وخالفهم في ذلك اخرون فجعلوا الرطب والتمر نوعا واحدا واجازوا بيع كل واحد منهما بصاحبه مثلا بمثل وكرهوه نسيئة فاعتبرنا هذا الحديث الذي احتج به عليهم مخالفهم هل دخله شيء۔

١٢٦١ - فاذا ابن ابي داود قد حدثنا قال ثنا يحيى بن صالح الوحاظي قال ثنا معاوية بن سلام عن يحيى بن ابي كثير عن عبد الله بن يزيد ان زيدا ابا عياش اخبره عن سعد بن ابي وقاص ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الرطب بالتمر نسيئة هذا اصل الحديث فيه ذكر النسيئة زاد يحيى بن ابي كثير على مالك بن انس فهو اولى وقد روى هذا الحديث ايضا غير عبد الله يزيد على مثل ما رواه يحيى بن ابي كثير ايضا۔

١٢٦٢ - حدثنا يونس قال اخبرنا ابن وهب قال اخبرنا عمرو بن الحارث عن بكير بن عبد الله حدثه عن عمران ابن ابي انس ان مولى لبني مخزوم حدثه انه سال سعد بن ابي وقاص عن الرجل يسلف الرجل الرطب بالتمر الى اجل فقال سعد نهانا رسول الله صلى الله عليه وسلم عن هذا۔

فهذا عمران بن ابي انس وهو رجل متقدم معروف قد روى هذا الحديث كما رواه يحيى فكان ينبغي في تصحيح معاني الاثار ان يكون حديث عبد الله

جماعت اس حدیث کی طرف گئی ہے انہوں نے اس پر عمل کرتے ہوئے اسے اصل قرار دیا اور چھوہاروں کے بدلے تر کھجور کی بیع کو منع کیا حضرت امام ابو یوسف اور حضرت امام محمد رحمہا اللہ بھی ان حضرات میں شامل ہیں۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے کھجور اور چھوہارے کو ایک قسم قرار دیا اور ان میں سے ہر ایک کو دوسری کے بدلے میں برابر برابر بیچنا جائز قرار دیا لیکن ادھار کے طور پر ناجائز کہا ہے پس ہم نے دیکھا کہ ان مخالفین نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے اس میں کوئی اور بات داخل ہے۔

تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوہاروں کے بدلے کھجوروں کو بطور ادھار بیچنے سے منع فرمایا تو اس حدیث کی اصل یہ ہے اور اس میں ادھار کا ذکر ہے یحییٰ بن ابی کثیر (اس حدیث کے راوی) نے مالک بن انس (پہلی حدیث کے راوی) کی نسبت اضافہ کے ساتھ بیان کیا اور یہ اولیٰ ہے اسے عبد اللہ بن یزید کے علاوہ حضرات نے بھی یحییٰ بن ابی کثیر کی مثل روایت کیا ہے۔

حضرت عمران بن ابی انس جو بنو مخزوم کے آزاد کردہ غلام ہیں بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو کسی کو ایک میعاد پر چھوہاروں کے بدلے کھجوریں دیتا ہے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع فرمایا۔

تو یہ حضرت عمران بن ابی انس ہیں جو مقدم اور معروف ہیں انہوں نے حضرت یحییٰ کی روایت کی طرح روایت کیا تو معانی احادیث کی تصحیح کا تقاضا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن یزید کی مختلف فیہ روایت اٹھ جائے اور حضرت عمران کی یہ روایت

بْنِ يَزِيْدَ لَمَّا اخْتُلِفَ عَنْهُ فِيْهِ اَنْ يَرْتَفِعَ وَ يَثْبُتَ حَدِيْثُ عِمْرَانَ هٰذَا فَيَكُوْنُ هٰذَا النَّهْيُ الَّذِيْ جَاءَ فِيْ حَدِيْثِ سَعْدٍ هٰذَا اِنَّمَا هُوَ لِعِلَّةِ النَّسِيْئَةِ لَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ فَهٰذَا سَبِيْلُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ تَصْحِيْحِ الْاٰثَارِ۔

وَاَمَّا وَجْهُهٗ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَاِنَّا قَدْ رَاَيْنَاهُمْ لَا يَخْتَلِفُوْنَ فِيْ بَيْعِ الرُّطَبِ بِالرُّطَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ اَنَّهٗ جَائِزٌ وَكَذٰلِكَ التَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَاِنْ كَانَتْ فِيْ اَحَدِهِمَا رُطُوْبَةٌ لَيْسَتْ فِي الْاٰخَرِ وَكُلُّ ذٰلِكَ يَنْقُصُ اِذَا بَقِيَ نُقْصَانًا مُخْتَلِفًا وَيَجِفُّ فَلَمْ يَنْظُرُوْا اِلٰى ذٰلِكَ فِيْ حَالِ الْجُفُوْفِ فَيُبْطِلُوْا الْبَيْعَ بِهٖ بَلْ نَظَرُوْا اِلٰى حَالِهٖ فِيْ وَقْتِ وُقُوْعِ الْبَيْعِ فَعَمِلُوْا عَلٰى ذٰلِكَ وَلَمْ يُرَاعُوْا مَا يَؤُوْلُ اِلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْ جُفُوْفٍ وَنُقْصَانٍ فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنْ يَكُوْنَ كَذٰلِكَ الرُّطَبُ بِالتَّمْرِ يُنْظَرُ اِلٰى ذٰلِكَ فِيْ وَقْتِ وُقُوْعِ الْبَيْعِ وَلَا يُنْظَرُ اِلٰى مَا يَؤُوْلُ اِلَيْهِ مِنْ تَغْيِيْرٍ وَجُفُوْفٍ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَهُوَ النَّظَرُ عِنْدَنَا۔

ثابت رہے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی اس روایت میں جو نہی آئی ہے وہ ادہار کی وجہ سے ہوگی کسی اور وجہ سے نہیں معانی روایات کی تصحیح کے طور پر اس باب کا بیان یہ ہے۔

اور غور وفکر کے طور پر اس کا بیان یوں ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کھجوروں کو کھجوروں کے بدلے برابر برابر بیچنے کے جواز میں فقہاء کرام کا کوئی اختلاف نہیں اسی طرح چھوہاروں کو چھوہاروں کے بدلے برابر بیچنا بھی جائز ہے اگرچہ ان میں سے ایک میں رطوبت ہے جو دوسری میں نہیں ہے ان میں سے ہر ایک باقی رہنے اور خشک ہونے کی وجہ سے کچھ نہ کچھ کم ہو جاتی ہے لیکن انہوں نے خشکی کی حالت میں اس بات کا لحاظ کرکے بیع کو باطل نہیں کیا بلکہ انہوں نے سودا ہوتے وقت کی حالت کو دیکھا اور اس پر عمل کیا مستقبل میں اس کے خشک یا کم ہو جانے کو مدنظر نہیں رکھا تو قیاس کا تقاضا ہے کہ کھجوروں اور چھوہاروں کا بھی یہی حکم ہو بیع کے وقت ان کو دیکھا جائے اور مستقبل میں تبدیلی یا خشکی کا لحاظ نہ کیا جائے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مسلک ہے۔

بَابُ ۲۴۳ تَلَقِّي الْجَلَبِ

باہر جاکر سوداگروں سے ملنا

۱۲۶۳۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمٰنَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ قَالَ اَنَا سِمَاكٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْتَقْبِلُوا السُّوْقَ وَلَا يَتَلَقَّ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بازار سے آگے نہ بڑھو اور نہ ہی تم میں سے کوئی دوسرے سے (بازار میں آنے سے پہلے) ملاقات کرے۔

۱۲۶۴۔ وَحَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوْسُفُ ابْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ قَالَ

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ

ثنا سماك عن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تستقبلوا السوق۔

وسلم نے فرمایا بازار سے آگے نہ بڑھو

۱۲۶۵۔ حدثنا محمد بن عمرو بن يونس قال اخبرنا عبد الله بن نمير عن عبيد الله عمر عن نافع عن ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتلقى السلع حتى تدخل الاسواق۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سودا بیچنے والوں کے بازار میں داخل ہونے سے پہلے ان سے ملاقات کرنے کی ممانعت فرمائی ہے۔

۱۲۶۶۔ حدثنا فهد قال اخبرنا ابو بكر بن ابي شيبة قال ثنا ابن نمير فذكر باسناده مثله۔

حضرت ابو بکر بن ابی شیبہ فرماتے ہیں ہم سے حضرت ابن نمیر نے بیان کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۲۶۷۔ حدثنا على بن عبد الرحمن قال اخبرنا على بن الجعد قال اخبرنا صخر بن جويرية عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تتلقوا البيوع

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سودا بیچنے والوں (کے بازار میں پہنچنے سے پہلے ان) سے ملاقات نہ کرو۔

۱۲۶۸۔ وحدثنا محمد بن عزيز الايلي قال اخبرنا سلامة بن روح عن عقيل عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى ان يتلقى السلع حتى يهبط بها الاسواق۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک سوداگر بازار میں اتر نہ جائیں ان سے ملاقات نہ کی جائے۔

۱۲۶۹۔ حدثنا نصر بن مرزوق قال اخبرنا اسد قال ثنا ابن ابي ذئب عن مسلم الخياط عن ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتلقى الركبان۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سواروں (سودا لانے والوں) سے ملاقات کرنے سے منع فرمایا۔

۱۲۷۰۔ حدثنا احمد بن داود قال ثنا يعقوب بن حميد قال ثنا عبد العزيز بن محمد عن داود بن صالح بن دينار عن ابيه عن ابي سعيد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تلقوا شيئا من البيع حتى يقدم سوقكم۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوداگروں سے (آگے جا کر) نہ ملو یہاں تک کہ سودا تمہارے بازار میں آجائے۔

۱۲۷۱۔ وحدثنا حسين بن نصر قال ثنا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَازِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ نُهِيْنَا اَوْ نُهِيَ عَنِ التَّلَقِّيْ۔

۱۲۷۲۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ۔

۱۲۷۳۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ رَحِمَهُ اللهُ فَاحْتَجَّ قَوْمٌ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ فَقَالُوْا مَنْ تَلَقّٰى شَيْئًا قَبْلَ دُخُوْلِهِ السُّوْقَ ثُمَّ اشْتَرَاهُ فَشِرَاؤُهُ بَاطِلٌ وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا كُلُّ مَدِيْنَةٍ يَضُرُّ التَّلَقِّيْ بِاَهْلِهَا فَالتَّلَقِّيْ فِيْهَا مَكْرُوْهٌ وَالشِّرَاءُ جَائِزٌ وَكُلُّ مَدِيْنَةٍ لَا يَضُرُّ التَّلَقِّيْ بِاَهْلِهَا فَلَا بَاْسَ بِالتَّلَقِّيْ فِيْهَا۔

۱۲۷۴۔ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا نَتَلَقَّى الرُّكْبَانَ فَنَشْتَرِيْ مِنْهُمُ الطَّعَامَ مُجَازَفَةً فَنَهَانَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَبِيْعَهُ حَتّٰى نُحَوِّلَهُ مِنْ مَكَانِهِ اَوْ نَنْقُلَهُ۔

۱۲۷۵۔ وَحَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْجِيْزِيُّ قَالَ ثَنَا حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

ہیں سوداگروں سے (آگے جاکر ملنے سے) ہمیں منع کیا گیا یا فرمایا منع کیا گیا۔

حضرت اعرج، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سواروں (سے آگے جاکر) نہ ملو

حضرت ابن ابی لیلیٰ، ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (آگے جاکر) سوداگروں سے نہ ملو۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان روایات سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص کسی چیز کے بازار میں پہنچنے سے پہلے باہر جاکر اس (کے مالک) سے ملتا ہے پھر اسے خریدتا ہے تو اس کا سودا باطل ہے لیکن دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جس شہر میں سوداگروں کو آگے جاکر ملنے سے شہر والوں کو نقصان پہنچتا ہے اس میں ایسی ملاقات مکروہ ہے، لیکن سودا جائز ہے اور جہاں سوداگروں سے باہر جاکر ملاقات کرنے سے شہر والوں کو نقصان نہیں پہنچتا وہاں اس ملاقات میں کوئی حرج نہیں۔

ان حضرات نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم (آگے جاکر) سواروں سے ملتے اور ان سے اندازے کے ساتھ غلہ خریدتے (یعنی بازار والے بھاؤ پر نہ خریدتے) تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس کے بیچنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ ہم اسے اس کی جگہ سے پھیر دیں یا منتقل کر دیں۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وہ (صحابہ کرام) عہد رسالت میں باہر سے آنے والے تاجروں سے غلہ خریدتے تھے تو آپ کچھ حضرات کو

أَنَّهُمْ كَانُوا يَشْتَرُونَ الطَّعَامَ مِنَ الرُّكْبَانِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَبْعَثُ عَلَيْهِمْ مَنْ يَمْنَعُهُمْ أَنْ يَبِيعُوهُ حَيْثُ اشْتَرَوْهُ حَتَّى يُبَلِّغُوهُ إِلَى حَيْثُ يَبِيعُونَ الطَّعَامَ۔

بھیجتے تاکہ وہ اس جگہ بیچنے سے منع کریں جہاں سے خریدا ہے بلکہ وہاں پہنچائیں جہاں غلہ بیچتے ہیں۔

فَفِي هٰذِهِ الْآثَارِ إِبَاحَةُ التَّلَقِّي وَفِي الْأَوَّلِ النَّهْيُ عَنْهُ فَأَوْلَى بِنَا أَنْ نَجْعَلَ ذٰلِكَ عَلَى غَيْرِ التَّضَادِّ وَالْخِلَافِ فَيَكُونُ مَا نُهِيَ عَنْهُ مِنَ التَّلَقِّي لِمَا فِي ذٰلِكَ مِنَ الضَّرَرِ عَلَى غَيْرِ الْمُتَلَقِّينَ الْمُقِيمِينَ فِي الْأَسْوَاقِ وَيَكُونُ مَا أُبِيحَ مِنَ التَّلَقِّي هُوَ الَّذِي لَا ضَرَرَ فِيهِ عَلَى الْمُقِيمِينَ فِي الْأَسْوَاقِ۔

۱۲۷۶۔ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذِهِ الْآثَارِ عِنْدَنَا وَاللهُ أَعْلَمُ۔

تو ان روایات میں (باہر جاکر) ان سوداگروں سے ملنے کی اجازت ہے جب کہ پہلی روایات میں ممانعت ہے تو ہمارے لیے بہتر ہے کہ ہم انہیں ایسے مفہوم پر محمول کریں جس سے ان کی درمیان تضاد ثابت نہ ہو تو جس ملاقات سے منع کیا گیا ہے وہ اس صورت میں ہے جب ملاقات نہ کرنے والوں اور بازاروں میں ٹھہرے رہنے والوں کو اس سے نقصان پہنچتا ہے اور جس ملاقات کی اجازت دی گئی یہ وہ ہے جس سے بازاروں میں ٹھہرے رہنے والوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہماری نزدیک ان روایات کا بیان ہے۔

وَاحْتَجُّوا فِي إِجَازَةِ الشِّرَاءِ مَعَ التَّلَقِّي الْمَنْهِيِّ عَنْهُ بِمَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ قَالَ ثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ فَمَنْ تَلَقَّاهُ فَاشْتَرَى مِنْهُ شَيْئًا فَهُوَ بِالْخِيَارِ إِذَا أَتَى السُّوقَ۔

(باہر جاکر) سوداگروں سے ملاقات: بعض حضرات نے باوجود خریداری کے صحیح ہونے پر ان حضرات نے یوں استدلال کیا ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (باہر جاکر) سوداگروں سے ملاقات نہ کرو جس نے ان سے ملاقات کی اور کچھ سودا خریدا تو بازار میں آنے کے بعد اسے اختیار ہے۔

۱۲۷۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْتَقْبِلُوا الْجَلَبَ وَلَا يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَالْبَائِعُ بِالْخِيَارِ إِذَا دَخَلَ السُّوقَ۔

حضرت ابن سیرین، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (باہر جاکر) تاجروں سے ملاقات نہ کرو اور کوئی شہری دیہاتی کے لیے سودا نہ بیچے، بیچنے والا بازار میں داخل ہو تو اسے اختیار ہے۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ تَلَقِّي الْجَلَبِ ثُمَّ جَعَلَ لِلْبَائِعِ فِي ذٰلِكَ الْخِيَارَ إِذَا دَخَلَ السُّوقَ وَالْخِيَارُ لَا يَكُونُ إِلَّا فِي بَيْعٍ صَحِيحٍ لِأَنَّهُ لَوْ كَانَ فَاسِدًا لَأُجْبِرَ بَائِعُهُ وَمُشْتَرِيهِ عَلَى فَسْخِهِ

تو اس حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے (باہر جاکر) تاجروں سے ملاقات کرنے سے منع فرمایا پھر بازار میں داخل ہونے کے بعد بائع کو اختیار دیا اور اختیار صحیح بیع میں ہوتا ہے کیونکہ اگر وہ فاسد ہوتی تو بائع اور مشتری پر فسخ بیع کے لیے جبر کیا جاتا اور ان میں سے کسی ایک کو بھی انکار

وَلَمْ يَكُنْ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا الْإِبَاءُ عَنْ ذٰلِكَ فَلَمَّا جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخِيَارَ فِي ذٰلِكَ لِلْبَيْعِ ثَبَتَ بِذٰلِكَ صِحَّتُهُ وَإِنْ كَانَ مَعَهُ تَلَقٍّ مَنْهِيٌّ عَنْهُ۔

کا حق حاصل نہ ہوتا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں بائع کو اختیار دیا تو اس سے اس بیع کی صحت ثابت ہو گئی اگرچہ اس میں ممنوع ملاقات پائی گئی۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَأَنْتُمْ لَا تَجْعَلُونَ الْخِيَارَ لِلْبَائِعِ الْمُتَلَقِّي كَمَا جَعَلَهُ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بائع کو اختیار دیا جس سے ملاقات کی گئی تم اختیار نہیں دیتے۔

فَجَوَابُنَا لَهُ فِي ذٰلِكَ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيقُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَبَتَ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا وَتَوَاتَرَتْ عَنْهُ الْآثَارُ بِذٰلِكَ وَسَنَذْكُرُهَا فِي مَوْضِعِهَا مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَعَلِمْنَا بِذٰلِكَ أَنَّهُمَا إِذَا تَفَرَّقَا فَلَا خِيَارَ لَهُمَا۔

تو اس سلسلے میں ہمارا جواب یہ ہے اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے، کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے جدا ہونے سے پہلے پہلے بائع اور مشتری کو اختیار رہتا ہے اس سلسلے میں روایات تواتر کے ساتھ مروی ہیں ہم ان شاء اللہ اس کتاب میں ان کو مناسب مقام پر ذکر کریں گے تو معلوم ہوا کہ جب وہ جدا ہو جائیں تو ایک کے لیے بھی اختیار نہیں ہوگا۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَأَنْتَ قَدْ جَعَلْتَ لِمَنِ اشْتَرٰى مَا لَمْ يَرَهُ خِيَارَ الرُّؤْيَةِ حَتّٰى يَرَاهُ فَيَرْضَاهُ فَمَا أَنْكَرْتَ أَنْ يَكُونَ خِيَارُ الْمُتَلَقِّي كَذٰلِكَ أَيْضًا

اگر کوئی شخص کہے کہ خرید نے والے نے اگر بیع کو نہ دیکھا ہو تو اسے خیار رؤیت دیا گیا حتیٰ کہ وہ اسے دیکھ کر راضی ہو جائے تو اسی طرح باہر جا کر ملاقات کی صورت میں اختیار ہونا چاہیے۔

قِيلَ لَهُ أَنَّ خِيَارَ الرُّؤْيَةِ لَمْ نُوجِبْهُ قِيَاسًا وَإِنَّمَا وَجَدْنَا أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَثْبَتُوهُ وَحَكَمُوا بِهِ وَأَجْمَعُوا عَلَيْهِ وَلَمْ يَخْتَلِفُوا فِيهِ وَإِنَّمَا جَاءَ الْإِخْتِلَافُ فِي ذٰلِكَ مِمَّنْ بَعْدَهُمْ فَجَعَلْنَا ذٰلِكَ خَارِجًا مِنْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ حَتّٰى يَتَفَرَّقَا وَعَلِمْنَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَعْنِ ذٰلِكَ لِإِجْمَاعِهِمْ عَلٰى خُرُوجِهِ مِنْهُ كَمَا عَلِمْنَا بِإِجْمَاعِهِمْ عَلٰى تَجْوِيزِ السَّلَمِ أَنَّهُ خَارِجٌ مِنْ نَهْيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ۔

اس شخص کو کہا جائے گا کہ ہم خیار رؤیت کو قیاس کے ساتھ ثابت نہیں کرتے ہم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دیکھا انہوں نے اسے ثابت کیا اور اس پر اجماع کیا اور اس میں کسی نے بھی اختلاف نہیں کیا اس میں اختلاف صحابہ کرام کے بعد پیدا ہوا تو ہم نے اسے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی سے خارج کر دیا کہ خرید و فروخت کرنے والے جب تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہو جائیں انہیں اختیار رہے اور ہمیں معلوم ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اختیار مراد نہیں لیا کیونکہ آپ کے قول سے اس کے خارج ہونے پر اتفاق ہے جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ صحابہ کرام نے بیع سلم کے جواز پر اجماع کیا اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسی چیز کے سودے کی ممانعت سے ۲

۲ خارج ہے [illegible]

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَهَلْ رُوِيَتْ عَنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خِيَارِ الرُّؤْيَةِ شَيْئًا۔
قِيلَ لَهُ نَعَمْ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ کیا تم نے خیار رؤیت کے سلسلے میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے کوئی بات روایت کی ہے تو اسے جواب دیا جائے گا "جی ہاں"

۱۲۷۸- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ قَالَا ثنا هِلَالُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ رَبَاحِ بْنِ اَبِيْ مَعْرُوْفٍ الْمَكِّيِّ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ اشْتَرٰى طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ مِنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ مَالًا فَقِيْلَ لِعُثْمَانَ اِنَّكَ قَدْ غُبِنْتَ وَكَانَ الْمَالُ بِالْكُوْفَةِ وَهُوَ مَالُ اٰلِ طَلْحَةَ الْاٰنَ بِهَا فَقَالَ عُثْمَانُ لِيَ الْخِيَارُ لِاَنِّيْ بِعْتُ مَالَمْ اَرَ فَقَالَ طَلْحَةُ لِيَ الْخِيَارُ لِاَنِّيْ اشْتَرَيْتُ مَالَمْ اَرَ فَحَكَّمَا بَيْنَهُمَا جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ فَقَضٰى اَنَّ الْخِيَارَ لِطَلْحَةَ وَلَا خِيَارَ لِعُثْمَانَ۔

حضرت علقمہ بن وقاص لیثی فرماتے ہیں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے کچھ مال خریدا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے عرض کیا گیا کہ آپ سے دھوکہ ہوا ہے وہ مال کوفہ میں ہے اور اس وقت وہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کا ہے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے اختیار ہے کیونکہ میں وہ چیز بیچ رہا ہوں جسے میں نہیں دیکھا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے بھی اختیار ہے کیونکہ میں نے وہ چیز خریدی ہے جسے میں نے نہیں دیکھا دونوں اپنا مقدمہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے تو انہوں نے فیصلہ فرمایا کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو اختیار ہے لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اختیار نہیں ہے۔

وَالْاٰثَارُ فِيْ ذٰلِكَ قَدْ جَاءَتْ مُتَوَاتِرَةً وَاِنْ كَانَ اَكْثَرُهَا مُنْقَطِعًا فَاِنَّهُ مُنْقَطِعٌ لَمْ يُضَادَّهُ مُتَّصِلٌ۔

اس سلسلے میں تواتر سے روایات آئی ہیں اگرچہ وہ سب منقطع ہیں لیکن ان کے مقابلے میں متصل روایات نہیں ہیں۔

وَفِيْ هٰذَا اَيْضًا حُجَّةٌ اُخْرٰى وَهِيَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لِلْمُتَلَقّٰى الْبَائِعِ الْخِيَارُ فِيْمَا بَاعَ اِذَا دَخَلَ الْاَسْوَاقَ وَعَلِمَ بِالْاَسْعَارِ فَاَرَدْنَا اَنْ نَنْظُرَ هَلْ ضَادَّ ذٰلِكَ شَيْءٌ اَمْ لَا فَاعْتَبَرْنَا ذٰلِكَ۔

اس میں بھی ایک دوسری دلیل ہے وہ یہ کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ والی روایت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بائع کو اختیار دیا جس سے باہر جاکر ملاقات کی گئی کہ وہ جب بازار میں داخل ہو اور اسے مہنگائی کا علم ہو (تو سودا توڑ سکتا ہے) تو ہم نے دیکھا کہ کیا کوئی روایت اس کے مقابلے میں ہے یا نہیں تاکہ ہم کوئی فیصلہ کرسکیں۔

۱۲۷۹- فَاِذَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثنا حُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ الْاِصْبَهَانِيُّ قَالَ ثنا سُفْيَانُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ نُهِيْنَا اَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَاِنْ كَانَ اَبَاهُ اَوْ اَخَاهُ۔

تو حضرت ابن سیرین، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا ہمیں منع کیا گیا کہ کوئی شہری، دیہاتی کا سودا (مارکیٹ میں آنے سے پہلے) بیچے اگرچہ وہ اس کا باپ یا بھائی ہو۔

۱۲۸۰- حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ نُهِيْنَا اَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ۔

حضرت محمد، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہمیں منع کیا گیا کہ کوئی شہری، دیہاتی کے لیے سودا بیچے۔

۱۲۸۱۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثنا اَسَدٌ قَالَ ثنا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ مُسْلِمٍ الْخَیَّاطِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شہری کسی دیہاتی کا سودا نہ بیچے۔

۱۲۸۲۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثنا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ اَخْبَرَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَیْرِیَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۸۳۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثنا مُوْسٰى بْنُ اَعْیَنَ عَنْ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَزَادَ وَلَا یَشْتَرِیْ لَهٗ۔

حضرت مجاہد، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۸۴۔ حدثنا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثنا الدَّرَاوَرْدِیُّ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا کوئی شہری، دیہاتی کے لیے سودا نہ کرے۔

۱۲۸۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثنا وَهْبٌ ح وَحَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثنا اَبُوْ بَكْرِ الْحَنَفِیُّ قَالَ ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

ایک اور سند سے حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۸۶۔ حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ یُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَسْبَاطٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن سیرین، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۸۷۔ حَدَّثَنَا اِبْرٰهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثنا وَهْبٌ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ یُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت سعید بن مسیب، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

١٢٨٨۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثنا حُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ ثنا سُفْيَانُ عَنْ صَالِحِ بْنِ نَبْهَانَ مَوْلَى التَّوْأَمَةِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت صالح بن بنہان (حضرت توءمہ کے غلام) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

١٢٨٩۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثنا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَازِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى اَوْ نُهِيَ اَنْ يَّبِيْعَ الْمُهَاجِرُ لِلْاَعْرَابِيِّ۔

حضرت عدی بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو حازم سے سنا وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں منع فرمایا یا منع کیا گیا کہ مہاجر دیہاتی سے سودا بیچے۔

١٢٩٠۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثنا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثنا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى اَنْ يَّبِيْعَ حَاضِرٌ لِّبَادٍ۔

حضرت ابن ابی لیلیٰ ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے شہری کے دیہاتی کے لیے سودا کرنے سے منع فرمایا۔

١٢٩١۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ ثنا سُفْيَانُ عَنْ صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْأَمَةِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّشْتَرِيَ حَاضِرٌ لِّبَادٍ

حضرت صالح (توءمہ کے غلام) فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی شہری دیہاتی کے لیے خریدے۔

١٢٩٢۔ فَنَظَرْنَا فِي الْعِلَّةِ الَّتِيْ لَهَا نُهِيَ الْحَاضِرُ اَنْ يَّبِيْعَ لِلْبَادِيْ مَا هِيَ۔

ہم نے دیکھا کہ کس علت کے تحت شہری کو دیہاتی کے لیے خریدنے سے منع کیا گیا۔

١٢٩٢۔ فَاِذَا يُوْنُسُ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثنا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِّبَادٍ دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِّنْ بَعْضٍ

تو حضرت ابو الزبیر سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہری، دیہاتی کے لیے نہ بیچے لوگوں کو چھوڑ دو اللہ تعالیٰ ان میں سے بعض کو بعض سے رزق عطا فرمائے گا

١٢٩٣۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثنا مُوْسَى ابْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ثنا وُهَيْبٌ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ اَنَّهُ جَاءَهُ فِيْ حَاجَةٍ قَالَ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت وہیب سے مروی ہے وہ حضرت عطاء بن حکیم بن ابی یزید سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ان کے پاس کسی ضرورت کے تحت آئے فرماتے ہیں پھر انہوں نے اپنے باپ سے روایت کرتے ہوئے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

قَالَ دَعُوا النَّاسَ فَلْيُصِبْ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ وَإِذَا اسْتَنْصَحَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيَنْصَحْ لَهُ۔

فَعَلِمْنَا بِذٰلِكَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا نَهَى الْحَاضِرَ أَنْ يَبِيعَ لِلْبَادِي لِأَنَّ الْحَاضِرَ يَعْلَمُ أَسْعَارَ الْأَسْوَاقِ فَيَسْتَقْصِي عَلَى الْحَاضِرِينَ فَلَا يَكُونُ لَهُمْ فِي ذٰلِكَ رِبْحٌ وَإِذَا بَاعَهُمُ الْأَعْرَابِيُّ عَلَى غِرَّتِهِ وَجَهْلِهِ بِأَسْعَارِ الْأَسْوَاقِ رَبِحَ عَلَيْهِ الْحَاضِرُونَ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُخَلَّى بَيْنَ الْحَاضِرِينَ وَبَيْنَ الْأَعْرَابِ فِي الْبُيُوعِ وَمَنَعَ الْحَاضِرِينَ أَنْ يَدْخُلُوا عَلَيْهِمْ فِي ذٰلِكَ۔

فَإِذَا كَانَ مَا وَصَفْنَا كَذٰلِكَ وَثَبَتَ إِبَاحَةُ التَّلَقِّي الَّذِي لَا ضَرَرَ فِيهِ بِمَا وَصَفْنَا مِنَ الْآثَارِ الَّتِي ذَكَرْنَا صَارَ شِرَى الْمُتَلَقِّي مِنْهُمْ شِرَى حَاضِرٍ مِنْ بَادٍ فَهُوَ دَاخِلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ وَبَطَلَ أَنْ يَكُونَ فِي ذٰلِكَ خِيَارٌ لِلْبَائِعِ لِأَنَّهُ لَوْ كَانَ لَهُ فِيهِ خِيَارٌ إِذًا لَمَا كَانَ لِلْمُشْتَرِي فِي ذٰلِكَ رِبْحٌ وَلَا أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاضِرًا أَنْ يَعْتَرِضَ عَلَيْهِ وَلَا أَنْ يَتَوَلَّى الْبَيْعَ لِلْبَادِي مِنْهُ لِأَنَّهُ يَكُونُ بِالْخِيَارِ فِي فَسْخِ ذٰلِكَ الْبَيْعِ أَوْ يَرُدُّ لَهُ ثَمَنَهُ إِلَى الْأَثْمَانِ الَّتِي تَكُونُ فِي بِيَاعَاتِ أَهْلِ الْحَضَرِ بَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ۔

فَفِي مَنْعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَاضِرِينَ مِنْ ذٰلِكَ إِبَاحَةُ الْحَاضِرِينَ الْتِمَاسَ غِرَّةِ الْبَادِينَ فِي الْبَيْعِ مِنْهُمْ وَالشِّرَاءِ مِنْهُمْ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ۔

لوگوں کو (آزاد) چھوڑ دو انہیں ایک دوسرے سے رزق پہنچے اگر تم میں سے کوئی اپنے (مسلمان) بھائی سے خیر خواہی کرے تو چاہیے کہ وہ اس سے بھلائی کا...

اس سے ہمیں معلوم ہو گیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہری کو دیہاتی کے لیے بیچنے سے اس لیے منع فرمایا کہ وہ بازار کے بھاؤ سے واقف ہے لہٰذا وہ اسے (دیہاتی کو) شہریوں سے دور کر دے گا اس طرح ان کے لیے نفع نہیں ہو گا اور جب دیہاتی بازار کا بھاؤ معلوم نہ ہونے کی صورت میں بیچے گا تو شہریوں کو نفع پہنچے گا۔ تو حضور علیہ السلام نے حکم دیا کہ شہریوں اور دیہاتیوں کو خرید و فروخت میں آزاد ہی چھوڑ دیا جائے اور شہریوں کو اس سلسلے میں ان کے پاس جانے سے منع فرمایا۔

جو کچھ ہم نے بیان کیا جب اس کی صورت یہ ہے اور اس ملاقات کا جواز ثابت ہو گیا جس میں نقصان نہ ہو جیسا کہ ہم نے مذکورہ بالا روایات کے حوالے سے بیان کیا تو ملاقات کرنے والے کا ان سے خریدنا شہری کے دیہاتی سے خریدنے کی طرح ہوا اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں داخل ہے کہ لوگوں کو آزاد چھوڑ دو اللہ تعالیٰ ان میں سے بعض کو بعض سے رزق عطا فرمائے اور اس میں بائع کے لیے خیار باطل ہو گیا کیونکہ اگر اس میں اس کے لیے خیار ہو گا تو خریدنے والے کے لیے کوئی نفع نہ ہوتا اور نہ حضور علیہ السلام شہری کو حکم دیتے کہ وہ اس سے اعراض کرے اور دیہاتی کے لیے سودا نہ کرے کیونکہ وہ (بائع) خیار کی وجہ سے بیع کو فسخ کر سکتا ہے یا وہ اس قیمت میں اضافہ کر کے وہ رقم لیتا جو شہری اپنے سودے میں ایک دوسرے سے لیتے ہیں۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہریوں کو منع کر کے اس بات کو جائز کر دیا کہ شہری سودے میں دیہاتیوں کی بے خبری سے فائدہ اٹھائیں اور ان سے سودا خریدیں۔

یہ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

باب ۲۴ خِيَارِ الْبَيِّعَيْنِ حَتّٰى يَتَفَرَّقَا

۱۲۹۴- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ ثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ح وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالُوْا جَمِيْعًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ بَيِّعَيْنِ فَلَا بَيْعَ بَيْنَهُمَا حَتّٰى يَتَفَرَّقَا اَوْ يَكُوْنَ بَيْعُ خِيَارٍ۔

جدا ہونے سے پہلے بائع اور مشتری کا خیار

حضرت شعبہ، حضرت سفیان اور حضرت اسماعیل بن جعفر تینوں حضرت عبداللہ بن دینار سے وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا خرید و فروخت کرنے والوں کے درمیان اس وقت تک سودا مکمل نہیں جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہو جائیں اس سودے میں خیار رکھ لیں۔

۱۲۹۵- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ ثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا قَالَ اَوْ يَقُوْلُ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ اِخْتَرْ وَرُبَّمَا قَالَ اَوْ يَكُوْنُ بَيْعُ خِيَارٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرید و فروخت کرنے والوں کو جدا ہونے تک اختیار ہوتا ہے یا ان میں سے ایک دوسرے سے کہہ دے کہ تمہیں اختیار ہے بعض اوقات آپ یوں بھی فرماتے کہ یا وہ بیع خیار ہو۔

۱۲۹۶- حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا شُجَاعٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ بَيِّعَيْنِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا اَوْ يَكُوْنُ بَيْعُ خِيَارٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سودا کرنے والے دونوں حضرات کو اختیار ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں۔ یا وہ بیع خیار ہو۔

۱۲۹۷- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ حَتّٰى يَتَفَرَّقَا اَوْ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا فَاِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِيْ بَيْعِهِمَا وَاِنْ

حضرت حکیم بن حزام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا سودا کرنے والوں کو اختیار ہے یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں یا فرمایا جب تک وہ الگ الگ نہ ہو جائیں اگر وہ بیع کی کیفیت کے بارے میں سچ کہیں اور بیان کر دیں تو انہیں ان کے سودے میں برکت دی جائے گی اور اگر وہ جھوٹ بولیں

كَذَبَا وَكَتَمَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا۔

اور (عیب کو) چھپائیں تو ان کے سودے کی برکت مٹ جائے گی۔

۱۲۹۸۔ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ عَنْ اَبِي الْوَضِيءِ عَنْ اَبِي بَرْزَةَ اَنَّهُمْ اخْتَصَمُوْا اِلَيْهِ فِي رَجُلٍ بَاعَ جَارِيَةً فَنَامَ مَعَهَا الْبَائِعُ فَلَمَّا اَصْبَحَ قَالَ لَا اَرْضَاهَا فَقَالَ اَبُوْ بَرْزَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا وَكَانَا فِي خِبَاءِ شَعْرٍ۔

حضرت ابوالوضیؒ، حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ لوگ ان کے پاس ایک شخص کے بارے میں مقدمہ لائے جس نے اپنی لونڈی بیچی پھر بائع ان دونوں کے پاس ہی سو گیا صبح ہوئی تو اس نے کہا میں اسے پسند نہیں کرتا حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے (فیصلہ دیتے ہوئے) فرمایا بائع اور مشتری کو اختیار ہوتا ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہو جائیں۔ اور وہ دونوں ایک اونی خیمے میں تھے۔

۱۲۹۹۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ جَمِيْلِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِي الْوَضِيءِ قَالَ نَزَلْنَا مَنْزِلًا فَبَاعَ صَاحِبٌ لَنَا مِنْ رَجُلٍ فَرَسًا فَاَقَمْنَا فِي مَنْزِلِنَا يَوْمَنَا وَلَيْلَتَنَا فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ قَامَ الرَّجُلُ يُسْرِجُ فَرَسَهُ فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ اِنَّكَ قَدْ بِعْتَنِيْ فَاخْتَصَمَا اِلَى اَبِي بَرْزَةَ فَقَالَ اِنْ شِئْتُمَا قَضَيْتُ بَيْنَكُمَا بِقَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا وَمَا اَرَاكُمَا تَفَرَّقْتُمَا۔

حضرت جمیل بن مرہ، حضرت ابوالوضیؒ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم ایک پڑاؤ پر اترے تو ہمارے ایک ساتھی نے ایک شخص پر گھوڑا بیچا ہم اپنی منزل میں ایک رات دن ٹھہرے دوسرا دن ہوا تو وہ شخص کھڑا ہوا اور گھوڑے پر زین کسنے لگا خریدنے والے نے کہا کہ تم نے اسے مجھ پر بیچا تھا پھر وہ دونوں اپنا جھگڑا لے کر حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تمہارے درمیان رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق فیصلہ کروں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا خرید و فروخت کرنے والوں کو اختیار ہوتا ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہو جائیں اور میرے خیال میں تم ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوئے۔

۱۳۰۰۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاؤُدَ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ صَالِحٍ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ حَتّٰى يَتَفَرَّقَا اَوْ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا فَاِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِيْ بَيْعِهِمَا فَاِنْ كَذَبَا وَكَتَمَا فَعَسٰى اَنْ يَّدُرَّ بَيْنَهُمَا فَضْلٌ وَتَمْحَقُ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا قَالَ هَمَّامٌ فَسَمِعْتُ اَبَا التَّيَّاحِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرید و فروخت کرنے والوں کو اختیار ہوتا یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں یا جب تک وہ جدا نہ ہو جائیں اگر وہ سچ کہیں اور بیان کر دیں تو انہیں سودے میں برکت دی جاتی ہے اور اگر جھوٹ بولیں اور (عیب کو) چھپائیں تو ہو سکتا ہے ان کے درمیان مال گردش کرے اور سودے کی برکت مٹ جائے حضرت ہمام فرماتے ہیں میں نے ابوالتیاح سے سنا وہ فرماتے تھے میں نے یہ حدیث حضرت عبداللہ بن حارث سے سنی وہ حکیم بن حزام سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ

مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ هٰذَا۔

۱۳۰۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرِ بْنِ مَطَرٍ قَالَ ثَنَا أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ أَخْبَرَنَا أَيُّوْبُ بْنُ عُتْبَةَ عَنْ أَبِيْ كَثِيْرٍ الْغُبَرِيِّ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا أَوْ يَكُوْنُ بَيْعُ خِيَارٍ۔

۱۳۰۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ قَالَ ثَنَا الْحَسَنُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا وَيَأْخُذُ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مَا رَضِيَ مِنَ الْبَيْعِ قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَاخْتَلَفَ النَّاسُ فِيْ تَأْوِيْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا فَقَالَ قَوْمٌ هٰذَا عَلَى الْإِفْتِرَاقِ بِالْأَقْوَالِ فَإِذَا قَالَ الْبَائِعُ قَدْ بِعْتُ مِنْكَ وَقَالَ الْمُشْتَرِيْ قَدْ قَبِلْتُ فَقَدْ تَفَرَّقَا وَانْقَطَعَ خِيَارُهُمَا وَقَالُوا الَّذِيْ كَانَ لَهُمَا مِنَ الْخِيَارِ هُوَ مَا كَانَ لِلْبَائِعِ أَنْ يُّبْطِلَ قَوْلَهُ لِلْمُشْتَرِيْ قَدْ بِعْتُكَ هٰذَا الْعَبْدَ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ قَبْلَ قُبُوْلِ الْمُشْتَرِيْ فَإِذَا قَبِلَ الْمُشْتَرِيْ فَقَدْ تَفَرَّقَ هُوَ وَالْبَائِعُ وَانْقَطَعَ الْخِيَارُ وَقَالُوْا هٰذَا كَمَا ذَكَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي الطَّلَاقِ فَقَالَ إِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهِ فَكَانَ الزَّوْجُ إِذَا قَالَ لِلْمَرْأَةِ قَدْ طَلَّقْتُكِ عَلٰى كَذَا وَكَذَا فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ قَدْ قَبِلْتُ فَقَدْ بَانَتْ وَتَفَرَّقَا بِذٰلِكَ الْقَوْلِ وَإِنْ لَمْ يَتَفَرَّقَا بِأَبْدَانِهِمَا قَالُوْا فَكَذٰلِكَ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ قَدْ بِعْتُكَ عَبْدِيْ هٰذَا بِأَلْفِ دِرْهَمٍ فَقَالَ الْمُشْتَرِيْ قَدْ قَبِلْتُ فَقَدْ تَفَرَّقَا

علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا بائع اور مشتری کو اختیار ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوجائیں یا بیع خیار ہو۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرید و فروخت کرنے والوں کو اختیار ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوجائیں اور ان میں سے ہر ایک بیع سے وہ چیز لے لے جس پر وہ راضی ہے۔ حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کہ "سودا کرنے والوں کو اختیار ہے جب تک دونوں ایک دوسرے سے الگ نہ ہو جائیں" کی مراد میں علماء کرام کا اختلاف ہے ایک جماعت کا (قول) ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ان کی (بات چیت) قول سے تعلق ختم ہوجائے جب بیچنے والا کہہ دے کہ میں نے تم پر بیچا اور خریدنے والا کہے میں نے اسے قبول کیا تو وہ ایک دوسرے سے جدا ہو گئے اور ان کا اختیار ختم ہوگیا وہ فرماتے ہیں ان دونوں کو جو اختیار حاصل تھا بائع کے مشتری کو یہ کہہ دینے سے کہ میں نے یہ غلام ایک ہزار درہم کے بدلے بیچا مشتری کے قبول کرنے سے پہلے ہی بائع کا اختیار ختم ہوگیا جب خریدار اسے قبول کرے وہ اور بائع دونوں ایک دوسرے سے جدا ہوگئے اور اختیار ختم ہوگیا یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اسی طرح ہے اللہ تعالیٰ نے طلاق کے بارے میں ذکر فرمایا "اگر وہ دونوں (میاں بیوی) ایک دوسرے سے جدا ہوجائیں تو اللہ تعالیٰ (ان میں سے) ہر ایک کو اپنی وسیع رحمت کے ساتھ (ایک دوسرے سے) بے نیاز کر دے گا" تو جب خاوند نے اپنی بیوی سے کہا کہ تجھے اتنی رقم پر طلاق دی اور عورت نے قبول کرلی تو طلاق بائنہ واقع ہوگئی اور وہ دونوں اس بات کے ساتھ ہی ایک دوسرے

بِذٰلِكَ الْقَوْلِ وَاِنْ لَمْ يَتَفَرَّقَا بِاَبْدَانِهِمَا۔

وَمِمَّنْ قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ وَفَسَّرَ بِهٰذَا التَّفْسِيْرِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

وَقَالَ عِيْسَى بْنُ اَبَانَ الْفُرْقَةُ الَّتِيْ تَقْطَعُ الْخِيَارَ الْمَذْكُوْرَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ هِيَ الْفُرْقَةُ بِالْاَبْدَانِ وَذٰلِكَ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا قَالَ لِلرَّجُلِ قَدْ بِعْتُكَ عَبْدِيْ هٰذَا بِاَلْفِ دِرْهَمٍ فَلِلْمُخَاطَبِ بِذٰلِكَ الْقَوْلِ اَنْ يَقْبَلَ مَا لَمْ يُفَارِقْ صَاحِبَهٗ فَاِذَا افْتَرَقَا لَمْ يَكُنْ لَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يَقْبَلَ۔

قَالُوْا وَلَوْلَا اَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ جَاءَ مَا عَلِمْنَا اَنَّ افْتِرَاقَ اَبْدَانِهِمَا بَعْدَ الْمُخَاطَبَةِ بِالْبَيْعِ يَقْطَعُ قَبُوْلَ تِلْكَ الْمُخَاطَبَةِ۔

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا التَّفْسِيْرُ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ قَالَ عِيْسٰى وَهٰذَا اَوْلٰى مَا حُمِلَ عَلَيْهِ تَاْوِيْلُ هٰذَا الْحَدِيْثِ لِاَنَّا رَاَيْنَا الْفُرْقَةَ الَّتِيْ لَهَا حُكْمٌ فِيْمَا اتَّفَقُوْا عَلَيْهِ هِيَ الْفُرْقَةُ فِي الصَّرْفِ فَكَانَتْ تِلْكَ الْفُرْقَةُ اِنَّمَا يَجِبُ بِهَا فَسَادُ عَقْدٍ مُتَقَدِّمٍ وَلَا يَجِبُ بِهَا صَلَاحُهٗ وَكَانَتْ هٰذِهِ الْفُرْقَةُ الْمَرْوِيَّةُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ خِيَارِ الْمُتَبَايِعَيْنِ اِذَا جَعَلْنَاهَا عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فَسَدَ بِهَا مَا كَانَ تَقَدَّمَ مِنْ عَقْدِ الْمُخَاطَبِ وَاِنْ جَعَلْنَاهَا عَلٰى مَا قَالَ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْفُرْقَةَ بِالْاَبْدَانِ يَتِمُّ بِهَا الْبَيْعُ كَانَتْ بِخِلَافِ فُرْقَةِ الصَّرْفِ وَلَمْ يَكُنْ لَهَا اَصْلٌ فِيْمَا اتَّفَقُوْا عَلَيْهِ لِاَنَّ الْفُرْقَةَ الْمُتَّفَقَ عَلَيْهَا اِنَّمَا يَفْسُدُ بِهَا مَا تَقَدَّمَهَا اِذَا لَمْ يَكُنْ تَمَّ حَتّٰى كَانَتْ فَاَوْلَى الْاَشْيَاءِ بِنَا اَنْ نَجْعَلَ هٰذِهِ الْفُرْقَةَ الْمُخْتَلَفَ فِيْهَا كَالْفُرْقَةِ الْمُتَّفَقِ عَلَيْهَا فَيَجِبُ بِهَا فَسَادُ مَا تَقَدَّمَهَا مِمَّا لَمْ يَكُنْ تَمَّ حَتّٰى كَانَتْ

جدا ہو گئے اگرچہ وہ جسمانی طور پر ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں وہ فرماتے ہیں اس طرح جب کوئی شخص دوسرے آدمی سے کہے کہ میں نے اپنا غلام تجھ پر ایک ہزار درہم کے بدلے بیچا اور مشتری کہے کہ میں نے قبول کیا تو وہ اس گفتگو کے ساتھ ایک دوسرے سے جدا ہو گئے اگرچہ جسمانی طور پر جدا نہ ہوئے ہوں اس قول کے قائلین اور اس بات کی وضاحت کرنیوالوں میں حضرت امام محمدؒ بھی شامل ہیں

حضرت عیسیٰ بن ابان فرماتے ہیں ان روایات میں جس جدائی کا ذکر ہے کہ اس سے اختیار ختم ہو جاتا ہے وہ جسمانی طور پر جدائی ہے وہ اس طرح کہ ایک شخص جب دوسرے سے کہتا ہے کہ میں نے تجھ پر اپنا غلام ایک ہزار درہم کے بدلے بیچا تو مخاطب کو یہ حق حاصل ہے کہ بائع سے جدا ہونے سے پہلے ۴

وہ فرماتے ہیں اگر یہ حدیث ہمارے پاس نہ آتی تو ہمیں معلوم نہ ہوتا کہ بائع نے جو خطاب کیا تھا مخاطب کب تک اسے قبول کر سکتا ہے اور کب اس کے لیے بیع واجب ہو جاتی ہے جب یہ حدیث آئی تو ہمیں معلوم معلوم ہو گیا کہ جب بائع (مشتری کو) مخاطب کرے پھر وہ دونوں جسمانی طور پر ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں تو اب خطاب کو قبول نہیں کر سکتے۔

حضرت امام ابو یوسفؒ سے یہی وضاحت مروی ہے حضرت عیسیٰ بن ابان فرماتے ہیں اس حدیث کی وضاحت میں جو کچھ کہا گیا ہے اس میں یہ وضاحت اولیٰ ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ جس جدائی پر اتفاق ہے وہ بیع صرف کی صورت میں (قبضہ کے بغیر) جدا ہونا ہے اس جدائی سے وہ عقد فاسد ہو جاتا ہے جو پہلے سے موجود تھا اس سے عقد کی درستگی لازم نہیں ہوتی پس بائع اور مشتری کے خیار کے سلسلے میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو جدائی مروی ہے اگر ہم اسے اس پر محمول کریں جس کا ہم نے ذکر کیا تو اس سے مخاطب کا وہ عقد فاسد ہو جائیگا جو پہلے موجود ہے۔ اور اگر اسکو اس معنیٰ پر محمول کریں جو جسمانی طور پر جدا ہونے کے قائلین کا موقف ہے تو اس سے سودا مکمل ہو جائیگا اور یہ بیع صرف میں جدا ہونے کے خلاف ہوگا اور متفق علیہ بات میں اسکی کوئی اصل نہ ہوگی کیونکہ جس فرقت پر اتفاق ہے اس کی وضاحت یہ ہے کہ وہ بیع کے مکمل ہونے سے پہلے ہوتی ہے یعنی ابھی سے بیع مکمل نہیں ہوتی حتیٰ کہ وہ اس فرقت سے مکمل ہوتی ہے پس بہترین بات یہ ہے کہ ہم اس مختلف فیہ جدائی کو متفق علیہ جدائی کی طرح

[illegible]

فثبت بذلك ما ذكرنا۔

وقال آخرون هذه الفرقة المذكورة في هذا الحديث هي الفرقة بالأبدان فلا يتم البيع حتى تكون فإذا كانت تم البيع۔

واحتجوا في ذلك بأن الخبر طلق ذكر المتبايعين فقال البيعان بالخيار ما لم يتفرقا قالوا فهما قبل البيع متساومان فإذا تبايعا صارا متبايعين فكان اسم البايع لا يجب لهما إلا بعد العقد فثم يجب لهما الخيار۔

واحتجوا في ذلك أيضا بما روي عن ابن عمر رضي الله عنهما أنه كان إذا بايع رجلا شيئا فأراد أن لا يقيله قام فمشى ثم رجع قالوا وهو قد سمع من النبي صلى الله عليه وسلم قوله البيعان بالخيار ما لم يتفرقا فكان ذلك عنده على التفرق بالأبدان وعلى أن البيع يتم بذلك فدل ما ذكرنا على أن مراد النبي صلى الله عليه وسلم كان كذلك أيضا۔

واحتجوا في ذلك أيضا بحديث أبي برزة الذي ذكرناه عنه في أول هذا الباب وبقوله للرجلين الذين اختصما إليه ما أراكما تفرقتما فكان ذلك التفرق عنده هو التفرق بالأبدان ولم يتم البيع عنده قبل ذلك التفرق۔

فكان من الحجة عندنا على أهل هذه المقالة لأهل المقالتين الأوليين أن ما ذكروا من قولهم لا يكونان متبايعين إلا بعد أن يتعاقدا البيع وهما قبل ذلك متساومان غير متبايعين فذلك إغفال منهم لسعة اللغة لأنه قد

قرار دیں اس سے اس فساد کا ازالہ ہو جائے گا جو پہلے موجود ہے اور وہ بیع

کچھ دوسرے حضرات نے فرمایا کہ اس حدیث میں جس فرقت کا ذکر کیا ہے اس سے جسمانی فرقت مراد ہے لہٰذا جب تک یہ فرقت نہ پائی جائے سودا مکمل نہیں ہوگا جب یہ پائی جائے گی تو بیع مکمل ہو جائے گی۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے کہ حدیث میں مطلق بائع اور مشتری کا ذکر ہے کہ آپ نے فرمایا خرید و فروخت کرنے والوں کو اختیار ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہو جائیں یہ حضرات فرماتے ہیں کہ سودا کرنے سے پہلے ایک دوسرے پر بھاؤ لگانے والے ہوتے ہیں جب وہ سودا کر لیتے ہیں تو بائع و مشتری بن جاتے ہیں لہٰذا ان پر بائع کا نام عقد کے بعد ہی بولا جاتا ہے۔

انہوں نے اس سلسلے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے بھی استدلال کیا ہے کہ آپ جب کسی شخص سے سودا کرتے اور واپس کرنا نہ چاہتے تو کھڑے ہو جاتے کچھ دور چلتے پھر واپس لوٹ آتے یہ حضرات فرماتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کا قول سنا تھا کہ بائع اور مشتری جب تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں انہیں اختیار ہے لہٰذا ان کے نزدیک اس سے مراد جسمانی طور پر جدا ہونا ہے نیز اس سے بیع مکمل ہو جاتی ہے تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات پر دلالت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہی ہو سکتی ہے۔

انہوں نے اس سلسلے میں حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے بھی استدلال کیا ہے جسے ہم نے اس باب کے شروع میں ذکر کیا اور انہوں نے ان دو آدمیوں سے جو آپ کے پاس اپنا مقدمہ لے کر آئے تھے فرمایا کہ میں تمہیں جدا ہونے والے نہیں سمجھتا تو ان کے نزدیک جدائی جسمانی مراد ہے لہٰذا ان کے نزدیک اس جدائی سے پہلے بیع مکمل نہیں ہوتی۔

ہمارے نزدیک اس قول والوں کے خلاف پہلے دو قول کے قائلین کی دلیل یہ ہے کہ انہوں نے جو ذکر کیا ہے کہ عقد کے بعد ہی وہ بائع اور مشتری کہلاتے ہیں اور اس سے پہلے وہ خرید کرنے والے نہیں بلکہ بھاؤ لگانے والے ہوتے ہیں تو یہ لغت کے اعتبار سے توجہ نہ کرنا (اور چشم پوشی کرنا) ہے کیونکہ

يَحْتَمِلُ أَنْ يَكُونَا سُمِّيَا مُتَبَايِعَيْنِ لِقُرْبِهِمَا مِنَ التَّبَايُعِ وَإِنْ لَمْ يَكُونَا تَبَايَعَا وَهٰذَا مَوْجُودٌ فِي اللُّغَةِ قَدْ سُمِّيَ إِسْحٰقُ أَوْ إِسْمٰعِيلُ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ ذَبِيحًا لِقُرْبِهِ مِنَ الذَّبْحِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ ذُبِحَ فَكَذٰلِكَ يُطْلَقُ عَلَى الْمُتَسَاوِمَيْنِ اِسْمُ الْمُتَبَايِعَيْنِ إِذَا قَرُبَا مِنَ الْبَيْعِ وَإِنْ لَمْ يَكُونَا تَبَايَعَا۔

۱۳۰۲۔ **وَقَدْ** قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسُومُ الرَّجُلُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ وَقَالَ لَا يَبِيعُ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ وَمَعْنَاهُمَا وَاحِدٌ۔

فَلَمَّا سَمَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسَاوِمَ الَّذِي قَدْ قَرُبَ مِنَ الْبَيْعِ مُتَبَايِعًا وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ قَبْلَ عَقْدِهِ الْبَيْعَ اِحْتَمَلَ أَيْضًا أَنْ يَكُونَ كَذٰلِكَ الْمُتَسَاوِمَانِ سَمَّاهُمَا مُتَبَايِعَيْنِ لِقُرْبِهِمَا مِنَ الْبَيْعِ وَإِنْ لَمْ يَكُونَا عَقَدَا عُقْدَةَ الْبَيْعِ۔

فَهٰذِهِ مُعَارَضَةٌ صَحِيحَةٌ۔

وَأَمَّا مَا ذَكَرُوا عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مِنْ فِعْلِهِ الَّذِي اسْتَدَلُّوا بِهِ عَلَى مُرَادِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفُرْقَةِ فَإِنَّ ذٰلِكَ قَدْ يَحْتَمِلُ عِنْدَنَا مَا قَالُوا وَيَحْتَمِلُ غَيْرَ ذٰلِكَ۔

قَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أُشْكِلَتْ عَلَيْهِ تِلْكَ الْفُرْقَةُ الَّتِي سَمِعَهَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هِيَ فَاحْتَمَلَتْ عِنْدَهُ الْفُرْقَةُ بِالْأَبْدَانِ عَلَى مَا ذَكَرَهُ أَهْلُ هٰذِهِ الْمَقَالَةِ وَاحْتَمَلَتْ عِنْدَهُ الْفُرْقَةُ بِالْأَبْدَانِ عَلَى مَا ذَكَرَهُ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الَّتِي ذَهَبَ إِلَيْهَا عِيسٰى وَاحْتَمَلَتْ عِنْدَهُ الْفُرْقَةُ بِالْأَقْوَالِ مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ الْآخَرُونَ وَلَمْ يَحْضُرْهُ دَلِيلٌ يَدُلُّهُ

فروخت کے قریب ہونے کی وجہ سے ان کو بائع اور مشتری کہا جا سکتا ہے اگرچہ انہوں نے (ابھی تک) سودا نہیں کیا اور لغت میں یہ بات موجود ہے حضرت اسحٰق یا حضرت اسماعیل علیہما السلام کو ذبح کے قریب ہونے کی وجہ سے ذبیح کہا گیا اگرچہ وہ ذبح نہیں ہوئے اسی طرح بھاؤ لگانے والوں کو بھی سودا کرنے والا کہا جا سکتا ہے جب وہ سودے کے قریب ہوں اگرچہ ابھی تک انہوں نے سودا نہ کیا ہو۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے بھاؤ پر بھاؤ نہ لگائے اور آپ نے فرمایا اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے تو ان دونوں کا ایک مفہوم ہے۔

تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بولی لگانے والے کو سودے کے قریب ہونے کی وجہ سے خرید و فروخت کرنے والا قرار دیا اگرچہ یہ بات عقد بیع سے پہلے کی ہے تو اس میں اس بات کا احتمال ہے کہ بھاؤ لگانے والوں کو خرید و فروخت کرنے والا قرار دیا ہو اگرچہ انہوں نے (ابھی تک) عقد بیع نہیں کیا

یہ صحیح معاوضہ ہے۔

اور جو کچھ انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل ذکر کیا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے تو اس میں ہمارے نزدیک وہ احتمال بھی ہے جو ان لوگوں نے کہا اور اس کے علاوہ کا بھی احتمال ہے۔

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما پر اس جدائی کا مفہوم مشتبہ ہو گیا ہو جس کے بارے میں انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ وہ کیا ہے؟ تو یہ بھی احتمال ہے کہ ان کے نزدیک وہ جسمانی فرقت مراد ہو جو اس قول والوں نے کہا اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ ان کے نزدیک وہ جسمانی فرقت مراد ہو جس کی طرف حضرت عیسیٰ بن ابان گئے ہیں اور ممکن ان کے نزدیک گفتگو کے ساتھ جدائی مراد ہو جیسے دوسرے حضرات نے قول کیا ہے اور ان (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما) کے پاس ایسی دلیل نہ ہو جس کی وجہ سے وہ کسی ایک مفہوم کو اولیٰ

أَنَّهُ بِأَحَدِهَا أَوْلَى مِنْهُ مِمَّا سِوَاهُ مِنْهَا فَفَارَقَ بَائِعَهُ بِبَدَنِهِ اِحْتِيَاطًا۔

قرار دیں تو انہوں نے احتیاطاً سودا کرنے والوں کے جسمانی طور پر جدا ہونے کو اس فرقت کا مصداق قرار دیا۔

وَيَحْتَمِلُ أَيْضًا أَنْ يَكُوْنَ فَعَلَ ذٰلِكَ لِأَنَّ بَعْضَ النَّاسِ يَرَى أَنَّ الْبَيْعَ لَا يَتِمُّ إِلَّا بِذٰلِكَ وَهُوَ يَرَى أَنَّ الْبَيْعَ يَتِمُّ بِغَيْرِهِ فَأَرَادَ أَنْ يَتِمَّ الْبَيْعُ فِيْ قَوْلِهِ وَقَوْلِ مُخَالِفِهِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ لِبَائِعِهِ نَقْضُ الْبَيْعِ عَلَيْهِ فِيْ قَوْلِهِ وَلَا فِيْ قَوْلِ مُخَالِفِهِ۔

اور یہ بھی احتمال ہے کہ آپ نے یہ عمل اس لیے کیا ہو کہ بعض حضرات کے نزدیک سودا اس عمل سے مکمل ہوتا ہے اور ان کا اپنا خیال یہ ہو کہ اس کے بغیر بھی سودا مکمل ہو جاتا ہے تو انہوں نے ارادہ فرمایا کہ ان کے اپنے قول اور مخالف کے قول دونوں کے مطابق بیع مکمل ہو جائے تاکہ ان کے قول کے مطابق بھی اور مخالف کے قول کے مطابق بھی بائع کے لیے سودے کو توڑنے کا حق باقی نہ رہے۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ مَا يَدُلُّ أَنَّ رَأْيَهُ فِي الْفُرْقَةِ كَانَ بِخِلَافِ مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ مَنْ ذَهَبَ إِلٰى أَنَّ الْبَيْعَ يَتِمُّ بِهَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ایسی بات مروی ہے جو فرقت کے سلسلے میں آپ کی رائے پر دلالت کرتی ہے اور وہ اس شخص کے مذہب کے خلاف ہے جس کے نزدیک بیع اس (فرقت) سے مکمل ہو جاتی ہے

۱۳۰۴۔ وَذٰلِكَ أَنَّ سُلَيْمٰنَ بْنَ شُعَيْبٍ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ مَا أَدْرَكَتِ الصَّفْقَةُ حَيًّا فَهُوَ مِنْ مَالِ الْمُبْتَاعِ۔

حضرت حمزہ بن عبد اللہ سے مروی ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا میں جو کچھ سودے سے موجود پایا جائے وہ خریدنے والے کے مال سے ہے۔

۱۳۰۵۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَهٰذَا ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَدْ كَانَ يَذْهَبُ فِيْمَا أَدْرَكَتِ الصَّفْقَةُ حَيًّا فَهَلَكَ بَعْدَهَا أَنَّهُ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِيْ فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّهُ كَانَ يَرَى أَنَّ الْبَيْعَ يَتِمُّ بِالْأَقْوَالِ قَبْلَ الْفُرْقَةِ الَّتِيْ تَكُوْنُ بَعْدَ ذٰلِكَ وَأَنَّ الْمَبِيْعَ بِتِلْكَ الْأَقْوَالِ مِنْ مِلْكِ الْبَائِعِ إِلٰى مِلْكِ الْمُبْتَاعِ حَتّٰى يَهْلِكَ مِنْ مَالِهِ إِنْ هَلَكَ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں جن کا مذہب یہ ہے کہ سودے میں سے جو کچھ موجود حاصل ہو جائے اس کے بعد وہ ہلاک ہو جائے تو وہ خریدنے والے کا مال ہے یہ اس بات پر دلالت ہے کہ ان کے نزدیک گفتگو (ایجاب وقبول) سے بیع مکمل ہو جاتی ہے اور بعد والی فرقت سے پہلے ہے اور اس کلام کے ذریعے بیچی جانے والی چیز بائع کی ملک سے نکل کر مشتری کی ملک میں مل جاتی ہے حتیٰ کہ اگر وہ ہلاک ہو تو مشتری کے مال سے ہلاک ہوتی ہے۔

فَهٰذَا الَّذِيْ ذَكَرْنَا أَدَلُّ عَلٰى مَذْهَبِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي الْفُرْقَةِ الَّتِيْ سَمِعَهَا

یہ جو کچھ ہم نے ذکر کیا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے اس جدائی کے سلسلے میں موقف پر زیادہ دلالت کرتا ہے جس جدائی کے

مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا ذَكَرُوا۔

وَأَمَّا مَا ذَكَرُوا عَنْ أَبِي بَرْزَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا حُجَّةَ لَهُمْ فِيهِ أَيْضًا عِنْدَنَا لِأَنَّ ذٰلِكَ الْحَدِيثَ إِنَّمَا هُوَ فِيمَا رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ مُرَّةَ أَنَّ رَجُلًا بَاعَ صَاحِبَهُ فَرَسًا فَبَاتَا فِي مَنْزِلٍ فَلَمَّا أَصْبَحَا قَامَ الرَّجُلُ يُسْرِجُ فَرَسَهُ فَقَالَ لَهُ بِعْتَنِي فَقَالَ أَبُو بَرْزَةَ إِنْ شِئْتُمَا قَضَيْتُ بَيْنَكُمَا بِقَضَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ حَتّٰى يَتَفَرَّقَا وَمَا أَرَى كُمَا تَفَرَّقْتُمَا۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيثِ مَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّهُمَا قَدْ كَانَا تَفَرَّقَا بِأَبْدَانِهِمَا لِأَنَّ فِيهِ أَنَّ الرَّجُلَ قَامَ يُسْرِجُ فَرَسَهُ فَقَدْ تَنَحّٰى بِذٰلِكَ مِنْ مَوْضِعٍ إِلٰى مَوْضِعٍ فَلَمْ يُرَاعِ أَبُو بَرْزَةَ ذٰلِكَ وَقَالَ مَا أَرَاكُمَا تَفَرَّقْتُمَا أَيْ لَمَّا كُنْتُمَا مُتَشَاجِرَيْنِ أَحَدُكُمَا يَدَّعِي الْبَيْعَ وَالْآخَرُ يُنْكِرُهُ لَمْ تَكُونَا تَفَرَّقْتُمَا الْفُرْقَةَ الَّتِي يَتِمُّ بِهَا الْبَيْعُ وَهِيَ خِلَافُ مَا قَدْ تَفَرَّقَا بِأَبْدَانِهِمَا۔

ثُمَّ بَعْدَ هٰذَا فَقَدْ وَجَدْنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ الْمَبِيعَ يَمْلِكُهُ الْمُشْتَرِي بِالْقَبُولِ دُونَ التَّفَرُّقِ بِالْأَبْدَانِ۔

۱۳۰- وَذٰلِكَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِيعُهُ حَتّٰى يَقْبِضَهُ فَكَانَ ذٰلِكَ دَلِيلًا عَلَى أَنَّهُ إِذَا قَبَضَهُ حَلَّ لَهُ بَيْعُهُ وَقَدْ يَكُونُ قَابِضًا لَهُ قَبْلَ افْتِرَاقِ بَدَنِهِ وَبَدَنِ بَائِعِهِ۔

وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بارے میں آپ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔

اور جو کچھ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی واسطہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اس میں بھی ان کے لیے کوئی دلیل نہیں کیونکہ اس حدیث میں حضرت حماد بن زید نے جمیل بن مرہ سے روایت کیا کہ ایک شخص نے اپنے ساتھی پر گھوڑا بیچا پھر ان دونوں نے رات اپنی منزل میں گزاری صبح ہوئی تو وہ شخص (بائع) کھڑا ہوا اور اپنے گھوڑے پر زین کسنے لگا خریدنے والے نے کہا تم نے تو یہ گھوڑا مجھ پر بیچا تھا تو (اس سلسلے میں) حضرت ابو برزہؓ نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تمہارے درمیان سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق فیصلہ کر دوں آپ نے فرمایا خرید و فروخت کرنے والوں کو جدا ہونے تک اختیار رہے اور میں تمہیں جدا ہونے والا خیال نہیں کرتا۔

تو اس حدیث میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ وہ جسمانی طور پر ایک دوسرے سے جدا ہو گئے تھے کیونکہ اس حدیث میں ہے کہ وہ شخص کھڑا ہو کر گھوڑے پر زین کسنے لگا لہٰذا وہ ایک جگہ سے ہٹ کر دوسری جگہ چلا گیا تو حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے اس بات کی رعایت نہیں کی اور فرمایا کہ میں تمہیں جدا ہونے والا نہیں سمجھتا کیونکہ تمہارا ایک دوسرے کے ساتھ جھگڑا ہے ایک دعویٰ کرتا ہے اور دوسرا منکر ہے تو یہ وہ فرقت نہیں ہے جس کے ذریعے سودا مکمل ہو جاتا ہے اور یہ بات تمہاری اس جسمانی جدائی کے خلاف ہے۔

پھر اس کے بعد ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی بات پائی جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بات چیت سے ہی مشتری مبیع کا مالک ہو جاتا ہے جسمانی فرقت کی ضرورت نہیں ہوتی۔

وہ یوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص غلہ خریدے تو اسے قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچے تو یہ اس بات پر دلیل ہے کہ قبضہ کرنے کے بعد اس کے لیے بیچنا جائز ہو جاتا ہے اور بعض اوقات وہ بائع سے جسمانی طور پر الگ ہونے سے پہلے ہی قبضہ کر لیتا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا جس نے کوئی

مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِيعُهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ وَسَنَذْكُرُ هٰذِهِ الْاٰثَارَ فِيْ مَوَاضِعِهَا مِنْ كِتَابِنَا هٰذَا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

کھانے کی چیز خریدیں تو جب تک اسے وصول نہ کرے فروخت نہ کرے ہم ان روایات کو ان شاء اللہ ان کے مقام پر ذکر کریں گے ۔

١٣٧- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ ح وَحَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ مُوْسَى بْنِ وَرْدَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ كُنْتُ اَشْتَرِي التَّمْرَ فَاَبِيْعُهُ بِرِبْحِ الْاَصْعِ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَرَيْتَ فَاكْتَلْ وَاِذَا بِعْتَ فَكِلْ۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے سنا وہ منبر پر خطبہ دیتے ہوئے فرمارہے تھے کہ میں کھجوریں خرید کر کچھ صاع کے نفع پر بیچتا تھا تو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے فرمایا جب خریدو تو ماپ کر لو اور جب ماپ کر دو ۔

فَكَانَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا مُكَايَلَةً فَبَاعَهُ قَبْلَ اَنْ يَكْتَالَهُ لَا يَجُوْزُ بَيْعُهُ وَاِذَا ابْتَاعَهُ فَاكْتَالَهُ وَقَبَضَهُ ثُمَّ فَارَقَ بَايِعَهُ فَكُلٌّ قَدْ اَجْمَعَ اَنَّهُ لَا يَحْتَاجُ بَعْدَ الْفُرْقَةِ اِلٰى اِعَادَةِ الْكَيْلِ وَخُوْلِفَ بَيْنَ اكْتِيَالِهِ اِيَّاهُ بَعْدَ الْبَيْعِ قَبْلَ التَّفَرُّقِ وَبَيْنَ اكْتِيَالِهِ اِيَّاهُ قَبْلَ الْبَيْعِ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّهُ اِذَا اكْتَالَهُ اكْتِيَالًا يَحِلُّ لَهُ بَيْعُهُ فَقَدْ كَانَ ذٰلِكَ الْاِكْتِيَالُ مِنْهُ وَهُوَ لَهُ مَالِكٌ وَاِذَا اكْتَالَهُ اكْتِيَالًا لَا يَحِلُّ لَهُ بَيْعُهُ فَقَدْ كَالَهُ وَهُوَ غَيْرُ مَالِكٍ لَهُ فَثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا وُقُوْعُ مِلْكِ الْمُشْتَرِيْ فِي الْبَيْعِ بِابْتِيَاعِهِ اِيَّاهُ قَبْلَ فُرْقَةٍ تَكُوْنُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِيْقِ الْاٰثَارِ۔

تو جو شخص غلہ (پیمانے کے ساتھ) ماپ کر لیتا ہے اور پھر ماپنے سے پہلے اسے بیچ دیتا ہے اس کا سودا جائز نہیں لیکن جب خریدنے کے بعد ماپ کر کے پھر قبضہ کرتا ہے اور اس کے بعد بائع سے جدا ہوتا ہے تو اس پر سب کا اجماع ہے کہ اس فرقت کے بعد دوبارہ ماپنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ البتہ سودے کے بعد اور جدا ہونے سے پہلے ماپنے اور سودے سے پہلے ماپنے کے درمیان اختلاف کیا گیا ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ اگر وہ اس کا ایسا ماپ کرے جس کے بعد اس کا بیچنا جائز ہے تو یہ ماپ اس حالت سے ہوگا اور وہ اس کا مالک ہوگا اور اگر وہ ایسا ماپ کرے جس کے بعد اس کے لیے بیچنا جائز نہیں تو اس نے اس حالت میں ماپا وہ اس کا مالک نہیں تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوگیا خریدنے والے کو جدا ہونے سے پہلے ہی محض سودے کے ساتھ ملکیت حاصل ہو جاتی ہے ۔ روایات کے طریقے پر اس باب کا یہ بیان ہے ۔

وَاَمَّا مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَاِنَّا قَدْ رَاَيْنَا الْاَمْوَالَ تُمْلَكُ بِعُقُوْدٍ فِيْ اَبْدَانٍ وَفِيْ اَمْوَالٍ وَفِيْ مَنَافِعَ وَفِيْ اِبْضَاعٍ فَكَانَ مَا يُمْلَكُ مِنَ الْاِبْضَاعِ هُوَ النِّكَاحُ فَكَانَ ذٰلِكَ يَتِمُّ بِالْعَقْدِ لَا بِفُرْقَةٍ بَعْدَهُ وَكَانَ مَا يُمْلَكُ بِهِ الْمَنَافِعُ

اور غور و فکر کے طریقے پر اس کا بیان اس طرح ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ عقود کے ذریعے جسموں، مالوں اور شرمگاہوں کی ملکیت ہو جاتی ہے شرمگاہوں کی ملک نکاح کے ذریعے حاصل ہوتی ہے اور وہ عقد سے مکمل ہو جاتا ہے اس کے بعد جدا ہونے کے ساتھ نہیں منافع کی ملک، اجارہ کے صورت میں حاصل ہوتی ہے اور یہ بھی محض عقد

هُوَ الْإِجَارَاتُ فَكَانَ ذٰلِكَ أَيْضًا مَمْلُوكًا بِالْعَقْدِ لَا بِالْفُرْقَةِ بَعْدَ الْعَقْدِ فَالنَّظَرُ عَلٰى ذٰلِكَ أَنْ يَكُونَ كَذٰلِكَ الْأَمْوَالُ الْمَمْلُوكَةُ بِسَائِرِ الْعُقُودِ مِنَ الْبُيُوعِ وَغَيْرِهَا تَكُونُ مَمْلُوكَةً بِالْأَقْوَالِ لَا بِالْفُرْقَةِ بَعْدَهَا قِيَاسًا وَنَظَرًا عَلٰى مَا ذَكَرْنَا مِنْ ذٰلِكَ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ ـ

سے حاصل ہو جاتی ہے جدا ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تو قیاس کا تقاضا ہے کہ بیع وغیرہ کے ذریعے جن اموال کی ملکیت حاصل ہوتی ہے۔ ان کا بھی یہی حکم ہو عقد کے بعد فرقت پر موقوف نہ ہو قیاس اور غور و فکر سے ہماری اس مذکورہ بالا تقریر کی تائید ہو رہی ہے اور یہی حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے ـ

بَابُ بَيْعِ الْمُصَرَّاةِ ـ ۲۴۵

باب تھنوں میں دودھ روکے ہوئے جانور کی بیع

۱۳۰۸ـ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا عَوْفٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ وَخِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى شَاةً مُصَرَّاةً أَوْ لِقْحَةً مُصَرَّاةً فَحَلَبَهَا فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَيْنَ أَنْ يَخْتَارَهَا وَبَيْنَ أَنْ يَرُدَّهَا وَإِنَاءً مِنْ طَعَامٍ ـ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے ایسی بکری یا ایسی اونٹنی خریدی جس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا (تاکہ خریدنے والے کو زیادہ معلوم ہو اور وہ یہ سمجھے کہ ہمیشہ اسی طرح ہوتا ہے) تو اسے دو باتوں میں سے ایک کا اختیار ہے یا تو اسے رکھ لے اور یا اسے واپس کرے اور اس کے ساتھ غلہ سے بھرا ہوا برتن (جس برتن میں دودھ دوہتے ہیں) بھی دے ـ

۱۳۰۹ـ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ ابْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَحَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ هُوَ ابْنُ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ هٰكَذَا فِي حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ وَفِي حَدِيثِ أَيُّوبَ وَصَاعًا مِنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ ـ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے تھنوں میں دودھ روکا ہوا جانور خریدا تو اسے اختیار ہے چاہے تو اسے واپس کر دے اور اس کے ساتھ ایک صاع کھجوریں بھی دے۔ محمد بن زیاد کی روایت میں اسی طرح ہے لیکن ایوب کی روایت میں ہے کہ وہ گندم نہ ہو ـ

۱۳۱۰ـ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْجِيزِيُّ وَصَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ایسی بکری خریدی جس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا تھا تو اسے لے جائے اس

نَافِعٍ ح وَحَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالُوْا ثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰى شَاةً مُصَرَّاةً فَلْيَنْقَلِبْ بِهَا فَلْيَحْلِبْهَا فَاِنْ رَضِيَ حِلَابَهَا اَمْسَكَهَا وَاِلَّا رَدَّهَا وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ۔

کا دودھ دوہے اگر اس کے دودھ پر راضی ہو جائے تو روک لے ورنہ اسے واپس لوٹا دے اور اس کے ساتھ کھجوروں کا ایک صاع بھی دے۔

۱۳۱۱۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

حضرت اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۱۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ابْنُ لَهِيْعَةَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ وَعِكْرِمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى شَاةً مُصَرَّاةً اَوْ لِقْحَةً مُصَرَّاةً وَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّهَا مُصَرَّاةٌ فَاِنَّهُ اِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَمَعَهَا صَاعٌ مِّنْ تَمْرٍ وَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ایسی بکری یا ایسی اونٹنی خریدی جس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا تھا اور اسے یہ معلوم نہ ہوا کہ اس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا ہے اگر چاہے تو اسے لوٹا دے اور اس کے ساتھ ایک صاع کھجوریں بھی دے اور اگر چاہے تو اسے رکھ لے۔

۱۳۱۳۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ اَبَا اِسْحٰقَ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى شَاةً مُصَرَّاةً فَلْيَنْقَلِبْ بِهَا فَلْيَحْلِبْهَا فَاِنْ رَضِيَ حِلَابَهَا اَمْسَكَهَا وَاِلَّا رَدَّهَا وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے مروی ہے وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے ایسی بکری خریدی جس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا ہے تو وہ اسے لے جائے دودھ دوہے اگر اس کے دودھ پر راضی ہو جائے تو رکھ لے ورنہ واپس کر دے اور اس کے ساتھ کھجوروں کا ایک صاع بھی دے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَقَدْ رُوِيَتْ هٰذِهِ الْاٰثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا ذَكَرْنَا وَلَمْ يُذْكَرْ فِيْهَا لِخِيَارِ الْمُشْتَرِيْ وَقْتًا۔

حضرت ابوطحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ روایات سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح مروی ہیں جس طرح ہم نے ذکر کیا لیکن اس میں خریدار کے اختیار کی مدت بیان نہیں کی گئی۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ اَنَّهُ جَعَلَ الْخِيَارَ لَهُ فِيْ ذٰلِكَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ۔

آپ سے یہ بھی مروی ہے کہ اسے تین دن تک اختیار ہے۔

۱۳۱۴۔ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا

حضرت اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الشَّاةِ وَهِيَ مُحَفَّلَةٌ فَاِذَا بَاعَهَا فَاِنَّ صَاحِبَهَا بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ كَرِهَهَا رَدَّهَا وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ایسی بکری کے بیچنے سے منع فرمایا جس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا ہو پس جب اسے بیچے تو خریدنے والے کو تین دن کا اختیار ہے اگر ناپسند کرے تو واپس لوٹا دے اور اس کے ساتھ ایک صاع کھجوریں بھی دے ۔

۱۳۱۵۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَعْقُوْبُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ سُهَيْلَ ابْنَ اَبِيْ صَالِحٍ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ فِيْهَا بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا وَاِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ایسی بکری بیچی جس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا ہو تو اسے تین دن کا اختیار ہے اگر چاہے تو اس کو رکھ لے اور چاہے تو اسے واپس کر دے اور اس کے ساتھ کھجوروں کا ایک صاع بھی دے ۔

۱۳۱۶۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ وَهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَحَبِيْبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ

حضرت محمد بن سیرین ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے نقل کیا کہ ایک صاع غلہ دے لیکن وہ گندم نہ ہو ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الشَّاةَ الْمُصَرَّاةَ اِذَا اشْتَرَاهَا رَجُلٌ فَحَلَبَهَا فَلَمْ يَرْضَ حِلَابَهَا فِيْمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ كَانَ بِالْخِيَارِ اِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا وَاِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔ وَمِمَّنْ ذَهَبَ اِلٰى ذٰلِكَ ابْنُ اَبِيْ لَيْلٰى اِلَّا اَنَّهُ قَالَ يَرُدُّهَا وَيَرُدُّ مَعَهَا قِيْمَةَ صَاعٍ مِّنْ تَمْرٍ وَقَدْ كَانَ اَبُوْ يُوْسُفَ اَيْضًا قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ فِيْ بَعْضِ اَمَالِيْهِ غَيْرَ اَنَّهُ لَيْسَ بِالْمَشْهُوْرِ عَنْهُ وَخَالَفَ ذٰلِكَ كُلَّهُ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَيْسَ لِلْمُشْتَرِيْ رَدُّهَا بِالْعَيْبِ وَلٰكِنَّهُ يَرْجِعُ عَلَى الْبَائِعِ بِنُقْصَانِ الْعَيْبِ۔ وَمِمَّنْ قَالَ ذٰلِكَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا۔ وَذَهَبُوْا اِلٰى اَنَّ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ مِمَّا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ تھنوں میں رد کیے ہوئے دودھ والی بکری کو جب کوئی شخص خریدے پھر اسی کا دودھ دوھے اور تین دن اسکی دودھ سے راضی (مطمئن) نہ ہو تو اسے اختیار ہے اگر چاہے تو اسے رکھ لے اور اگر چاہے تو واپس کر دے اور اس کے ساتھ کھجوروں کا ایک صاع بھی دے ۔

ان حضرات نے ان مندرجہ بالا روایات سے استدلال کیا ہے حضرت ابن ابی لیلیٰ بھی ان حضرات میں شامل ہیں البتہ انہوں نے فرمایا کہ وہ اسے واپس کرے اور اس کے ساتھ ایک صاع کھجوروں کی قیمت بھی دے حضرت امام ابویوسفؒ نے بھی اپنی بعض املاء میں اسی طرح فرمایا ہے لیکن ان سے یہ بات مشہور نہیں ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان تمام باتوں کی مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں خریدنے والے م

م کے لیے جائز نہیں کہ وہ عیب کی وجہ سے اسے لوٹائے البتہ اسکے نقصان کے سلسلے میں بائع کی طرف رجوع کرے اس بات کے قائلین میں حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت محمد بن حسن رحمہما اللہ بھی شامل ہیں۔

لَهُ فِي هٰذَا الْبَابِ مَنْسُوْخٌ فَرُوِيَ عَنْهُمْ هٰذَا الْكَلَامُ مُجْمَلًا ثُمَّ اخْتُلِفَ عَنْهُمْ مِنْ بَعْدُ فِي الَّذِي نَسَخَ ذٰلِكَ مَا هُوَ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ فِيمَا أَخْبَرَنِي عَنْهُ ابْنُ أَبِي عِمْرَانَ نَسَخَهُ قَوْلُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا وَقَدْ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ بِأَسَانِيدِهِ فِيمَا تَقَدَّمَ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ فَلَمَّا قَطَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْفُرْقَةِ الْخِيَارَ ثَبَتَ بِذٰلِكَ أَنَّهُ لَا خِيَارَ لِأَحَدٍ بَعْدَهَا إِلَّا لِمَنِ اسْتَثْنَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ بِقَوْلِهِ إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ وَهٰذَا التَّأْوِيلُ عِنْدِي فَاسِدٌ لِأَنَّ الْخِيَارَ الْمَجْعُولَ فِي الْمُصَرَّاةِ إِنَّمَا هُوَ خِيَارُ عَيْبٍ وَخِيَارُ الْعَيْبِ لَا يَقْطَعُهُ الْفُرْقَةُ۔ أَلَا تَرَى أَنَّ رَجُلًا لَوِ اشْتَرَى عَبْدًا فَقَبَضَهُ وَتَفَرَّقَا ثُمَّ رَأَى بِهِ عَيْبًا بَعْدَ ذٰلِكَ أَنَّ لَهُ رَدَّهُ عَلَى بَائِعِهِ بِاتِّفَاقِ الْمُسْلِمِينَ وَلَا يَقْطَعُ ذٰلِكَ التَّفَرُّقُ الَّذِي رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْآثَارِ الْمَذْكُورَةِ عَنْهُ فِي ذٰلِكَ فَكَذٰلِكَ الْمُبْتَاعُ لِلشَّاةِ الْمُصَرَّاةِ إِذَا قَبَضَهَا فَاحْتَلَبَهَا فَعَلِمَ أَنَّهَا عَلَى غَيْرِ مَا كَانَ ظَهَرَ لَهُ مِنْهَا وَكَانَ ذٰلِكَ لَا يَعْلَمُهُ فِي احْتِلَابِهِ مَرَّةً وَلَا مَرَّتَيْنِ جُعِلَتْ لَهُ فِي ذٰلِكَ هٰذِهِ الْمُدَّةُ وَهِيَ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ حَتّٰى يَحْلُبَهَا فِي ذٰلِكَ فَيَقِفَ عَلَى حَقِيقَةِ مَا هِيَ عَلَيْهِ فَإِنْ كَانَ بَاطِنُهَا كَظَاهِرِهَا فَقَدْ لَزِمَتْهُ وَاسْتَوْفَى مَا اشْتَرَى وَإِنْ كَانَ ظَاهِرُهَا خِلَافَ بَاطِنِهَا فَقَدْ ثَبَتَ الْعَيْبُ وَوَجَبَ لَهُ رَدُّهَا بِهِ فَإِنْ حَلَبَهَا بَعْدَ الثَّلَاثَةِ الْأَيَّامِ فَقَدْ حَلَبَهَا بَعْدَ

ان کا موقف یہ ہے کہ اس باب میں جو روایات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی گئی ہیں وہ منسوخ ہیں ان حضرات سے یہ کلام مجمل طور پر مروی ہے پھر اس بارے میں اختلاف ہے کہ ان کا ناسخ کیا ہے محمد بن شجاع فرماتے ہیں مجھے جو کچھ ابن ابی عمران سے خبر ملی ہے وہ یہ ہے کہ ان روایات کا ناسخ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ ارشاد گرامی ہے کہ خرید و فروخت کرنے والے جب تک ایک دوسرے سے الگ نہ ہوں انہیں اختیار ہے اس روایت کو اس کی اسناد کے ساتھ اس سے پہلے ہم نے ذکر کر دیا۔ جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے الگ الگ ہو جانے اختیار کو ختم کر دیا تو اس سے ثابت ہوا کہ اس کے بعد کسی کو اختیار نہیں البتہ اسکو اختیار حاصل رہے گا جسے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس قول کے ذریعے مستثنیٰ قرار دیا آپ نے فرمایا مگر یہ کہ بیع میں خیار رکھا جائے۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میرے نزدیک یہ تاویل فاسد ہے کیونکہ مصراۃ (تھنوں میں دودھ روکے ہوئے جانور) کی بیع میں خیار عیب ہے اور وہ بائع اور مشتری کی جدائی سے ختم نہیں ہوتا۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ اگر کوئی شخص ایک غلام خرید کر اس پر قبضہ کر لے پھر وہ دونوں (بائع اور مشتری) ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں اس کے بعد اس (غلام) میں عیب دیکھے تو مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ اسے واپس کرنے کا حق ہے اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی روایات میں جس فرقت کا ذکر ہے وہ اس حق کو ختم نہیں کرتی اسی طرح اگر مصراۃ بکری کو خریدنے والا اس پر قبضہ کرنے کے بعد اس کا دودھ دوہتا ہے تو اسے معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ ظاہر تھا یہ اس کے خلاف ہے اور اس بات کا علم ایک دو بار دوہنے سے نہیں ہوتا تو اسے یہ مدت یعنی تین دن دیئے جائیں گے تاکہ وہ (بار بار) دوہ کر حقیقت سے آگاہ ہو سکے اگر اس کا باطن ظاہر کی طرح ہے تو بیع لازم ہو جائے گی اور جو کچھ خریدا ہے اسے حاصل کرے اگر ظاہر باطن کے خلاف ہو تو عیب ثابت ہو جائے گا۔ اور اس کے لیے لوٹانا واجب ہو گا اگر تین دن کے بعد دوہے تو گویا اس نے عیب کا علم حاصل ہونے کے بعد اس کو دوہا ہے تو یہ اسکی طرف سے رضامندی ہوگی تو اس علت کی وجہ سے جو ذکر کی گئی، وہ تاویل جو بیان ہوئی، فاسد ہے

بَيْعِهَا فَذَلِكَ رِضَاءٌ مِنْهُ بِهَا فَلِهَذِهِ الْعِلَّةِ الَّتِي ذُكِرَتْ وَجَبَ فَسَادُ التَّأْوِيلِ الَّذِي وُصِفَ.

گئی۔

وَقَالَ عِيسَى بْنُ أَبَانَ كَانَ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُكْمِ فِي الْمُصَرَّاةِ بِمَا فِي الْآثَارِ الْأُوَلِ فِي وَقْتِ مَا كَانَتِ الْعُقُوبَاتُ فِي الذُّنُوبِ يُؤْخَذُ بِهَا الْأَمْوَالُ۔

حضرت عیسیٰ بن ابان فرماتے ہیں مصراۃ کے حکم کے سلسلے میں جو کچھ روایات میں آیا ہے یہ اس وقت کی بات ہے جب گناہوں کی سزائیں مالوں کے ذریعے دی جاتی ہیں۔

فَمِنْ ذَلِكَ مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الزَّكُوةِ أَنَّهُ مَنْ أَدَّاهَا طَائِعًا فَلَهُ أَجْرُهَا وَإِلَّا أَخَذْنَاهَا مِنْهُ وَشَطْرَ مَالِهِ عُزْمَةٌ مِنْ عُزْمَاتِ رَبِّنَا عَزَّ وَجَلَّ۔

اسی وجہ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے زکوٰۃ کے سلسلے میں فرمایا جو شخص بخوشی ادا کرے گا اس کے لیے اس کا اجر ہے ورنہ ہم خود اس سے وصول کریں گے اور اسکے مال کا کچھ حصہ بطور تاوان لیں گے یہ ہمارے رب کے تاوان میں سے ہے۔

وَمِنْ ذَلِكَ مَا رُوِيَ عَنْهُ فِي حَدِيثِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ فِي سَارِقِ الثَّمَرَةِ الَّتِي لَمْ تُحْرَزْ فَإِنَّهُ يُضْرَبُ جَلَدَاتٍ وَيَغْرَمُ مِثْلَيْهَا وَقَدْ ذَكَرْنَا ذَلِكَ بِأَسَانِيدِهِ فِي بَابِ وَطْءِ الرَّجُلِ جَارِيَةَ امْرَأَتِهِ فَأَغْنَانَا ذَلِكَ عَنْ إِعَادَةِ ذِكْرِهَا هُهُنَا قَالَ فَلَمَّا كَانَ الْحُكْمُ فِي أَوَّلِ الْإِسْلَامِ كَذَلِكَ نَسَخَ اللَّهُ الرِّبَوا فَرُدَّتِ الْأَشْيَاءُ الْمَأْخُوذَةُ إِلَى أَمْثَالِهَا إِنْ كَانَتْ لَهَا أَمْثَالٌ وَإِلَى قِيمَتِهَا إِنْ كَانَتْ لَا أَمْثَالَ لَهَا وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهَى عَنِ التَّصْرِيَةِ رُوِيَ عَنْهُ فِي ذَلِكَ۔

اسی سے وہ روایت ہے جو حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ السلام سے اس پھل کی چوری کے سلسلے میں روایت کی ہے جسے محفوظ نہیں کیا گیا کہ اسے کچھ کوڑے مارے جائیں اور اس (پھل) سے دوگنا بطور تاوان لیا جائے۔ یہ حدیث ہم نے "بیوی کی لونڈی سے وطی کرنے" کے باب میں اس کی اسناد کے ساتھ ذکر کی ہے لہٰذا یہاں اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ حضرت عیسیٰ بن ابان فرماتے ہیں جب آغاز اسلام میں حکم اس طرح تھا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے سود کو منسوخ فرمایا تو اشیاء اپنی مثل کی طرف لوٹ گئیں اگر ان کی مثل ہو اور قیمت کی طرف لوٹ گئیں اگر ان کی مثل نہ ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تھنوں میں دودھ روکنے سے منع فرمایا اس سلسلے میں آپ سے مروی ہے۔

۱۳۱۹۔ فَذَكَرَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا الْمَسْعُودِيُّ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أَشْهَدُ عَلَى الصَّادِقِ الْمَصْدُوقِ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ أَنَّ بَيْعَ الْمُحَفَّلَاتِ خَلَابَةٌ وَلَا يَحِلُّ خَلَابَةُ مُسْلِمٍ فَكَانَ مَنْ فَعَلَ ذَلِكَ وَبَاعَ مَا قَدْ جَعَلَ بِبَيْعِهِ إِيَّاهُ

حضرت مسروق بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں صادق مصدوق ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم پر گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے فرمایا تھنوں میں دودھ روکے ہوئے جانوروں کی بیع دھوکا ہے اور مسلمان کے ساتھ دھوکہ کرنا جائز نہیں لہٰذا جو شخص ایسا کرے اس چیز کو فروخت کرے تو وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے روگردانی کرنے والا ہے اور آپ نے اس چیز سے منع فرمایا اس پر عمل میرا ہونے والا ہے اس کی سزا یہ ہے کہ تین دن

مُخَالِفًا لِمَا اَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَاخِلًا فِيْمَا نَهٰى عَنْهُ فَكَانَتْ عُقُوْبَتُهُ فِيْ ذٰلِكَ اَنْ يُجْعَلَ اللَّبَنُ الْمَحْلُوْبُ فِي الْاَيَّامِ الثَّلَاثَةِ لِلْمُشْتَرِيْ بِصَاعٍ مِّنْ تَمْرٍ وَلَعَلَّهُ يُسَاوِيْ اٰصِعًا كَثِيْرَةً ثُمَّ نُسِخَتِ الْعُقُوْبَاتُ فِي الْاَمْوَالِ بِالْمَعَاصِيْ وَرُدَّتِ الْاَشْيَاءُ اِلٰى مَا ذَكَرْنَا۔

فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ وَوَجَبَ رَدُّ الْمُصَرَّاةِ بِعَيْنِهَا وَقَدْ زَالَ عَنْهَا اللَّبَنُ عَلِمْنَا اَنَّ ذٰلِكَ اللَّبَنَ اَخَذَهُ الْمُشْتَرِيْ مِنْهَا قَدْ كَانَ بَعْضُهُ فِيْ ضَرْعِهَا فِيْ وَقْتِ وُقُوْعِ الْبَيْعِ عَلَيْهَا فَهُوَ فِيْ حُكْمِ الْمَبِيْعِ وَبَعْضُهُ حَدَثَ فِيْ ضَرْعِهَا فِيْ مِلْكِ الْمُشْتَرِيْ بَعْدَ وُقُوْعِ الْبَيْعِ عَلَيْهَا فَذٰلِكَ لِلْمُشْتَرِيْ فَلَمَّا لَمْ يُمْكِنْ رَدُّ اللَّبَنِ بِكَمَالِهِ عَلَى الْبَائِعِ اِذْ كَانَ بَعْضُهُ مِمَّا لَمْ يَمْلِكْ بَيْعَهُ وَلَمْ يُمْكِنْ اَنْ يَجْعَلَ اللَّبَنَ كُلَّهُ لِلْمُشْتَرِيْ اِذَا كَانَ مَلَكَ بَعْضَهُ مِنْ قِبَلِ الْبَائِعِ بِبَيْعِهِ اِيَّاهُ الشَّاةَ الَّتِيْ قَدْ رَدَّهَا عَلَيْهِ بِالْعَيْبِ وَكَانَ مِلْكُهُ لَهُ اِيَّاهُ بِجُزْءٍ مِّنَ الثَّمَنِ الَّذِيْ كَانَ وَقَعَ بِهِ الْبَيْعُ فَلَا يَجُوْزُ اَنْ يَرُدَّ الشَّاةَ بِجَمِيْعِ الثَّمَنِ وَيَكُوْنُ ذٰلِكَ اللَّبَنُ سَالِمًا لَهُ بِغَيْرِ ثَمَنٍ فَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ مَنَعَ الْمُشْتَرِيْ مِنْ رَدِّهَا وَرَجَعَ عَلٰى بَائِعِهِ بِنُقْصَانٍ عَلَيْهَا قَالَ عِيْسٰى فَهٰذَا وَجْهُ حُكْمِ بَيْعِ الْمُصَرَّاةِ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ وَالَّذِيْ قَالَهُ عِيْسٰى مِنْ هٰذَا يَحْتَمِلُ غَيْرَ اَنِّيْ رَاَيْتُ فِيْ ذٰلِكَ وَجْهًا هُوَ اَشْبَهُ عِنْدِيْ بِنَسْخِ هٰذَا الْحَدِيْثِ مِنْ ذٰلِكَ الْوَجْهِ الَّذِيْ ذَهَبَ اِلَيْهِ عِيْسٰى۔

وَذٰلِكَ اَنَّ لَبَنَ الْمُصَرَّاةِ الَّذِي احْتَلَبَهُ الْمُشْتَرِيْ مِنْهَا فِي الثَّلَاثَةِ الْاَيَّامِ الَّتِي احْتَلَبَهَا

میں جو دودھ اس نے دوہا ہے وہ مشتری کو ایک صاع کھجوروں کے بدلے حاصل ہو ممکن ہے وہ کئی صاع کے برابر ہو اس کے بعد اموال کے ذریعے سزاؤں کا حکم منسوخ ہو گیا اور اشیاء کو اس بات طرف لوٹایا گیا جس کا ہم نے ذکر کیا (یعنی مثلی ہو تو اس کی مثل ورنہ قیمت دی جائے)

جب بات یوں ہے اور مصراۃ جانور کو بعینہ واپس ضروری ہے اور اس سے دودھ زائل ہو چکا ہے تو اس جو دودھ خریدنے والے کو حاصل ہوا اس میں سے کچھ سودا وقت اس کے تھنوں میں تھا وہ بیع کے حکم میں ہو گا اور کچھ دودھ خریدنے کے بعد مشتری کی ملکیت میں پیدا ہوا وہ مشتری کا ہے جب سارے کے سارے دودھ کو بائع کی طرف نہیں لوٹایا گیا کیونکہ بعض دودھ کی بیع کا وہ مالک نہیں ہے اور تمام دودھ کو مشتری کی ملک بھی قرار نہیں دے سکتے کیونکہ کچھ دودھ کا وہ بائع کی طرف سے مالک ہوا جب اس نے اس پر اس بکری کو بیچا جس نے عیب کی وجہ سے لوٹا دیا اور بائع نے اسے اتنی قیمت جس کی بکری کا مالک بنایا تھا جس کے ساتھ سودا ہوا پس جائز نہیں کہ بکری کو پوری قیمت کے بدلے لوٹایا جائے اور یہ دودھ کسی قیمت کے بغیر مکمل طور پر اس (مشتری) کے لیے ہو جب معاملہ یوں ہے تو خریدنے والے کو واپس لوٹانے سے منع کیا جائے گا اور وہ عیب کی وجہ سے ہونے والا نقصان کے لیے بائع کی طرف رجوع کرے گا حضرت عیسیٰ بن ابان فرماتے ہیں مصراۃ کے سودے کا حکم اس طریقے پر ہے۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں عیسیٰ بن ابان نے یہ جو بات فرمائی ہے اس میں انکے قول کے علاوہ کا احتمال ہے میں اس میں ایک اور وجہ دیکھتا ہوں جو اس حدیث کے منسوخ ہونے کے سلسلے میں اس سے زیادہ بہتر ہے جس کی طرف حضرت عیسیٰ گئے ہیں وہ اس طرح ہے کہ مصراۃ جانور کا وہ دودھ جو تین دن والا دوہتا رہا اس میں سے بعض دودھ سودے سے پہلے بائع کی

فِيهَا قَدْ كَانَ بَعْضُهُ فِي مِلْكِ الْبَائِعِ قَبْلَ الشِّرَاءِ وَحَدَثَ بَعْضُهُ فِي مِلْكِ الْمُشْتَرِي بَعْدَ الشِّرَاءِ إِلَّا أَنَّهُ قَدِ احْتَلَبَهَا مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ فَكَانَ مَا كَانَ فِي يَدِ الْبَائِعِ مِنْ ذٰلِكَ مَبِيعًا إِذَا أَوْجَبَ نَقْضَ الْبَيْعِ فِي الشَّاةِ وَجَبَ نَقْضُ الْبَيْعِ فِيهِ وَمَا حَدَثَ فِي يَدِ الْمُشْتَرِي مِنْ ذٰلِكَ فَإِنَّمَا كَانَ مِلْكُهُ بِسَبَبِ الْبَيْعِ أَيْضًا وَحُكْمُهُ حُكْمُ الشَّاةِ لِأَنَّهُ مِنْ بَدَنِهَا هٰذَا عَلَى مَذْهَبِنَا وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ لِمُشْتَرِي الْمُصَرَّاةِ بَعْدَ رَدِّهَا جَمِيعَ لَبَنِهَا الَّذِي كَانَ حَلَبَهُ مِنْهَا بِالصَّاعِ مِنَ التَّمْرِ الَّذِي أَوْجَبَ عَلَيْهِ رَدَّهُ مَعَ الشَّاةِ وَذٰلِكَ اللَّبَنُ حِينَئِذٍ قَدْ تَلِفَ أَوْ تَلِفَ بَعْضُهُ فَكَانَ الْمُشْتَرِي قَدْ مَلَكَ لَبَنًا دَيْنًا بِصَاعِ تَمْرٍ دَيْنٍ فَدَخَلَ ذٰلِكَ فِي بَيْعِ الدَّيْنِ بِالدَّيْنِ وَقَدْ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الدَّيْنِ بِالدَّيْنِ -

اور کچھ دودھ خریدنے کے بعد مشتری کی ملک میں پیدا ہوا البتہ اس نے بار بار دوہا تو جو کچھ بائع کے قبضہ میں تھا وہ سودے میں شامل ہو گیا جب بکری کی بیع کو توڑنا واجب ہوا تو اس کو توڑنا بھی ضروری ہوگا اور جو دودھ مشتری کے پاس جا کر پیدا ہوا وہ بھی سودے کی وجہ سے اس کی ملک میں آیا اس کا حکم بھی وہی ہے جو بکری کا ہے کیونکہ وہ اس کے بدن کا حصہ ہے یہ ہمارے مذہب کے مطابق ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مصراۃ جانور خریدنے والے کے سودا لوٹانے کے بعد تمام دودھ ایک صاع کھجوروں کے بدلے مشتری کے لیے قرار دیا جو کھجوریں وہ بکری کے ساتھ بائع کو دیتا ہے اس وقت وہ دودھ پورا یا بعض ضائع ہو چکا ہوتا ہے تو گویا مشتری اس دودھ کا بطور قرض مالک ہوا جو ایک صاع کھجوروں کے بدلے ہے اور وہ بھی قرض ہیں تو یہ قرض کے بدلے قرض کی بیع ہو گئی پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرض کے بدلے قرض کی بیع سے منع فرمایا۔

۱۳۲۰- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ وَابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَا ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ أَبُو بَكْرَةَ فِي حَدِيثِهِ أَخْبَرَنَا مُوسَى ابْنُ عُبَيْدَةَ وَقَالَ ابْنُ مَرْزُوقٍ فِي حَدِيثِهِ عَنْ مُوسَى ابْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْكَالِئِ بِالْكَالِئِ يَعْنِي الدَّيْنَ بِالدَّيْنِ فَنَسَخَ ذٰلِكَ مَا كَانَ تَقَدَّمَ مِنْهُ مِمَّا رُوِيَ عَنْهُ فِي الْمُصَرَّاةِ مِمَّا حُكْمُهُ حُكْمُ الدَّيْنِ بِالدَّيْنِ -

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرض کی قرض کے بدلے بیع سے منع فرمایا اس سے مصراۃ کا وہ حکم جو قرض کے بدلے قرض کی بیع قرار پاتا تھا منسوخ ہو گیا۔

وَيُقَالُ لِلَّذِي ذَهَبَ إِلَى الْعَمَلِ بِمَا رُوِيَ فِي الْمُصَرَّاةِ مِمَّا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِي أَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ- فَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْخَرَاجُ بِالضَّمَانِ وَعَمِلَتْ بِذٰلِكَ الْعُلَمَاءُ-

جو لوگ، مصراۃ کے سلسلے میں مروی روایات پر عمل کے قائل ہیں ان سے کہا جائے گا۔
کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے فرمایا (مشتری کو) ضمان کے بدلے نفع کا استحقاق حاصل ہے اور اس پر علماء کا عمل ہے۔

۱۲۲۱- حدثنا ابن مرزوق قال ثنا ابو عامر عن ابن ابی ذئب ح وحدثنا صالح بن عبد الرحمن قال ثنا القعنبی قال ثنا ابن ابی ذئب عن مخلد بن خفاف عن عروة عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الخراج بالضمان۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضمان کی وجہ سے (مشتری کو) نفع کا استحقاق ہے۔

۱۲۲۲- حدثنا محمد بن خزیمة قال ثنا ابو الولید قال ثنا الزنجی بن خالد سمعته یقول زعم لنا هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت ان رجلا اشتری عبدا فاستغله ثم رای به عیبا فخاصمه الی النبی صلی الله علیه وسلم فرده بالعیب فقال یا رسول الله انه قد استغله فقال له الغلة بالضمان۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک شخص نے غلام خریدا پھر اس سے نفع حاصل کیا پھر اس میں عیب [illegible] وہ اپنا مقدمہ لے کر بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے عیب کے ساتھ لوٹا دیا [illegible] شخص (بائع) نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس نے نفع اٹھایا ہے آپ نے فرمایا وہ ضمان کی وجہ سے نفع کا مستحق ہو گیا۔

۱۲۲۳- حدثنا ربیع الجیزی قال ثنا مطرف بن عبد الله قال ثنا الزنجی بن خالد عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله۔

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں۔

۱۲۲۴- حدثنا صالح بن عبد الرحمن قال اخبرنا عبد الملك بن عبد العزیز ابن عبد الله بن ابی سلمة الماجشون قال ثنا مسلم بن خالد فذكر باسناده مثله۔

حضرت عبد الملک بن عبد العزیز فرماتے ہیں ہم نے حضرت مسلم بن خالد سے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

فتلقی العلماء هذا الخبر بالقبول وزعمت انت ان رجلا لو اشتری شاة فحلبها ثم اصاب بها عیبا غیر التحفیل انه یردها ویكون اللبن له وكذلك لو كان مكان اللبن ولد ولدته ردها علی البائع وكان الولد له وكان ذلك عندك من الخراج الذی جعله النبی صلی الله علیه وسلم للمشتری بالضمان فكیف یخلو الصاع الذی توجبه علی مشتری المصراة اذا ردها بالبائع بالتصریة ان

علماء کرام کے نزدیک اس حدیث کو قبولیت حاصل [illegible] خیال ہے کہ اگر کوئی شخص بکری خریدے پھر اس کا دودھ [illegible] میں ایسا عیب پائے جو تھنوں میں دودھ روکنے [illegible] وہ اسے لوٹا دے اور وہ دودھ اس کا اپنا ہوگا اسی طرح [illegible] کی جگہ بچہ جنے تو اس جانور کو بائع کی طرف لوٹائے گا لیکن بچہ اس [illegible] والے) کے لیے ہوگا اور تمہارے نزدیک یہ وہ نفع ہے جسے [illegible] اللہ علیہ وسلم نے ضمان کے بدلے مشتری کے لیے قرار دیا [illegible] صاع جسے تم مصراۃ جانور کے خریدار پر واجب کرتے ہو کر بائع کی طرف لوٹانے کی صورت میں یہ اس تمام دودھ کا عوض ہوگا [illegible]

يَكُونَ عِوَضًا مِنْ جَمِيعِ اللَّبَنِ الَّذِي احْتَلَبَهُ مِنْهَا الَّذِي كَانَ بَعْضُهُ فِي ضَرْعِهَا فِي وَقْتِ الْبَيْعِ وَحَدَثَ بَعْضُهُ فِي ضَرْعِهَا بَعْدَ الْبَيْعِ أَوْ يَكُونَ عِوَضًا مِنَ اللَّبَنِ الَّذِي كَانَ فِي ضَرْعِهَا فِي وَقْتِ وُقُوعِ الْبَيْعِ خَاصَّةً فَإِنْ كَانَ عِوَضًا مِنْهُمَا فَقَدْ نَقَضْتَ بِذَلِكَ أَصْلَكَ الَّذِي جَعَلْتَ الْوَلَدَ وَاللَّبَنَ لِلْمُشْتَرِي بَعْدَ الرَّدِّ بِالْعَيْبِ لِأَنَّكَ جَعَلْتَ حُكْمَهُمَا حُكْمَ الْخَرَاجِ الَّذِي جَعَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُشْتَرِي بِالضَّمَانِ وَإِنْ كَانَ ذَلِكَ الصَّاعُ عِوَضًا مِمَّا كَانَ فِي ضَرْعِهَا فِي وَقْتِ وُقُوعِ الْبَيْعِ خَاصَّةً وَالْبَاقِي سَالِمٌ لِلْمُشْتَرِي لِأَنَّهُ مِنَ الْخَرَاجِ فَقَدْ جَعَلْتَ لِلْبَائِعِ صَاعًا دَيْنًا بِلَبَنٍ دَيْنٍ وَهَذَا غَيْرُ جَائِزٍ فِي قَوْلِكَ وَلَا فِي قَوْلِ غَيْرِكَ فَعَلَى أَيِّ الْوَجْهَيْنِ كَانَ هَذَا الْمَعْنَى عَلَيْهِ عِنْدَكَ فَإِنَّكَ بِهِ تَارِكٌ أَصْلًا مِنْ أُصُولِكَ وَقَدْ كُنْتَ أَنْتَ بِالْقَوْلِ بِنَسْخِ هَذَا الْحُكْمِ فِي الْمُصَرَّاةِ أَوْلَى مِنْ غَيْرِكَ لِأَنَّكَ أَنْتَ تَجْعَلُ اللَّبَنَ فِي حُكْمِ الْخَرَاجِ وَغَيْرُكَ لَا يَجْعَلُهُ كَذَلِكَ۔

اس نے دوہا ہے جس میں سے کچھ سودا کرتے وقت اس کے تھنوں میں تھا اور بعض دودھ سودے کے بعد اس کے تھنوں میں آیا یا وہ کھجوریں صرف اسی دودھ کا عوض ہوں گی جو سودے کے وقت اس کے تھنوں میں تھا اگر وہ ان دونوں کے عوض ہو تو اس سے تمہارا ضابطہ ٹوٹ گیا کہ تم نے عیب کی وجہ سے بیع کو رد کرنے کی صورت میں دودھ اور بچہ دونوں مشتری کے لیے قرار دیئے کیونکہ تم نے اس کا حکم اس نفع کی طرح قرار دیا جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ضمان کی وجہ سے مشتری کے لیے قرار دیا اور اگر کھجوروں کا وہ صاع اس دودھ کا عوض ہو جو سودا کرتے وقت اس کے تھنوں میں تھا اور باقی صحیح سالم مشتری کے لیے ہوگا کیونکہ یہ نفع میں سے ہے تو تم نے قرض دودھ کے بدلے بائع کے لیے ایک صاع کھجور بطور قرض لازم کر دیں اور یہ بات تمہارے نزدیک میں اور دوسروں کے نزدیک بھی جائز نہیں تو ان دو باتوں میں سے جو بات بھی تمہارے نزدیک صحیح ہو تم اپنے قواعد میں سے کسی نہ کسی قاعدے کو چھوڑنے والے قرار پاؤ گے جبکہ تمہارا یہ قول دوسروں کے قول سے بہتر ہے کہ مصراۃ کا حکم منسوخ ہو چکا ہے کیونکہ تم اس دودھ کو نفع (خراج) کے حکم میں قرار دیتے ہو اور دوسرے ایسا نہیں کرتے۔

بَابُ ۳۶ بَيْعِ الثِّمَارِ قَبْلَ أَنْ تَتَنَاهَى

ظہور صلاحیت سے پہلے پھلوں کی بیع

۳۳۵ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثنا أَبُو زُرْعَةَ وَهْبُ اللَّهِ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ۔

حضرت نافع، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے ان کو بیچنے اور خریدنے سے منع فرماتے تھے۔

۳۳۶ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثنا أَبُو دَاوُدَ قَالَ ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي

حضرت سالم، اپنے والد سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا

سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ ثَنَا أَبُو صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ قَالَا جَمِيعًا عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح وَحَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيعُوا الثَّمَرَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ۔

اس وقت تک پھلوں کو نہ بیچو جب تک ان کی صلاحیت ظاہر نہ ہو جائے۔

۱۳۲۷۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا تَبِيعُوا الثَّمَرَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے ان کا سودا نہ کرو۔

۱۳۲۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ هُوَ الْغُدَانِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ وَزَادَ فَكَانَ إِذَا سُئِلَ عَنْ صَلَاحِهَا قَالَ حَتَّى تَذْهَبَ عَاهَتُهَا۔

ایک دوسرے طریق سے بھی بواسطہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل مروی ہے البتہ اس میں یہ اضافہ ہے کہ جب آپ سے اس کی صلاحیت کے بارے میں پوچھا جاتا تو آپ فرماتے یہاں تک کہ وہ قدرتی آفت سے محفوظ ہو جائے۔

۱۳۲۹۔ حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُرَاقَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى يَذْهَبَ الْعَاهَةُ قَالَ قُلْتُ مَتَى ذَاكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ طُلُوعُ الثُّرَيَّا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا حتیٰ کہ وہ قدرتی آفت سے محفوظ ہو جائے راوی فرماتے ہیں میں نے پوچھا اے ابو عبدالرحمٰن! یہ کس وقت ہوتا ہے (آفات سے محفوظ کب ہوتا ہے) تو انہوں نے فرمایا ثریا ہے۔

۱۳۳۰۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ۔

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہور صلاحیت سے پہلے پھلوں کی تجارت سے منع فرمایا۔

۱۳۳۱- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى تُشْقِحَ فَقِيْلَ لِجَابِرٍ وَمَا تُشْقِحُ قَالَ تَحْمَرُّ تَصْفَرُّ ، يُؤْكَلُ مِنْهَا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے ان کی تجارت سے منع فرمایا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ صلاحیت سے کیا مراد ہے تو انہوں نے فرمایا وہ سرخ اور زرد ہو جائے اور اسے کھایا جا سکے ۔

۱۳۳۲- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَرَبِيْعُ الْجِيْزِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ قَالَ ثَنَا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمٰنَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِي الرِّجَالِ عَنْ اُمِّهٖ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى تَنْجُوَ مِنَ الْعَاهَةِ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ آفاتِ سماویہ سے محفوظ ہو جائے ۔

۱۳۳۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمٰنَ الْبَاغَنْدِيُّ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ قَالَ ثَنَا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهٗ۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہور صلاحیت سے پہلے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا۔

۱۳۳۴- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ ابْنِ الْقَاسِمِ الْيَمَامِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَاضَرَةِ وَالْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ قَالَ عُمَرُ فَسَّرَ لِيْ اَبِيْ فِي الْمُخَاضَرَةِ قَالَ لَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّشْتَرٰى شَيْءٌ مِّنْ ثَمَرِ النَّخْلِ حَتّٰى يُوْنِعَ يَحْمَرَّ وَيَصْفَرَّ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع محاقلہ، مزابنہ، مخاضرہ، ملامسہ اور منابذہ سے منع فرمایا حضرت عمر بن یونس فرماتے ہیں میرے باپ نے مخاضرہ کی وضاحت یوں فرمائی کہ کھجوروں کا سودا اس وقت تک جائز نہیں جب تک وہ سرخ یا زرد رنگ اختیار نہ کریں ۔

۱۳۳۵- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ بَكْرٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کو سرخ یا زرد

بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ حَتّٰى تَزْهُوَ وَعَنِ الْعِنَبِ حَتّٰى يَسْوَدَّ وَعَنِ الْحَبِّ حَتّٰى يَشْتَدَّ۔

ہونے سے پہلے انگور سیاہ ہونے سے پہلے اور دانے کو سخت ہونے سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا۔

۱۳۳۶۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ فَقُلْتُ لِاَنَسٍ وَمَا زَهْوُهَا فَقَالَ تَحْمَرُّ اَوْ تَصْفَرُّ اَرَاَيْتَ اِنْ مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ بِمَ يَسْتَحِلُّ اَحَدُكُمْ مَالَ اَخِيْهِ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کے زرد یا سرخ ہونے سے پہلے ان کے سودے سے منع فرمایا ہے۔ حمید فرماتے ہیں میں نے حضرت انسؓ سے کھجوروں کے زہو میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا سرخ اور زرد ہونا بتایئے اگر اللہ تعالیٰ پھل روک دے تو تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی کا مال کس چیز کے ذریعے حلال کرے

۱۳۳۷۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ ثَمَرَةِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ قِيْلَ لَهٗ وَمَا تَزْهُوْ قَالَ تَحْمَرُّ اَوْ تَصْفَرُّ۔

حضرت حمید، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کو ان کے رنگ پکڑنے سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا ان سے پوچھا گیا کہ رنگ پکڑنے سے کیا مراد ہے تو انہوں نے فرمایا سرخ یا زرد ہو جائے۔

۱۳۳۸۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبْتَاعُوا الثِّمَارَ حَتّٰى تَزْهُوَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا تَزْهُوْ قَالَ تَحْمَرُّ اَوْ تَصْفَرُّ رَاَيْتَ اِنْ مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ بِمَ يَسْتَحِلُّ اَحَدُكُمْ مَالَ اَخِيْهِ۔

حضرت حمید طویل حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کے رنگ پکڑنے سے پہلے ان کا سودا نہ کرو ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ رنگ پکڑنا کیا ہے تو آپ نے فرمایا سرخ یا زرد ہونا بتاؤ اگر اللہ تعالیٰ پھل کو روک لے تو تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کے مال کو کس کے بدلے (اپنے لیے) حلال کرے گا۔

۱۳۳۹۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدٌ وَاَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبِيْعُوا الثَّمَرَ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھلوں کو ان کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے نہ بیچو۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى هٰذِهٖ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

الآثار فزعموا ان الثمار لا يجوز بيعها في رؤس النخل حتى تحمر او تصفر۔

جماعت کا یہی موقف ہے ان کا خیال یہ ہے کہ درختوں کے اوپر پھلوں کی فروخت اس وقت تک جائز نہیں جب تک وہ سرخ یا زرد نہ ہو جائیں۔

وخالفهم في ذلك آخرون فقالوا هذه الآثار كلها عندنا ثابتة صحيح مجيئها فنحن آخذون بها غير تاركين لها ولكن تأويلها عندنا غير ما تأولها عليه اهل المقالة الاولى.

جب کہ دوسرے حضرات نے انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ تمام (مذکورہ بالا) روایات ہمارے نزدیک صحیح ثابت ہیں ہم ان پر عمل کرتے ہیں ان کو چھوڑتے نہیں لیکن ہمارے نزدیک ان کا مطلب وہ نہیں جو پہلے قول والوں نے بیان کیا ہے۔

وذلك ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الثمار حتى يبدو صلاحها فاحتمل ذلك ان يكون على ما تأوله عليه اهل المقالة الاولى واحتمل ان يكون اراد به بيع الثمار قبل ان تكون فيكون البائع بائعا لما ليس عنده وقد نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ذلك في نهيه عن بيع السنين۔

یہ اس لیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے ان کا سودا کرنے سے منع فرمایا تو اس میں اس مفہوم کا بھی احتمال ہے جو پہلے قول والوں نے بیان کیا اور یہ بھی احتمال ہے کہ پھل لگنے سے پہلے اس کی بیع مراد ہو اس طرح بیچنے والا اس چیز کو بیچے گا جو اس کے پاس نہیں ہے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی سالوں (کے پھلوں) کی بیع سے منع کرتے ہوئے اس سے بھی منع فرمایا۔

حدثنا يونس قال سفيان بن عيينة عن حميد الاعرج عن سليمان بن عتيق عن جابر بن عبد الله ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع السنين قال يونس قال ثنا سفيان هو بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنین کی بیع سے منع فرمایا یونس راوی فرماتے ہیں ہم سے حضرت سفیان نے بیان کیا کہ یہ پھلوں کو ان کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنا ہے۔

۱۳۴۔ **حدثنا** ربيع الجيزي وابراهيم بن ابي داود قالا ثنا سعيد بن كثير بن عفير قال ثنا كهمس بن المنهال عن سعيد بن ابي عروبة عن الحسن عن سمرة بن جندب قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع السنين۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (آئندہ) کئی سالوں کے لیے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا۔

۱۳۔ **حدثنا** ربيع الجيزي قال ثنا ابن عفير قال ثنا يحيى بن ايوب عن ابن جريج عن عطاء وابي الزبير عن جابر ان النبي صلى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کو بیچنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ کھانے کے قابل ہو جائیں۔

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الثَّمَرِ حَتّٰی یُطْعَمَ۔

۱۳۴۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ قَالَ ثَنَا ھِشَامُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ ثَنَا اَبُوالزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

ایک دوسری سند سے بھی بواسطہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل مروی ہے۔

۱۳۴۴۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَھْبٌ وَاَبُوالْوَلِیْدِ قَالَا ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ بَیْعِ النَّخْلِ فَقَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ النَّخْلِ حَتّٰی یَاْکُلَ مِنْہُ اَوْ حَتّٰی یُؤْکَلَ مِنْہُ۔

حضرت ابوالبختری فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کھجوروں کی بیع کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ ہم اس سے کھا سکیں یا فرمایا اس سے کھایا جا سکے۔

۱۳۴۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَۃَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْبَخْتَرِیِّ الطَّائِیَّ یَقُوْلُ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ السَّلَمِ فَقُلْتُ اِنَّا نَدَعُ اَشْیَاءَ لَا نَجِدُ لَھَا فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ تَحْرِیْمًا قَالَ اِنَّا نَفْعَلُ ذٰلِکَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ النَّخْلِ حَتّٰی یُؤْکَلَ مِنْہُ۔

حضرت ابوالبختری طائی فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع سلم کے بارے میں پوچھا میں نے کہا ہم بعض چیزوں کو چھوڑتے ہیں ہم قرآن پاک میں ان کی حرمت کو نہیں پاتے تو انہوں نے فرمایا ہم یہ عمل اس لیے کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ اس سے کھایا جا سکے۔ (کھانے کے قابل ہو جائے)

۱۳۴۶۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُکَیْرٍ قَالَ حَدَّثَنِی الْمُفَضَّلُ بْنُ فُضَالَۃَ عَنْ خَالِدٍ اَنَّہٗ سَمِعَ عَطَاءَ بْنَ اَبِیْ رَبَاحٍ یَسْئَلُ عَنِ الرَّجُلِ یَبِیْعُ ثَمَرَۃَ اَرْضِہٖ رُطَبًا کَانَ اَوْ عِنَبًا یَسْلِفُ فِیْھَا قَبْلَ اَنْ تَطِیْبَ فَقَالَ لَا یَصْلُحُ اَنَّ ابْنَ الزُّبَیْرِ بَاعَ ثَمَرَۃَ اَرْضٍ لَہٗ ثَلٰثَ سِنِیْنَ فَسَمِعَ بِذٰلِکَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْاَنْصَارِیُّ فَخَرَجَ اِلَی الْمَسْجِدِ فَقَالَ فِی النَّاسِ مَنَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ نَبِیْعَ الثَّمَرَۃَ حَتّٰی تَطِیْبَ۔

حضرت خالد سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے سنا حضرت عطاء بن ابی رباح سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو اپنی زمین کے پھل کو چاہے کھجوریں ہوں یا انگور، ظہور صلاحیت سے پہلے بطور بیع سلم بیچتا ہے تو انہوں نے فرمایا یہ درست نہیں حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما نے اپنی زمین کا پھل تین سال کے لیے بیچا حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سُنا تو مسجد میں تشریف لائے اور لوگوں کی موجودگی میں فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں پھلوں کو ظہورِ صلاحیت سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا۔

۱۳۴۷۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَھْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنْ اَبِیْ

حضرت ابوالبختری سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پھلوں میں بیع سلم کے بارے میں پوچھا

الْبَخْتَرِيِّ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ السَّلَفِ فِي الثَّمَرِ حَتَّى يَصْلُحَ۔

تو انہوں نے فرمایا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے انہیں بیچنے سے منع فرمایا۔

فَدَلَّتْ هٰذِهِ الْاٰثَارُ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا عَلَى الثِّمَارِ الْمَنْهِيِّ عَنْ بَيْعِهَا قَبْلَ بُدُوِّ صَلَاحِهَا مَا هِيَ فَإِنَّهَا الْمَبِيْعَةُ قَبْلَ كَوْنِهَا الْمُسْلَفُ عَلَيْهَا فَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ حَتّٰى يَكُوْنَ وَيُؤْمَنَ عَلَيْهَا الْعَاهَةُ فَحِيْنَئِذٍ يَجُوْزُ السَّلَمُ فِيْهَا

تو یہ روایات جو ہم نے ذکر کی ہیں اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ جن پھلوں کو انکی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنے سے منع کیا گیا وہ کون سے پھل ہیں تو یہ وہ سودا ہے جس کا ابھی وجود نہیں ہے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بیچنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ وجود میں آجائے اور آسمانی آفات سے محفوظ ہو جائے اس وقت اس میں بیع سلم جائز ہے۔

اَفَلَا تَرٰى اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا لَمَّا سَأَلَهُ اَبُو الْبَخْتَرِيِّ عَنِ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ كَانَ جَوَابُهُ لَهُ فِيْ ذٰلِكَ مَا ذُكِرَ فِيْ حَدِيْثِهِ عَنِ النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى تُطْعَمَ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّ النَّهْيَ اِنَّمَا وَقَعَ فِي الْاٰثَارِ الَّتِيْ قَدَّمْنَا ذِكْرَهَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَلٰى بَيْعِ الثِّمَارِ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ ثِمَارًا۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت ابوالبختری نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کھجوروں میں بیع سلم کے بارے میں پوچھا تو ان کا جواب جو حدیث میں مذکور ہے یہ تھا کہ جب تک وہ کھانے کے قابل نہ ہو اس کا بیچنا ممنوع ہے۔ تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ مذکورہ بالا روایات میں جو ممانعت مذکور ہے اس سے مراد یہ ہے کہ جب تک وہ پھل نہ ہو جائیں ان کی بیع جائز نہیں۔

اَلَا تَرٰى اِلٰى قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَيْتَ اِنْ مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ بِمَ يَأْخُذُ اَحَدُكُمْ مَالَ اَخِيْهِ فَلَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِلَّا عَلَى الْمَنْعِ مِنْ ثَمَرَةٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ اَنْ تَكُوْنَ وَاِنَّمَا الَّذِيْ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ هُوَ النَّهْيُ عَنِ السَّلَمِ فِي الثِّمَارِ فِيْ غَيْرِ حِيْنِهَا فَهٰذِهِ الْاٰثَارُ تَدُلُّ عَلَى النَّهْيِ عَنْ ذٰلِكَ۔

کیا تم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کی طرف نہیں دیکھتے (آپ نے فرمایا) بتلایئے اگر اللہ تعالیٰ پھلوں کو روک دے تو تم کس چیز کے بدلے اپنے بھائی کا مال حاصل کرو گے تو یہ ممانعت صرف ان پھلوں کے بارے میں ہے جو ابھی تک پھل نہیں بنے ان روایات میں پھلوں میں بے وقت بیع سلم کی ممانعت ہے تو یہ روایات اس بات سے منع پر دلالت کرتی ہیں۔

فَاَمَّا بَيْعُ الثِّمَارِ فِيْ اَشْجَارِهَا بَعْدَ مَا ظَهَرَتْ فَاِنَّ ذٰلِكَ عِنْدَنَا جَائِزٌ صَحِيْحٌ۔

جہاں تک درختوں کے اوپر پھلوں کو ان کے ظاہر ہونے کے بعد بیچنے کا تعلق ہے تو وہ ہمارے نزدیک صحیح ہے۔

وَالدَّلِيْلُ عَلٰى ذٰلِكَ مَا جَاءَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی (مندرجہ ذیل) احادیث اس بات کی دلیل ہیں۔

۱۳۴۸۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا جس نے کھجور کا درخت پیوند کاری کے بعد بیچا تو اس کا پھل

ابنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ ابْتَاعَ نَخْلًا بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلَّذِيْ بَاعَهَا اِلَّا اَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا فَمَالُهُ لِلَّذِيْ بَاعَهُ اِلَّا اَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔

۱۳۴۹۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ حَدَّثَنِي الْقَعْنَبِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى عَبْدًا وَلَمْ يَشْتَرِطْ مَالَهُ فَلَا شَيْءَ لَهُ وَمَنِ اشْتَرٰى نَخْلًا بَعْدَ تَابِيْرِهَا وَلَمْ يَشْتَرِطِ الثَّمَرَ فَلَا شَيْءَ لَهُ۔

۱۳۵۰۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيْدَ بْنَ هٰرُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ الْمَخْزُوْمِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا اشْتَرٰى نَخْلًا قَدْ اَبَّرَهَا صَاحِبُهَا فَخَاصَمَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الثَّمَرَ لِصَاحِبِهَا الَّذِيْ اَبَّرَهَا اِلَّا اَنْ يَشْتَرِطَ الْمُشْتَرِيْ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ النَّخْلَ لِبَائِعِهَا اِلَّا اَنْ يَشْتَرِطَ مُبْتَاعُهَا فَيَكُوْنُ لَهُ بِاشْتِرَاطِهِ اِيَّاهَا وَيَكُوْنُ بِذٰلِكَ مُبْتَاعًا لَهَا۔

وَقَدْ اَبَاحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰهُنَا بَيْعَ ثَمَرَةٍ فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ قَبْلَ بُدُوِّ صَلَاحِهَا فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ الْمَعْنَى الْمَنْهِيَّ عَنْهُ فِي الْاٰثَارِ الْاُوَلِ خِلَافُ هٰذَا الْمَعْنٰى۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ اِنَّمَا اُجِيْزَ بَيْعُ الثَّمَرِ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ لِاَنَّهُ مَبِيْعٌ مَعَ غَيْرِهِ وَلَيْسَ فِيْ جَوَازِ بَيْعِهِ مَعَ غَيْرِهِ مَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ بَيْعَهُ

بیچنے والے کے لیے ہوگا مگر یہ کہ خریدار اس کی شرط رکھے اور جس نے غلام بیچا تو اس (غلام) کا مال بھی بیچنے والے کے لیے ہوگا مگر یہ کہ خریدار اس کی شرط رکھے۔

حضرت سالم، اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: غلام خریدا اور اس کے مال کی شرط نہیں رکھی تو اس کے لیے کچھ نہیں اور جس نے کھجور کا درخت پیوندکاری کے بعد (خریدا) اور پھل کی شرط نہیں رکھی تو اس کے لیے کچھ نہیں۔

حضرت عکرمہ بن خالد مخزومی، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کھجور کا درخت خریدا جس میں اس کے مالک نے پیوندکاری کی تھی وہ دونوں اپنا مقدمہ بارگاہ نبوی میں لے گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ اس کا پھل اس کے اس مالک کے لیے ہے جس نے اس کی پیوندکاری کی ہے البتہ یہ کہ خریدار اس کی شرط رکھے۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان روایات کے مطابق سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کا پھل بیچنے والے کے لیے قرار دیا البتہ یہ کہ خریدار اس کی شرط رکھے تو اس صورت میں وہ اس کے لیے ہوگا اور اس وجہ سے وہ اس کا بھی خریدار ہو جائے گا۔

تو اس جگہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے درختوں کے اوپر پھلوں کو ان کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنا جائز قرار دیا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ پہلی روایات میں جو ممانعت ہے اس کا مفہوم اس مفہوم کے خلاف ہے۔

اگر کوئی معترض کہے کہ ان روایات میں جس بات کا جواز ہے وہ پھلوں کی بیع ہے کیونکہ وہ اپنے غیر کے ساتھ بیچے جا رہے ہیں اور غیر کے ساتھ ان کے بیچنے کا جواز اس بات پر دلالت نہیں

وَحْدَهٗ كَذٰلِكَ لَا نَّا قَدْ رَاَيْنَا اَشْيَاءَ تَدْخُلُ مَعَ غَيْرِهَا فِي الْبَيْعَاتِ وَلَا يَجُوْزُ اِفْرَادُهَا بِالْبَيْعِ۔

مِنْ ذٰلِكَ الطُّرُقِ وَالْاَفْنِيَةِ تَدْخُلُ فِيْ بَيْعِ الدُّوْرِ، وَلَا يَجُوْزُ اَنْ تُفْرَدَ بِالْبَيْعِ۔

فَجَوَابُنَا فِيْ ذٰلِكَ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ اَنَّ الطُّرُقَ وَالْاَفْنِيَةَ تَدْخُلُ فِي الْبَيْعِ وَاِنْ لَّمْ يُشْتَرَطْ وَلَا يَدْخُلُ الثَّمَرُ فِيْ بَيْعِ النَّخْلِ اِلَّا اَنْ يُّشْتَرَطَ فَالَّذِيْ يَدْخُلُ فِيْ بَيْعِ غَيْرِهٖ لَا بِاشْتِرَاطٍ هُوَ الَّذِيْ لَا يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ مَبِيْعًا وَحْدَهٗ وَالَّذِيْ لَا يَكُوْنُ دَاخِلًا فِيْ بَيْعِ غَيْرِهٖ اِلَّا بِاشْتِرَاطٍ هُوَ الَّذِيْ اِذَا اشْتُرِطَ كَانَ مَبِيْعًا فَلَمْ يَجُزْ اَنْ يَّكُوْنَ مَبِيْعًا مَعَ غَيْرِهٖ اِلَّا وَبَيْعُهٗ وَحْدَهٗ جَائِزٌ۔

اَلَا يُرٰى اَنَّ رَجُلًا لَوْ بَاعَ دَارًا وَفِيْهَا مَتَاعٌ اَنَّ ذٰلِكَ الْمَتَاعَ لَا يَدْخُلُ فِي الْبَيْعِ وَاَنَّ مُشْتَرِيَهَا لَوِ اشْتَرَطَهٗ فِيْ شِرَاءِهِ الدَّارَ صَارَ لَهٗ بِاشْتِرَاطِهٖ اِيَّاهُ وَلَوْ كَانَ الَّذِيْ فِي الدَّارِ خَمْرًا اَوْ خِنْزِيْرًا فَاشْتَرَطَهٗ فِي الْبَيْعِ فَسَدَ الْبَيْعُ فَكَانَ لَا يَدْخُلُ فِيْ شِرَاءِهِ الدَّارَ بِاشْتِرَاطِهٖ فِيْ ذٰلِكَ اِلَّا مَا يَجُوْزُ لَهٗ شِرَاءُهٗ وَلَوِ اشْتَرٰى وَحْدَهٗ وَكَانَ الثَّمَرُ الَّذِيْ ذَكَرْنَا يَجُوْزُ لَهُ اشْتِرَاطُهٗ مَعَ النَّخْلِ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ اِلَّا لِاَنَّهٗ يَجُوْزُ بَيْعُهٗ وَحْدَهٗ۔

وَلَا يُرٰى اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَرَنَهٗ مَعَ ذِكْرِهِ النَّخْلَ مَنْ بَاعَ عَبْدًا لَّهٗ مَالٌ لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَهُ الْمُبْتَاعُ فَجَعَلَ الْمَالَ لِلْبَائِعِ اِذَا لَمْ يَشْتَرِطْهُ الْمُبْتَاعُ وَجَعَلَهٗ لِلْمُبْتَاعِ بِاشْتِرَاطِهٖ اِيَّاهُ وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَالُ لَوْ كَانَ خَمْرًا اَوْ خِنْزِيْرًا فَسَدَ بَيْعُ الْعَبْدِ اِذَا اشْتَرَطَهٗ

کرتا کہ تنہا ان کی بیع بھی جائز ہو کیونکہ ہم بہت سی چیزوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ سودے میں اپنے غیر کے ساتھ شامل ہوتی ہیں لیکن تنہا انکی بیع جائز نہیں ہوتی۔

ان میں سے راستے اور صحن ہیں جو مکانات کی بیع میں داخل ہوتے ہیں لیکن ان کو الگ طور پر بیچنا جائز نہیں۔

اس سلسلے میں توفیق الٰہی ہمارا جواب یہ ہے کہ راستے اور صحن شرط رکھے بغیر بھی (مکان کی) بیع میں داخل ہوتے ہیں لیکن درخت کی بیع میں پھل شرط کے بغیر داخل نہیں ہوتے تو جو چیز، دوسری چیز کے سودے میں کسی شرط کے بغیر داخل ہوا سے تنہا بیچنا جائز نہیں اور وہ چیز جو دوسری چیز کی بیع میں شرط کے بغیر شامل نہ ہو تو وہ شرط کی صورت میں ہی مبیع بنے گی لہٰذا غیر کے ساتھ وہی چیز مبیع بن سکتی ہے جسے انفرادی طور پر بیچا جا سکتا ہو۔

کیا وہ معترض نہیں دیکھتا کہ اگر کوئی شخص مکان بیچے اور اس میں سامان ہو تو وہ سامان، مکان کے سودے میں داخل نہیں ہوگا اور اگر خریدار سودے میں اس کی شرط رکھے تو اس شرط کی وجہ سے وہ (سامان) اس کا ہو جائے گا اور اگر گھر میں شراب یا خنزیر ہو اور وہ سودے میں اس کی شرط رکھے تو بیع فاسد ہو گی لہٰذا مکان کو خریدتے وقت شرط رکھنے سے وہی چیز داخل ہو گی جسے خریدا جا سکتا ہو اگرچہ انفرادی طور پر خریدے اور جس پھل کا ہم نے ذکر کیا ہے درخت کے ساتھ اس کی شرط رکھنا صحیح ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اسے تنہا فروخت کیا جا سکتا ہے۔

کیا وہ شخص نہیں دیکھتا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (مذکورہ بالا) حدیث میں اس کو درخت کے ذکر سے ملایا آپ نے فرمایا جس نے اپنا غلام بیچا جس کے پاس مال تھا تو وہ مال بیچنے والے کا ہوگا مگر یہ کہ خریدنے والا اس کی شرط رکھے تو آپ نے خریدار کے شرط نہ رکھنے کی صورت میں مال، بائع کے لیے قرار دیا اور ایسا شرط رکھنے کی وجہ سے کیا اور اگر یہ مال شراب یا خنزیر ہو تو شرط کی صورت میں بیع فاسد ہو جائے گی غلام کے ساتھ اس مال کی

فِيْهِ وَإِنَّمَا يَجُوْزُ اَنْ يُشْتَرَطَ مَعَ الْعَبْدِ مِنْ مَالِهٖ مَا يَجُوْزُ بَيْعُهٗ وَحْدَهٗ فَاَمَّا مَا لَا يَجُوْزُ بَيْعُهٗ وَحْدَهٗ فَلَا يَجُوْزُ اشْتِرَاطُهٗ فِيْ بَيْعِهٖ لِاَنَّهٗ يَكُوْنُ بِذٰلِكَ مَبِيْعًا وَبَيْعُ ذٰلِكَ الشَّيْءِ لَا يَصْلُحُ فَذٰلِكَ اَيْضًا دَلِيْلٌ صَحِيْحٌ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فِي الثَّمَرَةِ الدَّاخِلَةِ فِيْ بَيْعِ النَّخْلِ بِالْاِشْتِرَاطِ اَنَّهَا الثِّمَارُ الَّتِيْ يَجُوْزُ بَيْعُهَا عَلَى الْاِنْفِرَادِ دُوْنَ بَيْعِ النَّخْلِ۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ مَا ذَكَرْنَا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا۔

وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ يَذْهَبُ اِلٰى اَنَّ النَّهْيَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ هُوَ بَيْعُ الثَّمَرِ عَلٰى اَنْ يُتْرَكَ فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ حَتّٰى يَبْلُغَ وَيَتَنَاهٰى وَحَتّٰى يُجَدَّ وَقَدْ وَقَعَ الْبَيْعُ عَلَيْهِ قَبْلَ التَّنَاهِيْ فَيَكُوْنُ الْمُشْتَرِيْ قَدِ ابْتَاعَ ثَمَرًا ظَاهِرًا وَمَا يَنْمِيْهِ نَخْلُ الْبَائِعِ بَعْدَ ذٰلِكَ اِلٰى اَنْ يُجَدَّ فَذٰلِكَ بَاطِلٌ قَالَ فَاَمَّا اِذَا وَقَعَ الْبَيْعُ بَعْدَ مَا تَنَاهٰى عِظَمُهٗ وَانْقَطَعَتْ زِيَادَتُهٗ فَلَا بَاْسَ بِابْتِيَاعِهٖ وَاشْتِرَاطِ تَرْكِهٖ اِلٰى حَصَادِهٖ وَجِدَادِهٖ قَالَ فَاِنَّمَا وَقَعَ النَّهْيُ عَنْ ذٰلِكَ لِاشْتِرَاطِهِ التَّرْكَ لِمَكَانِ الزِّيَادَةِ وَفِيْ ذٰلِكَ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنْ لَا بَاْسَ بِذٰلِكَ الْاِشْتِرَاطِ فِي ابْتِيَاعِهٖ بَعْدَ عَدَمِ الزِّيَادَةِ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ بِهٰذَا عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدٍ وَتَاْوِيْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ فِيْ هٰذَا اَحْسَنُ عِنْدَنَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

وَالنَّظَرُ اَيْضًا يَشْهَدُ لَهٗ لِاَنَّهٗ اِذَا وَقَعَ الْبَيْعُ عَلَى الثِّمَارِ بَعْدَ تَنَاهِيْهَا عَلٰى اَنْ تُتْرَكَ اِلَى الْحَصَادِ فَالنَّخْلُ هٰهُنَا مُسْتَاْجَرَةٌ لِيَكُوْنَ

شرط اس لیے جائز ہے کہ اسے الگ طور پر بیچا جا سکتا ہے اور جسے الگ نہیں بیچ سکتے۔ سودے میں اس کی شرط رکھنا جائز نہیں کیونکہ اس طرح وہ مبیع بن جائے گا جبکہ اس میں مبیع بننے کی صلاحیت نہیں یہ بھی اس بات کی ایک صحیح دلیل ہے جو ہم نے ذکر کی کہ درخت کے سودے میں پھل صرف شرط رکھنے کی صورت میں داخل ہوں گے کیونکہ پھلوں کو درخت کا سودا کئے بغیر الگ طور پر بھی بیچا جا سکتا ہے۔

اس سے ہماری مذکورہ بالا بات ثابت ہو گئی حضرت ابوحنیفہ اور حضرت امام ابویوسف رحمہما اللہ کا یہی مسلک ہے۔

حضرت امام محمد رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو ممانعت باب کے شروع میں ذکر کی گئی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ پھلوں کو اس طرح بیچنا کہ ان کو درخت کے اوپر چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ وہ انتہاء کو پہنچ جائیں اور انہیں کاٹا جائے حالانکہ سودا ان کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے ہوا تو اس طرح خریدار ظاہری پھل کو خریدتا ہے اس کے بعد کاٹنے تک جو اضافہ ہوتا ہے وہ بائع کے درخت پر ہوتا ہے۔ اور یہ باطل ہے وہ فرماتے ہیں جب پھل کا بڑھنا بند ہو جائے اور اب انہیں میں اضافہ نہ ہو سکے تو اب اس کو خریدنے اور اسے کاٹنے اور چننے تک درخت پر رکھنے کی شرط لگانے میں کوئی حرج نہیں وہ فرماتے ہیں درخت پر چھوڑنے کی شرط اس لیے منع ہے کہ اس میں اضافہ ہو رہا ہے اس میں اس بات پر دلیل ہے کہ اب اضافہ نہ ہونے کی صورت میں خریدتے وقت (درخت پر رہنے کی) شرط لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے (حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں) مجھ سے یہ بات حضرت سلیمان بن شعیب نے اپنے والد کے واسطے سے حضرت امام محمد رحمہ اللہ سے نقل کرتے ہوئے بیان کی ہے اور اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رحمہ اللہ کا بیان کردہ مفہوم زیادہ اچھا ہے۔

قیاس بھی اسی بات کی تائید کرتا ہے کیونکہ اگر پھل کے مکمل ہو جانے کے بعد اس کا سودا اس شرط پر کیا جائے کہ وہ کاٹنے تک درخت پر رہیں گے تو اس صورت میں درخت کرایہ پر حاصل ہوگا

الثِّمَارِ فِيهَا إِلَى وَقْتِ جِدَادِهَا عَنْهَا وَذَلِكَ لَوْ كَانَ عَلَى الْإِنْفِرَادِ لَمْ يَجُزْ فَإِذَا كَانَ مَعَ غَيْرِهِ فَهُوَ أَيْضًا كَذَلِكَ۔

تاکہ کاٹنے تک پھل اس پر رہیں انفرادی طور پر یہ بات جائز نہیں تو دوسرے کے ساتھ مل کر بھی جائز نہیں ہو گی۔

وَقَدْ قَالَ قَوْمٌ أَنَّ النَّهْيَ الَّذِي كَانَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا لَمْ يَكُنْ مِنْهُ عَلَى تَحْرِيمِ ذَلِكَ وَلَكِنَّهُ كَانَ عَلَى الْمَشُورَةِ عَلَيْهِمْ بِذَلِكَ لِكَثْرَةِ مَا كَانُوا يَخْتَصِمُونَ إِلَيْهِ فِيهِ۔

بعض لوگوں نے کہا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو پھلوں کو ان کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا تو یہ حرام ہونے کے طور پر نہیں بلکہ مشورہ کے طور پر ہے کیونکہ وہ لوگ اکثر اس بات میں جھگڑتے رہتے تھے۔

وَرَوَوْا ذَلِكَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ۔

٣٥١۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو زُرْعَةَ وَهْبُ اللهِ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ قَالَ أَبُو الزِّنَادِ كَانَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ يَقُولُ كَانَ النَّاسُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَايَعُونَ الثِّمَارَ فَإِذَا جَدَّ النَّاسُ وَحَضَرَ تَقَاضِيهِمْ قَالَ الْمُبْتَاعُ إِنَّهُ أَصَابَ الثَّمَرَ الْعَفَنُ وَأَصَابَهُ مُرَاقٌ وَأَصَابَهُ قُشَامٌ عَاهَاتٌ يَحْتَجُّونَ بِهَا وَالْقُشَامُ شَيْءٌ يُصِيبُهُ حَتَّى لَا يُرْطِبَ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كَثُرَتْ عِنْدَهُ الْخُصُومَةُ فِي ذَلِكَ فَلَا تَبَايَعُوا حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُ الثَّمَرِ كَالْمَشُورَةِ يُشِيرُ بِهَا لِكَثْرَةِ خُصُومَتِهِمْ۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں روایت کیا ہے حضرت سہیل بن ابو حثمہ انصاری بتاتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں لوگ پھلوں کی تجارت کرتے جب بائع (مشتری سے رقم کا) تقاضا کرتا تو وہ کہتا کہ پھل تو کسی آفت یا بیماری کی وجہ سے خراب ہو گیا ہے تو وہ آپس میں جھگڑنے لگتے۔ قشام وہ بیماری ہے جو پھل کو پہنچے تو اس کی رطوبت باقی نہ رہے راوی فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب زیادہ مقدمات آنے لگے تو آپ نے فرمایا جب تک پھل کی صلاحیت ظاہر نہ ہو اس کا سودا نہ کرو۔ گویا آپ نے زیادہ جھگڑوں کی وجہ سے ان کو بطور مشورہ یہ بات فرمائی۔

فَدَلَّ مَا ذَكَرْنَا أَنَّ مَا رُوِّينَا فِي أَوَّلِ هَذَا الْبَابِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَهْيِهِ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا إِنَّمَا كَانَ عَلَى هَذَا الْمَعْنَى لَا عَلَى مَا سِوَاهُ۔

تو جو کچھ ہم نے باب کے شروع میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے ان کو بیچنے سے منع فرمایا وہ اسی معنی کے اعتبار سے ہے کوئی اور وجہ نہیں ہے۔

بَابُ ۲۴ - الْعَرَايَا

۱۳۵۲ - حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالثَّمَرِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَحَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْخَصَ فِي الْعَرَايَا -

۱۳۵۳ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمٌ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهٰى عَنِ الْمُزَابَنَةِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَأَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْخَصَ فِي الْعَرَايَا -

۱۳۵۴ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هٰرُونَ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْخَصَ فِي الْعَرَايَا -

۱۳۵۵ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا -

۱۳۵۶ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا بِالتَّمْرِ وَالرُّطَبِ -

حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ

عرایا کا بیان

حضرت سالم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خشک کھجوروں کے بدلے تازہ کھجوروں کی بیع سے منع فرمایا حضرت عبداللہ فرماتے ہیں ہم سے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرایا کی اجازت دی ہے۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے مزابنہ (تازہ کھجوروں کو چھواروں کے عوض بیچنے) سے منع فرمایا حضرت ابن عمر فرماتے ہیں مجھے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرایا کی اجازت دی۔

حضرت ابن عمر، حضرت زید بن ثابت (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرایا کی اجازت دی ہے۔

حضرت علی بن شیبہ اسی (مذکورہ بالا) سند سے روایت کرتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا اور عرایا کی اجازت دی۔

حضرت خارجہ اپنے والد حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تازہ یا خشک کھجوروں کے ساتھ عرایا کو بیچنے کی اجازت دی ہے۔

حضرت اسماعیل شیبانی فرماتے ہیں میں نے اپنے درختوں کے اوپر لگا ہوا پھل ایک سو وسق کے بدلے بیچا اگر وہ

عَنْ اِسْمَاعِيْلَ الشَّيْبَانِيِّ قَالَ بِعْتُ مَا فِي رُؤُسِ نَخْلِيْ بِمِائَةِ وَسْقٍ اِنْ زَادَ فَلَهُمْ وَاِنْ نَقَصَ فَعَلَيْهِمْ فَسَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ بِالتَّمْرِ اِلَّا اَنَّهٗ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا۔

(درخت پر لگا ہوا پھل) زیادہ ہوا تو ان (خریداروں) کا ہوگا اور اگر کم ہوا تو نقصان بھی ان کا ہی ہوگا پھر میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھواروں کو تازہ کھجوروں کے بدلے بیچنے سے منع فرمایا البتہ عرایا کی اجازت دی ہے۔

۱۳۵۸۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْجِيْزِيُّ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى ابْنُ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ وَاَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يُطْعَمَ وَقَالَ لَا يُبَاعُ شَيْءٌ مِنْهُ اِلَّا بِالدَّرَاهِمِ وَالدَّنَانِيْرِ اِلَّا الْعَرَايَا فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ فِيْهَا۔

حضرت عطاء اور حضرت ابوالزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کو کھانے کے قابل ہونے سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ ان میں کوئی چیز بھی بیچی جائے تو درہموں اور دیناروں کے بدلے بیچی جائے کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی اجازت دی ہے۔

۱۳۵۹۔ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الشَّافِعِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ اِلَّا اَنَّهٗ اَرْخَصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنہ سے منع فرمایا البتہ عرایا کا سودا کرنے کی اجازت دی ہے۔

۱۳۶۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدِ بْنِ مِيْنَا عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ وَقَالَ اَحَدُهُمَا وَالْمُعَاوَمَةِ وَقَالَ الْاٰخَرُ وَبَيْعُ السِّنِيْنَ وَنَهٰى عَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم محاقلہ، مزابنہ اور مخابرہ سے منع فرمایا حضرت ابوالزبیر یا سعید بن بینا راویوں میں سے ایک نے معاومہ کا اور دوسرے نے کئی سالوں کی بیع کا ذکر کیا اور آپ نے (معلوم مقدار کی) استثناء سے منع فرمایا اور عرایا کی اجازت دی۔

۱۳۶۱۔ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ

حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چھواروں کے بدلے تازہ کھجوروں کی بیع سے منع فرمایا البتہ عریہ کی اجازت دی کہ تازہ کھجوروں کا اندازہ کر کے اسے بیچا جائے تاکہ اس کے مالک تازہ کھجوریں

التمر بالتمر إلا أنه رخص في العرية أن يباع بخرصها من التمر يأكلها أهلها رطبا۔

کھا سکیں۔

۱۳۶۲۔ حدثنا محمد بن خزيمة قال ثنا القعنبي قال سليمان بن بلال عن يحيى بن سعيد عن بشير بن يسار عن بعض أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من أهل دارهم منهم سهل بن أبي حثمة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع التمر بالتمر وقال ذلك الربوا ذلك المزابنة إلا أنه رخص في بيع العرية النخلة والنخلتين يأخذها أهل البيت بخرصها تمرا يأكلونها رطبا۔

حضرت بشیر بن یسار رضی اللہ عنہ اپنے خاندان کے بعض صحابہ کرام سے روایت کرتے ہیں حضرت سہل بن ابو حثمہ بھی ان میں سے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوہاروں کے بدلے تازہ کھجوروں کی بیع سے منع فرمایا آپ نے فرمایا یہ سود ہے یہ مزابنہ ہے البتہ ایک یا دو درختوں کے ر کی اجازت دی تاکہ گھر والے اس کے بدلے تازہ کھجوریں لے کر انہیں کھائیں۔

۱۳۶۳۔ حدثنا إبراهيم بن مرزوق قال ثنا القعنبي وعثمان بن عمر قال ثنا مالك بن أنس عن داود بن الحصين عن مولى ابن أبي أحمد عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رخص في بيع العرايا في خمسة أوسق أو في ما دون خمسة أوسق يشك داود في خمسة أو في ما دون خمسة۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ وسق یا اس سے کم میں عرایا کی اجازت دی ہے داؤد راوی کو پانچ یا کم کا شک ہے۔

۱۳۶۴۔ حدثنا أحمد بن داود قال ثنا عبد الله بن محمد التيمي قال أخبرنا حماد بن سلمة عن محمد بن إسحق عن محمد بن يحيى بن حبان عن واسع بن حبان عن جابر بن عبد الله أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رخص في العرية في الوسق والوسقين والثلاثة والأربعة وقال في كل عشرة أقناء قنو يوضع في المسجد للمساكين۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یا دو، تین اور چار وسق میں عرایا کی اجازت فرمائی اور فرمایا کہ ہر دس خوشوں میں سے ایک خوشہ محتاج لوگوں کے لیے مسجد میں رکھا جائے۔

۱۳۶۵۔ حدثنا ابن أبي داود قال ثنا الوهبي قال أخبرنا ابن إسحق فذكر بإسناده مثله غير أنه قال ثم قال الوسق والوسقين و

حضرت اسحق نے اپنی سند سے اس کی مثل روایت کیا البتہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک وسق، دو، تین اور چار وسق اور آپ

وَالثَّلَاثَةِ وَالْاَرْبَعَةِ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَهُ فِيْ كُلِّ عَشَرَةٍ ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَقَدْ جَاءَتْ هٰذِهِ الْاٰثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَوَاتَرَتْ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ بَيْعِ الْعَرَايَا وَقَبِلَهَا اَهْلُ الْعِلْمِ جَمِيْعًا وَلَمْ يَخْتَلِفُوْا فِيْ صِحَّةِ مَجِيْئِهَا وَتَنَازَعُوْا فِيْ تَاْوِيْلِهَا فَقَالَ قَوْمٌ اَلْعَرَايَا اَنَّ الرَّجُلَ يَكُوْنُ لَهُ النَّخْلَةُ وَالنَّخْلَتَانِ فِيْ وَسَطِ النَّخْلِ الْكَثِيْرِ لِرَجُلٍ اٰخَرَ قَالُوْا وَقَدْ كَانَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ اِذَا كَانَ وَقْتُ الثِّمَارِ خَرَجُوْا بِاَهْلِيْهِمْ اِلٰى حَوَائِطِهِمْ فَيَجِيْءُ صَاحِبُ النَّخْلَةِ اَوِ النَّخْلَتَيْنِ بِاَهْلِهٖ فَيَضُرُّ ذٰلِكَ بِاَهْلِ النَّخْلِ الْكَثِيْرِ فَرَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَاحِبِ النَّخْلِ الْكَثِيْرِ اَنْ يُعْطِيَ صَاحِبَ النَّخْلَةِ اَوِ النَّخْلَتَيْنِ خَرْصَ مَالَهُ مِنْ ذٰلِكَ تَمْرًا لِيَنْصَرِفَ هُوَ وَاَهْلُهُ عَنْهُ وَيَخْلُصَ تَمْرُ الْحَائِطِ كُلُّهُ لِصَاحِبِ النَّخْلِ الْكَثِيْرِ فَيَكُوْنُ فِيْهِ هُوَ وَاَهْلُهُ ۔

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْقَوْلُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَكَانَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَقُوْلُ فِيْمَا سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ اَبِيْ عِمْرَانَ يَذْكُرُ اَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ قَالَ مَعْنٰى ذٰلِكَ عِنْدَنَا اَنْ يُعْرِيَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ ثَمَرَ نَخْلَةٍ مِنْ نَخْلِهٖ فَلَا يُسَلِّمُ ذٰلِكَ اِلَيْهِ حَتّٰى يَبْدُوَ لَهُ فَرَخَّصَ لَهُ اَنْ يَحْبِسَ ذٰلِكَ وَيُعْطِيَهُ مَكَانَهُ خَرْصَهُ تَمْرًا وَكَانَ هٰذَا التَّاْوِيْلُ اَشْبَهَ وَاَوْلٰى مِمَّا قَالَ مَالِكٌ لِاَنَّ الْعَرِيَّةَ اِنَّمَا هِيَ الْعَطِيَّةُ ۔

اَلَا تَرٰى اِلَى الَّذِيْ مَدَحَ الْاَنْصَارَ كَيْفَ مَدَحَهُمْ اِذْ يَقُوْلُ لَيْسَتْ بِسَنْهَاءَ وَلَا رُجَبِيَّةٍ وَلٰكِنْ عَرَايَا فِي السِّنِيْنَ الْجَوَائِحِ : اَيْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

ہر دس میں سے ایک گچھے کا ذکر نہیں کیا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں تواتر کے ساتھ روایات میں بیع عرایا کی اجازت کا ذکر آیا ہے اہل علم نے ان روایات کو قبول کیا ان روایت میں ان کا کوئی اختلاف نہیں البتہ عرایا کے مفہوم میں اختلاف ہے ایک جماعت کہتی ہے عرایا یہ ہے کہ ایک شخص کے ایک یا دو درخت دوسرے شخص کے بہت سے درختوں کے درمیان ہوں یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اہل مدینہ پھلوں کے موسم میں اپنے گھر والوں کو لے کر باغات کی طرف جاتے تھے تو ایک یا دو درختوں کا مالک اپنے گھر والوں کے ساتھ آتا اس طرح زیادہ درختوں کے مالک کو اذیت ہوتی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ درختوں والے کو اجازت دی کہ وہ ایک یا دو درختوں کے مالک کو اس کے مال کے اندازے پر کھجوریں دے تاکہ وہ اور اس کے اہل خانہ واپس لوٹ جائیں اور باغ کی تمام کھجوریں زیادہ درختوں کے مالک کے لیے خاص ہو جائیں اور اب صرف اس کا اور اس کے اہلِ خانہ کا ہی حق ہوتا۔

یہ قول حضرت مالک بن انس رحمہ اللہ سے مروی ہے اور حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہمارے نزدیک اس کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی شخص، دوسرے آدمی کو ایک درخت کا پھل بطور عطیہ دے اور پھل کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے اس کے حوالے نہ کرے تو اسے اجازت ہے کہ اس (عطیہ) کو روک لے اور اس کی جگہ اندازے سے چھوہارے دے (امام طحاوی فرماتے ہیں) یہ مفہوم حضرت امام مالک کے بیان کردہ مفہوم سے زیادہ مناسب اور بہتر ہے کیونکہ عرایا سے یہی عطیات مراد ہیں۔

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ جس نے انصار کی تعریف کی تو وہ کس طرح کی ہے ان کے عطیات ان درختوں کی صورت میں نہیں ہوتے جو ایک سال پھل دیتے ہیں اور دوسرے سال پھل نہیں لاتے اور

يُعْرُونَهَا فِي السِّنِينَ الْحَوَائِجِ فَلَوْ كَانَتِ الْعَرِيَّةُ كَمَا ذَهَبَ عَلَيْهِ مَالِكٌ إِذًا لَمَا كَانُوا مَمْدُوحِينَ بِهَا إِذْ كَانُوا يُعْطُونَ كَمَا يُعْطُونَ وَلٰكِنَّ الْعَرِيَّةَ بِخِلَافِ مَا قَالَ۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ ذُكِرَ فِي حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا فَصَارَتِ الْعَرَايَا فِي هٰذَا الْحَدِيثِ أَيْضًا هِيَ بَيْعُ ثَمَرٍ بِتَمْرٍ۔

قِيلَ لَهُ لَيْسَ فِي الْحَدِيثِ مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ إِنَّمَا فِيهِ ذِكْرُ الرُّخْصَةِ فِي الْعَرَايَا مَعَ ذِكْرِ النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ وَقَدْ يُقْرَنُ الشَّيْءُ وَحُكْمُهُمَا مُخْتَلِفٌ۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ ذُكِرَ التَّوْقِيفُ فِي حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى خَمْسَةِ أَوْسُقٍ وَفِي ذِكْرِهِ ذٰلِكَ مَا يَنْفِي أَنْ يَكُونَ حُكْمُ مَا هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ كَحُكْمِهِ۔

قِيلَ لَهُ مَا فِيهِ مَا يَنْفِي شَيْئًا مِمَّا ذَكَرْتَ وَإِنَّمَا يَكُونُ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ لَوْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكُونُ الْعَرِيَّةُ إِلَّا فِي خَمْسَةِ أَوْسُقٍ أَوْ فِي مَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ فَإِذَا كَانَ الْحَدِيثُ إِنَّمَا فِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا فِي خَمْسَةِ أَوْسُقٍ أَوْ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ فَذٰلِكَ يَحْتَمِلُ أَنْ يَكُونَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِيهِ لِقَوْمٍ فِي عَرِيَّةٍ لَهُمْ هٰذَا مِقْدَارُهَا فَنَقَلَ أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ذٰلِكَ وَأَخْبَرَ بِالرُّخْصَةِ فِيمَا كَانَتْ وَلَا يَنْفِي ذٰلِكَ أَنْ تَكُونَ تِلْكَ الرُّخْصَةُ جَارِيَةً فِيمَا هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ۔

نہ وہ درخت جن کو ستون کا دیا جاتا ہے (اگرچہ درخت) بلکہ وہ قحط کے سالوں میں عطیات دیتے ہیں یعنی ان کے نزدیک یہ بات معروف تھی کہ عطیات (عرایا) قحط سالی میں ہوتے ہیں اگر عرایا کا وہ مفہوم ہوتا ہے جو حضرت امام مالک نے بیان کیا ہے تو اس صورت میں ان کی تعریف نہ کی جاتی کیونکہ وہ اسی طرح دیتے جس طرح عام ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ تم نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت میں ذکر کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خشک کھجوروں کے بدلے تازہ کھجوروں کی بیع سے منع فرمایا اور عرایا کی اجازت دی تو اس حدیث میں بھی عرایا سے چھوہاروں کے بدلے تازہ کھجوروں کی بیع مراد ہے ۔

تو اسے کہا جائے گا کہ حدیث میں ایسی کوئی بات نہیں ہے اس میں تو عرایا کی اجازت کا ذکر ہے اور اس کے ساتھ چھوہاروں کے بدلے تازہ کھجوروں کی ممانعت بھی مذکور ہے اور بعض اوقات ایک بات کو دوسری سے ملایا جاتا ہے لیکن دونوں کا حکم مختلف ہوتا ہے ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں پانچ وسق پر موقوف ذکر کیا گیا اور اس سے زائد میں اس حکم کی نفی ہوگی ۔

تو اس شخص کو جواباً کہا جائے گا کہ اس میں کوئی ایسی بات نہیں جو اس کی نفی کرے یہ تو اس صورت میں ہوتا جب حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ عطیہ صرف پانچ وسق یا اس سے کم میں ہوتا ہے حدیث میں تو یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ وسق یا اس سے کم میں عرایا کی اجازت دی ہے تو اس میں یہ احتمال ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاص قوم کو جس عطیہ کی اجازت دی ان کے عطیہ کی مقدار اتنی ہو تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اسے نقل فرمایا اور جو اجازت دی گئی تھی اس کی خبر دی لیکن اس سے زائد میں عرایا کی نفی نہیں ہوتی ۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فِي حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ إِلَّا أَنَّهُ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا فَصَارَ ذَلِكَ مُسْتَثْنًى مِنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ فَثَبَتَ بِذَلِكَ أَنَّهُ بَيْعُ ثَمَرٍ بِتَمْرٍ۔

قِيلَ لَهُ قَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ تَصَدَّقَ بِذَلِكَ إِلَى الْمُعْرَى لَهُ فَرَخَّصَ لَهُ أَنْ يَأْخُذَ تَمْرًا بَدَلًا مِنْ ثَمَرٍ فِي رُؤُسِ النَّخْلِ لِأَنَّهُ يَكُونُ بِذَلِكَ فِي مَعْنَى الْبَائِعِ وَذَلِكَ لَهُ حَلَالٌ فَيَكُونُ الْإِسْتِثْنَاءُ لِهَذِهِ الْعِلَّةِ وَفِي حَدِيثِ سَهْلِ ابْنِ أَبِي حَثْمَةَ إِلَّا أَنَّهُ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرِيَّةِ بِخَرْصِهَا تَمْرًا يَأْكُلُهَا أَهْلُهَا رُطَبًا فَقَدْ ذَكَرَ لِلْعَرِيَّةِ أَهْلًا وَجَعَلَهُمْ يَأْكُلُونَهَا رُطَبًا وَلَا يَكُونُ ذَلِكَ إِلَّا وَمَلَّكَهَا الَّذِينَ عَادَتْ إِلَيْهِمْ بِالْبَدَلِ الَّذِي أَخَذَ مِنْهُمْ فَذَلِكَ يُثْبِتُ قَوْلَ أَبِي حَنِيفَةَ۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ لَوْ كَانَ تَأْوِيلُ هَذِهِ الْآثَارِ مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ أَبُو حَنِيفَةَ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ لِمَا كَانَ لِذِكْرِ الرُّخْصَةِ فِيهَا مَعْنًى قِيلَ لَهُ بَلْ لَهُ مَعْنًى صَحِيحٌ وَلَكِنْ قَدِ اخْتُلِفَ فِيهِ مَا هُوَ۔

فَقَالَ عِيسَى بْنُ أَبَانَ مَعْنَى الرُّخْصَةِ فِي ذَلِكَ أَنَّ الْأَمْوَالَ كُلَّهَا لَا يُمْلَكُ بِهَا إِبْدَالًا إِلَّا مَنْ كَانَ مَالِكًا لَهَا لَا يَبِيعُ الرَّجُلُ مَا لَا يَمْلِكُ بِبَدَلٍ فَيَمْلِكُ ذَلِكَ الْبَدَلَ وَإِنَّمَا يَمْلِكُ ذَلِكَ الْبَدَلَ إِذَا مَلَكَهُ بِصِحَّةِ مِلْكِهِ لِلشَّيْءِ الَّذِي هُوَ بَدَلٌ مِنْهُ قَالَ فَالْمُعْرِي لَمْ يَكُنْ مِلْكَ الْعَرِيَّةِ لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ قَبَضَهَا وَالتَّمْرُ الَّذِي يَأْخُذُهُ بَدَلًا مِنْهَا قَدْ جُعِلَ طَيِّبًا لَهُ فِي هَذَا الْحَدِيثِ وَهُوَ بَدَلٌ مِنْ رُطَبٍ لَمْ يَكُنْ مَلَكَهُ قَالَ فَهَذَا هُوَ الَّذِي قُصِدَ بِالرُّخْصَةِ إِلَيْهِ۔

اگر کوئی معترض کہے کہ حضرت ابن عمر اور حضرت جابر (رضی اللہ عنہم) کی روایت میں ہے "مگر آپ نے عرایا میں اجازت دی" تو یہ چھوہاروں کے بدلے کھجوروں کی بیع سے مستثنیٰ ہوا اس سے ثابت ہوا کہ یہ بھی چھوہاروں کے بدلے کھجوروں کی بیع ہے۔

تو اس معترض کو کہا جائے گا کہ آپ نے اس سے اس آدمی کا قصد کیا ہو جس کو عطیہ (عرایا) دیا گیا ہے تو اسے اجازت دی گئی کہ درخت کے اوپر والی کھجوروں کے بدلے اتری ہوئی کھجوریں لے کیونکہ اس طرح وہ معنوی طور پر بائع کہلائے گا اور اس کے لیے حلال ہے لہٰذا اس علت کی بنیاد پر استثناء کی گئی حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے "مگر آپ نے اندازے کے ساتھ کھجوروں میں عریہ بیچنے کی اجازت دی تاکہ اس کے مالک تازہ کھجوریں کھائیں تو عریہ کے لیے اہل کا ذکر کیا اور انہیں تازہ کھجوریں کھانے والا قرار دیا اور یہ بات اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک وہ لوگ جن کے پاس یہ کھجوریں آ رہی ہیں عوض دے کر اسکے مالک بن جائیں اور یہ بات حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول کو ثابت کرتی ہے

اگر کوئی شخص کہے کہ اگر ان روایات کا وہ مفہوم ہوتا جسے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اپنایا ہے تو اس کی اجازت دینے کا کوئی مطلب نہ ہوتا تو اسے کہا جائے گا کہ اس کا ایک صحیح معنیٰ ہے لیکن اس میں اختلاف کیا گیا ہے کہ وہ کیا ہے۔

حضرت عیسیٰ بن ابان نے فرمایا اسکی اجازت کا مطلب یہ ہے کہ بدل کے طور پر مال کا مالک وہی شخص ہو سکتا ہے جو اس (دی جانے والی) چیز کا مالک ہو اور جو شخص کسی چیز کا بدل کی وجہ سے مالک ہوتا ہے وہ اسے بیچ نہیں سکتا وہ بدل کی وجہ سے مالک ہوا اس طرح تو وہ اس بدل کا مالک ہو جائے گا۔ اس بدل کا مالک اسی صورت میں ہوتا جب بدلے میں دی جانے والی چیز کا صحیح طور پر مالک ہو۔ لہٰذا جس کو عطیہ دیا گیا وہ اس عطیہ کا مالک نہیں کیونکہ اس نے اس پر قبضہ نہیں کیا اور جو کھجوریں وہ اس کے عوض میں لیتا ہے اس حدیث کے مطابق وہ اس کے لیے درست قرار دی گئی ہیں اور وہ ان تازہ کھجوروں کا عوض ہے جن کا وہ مالک نہیں ہوا وہ فرماتے ہیں اجازت سے یہی مراد ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ رُخْصَةٌ أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا أَعْرَى الرَّجُلَ الشَّيْءَ مِنْ ثَمَرِهٖ وَقَدْ وَعَدَ كَانَ يُسَلِّمَهُ إِلَيْهِ لِيَمْلِكَهُ الْمُسَلَّمُ إِلَيْهِ بِقَبْضِهٖ إِيَّاهُ وَعَلَى الرَّجُلِ فِي دِيْنِهٖ أَنْ يَفِيَ بِوَعْدِهٖ وَإِنْ كَانَ غَيْرَ مَأْخُوذٍ بِهٖ فِي الْحُكْمِ فَرُخِّصَ لِلْمُعْرِي أَنْ يَحْتَبِسَ مَا أَعْرَى بِأَنْ يُعْطِيَ الْمُعْرَى خَرْصَهُ تَمْرًا بَدَلًا مِنْهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُونَ آثِمًا وَلَا فِي حُكْمِ مَنْ أَخْلَفَ مَوْعِدًا فَهٰذَا مَوْضِعُ الرُّخْصَةِ۔

وَهٰذَا التَّأْوِيْلُ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ عَنْ أَبِي حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ أَوْلٰى مِمَّا حُمِلَ عَلَيْهِ وَجْهُ هٰذَا الْحَدِيْثِ لِأَنَّ الْآثَارَ قَدْ جَاءَتْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَاتِرَةً بِالنَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ۔

فَمِنْهَا مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِي أَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ۔

۱۳۶۶ وَمِنْهَا مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيْدٌ وَأَبُو سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبَايَعُوا الثَّمَرَ بِالتَّمْرِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَحَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ سَوَاءً۔

۱۳۶۷ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ وَابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

۱۳۶۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ سُئِلَ عَنْ

دوسرے حضرات نے فرمایا اجازت اس بات کی ہے کہ ایک شخص جب کسی دوسرے آدمی کو اپنا کچھ پھل بطور عطیہ (عریہ) دیتا ہے اور اس سے وعدہ کرتا ہے کہ وہ اسے اس کے حوالے کر دے گا تاکہ وہ (جس کو سونپا گیا) قبضہ کی وجہ سے اس کا مالک ہو جائے اور قرض کے معاملے میں وعدہ کو پورا کرنا آدمی پر لازم ہوتا ہے اگرچہ اس کے حکم پر اس سے مواخذہ نہیں ہوتا تو آپ نے عطیہ دینے والے کو اجازت دی کہ وہ اس چیز کو روک رکھے جو اس نے عطیہ دیا ہے اور اس کے بدلے میں اندازے سے کھجوریں دے دے اس میں وہ گناہ گار نہیں ہوگا اور نہ وہ ۲

حدیث کی جتنی توجیہات کی گئی ہیں ان میں وہ توجیہ زیادہ بہتر ہے جو حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے کی ہے کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی متعدد روایات میں چھوہاروں کے بدلے تازہ کھجوروں کی بیع سے منع کیا گیا ہے۔

ان میں سے کچھ احادیث ہم نے باب کے شروع میں ذکر کی ہیں۔

اور کچھ یہ ہیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تازہ کھجوروں کو چھواروں کے بدلے نہ بیچو۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضرت سالم بن عبداللہ نے اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل بیان کیا۔

حضرت سالم اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت عمرو بن دینار سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا انہوں نے ایک شخص کے بارے میں پوچھا جو سوکھی کھجوروں کے بدلے (درخت پر لگا ہوا)

۲ وعدہ خلافی کرنے والوں کے حکم میں ہوگا [illegible]

رَجُلٍ اشْتَرٰی بِمِائَةِ فِرْقٍ بِكَيْلٍ لَهٗ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذَا يَعْنِي الْمُزَابَنَةَ۔

پھل خریدتا ہے اور وہ اسے پیمانے کے ساتھ ناپ کر دیتا ہے تو انہوں نے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا یعنی یہ مزابنہ ہے۔

۱۳۶۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ النَّخْلِ بِالتَّمْرِ كَيْلًا وَ الزَّبِيْبُ بِالْعِنَبِ كَيْلًا وَ الزَّرْعَ بِالْحِنْطَةِ كَيْلًا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے درخت پر پھل کو خشک کھجوروں کے بدلے پیمانے کے ساتھ بیچنے، منقہ کو انگور کے بدلے پیمانے کے ساتھ اور کھڑی فصل کو گندم کے بدلے پیمانے کے ساتھ بیچنے سے منع فرمایا۔

۱۳۷۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ بَاعَ ثَمَرَةَ اَرْضِهٖ مِنْ رَجُلٍ بِمِائَةِ فِرْقٍ فَقَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذَا وَهُوَ الْمُزَابَنَةُ۔

حضرت عمرو بن دینار سے مروی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو اپنی زمین کا پھل کسی شخص پر ایک سو فرق کے بدلے بیچتا ہے تو انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا اور یہ مزابنہ ہے۔

۱۳۷۱۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ وَهْبُ اللّٰهِ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ قَالَ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يَشْتَرِيَ الرَّجُلُ اَوْ يَبِيْعَ حَائِطَهٗ بِتَمْرٍ كَيْلًا اَوْ كَرْمَهٗ بِزَبِيْبٍ كَيْلًا وَاَنْ يَبِيْعَ الزَّرْعَ كَيْلًا بِشَيْءٍ مِنَ الطَّعَامِ۔

حضرت نافع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنہ سے منع فرمایا وہ فرماتے ہیں مزابنہ یہ ہے کہ کوئی شخص باغ کو خشک کھجوروں کے بدلے یا انگور کو منقہ کے بدلے، اور کھڑی فصل کو غلے کے بدلے پیمانے کے ساتھ خریدے یا بیچے۔

۱۳۷۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا۔

۱۳۷۳۔ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَزَادَ اَنْ يَبِيْعَ الرَّجُلُ الزَّرْعَ بِمِائَةِ فِرْقٍ حِنْطَةٍ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يَبِيْعَ الثَّمَرَ فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ بِمِائَةِ فِرْقٍ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے یہ اضافہ کیا کہ کوئی شخص کھڑی فصل کو گندم کے ایک سو فرق کے ساتھ بیچے اور مزابنہ یہ ہے کہ درخت کے اوپر موجود پھل کو ایک سو فرق کے بدلے بیچے۔

۱۳۷۴۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثنا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرہ، مزابنہ اور محاقلہ سے منع فرمایا (تعریفیں پیچھے گزر چکی ہیں)

۱۳۷۵۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ ثنا حُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ ثنا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ قَالَ وَالْمُحَاقَلَةُ الشَّرْطُ فِي الزَّرْعِ وَالْمُزَابَنَةُ التَّمْرُ بِالتَّمْرِ فِي النَّخْلِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ و مزابنہ سے منع فرمایا وہ فرماتے ہیں محاقلہ کھیتی میں شرط رکھنا اور مزابنہ درخت کی کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے بیچنا ہے۔

فَهٰذِهِ الْاٰثَارُ قَدْ تَوَاتَرَتْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الْكَيْلِ مِنَ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ فِيْ رُؤُوْسِ النَّخْلِ فَاِنْ حُمِلَ تَاْوِيْلُ الْعَرَايَا عَلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ كَانَ النَّهْيُ عَلٰى عُمُوْمِهِ وَلَمْ يَبْطُلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَاِنْ حُمِلَ عَلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ مَالِكٌ خَرَجَ مِنْهُ مَا تَاَوَّلَ هُوَ الْعَرِيَّةَ عَلَيْهِ فَلَا يَنْبَغِيْ اَنْ يَخْرُجَ شَيْءٌ مِنْ حَدِيْثٍ مُتَّفَقٍ عَلَيْهِ اِلَّا بِحَدِيْثٍ مُتَّفَقٍ عَلٰى تَاْوِيْلِهِ اَوْ بِدَلَالَةٍ اُخْرٰى مُتَّفَقٍ عَلَيْهَا۔ وَقَدْ رُوِيَ اَيْضًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الْمَوْضِعِ فِي النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ فَاِنْ حَمَلْنَا مَعْنَى الْعَرِيَّةِ عَلٰى مَا قَالَ مَالِكٌ ضَادَّ مَا رُوِيَ فِيْهَا مَا رُوِيَ فِي النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ وَاِنْ حَمَلْنَاهُ عَلٰى مَا قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اتَّفَقَتْ مَعَانِيْهَا وَلَمْ تَتَضَادَّ وَالْاَوْلٰى بِنَا فِيْ صَرْفِ وُجُوْهِ الْاٰثَارِ

تو تواتر کے ساتھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایات آتی ہیں جن میں درخت کے پھل کے بدلے اترے ہوئے پھل کو پیمانے کے ساتھ بیچنے سے منع فرمایا۔ اگر عرایا کا وہ مفہوم لیا جائے جس کی طرف حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ گئے ہیں تو نہی اپنے عموم پر ہوگی اور اس میں سے کچھ بھی باطل نہیں ہوگا اور اگر حضرت امام مالک رحمہ اللہ کی تاویل کو اپنایا جائے تو (اس ممانعت سے) ان کا بیان کردہ عریہ خارج ہو جائے گا اور کسی متفق علیہ حدیث سے کسی چیز کو اسی صورت میں خارج کیا جاتا ہے جب اس کے مقابل حدیث کے مفہوم پر اتفاق ہو یا کوئی اور دلالت ہو جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تر کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے بیچنے کی ممانعت کے سلسلے میں اس کے علاوہ بھی مروی ہے اگر ہم عریہ کا وہ معنی لیں جو حضرت مالک نے بیان کیا تو تر کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے بیچنے کی ممانعت سے تضاد لازم آئے گا اور اگر ہم حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول پر محمول کریں اور ان کے معانی ایک جیسے ہوں گے اور تضاد نہیں ہوگا اور زیادہ مناسب یہی ہوتا ہے کہ روایات کے بیان اور

وَمَعَانِيهَا صَرْفُهَا إِلَى مَا لَيْسَ فِيهِ تَضَادٌّ وَلَا مُعَارَضَةٌ لِسُنَّةٍ بِسُنَّةٍ۔

معانی کو ایسی بات کی طرف سے پھیرا جائے جس سے سنت کا سنت سے تضاد اور ٹکراؤ ثابت نہ ہو۔

فَقَدْ ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَا فِي مَعْنَى الْعَرَايَا مَا ذَهَبَ إِلَيْهِ أَبُو حَنِيفَةَ وَاللَّهُ وَلِيُّ التَّوْفِيقِ

تو عرایا کے مفہوم کے سلسلے میں جو کچھ ہم نے روایت کیا اس سے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب ثابت ہو گیا۔

۱۳۷۶۔ **وَقَدْ رُوِيَ** عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْضًا أَنَّهُ قَالَ خَفِّفُوا فِي الصَّدَقَاتِ فَإِنَّ فِي الْمَالِ الْعَرِيَّةَ وَالْوَصِيَّةَ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے فرمایا صدقات میں تخفیف کرو کیونکہ مال میں عریہ (عطیہ) اور وصیت بھی ہے۔

حَدَّثَنَا بِذَلِكَ أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو عُمَرَ قَالَ أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ مَكْحُولٍ الشَّامِيِّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ۔

یہ بات حضرت مکحول شامی نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔

فَدَلَّ ذَلِكَ أَنَّ الْعَرِيَّةَ إِنَّمَا هِيَ شَيْءٌ يُمَلِّكُهُ أَرْبَابُ الْأَمْوَالِ قَوْمًا فِي حَيَاتِهِمْ كَمَا يُمَلِّكُونَ الْوَصَايَا بَعْدَ وَفَاتِهِمْ۔

تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ عریہ وہ چیز ہے کہ مالدار لوگ اپنی زندگی میں اس کا مالک بناتے ہیں جیسا کہ وہ وصیت کا اپنی مدت کے بعد مالک بناتے ہیں۔

وَحُجَّةٌ أُخْرَى فِي أَنَّ مَعْنَى الْعَرِيَّةِ كَمَا قَالَ أَبُو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ لَا كَمَا قَالَ مُخَالِفُهُ۔

اس بات پر کہ عریہ کا معنیٰ وہی ہے جو حضرت امام ابوحنیفہ نے اپنایا ہے نہ وہ کہ جو ان کے مخالف نے بیان کیا دوسری دلیل یہ ہے۔

۱۳۷۷۔ **حَدَّثَنَا** أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ وَعُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُبْتَاعَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ قَالَ وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا فِي النَّخْلَةِ وَالنَّخْلَتَيْنِ تُوهَبَانِ لِلرَّجُلِ فَيَبِيعُهُمَا بِخَرْصِهِمَا تَمْرًا۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے اور خریدنے والے (دونوں) کو مزابنہ سے منع فرمایا وہ فرماتے ہیں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ نے ایک اور دو درختوں کے عرایا کی اجازت دی ہے کہ وہ کسی شخص کو بطور ہبہ دیئے جائیں پھر وہ ان کے اندازے کے مطابق کھجوروں کے بدلے بیچے۔

فَهَذَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَهُوَ أَحَدُ مَنْ رَوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّخْصَةَ فِي الْعَرِيَّةِ فَقَدْ أَخْبَرَ أَنَّهَا الْهِبَةُ وَاللَّهُ أَعْلَمُ۔

تو یہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عریہ کی اجازت کے راویوں میں سے ایک ہیں انہوں نے بتایا کہ یہ ہبہ ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

بَابُ الرَّجُلِ يَشْتَرِي الثَّمَرَةَ فَيَقْبِضُهَا فَيُصِيبُهَا جَائِحَةٌ

خریدے ہوئے پھل پر قبضہ کے بعد آفت آجائے

۱۳۷۸۔ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حُمَيْدِ الْأَعْرَجِ عَنْ سُلَيْمَنَ بْنِ عَتِيقٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ السِّنِينَ وَأَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی سالوں کی بیع سے منع فرمایا اور ہلاک ہونے والے پھل کو اس سے وضع کرنے کا حکم دیا۔

۱۳۷۹۔ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيَى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابو الزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۸۰۔ حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْوَزِيرِ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حُمَيْدِ الْأَعْرَجِ عَنْ سُلَيْمَنَ بْنِ عَتِيقٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِوَضْعِ الْجَائِحَةِ۔

حضرت سلیمان بن عتیق، حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدرتی آفات سے ہلاک ہونے والے پھل کو وضع کرنے کا حکم دیا۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ مَعْنٰى هٰذِهِ الْجَوَائِحِ الَّتِي أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضْعِهَا هِيَ الثِّمَارُ يَبْتَاعُهَا الرَّجُلُ فَيَقْبِضُهَا فَيُصِيبُهَا فِي يَدِهٖ جَائِحَةٌ فَيَذْهَبُ بِثُلُثِهَا فَصَاعِدًا قَالُوا فَذٰلِكَ يَبْطُلُ ثَمَنُهَا عَنِ الْمُشْتَرِي قَالُوا وَمَا أَصَابَهَا فَأَذْهَبَ بِشَيْءٍ مِنْهَا دُونَ ثُلُثِهَا ذَهَبَ ذٰلِكَ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِي وَلَمْ يَبْطُلْ عَنْهُ مِنْ ثَمَنِهٖ شَيْءٌ قَلِيلٌ وَلَا كَثِيرٌ قَالُوا وَهٰذَا مِثْلُ الْحَدِيثِ الْآخَرِ الْمَرْوِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان آفات سے جنہیں حضور علیہ السلام نے وضع کرنے کا حکم دیا وہ پھل مراد لئے ہیں جنہیں ایک آدمی خرید کر ان پر قبضہ کر لیتا ہے پھر اس کے قبضے میں کوئی آسمانی آفت آجاتی ہے جس کی وجہ سے اس کا تہائی حصہ یا اس سے زائد ضائع ہو جاتا ہے یہ حضرات فرماتے ہیں اس سبب سے اتنے پھلوں کی قیمت خریدنے والے سے ساقط ہو جاتی ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو آفت پہنچے اور تہائی سے کم حصہ ضائع کر دے تو یہ خریدنے والے کے مال سے ضائع ہو گا اور اسکی قیمت سے کچھ بھی ساقط نہ ہو گا وہ کم ہو یا زیادہ وہ فرماتے ہیں یہ ایک اور حدیث کی طرح ہے جو حضور علیہ السلام سے مروی ہے۔

۱۳۸۱۔ فَذَكَرُوا مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ

انہوں نے اس سلسلے میں یوں ذکر کیا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم

اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهٗ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ بِعْتَ مِنْ اَخِيْكَ ثَمَرًا فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَلَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا بِمَ تَاْخُذُ مَالَ اَخِيْكَ بِغَيْرِ حَقٍّ۔

اپنے (مسلمان) بھائی پر کھجوریں بیچو پھر انہیں کوئی آفت پہنچ جائے تو تمہارے لیے اس سے کچھ بھی لینا جائز نہیں تم کس چیز کے بدلے میں اپنا بھائی کا مال ناحق طور پر لو گے۔

۱۳۶۲۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابوعاصم، حضرت ابن جریج سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

قَالُوْا فَقَدْ بَيَّنَ هٰذَا الْحَدِيْثُ الْمَعْنَى الَّذِيْ ذَكَرْنَا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں اس حدیث نے وہ معنی بیان کر دیا جسے ہم نے ذکر کیا ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا مَا ذَهَبَ مِنْ ذٰلِكَ مِنْ شَيْءٍ قَلَّ اَوْ كَثُرَ بَعْدَ اَنْ يَّقْبِضَهُ الْمُشْتَرِيْ ذَهَبَ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِيْ وَمَا ذَهَبَ فِيْ يَدِ الْبَائِعِ قَبْلَ اَنْ يَّقْبِضَهُ الْمُشْتَرِيْ بَطَلَ ثَمَنُهٗ عَنِ الْمُشْتَرِيْ۔

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں انکی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ خریدار کے قبضہ کرنے کے بعد جو کچھ بھی ضائع ہو گا وہ تھوڑا ہو یا زیادہ، اسی (خریدار) کے مال سے ضائع ہوگا اور جو کچھ خریدار کے قبضہ کرنے سے پہلے بیچنے والے کے پاس ضائع ہوگا اس کے حساب سے خریدار سے قیمت اٹھ جائے گی۔

وَقَالُوْا مَا فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ الْمَرْوِيَّةِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ ذَكَرْتُمُوْهَا مَقْبُوْلٌ صَحِيْحٌ قُلْنَا بِهَا وَلَسْنَا نَدْفَعُ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا لِصِحَّةِ مَخْرَجِهٖ وَلٰكِنَّا نُخَالِفُ التَّاْوِيْلَ الَّذِيْ تَاَوَّلَهَا عَلَيْهِ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى وَنَقُوْلُ اِنَّ مَعْنَى الْجَوَائِحِ الْمَذْكُوْرَةِ فِيْهَا هِيَ الْجَوَائِحُ الَّتِيْ يُصَابُ النَّاسُ بِهَا وَيُجْتَاحُهُمْ فِي الْاَرَضِيْنَ الْخَرَاجِيَّةِ الَّتِيْ خَرَاجُهَا لِلْمُسْلِمِيْنَ فَوَضْعُ ذٰلِكَ الْخَرَاجِ عَنْهُمْ وَاجِبٌ لَازِمٌ لِاَنَّ فِيْ ذٰلِكَ صَلَاحًا لِلْمُسْلِمِيْنَ وَتَقْوِيَةً لَهُمْ فِيْ عِمَارَةِ اَرَضِيْهِمْ فَاَمَّا فِي الْاَشْيَاءِ الْمَبِيْعَاتِ فَلَا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جو کچھ ان روایات میں تم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے وہ مقبول ہے صحیح ہے ہم اس کے صحیح مخرج کی وجہ سے کسی کا بھی انکار نہیں کرتے لیکن ہم اس تاویل کی مخالفت کرتے ہیں جو پہلے قول والوں نے بیان کی ہے ہم کہتے ہیں کہ آفت مذکورہ سے مراد وہ آفات ہیں جو لوگوں کو پہنچیں اور ان کو خراجی زمینوں میں مصارح کردیں جن کا خراج مسلمانوں کے لیے ہوتا ہے پس ان سے یہ خراج اٹھالیا جائے گا یہ بات ضروری ہے اور لازم ہے کیونکہ اس میں مسلمانوں کے لیے اپنی زمینوں کو آباد کرنے کے سلسلے میں بھلائی اور مضبوطی ہے لیکن جن چیزوں کا سودا کیا جائے یہ آفات ان کے بارے میں نہیں ہیں۔

فَهٰذَا تَاْوِيْلُ حَدِيْثِ جَابِرٍ الَّذِيْ فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی جو حدیث باب کے شروع میں بیان ہوئی اس کا مفہوم یہ ہے۔

وَاَمَّا حَدِيْثُ جَابِرٍ الثَّانِيْ فَمَعْنَاهُ غَيْرُ هٰذَا الْمَعْنٰى۔

لیکن حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث کا مفہوم اس کے علاوہ ہے۔

وَذٰلِكَ اَنَّهٗ ذُكِرَ فِيْهِ الْبَيْعُ وَلَمْ يُذْكَرْ فِيْهِ الْقَبْضُ فَذٰلِكَ عِنْدَنَا عَلَى الْبِيَاعَاتِ الَّتِيْ تُصَابُ فِيْ اَيْدِيْ بَائِعِيْهَا قَبْلَ قَبْضِ الْمُشْتَرِيْ لَهَا فَلَا يَحِلُّ لِلْبَاعَةِ اَخْذُ اَثْمَانِهَا لِاَنَّهُمْ يَاْخُذُوْنَهَا بِغَيْرِ حَقٍّ۔

فَهٰذَا تَاْوِيْلُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَهُمْ۔

فَاَمَّا مَا قَبَضَهُ الْمُشْتَرُوْنَ وَصَارَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ فَذٰلِكَ كَسَائِرِ الْبِيَاعَاتِ الَّتِيْ يَقْبِضُهَا الْمُشْتَرُوْنَ لَهَا فَيَحْدُثُ بِهَا الْاٰفَاتُ فِيْ اَيْدِيْهِمْ فَكَمَا كَانَ غَيْرُ الثِّمَارِ يَذْهَبُ مِنْ اَمْوَالِ الْمُشْتَرِيْنَ لَهَا لَا مِنْ اَمْوَالِ بَاعَتِهَا فَكَذٰلِكَ الثِّمَارُ۔

فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ وَهُوَ اَوْلٰى مَا حُمِلَ عَلَيْهِ هٰذَا الْحَدِيْثُ۔

۱۳۸۳۔ لِاَنَّهٗ قَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ ح وَحَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ ح وَحَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحٰقَ السَّيْلَحِيْنِيُّ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ قَالُوْا ابْنِ الْاَشَجِّ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اُصِيْبَ رَجُلٌ فِيْ ثِمَارٍ ابْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَيْنُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا عَلَيْهِ فَتُصُدِّقَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوْا مَا وَجَدْتُمْ وَلَيْسَ لَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ۔

فَلَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُبْطِلْ دَيْنَ الْغُرَمَاءِ بِذَهَابِ الثِّمَارِ وَفِيْهِمْ بَاعَتُهَا وَلَمْ يَرُدَّهٗ عَلَى الْبَاعَةِ بِالثَّمَنِ اِنْ كَانُوْا قَدْ قَبَضُوْا ذٰلِكَ مِنْهُ۔

دہ یوں کہ انہوں نے اس میں بیچنے کا ذکر کیا لیکن قبضہ کا ذکر نہیں کیا تو ہمارے نزدیک اس سے مراد وہ سودے مراد ہیں جو ابھی تک بیچنے والوں کے قبضہ میں ہیں اور خریدار نے قبضہ نہیں کیا تو بیچنے والوں کے لیے جائز نہیں کہ وہ انکی قیمت وصول کریں کیونکہ اس طرح وہ کسی حق کے بغیر وصول کریں گے۔

ان حضرات کے نزدیک حدیث کا مفہوم یہ ہے۔

لیکن جس پر خریدار نے قبضہ کر لیا تو وہ ان تمام سودوا کی طرح ہو جائے گا جن پر خریدار قبضہ کر لیتے ہیں پھر ان کے آفات پہنچتی ہیں تو جس طرح پھلوں کے علاوہ یہ مال مشتری کی طرف سے ضائع قرار پاتا ہے۔ بیچنے والے کی طرف سے نہیں پھلوں کا حکم بھی یہی ہے۔

قیاس بھی یہی ہے اور اس حدیث کو اس معنیٰ پر محمول کرنا اولیٰ ہے۔

کیونکہ مختلف طرف سے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں ایک شخص نے پھل خریدے تو ان پر آفت آگئی اور اس پر بہت زیادہ قرض ہو گیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے صدقہ دو، چنانچہ اسے صدقہ دیا گیا لیکن وہ اتنی مقدار کو نہ پہنچا کہ قرض کی ادائیگی ہو سکے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جو کچھ پاتے لے لو اور اس کے علاوہ تمہارے لیے کچھ نہیں

تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کے ضائع ہو جانے کی وجہ سے قرض خواہوں کے قرض کو باطل قرار نہیں دیا اور ان میں پھلوں کے بیچنے والے تھے اور آپ نے (پھلوں کی) قیمت کے سلسلے میں اسے (خریدار...)

ثَبَتَ اَنَّ الْجَوَائِحَ الْحَادِثَةَ فِيْ يَدِ الْمُشْتَرِيْ لَا تَكُوْنُ مُبْطِلَةً عَنْهُ شَيْئًا مِّنَ الثَّمَنِ الَّذِيْ عَلَيْهِ لِلْبَائِعِ۔

تو ثابت ہوا کہ خریدار کے پاس جو آفات ظاہر ہوں تو ان کے برابر قیمت بائع سے نہیں مانگی جائے۔

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ اَنَّ الثِّمَارَ لَا تُشْبِهُ سَائِرَ الْبِيَاعَاتِ لِاَنَّهَا مُعَلَّقَةٌ فِيْ رُؤُسِ النَّخْلِ لَا يَصِلُ اِلَيْهَا يَدُ مَنِ ابْتَاعَهَا اِلَّا بِقَطْعِهِ اِيَّاهَا وَسَائِرُ الْاَشْيَاءِ لَيْسَتْ كَذٰلِكَ فَمَا يَكُوْنُ مَقْبُوْضًا بِغَيْرِ قَطْعٍ مُسْتَانِفٍ فَهُوَ الَّذِيْ يَذْهَبُ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِيْ وَمَا كَانَ لَا يُقْبَضُ اِلَّا بِقَطْعٍ مُسْتَانِفٍ فَهُوَ الَّذِيْ يَذْهَبُ مِنْ مَالِ الْبَائِعِ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ پھل باقی فروخت ہونے والی اشیاء کے مشابہ نہیں ہیں کیونکہ وہ درختوں کے اوپر لٹکے ہوئے ہیں جب تک ان کو کاٹا نہ جائے خریدار کا ہاتھ ان تک نہیں پہنچتا جب باقی چیزوں کا یہ حال نہیں تو جو چیز اس وقت کاٹنے کے بغیر قبضہ میں آجاتی ہے وہ خریدار کے مال سے ضائع ہوتی ہے اور جو چیز اس وقت کاٹنے کے بغیر قبضہ میں نہیں آتی وہ بیچنے والے کے مال سے ضائع ہوتی ہے۔

قِيْلَ لَهٗ هٰذَا الْكَلَامُ فَاسِدٌ مِّنْ وَجْهَيْنِ۔

تو اس شخص کو جواباً کہا جائے گا کہ یہ کلام دو طرح سے فاسد ہے۔

اَمَّا اَحَدُهُمَا فَاِنَّا رَاَيْنَا هٰذِهِ الثِّمَارَ اِذَا بِيْعَتْ فِيْ رُؤُسِ النَّخْلِ فَذَهَبَتْ بِكَمَالِهَا اَوْ ذَهَبَ مِنْهَا شَيْءٌ فِيْ اَيْدِيْ بَاعَتِهَا ذَهَبَ ذٰلِكَ مِنْ اَمْوَالِهِمْ دُوْنَ اَمْوَالِ الْمُشْتَرِيْنَ فَكَانَ ذَهَابُ قَلِيْلِهَا وَكَثِيْرِهَا فِيْ ذٰلِكَ سَوَاءً لِاَنَّهُمْ لَمْ يَقْبِضُوْهَا فَاِذَا قَبَضُوْهَا فَذَهَبَ مِنْهَا مَا دُوْنَ الثُّلُثِ فَقَدْ اَجْمَعَ اَنَّهٗ ذَاهِبٌ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِيْ لِاَنَّهٗ ذَهَبَ بَعْدَ قَبْضِهٖ اِيَّاهُ فَلَمَّا اسْتَوٰى ذَهَابُ قَلِيْلِهٖ وَكَثِيْرِهٖ فِيْ يَدِ الْبَائِعِ فَكَانَ قَلِيْلُهٗ اِذَا ذَهَبَ فِيْ يَدِ الْمُشْتَرِيْ ذَهَبَ مِنْ مَالِهٖ كَانَ ذَهَابُ كَثِيْرِهٖ كَذٰلِكَ وَكَانَ الْمُشْتَرِيْ لِتَخْلِيَةِ الْبَائِعِ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ ثَمَرِ النَّخْلِ قَابِضًا لَهٗ وَاِنْ لَمْ يَقْطَعْهُ فَهٰذَا وَجْهٌ۔

ان میں سے ایک بات یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب پھلوں کو درختوں کے اوپر بیچا جائے اور وہ مکمل طور یا کچھ حصہ بیچنے والے کے قبضہ کی صورت میں ضائع ہو جائے تو وہ بیچنے والوں کے مال سے ضائع ہوتا ہے خریدار کے مال سے نہیں اس میں تھوڑے یا زیادہ کا ضائع ہونا برابر ہے کیونکہ انہوں نے (خریدار والے) قبضہ نہیں کیا جب وہ قبضہ کرلیں اب تہائی سے کم حصہ ضائع ہو تو بالاتفاق یہ خریدار کے مال سے ضائع ہوگا کیونکہ یہ اس کے قبضہ کرنے کے بعد ضائع ہوا تو جب بیچنے والے کے ہاتھ میں قلیل وکثیر کا ضائع ہونا برابر ہے تو خریدار کے ہاتھ میں تھوڑے مال کا ضائع ہونا جب اس کی طرف سے ضائع ہوتا ہے تو زیادہ مال بھی اسی کی طرف سے ضائع ہوگا اور بائع کا مشتری کو پھل کی اجازت دے دینا اس کا قبضہ قرار پائے گا یہ ایک وجہ فساد ہے۔

وَوَجْهٌ اٰخَرُ اِنَّا رَاَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الطَّعَامِ حَتّٰى يُقْبَضَ وَقَدْ اَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ وَكَانَتِ الثِّمَارُ فِيْ ذٰلِكَ دَاخِلَةً بِاتِّفَاقِهِمْ وَاَجْمَعُوْا اَنَّ الْمُشْتَرِيَ لَهَا لَوْ بَاعَهَا فِيْ يَدِ بَائِعِهَا كَانَ بَيْعُهٗ بَاطِلًا وَلَوْ بَاعَهَا بَعْدَ اَنْ خَلَّى الْبَائِعُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا وَلَمْ

دوسری وجہ یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبضہ کئے بغیر غلہ بیچنے سے منع فرمایا اور اس بات پر مسلمانوں کا اتفاق ہے اور پھل بھی بالاتفاق اس میں داخل ہیں اور اس بات پر بھی اجماع ہے کہ اگر وہ بائع کے قبضہ میں ہوں اور خریدار بیچ دے تو یہ بیع باطل ہوگی اور اگر وہ بائع کی طرف پھلوں تک رسائی کی اجازت دینے کے بعد بیچے اور ابھی تک نہ کاٹے تو یہ

يَقْطَعُهَا كَانَ بَيْعُهُ جَائِزًا فَصَارَ قَابِضًا لَهَا بِتَخْلِيَةِ الْبَائِعِ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا قَبْلَ قَطْعِهِ إِيَّاهَا ـ

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ قَبْضَ الْمُشْتَرِي الْمُعَلَّقَةَ فِي رُؤُسِ النَّخْلِ هُوَ بِتَخْلِيَةِ الْبَائِعِ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا وَاِمْكَانِهِ اِيَّاهُ مِنْهَا فَاِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ بِهِ فَقَدْ صَارَتْ فِي يَدِهٖ وَفِي ضَمَانِهٖ وَبَرِئَ مِنْهَا الْبَائِعُ فَمَا حَدَثَ فِيهَا مِنْ جَائِحَةٍ اَتَتْ عَلَيْهَا كُلِّهَا اَوْ عَلٰى بَعْضِهَا فَهِيَ ذَاهِبَةٌ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِي لَا مِنْ مَالِ الْبَائِعِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِي حَنِيفَةَ وَاَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ؛

بیع جائز ہے کیونکہ بائع کی طرف سے رکاوٹ کے خاتمہ پر وہ پھلوں پر قابض ہو گیا ہے اگرچہ ابھی اس نے انہیں توڑا نہیں ہے ۔

اس سے ثابت ہوا کہ درخت پر لٹکے ہوئے پھلوں پر خریدار کا قبضہ یہ ہے کہ بائع اسے پھلوں تک پہنچنے کی اجازت دے دے اور وہ ان پر قادر ہو جائے جب وہ ایسا کرے گا تو پھل اس کے قبضہ اور ضمان میں ہوں گے اور بائع بری الذمہ ہو جائے گا اب جو آفت ان پھلوں پر آئے گی چاہے تمام پر آئے یا بعض پر، وہ خریدار کے مال کو ہلاک کرے گی بائع کے مال کو نہیں ۔ یہ حضرت امام ابو حنیفہ ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے ۔

بَابُ ۲۴۹ مَا نَهٰی عَنْ بَیْعِهٖ قَبْلَ الْقَبْضِ

قبضہ کرنے سے پہلے کسی چیز کو بیچنا منع ہے

۱۲۵۱ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ وَ عَفَّانُ قَالَا ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰی طَعَامًا فَلَا یَبِیْعُهٗ حَتّٰی یَقْبِضَهٗ۔

حضرت عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جو شخص غلہ خریدے وہ اسے نہ بیچے یہاں تک کہ اس پر قبضہ کر لے۔

۱۲۵۲ - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ شَیْبَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۵۳ - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا یُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۲۵۴ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّیُّ قَالَ ثَنَا شُجَاعُ ابْنُ الْوَلِیْدِ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰی طَعَامًا فَلَا یَبِیْعُهٗ حَتّٰی یَسْتَوْفِیَهٗ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص غلہ خریدے وہ اسے قبضہ کئے بغیر نہ بیچے۔

۱۲۵۵ - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرَى طَعَامًا فَلَا يَبِيعُهُ حَتَّى يَقْبِضَهُ.

حضرت عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص غلہ خریدے وہ قبضہ کرنے سے پہلے اسے نہ بیچے۔

۱۲۵۶ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَمَالِكٌ وَغَيْرُهُمْ أَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرَى طَعَامًا فَلَا يَبِيعُهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ.

حضرت عبیداللہ بن عمر، عمر بن محمد اور مالک وغیرہ فرماتے ہیں حضرت نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہوئے ان سے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص غلہ خریدے وہ اس پر قبضہ کئے بغیر اسے نہ بیچے۔

۱۲۵۷ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ قَالَ مَالِكٌ حَتَّى يَقْبِضَهُ.

حضرت مالک، حضرت عبداللہ بن دینار سے وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں حضرت مالک نے (یستوفیہ کی بجائے) یقبضہ "(قبضہ کرلے)" کا لفظ فرمایا ہے۔

۱۲۵۸ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَغَيْرُهُ عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ عُبَيْدٍ الْمَدَنِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَبِيعَ أَحَدٌ طَعَامًا اشْتَرَاهُ بِكَيْلٍ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ.

حضرت قاسم بن محمد، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی شخص غلہ (پیمانے کے ساتھ) ماپ کر خریدے تو پھر اسے قبضہ کئے بغیر بیچ دے۔

۱۲۵۹ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرَى طَعَامًا فَلَا يَبِيعُهُ حَتَّى يَقْبِضَهُ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے غلہ خریدا وہ اسے قبضہ کرنے تک نہ بیچے۔

۱۲۶۰ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا فَلَا يَبِيْعُهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ۔

فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو شخص غلہ خریدے وہ اسے قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچے۔

۱۲۶۱- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِصْمَةَ الْجُشَمِيِّ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَمْ اُنَبَّاْ اَوْ اَلَمْ اُخْبَرْ اَنَّكَ تَبِيْعُ الطَّعَامَ فَلَا تَبِيْعُهُ حَتّٰى تَسْتَوْفِيَهُ۔

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کیا میں تجھے خبر نہ دوں کہ جب تو غلہ بیچے تو اس پر قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچ۔

۱۲۶۲- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ حَتّٰى يَقْبِضَهُ۔

حضرت عبداللہ بن محمد بن صیفی، حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے "قبضہ کرے" کا لفظ فرمایا

۱۲۶۳- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ حِزَامِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ كُنْتُ اَشْتَرِيْ طَعَامًا فَاَرْبَحُ فِيْهَا قَبْلَ اَنْ اَقْبِضَهُ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَبِعْهُ حَتّٰى تَقْبِضَهُ۔

حضرت حزام بن حکیم، حضرت حکیم بن حزام سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں غلہ خریدا کرتا تھا تو قبضہ کرنے سے پہلے اس سے نفع حاصل کرتا میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا قبضہ کرنے سے پہلے اسے نہ بیچو۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا مَا لَمْ يَجُزْ لَهُ بَيْعُهُ حَتّٰى يَقْبِضَهُ وَمَنِ اشْتَرٰى غَيْرَ الطَّعَامِ حَلَّ لَهُ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ جو شخص غلہ خریدے اس کے لیے جائز نہیں کہ اس پر قبضہ کرنے

بَيْعُهٗ وَاِنْ لَّمْ يَقْبِضْهُ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ وَقَالُوْا لَمَّا قَصَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ اِلَى الطَّعَامِ دَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ حُكْمَ غَيْرِ الطَّعَامِ فِيْ ذٰلِكَ بِخِلَافِ حُكْمِ الطَّعَامِ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا ذٰلِكَ النَّهْيُ قَدْ وَقَعَ عَلَى الطَّعَامِ وَغَيْرِ الطَّعَامِ وَاِنْ كَانَ الْمَذْكُوْرُ فِي الْاٰثَارِ الَّتِيْ ذُكِرَ ذٰلِكَ النَّهْيُ فِيْهَا هُوَ الطَّعَامُ۔

۱۲۶۴ - وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ عُبَيْدِ ابْنِ حُنَيْنٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ابْتَعْتُ زَيْتًا بِالسُّوْقِ فَلَمَّا اسْتَوْجَبْتُهٗ لَقِيَنِيْ رَجُلٌ فَاَعْطَانِيْ بِهٖ رِبْحًا حَسَنًا فَاَرَدْتُّ اَنْ اَضْرِبَ عَلٰى يَدِهٖ فَاَخَذَ رَجُلٌ مِّنْ خَلْفِيْ بِذِرَاعِيْ فَالْتَفَتُّ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَقَالَ لَا تَبِعْهُ حَيْثُ ابْتَعْتَهٗ حَتّٰى تَحُوْزَهٗ عَلٰى رَحْلِكَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَّبِيْعَ السِّلَعَ حَيْثُ تُبْتَاعُ حَتّٰى تَحُوْزَهَا التُّجَّارُ اِلٰى رِحَالِهِمْ فَلَمَّا اَخْبَرَ زَيْدٌ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ الزَّيْتَ قَدْ دَخَلَ فِيْمَا كَانَ نَهٰى عَنْ بَيْعِهٖ قَبْلَ قَبْضِهٖ وَهُوَ غَيْرُ الطَّعَامِ الَّذِيْ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَلِمَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّهْيَ عَنْ بَيْعِهٖ بَعْدَ ابْتِيَاعِهٖ حَتّٰى يُقْبَضَ وَعَمِلَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَلٰى ذٰلِكَ فَاَرَادَ بَيْعَ الزَّيْتِ

سے پہلے اسے بیچے اور جو آدمی غلہ کے علاوہ کچھ خریدے اس کے لیے قبضہ کرنے سے پہلے بیچنا بھی جائز ہے، انہوں نے اس سلسلے میں (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے اور فرمایا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ممانعت میں غلے کا ارادہ فرمایا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ غلہ کے علاوہ چیزوں کا حکم اس کے خلاف ہے۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ نہی غلہ اور اس کے علاوہ سب کو شامل ہے اگرچہ ان مذکورہ روایات میں نہی غلے سے متعلق ذکر کی گئی ہے۔

انہوں نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت عبید بن حنین حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے بازار میں زیتون کا تیل خریدا جب میں نے سودا کر لیا تو مجھے ایک شخص ملا اس نے مجھے اس کا اچھا نفع دیا میں نے اس کے ساتھ سودا کرنے کا ارادہ کر لیا تو پیچھے سے ایک شخص نے میرا بازو پکڑا میں اس کی طرف متوجہ ہوا تو وہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ تھے انہوں نے فرمایا جہاں سے خریدا ہے وہاں ہی نہ بیچو بلکہ اسے اپنی رہائش گاہ میں منتقل کرو کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس جگہ سودا کرنے سے منع فرمایا جہاں سے وہ خریدا گیا حتی کہ تاجر حضرات اسے اپنی رہائش گاہ میں لے جائیں۔ تو جب حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے خبر دی کہ قبضہ کرنے سے پہلے بیچنے کی ممانعت میں زیتون بھی داخل ہے اور وہ اس غلہ کا غیر ہے جس کے بارے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے علم حاصل ہوا کہ خریدنے کے بعد اسے قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچا جائے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس پر عمل کیا چنانچہ قبضہ کرنے سے پہلے زیتون کو بیچنے کا ارادہ فرمایا کیونکہ

قَبْلَ قَبْضِهٖ لِاَنَّهٗ لَيْسَ مِنَ الطَّعَامِ فَقَبِلَ ذٰلِكَ مِنْهُ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَلَمْ يَكُنْ كَانَ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا قَدْ ذَكَرْنَاهُ عَنْهُ فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ مِنْ قَصْدِهٖ اِلَى الطَّعَامِ بِمَانِعٍ اَنْ يَكُوْنَ غَيْرُ الطَّعَامِ فِيْ ذٰلِكَ بِخِلَافِ الطَّعَامِ ثُمَّ اَكَّدَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا عَنِ ابْتِيَاعِ السِّلَعِ حَيْثُ تُبْتَاعُ حَتّٰى تَحُوْزَهَا التُّجَّارُ اِلٰى رِحَالِهِمْ فَجَمَعَ فِيْ ذٰلِكَ كُلَّ السِّلَعِ وَفِيْهَا غَيْرُ الطَّعَامِ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّهٗ لَا تَجُوْزُ بَيْعُ شَيْءٍ اُبْتِيْعَ اِلَّا بَعْدَ قَبْضِ مُبْتَاعِهٖ اِيَّاهُ طَعَامًا كَانَ اَوْ غَيْرَ الطَّعَامِ۔

وَقَدْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ عَلِمَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْدَهٗ بِالنَّهْيِ عَنْ بَيْعِ مَا لَمْ يُقْبَضْ اِلَى الطَّعَامِ۔

۱۲۶۵ - مَا حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَمَّا الَّذِيْ نَهٰى عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْعُ الطَّعَامِ قَبْلَ اَنْ يُسْتَوْفٰى قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِرَاْيِهٖ وَاَحْسِبُ كُلَّ شَيْءٍ مِثْلَهٗ فَهٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا لَمْ يَمْنَعْهُ قَصْدُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ اِلَى الطَّعَامِ اَنْ يَدْخُلَ فِيْ ذٰلِكَ النَّهْيِ غَيْرُ الطَّعَامِ۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مِثْلُ ذٰلِكَ اَيْضًا۔

وہ غلہ نہیں ہے تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے آپ سے اس بات کو قبول کیا اور انہوں نے ان روایات کے ضمن میں جن کو باب کے شروع میں ذکر کیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلے کا ارادہ کرنے کے سلسلے میں کوئی ایسی بات نہیں سنی جو اس سلسلے میں غیر غلہ کے لیے خلاف حکم میں رکاوٹ بنتی ہو پھر حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اس بات کو پکا کر دیا انہوں نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں سامان کے اسی جگہ بیچنے سے منع کرتے تھے جہاں سے وہ خریدا گیا یہاں تک کہ تاجر حضرات اسے اپنے گھروں میں لے جائیں تو آپ نے اس میں ہر قسم کے سامان کا ذکر کیا جس میں غلہ کے علاوہ اشیاء بھی داخل ہیں تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جس چیز کو خریدا جائے وہ غلہ ہو یا کوئی دوسری چیز قبضہ کیے بغیر اسے بیچنا جائز نہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی یہی بات فرمائی حالانکہ وہ بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کر چکے تھے کہ آپ نے قبضہ سے پہلے بیچنے کی ممانعت سے غلے کا ارادہ فرمایا۔

حضرت طاؤس، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جس چیز سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا وہ قبضہ کرنے سے پہلے غلہ بیچنا ہے حضرت ابن عباس اپنی رائے سے فرماتے ہیں کہ میرے خیال میں ہر چیز اس کی مثل ہے۔

تو یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ہیں جنہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نہی سے غلہ مراد لینے نے ہر چیز کو اس ممانعت میں داخل کرنے سے نہیں روکا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی اس کی مثل مروی ہے۔

١٢٦٦ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ فِي الرَّجُلِ يَبْتَاعُ الْمَبِيعَ فَيَبِيعُهُ قَبْلَ أَنْ يَقْبِضَهُ قَالَ أَكْرَهُهُ۔

١٢٦٧ - فَهٰذَا جَابِرٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ سَوّٰى بَيْنَ الْأَشْيَاءِ الْمَبِيعَةِ فِي ذٰلِكَ وَقَدْ عَلِمَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَصْدَهُ بِالنَّهْيِ عَنِ الْبَيْعِ فِيهِ حَتّٰى يُقْبَضَ إِلَى الطَّعَامِ بِعَيْنِهِ۔

فَدَلَّ ذٰلِكَ النَّهْيُ عَلٰى مَا قَدْ تَقَدَّمَ وَصْفُنَا لَهُ فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَكَيْفَ قَصَدَ بِالنَّهْيِ فِي ذٰلِكَ إِلَى الطَّعَامِ بِعَيْنِهِ وَلَمْ يَعُمَّ الْأَشْيَاءَ۔

قِيلَ لَهُ قَدْ وَجَدْنَا مِثْلَ هٰذَا فِي الْقُرْآنِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ وَمَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا فَأَوْجَبَ عَلَيْهِ الْجَزَاءَ الْمَذْكُورَ فِي الْآيَةِ وَلَمْ يَخْتَلِفْ أَهْلُ الْعِلْمِ فِي قَاتِلِ الصَّيْدِ خَطَأً أَنَّ عَلَيْهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَإِنَّ ذِكْرَهُ الْعَمْدَ لَا يَنْفِي الْخَطَأَ فَكَذٰلِكَ ذِكْرُهُ الطَّعَامَ فِي النَّهْيِ عَنْ بَيْعِهِ قَبْلَ الْقَبْضِ لَا يَنْفِي غَيْرَ الطَّعَامِ۔

وَقَدْ رَأَيْنَا الطَّعَامَ يَجُوزُ السَّلَمُ فِيهِ وَلَا يَجُوزُ فِي الْعُرُوضِ

وَكَانَ الطَّعَامُ أَوْسَعَ أَمْرًا فِي الْبُيُوعِ مِنْ غَيْرِ الطَّعَامِ لِأَنَّ الطَّعَامَ يَجُوزُ السَّلَمُ فِيهِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَ الْمُسْلَمِ إِلَيْهِ وَلَا يَكُونُ ذٰلِكَ فِي غَيْرِهِ فَلَمَّا كَانَ الطَّعَامُ أَوْسَعَ أَمْرًا فِي الْبُيُوعِ وَأَكْثَرَ جَوَازًا وَرَأَيْنَا قَدْ نَهٰى عَنْ بَيْعِهِ حَتّٰى يُقْبَضَ كَانَ ذٰلِكَ فِيمَا

حضرت ابوالزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اس شخص کے بارے میں روایت کرتے ہیں جو کسی چیز کو خریدنے کے بعد قبضہ کرنے سے پہلے بیچ دیتا ہے وہ فرماتے ہیں میں اسے ناپسند کرتا ہوں۔

تو یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے اس سلسلے تمام فروخت شدہ اشیاء کو برابر رکھا حالانکہ وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کر چکے تھے کہ آپ نے قبضہ سے پہلے بیچنے کی ممانعت میں غلہ مراد لیا ہے۔

تو یہ نہی اس بات پر دلالت کرتی ہے جسے ہم نے پہلے بیان کیا ہے۔ اگر کوئی شخص کہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نہی سے صرف غلہ کیسے مراد لیا اور اس حکم کو عام نہیں رکھا۔

تو اس شخص کو جواباً کہا جائے گا کہ ہم نے قرآن پاک میں اس کی مثل پایا ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا جب تم حالت احرام میں ہو تو شکار کو قتل نہ کرو اور تم میں سے جو شخص اسے جان بوجھ کر قتل کرے گا (آخر تک) تو اس کی وہ سزا واجب فرمائی جو اس آیت میں مذکور ہے اور اہل علم نے غلطی سے شکار کرنے والے کے بارے میں اختلاف نہیں کیا کہ اس کی سزا بھی یہی ہے اور اللہ تعالیٰ کا لفظ "عمد" (ارادتاً) ذکر کرنا خطا کی نفی نہیں کرتا اسی طرح قبضہ کرنے سے پہلے بیچنے کی ممانعت کے سلسلے میں غلے کا ذکر اس کے غیر کی نفی نہیں کرتا۔

اور ہم دیکھتے ہیں کہ غلے میں بیع سلم (رقم پہلے دینا اور چیز بعد میں لینا بیع سلم ہے) جائز ہے اور سامان میں بیع جائز نہیں خرید و فروخت کے سلسلے میں غلے میں زیادہ گنجائش ہے کیونکہ اس میں بیع سلم جائز ہے اگرچہ وہ غلہ مسلم الیہ (جس سے وہ خرید جا رہا ہے) کے پاس نہ ہو جبکہ دیگر اشیاء میں یہ بیع جائز نہیں تو جب خرید و فروخت کے معاملے میں غلے سے زیادہ گنجائش ہے اور اس کا جواز بھی زیادہ ہے اور قبضے سے پہلے اس کا بیچنا جائز نہیں تو جن اشیاء میں بیع سلم جائز نہیں تو وہ اس بات کے زیادہ

لَا يَجُوْزُ السَّلَمُ فِيْهِ أُخْرٰى اَنْ لَا يَجُوْزَ بَيْعُهُ حَتّٰى يُقْبَضَ فَقَصَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ اِلَى الَّذِيْ اِذَا نَهٰى عَنْهُ دَلَّ نَهْيُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نَهْيِهٖ عَنْ غَيْرِهٖ وَاَغْنَاهُ ذِكْرُهُ لَهُ عَنْ ذِكْرِهٖ لِغَيْرِهٖ فَقَامَ ذٰلِكَ مَقَامَ النَّهْيِ لَوْ عَمَّ بِهِ الْاَشْيَاءَ كُلَّهَا وَلَوْ قَصَدَ بِالنَّهْيِ اِلٰى غَيْرِ الطَّعَامِ اَشْكَلَ حُكْمُ الطَّعَامِ فِيْ ذٰلِكَ عَلَى السَّامِعِ فَلَمْ يَدْرِ هَلْ هُوَ كَذٰلِكَ اَمْ لَا لِاَنَّهُ يَجِدُ الطَّعَامَ يَجُوْزُ السَّلَمُ فِيْهِ وَلَيْسَ هُوَ بِقَائِمٍ حِيْنَئِذٍ وَلَيْسَ يَجُوْزُ ذٰلِكَ فِي الْعُرُوْضِ فَيَقُوْلُ كَمَا خَالَفَ الطَّعَامُ الْعُرُوْضَ فِيْ جَوَازِ السَّلَمِ فِيْهِ وَلَيْسَ عِنْدَ الْمُسْلَمِ اِلَيْهِ وَلَيْسَ ذٰلِكَ فِي الْعُرُوْضِ فَكَذٰلِكَ يَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ مُخَالِفًا لَهُ فِيْ جَوَازِ بَيْعِهٖ قَبْلَ اَنْ يُقْبَضَ وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ غَيْرَ جَائِزٍ فِي الْعُرُوْضِ۔

فَهٰذَا هُوَ الْمَعْنَى الَّذِيْ لَهُ قَصَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ عَنْ بَيْعِ مَا لَمْ يُقْبَضْ اِلَى الطَّعَامِ خَاصَّةً وَفِيْ ذٰلِكَ حُجَّةٌ اُخْرٰى وَذٰلِكَ اَنَّ الْمَعْنَى الَّذِيْ حُرِّمَ بِهٖ عَلٰى مُشْتَرِي الطَّعَامِ بَيْعُهُ قَبْلَ قَبْضِهٖ هُوَ اَنْ لَا يَطِيْبَ لَهُ رِبْحُ مَا فِيْ ضَمَانِ غَيْرِهٖ فَاِذَا قَبَضَهُ صَارَ فِيْ ضَمَانِهٖ فَطَابَ لَهُ رِبْحُهُ فَجَازَ اَنْ يَبِيْعَهُ حَتّٰى اَحَبَّ وَالْعُرُوْضُ الْمَبِيْعَةُ هٰذَا الْمَعْنٰى بِعَيْنِهٖ مَوْجُوْدٌ فِيْهَا وَذٰلِكَ اَنَّ الرِّبْحَ فِيْهَا قَبْلَ قَبْضِهَا غَيْرُ حَلَالٍ لِمُبْتَاعِهَا لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ نَهٰى عَنْ رِبْحِ مَا لَمْ يُضْمَنْ فَكَمَا كَانَ ذٰلِكَ قَدْ دَخَلَ فِيْهِ

لائق ہیں کہ قبضہ کرنے سے پہلے ان کا بیچنا جائز نہ ہو۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہی کرتے ہوئے جس چیز کا ارادہ فرمایا وہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس کے علاوہ اشیاء بھی اس نہی میں شامل ہوں اور اس کے ذکر نے دوسری اشیاء کے ذکر سے بے نیاز کر دیا تو یہی ان کی نہی کے قائم مقام ہو جائے گی اگر تمام اشیاء مراد ہوں اور اگر آپ نہی سے غیر طعام کا قصد فرماتے تو سننے والے پر غلے کا حکم مشتبہ ہو جاتا اور اسے معلوم نہ ہوتا کہ آیا اس کا حکم بھی یہی ہے یا نہیں کیونکہ وہ دیکھتا کہ غلے میں بیع سلم جائز ہے حالانکہ وہ اس وقت موجود نہیں جب کہ سامان میں یہ جائز نہیں۔ تو وہ کہہ سکتا ہے کہ جس طرح بیع سلم کے جواز میں غلہ، دوسرے اسباب سے مختلف ہے حالانکہ وہ مسلم الیہ کے پاس موجود نہیں جب کہ سامان کا یہ حکم نہیں تو اس بات کا احتمال ہے کہ باقی سامان کے برعکس غلہ کو قبضہ کرنے سے پہلے بیچنا جائز ہو۔

تو اس وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبضہ سے پہلے فروخت کرنے کی ممانعت میں صرف غلے کا قصد فرمایا اس سلسلے میں ایک اور دلیل بھی ہے وہ یہ کہ غلہ خریدنے والے پر قبضہ کرنے سے پہلے اس کا بیچنا اس لیے حرام ہے کہ اس کے لیے اس چیز کا نفع لینا جائز نہیں جو دوسرے کی ضمان میں ہے جب اس پر قبضہ کرے گا تو اس کی اپنی ضمان میں آجائے گی اور اب اس کا نفع لینا جائز ہو جائے گا جب چاہے۔ تو ہر بیچے جانے والے سامان میں یہ معنی پایا جاتا ہے یعنی خریدنے والے کے لیے قبضہ کرنے سے پہلے نفع لینا حلال نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت تک نفع لینے سے منع فرمایا جب تک وہ چیز اپنی ضمان میں نہ آجائے تو جس طرح اس میں غلہ اور اس کے علاوہ سامان داخل ہے اور کسی کے لیے بھی ضمان حاصل کرنے سے پہلے نفع لینا جائز نہیں کیونکہ یہ نفع ممنوع ہے

الطَّعَامُ وَغَيْرُ الطَّعَامِ وَلَمْ يَكُنِ الرِّبْحُ يَطِيبُ لِأَحَدٍ إِلَّا بِتَقَدُّمِ ضَمَانِهِ لِمَا كَانَ عَنْهُ ذَلِكَ الرِّبْحُ فَكَذَلِكَ الْأَشْيَاءُ الْمَبِيعَةُ كُلُّهَا مَا كَانَ مِنْهَا يَطِيبُ الرِّبْحُ فِيهِ لِبَائِعِهِ فَحَلَالٌ لَهُ بَيْعُهُ وَمَا كَانَ مِنْهَا يُحَرِّمُ الرِّبْحُ فِيهِ عَلَى بَائِعِهِ فَحَرَامٌ عَلَيْهِ بَيْعُهُ وَقَدْ جَاءَتْ أَيْضًا آثَارٌ أُخَرُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهْيِ عَنْ بَيْعِ مَا لَمْ يُقْبَضْ لَمْ يَقْصِدْ فِيهَا إِلَى الطَّعَامِ وَلَا إِلَى غَيْرِهِ ۔

تو اس طرح وہ تمام اشیاء جنہیں بیچا جائے اگر (ضمان سے پہلے) ان کا نفع لینا حلال ہے تو ان کا بیچنا بھی جائز ہے اور اگر بائع کے پر اس کا نفع لینا حرام ہے تو اس کا بیچنا بھی حرام ہو گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ اور احادیث بھی مروی ہیں جن میں آپ نے قبضہ کرنے سے پہلے کسی چیز کو بیچنے سے منع فرمایا اور ان میں آپ نے غلے اور اس کا علاوہ کا قصد نہیں فرمایا (مطلق حکم ہے)

۱۲۶۸ - حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ قَالَ ثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ أَبَانَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ يَعْلَى ابْنَ حَكِيمٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ يُوسُفَ بْنَ مَاهِكٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عِصْمَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ أَخْبَرَهُ قَالَ أَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي فَقَالَ إِذَا ابْتَعْتَ شَيْئًا فَلَا تَبِعْهُ حَتَّى تَقْبِضَهُ ۔

حضرت عبداللہ بن عصمہ خبر دیتے ہیں کہ حضرت حکیم بن حزام نے ان کو بتایا وہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جب تم کوئی چیز خریدو تو قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچو۔

۱۲۶۹ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَعْلَى بْنُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ أَنَّ أَبَاهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي أَشْتَرِي بُيُوعًا فَمَا يَحِلُّ لِي مِنْهَا قَالَ إِذَا اشْتَرَيْتَ بَيْعًا فَلَا تَبِعْهُ حَتَّى تَقْبِضَهُ ۔

حضرت یحیی بن ابی کثیر فرماتے ہیں مجھ سے حضرت یعلی بن حکیم بن حزام نے بیان کیا کہ ان کے والد نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا میں کچھ اشیاء خریدتا ہوں تو ان میں کون سی چیز میرے لیے حلال ہے آپ نے فرمایا جب کوئی چیز خریدو تو اسے قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچو۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَبِهَذَا نَأْخُذُ وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ غَيْرَ أَنَّ أَبَا حَنِيفَةَ قَالَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم اسی بات کو اختیار کرتے ہیں حضرت امام ابو حنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

لَا بَأْسَ بِبَيْعِ الدُّوْرِ وَالْأَرَضِيْنَ قَبْلَ قَبْضِ مُشْتَرِيْهَا إِيَّاهَا لِأَنَّهَا لَا تُنْقَلُ وَلَا تُحَوَّلُ وَسَائِرُ الْبِيَاعَاتِ لَيْسَتْ كَذٰلِكَ وَالنَّظْرُ فِيْ هٰذَا عِنْدَنَا أَنْ يَكُوْنَ الْعُرُوْضُ وَسَائِرُ الْأَشْيَاءِ فِيْ ذٰلِكَ سَوَاءً عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَا فِي الطَّعَامِ۔

البتہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مکانات اور زمینوں کو خریدنے والا قبضہ کرنے سے پہلے بیچ سکتا ہے کہ وہ غیر منقول ہیں اور اپنی جگہ سے پھیری نہیں جاتیں جبکہ دوسری اشیاء کا یہ حال نہیں ہے اس سلسلے میں ہمارے نزدیک قیاس یہی ہے کہ سامان اور دیگر تمام اشیاء برابر ہیں جیسا کہ ہم نے غلے کے سلسلے میں ذکر کیا۔

بَابُ ۲۵: الْبَيْعِ يُشْتَرَطُ فِيْهِ شَرْطٌ لَيْسَ مِنْهُ

سودے میں ایسی شرط لگانا جس کا سودے سے کوئی تعلق نہیں۔

۱۲۷۰ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا ابْنُ أَبِيْ زَائِدَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ كَانَ يَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى جَمَلٍ لَهُ فَأَعْيَا فَأَدْرَكَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ يَا جَابِرُ فَقَالَ أَعْيٰى نَاضِحِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ أَمَعَكَ شَيْءٌ فَأَعْطَاهُ قَضِيْبًا أَوْ عُوْدًا فَنَخَسَهُ بِهٖ أَوْ قَالَ ضَرَبَهُ فَسَارَ سَيْرَةً لَمْ يَكُنْ يَسِيْرُ مِثْلَهَا فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعْنِيْهِ بِأُوْقِيَّةٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هُوَ نَاضِحُكَ قَالَ فَبِعْتُهُ بِأُوْقِيَّةٍ وَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهُ حَتّٰى أَقْدَمَ عَلٰى أَهْلِيْ فَلَمَّا قَدِمْتُ أَتَيْتُهُ بِالْبَعِيْرِ فَقُلْتُ هٰذَا بَعِيْرُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَعَلَّكَ تَرٰى أَنِّيْ إِنَّمَا حَبَسْتُكَ لِأَذْهَبَ بِبَعِيْرِكَ يَا بِلَالُ أَعْطِهٖ مِنَ الْعَيْبَةِ أُوْقِيَّةً وَقَالَ انْطَلِقْ بِبَعِيْرِكَ فَهُمَا لَكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اپنے اونٹ پر جا رہے تھے کہ وہ تھک گیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو ملے تو فرمایا اے جابر کیا حال ہے؟ عرض کیا میرا اونٹ تھک گیا ہے آپ نے فرمایا تمہارے پاس کچھ ہے؟ انہوں نے ایک شاخ یا لکڑی آپ کو پیش کی آپ نے وہ لکڑی اسے (اونٹ کو) چبھو دی وہ فرماتے ہیں یا اس کے ساتھ اسے مارا تو وہ اس طرح چلنے لگا کہ اس طرح (پہلے) نہیں چلتا تھا (فرماتے ہیں) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ اس کو مجھ پر ایک اوقیہ (چھٹانک کا چوتھا حصہ) میں بیچ دو فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ اونٹ آپ ہی کا ہے فرماتے ہیں پھر میں نے اسے ایک اوقیہ کے بدلے بیچ دیا اور گھر آنے تک اس پر سواری کو مستثنیٰ کیا (فرماتے ہیں) جب میں آیا تو اونٹ آپ کی خدمت میں پیش کیا اور عرض کیا یا رسول اللہ یہ آپ کا اونٹ ہے آپ نے فرمایا شاید تمہارا خیال ہو کہ میں نے تمہیں اس لیے روکا کہ تیرا اونٹ لے لوں اے بلال رضی اللہ عنہ! انہیں تھیلی میں سے ایک اوقیہ چاندی دے دیں اور فرمایا اپنا اونٹ لے جائیں یہ دونوں (چاندی اور اونٹ) تمہارے ہیں۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا بَاعَ مِنْ رَجُلٍ دَابَّةً بِثَمَنٍ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص معلوم قیمت

مَعْلُوْمٍ عَلٰی اَنْ یَّرْکَبَهَا الْبَائِعُ اِلٰی مَوْضِعٍ مَعْلُوْمٍ اَنَّ الْبَیْعَ جَائِزٌ وَّالشَّرْطَ جَائِزٌ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِحَدِیْثِ جَابِرٍ هٰذَا۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ ثُمَّ افْتَرَقَ الْمُخَالِفُوْنَ لَهُمْ عَلٰی فِرْقَتَیْنِ فَقَالَتْ فِرْقَةٌ اَلْبَیْعُ جَائِزٌ وَّالشَّرْطُ بَاطِلٌ وَقَالَتْ فِرْقَةٌ اَلْبَیْعُ فَاسِدٌ وَ سَنُبَیِّنُ مَا ذَهَبَتْ اِلَیْهِ الْفِرْقَتَانِ جَمِیْعًا فِیْ هٰذَا الْبَابِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

فَکَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لِهَاتَیْنِ الْفِرْقَتَیْنِ جَمِیْعًا عَلَی الْفِرْقَةِ الْاُوْلٰی فِیْ حَدِیْثِ جَابِرٍ الَّذِیْ ذَکَرْنَا اَنَّ فِیْهِ مَعْنَیَیْنِ یَدُلَّانِ اَنْ لَّا حُجَّةَ لَهُمْ فِیْهِ فَاَمَّا اَحَدُ الْمَعْنَیَیْنِ فَاِنَّ مُسَاوَمَةَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ سَلَّمَ لِجَابِرٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّمَا کَانَتْ عَلَی الْبَعِیْرِ وَلَمْ یَشْتَرِطْ فِیْ ذٰلِكَ لِجَابِرٍ رَّضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ رُکُوْبًا قَالَ جَابِرٌ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَبِعْتُهٗ وَاسْتَثْنَیْتُ حُمْلَانَهٗ اِلٰی اَهْلِیْ فَوَجْهُ هٰذَا الْحَدِیْثِ اِنَّ الْبَیْعَ اِنَّمَا کَانَ عَلٰی مَا کَانَتْ عَلَیْهِ الْمُسَاوَمَةُ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ کَانَ الْاِسْتِثْنَآءُ لِلرُّکُوْبِ مِنْ بَعْدُ فَکَانَ ذٰلِكَ الْاِسْتِثْنَآءُ مَفْصُوْلًا مِّنَ الْبَیْعِ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا کَانَ بَعْدَهٗ فَلَیْسَ فِیْ ذٰلِكَ حُجَّةٌ یَدُلُّنَا کَیْفَ حُکْمُ الْبَیْعِ لَوْ کَانَ ذٰلِكَ الْاِسْتِثْنَآءُ مَشْرُوْطًا فِیْ عَقْدَتِهٖ هَلْ هُوَ کَذٰلِكَ اَمْ لَا۔

پر اپنا جانور بیچے اور بائع ایک معلوم جگہ تک اس پر سوار ہونے کی شرط رکھے تو یہ سودا اور شرط دونوں جائز ہیں انہوں نے اس سلسلے میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے۔

لیکن اس سلسلے میں دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کی ہے پھر مخالفین دو جماعتوں میں بٹ گئے ایک جماعت کہتی ہے کہ بیع جائز ہے اور شرط باطل ہے اور دوسرا گروہ کہتا ہے کہ بیع فاسد ہو جاتی ہے ہم اس باب میں دونوں گروہوں کا مذہب بیان کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

پہلے گروہ کے خلاف ان دونوں گروہوں کی دلیل یہ ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت جو ہم نے ذکر کی ہے اس میں ایسے دو مفہوم پائے جاتے ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اس میں ان لوگوں کے لیے کوئی دلیل نہیں ایک یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے لیے نرخ مقرر کرنا اونٹ پر تھا اور اس میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے لیے سواری کی شرط نہیں رکھی گئی حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے اس کو بیچا اور اپنے گھر آنے تک اس پر سواری کو مستثنیٰ کیا۔ تو اس حدیث کی توجیہ یہ ہے کہ اس کا سودا صرف اس چیز پر تھا جس کا نرخ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمایا پھر سواری کا استثناء اس کے بعد ہوا لہٰذا یہ استثناء بیع سے جدا تھا۔ کیونکہ وہ اس کے بعد تھا۔ تو اس حدیث میں اس بات پر دلیل نہیں جو اس بیع کے حکم پر دلالت کرے اگر یہ استثناء بیع میں شرط ہوتی تو اس کا حکم بھی یہی ہوتا یا نہ؟

١٢٧١- وَ اَمَّا الْحُجَّةُ الْاُخْرٰی فَاِنَّ جَابِرًا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِیْنَۃَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْبَعِیْرِ فَقُلْتُ ھٰذَا بَعِیْرُکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ لَعَلَّکَ تَرٰی اَنِّیْ اِنَّمَا حَبَسْتُکَ لِاَ ذْھَبَ بِبَعِیْرِکَ یَا بِلَالُ اَعْطِہٖ اُوْقِیَّۃً وَّ خُذْ بَعِیْرَکَ فَھُمَا لَکَ۔

فَدَلَّ ذٰلِکَ اَنَّ ذٰلِکَ الْقَوْلَ الْاَوَّلَ لَمْ یَکُنْ عَلَی التَّبَایُعِ فَلَوْ ثَبَتَ اَنَّ الْاِشْتِرَاطَ لِلرُّکُوْبِ کَانَ فِیْ اَصْلِہٖ بَعْدَ ثُبُوْتِ ھٰذِہِ الْعِلَّۃِ لَمْ یَکُنْ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ حُجَّۃٌ لِاَنَّ الْمُشْتَرَطَ فِیْہِ ذٰلِکَ الشَّرْطُ لَمْ یَکُنْ بَیْعًا وَّ لِاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ مَلَکَ الْبَعِیْرَ عَلٰی جَابِرٍ فَکَانَ اشْتِرَاطُ جَابِرٍ لِلرُّکُوْبِ اِشْتِرَاطًا فِیْمَا ھُوَ لَہٗ مَالِکٌ فَلَیْسَ فِیْ ھٰذَا دَلِیْلٌ عَلٰی حُکْمِ ذٰلِکَ الشَّرْطِ لَوْ وَقَعَ فِیْ بَیْعٍ یُّوْجِبُ الْمِلْکَ لِلْمُشْتَرِیْ کَیْفَ کَانَ حُکْمُہٗ۔

وَ ذَھَبَ الَّذِیْنَ اَبْطَلُوا الشَّرْطَ فِیْ ذٰلِکَ وَجَوَّزُوا الْبَیْعَ اِلٰی حَدِیْثِ بَرِیْرَۃَ۔

١٢٧٢- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَالِکُ ابْنُ اَنَسٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عَائِشَۃَ اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِیَ بَرِیْرَۃَ فَتُعْتِقَھَا فَقَالَ لَھَا اَھْلُھَا نَبِیْعُکِھَا عَلٰی اَنَّ وَلَاءَ ھَا لَنَا فَذَکَرَتْ ذٰلِکَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا یَمْنَعُکِ ذٰلِکَ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ۔

١٢٧٣- حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَالِکٌ عَنْ یَحْیَی بْنِ

دوسری دلیل یہ ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب میں مدینہ طیبہ آیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اونٹ لایا اور عرض کیا یا رسول اللہ! یہ اونٹ آپ کا ہے آپ نے فرمایا شاید تمہارا خیال ہو کہ میں نے تمہیں تمہارا اونٹ حاصل کرنے کے لیے ٹھہرایا ہے اے بلال! انہیں ایک اوقیہ چاندی دے دیں اور (اے جابر) آپ اپنا اونٹ بھی لے جائیں یہ دونوں تمہارے لیے ہیں۔

تو یہ اس باب پر دلالت ہے کہ پہلا قول سودے کے بارے میں نہیں تھا اگر اس علت کے ثابت ہونے کے بعد یہ بات ثابت بھی ہو جائے کہ سواری کی شرط اصل بیع میں تھی پھر بھی یہ حدیث حجت نہیں بن سکتی کیونکہ جس میں یہ شرط ہو وہ بیع نہیں ہوتی نیز سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اونٹ کے مالک نہیں ہوئے لہٰذا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا سواری کی شرط لگانا اپنی ملکیت میں تھا اور اگر یہ شرط ایسی بیع میں واقع ہو جس سے خریدنے والے کے لیے ملک ثابت ہو جاتی ہے تو اس کے حکم پر بھی اس حدیث میں دلالت نہیں پائی جاتی جن لوگوں نے شرط کو باطل قرار دیا اور بیع کو جائز رکھا انہوں نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے استدلال کیا ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو خرید کر آزاد کرنے کا ارادہ فرمایا تو ان کے گھر والوں نے کہا ہم اس شرط پر اسے بیچتے ہیں کہ اس کی ولاء[1] ہمارے لیے ہوگی ام المؤمنین نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا اس میں تمہارے لیے کوئی رکاوٹ نہیں کیونکہ ولاء اس کے لیے ہوتی ہے جو آزاد کرے۔

حضرت عمرہ بنت عبدالرحمٰن فرماتی ہیں حضرت بریرہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے امداد طلب کرنے آئیں تو ام المومنین

---

[1] ولاء کا مطلب یہ ہے کہ جس کو آزاد کیا جائے آزاد کرنے والا اس کا وارث قرار پاتا ہے۔

سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَتْ تَسْتَعِيْنُ عَائِشَةَ فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ إِنْ أَحَبَّ أَهْلُكِ أَنْ أَصُبَّ لَهُمْ ثَمَنَكِ صَبَّةً وَّاحِدَةً وَأُعْتِقَكِ فَعَلْتُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ بَرِيْرَةُ لِأَهْلِهَا فَقَالُوْا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ وَلَاؤُكِ لَنَا قَالَ مَالِكٌ قَالَ يَحْيٰى فَزَعَمَتْ عَمْرَةُ أَنَّ عَائِشَةَ ذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِشْتَرِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ۔

نے ان سے فرمایا اگر تمہارے مالک پسند کریں کہ میں تمہاری قیمت یکمشت ان کے حوالے کر دوں اور تمہیں آزاد کر دوں تو میں ایسا کر دوں حضرت بریرہ نے اپنے گھر والوں سے ذکر کیا تو انہوں نے کہا نہیں البتہ یہ کہ تمہاری ولاء ہمارے لیے ہو حضرت مالک فرماتے ہیں حضرت یحییٰ نے فرمایا حضرت عمرہ کا خیال ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ بات عرض کی تو آپ نے فرمایا اسے خرید کر آزاد کر دو کیونکہ ولاء اس کے لیے ہے جو آزاد کرے۔

۱۲۷۴- وَحَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ فَتُعْتِقَهَا فَاشْتَرَطَ مَوَالِيْهَا وَلَاءَهَا فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِشْتَرِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ۔

حضرت اسود، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو خریدنے کا ارادہ کیا تاکہ اسے آزاد کر دیں تو اس کے مالکوں نے اس کی ولاء کی شرط رکھی ام المؤمنین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا آپ نے فرمایا اسے خرید کر آزاد کر دو بے شک ولاء اس کے لیے ہے جو اسے آزاد کرے۔

۱۲۷۵- وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أَهْلَ بَيْتِ بَرِيْرَةَ أَرَادُوْا أَنْ يَبِيْعُوْهَا وَيَشْتَرِطُوْا الْوَلَاءَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِشْتَرِيْهَا فَأَعْتِقِيْهَا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ۔

ایک دوسرے طریق سے حضرت اسود، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت بریرہ کے گھر والوں (مالکوں) نے انہیں بیچنے کا ارادہ کیا اور ولاء کی شرط رکھی ام المؤمنین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا اسے خرید کر آزاد کر دو بلاشبہ ولاء اس کے لیے ہے جو آزاد کرے۔

۱۲۷۶- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَتْ

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہما، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت بریرہ اپنے بدل کتابت کے سلسلے میں تعاون حاصل کرنے آئیں تو ام المؤمنین نے فرمایا اگر تمہارے گھر والے چاہیں تو میں خرید لوں اور تمہاری

تَسْتَعِيْنُهَا فِيْ كِتَابَتِهَا فَقَالَتْ عَائِشَةُ إِنْ شَاءَ أَهْلُكِ اشْتَرَيْتُكِ وَنَقَدْتُهُمْ ثَمَنَكِ صَبَّةً وَّاحِدَةً فَذَهَبَتْ إِلَى أَهْلِهَا فَقَالَتْ لَهُمْ ذٰلِكَ فَأَبَوْا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اشْتَرِيْهَا وَلَا يَضُرُّكِ مَا قَالُوْا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ

قَالُوْا فَلَمَّا كَانَ أَهْلُ بَرِيْرَةَ أَرَادُوْا بَيْعَهَا عَلَى أَنْ تُعْتَقَ وَيَكُوْنَ وَلَاءُهَا لَهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لَا يَضُرُّكِ ذٰلِكَ فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ دَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ هٰذِهِ الشُّرُوْطَ كُلَّهَا الَّتِيْ تُشْتَرَطُ فِي الْبُيُوْعِ وَإِنَّهَا تَبْطُلُ وَتَثْبُتُ الْبُيُوْعُ۔

فَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ أَنَّ هٰذِهِ الْآثَارَ هٰكَذَا رُوِيَتْ أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَهَا فَتُعْتِقَهَا فَأَبَى أَهْلُهَا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ وَلَاءُهَا لَهُمْ۔

۱۲۷۷ - وَقَدْ رَوَاهَا آخَرُوْنَ عَلَى خِلَافِ ذٰلِكَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ رِجَالٌ مِّنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمْ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ وَاللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ جَاءَتْ بَرِيْرَةُ إِلَيَّ فَقَالَتْ يَا عَائِشَةُ إِنِّيْ قَدْ كَاتَبْتُ أَهْلِيْ عَلَى تِسْعِ أَوَاقٍ فِيْ كُلِّ عَامٍ أُوْقِيَّةٌ فَأَعِيْنِيْنِيْ وَلَمْ تَكُنْ قَضَتْ مِنْ كِتَابَتِهَا شَيْئًا فَقَالَتْ لَهَا

قیمت یکمشت انہیں ادا کر دوں چنانچہ وہ اپنے مالکوں کے پاس گئیں اور ان سے یہ بات کہی تو انہوں نے انکار کر دیا البتہ یہ کہ ولاء ان کو حاصل ہو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا اسے خرید لو ان لوگوں کی بات تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتی بے شک ولاء اس کے لیے ہے جو آزاد کرے۔

یہ علماء کرام فرماتے ہیں کہ جب حضرت بریرہ کے گھر والوں نے انہیں اس شرط پر بیچنے کا ارادہ کیا کہ ان کو آزاد کیا جائے اور ولاء ان کو حاصل ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تمہارے لیے یہ بات مضر نہیں ہے بے شک ولاء آزاد کرنے والے کے لیے ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ بیع میں اس قسم کی تمام شروط باطل ہیں اور بیع ثابت ہو جاتی ہے۔

ان حضرات کے خلاف دلیل یہ ہے کہ یہ تمام روایات اسی طرح مروی ہیں کہ ام المومنین نے ان کو خرید کر آزاد کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت بریرہ کے مالکوں نے انکار کیا البتہ یہ کہ ولاء ان کو حاصل ہو۔

لیکن اسے دوسرے حضرات نے اس کے خلاف روایت کیا ہے حضرت عروہ بن زبیر، حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت بریرہ نے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میں نے اپنے مالکوں سے نو اوقیہ پر کتابت کی ہے ہر سال ایک اوقیہ دینا ہے لہذا آپ میری مدد فرمائیں اور ابھی تک انہوں نے بدل کتابت میں سے کچھ نہیں دیا تھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ جاؤ اگر وہ پسند کریں کہ میں ان کو یہ تمام مال دوں اور تمہاری ولاء مجھے حاصل ہو تو میں ایسا کروں گی وہ اپنے گھر والوں کے پاس گئیں اور انہیں یہ

عَائِشَۃُ اِرْجِعِیْ اِلٰی اَھْلِكِ فَاِنْ اَحَبُّوْا اَنْ اُعْطِیَھُمْ ذٰلِكَ جَمِیْعًا وَّ یَکُوْنَ وَلَاءُ كِ لِیْ فَعَلْتُ فَذَھَبَتْ اِلٰی اَھْلِھَا فَعَرَضَتْ ذٰلِكَ عَلَیْھِمْ فَاَبَوْا وَقَالُوْا اِنْ شَاءَتْ اَنْ تَحْتَسِبَ عَلَیْكِ فَلْتَفْعَلْ وَیَکُوْنُ وَلَاءُ كِ لَنَا فَذَکَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا یَمْنَعُكِ ذٰلِكَ مِنْھَا اِبْتَاعِیْ وَاَعْتِقِیْ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ وَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی النَّاسِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاَثْنٰی عَلَیْہِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَمَا بَالُ نَاسٍ یَّشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَیْسَتْ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ کُلُّ شَرْطٍ لَیْسَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ فَھُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ کَانَ مِائَۃَ شَرْطٍ قَضَاءُ اللّٰہِ اَحَقُّ وَشَرْطُ اللّٰہِ اَوْثَقُ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ۔

بات بتائی تو انہوں نے انکار کر دیا اور کہا کہ اگر ام المومنین مف ثواب کی نیت سے ایسا کرنا چاہیں (ولاء کا مطالبہ نہ کریں) تو ایسا کریں اور تمہاری ولاء ہمیں حاصل ہو گی ام المومنین نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا یہ بات تمہیں حضرت بریرہ (کے خریدنے) سے یہ شرط تمہیں نہیں روکتی خرید کر آزاد کر دو کیونکہ ولاء آزاد کرنے والے کے لیے ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے درمیان کھڑے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا حمد وثنا کے بعد ان لوگوں کا کیا حال ہے جو (سودے میں) ایسی شرائط رکھتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں نہیں ہیں ہر وہ شرط جو کتاب اللہ میں نہ ہو وہ باطل ہے اگرچہ وہ سو شرطیں ہوں، اللہ تعالیٰ کا فیصلہ زیادہ حق رکھتا ہے اور اس کی شرط زیادہ مضبوط ہے بے شک ولاء آزاد کرنے والے کے لیے ہے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ غَیْرُ مَا فِی الْاَحَادِیْثِ الْاُوَلِ اَنَّ اَھْلَ بَرِیْرَۃَ اَرَادُوْا اَنْ یَّبِیْعُوْھَا عَلٰی اَنْ تُعْتِقَھَا عَائِشَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا وَیَکُوْنَ وَلَاءُ ھَا لَھُمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَمْنَعُكِ ذٰلِكَ اشْتَرِیْھَا فَاَعْتِقِیْھَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث کا مفہوم پہلی احادیث کے علاوہ ہے وہ یوں کہ پہلی احادیث میں ہے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے مالکوں نے اسے بیچنے کا ارادہ کیا اور یہ شرط رکھی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اسے آزاد کریں اور ولاء ان (مالکوں) کے لیے ہو گی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بات تمہارے لیے رکاوٹ نہیں بنتی اسے آزاد کر دو ولاء آزاد کرنے والے کے لیے ہے۔

فَکَانَ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ اِبَاحَۃُ الْبَیْعِ عَلٰی اَنْ یُّعْتِقَ الْمُشْتَرِیْ وَعَلٰی اَنْ یَّکُوْنَ وَلَاءُ الْمُعْتَقِ لِلْبَائِعِ فَاِذَا وَقَعَ ذٰلِكَ ثَبَتَ الْبَیْعُ وَبَطَلَ الشَّرْطُ وَکَانَ الْوَلَاءُ لِلْمُعْتِقِ۔

تو اس حدیث میں اس بات کا جواز ہے کہ خریدنے والا آزاد کرے اور اس کی ولاء بائع کو حاصل ہو جب یہ بات واقع ہو تو بیع ثابت ہو جائے گی شرط باطل ہو گی اور ولاء آزاد کرنے والے کے لیے ہو گی۔

وَفِیْ حَدِیْثِ عُرْوَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ

جب کہ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے ام المومنین سے جو روایت

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا اَنَّ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا
قَالَتْ لَہَا اِنْ اَحَبَّ اَھْلُکِ اَنْ اُعْطِیَھُمْ ذٰلِکَ
تُرِیْدُ الْکِتَابَۃَ صَبَّۃً وَّاحِدَۃً فَعَلْتُ وَیَکُوْنُ
وَلَاءُکِ لِیْ فَلَمَّا عَرَضَتْ عَلَیْھِمْ بَرِیْرَۃُ ذٰلِکَ
قَالُوْا اِنْ شَاءَتْ اَنْ تَحْتَسِبَ عَلَیْکِ فَلْتَفْعَلْ
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
لِعَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا لَا یَمْنَعُکِ ذٰلِکَ مِنْہَا
اِشْتَرِیْھَا فَاَعْتِقِیْھَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ
اَعْتَقَ۔

فَکَانَ الَّذِیْ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ مِمَّا
کَانَ مِنْ اَھْلِ بَرِیْرَۃَ مِنِ اشْتِرَاطِ الْوَلَاءِ
لَیْسَ فِیْ بَیْعٍ وَّلٰکِنْ فِیْ اَدَاءِ عَائِشَۃَ رَضِیَ
اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا اِلَیْھِمُ الْکِتَابَۃَ عَنْ بَرِیْرَۃَ
وَھُمْ تَوَلَّوْا عَقْدَ تِلْکَ الْکِتَابَۃِ وَلَمْ یَکُنْ
تَقَدَّمَ ذٰلِکَ الْاَدَاءَ مِنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ
تَعَالٰی عَنْہَا مِلْکٌ فَذَکَرَتْ ذٰلِکَ عَائِشَۃُ رَضِیَ
اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
فَقَالَ لَا یَمْنَعُکِ ذٰلِکَ مِنْہَا اَیْ لَا تَرْجِعِیْنَ
لِھٰذَا الْمَعْنٰی عَمَّا کُنْتِ نَوَیْتِ فِیْ عِتْقِھَا
مِنَ الثَّوَابِ اِشْتَرِیْھَا فَاَعْتِقِیْھَا فَاِنَّمَا
الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ فَکَانَ ذِکْرُ ذٰلِکَ الشِّرَاءِ
ھٰھُنَا اِبْتِدَاءً مِّنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ
اٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَیْسَ مِمَّا کَانَ قَبْلَ ذٰلِکَ بَیْنَ
عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا وَبَیْنَ اَھْلِ
بَرِیْرَۃَ فِیْ شَیْءٍ ثُمَّ کَانَ قَامَ النَّبِیُّ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ فَقَالَ مَا بَالُ
اَقْوَامٍ یَّشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَیْسَتْ فِیْ کِتَابِ
اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ کُلُّ شَرْطٍ لَیْسَ فِیْ کِتَابِ
اللّٰہِ فَھُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ کَانَ مِائَۃَ شَرْطٍ

نقل کی ہے کہ انہوں نے حضرت بریرہ سے فرمایا اگر تمہارے گھر والے پسند کریں کہ میں ان کو یہ بدل کتابت یکشمت دے دوں تو میں ایسا کروں گی اور تمہاری ولاء میرے لیے ہوگی جب حضرت بریرہ نے ان لوگوں کو یہ بات بتائی تو انہوں نے کہا اگر ام المومنین محض ثواب کے لیے ایسا کرنا چاہیں تو کریں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا یہ بات نہیں اس سے نہیں روکتی اسے خرید کر آزاد کر دو بے شک ولاء آزاد کرنے والے کے لیے ہے۔

تو گویا اس حدیث میں حضرت بریرہ کے مالکان نے جو ولاء کی شرط رکھی تھی وہ سودے میں نہیں تھی بلکہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے حضرت بریرہ کے بدل کتابت کی ادائیگی میں تھی۔ اور عقد کتابت انہی لوگوں نے کیا تھا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے بدل کتابت کی ادائیگی سے پہلے ملک ثابت نہ ہوئی تھی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا یہ بات تمہیں اس (حضرت بریرہ) سے نہیں روکتی اس وجہ سے اس ثواب سے رجوع نہ کرو جس کا حضرت بریرہ کو آزاد کرنے سے تم نے ارادہ کیا اسے خرید کر آزاد کرو ولاء تو آزاد کرنے والے کے لیے ہے تو اس خریدنے کا ذکر ابتدائی طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اس سے پہلے حضرت عائشہ اور مالکان بریرہ کے درمیان ایسی بات نہیں ہوئی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا آپ نے فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو ایسی شرائط مقرر کرتے ہیں جو قرآن پاک میں نہیں ہیں ہر وہ شرط جو قرآن پاک سے نہ ہو وہ باطل ہے اگرچہ سو شرائط ہوں تو آپ کا یہ ارشاد، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر اس ولاء کی طلب پر اعتراض ہے جس کا مالک کوئی دوسرا تھا کیونکہ اس نے اپنی ملک کی وجہ سے اس کو مکاتبہ بنایا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام المومنین کو متنبہ فرمایا اور اس

إِنْكَارًا مِّنْهُ عَلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا فِي طَلَبِهَا وَلَاءَ مَنْ تَوَلَّى غَيْرُهَا كِتَابَتَهَا بِحَقِّ مِلْكِهِ عَلَيْهَا ثُمَّ نَبَّهَهَا وَعَلَّمَهَا بِقَوْلِهِ فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ أَيْ إِنَّ الْمُكَاتَبَ إِذَا أُعْتِقَ بِأَدَاءِ الْكِتَابَةِ فَمُكَاتِبُهُ هُوَ الَّذِي أَعْتَقَهُ فَوَلَاؤُهُ لَهُ۔

بات کی تعلیم دی کہ ولاء اس شخص کے لیے ہے جو اسے آزاد کرے یعنی جب مکاتب، بدل کتابت کے بدلے آزاد کرے تو مکاتب ہی نے اسے آزاد کیا تو اس کی ولاء بھی اس کے لیے ہوگی۔

فَهٰذَا حَدِيْثٌ فِيْهِ ضِدُّ مَا فِي غَيْرِهِ مِنَ الْأَحَادِيْثِ الْأُوَلِ وَلَيْسَ فِيْهِ دَلِيْلٌ عَلَى اشْتِرَاطِ الْوَلَاءِ فِي الْبَيْعِ كَيْفَ حُكْمُهُ هَلْ يَجِبُ فِيْهِ فَسَادُ الْبَيْعِ أَمْ لَا۔

تو یہ حدیث ان گزشتہ احادیث کے خلاف ہے اور اس میں ولاء کی شرط رکھنے پر کہ اس کا کیا حکم ہے کہ اس سے بیع فاسد ہوگی یا نہ کوئی دلیل نہیں۔

۱۲۷۹- **فَإِنْ قَالَ** قَائِلٌ فَإِنَّ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ قَدْ رَوَاهُ عَنْ أَبِيْهِ فَزَادَ فِيْهِ شَيْئًا **قُلْنَا** لَهُ صَدَقْتَ **حَدَّثَنَا** إِسْمٰعِيْلُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيْسَ عَنْ مَالِكِ ابْنِ أَنَسٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ جَاءَتْنِيْ بَرِيْرَةُ فَقَالَتْ إِنِّيْ كَاتَبْتُ أَهْلِيْ عَلَى تِسْعِ أَوَاقٍ فِيْ كُلِّ عَامٍ أُوْقِيَّةٌ فَأَعِيْنِيْنِيْ فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ إِنْ أَحَبَّ أَهْلُكِ أَنْ أَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَدْتُهَا لَهُمْ وَيَكُوْنُ وَلَاؤُكِ لِيْ فَعَلْتُ فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ إِلَى أَهْلِهَا فَقَالَتْ لَهُمْ ذٰلِكَ فَأَبَوْا عَلَيْهَا فَجَاءَتْ مِنْ عِنْدِ أَهْلِهَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَتْ إِنِّيْ قَدْ عَرَضْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَأَبَوْا إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَسَمِعَ بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهَا فَأَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ فَقَالَ خُذِيْهَا وَاشْتَرِطِيْ فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ فَفَعَلَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اگر کوئی معترض کہے کہ حضرت ہشام بن عروہ نے اسے اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے اس میں کچھ اضافہ کیا ہے۔ ہم اسے کہیں گے کہ تو نے سچ کہا حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں کہ حضرت بریرہ میرے پاس آئیں اور کہا کہ میں نے نو اوقیہ پر کتابت کی ہے ایک سال میں ایک اوقیہ دینا ہے لہٰذا میری مدد کیجئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اگر تمہارے مالکان چاہیں کہ میں انہیں یہ (نو اوقیہ) گن دوں تو میں ایسا کروں گی حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا اپنے مالکان کے پاس گئیں اور ان سے یہ بات کہی تو انہوں نے انکار کیا وہ اپنے مالکان کے پاس سے آگئیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے عرض کیا کہ میں نے یہ بات اپنے مالکان کو بتائی لیکن انہوں نے انکار کردیا البتہ یہ کہ ان کی ولاء انہیں حاصل ہو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سنی تو حضرت بریرہ سے پوچھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا تو آپ نے فرمایا اسے لے لو اور شرط رکھو ولاء تو اسی کے لیے ہے جس نے اسے آزاد کیا ہو چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایسا کیا پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے درمیان کھڑے ہوئے

فِي النَّاسِ فَذَكَرَ مِثْلَ مَا فِي حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ۔

پھر حضرت زہری کی حدیث کی مثل ذکر کیا۔

۱۲۸۰۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي مَالِكٌ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن وہب فرماتے ہیں مجھے حضرت مالک نے خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

فَفِي هٰذَا الْحَدِيْثِ مِثْلُ مَا فِي حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ الَّذِي كَانَ فِيْهِ الْاِشْتِرَاطُ مِنْ اَهْلِ بَرِيْرَةَ اَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ وَاِبَاءُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهَا هُوَ اَدَاءُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا عَنْ بَرِيْرَةَ الْكِتَابَةَ۔

تو اس حدیث میں حدیث زہری کی مثل ہے حضرت بریرہ کی طرف سے جو شرط تھی وہ یہ تھی کہ ولاء ان کے مالکان کے لیے ہوگی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس سے انکار کیا مگر یہ کہ ولاء ان کے لیے ہو تو یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے حضرت بریرہ کا بدل کتابت ادا کرنا تھا۔

فَقَدِ اتَّفَقَ الزُّهْرِيُّ وَهِشَامٌ عَلٰى هٰذَا وَخَالَفَا فِي ذٰلِكَ اَصْحَابُ الْاَحَادِيْثِ الْاُوَلِ وَزَادَ هِشَامٌ عَلَى الزُّهْرِيِّ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذِيْهَا وَاشْتَرِطِي فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ هٰكَذَا فِي حَدِيْثِ هِشَامٍ وَمَوْضِعُ هٰذَا الْكَلَامِ فِي حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ اِبْتَاعِي وَاَعْتِقِي فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ۔

حضرت زہری اور حضرت ہشام ہیں اس بات پر اتفاق ہے اس سلسلے میں پہلی احادیث پیش کرنے والوں نے اختلاف کیا ہے حضرت ہشام نے حضرت زہری کی حدیث پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اشارہ کا اضافہ کیا ہے کہ اسے خرید و اور شرط رکھو کیونکہ ولاء آزاد کرنے والے کے لیے ہے حضرت ہشام کی روایت میں بھی اسی طرح ہے اس گفتگو کے سلسلے حضرت زہری کی روایت میں اس جگہ ہے کہ خریدو اور آزاد کرو کیونکہ ولاء آزاد کرنے والوں کے لیے ہے۔

فَفِي هٰذَا اخْتَلَفَ هِشَامٌ وَالزُّهْرِيُّ فَاِنْ كَانَ الَّذِي يُعْتَبَرُ فِي هٰذَا هُوَ الضَّبْطُ وَالْحِفْظُ فَيُؤْخَذُ بِمَا رَوَى اَهْلُهٗ وَيُتْرَكُ مَا رَوَى الْاٰخَرُوْنَ فَاِنَّ مَا رَوَى الزُّهْرِيُّ اَوْلٰى لِاَنَّهٗ اَتْقَنُ وَاَضْبَطُ وَاَحْفَظُ مِنْ هِشَامٍ۔

تو اس میں حضرت زہری اور ہشام (کی روایات) کا اختلاف ہے اگر اس سلسلے میں ضبط و حفظ کا اعتبار کیا جائے تو جو کچھ اہل ضبط و حفظ نے روایت کیا جائے گا اور دوسرے لوگوں کی روایت کو چھوڑ دیا جائے گا پس جو کچھ حضرت زہری نے روایت کیا وہ اولیٰ ہے کیونکہ وہ حضرت ہشام کی نسبت زیادہ مضبوط اور اچھے ضبط و حفظ کے مالک ہیں۔

وَاِنْ كَانَ الَّذِي يُعْتَبَرُ فِي ذٰلِكَ هُوَ التَّاوِيْلُ فَاِنَّ قَوْلَهٗ خُذِيْهَا قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ مَعْنَاهُ ابْتَاعِيْهَا كَمَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ لِصَاحِبِهٖ بِكَمْ اَخَذَ هٰذَا الْعَبْدَ يُرِيْدُ بِذٰلِكَ بِكَمِ ابْتَاعَ هٰذَا الْعَبْدَ وَكَمَا

اور اگر اس میں تاویل کا اعتبار کیا جائے تو آپ کے ارشاد گرامی اسے "لے لو" کا مطلب "خرید لو" بھی ہو سکتا ہے کیونکہ آدمی اپنے ساتھی سے پوچھتا ہے یہ غلام کتنے میں لیا یعنی کتنی قیمت پر خریدا ہے؟ اور جس طرح ایک شخص دوسرے کو کہتا ہے یہ غلام ایک ہزار درہم میں لے لو تو اس سے بھی

يَقُولُ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ خُذْ هٰذَا الْعَبْدَ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ يُرِيدُ بِذٰلِكَ الْبَيْعَ۔

سود امراد ہوتا ہے۔

ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاشْتَرِطِي فَلَمْ يُبَيِّنْ مَا تَشْتَرِطُ فَقَدْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ أَرَادَ وَاشْتَرِطِي مَا يُشْتَرَطُ فِي الْبِيَاعَاتِ الصِّحَاحِ فَلَيْسَ فِي حَدِيثِ هِشَامٍ هٰذَا لِمَا كَشَفَ مَعْنَاهُ خِلَافٌ لِشَيْءٍ مِمَّا فِي حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ وَلَا بَيَانَ فِيهِمَا كَيْفَ حُكْمُ الْبَيْعِ إِذَا وَقَعَ فِيهِ مِثْلُ هٰذَا الشَّرْطِ هَلْ يَكُونُ فَاسِدًا وَهَلْ يَكُونُ جَائِزًا۔

پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شرط رکھو اور بیان نہیں فرمایا کہ کون سی بات شرط رکھی جائے تو ہو سکتا ان کا ارادہ یہ ہو کہ وہ بات شرط رکھو جو صحیح سودوں میں ہوتی ہے تو حضرت ہشام کی اس حدیث کا مفہوم جب واضح ہوا تو اس میں کوئی ایسی بات نہیں جو اس کے خلاف ہو جو حضرت زہری کی حدیث میں ہے اور ان دونوں حدیثوں میں اُس بیع کا حکم ہی بیان نہیں ہوا جب اس میں یہ شرط پائی جائے کہ آیا وہ فاسد ہے یا جائز ؟

وَأَمَّا مَا احْتَجَّ بِهِ الَّذِينَ أَفْسَدُوا الْبَيْعَ بِذٰلِكَ الشَّرْطِ۔

اس شرط کی وجہ سے بیع کو فاسد قرار دینے والوں نے یوں استدلال کیا ہے۔

۱۲۸۱ - فَمَا حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعٍ وَسَلَفٍ وَعَنْ شَرْطَيْنِ فِي بَيْعَةٍ۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے بیع اور قرض نیز ایک بیع میں دو شرطوں سے منع فرمایا۔

۱۲۸۲ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِي بَيْعٍ۔

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرض اور بیع نیز ایک سودے میں دو شرطوں سے منع فرمایا۔

۱۲۸۳ - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت سلیمان بن حرب، حضرت حماد بن زید سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۲۸۴ - حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ

حضرت محمد بن فضل فرماتے ہیں ہم سے حضرت حماد بن زید نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے

فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ ۔

اس کی مثل ذکر کیا ۔

۱۲۸۵ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَرْطَيْنِ فِيْ بَيْعٍ وَّعَنْ سَلَفٍ وَّ بَيْعٍ ۔

حضرت عبدالملک بن ابوسلیمان، حضرت عمرو بن شعیب سے وہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سودے میں دو شرطوں نیز قرض مع بیع سے منع فرمایا ۔

۱۲۸۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

حضرت عامر احول، حضرت عمرو بن شعیب سے وہ اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ۔

۱۲۸۷ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعٍ وَّسَلَفٍ ۔

حضرت عمرو بن شعیب سے وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سودے اور قرض سے منع فرمایا ۔

قَالُوْا فَالْبَيْعُ فِيْ نَفْسِهٖ شَرْطٌ فَاِذَا شُرِطَ فِيْهِ شَرْطٌ اٰخَرُ فَكَانَ هٰذَا شَرْطَيْنِ فِيْ بَيْعٍ فَهٰذَا هُوَ الشَّرْطَانِ الْمَنْهِيُّ عَنْهُمَا عِنْدَهُمْ الْمَذْكُوْرَانِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ ۔

یہ حضرات فرماتے ہیں بیع فی نفسہٖ شرط ہے جب اس میں دوسری شرط رکھ دی گئی تو یہ سودے میں دو شرطیں ہوگئیں تو اس حدیث میں جن دو شرطوں سے منع کیا گیا ہے وہ یہی ہیں ۔

وَقَدْ خُوْلِفُوْا فِيْ ذٰلِكَ فَقِيْلَ الشَّرْطَانِ فِي الْبَيْعِ هُوَ اَنْ يَّقَعَ الْبَيْعُ عَلٰى اَلْفِ دِرْهَمٍ حَالٍ اَوْ عَلٰى مِائَةِ دِيْنَارٍ اِلٰى سَنَةٍ فَيَقَعُ الْبَيْعُ عَلٰى اَنْ يُّعْطِيَهُ الْمُشْتَرِيْ اَيَّهُمَا شَاءَ فَالْبَيْعُ فَاسِدٌ لِاَنَّهٗ وَقَعَ بِثَمَنٍ مَّجْهُوْلٍ ۔

اس سلسلے میں ان کی مخالفت کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ ان دو شرطوں سے مراد یہ ہے کہ اگر نقد لے تو ایک ہزار درہم دے اور ایک سال بعد دے تو ایک سو دینار دیئے تو اس طرح سودا اس بات پر واقع ہوگا کہ خریدنے والا جو چاہے دے تو یہ بیع فاسد ہے کیونکہ مجہول قیمت پر ہے ۔

۱۲۸۸ - وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ مُبَشِّرَ بْنَ الْحَسَنِ

ان حضرات کی دلیل صحابہ کرام کی یہ روایات بھی ہیں حضرت محمد بن عمرو بن حارث، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے

حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَبُوْعَامِرِ الْعَقَدِیُّ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَۃَ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ یُحَدِّثُ عَنْ زَیْنَبَ امْرَاَۃِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّھَا بَاعَتْ عَبْدَ اللّٰہِ جَارِیَۃً وَّ اشْتَرَطَتْ خِدْمَتَھَا فَذَکَرَ ذٰلِکَ لِعُمَرَ فَقَالَ لَا یَقْرَبَنَّھَا وَلَا اَجِدُ فِیْھَا مَثُوْبَۃً۔

ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ پر ایک لونڈی بیچی اور ایک جہینہ خدمت لینے کی شرط رکھی یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی تو انہوں نے فرمایا وہ ہرگز اس کے قریب نہ جائیں اور نہ ہی میں اس کا کوئی بدلا پاتا ہوں۔

۱۲۸۹ - حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْغَسَّانَ قَالَ ثَنَا زُھَیْرٌ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَا یَحِلُّ فَرْجٌ اِلَّا فَرْجٌ اِنْ شَاءَ صَاحِبُہٗ بَاعَہٗ وَاِنْ شَاءَ وَھَبَہٗ وَاِنْ شَاءَ اَمْسَکَہٗ لَا شَرْطَ فِیْہِ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کوئی شرمگاہ حلال نہیں مگر یہ کہ اس کا مالک اگر چاہے تو اسے بیچ دے چاہے تو ہبہ کرے اور اگر چاہے تو روک دے اور کوئی شرط نہ ہو۔

۱۲۹۰ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا ھُشَیْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا یُوْنُسُ بْنُ عُبَیْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ کَانَ یَکْرَہُ اَنْ یَّشْتَرِیَ الرَّجُلُ الْاَمَۃَ عَلٰی اَنْ لَا یَبِیْعَ وَلَا یَھَبَ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وہ لونڈی کو اس طرح خرید نا مکروہ جانتے تھے کہ وہ (خریدنے والا) نہ اسے بیچ سکے اور نہ ہبہ کر سکے۔

فَقَدْ اَبْطَلَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بَیْعَ عَبْدِ اللّٰہِ وَتَابَعَہٗ عَبْدُ اللّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ وَلَمْ یُخَالِفْہُ فِیْہِ۔

تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے سودے کو باطل قرار دیا اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سلسلے میں ان کی اتباع کی اور مخالفت نہ کی۔

وَقَدْ کَانَ لَہٗ خِلَافُہٗ اِنْ لَّوْ کَانَ یَرٰی خِلَافَ ذٰلِکَ لِاَنَّ مَا کَانَ مِنْ عُمَرَ لَمْ یَکُنْ عَلٰی جِھَۃِ الْحُکْمِ وَاِنَّمَا کَانَ عَلٰی جِھَۃِ الْفُتْیَا۔

حالانکہ اگر ان کا نظریہ اس کے خلاف ہوتا تو ان کے لیے مخالفت جائز تھی کیونکہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی بات، حکم کے طور پر نہ تھی بلکہ بطور فتویٰ تھی۔

وَتَابَعَتْھُمَا زَیْنَبُ امْرَاَۃُ عَبْدِ اللّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ وَلَھَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ صُحْبَۃٌ۔

حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے بھی ان دونوں حضرات کی اتباع کی حالانکہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابیہ ہیں۔

وَتَابَعَھُمْ عَلٰی ذٰلِکَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی ان کی

عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا وَقَدْ عَلِمَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا کَانَ مِنْ قَوْلِهٖ لِعَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا فِیْ اَمْرِ بَرِیْرَةَ عَلٰی مَا قَدْ رَوَیْنَاهُ فِیْ هٰذَا الْبَابِ۔

فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ مَعْنَاهُ کَانَ عِنْدَهٗ عَلٰی خِلَافِ مَا حَمَلَهٗ عَلَیْهِ الَّذِیْنَ احْتَجُّوْا بِحَدِیْثِهٖ وَلَمْ نَعْلَمْ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَیْرَ مَنْ ذَکَرْنَا ذَهَبَ فِیْ ذٰلِكَ اِلٰی غَیْرِ مَا ذَهَبَ اِلَیْهِ عُمَرُ وَمَنْ تَابَعَهٗ عَلٰی ذٰلِكَ مِمَّنْ ذَکَرْنَا فِیْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ اَنْ یَّنْبَغِیْ اَنْ یُّجْعَلَ هٰذَا اَصْلًا وَاِجْمَاعًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِیَ عَنْهُمْ وَلَا یُخَالَفُ فَهٰذَا وَجْهُ هٰذَا الْبَابِ مِنْ طَرِیْقِ الْاٰثَارِ۔

وَاَمَّا وَجْهُهٗ مِنْ طَرِیْقِ النَّظَرِ فَاِنَّا رَاَیْنَا الْاَصْلَ الْمُجْتَمَعَ عَلَیْهِ اَنَّ شُرُوْطًا صِحَاحًا قَدْ تُعْقَدُ فِی الشَّیْءِ الْمَبِیْعِ مِثْلُ الْخِیَارِ اِلٰی اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ لِلْبَائِعِ وَلِلْمُبْتَاعِ فَیَکُوْنُ الْبَیْعُ عَلٰی ذٰلِكَ جَائِزًا وَکَذٰلِكَ الْاَثْمَانُ قَدْ تُعْقَدُ فِیْهَا اٰجَالٌ یَشْتَرِطُهَا الْمُبْتَاعُ فَتَکُوْنُ لَازِمَةً اِذَا کَانَتْ مَعْلُوْمَةً وَیَکُوْنُ الْبَیْعُ بِهَا مُضَمَّنًا وَرَاَیْنَا ذٰلِكَ الْاَجَلَ لَوْ کَانَ فَاسِدًا فَسَدَ بِفَسَادِهِ الْبَیْعُ وَلَمْ یَثْبُتِ الْبَیْعُ وَیَنْتَفِیْ هُوَ اِذَا کَانَ مَعْقُوْدًا فِیْهِ۔

فَلَمَّا جُعِلَ الْبَیْعُ مُضَمَّنًا بِهٰذِهِ الشَّرَائِطِ الْمَشْرُوْطَةِ فِیْ ثَمَنِهٖ فِیْ صِحَّتِهَا وَفَسَادِهَا فَجُعِلَ جَائِزًا بِجَوَازِهَا وَفَاسِدًا

اتباع کی حالانکہ ان کو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ ارشاد معلوم تھا جو آپ نے حضرت بریرہ کے بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا جیسا کہ ہم نے اس باب میں اسے روایت کیا۔

تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ ان کے نزدیک اس حدیث کا وہ مفہوم نہیں جو اس حدیث سے استدلال کرنے والوں نے اپنایا ہے اور ان مذکورہ بالا صحابہ کرام کے علاوہ کوئی ایسا صحابی ہمارے علم میں نہیں ہے جس نے اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق اور ان کے تبعین جن کا ان روایات میں ذکر ذکر ہوا کے خلاف مذہب اختیار کیا ہو لہٰذا اس بات کو اصل اور صحابہ کرام کا اجماع قرار دیا جائے اور اس کی مخالفت نہ کی جائے روایات کے طریقے پر اس باب کا یہ بیان تھا۔

جبکہ غور وفکر کے طریقے پر اس کا بیان یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں ایک متفق علیہ ضابطہ ہے وہ یہ کہ بیچی جانے والی چیز میں صحیح شرائط رکھی جاتی ہیں مثلاً بائع یا مشتری کو ایک معلوم وقت تک خیار حاصل ہوتا ہے اس شرط پر بیع جائز ہوتی ہے اسی طرح قیمت کی ادائیگی کے لیے ایک وقت مقرر کیا جاتا ہے اور یہ خریدنے والے کی طرف سے شرط ہوتی ہے اور یہ لازم ہو جاتی ہے جبکہ معلوم ہو۔ اور ان کے ساتھ بیع مشروط ہو جاتی ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ اگر یہ میعاد فاسد ہو تو اس سے بیع بھی فاسد ہو جاتی ہے اور وہ ثابت نہیں ہوتی بلکہ اس کی نفی ہوتی ہے جبکہ اس کو عقد میں ذکر کیا جائے۔

تو جب سودے کی صحت وفساد قیمت میں رکھی جانے والی ان شرائط سے مشروط ہے تو ان کے جائز ہونے سے سودا جائز ہوگا اور ان کے فساد سے بیع بھی فاسد ہوگی پھر جب غلام

بِفَسَادِهَا ثُمَّ كَانَ الْبَيْعُ إِذَا وَقَعَ عَلَى الْمَبِيعِ وَكَانَ عَبْدًا عَلَى أَنْ يَخْدِمَ الْبَائِعَ شَهْرًا فَقَدْ مَلَكَ الْبَائِعُ الْمُشْتَرِيَ عَبْدَهُ عَلَى أَنَّ مَلَّكَهُ الْمُشْتَرِي أَلْفَ دِرْهَمٍ وَخِدْمَةَ الْعَبْدِ شَهْرًا وَالْمُشْتَرِي حِينَئِذٍ غَيْرُ مَالِكٍ لِلْخِدْمَةِ وَلَا لِلْعَبْدِ لِأَنَّ مِلْكَهُ لِلْعَبْدِ إِنَّمَا يَكُونُ بَعْدَ تَمَامِ الْبَيْعِ فَصَارَ الْبَيْعُ وَاقِعًا بِمَالٍ وَبِخِدْمَةِ عَبْدٍ لَا يَمْلِكُهُ الْمُشْتَرِي فِي وَقْتِ ابْتِيَاعِهِ بِالْمَالِ وَبِخِدْمَتِهِ وَقَدْ رَأَيْنَاهُ لَوِ ابْتَاعَ عَبْدًا بِخِدْمَةِ أَمَةٍ لَا يَمْلِكُهَا كَانَ الْبَيْعُ فَاسِدًا۔

فَالنَّظَرُ عَلَى ذَلِكَ أَنْ يَكُونَ الْبَيْعُ أَيْضًا كَذَلِكَ إِذَا عُقِدَ لِخِدْمَةِ مَنْ لَمْ يَكُنْ تَقَدَّمَ مِلْكُهُ لَهُ قَبْلَ ذَلِكَ الْعَقْدِ لِأَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهَى عَنْ بَيْعِ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

وَلَمَّا كَانَتِ الْأَثْمَانُ مُضَمَّنَةً بِالْآجَالِ الصَّحِيحَةِ وَالْفَاسِدَةِ عَلَى مَا قَدْ ذَكَرْنَا كَانَ كَذَلِكَ الْأَشْيَاءُ الْمَثْمُونَةُ أَيْضًا الْمُضَمَّنَةُ بِالشَّرَائِطِ الْفَاسِدَةِ وَالصَّحِيحَةِ. فَثَبَتَ بِذَلِكَ أَنَّ الْبَيْعَ لَوْ وَقَعَ وَاشْتُرِطَ فِيهِ شَرْطٌ مَجْهُولٌ أَنَّ الْبَيْعَ يَفْسُدُ بِفَسَادِ ذَلِكَ الشَّرْطِ عَلَى مَا قَدْ ذَكَرْنَا۔

فَقَدِ انْتَفَى قَوْلُ مَنْ قَالَ يَجُوزُ الْبَيْعُ وَيَبْطُلُ الشَّرْطُ وَقَوْلُ مَنْ قَالَ يَجُوزُ الْبَيْعُ وَيَثْبُتُ الشَّرْطُ وَلَمْ يَكُنْ فِي هَذَا الْبَابِ قَوْلٌ غَيْرُ هَذَيْنِ الْقَوْلَيْنِ وَغَيْرُ الْقَوْلِ الْآخَرِ أَنَّ الْبَيْعَ يَبْطُلُ إِذَا اشْتُرِطَ فِيهِ

کی بیع اس شرط پر کی جائے کہ وہ ایک مہینہ بیچنے والے کی خدمت کرے گا تو بلا شبہ بائع نے خریدنے والا کو اپنے غلام کا یوں مالک بنایا کہ وہ اسے ہزار درہم اور ایک مہینہ تک غلام کے اس کی خدمت کرنے کا مالک بنائے اور خریدنے والا اس وقت خدمت کا مالک نہیں اور نہ ہی غلام کا مالک ہے کیونکہ اسے بیع کے مکمل ہونے کے بعد ملکیت حاصل ہو گی تو (اس طرح) یہ سودا مال اور غلام کے خدمت کرنے پر واقع ہوا اور مشتری مال اور خدمت کے بدلے اسے خریدتے وقت اس غلام کا مالک ہی نہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ اگر وہ غلام کو کسی ایسی لونڈی کی خدمت کے لیے خریدے جس کا وہ مالک نہیں ہوا تو یہ بیع فاسد ہوتی ہے۔

تو اس پر قیاس کا تقاضا ہے کہ جس کا وہ اس عقد سے پہلے مالک نہیں ہوا اس کے خدمت کرنے کی شرط پر بیع کا حکم بھی یہی ہو کیونکہ حضور علیہ السلام نے اس چیز کے سودے سے منع فرمایا جو تمہارے پاس نہ ہو۔

تو جب قیمتیں صحیح اور فاسد میعاد کے ساتھ مشروط ہو جاتی ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا تو اسی طرح وہ اشیاء جن کی یہ قیمتیں ہیں وہ بھی شرائط فاسدہ اور صحیحہ کے ساتھ مشروط ہوں گی۔

تو اس سے ثابت ہوا کہ اگر سودا اس طرح واقع ہو کہ اس میں مجہول شرط رکھی جائے تو اس کے فساد سے بیع فاسد ہو گی جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

تو (اس طرح) ان لوگوں کے قول کی نفی ہو گئی جو کہتے ہیں کہ بیع جائز اور شرط باطل ہو جائے گی اور جو کہتے ہیں کہ بیع جائز اور شرط ثابت ہو گی اس باب میں ان دو قولوں اور اس قول کے سوا کوئی اور قول نہیں کہ جب بیع میں ایسی شرط لگائی جائے جو اس سے نہیں تو وہ بیع باطل

مَا لَيْسَ مِنْهُ۔
فَلَمَّا انْتَفَى الْقَوْلَانِ الْأَوَّلَانِ ثَبَتَ هٰذَا الْقَوْلُ الْآخَرُ وَهٰذَا قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا أَجْمَعِينَ۔

ہو جاتی ہے۔
تو جب پہلے دو قول باطل ہو گئے تو یہ تیسرا قول ثابت ہو گیا امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

بَابُ ۲۵۱ بَيْعِ أَرْضِ مَكَّةَ وَإِجَارَتِهَا

مکہ مکرمہ کی زمین کو بیچنا اور کرایہ پر دینا

۱۲۹۱۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ بَيْعُ بُيُوتِ مَكَّةَ وَلَا إِجَارَتُهَا۔

حضرت مجاہد، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکہ مکرمہ کے گھروں کو بیچنا اور انہیں کرایہ پر دینا جائز نہیں۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ نَضْلَةَ قَالَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَرِبَاعُ مَكَّةَ تُدْعَى السَّوَائِبُ مَنِ احْتَاجَ سَكَنَ وَمَنِ اسْتَغْنَى أَسْكَنَ۔

حضرت علقمہ بن نضلہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کا انتقال ہو گیا اور مکہ مکرمہ کی رہائش گاہوں کو سوائب (ایسی جگہیں جن کا کوئی مالک نہ ہو سب کے لیے مشترکہ ہوں) کہا جاتا تھا جس کو حاجت ہوتی وہ رہائش اختیار کرتا اور جسے ضرورت نہ ہوتی دوسرے کو ٹھہراتا۔

حَدَّثَنَا رَبِيعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ أَخْبَرَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ نَضْلَةَ قَالَ كَانَتِ الدُّورُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ مَا تُبَاعُ وَلَا تُدْعَى إِلَّا السَّوَائِبُ مَنِ احْتَاجَ سَكَنَ وَمَنِ اسْتَغْنَى

حضرت علقمہ بن نضلہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت صدیق اکبر، حضرت فاروق اعظم اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے زمانے میں مکانات کو بیچا جاتا تھا نہ کرایہ پر دیا جاتا اور ان کو سوائب کہا جاتا جو شخص ضرورت مند ہوتا وہ رہائش پذیر ہو جاتا اور جسے ضرورت نہ ہوتی وہ دوسرے کو ٹھہراتا۔

اَسْکَنَ۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی هٰذِهِ الْاٰثَارِ فَقَالُوْا لَا یَجُوْزُ بَیْعُ اَرْضِ مَکَّةَ وَلَا اِجَارَتُهَا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے ان روایات کو اپناتے ہوئے فرمایا کہ مکہ مکرمہ کی زمین کو بیچنا اور اسے کرایہ پر دینا جائز نہیں۔

وَمِمَّنْ قَالَ بِهٰذَا الْقَوْلِ اَبُوْحَنِیْفَةَ وَمُحَمَّدٌ وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ۔

اس قول کے قائلین میں حضرت امام ابوحنیفہ، امام محمد اور امام سفیان ثوری رحمہم اللہ بھی شامل ہیں۔

وَقَدْ رُوِیَ ذٰلِكَ اَیْضًا عَنْ عَطَاءٍ وَمُجَاهِدٍ۔

حضرت عطاء اور حضرت مجاہد رحمہم اللہ سے بھی یہی بات مروی ہے۔

۱۲۹۲ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا قُرَّةُ بْنُ حَبِیْبٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ اَنَّهٗ کَانَ یَکْرَهُ اُجُوْرَ بُیُوْتِ مَکَّةَ۔

حضرت عطا ابن ابی رباح سے مروی ہے کہ وہ مکہ مکرمہ کے مکانات کو کرایہ پر دینا مکروہ خیال کرتے تھے۔

۱۲۹۳ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ الْاَصْبَهَانِیِّ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِیْكٌ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّهٗ قَالَ مَکَّةُ مُبَاحٌ لَا یَحِلُّ بَیْعُ رِبَاعِهَا وَلَا اِجَارَةُ بُیُوْتِهَا۔

حضرت مجاہد سے مروی ہے انہوں نے فرمایا مکہ مکرمہ مباح ہے اس کی رہائش گاہوں کو بیچنا اور اس کے مکانات کو کرایہ پر دینا جائز نہیں۔

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا بَاْسَ بِبَیْعِ اَرْضِهَا وَاِجَارَتِهَا وَجَعَلُوْهَا فِیْ ذٰلِكَ کَسَائِرِ الْبُلْدَانِ وَمِمَّنْ ذَهَبَ اِلٰی هٰذَا الْقَوْلِ اَبُوْ یُوْسُفَ۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا اس (مکہ مکرمہ) کی زمین کو بیچنے اور اسے کرایہ پر دینے میں کوئی حرج نہیں انہوں نے اسے اس معاملے میں عام شہروں کی طرح قرار دیا ہے اس قول کے قائلین میں حضرت امام ابویوسف بھی شامل ہیں۔

۱۲۹۴ - وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِمَا حَدَّثَنَا یُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عَلِیَّ بْنَ حُسَیْنٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ عَمْرَو بْنَ عُثْمَانَ اَخْبَرَهٗ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ اَنَّهٗ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَنْزِلُ فِیْ دَارِكَ بِمَکَّةَ فَقَالَ وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِیْلٌ مِّنْ رِبَاعٍ اَوْ دُوْرٍ وَکَانَ عَقِیْلٌ وَرِثَ اَبَا طَالِبٍ هُوَ وَطَالِبٌ وَلَمْ یَرِثْهُ جَعْفَرٌ وَلَا عَلِیٌّ لِاَنَّهُمَا کَانَا مُسْلِمَیْنِ

ان حضرات نے اس مسئلے میں یوں استدلال کیا ہے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے مروی ہے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ مکہ مکرمہ میں اپنے گھر تشریف لے جائیں گے آپ نے فرمایا کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی رہائش یا مکان چھوڑا ہے عقیل اور طالب، ابوطالب کے وارث بنے جبکہ حضرت جعفر اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما وارث نہیں ہوئے کیونکہ یہ دونوں مسلمان تھے عقیل اور طالب کافر تھے اسی لیے حضرت عمر

وَكَانَ عَقِيلٌ وَطَالِبٌ كَافِرَيْنِ وَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مِنْ أَجَلِ ذٰلِكَ يَقُولُ لَا يَرِثُ الْمُؤْمِنُ الْكَافِرَ۔

فاروق رضی اللہ عنہا فرماتے تھے کہ مومن، کافر کا وارث نہیں بنتا۔

۱۲۹۵ - حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت بحر بن نصر نے فرمایا کہ ہم سے حضرت ابن وہب نے بیان کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مَا يَدُلُّ أَنَّ أَرْضَ مَكَّةَ تُمْلَكُ وَتُوْرَثُ لِأَنَّهٗ قَدْ ذُكِرَ فِيْهَا مِيْرَاثُ عَقِيْلٍ وَطَالِبٍ لِمَا تَرَكَهٗ أَبُوْ طَالِبٍ فِيْهَا مِنْ رِبَاعٍ وَدُوْرٍ فَهٰذَا خِلَافُ الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ وَلَمَّا اخْتَلَفَا احْتِيْجَ إِلَى النَّظَرِ فِيْ ذٰلِكَ لِنَسْتَخْرِجَ مِنَ الْقَوْلَيْنِ قَوْلًا صَحِيْحًا وَلَوْ صَارَ إِلٰى طَرِيْقِ اخْتِيَارِ الْأَسَانِيْدِ وَصُرِفَ الْقَوْلُ إِلٰى ذٰلِكَ لَكَانَ حَدِيْثُ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ أَصَحَّهُمَا إِسْنَادًا وَلٰكِنَّا نَحْتَاجُ إِلٰى كَشْفِ ذٰلِكَ مِنْ طَرِيْقِ النَّظَرِ فَاعْتَبَرْنَا ذٰلِكَ فَرَأَيْنَا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ الَّذِيْ كُلُّ النَّاسِ فِيْهِ سَوَاءٌ لَا يَجُوْزُ لِأَحَدٍ أَنْ يَبْنِيَ فِيْهِ بِنَاءً وَلَا يَحْتَجِرَ مِنْهُ مَوْضِعًا وَكَذٰلِكَ حُكْمُ جَمِيْعِ الْمَوَاضِعِ الَّتِيْ لَا يَقَعُ لِأَحَدٍ فِيْهَا مِلْكٌ وَجَمِيْعُ النَّاسِ فِيْهَا سَوَاءٌ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ مکہ مکرمہ کی زمین کی ملکیت حاصل ہوتی ہے اور اس میں وراثت جاری ہوتی ہے کیونکہ انہیں میں عقیل اور طالب کی وراثت کا ذکر ہوا جو رہائش گاہیں اور مکانات ابو طالب نے چھوڑے تھے تو یہ حدیث، پہلی حدیث کے خلاف ہے۔

جب دونوں حدیثوں میں اختلاف ہے تو قیاس کی ضرورت ہے تاکہ ہم دونوں قولوں میں سے صحیح قول کو نکال سکیں اگر عمدہ سند اختیار کرنے کا طریقہ اختیار کیا جائے اور اس کی طرف رجوع کیا جائے تو حضرت علی بن حسین کی روایت سند کے اعتبار سے زیادہ صحیح ہے (حدیث ۱۲۹۶) لیکن ہمیں غور وفکر کے ذریعے مسئلے کی وضاحت مطلوب ہے ہم نے سوچ بچار کی تو دیکھا کہ مسجد حرام جس میں سب لوگ برابر ہیں اس میں تعمیر کی کسی کو اجازت نہیں اور نہ ہی اس کے کسی حصے کو روکنے کا اختیار ہے یہی حکم ان تمام مقامات کا ہے جن میں کسی کی ملکیت نہیں ہوتی اور ان میں سب لوگ برابر ہوتے ہیں۔

أَلَا تَرٰى أَنَّ عَرَفَةَ لَوْ أَرَادَ رَجُلٌ أَنْ يَبْنِيَ فِي الْمَكَانِ الَّذِيْ يَقِفُ فِيْهِ النَّاسُ فِيْهَا بِنَاءً لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ لَهٗ وَكَذٰلِكَ مِنًى لَوْ أَرَادَ أَنْ يَبْنِيَ فِيْهَا دَارًا كَانَ مِنْ ذٰلِكَ مَمْنُوْعًا وَكَذٰلِكَ جَاءَ الْأَثَرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ میدان عرفات میں جہاں لوگ وقوف کرتے ہیں کوئی شخص عمارت بنانا چاہے تو اس کے لیے جائز نہیں اسی طرح اگر کوئی شخص منیٰ میں عمارت بنانا چاہے تو اسے روکا جائے گا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایات اسی طرح آئی ہیں۔

۱۲۹۶ - حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا

حضرت یوسف بن ماھک اپنی والدہ سے اور وہ حضرت

الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ الضَّرِيرُ الْكُوفِيُّ قَالَ ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ ابْنِ الْمُهَاجِرِ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا نَتَّخِذُ لَكَ بِمِنًى شَيْئًا تَسْتَظِلُّ بِهِ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ إِنَّهَا مُنَاخٌ لِمَنْ سَبَقَ أَفَلَا تَرَى أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَأْذَنْ لَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوا لَهُ فِيهَا شَيْئًا يَسْتَظِلُّ بِهِ لِأَنَّهَا مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ وَلِأَنَّ النَّاسَ كُلَّهُمْ فِيهَا سَوَاءٌ.

۱۲۹۷ - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ قَالَ ثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَا ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ أُمِّهِ وَكَانَتْ تَخْدِمُ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ فَحَدَّثَتْهُ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ قَالَ وَسَأَلَتْ أُمِّي مَكَانَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا بَعْدَ مَا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُعْطِيَهَا إِيَّاهُ فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ لَا أُحِلُّ لَكِ وَلَا لِأَحَدٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي أَنْ يَسْتَحِلَّ هٰذَا الْمَكَانَ تَعْنِي مِنًى قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَهٰذَا حُكْمُ الْمَوَاضِعِ الَّتِي النَّاسُ فِيهَا سَوَاءٌ وَلَا مِلْكَ لِأَحَدٍ عَلَيْهَا وَرَأَيْنَا مَكَّةَ عَلَى غَيْرِ ذٰلِكَ قَدْ أُجِيزَ الْبِنَاءُ فِيهَا.

وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ دَخَلَهَا مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ.

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں ام المؤمنین فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا ہم منیٰ میں آپ کے لیے کوئی چیز نہ بنا دیں جس سے آپ سایہ حاصل کریں آپ نے فرمایا اے عائشہ! وہ ان لوگوں کے اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے جو پہلے پہنچیں۔

تو کیا تم نہیں دیکھتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے لیے سایہ دار جگہ بنانے کی اجازت نہیں دی کیونکہ وہ پہلے پہنچنے والوں کے لیے اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے اور اس لیے کہ اس میں تمام لوگ برابر ہیں۔

حضرت ابراہیم بن مہاجر، حضرت یوسف بن ماہک سے اور وہ اپنی ماں سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت کیا کرتی تھیں انہوں نے ام المؤمنین سے اس (پہلی حدیث) کی مثل روایت کرتے ہوئے ان سے (یوسف بن ماہک سے) بیان کیا وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد میری ماں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے انکی جگہ کا سوال کیا کہ وہ انہیں دے دیں تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں تیرے لیے اور اپنے اہل بیت میں سے کسی کے لیے جائز نہیں سمجھتی کہ وہ اس جگہ (منیٰ) ۲

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جن مقامات میں لوگ برابر کے شریک ہیں اور ان پر کسی کی ملکیت نہیں ان کا یہی حکم ہے جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ مکہ مکرمہ کا حکم اس کے علاوہ ہے وہاں عمارتیں بنانا جائز ہے۔

اور جس دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں داخل ہوئے تو آپ نے فرمایا جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوگا اسے امان ہے اور جو آدمی اپنا دروازہ بند کرلے گا اسے بھی امن ہوگا۔

۱۲۹۸ - حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

حضرت عبداللہ بن رباح، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے (یہ بات) روایت کرتے ہیں۔

فَلَمَّا كَانَتْ مَكَّةُ مِمَّا تُغْلَقُ عَلَيْهِ الْاَبْوَابُ وَمِمَّا تُبْنٰى فِيْهَا الْمَنَازِلُ كَانَتْ صِفَتُهَا صِفَةَ الْمَوَاضِعِ الَّتِيْ يَجْرِيْ عَلَيْهَا الْاَمْلَاكُ وَيَقَعُ فِيْهَا الْمَوَارِيْثُ۔

جب مکہ مکرمہ کی یہ حالت ہے کہ اس کے دروازے بند کئے جاتے ہیں اور یہاں جگہوں میں سے ہے جہاں عمارت بنائی جاتی ہے تو اس کی شان ان جگہوں کی طرح ہو گی جن پر املاک جاری ہوتی ہیں اور ان میں وراثت نافذ ہوتی ہے۔

۱۲۹۹ - فَاِنِ احْتَجَّ مُحْتَجٌّ فِيْ ذٰلِكَ بِقَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَنِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ۔

اگر کوئی شخص اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی سے استدلال کرے "بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ اللہ تعالیٰ کے راستے اور اس مسجد حرام سے روکتے ہیں جسے ہم نے لوگوں کے لیے بنایا اس میں وہاں کے رہنے والے اور باہر کے لوگ برابر ہیں تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ اس آیت کی تاویل میں متقدمین سے روایات آئی ہیں۔

۱۲۹۹ - قِيْلَ لَهٗ قَدْ رُوِيَ فِيْ تَاوِيْلِ هٰذَا عَنِ الْمُتَقَدِّمِيْنَ مَا قَدْ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَوَآءَنِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ وَقَالَ خَلْقُ اللهِ فِيْهِ سَوَآءٌ۔

حضرت سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ "یہاں کے باشندے اور باہر کے لوگ برابر ہیں" سے مراد یہ ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق برابر ہے۔

۱۳۰۰ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ قَالَ اَرَدْتُّ اَنْ اَعْتَكِفَ فَسَاَلْتُ سَعِيْدَ ابْنَ جُبَيْرٍ وَاَنَا بِمَكَّةَ فَقَالَ اَنْتَ عَاكِفٌ ثُمَّ قَرَاَ سَوَآءَنِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ۔

حضرت سفیان، حضرت ابوحصین سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے اعتکاف کا ارادہ کیا تو میں نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے پوچھا اور اس وقت میں مکہ مکرمہ میں تھا انہوں نے فرمایا تو عاکف (وہاں کا رہنے والا) ہے پھر انہوں نے پڑھا اس میں یہاں کے رہائش پذیر اور باہر کے لوگ برابر ہیں۔"

۱۳۰۱ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَآءٍ قَالَ سَوَآءَنِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ

حضرت عبدالملک، حضرت عطاء سے روایت کرتے ہیں انہوں نے "سواء العاکف فیہ والباد" کی تفسیر میں فرمایا کہ بیت اللہ شریف میں سب برابر ہیں

قَالَ النَّاسُ فِي الْبَيْتِ سَوَاءٌ لَيْسَ اَحَدٌ اَحَقَّ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ۔

کسی ایک کو دوسرے سے زیادہ حق حاصل نہیں ہے۔

فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّهٗ اِنَّمَا قَصَدَ بِذٰلِكَ اِلَى الْبَيْتِ اَوْ اِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ لَا اِلٰى سَائِرِ مَكَّةَ وَ هٰذَا قَوْلُ اَبِيْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

تو اس سے ثابت ہوا کہ اس سے بیت اللہ شریف یا مسجد حرام مراد ہیں تمام مکہ مکرمہ مراد نہیں یہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا قول ہے۔

بَابُ ۲۴۴ ثَمَنِ الْكَلْبِ

کتے کی قیمت

۱۳۰۲۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَ مَهْرِ الْبَغِيِّ وَ حُلْوَانِ الْكَاهِنِ۔

حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت، زانیہ کی اجرت اور کاہن (نجومی) کی اجرت سے منع فرمایا۔

۱۳۰۳۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن وہب فرماتے ہیں مجھے حضرت مالک نے حضرت زہری سے (روایت کرتے ہوئے) خبر دی پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۳۰۴۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ هُنَّ سُحْتٌ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابو مسعود، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا تین چیزیں حرام ہیں پھر اس (پہلی حدیث) کی مثل روایت کیا۔

۱۳۰۵۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْخَزَّازُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ اَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ وَ ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ۔

حضرت رافع بن خدیج نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نشتر لگانے والے کی کمائی خبیث ہے، زانیہ کی کمائی ناپاک ہے اور کتے کی قیمت ناپاک ہے۔

۱۳۰۶ - حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ وَنَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَا ثَنَا أَسَدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ۔

حضرت عاصم بن ضمرہ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے منع فرمایا۔

۱۳۰۷ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو غَسَّانَ قَالَ ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيُّ عَنْ قَيْسِ بْنِ حَبْتَرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَمَنُ الْكَلْبِ حَرَامٌ۔

حضرت ابن عباس، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا کتے کی قیمت حرام ہے۔

۱۳۰۸ - حَدَّثَنَا يُونُسُ وَحُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَا ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

حضرت عبید اللہ، حضرت عبد الکریم سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل روایت کیا۔

۱۳۰۹ - حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ عَبْدِ اللهِ التُّجِيبِيُّ قَالَ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَا ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ سُلَيْمٍ أَخْبَرَهُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَإِنْ كَانَ ضَارِيًا۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے منع فرمایا اگرچہ شکاری کتا ہو۔

۱۳۱۰ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ ثَنَا أَبِي عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ أَثْبَتَهُ مَرَّةً وَمَرَّةً شَكَّ فِي أَبِي سُفْيَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ۔

حضرت اعمش کہتے ہیں مجھ سے حضرت ابوسفیان نے بیان کیا انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کبھی انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو ثابت رکھا اور کبھی حضرت سفیان کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کا شک کیا آپ نے کتے اور بلی کی قیمت سے منع فرمایا۔

۱۳۱۱ - حَدَّثَنَا رَبِيعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا

حضرت اعمش، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور

اَسَدٌ قَالَ ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَشُكَّ۔

وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں اور وہ شک نہیں کرتے۔

۱۳۱۲- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابو الزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۱۳- حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي مَعْرُوفُ بْنُ سُوَيْدٍ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ رَبَاحٍ حَدَّثَهُمْ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ ثَمَنُ الْكَلْبِ

حضرت معروف بن سوید فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن رباح نے ان سے بیان کیا انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کتے کی قیمت حلال نہیں۔

۱۳۱۴- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ قَالَ ثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ ثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ۔

حضرت عطا بن یسار، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت اور زنا کاری کی اجرت سے منع فرمایا۔

۱۳۱۵- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا اَبُو عَامِرٍ قَالَ ثَنَا رَبَاحٌ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثَمَنُ الْكَلْبِ مِنَ السُّحْتِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کتے کی قیمت حرام ہے۔

۱۳۱۶- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ۔

حضرت ابو حازم، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے منع فرمایا۔

۱۳۱۷- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا

حضرت شعبہ فرماتے ہیں ہم سے حضرت عون بن ابی جحیفہ نے بیان کیا انہوں نے اپنے والد

دوحٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا عَوْنُ بْنُ جُحَيْفَةَ اَخْبَرَنِي عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

سے روایت کرتے ہوئے خبر دی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کیا۔

۱۳۱۸۔ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت عطا، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۱۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ قَالَ ثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ سَاَلْتُ جَابِرًا عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ فَقَالَ زَجَرَ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابو الزبیر فرماتے ہیں میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کتے اور بلی کے جھوٹے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے جھڑکا (منع فرمایا)

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى تَحْرِيْمِ اَثْمَانِ الْكِلَابِ كُلِّهَا وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت نے تمام کتوں کی قیمت حرام ہونے کا موقف اپنایا ہے انہوں نے اس سلسلے میں ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا بَاْسَ بِاَثْمَانِ الْكِلَابِ كُلِّهَا الَّتِيْ يُنْتَفَعُ بِهَا وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ عَلٰى اَهْلِ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى فِيْمَا احْتَجُّوْا بِهٖ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْاٰثَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَا اَنَّ الْكِلَابَ قَدْ كَانَ حُكْمُهَا اَنْ تُقْتَلَ كُلُّهَا وَلَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اِمْسَاكُ شَيْءٍ مِّنْهَا فَلَمْ يَكُنْ بَيْعُهَا حِيْنَئِذٍ بِجَائِزٍ وَلَا ثَمَنُهَا بِحَلَالٍ۔

لیکن دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان کی مخالفت کی ہے وہ فرماتے ہیں ان کتوں کی قیمت لینے میں کوئی حرج نہیں جن سے نفع حاصل کیا جاتا ہے اس سلسلے میں پہلے قول والوں کے خلاف ان کی حجت یہ ہے کہ جو روایات تم نے ذکر کی ہیں یہ اس وقت کی بات ہے جب ہر قسم کے کتے کو ہلاک کرنے کا حکم تھا اور کسی شخص کے لیے کسی قسم کا کتا رکھنے کی اجازت نہیں تھی اس وقت ان کی بیع جائز نہیں تھی اور نہ ہی ان کی قیمت حلال تھی۔

فَمِمَّا رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ كُلِّهَا فَاَرْسَلَ فِيْ اَقْطَارِ الْمَدِيْنَةِ اَنْ تُقْتَلَ۔

اس سلسلے میں مروی روایات میں سے ہے حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام کتوں کو مارنے کا حکم دیا اور آپ نے شہر کے مختلف اطراف میں ان کو قتل کرنے کا پیغام بھیجا۔

۱۳۲۱۔ حَدَّثَنَا یُونُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَافِعًا صَوْتَهٗ یَاْمُرُ بِقَتْلِ الْکِلَابِ۔

حضرت سالم اپنے والد رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ نے باآواز بلند کتوں کو قتل کرنے کا حکم دیا۔

۱۳۲۲۔ حَدَّثَنَا یُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مارنے کا حکم دیا۔

۱۳۲۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا هٰرُوْنُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ قَالَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِی ابْنُ بِنْتِ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دَفَعَ الْعَنَزَةَ اِلٰی اَبِیْ فَاَمَرَهٗ اَنْ یَقْتُلَ کِلَابَ الْمَدِیْنَةِ کُلَّهَا حَتّٰی اَفْضٰی بِهِ الْقَتْلُ اِلٰی کَلْبٍ لِعَجُوْزٍ فَاَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهٖ

حضرت ابورافع کے نواسے حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں نیزہ دیا اور مدینہ طیبہ کے تمام کتوں کو مارنے کا حکم فرمایا حتیٰ کہ ایک بڑھیا کے کتے کو قتل کرنے کی نوبت آئی تو آپ نے اسے بھی قتل کرنے کا حکم دیا۔

۱۳۲۴۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ وَصَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا ثَنَا الْقَعْنَبِیُّ قَالَ ثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَحْلَاءَ عَنْ اَبِی الرِّجَالِ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ اَمَرَنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ فَخَرَجْتُ اَقْتُلُهَا لَا اَرٰی کَلْبًا اِلَّا قَتَلْتُهٗ حَتّٰی اَتَیْتُ مَوْضِعَ کَذَا وَسَمَّاهُ فَاِذَا فِیْهِ کَلْبٌ یَدُوْرُ بِبَیْتٍ فَذَهَبْتُ اَقْتُلُهٗ فَنَادَانِیْ اِنْسَانٌ مِّنْ جَوْفِ الْبَیْتِ یَا عَبْدَ اللّٰهِ مَا تُرِیْدُ اَنْ تَصْنَعَ قُلْتُ اِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اَقْتُلَ هٰذَا الْکَلْبَ قَالَتْ اِنِّی امْرَاَةٌ بِدَارٍ مَّضِیْعَةٍ وَاِنَّ هٰذَا الْکَلْبَ یَطْرُدُ عَنِّی السِّبَاعَ وَیُؤْذِنُنِیْ

حضرت ابو عامر عقدی اور حضرت صالح بن عبدالرحمٰن دونوں سے دوری ہے وہ اپنی سند سے روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں حضرت ابورافع نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کتوں کو ہلاک کرنے کا حکم دیا میں انہیں قتل کرنے نکلا تو میں جس کتے کو بھی دیکھتا اسے قتل کر دیتا حتیٰ کہ میں فلاں جگہ آیا انہوں نے جگہ کا نام لیا، اس میں ایک کتا تھا جو مکان کے گرد گھوم رہا تھا میں اسے قتل کرنے لگا تو گھر کے اندر سے ایک شخص نے آواز دی اے بندۂ خدا! کیا کرنا چاہتے ہو؟ میں نے کہا میں اس کتے کو قتل کرنا چاہتا ہوں اس نے کہا میں ایک عورت ہوں اور اس خطرناک گھر میں رہتی ہوں اور یہ کتا مجھ سے درندوں کو دور کرتا ہے اور مجھے محفوظ رہنے کے لیے خبردار کرتا

بِالْحَاقِ فَاَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاذْكُرْ لَهٗ ذٰلِكَ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ فَاَمَرَنِيْ بِقَتْلِهٖ۔

۱۳۲۵۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا هَوْذَةُ ابْنُ خَلِيْفَةَ عَنْ عَوْفٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنَّ الْكِلَابَ اُمَّةٌ مِّنَ الْاُمَمِ لَاَمَرْتُ بِقَتْلِهَا فَاقْتُلُوْا مِنْهَا كُلَّ اَسْوَدَ بَهِيْمٍ۔

۱۳۲۶۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَعَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَاعَةٍ يَاْتِيْهِ فِيْهَا فَذَهَبَتِ السَّاعَةُ وَلَمْ يَاْتِهٖ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا بِجِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَدْخُلَ الْبَيْتَ قَالَ اِنَّ فِي الْبَيْتِ كَلْبًا وَاِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْكَلْبِ فَاُخْرِجَ ثُمَّ اَمَرَ بِالْكِلَابِ اَنْ تُقْتَلَ۔

۱۳۲۷۔ وَحَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ ثَنَا مُعَاوِيَةُ ابْنُ سَلَّامٍ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ اَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَمْسَكَ الْكَلْبَ فَاِنَّهٗ يَنْقُصُ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ۔

ہے تم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاکر یہ بات عرض کرو وہ فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور یہ واقعہ سنایا تو آپ نے مجھے اس کو قتل کرنے کا حکم دیا۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کتے اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے ایک مخلوق نہ ہوتے تو میں ان کے قتل کا حکم دیتا ہر خالص سیاہ کتے کو قتل کرو۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک وقت آنے کا وعدہ کیا وقت گزر گیا اور وہ نہ آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تو (دیکھا کہ) حضرت جبرئیل علیہ السلام دروازے پر ہیں آپ نے پوچھا کہ آپ کو گھر میں داخل ہونے سے کون سی چیز مانع تھی؟ انہوں نے عرض کیا کہ گھر میں کتا تھا اور ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا کوئی تصویر ہو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تو کتے کو نکال دیا گیا پھر آپ نے کتوں کو ہلاک کرنے کا حکم دیا۔

حضرت سفیان بن ابی زہیر رضی اللہ عنہ بتاتے ہیں کہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے کتا رکھا اس کے عمل سے ہر روز ایک قیراط (درہم کا چوبیسواں حصہ) کم ہوتا ہے۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَكَانَ هٰذَا حُكْمُ الْكِلَابِ اَنْ تُقْتَلَ وَلَا يَحِلُّ اِمْسَاكُهَا وَالْاِنْتِفَاعُ بِهَا فَمَا كَانَ الْاِنْتِفَاعُ بِهٖ حَرَامًا وَاِمْسَاكُهٗ حَرَامًا فَثَمَنُهٗ حَرَامٌ فَاِنْ كَانَ نَهْيُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ كَانَ وَهٰذَا حُكْمُهَا فَاِنَّ ذٰلِكَ قَدْ نُسِخَ فَاُبِيْحَ الْاِنْتِفَاعُ بِالْكِلَابِ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ کتوں کے بارے میں حکم تھا کہ ان کو قتل کر دیا جائے ان سے نفع اٹھانا جائز نہیں تھا تو جس چیز سے نفع اٹھانا اور اسے رکھنا حرام ہو اس کی قیمت بھی حرام ہوتی ہے اگر حضور علیہ السلام کی طرف سے کتے کی قیمت سے منع کیا گیا تھا اور اس کا یہ حکم تھا تو یہ حکم منسوخ ہو گیا پس کتے سے نفع حاصل کرنا جائز قرار دیا گیا

۱۳۲۸ - وَرُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا اِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا بِالصَّيْدِ اَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ فَاِنَّهٗ يُنْقَصُ مِنْ اَجْرِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔

اس سلسلے میں مروی ہے حضرت سالم بن عبداللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا وہ فرماتے تھے میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جس نے شکاری کتے یا جانوروں کی حفاظت کے علاوہ کتا رکھا اس کے عمل سے روزانہ دو قیراط کم ہوں گے۔

۱۳۲۹ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا اِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ اَوْ مَاشِيَةٍ نُقِصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔

حضرت سالم اپنے والد (رضی اللہ عنہما) سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے شکاری کتے یا جانوروں کی حفاظت والے کتے کے علاوہ کتا رکھا اس کے عمل سے روزانہ دو قیراط کم ہوں گے۔

۱۳۳۰ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۳۱ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

ایک دوسرے طریق سے حضرت نافع حضرت ابن عمر سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۳۲ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْبَكْرٍ

حضرت ابواسامہ، حضرت عبیداللہ سے اور وہ۔

بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ اُسَامَۃَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ عَنْ نَافِعٍ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ غَیْرَ اَنَّہٗ قَالَ قِیْرَاطٌ۔

حضرت نافع سے روایت کرتے ہیں پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے ایک قیراط فرمایا۔

۱۳۳۳۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَشِیْرٍ الرَّقِّیُّ قَالَ ثَنَا الْفِرْیَابِیُّ اَبِیْ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

حضرت عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

۱۳۳۴۔ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ کَلْبَ مَاشِیَۃٍ۔

حضرت عمرو بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شکاری کتے یا جانوروں کی حفاظت والے کتے کے علاوہ کتوں کو مارنے کا حکم فرمایا۔

۱۳۳۵۔ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ قَالَ قَالَ ابْنُ شِہَابٍ حَدَّثَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ رَافِعًا صَوْتَہٗ یَاْمُرُ بِقَتْلِ الْکِلَابِ وَکَانَتِ الْکِلَابُ تُقْتَلُ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ مَاشِیَۃٍ۔

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد (رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ باآواز بلند کتوں کو قتل کرنے کا حکم دے رہے تھے اور شکاری کتوں یا جانوروں کی حفاظت والے کتوں کے علاوہ کتوں کو قتل کیا جاتا تھا۔

۱۳۳۶۔ قَالَ ابْنُ شِہَابٍ وَحَدَّثَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اقْتَنٰی کَلْبًا لَیْسَ بِکَلْبِ صَیْدٍ وَلَا مَاشِیَۃٍ وَلَا اَرْضٍ فَاِنَّہٗ یَنْقُصُ مِنْ اَجْرِہٖ قِیْرَاطَانِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ایسا کتا رکھا جو شکار کے لیے نہیں نہ جانوروں اور زمین کی حفاظت کے لیے ہے اس کے عمل سے روزانہ دو قیراط کم ہوتے ہیں۔

۱۳۳۷۔ وَحَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ سَمِعْتُ یَزِیْدَ بْنَ ھٰرُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا ھَمَّامُ بْنُ یَحْیٰی عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ اَبِی الْحَکَمِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَنٰی کَلْبًا غَیْرَ کَلْبِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کتا رکھے حالانکہ وہ کھیتی کی حفاظت یا شکار کے لیے نہیں تو اس کے عمل سے یومیہ دو قیراط کم ہوتے ہیں۔

زَرْعٍ وَّلَا صَيْدٍ نَقَصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔

۱۳۳۸ - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا مُوْسٰى عَنْ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ اِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا اَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے فرمایا مگر شکاری کتا یا جانوروں کی حفاظت کے لیے کتا (جائز ہے)

۱۳۳۹ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ يُّجَيْرِ بْنِ اَبِيْ يُجَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الْكِلَابَ فَقَالَ مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ قَنَصٍ اَوْ كَلْبِ مَاشِيَةٍ نُقِصَ مِنْ اَجْرِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطًا۔

حضرت بجیر بن ابی بجیر، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کا ذکر کیا اور فرمایا جس نے کتا رکھا اور وہ کتا شکار نہیں کرتا یا جانوروں کی حفاظت کے لیے نہیں تو اس کے عمل سے روزانہ دو قیراط کم ہوتے ہیں۔

۱۳۴۰ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ وَغَيْرِهٖ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكِلَابِ وَقَالَ لَا يَتَّخِذُ الْكِلَابَ اِلَّا صَيَّادٌ اَوْ خَائِفٌ اَوْ صَاحِبُ غَنَمٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ کتے نہ رکھے مگر شکار کرنے والا یا ڈرنے والا یا بکریوں والا۔

۱۳۴۱ - وَحَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَمْسَكَ كَلْبًا فَاِنَّهٗ يُنْقَصُ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ اِلَّا كَلْبَ حَرْثٍ اَوْ مَاشِيَةٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کتا رکھتا ہے اس کے عمل سے یومیہ ایک قیراط کم ہوتا ہے البتہ کھیتی یا جانوروں کی حفاظت کے لیے رکھ سکتا ہے۔

۱۳۴۲ - حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَئَلَ جَابِرًا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْكِلَابِ شَيْئًا قَالَ اَمَرَ بِقَتْلِهِنَّ ثُمَّ اَذِنَ لِطَوَائِفَ۔

حضرت ابو الزبیر بتاتے ہیں کہ انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کے بارے میں کچھ فرمایا تو انہوں نے فرمایا آپ نے ان کو ہلاک کرنے کا حکم دیا پھر خانہ بدوشوں کو اجازت دی۔

۱۳۴۳ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ ثُمَّ قَالَ مَالِيْ وَلِلْكِلَابِ ثُمَّ رَخَّصَ فِيْ كَلْبِ الصَّيْدِ وَفِيْ كَلْبٍ اٰخَرَ نَسِيَهُ سَعِيْدٌ۔

حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو ہلاک کرنے کا حکم دیا پھر فرمایا مجھے کتوں سے کیا غرض ہے اس کے بعد شکاری کتے اور ایک دوسرے کتے (کے رکھنے) کی اجازت دی حضرت سعید بن عامر (راوی) اسے بھول گئے۔

۱۳۴۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ قَالَ اَخْبَرَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ اَنَّ سُفْيَانَ بْنَ اَبِيْ زُهَيْرٍ الشَّنَائِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا لَا يُغْنِيْ عَنْهُ فِيْ ضَرْعٍ وَلَا زَرْعٍ نَقَصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ قَالَ فَقَالَ السَّائِبُ لِسُفْيَانَ اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيْ وَرَبِّ الْقِبْلَةِ۔

حضرت ابو زہیر الشنائی نے خبر دی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا جس نے ایسا کتا رکھا جو اسے جانوروں اور کھیتی (کی حفاظت) کے سلسلے میں کام نہیں آتا اس شخص کے عمل سے ہر دن ایک قیراط کم ہوتا ہے یزید بن خصیفہ کہتے ہیں حضرت سائب نے حضرت سفیان سے پوچھا کیا آپ نے یہ بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟ انہوں نے فرمایا ہاں رب قبلہ کی قسم!

۱۳۴۵ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ۔

حضرت مالک نے یزید بن خصیفہ سے روایت کیا پھر انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۳۴۶ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَبَقٍ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ غَيْرَ اَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ السَّائِبِ لِسُفْيَانَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ

حضرت محمد بن جبق، حضرت یزید بن خصیفہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل روایت کیا البتہ انہوں نے حضرت سائب کا یہ قول نقل نہیں کیا کہ کیا آپ نے خود حضور علیہ السلام سے

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَلَمَّا ثَبَتَتِ الْاِبَاحَةُ بَعْدَ النَّهْيِ وَاَبَاحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كِتَابِهٖ مَا اَبَاحَ بِقَوْلِهٖ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ اَعْتَبَرْنَا حُكْمَ مَا يُنْتَفَعُ بِهٖ هَلْ يَجُوْزُ بَيْعُهٗ وَيَحِلُّ ثَمَنُهٗ اَمْ لَا فَرَاَيْنَا الْحِمَارَ الْاَهْلِيَّ قَدْ نُهِيَ عَنْ اَكْلِهٖ اُبِيْحَ كَسْبُهٗ وَالْاِنْتِفَاعُ بِهٖ فَكَانَ بَيْعُهٗ اِذْ كَانَ هٰذَا حُكْمُهٗ حَلَالًا وَثَمَنُهٗ حَلَالًا

وَكَانَ يَجِيْءُ فِي النَّظْرِ اَيْضًا اَنْ يَّكُوْنَ كَذٰلِكَ الْكِلَابُ لَمَّا اُبِيْحَ الْاِنْتِفَاعُ بِهَا حَلَّ بَيْعُهَا وَاَكْلُ ثَمَنِهَا وَيَكُوْنُ مَا رُوِيَ فِيْ حُرْمَةِ اَثْمَانِهَا كَانَ وَقْتَ حُرْمَةِ الْاِنْتِفَاعِ بِهَا وَمَا رُوِيَ فِيْ اِبَاحَةِ الْاِنْتِفَاعِ بِهَا دَلِيْلٌ عَلٰى حِلِّ اَثْمَانِهَا وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

یہ بات سُنی ہے۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب نہی کے بعد اباحت ثابت ہوگئی اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اسے جائز قرار دیتے ہوئے فرمایا "اور جو تم شکاری جانوروں کو سکھاؤ اس حال میں کہ ان کو شکار پر چھوڑو" تو ہم نے ان چیزوں میں غور کیا جن سے نفع حاصل کرنا جائز ہے کہ کیا ان کو بیچنا اور ان کی قیمت لینا جائز ہے یا نہیں تو ہم نے گھریلو گدھوں کو دیکھا ان کو کھانے سے روکا گیا لیکن ان کی کمائی اور ان سے نفع حاصل کرنا جائز قرار دیا گیا تو جب ان کو بیچنا حلال ہے اور اس کی قیمت بھی حلال ہے تو قیاس کا تقاضا یہی ہے کہ کتوں کا حکم بھی اسی طرح ہو جب ان سے نفع حاصل جائز ہے تو ان کو بیچنا جائز اور ان کی قیمت کھانا حلال ہے ان کی قیمت کے حرام ہونے کے بارے میں جو روایات ہیں وہ اس وقت کی بات ہے جب ان سے نفع حاصل کرنا حرام تھا اور جو کچھ ان سے حصول نفع کے بارے میں مروی ہے وہ ان کی قیمت کے حلال ہونے کی دلیل ہے یہ حضرت امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

۱۳۴۷- **وَقَدْ** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ سَلْمٰى اُمِّ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَتْ جَاءَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَ عَلَيْهِ فَاَذِنَ لَهٗ فَاَبْطَاَ فَاَخَذَ رِدَاءَهٗ فَخَرَجَ فَقَالَ قَدْ اَذِنَّا لَكَ قَالَ اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَّلَا كَلْبٌ فَنَظَرُوْا فَاِذَا فِيْ بَعْضِ بُيُوْتِهِمْ جَرْوٌ فَاَمَرَ اَبَا رَافِعٍ اَنْ لَّا يَدَعَ كَلْبًا بِالْمَدِيْنَةِ اِلَّا قَتَلَهٗ فَاِذَا

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت جبریل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے اجازت مانگی آپ نے اجازت دے دی تو انہوں نے (اندر آنے میں) تاخیر فرمائی آپ نے اپنی چادر مبارک پکڑی اور باہر تشریف لے گئے اور فرمایا ہم نے آپ کو اجازت دی تھی انہوں نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ! لیکن ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر اور کتا ہو گھر والوں نے دیکھا تو ایک کمرے میں کتے کا بچہ تھا آپ نے حضرت ابورافع کو حکم دیا کہ مدینہ طیبہ میں کسی کتے کو قتل کیے بغیر نہ چھوڑا جائے، تو مدینہ طیبہ کے ایک کنارے میں ایک بڑھیا تھی جس کے پاس بکریوں کی حفاظت کے لیے کتا تھا حضرت ابورافع فرماتے ہیں میں نے اس پر رحم کھایا پھر میں

بِامْرَاَةٍ فِي نَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ لَهَا كَلْبٌ يَحْرُسُ غَنَمَهَا قَالَ فَرَحِمْتُهَا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَمَرَنِيْ فَقَتَلْتُهُ فَاَتَاهُ نَاسٌ مِّنَ النَّاسِ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَاذَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الَّتِيْ اَمَرْتَنَا بِقَتْلِهَا قَالَ فَنَزَلَتْ يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا اُحِلَّ لَهُمْ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ۔

حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھے (اس کے قتل کا) حکم دیا چنانچہ میں نے اسے قتل کر دیا بعض صحابہ کرام آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ! جس مخلوق (کتوں) کے قتل کا آپ نے حکم دیا اس میں سے ہمارے لیے کیا جائز ہے فرماتے ہیں اس پر آیت نازل ہوئی آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا حلال ہے آپ فرما دیجئے تمہارے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کی گئیں اور جن شکاری جانوروں کو تم سکھاؤ اس حال میں کہ تم ان کو شکار پر چھوڑو۔

۱۳۴۸۔ **حَدَّثَنَا** رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا ابْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ سَلْمٰى اُمِّ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ لَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ اَتَاهُ نَاسٌ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الَّتِيْ اَمَرْتَ بِقَتْلِهَا فَنَزَلَتْ يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا اُحِلَّ لَهُمْ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ۔

حضرت ام رافع، حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو قتل کرنے کا حکم دیا تو کچھ صحابہ کرام حاضر ہوئے انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! اس مخلوق میں سے جس کے قتل کا آپ نے حکم دیا ہے ہمارے لیے کیا جائز ہے اس پر آیت نازل ہوئی (ترجمہ پچھلی حدیث میں گزر چکا ہے)

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَيْضًا مِثْلُ مَا قَبْلَهٗ مِمَّا اَبَاحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَا اَمَرَ بِقَتْلِهَا وَاِنْ كَانَ لَمْ يَذْكُرْ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرُ مَا يُصَادُ بِهٖ مِنْهَا وَفِيْهِ زِيَادَةٌ عَلٰى مَا قَبْلَهٗ مِنَ الْاَحَادِيْثِ فِي الْاِبَاحَةِ الَّتِيْ ذَكَرْنَا لِاَنَّ فِيْهِ نُزُوْلَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ بَعْدَ تَحْرِيْمِ الْكِلَابِ وَاَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اَعَادَتِ الْجَوَارِحَ الْمُكَلِّبِيْنَ اِلٰى اَنْ صَيَّرَتْهَا

تو اس حدیث میں بھی پہلی روایات کی طرح یہی بات ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو قتل کرنے کا حکم دینے کے بعد ان کو رکھنے کی اجازت دی۔ اگرچہ اس میں شکاری کتوں کے علاوہ کسی کتے کا ذکر نہیں ہے اور اس میں کتوں کو حرام قرار دینے کے بعد آیت مذکورہ بالا کے نزول کا ذکر ہے اور اس آیت نے شکاری کتوں کے رکھنے کو جائز قرار دیا جب صورت حال یہ ہے تو کتوں کو رکھنے، ان کی قیمت کے حلال ہونے اور ان کو ضائع کرنے والے پر تاوان واجب ہونے کے سلسلے میں ان کا حکم

حَلَالًا وَصَارَتْ كَذٰلِكَ كَانَتْ فِي سَائِرِ الْأَشْيَاءِ الَّتِي هِيَ حَلَالٌ فِي حِلِّ إِمْسَاكِهَا وَإِبَاحَةِ أَثْمَانِهَا وَضَمَانِ مُتْلِفِيهَا مَا أَتْلَفُوا مِنْهَا كَغَيْرِهَا۔

دیگر حلال اشیاء کی طرح ہوگیا۔

وَقَدْ رُوِيَ فِي ذٰلِكَ عَمَّنْ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔

اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی روایات آئی ہیں۔

١٣٤٩۔ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهُ قَضَى فِي كَلْبِ صَيْدٍ قَتَلَهُ رَجُلٌ بِأَرْبَعِينَ دِرْهَمًا وَقَضَى فِي كَلْبِ مَاشِيَةٍ بِكَبْشٍ۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک شکاری کتے (کے تاوان) کے سلسلے میں چالیس درہم کا فیصلہ کیا اسے ایک شخص نے قتل کیا تھا اور جانوروں کی حفاظت والے کتے کے سلسلے میں ایک مینڈھے کا فیصلہ فرمایا۔

١٣٥٠۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ إِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ۔

حضرت ابوالزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے شکاری کتے کے علاوہ کتے اور بلی کی قیمت (لینے) سے منع فرمایا

وَقَدْ رَوَيْنَا عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْبَابِ أَنَّهُ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَلَمْ يُفَسِّرْ أَيُّ كَلْبٍ هُوَ فَلَمْ يَخْلُ ذٰلِكَ مِنْ أَحَدِ وَجْهَيْنِ۔

إِمَّا أَنْ يَكُونَ أَرَادَ خِلَافَ كِلَابِ الْمَنَافِعِ أَوْ يَكُونَ أَرَادَ كُلَّ الْكِلَابِ ثُمَّ ثَبَتَ عِنْدَهُ نَسْخُ كَلْبِ الصَّيْدِ مِنْهَا فَاسْتَثْنَاهُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ۔

ہم نے اسی باب میں ان کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے کتے کی قیمت لینے سے منع فرمایا لیکن یہ وضاحت نہیں فرمائی کہ وہ کونسا کتا ہے تو یہ دو صورتوں میں سے ایک سے خالی نہیں۔

یا تو نفع دینے والے کتوں کا ارادہ فرمایا یا تمام کتوں کا ارادہ کیا پھر ان کے نزدیک شکاری کتے کے حکم (کا ممانعت سے) منسوخ ہونا ثابت ہو گیا تو انہوں نے اسے اس حدیث میں مستثنیٰ کر دیا۔

١٣٥١۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ ثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ لَا بَأْسَ بِثَمَنِ الْكَلْبِ السَّلُوقِيِّ۔

حضرت اسرائیل، حضرت جابر سے اور وہ حضرت عطاء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں سلوقی (یمن کا ایک گاؤں) کتوں کی قیمت میں کوئی حرج نہیں۔

فَهٰذَا عَطَاءٌ يَقُولُ هٰذَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَنَّ ثَمَنَ الْكَلْبِ مِنَ السُّحْتِ۔

تو یہ حضرت عطاء ہیں جو یہ بات فرماتے ہیں حالانکہ انہوں نے بواسطہ حضرت ابوہریرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ کتے کی قیمت حرام ہے۔

فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمَعْنَى الَّذِىْ ذَكَرْنَا فِىْ حَدِيْثِ جَابِرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

تو یہ اسی معنیٰ پر دلالت ہے جو ہم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ذکر کیا۔

۱۳۵۲ - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا قُتِلَ الْكَلْبُ الْمُعَلَّمُ فَاِنَّهٗ يُقَوَّمُ قِيْمَتُهٗ فَيَغْرَمُهُ الَّذِىْ قَتَلَهٗ۔

حضرت ابن شہاب زہری رحمہ اللہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا جب سکھائے ہوئے کتے کو ہلاک کیا جائے تو اس کی قیمت کر کے قتل کرنے والے سے تاوان لیا جائے۔

فَهٰذَا الزُّهْرِىُّ يَقُوْلُ هٰذَا وَقَدْ رُوِىَ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ ثَمَنَ الْكَلْبِ سُحْتٌ فَالْكَلَامُ فِىْ هٰذَا مِثْلُ الْكَلَامِ فِىْ حَدِيْثِ جَابِرٍ۔

تو حضرت زہری یہ بات فرما رہے ہیں حالانکہ انہوں نے بواسطہ حضرت ابو بکر بن عبد الرحمٰن، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ کتے کی قیمت حرام ہے تو اس حدیث میں بھی، حضرت جابر رضی اللہ عنہ والی حدیث کی طرح کلام ہوگا۔

۱۳۵۳ - حَدَّثَنَا بَحْرٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ الْاَنْصَارِىِّ قَالَ كَانَ يُقَالُ يُجْعَلُ فِى الْكَلْبِ الضَّارِىْ اِذَا قُتِلَ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا۔

حضرت محمد بن یحییٰ انصاری سے مروی ہے فرماتے ہیں کہا جاتا تھا کہ شکاری کتے (کے قتل) میں چالیس درہم مقرر کئے جائیں۔

۱۳۵۴ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا بَاْسَ بِثَمَنِ كَلْبِ الصَّيْدِ

حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم سے نقل کرتے ہیں انہوں نے فرمایا شکاری کتے کی قیمت (لینے) میں کوئی حرج نہیں۔

بَابُ ۲۵۳ اِسْتِقْرَاضِ الْحَيَوَانِ

جانور کو قرض کے طور پر لینا

۱۳۵۵ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِسْتَسْلَفَ مِنْ رَجُلٍ بَكْرًا فَقَدِمَتْ عَلَيْهِ اِبِلُ الصَّدَقَةِ فَاَمَرَ اَبَا رَافِعٍ اَنْ يَقْضِىَ الرَّجُلَ بَكْرَهٗ فَرَجَعَ

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے نوعمر اونٹ بطور قرض لیا آپ کے پاس صدقے کے اونٹ آئے تو آپ نے حضرت ابو رافع کو حکم دیا کہ اس شخص کو نوعمر اونٹ واپس لوٹا دیں ابو رافع دوبارہ حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہیں ان میں بہتر سات، سالہ اونٹ ہی

إِلَيْهِ أَبُو رَافِعٍ فَقَالَ لَمْ أَجِدْ فِيهَا إِلَّا جَمَلًا خِيَارًا رَبَاعِيًا فَقَالَ أَعْطِهِ إِيَّاهُ أَنَّ خِيَارَ النَّاسِ أَحْسَنُهُمْ قَضَاءً۔

پاتا ہوں آپ نے فرمایا وہی دے دو بہترین لوگ وہ ہیں جو احسن طریقے پر قرض ادا کرتے ہیں۔

۱۳۵۶۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ لِرَجُلٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فَتَقَاضَاهُ فَأَغْلَظَ عَلَيْهِ فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهَمُّوا بِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ذَرُوهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا اشْتَرُوا لَهٗ سِنًّا فَأَعْطُوهُ إِيَّاهُ فَإِنَّ خَيْرَكُمْ أَوْ مِنْ خَيْرِكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً۔

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمن حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے (نقل کرتے ہوئے) بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک شخص کا قرض تھا اس نے تقاضا کیا اور سختی برتی صحابہ کرام اس کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے دست درازی کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے چھوڑ دو حق والا بات' ہے اس کے لیے ایک اونٹ خرید و اور اسے دے دو کیونکہ تمہارا بہتر یا فرمایا تم میں سے بہتر وہ ہے جو ادائیگی اچھی طریقے سے کرتا ہے۔

۱۳۵۷۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ هَارُونَ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ سَلَمَةَ فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ إِلَّا أَنَّهٗ لَمْ يَقُلْ اشْتَرُوا لَهٗ وَقَالَ اُطْلُبُوا۔

حضرت سفیان ثوری، حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا البتہ یہ نہیں فرمایا کہ اس کے لیے خرید و بلکہ فرمایا تلاش کرو۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى إِجَازَةِ اسْتِقْرَاضِ الْحَيَوَانِ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْآثَارِ۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ جانور کو بطور قرض لینا جائز ہے انہوں نے ان (مندرجہ بالا) روایات سے استدلال کیا ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِي ذٰلِكَ آخَرُونَ فَقَالُوا لَا يَجُوزُ اسْتِقْرَاضُ الْحَيَوَانِ وَقَالُوا يَحْتَمِلُ أَنْ يَكُونَ هٰذَا كَانَ قَبْلَ تَحْرِيمِ الرِّبٰوا ثُمَّ حُرِّمَ الرِّبٰوا بَعْدَ ذٰلِكَ وَحُرِّمَ كُلُّ قَرْضٍ جَرَّ مَنْفَعَةً وَرُدَّتِ الْأَشْيَاءُ الْمُسْتَقْرَضَةُ إِلَى أَمْثَالِهَا فَلَمْ يَجُزِ الْقَرْضُ إِلَّا فِيمَا لَهٗ مِثْلٌ وَقَدْ كَانَ أَيْضًا قَبْلَ نَسْخِ الرِّبٰوا يَجُوزُ بَيْعُ الْحَيَوَانِ نَسِيئَةً۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ جانور کو قرض کے طور پر لینا جائز نہیں وہ فرماتے ہیں ہو سکتا ہے کہ سود کے حرام ہونے سے پہلے کی بات ہو۔ اس کے بعد سود حرام کر دیا گیا تمام قرض حرام ہو گئے جو نفع لائیں اور قرض کے طور پر لی جانے والی اشیاء کو ان کی ہم مثل اشیاء کی طرف لوٹا دیا گیا لہٰذا قرض صرف ان چیزوں میں جائز ہے جو مثلی ہوں نیز سود کے منسوخ ہونے سے پہلے جانور کی جانور کے بدلے بطور ادھار بیع جائز تھی۔

۱۳۵۸- وَالدَّلِیْلُ عَلٰی ذٰلِکَ اَنَّ ابْنَ اَبِیْ دَاؤُدَ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَبُوْعُمَرَ الْحَوْضِیُّ ح وَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِیْبُ قَالَا ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَیْثٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَمَرَہٗ اَنْ یُّجَھِّزَ جَیْشًا فَنَفِدَتِ الْاِبِلُ فَاَمَرَہٗ اَنْ یَّاْخُذَ فِیْ قِلَاصِ الصَّدَقَۃِ فَجَعَلَ یَاْخُذُ الْبَعِیْرَ بِالْبَعِیْرَیْنِ اِلٰی اِبِلِ الصَّدَقَۃِ ثُمَّ نُسِخَ ذٰلِکَ۔

اس پر دلیل یہ ہے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (فرماتے ہیں) کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو لشکر تیار کرنے کا حکم دیا تو اونٹ ختم ہو گئے آپ نے ان کو حکم دیا کہ صدقہ کی اونٹنیوں کے بدلے لیں چنانچہ وہ صدقہ کے دو اونٹوں کے بدلے ایک اونٹ لینے لگے پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا۔

۱۳۵۹- وَرُوِیَ فِیْہِ مَا قَدْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ مُحْرِزٍ الْبَغْدَادِیُّ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ قَالَ ثَنَا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ عِکْرَمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ بَیْعِ الْحَیَوَانِ بِالْحَیَوَانِ نَسِیْئَۃً۔

اس سلسلے میں مروی ہے حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور کے بدلے جانور کو بطور ادھار بیچنے سے منع فرمایا۔

۱۳۶۰- حَدَّثَنَا فَھْدٌ قَالَ ثَنَا شِھَابُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ ثَنَا دَاؤُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَعْمَرٍ فَذَکَرَ بِاِسْنَادِہٖ مِثْلَہٗ۔

حضرت داؤد بن عبدالرحمٰن نے حضرت معمر سے روایت کیا انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۳۶۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ الصَّیْرَفِیُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ عَمْرِو بْنِ صَالِحٍ الزُّھْرِیُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحِیْمِ بْنُ سُلَیْمٰنَ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ یَرٰی بَاْسًا بِبَیْعِ الْحَیَوَانِ بِالْحَیَوَانِ اثْنَیْنِ بِوَاحِدٍ یَکْرَھُہٗ نَسِیْئَۃً۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک جانور کے بدلے دو کی بیع میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے البتہ آپ اسے بطور ادھار ناپسند فرماتے تھے۔

۱۳۶۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ سَالِمِ الصَّائِغِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُشَيْشٍ وَإِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ الصَّيْرَفِيُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِيْنَارٍ الطَّاحِيُّ قَالَ ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً ـ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور کو جانور کے بدلے ادھار کے طور پر بیچنے سے منع فرمایا ۔

۱۳۶۳- حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ـ

حضرت قتادہ ، حضرت حسن سے وہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ۔

۱۳۶۴- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ـ

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ۔

۱۳۶۵- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُشَيْشٍ قَالَ ثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ـ

ایک دوسرے طریق سے بھی حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں ۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَكَانَ هٰذَا نَاسِخًا لِمَا رَوَيْنَاهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ إِجَازَةِ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً فَدَخَلَ فِيْ ذٰلِكَ أَيْضًا اسْتِقْرَاضُ الْحَيَوَانِ ـ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جانور کو جانور کے بدلے بطور ادھار خریدنے کی اجازت کے سلسلے میں ہم نے جو کچھ روایت کیا یہ حدیث اس کے لیے ناسخ ہے تو اس میں جانور کو بطور قرض لینا بھی داخل ہے ۔

فَقَالَ أَهْلُ الْمَقَالَةِ الْأُوْلٰى هٰذَا لَا يَلْزَمُنَا لِأَنَّا قَدْ رَأَيْنَا الْحِنْطَةَ لَا يُبَاعُ بَعْضُهَا بِبَعْضٍ نَسِيْئَةً وَقَرْضُهَا جَائِزٌ فَكَذٰلِكَ الْحَيَوَانُ

پہلے قول والے فرماتے ہیں کہ یہ ہم پر لازم نہیں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں گندم کو گندم کے بدلے بطور ادھار فروخت نہیں کیا جاتا لیکن اسے بطور قرض لینا جائز ہے اسی طرح

لَا یَجُوْزُ بَیْعُ بَعْضِہٖ بِبَعْضٍ نَسِیْئَۃً وَقَرْضُہٗ جَائِزٌ۔

فَکَانَ مِنْ حُجَّتِنَا عَلٰی اَھْلِ ھٰذِہِ الْمَقَالَۃِ فِیْ تَثْبِیْتِ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی اَنَّ نَھْیَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْحَیَوَانِ بِالْحَیَوَانِ نَسِیْئَۃً یَحْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِکَ لِعَدَمِ الْوُقُوْفِ مِنْہُ عَلَی الْمِثْلِ وَیَحْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ مِنْ قِبَلِ مَا قَالَ اَھْلُ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی فِی الْحِنْطَۃِ فِی الْبَیْعِ وَالْقَرْضِ فَاِنْ کَانَ اِنَّمَا نَھٰی عَنْ ذٰلِکَ مِنْ طَرِیْقِ عَدَمِ وُجُوْدِ الْمِثْلِ ثَبَتَ مَا ذَھَبَ اِلَیْہِ اَھْلُ الْمَقَالَۃِ الثَّانِیَۃِ وَاِنْ کَانَ مِنْ قِبَلِ اَنَّھُمَا نَوْعٌ وَّاحِدٌ لَّا یَجُوْزُ بَیْعُ بَعْضِہٖ بِبَعْضٍ نَسِیْئَۃً لَمْ یَکُنْ فِیْ ذٰلِکَ حُجَّۃٌ لِّاَھْلِ الْمَقَالَۃِ الثَّانِیَۃِ عَلٰی اَھْلِ الْمَقَالَۃِ الْاُوْلٰی۔

فَاعْتَبَرْنَا ذٰلِکَ فَرَاَیْنَا الْاَشْیَآءَ الْمَکِیْلَاتِ لَا یَجُوْزُ بَیْعُ بَعْضِھَا بِبَعْضٍ نَسِیْئَۃً وَلَا بَاْسَ بِقَرْضِھَا وَرَاَیْنَا الْمَوْزُوْنَاتِ حُکْمُھَا فِیْ ذٰلِکَ کَحُکْمِ الْمَکِیْلَاتِ سَوَآءً خَلَا الذَّھَبِ وَالْوَرِقِ وَرَاَیْنَا مَا کَانَ مِنْ غَیْرِ الْمَکِیْلَاتِ وَالْمَوْزُوْنَاتِ مِثْلَ الثِّیَابِ وَمَا اَشْبَھَھَا فَلَا بَاْسَ بِبَیْعِ بَعْضِھَا بِبَعْضٍ وَاِنْ کَانَتْ مُتَفَاضِلَۃً وَبَیْعُ بَعْضِھَا بِبَعْضٍ نَسِیْئَۃً فِیْہِ اِخْتِلَافٌ بَیْنَ النَّاسِ۔

فَمِنْھُمْ مَنْ یَّقُوْلُ مَا کَانَ مِنْھَا مِنْ نَوْعٍ وَّاحِدٍ فَلَا یَصْلُحُ بَیْعُ بَعْضِہٖ بِبَعْضٍ نَسِیْئَۃً وَّمَا کَانَ مِنْھَا مِنْ نَوْعَیْنِ مُخْتَلِفَیْنِ فَلَا بَاْسَ بِبَیْعِ بَعْضِہٖ بِبَعْضٍ نَسِیْئَۃً۔

وَمِمَّنْ قَالَ بِھٰذَا الْقَوْلِ اَبُوْحَنِیْفَۃَ وَ

جانور کو جانور کے بدلے ادھار بیچنا جائز نہیں لیکن اس کو بطور قرض لینا جائز ہے۔

پہلے قول والوں کے اپنے قول کو ثابت رکھنے کے سلسلے میں ان کے خلاف ہماری حجت یہ ہے کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور کو جانور کے بدلے بطور ادھار بیچنے سے منع فرمایا تو اس میں احتمال ہے کہ ان کے درمیان مماثلت معلوم نہیں ہوسکتی اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس کی وجہ وہ ہو جو پہلے قول والوں نے گندم کے سودے اور قرض پر قیاس کرتے ہوئے کہی ہے اگر یہ عدم مماثلت کی وجہ سے ہو تو اس سے دوسرے قول والوں کا مذہب ثابت ہوگا اور اگر یہ بات ہو کہ دونوں ایک نوع ہیں لہٰذا ان کو بطور ادھار ایک دوسرے کے بدلے بیچنا جائز نہیں تو اس صورت میں دوسرے قول والوں کے لیے پہلے قول والوں کے خلاف حجت نہ ہوگی۔

تو ہم نے ماپی جانے والی اشیاء سے اس کا اعتبار کیا کہ ان کو ایک دوسرے کے بدلے بطور ادھار بیچنا جائز نہیں البتہ ان کو قرض کے طور پر لینے میں کوئی حرج نہیں اور ہم نے وزنی اشیاء کو دیکھا تو سونے اور چاندی کے علاوہ کا وہی حکم ہے جو کیلی (ماپی جانے والی) اشیاء کا ہے اور ہم نے کیلی اور وزنی اشیاء کے علاوہ چیزوں کو دیکھا مثلاً کپڑے وغیرہ کو تو انکو ایک دوسرے کے بدلے بیچنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ وہ کم زیادہ ہوں لیکن انہیں ایک دوسرے کے بدلے ادھار کے طور پر بیچنے میں فقہاء کرام کا اختلاف ہے۔ ان میں سے بعض فرماتے ہیں کہ جو ایک نوع سے تعلق رکھتی ہیں ان کو ایک دوسرے کے بدلے بطور ادھار بیچنا صحیح نہیں اور جن کا مختلف انواع سے تعلق ہے ان کو ایک دوسرے کے بدلے بطور ادھار بیچنے میں کوئی حرج نہیں۔

اس قول کے قائلین میں حضرت امام ابوحنیفہ اور امام

اَبُوْ يُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ لَا بَأْسَ بِبَيْعِ بَعْضِهَا بِبَعْضٍ يَدًا بِيَدٍ وَ نَسِيْئَةً وَ سَوَاءٌ عِنْدَهٗ كَانَتْ مِنْ نَوْعٍ وَاحِدٍ اَوْ مِنْ نَوْعَيْنِ۔

فَهٰذِهِ اَحْكَامُ الْاَشْيَاءِ الْمَكِيْلَاتِ وَالْمَوْزُوْنَاتِ وَالْمَعْدُوْدَاتِ غَيْرِ الْحَيَوَانِ عَلٰى مَا فَسَّرْنَا فَكَانَ غَيْرُ الْمَكِيْلِ وَالْمَوْزُوْنِ لَا بَأْسَ بِبَيْعِهٖ بِمَا هُوَ مِنْ خِلَافِ نَوْعِهٖ نَسِيْئَةً وَاِنْ كَانَ الْمَبِيْعُ وَالْمُبْتَاعُ بِهٖ ثِيَابًا كُلُّهَا وَكَانَ الْحَيَوَانُ لَا يَجُوْزُ بَيْعُ بَعْضِهٖ بِبَعْضٍ نَسِيْئَةً وَاِنِ اخْتَلَفَ اَجْنَاسُهٗ فَاِنَّهٗ لَا يَجُوْزُ بَيْعُ عَبْدٍ بِبَعِيْرٍ وَلَا بِبَقَرَةٍ وَلَا بِشَاةٍ نَسِيْئَةً وَلَوْ كَانَ النَّهْيُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً اِنَّمَا كَانَ لِاتِّفَاقِ النَّوْعَيْنِ لَجَازَ بَيْعُ الْعَبْدِ بِالْبَقَرَةِ نَسِيْئَةً لِاَنَّهُمَا مِنْ غَيْرِ نَوْعٍ كَمَا جَازَ بَيْعُ الثَّوْبِ الْكَتَّانِ بِالثَّوْبِ الْقُطْنِ الْمَوْصُوْفِ نَسِيْئَةً۔

ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں۔

ان میں سے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ بعض کو بعض کے بدلے نقداً اور بطور ادھار دونوں طرح فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں چاہے وہ ایک نوع سے ہوں یا دو نوع سے۔

یہ حیوان کے علاوہ کیلی، وزنی اور عددی اشیاء کے احکام ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا لہٰذا کیلی اور وزنی اشیاء کے علاوہ کو اس کے خلاف نوع کے بدلے بطور ادھار بیچنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ فروخت شدہ چیز اور اس کا بدل دونوں کپڑے ہی ہوں لیکن حیوان کو حیوان کے بدلے ادھار کے طور پر بیچنا جائز نہیں اگر ان کی جنس مختلف ہو تو بھی ان کی بیع جائز نہیں مثلاً اونٹ گائے اور بکری کے بدلے غلام کو ادھار کے طور پر بیچنا جائز نہیں ہے۔ اگر حضور علیہ السلام کی طرف سے حیوان کی حیوان کے بدلے ادھار کے طور پر بیع کی ممانعت ان کے ایک نوع ہونے کی وجہ سے ہوتی تو گائے کے بدلے غلام کی بیع جائز ہوتی کیونکہ وہ الگ نوع ہے جیسا کہ ریشمی کپڑے کو سوتی کپڑے کے بدلے فروخت کرنا جائز ہے۔

فَلَمَّا بَطَلَ ذٰلِكَ فِيْ نَوْعِهٖ وَفِيْ غَيْرِ نَوْعِهٖ **ثَبَتَ** اَنَّ النَّهْيَ فِيْ ذٰلِكَ اِنَّمَا كَانَ لِعَدَمِ وُجُوْدِ مِثْلِهٖ وَلِاَنَّهٗ غَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلَيْهِ **وَاِذَا** كَانَ اِنَّمَا بَطَلَ بَيْعُ بَعْضِهٖ بِبَعْضٍ نَسِيْئَةً لِاَنَّهٗ غَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلَيْهِ بَطَلَ قَرْضُهٗ اَيْضًا لِاَنَّهٗ غَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلَيْهِ۔

فَهٰذَا هُوَ النَّظَرُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَ**مِمَّا** يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا مَا قَدْ اَجْمَعُوْا عَلَيْهِ فِي اسْتِقْرَاضِ الْاِمَاءِ اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ وَهُنَّ حَيَوَانٌ فَاسْتِقْرَاضُ سَائِرِ الْحَيَوَانِ فِي النَّظَرِ اَيْضًا كَذٰلِكَ۔

تو جب یہ حکم اپنی نوع اور غیر نوع دونوں میں باطل ہو گیا تو ثابت ہو گیا کہ نہی کی وجہ صرف یہ ہے کہ وہ اس کی مثل نہیں اور نہ اس پر آگاہی ہو سکتی ہے تو جب ان (حیوانات) میں سے بعض کو بعض کے بدلے ادھار کے طور پر بیچنا ناجائز ہو گیا کیونکہ اس (کے مثل ہونے) پر آگاہی نہیں تو اس کو قرض کے طور پر لینا بھی جائز نہیں کیونکہ اس کی مثل پر اطلاع نہیں ہو سکتی۔

اس سلسلے میں قیاس یہ ہے اور اس بات پر دلالت کرنے والی باتوں میں سے یہ بھی ہے کہ لونڈیوں کو قرض کے طور پر لینے کے بارے میں اجماع ہے کہ جائز نہیں اور وہ بھی حیوان ہیں لہٰذا قیاس کے طور پر تمام حیوانات کا یہی حکم ہوگا۔

فَإِنْ قَالَ قَائِلٌ فَإِنَّا رَأَيْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَكَمَ فِي الْجَنِينِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ وَحَكَمَ فِي الدِّيَةِ بِمِائَةٍ مِّنَ الْإِبِلِ وَفِي أَرْشِ الْأَعْضَاءِ بِمَا قَدْ حَكَمَ بِهِ مِمَّا قَدْ جَعَلَهُ فِي الْإِبِلِ وَكَانَ ذٰلِكَ حَيَوَانًا كُلُّهُ يَجِبُ فِي الذِّمَّةِ فَلِمَ لَا كَانَ كُلُّ الْحَيَوَانِ أَيْضًا كَذٰلِكَ۔

اگر کوئی شخص کہے کہ ہم دیکھتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناتمام بچے (کو ضائع کرنے) میں ایک غلام یا لونڈی دینے کا حکم دیا اور دیت میں سو اونٹ دینے اور اسی طرح اعضاء کی دیت کا بھی حکم فرمایا اور یہ تمام جانوروں میں جو ذمہ میں واجب ہوتے ہیں تو تمام جانوروں کا حکم اس طرح کیوں نہیں ہوگا۔

قِيلَ لَهُ قَدْ حَكَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي الدِّيَةِ وَالْجَنِينِ بِمَا ذَكَرْتَ مِنَ الْحَيَوَانِ وَمَنَعَ مِنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ بَعْضُهُ بِبَعْضٍ نَسِيئَةً عَلَى مَا قَدْ ذَكَرْنَا وَشَرَحْنَا فِي هٰذَا الْبَابِ فَثَبَتَ النَّهْيُ فِي وُجُوبِ الْحَيَوَانِ فِي الذِّمَّةِ بِأَمْوَالٍ وَأُبِيحَ وُجُوبُ الْحَيَوَانِ فِي الذِّمَّةِ بِغَيْرِ أَمْوَالٍ۔

اس شخص کو جواباً کہا جائے گا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت اور ناتمام بچے کے تاوان میں وہ حیوان دینے کا حکم دیا جس کا تم نے ذکر کیا اور حیوانات کو ایک دوسرے کے بدلے بطور ادھار بیچنے سے منع فرمایا جیسا کہ ہم نے اس باب کو خوب شرح کے ساتھ بیان کیا تو کسی کے ذمہ مال کے بدلے حیوان کو واجب کرنے کی ممانعت ثابت ہوگئی اور غیر مال کے بدلے حیوان کا وجوب جائز قرار پایا۔

فَهٰذَانِ أَصْلَانِ مُخْتَلِفَانِ نُصَحِّحُهُمَا وَنَرُدُّ إِلَيْهِمَا سَائِرَ الْفُرُوعِ فَنَجْعَلُ مَا كَانَ بَدَلًا مِّنْ مَّالٍ حُكْمُهُ حُكْمُ الْقَرْضِ الَّذِي وَصَفْنَا وَمَا كَانَ بَدَلًا مِّنْ غَيْرِ مَالٍ فَحُكْمُهُ حُكْمُ الدِّيَاتِ وَالْغُرَّةِ الَّتِي ذَكَرْنَا مِنْ ذٰلِكَ التَّزْوِيجِ عَلَى أَمَةٍ وَسَطٍ أَوْ عَلَى عَبْدٍ وَسَطٍ وَالْخُلْعُ عَلَى أَمَةٍ وَسَطٍ أَوْ عَلَى عَبْدٍ وَسَطٍ۔

یہ دو مختلف قاعدے ہیں ہم انہیں صحیح قرار دیتے ہیں اور تمام فروع کو ان کی طرف لوٹاتے ہیں جو چیز مال کے بدلے ہو اس کو ہم اس قرض کا حکم دیتے ہیں جو ہم نے بیان کیا اور جو چیز غیر مال کا بدل ہو اس کا حکم دیت اور غرہ (ناتمام بچے کا بدل) کا حکم قرار دیتے ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا اسی سے ہے درمیانے قسم کی لونڈی یا غلام کے عوض نکاح کرنا نیز درمیانے قسم کی لونڈی یا غلام کے بدلے خلع کرنا۔

وَالدَّلِيلُ عَلَى صِحَّةِ مَا وَصَفْنَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ فِي جَنِينِ الْحُرَّةِ غُرَّةً عَبْدًا أَوْ أَمَةً وَأَجْمَعَ الْمُسْلِمُونَ أَنَّ ذٰلِكَ لَا يَجِبُ فِي جَنِينِ الْأَمَةِ وَإِنَّ الْوَاجِبَ فِيهِ دَرَاهِمُ وَدَنَانِيرُ عَلَى مَا اخْتَلَفُوا فَقَالَ بَعْضُهُمْ عُشْرُ قِيمَةِ الْجَنِينِ إِنْ كَانَ أُنْثَى وَنِصْفُ عُشْرِ قِيمَتِهِ إِنْ كَانَ ذَكَرًا۔

جو کچھ ہم نے بیان کیا اس کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد عورت کے جنین (ناتمام بچے) میں ایک غُرّہ یعنی غلام یا لونڈی مقرر فرمائی اور مسلمانوں کا اجماع ہے کہ لونڈی کے جنین میں یہ واجب نہیں اس میں درہم یا دینار واجب ہیں جیسا کہ اس میں اختلاف ہے بعض نے کہا کہ اگر لڑکی ہو تو جنین کی قیمت کا دسواں حصہ اور لڑکا ہو تو اس کی قیمت کا بیسواں حصہ ہے۔

وَمِمَّنْ قَالَ ذٰلِكَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا اَجْمَعِيْنَ

وَقَالَ اٰخَرُوْنَ نِصْفُ عُشْرِ قِيْمَةِ اُمِّ الْجَنِيْنِ وَاَجْمَعُوْا فِيْ جَنِيْنِ الْبَهَآئِمِ اَنَّ فِيْهِ مَا نَقَصَ اُمَّ الْجَنِيْنِ وَكَانَتِ الدِّيَاتُ الْوَاجِبَةُ مِنَ الْاِبِلِ عَلٰى مَا اَوْجَبَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَجِبُ فِيْ اَنْفُسِ الْاَحْرَارِ وَلَا يَجِبُ فِيْ اَنْفُسِ الْعَبِيْدِ فَكَانَ مَا حُكِمَ فِيْهِ بِالْحَيَوَانِ الْمَجْعُوْلِ فِي الذِّمَمِ مَا لَيْسَ بِبَدَلٍ مِّنْ مَّالٍ وَّمَنَعَ مِنْ ذٰلِكَ فِي الْاَبْدَالِ مِنَ الْاَمْوَالِ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ الْقَرْضَ الَّذِيْ هُوَ بَدَلٌ مِّنْ مَّالٍ لَّا يَجِبُ فِيْهِ حَيَوَانٌ فِي الذِّمَمِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۔

وَقَدْ رُوِيَ ذٰلِكَ عَنْ نَفَرٍ مِّنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ الْكَيْسَانِيُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ اَسْلَمَ زَيْدُ بْنُ خُلَيْدَةَ اِلٰى عِتْرِيْسِ بْنِ عُرْقُوْبٍ فِيْ قَلَائِصَ كُلُّ قَلُوْصٍ بِخَمْسِيْنَ فَلَمَّا حَلَّ الْاَجَلُ جَآءَ يَتَقَاضَاهُ فَاَتَى ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَسْتَنْظِرُهٗ فَنَهَاهُ عَنْ ذٰلِكَ وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ رَاْسَ مَالِهٖ ۔

۱۳۶۷ - حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ ثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَبِيْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَلسَّلَفُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَا بَاْسَ بِهٖ مَا خَلَا الْحَيَوَانَ ۔

۱۳۶۸ - حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ

حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہ اللہ بھی ان قائلین میں شامل ہیں۔

دوسرے حضرات نے فرمایا جنین کی ماں کی قیمت کا بیسواں حصہ ہے جانوروں کے جنین کے سلسلے میں اتفاق ہے کہ جنین کی ماں میں جتنا نقصان ہو وہ واجب ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹوں سے جو دیت واجب فرمائی ہے وہ آزاد جانوں میں واجب ہے غلاموں میں نہیں تو جن کے بدلے میں حیوانات کو رکھا گیا ہے وہ اموال نہیں ہیں جبکہ مالوں کے بدلے میں اسے منع کیا گیا ہے اس سے ثابت ہوا کہ قرض جو مال کا بدل ہے اس میں کسی کے ذمے حیوان واجب نہ ہوں گے یہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

اس سلسلے میں متقدمین سے بھی مروی ہے حضرت طارق بن شہاب سے مروی ہے فرماتے ہیں زید بن خلیدہ نے عتریس بن عرقوب کے ساتھ اونٹوں میں بیع سلم کی ہر اونٹ پچاس کے بدلے میں، جب میعاد پوری ہوگئی تو وہ اونٹوں کا تقاضا کرنے آئے عتریس بن عرقوف، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ ان سے مہلت طلب کریں تو انہوں نے ان کو منع کر دیا اور حکم دیا کہ اپنا اصل مال لے لیں۔

حضرت ابراہیم، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ایک مقرر وقت تک حیوان کے علاوہ ہر چیز میں بیع سلم ہو سکتی ہے۔

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمَّارِ الدُّهْنِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كَانَ حُذَيْفَةُ يَكْرَهُ السَّلَمَ فِي الْحَيَوَانِ ۔

فرماتے ہیں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ حیوان میں بیع سلم کو ناپسند فرماتے تھے ۔

۱۳۶۹ ۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ اَنَّهُ سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنِ السَّلَفِ فِي الْوَصْفَاءِ فَقَالَ لَا بَاْسَ بِهٖ قُلْتُ فَاِنَّ اُمَرَاءَنَا يَنْهَوْنَنَا عَنْ ذٰلِكَ قَالَ فَاَطِيْعُوْا اُمَرَاءَكُمْ وَاُمَرَاؤُنَا يَوْمَئِذٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ وَاَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔

حضرت ابونضرۃ سے مروی ہے فرماتے ہیں انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے لونڈیوں اور غلاموں میں بیع سلم کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا کوئی حرج نہیں فرماتے ہیں میں نے عرض کیا آپ کے امراء ہمیں اس سے منع کرتے ہیں آپ نے فرمایا تو اپنے امراء کی اطاعت کرو اور ان دنوں ہمارے امراء حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے ۔

۱۶

کتاب الصرف

بیع صرف کا بیان

باب الربو ۲۵۴

سود کا بیان

۱۳۷۰ - حدثنا فهد بن سلیمان بن یحیی قال ثنا محمد بن سعید الاصبهانی قال اخبرنا سفیان عن عبید الله بن ابی یزید عن ابن عباس عن اسامة بن زید ان رسول الله صلی الله علیه واله وسلم قال انما الربوا فی النسیئة۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے بے شک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سود ادھار میں ہوتا ہے۔

۱۳۷۱ - حدثنا نصر بن مرزوق قال ثنا الخصیب بن ناصح قال ثنا حماد عن عمرو بن دینار عن ابن عباس عن اسامة بن زید ان رسول الله صلی الله علیه واله وسلم مثله۔

حضرت عمرو بن دینار، حضرت ابن عباس سے اور وہ حضرت اسامہ بن زید (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی مثل فرمایا۔

۱۳۷۲ - حدثنا ابراهیم بن ابی داود قال ثنا عمرو بن عون قال اخبرنا خالد هو ابن عبد الله الواسطی عن خالد هو الحذاء عن عکرمة عن ابن عباس عن اسامة بن زید عن رسول الله صلی الله علیه واله وسلم قال لا ربوا الا فی النسیئة۔

حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس سے وہ حضرت اسامہ بن زید (رضی اللہ عنہم) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا سود، ادھار میں ہی ہوتا ہے۔

۱۳۷۳ - حدثنا محمد بن عبد الله بن میمون قال ثنا الولید عن الاوزاعی عن عطاء ان ابا سعید الخدری لقی ابن عباس

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملاقات کی تو پوچھا بتائیے سونے کی سونے کے بدلے زیادتی

فَقَالَ اَرَاَيْتَ قَوْلَكَ فِي الصَّرْفِ يَعْنِي الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَبَيْنَهُمَا فَضْلٌ اَشَيْءٌ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَوْ شَيْءٌ وَجَدْتَهُ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَمَّا كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَلَا اَعْلَمُهُ وَاَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَنْتُمْ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ وَلٰكِنْ حَدَّثَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا الرِّبٰو فِي النَّسِيْئَةِ.

۱۳۷۴ - **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَرَاَيْتَ الَّذِيْ تَقُوْلُ الدِّيْنَارَيْنِ بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمَيْنِ بِالدِّرْهَمِ اَشْهَدُ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الدِّيْنَارُ بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ فَاِنِّيْ لَمْ اَسْمَعْ هٰذَا اِنَّمَا اَخْبَرَنِيْهِ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ وَنَزَعَ عَنْهَا ابْنُ عَبَّاسٍ.

۱۳۷۵ - **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ اَخْبَرَنَا قَيْسٌ وَهُوَ ابْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ سَعِيْدٍ اَنْتَ تَنْهٰى عَنِ الصَّرْفِ وَابْنُ عَبَّاسٍ يَاْمُرُ بِهٖ فَقَالَ قَدْ لَقِيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ مَا هٰذَا الَّذِيْ تُفْتِيْ بِهٖ فِي الصَّرْفِ اَشَيْءٌ وَجَدْتَهُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ

کے ساتھ بیع کے بارے میں آپ کا مذہب کیا ہے کیا آپ نے اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہے یا اللہ تعالیٰ کی کتاب میں کچھ پایا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کتاب اللہ کے بارے میں مجھے علم نہیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں البتہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے مجھ سے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سُود، ادھار میں ہوتا ہے۔

حضرت عطا بن یسار، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ مجھے بتائیے ایک دینار کے بدلے دو دیناروں اور ایک درہم کے بدلے درہموں کی بیع کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا دینار کے بدلے دینار اور درہم کے بدلے درہم (یوں فروخت کیا جائے کہ اس) میں کوئی زیادتی نہ ہو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کیا آپ نے یہ بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے؟ انہوں نے فرمایا "جی ہاں" حضرت ابن عباس نے فرمایا میں نے یہ بات نہیں سُنی مجھے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے اس کی خبر دی ہے حضرت ابوسعید فرماتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس سے رجوع کر لیا۔

حضرت ابوصالح سمان سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے عرض کیا آپ بیع صرف سے روکتے ہیں جبکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس کا حکم دیتے ہیں انہوں نے فرمایا میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملاقات کی تو پوچھا کہ آپ بیع صرف کے بارے میں یہ کیا فتویٰ دیتے ہیں کیا آپ نے قرآن مجید میں کچھ پایا یا کوئی بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے؟ انہوں نے فرمایا آپ

أَوْ شَيْءٌ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَنْتُمْ أَقْدَمُ صُحْبَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنِّيْ وَمَا أَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا مَا تَقْرَءُوْنَ وَلٰكِنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حَدَّثَنِيْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا رِبٰوا إِلَّا فِي الدَّيْنِ.

صحابیت میں مجھ سے مقدم ہیں میں قرآن پاک میں وہی پڑھتا ہوں جو تم پڑھتے ہو البتہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہا نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سود قرض میں ہوتا ہے۔

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلٰى أَنَّ بَيْعَ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ وَالذَّهَبَ بِالذَّهَبِ مِثْلَيْنِ بِمِثْلٍ جَائِزٌ إِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ وَاحْتَجُّوْا فِيْ ذٰلِكَ بِمَا قَدْ رَوَيْنَاهُ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ.

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ دو مثل چاندی کی ایک مثل کے بدلے اور دو مثل سونے کی ایک مثل سونے کے بدلے بیع جائز ہے جب کہ ہاتھوں ہاتھ (نقد) ہو انہوں نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہا کے واسطے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی روایات سے استدلال کیا ہے۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا لَا يَجُوْزُ بَيْعُ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ وَلَا الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ سَوَاءً بِسَوَاءٍ يَدًا بِيَدٍ.

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا چاندی کے بدلے چاندی اور سونے کے سونے کی بیع برابر برابر اور ہاتھوں کے علاوہ جائز نہیں۔

۱۳۴۶ - وَكَانَتِ الْحُجَّةُ لَهُمْ فِيْ تَأْوِيْلِ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ أُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِيْ ذَكَرْنَا فِي الْفَصْلِ الْأَوَّلِ أَنَّ ذٰلِكَ الرِّبٰوا إِنَّمَا عَنٰى بِهٖ رِبٰوا الْقُرْآنِ الَّذِيْ كَانَ أَصْلُهُ فِي النَّسِيْئَةِ وَذٰلِكَ أَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَكُوْنُ لَهٗ عَلٰى صَاحِبِهِ الدَّيْنُ فَيَقُوْلُ لَهٗ أَجِّلْنِيْ مِنْهُ إِلٰى كَذَا وَكَذَا بِكَذَا وَكَذَا دِرْهَمًا أَزِيْدُكَهَا فِيْ دَيْنِكَ فَيَكُوْنُ مُشْتَرِيًا لِأَجَلٍ بِمَالٍ فَنَهَاهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ ذٰلِكَ بِقَوْلِهٖ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ ثُمَّ جَاءَتِ السُّنَّةُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِتَحْرِيْمِ الرِّبٰوا فِي التَّفَاضُلِ فِي الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ وَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہا نے جو کچھ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے یہ حضرات اس کی تاویل کرتے ہوئے دلیل پیش کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں اس میں وہ سود مراد ہے جس کا قرآن پاک میں ذکر ہے جو دراصل ادھار میں ہوتا ہے وہ یوں کہ ایک آدمی کا دوسرے پر قرض ہوتا ہے وہ کہتا کہ اتنے درھموں کے بدلے جو مجھ پر تیرے قرض میں اضافہ کروں گا، اس کی میعاد فلاں تاریخ تک بڑھا دے تو اس طرح وہ مال کے بدلے میعاد کا سودا کرتا اللہ تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا ارشاد خداوندی ہے "ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سود میں سے جو باقی ہے اسے چھوڑ دو اگر تم مومن ہو" اس کے بعد سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سونے کے بدلے سونے چاندی کے بدلے چاندی اور دیگر تمام کیلی اور وزنی اشیاء میں کمی زیادتی کی صورت میں سود کو حرام قرار دیا گیا جیسا کہ حضرت

الْفِضَّةِ بِالذَّهَبِ وَسَائِرِ الْاَشْيَاءِ الْمَكِيْلَاتِ وَ الْمَوْزُوْنَاتِ عَلٰى مَا ذَكَرَهُ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْمَا رَوَيْنَاهُ عَنْهُ فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ كِتَابِنَا هٰذَا فِيْ بَابِ بَيْعِ الْحِنْطَةِ بِالشَّعِيْرِ فَكَانَ ذٰلِكَ رِبٰوا حُرِمَ بِالسُّنَّةِ وَ تَوَاتَرَتْ بِهِ الْاٰثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَامَتْ بِهَا الْحُجَّةُ وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ الرِّبٰوا الْمُحَرَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ هُوَ غَيْرُ الرِّبٰوا الَّذِيْ رَوَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ اُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رُجُوْعُ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِلٰى مَا حَدَّثَهُ بِهٖ اَبُوْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمِمَّا قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ فَلَوْ كَانَ مَا حَدَّثَهُ بِهٖ اَبُوْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ مِنْ ذٰلِكَ فِي الْمَعْنَى الَّذِيْ كَانَ اُسَامَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُ بِهٖ اِذًا لَمَا كَانَ حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ عِنْدَهُ بِاَوْلٰى مِنْ حَدِيْثِ اُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَلٰكِنَّهُ لَمْ يَكُنْ عَلِمَ بِتَحْرِيْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هٰذَا الرِّبٰوا حَتّٰى حَدَّثَهُ بِهٖ اَبُوْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَعَلِمَ اَنَّ مَا كَانَ حَدَّثَهُ بِهٖ اُسَامَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ رِبٰوا غَيْرَ ذٰلِكَ الرِّبٰوا۔

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اسے ہم اس سے پہلے جو کے بدلے گندم کی بیع کے سلسلے میں ذکر کر چکے ہیں تو یہ سود سنّت سے حرام ہوا اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے متواتر روایات آئی ہیں حتیٰ کہ ان کے ساتھ حجت قائم ہوئی اس بات کی دلیل کہ ان روایات میں جس حرام سود کا ذکر ہے وہ اس کا غیر جسے حضرت ابن عباس نے حضرت اسامہ بن زید (رضی اللہ عنہم) سے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت کی طرف رجوع کیا جسے ہم نے اسی باب میں ذکر کیا ہے پس اگر حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کے حدیث کا بھی وہی مفہوم ہوتا جو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت کا ہے تو اس صورت میں ان کے نزدیک ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے اولیٰ نہ ہوتی لیکن انہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس سود کو حرام قرار دینے کا علم اس وقت تک حاصل نہ ہوا جب تک حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان نہ کیا تو معلوم ہوا کہ جو کچھ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے ان سے بیان کیا وہ اس سود کے علاوہ ہے۔

۱۳۷۷۔ فِيْمَا رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ نَحْوِ مَا ذَكَرَهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایت کی مثل مروی روایات میں سے یہ ہیں۔

۱۳۷۸ - مَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاؤُدَ قَالَ ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ أَبِي حَازِمٍ قَالَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ مَوْلًى لَهُمْ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَبِي عَامِرٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوا الدِّيْنَارَ بِالدِّيْنَارَيْنِ وَلَا الدِّرْهَمَ بِالدِّرْهَمَيْنِ.

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک دینار کو دو دیناروں کے بدلے اور ایک درہم کو دو درہموں کے بدلے نہ بیچو۔

۱۳۷۹ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ أَنَّ حُمَيْدَ بْنَ قَيْسٍ حَدَّثَهُ عَنْ مُجَاهِدٍ الْمَكِّيِّ أَنَّ صَائِغًا سَأَلَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ إِنِّي أَصُوْغُ ثُمَّ أَبِيْعُ الشَّيْءَ مِنْ ذٰلِكَ بِأَكْثَرَ مِنْ وَزْنِهِ وَأَسْتَفْضِلُ مِنْ ذٰلِكَ قَدْرَ عَمَلِي فَنَهَاهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ ذٰلِكَ فَجَعَلَ الصَّائِغُ يَرُدُّ عَلَيْهِ الْمَسْأَلَةَ وَيَأْبَاهُ عَلَيْهِ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ حَتَّى انْتَهَى إِلَى دَابَّتِهِ أَوْ إِلَى بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ الدِّيْنَارُ بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا هٰذَا عَهْدُ نَبِيِّنَا إِلَيْنَا وَعَهْدُنَا إِلَيْكُمْ.

حضرت مجاہد مکی فرماتے ہیں زیورات بنانے والے ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں عرض کیا کہ میں زیورات بناتا ہوں پھر میں اس میں سے کوئی چیز اس کے وزن سے زیادہ کے بدلے بیچتا ہوں اور اپنی محنت کے مطابق زیادہ لیتا ہوں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے منع فرما دیا زیورات بنانے والا بار بار پوچھتا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما انکار فرماتے حتیٰ کہ وہ اپنے جانور یا مسجد کے دروازے تک چلا گیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس سے فرمایا ایک دینار ایک دینار کے بدلے اور ایک درہم ایک درہم کے بدلے ہو ان دونوں کے درمیان اضافہ نہ ہو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہی حکم دیا اور ہم بھی تمہیں اسی بات کا حکم دیتے ہیں

۱۳۸۰ - وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا عَفَّانُ قَالَ ثَنَا هَمَّامٌ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ أَنَّهُ شَهِدَ خُطْبَةَ عُبَادَةَ أَنَّهُ حَدَّثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَزْنًا بِوَزْنٍ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ كَيْلًا بِكَيْلٍ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ وَلَا بَأْسَ بِبَيْعِ الشَّعِيْرِ بِالتَّمْرِ وَالتَّمْرُ أَكْثَرُهُمَا يَدًا بِيَدٍ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مَنْ زَادَ وَاسْتَزَادَ فَقَدْ أَرْبَى.

حضرت ابوالاشعث صنعانی فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کے خطبہ میں حاضر ہوئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا کہ سونا، سونے کے بدلے برابر برابر وزن، چاندی، چاندی کے بدلے برابر برابر وزن، گندم گندم کے بدلے برابر پیمانہ، اور جو، جو کے بدلے برابر پیمانے کے ساتھ ہوں، کھجور کے بدلے جو اس طرح بیچنے میں کوئی حرج نہیں کہ کھجوریں زیادہ ہوں لیکن یہ سودا نقد ہو کھجور کے بدلے کھجور اور نمک کے بدلے نمک برابر برابر ہوں جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا وہ سود میں پڑ گیا۔

۱۳۸۱ - حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے

خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَزْنًا بِوَزْنٍ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالشَّعِیْرُ بِالشَّعِیْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ فَمَنْ زَادَ وَازْدَادَ فَقَدْ اَرْبٰی۔

سنا آپ نے فرمایا سونے کے بدلے سونا برابر برابر وزن، چاندی کے بدلے چاندی برابر برابر وزن، گندم کے بدلے گندم برابر برابر جَو کے بدلے جَو برابر برابر، کھجور کے بدلے کھجور برابر برابر اور نمک کے بدلے نمک برابر برابر ہو جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا وہ سُود خور ہے۔

۱۳۸۲۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ قَالَ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ حَبِیْبٍ السَّرَّاجُ قَالَ ثَنَا حَیَّانُ اَبُوْ زُهَیْرٍ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اشْتَهٰی تَمْرًا فَاَرْسَلَ بَعْضُ اَزْوَاجِهٖ وَلَا اَرَاهَا اِلَّا اُمَّ سَلَمَةَ بِصَاعَیْنِ مِنْ تَمْرٍ فَاَتَوْا بِصَاعٍ مِنْ عَجْوَةٍ رَاٰهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْکَرَهٗ فَقَالَ مِنْ اَیْنَ لَکُمْ هٰذَا قَالُوْا بَعَثْنَا بِصَاعَیْنِ فَاُتِیْنَا بِصَاعٍ فَقَالَ رُدُّوْهُ فَلَا حَاجَةَ لِیْ فِیْهِ۔

حضرت ابو بریدہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کھجوروں کی خواہش ہوئی تو آپ کی ازواج مطہرات میں سے ایک نے (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے حضرت ام سلمٰی رضی اللہ عنہا نے دو صاع کھجوریں بھیجیں تو صحابہ کرام ایک صاع عجوہ کھجوریں لائے (عجوہ ایک عمدہ قسم کی کھجور ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو انکار فرمایا اور فرمایا یہ تمہارے پاس کہاں سے آئیں انہوں نے بتایا کہ ہم دو صاع کھجوریں بیچ کر ایک صاع لائے ہیں آپ نے فرمایا انہیں واپس کر دو مجھے اس کی حاجت نہیں۔

۱۳۸۳۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرَةَ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ یُوْنُسَ قَالَ ثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ زَیْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ قَالَ مَشٰی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اِلٰی رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ فِیْ حَدِیْثٍ بَلَغَهٗ عَنْهُ فِیْ شَاْنِ الصَّرْفِ فَاَتَاهُ فَدَخَلَ عَلَیْهِ فَسَاَلَهٗ عَنْهُ فَقَالَ رَافِعٌ سَمِعَتْهُ اُذُنَایَ وَاَبْصَرَتْهُ عَیْنَایَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تُشِفُّوا الدِّیْنَارَ عَلَی الدِّیْنَارِ وَلَا الدِّرْهَمَ عَلَی الدِّرْهَمِ وَلَا تَبِیْعُوْا غَائِبًا مِنْهَا بِنَاجِزٍ وَاِنِ اسْتَنْظَرَكَ حَتّٰی یَدْخُلَ عَتَبَةَ بَابِهٖ۔

حضرت نافع سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایک حدیث کے سلسلے میں حضرت رافع بن خدیج کے پاس گئے وہ حدیث انہیں بیع صرف کے بارے میں رافع سے پہنچی تھی ان کے پاس پہنچے اندر داخل ہوئے اور سوال کیا تو حضرت رافع نے فرمایا میں نے اپنے کانوں سے سنا اور اپنی آنکھوں سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے فرمایا دینار کو دینار کے بدلے اور درہم کو درہم کے بدلے زیادتی کے ساتھ فروخت نہ کرو اور ان میں سے حاضر کے بدلے غائب کا سودا نہ کرو (یعنی سونے چاندی کے سودے میں ادھار نہ کرو) اگرچہ وہ تم سے صرف اس قدر مہلت حاصل کرے کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ میں داخل ہو جائے (یعنی بالکل قلیل وقت کیلئے بھی ادھار نہ ہو)

۱۳۸۴- حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلٰى اَبِيْ سَعِيْدٍ فَذَكَرَ مِثْلَهٗ غَيْرَ قَوْلِهٖ وَاِنِ اسْتَنْظَرَكَ اِلٰى اٰخِرِ الْحَدِيْثِ فَاِنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْهُ۔

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کے پاس گیا پھر انہوں نے اس کی مثل ذکر کیا البتہ انہوں نے اگرچہ وہ اتنی مہلت مانگے والا جملہ ذکر نہیں کیا۔

۱۳۸۵- حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حماد بن سلمہ حضرت عبیداللہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

۱۳۸۶- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ الْكِفَّةَ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ الْكِفَّةَ بِالْكِفَّةِ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ مِثْلًا بِمِثْلٍ يَدًا بِيَدٍ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ يَدًا بِيَدٍ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ يَدًا بِيَدٍ حَتّٰى ذَكَرَ الْمِلْحَ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے سونا، سونے کے بدلے برابر برابر، ترازو کا ایک پلڑا دوسرے پلڑے کے برابر، چاندی، چاندی کے بدلے برابر، پلڑا، پلڑے کے بدلے گندم، گندم کے بدلے برابر برابر، ہاتھوں ہاتھ، جو، جو کے بدلے برابر برابر ہاتھوں ہاتھ، کھجور، کھجور کے بدلے ہاتھوں ہاتھ بیچو حتیٰ کہ آپ نے نمک کا ذکر فرمایا۔

۱۳۸۷- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ سُهَيْلَ بْنَ اَبِيْ صَالِحٍ اَخْبَرَهٗ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا بِمِثْلٍ سَوَآءً بِسَوَآءٍ۔

حضرت سہیل بن ابی صالح اپنے والد سے خبر دیتے ہیں وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونا سونے کے بدلے اور چاندی، چاندی کے بدلے نہ بیچو مگر برابر وزن ہو۔

۱۳۸۸- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ دَاوٗدَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ لَا زِيَادَةَ وَالدِّيْنَارُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا درہم کے بدلے درہم میں زیادتی نہ ہو دینار کے بدلے دینار میں اضافہ نہ ہو بعض کو بعض پر زیادہ نہ کرو اور ان میں سے موجود کو غائب کے بدلے (ادھار کے طور پر)

بِالدَّنَانِيْرِ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ وَّلَا تَبِيْعُوْا غَائِبًا مِّنْهَا بِنَاجِزٍ۔

نہ بیچو۔

۱۳۸۹ ۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ رِجَالٌ مِّنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ اَنَّ نَافِعًا مَوْلٰی ابْنِ عُمَرَ حَدَّثَهُمْ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن وہب فرماتے ہیں مجھے اہل علم نے خبر دی جن میں حضرت مالک بن انس بھی شامل ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام حضرت نافع رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے اسکی مثل روایت کرتے ہوئے ان سے بیان کیا اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

۱۳۹۰ ۔ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا اَخْبَرَهٗ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيْدِ بْنِ سُهَيْلٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلٰى خَيْبَرَ فَجَآءَهٗ بِتَمْرٍ جَنِيْبٍ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّا لَنَاْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلَاثَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ اشْتَرِ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيْبًا۔

حضرت سعید بن مسیب حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو خیبر پر عامل مقرر کیا وہ جنب (کھجور) لائے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا خیبر کی تمام کھجوریں ایسی ہی ہیں؟ انہوں نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ! اللہ کی قسم (ایسا نہیں ہے) ہم یہ کھجوریں دو صاع کھجوروں کے بدلے ایک صاع اور تین کے بدلے دو صاع لیتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسا نہ کرو تمام کھجوروں کو درھموں کے بدلے بیچو پھر ان دراہم کے ساتھ جنیب کھجور خریدو۔

۱۳۹۱ ۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ ثَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّازِیُّ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ قَالَ ثَنَا اَبُو النَّضْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ وَهُوَ عَلَيْنَا اَمِيْرٌ مَنْ اُعْطِیَ بِالدِّرْهَمِ مِائَةَ دِرْهَمٍ فَلْيَاْخُذْهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا بِمِثْلٍ فَمَنْ زَادَ فَهُوَ رِبًا وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ فَسَلْ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِیَّ عَنْ ذٰلِكَ فَسَاَلَهٗ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ ذٰلِكَ

حضرت عبد اللہ بن حنین فرماتے ہیں کہ اہل عراق میں سے ایک شخص نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اور وہ ہم پر امیر ہیں کہ جس شخص کو ایک درھم کے بدلے ایک سو درھم دیئے جائیں وہ لے لے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سُنا فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونا، سونے کے بدلے برابر برابر وزن دیا جائے جو زیادہ ہو وہ سُود ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر تمہیں شک ہو تو اس سلسلے میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے پوچھو انہوں نے ان سے پوچھا تو حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انہوں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ

مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَقَالَ اِنَّمَا هُوَ رَأْيٌ مِّنِّيْ۔

عنہما کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی بات بتائی گئی تو انہوں نے اپنے رب سے مغفرت طلب کی اور فرمایا وہ تو صرف میری اپنی رائے تھی۔

۱۳۹۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنِ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ اَنْكَرَهٗ فَقَالَ اَنّٰى لَكَ هٰذَا قَالَ اشْتَرَيْتُهٗ بِصَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ قَالَ اَضْعَفْتَ اَرْبَيْتَ اَوْ اَرْبَيْتَ اَضْعَفْتَ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھجوریں لایا جو آپ کے لیے غیر معروف تھیں آپ نے فرمایا یہ کہاں سے آئی ہیں اس نے عرض کیا میں نے دو صاع کھجوروں کے بدلے خریدی ہیں آپ نے فرمایا تم نے دوچند کیا سودی کاروبار کیا یا فرمایا تم نے سودی کاروبار کیا دوچند کیا۔

۱۳۹۳ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُشَيْشٍ قَالَ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا هِشَامٌ قَالَ ثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِصَاعِ تَمْرٍ رَيَّانٍ وَكَانَ تَمْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعْلًا فَقَالَ اَنّٰى لَكُمْ هٰذَا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِعْنَا صَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ بِصَاعٍ مِّنْ هٰذَا فَقَالَ لَا تَفْعَلُوْا وَلٰكِنْ بِيْعُوْا تَمْرَكُمْ وَاشْتَرُوْا مِنْ هٰذَا۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ریان درخت کی کھجوریں لائی گئیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کھجوریں بعل درخت کی تھیں آپ نے فرمایا یہ کہاں سے لائے ہو صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم نے ان کھجوروں کے ایک صاع کے بدلے دو صاع کھجوریں بیچی ہیں آپ نے فرمایا ایسا نہ کرو بلکہ اپنی کھجوریں فروخت کر کے یہ خریدو۔

۱۳۹۴ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دِيْنَارٌ بِدِيْنَارٍ وَدِرْهَمٌ بِدِرْهَمٍ وَصَاعُ تَمْرٍ بِصَاعِ تَمْرٍ وَصَاعُ بُرٍّ بِصَاعِ بُرٍّ وَصَاعُ شَعِيْرٍ بِصَاعِ شَعِيْرٍ لَا فَضْلَ بَيْنَ شَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ۔

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دینار ایک دینار کے بدلے درھم ایک درھم کے بدلے، ایک صاع کھجوریں ایک صاع کھجوروں کے بدلے ایک صاع گندم ایک صاع گندم کے بدلے ایک صاع جو، ایک صاع جو کے بدلے (بیچے جائیں) ان میں سے کسی میں زائد نہ ہو۔

۱۳۹۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ ثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک صاع

عَنْ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي عُقْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْغَافِرِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا صَاعُ تَمْرٍ بِصَاعَيْنِ وَلَا صَاعُ حِنْطَةٍ بِصَاعَيْنِ وَلَا دِرْهَمٌ بِدِرْهَمَيْنِ۔

کھجوریں، دو صاع کے بدلے نہ ہوں ایک صاع گندم دو صاع کے بدلے نہ ہو اور ایک درہم دو درہموں کے بدلے بیچا جائے۔

۱۳۹۶ - حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ أَخْبَرَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ بِلَالٍ قَالَ كَانَ عِنْدِي مِنْ تَمْرٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُ أَطْيَبَ مِنْهُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ فَاشْتَرَيْتُهُ فَأَتَيْتُ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مِنْ أَيْنَ لَكَ هٰذَا يَا بِلَالُ فَقُلْتُ اشْتَرَيْتُهُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ فَقَالَ رُدَّهُ وَرُدَّ عَلَيْنَا تَمْرَنَا۔

حضرت مسروق، حضرت بلال رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میرے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کھجوریں تھیں میں نے ان سے اچھی کھجوریں ایک صاع، دو صاع کے بدلے پائیں تو میں نے خریدیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا تو آپ نے فرمایا اے بلال! یہ کہاں سے لائے ہو؟ میں نے عرض کیا میں نے ایک صاع کے بدلے دو صاع کھجوریں خریدی ہیں آپ نے فرمایا ان کو لوٹا دو اور ہماری کھجوریں ہمیں واپس کرو۔

۱۳۹۷ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عَامِرِ ابْنِ يَحْيَى وَخَالِدِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ حَنَشِ بْنِ عَبْدِ اللهِ السَّبَائِيِّ عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ نُبَايِعُ الْيَهُودَ أُوقِيَّةَ الذَّهَبِ بِالدِّينَارَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ۔

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم خیبر کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے تو ہم ایک اوقیہ سونے (چھٹانک کا چوتھا حصہ) کی دو یا تین دیناروں کے بدلے بیع کرتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونے کو سونے کے بدلے برابر برابر بیچو۔

۱۳۹۸ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبَّادٌ وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَبِي بَكْرَةَ يَعْنِي عَنْ أَبِيهِ قَالَ نَهَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَبِيعَ الْفِضَّةَ بِالْفِضَّةِ وَ

حضرت یحییٰ بن ابی اسحٰق، حضرت عبد الرحمٰن بن ابی بکرہ سے یعنی ان کے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں چاندی کے بدلے چاندی اور سونے کے بدلے سونے کی برابر برابر کے علاوہ خرید و فروخت سے منع فرمایا اور ہمیں اجازت دی کہ سونے کو چاندی کے بدلے اور چاندی کو سونے

الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَاَمَرَنَا اَنْ نَّبِيْعَ الذَّهَبَ فِي الْفِضَّةِ وَالْفِضَّةَ فِي الذَّهَبِ كَيْفَ شِئْنَا ـ

کے بدلے جیسے چاہیں فروخت کریں ۔

۱۳۹۹ ـ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ اَخْبَرَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ حَسَّانَ التُّجِيْبِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ حَنَشًا الصَّنْعَانِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ فِيْ غَزْوَةِ اُنَاسٍ قِبَلَ الْمَغْرِبِ يَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ غَزْوَةِ خَيْبَرَ بَلَغَنِيْ اَنَّكُمْ تَتَبَايَعُوْنَ الْمِثْقَالَ بِالنِّصْفِ وَالثُّلُثَيْنِ وَاِنَّهٗ لَا يَصْلُحُ اِلَّا الْمِثْقَالُ بِالْمِثْقَالِ وَالْوَزْنُ بِالْوَزْنِ ـ

حضرت عبدالرحمن بن حسان تجیبی کے آزاد کردہ غلام ربیعہ بن سلیمان فرماتے ہیں کہ انہوں نے مغرب کی جانب غزوۂ اناس میں حنشا صنعانی سے سُنا وہ حضرت رویفع سے روایت کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر میں فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تم ایک مثقال کا سودا نصف اور دو تہائی سے کرتے ہو یہ صحیح نہیں مثقال، مثقال کے بدلے ہو یعنی برابر برابر وزن ہو ۔

۱۴۰۰ ـ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكًا يَقُوْلُ حَدَّثَنِيْ مُوْسَى ابْنُ اَبِيْ تَمِيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الدِّيْنَارُ بِالدِّيْنَارِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا ـ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دینار، دینار کے بدلے ہو زیادتی نہ ہو اور درہم، درہم کے بدلے ہو زیادتی نہ ہو ۔

۱۴۰۱ ـ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِيْ تَمِيْمٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ ـ

حضرت زہیر بن محمد، حضرت موسیٰ بن ابی تمیم سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَثَبَتَ بِهٰذِهِ الْاٰثَارِ الْمُتَوَاتِرَةِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ مُتَفَاضِلًا وَكَذٰلِكَ سَائِرُ الْاَشْيَاءِ الْمَكِيْلَاتِ الَّتِيْ قَدْ ذُكِرَتْ فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ الَّتِيْ رَوَيْنَاهَا فَالْعَمَلُ

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ان متواتر روایات سے ثابت ہوا کہ آپ نے چاندی کے بدلے چاندی اور سونے کے بدلے سونے کو کمی زیادتی کے ساتھ فروخت کرنے سے منع فرمایا دیگر کیلی اشیاء جن کا ہم نے ان روایات میں ذکر کیا ہے کا حکم بھی یہی ہے لہذا حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت جس

بِهَا اَوْلٰى بِنَا مِنَ الْعَمَلِ بِحَدِيْثِ اُسَامَةَ الَّذِىْ قَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ تَاوِيْلُهٗ عَلٰى مَا قَدْ ذَكَرْنَا فِىْ هٰذَا الْبَابِ۔

ثُمَّ هٰذَا اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ بَعْدِهٖ قَدْ ذَهَبُوْا فِىْ ذٰلِكَ اِلٰى مَا تَوَاتَرَتْ بِهِ الْاٰثَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيْضًا۔

۱۴۰۲۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَبَلَةَ ابْنِ سُحَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ خَطَبَ عُمَرُ فَقَالَ لَا يَشْتَرِىْ اَحَدُكُمْ دِيْنَارًا بِدِيْنَارَيْنِ وَلَا دِرْهَمًا بِدِرْهَمَيْنِ وَلَا قَفِيْزًا بِقَفِيْزَيْنِ اِنِّىْ اَخْشٰى عَلَيْكُمُ الرَّمَاءَ وَاِنِّىْ لَا اُوْتٰى بِاَحَدٍ فَعَلَهٗ اِلَّا اَوْجَعْتُهٗ عُقُوْبَةً فِىْ نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ۔

۱۴۰۳۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا وَهْبٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ لَا يَاْخُذُ اَحَدُكُمْ دِرْهَمًا بِدِرْهَمَيْنِ فَاِنِّىْ اَخْشٰى عَلَيْكُمُ الرَّمَاءَ۔

۱۴۰۴۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ اَخْبَرَنَا وَهْبٌ قَالَ ثَنَا اَبِىْ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا قَالَ حَدَّثَنِى ابْنُ عُمَرَ قَالَ خَطَبَ عُمَرُ فَقَالَ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ اِنِّىْ اَخَافُ عَلَيْكُمُ الرَّمَاءَ۔

۱۴۰۵۔ **حَدَّثَنَا** ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا عَارِمٌ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ مِثْلَهٗ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَهٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

کا وہ مفہوم بھی ہو سکتا ہے جو ہم نے اس باب میں ذکر کیا ہے، کے مقابلے میں ان روایات پر عمل کرنا اولیٰ ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے صحابہ کرام سے بھی تواتر کے ساتھ وہ بات مروی ہے جو آپ سے متواتر روایات میں منقول ہے۔

حضرت جبلہ بن سحیم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا اور فرمایا تم میں سے کوئی شخص دو دیناروں کے بدلے ایک دینار، دو درھموں کے بدلے ایک درھم اور دو قفیزوں کے بدلے ایک قفیز (غلہ) نہ خریدے مجھے تم پر سود کا ڈر ہے اگر مجھے کسی شخص کے بارے میں خبر ملی کہ اس نے یہ کام کیا ہے تو میں اسے اسکی جان اور ۲

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم میں سے کوئی ایک درھم، دو درھموں کے بدلے نہ لے کیونکہ مجھے تم پر سود کا ڈر ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا اور فرمایا سونے کو سونے کے بدلے اور چاندی کو چاندی کے بدلے نہ بیچو مگر برابر برابر اس میں بعض کو بعض پر زیادہ نہ کرو مجھے تم پر سود کا خوف ہے۔

حضرت ایوب، حضرت نافع سے وہ حضرت ابن عمر سے اور وہ حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہم) سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حضرت

۲ مال کے بارے میں

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْطُبُ بِهٰذَا عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِحَضْرَةِ اَصْحَابِهٖ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ لَا يُنْكِرُهٗ عَلَيْهِ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى مُوَافَقَتِهِمْ لَهٗ عَلَيْهِ۔

عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر شریف پر صحابہ کرام کے سامنے اس قسم کا خطبہ دیتے ہیں اور کوئی بھی ان پر اعتراض نہیں کرتا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ وہ سب اس مسئلے میں ان کے متفق ہیں۔

۱۴۰۶۔ ثُمَّ قَدْ رُوِيَ فِيْ ذٰلِكَ اَيْضًا عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ وَعَلِيٍّ وَغَيْرِهِمَا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا يُوَافِقُ ذٰلِكَ اَيْضًا۔

پھر حضرت ابو بکر صدیق، حضرت علی المرتضیٰ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی اس کے موافق مروی ہے۔

۱۴۰۷۔ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ كَتَبَ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ اِلٰى اُمَرَاءِ الْاَجْنَادِ حِيْنَ قَدِمَ الشَّامَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّكُمْ قَدْ هَبَطْتُمْ اَرْضَ الرِّبٰوا فَلَا تَتَبَايَعُوْنَ الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ وَلَا الطَّعَامَ بِالطَّعَامِ اِلَّا كَيْلًا بِكَيْلٍ قَالَ اَبُوْ قَيْسٍ قَرَأْتُ كِتَابَهٗ۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام حضرت ابو قیس فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جب شام تشریف لائے تو آپ نے افواج کے افسروں کو لکھا "حمد و صلوٰۃ کے بعد تم سودی زمین میں اترے ہو پس تم سونے کو سونے بدلے، چاندی کو چاندی کے بدلے برابر برابر وزن کے ساتھ بیچنا اور غلہ، غلہ کے بدلے برابر پیمانے کے ساتھ ہو حضرت ابو قیس فرماتے ہیں ان کا مکتوب گرامی میں نے پڑھا تھا۔

۱۴۰۸۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا الْحَسَنُ ابْنُ الرَّبِيْعِ قَالَ ثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيُّ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ مِقْسَمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ صَالِحِ السَّمَّانِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَكُوْنُ عِنْدِي الدَّرَاهِمُ فَلَا تُنْفَقُ عَنِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ فَاَشْتَرِيْ بِهَا دَرَاهِمَ تَجُوْزُ عَنِّيْ وَاَهْضِمُ فِيْهَا قَالَ فَقَالَ عَلِيٌّ لَا اشْتَرِ بِدَرَاهِمِكَ ذَهَبًا ثُمَّ اشْتَرِ بِذَهَبِكَ وَرِقًا ثُمَّ اَنْفِقْهَا فِيْمَا شِئْتَ۔

حضرت ابو صالح سمان سے مروی ہے فرماتے ہیں میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ آپ کے پاس ایک شخص آیا تو اس نے کہا کہ میرے پاس درہم ہوتے ہیں وہ میری ضرورت میں خرچ نہیں اگر میں ان کے بدلے دوسرے دراہم خرید دوں تو یہ جائز ہے جب کہ میں بخوشی کچھ کم بھی کر دوں (یعنی کم لوں) راوی فرماتے ہیں انہوں نے فرمایا نہیں بلکہ اپنے درھموں کے بدلے سونا خرید و پھر اس سونے کے بدلے چاندی خرید و اور جہاں چاہو خرچ کرو۔

۱۴۰۹۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ ثَنَا

حضرت شریح، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے

أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ شُرَيْحٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ الدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ فَضْلُ مَا بَيْنَهُمَا رِبًوا قَالَ أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا عَنْ سُفْيَانَ الدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ قَالَ حُسَيْنٌ قَالَ لِي أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ إِمَامُ مَسْجِدِ حَمَّادٍ۔

روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا درہم کے بدلے درہم کے سودے میں کمی زیادتی ہو تو وہ سود ہوتا ہے ابونعیم کہتے ہیں ہمارے بعض اصحاب نے حضرت سفیان سے نقل کیا کہ درہم درہم کے بدلے فروخت کیا جائے وہ فرماتے ہیں مجھ سے یہ بات حماد کی مسجد کے امام احمد بن صالح نے فرمائی ہے۔

۱۴۱۰ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ ثَنَا هَرُونُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ عُمَرُ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يَنْهَيَانِ عَنْ بَيْعِ الدِّرْهَمَيْنِ بِالدِّرْهَمِ يَدًا بِيَدٍ وَيَقُولَانِ الدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ وَالدِّينَارُ بِالدِّينَارِ۔

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایک درہم کے بدلے دو درہموں کو نقدًا بیچنے سے منع فرماتے تھے اور فرماتے ایک درہم، ایک درہم کے بدلے اور ایک دینار، ایک دینار کے بدلے (بیچا جائے)

۱۴۱۱ - حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ قُرِئَ عَلَى شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ مَرَّ بِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَمَعَهُ وَرِقٌ فَقَالَ اِصْنَعْ لَنَا أَوْضَاحًا لِصَبِيٍّ لَنَا قُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عِنْدِي أَوْضَاحٌ مَعْمُولَةٌ فَإِنْ شِئْتَ أَخَذْتُ الْوَرِقَ وَأَخَذْتَ الْأَوْضَاحَ فَقَالَ عُمَرُ مِثْلًا بِمِثْلٍ فَقُلْتُ نَعَمْ فَوَضَعَ الْوَرِقَ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ وَالْأَوْضَاحَ فِي كِفَّةِ الْأُخْرَى فَلَمَّا اسْتَوَى الْمِيزَانُ أَخَذَ بِإِحْدَى يَدَيْهِ وَأَعْطَى بِالْأُخْرَى۔

حضرت ابورافع فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے اور آپ کے پاس چاندی تھی انہوں نے فرمایا ہمارے بچوں کے لیے زیور بنا دیں، میں نے عرض کیا امیر المومنین! میرے پاس تیار زیورات ہیں اگر آپ چاہیں تو زیورات لے لیں اور میں چاندی لے لوں آپ نے فرمایا برابر برابر ہو۔ میں نے عرض کیا "جی ہاں" تو انہوں نے چاندی کو ترازو کے ایک پلڑے میں اور زیورات کو دوسرے پلڑے میں رکھا جب وزن برابر ہو گیا تو ایک ہاتھ سے لیا اور دوسرے ہاتھ سے دیا۔

۱۴۱۲ - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْقِذٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ عَنْ غِيَاثِ بْنِ رَزِينٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ هُوَ اللَّخْمِيُّ قَالَ كُنَّا فِي غَزَاةٍ مَعَ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ فَسَأَلْتُهُ عَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ فَقَالَ

حضرت غیاث بن رزین فرماتے ہیں مجھ سے علی بن رباح لخمی نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم فضالہ بن عبید کے ہمراہ غزوات میں تھے میں نے ان سے سونے کے بدلے سونا بیچنے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا برابر برابر ہوں

مِثْلًا بِمِثْلٍ لَيْسَ بَيْنَهُمَا فَضْلٌ.

۱۴۱۳- وَ مِمَّا رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي رُجُوْعِهٖ عَنِ الصَّرْفِ مَا قَدْ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ قَالَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ دَاوٗدَ ابْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِي الصَّهْبَاءِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ نَزَعَ عَنِ الصَّرْفِ فَهٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ الَّذِيْ رَوٰى عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ قَالَ اِنَّمَا الرِّبٰوا فِي النَّسِيْئَةِ دَلَّ وَ لٰكِنْ ذٰلِكَ عَلٰى اِجَازَةِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ مِثْلَيْنِ بِمِثْلٍ وَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ قَدْ رَجَعَ عَنْ قَوْلِهٖ ذٰلِكَ فَاِمَّا اَنْ يَكُوْنَ رُجُوْعُهٗ لِعِلْمِهٖ اَنَّ مَا كَانَ اُسَامَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهٗ اِنَّمَا هُوَ رِبَا الْقُرْاٰنِ وَعَلِمَ اَنَّ رِبَا النَّسِيْئَةِ بِغَيْرِ ذٰلِكَ اَوْ يَكُوْنَ ثَبَتَ عِنْدَهٗ مَا خَالَفَ حَدِيْثَ اُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِمَّا لَمْ يَثْبُتْ مِنْهُ حَدِيْثُ اُسَامَةَ مِنْ كَثْرَةِ مَنْ نَقَلَهٗ لَهٗ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَامَتْ عَلَيْهِ بِهِ الْحُجَّةُ وَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ فِيْ حَدِيْثِ اُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لِاَنَّهٗ خَبَرٌ وَاحِدٌ فَرَجَعَ اِلٰى مَا جَاءَتْ بِهِ الْجَمَاعَةُ الَّذِيْنَ يَقُوْمُ بِنَقْلِهِمُ الْحُجَّةُ وَتَرَكَ مَا جَاءَ بِهِ الْوَاحِدُ الَّذِيْ قَدْ يَجُوْزُ عَلَيْهِ السَّهْوُ وَالْغَلَطُ وَالْغَفْلَةُ وَهٰذَا الَّذِيْ بَيَّنَّا فِي الصَّرْفِ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ.

زیادہ نہ ہو۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے انکی زیادتی کے ساتھ) بیع صرف (کے عدم جواز) سے رجوع کے سلسلے میں روایات آئی ہیں ان میں سے ایک حضرت ابو الصہباء سے مروی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیع صرف (میں کمی زیادتی کے ساتھ سود نہ ہونے کے قول) سے رجوع کر لیا تو یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ہیں جنہوں نے بواسطہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا سود صرف ادھار کی صورت میں ہوتا ہے اور اس کا نتیجہ یہ نکالا کہ چاندی کے بدلے چاندی اور سونے کے بدلے سونے کی بیع ایک مثل کے بدلے دو، زیادہ مثل کی صورت میں جائز ہے اور انہوں نے اس سے رجوع کر لیا تو ان کا رجوع یا تو اس بات کا علم حاصل ہونے کی وجہ سے تھا کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے جو کچھ ان سے بیان کیا کہ اس سے مراد وہ ربوٰ ہے جس کا قرآن پاک میں ذکر ہے اور انہیں معلوم ہو گیا کہ ادھار والا سود اور ہے یا ان کے نزدیک حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے خلاف روایت اس طریقے پر ثابت ہوئی کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت اس طرح ثابت نہ ہوئی کیونکہ دوسری روایت حضور علیہ السلام سے نہایت کثرت سے منقول ہے حتیٰ کہ یہ روایت ان کے لیے حجت بن گئی اور یہ بات حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں نہ تھی کیونکہ وہ خبر واحد ہے چنانچہ انہوں نے اس حدیث کی طرف رجوع کیا جسے اتنی بڑی جماعت نے نقل کیا کہ ان کا نقل کرنا حجت بن جاتا ہے اور خبر واحد کو چھوڑ دیا کیونکہ اس میں بھولنے غلطی اور غفلت کا امکان ہے، یہ جو کچھ بیع صرف کے بارے میں ہم نے بیان کیا ہے یہ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ حضرت امام ابو یوسف اور حضرت امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

بَابُ الْقِلَادَةِ تُبَاعُ بِذَهَبٍ وَّفِيْهَا خَرَزٌ وَّذَهَبٌ

سونے کے بدلے ایسا ہار بیچنا جس میں سونا اور موتی ہوں

۱۴۱۴- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ اَصَبْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً فِيْهَا ذَهَبٌ وَّخَرَزٌ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَبِيْعَهَا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ اِفْصِلْ بَعْضَهَا مِنْ بَعْضٍ ثُمَّ بِعْهَا كَيْفَ شِئْتَ۔

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں غزوۂ خیبر کے دن مجھے ایک ہار ملا جس میں سونا اور جواہرات تھے میں نے اسے بیچنے کا ارادہ کیا تو حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا آپ سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا ان دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کر کے بیچو۔

۱۴۱۵- حَدَّثَنَا رَبِيْعٌ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ شُجَاعٍ سَعِيْدُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِمْيَرِيُّ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ عَنْ فُضَالَةَ ابْنِ عُبَيْدٍ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اشْتَرَيْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً فِيْهَا ذَهَبٌ وَّخَرَزٌ بِاثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فَفَصَّلْتُهَا فَاِذَا الذَّهَبُ اَكْثَرُ مِنِ اثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفَصَّلَ۔

حضرت خالد بن ابی عمران رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے خیبر کے دن ایک ہار جس میں سونا اور جواہرات تھے بارہ دینار کے بدلے خریدا اس (سونے) کو الگ کیا تو وہ بارہ دینار سے زیادہ کا تھا میں نے یہ بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا الگ کئے بغیر نہ بیچا جائے۔

۱۴۱۶- حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ اَبِيْ عِمْرَانَ يُحَدِّثُ عَنْ حَنَشٍ عَنْ فُضَالَةَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ بِقِلَادَةٍ فِيْهَا خَرَزٌ مُّعَلَّقَةٌ بِذَهَبٍ

حضرت حنش، حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں خیبر کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ہار لایا گیا جس میں جواہرات سونے کے ساتھ لٹکے ہوئے تھے ایک شخص نے اسے سات یا نو دینار کے بدلے خریدا جب حضور علیہ السلام کی خدمت میں لایا گیا اور یہ بات عرض کی گئی

اِبْتَاعَهَا رَجُلٌ بِسَبْعٍ اَوْ بِتِسْعٍ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَا حَتّٰى تُمَيِّزَ مَا بَيْنَهُمَا فَقَالَ اِنَّمَا اَرَدْتُّ الْحِجَارَةَ فَقَالَ لَا حَتّٰى تُمَيِّزَ بَيْنَهُمَا فَرَدَّهٗ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰى اَنَّ الْقِلَادَةَ اِذَا كَانَتْ كَمَا ذَكَرْنَا لَمْ يَجُزْ اَنْ تُبَاعَ بِالذَّهَبِ لِاَنَّ ذٰلِكَ الثَّمَنَ وَهُوَ ذَهَبٌ يُقْسَمُ عَلٰى قِيْمَةِ الْخَرَزِ وَعَلَى الذَّهَبِ فَيَكُوْنُ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مَبِيْعًا بِمَا اَصَابَهٗ مِنَ الثَّمَنِ كَالْعَرْضَيْنِ يُبَاعَانِ بِذَهَبٍ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مَبِيْعٌ بِمَا اَصَابَ قِيْمَتَهٗ مِنْ ذٰلِكَ الذَّهَبِ۔

قَالُوْا فَلَمَّا كَانَ مَا يُصِيْبُ الذَّهَبَ الَّذِيْ فِي الْقِلَادَةِ اِنَّمَا يُصِيْبُهٗ بِالْخَرَزِ وَالظَّنِّ وَكَانَ الذَّهَبُ لَا يَجُوْزُ اَنْ يُّبَاعَ بِالذَّهَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ لَمْ يَجُزِ الْبَيْعُ اِلَّا اَنْ يُّعْلَمَ اَنَّ ثَمَنَ الذَّهَبِ الَّذِيْ فِي الْقِلَادَةِ مِثْلُ وَزْنِهٖ مِنَ الذَّهَبِ الَّذِيْ اُشْتُرِيَتْ بِهِ الْقِلَادَةُ وَلَا يُعْلَمُ بِقِسْمَةِ الثَّمَنِ اِنَّمَا يُعْلَمُ بِاَنْ تَكُوْنَ عَلٰى حِدَةٍ بَعْدَ الْوُقُوْفِ عَلٰى وَزْنِهٖ وَذٰلِكَ غَيْرُ مَوْقُوْفٍ عَلَيْهِ اِلَّا بَعْدَ اَنْ تُفَصَّلَ مِنَ الْقِلَادَةِ قَالُوْا فَلَا يَجُوْزُ بَيْعُ هٰذِهِ الْقِلَادَةِ بِالذَّهَبِ اِلَّا بَعْدَ اَنْ يُّفَصَّلَ ذَهَبُهَا مِنْهَا لِمَا قَدْ ذَكَرْنَاهُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا اِنْ كَانَتْ هٰذِهِ الْقِلَادَةُ لَا يُعْلَمُ مِقْدَارُ ذَهَبِهَا اَهُوَ مِثْلُ وَزْنِ جَمِيْعِ الثَّمَنِ اَوْ اَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ اَوْ اَكْثَرُ اِلَّا بِاَنْ تُفَصَّلَ الْقِلَادَةُ فَيُوْزَنُ ذٰلِكَ الذَّهَبُ الَّذِيْ فِيْهَا فَيُوْقَفُ عَلٰى وَزْنِهٖ لَمْ يَجُزْ بَيْعُهَا بِذَهَبٍ اِلَّا بَعْدَ

تو آپ نے فرمایا فروخت نہیں کر سکتے حتی کہ دونوں چیزوں کو الگ الگ کر دو اس نے کہا میں نے تو صرف جواہرات کی نیت کی تھی آپ نے فرمایا جائز نہیں جب تک دونوں کو الگ الگ نہ کیا جائے چنانچہ آپ نے اسے رد کر دیا۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ اگر ہار کی وہ صورت ہو جو ہم نے ذکر کی ہے تو اسے سونے کے بدلے بیچنا جائز نہیں کیونکہ قیمت یعنی سونا، جواہرات اور سونے پر تقسیم کیا جائے تو وہ دونوں اس قیمت میں فروخت شدہ مال ہو گا جیسا کہ دو چیزیں سونے کے بدلے بیچی جائیں تو اس سونے میں سے جس چیز کے حصے میں جتنا آئے گا وہ اس کے بدلے بیع (بیچی جانے والی چیز) ہو گی۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ ہار کے سونے کی قیمت محض اندازے اور گمان سے ہو گی اور سونے کو سونے کے بدلے صرف برابر بیچ سکتے ہیں تو صرف اسی صورت میں یہ بیع جائز ہو گی جب یہ معلوم ہو کہ ہار والے سونے کی قیمت اس سونے کے وزن کے برابر ہو جس کے ساتھ ہار خریدا گیا اور یہ بات قیمت کو تقسیم کرنے سے معلوم نہیں ہوتی وہ اسی صورت میں معلوم ہو گی جب ہار کے سونے کا وزن کر کے اس کی قیمت علیحدہ مقرر کی جائے اور یہ اسی وقت معلوم ہو گا جب اسے ہار سے الگ کر دیا جائے وہ فرماتے ہیں اس ہار کو سونے کے بدلے بیچنا جائز نہیں جب تک اس کا سونا الگ نہ کر دیا جائے جیسا کہ ہم نے حضور علیہ السلام سے نقل کیا اور اس سبب سے جو ہم نے قیاس سے استدلال کیا۔

اور دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس ہار کے سونے کے بارے میں معلوم نہیں کہ وہ تمام قیمت کے برابر ہے یا اس سے کم یا زیادہ ہے مگر یہ کہ اس کو ہار سے الگ کر کے وزن کیا جائے اور اس وزن سے آگاہی حاصل کی جائے تو اب اس کی بیع اس وقت جائز نہ ہو گی جب تک وہ سونا الگ نہ کیا جائے اور معلوم ہو کہ وہ اس قیمت

اَنْ یُّفْصَلَ ذَهَبُهَا مِنْهَا فَیُعْلَمَ اَنَّهٗ اَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ الثَّمَنِ وَاِنْ كَانَتِ الْقِلَادَةُ یُحِیْطُ الْعِلْمُ بِوَزْنِ مَا فِیْهَا مِنَ الذَّهَبِ وَیُعْلَمُ اَنَّهٗ اَقَلُّ مِنَ الذَّهَبِ الَّذِیْ بِیْعَتْ بِهٖ اَوْ لَا یُحِیْطُ الْعِلْمُ بِوَزْنِهٖ اِلَّا اَنَّهٗ یُعْلَمُ اَنَّهٗ فِی الْحَقِیْقَةِ اَقَلُّ مِنَ الثَّمَنِ الَّذِیْ بِیْعَتْ بِهِ الْقِلَادَةُ وَهُوَ ذَهَبٌ فَالْبَیْعُ جَائِزٌ وَذٰلِكَ اَنَّهٗ یَكُوْنُ ذَهَبُهَا بِمِثْلِ وَزْنِهٖ مِنَ الذَّهَبِ الثَّمَنِ وَیَكُوْنُ مَا فِیْهَا مِنَ الْخَرَزِ بِمَا بَقِیَ مِنَ الثَّمَنِ وَلَا یَحْتَاجُ فِیْ ذٰلِكَ اِلٰی قِسْمَةِ الثَّمَنِ عَلَی الْقِیَمِ كَمَا یَحْتَاجُ اِلَیْهِ فِی الْعُرُوْضِ الْمَبِیْعَةِ بِالثَّمَنِ الْوَاحِدِ۔

سے کم ہے اور اگر ہار کے سونے کا علم حاصل ہوا اور یہ بھی معلوم ہو کہ وہ اس سونے سے کم ہے جس کے بدلے اسے بیچا گیا یا اس کے وزن کا علم حاصل نہ ہو لیکن یہ معلوم ہو کہ فی الواقع اس کا سونا ہار کی قیمت سے کم ہے اور وہ سونا ہے تو اب سودا جائز ہوگا اور یہ اس لیے کہ ہار کا سونا قیمت والے سونے سے اس کی مقدار کے برابر ہوگا اور جواہرات باقی سونے کے مقابلے میں ہوں گے۔ اور وہ اس صورت میں قیمت کے سونے کو ان میں سے ہر ایک کی قیمت پر تقسیم کرنے کی ضرورت نہ ہوگی جیسا کہ ایک قیمت پر بیچے جانے والی اشیاء میں ضرورت پڑتی ہے۔

وَالدَّلِیْلُ عَلٰی ذٰلِكَ اَنَّا رَاَیْنَا الذَّهَبَ لَا یَجُوْزُ اَنْ یُّبَاعَ بِذَهَبٍ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَرَاَیْنَاهُمْ لَا یَخْتَلِفُوْنَ فِیْ دِیْنَارَیْنِ اَحَدُهُمَا فِی الْجَوْدَةِ اَفْضَلُ مِنَ الْاٰخَرِ بِیْعَا صَفْقَةً وَاحِدَةً بِدِیْنَارَیْنِ مُسَاوِیَیْنِ فِی الْجَوْدَةِ اَوْ بِذَهَبٍ غَیْرِ مَضْرُوْبٍ جَیِّدٍ اَنَّ الْبَیْعَ جَائِزٌ فَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ مَرْدُوْدًا اِلٰی حُكْمِ الْقِیْمَةِ كَمَا تُرَدُّ الْعُرُوْضُ مِنْ غَیْرِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ اِذَا بِیْعَتْ بِثَمَنٍ وَّاحِدٍ اِذًا لَفَسَدَ الْبَیْعُ لِاَنَّ الدِّیْنَارَ الرَّدِیَّ یُصِیْبُهٗ اَقَلُّ مِنْ وَزْنِهٖ اِذَا كَانَتْ قِیْمَتُهٗ اَقَلَّ مِنْ قِیْمَةِ الدِّیْنَارِ الْاٰخَرِ۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں سونے کو سونے کے بدلے برابر ہی بیچ سکتے ہیں اور ہم نے دیکھا کہ فقہاء کا اس بارے میں اختلاف نہیں کہ ایسے دو دیناروں کو جن میں سے ایک دوسرے کے مقابلے میں زیادہ کھرا ہو ایک ہی عقد میں ان دو دیناروں کے بدلے میں بیچنا جائز ہے جو کھرے پن میں برابر ہوں یا اس سونے کے بدلے میں جس کا سکہ نہ بنایا گیا اور وہ کھرا ہو (جائز ہے) اگر ان کو بھی قیمت کی طرف لوٹایا جاتا جیسے سونے چاندی کے علاوہ سامان کو لوٹایا جاتا ہے جبکہ ایک ہی قیمت میں سودا ہو تو اس صورت میں فاسد ہوتی کیونکہ ردی دینار کے حصے میں کم سونا آئے گا جب اس کی قیمت دوسرے دینار کے مقابلے میں کم ہو۔

فَلَمَّا اُجْمِعَ عَلٰی صِحَّةِ ذٰلِكَ الْبَیْعِ وَكَانَتِ السُّنَّةُ قَدْ ثَبَتَتْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَنَّ الذَّهَبَ تِبْرُهٗ وَعَیْنُهٗ سَوَاءٌ ثَبَتَ بِذٰلِكَ اَنَّ حُكْمَ الذَّهَبِ فِی الْبَیْعِ اِذَا كَانَ بِذَهَبٍ عَلٰی غَیْرِ الْقِسْمَةِ عَلَی الْقِیَمِ وَاَنَّهٗ مَخْصُوْصٌ فِیْ ذٰلِكَ

تو جب انہوں نے اس بیع کے صحیح ہونے پر اجماع کیا ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے ثابت ہے کہ سونے کو جب سونے کے بدلے میں بیچا جائے تو اسے قیمتوں پر تقسیم نہیں کیا جائے گا اور یہ حکم اسی کے ساتھ مخصوص ہے دوسرے اسباب میں یہ حکم نہیں ہے اس کے مقابلے میں جو قیمت ہوگی وہ وزن کے لحاظ سے ہوگی قیمت

بِحُكْمٍ دُوْنَ حُكْمِ سَائِرِ الْعُرُوْضِ الْمَبِيْعَةِ صَفْقَةً وَّاحِدَةً وَّاِنَّمَا يُصِيْبُهٗ مِنَ الثَّمَنِ هُوَ وَزْنُهٗ مَالَا يُصِيْبُ قِيْمَتَهٗ فَهٰذَا هُوَ مَا يَشْهَدُ هٰذَا الْقَوْلُ مِنَ النَّظَرِ۔

کے اعتبار سے نہیں قیاس بھی اسی قول کی تائید کرتا ہے۔

وَقَدِ اضْطَرَبَ عَلَيْنَا حَدِيْثُ فُضَالَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَا فَرَوَاهُ قَوْمٌ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْبَابِ وَرَوَاهُ اٰخَرُوْنَ عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ۔

حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہم نے روایت کی ہے اس میں اضطراب ہے ایک جماعت نے اسے اُس طرح روایت کیا ہے جس طرح ہم نے باب کے شروع میں روایت کیا اور دوسرے حضرات نے اس کے علاوہ روایت کیا۔

۱۴۱۷- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْهَانِئٍ اَنَّهٗ سَمِعَ عَلِيَّ ابْنَ رَبَاحٍ اللَّخْمِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ فُضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ الْاَنْصَارِيَّ يَقُوْلُ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِخَيْبَرَ بِقِلَادَةٍ فِيْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ وَهِيَ مِنَ الْمَغَانِمِ تُبَاعُ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالذَّهَبِ الَّذِيْ فِي الْقِلَادَةِ فَنُزِعَ وَحْدَهٗ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ۔

حضرت علی بن رباح لخمی فرماتے ہیں انہوں نے حضرت فضالہ انصاری رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خیبر میں ایک ہار لایا گیا اس میں سونا اور جواہرات تھے وہ مال غنیمت سے تھا جسے بیچا جا رہا تھا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہار میں لگے ہوئے سونے کو الگ کرنے کا حکم دیا پھر فرمایا سونے کے بدلے سونا وزن کے اعتبار سے ہوتا ہے۔

۱۴۱۸- حَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ قَالَ ثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هَانِئٍ عَنْ فُضَالَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ يَقُلْ بِخَيْبَرَ۔

حضرت حمید بن ہانی، حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں البتہ انہوں نے خیبر کا ذکر نہیں کیا۔

۱۴۱۹- حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ اِدْرِيْسَ قَالَ ثَنَا الْمُقْرِئُ قَالَ ثَنَا حَيْوَةُ عَنْ اَبِيْ هَانِئٍ فَذَكَرَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ۔

حضرت حیوہ، حضرت ابو ہانی سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند سے اس کی مثل ذکر کیا۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرُ مَا فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ فِيْ هٰذَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَزَعَ الذَّهَبَ فَجَعَلَهٗ عَلٰى حِدَةٍ ثُمَّ قَالَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ لِيُعْلَمَ

تو اس مسئلے کے بارے میں اس حدیث میں جو کچھ ہے وہ پہلی حدیث میں نہیں ہے وہ یہ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کو اتار کر الگ کیا پھر فرمایا سونے کے بدلے سونا وزن کے اعتبار سے ہوتا ہے

النَّاسَ كَيْفَ حُكْمُ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ ۔

فَقَدْ يَجُوزُ اَنْ يَّكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَصَلَ الذَّهَبَ لِاَنَّ صَلَاحَ الْمُسْلِمِيْنَ كَانَ فِيْ ذٰلِكَ فَفَعَلَ مَا فِيْهِ صَلَاحُهُمْ لَا لِاَنَّ بَيْعَ الذَّهَبِ قَبْلَ اَنْ يُّنْتَزَعَ مَعَ غَيْرِهٖ فِيْ صَفْقَةٍ وَّاحِدَةٍ غَيْرُ جَائِزٍ وَهٰذَا خِلَافُ مَا رُوِيَ مَنْ رَوٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفْصَلَ ۔

وَقَدْ رَوَاهُ اٰخَرُوْنَ عَلٰى خِلَافِ ذٰلِكَ اَيْضًا۔

۱۴۲۰۔ فَحَدَّثَنَا رَبِيْعُ الْمُؤَذِّنُ قَالَ ثَنَا اَسَدٌ قَالَ ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ قَالَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ حَنَشُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّنْعَانِيُّ اَنَّهٗ كَانَ فِي الْبَحْرِ مَعَ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ حَنَشٌ فَاشْتَرَيْتُ قِلَادَةً فِيْهَا تِبْرٌ وَّيَاقُوْتٌ وَزَبَرْجَدٌ فَاَتَيْتُ فُضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ فَذَكَرْتُ لَهٗ ذٰلِكَ فَقَالَ لَا تَاْخُذِ التِّبْرَ بِالتِّبْرِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَاِنِّيْ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ فَاشْتَرَيْتُ قِلَادَةً بِسَبْعَةِ دَنَانِيْرَ فِيْهَا تِبْرٌ وَّجَوْهَرٌ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَاْخُذِ التِّبْرَ بِالذَّهَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ ۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرُ مَا تَقَدَّمَهٗ مِنَ الْاَحَادِيْثِ وَذٰلِكَ اَنَّ مَا حَكٰى فُضَالَةُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هُوَ التِّبْرُ بِالذَّهَبِ

تاکہ معلوم ہو جائے کہ سونے کے بدلے سونے کا حکم کیا ہے ۔

تو یہ بھی جائز ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونا اس لیے الگ کیا ہو کہ اس میں مسلمانوں کا فائدہ تھا تو جس میں ان کی بہتری تھی وہ عمل کیا یہ بات نہیں کہ سونے کو الگ کئے بغیر ایک ہی سودے میں اس کا بیچنا جائز نہ تھا اور یہ آپ کی اس حدیث کے خلاف ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ جدا کئے بغیر نہ بیچا جائے ۔

دوسرے حضرات نے بھی اس کے خلاف روایت کیا ہے ۔

حضرت خالد بن ابی عمر فرماتے ہیں مجھ سے حضرت حنش بن عبد اللہ صنعانی نے بیان کیا کہ وہ دریا کے سفر میں حضرت فضالہ بن عبید انصاری کے ہمراہ تھے حضرت حنش فرماتے ہیں میں نے ایک ہار خریدا جس میں سونا یاقوت اور زبرجد جڑے ہوئے تھے میں حضرت فضالہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ بات ذکر کی تو انہوں نے فرمایا سونے کو سونے کے بدلے برابر برابر لو میں خیبر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا میں نے ایک ہار سات دینار میں خریدا جس میں سونا اور جواہرات تھے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا سونے کو سونے کے بدلے برابر برابر ہی لے سکتے ہو ۔

اس حدیث میں پہلی حدیث کے علاوہ مضمون ہے وہ یوں کہ اس حدیث میں حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ نے جو کچھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا وہ یہ ہے کہ سونے کو سونے کے بدلے برابر لیا جائے اور جس

مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فَسَادَ الْبَيْعِ فِي الْقِلَادَةِ الْمَبِيْعَةِ بِذَهَبٍ إِذْ كَانَ فِيْهَا ذَهَبٌ وَّ غَيْرُهُ فَهٰذَا خِلَافُ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ۔

وَقَدْ رَوَاهُ اٰخَرُوْنَ اَيْضًا عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ۔

۱۴۲۱ - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ قُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ عَامِرَ بْنَ يَحْيَى الْمُعَافِرِيَّ اَخْبَرَهُمَا عَنْ حَنَشٍ اَنَّهُ قَالَ كُنَّا مَعَ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ فِيْ غَزْوَةٍ فَصَارَتْ لِيْ وَلِاَصْحَابِيْ قِلَادَةٌ فِيْهَا ذَهَبٌ وَّوَرِقٌ وَّجَوْهَرٌ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَشْتَرِيَهَا فَسَاَلْتُ فَضَالَةَ فَقَالَ انْزِعْ ذَهَبَهَا وَاجْعَلْهُ فِي الْكِفَّةِ وَاجْعَلْ ذَهَبًا فِي الْكِفَّةِ الْاُخْرٰى ثُمَّ لَا تَاْخُذَنَّ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَاْخُذَنَّ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ۔

فَهٰذَا خِلَافُ لِمَا تَقَدَّمَهُ مِنَ الْاَحَادِيْثِ لِاَنَّ فِيْهِ اَمْرَ فَضَالَةَ بِنَزْعِ الذَّهَبِ وَبَيْعِهٖ وَحْدَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ ذَكَرَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هُوَ نَهْيُهٗ عَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ۔

فَهٰذَا مَا لَا اخْتِلَافَ فِيْهِ وَالْاَمْرُ بِالتَّفْصِيْلِ مِنْ قَوْلِ فَضَالَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ اَمَرَ بِذٰلِكَ عَلٰى اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ عِنْدَهُ الْبَيْعُ فِيْهَا فِي الذَّهَبِ حَتّٰى تُفَصَّلَ۔

وَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ اَمَرَ بِذٰلِكَ

ہار کو سونے کے بدلے بیچا گیا اس کی بیع کے فاسد ہونے کا ذکر نہیں کیا جب کہ اس میں سونا اور دوسری چیزیں تھیں تو یہ پہلی احادیث کے خلاف ہے۔

کچھ دوسرے حضرات نے اس کے علاوہ بھی روایت کیا ہے۔

حضرت حنش سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم ایک غزوہ میں حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کے ہمراہ تھے تو مجھے اور میرے ساتھیوں کو ایک ہار ملا جس میں سونا اور جواہرات تھے میں نے اسے خریدنا چاہا تو حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا انہوں نے فرمایا اس کا سونا الگ کر دو اور اسے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھو اور دوسرے پلڑے میں بھی سونا رکھو پھر برابر برابر کے علاوہ نہ لو۔ کیونکہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ برابر برابر ہی لے۔

تو یہ پہلی احادیث کے خلاف ہے کیونکہ اس میں حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ نے سونا اتارنے اور اسے الگ بیچنے کا حکم دیا اور یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل نہیں کی جو کچھ حضور علیہ السلام سے (نقل کرتے ہوئے) ذکر کیا اس میں سونے کو سونے کے بدلے برابر برابر نہ بیچنے سے ممانعت ہے۔

تو اس بات میں کوئی اختلاف نہیں سونے کو الگ کرنے کا حکم حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ کے قول سے ثابت ہے تو ہو سکتا ہے انہوں نے اس بات کا حکم اس لیے دیا ہو کہ ان کے نزدیک ہار میں جڑے ہوئے سونے کو الگ کیے بغیر بیچنا جائز نہ ہو۔

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اس بات کا حکم

لِاِحَاطَةِ عِلْمِهٖ اَنَّ تِلْكَ قِلَادَةٌ لَا يُوْصَلُ اِلٰى عِلْمِ مَا فِيْهَا مِنَ الذَّهَبِ وَلَا اِلٰى مِقْدَارِهٖ اِلَّا بَعْدَ اَنْ تُفْصَلَ مِنْهَا۔

اس لیے دیا ہو کہ وہ جانتے تھے اس ہار میں جڑے ہوئے سونے کی مقدار کا علم اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک اسے الگ نہ کیا جائے۔

فَقَدِ اضْطَرَبَ هٰذَا الْحَدِيْثُ فَلَمْ يُوْقَفْ عَلٰى مَا اُرِيْدَ مِنْهُ فَلَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ يَّحْتَجَّ بِمَعْنًى مِنَ الْمَعَانِي الَّتِيْ رُوِيَ عَلَيْهَا اِلَّا احْتَجَّ مُخَالِفُهٗ عَلَيْهِ بِالْمَعْنَى الْاٰخَرِ وَقَدْ قَدَّمْنَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ كَيْفَ وَجْهُ النَّظَرِ فِيْ ذٰلِكَ وَاِنَّهٗ عَلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ الَّذِيْنَ جَعَلُوْا حُكْمَ الذَّهَبِ الْمَبِيْعِ مَعَ غَيْرِهٖ بِالذَّهَبِ لَا عَلٰى قِسْمِ الثَّمَنِ عَلَى الْقِيَمِ وَلٰكِنْ عَلٰى اَنَّ الذَّهَبَ مَبِيْعٌ بِوَزْنِهٖ مِنَ الذَّهَبِ الثَّمَنِ وَمَا بَقِيَ مَبِيْعٌ مَا بَقِيَ مِنَ الثَّمَنِ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

تو اس حدیث میں اضطراب ہوا اور یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ اس سے کیا مراد ہے پس جو شخص بھی ان معانی میں سے کسی معنیٰ کو دلیل بنائے گا مخالف دوسرے معنیٰ سے استدلال کرے گا اور ہم اس باب میں پہلے بیان کر چکے ہیں کہ اس میں قیاس کا طریقہ کیا ہے اور یہ ان لوگوں کے مسلک کے مطابق ہے جنہوں نے فروخت شدہ سونے کو دوسرے سونے کے مقابلے میں قرار دیا نہ کہ قیمت کو ان دونوں کی قیمت پر تقسیم کرنا، بلکہ سونا، قیمت میں سے اپنے ہم وزن سونے کے مقابلے میں ہوگا اور جو باقی ہوگا وہ اس چیز کی قیمت ہوگی جو سونے کے ساتھ جڑی ہوئی تھی یہ حضرت امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد رحمہ اللہ کا قول ہے۔

۱۴۲۲- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ السَّبَائِيِّ عَنْ اَبِيْ تَمِيْمٍ الْجَيْشَانِيِّ قَالَ اشْتَرٰى مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ قِلَادَةً فِيْهَا تِبْرٌ وَزَبَرْجَدٌ وَلُؤْلُؤٌ وَيَاقُوْتٌ بِسِتِّمِائَةِ دِيْنَارٍ فَقَامَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ حِيْنَ طَلَعَ مُعَاوِيَةُ الْمِنْبَرَ وَحِيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ فَقَالَ اَلَا اِنَّ مُعَاوِيَةَ اشْتَرَى الرِّبَا وَاَكَلَهٗ اَلَا اِنَّهٗ فِي النَّارِ اِلٰى حَلْقِهٖ۔

حضرت ابوتمیم جیشانی سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما نے ایک ہار جس میں سونا، زبرجد، جواہرات اور یاقوت لگا ہوا تھا چھ سو دینار کے بدلے خریدا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ منبر پر بیٹھے یا انہوں نے ظہر کی نماز پڑھی تو حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا سنو! حضرت معاویہ نے سود کے طور پر سودا کیا اور اسے کھایا سنو! وہ حلق تک جہنم میں ہوگا۔

فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ تِلْكَ الْقِلَادَةُ كَانَ فِيْهَا مِنَ الذَّهَبِ اَكْثَرُ مِمَّا اشْتُرِيَتْ بِهٖ فَكَانَ مِنْ عُبَادَةَ مَا كَانَ لِذٰلِكَ وَيَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ بِيْعَتْ بِنَسِيْئَةٍ فَاِنَّهٗ قَدْ رُوِيَ عَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ يَرٰى بِذٰلِكَ بَاْسًا۔

تو ہو سکتا ہے کہ اس ہار میں جڑا ہوا سونا اس سونے سے زیادہ ہو جس کے بدلے اسے خریدا گیا تو حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے اسی وجہ سے یہ کلام کیا اور ہو سکتا ہے اسے ادھار کے طور پر بیچا گیا ہو تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ وہ اس میں کچھ حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۱۴۲۳۔ وَقَدْ رُوِیَ فِیْ ذٰلِكَ وَفِی السَّبَبِ الَّذِیْ مِنْ اَجْلِهٖ عُبَادَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْکَرَ عَلٰی مُعَاوِیَةَ فِیْ ذٰلِكَ مَا اَنْکَرَ۔

۱۴۲۴۔ **مَا حَدَّثَنَا** اِسْمٰعِیْلُ ابْنُ یَحْیٰی الْمُزَنِیُّ قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِیْسَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِیْدِ عَنْ اَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیِّ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ قَالَ کُنَّا فِیْ غَزَاةٍ عَلَیْنَا مُعَاوِیَةُ فَاَصَبْنَا ذَهَبًا وَّفِضَّةً فَاَمَرَ مُعَاوِیَةُ رَجُلًا یَبِیْعُهَا النَّاسَ فِیْ عَطِیَّاتِهِمْ قَالَ فَتَنَازَعَ النَّاسُ فِیْهَا فَقَامَ عُبَادَةُ فَنَهَاهُمْ فَرَدُّوْهَا فَاَتَی الرَّجُلُ مُعَاوِیَةَ فَشَکٰی اِلَیْهِ فَقَامَ مُعَاوِیَةُ خَطِیْبًا فَقَالَ مَا بَالُ رِجَالٍ یُحَدِّثُوْنَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَحَادِیْثَ یَکْذِبُوْنَ فِیْهَا عَلَیْهِ لَمْ نَسْمَعْهَا فَقَامَ عُبَادَةُ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَنُحَدِّثَنَّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاِنْ کَرِهَ مُعَاوِیَةُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَبِیْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْفِضَّةَ بِالْفِضَّةِ وَلَا الْبُرَّ بِالْبُرِّ وَلَا الشَّعِیْرَ بِالشَّعِیْرِ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ اِلَّا سَوَآءً بِسَوَآءٍ یَدًا بِیَدٍ عَیْنًا بِعَیْنٍ۔

۱۴۲۵۔ **حَدَّثَنَا** اِسْمٰعِیْلُ بْنُ یَحْیٰی قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِیْسَ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِیِّ اَنَّهٗ قَالَ قَدِمَ نَاسٌ فِیْ اِمَارَةِ مُعَاوِیَةَ یَبِیْعُوْنَ اٰنِیَةَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ اِلَی الْعَطَاءِ فَقَامَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ

اس سلسلے میں اور اس سبب کے بارے میں جس کی وجہ سے حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر اعتراض کیا، یہ روایت مروی ہے۔

حضرت ایوب سختیانی، حضرت ابو قلابہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ حضرت ابو الاشعث سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں ہم ایک غزوہ میں تھے جس میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ہمارے امیر تھے ہمیں سونا اور چاندی حاصل ہوئی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو حکم دیا کہ وہ اسے لوگوں پر عطیات پر بیچے اس سلسلے میں لوگوں کا اختلاف ہوا تو حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور ان کو روکا تو انہوں نے اسے لوٹا دیا وہ شخص حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے شکایت کی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (منسوب) احادیث روایت کرتے ہیں اور اس سلسلے میں آپ پر جھوٹ باندھتے ہیں ہم نے ان احادیث کو نہیں سنا اس پر حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا اللہ کی قسم! ہم ضرور بضرور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث نقل کریں گے اگرچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ناپسند کریں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونے کو سونے کے بدلے، چاندی کو چاندی کے بدلے گندم کو گندم کے بدلے، جو کو جو کے بدلے، کھجور کو کھجور کے بدلے اور نمک کو نمک کے بدلے نہ بیچو مگر برابر برابر، ہاتھوں ہاتھ (نقد) عین کو عین کے ساتھ (یعنی ادھار نہ ہو)

حضرت ابو الاشعث صنعانی فرماتے ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں کچھ لوگ آئے جو سونے اور چاندی کے برتن عطیات کے ملنے تک کے وعدے پر بیچتے تھے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا بے شک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کو سونے کے بدلے، چاندی کو چاندی کے بدلے، گندم کو گندم کے بدلے، کھجور کو کھجور کے بدلے، جو کو جو کے

بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ وَالْبُرِّ بِالْبُرِّ وَالتَّمْرِ بِالتَّمْرِ وَالشَّعِيرِ بِالشَّعِيرِ وَالْمِلْحِ بِالْمِلْحِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ سَوَاءً بِسَوَاءٍ فَمَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَى۔

بدلے اور نمک کو نمک کے بدلے بیچنے سے منع فرمایا مگر یہ کہ وہ برابر برابر ہوں جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا اس نے سود کھایا۔

قَالَ أَبُوْجَعْفَرٍ فَدَلَّ ذٰلِكَ أَنَّ مَا كَانَ مِنْ إِنْكَارِ عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى مُعَاوِيَةَ هُوَ بَيْعُ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ إِلٰى أَجَلٍ لَا غَيْرُ ذٰلِكَ۔ وَأَمَّا الْقِلَادَةُ الَّتِيْ فِيْهَا الذَّهَبُ الْمَبِيْعَةُ بِالذَّهَبِ أَوِ الْقِلَادَةُ الَّتِيْ فِيْهَا الْفِضَّةُ الْمَبِيْعَةُ بِالْفِضَّةِ فَلَا دَلَالَةَ فِيْمَا رَوَيْنَا عَنْهُ عَلٰى حُكْمِ ذٰلِكَ إِذَا بِيْعَ بِأَكْثَرَ مِنْ وَزْنِ ذَهَبِهِ أَوْ فِضَّتِهِ مِنَ الذَّهَبِ أَوِ الْفِضَّةِ۔

امام طحاوی کا ارشاد

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر اعتراض سونے کو سونے کے بدلے ایک میعاد تک بیچنے کی وجہ سے تھا کسی جہاں تک اس ہار کا تعلق ہے جس میں جڑا ہوا سونا سونے کے بدلے بیچا گیا یا وہ ہار جس میں جڑی ہوئی چاندی، چاندی کے بدلے بیچی گئی تو ان روایات میں اس کے حکم پر کوئی دلالت نہیں جب اس (ہار) کے سونے کو اس سے زیادہ سونے یا اس کی چاندی کو اس سے زیادہ چاندی کے بدلے بیچا جائے۔

١٤٢٦- وَقَدْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ ثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا إِسْرَائِيْلُ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اشْتَرِ السَّيْفَ الْمُحَلّٰى بِالْفِضَّةِ۔

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا چاندی سے مرصع تلوار کو چاندی کے بدلے خریدو۔

١٤٢٧- فَهٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَدْ أَجَازَ بَيْعَ السَّيْفِ الَّذِيْ حِلْيَتُهُ فِضَّةٌ بِفِضَّةٍ۔

تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس تلوار کو چاندی کے بدلے خریدنے کی اجازت دی جو چاندی سے مرصع تھی۔

وَقَدْ رُوِيَ فِيْ مِثْلِ ذٰلِكَ أَيْضًا عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ التَّابِعِيْنَ اخْتِلَافٌ۔

تابعین کی جماعت سے بھی اس قسم کے مسئلے میں اختلاف مروی ہے۔

١٤٢٨- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ حَيْوَةُ وَابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِيْ عِمْرَانَ أَنَّهُ سَأَلَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ إِشْتِرَاءِ الثَّوْبِ الْمَنْسُوْجِ بِالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ فَقَالَا لَا يَصْلُحُ اشْتِرَاؤُهُ بِالذَّهَبِ۔

حضرت خالد بن ابی عمران فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت قاسم بن محمد اور حضرت سالم بن عبد اللہ رضی اللہ عنہم سے سونے کے بدلے سونے سے بنا ہوا کپڑا خریدنے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا اسے سونے کے بدلے خریدنا صحیح نہیں۔

١٤٢٩- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُثْمَانَ

حضرت عثمان بن اسود، حضرت مجاہد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ سونے کو سونے کے بدلے اور چاندی کو

بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّهٗ كَانَ لَا يَرٰى بَاْسًا اَنْ يَّشْتَرِىَ ذَهَبًا بِذَهَبٍ اَوْ فِضَّةً بِفِضَّةٍ وَذَهَبٍ۔

چاندی کے بدلے یا سونے کے بدلے خریدنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۱۴۳۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ مُّبَارَكٍ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهٗ كَانَ لَا يَرٰى بَاْسًا اَنْ يُّبَاعَ السَّيْفُ الْمُفَضَّضُ بِالدَّرَاهِمِ بِاَكْثَرَ مِمَّا فِيْهِ تَكُوْنُ الْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَالسَّيْفُ بِالْفَضْلِ۔

حضرت مبارک، حضرت حسن سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اس تلوار کو جس میں درہم جڑے ہوئے ہوں زیادہ چاندی کے بدلے ہوگی اور تلوار زائد چاندی کے بدلے ہوگی۔

۱۴۳۱۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَبِيْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ فِيْ بَيْعِ السَّيْفِ الْمُحَلّٰى اِذَا كَانَتِ الْفِضَّةُ الَّتِيْ فِيْهِ اَقَلَّ مِنَ الثَّمَنِ فَلَا بَاْسَ بِذٰلِكَ۔

حضرت ابومعشر، حضرت ابراہیم سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جس تلوار میں چاندی لگی ہوئی ہو اس کو چاندی کے بدلے بیچنے میں کوئی حرج نہیں جب کہ یہ چاندی قیمت والی چاندی سے کم ہو۔

۱۴۳۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَا بَاْسَ بِبَيْعِ السَّيْفِ الْمُحَلّٰى بِالدَّرَاهِمِ لِاَنَّ فِيْهِ حَمَائِلَهٗ وَجَفْنَهٗ وَنَصْلَهٗ۔

حضرت حصین بن عبدالرحمٰن، حضرت عامر شعبی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں درہموں (چاندی) سے مرصّع تلوار کو بیچنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس میں اس کا پرتلہ، میان اور پھل بھی ہے۔

۱۷

کِتَابُ الْهِبَةِ وَالصَّدَقَةِ

ہبہ اور صدقہ کا بیان

بَابُ ۲۵۶ الرُّجُوْعِ فِی الْهِبَةِ

۱۴۳۳ - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا اَبُوْعَامِرٍ الْعَقَدِیُّ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ وَهِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ الْمُسَیَّبِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَائِدُ فِیْ هِبَتِهٖ کَالْعَائِدِ فِیْ قَیْئِهٖ .

قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ اِلٰی اَنَّ الْوَاهِبَ لَیْسَ لَهٗ اَنْ یَّرْجِعَ فِیْمَا وَهَبَ وَاحْتَجُّوْا فِیْ ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ وَقَالُوْا لَمَّا کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ الرُّجُوْعَ فِی الْهِبَةِ کَالرُّجُوْعِ فِی الْقَیْءِ وَکَانَ رُجُوْعُ الرَّجُلِ فِیْ قَیْئِهٖ حَرَامًا عَلَیْهِ کَانَ کَذٰلِكَ رُجُوْعُهٗ فِیْ هِبَتِهٖ .

وَخَالَفَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا لِلْوَاهِبِ اَنْ یَّرْجِعَ فِیْ هِبَتِهٖ اِذَا کَانَتْ قَائِمَةً عَلٰی حَالِهَا لَمْ تُسْتَهْلَكْ وَلَمْ یُزَدْ فِیْ بَدَنِهَا بَعْدَ اَنْ تَکُوْنَ الْمَوْهُوْبُ

ہبہ واپس لینا

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہبہ کی ہوئی چیز واپس لینے والا قے کر کے اسے لوٹانے والے کی طرح ہے۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ ہبہ کرنے والا دی ہوئی چیز کو واپس نہیں کر سکتا۔ انہوں نے اس سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہبہ میں رجوع کرنے والے کو قے کر کے واپس لوٹانے والے کی طرح قرار دیا اور قے کر کے واپس کرنا حرام ہے تو ہبہ میں رجوع بھی اسی طرح ہوگا۔

دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا ہبہ کرنے والا اپنے ہبہ کو واپس لے سکتا ہے جب تک وہ چیز اپنی حالت پر قائم ہو ہلاک نہ ہوا ورنہ اس کے بدن میں کوئی اضافہ کیا گیا ہو موہوب لہ (جس کو ہبہ کیا گیا) اس کا رشتہ دار بھی

لَهٗ لَيْسَ بِذِيْ رَحِمٍ مَحْرَمٍ مِّنَ الْوَاهِبِ وَبَعْدَ اَنْ يَّكُوْنَ لَمْ يُثِبْتُهٗ مِنْهَا ثَوَابًا فَاِنْ كَانَ اَثَابَهٗ مِنْهَا ثَوَابًا وَقِيْلَ ذٰلِكَ الثَّوَابَ مِنْهُ اَوْ كَانَ الْمَوْهُوْبُ لَهٗ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ مِّنَ الْوَاهِبِ فَلَيْسَ لِلْوَاهِبِ اَنْ يَّرْجِعَ فِيْهَا فَاِنْ لَّمْ يَكُنِ الْوَاهِبُ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ لِلْمَوْهُوْبِ لَهٗ وَلٰكِنَّهَا امْرَاَةٌ وَهَبَتْ لِزَوْجِهَا اَوْ زَوْجٌ وَهَبَ لِامْرَاَتِهٖ فَهُمَا فِيْ ذٰلِكَ كَذِي الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ وَلَيْسَ لِوَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَنْ يَّرْجِعَ فِيْمَا وَهَبَ لِصَاحِبِهٖ ـ

نہ ہو اور نہ اس کی طرف سے اسے کوئی بدلہ ملا ہو اگر اس نے اس کے بدلے میں کچھ دے دیا اور اس نے قبول بھی کر لیا یا موہوب لہ اس کا قریبی رشتہ دار ہے تو واہب (ہبہ کرنے والا) واپس نہیں لے سکتا اگر موہوب لہ اس کا رشتہ دار نہ ہو بلکہ بیوی نے اپنے خاوند کو کوئی چیز ہبہ کی یا خاوند نے اپنی بیوی کو کوئی چیز ہبہ کی تو یہ دونوں بھی اس معاملے میں قریبی رشتہ دار کی طرح ہیں ان میں سے ایک بھی دوسرے کو دی ہوئی چیز واپس نہیں کر سکتا۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ جَعَلَ الْعَائِدَ فِيْ هِبَتِهٖ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَنَا مَنِ الْعَائِدُ فِيْ قَيْئِهٖ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ اَرَادَ الرَّجُلَ الْعَائِدَ فِيْ قَيْئِهٖ فَيَكُوْنُ قَدْ جَعَلَ الْعَائِدَ فِيْ هِبَتِهٖ كَالْعَائِدِ فِيْمَا هُوَ حَرَامٌ عَلَيْهِ فَثَبَتَ بِذٰلِكَ مَا قَالَ اَهْلُ الْمَقَالَةِ الْاُوْلٰى وَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ اَرَادَ الْكَلْبَ الْعَائِدَ فِيْ قَيْئِهٖ وَالْكَلْبُ غَيْرُ مُتَعَبَّدٍ بِتَحْرِيْمٍ وَلَا تَحْلِيْلٍ فَيَكُوْنُ الْعَائِدُ فِيْ هِبَتِهٖ عَائِدًا فِيْ قَذَرٍ كَالْقَذَرِ الَّذِيْ يَعُوْدُ فِيْهِ الْكَلْبُ وَلَا يَثْبُتُ بِذٰلِكَ مَنْعُ الْوَاهِبِ مِنَ الرُّجُوْعِ فِي الْهِبَةِ ـ

ان لوگوں کی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہبہ کر کے واپس کرنے والے کو قے کر کے اسے واپس لوٹانے والے کی طرح قرار دیا اور قے کر کے اسے واپس لوٹانے والے کے بارے میں نہیں بتایا کہ اس سے کون مراد ہے تو ممکن ہے وہ شخص مراد ہو جو قے کر کے اسے واپس لوٹاتا ہے تو آپ نے ہبہ کر کے لوٹانے والے کو قے کر کے اسے چاٹنے والے کی طرح قرار دیا اور یہ حرام ہے اس سے پہلے قول والوں کی بات ثابت ہو جائے گی اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد وہ کتا ہو جو قے کر کے اسے چاٹتا ہے اور کتا حرام و حلال کا مکلف نہیں لہٰذا ہبہ کو لوٹانے والا گندگی کو لوٹانے والا ہے جیسے وہ گندگی جسے کتا لوٹاتا ہے اس سے یہ بات ثابت نہ ہوگی کہ واہب کو ہبہ سے رجوع کرنا منع ہے۔

فَنَظَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ هَلْ نَجِدُ فِي الْاٰثَارِ مَا يَدُلُّنَا عَلٰى مُرَادِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ مَا هُوَ ـ

تو ہم نے دیکھا کہ کیا روایات میں کوئی ایسی بات ملتی ہے جو اس پہلی حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد پر دلالت کرے۔

۴۳۳۴ ـ فَاِذَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

تو حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے ہمارے سامنے بری صفت کی مثال بیان فرمائی کہ ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو

وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السُّوْءِ الرَّاجِعُ فِيْ هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهِ ۔

اپنی قے کو چاٹتا ہے۔

۱۴۳۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ ثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوٗسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَائِدُ فِيْ هِبَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَقِيْءُ ثُمَّ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهٖ ۔

حضرت عبداللہ بن طاؤس اپنے والد سے وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ہبہ کر کے اسے لوٹانے والا اس کتے کی طرح ہے جو قے کر کے اسے چاٹتا ہے۔

فَدَلَّ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَرَادَ بِمَا قَدْ ذَكَرْنَا فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ تَنْزِيْهَ اُمَّتِهٖ عَنْ اَمْثَالِ الْكِلَابِ لَا اَنَّهٗ اَبْطَلَ اَنْ يَكُوْنَ لَهُمُ الرُّجُوْعُ فِيْ هِبَاتِهِمْ ۔

تو یہ اس حدیث اس بات پر دلالت رکھتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پہلی حدیث میں جو ہم نے ذکر کی اپنی امت کو کتوں کے اوصاف سے بچانے کا ارادہ فرمایا یہ بات نہیں کہ ہبہ کی ہوئی اشیاء کو واپس کرنے کو باطل قرار دیا۔

۱۴۳۶۔ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْكَلَامُ اَيْضًا الَّذِيْ رَوَيْنَاهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ ثَنَا عَوْفٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا رَوْحٌ قَالَ ثَنَا عَوْفٌ عَنْ خَلَّاسِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الَّذِيْ يَعُوْدُ فِيْ عَطَائِهٖ كَمَثَلِ الْكَلْبِ اَكَلَ حَتّٰى اِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فِيْ قَيْئِهٖ فَاَكَلَهٗ ۔

یہ کلام جو ہم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے حضرت خلاس بن عمرو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جو شخص اپنے عطیہ کو لوٹاتا ہے وہ اس کتے کی طرح ہے جو کھاتا ہے جب سیر ہوتا تو قے کر دیتا ہے پھر اسے چاٹ کر واپس کر لیتا ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِثْلُ هٰذَا الْكَلَامِ فِيْ مَعْنًى غَيْرِ هٰذَا الْمَعْنٰى ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قسم کا کلام ایک دوسرے مفہوم میں بھی مروی ہے۔

۱۴۳۷۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَابْنُ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يُحَدِّثُ اَنَّ عُمَرَ تَصَدَّقَ بِفَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَوَجَدَهٗ يُبَاعُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاَرَادَ

حضرت سالم بن عبداللہ فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر (رضی اللہ عنہم) روایت کرتے تھے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک گھوڑا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں صدقہ کیا اس کے بعد اسے فروخت ہوتا ہوا پایا تو اسے خریدنے کا ارادہ کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر اجازت طلب کی تو آپ نے فرمایا اپنے صدقہ کو واپس نہ کرو اسی

أَنْ يَشْتَرِيَهُ فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْمَرَهُ فِي ذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ فَلِذٰلِكَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَرٰى أَنْ يَبْتَاعَ مَالًا جَعَلَهُ صَدَقَةً ۔

۱۴۳۸ - **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَأَضَاعَهُ الَّذِي كَانَ عِنْدَهُ فَأَرَدْتُ أَنْ أَبْتَاعَهُ مِنْهُ وَظَنَنْتُ أَنَّهُ بَائِعُهُ بِرُخْصٍ فَسَأَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَبْتَعْهُ وَإِنْ أَعْطَاكَهُ بِدِرْهَمٍ وَاحِدٍ وَلَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ فَإِنَّ الْعَائِدَ فِي صَدَقَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَعُودُ فِي قَيْئِهٖ ۔

۱۴۳۹ - **حَدَّثَنَا** إِسْمٰعِيلُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ أَبْصَرَ فَرَسًا تُبَاعُ فِي السُّوقِ وَكَانَ تَصَدَّقَ بِهٖ فَسَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَشْتَرِيهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَشْتَرِهٖ وَلَا شَيْئًا مِنْ نِتَاجِهٖ ۔

۱۴۴۰ - **فَمَنَعَ** رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنْ يَبْتَاعَ مَا كَانَ تَصَدَّقَ بِهٖ أَوْ شَيْئًا مِنْ نِتَاجِهٖ وَجَعَلَهُ إِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ كَالْكَلْبِ يَعُودُ فِي قَيْئِهٖ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ بِمُوجِبٍ حُرْمَةَ ابْتِيَاعِ الصَّدَقَةِ عَلَى الْمُتَصَدِّقِ بِهَا وَلٰكِنَّ تَرْكَهُ ذٰلِكَ أَفْضَلُ لَهُ ۔

بنیاد پر حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اس بات کو جائز نہیں سمجھتے تھے کہ آدمی جس مال کو صدقہ کرے اسے خریدے ۔

حضرت زید بن اسلم، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے میں نے ایک شخص کو جہاد کے لیے گھوڑے پر سوار کیا اس نے اس کو ضائع کر دیا تو میں نے اسے خریدنے کا ارادہ کیا اور سوچا کہ وہ اسے سستا بیچے گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا اسے نہ خریدو اگرچہ وہ تمہیں ایک درھم کے بدلے دے اور اپنا صدقہ واپس نہ کرو کیونکہ صدقہ واپس کرنے والا اس کتے کی طرح ہے جو قے کر کے اسے چاٹ لیتا ہے ۔

حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے اور وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بازار میں ایک گھوڑے کا سودا ہوتے دیکھا اور وہ اسے صدقہ میں دے چکے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا میں اسے خریدلوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ اسے خریدو اور نہ اس کی اولاد کو ۔

تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اس چیز کے خریدنے سے منع کر دیا جسے انہوں نے صدقہ کیا اسی طرح اس کی اولاد کے خریدنے سے بھی منع فرمایا اور اس فعل کو اس کتے (کے فعل) کی طرح قرار دیا جو قے کر کے لوٹاتا ہے تو اس سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ صدقہ کرنے والے کے لیے صدقہ کے مال کو خریدنا حرام ہے بلکہ اس کو چھوڑنا افضل ہے ۔

۴۴۱۔ فَكَذٰلِكَ مَا ذَكَرْنَا قَبْلَ هٰذَا مِمَّا ذُكِرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الرُّجُوْعِ فِي الْهِبَةِ لَيْسَ عَلٰى تَحْرِيْمِ ذٰلِكَ سَوَاءً وَلٰكِنَّهٗ لِاَنَّ تَرْكَهٗ اَفْضَلُ۔

۴۴۲۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ قَالَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِوَاهِبٍ اَنْ يَرْجِعَ فِيْ هِبَتِهٖ اِلَّا الْوَالِدُ لِوَلَدِهٖ۔

فَقَالَ قَائِلٌ فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَلٰى تَحْرِيْمِ الرُّجُوْعِ فِي الْهِبَةِ مِنَ الرَّجُلِ لِغَيْرِ وَلَدِهٖ۔

قِيْلَ لَهٗ مَا دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى شَيْءٍ مِمَّا ذَكَرْتَ فَقَدْ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَصَفَ ذٰلِكَ الرُّجُوْعَ بِاَنَّهٗ لَا يَحِلُّ لِتَغْلِيْظِهٖ اِيَّاهُ لِكَرَاهِيَةِ اَنْ يَكُوْنَ لِاَحَدٍ مِنْ اُمَّتِهٖ مَثَلُ السَّوْءِ۔

وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِيْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ فَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ عَلٰى مَعْنٰى اَنَّهَا تَحْرُمُ عَلَيْهِ كَمَا تَحْرُمُ عَلَى الْاَغْنِيَاءِ وَلٰكِنَّهَا عَلٰى مَعْنٰى اَنَّهٗ لَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْ حَيْثُ تَحِلُّ لِغَيْرِهٖ مِنْ ذَوِي الْحَاجَةِ وَالزَّمَانَةِ فَكَذٰلِكَ مَا ذَكَرْنَا مِنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيْضًا لَا يَحِلُّ لِوَاهِبٍ اَنْ يَرْجِعَ فِيْ هِبَتِهٖ اِنَّمَا هُوَ عَلٰى اَنَّهٗ لَا يَحِلُّ لَهٗ ذٰلِكَ كَمَا يَحِلُّ لَهُ الْاَشْيَاءُ الَّتِيْ قَدْ اَحَلَّهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِعِبَادِهٖ وَلَمْ يَجْعَلْ لِمَنْ فَعَلَهَا مَثَلًا كَالْمَثَلِ الَّذِيْ جَعَلَهٗ رَسُوْلُ

تو جو کچھ ہم نے پہلے ذکر کیا اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہبہ کو واپس لینے کے سلسلے میں جو کچھ فرمایا اس سے حرام ہونا مراد نہیں بلکہ اسے چھوڑنا افضل ہے۔

حضرت طاؤس، حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے روایت کرتے ہیں وہ دونوں حضرات فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہبہ کرنے والے کے لیے جائز نہیں کہ وہ ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس کرے البتہ باپ اپنے بیٹے سے واپس لے سکتا ہے۔

تو کسی معترض نے کہا کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا کہ کسی شخص کا اولاد کے علاوہ کسی سے ہبہ واپس لینا حرام ہے۔

تو اس شخص کو (جواباً) کہا جائے گا کہ اس میں تمہاری مذکورہ بات پر کوئی دلالت نہیں ممکن ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی کہ یہ حلال نہیں سختی کے طور پر ہو کیونکہ آپ اس بات کو ناپسند فرماتے تھے کہ آپ کے کسی امتی میں بری مثال پائی جائے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی تندرست ٹھیک ٹھاک آدمی کے لیے صدقہ حلال نہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اس پر اس طرح حرام ہے جس طرح مالدار لوگوں پر حرام ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح دیگر حاجت مند لوگوں کے لیے حلال ہے اس طرح اس کے لیے نہیں تو اسی طرح جو کچھ ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی سے نقل کیا۔ ہے کہ ہبہ کرنے والے کے لیے دی ہوئی چیز واپس لینا حلال نہیں کا مطلب یہ ہے کہ اس کے لیے یہ اس طرح حلال نہیں جس طرح دیگر اشیاء ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے حلال قرار دیا اور ان کو حاصل کرنے والوں کے لیے ایسی مثال بیان نہیں

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِلْعَائِدِ فِيْ هِبَتِهٖ.

وَقَدْ دَخَلَ فِيْ ذٰلِكَ الْعَوْدُ فِيْهَا بِالرُّجُوْعِ وَالْاِبْتِيَاعِ وَغَيْرِهٖ ثُمَّ اسْتَثْنٰى مِنْ ذٰلِكَ مَا وَهَبَ الْوَالِدُ لِوَلَدِهٖ فَذٰلِكَ عِنْدَنَا وَاللهُ اَعْلَمُ عَلٰى اِبَاحَتِهٖ لِلْوَالِدِ اَنْ يَّاْخُذَ مَا وَهَبَ لِابْنِهٖ فِيْ وَقْتِ حَاجَتِهٖ اِلٰى ذٰلِكَ وَفَقْرِهٖ اِلَيْهِ لِاَنَّ مَا يَجِبُ لِلْوَالِدِ مِنْ ذٰلِكَ لَيْسَ بِفِعْلٍ يَفْعَلُهٗ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ رُجُوْعًا مِّنْهُ يَكُوْنُ مَثَلُهٗ فِيْهِ كَمَثَلِ الْكَلْبِ الرَّاجِعِ فِيْ قَيْئِهٖ وَلٰكِنَّهٗ شَيْءٌ اَوْجَبَهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهٗ لِفَقْرِهٖ فَلَمْ يُضَيِّقْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ كَمَا قَدْ رُوِيَ عَنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيْضًا فِيْ غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

۱۴۲۳- حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالَ ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ ابْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنِّيْ اَعْطَيْتُ اُمِّيْ حَدِيْقَةً وَاِنَّهَا مَاتَتْ وَلَمْ تَتْرُكْ وَارِثًا غَيْرِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَجَبَتْ صَدَقَتُكَ وَرَجَعَتْ حَدِيْقَتُكَ.

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ اَفَلَا تَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ اَبَاحَ لِلْمُتَصَدِّقِ صَدَقَتَهٗ لَمَّا رَجَعَتْ اِلَيْهِ بِالْمِيْرَاثِ وَمَنَعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مِنِ ابْتِيَاعِ صَدَقَتِهٖ.

فَثَبَتَ بِهٰذَيْنِ الْحَدِيْثَيْنِ اِبَاحَةُ

فرمائی جو ہبہ کر کے واپس کرنے والے کے لیے بیان فرمائی۔

اس رجوع کرنے میں ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لینا، اسے خریدنا اور دوسری صورتیں شامل ہیں پھر اس سے والد کا بیٹے کو دیا ہوا مال مستثنیٰ کیا اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے لیکن ہمارے نزدیک اس کا جواز باپ کی حاجت اور فقر کے وقت ہے کیونکہ اس سلسلے میں جو کچھ باپ کے لیے واجب ہے وہ ایسا فعل نہیں ہے جس کے کرنے سے وہ واپسی کتے کے اپنی قے کو چاٹنے کی طرح ہو بلکہ یہ وہ چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اس (باپ) کے فقر کی وجہ سے اس کے لیے واجب کیا اور اس سلسلے میں اسے کسی تنگی میں نہیں ڈالا جیسا کہ دوسری احادیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے اپنی والدہ کو ایک باغ کا عطیہ دیا اب اس کا انتقال ہو گیا اور اس نے میرے علاوہ کوئی وارث نہیں چھوڑا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا صدقہ (عطیہ) واجب ہو گیا (ادا ہو گیا) اور تیرا باغ تیری طرف لوٹ گیا۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کیا تم نہیں دیکھتے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کرنے والے کے لیے وہ صدقہ جائز قرار دیا جب وہ بطور وراثت اس کی طرف واپس ہوا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اپنا عطیہ خریدنے سے منع فرمایا:

تو ان دو حدیثوں سے ثابت ہوا کہ صدقہ کرنے والے

الصَّدَقَةِ الرَّاجِعَةِ اِلَى الْمُتَصَدِّقِ بِفِعْلِ اللّٰهِ
كَرَاهَةُ الصَّدَقَةِ الرَّاجِعَةِ اِلَيْهِ بِفِعْلِ نَفْسِهٖ
فَكَذٰلِكَ وُجُوْبُ النَّفَقَةِ لِلْاَبِ مِنْ مَالِ الْاِبْنِ
لِحَاجَتِهٖ وَفَقْرِهٖ وَجَبَتْ لَهٗ بِاِيْجَابِ اللّٰهِ
تَعَالٰى اِيَّاهَا لَهٗ فَاَبَاحَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ ارْتِجَاعَ هِبَتِهٖ وَ
اِنْفَاقَهَا عَلٰى نَفْسِهٖ وَجَعَلَ ذٰلِكَ كَمَا رَجَعَ
اِلَيْهِ بِالْمِيْرَاثِ لَا كَمَا رَجَعَ بِالْاِبْتِيَاعِ وَ
الْاِرْتِجَاعِ.

فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ فَقَدْ خَصَّ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ
الْوَالِدَ الْوَاهِبَ دُوْنَ سَائِرِ الْوَاهِبِيْنَ
اَفَيَكُوْنُ حُكْمُ الْوَلَدِ فِيْمَا وَهَبَ لِاَبِيْهِ
خِلَافَ حُكْمِ الْوَالِدِ فِيْمَا وَهَبَ لِوَلَدِهٖ

قِيْلَ لَهٗ بَلْ حُكْمُهُمَا فِيْ هٰذَا سَوَاءٌ
فَذِكْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
وَسَلَّمَ اَحَدَهُمَا عَلَى الْمَعْنَى الَّذِيْ ذَكَرْنَا
يُجْزِئُ مِنْ ذِكْرِهٖ اِيَّاهُمَا وَمِنْ ذِكْرِ غَيْرِهِمَا
مِمَّنْ حُكْمُهٗ فِيْ هٰذَا مِثْلُ حُكْمِهِمَا.

وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ حُرِّمَتْ
عَلَيْكُمْ اُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَاَخَوَاتُكُمْ
وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنَاتُ الْاَخِ وَبَنَاتُ
الْاُخْتِ فَحَرَّمَ هٰؤُلَاءِ جَمِيْعًا بِالْاَنْسَابِ
ثُمَّ قَالَ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْ اَرْضَعْنَكُمْ وَ
اَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي
التَّحْرِيْمِ بِالرَّضَاعَةِ غَيْرَهَا تَيْنِ
بِالتَّحْرِيْمِ بِالرَّضَاعِ عَنْ ذِكْرِ مَنْ سِوَاهُمَا
فِيْ ذٰلِكَ اِذْ كَانَ قَدْ جَمَعَ بَيْنَهُنَّ جَمِيْعًا
فِي التَّحْرِيْمِ بِالْاَنْسَابِ فَجَعَلَ حُكْمَهُنَّ

کی طرف صدقہ کی واپسی تب جائز ہے جب اللہ تعالیٰ کے حکم سے واپس ہوا اور جب اپنے ذاتی فعل سے ہو تو مکروہ ہے اسی طرح باپ کے لیے بیٹے کے مال میں نفع اس کی ضرورت اور فقر کی وجہ سے واجب ہے اور یہ اللہ تعالیٰ نے واجب فرمایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ہبہ کی واپسی اور اسے اپنے اُوپر خرچ کرنے کو جائز قرار دیا اور اسے اسی طرح قرار دیا جس طرح وراثت کے طور پر لوٹتا ہے ایسے نہیں کہ خریدنے یا خود واپس کرنے کی وجہ سے لوٹے۔

اگر کوئی شخص کہے کہ اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہبہ کرنے والے والد کو مختص فرمایا باقی ہبہ کرنے والوں کے لیے یہ حکم نہیں تو اگر بیٹا باپ کو کوئی چیز ہبہ کرے تو اس کا حکم باپ کے بیٹے کو ہبہ کرنے کے خلاف ہوگا۔

تو اس شخص کو جواباً کہا جائے گا کہ اس سلسلے میں دونوں کا حکم ایک جیسا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس سبب سے جسے ہم نے ذکر کیا ایک کا ذکر کرنا دونوں کے ذکر کو کفایت کرتا ہے بلکہ ان دونوں کے علاوہ کو جن کے لیے اس قسم کے مسئلہ میں یہی حکم ہے بھی کافی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا "تم پر تمہاری مائیں تمہاری بیٹیاں، تمہاری بہنیں، تمہاری پھوپھیاں، تمہاری خالائیں، بھتیجیاں اور بھانجیاں حرام کی گئیں" تو ان سب کو نسبی اعتبار سے حرام فرمایا پھر فرمایا "اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا اور تمہاری رضاعی بہنیں (بھی حرام ہیں) دودھ کے سلسلے میں ان دو کے علاوہ کا ذکر نہیں فرمایا تو اللہ تعالیٰ کا ان دو کا ذکر کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ تمام عورتیں جو نسب کی وجہ سے حرام ہیں دودھ سے حرام ہونے میں ان کا حکم وہی ہے اور دودھ کی وجہ سے ان دو کے حرام ہونے کے ذکر نے باقی کے ذکر سے بے نیاز کر دیا کیونکہ نسب کی وجہ سے حرام ہونے کے سلسلے

حُكْمًا وَّاحِدًا فَدَلَّ تَحْرِيْمُهٗ بَعْضَهُنَّ اَيْضًا بِالرَّضَاعِ اَنَّ حُكْمَهُنَّ فِيْ ذٰلِكَ حُكْمٌ وَّاحِدٌ.

فَكَذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا قَالَ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّرْجِعَ فِيْ هِبَتِهٖ نَعَمَّ بِذٰلِكَ النَّاسَ جَمِيْعًا ثُمَّ قَالَ اِلَّا الْوَالِدُ لِوَلَدِهٖ عَلَى الْمَعْنَى الَّتِيْ ذَكَرْنَا دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّ مَنْ سِوَى الْوَالِدِ مِنَ الْوَاهِبِيْنَ فِيْ رُجُوْعِ الْهِبَاتِ اِلَيْهِمْ بِرَدِّ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِيَّاهَا كَذٰلِكَ وَاَغْنَاهُ ذِكْرُ بَعْضِهِمْ عَنْ ذِكْرِ سَائِرِهِمْ فَلَمْ يَكُنْ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ مَا يَدُلُّنَا عَلٰى اَنَّ لِلْوَاهِبِ اَنْ يَّرْجِعَ فِيْ هِبَتِهٖ بِنَقْضِهٖ اِيَّاهَا حَتّٰى يَاْخُذَهَا مِنَ الْمَوْهُوْبِ لَهٗ وَيَرُدَّهَا اِلٰى مِلْكِهِ الْمُتَقَدِّمِ الَّذِيْ اَخْرَجَهَا مِنْهُ بِالْهِبَةِ.

فَنَظَرْنَا هَلْ نَجِدُ فِيْمَا رُوِيَ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا.

۱۴۴۴- **فَاِذَا** اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا حَنْظَلَةُ عَنْ سَالِمٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ مَنْ وَّهَبَ هِبَةً فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا حَتّٰى يُثَابَ مِنْهَا بِمَا يَرْضٰى.

۱۴۴۵- **وَاِذَا** يُوْنُسُ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ اَبِيْ غَطَفَانَ ابْنِ طَرِيْفٍ الْمُرِّيِّ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ مَنْ وَّهَبَ هِبَةً لِصِلَةِ رَحِمٍ اَوْ عَلٰى وَجْهِ صَدَقَةٍ فَاِنَّهٗ لَا يَرْجِعُ فِيْهَا وَمَنْ وَّهَبَ هِبَةً يَرٰى اَنَّهٗ اِنَّمَا

میں تمام کا ذکر کیا اور ان سب کے لیے ایک ہی حکم قرار دیا (یعنی حرام ہونا) تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ [illegible]ت کی وجہ سے بعض کے حرام ہونے سے دوسری رضاعی رشتہ دار عورتوں کے بارے میں بھی یہی حکم ہوگا۔ اسی طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب فرمایا کہ کسی شخص کے لیے ہبہ میں رجوع کرنا صحیح نہیں تو یہ حکم تمام لوگوں کو شامل ہوا پھر فرمایا سوائے باپ کے جو اپنے بیٹے کو ہبہ کرے اس معنیٰ کی بنیاد پر جو ہم نے ذکر کیا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ والد کے علاوہ ہبہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے حکم سے رجوع کریں تو یوں حکم ہوگا تو اس (والد) کے ذکر نے دوسروں کے ذکر سے بے نیاز کر دیا لہٰذا ان روایات میں ایسی کوئی بات نہیں جو اس بات پر دلالت کرے کہ ہبہ کرنے والا اپنے ہبہ کو توڑ کر موہوب لہٗ سے واپس لے اور اسے اپنی اس ملکیت میں لائے جس سے اس ہبہ کی وجہ سے نکالا تھا۔

تو ہم نے دیکھا کہ کیا اس سلسلے میں صحابہ کرام سے کوئی بات مروی ہے۔

حضرت سالم فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو شخص ہبہ کرے تو وہ اس کا زیادہ حقدار ہے حتیٰ کہ اسے اس کے حسبِ منشاء بدلہ مل جائے۔

مروان بن حکم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا انہوں نے فرمایا جو شخص صلہ رحمی کے طور پر یا صدقہ کی صورت میں ہبہ کرے وہ اسے واپس نہ لے اور جو شخص کسی بدل کے حصول کے لیے ہبہ کرے تو پسند نہ آنے کی صورت میں واپس کر سکتا ہے

يُرَادُ بِهِ الثَّوَابُ فَهُوَ عَلَى هِبَتِهِ يَرْجِعُ فِيهَا إِنْ لَمْ يَرْضَ مِنْهَا۔

فَهٰذَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ فَرَّقَ بَيْنَ الْهِبَاتِ وَالصَّدَقَاتِ فَجَعَلَ الصَّدَقَاتِ لَا يُرْجَعُ فِيهَا وَجَعَلَ الْهِبَاتِ عَلَى ضَرْبَيْنِ فَضَرْبٌ مِنْهَا صِلَةُ الْاَرْحَامِ فَرَدَّ ذٰلِكَ إِلَى حُكْمِ الصَّدَقَاتِ وَمَنَعَ الْوَاهِبَ مِنَ الرُّجُوعِ فِيهَا وَضَرْبٌ مِنْهَا خِلَافُ ذٰلِكَ فَجَعَلَ لِلْوَاهِبِ أَنْ يَرْجِعَ فِيهِ مَا لَمْ يَرْضَ مِنْهُ۔

تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ہبوں اور صدقات میں فرق کیا صدقات کو ناقابل واپسی قرار دیا اور ہبہ کی دو قسمیں کیں لیکن ایک قسم وہ ہے جو جس میں صلہ رحمی ہے اس کا حکم، صدقات کے حکم جیسا قرار دیا اور ہبہ کرنے والے کو رجوع سے منع فرمایا اور دوسری قسم کو اس کے خلاف قرار دیتے ہوئے ہبہ کرنے والے کو اجازت دی کہ اگر اس کی مرضی کے مطابق (جواب) نہ ہو تو رجوع کر سکتا ہے۔

۱۴۴۷- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْاَزْرَقُ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ قَالَ مَنْ وَّهَبَ هِبَةً لِّذِي رَحِمٍ جَازَتْ وَمَنْ وَّهَبَ هِبَةً لِغَيْرِ ذِي رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ أَحَقُّ بِهَا مَا لَمْ يُثَبْ مِنْهَا۔

حضرت اسود، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا جس نے اپنے کسی قریبی رشتہ دار کو کوئی چیز ہبہ کی تو جائز ہے (یعنی واپس نہیں لے سکتا) اور جس نے کسی غیر ذی رحم (جو قریبی رشتہ دار نہ ہو) کو کوئی چیز ہبہ کی تو وہ اس کا زیادہ حق رکھتا ہے جب تک اس کا معاوضہ نہ ملے۔

۱۴۴۸- حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى عَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْوَاهِبُ أَحَقُّ بِهِبَتِهِ مَا لَمْ يُثَبْ مِنْهَا۔

حضرت عبد الرحمٰن بن ابزیٰ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہبہ کرنے والا اپنے ہبہ کا زیادہ حق دار ہے جب تک اس کا معاوضہ نہ ملے۔

۱۴۴۹- فَهٰذَا عَلِيٌّ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ جَعَلَ لِلْوَاهِبِ الرُّجُوعَ فِي هِبَتِهِ مَا لَمْ يُثَبْ مِنْهَا فَذٰلِكَ عِنْدَنَا عَلَى الْوَاهِبِ الَّذِي جَعَلَ لَهُ عُمَرُ الرُّجُوعَ فِي هِبَتِهِ عَلَى مَا ذُكِرَ فِي الْحَدِيثِ الَّذِي رَوَيْنَاهُ عَنْهُ قَبْلَ هٰذَا حَتّٰى لَا يَتَضَادَّ قَوْلُهُمَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي ذٰلِكَ۔

تو یہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں جو معاوضہ ملنے کی صورت میں واہب کے لیے ہبہ کو واپس کرنا جائز قرار دیتے ہیں تو ہمارے نزدیک اس سے وہی ہبہ کرنے والا مراد ہے جسے حضرت عمر فاروق نے ہبہ میں رجوع کی اجازت فرمائی اور ہم نے اسے ذکر کیا ہے تاکہ دونوں حدیثیں باہم متضاد نہ ہوں۔

۱۴۵۰- وَقَدْ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَابِرٍ عَنِ الْقَاسِمِ

حضرت شعبہ، حضرت جابر سے اور وہ حضرت قاسم سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنی سند

فَذَكَرَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ عَلَى مَا رَوَيْنَا عَنْ سُلَيْمَانَ ۔

١٤٥١ ۔ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ بِنَحْوٍ مِّنْ هٰذَا ۔

١٤٥٢ ۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ قَالَ ثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْيَحْصَبِيِّ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ فَأَتَاهُ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ إِلَيْهِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّيْ وَهَبْتُ لِهٰذَا بَازِيًا عَلَى أَنْ يُّثِيْبَنِيْ فَلَمْ يَفْعَلْ فَقَالَ الْآخَرُ وَهَبَ لِيْ وَلَمْ يَذْكُرْ شَيْئًا فَقَالَ لَهُ فُضَالَةُ ارْدُدْ إِلَيْهِ هِبَتَهُ فَإِنَّمَا يَرْجِعُ فِي الْهِبَةِ النِّسَاءُ وَسِقَاطُ الرِّجَالِ ۔

١٤٥٣ ۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْيَحْصَبِيِّ أَنَّهُ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ إِذْ جَاءَهُ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ إِلَيْهِ فِيْ بَازٍ فَقَالَ أَحَدُهُمَا وَهَبْتُ لَهُ بَازِيًا وَأَنَا أَرْجُوْ أَنْ يُّثِيْبَنِيْ مِنْهُ فَقَالَ الْآخَرُ نَعَمْ قَدْ وَهَبَ لِيْ بَازِيًا مَا سَأَلْتُهُ وَلَا تَعَرَّضْتُ لَهُ فَقَالَ لَهُ فُضَالَةُ ارْدُدْ إِلَيْهِ هِبَتَهُ فَإِنَّمَا يَرْجِعُ فِي الْهِبَاتِ النِّسَاءُ وَشِرَارُ الْأَقْوَامِ ۔

١٤٥٤ ۔ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ ذٰلِكَ أَيْضًا مَا قَدْ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ الْمَوَاهِبُ ثَلَاثَةٌ رَجُلٌ وَاهِبٌ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَسْتَوْهِبَ فَهِيَ كَسَبِيْلِ الصَّدَقَةِ فَلَيْسَ

سے حضرت سلیمان کی روایت (نمبر ۱۴۴۸) کی طرح روایت کیا

حضرت فضالہ بن عبید سے بھی اس کی مثل مروی ہے ۔

حضرت ربیعہ بن یزید، حضرت عبداللہ بن عامر یحصبی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں حضرت فضالہ بن عبید کے پاس تھا کہ آپ کے پاس دو آدمی اپنا مقدمہ لے کر آئے ان میں سے ایک نے کہا کہ میں نے اسے ایک باز اس شرط پر ہبہ کیا تھا کہ وہ مجھے اس کا عوض دے گا لیکن اس نے ایسا نہیں کیا دوسرے نے کہا اس نے مجھے ہبہ کیا لیکن کوئی شرط ذکر نہیں کی حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس کا ہبہ واپس کر دو ہبہ تو عورتیں اور گھٹیا قسم کے مرد واپس لیتے ہیں ۔

حضرت عبداللہ بن عامر یحصبی فرماتے ہیں کہ میں حضرت فضالہ بن عبید کے پاس تھا کہ ان کے پاس دو آدمی ایک باز کے بارے میں اپنا جھگڑا لے کر آئے ایک نے کہا میں نے اسے یہ باز ہبہ کیا تھا اور مجھے اُمید تھی کہ وہ مجھے اس کا عوض دے گا دوسرے نے کہا ہاں اس نے مجھے باز بطور ہبہ دیا تھا لیکن میں نے اس سے مانگا تھا اور نہ ہی اس کے لیے کوئی پیش رفت کی تھی حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا کہ اس شخص کا ہبہ واپس کر دو ہبہ کی ہوئی چیزوں کو عورتیں اور قوم میں سے بدترین لوگ واپس لیا کرتے ہیں ۔

اس سلسلے میں حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے حضرت راشد بن سعد حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا ہبہ کرنے والے تین قسم کے آدمی ہیں ایک وہ شخص جو کسی عوض کے بغیر ہبہ کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ کی طرح ہے اس آدمی کو اپنا ہبہ واپس لینے کا حق نہیں دوسرا

لَهُ اَنْ يَرْجِعَ فِيْ صَدَقَتِهٖ وَرَجُلٌ اِسْتَوْهَبَ فَوُهِبَ فَلَهُ الثَّوَابُ فَاِنْ قَبِلَ عَلٰى مَوْهِبَتِهٖ ثَوَابًا فَلَيْسَ لَهُ اِلَّا ذٰلِكَ وَلَهُ اَنْ يَرْجِعَ فِيْ هِبَتِهٖ مَا لَمْ يُثَبْ وَرَجُلٌ وَّهَبَ وَاشْتَرَطَ الثَّوَابَ فَهُوَ دَيْنٌ عَلٰى صَاحِبِهَا فِيْ حَيَاتِهٖ وَبَعْدَ وَفَاتِهٖ۔

وہ شخص جس سے ہبہ طلب کیا جاتا ہے اس نے ہبہ کیا تو اس کے لیے بدلا ہے اگر وہ اسے لے لے تو اس کے لیے صرف یہی ہے اور جب تک اس کو عوض نہ ملے وہ اپنا ہبہ واپس لے سکتا ہے تیسرا وہ شخص جو ہبہ کرتے وقت بدلے کی شرط رکھتا ہے وہ ہبہ لینے والے پر اس کی زندگی میں اور اس کی وفات کے بعد بھی قرض ہے۔

فَهٰذَا اَبُو الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ جَعَلَ مَا كَانَ مِنَ الْهِبَاتِ مَخْرَجُهٗ مَخْرَجُ الصَّدَقَاتِ فِيْ حُكْمِ الصَّدَقَاتِ وَمَنَعَ الْوَاهِبَ مِنَ الرُّجُوْعِ فِيْ ذٰلِكَ كَمَا يُمْنَعُ الْمُتَصَدِّقُ مِنَ الرُّجُوْعِ فِيْ صَدَقَتِهٖ وَجَعَلَ مَا كَانَ مِنْهَا بِغَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ مِمَّا لَمْ يُشْتَرَطْ ثَوَابٌ مِمَّا يُرْجَعُ فِيْهِ مَا لَمْ يُثِبِ الْوَاهِبُ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مَا اشْتُرِطَ فِيْهِ الْعِوَضُ فِيْ حُكْمِ الْمَبِيْعِ فَجَعَلَ الْعِوَضَ لِوَاهِبِهٖ وَاجِبًا عَلَى الْمَوْهُوْبِ لَهٗ فِيْ حَيَاتِهٖ۔

تو یہ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے اس ہبہ کے لیے صدقے کا حکم دیا جو صدقہ کی طرح ہے اس کو واہب واپس نہیں لے سکتا جس طرح صدقہ کرنے والا صدقہ واپس نہیں لے سکتا اور جو اس کے علاوہ ہے لیکن اس میں بدلے کی شرط نہیں تو جب تک اس کا بدلہ نہ ملے اسے لوٹانا درست ہے اور جس میں عوض کی شرط رکھی گئی ہو اسے فروخت شدہ چیز کے حکم میں رکھا کہ موہوب لہٗ پر اس کی زندگی میں اور مرنے کے بعد بھی (اس کا عوض) واجب ہے۔

فَهٰذَا حُكْمُ الْهِبَاتِ عِنْدَنَا فَاَمَّا مَا ذَكَرْنَا مِنِ انْقِطَاعِ رُجُوْعِ الْوَاهِبِ فِيْ هِبَتِهٖ لِمَوْتِ الْمَوْهُوْبِ لَهٗ اَوْ بِاسْتِهْلَاكِهِ الْهِبَةَ فَلَمَّا رُوِيَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَيْضًا فِيْ ذٰلِكَ۔

ہمارے نزدیک ہبہ کی ہوئی چیزوں کا یہ حکم ہے اور وہ جو ہم نے ذکر کیا کہ موہوب لہٗ کے مرجانے یا اس چیز کے ہلاک ہو جانے کی صورت میں ہبہ کرنے کا حق رجوع ختم ہو جاتا ہے تو اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

۱۴۵۵۔ **حَدَّثَنَا** صَالِحٌ قَالَ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ ثَنَا يَحْيٰى عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ مِثْلَهٗ يَعْنِيْ مِثْلَ حَدِيْثِهِ الَّذِيْ ذَكَرْنَا فِي الْفَصْلِ الَّذِيْ قَبْلَ هٰذَا الْفَصْلِ وَزَادَ يَسْتَهْلِكُهَا وَيَمُوْتُ اَحَدُهُمَا۔

حضرت حکم، حضرت ابراہیم سے اور وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں یعنی اس حدیث کی مثل جو ہم نے اس سے پچھلی فصل میں ذکر کی اور اس میں اضافہ کیا کہ اس کو ہلاک کر دے یا ان میں سے کوئی ایک مرجائے۔

۱۴۵۶۔ **فَجَعَلَ** عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اِسْتِهْلَاكَ الْهِبَةِ يَمْنَعُ وَاهِبَهَا مِنَ الرُّجُوْعِ فِيْهَا وَجَعَلَ مَوْتَ اَحَدِهِمَا يَقْطَعُ مَا لِلْوَاهِبِ

تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ہبہ کو ہلاک کرنے کی وجہ سے واہب کو ہبہ میں رجوع سے منع فرمایا اور ان میں سے ایک کی موت کو بھی رجوع کے لیے قاطع

فِيْهَا مِنَ الرُّجُوْعِ اَيْضًا فَكَذٰلِكَ نَقُوْلُ ۔

۱۴۵۷ - **وَقَدْ** رُوِيَ عَنْ شُرَيْحٍ فِي الْهِبَةِ نَظِيْرُ مَا قَدْ رُوِيَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۔

۱۴۵۸ - **حَدَّثَنَا** اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يُحَدِّثُ اَنَّ شُرَيْحًا قَالَ مَنْ اُعْطِيَ فِيْ قَرَابَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ صِلَةٍ فَعَطِيَّتُهُ جَائِزَةٌ وَالْجَانِبُ الْمُسْتَقْرِبُ يَثِبُ مِنْ هِبَتِهِ اَوْ يُرَدُّ عَلَيْهِ ۔

۱۴۵۹ - **حَدَّثَنَا** يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ شُرَيْحٍ مِّثْلَهُ ۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ وَاَمَّا هِبَةُ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنَ الزَّوْجَيْنِ لِصَاحِبِهِ ۔

۱۴۶۰ - **فَاِنَّ** اَبَا بَكْرَةَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُّحَمَّدٍ اَنَّ امْرَاَةً وَّهَبَتْ لِزَوْجِهَا هِبَةً ثُمَّ رَجَعَتْ فِيْهَا فَاخْتَصَمَا اِلٰى شُرَيْحٍ فَقَالَ لِلزَّوْجِ شَاهِدَاكَ اَنَّهَا اِيَّاهَا وَهَبَتْ لَكَ مِنْ غَيْرِ كُرْهٍ وَّلَا هَوَانٍ وَّاِلَّا فَيَمِيْنُهَا لَقَدْ وَهَبَتْ لَكَ عَنْ كُرْهٍ وَّهَوَانٍ ۔

۱۴۶۱ - **فَهٰذَا** شُرَيْحٌ قَدْ سَاَلَ الزَّوْجَ الْبَيِّنَةَ اَنَّهَا وَهَبَتْ لَهُ لَا عَنْ كُرْهٍ بَعْدَ ارْتِجَاعِهَا فِي الْهِبَةِ فَدَلَّ ذٰلِكَ اَنَّ السُّنَّةَ لَوْ ثَبَتَتْ عِنْدَهُ عَلٰى ذٰلِكَ لَرَدَّ الْهِبَةَ اِلَيْهِ وَلَمْ يُجِزْ لَهَا الرُّجُوْعَ فِيْهَا وَقَدْ كَانَ مِنْ رَّاْيِهِ اَنَّ لِلْوَاهِبِ الرُّجُوْعَ فِيْ هِبَتِهِ اِلَّا مِنْ ذِي الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ فَجَعَلَ الْمَرْاَةَ فِيْ هٰذَا كَذِي الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ فَهٰكَذَا نَقُوْلُ ۔

۱۴۶۲ - **وَاَمَّا** هِبَةُ الزَّوْجِ لِامْرَاَتِهِ فَاِنَّ اَبَا بَكْرَةَ حَدَّثَنَا قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا

قرار دیا پس اس طرح ہم کہتے ہیں۔

حضرت شریح سے بھی ہبہ کے سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت کی طرح مروی ہے۔

حضرت جریر بن حازم فرماتے ہیں میں نے حضرت محمد سے سُنا وہ بیان کرتے تھے کہ حضرت شریح رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص قرابت داری یا نیکی یا صلہ رحمی کے طور پر عطیہ دے تو اس کا عطیہ نافذ ہوجاتا ہے اور جس جانب سے بدلا مقصود ہو تو وہ اس کا عوض دے یا وہی لوٹا دے۔

حضرت ایوب حضرت ابن سیرین سے اور وہ حضرت شریح رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جہاں تک میاں بیوی کے ایک دوسرے کو ہبہ دینے کا تعلق ہے۔

تو حضرت ایوب، حضرت محمد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے اپنے خاوند کو کوئی چیز ہبہ کی پھر اس نے واپس لے لی ان دونوں نے اپنا مقدمہ حضرت شریح رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا آپ نے خاوند سے فرمایا تم دو گواہ پیش کرو کہ جنہوں نے دیکھا ہو کہ اس عورت نے تمہیں کسی جبر واکراہ اور سستی کے بغیر ہبہ کیا ورنہ وہ قسم اٹھائے گی کہ اس نے تمہیں یہ عطیہ مجبوراً اور گرمجوشی کے بغیر دیا تھا۔

تو حضرت شریح رضی اللہ عنہ نے خاوند کو گواہ پیش کرنے کا حکم دیا کہ اس کی بیوی نے یہ عطیہ کسی مجبوری یا سستی کے تحت نہیں دیا تھا اور یہ ہبہ واپس کرنے کے بعد کی بات ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ اگر ان کے نزدیک اس سلسلے میں کوئی حدیث ثابت ہوتی تو وہ ہبہ خاوند کی طرف لوٹا دیتے اور عورت کے لیے رجوع جائز نہ ہوتا اور یہ ان کی رائے تھی کہ ذی رحم محرم کے علاوہ سے ہبہ واپس لیا جا سکتا ہے تو آپ نے اس سلسلے میں بیوی کو ذی رحم کی طرح قرار دیا تو ہم بھی یہی بات کہتے ہیں۔

جہاں تک خاوند کے بیوی کو ہبہ کرنے کا تعلق ہے تو منصور فرماتے ہیں حضرت ابراہیم نے فرمایا اگر عورت خاوند

اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ اِذَا وَهَبَتِ الْمَرْأَةُ لِزَوْجِهَا اَوْوَهَبَ الرَّجُلُ لِامْرَاَتِهٖ فَالْهِبَةُ جَائِزَةٌ وَلَيْسَ لِوَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَنْ يَّرْجِعَ فِيْ هِبَتِهٖ۔

۱۲۶۳- **حَدَّثَنَا** سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ الزَّوْجُ وَالْمَرْأَةُ بِمَنْزِلَةِ ذِي الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ اِذَا وَهَبَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ اَنْ يَّرْجِعَ۔

فَجَعَلَ الزَّوْجَانِ فِيْ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ كَذِي الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ فَمُنِعَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِنَ الرُّجُوْعِ فِيْمَا وَهَبَ لِصَاحِبِهٖ فَهٰكَذَا نَقُوْلُ۔

وَقَدْ وَصَفْنَا فِيْ هٰذَا مَا ذَهَبْنَا اِلَيْهِ فِي الْهِبَاتِ وَمَا ذَكَرْنَا مِنْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ اِذْ لَمْ نَعْلَمْ عَنْ اَحَدٍ مِّثْلَ مَنْ رَّوَيْنَاهَا عَنْهُ خِلَافًا لَهَا فَتَرَكْنَا النَّظَرَ مِنْ اَجْلِهَا وَقَلَّدْنَاهَا وَقَدْ كَانَ النَّظَرُ لَوْ خَلَّيْنَا وَاِيَّاهُ خِلَافَ ذٰلِكَ وَهُوَ اَنْ لَّا يَرْجِعَ الْوَاهِبُ فِي الْهِبَةِ لِغَيْرِ ذِي الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ كَمَا لَا يَرْجِعُ فِي الْهِبَةِ لِذِي الرَّحِمِ الْمَحْرَمِ لِاَنَّ مِلْكَهٗ قَدْ زَالَ عَنْهَا بِهِبَتِهٖ اِيَّاهَا وَصَارَ لِلْمَوْهُوْبِ لَهٗ دُوْنَهٗ فَلَيْسَ لَهٗ نَقْضُ مَا قَدْ مَلَكَ عَلَيْهِ اِلَّا بِرِضَاءِ مَالِكِهٖ وَلٰكِنَّ اتِّبَاعَ الْاٰثَارِ وَتَقْلِيْدَ اَئِمَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَوْلٰى فَلِذٰلِكَ قَلَّدْنَاهَا وَاقْتَدَيْنَاهَا وَجَمِيْعُ مَا بَيَّنَّا فِيْ هٰذَا الْبَابِ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

کو ہبہ کرے یا خاوند اپنی بیوی کو ہبہ کرے دونوں طرح جائز ہے اور ان میں سے ایک بھی واپس نہیں کر سکتا۔

حضرت امام ابوحنیفہ حضرت حماد سے اور وہ حضرت ابراہیم سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا خاوند اور بیوی ذی رحم کی طرح ہیں جب ان میں سے ایک دوسرے کو ہبہ کرے تو اس کو لوٹانے کا حق نہیں۔

تو ان احادیث میں شوہر اور بیوی کو ذی رحم محرم کی طرح قرار دیا گیا جب ان میں سے ایک، دوسرے کو ہبہ کرے تو اسے واپس لینے سے ممانعت ہے ہم بھی یہی بات کہتے ہیں۔

ہبہ کی ہوئی اشیاء کے بارے میں ہم نے اپنا مذہب بیان کیا جو روایات ہم نے ذکر کی ہیں جب ہم ان کے خلاف اس قسم کی روایات نہیں پاتے تو اس وجہ سے ہم نے قیاس کو چھوڑ دیا اور ان کو اپنایا اگر صرف قیاس ہی کا اعتبار کیا جائے تو وہ ان روایات کے خلاف جاتا ہے وہ یوں کہ ہبہ کرنے والا جس طرح ذی رحم محرم کو دی ہوئی چیز واپس نہیں کر سکتا اسی طرح وہ غیر ذی رحم محرم سے واپس نہ کر سکے کیونکہ ہبہ کرنے کی وجہ سے اس چیز سے اس کی ملک زائل ہو گئی اور وہ موہوب لہ کی ملک ہو گئی اس کی نہیں تو اب اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ اس کی ملکیت کو توڑے البتہ اس کے مالک کی مرضی سے ایسا کر سکتا ہے لیکن روایات کی اتباع اور اہل علم ائمہ کرام کی تقلید زیادہ بہتر ہے اس لیے ہم نے ان روایات کو اپنایا اس باب میں جو کچھ ہم نے بیان کیا وہ حضرت امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مسلک ہے۔

بَابُ ۲۵۷ الرَّجُلِ يَنْحَلُ بَعْضَ بَنِيهِ دُونَ بَعْضٍ

باپ کا کسی بیٹے کو عطیہ دینا اور کسی کو نہ دینا

۱۴۶۴ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ قَالَ ثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ وَحُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَاهُ أَنَّهُمَا سَمِعَا النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ نَحَلَنِي أَبِي غُلَامًا فَأَمَرَتْنِي أُمِّي أَنْ أَذْهَبَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِأُشْهِدَهُ عَلَى ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَكُلَّ وَلَدِكَ أَعْطَيْتَهُ فَقَالَ لَا قَالَ فَارْدُدْهُ۔

حضرت محمد بن نعمان اور حمید بن عبد الرحمٰن خبر دیتے ہیں کہ انہوں نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا وہ فرماتے ہیں مجھے میرے والد نے ایک غلام کا عطیہ دیا تو میری ماں نے مجھے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کا حکم دیا تاکہ میں آپ کو اس پر گواہ بناؤں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (میرے باپ سے) فرمایا کیا تم نے اپنے ہر بیٹے کو عطیہ دیا ہے انہوں نے عرض کیا نہیں فرمایا پھر اسے لوٹاؤ۔

۱۴۶۵ - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ حَدَّثَاهُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ إِنَّ أَبَاهُ أَتَى بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنِّي نَحَلْتُ ابْنِي هٰذَا غُلَامًا كَانَ لِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَهُ مِثْلَ هٰذَا فَقَالَ لَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَارْجِعْهُ۔

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ان کے والد ان کو لے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے اپنے اس بیٹے کو ایک غلام بطور عطیہ دیا ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے اپنے ہر بیٹے کو اس قسم کا عطیہ دیا ہے انہوں نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا اسے واپس کرو۔

قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ فَذَهَبَ قَوْمٌ إِلَى أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا نَحَلَ بَعْضَ بَنِيهِ دُونَ بَعْضٍ إِنَّ ذٰلِكَ بَاطِلٌ وَاحْتَجُّوا فِي ذٰلِكَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَقَالُوا قَدْ كَانَ النُّعْمَانُ فِي وَقْتِ مَا نَحَلَهُ أَبُوهُ صَغِيرًا فَكَانَ أَبُوهُ قَابِضًا لَهُ لِصِغَرِهِ عَنِ الْقَبْضِ لِنَفْسِهِ فَلَمَّا قَالَ النَّبِيُّ

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ جب کوئی شخص بعض بیٹوں کو چھوڑ کر دوسروں کو عطیات دے تو یہ باطل ہے انہوں نے اس سلسلے میں اس (مندرجہ بالا) حدیث سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کو ان کے والد نے عطیہ دیا اس وقت وہ چھوٹے تھے اور چونکہ وہ چھوٹے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُرُدُدْهُ بَعْدَ مَا كَانَ فِيْ حُكْمِ مَا قُبِضَ دَلَّ هٰذَا اَنَّ النَّحْلَ مِنَ الْوَالِدِ لِبَعْضِ وَلَدِهٖ دُوْنَ بَعْضٍ لَا يَمْلِكُهُ الْمَنْحُوْلُ وَلَا يَنْعَقِدُ لَهٗ عَلَيْهِ هِبَةٌ۔

وَخَالَفَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اٰخَرُوْنَ فَقَالُوْا يَنْبَغِيْ لِلرَّجُلِ اَنْ يُّسَوِّيَ بَيْنَ وَلَدِهٖ فِي الْعَطِيَّةِ لِيَسْتَوُوْا فِي الْبِرِّ وَلَا يُفَضِّلُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ فَيُوْقِعَ ذٰلِكَ لَهُ الْوَحْشَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمَفْضُوْلِيْنَ مِنْهُمْ فَاِنْ نَحَلَ بَعْضَهُمْ شَيْئًا دُوْنَ بَعْضٍ وَقَبَضَهُ الْمَنْحُوْلُ لِنَفْسِهٖ اِنْ كَانَ كَبِيْرًا اَوْ قَبَضَهٗ لَهٗ اَبُوْهُ مِنْ نَّفْسِهٖ اِنْ كَانَ صَغِيْرًا بِاِعْلَامِهٖ اِيَّاهُ وَالْاِشْهَادِ بِهٖ فَهُوَ جَائِزٌ۔

وَكَانَ مِنَ الْحُجَّةِ لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ حَدِيْثَ النُّعْمَانِ الَّذِيْ ذَكَرْنَا قَدْ رُوِيَ عَنْهُ عَلٰى مَا ذَكَرُوْا وَلَيْسَ فِيْهِ دَلِيْلٌ اَنَّهٗ كَانَ حِيْنَئِذٍ صَغِيْرًا اَوْ لَعَلَّهٗ قَدْ كَانَ كَبِيْرًا وَلَمْ يَكُنْ قَبَضَهٗ۔

وَقَدْ رُوِيَ اَيْضًا عَلٰى غَيْرِ هٰذَا الْمَعْنَى الَّذِيْ فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ۔

۱۲۶۶- فَحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوْقٍ قَالَ ثَنَا الْخَصِيْبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ ثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ انْطَلَقَ بِيْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحَلَنِيْ نُحْلٰى لِيُشْهِدَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ فَقَالَ اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَهٗ مِثْلَ هٰذَا فَقَالَ لَا قَالَ اَيَسُرُّكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا اِلَيْكَ فِي الْبِرِّ كُلُّهُمْ سَوَاءً قَالَ بَلٰى قَالَ فَاَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِيْ۔

فَكَانَ وَالَّذِيْ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مِنْ قَوْلِ

ہونے کی وجہ سے خود قبضہ نہیں کر سکتے تھے اس لیے ان کے باپ ان کی طرف سے قابض تھے جب گویا ان کا قبضہ ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد انکو واپس لوٹانے کا حکم دیا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جب باپ اولاد میں سے بعض کو عطیہ دے تو وہ اس منحول (جس کو عطیہ دیا گیا) کے قبضہ میں نہیں ہوتا اور

لیکن دوسرے حضرات نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے فرمایا کہ باپ کو چاہیے کہ وہ عطیہ دینے میں اولاد میں مساوات قائم کرے تاکہ بھلائی میں وہ سب برابر ہو جائیں اور بعض کو بعض پر فضیلت حاصل نہ ہو اس طرح جن کو فضیلت حاصل نہیں ہوگی ان کے دلوں میں دوسرں کے لیے نفرت پیدا ہوگی (لیکن اس کے باوجود) اگر بعض اولاد کو چھوڑ کر دوسروں کو کوئی چیز عطیہ دے اور منحول (جس کو عطیہ دیا گیا) بڑا ہونے کی صورت میں ذاتی طور پر قبضہ کرے اور چھوٹا ہونے کی وجہ سے اس کا باپ اس کی طرف سے قبضہ کرلے اور اس کو بتا دے اور گواہ بھی بنالے تو یہ جائز ہے۔

اس سلسلے میں ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت نعمان کی جو روایت ہم نے ذکر کی ہے وہ ان سے اسی طرح مروی ہے لیکن اس میں اس بات کی دلیل نہیں کہ اس وقت وہ چھوٹے تھے ہو سکتا ہے وہ بڑے ہوں اور اس پر قبضہ نہ کیا ہو۔

پہلی حدیث سے مختلف مفہوم کے ساتھ بھی یہ حدیث مروی ہے۔

حضرت عامر شعبی، حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میرے والد مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئے اور انہوں نے مجھے ایک عطیہ دیا تھا وہ حضور علیہ السلام کو گواہ بنانا چاہتے تھے آپ نے فرمایا کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو اس قسم کا عطیہ دیا ہے انہوں نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا کیا تمہیں پسند ہے کہ بھلائی میں وہ سب تمہارے نزدیک برابر ہوں انہوں نے عرض کیا ہاں کیوں نہیں آپ نے فرمایا پھر میرے علاوہ کسی کو گواہ بنالو۔

تو اس حدیث میں حضرت نعمان کو عطیہ دینے پر حضرت بشیر

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِبَشِيْرٍ فِيْمَا كَانَ نَحَلَهُ النُّعْمَانَ أَشْهِدْ عَلَى هٰذَا غَيْرِيْ.

فَهٰذَا دَلِيْلٌ أَنَّ الْمِلْكَ ثَابِتٌ لِأَنَّهُ لَوْ لَمْ يَثْبُتْ لَا يَصِحُّ قَوْلُهُ.

فَهٰذَا خِلَافُ مَا فِي الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ لِأَنَّ هٰذَا الْقَوْلَ لَا يَدُلُّ عَلٰى فَسَادِ الْعَقْدِ الَّذِيْ كَانَ عَقَدَهُ النُّعْمَانُ لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ يَتَوَقَّى الشَّهَادَةَ عَلٰى مَا لَهُ أَنْ يُشْهِدَ عَلَيْهِ وَعَلَى الْأُمُوْرِ الَّتِيْ قَدْ كَانَتْ وَكَذٰلِكَ لِمَنْ بَعْدَهُ لِأَنَّ الشَّهَادَةَ إِنَّمَا هِيَ أَمْرٌ يَتَضَمَّنُهُ الشَّاهِدُ لِلْمَشْهُوْدِ لَهُ فَلَهُ أَنْ لَا يَتَضَمَّنَ ذٰلِكَ.

وَقَدْ يَحْتَمِلُ غَيْرُ هٰذَا أَيْضًا فَيَكُوْنُ قَوْلُهُ أَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِيْ أَيْ أَنِّيْ أَنَا الْإِمَامُ وَالْإِمَامُ لَيْسَ مِنْ شَأْنِهٖ أَنْ يَشْهَدَ وَإِنَّمَا مِنْ شَأْنِهٖ أَنْ يَحْكُمَ وَفِيْ قَوْلِهٖ أَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِيْ دَلِيْلٌ عَلٰى صِحَّةِ الْعَقْدِ.

۱۴۶۷ - وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا آدَمُ قَالَ ثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ عَلٰى مِنْبَرِنَا هٰذَا يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوُّوْا بَيْنَ أَوْلَادِكُمْ فِي الْعَطِيَّةِ كَمَا تُحِبُّوْنَ أَنْ يَسْتَوُوْا بَيْنَكُمْ فِي الْبِرِّ.

قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فَكَانَ الْمَقْصُوْدُ إِلَيْهِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ الْأَمْرَ بِالتَّسْوِيَةِ بَيْنَهُمْ فِي الْعَطِيَّةِ لِيَسْتَوُوْا جَمِيْعًا فِي الْبِرِّ وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ مِنْ ذِكْرِ فَسَادِ الْعَقْدِ الْمَعْقُوْدِ عَلَى التَّفْضِيْلِ.

۱۴۶۸ - حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ

رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد میں کہ میرے علاوہ کسی کو گواہ بنالو۔

اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے لیے ملک ثابت ہے کیونکہ اگران کی ملک ثابت نہ ہوتی تو آپ کا یہ فرمانا کہ گواہ بناؤ، صحیح نہیں ہوتا

تو یہ پہلی حدیث کے مضمون کے خلاف ہے کیونکہ حضور علیہ السلام بعض اوقات ان امور پر گواہ بننے سے احتراز فرماتے تھے جن پر آپ کو گواہ بننا جائز ہوتا اسی طرح وہ امور جو ہو چکے ہوتے نیز آپ کے بعد والے حضرات کے لیے بھی ایسا کرنا جائز تھا کیونکہ شہادت ایک ایسا امر ہے جس میں شاہد، مشہور کے لیے ضامن بنتا ہے اور آپ کو حق تھا کہ ضامن نہ بنتے۔

اس کے علاوہ کا بھی احتمال ہے یعنی آپ کا یہ فرمانا کہ میرے سوا کسی کو گواہ بناؤ اس لیے تھا کہ میں امام (حاکم) ہوں اور گواہ بننا امام کی شان نہیں بلکہ اس کا کام فیصلہ کرنا ہے اور آپ کا یہ فرمانا کہ "میرے غیر کو گواہ بناؤ" عقد کے صحیح ہونے کی دلیل ہے۔

حضرت شعبی فرماتے ہیں میں نے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ سے سنا وہ ہمارے منبر پر فرما رہے تھے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اولاد کو عطیہ دینے میں برابری کرو جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ تمہارے درمیان بھلائی میں برابری ہو۔

حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث میں جو بات مقصود ہے وہ یہ ہے کہ عطیہ دینے میں ان کو برابر رکھا جائے تاکہ بھلائی میں وہ سب برابر ہو جائیں اس حدیث میں اس عقد کے فساد پر کوئی دلیل نہیں جو عقد بعض کو فضیلت دینے کے ساتھ منعقد ہوا۔

حضرت شعبی فرماتے ہیں میں نے حضرت نعمان بن بشیر

بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ حُصَیْنٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِیْرٍ یَقُوْلُ اَعْطَانِیْ اَبِیْ عَطِیَّةً فَقَالَتْ اُمِّیْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ لَا اَرْضٰی حَتّٰی تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ قَدْ اَعْطَیْتُ ابْنِیْ مِنْ عَمْرَةَ عَطِیَّةً وَاِنِّیْ اُشْهِدُكَ قَالَ كُلُّ وَلَدِكَ اَعْطَیْتَ مِثْلَ هٰذَا قَالَ لَا قَالَ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا بَیْنَ اَوْلَادِكُمْ۔

رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے میرے والد نے مجھے عطیہ دیا تو میری والدہ عمرو بنت رواحہ نے فرمایا مجھے یہ پسند نہیں حتیٰ کہ تم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گواہ بناؤ وہ حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے اپنی بیوی عمرہ کے بطن سے اپنے ایک بیٹے کو عطیہ دیا اور میں آپ کو گواہ بناتا ہوں آپ نے فرمایا تم نے اپنے ہر بیٹے کو اس کی مثل عطیہ دیا ہے انہوں نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے درمیان انصاف قائم کرو۔

فَلَیْسَ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَهٗ بِرَدِّ الشَّیْءِ وَاِنَّمَا فِیْهِ الْاَمْرُ بِالتَّسْوِیَةِ۔

تو اس حدیث میں یہ بات نہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کوئی چیز واپس کرنے کا حکم فرمایا بلکہ اس میں برابری قائم کرنے کا حکم ہے۔

۱۴۶۹- **حَدَّثَنَا** ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِیُّ قَالَ ثَنَا مُرَجًّی قَالَ ثَنَا دَاوٗدُ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ انْطَلَقَ بِیْ اَبِیْ یَحْمِلُنِیْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِشْهَدْ اَنِّیْ قَدْ نَحَلْتُ النُّعْمَانَ مِنْ مَالِیْ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ اَمَا یَسُرُّكَ اَنْ یَكُوْنُوْا لَكَ فِی الْبِرِّ سَوَاءً قَالَ بَلٰی قَالَ فَلَا اِذًا۔

حضرت شعبی، حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میرے والد مجھے اٹھا کر حضور علیہ السلام کی خدمت میں لے گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! آپ گواہ رہیں میں نے اپنے مال میں سے نعمان کو اتنا اتنا دیا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو عطیہ دیا ہے انہوں نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا کیا تم پسند کرتے کہ تمہارے لیے وہ سب بھلائی میں برابر ہوں انہوں نے عرض کیا ہاں کیوں نہیں آپ نے فرمایا تو میں اس صورت میں گواہ نہیں بنتا۔

فَقَدِ اخْتَلَفَ لَفْظُ حَدِیْثِ دَاوٗدَ هٰذَا فِیْمَا رَوٰی عَنْهُ مُرَجًّی هٰهُنَا وَفِیْمَا رَوٰی عَنْهُ وُهَیْبٌ فِیْمَا قَدْ تَقَدَّمَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ هٰكَذَا رَوَاهُ الشَّعْبِیُّ عَنِ النُّعْمَانِ۔

تو حضرت داؤد (حضرت شعبی سے روایت کرنے والے (راوی) کی یہ روایت جسے ان سے مرجی نے روایت کیا، کے الفاظ اس حدیث کے خلاف ہیں جسے ان سے حضرت وہیب نے روایت کیا حضرت شعبی نے حضرت نعمان سے اس طرح روایت کیا۔

۱۴۷۰- **وَقَدْ** رَوَاهُ اَبُو الضُّحٰی عَنِ النُّعْمَانِ اَیْضًا۔

اور حضرت ابو الضحیٰ نے بھی حضرت نعمان سے روایت کیا۔

۱۴۷۱- **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ خُزَیْمَةَ قَالَ ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا یَحْیٰی عَنْ فِطْرٍ ح وَحَدَّثَنَا فَهْدٌ

حضرت فطر فرماتے ہیں ہم سے ابو الضحیٰ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے سنا

قَالَ ثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ ثَنَا فِطْرٌ قَالَ ثَنَا اَبُو الضُّحٰى قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ ذَهَبَ بِيْ اَبِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِيُشْهِدَهٗ عَلٰى شَيْءٍ اَعْطَانِيْهِ فَقَالَ اَلَكَ وَلَدٌ غَيْرُهٗ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ بِيَدِهٖ اِلَّا سَوَّيْتَ بَيْنَهُمْ۔

وہ فرماتے تھے کہ میرے والد مجھے لے کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تاکہ آپ کو اس چیز پر گواہ بنائیں جو انہوں نے مجھے عطا کی تھی آپ نے پوچھا کیا تمہارا کوئی اور بیٹا بھی ہے انہوں نے عرض کیا "جی ہاں" آپ نے ہاتھ سے اشارہ کیا، کہ ان کے درمیان برابری کرو۔

فَلَمْ يُخْبِرْ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ اَمَرَهٗ بِرَدِّهٖ وَاِنَّمَا قَالَ اِلَّا سَوَّيْتَ بَيْنَهُمْ عَلٰى طَرِيْقِ الْمَشُوْرَةِ وَاِنَّ ذٰلِكَ لَوْ فَعَلَهٗ كَانَ اَفْضَلَ۔

تو اس حدیث میں واپس لوٹانے کے حکم کی خبر نہیں بلکہ آپ کا ارشاد گرامی کہ ان کے درمیان برابری کرو بطور مشورہ ہے اور اگر وہ ایسا کریں تو افضل ہے

۱۴۷۲۔ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ قِصَّةِ النُّعْمَانِ هٰذَا خِلَافُ كُلِّ مَا رَوَيْنَا عَنِ النُّعْمَانِ۔

اس قصے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے حضرت نعمان سے مروی ان تمام (گزشتہ) روایات کے خلاف مروی ہے۔

۱۴۷۳۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا النُّفَيْلِيُّ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَتِ امْرَاَةُ بَشِيْرٍ لِبَشِيْرٍ اَنْحِلِ ابْنِيْ غُلَامَكَ وَاَشْهِدْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ قَالَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ بِنْتَ فُلَانٍ سَاَلَتْنِيْ اَنْ اَنْحَلَ ابْنَهَا غُلَامِيْ وَقَالَتْ اَشْهِدْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ اِخْوَةٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَفَكُلَّهُمْ اَعْطَيْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ فَاِنَّ هٰذَا لَا يَصْلُحُ وَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلٰى حَقٍّ۔

حضرت ابو الزبیر، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں حضرت بشیر رضی اللہ عنہ کی زوجہ نے ان سے کہا کہ میرے بیٹے کو ایک غلام دیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر گواہ بنائیں وہ فرماتے ہیں چنانچہ حضرت بشیر رضی اللہ عنہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! فلاں کی بیٹی (بیوی کے بارے میں فرمایا) نے مجھ سے مطالبہ کیا ہے کہ میں اس کے بیٹے کو غلام کا عطیہ دوں اور اس نے کہا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر گواہ بناؤ آپ نے فرمایا کیا اس کے اور بھائی بھی ہیں؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں آپ نے پوچھا کیا تم نے سب کو عطیہ دیا ہے انہوں نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا یہ بات تو صحیح نہیں اور میں تو صرف حق بات پر گواہ بنتا ہوں۔

فَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّمَا كَانَ اَمَرَهٗ لِبَشِيْرٍ بِالرَّدِّ قَبْلَ اِنْفَاذِ بَشِيْرٍ الصَّدَقَةَ فَاَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ بِمَا

تو اس حدیث کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عطیہ کے نفاذ سے پہلے حضرت بشیر رضی اللہ عنہ کو واپس کرنے کا حکم دینا اس بات کی طرف اشارہ ہے جسے ہم نے ذکر کیا اور یہ ان روایات کے خلاف ہے جو حضرت نعمان سے مروی ہیں ان روایات میں

ذَكَرْنَا وَهٰذَا اخْتِلَافُ جَمِيْعِ مَا رُوِيَ عَنِ النُّعْمَانِ لِاَنَّ فِيْ تِلْكَ الْاَحَادِيْثِ اَنَّهٗ نَحَلَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّجِيْءَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاِنَّهٗ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنِّيْ نَحَلْتُ ابْنِيْ هٰذَا كَذَا فَاَخْبَرَ اَنَّهٗ قَدْ كَانَ فَعَلَ۔

ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آنے سے پہلے عطیہ دیا اور حضور علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے اپنے اس بیٹے کو فلاں عطیہ دیا تو انہوں نے خبر دی کہ وہ ایسا کر چکے ہیں۔

وَفِيْ حَدِيْثِ جَابِرٍ هٰذَا اِخْبَارُهٗ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِسُؤَالِ امْرَاَتِهٖ اِيَّاهُ فَكَانَ كَلَامُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ بِمَا كَلَّمَهٗ بِهٖ عَلٰى طَرِيْقِ الْمَشُوْرَةِ وَعَلٰى مَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّفْعَلَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ اِنْ اَرَادَ اَنْ يَّفْعَلَهٗ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اس روایت کے مطابق انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی بیوی کے سوال کی خبر دی تو حضور علیہ السلام نے ان سے جو بھی کلام فرمایا وہ بطور مشورہ تھا اور یہ کہ اگر وہ عطیہ دینا چاہیں تو کیا طریقہ اختیار کریں۔

وَقَدْ رَوٰى شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ مُوَافِقًا لِهٰذَا الْمَعْنٰى۔

حضرت شعیب بن ابی حمزہ کے واسطے سے حضرت زہری سے بھی یہ روایت اس مفہوم کے مطابق مروی ہے۔

۱۴۷۴۔ حَدَّثَنَا فَهْدٌ قَالَ ثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ اَنَّهُمَا سَمِعَا النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ نَحَلَنِيْ اَبِيْ غُلَامًا ثُمَّ مَشٰى بِيْ حَتّٰى اَدْخَلَنِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَحَلْتُ ابْنِيْ غُلَامًا فَاِنْ اَذِنْتَ اَنْ اُجِيْزَهٗ لَهٗ اَجَزْتُهٗ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ۔

حضرت شعیب، حضرت زہری سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں مجھ سے حضرت حمید بن عبد الرحمٰن اور محمد بن نعمان نے بیان کیا ان دونوں نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے سُنا وہ فرماتے تھے کہ میرے والد نے مجھے ایک غلام بطور عطیہ دیا پھر وہ مجھے لے کر چلے یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے اپنے بیٹے کو ایک غلام کا عطیہ دیا ہے اگر آپ مجھے اس کے نفاذ کی اجازت دیں تو میں اسے نافذ رکھوں، پھر (آگے) حدیث ذکر کی۔

فَدَلَّ مَا ذَكَرْنَا عَلٰى اَنَّهٗ لَمْ يَكُنِ النَّحْلُ كَمُلَتْ فِيْهِ مِنْ حِيْنِ نَحَلَهٗ اِيَّاهُ اِلٰى اَنْ اَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِرَدِّهٖ۔ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا قَسَمَ شَيْئًا بَيْنَ اَهْلِهٖ

تو جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ انہوں نے جب عطیہ دیا تو وہ مکمل نہیں ہوا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لوٹانے کا حکم دیا۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی کہ جب گھر والوں میں کوئی چیز تقسیم فرماتے تو ان سب کے درمیان برابری

سَوّٰى بَيْنَهُمْ جَمِيْعًا فَاَعْطَى الْمَمْلُوْكَ مِنْهُمْ كَمَا يُعْطِى الْحُرَّ۔

فرماتے اور ان میں سے غلام کو بھی اسی طرح عطا فرماتے جس طرح آزاد کو دیتے۔

۱۴۷۵۔ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ يُوْنُسُ قَالَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِظَبْيَةِ خَرَزٍ فَقَسَمَهَا بَيْنَ الْحُرَّةِ وَالْاَمَةِ قَالَتْ عَائِشَةُ وَكَذٰلِكَ كَانَ اَبِيْ يَقْسِمُ لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ۔

حضرت عروہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صاف شفاف موتی آئے تو آپ نے ان کو آزاد خواتین اور لونڈیوں کے درمیان برابر برابر تقسیم فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میرے والد بھی اسی طرح آزاد اور غلام کے درمیان تقسیم فرماتے تھے۔

فَكَانَ هٰذَا مِمَّا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهٗ يَعُمُّ بِعَطَايَاهُ جَمِيْعَ اَهْلِهٖ حُرَّهُمْ وَعَبْدَهُمْ لَيْسَ عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ وَاجِبٌ وَلٰكِنَّهٗ اَحْسَنُ مِنْ غَيْرِهٖ فَكَذٰلِكَ كَانَتْ مَشُوْرَتُهٗ فِي الْوَلَدِ اَنْ تُسَوّٰى بَيْنَهُمْ فِي الْعَطِيَّةِ لَيْسَ عَلٰى اَنَّهٗ وَاجِبٌ وَلَا عَلٰى اَنَّ غَيْرَهٗ اِنْ فَعَلَ لَمْ يَثْبُتْ وَهٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل کہ آپ عطیات کو اپنے تمام گھر والوں کے درمیان آزاد ہو یا غلام، برابر برابر تقسیم کرتے تھے آپ پر واجب نہ تھا بلکہ دوسرے طریقوں سے زیادہ بہتر تھا اسی طرح آپ کا مشورہ کہ عطیات کے سلسلے میں بچوں کے درمیان برابری قائم کی جائے وجوب کے طور پر نہ تھا اور نہ یہ کہ اگر دوسرا راستہ اختیار کیا تو وہ ثابت نہ ہوگا یہ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول ہے۔

وَقَدْ فَضَّلَ بَعْضُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَضِيَ عَنْهُمْ بَعْضَ اَوْلَادِهِمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الْعَطَايَا۔

بعض صحابہ کرام نے عطیات کے سلسلے میں اپنی اولاد میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔

۱۴۷۶۔ وَحَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَنَّ مَالِكًا حَدَّثَهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهَا قَالَتْ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ نَحَلَهَا جُدَادَ عِشْرِيْنَ وَسْقًا مِّنْ مَّالِهٖ بِالْغَابَةِ فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ وَاللّٰهِ يَا بُنَيَّةُ مَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ

حضرت عروہ بن زبیر، حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے مال میں سے جو مقام غابہ میں تھا، بیس وسق توڑی ہوئی کھجوریں ان کو عطا فرمائیں جب ان کی وفات کا وقت ہوا تو فرمایا بیٹی! اللہ کی قسم! مالداری کے لحاظ سے تم سے بڑھ کر مجھے کوئی پسند نہیں اور تیری محتاجی سے بڑھ کر میرے لیے کسی کی محتاجی زیادہ پریشان کن نہیں

أَحَبُّ إِلَيَّ غِنًى مِنْكِ وَلَا أَعَزُّ النَّاسِ عَلَيَّ فَقْرًا مِنْ بَعْدِي مِنْكِ وَإِنِّي كُنْتُ نَحَلْتُكِ جُدَادَ عِشْرِينَ وَسْقًا فَلَوْ كُنْتِ جَدَدْتِيهِ وَاحْرَزْتِيهِ كَانَ لَكِ وَإِنَّمَا هُوَ الْيَوْمَ مَالُ وَارِثٍ وَإِنَّمَا هُمَا أَخُوكِ وَأُخْتَاكِ فَاقْتَسِمُوهُ عَلَى كِتَابِ اللهِ تَعَالَى فَقَالَتْ عَائِشَةُ وَاللهِ يَا أَبَتِ لَوْ كَانَ كَذَا وَكَذَا لَتَرَكْتُهُ إِنَّمَا هِيَ أَسْمَاءُ فَمَنِ الْأُخْرَى قَالَ ذُو بَطْنِ بِنْتِ خَارِجَةَ أُرَاهَا جَارِيَةً۔

۱۴۷۷ - **حَدَّثَنَا** فَهْدٌ قَالَ ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ ثَنَا أَبِي عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ ثَنَا مَسْرُوقٌ قَالَ كَانَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ قَدْ أَعْطَى عَائِشَةَ نَحْلَى فَلَمَّا مَرِضَ قَالَ لَهَا اجْعَلِيهِ فِي الْمِيرَاثِ وَذَكَرُوا الْقَبْضَ وَالْهِبَةَ وَالصَّدَقَةَ۔

۱۴۷۸ - **حَدَّثَنَا** يُونُسُ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ أَخْبَرَنِي صَالِحُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَضَّلَ بَنِي أُمِّ كُلْثُومٍ بِنَحْلٍ قَسَمَهُ بَيْنَ وَلَدِهِ۔

فَهٰذَا أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ قَدْ أَعْطَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا دُونَ سَائِرِ وَلَدِهِ وَرَأَى ذٰلِكَ جَائِزًا وَرَأَتْهُ هِيَ كَذٰلِكَ وَلَمْ يُنْكِرْهُ عَلَيْهِمَا أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُمْ۔

۱۴۸۰ - **وَهٰذَا** عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ قَدْ فَضَّلَ بَعْضَ أَوْلَادِهِ أَيْضًا فِيمَا أَعْطَاهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَلَمْ يُنْكِرْ

میں نے تمہیں بیس وسق اتاری ہوئی کھجوریں دی تھیں اگر تم ان کو الگ کر کے قبضہ کر چکی ہوتیں تو وہ تمہاری ہوتیں لیکن آج جو کچھ ہے وہ وارثوں کا ہے اور وہ تمہارے دو بھائی اور دو بہنیں ہیں انہیں قرآن پاک کے (حکم کے) مطابق تقسیم کر لینا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا ابا جان! اللہ کی قسم اگر مال اس قدر (یعنی بہت زیادہ) بھی ہوتا تو میں چھوڑ دیتی میری تو ایک بہن حضرت اسماء ہیں دوسری کون سی ہے انہوں نے فرمایا خارجہ کی بیٹی (حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زوجہ) کے پیٹ میں جو کچھ ہے میرے خیال میں وہ لڑکی ہو گی۔

حضرت شفیق سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم سے حضرت مسروق نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ایک عطیہ دیا جب آپ بیمار ہوئے تو ان سے فرمایا اس کو میراث بنا دو اور انہوں نے قبضہ، ہبہ اور صدقہ کا ذکر کیا۔

حضرت صالح بن ابراہیم بن عبدالرحمن بن عوف سے مروی ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اولاد کے درمیان عطیات تقسیم کرتے ہوئے ام کلثوم کی اولاد کو فضیلت دی۔

تو یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو عطیہ دیا اور باقی اولاد کو چھوڑ دیا اور اسے جائز سمجھا ام المومنین نے بھی اسی طرح سمجھا اور کسی صحابی نے بھی اس پر اعتراض نہیں کیا۔

اور یہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے اولاد کو عطیات دیتے وقت بعض کو بعض پر فضیلت دی اس پر بھی کسی معترض نے اعتراض نہیں کیا تو

ذٰلِكَ عَلَيْهِ مُنْكَرٌ فَكَيْفَ يَجُوْزُ لِاَحَدٍ اَنْ يَّحْمِلَ فِعْلَ هٰؤُلَآءِ عَلٰى خِلَافِ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلٰكِنَّ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عِنْدَنَا فِيْمَا ذَكَرْنَا مِنْ ذٰلِكَ اِنَّمَا كَانَ عَلَى الْاِسْتِحْبَابِ كَاسْتِحْبَابِهٖ التَّسْوِيَةَ بَيْنَ اَهْلِهٖ فِي الْعَطِيَّةِ وَتَرْكَ التَّفْضِيْلِ لِحُرِّهِمْ عَلٰى مَمْلُوْكِهِمْ لَيْسَ عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ مَا لَا يَجُوْزُ غَيْرُهٗ وَلٰكِنْ عَلَى اسْتِحْبَابِهٖ لِذٰلِكَ وَغَيْرُهٗ فِي الْحُكْمِ كَجَوَازِهٖ۔

کسی شخص کے لیے کیسے جائز ہو سکتا ہے کہ وہ ان حضرات کے عمل کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کے خلاف قرار دے لہٰذا ہمارے نزدیک سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی سے محض اس کا مستحب ہونا مراد ہے جیسے گھر والوں کے درمیان عطیات کی تقسیم میں برابری کرنا اور آزاد کو غلام پر فضیلت دینے کو چھوڑ دینا مستحب ہے یہ بات نہیں کہ کوئی دوسری صورت نا جائز ہے بلکہ یہ طریقہ مستحب ہے اور دوسرے طریقے محض جائز ہیں۔

وَقَدِ اخْتَلَفَ اَصْحَابُنَا فِيْ عَطِيَّةِ الْوَلَدِ الَّتِيْ تَتَّبِعُ فِيْهَا اَمْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَشِيْرٍ كَيْفَ هِيَ فَقَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يُسَوِّيْ بَيْنَ الْاُنْثٰى فِيْهَا وَالذَّكَرِ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بَلْ يَجْعَلُهَا بَيْنَهُمْ عَلٰى قَدْرِ الْمَوَارِيْثِ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ۔

ہمارے اصحاب (احناف) نے اس عطیہ کے بارے میں اختلاف کیا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم کی پیروی کی جاتی ہے جو آپ نے حضرت بشیر رضی اللہ عنہ کو دیا تھا کہ وہ کیسا ہے؟ تو حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ لڑکیوں اور لڑکوں کے درمیان مساوات قائم کی جائے جبکہ حضرت محمد بن حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اسے وراثت کے انداز پر تقسیم کیا جائے یعنی لڑکے کو دو لڑکیوں کے حصے کے برابر دیا جائے۔

قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ فِيْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَوُّوْا بَيْنَهُمْ فِي الْعَطِيَّةِ كَمَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يُّسَوُّوْا لَكُمْ فِي الْبِرِّ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّهٗ اَرَادَ التَّسْوِيَةَ بَيْنَ الْاِنَاثِ وَالذُّكُوْرِ لِاَنَّهٗ لَا يُرَادُ مِنَ الْبِنْتِ شَيْءٌ مِّنَ الْبِرِّ اِلَّا الَّذِيْ يُرَادُ مِنَ الْاِبْنِ مِثْلُهٗ فَلَمَّا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَرَادَ مِنَ الْاَبِ لِوَلَدِهٖ مَا يُرِيْدُ مِنْ وَّلَدِهٖ لَهٗ وَكَانَ مَا يُرِيْدُ مِنَ الْاُنْثٰى مِنَ الْبِرِّ مِثْلَ مَا يُرِيْدُ مِنَ الذَّكَرِ كَانَ مَا اَرَادَ مِنْهُ لَهُمْ مِنَ الْعَطِيَّةِ لِلْاُنْثٰى مِثْلَ مَا اَرَادَ لِلذَّكَرِ۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں کہ ان کے درمیان برابر کرو جیسے تم چاہتے ہو کہ وہ تمہارے لیے بھلائی میں مساوات قائم کریں، اس بات کی دلیل ہے کہ آپ نے لڑکیوں اور لڑکوں کے درمیان برابری کا ارادہ فرمایا اس لیے کہ بیٹی سے بھی وہی بھلائی چاہی جاتی ہے جس قسم کی بھلائی بیٹے سے مقصود ہوتی ہے تو جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے باپ سے بیٹے کے لیے اس چیز کا ارادہ فرمایا جس کا وہ اپنے بیٹے سے ارادہ کرتا ہے اور وہ بیٹی سے جو بھلائی چاہتا ہے وہ اس کی مثل ہے جو بیٹے سے چاہتا ہے تو آپ نے عطیات کے سلسلے میں لڑکی کے لیے اسی چیز کا ارادہ فرمایا جس کا لڑکے کے لیے ارادہ کیا۔

وَفِيْ حَدِيْثِ اَبِي الضُّحٰى فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلَكَ وَلَدٌ غَيْرُهٗ

اور ابو الضحیٰ کی روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تمہاری کوئی اور اولاد بھی ہے انہوں نے عرض کیا

فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ اَلَا سَوَّيْتَ بَيْنَهُمْ وَلَمْ يَقُلْ اَلَكَ وَلَدٌ غَيْرُهُ ذَكَرًا اَوْ اُنْثٰى وَذٰلِكَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا وَحُكْمُ الْاُنْثٰى فِيْهِ كَحُكْمِ الذَّكَرِ وَلَوْ لَا ذٰلِكَ لَمَا ذَكَرَ التَّسْوِيَةَ اِلَّا بَعْدَ عِلْمِهِ اَنَّهُمْ ذُكُوْرٌ كُلُّهُمْ فَلَمَّا اَمْسَكَ عَنِ الْبَحْثِ عَنْ ذٰلِكَ ثَبَتَ اسْتِوَاءُ حُكْمِهِمْ فِيْ ذٰلِكَ عِنْدَهُ فَهٰذَا اَحْسَنُ عِنْدَنَا مِمَّا قَالَ مُحَمَّدٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

جی ہاں تو آپ نے فرمایا تو ان کے درمیان مساوات قائم کردو آپ نے یہ نہیں پوچھا کہ اس کے علاوہ تمہارا کوئی بیٹا یا بیٹی ہے اور یہ بات اسی صورت میں نہیں ہوسکتی ہے (یعنی مرد وعورت کی تمیز کے بغیر مطلقاً پوچھنا جب بیٹی کا حکم بیٹے کے حکم جیسا ہو اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ اس وقت تک برابری کا ذکر نہ فرماتے جب تک آپ کو علم نہ ہو جاتا کہ وہ تمام لڑکے ہیں جب آپ اس بحث میں نہ پڑے تو ثابت ہوا کہ آپ کے نزدیک ان سب کا حکم ایک جیسا ہے ہمارے نزدیک حضرت امام محمد رحمہ اللہ کے قول کی نسبت یہ زیادہ اچھا ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ اَيْضًا۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مفہوم پر دلالت کرنے والی روایت بھی مروی ہے۔

۱۴۸۱ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَجَاءَ ابْنٌ لَهٗ فَقَبَّلَهٗ وَاَجْلَسَهٗ عَلٰى فَخِذِهٖ ثُمَّ جَاءَتْ بِنْتٌ لَهٗ فَاَجْلَسَهَا اِلٰى جَنْبِهٖ قَالَ فَهَلَّا عَدَلْتَ بَيْنَهُمَا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک شخص تھا اس کا بیٹا آیا تو اس نے اسے چوما اور اپنی ران پر بٹھا لیا پھر اس کی بیٹی آئی تو اس نے اسے اپنے پہلو میں بٹھایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے ان کے درمیان مساوات کیوں قائم نہیں کی۔

اَفَلَا يَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ اَرَادَ مِنْهُ التَّعْدِيْلَ بَيْنَ الْاِبْنَةِ وَالْاِبْنِ وَاَنْ لَّا يُفَضِّلَ اَحَدُهُمَا عَلَى الْاٰخَرِ فَذٰلِكَ دَلِيْلٌ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فِي الْعَطِيَّةِ اَيْضًا۔

تو کیا وہ شخص (مخالف) نہیں دیکھتا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ارشاد کے ذریعے بیٹی اور بیٹے کے درمیان برابری اور ان میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت نہ دینے کا ارادہ فرمایا تو یہ اس بات کی بھی دلیل ہے جسے ہم نے عطیہ کے ضمن میں ذکر کیا۔

الحمدللہ! آج مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۹۳ء بروز اتوار بوقت ساڑھے سات بجے شام تیسری جلد کا ترجمہ مکمل ہوا۔

محمد صدیق ہزاروی لاہور

کتاب النکاح

باب۱: نکاح کے پیغام پر پیغام دینا اور بھاؤ پر بھاؤ لگانا

اگر کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو کیا اس دوران کوئی دوسرا شخص بھی اس کو یہ پیغام دے سکتا ہے اسی طرح اگر کوئی آدمی کسی چیز کو خریدنے کے لیے بھاؤ لگاتا ہے تو اس حالت میں دوسرے شخص کا بھاؤ لگانا جائز ہے؟

اس سلسلے میں دو۲ مذہب ہیں:

ایک یہ ہے کہ جب تک پہلا شخص اپنا پیغام واپس نہ لے یا اس کے پیغام کو رد نہ کر دیا جائے دوسرے کے لیے پیغام نکاح دینا یا بولی لگانا جائز نہیں۔

دوسرے مذہب کے مطابق اگر وہ لوگ جن کو پیغام نکاح دیا گیا یا جو سودے کا مالک ہے۔ اس پہلے شخص کی طرف رجحان رکھتا ہے تو دوسرے کے لیے پیغام دینا یا بولی لگانا جائز نہیں ورنہ جائز ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔ پہلے قول والوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے اور نہ اس کے پیغام نکاح پر پیغام دے۔

اسی مضمون کی روایات حضرت عقبہ بن عامر، حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہیں دوسرے حضرات نے اپنے موقف پر حضرت فاطمہ بنت قیس کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا جب تمہاری عدت ختم ہو جائے تو مجھے مطلع کرنا وہ فرماتی ہیں حضرت معاویہ اور حضرت ابوالجہم (عامر بن حذیفہ) رضی اللہ عنہما) نے مجھے منگنی کا پیغام دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مفلوک الحال ہیں اور حضرت ابوجہم عورتوں کو بہت مارتے ہیں تم حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے نکاح کرو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا علم حاصل ہونے کے باوجود کہ حضرت معاویہ اور حضرت ابوجہم نے پیغام نکاح دیا ہے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے لیے پیغام دیا تو اس سے معلوم ہوا کہ پہلے قول والوں نے جو احادیث پیش کی ہیں ان میں ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ ردعمل معلوم نہیں ہوا جب معلوم ہو جائے کہ پہلے شخص کے پیغام کی طرف توجہ نہیں ہے تو دوسرا شخص پیغام دے سکتا ہے۔ سودے پر سودا کرنے کے سلسلے میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی مشہور روایت ہے کہ ایک انصاری نے بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر فاقے کی شکایت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اس کے گھر بھیجا تاکہ کوئی چیز لائے وہ ایک کمبل اور ایک پیالہ لایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے کون شخص ایک درہم کے بدلے خریدے گا ایک شخص

نے عرض کیا میں خریدتا ہوں آپ نے فرمایا ایک درہم سے زائد کون دے گا تو دوسرے شخص نے عرض کیا میں دو درہم دیتا ہوں (آخر تک مکمل حدیث اصل کتاب میں ملاحظہ فرمائیں)

اس سے معلوم ہوا کہ بیک وقت دو آدمیوں یا زیادہ کی طرف سے بھاؤ لگایا جاسکتا ہے جب کہ مالک اس شخص پر بیچنا نہ چاہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد بھی اس طرح کی خرید و فروخت ہوتی تھی۔

باب ۱۷۲، عصبہ ولی کے بغیر نکاح کرنا

ولی کی اجازت کے بغیر عورت خود بخود نکاح کرسکتی ہے یا نہیں اس سلسلے میں دو قول ہیں حضرت امام ابو یوسف اور حضرت امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر اپنا نکاح نہیں کرسکتی۔ جب کہ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک عورت اپنا نکاح کرنے میں خود مختار ہے۔ البتہ اگر غیر کفو میں نکاح کرے تو ولی کو فسخ نکاح کا حق ہوگا اسی طرح اگر وہ مہر مثل سے کم مہر رکھے تو ولی کو اعتراض کرکے مہر پورا کروانے کا حق حاصل ہے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا پہلا قول یہ تھا کہ نکاح کرنے کا اختیار خود عورت کو حاصل ہے اور اگر وہ مہر مثل سے کم بھی رکھے تو ولی کو اعتراض کا حق نہیں لیکن اب وہ حضرت امام محمد رحمہما اللہ سے متفق ہیں کہ ولی کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں ہوسکتا۔

ان حضرات نے حضرت ابن شہاب زہری کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ بواسطہ حضرت عروہ حضرت عائشہ صدیقہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا "جو عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہے" (آخر تک)

اس حدیث پر امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ اور اس مسئلے میں ان کے ہم مسلک حضرات نے دو طرح اعتراض کیا ہے وہ فرماتے ہیں یہ حدیث ثابت نہیں اور اگر ثابت بھی ہو تو اس میں کئی معانی کا احتمال ہے۔

اس حدیث کو حضرت ابن جریج، سلیمان بن موسیٰ سے اور وہ حضرت زہری سے روایت کرتے ہیں لیکن ابن علیہ، ابن جریج سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے اس کے بارے میں حضرت زہری سے پوچھا تو انہوں نے لاعلمی کا اظہار فرمایا۔ حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں۔

محدثین اس سے کم بات پر حدیث کو ساقط کردیتے ہیں تو اس وجہ سے بدرجہ اولیٰ ساقط ہوگئی۔ ایک سند میں حجاج بن ارطاط، حضرت زہری سے نقل کرتے ہیں حالانکہ انہیں حضرت امام زہری سے سماع حاصل نہیں اور یہ حدیث مرسل ہے جب کہ یہ حضرات حدیث مرسل سے استدلال نہیں کرتے ایک سند میں ابن لہیعہ راوی ہیں تو اس حدیث سے استدلال کرنے والے اپنے مخالف سے ابن لہیعہ کی روایت قبول نہیں کرتے تو خود کیسے استدلال کریں گے۔ لہٰذا یہ حدیث حضرت ابن شہاب زہری سے ثابت نہ ہوسکی اور اگر ان سے ثابت بھی ہوجائے تو خود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جو اس حدیث کی راویہ ہیں کا عمل اس کے خلاف ہے کیونکہ انہوں نے اپنے بھائی حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی عدم موجودگی میں ان کی بیٹی کا نکاح کرکے دیا تو کیسے ہوسکتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی کہ "ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوسکتا" ان کے علم میں ہو اور وہ اس کے

باوجود اپنی بھتیجی کا نکاح ولی کی عدم موجودگی اور اس کی اجازت کے بغیر کر دیں۔

ان حضرات نے ایک دوسری روایت سے بھی استدلال کیا ہے وہ یوں ہے کہ اسرائیل نے ابواسحق سے انہوں نے حضرت ابو بردہ سے انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔"

اس حدیث پر اعتراض یہ ہے کہ اسرائیل کے مقابلے میں زیادہ مضبوط اور احفظ حضرات مثلاً حضرت سفیان اور حضرت شعبہ نے اس حدیث کو ابواسحق سے منقطع روایت کیا یعنی حضرت ابوبردہ براہ راست حضور علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں درمیان میں ان کے والد کا واسطہ نہیں ہے۔

لہذا اصل حدیث حضرت ابو بردہ سے ہے اور اس کے راوی سفیان اور شعبہ الگ الگ اسرائیل پر مقدم ہیں جب دونوں جمع ہو گئے تو یہ روایت زیادہ مستند ہو گئی۔

انہوں نے ابوعوانہ سے مرفوعاً حدیث پیش کی لیکن اس کی سند میں اسرائیل ہیں یعنی اصل حدیث ابوعوانہ نے بواسطہ اسرائیل ابواسحق سے روایت کی لہذا یہ بھی کمزور ہے۔

پھر وہ حضرات اس حدیث کو بواسطہ قیس بن ربیع، حضرت ابواسحق سے روایت کرتے ہیں لیکن محدثین کے نزدیک قیس تو اسرائیل سے بھی کمزور ہیں۔ انہوں نے حضرت سفیان کے بعض اصحاب سے روایت پیش کی تو جواب دیا گیا کہ آپ لوگ اپنے مخالف سے اس قسم کی روایت یعنی اصحاب سفیان کی روایت قبول نہیں کرتے تو خود اس سے کیسے استدلال کر رہے ہیں۔

اس حدیث سے استدلال کو ایک دوسرے طور پر یوں رد کیا گیا کہ اس حدیث کو اگر صحیح مان بھی لیا جائے تو اس میں کئی احتمال ہیں۔

ایک احتمال وہی ہے جو ان حضرات کا موقف ہے کہ ولی کی اجازت کے بغیر عورت نکاح نہیں کر سکتی۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ ولی سے مراد وہ شخص ہے جسے ناکحہ عورت خود مقرر کرے وہ قریبی رشتہ دار ہو یا دور کا رشتہ دار، اس احتمال کی بنیاد پر ان لوگوں کا قول صحیح ہو گا کہ عورت چاہے کسی کی ولیہ بھی ہو نکاح کر کے دینے کا اختیار نہیں رکھتی۔

تیسرا احتمال یہ ہے کہ ولی سے مراد وہ ذات ہے جسے ولایت بضع حاصل ہے چاہے وہ چھوٹی بچی کا باپ ہو، لونڈی کا مالک ہو یا آزاد بالغہ عورت خود ہو جو اپنے نفس پر ولایت رکھتی ہے۔

ان حضرات نے قرآن پاک کی آیت سے بھی استدلال کیا ہے "تم ان عورتوں کو نہ روکو اگر وہ اپنے (پہلے) خاوندوں سے نکاح کرنا چاہیں" معلوم ہوا کہ اختیار ولی کو حاصل ہے اسی لیے ان حضرات کو مخاطب کیا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں یقیناً اس بات کا بھی احتمال ہے لیکن دیگر احتمالات بھی ہیں۔ دوسرے حضرات نے اپنے موقف پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ثیبہ عورت اپنے نفس پر ولی کی نسبت زیادہ حق رکھتی ہے باکرہ سے اس کے نفس کے بارے میں اجازت مانگی جائے اور خاموشی اس کی اجازت ہے۔"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کو خود نکاح کرنے کا اختیار ہے۔ چنانچہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح آپ کے حکم پر حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے کیا حالانکہ وہ ان کے ولی نہیں تھے۔

اگر کہا جائے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تو ہر مومن کے ولی ہیں لہٰذا یہ واقعہ مستثنیٰ ہے تو یہ بات اپنی جگہ صحیح ہے لیکن اس مسئلے میں یہ بات درست نہ ہوگی کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلمہ کی طرف سے ولی ہوتے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آپ کی طرف سے وکیل قرار پاتے۔ یہی وجہ ہے کہ جب ام المومنین نے عرض کیا کہ میرا کوئی ولی موجود نہیں تو آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں تمہارا ولی ہوں۔

قیاس بھی حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مسلک کو ترجیح دیتا ہے وہ یوں کہ لڑکی جب تک نابالغہ ہوتی ہے اس کا والد اس کے نفس اور مال دونوں کا اختیار رکھتا ہے بالغ ہونے کے بعد اسے اپنے مال کا اختیار مل جاتا ہے تو نفس کے اختیارات بھی حاصل ہونے چاہیں کیونکہ دونوں کا حکم ایک جیسا ہے۔

باب ۱۷۳: مخطوبہ عورت کو دیکھنا

نوٹ: جس عورت کو نکاح کا پیغام دیا جائے اسے مخطوبہ کہتے ہیں۔

جس عورت سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو اسے دیکھنا جائز ہے یا نہیں؟ بعض حضرات اسے ناجائز قرار دیتے ہیں جب کہ بعض علما کے نزدیک اسے دیکھنا جائز ہے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک ایسا کرنا جائز ہے۔

ناجائز قرار دینے والوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی! تمہارے لیے جنت میں خزانہ ہے اور تم اس جنت کے دو کناروں کے مالک ہو ایک نظر کے بعد دوبارہ نہ دیکھنا۔ بے شک پہلی نظر تمہارے لیے ہے اور دوسری تمہارے لیے نہیں ہے۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے بھی اسی قسم کی حدیث مروی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اپنی بیوی یا محرم عورت کے علاوہ کسی عورت کو قصداً دیکھنا حرام ہے۔

جواز کے قائلین نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو اسے اس کی جو چیز پسند ہے اس کو جس حد تک ممکن ہو دیکھ لے۔ حضرت محمد بن مسلمہ، حضرت ابوحمید، حضرت ابوہریرہ بکر بن عبداللہ مزنی اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہم سے بھی اس مضمون کی روایات آئی ہیں پہلے مسلک والوں کی پیش کردہ حدیث کا جواب یوں دیا جاتا ہے کہ ممانعت اس صورت میں ہے جب بلا ضرورت ہو جب کسی ضرورت کے تحت ہو تو دیکھنا جائز ہے۔

مثلاً گواہی کے سلسلے میں کسی عورت کے چہرے کی طرف دیکھنا جائز ہے اسی طرح جو شخص کسی لونڈی کو خریدنا چاہتا تو وہ اس کے سینے کی طرف دیکھ سکتا تھا۔

لہذا نکاح کرنے کے لیے عورت کو دیکھنا بھی جائز ہوگا کیونکہ یہ ایک جائز سبب کے تحت دیکھنا ہے اسی طرح نکاح کے علاوہ بھی اگر کسی ایسے مقصد کے لیے نہ دیکھے جو حرام ہے بلکہ کسی ضرورت کے تحت ہو تو جائز ہے۔

باب ۱۷۴، قرآن کی کسی سورت پر نکاح کرنا

کیا عورت کو بطور مہر قرآن پاک کی کوئی سورت سکھائی جا سکتی ہے یا نہیں۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ قرآن پاک کی سورت سکھانے پر نکاح ہو سکتا ہے یعنی جب خاوند بیوی کو قرآن کی کوئی سورت سکھا دے گا تو وہ مہر کی جگہ کفایت کرے گا۔

ان حضرات نے حضرت سہل بن ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں ایک عورت بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئی اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے اپنے آپ کو حضور کی خدمت میں بطور ہبہ پیش کیا وہ کافی دیر کھڑی رہی تو ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ اگر آپ کو حاجت نہیں تو اس سے میرا نکاح کر دیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تمہارے پاس ادائیگی مہر کے لیے کچھ ہے اس نے عرض کیا میرے پاس صرف یہ تہبند ہے آپ نے فرمایا اگر تو یہ چادر اسے دے گا تو اس کے بغیر بیٹھ جائے گا کچھ اور تلاش کر و اس نے عرض کیا مجھے کچھ بھی نہیں ملتا آپ نے فرمایا تلاش کر د اگرچہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہی ہو۔ راوی فرماتے ہیں اس نے تلاش کی لیکن نہ پائی حضور علیہ السلام نے پوچھا تجھے قرآن پاک سے کچھ یاد ہے اس نے عرض کیا فلاں فلاں سورتیں مجھے آتی ہیں آپ نے فرمایا قرآن پاک سے جو کچھ تیرے پاس ہے اس کے سبب میں نے تیرا نکاح کر دیا۔

دوسرے حضرات کے نزدیک قرآن پاک کی تعلیم مہر نہیں بن سکتی وہ فرماتے ہیں اگر اس طریقے پر نکاح کیا گیا تو نکاح جائز ہوگا اور یہ ایسے ہی ہوگا جیسے مہر مقرر نہ کیا جائے اس صورت میں اگر جماع کے بعد طلاق دے یا خاوند فوت ہو جائے تو مہر مثل دینا ہوگا اور اگر جماع سے پہلے طلاق دے دی تو متعہ (کپڑوں کا جوڑا) دینا پڑے گا۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ قرآن کی اجرت لینے سے حضور علیہ السلام نے منع فرمایا حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں اہل صفہ کو قرآن پاک سکھایا کرتا تھا تو ان میں سے ایک نے مجھے ایک کمان دی کہ میں سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں قبول کروں میں نے حضور علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا اگر تو چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے آگ کا طوق ڈالے تو اسے قبول کرے۔

حضرت عبدالرحمن بن شبل انصاری رضی اللہ عنہ سے بھی اس مضمون کی حدیث مروی ہے لہذا قرآن پاک کی تعلیم مہر کی جگہ نہیں ہو سکتی کیونکہ مہر مال سے ادا کیا جاتا ہے جہاں تک پہلے مسلک والوں کی پیش کردہ حدیث کا تعلق ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ قرآن پاک کی عظمت کے پیش نظر تمہارے ساتھ نکاح کیا جیسے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے اسلام کی وجہ سے ام سلیم رضی اللہ عنہا نے ان سے نکاح کیا۔

اگر اس حدیث کو ظاہر پر محمول کیا جائے تو اس میں قرآن پاک کی تعلیم کا سرے سے ذکر ہی نہیں اور نہ

یہ کہ اسے مہر میں رکھا گیا۔

یہاں اس بات کا بھی احتمال ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اللہ تعالیٰ نے مہر کے بغیر عورتوں سے نکاح کو جائز رکھا اور یہ بات کسی دوسرے کے لیے جائز نہیں۔ ارشادِ خداوندی ہے:

وامرأۃ مومنۃ اِن وھبت نفسھا للنبی ان اراد النبی ان یستنکحھا خالصۃً لک من دون المومنین۔

اگر کوئی مومنہ عورت اپنے آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کرے تو وہ آپ کے لیے حلال ہے اگر آپ نکاح کا ارادہ کریں اور اے محبوب! یہ آپ کے ساتھ خاص ہے دوسرے مسلمانوں کے لیے یہ حکم نہیں ہے۔ تو یہاں لفظ خالصۃً میں اس بات کا بھی احتمال ہے کہ کسی عورت کا مہر کے بغیر نکاح میں آنا حضور علیہ السلام کے ساتھ خاص ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کسی اور کو بھی اس عورت کا مہر کے بغیر مالک بنا سکتے ہیں۔ چنانچہ آپ نے یہاں اس خاتون سے مشورہ کئے بغیر سائل سے نکاح کر دیا لہٰذا یہ خصوصی واقعہ ہے اور اس میں تعلیم قرآن مہر نہ تھی اور نہ اب کسی کو اس بات کا اختیار ہے۔ قیاس بھی احناف کے موقف کی تائید کرتا ہے کیونکہ اگر مجہول مہر مقرر کیا جائے تو وہ ثابت نہیں ہوتا بلکہ مہر مثل لازم ہوتا ہے۔ جس طرح سودے میں قیمت غیر معلوم ہو یا اجارے میں اجرت غیر معلوم ہو تو بیع اور اجارہ جائز نہیں ہوتے۔

قاعدہ یہ ہے کہ اجارہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک یہ کہ کام معلوم ہو مثلاً اس کپڑے کی سلائی کر دو اتنی رقم ملے گی یا وقت معلوم ہو مثلاً ایک گھنٹے کے لیے اجارہ ہوا اور اس کی اجرت معلوم ہو اس میں چاہے جتنا کام کرے۔ لیکن قرآن پاک کی تعلیم میں یہ دونوں باتیں نہیں ہو سکتیں کیونکہ بعض اوقات آدمی تھوڑا پڑھانے سے سیکھ لیتا ہے۔ اور بعض اوقات زیادہ پڑھانا پڑتا ہے اسی طرح کچھ لوگ تھوڑے وقت میں سیکھ لیتے ہیں اور کچھ لوگ دیر سے سیکھتے ہیں لہٰذا وقت اور عمل کی جہالت کے پیش نظر یہ اجارہ صحیح نہیں اور چونکہ وہی مال یا نفع ملک بضع کا بدل بنتا ہے جو بیع اور اجارے میں صحیح قرار پاتا ہے لہٰذا جب تعلیم قرآن کا اجارہ صحیح نہیں ہوتا تو وہ مہر بھی نہیں بن سکتا۔

باب ۸۲۔ لونڈی کی آزادی کو اس کا مہر قرار دینا

اگر کوئی شخص اپنی لونڈی کو آزاد کر کے اس سے نکاح کرے اور اس کی آزادی کو ہی مہر قرار دے دے تو کیا یہ صحیح ہے۔ حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ایسا کرنا صحیح ہے ان کی دلیل حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا اور اس آزادی کو ہی ان کا مہر قرار دیا حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم کی روایت کے مطابق حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے بھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح اسی طریقہ پر ہوا حضرت سفیان ثوری کا بھی یہی مسلک ہے۔

جبکہ حضرت امام ابو حنیفہ، امام محمد اور امام زفر رحمہم اللہ کے نزدیک یہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے دوسروں کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کا اختیار دیا کہ اگر کسی عورت سے نکاح

کرنا چاہیں تو مہر کے بغیر کر سکتے ہیں لہذا آپ کسی لونڈی کو آزاد کر کے اس آزادی کو مہر قرار دے سکتے ہیں۔ ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد فتویٰ دیا کرتے تھے کہ اس قسم کے نکاح کی تجدید کی جائے اور اس عورت کے لیے مہر ہوگا۔

لہذا اس بات کا احتمال ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو یا آپ نے قرآن پاک سے استدلال کرتے ہوئے اسے حضور علیہ السلام کی خصوصیت قرار دیا۔

چنانچہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے سلسلے میں یوں مروی ہے کہ وہ بنو مصطلق کے قیدیوں میں تھیں اور حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ یا ان کے چچازاد بھائی کے حصے میں آئیں انہوں نے مکاتبت کی اور بدل کتابت کے سلسلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تعاون حاصل کرنے حاضر ہوئیں آپ نے ان کی رائے معلوم کرنے کے بعد بدل کتابت ادا کر کے ان سے نکاح کر لیا چنانچہ صحابہ کرام نے اس رشتہ کی عظمت کا لحاظ کرتے ہوئے بنو مصطلق کے تمام قیدی رہا کر دیئے تو یہاں آپ کا نکاح بدل کتابت کے بدلے ہوا لیکن کوئی دوسرا شخص ایسا نہیں کر سکتا یعنی بدل کتابت کو مہر قرار نہیں دے سکتا لہذا یہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے اپنے مسلک کو قیاس سے ثابت کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر کوئی شخص لونڈی کو اس شرط پر آزاد کرے کہ وہ اس سے نکاح کرے پھر اگر عورت اس بات سے انکار کر دے تو اسے محنت مزدوری کر کے اپنی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے بمعلوم ہوا کہ نکاح کرنے کی صورت میں قیمت ادا نہیں کرے گی اس لیے کہ وہ آزادی مہر قرار پائے گی۔

امام زفر رحمہ اللہ اس کے جواب میں فرماتے ہیں۔ اس صورت میں اگر وہ عورت نکاح کرنے سے انکار کرے تو اس پر کچھ بھی لازم نہ ہوگا۔ اور وہ اس غلام کی طرح ہو جائے گی جسے مالک نے ایک ہزار روپے کے بدلے اس شرط پر آزاد کیا کہ وہ ایک سال تک اس کی خدمت کرے گا غلام نے یہ بات مان لی پھر اس نے خدمت سے انکار کر دیا تو اس پر کچھ بھی لازم نہ ہوگا کیونکہ اگر وہ خدمت کرتا تو مالک سے اس کی اجرت کا مستحق ہوتا اسی طرح لونڈی کی آزادی نکاح کرنے کی شرط پر ہوئی۔ لہذا اگر لونڈی سے اس کا نکاح ہو جاتا تو مہر لازم ہوتا کیونکہ آزادی مہر کے بدلے میں نہیں بلکہ نکاح کرنے کی شرط پر ہوئی اس لیے وہ مہر کا بدل نہیں ہے۔

حضرت ہشام بن حسان نے اپنی ایک ام ولد کو آزاد کر کے آزادی کو مہر قرار دیتے ہوئے اس سے نکاح کیا تو حضرت ایوب سختیانی نے اس کو تسلیم نہ کیا جب حضرت ہشام کو یہ بات بتائی گئی تو انہوں نے اس سے دوبارہ نکاح کر کے چار سو (درہم) مہر مقرر کیا حضرت ایوب سختیانی نے اس موقعہ پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے بارے میں فرمایا کہ وہ آپ کی خصوصیات سے ہے۔

باب ۱۷۶، نکاح متعہ

ایک خاص مدت کے لیے مخصوص رقم پر کسی عورت سے نفع اٹھانا متعہ کہلاتا ہے آغاز اسلام میں یہ حلال تھا بعض حضرات اسے اب بھی حلال سمجھتے ہیں اور ان کا کہنا یہ ہے کہ ایک خاص مدت کے لیے مخصوص رقم پر کسی عورت سے نفع اٹھایا جاسکتا ہے مقررہ مدت کے ختم ہونے پر وہ عورت اس شخص پر حرام ہو جائے گی لیکن یہ حرمت طلاق کی صورت میں نہیں ہوگی۔ ان حضرات کی دلیل حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت ابن عباس، حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہم کی روایات ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ کی اجازت دی، غزوات میں صحابہ کرام کے ساتھ ان کی بیویاں نہیں ہوتی تھیں انہوں نے خصی ہونے کی اجازت مانگی تو آپ نے منع فرمایا اور کپڑے (وغیرہ) کے بدلے ایک خاص مدت تک کے لیے اجازت عطا فرمائی۔

لیکن اہل سنت وجماعت بالخصوص حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک یہ نکاح جائز نہیں۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ مخالفین نے جن روایات سے استدلال کیا ہے وہ اپنی جگہ درست ہیں لیکن یہ پہلے کی بات ہے بعد میں یہ حکم منسوخ ہو گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع فرما دیا۔

چنانچہ ایک روایت میں ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس سے گزرے اور وہ عورتوں سے متعہ کے جواز کا فتویٰ دیتے تھے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح خیبر کے دن متعہ کرنے اور گھریلو گدھوں کو کھانے سے منع فرمایا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ایک شخص نے متعہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا حرام ہے اس نے عرض کیا فلاں صاحب تو اس کے بارے میں یہ بات کہتے ہیں (جائز قرار دیتے ہیں) انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم! انہیں معلوم ہے کہ خیبر کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا اور ہم زنا کار نہیں تھے۔

تو اس بات کا احتمال ہے کہ پہلے اجازت ہو اور پھر اسے منسوخ کر دیا ہو لہٰذا اس سلسلے میں چھان بین کی گئی تو متعدد روایات سے معلوم ہوا کہ نہی والی احادیث ناسخ ہیں چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ تبوک کے لیے نکلے۔ آپ ثنیۃ الوداع کے پاس اترے تو کچھ چراغ اور روتی ہوئی عورتوں کو دیکھا آپ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ بتایا گیا کہ یہ وہ عورتیں ہیں جن سے ان کے خاوندوں (متعہ کرنے والوں) نے متعہ کیا اور اب ان کو چھوڑ دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے طلاق، نکاح عدت اور میراث کے ذریعے متعہ کو حرام کر دیا یا آپ نے فرمایا اسے باطل کر دیا۔

صحابہ کرام سے بھی اسی طرح مروی ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام کی موجودگی میں متعہ کو حرام قرار دیا لیکن کسی صحابی نے بھی انکار نہ کیا گویا صحابہ کرام کا اجماع اس کے نسخ پر واضح دلیل ہے پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جو پہلے پہل متعہ کے قائل تھے فرماتے ہیں یہ اس وقت جائز تھا جب عورتیں کم تھیں جب زیادہ ہو گئیں تو علت کے ختم ہونے سے یہ حکم بھی اٹھ گیا۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ نکاح متعہ باطل ہے اور اس سے نکاح بھی منعقد نہیں ہوتا اور ان لوگوں کی یہ بات صحیح نہیں کہ نکاح برقرار رہے گا شرط باطل ہو جائے گی کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات نہ فرماتے کہ جن لوگوں کے پاس ان عورتوں میں سے کوئی ہو جن سے متعہ کیا جاتا ہے تو وہ ان کو جدا کر دے یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ متعہ کرنے والے نے جو عقد کیا وہ جائز نہیں لہذا اس سے اس شخص کو عورت کی ملک بضع حاصل نہ ہوگی۔

باب ۱۷، باکرہ اور ثیبہ عورتوں کے پاس کتنے کتنے دن ٹھہرے

اگر کسی شخص نے ثیبہ عورت سے نکاح کیا اور اس سے پہلے بھی اس کی بیویاں ہیں تو اب اس نئی عورت کے پاس کتنے دن ٹھہرے اس سلسلے میں اختلاف ہے۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس شخص کو اختیار ہے اگر اس کے پاس سات دن قیام کرے تو دوسری بیویوں کے پاس ایک ایک دن یا ایک ایک رات قیام کرنا ہوگا۔ ان حضرات کی دلیل حضرت عبدالملک بن ابی بکر بن عبدالرحمٰن کی روایت ہے وہ فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے تو ان سے فرمایا تمہارے خاندان کے لیے رسوائی کی بات نہیں ہے اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن رہوں ورنہ تین دن قیام کروں پھر (دوسری بیویوں کے پاس) چکر لگاؤں۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ پھر میں دوسری بیویوں کے پاس چکر لگاؤں گا اس بات کی دلیل ہے۔ کہ تین دن ان کا حق ہے دوسری ازواج کا نہیں۔

لیکن دوسرے حضرات کا موقف یہ ہے کہ اگر اس بیوی کے لیے تین دن مقرر کرے تو باقی بیویوں کے لیے بھی تین تین دن مقرر کرنا ہوں گے اور اگر اس بیوی کے لیے سات دن مقرر کرے تو دوسری بیویوں کے لیے بھی سات سات مقرر کرے۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی موقف ہے۔

ان حضرات نے بھی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی ایک روایت سے استدلال کیا ہے حضرت عمر بن ابی سلمہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ان کے پاس تشریف لے گئے تو فرمایا اگر تم چاہو تو تمہارے لیے سات دن مقرر کروں اور اگر تمہارے لیے سات دن مقرر کروں گا تو دوسری ازواج کے لیے بھی سات دن ہی مقرر کروں گا۔

تو اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ان کے درمیان مساوات ضروری ہے لہذا اگر نئی ثیبہ بیوی کے پاس تین دن ٹھہرے تو دوسری ازواج کے پاس بھی تین تین دن ٹھہرے گا۔

جہاں تک سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان الفاظ کا تعلق ہے کہ پھر میں دوسری بیویوں کے پاس چکر لگاؤں گا تو اس میں اس بات کا احتمال ہے کہ میں ان کے پاس بھی تین تین دن چکر لگاؤں گا کیونکہ اگر تین دن صرف اسی بیوی کا حق ہوتا تو سات دن قیام کی صورت میں تین دن شمار نہ ہوتے اور اس طرح ہر بیوی کے لیے چار چار دن ضروری ہوتے لیکن جب اس کے پاس سات دن ٹھہرنے کی صورت میں ہر ایک کے لیے سات سات دن مقرر ہیں تو معلوم ہوا کہ اس کے پاس تین دن ٹھہرنے کی صورت میں باقی بیویوں کے لیے بھی

تین تین ہی ہوں گے۔

باب ۱۷۸، عزل کا حکم

عزل کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی بیوی سے جماع کرتے ہوئے انزال کے وقت اس سے الگ ہو جائے تاکہ حمل نہ ٹھہرے آیا یہ عمل شریعت میں جائز ہے یا ناجائز؟ اس سلسلے میں تین قول ہیں۔

پہلا قول یہ ہے کہ عزل مکروہ ہے اس کی دلیل سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی ہے حضرت جدامہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس عزل کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا یہ خفیہ طور پر زندہ درگور کرنا ہے۔

دوسرا مسلک یہ ہے کہ عزل میں کوئی حرج نہیں جبکہ عورت، خاوند کو اجازت دے اگر وہ انکار کرے تو عزل کرنا جائز نہیں۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

تیسرا قول یہ ہے کہ عورت چاہے یا نہ ہر مرد کو عزل کا حق حاصل ہے۔

احناف کے نزدیک اگر اس کی بیوی کسی دوسرے آدمی کی لونڈی ہو تو اس کے مالک کی اجازت کے بغیر عزل نہیں ہو سکتا۔ البتہ حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ سے اس کے خلاف بھی ایک قول مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ اگر لونڈی اپنے خاوند کو ترک جماع کی اجازت دے تو اس کا مالک، خاوند کو جماع پر مجبور نہیں کر سکتا اسی طرح اگر وہ عزل کرنا چاہے تو اس کا اختیار بھی لونڈی کو حاصل ہے اس کے مالک کو نہیں۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے پاس ایک لونڈی ہے میں نہیں چاہتا کہ وہ حاملہ ہو لیکن میں اس سے خواہشات بھی پوری کرتا ہوں۔ اس لیے میں عزل کرتا ہوں لیکن یہودی کہتے ہیں کہ یہ خفیہ طور پر زندہ درگور کرنا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہودی جھوٹ کہتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ کسی کو پیدا کرنا چاہے تو تم اسے روک نہیں سکتے۔

معلوم ہوا کہ پہلے قول والوں کی پیش کردہ روایت صحیح نہیں جہاں تک عزل کے جواز کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں متعدد روایات مروی ہیں۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب خیبر کو فتح کیا تو ہمیں (مال غنیمت میں) کچھ عورتیں حاصل ہوئیں ہم ان سے وطی کرتے اور عزل کرتے تھے ہم میں سے بعض لوگ دوسروں سے کہنے لگے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے پاس موجود ہیں لیکن تم ان سے پوچھے بغیر عزل کرتے ہو چنانچہ انہوں نے پوچھا تو آپ نے فرمایا ہر پانی سے بچہ پیدا نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کو پیدا کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے کوئی چیز روک نہیں سکتی۔ لہٰذا اگر تم عزل نہ بھی کرو تو کوئی حرج نہیں۔

یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ عزل مکروہ نہیں ہے کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ

علیہ وسلم کو جب اس بات کی خبر ملی تو آپ نے اس پر اعتراض نہیں فرمایا اور نہ ہی ان کو منع فرمایا بلکہ یہی بتایا کہ جس نے پیدا ہونا ہے وہ عند اللہ مقدر ہے اسے دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی اگر کسی بچے نے پیدا ہونا ہے تو عزل کے باوجود کوئی نہ کوئی قطرہ رحم تک پہنچ جائے گا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی اسی مفہوم کی حدیث مروی ہے بلکہ وہ فرماتے ہیں کہ عہد رسالت میں ہم عزل کرتے تھے لیکن حضور علیہ السلام ہمیں منع نہ فرماتے تو جب یہ بات بھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوگئی کہ عزل خفیہ طور پر زندہ درگور کرنا نہیں تو ثابت ہوگیا کہ عزل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

باب ۱۷۹، حائضہ عورت سے نفع اٹھانا

اس بات پر تو سب علماء کا اتفاق ہے کہ حالت حیض میں عورت سے جماع کرنا جائز نہیں۔ اس بات پر بھی سب متفق ہیں کہ اس نے چادر باندھی ہوئی ہے تو نفع اٹھانا مثلاً بوسہ لینا یا ساتھ لیٹنا وغیرہ جائز ہے لیکن کیا چادر کے نیچے سے جماع کے علاوہ فائدہ اٹھانا جائز ہے؟ اس سلسلے میں اختلاف ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عورت نے کپڑا پہنا ہوا ہو مثلاً چادر باندھی ہوئی تو نفع اٹھا سکتے ہیں اس کے علاوہ نہیں۔

حضرت امام محمد اور دیگر علماء کے نزدیک کپڑے کے نیچے سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ البتہ جماع کرنا جائز نہیں حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے بھی اس مسلک کو ترجیح دی لیکن بعد میں غور و فکر سے ان پر واضح ہوا کہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک اولیٰ ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا استدلال یوں ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم (ازواج مطہرات) میں سے کسی ایک کو حکم دیتے کہ وہ چادر باندھیں جبکہ وہ حائضہ ہوتیں پھر اس کے ساتھ لیٹ جاتے ایک دوسری حدیث میں ہے۔

آپ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ لیٹتے اور میں حائضہ ہوتی لیکن میں نے چادر باندھی ہوتی۔

حضرت میمونہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے بھی اس مضمون کی روایات آئی ہیں۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ یہ احادیث ہماری بھی دلیل ہیں کیونکہ ہم چادر کے اوپر اوپر نفع اٹھانے کے خلاف نہیں لیکن ان روایات میں چادر سے نیچے کی ممانعت نہیں۔ یہ حدیث تو ان لوگوں کے خلاف ہے جو عورت سے حالت حیض میں کسی طریقے پر بھی نفع اٹھانے کے منکر ہیں۔

یہ حضرات اپنے موقف پر حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہی روایت پیش کرتے ہیں آپ فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ ایک کپڑے میں لیٹتے اور میں حائضہ ہوتی لیکن آپ کو اپنے اوپر بہت کنٹرول تھا۔

اسی طرح ایک حدیث میں حضور علیہ السلام نے فرمایا جماع کے علاوہ سب کچھ کر سکتے ہو۔ حضرت امام طحاوی

اس مسلک کو قیاس سے بھی ثابت کرتے ہیں کہ حیض سے پہلے عورت سے جماع کے طور پر بھی نفع اٹھایا جا سکتا ہے اور اس کے علاوہ کپڑوں سے اوپر اور نیچے دونوں طرح نفع اٹھا سکتے ہیں پھر حیض کی حالت میں بالاتفاق جماع حرام اور چادر کے اوپر سے نفع اٹھانا جائز ہے چادر سے نیچے کے بارے میں اختلاف ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ چادر کے نیچے سے نفع اٹھانا جماع کے مشابہ ہے یا چادر کے اوپر سے نفع اٹھانے کی طرح ہے تو غور کرنے سے معلوم ہوا کہ جماع کی صورت میں حد واجب ہوتی ہے (یعنی زنا کی صورت میں) مہر اور غسل بھی واجب ہوتا ہے لیکن شرمگاہ کے علاوہ جسم سے نفع حاصل کرنے کی صورت میں کچھ بھی واجب نہیں ہوتا اور اس سلسلے میں چادر کے اوپر اور نیچے دونوں کا حکم یکساں ہے تو نتیجہ یہ ہوا کہ چادر کے نیچے سے فائدہ اٹھانا جماع کی طرح نہیں بلکہ چادر باندھے ہونے کی صورت میں نفع اٹھانے کی طرح ہے۔

حضرت امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد ہم نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ روایات کے معانی کی تصحیح سے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک ثابت ہوتا ہے امام محمد رحمہ اللہ کا نہیں کیونکہ احادیث تین قسم کی ہیں۔

(۱) وہ احادیث جن کے مطابق سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات سے حالت حیض میں چادر کے اوپر اوپر نفع اٹھاتے۔ ان روایات میں چادر سے نیچے نفع اٹھانے کی ممانعت نہیں ہے۔

(۲) یہ حدیث حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ عورت حالتِ حیض میں ہو تو مرد کے لیے اس سے کس قدر نفع اٹھانا جائز ہے۔ آپ نے فرمایا چادر سے اُوپر اُوپر، تو یہ ان کے سوال کا بلا کم و کاست جواب ہے۔

(۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جس کے مطابق عورت سے شرمگاہ کے علاوہ نفع اٹھانا جائز ہے اگرچہ چادر سے نیچے ہو۔

اب غور کیا کہ ان میں سے مؤخر کونسی روایت ہے تا کہ اسے ناسخ قرار دیا جائے تو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہودیوں کے عمل کی خبر ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی کہ جن مسائل میں اہلِ کتاب کے خلاف حکم نازل نہ ہوتا تو آپ ان کے موافقت فرماتے۔ قرآن پاک میں بھی یہی فرمایا گیا کہ آپ ان لوگوں کے راستے پر چلیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی اسی طرح مروی ہے۔ یہودی حائضہ عورت سے کلام نہیں کرتے تھے نہ ان کے ساتھ کھانا کھاتے اور نہ ہی ان کے ساتھ ایک کمرے میں ٹھہرتے یہ سب باتیں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہیں اور ان کی روایت میں ہی ہے کہ شرمگاہ کے علاوہ نفع اٹھانا جائز ہے جبکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق چادر کے اوپر اوپر نفع اٹھانا جائز اور اس کے نیچے ناجائز ہے۔ تو یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے مقدم نہیں ہو سکتی کیونکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق یہودیوں کے بعض امور منسوخ ہیں لہذا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت مؤخر ہے اور یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کے لیے ناسخ قرار پائے گی اس سے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک ثابت ہو گیا۔

باب ۱۸، عورتوں سے غیر فطری فعل

بعض حضرات کے نزدیک عورت سے غیر فطری فعل جائز ہے جب کہ دوسرے حضرات جن میں حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں کے نزدیک یہ عمل ناجائز ہے۔

پہلے قول والوں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے غیر فطری فعل کیا تو لوگوں نے اسے ناپسند کیا اور کہا کہ تم اسے بے شوہر کر رہے ہو^ے اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی "تمہاری بیویاں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ"۔

دوسرے حضرات نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا وہ فرماتے ہیں کہ یہودیوں نے کہا جو شخص اپنی بیوی کی شرمگاہ میں پچھلی طرف سے ہو کر جماع کرتا ہے اس کے ہاں بھینگا بچہ پیدا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

تو یہ آیت یہودیوں کے رد میں نازل ہوئی اور اس میں اس بات کی اجازت ہے کہ جماع تو شرمگاہ کے اندر ہو لیکن اس کے لیے جو بھی طریقہ اختیار کیا جائے جائز ہے۔ لہذا پہلے قول والوں کا اس آیت سے استدلال صحیح نہیں۔

پھر اس کا ایک دوسرا مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں اگر تم عزل کرنا چاہو تو کر سکتے ہو اور نہ کرنا چاہو تو اس کا بھی تمہیں اختیار ہے۔

پہلے قول والوں نے حضرت سعید بن یسار رضی اللہ عنہ کی روایت سے بھی استدلال کیا وہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عورتوں کے ساتھ غیر فطری فعل کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا اس میں کوئی حرج نہیں۔

لیکن امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس کے خلاف بھی مروی ہے بلکہ ان کے صاحبزادے حضرت سالم رضی اللہ عنہ اس روایت کا ان سے انکار کرتے ہیں۔

حضرت ام سلمہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی اس آیت کی یہی تفسیر منقول ہے کہ یہاں غیر فطری فعل مراد نہیں بلکہ صرف جماع کی اجازت ہے البتہ اس کے لیے جو طریقہ چاہے اختیار کر سکتا ہے۔

پھر متعدد روایات سے غیر فطری فعل کی حرمت ثابت ہے حضرت خزیمہ بن ثابت، حضرت ابوہریرہ، حضرت جابر، حضرت علی بن طلق اور دیگر صحابہ کرام سے اس مضمون کی روایات مروی ہیں۔

پہلے قول والوں نے قرآن پاک کی اس آیت سے بھی استدلال کیا ہے "کیا تم دنیا والوں میں سے مردوں کے پاس جاتے ہو اور تمہارے رب نے جو عورتیں تمہارے لیے پیدا کی ہیں ان کو چھوڑ دیتے ہو بلکہ تم زیادتی کرنے

ے یعنی اس عورت کے ساتھ یہ طریقہ کر رہے ہو جس کا مطلب یہ ہے کہ اس کا کوئی خاوند نہیں۔ جو فطری انداز میں شہوت کو پورا کرتا۔ ۱۲ ہزاروی

والی قوم ہو"۔ یہ حضرات کہتے ہیں کہ اس میں بتایا گیا کہ تمہاری عورتوں کے پاس وہی چیز ہے تم ان سے شہوت پوری کرو یعنی غیر فطری فعل کر سکتے ہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ آیت کی یہ تفسیر جو تم نے کی ہے صحیح نہیں بلکہ صحیح تفسیر یہ ہے کہ تمہاری عورتوں سے جو نفع اٹھانا جائز ہے وہ اٹھاؤ چنانچہ یہی تفسیر صحابہ کرام سے مروی ہے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اس شخص کے بارے میں جو اپنی بیوی سے غیر فطری فعل کرتا ہے، فرماتے ہیں یہ چھوٹی لواطت ہے۔

لہٰذا متواتر روایات نیز صحابہ کرام اور تابعین کے ارشادات سے ثابت ہوا کہ عورتوں سے غیر فطری فعل اسی طرح ناجائز ہے جس طرح مردوں سے حرام ہے۔

باب ۱۸۱، حاملہ عورتوں سے جماع کرنا

بعض حضرات کے نزدیک بیوی یا لونڈی سے حالتِ حمل میں جماع کرنا مکروہ ہے جبکہ احناف کے نزدیک جائز ہے۔

پہلے موقف پر حضرت اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت سے استدلال کیا گیا ہے وہ فرماتی ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا اپنی اولاد کو خفیہ طور پر قتل نہ کرو حالتِ حمل میں جماع کرنا ایک نوجوان گھڑ سوار کو اس کی پیٹھ سے گرا دیتا ہے (یعنی اس حالت میں جماع سے پیدا ہونے والا بچہ کمزور ہوتا ہے)

احناف نے ان احادیث سے استدلال کیا ہے جن کے مطابق سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اجازت دی ہے اور وہ احادیث مندرجہ بالا حدیث کے لیے ناسخ ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حمل کی حالت میں جماع کرنے سے منع کرتے تھے پھر فرمایا اگر اس سے نقصان ہوتا تو ایرانیوں اور رومیوں کو ہوتا (کیونکہ وہ یہ عمل کرتے تھے)

معلوم ہوا کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی روایت منسوخ ہے بعض احادیث کے مطابق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے ارادہ کیا کہ حمل کی حالت میں جماع کرنے سے منع کروں لیکن مجھے بتایا گیا کہ ایرانی اور رومی ایسا کرتے ہیں اور ان کی اولاد کو کچھ ضرر نہیں ہوتا۔ آپ نے وحی سے نہیں بلکہ اپنے خیال کے مطابق یہ ارادہ فرمایا تھا لیکن اس کے بعد اجازت دے دی گویا آپ کی طرف سے ممانعت کا سبب بچے کے کمزور رہ جانے کا خطرہ تھا جب معلوم ہو گیا کہ ایسا نہیں ہوتا تو آپ نے اجازت دے دی۔

باب ۱۸۲، نکاح کے موقعہ پر لوٹ مار

شادی بیاہ کے موقعہ چھوہارے وغیرہ یا پیسے پھینکے جاتے ہیں ان کو لوٹنا جائز ہے یا نہیں؟ بعض حضرات کا خیال ہے کہ یہ جائز نہیں ان کی دلیل حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے وہ فرماتے ہیں ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر بیعت کی کہ ہم لوٹ مار نہیں کریں گے۔

حضرت عمران بن حصین، حضرت انس، زید بن خالد جُہنی ثعلبہ بن حکم رضی اللہ عنہم سے بھی اس مضمون کی روایات مروی ہیں۔ لیکن دوسرے حضرات کے نزدیک ان چیزوں کی لُوٹ مار جائز ہے حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحہم اللہ کا بھی یہی مسلک ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ مندرجہ بالا حدیث میں ناجائز لُوٹ مار سے منع کیا گیا جبکہ شادی بیاہ کے موقع پر جو کچھ لٹایا جاتا ہے وہ اسی مقصد کے لیے ہوتا ہے لہٰذا جہاں اجازت ہو وہاں اس میں کوئی حرج نہیں۔

حضرت عبداللہ بن قرط فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین دن قربانی کا دن ہے پھر نویں ذوالحجہ کا دن ہے فرماتے ہیں میں نے پانچ یا چھ اونٹ حضور علیہ السلام کے قریب کیے تو ان میں سے ہر ایک آپ کے قریب ہوتے لگا تاکہ آپ اس سے ابتدا فرمائیں حضور علیہ السلام نے ان کو پہلو کے بل لٹا کر ایک کلمہ کہا جسے میں سمجھ نہ سکا میں نے پاس والے آدمی سے پوچھا کہ آپ نے کیا فرمایا ہے اس نے جواب دیا کہ آپ نے فرمایا جس کا دل چاہے اس کا گوشت کاٹ لے۔ تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جہاں اس قسم کی لوٹ مار کی اجازت ہو وہاں ممانعت نہ ہوگی۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری نوجوان کی شادی میں شریک ہوئے آپ نے نکاح کے بعد ان کے لیے الفت و محبت اور وسعتِ رزق کی دعا فرمائی پھر فرمایا اپنے ساتھی کے سر پر دف بجاؤ تھوڑی دیر میں لڑکیاں بادام اور شکر کے تھال لے کر آئیں حاضرین نے اپنے ہاتھ روک لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم لوٹتے نہیں انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ تو لُوٹ مار سے روکتے تھے آپ نے فرمایا وہ لشکروں میں لوٹ مار کرنا ہے شادی بیاہ کے موقعہ پر منع نہیں ہے چنانچہ حضور علیہ السلام خود بھی ان کے ساتھ چھیننے میں شریک ہوئے۔

متقدمین کی ایک جماعت کے درمیان بھی اس سلسلے میں اختلاف ہے لیکن امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں قیاس اور غور و فکر کے مطابق جواز کا قول زیادہ مناسب ہے۔

طلاق کا بیان

باب ۱۸۳، حیض کی حالت میں طلاق دینے کے بعد سنت طلاق کا ارادہ کرنا

حیض کی حالت میں طلاق دینا بدعت ہے اس لیے ایسے شخص کو رجوع کا حکم دیا گیا تاکہ حالتِ طہر میں طلاق دے اب اختلاف یہ ہے کہ اگر وہ دوبارہ طلاق دینا چاہے تو اس حیض کے بعد والے طہر میں طلاق دے یا اس کے بعد مزید ایک اور حیض گزرے اور پھر حالت طہر میں طلاق دے۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک یہ ہے کہ جس حیض میں طلاق دی ہے اس کے بعد آنے والے

طہر میں طلاق دے۔ انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنی زوجہ کو حالتِ حیض میں طلاق دی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا ان سے کہیں کہ رجوع کریں پھر حالتِ طہر یا حالتِ حمل میں طلاق دیں۔

حضرت امام ابو یوسف اور دیگر حضرات کا موقف یہ ہے کہ اس حیض سے پاک ہونے کے بعد دوبارہ حیض آئے پھر اس سے پاک ہو جائے تو اب طلاق دے۔ انہوں نے بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے اس روایت کے مطابق سرکار دو عالم نے فرمایا ان سے کہیں کہ رجوع کریں پھر روکے رکھیں یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے پھر حیض آئے پھر پاک ہو اس کے بعد اگر چاہیں تو طلاق دیں۔

امام طحاوی فرماتے ہیں چونکہ اس روایت میں اضافہ ہے اس لیے یہ اس سے اولیٰ ہے نیز امام طحاوی رحمہ اللہ قیاس کے ذریعے بھی اس مسلک کو ترجیح دیتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حیض کی حالت میں طلاق دینے سے منع کیا گیا ہے نیز جس طہر میں طلاق دی ہو اس میں دوسری طلاق دینا بھی منع ہے پھر اس بات پر سب کا اتفاق ہے اگر کوئی شخص حالتِ حیض میں جماع کرے پھر اسے سنت طلاق دینا چاہے تو جب تک اس حیض سے جس میں جماع کیا ہے نیز بعد والے حیض سے پاک نہ ہو جائے طلاق نہیں دے سکتا انہوں نے حالتِ حیض میں جماع کو اس حیض کے بعد آنے والے طہر میں جماع کی طرح قرار دیا ہے۔

تو جب جماع کے بعد طلاق دینے کے سلسلے میں ہر طہر پہلے والے حیض کے حکم میں ہے اور جو شخص حیض کی حالت میں جماع کرے وہ اس کے بعد طلاق نہیں دے سکتا۔ جب تک جماع اور طلاق کے درمیان ایک کامل حیض نہ آجائے تو اسی طرح قیاس کا تقاضا ہے کہ اگر حیض کی حالت میں طلاق دے پھر دوبارہ طلاق دینا چاہے تو پہلی اور دوسری طلاق کے درمیان ایک مستقل حیض ہونا چاہیے۔ گویا سنت طلاق کا حکم یہ ہے کہ ایک طہر میں دو طلاقیں جمع نہ ہوں حضرت امام ابو حنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ تینوں اس بات کے قائل ہیں۔

باب ۱۸۴، بیک وقت تین طلاقیں دینا

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں بیک وقت دے تو تینوں طلاقیں واقع ہوں گی یا ایک؟ بعض حضرات کے نزدیک ایک ہی طلاق واقع ہو گی جب کہ ایسے طہر میں طلاق دی ہو جس میں جماع نہ کیا ہو۔

ان لوگوں کی دلیل یہ ہے حضرت ابو الصہباء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا کیا آپ جانتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور میں تین طلاقیں ایک ہی طلاق قرار پاتی تھیں جب کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں تین طلاقیں شمار ہوتی تھیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا "ہاں" (اسی طرح ہے)

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ چونکہ بیک وقت تین طلاقیں حکم خداوندی کے خلاف ہیں لہذا یہ اسی طرح ہے

کہ اگر کوئی شخص کسی کو وکیل بنا کر ایک خاص وقت اور خاص صفت کے مطابق طلاق دینے کو کہے اور وہ اس کے خلاف طریقے پر طلاق دے تو یہ طلاق واقع نہ ہوگی اسی طرح جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی کرے تو وہ طلاق واقع نہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ کا حکم یہ ہے کہ ان کو خاص وقت میں خاص طریقے پر طلاق دی جائے (یعنی بیک وقت تین طلاقیں نہ دی جائیں)

دوسرے حضرات کا موقف یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں خاوند پر لازم ہے کہ حیض کی حالت میں طلاق نہ دے بلکہ حالت طہر یا حالت حمل میں طلاق دے اسی طرح تین طلاقیں بیک وقت نہ دے بلکہ متفرق طور پر دے لیکن اس کے باوجود اگر وہ حکم شرعی کی مخالفت کرتے ہوئے حیض کی حالت میں طلاق دے یا بیک وقت تین طلاقیں دے تو وہ گناہ گار ہوگا لیکن طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور ان کو وکالت پر قیاس نہیں کر سکتے کیونکہ وکیل اپنے موکل کے لیے طلاق دیتا ہے۔ اس لیے اگر اس کے حکم کے خلاف ورزی ہوگی تو نافذ نہ ہوگی لیکن یہ شخص اللہ تعالیٰ کے لیے نہیں بلکہ اپنی ذات کے لیے طلاق دیتا ہے اس لیے وہ جس طرح بھی طلاق دے گا نافذ ہو جائے گی۔

چنانچہ بعض ایسے امور ہیں جن سے منع کیا گیا لیکن اس کے باوجود وہ نافذ ہو جاتے ہیں مثلاً ظہار کو بری بات قرار دیا گیا لیکن اس سے عورت حرام ہو جاتی ہے۔ اسی طرح اگرچہ بیک وقت تین طلاقیں دینا ناجائز کام ہے لیکن وہ واقع ہو جاتی ہیں۔

اس پر صحابہ کرام کا اجماع ہے اور بے شمار امور ایسے ہیں کہ صحابہ کرام نے ان پر اجماع کیا اور وہ اجماع حجت ہے مثلاً پہلے ام ولد (لونڈی) کو بیچا جاتا تھا لیکن بعد میں صحابہ کرام نے بالاجماع منع کر دیا شراب کی حد کے طور پر سو کوڑے بھی اجماع صحابہ سے مقرر ہوئے۔ چنانچہ تین طلاقوں کے وقوع کے سلسلے میں تمام صحابہ کرام نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے فیصلے سے اتفاق کیا۔

بلکہ خود حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جن کی روایت سے مخالفین نے استدلال کیا ہے اسی طرح فتویٰ دیتے تھے ایک شخص ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا کہ میرے چچا نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں انہوں نے فرمایا تیرے چچا نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور شیطان کی پیروی کی ہے لیکن آپ نے اس سے نکلنے کی اجازت نہ دی اس نے پوچھا آپ اس شخص کے بارے میں کیا کہتے ہیں جو اس عورت کو اس کے لیے حلال قرار دیتا ہے تو انہوں نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے دھوکہ کرے گا اللہ تعالیٰ اسے اس کا بدلہ دے گا۔

اسی طرح ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت ابن عباس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم سے ایک شخص کے بارے میں پوچھا گیا کہ اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں اس کا کیا حکم ہے تو انہوں نے فرمایا جب تک وہ کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کرے اس کے لیے حلال نہ ہوگی۔

حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عبداللہ بن عمر و اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی یہی بات مروی ہے۔

اگر کوئی شخص اعتراض کرے کہ جس طرح عدت کے دوران نکاح کیا جائے تو وہ منعقد نہیں ہوتا اسی

طرح یہاں بھی تین طلاقیں نہیں ہونی چاہیں تو اس کا جواب یوں دیا جاتا ہے کہ اصولی طور پر کسی کام کے شروع کرنے کیلئے جو شرائط ہیں انکے بغیر وہ کام شروع نہیں ہوتا لیکن اس کام سے فراغت اس بات کے بغیر بھی ہو جاتی ہے جس کا حکم دیا گیا ہے مثلاً نماز کو شروع کرنے کے لیے طہارت اور تکبیر تحریمہ ضروری ہے اس کے بغیر نماز کا آغاز نہیں ہوتا اور نماز سے باہر آنے کے لیے سلام کا حکم ہے لیکن اگر کوئی شخص قصداً گفتگو کے ذریعے نماز سے باہر آنا چاہے تو آسکتا ہے۔ اسی طرح نکاح کے لیے جو باتیں ضروری ہیں ان کے بغیر نکاح منعقد نہیں ہوگا۔ لیکن نکاح ان امور سے بھی ٹوٹ جاتا ہے جن سے منع کیا گیا ہے اس لیے اس بات کو نکاح کے انعقاد پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

باب ۱۸۵، قروء سے کیا مراد ہے

مطلقہ عورتوں کی عدت کے سلسلے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا "اور مطلقہ عورتیں اپنے نفسوں کو تین قروء ٹھہرائیں"۔ چونکہ لفظ قروء حیض اور طہر دونوں معنوں میں مشترک ہے اس لیے اختلاف ہوا کہ یہاں قروء سے مراد حیض ہے یا طہر؟ چنانچہ اس سلسلے میں خود صحابہ کرام کے درمیان اختلاف رہا۔ احناف کے نزدیک اس سے تین حیض مراد ہیں جبکہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک طہر مراد ہیں۔

دونوں طرف کے لوگ احادیث اور اقوال صحابہ سے استدلال کرتے ہیں لیکن امام طحاوی نے دونوں قسم کی احادیث نقل کر کے احناف کے مسلک کی ترجیح کو واضح فرمایا ہے۔

جو حضرات قروء سے طہر مراد لیتے ہیں ان کا استدلال یہ ہے کہ قرآن پاک میں فرمایا گیا "اور ان عورتوں کو ان کی عدت کے حساب سے طلاق دو" تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جب اپنی زوجہ کو حیض کی حالت میں طلاق دی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے فرمایا ان کو کہیں کہ رجوع کریں پھر چھوڑ دیں یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے پھر اگر چاہیں تو طلاق دیں تو یہ وہ عدت ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اس کے لیے طلاق دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا " وطلقوھن لعدتھن" اور ان کو ان کی عدت سے طلاق دی جائے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو طہر کی حالت میں طلاق دینے کا حکم دیا اور اسی کو عدت قرار دیا حیض کو عدت قرار نہیں دیا اس کا جواب یوں دیا جاتا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے واقعے سے متعلق مکمل حدیث اس طرح ہے کہ

آپ نے فرمایا ان کو رجوع کا حکم دیں پھر وہ چھوڑ دیں یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے پھر اسے حیض آجائے پھر پاک ہو جائے تو اب اگر چاہیں تو طلاق دیں اور فرمایا یہ وہ عدت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا۔ تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طہر میں طلاق دینے کی اجازت نہیں دی بلکہ دوسرے طہر تک انتظار کرنے کا حکم دیا تو معلوم ہوا کہ اس عدت سے مراد طلاق کی عدت نہیں بلکہ اس سے مراد وہ وقت ہے جس میں طلاق دینا جائز ہے گویا ان حضرات کو عدت کے مفہوم میں مغالطہ ہوا کیونکہ عدت سے مراد وہ دن بھی ہیں جو طلاق کے بعد نکاح کے بغیر گزارے

جاتے ہیں اور اس سے مراد وقت بھی ہے۔ تو جس آیت سے استدلال کیا گیا اس میں عدت سے مراد طلاق کا وقت ہے۔
چونکہ اہل عرب کے نزدیک قروء سے طہر اور حیض دونوں مراد ہو سکتے ہیں اس لیے محض حدیث سے کسی مسلک کو ترجیح نہیں دی جاسکتی تو ہم نے دیکھا کہ طلاق کے بعد عدت حیض کی صورت میں گزاری جائے تو تین حیض مکمل ہو سکتے ہیں کیونکہ طلاق طہر کی حالت میں دی جائے گی اور اگر طہر مراد ہیں تو دو طہر مکمل اور ایک کا کچھ حصہ ہوگا تین طہر مکمل نہیں ہوں گے جب کہ قرآن پاک کا لفظ ثلثہ خاص ہے اور تین کی گنتی کو پورا کرنا ضروری ہے۔

مخالفین کی طرف سے احناف پر اعتراض کیا گیا کہ حج کے سلسلے میں فرمایا گیا۔ حج کے مہینے معلوم ہیں۔ اور اس سے تین مہینے مکمل مراد نہیں ہوتے
بلکہ دو مہینے پورے اور تیسرے مہینے کا کچھ حصہ ہوتا ہے۔ تو یہاں بھی ایسا ہو سکتا ہے
تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہاں تین کا عدد مذکور نہیں جب کہ یہاں تین قروء فرمایا گیا اور اس پر عمل ضروری ہے۔
ایک اعتراض یہ کیا گیا کہ تمیز مذکر ہو تو ممیز مؤنث ہوتا ہے اور اگر تمیز مونث ہو تو ممیز مذکر ہوگا چونکہ یہاں ممیز پر تائے تانیث ہے لہذا تمیز مذکر ہوگی اور وہ طہر ہے حیض نہیں۔
اس کا جواب یوں دیا گیا ہے کہ جب کسی چیز کے دو نام ہوں ایک مذکر ہو اور دوسرا مؤنث تو مذکر کی جمع لانے کی صورت میں تائے تانیث کو باقی رکھا جاتا ہے اور مونث کی جمع لانے کی صورت میں اسے گرایا جاتا ہے۔
مثلاً ہذا ثوب، ہذہ ملحفۃ، اب "ثوب" کی جمع لائیں تو ثلاثۃ اثواب کہیں گے اور اگر "ملحفۃ" کی جمع لائیں تو ثلاث ملاحف" کہتے ہیں اسی طرح "ہذہ دار" اور "ہذا منزل" میں کرتے ہیں "حیضۃ" اور "قرء" ایک ہی چیز کے دو نام ہیں اب اگر "حیضۃ" کی جمع لائیں تو تائے تانیث نہیں آئے گی بلکہ "ثلث حیض" کہیں گے اور اگر قرء کی جمع لائیں تو تائے "تانیث آئے گی مثلاً "ثلثۃ قروء"
لہذا اس سے مخالف کا استدلال ختم ہوگیا۔
پھر قیاس کا تقاضا ہے کہ قروء سے حیض مراد ہوں کیونکہ اگر لونڈی کو طلاق دی جائے اور اسے حیض نہ آتا ہو تو آزاد عورت کی عدت کا نصف یعنی ڈیڑھ مہینہ عدت گزارے گی اور اگر اسے حیض آتا ہو تو وہ دو حیض گزارتی ہے اور اس پر سب کا اتفاق ہے اور چونکہ لونڈی کی عدت آزاد عورت کی عدت کا نصف ہوتی ہے تو جب لونڈی کی عدت بصورت حیض ہے تو آزاد کی عدت بھی تین حیض ہوں گے طہر نہیں ہوں گے۔

باب، مطلقہ بائنہ کی عدت کے دوران نفقہ اور رہائش کا حکم

جس عورت کو طلاق بائن دی گئی کیا اسے عدت کے دوران نفقہ اور رہائش دی جائے؟ اس سلسلے میں تین مسلک ہیں۔

پہلا مسلک یہ ہے کہ عدت کے دوران یہ عورت نفقہ اور رہائش کی مستحق نہیں کیا کیونکہ یہ دونوں چیزیں اس عورت کے لیے واجب ہیں جسے طلاق رجعی دی جائے۔

دوسرا مسلک یہ ہے کہ اس عورت کو رہائش دی جائے گی لیکن اسے نفقہ کا حق حاصل نہیں ہے۔

تیسرا مسلک یہ ہے کہ مطلقہ عورت نفقہ اور رہائش دونوں کی مستحق ہے اور اس کے خاوند پر یہ دونوں چیزیں لازم ہیں اس سلسلے میں طلاق رجعی اور بائن دونوں کا حکم ایک جیسا ہے، حضرت امام اعظم ابو حنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

پہلے مسلک والوں نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتی ہیں میرے خاوند نے مجھے طلاق بائن دی میں نے ان کے ساتھ (ان کے وکیل کے ساتھ) نفقہ اور رہائش سے متعلق اپنا جھگڑا بارگاہ نبوی میں پیش کیا تو حضور علیہ السلام نے میرے لیے رہائش اور نفقہ کا حکم نہ دیا اور مجھے حکم فرمایا کہ میں حضرت عبد اللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر عدت گزاروں۔ ایک روایت میں یوں ہے کہ آپ نے فرمایا ہے قیس کی بیٹی! رہائش اور نفقہ اس کے لیے ہے جسے طلاق رجعی دی گئی ہو۔

یہ حدیث مختلف طرق سے اور مختلف الفاظ کے ساتھ مروی ہے لیکن مفہوم یہی ہے۔

دوسرے حضرات نے اس سلسلے میں یوں استدلال کیا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت اسامہ بن زید، حضرت عائشہ اور حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہم نے اس کا انکار فرمایا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم ایک عورت کے کہنے پر کہ اس کے لیے رہائش اور نفقہ نہیں ہے۔ اپنے رب کی کتاب اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کو چھوڑ نہیں سکتے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا استدلال یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دو توان کے وقت پر دو" پھر فرمایا "شاید اس کیلئے اللہ تعالیٰ کوئی بات ظاہر فرما دے" اور اس بات پر اجماع ہے۔ اس "بات" سے رجوع کرنا ہے پھر ارشاد فرمایا "پھر ان کو وہاں ٹھہراو. جہاں تم خود ٹھہرتے ہو رہائش تمہارے بس میں ہو اس کے بعد فرمایا" اور انکو ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں" یعنی عدت کے دوران نہ نکلیں۔

اب ایک شخص عورت کو سنت طریقے کے مطابق دو طلاقیں دیتا ہے پھر وہ رجوع کر لیتا ہے اس کے بعد اسے ایک اور طلاق سنّت طریقے پر دیتا ہے جس سے وہ اس پر حرام ہو جاتی ہے اور اس پر وہ عدت واجب ہو جاتی ہے جس میں اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے رہائش مقرر کی اور حکم دیا کہ وہ باہر نہ جائے اور خاوند کو حکم دیا کہ وہ بھی اسے نہ نکالے۔

اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے طلاق رجعی اور بائن کا فرق نہیں کیا لہٰذا حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کا قول قرآن پاک کے خلاف ہے اور حضور علیہ السلام کی سنّت کے بھی خلاف ہے کیونکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم ایک عورت کے قول پر سنت رسول کو ترک نہیں کر سکتے معلوم ہوا کہ سنت یہی ہے کہ مطلقہ عورت کو نفقہ اور رہائش ملے گی۔

ایک روایت میں ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے

سنا آپ نے فرمایا اس عورت کے لیے رہائش اور نفقہ ہے۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی روایت کا یہ مفہوم بیان کیا کہ چونکہ وہ اپنے خاوند کے رشتہ داروں سے جھگڑا وغیرہ کرتی تھیں اس لیے ان کو حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر ٹھہرنے کا حکم دیا۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے قیاس سے بھی فقہ حنفی کی ترجیح ثابت کی ہے وہ فرماتے ہیں قرآن پاک کے مطابق حاملہ مطلقہ کے لیے نفقہ کا حکم ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔ "اگر وہ حمل والی ہوں تو بچہ پیدا ہونے تک ان پر خرچ کرو۔"

اب یہاں دو باتوں کا احتمال ہے یا تو اس کو بچے کی وجہ سے خرچ دیا جاتا ہے یا عدت کی وجہ سے؟ اگر بچے کی وجہ سے نفقہ دیا جاتا ہو تو صرف اسی کے لیے ثابت ہوگا اور اگر عدت کی وجہ سے ہو تو دوسری مطلقہ (غیر حاملہ) کے لیے بھی عدت کے دوران نفقہ ثابت ہوگا۔

جب ہم نے اس سلسلے میں غور کیا تو معلوم ہوا کہ باپ چھوٹے بچے پر اپنا مال خرچ کرتا ہے جب تک اس بچے کو اس کی حاجت ہوتی ہے۔ اور اگر بچے کے پاس اپنا مال ہو جو اسے وراثت یا ہبہ وغیرہ کے ذریعے ملا ہو تو باپ پر خرچ کرنا لازم نہیں اور اگر باپ بچے کے فقیر ہونے کے باعث قاضی کے حکم سے خرچ کرے پھر معلوم ہو کہ اس سے پہلے بچے کو کہیں سے مال حاصل ہوا تھا تو باپ وہ مال واپس لے سکتا ہے۔ جو اس نے خرچ کیا ہے۔

اور اگر مطلقہ حاملہ پر خرچ کرے پھر بچہ پیدا ہوا اور اس سے پہلے اس بچے کا ماں کی طرف سے بھائی فوت ہوا جس کی وراثت اسے اس وقت حاصل ہوئی جب وہ اپنی ماں کے پیٹ میں تھا تو اب وہ مال واپس نہیں لے سکتا جو حاملہ پر خرچ کیا معلوم ہوا کہ یہ نفقہ اس کے مطلقہ ہونے کی وجہ سے تھا اگر بچے کی وجہ سے ہوتا تو واپس لے سکتا لہٰذا جب حاملہ کو نفقہ مطلقہ ہونے کی وجہ سے ملتا ہے تو ہر وہ عورت نفقہ کی مستحق ہوگی جس کو طلاق دی گئی طلاق بائن ہو یا رجعی۔

باب ۱۸۷، بیوہ کا عدت کے دوران گھر سے باہر نکلنا

کیا مطلقہ عورت اور وہ عورت جس کا خاوند مر جائے عدت کے دوران گھر سے باہر نکل سکتی ہیں؟

اس سلسلے میں بعض لوگوں کا موقف یہ ہے کہ مطلقہ ہو یا بیوہ دونوں کو سفر کرنے یا گھر سے باہر جانے کی اجازت ہے۔

ان حضرات نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں میری خالہ کو طلاق ہو گئی وہ عدت کے دوران اپنے کھجوروں کے درختوں کی طرف جانے لگیں تو ایک شخص نے کہا تمہیں اس کی اجازت نہیں ہے پھر وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ نے فرمایا تم جاؤ اور کھجوریں توڑو شاید تم صدقہ یا کوئی نیکی کرو۔

جبکہ دوسرے حضرات کے نزدیک بیوہ عورت دن کے وقت باہر جاسکتی ہے لیکن رات اپنے گھر میں گزارنا ہوگی۔ جب کہ طلاق والی عورت عدت کے دوران گھر سے باہر نہیں جاسکتی نہ دن کو اور نہ ہی رات کو۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ مطلقہ عورت کو عدت کے دوران رہائش اور نفقہ خاوند کی طرف سے ملتا ہے لہذا اسے باہر جانے کی ضرورت نہیں جب کہ بیوہ عورت کے لیے نفقہ نہیں ہوتا لہذا وہ دن کی روشنی میں باہر جاسکتی ہے تاکہ وہ رزق حاصل کرسکے۔

حضرت امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی مسلک ہے۔

پہلے مسلک والوں کی پیش کردہ حدیث کا جواب انہوں نے یوں دیا ہے کہ یہ اس وقت کی بات ہے جب ان عورتوں کے لیے باہر جانا جائز تھا بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا اس کا ثبوت یہ ہے کہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی وفات پر حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ تین دن سوگ کریں پھر جو چاہیں کریں۔ لیکن اس کے بعد چار مہینے دس دن عدت گزارنے کا حکم دیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہے اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے البتہ بیوی اپنے خاوند پر چار مہینے دس دن تک سوگ منائے۔

اس مضمون کی احادیث حضرت زینب بنت ابوسلمہ، حضرت ام سلمہ، حضرت حفصہ، حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہن سے بھی مروی ہیں۔

پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے واضح الفاظ میں مروی ہے کہ آپ نے حضرت فریعہ کو عدت کے دوران گھر سے باہر جانے سے منع فرمایا وہ فرماتی ہیں کہ مجھے اپنے خاوند کی وفات کی اطلاع ملی اور میں انصار کے ایک گھر میں رہتی تھی، میں بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ میرے خاوند نے میرے لیے کوئی نفقہ وغیرہ نہیں چھوڑا مجھے اپنے بھائی کے پاس جانے کی اجازت دیں تو حضور علیہ السلام نے اجازت دے دی فرماتی ہیں میں خوش خوش باہر نکلی تو آپ نے بلاکر دوبارہ ماجرا سنا پھر فرمایا جس گھر میں خاوند کی موت کی اطلاع ملی ہے اسی جگہ ٹھہرو یہاں تک کہ عدت پوری ہو جائے چنانچہ وہ چار مہینے دس دن وہاں ٹھہری رہیں۔

خود حضرت جابر رضی اللہ عنہ جن کی روایت سے پہلے گروہ نے استدلال کیا ہے مطلقہ اور بیوہ کو عدت کے دوران باہر جانے کی اجازت نہیں دیتے چنانچہ حضرت ابوالزبیر رضی اللہ عنہ کے سوال پر انہوں نے فرمایا کہ نہ وہ باہر جاسکتی ہیں اور نہ اپنی مرضی کے مطابق کسی جگہ عدت گزار سکتی ہیں۔

پہلے گروہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ایک عمل سے بھی استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں جنگِ جمل کے دن جب طلحہ بن عبید اللہ قتل ہو گئے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ چلی گئیں تو انہوں نے اپنی بہن حضرت ام کلثوم (جن کے خاوند طلحہ قتل ہوئے تھے) کو مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ بلایا اور ان کے ہمراہ حج کیا۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ فتنے کا دور کا تھا اس لئے انہیں وہاں سے منتقل ہونے کی اجازت

تھی لہٰذا اب بھی ایسے حالات ہوں اور خاوند کے گھر عدت گزارنے میں فتنے کا خوف ہو تو مطلقہ یا بیوہ جہاں مناسب سمجھیں جا سکتی ہیں۔

باب ۱۸۸، آزاد کردہ لونڈی کا خاوند آزاد ہو تو اسے اختیار ہوگا یا نہیں۔

اگر لونڈی کسی شخص کے نکاح میں ہو اور اسے آزاد کر دیا جائے تو دیکھا جائے گا اگر اس کا خاوند غلام ہے تو لونڈی کو اختیار ہے چاہے تو نکاح کو فسخ کر دے۔ اور چاہے تو برقرار رکھے۔

اور اگر اس کا خاوند آزاد ہو تو اختلاف ہے بعض حضرات کے نزدیک عورت کو اختیار نہ ہوگا جبکہ دوسرے حضرات اس صورت میں بھی آزاد ہونے والی لونڈی کو اختیار دیتے ہیں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، حضرت امام ابویوسف اور حضرت امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

اس سلسلے میں دونوں فریقوں نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ سے استدلال کیا ہے۔

حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) سے مروی ہے کہ ان کا خاوند غلام تھا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا خاوند سیاہ فام غلام تھا اور اس کا نام مغیث تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو اختیار دیا اور انہیں عدت گزارنے کا حکم دیا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہی سے مروی ہے کہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا خاوند آزاد تھا جب ان کو آزاد کیا گیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اختیار دیا۔

چونکہ دونوں قسم کی احادیث ثقہ راویوں سے مروی ہیں اس لیے ان کے درمیان تطبیق دی جائے گی تاکہ ان کے درمیان تضاد نہ ہو لہٰذا نتیجہ یہ ہوگا کہ ان کا خاوند پہلے غلام تھا پھر اسے آزاد کر دیا گیا اور جب حضرت بریرہ آزاد ہوئیں۔ اس وقت وہ آزاد تھا بنابریں خاوند غلام ہو یا آزاد، آزاد ہونے والی عورت کو نکاح توڑنے یا برقرار رکھنے کا اختیار ہوگا۔

قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ خاوند کے آزاد ہونے کی صورت میں عورت کو اختیار ہونا چاہیے کیونکہ مالک اپنی لونڈی کو کسی شخص کے نکاح میں دینا چاہیے تو وہ آزاد یا غلام دونوں میں سے کسی سے بھی اس کا نکاح کر سکتا ہے۔ لہٰذا فسخ نکاح کی صورت میں بھی عموم ہونا چاہیے۔

حضرت طاؤس رحمہ اللہ سے بھی اسی طرح مروی ہے وہ فرماتے ہیں۔ اگر لونڈی کسی قریشی کے نکاح میں بھی ہو تو آزاد ہونے کی صورت میں اسے اختیار ہوگا۔ لہٰذا احادیث کی تطبیق اور قیاس سے احناف کا مذہب ثابت ہوا۔

باب ۱۸۹، لیلۃ القدر سے مشروط طلاق

اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے کہ لیلۃ القدر میں تجھے طلاق ہے تو یہ طلاق کب واقع ہوگی؟ اس سلسلے

میں حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے سب سے پہلے لیلۃ القدر کے بارے میں مروی مختلف احادیث کو جمع کر کے ان پر سیر حاصل بحث کی ہے اس کے بعد امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک اور حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے تین قول ذکر کر کے حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کے مسلک کو ترجیح دی ہے۔

لیلۃ القدر کے بارے میں ایک روایت یہ ہے کہ وہ رمضان المبارک کے پورے مہینے میں کوئی رات ہوتی ہے۔ یہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

انہی سے نیز حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک کی آخری سات راتوں میں لیلۃ القدر کو تلاش کرنے کا حکم دیا۔

حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے تیئسویں رات کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول مروی ہے ظاہر ہے کہ سات راتوں میں تلاش کرنے اور تیئسویں رات کو لیلۃ القدر کے وقوع میں مطابقت اسی صورت میں ہو سکتی ہے جب مہینہ انتیس دن کا ہو یا یہ ایک خاص موقع سے متعلق ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ بھی مروی ہے کہ حضور علیہ السلام نے رمضان المبارک کے آخری دس راتوں میں تلاش کرنے کا حکم فرمایا سات راتوں اور دس راتوں کے۔

قول میں ایک دوسری حدیث سے مطابقت ثابت ہوتی ہے وہ یوں کہ آپ نے فرمایا آخری دس راتوں میں تلاش کرو اور اگر اس سے عاجز ہو جاؤ تو سات راتوں ہی میں تلاش کرو۔ حضرت بلال اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما سے یہ بھی مروی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ستائیسویں رات کے بارے میں بھی فرمایا۔

نتیجہ یہ ہوا کہ لیلۃ القدر کے بارے میں امکان ہے کہ وہ رمضان المبارک کی کوئی بھی رات ہو سکتی ہے اگرچہ آخری دس راتوں میں زیادہ امکان ہے اور یہ بات مسلمہ ہے کہ لیلۃ القدر رمضان المبارک ہی میں ہوتی ہے کیونکہ قرآن پاک نے بیان کیا کہ یہ قرآن رمضان المبارک میں نازل ہوا اور یہ بھی فرمایا کہ ہم نے اسے لیلۃ القدر میں اتارا لہٰذا لیلۃ القدر رمضان المبارک میں ہوئی۔

اب جو شخص یہ کہتا ہے کہ اس کی بیوی کو لیلۃ القدر میں طلاق ہے تو اگر اس نے یہ بات رمضان المبارک سے پہلے کہی ہے تو رمضان المبارک کے ختم ہونے پر طلاق ہو گی کیونکہ وہ کوئی بھی رات ہو سکتی ہے اب مہینے کے اختتام پر یقین ہو گیا کہ طلاق واقع ہو گئی کیونکہ یقیناً اس مہینے میں کوئی رات لیلۃ القدر تھی۔

اور اگر وہ مہینے کے دوران یہ بات کہے تو ممکن ہے لیلۃ القدر پہلے گزر چکی ہو لہٰذا اب آنے والی لیلۃ القدر میں طلاق واقع ہو گی اس لیے جب دوسرا رمضان المبارک آکر ختم ہو جائے گا تو طلاق ہو گی کیونکہ یقیناً لیلۃ القدر کا وقوع ہو چکا ہے یہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے۔

امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا ایک قول تو یہی ہے جو حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اگر وہ مہینے کے دوران کہے تو آئندہ سال اس تاریخ پر طلاق واقع ہو جائے گی کیونکہ سال پورا ہو گیا۔

امام طحاوی فرماتے ہیں یہ قول کمزور ہے کیونکہ ہو سکتا ہے لیلۃ القدر ان راتوں کے بعد کوئی رات ہو اور ادھر

طلاق کو متعلق کرنے سے پہلے لیلۃ القدر گزر چکی ہو

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا تیسرا قول یہ ہے کہ جب ستائیسویں رات گزر جائے گی تو طلاق واقع ہو جائے گی حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں یہ قول درست ہو سکتا ہے۔ کیونکہ بعض روایات کے مطابق ستائیسویں رات لیلۃ القدر ہوتی ہے۔

باب ۱۹۰، زبردستی کی طلاق

اگر کسی شخص کو مجبور کیا جائے کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے اور یوں وہ طلاق دے دے تو کیا یہ طلاق واقع ہوگی؟ حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک یہ طلاق واقع ہو جاتی ہے جبکہ کچھ حضرات کے نزدیک یہ طلاق واقع نہیں ہوتی۔

جن لوگوں کے نزدیک طلاق واقع نہیں ہوتی انہوں نے دو قسم کی احادیث سے استدلال کیا ہے پہلی حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے میری امت سے غلطی، بھول اور اس عمل کو معاف کر دیا۔ جس پر اسے مجبور کیا جائے۔

اس حدیث کا جواب احناف کی طرف سے یوں دیا گیا ہے کہ یہ صرف شرک کے بارے میں ہے کیونکہ آغاز اسلام میں کفار مسلمانوں کو کلمۂ کفر پر مجبور کرتے تھے تو وہ اپنی زبانوں سے ایسا کلمہ نکالتے جب کہ ان کے دل مطمئن ہوتے اسی طرح بعض اوقات وہ بھول کر اس قسم کے کلمات کہہ دیتے تو ان کے لیے معافی کا ذکر کیا گیا۔

ان حضرات نے دوسری دلیل یہ دی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شخص کے لیے وہی ہوگا جس کی اس نے نیت کی ہو اگر اس نے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول کی طرف ہجرت کی تو وہ اسی طرف شمار ہوگی اور اگر حصول دنیا یا کسی عورت سے نکاح کے لیے ہجرت کرے گا تو وہ اسی طرح ہوگی۔ لہٰذا جب وہ شخص طلاق دینے پر مجبور کیا گیا تو نیت کے نہ پائے جانے کی وجہ سے طلاق واقع نہ ہوگی۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہجرت کرے گا اسے ثواب ملے گا گویا آپ سے دونوں طرح کی ہجرت کا حکم پوچھا گیا تو آپ نے اس کا یوں جواب دیا جہاں تک عمل کا تعلق ہے تو اس میں رکاوٹ نہیں ہوتی چنانچہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے غزوۂ بدر میں حاضری سے اس لئے رکاوٹ ہوئی کہ میں اور میرے والد نکلے تو مجھے اور میرے والد کو کفار قریش نے پکڑ کر پوچھا کہ تم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جانے کا ارادہ کر رہے ہو؟ تو ہم نے کہا کہ ہم تو مدینہ طیبہ جا رہے ہیں تو انہوں نے ہم سے وعدہ لیا کہ ہم مدینہ طیبہ کی طرف لوٹ جائیں اور حضور علیہ السلام کے ہمراہ لڑائی میں بھی شریک ہوں وہ فرماتے ہیں ہم نے حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا تو آپ نے ہمیں غزوہ بدر میں شرکت سے روک دیا اور فرمایا ہم وعدہ پورا کریں گے اور ان کے خلاف اللہ تعالیٰ سے مدد چاہیں گے۔

تو حضور علیہ السلام نے اس وعدہ کو قابل عمل قرار دیا حالانکہ یہ وعدہ زبردستی لیا گیا تھا۔ قیاس بھی احناف کے

مسلک کی تائید کرتا ہے کیونکہ جس آدمی کو کسی کام پر مجبور کیا جائے تو دیکھا جائے گا کہ کیا یہ شخص کام کرنے والے کے حکم میں ہے یا نہ کرنے والوں کے حکم میں ؟ تو ہم دیکھتے ہیں کہ اگر عورت کو روزے کی حالت میں جماع پر مجبور کیا جائے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے اسی طرح اگر وہ حج کر رہی ہو تو مجبور کر کے جماع کرنے سے حج بھی فاسد ہو جائے گا اسی طرح اگر جماع کرنے والے کو مجبور کیا جائے تو مہر اسی پر لازم ہوگا مجبور کرنے والے پر نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ مکرہ (جسے مجبور کیا جائے) کا عمل، معتبر ہوتا ہے لہذا مکرہ کی طلاق معتبر ہوگی۔

اس پر ایک اعتراض یہ کیا گیا کہ جس شخص کو سودا کرنے یا اجارہ پر مجبور کیا جائے تو اس کا یہ عمل جائز نہیں ہوتا لہذا یہاں بھی طلاق واقع نہیں ہونی چاہیے۔

تو احناف نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ بیع اور اجارہ میں خیار رؤیت اور خیار عیب وغیرہ حاصل ہوتا ہے۔ لہذا وہاں یہ گنجائش ہے لیکن طلاق دینے آزاد کرنے اور رجوع کے سلسلے کوئی اختیار حاصل نہیں ہوتا۔ لہذا یہاں اکراہ معتبر نہیں ہوگا یعنی یہ افعال نافذ ہو جائیں گے۔

حضور علیہ السلام نے فرمایا تین چیزیں ایسی ہیں کہ ان میں سنجیدگی بھی سنجیدگی ہے اور مذاق بھی سنجیدگی وہ نکاح، طلاق اور رجوع کرنا ہے۔ معلوم ہوا کہ جب یہ امور مذاق میں بھی نافذ ہو جاتے ہیں اور بیع وغیرہ مذاق سے عمل میں نہیں آتے تو دونوں میں فرق ہے پھر حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں نشے والے اور مکرہ کی طلاق واقع ہو جاتی ہے یہ بھی احناف کی تائید ہے۔

باب ۱۹۱، بیوی کے حمل کی نفی کرنا

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے بارے میں کہے کہ جو کچھ اس کے پیٹ میں ہے وہ اس (خاوند) کا نہیں تو کیا اسے قذف (الزام زنا) قرار دے کر لعان کیا جائے گا یا نہیں ؟

بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ زنا کا الزام ہے لہذا لعان ہوگا حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا غیر معروف قول بھی یہی ہے۔

ان حضرات نے حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حمل کی وجہ سے لعان کا حکم دیا۔

دوسرے حضرات جن میں حضرت امام ابو حنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں، کے نزدیک محض حمل کی نفی سے لعان نہیں ہوگا کیونکہ حمل کے بارے میں یقین نہیں ہو سکتا ممکن ہے وہ حمل نہ ہو اور محض اس کا وہم کیا جا رہا ہو۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ جس حدیث سے فریق مخالف نے استدلال کیا ہے درحقیقت وہ حدیث مختصر نقل کی گئی اصل میں یہ طویل حدیث ہے اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ جب حضور علیہ السلام نے ان کے درمیان لعان کیا تو وہ عورت حاملہ تھی لعان حمل کی وجہ سے نہیں ہوا حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم شام کے وقت مسجد میں تھے کہ ایک شخص نے کہا اگر ہم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پائے

اور اسے قتل کر دے تو تم اس کو قتل کرتے ہو اگر وہ کوئی کلام کرے (یعنی اسے زانی کہے) تو تم اسے کوڑے لگاتے ہو اور اگر وہ خاموش رہے تو غصے کی حالت میں خاموش رہے گا میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ضرور پوچھوں گا۔ چنانچہ اس نے آپ سے پوچھتے ہوئے یہی مندرجہ بالا الفاظ کہے تو اللہ تعالیٰ نے لعان کا حکم نازل فرمایا حضرت عبداللہ فرماتے ہیں۔ سب سے پہلے یہی شخص لعان میں مبتلا ہوا۔

ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ ایک انصاری بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا اور اس نے اپنی بیوی سے لعان کیا جب عورت لعان کرنے لگی تو حضور علیہ السلام نے فرمایا شاید وہ سیاہ رنگ اور گھنگریالے بالوں والا بچہ جنے چنانچہ اس نے ایسا ہی بچہ جنا۔

تو اصل حدیث یہ ہے جس کے مطابق لعان کا سبب الزام لگانا ہے اور اس وقت وہ عورت حاملہ تھی یہ مطلب نہیں کہ حمل کی وجہ سے لعان ہوا۔ اسی مضمون کی احادیث حضرت ابن عباس حضرت انس بن مالک اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہیں۔

ایک حدیث کے مطابق حضور علیہ السلام نے فرمایا دیکھنا اگر بچہ سفید رنگ اور سیدھے بالوں والا ہو اور سُرخ آنکھوں والا ہو تو وہ ہلال بن امیہ کا ہوگا اور اگر سرمگیں آنکھوں گھنگریالے بالوں اور باریک پنڈلیوں والا ہوا تو شریک بن سحماء کا ہوگا۔

ہلال بن امیہ نے اپنی بیوی کے ساتھ شریک بن سحماء پر الزام لگایا تھا کہ اس نے ہلال کی بیوی کے ساتھ زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ چنانچہ بچہ شریک کی شکل پہ پیدا ہوا حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ کا حکم (حکم لعان) نہ آچکا ہوتا تو میں اس عورت کو سزا دیتا۔

پہلے مسلک والے فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ اگر بچہ اس شکل پر ہو تو فلاں کا ہوگا اور فلاں شکل کا ہو تو فلاں کا ہوگا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اصل مقصود حمل ہے لہذا حمل کی نفی کے سبب لعان ہونا چاہیے۔

احناف نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ اگر حمل کی نفی کے سبب لعان ہوتا تو خاوند سے بچے کی نفی ہو جاتی چاہے وہ اس کے مشابہ ہوتا یا نہ مثلاً اگر بچہ پہلے پیدا ہو پھر خاوند الزام لگائے کہ وہ اس کا بچہ نہیں ہے۔ حالانکہ وہ اس کے ساتھ بہت زیادہ مشابہت رکھتا ہو پھر بھی لعان کیا جائے اور میاں بیوی کے درمیان تفریق کر کے بچے کو ماں کے حوالے کیا جائے گا اور محض مشابہت کی وجہ سے باپ کو نہیں دیا جائے گا۔ لہذا جب مشابہت کے وجود سے نسب کا وجود ثابت نہیں ہوتا اور عدم مشابہت سے نسب کی نفی نہیں ہوتی اور حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر وہ ایسا ایسا پیدا ہو تو وہ لعان کرنے والے کا ہوگا تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ لعان اس کی نفی نہیں کرتا کیونکہ اگر لعان سے نفی ہوتی تو اس کے ساتھ مشابہت ثبوت نسب کی دلیل اور عدم مشابہت عدم ثبوت کی دلیل نہ ہوتی۔

معلوم ہوا کہ لعان عمل کی وجہ سے نہیں بلکہ قذف کی وجہ سے ہے۔

باب ۱۹۲، بچے کی نفی سے لعان

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ہاں پیدا ہونے والے بچے کی نفی کرے یعنی وہ کہے کہ وہ اس کا (خاوند کا) نہیں ہے تو اب لعان ہوگا یا نہیں ؟

ایک جماعت کہتی ہے کہ بچہ باپ ہی کا ہوگا اور لعان نہیں ہوگا۔ ان حضرات نے حضرت عثمان بن عفان، حضرت عائشہ، حضرت ابوہریرہ، حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہم سے مروی ایک ہی مفہوم کی احادیث سے۔ استدلال کیا ہے وہ یہ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ بچہ بستر والے (خاوند) کا ہے۔ نیز آپ نے فرمایا کہ زانی کے لیے پتھر ہے۔

دوسرے حضرات کے نزدیک اس صورت میں لعان ہوگا باپ سے بچہ کے نسب کی نفی کی جائے گی اور اسے ماں کے حوالے کیا جائے گا البتہ وہ بچے کا اقرار کرے تو اسے دیا جائے گا۔

ان حضرات نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعان کرنے والے مرد وعورت کے درمیان تفریق کر دی اور بچہ اس کی ماں کے حوالے کیا۔

اس حدیث کے خلاف یا اس کو منسوخ کرنے والی کوئی حدیث نہیں۔ سنت یہی ہے صحابہ کرام کا اس پر اجماع ہے تابعین نے بھی اس پر اتفاق کیا کہ صحابہ کرام نے اس بچے کو اس کی ماں کی قوم سے قرار دیا لہذا حضور علیہ السلام کا ارشاد گرامی کہ بچہ بستر والے کے لیے ہوتا ہے۔ لعان کی نفی نہیں کرتا۔

احناف کا یہی مسلک ہے۔

آزاد کرنے کا بیان

باب ۱۹۳، مشترک غلام کی آزادی

اگر ایک غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ان میں سے ایک شخص اپنا حصہ آزاد کر دے تو اس صورت میں کیا وہ دوسرے شریک کے لیے ضامن ہوگا یا نہیں نیز کیا اس طرح تمام غلام آزاد ہو جائے گا یا اتنا ہی آزاد ہوگا جتنا حصہ آزاد کیا گیا؟

یہاں تین قول ہیں۔ پہلا قول یہ ہے کہ جس آدمی نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کیا تو وہ قیمت کر کے باقی قیمت دوسرے شرکاء کو دے اور غلام مکمل طور پر آزاد ہو جائے گا۔ چاہے آزاد کرنے والا خوشحال ہو یا تنگدست۔
انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کیا وہ باقی شرکاء کے حصوں کا ضامن ہوگا۔ یہ حضرات فرماتے ہیں جب کوئی شخص کسی کا نقصان کرے تو وہ مالدار ہو یا تنگدست اس مال کا ضامن ہوتا ہے اسی طرح یہ شخص بھی اپنے شرکاء کا نقصان کرنے کی وجہ سے ضامن ہے چاہے خوشحال ہو یا تنگدست۔
دوسرا قول یہ ہے کہ اگر وہ خوشحال ہے تو ضامن ہوگا ورنہ نہیں یہ حدیث بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ہی مروی ہے لہٰذا پہلی روایت کا مطلب یہ ہوگا کہ اگر وہ خوشحال ہے تو باقی شرکاء کا ضامن ہوگا۔ اس طرح دونوں قسم کی احادیث باہم متفق ہوگئیں۔
اب دیکھنا یہ ہے کہ اگر آزاد کرنے والا تنگدست ہو تو کیا حکم ہوگا۔ تو اس سلسلے میں دو قول ہیں۔
ایک یہ کہ غلام کا باقی حصہ بدستور غلامی میں رہے گا۔
جب کہ دوسرے حضرات کے نزدیک نصف قیمت کے لیے غلام سے محنت مشقت کرائی جائے اور اس طرح مکمل غلام آزاد ہو جائے گا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا آپ نے فرمایا جس نے غلام میں اپنا حصہ آزاد کیا تو اس پر لازم ہے کہ تمام غلام کو اپنے مال سے آزاد کرے اور اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو غلام سے محنت کروائی جائے لیکن اس پر زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہ اللہ کا یہی مسلک ہے یعنی آزاد کرنے والا کشادہ دست ہو تو وہ دیگر شرکاء کو باقی قیمت ادا کرے ورنہ غلام سے محنت کروائی جائے۔ غلام بہرصورت مکمل طور پر آزاد ہو جائے گا۔ حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس قول کو ترجیح دی ہے کیونکہ اسے احادیث سے تائید حاصل ہے۔
حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک یہ ہے کہ اگر آزاد کرنے والا خوشحال ہو تو دوسرے حضرات کو بھی اختیار ہے کہ اپنا اپنا حصہ اپنی طرف سے آزاد کریں اور ان سب کو ولاء حاصل ہوئی اور اگر

چاہے تو غلام سے مشقت کروائے اور نصف قیمت وصول کرے جب ادا کرے گا تو آزاد ہو جائے گا اور دونوں آزاد کرنے والوں کو ولاء حاصل ہو جائے گی اور اگر چاہے تو آزاد کرنے والے سے نصف قیمت وصول کرے اب وہ غلام آزاد ہو جائے گا اور جس نے دوسرے شریک کو باقی قیمت ادا کی ہے وہ غلام سے مشقت کروائے اور رقم وصول کرے جب غلام رقم ادا کرے گا تو ولاء دونوں کو حاصل ہو جائے گی۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے حضرت عبدالرحمن بن یزید کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں ہمارا ایک غلام تھا جو میرے، میری ماں اور میرے بھائی اسود کے درمیان مشترک تھا وہ فرماتے ہیں ان سب نے آزاد کرنے کا ارادہ کیا اور میں چھوٹا تھا حضرت اسود نے یہ بات حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا تم آزاد کرو عبدالرحمن کے بالغ ہونے کے بعد اگر اسے اس بات کی رغبت ہوئی جو تمہیں ہوئی ہے تو وہ آزاد کرے گا ورنہ تم سے اپنے حصے کا مال لے گا۔

باب ۱۹۴، ذورحم محرم کی آزادی

اگر کوئی شخص اپنے کسی ایسے قریبی رشتہ دار کو خریدتا ہے جس کے ساتھ اس کا نکاح ہمیشہ کے لیے حرام ہے تو وہ خریدتے ہی آزاد ہو جائے گا یا آزاد کرنے سے آزاد ہو گا؟

بعض لوگوں کے نزدیک اسے آزاد کرنا پڑے گا محض خریدنے سے آزاد نہیں ہو گا۔ ان کی دلیل حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی بیٹا اپنے باپ (کے احسانات) کا بدلہ نہیں دے سکتا مگر یہ کہ اسے غلام پائے تو خرید کر آزاد کرے۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ محض مالک ہو جانے سے ہی وہ آزاد ہو جائے گا آزاد کرنے کی ضرورت نہیں ہے چنانچہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی ذو رحم محرم کا مالک ہو تو وہ آزاد ہو جاتا ہے۔

یہ حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے صحابہ کرام کے اقوال سے بھی یہی بات ثابت ہوتی ہے چنانچہ حضرت عمر فاروق حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عطاء بن ابی رباح وغیرھم رضی اللہ عنہم سے بھی یہی بات مروی ہے۔ لہذا پہلے قول والوں کی روایت کردہ حدیث اور ان احادیث کو یوں جمع کیا جا سکتا ہے کہ وہاں آزاد کرنے سے مراد آزاد کرنا نہیں بلکہ آزاد ہونا ہو گا۔ یعنی اگر باپ کسی کی ملک میں ہو تو اس کی آزادی کے لیے اس کو خریدے۔

حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحہم اللہ کا بھی یہی مذہب ہے۔

باب ۱۹۵، مکاتب کب آزاد ہو گا

اس سلسلے میں تین مذہب ہیں بعض حضرات کے نزدیک مکاتب جب تک تمام مال (بدل کتابت) ادا نہ کرے غلام ہی رہتا ہے اس سلسلے میں حضرت عمرو بن شعیب بواسطہ اپنے والد ان کے دادا سے روایت

کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکاتب پر اگر ایک درھم بھی باقی ہو، وہ مکاتب ہی رہتا ہے۔ حضرت عمر فاروق کا ایک قول یہی ہے۔

دوسرا مذہب یہ ہے کہ وہ جتنی رقم ادا کرے گا اس حساب سے آزاد اور باقی رقم کے حساب سے غلام شمار ہوگا چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضور علیہ السلام سے روایت کیا آپ نے فرمایا مکاتب نے جتنا حصہ ادا کیا اس کے حساب سے آزاد کی دیت اور جتنی رقم ادا نہیں کی اس کے حساب سے غلام کی دیت ادا کرے۔

تیسرا مذہب یہ ہے کہ بعض رقم ادا کرنے سے وہ آزاد ہو جائے گا اور باقی رقم اس کے ذمہ قرض ہوگی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ایک قول اسی طرح ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک جب تک ایک درھم بھی باقی ہے وہ غلام ہی رہتا ہے حضرت ابن عمر، حضرت زید بن ثابت اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہم کا بھی یہی نظریہ ہے۔

تینوں اقوال کے سلسلے میں روایات پائی جاتی ہیں لیکن اتنی بات تو ثابت ہے کہ عقد کتابت کے ساتھ ہی وہ آزاد نہیں ہوگا۔ بلکہ بعد میں آزاد ہوگا۔ اب کسی کے نزدیک بعض رقم کی ادائیگی سے مکمل آزاد ہوگا۔ کچھ کے نزدیک پوری رقم ادا کرنے پر آزاد ہوگا اور بعض کے نزدیک جتنی رقم ادا کرے گا اس حساب سے آزاد ہوگا۔

لہذا مال پر آزاد ہونے والے سے اس کا حکم مختلف ہے کیونکہ وہ عقد سے ہی آزاد ہو جاتا ہے رقم بعد میں ادا کرتا ہے۔ اب ان اشیاء سے اس کا موازنہ کیا جائے گا جو عقد سے لازم نہیں آتیں بلکہ دوسرے مرحلہ میں ان کا لزوم ہوتا ہے جو حکم ان کا ہوگا وہ کتابت کا بھی ہوگا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شخص دوسرے آدمی پر اپنا غلام ہزار روپے کے بدلے میں بیچتا ہے تو نفسِ عقد سے خریدار کے لیے قبضہ ثابت نہیں ہوتا۔ جب تک کہ وہ مکمل قیمت ادا نہ کرے اسی طرح قیمت کا کچھ حصہ ادا کرنے سے بھی وہ قبضہ کا مستحق نہیں ہوتا۔ یوں ہی جب تک مقروض تمام قرض ادا نہ کرے رہن رکھی ہوئی چیز کو واپس نہیں لے سکتا تو اس طرح مکاتب بھی اس چیز کے حکم میں ہوگیا جسے کسی چیز کی ادائیگی کے لیے روکا جاتا ہے لہذا جب تک وہ تمام رقم ادا نہ کرے آزاد نہ ہوگا۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

باب ۱۹۶، لونڈی کے ہاں بچے کا پیدا ہونا

اگر کوئی شخص اپنی لونڈی سے جماع کرے پھر اس کے ہاں بچہ پیدا ہو تو کیا وہ بچہ اسی مالک کا ہوگا اور وہ لونڈی اس کی اُم ولد قرار پائے گی یا نہیں؟

بعض حضرات کے نزدیک وہ بچہ اسی مالک کا ہوگا وہ دعویٰ کرے یا نہ؟

لیکن دوسرے حضرات کے نزدیک اگر وہ اس کا اقرار کرے تو بچہ اس کا ہوگا اور اگر وہ اقرار کئے بغیر مر جائے تو اس کا نہیں ہوگا احناف کا یہی مسلک ہے اور قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے اس سلسلے میں دونوں فریق زمعہ کی لونڈی

سے پیدا ہونے والے بچے سے متعلق حضور علیہ السلام کے فیصلے سے استدلال کرتے ہیں۔
واقعہ یوں ہے کہ عتبہ بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی سعد بن ابی وقاص کو وصیت کی کہ زمعہ کی لونڈی سے پیدا ہونے والا بچہ میرا ہے لہذا تم اسے حاصل کرنا فتح مکہ کے موقع پر جب انہوں نے ایسا کیا تو زمعہ کے بیٹے عبد بن زمعہ نے کہا یہ میرے باپ کے گھر پیدا ہوا لہذا میرا بھائی ہے جب حضور علیہ السلام کے پاس مقدمہ گیا تو آپ نے عبد بن زمعہ سے فرمایا یہ تمہارے لیے ہے پھر حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ تم اس لڑکے سے پردہ کرو کیونکہ حضور علیہ السلام نے اس میں عتبہ بن ابی وقاص کے ساتھ مشابہت پائی۔
اس سے استدلال کیا گیا کہ حضور علیہ السلام کا یہ فیصلہ عبد بن زمعہ کے دعویٰ پر نہیں کیا گیا۔ بلکہ اس لیے یہ فیصلہ ہوا کہ وہ لونڈی، زمعہ کی مملوکہ تھی اور انہوں نے اس سے وطی بھی کی۔ لہذا محض لونڈی کے ان کے گھر میں ہونے کی وجہ سے زمعہ کے دعویٰ کے بغیر بچے کا نسب ان سے ثابت ہوا اور وہ لونڈی ام ولد قرار پائی۔
نیز ان حضرات نے حضرت عمر فاروق اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے اقوال سے بھی استدلال کیا یہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو اپنی لونڈیوں سے وطی کرتے ہیں پھر ان کو چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ چلی جائیں جو لونڈی میرے پاس آئی اور اس کے مالک نے وطی کا اعتراف کیا تو میں اس بچے کو اس مرد کے حوالے کروں گا۔ اب تمہاری مرضی ہے ان کو چھوڑ دیا روک رکھو۔
دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے عبد بن زمعہ سے یہ نہیں فرمایا کہ وہ تمہارا بھائی ہے تو ممکن ہے ان کے قبضہ کی وجہ سے فرمایا کہ یہ تمہارے لیے ہے یعنی تمہاری ملک میں ہے آپ نے نسب کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں فرمایا اگر آپ اسے زمعہ کا بیٹا قرار دیتے تو حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو اس سے پردے کا حکم نہ فرماتے ہیں کیونکہ بھائی سے پردہ کرنا صلہ رحمی کے خلاف ہے اور حضور ایسی بات کی تعلیم نہیں دیتے۔
ان حضرات پر ایک اعتراض یہ ہوا کہ حضور علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا بچہ صاحب فراش کے لیے ہے (یعنی جس کی بیوی یا لونڈی ہے) اور زانی کے لیے پتھر ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ حضور نے حضرت زمعہ سے اس بچے کا نسب ثابت کیا تو اس کا جواب یوں دیا گیا کہ یہ تو حضرت سعد کو تعلیم کے لیے فرمایا کہ تم اپنے بھائی کے لیے دعویٰ کرتے ہو تمہارے پاس فراش کا ثبوت نہیں۔
دوسرا اعتراض یہ ہوا کہ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کی روایت کے مطابق آپ نے فرمایا یہ زمعہ کی میراث لے گا اس سے بھی ثابت ہوا کہ آپ نے نسب کا فیصلہ فرمایا تو اس کا جواب یوں دیا گیا کہ چونکہ زمعہ کے دو وارثوں عبد بن زمعہ اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے اسے بھائی تسلیم کر کے اپنے ساتھ شریک کر لیا تھا اس لیے وراثت کا حکم دیا اس سے نسب کا ثبوت لازم نہیں آتا جہاں تک شبہ کا تعلق ہے کہ عتبہ کے ساتھ مشابہت تھی۔ نیز ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو پردے کا حکم دیا تو اس کا جواب یوں دیا گیا کہ محض رنگ یا مشابہت سے نسب نہیں ثابت ہوتا جس طرح ایک شخص نے عرض کیا کہ میرے ہاں سیاہ رنگ کا بچہ پیدا ہوا ہے یعنی وہ میرا نہیں تو حضور علیہ السلام نے اس کا رد فرمایا کہ یہ بات کوئی دلیل نہیں۔

جہاں تک حضرت ابن عمر اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کے اقوال کا تعلق ہے تو حضرت ابن عباس اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہما کا قول اس کے خلاف ہے وہ لونڈی سے وطی کرنے کے بعد بچے کو تسلیم نہیں کرتے تھے۔

لہذا قیاس کے ذریعے کسی ایک قول کو ترجیح دی جائے گی تو آزاد عورتوں کے بارے میں ضابطہ یہ ہے اگر کوئی شخص اقرار کرے کہ یہ بچہ اس کا ہے اس کی بیوی کے ہاں پیدا ہوا یا بیوی کے حمل کا اقرار کرے تو اس کے بعد نفی نہیں کر سکتا لیکن وطی کے اقرار سے نسب ثابت نہیں ہوگا بلکہ وطی کا اقرار کرنے کے باوجود بچے کی نفی کر سکتا ہے۔

معلوم ہوا کہ محض وطی سے بچے کا نسب ثابت نہیں ہوگا جب تک اقرار نہ ہو لونڈی کا حکم بھی یہی ہوگا اگر وہ وطی کا اقرار کرتا ہے۔ تو یہ ایسے ہی ہے کہ اس نے اقرار نہیں کیا یعنی جب تک بچے کا اقرار نہ کرے نسب ثابت نہیں ہوگا۔

قسموں اور نذروں کا بیان

باب ۱۹۷، کفاروں میں ایک مسکین کا کھانا

قسم وغیرہ کے کفارہ میں ایک مسکین کو کھانے کی کتنی مقدار دی جائے اس سلسلے میں دو مسلک ہیں ایک یہ ہے کہ ہر مسکین کو ایک مُد (صاع کا چوتھا حصہ) دیا جائے۔

دوسرا مسلک یہ ہے کہ گندم ہو تو دو مُد (نصف صاع) اور کھجوروں یا جَو کی صورت میں ایک ایک صاع دیا جائے۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

پہلے گروہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ ایک شخص نے بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ رمضان المبارک میں (دن کے وقت) اس نے اپنی بیوی سے جماع کیا ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا ایک غلام آزاد کرو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں غلام نہیں پاتا آپ نے فرمایا دو مہینے کے مسلسل روزے رکھو اس نے عرض کیا مجھے اس کی بھی طاقت نہیں آپ نے فرمایا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ اس نے کہا میرے پاس کچھ نہیں پھر حضور علیہ السلام کے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا آیا جس میں پندرہ صاع کھجوریں تھیں آپ نے فرمایا اسے لے جاؤ اور صدقہ کرو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا اپنے اور اپنے گھر والوں سے زیادہ محتاج پر خرچ کروں حضور علیہ السلام نے فرمایا خود کھاؤ اور گھر والوں کو کھلاؤ اس کی جگہ ایک دن کا روزہ رکھو اور اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگو۔

تو اس حدیث کے مطابق ساٹھ مسکینوں کو پندرہ صاع کھجوریں دی گئیں گویا ایک مسکین کے لیے صاع کا چوتھا حصہ یعنی ایک مُد ہو گا۔

حضرت ابن عباس، ابن عمر اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

احناف نے یوں استدلال کیا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کفارہ میں کھانے کی مقدار بیان فرمائی ہے وہ گندم کی دو مُد یعنی نصف صاع ہے۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سر میں تکلیف کی وجہ سے حالتِ احرام میں سر منڈانے کی اجازت دی اور حکم دیا کہ قربانی کریں یا تین دن کے روزے رکھیں یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلائیں ہر مسکین کو نصف صاع گندم دیں۔ تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کفارہ کی مقدار بیان فرما دی کہ وہ گندم کا نصف صاع ہے تو دوسرے کفاروں کا حکم بھی یہی ہو گا۔ پہلے قول والوں نے جو استدلال کیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اس سے مراد ہر مسکین کے لیے صاع کا چوتھا حصہ نہیں بلکہ جو کچھ اس

رقت میسر ہوا وہ عطا فرمایا وہ کل کفارہ نہیں تھا جس طرح کسی آدمی پر کچھ قرض ہو اور اس کو دس درہم دیئے جائیں تو یہ اس کی مدد ہوتی ہے اگرچہ تمام قرض کی ادائیگی نہیں ہوسکتی تو یہاں بھی محض مدد تھی پورا کفارہ نہ تھا حضرت عمر فاروق اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

گویا اس مسلک کو خود حضور علیہ السلام کی بیان کردہ مقدار سے تائید حاصل ہے۔ پہلے مسلک والوں نے قیاس کیا اور بعض صحابہ کرام کے قول سے اپنا مسلک ثابت کیا اس سلسلے میں صریح مرفوع حدیث پیش نہیں کی۔

باب ۱۹۸، کسی سے مہینہ بھر کلام نہ کرنے کی قسم کھانا

اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ فلاں شخص سے ایک مہینے تک کلام نہیں کرے گا تو کتنے دن مراد ہوں گے۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ انتیس دن مراد ہوں گے لہٰذا اگر تیسویں دن کلام کرے تو حانث نہیں ہوگا۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے تین مرتبہ ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ فرمایا کہ مہینہ اس طرح ہوتا ہے تیسری مرتبہ ایک انگلی کو ساتھ ملا لیا یعنی انتیس دن کا مہینہ ہوگا اسی طرح جب حضور علیہ السلام نے اپنی ازواج سے ایک مہینہ علیحدگی اختیار فرمائی تو انتیس دن کے بعد بالاخانے سے نیچے تشریف لائے۔

حضرت ابن عمر حضرت ابن عباس، حضرت ام سلمہ، حضرت جابر اور حضرت انس رضی اللہ عنہم سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

احناف کا مسلک یہ ہے کہ اگر چاند دیکھتے ہی قسم کھائی تو وہ مہینہ مراد ہوگا انتیس دن ہوں یا تیس اور اگر مہینے کے دوران قسم کھائی تو تیس دن پورے کرنا ہوں گے۔

ان کا استدلال یوں ہے فرماتے ہیں حضور علیہ السلام نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے اگر چاند دیکھو تو روزہ رکھو اسی طرح چاند دیکھو تو روزہ رکھنا ترک کردو اگر چاند نظر نہ آئے تو تیس دن پورے کرو۔

ازواج مطہرات سے بائیکاٹ کے سلسلے میں مروی حدیث میں حضور علیہ السلام نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پوچھنے پر کہ آپ نے مہینے کے لیے قسم کھائی تھی اور ابھی انتیس دن ہوئے ہیں آپ نے فرمایا یہ مہینہ مکمل نہیں ہوا۔

اس سے بھی واضح حدیث یہ ہے آپ نے فرمایا ہمارا یہ مہینہ انتیس راتوں کا ہوا ہے۔

حضرت عمر فاروق اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی روایات کے مطابق حضور علیہ السلام نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے اور تیس دن کا بھی،

لہٰذا احناف کے مسلک کے مطابق دونوں قسم کی احادیث پر عمل ہوسکتا ہے جبکہ دوسرا مسلک رکھنے والے حضرات کے نزدیک صرف بعض احادیث پر عمل ہوتا ہے اس لیے احناف کے مسلک کو ترجیح حاصل ہے۔

باب ۱۹۹، کسی جگہ نماز پڑھنے کی نذر

اگر کوئی شخص کسی جگہ نماز پڑھنے کی نذر مانے تو کیا اسی جگہ نماز پڑھنا لازم ہوگا یا کسی دوسری جگہ بھی پڑھ سکتا ہے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ اگر وہ دوسری جگہ، نذر والی جگہ سے زیادہ فضیلت رکھتی ہے اور وہاں ثواب زیادہ ہے تو ایسا کر سکتا ہے لیکن جہاں کی نذر مانی ہے اس کی فضیلت زیادہ ہے تو اس سے کم درجے والی جگہ میں نہیں پڑھ سکتا وہ فرماتے ہیں بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی نذر ماننے والا مسجد نبوی یا مسجد حرام میں پڑھ سکتا ہے کیونکہ ان دونوں مسجدوں میں نماز کا ثواب زیادہ ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا میری اس مسجد (مسجد نبوی) میں ایک نماز دوسری مساجد میں ایک ہزار نمازوں سے زیادہ فضیلت رکھتی ہے البتہ مسجد حرام میں ثواب زیادہ ہے۔

حضرت امام ابو حنیفہ اور حضرت امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک کسی جگہ نماز پڑھنے کی نذر ماننے والا دوسری کسی بھی جگہ نماز پڑھ سکتا ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے فتح مکہ کے دن ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے نذر مانی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو مکہ مکرمہ کی فتح عطا فرمائی تو میں بیت المقدس میں نماز پڑھوں گا حضور علیہ السلام نے فرمایا یہاں ہی پڑھو اس نے دوبارہ سوال کیا یا تیسری بار بھی کہا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا جیسے تمہاری مرضی۔

اگرچہ امام ابو یوسف اور طرفین سب نے اسی حدیث سے استدلال کیا ہے لیکن طرفین فرماتے ہیں یہاں کسی مسجد کی تخصیص نہیں کیونکہ مساجد میں ثواب برابر ہے مسجد حرام یا مسجد نبوی میں جو فضیلت کا ذکر کیا گیا وہ فرض نماز کے بارے میں ہے نوافل کے بارے میں نہیں ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا مجھے مسجد کی نسبت گھر میں (نفل) نماز پڑھنا زیادہ پسند ہے نیز فرمایا آدمی کی فرض نماز کے علاوہ نماز گھر میں بہتر ہے۔

قیاس بھی طرفین کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ اگر کوئی شخص مسجد میں ایک گھڑی ٹھہرنے کی نذر مانے تو اگرچہ یہ باعثِ ثواب ہے لیکن اس پر لازم نہیں ہوتا اسی طرح نماز بھی قربتِ خداوندی کا باعث ہونے کے باوجود مسجد حرام میں پڑھنے کی نذر سے وہاں پڑھنا ضروری نہ ہوگا بلکہ جہاں چاہے پڑھ سکتا ہے۔

باب ۲۰۰، حج کے لیے پیدل جانے کی نذر ماننا

اگر کوئی شخص نذر مانے کہ وہ بیت اللہ شریف کی طرف پیدل جائے گا تو اس پر پیدل حج کرنا واجب ہوگا یا کیا صورت ہوگی۔

اس سلسلے میں تین قول ہیں۔

پہلا قول یہ ہے کہ وہ سوار ہو کر بھی جا سکتا ہے اور اس پر کچھ بھی لازم نہ ہوگا۔ ان حضرات نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے ایک شخص کو دو بیٹوں کے درمیان ان کے سہارے جاتے ہوئے دیکھا تو اس کے بارے میں پوچھا بتایا گیا کہ اس نے پیدل چلنے کی نذر مانی ہے

آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس بات سے بے نیاز ہے کہ یہ اپنے آپ کو عذاب میں مبتلا کرے اور آپ نے سوار ہونے کا حکم فرمایا۔

دوسرا قول یہ ہے کہ وہ سوار ہو کر حج کے لیے جا سکتا ہے لیکن چونکہ "لِلّٰہِ عَلَیَّ" کے الفاظ میں قسم کا معنی بھی پایا جاتا ہے لہٰذا وہ کفارہ قسم بھی ادا کرے چنانچہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غصے کی حالت میں نذر (کو پورا کرنا لازم) نہیں ہے اور اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم کا کفارہ ہے۔

حضرت عائشہ، عقبہ بن عامر، عبد اللہ بن مالک اور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی اس مضمون کی روایات مروی ہیں۔

تیسرا قول یہ ہے کہ اگر اس نے قسم کا ارادہ کیا ہے تو سواری پر حج کرے، قسم کا کفارہ دے اور قربانی بھی دے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بتایا کہ ان کی بہن نے کعبہ شریف کی طرف پیدل ننگے پاؤں اور کھلے بالوں کے ساتھ جانے کی نذر مانی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا انہیں کہو کہ وہ سوار ہوں دوپٹہ اوڑھیں اور قربانی کا جانور بھیجیں۔

تو ان تمام احادیث کو جمع کرنے کے بعد نتیجہ یہ نکلا کہ جو شخص حج بیت اللہ شریف کے لیے پیدل جانے کی نذر مانے وہ چاہے تو سوار ہو اور پیدل چلنے کو ترک کرنے کی وجہ سے قربانی دے اور قسم کو توڑنے کی وجہ سے قسم کا کفارہ دے۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

قیاس بھی ان حضرات کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ اسباب حج میں سے طواف زیارت عرفات اور مزدلفہ میں وقوف وغیرہ حالت احرام کیے جاتے ہیں جب کہ طواف صدر احرام کھولنے کے بعد ہوتا ہے اب اگر کوئی شخص ان تمام امور کو پیدل کرنے کی نذر مانے پھر بلا عذر سوار ہو کر ادا کرے تو سب کے نزدیک وہ کوتاہی کرنے والا ہوگا اور اس پر قربانی واجب ہوگی اور اگر کسی مجبوری کی وجہ سے کرے تو بعض کے نزدیک کچھ بھی لازم نہ ہوگا اور بعض کے نزدیک قربانی ہوگی۔ امام طحاوی اسی بات کو ترجیح دے رہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اس سے معلوم ہے کہ مجبوری کے تحت کوئی کام کیا جائے تو ہتک حرمت کی وجہ سے جو گناہ لازم آتا تھا وہ ساقط ہو جائے گا لیکن کفارہ ساقط نہیں ہوتا۔ اسی طرح محرم حالت احرام میں عذر کے بغیر سر منڈائے تو اس پر گناہ بھی ہوگا اور کفارہ بھی لازم ہوگا اور اگر مجبور ہو تو کفارہ ہوگا گناہ نہیں ہوگا تو اسی طرح زیر بحث مسئلہ میں بھی اگر کمزوری وغیرہ کی وجہ سے اس شخص کو سوار ہونا پڑے تو کفارہ دینا ہوگا اگرچہ گناہ نہ ہوگا اور اس پر قربانی بھی لازم ہوگی جس دوسرے امور میں لازم ہوتی ہے۔

بعض حضرات نے اسے نماز پر قیاس کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر کوئی شخص کھڑے ہو کر دو نفل پڑھنے کی نذر مانے پھر بیٹھ کر پڑھے تو اس پر دوبارہ نماز پڑھنا لازم ہوتا ہے۔

لہٰذا حج کے سلسلے میں بھی یہی حکم ہونا چاہیے کہ اگر وہ پیدل جانے کی نذر ماننے کے بعد سواری پر حج کرے

تو اسے آئندہ سال پیدل حج کرنا چاہیے، امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ حج کو نماز پر قیاس نہیں کر سکتے کیونکہ دونوں کا حکم مختلف ہے مثلاً ایک شخص فرض نماز کسی عذر کے بغیر بیٹھ کر پڑھے تو دوبارہ ادائگی لازم ہوتی ہے لیکن جو شخص حج کے موقعہ پر سواری پر طواف کرے اور پیدل نہ چلے پھر واپس گھر آجائے تو اس کا حج ادا ہو جائے گا دوبارہ حج کرنا لازم نہ ہو گا البتہ قربانی دے گا۔ معلوم ہوا کہ حج اور نماز کے احکام الگ الگ ہیں۔

باب ۲۰، حالتِ کفر کی نذر کو حالتِ اسلام میں پورا کرنا

اگر کوئی شخص حالتِ کفر میں کسی نیکی کی نذر مانے پھر اسلام قبول کرے تو کیا اب اس نذر کو پورا کرنا ضروری ہے اس سلسلے میں بعض حضرات کا خیال ہے کہ مسلمان ہونے کے بعد اس نذر کو پورا کرے جبکہ احناف کے نزدیک اسے پورا کرنا ضروری نہیں۔

پہلے قول والوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں میں نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ دورِ جاہلیت میں، میں نے مسجد حرام میں اعتکاف کی نذر مانی تھی آپ نے فرمایا اپنی نذر کو پورا کرو۔

احناف نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے استدلال کیا ہے وہ فرماتی ہیں سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی نذر مانے تو اسے اطاعت خداوندی کرنی چاہیے اور جو آدمی گناہ کی نذر مانے تو گناہ نہ کرے یہ حضرات فرماتے ہیں چونکہ عبادت قربِ خداوندی ہے اور اس کے لیے اسلام شرط ہے کیونکہ کافر کا کوئی عمل بھی قرب کا ذریعہ نہیں ہوتا۔

لہٰذا حالتِ کفر کی نذر کو پورا کرنا ضروری نہ ہو گا جہاں تک حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت کا تعلق ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ حالتِ کفر میں یہ عمل گناہ بنتا تھا اب طواف کرنے کا حکم دیا تاکہ وہ اس نیکی کو حاصل کر سکیں۔ لہٰذا یہ وہ عمل نہیں ہو گا جو انہوں نے اپنے اوپر لازم کیا تھا۔

حدود کا بیان

باب ۲۰۲، غیر شادی شدہ زانیہ کی سزا

حدوہ سزا ہے جو شریعت میں مقرر ہو اور جو سزا مقرر نہ ہو اسے تعزیر کہتے ہیں۔ زانی اگر غیر شادی شدہ ہو تو اسے کوڑے لگائے جاتے ہیں اور شادی شدہ ہو تو اسے رجم کیا جاتا ہے۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

لیکن بعض دوسرے حضرات کے نزدیک غیر شادی شدہ زانیہ کو کوڑے لگانے کے ساتھ ساتھ ایک سال کے لیے ملک بدر بھی کیا جائے اور وہ اسے شرعی حد کا حصہ قرار دیتے ہیں۔ ان کی دلیل حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے (شرعی حکم) حاصل کرو ان عورتوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے حکم مقرر فرمایا غیر شادی شدہ، غیر شادی شدہ کے ساتھ زنا کرے یا شادی شدہ کے ساتھ زنا کرے تو غیر شادی شدہ کو کوڑے لگائے جائیں اور ملک بدر کیا جائے اور شادی شدہ کو کوڑے لگائے جائیں اور رجم کیا جائے۔

احناف کی دلیل یہ حدیث ہے حضرت ابوہریرہ اور زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہما رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ سے لونڈی کے بارے میں پوچھا گیا کہ اگر وہ غیر شادی شدہ ہو اور زنا کرے تو اس کا حکم کیا ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا زنا کرے تو اسے کوڑے مارو پھر زنا کرے تو کوڑے مارو پھر زنا کرے تو کوڑے مارو اور پھر بیچ دو اگرچہ ایک رسی کے بدلے ہو۔ احناف کے نزدیک جن احادیث میں ملک بدر کرنے کا ذکر ہے وہ امام کی رائے پر موقوف ہے یعنی اگر وہ ضروری سمجھے تو ملک بدر کرسکتا ہے اور یہ بطور حد نہیں ہے کیونکہ حضور علیہ السلام نے لونڈی کی سزا بیان فرمائی اور اس کی سزا آزاد عورت کی سزا کا نصف ہوتی ہے اگر لونڈی کی سزا میں ملک بدر کرنا شامل ہوتا تو آزاد عورت کی سزا میں بھی ہوتا اور آزاد عورت کے لیے ملک بدر کرنا ہوتا تو زانی مرد کو بھی ملک بدر کیا جاتا۔ لہٰذا حدیث کی رُو سے ملک بدر کرنا حد میں شامل نہیں پھر عورت کے لیے محرم کے بغیر تین دن کی مسافت سے زائد سفر منع ہے اگر ملک بدر کیا جائے تو وہ کیسے سفر کرے گی۔

خلاصہ یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے شرعی احکام کو بلاکم و کاست بیان فرمایا آپ کا بعض احادیث میں ملک بدر کرنے کا ذکر نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ حد شرعی نہیں ہے جن احادیث میں ملک بدر کرنے کا ذکر ہے تو وہ سیاست پر محمول ہوگی اس طرح احادیث میں تضاد نہیں ہوگا۔

امام طحاوی رحمہ اللہ ایک اعتراض نقل کر کے اس کا جواب بھی دیتے ہیں وہ یوں ہے کہ مخالف یہ کہتا ہے کہ حضور علیہ السلام نے جب لونڈی کو کوڑے لگانے اور پھر بیچنے کا ذکر کیا تو اس میں ملک بدر کرنے کی نفی نہیں ہے تو اس کا جواب یوں دیا ہے کہ تمہاری یہ بات تمام متقدمین کے خلاف ہے کیونکہ حضور علیہ السلام نے صحابہ کرام کو بتایا کہ زنا کار عورتوں کے ساتھ کیا سلوک کریں تو اگر ملک بدر کرنا بھی سزا میں ہوتا تو آپ ضرور بیان فرماتے۔

پھر یوں بھی جواب دیا کہ تم خود کہتے ہو کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اس عورت کے پاس جاؤ اگر وہ اقرار کرے تو اس کو رجم کرو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسے رجم کے ساتھ کوڑے نہیں لگائے جائیں گے حالانکہ حدیث میں کوڑوں کی نفی ظاہراً نہیں ہے لیکن تم نفی مانتے ہو تو دوسرے حضرات جب حدیث کی روشنی میں ملک بدر کی نفی کرتے ہیں اگرچہ لفظاً یہ بات موجود نہیں تو تم ان پر کیوں اعتراض کرتے ہو۔ کیونکہ یہی طریقہ تو تم خود اپناتے ہو۔

باب ۲۰۳، شادی شدہ زانی کی سزا

بعض حضرات کے نزدیک شادی شدہ زانی کی سزا کوڑے مارنا اور پھر رجم کرنا ہے کیونکہ ایک شخص نے زنا کیا تو حضور علیہ السلام کے حکم سے اسے کوڑے لگائے گئے پھر بتایا گیا کہ وہ محصن ہے تو آپ نے حکم فرمایا چنانچہ اسے رجم کیا گیا۔

نیز حضور علیہ السلام نے فرمایا مجھ سے حکم حاصل کرو اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے لیے (زنا کے سلسلے میں) واضح راستہ مقرر کر دیا غیر شادی شدہ، غیر شادی کے ساتھ کرے تو سو کوڑے اور ملک بدر کرنا ہے اور شادی شدہ، شادی شدہ سے زنا کرے تو کوڑے لگانا اور رجم کرنا ہے۔

احناف کے نزدیک شادی شدہ زانی کو صرف رجم کیا جائے گا کیونکہ حضرت انیس اسلمی کو حضور علیہ السلام نے اس عورت کے پاس بھیجا جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ تو فرمایا اگر وہ اعتراف کرے تو رجم کرو، آپ نے کوڑے لگانے کا حکم نہیں فرمایا پھر حضرت ماعز کے واقعہ میں بھی صرف رجم کا ہی ذکر ہے۔

جہاں تک پہلے فریق کی پیش کردہ پہلی حدیث کا تعلق ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ کوڑے اس وقت لگائے گئے جب اس کا شادی شدہ ہونا معلوم نہ تھا پھر جب حضور علیہ السلام کو بتایا گیا تو آپ نے رجم کیا معلوم ہوا کہ پہلے حد نافذ ہی نہ ہوتی تھی۔

دوسری حدیث منسوخ ہے کیونکہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا "تمہاری جو عورتیں بے حیائی کا ارتکاب کریں تو ان پر چار گواہ طلب کرو اگر وہ گواہی دیں تو ان کو گھروں میں روک لو یہاں تک کہ انہیں موت اٹھا لے یا اللہ تعالیٰ ان کے لیے کوئی راستہ مقرر کر دے"۔

اس کے بعد حضور علیہ السلام نے وہ حدیث بیان فرمائی جس میں رجم اور کوڑوں کا ذکر ہے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے راستہ مقرر کر دیا۔ معلوم ہوا کہ آیت کریمہ کے بعد اس سلسلے میں حضور علیہ السلام کا پہلا ارشاد یہی ہے پھر دیگر احادیث ارشاد فرمائی ہیں جن میں رجم کا ذکر ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث منسوخ ہے

قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ سزا صرف رجم ہو کیونکہ ہم دیکھتے ہیں چوری کی سزا صرف ہاتھ کاٹنا ہے۔ قذف کی سزا صرف کوڑے لگانا ہے تو زنا کی سزا بھی ایک ہی چیز ہونی چاہیے دو سزائیں نہیں ہونی چاہئیں یہ ٹھیک ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ السلام کے بعد کوڑے لگانے اور پھر رجم کرنے کا حکم دیا لیکن دیگر صحابہ کرام سے اس کے خلاف مروی ہے چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بھی صرف رجم کا حکم دیا لہذا یہ عمل اولیٰ ہے۔

باب ۲۰۴، حدِ زنا کے لیے کتنی بار اعتراف ضروری ہے

زنا کا ثبوت چار گواہوں کی گواہی سے ہوتا ہے یا خود زانی کے اقرار سے،

اب دیکھنا یہ ہے کہ اقرار کتنی بار ضروری ہے تو بعض حضرات کے نزدیک ایک بار اقرار کافی ہے جب کہ احناف کے نزدیک گواہی کی طرح اعتراف بھی چار بار کیا جائے۔ پہلے گروہ نے حضرت انیس والی روایت سے استدلال کیا کہ ایک شخص کا بیٹا دوسرے کے گھر ملازم تھا اس نے اس آدمی کی بیوی سے زنا کیا حضور علیہ السلام کے پاس مقدمہ پہنچا تو آپ نے فرمایا اے انیس : اس آدمی کی بیوی کے پاس جاؤ اگر وہ اقرار کرے تو اسے رجم کرو۔ چنانچہ اس کے اعتراف پر اس کو رجم کیا گیا۔ یہ حضرات فرماتے ہیں یہاں ایک بار ہی اعتراف ہوا اور حد نافذ کر دی گئی۔

احناف نے اس کا جواب یوں دیا ہے اس حدیث میں ایک بار اعتراف کا ثبوت نہیں کیونکہ ہو سکتا ہے حضرت انیس کو علم ہو کہ چار بار اعتراف ضروری ہے لہذا انہوں نے چار بار اعتراف کروایا ہو کیونکہ دیگر روایات میں چار بار اعتراف کا ذکر موجود ہے چنانچہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ نے چار بار اقرار کیا تو حد نافذ ہوئی اس مضمون کی احادیث حضرت ابوبکر، حضرت ابوذر، حضرت ابن عباس اور حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہیں۔

پہلے فریق نے اعتراض کیا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے، کہ ایک شخص حضور علیہ السلام کے پاس آیا اس نے زنا کا اقرار کیا تو حضور علیہ السلام نے اعراض فرمایا دو یا تین مرتبہ اعتراف کے بعد اسے رجم کیا گیا تو اس حدیث کے مطابق چار بار سے کم اعتراف پر رجم کیا گیا تو اس کا جواب یوں دیا گیا ہے کہ دیگر احادیث میں چار مرتبہ کا ذکر ہے تو ممکن ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے پہلے دو بار کا اقرار نہ سنا ہو اور وہ بعد میں تشریف لائے ہوں اور آخری دو بار کا اعتراف سنا ہو جبکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے چاروں بار کا اقرار سنا حضرت ابن عباس کی روایت صحیح کی تشریح ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت بھی انہی سے مروی ہے۔ تو دونوں حدیثوں میں موافقت ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے شراحہ کو بھی چار بار لوٹایا اور اعتراف کرنے کا حکم دیا۔

لہذا چار بار اعتراف کرنے پر ہی حد نافذ ہوگی۔

باب ۲۵، بیوی کی لونڈی سے زنا کی سزا

بعض حضرات کے نزدیک اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی لونڈی سے زنا کرے تو دیکھا جائے گا عورت کی مرضی نہیں تھی تو وہ آزاد ہو جائے گی اور مرد پر لازم ہوگا کہ بیوی کو اس کی مثل لونڈی خرید کر دے اور اگر عورت کی مرضی شامل تھی تو وہ اس مرد کی ملک میں آجائے گی اور وہ اپنی بیوی کو لونڈی خرید کر دے گا۔ ان حضرات نے حضرت سلمہ بن محبق کی روایت سے استدلال کیا کہ اس قسم کے واقعہ میں حضور علیہ السلام نے یہی فیصلہ فرمایا۔

نیز حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بھی اسی قسم کا فیصلہ فرمایا۔ دوسرے حضرات کے نزدیک دیکھا جائے اگر بیوی کی اجازت سے اس نے ایسا کیا ہے تو بطور تعزیر کوڑے لگائے جائیں گے یہاں حد زنا قذف نہ ہوگی کیونکہ یہ وطی بالشبہہ ہے اور اگر بیوی کی مرضی اور اجازت نہ تھی تو اس شخص کو رجم کیا جائے گا حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ السلام کا ایک فیصلہ اسی طرح نقل کیا ہے۔

اگر کہا جائے کہ سو کوڑے بطور تعزیر مارنا جائز نہیں تو امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ خود حضور علیہ السلام نے ایک شخص کو سو کوڑے لگائے اس نے اپنے غلام کو قصداً قتل کیا تھا۔

جہاں تک حضرت سلمہ بن محبق کی روایت کا تعلق ہے تو وہ منسوخ ہے کیونکہ اس میں مالی سزا کا ذکر ہے اور وہ شروع شروع میں ہوتی تھی جیسا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضور علیہ السلام نے گمشدہ اونٹ کے بارے میں فرمایا کہ اس کی قیمت اور اس کے ساتھ اس کی مثل دینا ہوگا۔ جب سود حرام ہو گیا تو یہ سزا ختم ہوگئی جہاں تک حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے عمل کا تعلق ہے تو حضرت عمر فاروق اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا عمل اس کے خلاف مروی ہے لہذا ممکن ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو حضرت سلمہ بن محبق کی روایت کے منسوخ ہونے کا علم نہ ہو سکا ہو۔ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نے بھی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے عمل کی مخالفت کی ہے بلکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے عمل پر سخت اعتراض فرمایا۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سلمہ بن محبق کی روایت میں جو حکم بیان کیا گیا ہے وہ منسوخ ہے حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا مسلک بھی یہی ہے۔

باب ۲۶، محارم سے نکاح کرنے والے کی سزا

اگر کوئی شخص (معاذ اللہ) اپنی سوتیلی ماں یا کسی ایسی عورت سے نکاح کرتا ہے جس سے نکاح کرنا اس کے لیے جائز نہیں پھر وہ جماع بھی کر لیتا ہے تو اس کی سزا کیا ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس پر زنا کی حد قائم ہوگی یعنی اگر وہ شادی شدہ ہے تو رجم کیا جائے اور اگر غیر شادی شدہ ہے تو اس کو کوڑے لگائے جائیں۔

ان حضرات میں حضرت امام ابویوسف اور امام محمد رحمہما اللہ بھی شامل ہیں۔

ان حضرات نے حضرت براء رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں مجھے میرے ماموں

ملے اور ان کے پاس جھنڈا تھا میں نے پوچھا آپ کہاں جا رہے ہیں تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کی طرف بھیجا ہے جس نے اپنے باپ کے مرنے کے بعد اس کی بیوی سے نکاح کر لیا ہے مجھے حکم دیا گیا کہ میں اس کی گردن مار دوں یا فرمایا کہ میں اس کو قتل کروں۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ ایسے شخص کو حد نہیں لگائی جائے گی بلکہ اسے بطور تعزیر سخت سزا دی جائے گی حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت سفیان ثوری رحمہا اللہ کا یہی مسلک ہے۔

انہوں نے فرمایا کہ پہلے گروہ نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے اس میں رجم یا حد قائم کرنے کا ذکر نہیں بلکہ محض قتل کا حکم دیا گیا ہے۔ اور اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر اسے بطور حد سزا دی جائے تو قتل نہیں کیا جائے گا بلکہ محصن (شادی شدہ) ہونے کی صورت میں رجم کیا جائے گا تو جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم کرنے کا نہیں بلکہ قتل کرنے کا حکم دیا تو ثابت ہوا کہ اس کی سزا بطور حد نہیں تھی۔ بلکہ دور جاہلیت کی طرح اس نے اس عمل کو حلال سمجھ کر کیا جس کی وجہ سے وہ مرتد ہو گیا اور مرتد کی سزا قتل ہے لہذا جب اس حدیث میں حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت سفیان ثوری کے مسلک کے خلاف کوئی بات نہیں پائی جاتی تو یہ حدیث ان کے خلاف دلیل نہیں بنے گی۔ پھر دوسری بات یہ ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دیا گیا اور یہ جھنڈا ان لوگوں کو دیا جاتا تھا جو کافر محارب سے لڑنے جاتے تھے حد قائم کرنے والوں کے لیے یہ طریقہ نہ تھا۔

اگر وہ حضرات یہ فرمائیں کہ اس شخص نے نکاح کرنے کے بعد جماع بھی کیا اس لیے قتل کیا گیا تو جواباً یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ تمہارے مخالف کے نزدیک اس نے جائز سمجھ کر نکاح کیا اور جماع بھی کیا اگر وہ کہیں کہ حدیث میں حلال سمجھنے کا ذکر نہیں۔ تو جواباً کہا گیا کہ جماع کا بھی تو ذکر نہیں۔ لہذا جب غیر مذکور جماع مراد لیا جا سکتا ہے تو تمہارا مخالف اس سے حلال سمجھنا بھی مراد لے سکتا ہے اگرچہ وہ مذکور نہیں۔

یہ حدیث ایک دوسرے طریق سے بھی مروی ہے جس میں یہ بھی مذکور ہے کہ حضرت براء فرماتے ہیں مجھے حضور علیہ السلام نے اس شخص کو قتل کرنے اور اس کا مال لینے کا حکم فرمایا پھر ایک دوسری روایت میں ایک دوسرے واقعہ سے متعلق یوں حکم ہے کہ آپ نے اس شخص کو قتل کرنے اور مال کا پانچواں حصہ لینے کا حکم دیا تو اس سے بھی معلوم ہوا کہ وہ شخص مرتد ہے اور چونکہ وہ محارب ہے لہذا اسے قتل کرنے کا حکم دیا اور مال کا پانچواں حصہ بھی بالاتفاق محارب کافر سے ہی لیا جاتا ہے۔

سوال کیا گیا کہ چونکہ یہ نکاح جائز نہیں تھا لہذا ثابت نہیں ہوا اس لیے اسے اس شخص کی طرح قرار دیا جائے جو بغیر نکاح کے وطی کرتا ہے اور اس صورت میں حد نافذ ہوتی ہے اس کا جواب یوں دیا گیا کہ اگر یہ بات تھی تو پھر نکاح ثابت نہ بھی ہو تو اس صورت میں حد نافذ نہیں ہو گی کیونکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک شخص نے عدت کے دوران نکاح کیا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دونوں کو تھوڑی سزا دے کر تفریق کر دی اگر نکاح ثابت نہ ہونے سے حد نافذ ہوتی تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حد نافذ کرتے۔

یہ بھی سوال کیا گیا کہ محارم سے وطی کرنا زنا سے بھی سخت اور بڑا جرم ہے تو اس کے جواب یوں دیا گیا

کہ سزائیں شریعت کی مقرر کردہ ہیں اس میں ہمارا قیاس نہیں چلتا مثلاً شراب نوشی کو بطور حد کوڑے لگائے جاتے ہیں جبکہ خنزیر کھانے والے کو یہ سزا نہیں دی جاتی حالانکہ خنزیر کو کھانا شراب نوشی سے بڑا جرم ہے اسی طرح زنا کی تہمت پر حد قذف ہے لیکن کسی کو کافر کہنے سے حد قذف نہیں حالانکہ یہ بہت بڑا الزام ہے۔

تو قیاس کے مطابق بھی حضرت امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری رحمہما اللہ کے مسلک کو ترجیح حاصل ہے۔

باب ۲۱۷، شراب نوشی کی سزا

بعض حضرات کے نزدیک شراب نوشی کو چالیس کوڑے مارے جائیں اور وہ اسے ہی سنت قرار دیتے ہیں جبکہ دیگر حضرات جن میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابویوسف امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں، کے نزدیک شراب نوشی کی حد (سزا) اسی کوڑے ہیں اور اس پر صحابہ کرام کا اجماع ہے۔

پہلے گروہ نے اپنے موقف پر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت پیش کی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے پر چالیس کوڑے مارے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی چالیس کوڑے مارے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسی کوڑے مکمل فرمائے اور یہ سب سنت ہے۔

نیز حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ایک واقعہ میں چالیس کوڑے مارے پھر وہی بات فرمائی جو پہلے مذکور ہے۔

احناف کے نزدیک یہ حدیث صحیح نہیں کیونکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے اس کے خلاف مروی ہے ایک حدیث میں آپ نے فرمایا جو شخص شراب نوشی کرے گا ہم اسے کوڑے ماریں گے اور اگر وہ مر جائے تو اس کی دیت دیں گے۔

پھر آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اگر میں کسی شخص کو کوئی حد لگاؤں اور وہ مر جائے تو مجھے کوئی پریشانی نہیں ہوتی لیکن شراب کے سلسلے میں سزا سے مرنے والے پر مجھے پریشانی ہوتی ہے کیونکہ اس سلسلے میں حضور علیہ السلام نے کوئی طریقہ بیان نہیں فرمایا (یعنی کوئی سنت متعین نہیں ہے)

ایک دوسری روایت میں ہے کہ ایک نجاشی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا جس نے رمضان شریف میں شراب پی تھی تو آپ نے سو کوڑے مارے پھر قید کر دیا دوسرے دن باہر نکال کر مزید بیس کوڑے مارے پھر فرمایا کہ یہ بیس کوڑے اس لیے مارے ہیں کہ تو نے رمضان شریف میں روزہ توڑا اور اللہ تعالیٰ پر جرأت کا مظاہرہ کیا۔

پھر جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام سے شراب کی سزا کے سلسلے میں مشورہ کیا تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص شراب میں مبتلا ہے تو بیہودہ گفتگو کرتا ہے اور جب بے ہودہ گفتگو کرتا ہے تو افتراء باندھتا ہے اور افتراء باندھنے والے (قاذف) کو اسی کوڑے لگائے جاتے ہیں لہذا شرابی کو بھی اسی کوڑے لگائے جائیں چنانچہ اس پر صحابہ کرام کا اجماع منعقد ہو گیا۔ پھر دوسری بات یہ ہے کہ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ایسے کوڑے سے چالیس کوڑے لگائے

جس کی دو شاخیں تھیں چنانچہ اس طرح یہ اسی کوڑے ہو گئے۔ اور یہ بات بھی ثابت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کوئی طریقہ مقرر نہ تھا بلکہ ایک مرتبہ شرابی کو لایا گیا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا اسے مارو تو کسی نے جوتوں سے مارا کسی نے لاٹھی سے مارا کسی نے تازہ شاخ سے مارا پھر حضور علیہ السلام نے مٹی لے کر اس کے منہ پر ماری۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جب حضور علیہ السلام سے کوئی طریقہ متعین نہیں اور صحابہ کرام نے اسی کوڑوں پر اجماع فرمایا اور اس کی بنیاد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مشورہ ہے تو اس کے خلاف حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی روایت فاسد قرار پائی اور احناف کا مسلک ثابت ہو گیا۔

باب ۲۱۵، چار بار شراب پینے والے کی سزا

اگر کوئی شخص چار مرتبہ شراب نوشی کرے تو اس کی سزا کیا ہے؟

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ تین مرتبہ بطور حد کوڑے لگائے جائیں چوتھی مرتبہ شراب نوشی کرے تو اسے قتل کیا جائے۔

ان حضرات نے حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں حضور علیہ السلام نے فرمایا شراب پینے والوں کو کوڑے لگاؤ پھر پئیں تو کوڑے مارو پھر جب چوتھی مرتبہ شراب نوشی کریں تو انہیں قتل کر دو حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص حضرت ابو ہریرہ، حضرت جریر، ابو سلیمان (حضرت ام سلمہ کے غلام) رضی اللہ عنہم سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

دوسرے علماء کے نزدیک چوتھی بار بھی شراب کی حد وہی ہے، جو پہلی مرتبہ ہے ان کا استدلال اسی طرح ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں کا خون صرف تین وجہ سے بہانا جائز ہے۔ جان کے بدلے جان، شادی شدہ زانی اور دین کا تارک جماعت سے الگ ہونا والا یعنی مرتد۔

یہ حدیث حضرت عثمان غنی، حضرت مسروق، حضرت عبد اللہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم کے واسطہ سے سرکار عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ لہذا یہ روایات پہلی روایات کے خلاف ہیں تو ممکن ہے یہ روایات پہلی روایات کے لیے ناسخ ہوں چنانچہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص شراب نوشی کرے اسے کوڑے مارو دوبارہ پیئے تو کوڑے مارو پھر پیئے تو کوڑے مارو۔ پھر ایک موقعہ پر حضور علیہ السلام کے پاس شرابی کو لایا گیا تین بار لایا گیا تو کوڑے مارے پھر چوتھی بار لایا گیا تو آپ نے کوڑے ہی مارے۔

اس سے معلوم ہوا کہ پہلا حکم منسوخ ہے۔ قیاس بھی اسی مسلک کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ غیر شادی شدہ زانی جتنی بار بھی زنا کرے اسے قتل نہیں کیا جاتا چوری کرنے والا پہلی بار چوری کرے اس کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے دوبارہ کرے تو بایاں پاؤں کاٹیں گے اس کے بعد چوری کرے تو اس میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک دوسرا ہاتھ کاٹا جائے گا لیکن احناف کے نزدیک قید کر دیا جائے۔ یہاں تک کہ توبہ کرے جس کی سزا قتل ہے یعنی مرتد، یا شادی شدہ زانی جسے رجم کیا جاتا ہے اس کے لیے انتظار نہیں کیا جاتا کہ

وہ چار بار یہ عمل کرے تو قتل یا رجم کیا جائے۔ اسی طرح قذف کی حد بھی کوڑے مارنا ہے یہ نہیں کہ چوتھی بار قذف سے قتل کیا جائے۔

لہذا احادیث کی تطبیق اور قیاس سے دوسرے مسلک کو ترجیح حاصل ہوئی۔ حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی مسلک ہے۔

باب ۲۱۹۔ کتنی مقدار کی چوری پر حد نافذ ہوگی

کتنی مالیت کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے؟

اس سلسلے میں تین قول ہیں۔ بعض حضرات کے نزدیک کم از کم تین درہم مالیت کی چیز چوری کی جائے تو چور پر حد نافذ ہوگی۔ کچھ حضرات دینار کی چوتھائی کو کم از کم نصاب سرقہ قرار دیتے ہیں جبکہ احناف کے نزدیک کم از کم دس درہم مالیت کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

پہلے قول کے قائلین نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈھال کی چوری پر ہاتھ کاٹا اور اس کی قیمت تین درہم تھی چونکہ ایک دوسری حدیث میں آتا ہے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ڈھال کی قیمت کے برابر چوری ہو تو تب ہاتھ کاٹا جائے گا (یعنی کم پر نہیں کاٹا جائے گا لہذا ان حضرات کے نزدیک کم از کم تین درہم کی چوری پر حد نافذ ہوگی کیونکہ ڈھال کی قیمت تین درہم ہے۔

جن حضرات کے نزدیک دینار کا چوتھا حصہ چوری کرنے پر حد نافذ ہوگی وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے استدلال کرتے ہیں آپ فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دینار کے چوتھے حصے یا زیادہ کی چوری پر ہاتھ کاٹتے تھے۔

اس کا جواب یوں دیا گیا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک ڈھال کی قیمت دینار کا چوتھا حصہ ہوگا اس لیے آپ نے یہ بات فرمائی لہذا اصل چیز ڈھال کی قیمت ہے چاہے وہ تین درہم ہوں یا دینار کا چوتھا حصہ۔

ایک روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ چور کا ہاتھ دینار کے چوتھے حصے یا اس سے زائد پر کاٹا جائے۔

معلوم ہوا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے قیمت لگا کر یہ بات نہیں فرمائی بلکہ حضور علیہ السلام کا ارشاد گرامی نقل کیا ہے۔

حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں ام المومنین سے اس قسم کی جو روایت منقول ہے وہ اپنے راویوں کے اعتبار سے کمزور ہے لہذا اصل بات یہی ہے کہ انہوں نے خود اس کی قیمت دینار کا چوتھا حصہ بیان فرمائی۔

احناف نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس ڈھال کی چوری پر ہاتھ کاٹا تھا اس کی قیمت دس درہم تھی۔ حضرت ایمن حبشی کے نزدیک

بھی ڈھال کی قیمت ایک دینار (دس درہم) تھی۔

اب چونکہ مقدار کے سلسلے میں مختلف احادیث وارد ہیں اور یہ بات واضح ہے کہ قرآن پاک نے چور کی سزا بیان کرتے ہوئے ایک خاص مقدار مراد لی ہے اور چونکہ دس درہم پر سب کا اتفاق ہے لہذا یہی مقدار مراد ہو گی کیونکہ تین درہم یا دینار کے چوتھے حصے کے سلسلے میں اختلاف ہے اور حدود میں احتیاط برتی جاتی ہے بنابریں احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ جس مقدار پر اتفاق ہو اسے کم از کم مقدار مقرر کیا جائے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عطاء اور عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہم بھی یہی فرماتے ہیں کہ دس درہموں سے کم کی چوری پر ہاتھ نہ کاٹا جائے۔

باب۲۲، چوری کے اقرار پر نفاذِ حد

اگر چور، چوری کا اقرار کرے تو حد نافذ کی جاتی ہے اب سوال یہ ہے کہ کتنی بار اقرار ضروری ہے حضرت امام ابوحنیفہ حضرت امام محمد اور کچھ دوسرے فقہاء کرام کے نزدیک ایک بار کا اقرار بھی کافی ہے جب کہ حضرت امام ابویوسف اور کچھ دیگر فقہاء کرام رحمہم اللہ کے نزدیک دو بار اقرار پایا جائے تو حد نافذ ہو گی حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ کے مسلک کو اپنایا اور اس کو ترجیح دی ہے۔

پہلے قول والوں کی دلیل حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور لایا گیا صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ اس نے چوری کی ہے آپ نے فرمایا میرے خیال میں اس نے چوری نہیں کی چور نے کہا ہاں یا رسول اللہ! (میں نے چوری کی ہے) آپ نے فرمایا اسے لے جاؤ اور اس کا ہاتھ کاٹو پھر اسے داغ دو (تاکہ خون بند ہو جائے) پھر میرے پاس لانا چنانچہ اسے لے جا کر ہاتھ کاٹا گیا پھر داغ دیا گیا اس کے بعد حضور علیہ السلام کی خدمت لایا گیا تو آپ نے فرمایا بارگاہ خداوندی میں توبہ کرو اس نے عرض کیا میں نے اللہ تعالیٰ کے ہاں توبہ کی حضور علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہاری توبہ قبول فرمائے۔

دوسرے حضرات کی دلیل یہ ہے حضرت ابوامیہ مخزومی سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے خیال میں اس نے چوری نہیں کی۔ اس نے عرض کیا حضور میں نے چوری کی ہے حضور علیہ السلام نے دو یا تین بار یہی بات دہرائی باقی حدیث پہلی حدیث کی طرح ہے۔

امام طحاوی فرماتے ہیں اس حدیث میں پہلی حدیث کی نسبت اضافہ ہے لہذا اس پر عمل کرنا اولیٰ ہے اور اس کے مطابق حضور علیہ السلام نے پہلی بار کے اقرار پر ہاتھ کاٹنے کا حکم نہیں دیا۔

معلوم ہوا کہ ان میں سے ایک حدیث منسوخ ہے تو دیکھا گیا کہ زنا کے سلسلے میں حضور علیہ السلام نے چار بار اقرار کے بعد نفاذ حد کا حکم دیا تو اس سے معلوم ہوا کہ گواہوں کی تعداد کے مطابق اقرار ہونا چاہیے چونکہ زنا کے سلسلے میں چار آدمیوں کی گواہی ضروری ہے اس لیے اقرار بھی چار مرتبہ ہو گا اور چوری کے ثبوت کے لیے دو مردوں کی گواہی ضروری ہے لہذا اقرار بھی دو مرتبہ ہونا چاہیے۔ اور حدیث سے یہ بات بھی ثابت ہے کہ بھاگ جانے والے زانی کے سلسلے میں حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر تم اس کو چھوڑ دیتے تو اچھا تھا اس سے

معلوم ہوا کہ اس کا اقرار سے رجوع کرنا مقبول ہے جب زنا میں رجوع قبول کیا جاتا ہے تو چوری میں بھی اسی طرح ہو گا اور اگر ایک بار اقرار کرنے پر وہ حد کا سزاوار ہو جائے تو رجوع کا کیا مطلب رہ جائے گا۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت امام محمد رحمہ اللہ کا ایک اعتراض نقل کر کے اس کا جواب دیا وہ فرماتے ہیں۔ اگر دوبارا اقرار کئے بغیر حد نافذ نہ ہو تو پہلے اقرار سے وہ رقم اس پر قرض ہو جائے گی اور اس کے بعد ہاتھ کاٹنا واجب نہ ہو گا۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی طرف سے یوں جواب دیا گیا ہے کہ اگر ایسا ہوتا تو پھر جب زانی پہلی بار اقرار کرتا تو اس سے اس پر مہر واجب ہو جاتا کیونکہ ایسی وطی جس سے حد واجب نہ ہو اس سے مہر واجب ہوتا ہے لہذا اب باقی تین بار اقرار سے حد واجب نہیں ہونی چاہیے۔ اور چونکہ اس کو کوئی بھی تسلیم نہیں کرتا لہذا چوری کے سلسلے میں بھی یہی بات ہو گی یعنی اقرار سے وہ مال قرض قرار نہیں پائے گا۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے مسلک کو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فیصلے سے بھی تائید حاصل ہوتی ہے آپ کے پاس ایک شخص نے چوری کا دوبار اقرار کیا تو آپ نے فرمایا تم نے اپنے نفس کے خلاف دو بار گواہی دی ہے چنانچہ آپ کے حکم سے اس کا ہاتھ کاٹ کر گلے میں لٹکا دیا گیا۔

باب ۲۲، ادھار لے کر انکار کرنا چوری ہے یا نہیں

اگر کوئی شخص کسی سے ادھار کے طور پر کوئی چیز لے پھر واپس لوٹانے سے انکار کر دے تو کیا اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا؟ بعض حضرات کے نزدیک اس کا ہاتھ کاٹا جائے۔

جبکہ دوسرے حضرات کے نزدیک اس پر سرقہ (چوری) کی تعریف صادق نہیں آتی لہذا اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

پہلے قول والوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ ایک عورت زیورات ادھار کے طور پر لیتی پھر واپس نہ کرتی اسے حضور علیہ السلام کے پاس لایا گیا تو اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔ اسی ضمن میں اس مخزومیہ عورت کا واقعہ بھی پیش کیا جاتا ہے جس نے چوری کی تو حضور علیہ السلام نے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا اس کے خاندان والوں نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی سفارش پیش کی تو آپ نے غصے میں حضرت اسامہ سے فرمایا کیا تم اللہ تعالیٰ کی حدود میں سفارش کرتے ہو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے بارگاہ خداوندی سے مغفرت طلب کی شام کے وقت حضور علیہ السلام نے خطبہ دیا اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد فرمایا تم سے پہلے لوگ اسی لیے ہلاک ہوئے کہ جب کوئی طاقتور آدمی چوری کرتا تو چھوڑ دیتے اور کمزور شخص چوری کرتا تو اس پر حد قائم کرتے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر فاطمہ بنت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم و رضی اللہ عنہا) بھی چوری کرتی تو میں اس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا۔

پہلے قول والے کہتے ہیں کہ اس روایت میں اس عورت کے بارے میں یوں مذکور ہے کہ وہ زیورات ادھار لے کر انکار کر دیتی تو حضور علیہ السلام نے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا دوسرے قول والوں نے اس حدیث سے یوں استدلال کیا ہے کہ اسی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس نے چوری کی لہذا نتیجہ یہ نکلا کہ زیورات لے کر

انکار کرنا اس کی عادت تھی اور ہاتھ چوری کے سبب کاٹا گیا پھر دوسری احادیث میں حضرت علیہ السلام سے مروی ہے کہ خیانت کرنے والے جھپٹ کر چیز لے جانے والے اور اُچکنے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اس کی وجہ یہ ہے کہ ہاتھ اس چوری پر کاٹا جاتا ہے جب مال کسی کی حفاظت میں ہو اور چوری کیا جائے جبکہ ادھار لیا ہوا مال غیر محفوظ ہوتا ہے یعنی ادھار لینے والے کے پاس ہی ہوتا ہے لہٰذا اس کا انکار کرنا سرقہ (چوری) نہیں کہلائے گا، اس لیے اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا حضرت امام ابوحنیفہ امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۲۲ پھل اور شگوفہ کی چوری

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک پھل اور شگوفے کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا (بلکہ تعزیر ہوگی) چاہے وہ کسی کے باغ سے چوری کرے یا اس کے کاٹنے کے بعد گھر سے چوری کرے اسی طرح ان کے نزدیک کھجور کی شاخوں اور لکڑیوں وغیرہ کی چوری پر بھی ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا آپ نے فرمایا پھل اور شگوفہ (کی چوری) میں ہاتھ نہ کاٹا جائے۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک اگر پھل درخت پر ہے اور باغ سے چن لیا تو ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا لیکن جب اسے توڑ کر محفوظ کر لیا جائے تو اب یہ سرقہ ہے لہٰذا اس صورت میں ہاتھ کاٹا جائے گا۔ بشرطیکہ اس کی قیمت دس درہم سے کم نہ ہو چنانچہ حضور علیہ السلام سے لٹکے ہوئے پھلوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا اس پر ہاتھ کاٹنا نہیں ہے مگر یہ کہ اسے سٹور میں لایا جائے اور ڈھال کی قیمت (دس درہم) کو پہنچ جائے اس میں ہاتھ کٹے گا۔

دونوں حدیثوں پر اسی صورت میں عمل ہو سکتا ہے کہ درخت پر موجود پھل کی چوری پر ہاتھ نہ کاٹا جائے اور جب پھل کو محفوظ کیا جائے تو اس کی چوری پر ہاتھ کاٹنا پڑے گا اس صورت میں دونوں حدیثوں کے درمیان تضاد ثابت نہیں ہوگا۔

جنایات کا بیان

باب ۲۲۳، قتل عمد اور زخمی کرنے کی سزا

اگر کوئی شخص کسی کو جان بوجھ کر قتل یا زخمی کرے تو اس کی سزا کیا ہے؟

ایک جماعت کے نزدیک مقتول کے ولی کو اختیار ہے معاف کر دے یا دیت وصول کرے یا قصاص میں قتل کرائے قاتل راضی ہو یا نہ۔

ان حضرات کی دلیل یہ ہے حضرت ابو شریح خزاعی فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کا خون بہایا گیا یا اسے زخمی کیا گیا تو اس کے ولی کو تین باتوں میں سے ایک کا اختیار ہے معاف کر دے یا قصاص لے یا دیت وصول کرے اگر چوتھا کام کرے تو اس کے ہاتھ روک دو اگر ان میں سے ایک چیز کو قبول کرنے کے بعد حد سے تجاوز کرے تو وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جہنم میں رہے گا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اس حدیث اور اس طرح کی دیگر احادیث کے مطابق جان بوجھ کر قتل کرنے یا زخمی کرنے کی صورت میں مقتول کے ولی کو ان تین باتوں میں سے ایک کا اختیار ہوگا قاتل کی مرضی ہو یا نہ۔

دوسرے حضرات کے نزدیک دیت کی وصولی قاتل کی مرضی سے ہوگی یعنی قصاص کے سلسلے میں قاتل کو اختیار نہیں لیکن دیت لینے کی صورت میں قاتل کی رضامندی ضروری ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے ارشاد گرامی "یا دیت لے" میں یہ بھی احتمال ہے کہ قاتل کی رضامندی ضروری نہیں اور یہ بھی احتمال ہے کہ اگر وہ دیت دینے پر راضی ہو تو (مقتول کا ولی) وصول کرے جس طرح کسی قرض خواہ کو کہا جائے کہ اپنا قرض وصول کرو درہم لینا چاہو تو وہ لو، دینار یا سامان لینا چاہو تو وہ لو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ مقروض جس صورت میں ادائیگی کرنے پر راضی ہو وصول کرو۔

اب یہاں تین چیزیں ہیں معاف کرنا، قصاص لینا یا دیت وصول کرنا۔ معافی کے سلسلے میں تو اجازت کی بھی ضرورت نہیں لیکن قصاص کے بدلے میں دیت آرہی ہے کیونکہ اصل چیز قصاص ہے اور جو چیز کسی کا بدل ہوتی ہے اس میں رضامندی ضروری ہوتی ہے۔ لہذا دیت کی وصولی کے لیے قاتل کی مرضی ضروری ہوگی

اس سلسلے میں دوسرے قول والوں نے حضرت انس بن مالک بن نضر رضی اللہ عنہ کی روایت سے بھی استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ان کی پھوپھی ربیع نے ایک لڑکی کو تھپڑ مارا تو اس کے سامنے کے دانت ٹوٹ گئے انہوں نے لڑکی کے اولیاء سے معافی مانگی تو انہوں نے انکار کر دیا دیت دینا چاہی تو بھی انکار کر دیا بلکہ قصاص پر اصرار کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مقدمہ کیا گیا تو آپ نے قصاص

کا حکم دیا حضرت انس بن نضر نے
عرض کیا یارسول اللہ کیا ربیع کے دانت توڑے جائیں گے اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اس کے دانت نہیں توڑے جائیں گے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے انس! کتاب اللہ کا فیصلہ قصاص ہے۔ چنانچہ وہ حضرات راضی ہو گئے اور انہوں نے معاف کر دیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے بھی ہیں کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھائیں تو وہ اسے ضرور پورا کرتا ہے۔ وہ بعض کو بعض پر فضیلت دیتا ہے۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ قصاص اور دیت میں سے ایک کو اختیار کرنے کا حق نہیں دیا گیا بلکہ آپ نے فرمایا کتاب اللہ نے قصاص لازم کیا ہے۔

لہٰذا دونوں حدیثوں پر عمل کی صورت یہی ہے کہ جس حدیث میں حضور علیہ السلام نے دیت اور قصاص میں سے کسی ایک کا اختیار دیا وہاں قاتل کی مرضی سے دیت لینے کا حکم ہے۔

پہلے قول والوں نے اپنے موقف پر یوں بھی استدلال کیا ہے کہ انسان کے لیے اپنی زندگی بچانا ضروری ہے تو جب مقتول کا ولی دیت لینے پر راضی ہو تو قاتل کی رضامندی ضروری نہیں ہونی چاہیے کیونکہ اس پر جان بچانا فرض ہے اور وہ دیت کی صورت میں بچ سکتی ہے۔

دوسرے قول والوں کی طرف سے یوں جواب دیا گیا کہ یہ بات اپنی جگہ ٹھیک ہے لیکن اگر مقتول کا ولی یہ بات کہے کہ اگر تم اپنی جان بچانا چاہتے ہو تو اپنا گھر مجھے دے دو میں تمہیں قتل نہیں کراؤں گا تو اس صورت میں قاتل پر جبر نہیں کیا جائے گا اسی طرح اگر وہ دیت دے کر جان بچائے تو اچھی بات ہے لیکن وہ دیت نہ دینا چاہے تو اس پر زبردستی نہیں کی جائیگی۔

پھر یہ بھی کہا گیا کہ یہاں تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔ یا تو قصاص اور دیت دونوں لازم ہوں۔ اور جب وہ قصاص معاف کر دے تو دیت لینے کا حق ہو یہ صورت باطل ہے۔

یا صرف قصاص واجب ہو اور وہ قصاص کی جگہ دیت لینے کا مجاز ہو۔

یا قصاص اور دیت دونوں میں سے ایک واجب ہو جسے چاہے اختیار کرے۔

پہلی صورت اس لیے باطل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک فعل پر اس سے زائد سزا مقرر نہیں کی نفس کے بدلے نفس ہی ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو وہ قصاص میں قتل بھی کرتا اور اس کے بعد دیت بھی لیتا اور اگر یہ کہا جائے کہ دونوں میں سے ایک کا اختیار ہے چاہے قصاص کا مطالبہ کرے یا دیت لے تو اس صورت میں کسی ایک معین کو معاف نہیں کر سکتا کیونکہ دونوں کا حق برابر ہے جب صورت حال یہ ہے تو تیسری صورت ہو گی یعنی اصل میں قصاص واجب ہے اور دیت اس کا بدل ہے۔ پہلے قول والوں نے یہ سوال بھی کیا کہ جب وجوب اصلی قصاص ہے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت کا ذکر کیوں کیا تو اس کا جواب یوں دیا گیا کہ چونکہ بنی اسرائیل کے دور میں صرف قصاص تھا دیت نہیں لے سکتے تھے لہٰذا اب وضاحت کر دی کہ اب قصاص کی جگہ دیت بھی لی جا سکتی ہے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ پہلے قول والوں نے جو حدیث پیش کی اس میں قاتل کی رضامندی کی نفی نہیں اور دوسرے قول والوں کی پیش کردہ حدیث اور قیاس کے مطابق دیت کی صورت میں قاتل کی رضامندی ضروری ہے لہذا پہلی حدیث میں بھی یہ قید ماننا ہوگی اس طرح دوسرے قول والوں کے مسلک کو ترجیح حاصل ہوگئی۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۲۴، قاتل کو کیسے قتل کیا جائے

قاتل کو قصاص میں کیسے قتل کیا جائے؟

اس سلسلے میں دو قول ہیں ایک قول یہ ہے کہ جس طرح اس نے مقتول کو ہلاک کیا اسی طرح اس کو بھی ہلاک کیا جائے احناف کا یہی مسلک ہے۔

پہلے قول والوں نے ایک حدیث اور قرآن پاک کی ایک آیت سے استدلال کیا ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک یہودی نے ایک بچے کا سر دو پتھروں کے درمیان کچل دیا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا اس کا سر بھی دو پتھروں کے درمیان کچل دیا جائے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قاتل نے جو طریقہ اختیار کیا وہی طریقہ قصاص میں بھی اختیار کیا جائے۔

دوسرے قول والوں نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ ہوسکتا ہے قاتل کا یہ قتل اولیاء مقتول کے حق کے طور پر نہ ہو بلکہ حق شرع کے طور پر ہو کیونکہ ایک حدیث کے مطابق یہودی نے بچی کا سر بھی کچلا اور اس کا زیور بھی اتارا لہذا یہ ڈاکہ قرار پائے گا اور اس کی سزا شریعت کا حق ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ اولیاء مقتول کے حق کے طور پر ہو اور محض خون بہانا مقصود ہو جس طرح مقتول کے ورثاء چاہیں اور یہ اس وقت کی بات ہے جب مثلہ کرنا (شکل بگاڑنا) ناجائز نہ تھا بعد میں جب حضور علیہ السلام نے مثلہ کرنے سے منع کر دیا تو اب اس انداز میں قتل کرنا جائز نہیں مثلہ کی ممانعت پر متعدد احادیث مروی ہیں پھر ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ حضور علیہ السلام نے اس یہودی کو رجم کرنے کا حکم دیا اور ظاہر ہے کہ سر کچلنے میں صرف سر پر ضرب آتی ہے اور رجم میں پورے جسم پر مار پڑتی ہے لہذا یہ مقتول کے قتل کے خلاف عمل ہوا۔

بنا بریں اس حدیث سے استدلال نہیں ہوسکتا کیونکہ اس سے مثلہ ہوتا ہے اور وہ ناجائز ہے اسی طرح اس قسم کی سزا قیاس کے بھی خلاف ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی کا ہاتھ کاٹے پھر وہ مر جائے تو قاتل کو قصاص میں قتل کیا جائے گا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اسی طرح اگر کوئی شخص تیر پھینک کر کسی کو قتل کرے تو قاتل کو باندھ کر نشانہ نہیں بنایا جائے گا کیونکہ حضور علیہ السلام نے جانور کو باندھ کر نشانہ باندھنے سے منع فرمایا اسی طرح اگر کوئی شخص کسی مرد سے غیر فطری فعل کر کے ہلاک کرے تو جواباً قاتل کے ساتھ یہ طریقہ اختیار نہیں کیا جائے گا۔

اس سے معلوم ہوا کہ پہلے قول والوں کا استدلال صحیح نہیں انہوں نے ایک آیت سے بھی استدلال کیا ہے وہ یوں ہے کہ قرآن پاک میں فرمایا گیا "اگر تم سزا دو تو اس کی مثل سزا دو جو تکلیف تمہیں دی گئی" اس آیت سے معلوم ہوا کہ قصاص میں مثلیت ضروری ہے، اس کا جواب یوں دیا گیا کہ اس آیت سے وہ بات مراد نہیں

جو تمہارا نقطۂ نظر ہے بلکہ اس کا سبب یہ ہے کہ جب حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر مجھے ان لوگوں پر کامیابی حاصل ہوئی تو میں ان کے ستر آدمیوں کو مثلہ کروں گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور بتایا کہ اگر تم بدلہ لینا چاہو تو ان کے جرم کے مطابق بدلہ لو اور اگر صبر کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے تو یہاں مثلیت سے مراد یہ ہے کہ تم بھی ان کے ایک آدمی کو قتل کرو زیادہ کو نہیں چنانچہ حضور علیہ السلام نے صبر فرمایا اور قسم کا کفارہ ادا فرمایا۔

احناف نے مخالفین کے استدلال کا جواب دینے کے بعد سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات مبارکہ سے اپنے موقف کو ثابت کیا ہے حضرت نعمان فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "قصاص تلوار کے بغیر نہیں ہوتا" یعنی قاتل جس طرح بھی قتل کرے قصاص کے لیے صرف تلوار استعمال کی جائے پھر ایک دوسری حدیث میں آپ نے فرمایا جب تم کسی کو (حکم شرع کے مطابق) قتل کرو تو اچھے طریقے سے کرو اور جب ذبح کرو تو بہتر طریقے سے کرو چھری تیز کرو اور ذبیحہ کو آرام پہنچاؤ۔ اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ قصاص کے لیے ایسا طریقہ اختیار نہ کیا جائے جو قاتل کے لیے اذیت کا باعث ہو۔

باب ۲۲۵ شبہ عمد جس میں قصاص نہیں

قتل کی چند صورتیں ہیں (۱) قتل عمد (۲) قتل شبہ عمد، قتل خطاء اور قتل قائم مقام خطاء

قتل شبہ عمد میں اختلاف ہے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بڑی لاٹھی یا پتھر سے ہلاک کرنا شبہ عمد میں آتا ہے لہٰذا اس میں قصاص کی بجائے دیت ہو گی جبکہ صاحبین کے نزدیک ایسی لاٹھی جس سے عام طور پر آدمی ہلاک نہیں ہوتا کسی کو ماری جائے اور وہ مر جائے تو یہ شبہ عمد ہے لیکن بڑی لاٹھی یا پتھر کے ساتھ ہلاک کرنا قتل عمد ہوگا اور اس کی سزا قصاص ہے حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے صاحبین کے قول کو ترجیح دی ہے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا استدلال یوں ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن مکہ مکرمہ میں خطبہ دیا فرمایا سنو! خطاء عمد (شبہ عمد) لاٹھی اور پتھر سے ہلاک کرنا ہے اور اس میں دیت مغلظہ ہے ایک سو اونٹ ہوں گے جن میں سے چالیس حاملہ اونٹنیاں ہوں۔

صاحبین فرماتے ہیں ممکن ہے اس حدیث میں جس لاٹھی کا ذکر ہے اس سے ایسی لاٹھی مراد ہو جس کے ساتھ عام طور پر ہلاکت واقع نہیں ہوتی جس طرح کوڑے کے ساتھ ہلاکت واقع نہیں ہوتی۔

یہ حضرات مزید فرماتے ہیں کہ اگر اس سے بڑی لاٹھی کے ساتھ قتل کرنا مراد ہو تو یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کے خلاف ہوگا۔ جس کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودی سے قصاص لیا جس نے ایک لڑکی کا سر کچلا تھا۔ اور حدیث سے وہ معنیٰ مراد لینا جس کی وجہ سے کسی دوسری روایت کے ساتھ ٹکراؤ نہ ہو، اولیٰ ہوتا ہے اس لیے اگر یہاں چھوٹی لاٹھی سے مارنا مراد لیں تو دونوں حدیثوں کے درمیان تضاد نہ ہوگا۔

ان پر اعتراض کیا گیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ والی حدیث کو آپ منسوخ جانتے ہیں اس کا جواب صاحبین

کے طرف سے یوں دیا گیا کہ ہم قصاص کے وجوب کے سلسلے میں اس کو منسوخ نہیں ملنتے بلکہ کیفیت کے سلسلے میں منسوخ مانتے ہیں۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی طرف سے ان حضرات کو جواب دیا گیا کہ اس یہودی کا قتل (سر کچلنا) بطور قصاص نہ تھا بلکہ ڈاکہ زنی کی طرح وہ اللہ تعالیٰ کا حق قرار پایا اس لیے قتل کیا گیا جس طرح کوئی شخص کسی کو بار گلا گھونٹ کر مار دے تو حق خداوندی کے طور پر قتل کیا جائے گا جبکہ ایک آدھ مرتبہ سے قتل واقع ہو تو دیت لازم ہوگی۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اپنے موقف پر ایک حدیث پیش کی ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہذیل قبیلے کی دو عورتوں نے باہم لڑائی کی تو ایک نے دوسری کو پتھر مار کر ہلاک کر دیا اور اس کے پیٹ میں جو بچہ تھا وہ بھی مر گیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت اور بچہ کے لیے الگ الگ دیت کا فیصلہ فرمایا لیکن دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ اس کے خلاف حضرت حمل بن مالک کی روایت مروی ہے انہوں نے بتایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچہ کی دیت ایک غلام دینا قرار دی اور عورت کی جگہ قاتلہ کو قتل کرنے کا حکم دیا۔

امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب دونوں طرف سے باہم احادیث پیش کی گئیں تو قیاس کے ذریعے فیصلہ کیا جائے گا۔ وہ فرماتے ہیں اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر کسی کو لوہے کے ہتھیار سے قتل کیا جائے تو قصاص ہوگا اور وہ گناہ گار بھی ہوگا لیکن کفارہ لازم نہیں ہوگا جب کہ قتل خطاء کی صورت میں دیت اور کفارہ دونوں واجب ہوں گے لیکن گناہ نہ ہوگا۔ معلوم ہوا کہ جہاں گناہ ہے وہاں کفارہ نہیں اور جہاں کفارہ ہے وہاں گناہ نہیں۔ اب اس مسئلے میں اتفاق ہے کہ شبہ عمد میں قصاص نہیں بلکہ دیت اور کفارہ ہے البتہ شبہ عمد کی کیفیت میں اختلاف ہے البتہ یہ بات واضح ہے کہ جو شخص کسی ایسی لاٹھی سے مارے جس سے قتل واضح ہو جاتا ہے تو وہ گناہ گار ہوگا یعنی قتل کا گناہ ہوگا۔ اور چھوٹی لاٹھی سے مارے تو گناہ ہوگا لیکن قتل کا نہیں بلکہ مارنے کا گناہ ہوگا تو جب قتل کا گناہ ہوا تو کفارہ لازم نہیں ہوگا اور کفارہ اسی صورت میں لازم نہیں ہوتا جب وہ خطا نہ ہو بلکہ عمد ہو۔ بنابریں بڑی لاٹھی یا پتھر سے ہلاک کرنا قتل عمد قرار پائے گا۔ اس طرح صاحبین کے قول کو ترجیح حاصل ہوگئی۔ حضرت عمر فاروق اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

باب ۲۳۶ قتل کے علاوہ بھی شبہ عمد ہے یا نہ

جو جرم، ہلاکت نفس میں شبہ عمد ہے وہ اعضاء کے سلسلے میں عمد ہوگا یعنی اعضاء میں شبہ عمد نہیں ہے احناف کا یہی مسلک ہے جو لوگ اس کے خلاف ہیں انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا جو گزشتہ باب میں گزر چکی ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کوڑے لاٹھی اور پتھر سے قتل، شبہ عمد ہے اور اس کی دیت سو اونٹ ہے

حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں یہ حدیث صرف نفس کے بارے میں ہے اس سے کم کے سلسلے میں دوسری حدیث ہے وہ بھی گزر چکی ہے کہ حضرت ربیع نے ایک لڑکی کو تھپڑ مارا اور اس کے سامنے کے دانت توڑ دیئے

تو حضور علیہ السلام نے قصاص کا حکم دیا۔
معلوم ہوا کہ اعضاء کے سلسلے میں قصاص ہے جبکہ شبہ عمد میں دیت ہوتی ہے لہذا اعضاء کے سلسلے میں عمد ہوگا یا خطاء شبہ عمد نہ ہوگا۔

باب ۲۲۷، مرنے والے کے دعویٰ پر نفاذ حد کا حکم

اگر کوئی شخص جسے زخمی کیا گیا پھر وہ اسی زخم سے مرگیا اور اس نے مرتے وقت کہا کہ فلاں شخص نے مجھے قتل کیا ہے تو کیا اس کے اس قول پر قاتل کو سزا ہوگی؟
بعض حضرات کے نزدیک اس کا یہ قول معتبر ہے اور قاتل کو قصاص میں قتل کیا جائے گا۔ جب کہ دوسرے حضرات کے نزدیک ایسا کرنا جائز نہیں۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک بھی اس مقتول کے قول پر حد نافذ نہیں ہوگی۔
پہلے قول والوں نے یوں استدلال کیا ہے کہ ایک لڑکی کا سر پتھروں کے درمیان کچلا گیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجرم کے بارے میں استفسار فرمایا ایک آدمی کا نام لیا تو اس نے سر کے اشارے سے بتایا کہ یہی شخص قاتل ہے تو آپ نے اس کا سر دو پتھروں کے درمیان کچل دیا۔
احناف کے نزدیک اس کا جواب یہ ہے کہ اس شخص کو سزا لڑکی کے دعویٰ پر نہیں بلکہ اس کے اپنے اقرار کی وجہ سے دی گئی تھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں اسی طرح ہے وہ فرماتے ہیں اس نے لڑکی کے دعویٰ کے مطابق اقرار کیا تو آپ نے اس کے سر کو کچلا۔ نیز پہلے قول والوں کی بات دوسری حدیث کے بھی خلاف ہے جس میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگوں کو محض ان کے دعویٰ پر (مال) دیا جائے تو لوگ دوسروں کے خون اور مال کا دعویٰ کریں گے لیکن مدعیٰ علیہ پر قسم ہے۔
یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے پر قتل یا کسی اور بات کا دعویٰ کرے اور مدعیٰ علیہ سے سوال کیا جائے وہ سر کے اشارے سے تصدیق کرے تو اس سے وہ اقرار کرنے والا نہیں قرار پائے گا تو جب مدعیٰ علیہ کا اشارہ اقرار نہیں تو مدعی کا سر سے اشارہ کرنا بھی کسی حق کو ثابت نہیں کرے گا اسی طرح قیاس بھی احناف کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ اگر کوئی شخص موت کے وقت کسی دوسرے پر قرض کا دعویٰ کرے پھر مرجائے تو بالاتفاق یہ بات مقبول نہ ہوگی اور یہ اسی طرح ہے جیسے اس نے حالت صحت میں دعویٰ کیا ہو لہذا قیاس کا تقاضا ہے کہ قتل کا حکم بھی یہی ہو اور وہ محض دعویٰ سے ثابت نہ ہو۔
چنانچہ حضرت ابن ابی ملیکہ جو حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی طرف سے طائف میں عامل تھے ان کے دور میں دو عورتیں جو ریشم کی سلائی کر رہی تھیں ان میں سے ایک نے دوسری کو سوئی کے ساتھ زخمی کر دیا دوسری نے انکار کیا انہوں نے یہ مسئلہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا تو آپ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارک کہ اگر لوگوں کو محض ان کے دعویٰ پر دیا جائے تو وہ دوسروں کے خونوں اور مالوں کا دعویٰ کریں، کی روشنی میں اس عورت کے دعویٰ پر فیصلے کی اجازت نہ دی بلکہ لکھا کہ اسے

قرآن پاک کی آیت سنائیں "جو لوگ اللہ تعالیٰ کے وعدے اور اپنی قسموں کے بدلے تھوڑی قیمت لیتے ہیں ان کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں چنانچہ یہ آیت سن کر اس عورت نے جرم کا اقرار کرلیا۔

باب ۲۲۸، کسی مسلمان کا کسی کافر کو جان بوجھ کر قتل کرنا

اگر کوئی مسلمان جان بوجھ کر کسی کافر کو قتل کرے تو کیا قصاص میں اس مسلمان کو قتل کیا جائے گا؟

بعض حضرات نے اس سلسلے میں ذمی اور حربی کافر کی تفریق کے بغیر یہ موقف اختیار کیا ہے کہ قاتل مسلمان کو قصاص میں قتل نہیں کیا جائے گا جب کہ دوسرے حضرات کے نزدیک ذمی کافر کو جان بوجھ کر قتل کرنے والے مسلمان کو قصاص کے طور پر قتل کیا جائے گا لیکن حربی کافر کے قتل کا قصاص نہیں لیا جائے گا۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

پہلے قول والوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے۔ احناف کی طرف سے اس کا جواب یوں دیا گیا ہے کہ حدیث میں اس طرح آیا ہے کہ کسی مسلمان اور کسی عہد والے کو اس کے عہد کے دوران کسی کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے" لایقتل مومن بکافر ولا ذو عھد فی عھدہ" لہٰذا حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ کسی کافر کے بدلے کسی مسلمان اور ذو عہد (ذمی) کو قتل نہ کیا جائے جب ذمی کا ذکر الگ ہوا تو معلوم ہوا کہ یہاں جس کافر کا ذکر ہے اس سے حربی کافر مراد ہے۔

اور اس سلسلے میں کوئی اختلاف نہیں کہ حربی کافر کے بدلے مسلمان کو قتل نہ کیا جائے حضور علیہ السلام کے کلام میں تقدم و تاخر ہے جیسے قرآن پاک میں ہے "واللائی یئسن من المحیض من نسائکم ان ارتبتم فعدتھن ثلاثۃ اشھر واللائی لم یحضن" (اور تمہاری وہ عورتیں جو حیض سے مایوس ہو جائیں اگر تمہیں شک ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے اسی طرح وہ جنہیں حیض نہ آتا ہو) یہاں بھی تقدم و تاخر ہے جو عورتیں ناامیدی کی عمر کو پہنچ جائیں اور وہ جنہیں حیض نہ آتا ہو دونوں کی عدت مہینوں کے حساب سے ہے۔

پہلے قول والوں نے کہا کہ یہاں دونوں جملے الگ الگ ہیں لایقتل مومن بکافر الگ ہے اور ولا ذو عھد فی عھدہ الگ ہے۔ جس کا مطلب یہ کہ کسی معاہدہ والے کو معاہدہ کے دوران قتل نہ کیا جائے۔

احناف کی طرف سے اس کا جواب یوں دیا گیا ہے کہ یہاں کلام کو قصاص کے سلسلے میں چلایا گیا محض عہد ذمہ کی وجہ سے خون کے محفوظ ہونے کے سلسلے میں کلام کو نہیں چلایا گیا لہٰذا یہ تاویل صحیح ہیں۔

احناف نے بطور دلیل حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ایک فیصلہ بھی نقل کیا ہے حضرت عبید اللہ بن عمر کو معلوم ہوا کہ ہرمزان، ابولؤلؤہ (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قاتل) کے ہمراہ ہے اور ان کے پاس وہ خنجر ہے جس سے امیر المؤمنین کو شہید کیا گیا تھا تو حضرت عبید اللہ نے ہرمزان اور حفینہ (یہ دونوں عیسائی تھے) اور ابولؤلؤہ کی چھوٹی بیٹی جو اسلام کا دعویٰ کرتی تھی تینوں کو قتل کر دیا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے قصاص کا حکم دیا جب

اختلاف زیادہ ہوا تو حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ واقعہ آپ کی بیعت سے پہلے کا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو معاف کرے رہنے دیجئے۔

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ ذمی کافر کو قتل کرنے پر قصاص ہوگا ورنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ یہ فیصلہ نہ فرماتے کیونکہ اگر حضور علیہ السلام کے ارشاد گرامی میں حربی کافر مراد نہ ہوتا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا فیصلہ آپ کے ارشاد گرامی کے خلاف ہوتا۔ اس کی مزید تائید اس حدیث سے ہوتی ہے حضرت عبدالرحمٰن بن بیلمانی فرماتے ہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مسلمان کو لایا گیا جس نے ایک ذمی کو معاہدے کے دوران قتل کیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اس کی گردن ماری گئی اور آپ نے فرمایا میں عہد کو پورا کرنے کا زیادہ پابند ہوں۔ قیاس بھی اس مسلک کی تائید کرتا ہے کیونکہ حربی کا خون اور مال حلال ہے جب وہ ذمی بن جاتا ہے تو مسلمان کے خون اور مال کی طرح اس کا خون اور مال بھی محفوظ ہو جاتا ہے پھر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص ذمی کا اتنا مال چوری کرے جس پر ہاتھ کٹتا ہے تو اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے جیسا کہ مسلمان کا مال چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جاتا ہے تو قیاس کا تقاضا ہے کہ جس طرح ذمی کا مال محفوظ ہے اس کی جان کی بھی حفاظت کی جائے اور اگر کوئی مسلمان اسے قتل کرے تو اس کو قصاص کے طور پر قتل کیا جائے۔

باب ۲۲۹، قسامت کس پر ہوگی

جب کسی علاقے میں لاش ملے اور قاتل کا پتہ نہ چلے تو اس علاقے کے پچاس افراد کو قسم دی جاتی ہے اسے قسامت کہتے ہیں اب دیکھنا یہ ہے کہ اس علاقے میں رہنے والوں کو قسم دی جائے یا وہاں کے مالکوں کو؟

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہاں جو لوگ رہائش پذیر ہیں ان کو قسم دی جائے اگرچہ وہ اس جگہ کے مالک نہ ہوں۔

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ اور امام محمد بن حسن رحمہما اللہ کے نزدیک وہاں کے مالک حضرات کو قسم دی جائے

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا استدلال یوں ہے حضرت عبداللہ بن سہیل رضی اللہ عنہ کو خیبر کے ایک کنویں میں مقتول پایا گیا تو ان کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن اور دو چچا حضرت حویصہ اور محیصہ رضی اللہ عنہم بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور یہودیوں کی عداوت کا ذکر کیا حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر یہودی پچاس قسموں کے ساتھ کہ انہوں نے قتل نہیں کیا تم سے جان چھڑائیں تو کیا خیال ہے انہوں نے عرض کیا کہ ہم ان مشرکوں کی قسموں پر کیسے راضی ہوں گے آپ نے فرمایا تم میں سے پچاس آدمی قسم کھائیں کہ یہودیوں نے ان کو قتل کیا انہوں نے عرض کیا کہ جو کچھ ہم نے دیکھا نہیں اس پر کیسے قسم کھائیں۔ چنانچہ حضور علیہ السلام نے اپنی طرف سے ان کی دیت ادا کی۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہودی وہاں کے مالک نہیں تھے بلکہ وہاں رہائش پذیر تھے اور حضور علیہ السلام نے ان سے قسم لینے کا ارادہ فرمایا۔ حضرت امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں اس واقعہ کے بارے یہ بات مذکور نہیں کہ آیا وہ فتح خیبر کے بعد ہوا یا پہلے۔ اگر یہ بات ہو کہ فتح خیبر کے بعد

ایسا ہوا تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی بات صحیح ہوگی اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ واقعہ ان دنوں وقوع پذیر ہوا ہو جب یہودِ خیبر اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان صلح تھی یعنی ابھی تک یہودی وہاں کے مالک تھے۔

چنانچہ ایک روایت میں واضح طور پر مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور محیصہ بن مسعود ان دنوں خیبر تشریف لے گئے جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور یہودیوں کے درمیان صلح تھی اور یہودی وہاں کے مالک تھے۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے اپنا موقف قیاس سے بھی ثابت کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ اجرت پر یا ادھار کے طور پر لیا ہوا مکان مستاجر یا ادھار لینے والے کے قبضہ میں ہوتا ہے مالک کے قبضہ میں نہیں اب اگر وہاں کوئی پڑا مل جائے اور اس کے بارے میں مالک اور مستاجر کے درمیان جھگڑا ہو جائے تو مالک کی بات معتبر نہ ہوگی بلکہ رہائش پذیر (مستاجر، مستعیر) کی بات مانی جائے گی اس سے بھی معلوم ہوا کہ قسامت رہائش پذیر لوگوں پر ہونی چاہیے مالکوں پر نہیں۔ حضرت امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر کوئی مرد اور عورت کسی مکان میں رہتے ہوں۔ اور وہ مکان خاوند کا ہو وہاں کوئی مقتول پایا جائے تو قسامت اور دیت خاوند کی عاقلہ (خاندان) پر ہوگی عورت کی عاقلہ پر نہیں ہوگی حالانکہ ان دونوں کا اس مکان پر قبضہ ہے تو اگر محض رہائش کی وجہ سے قسامت کا فیصلہ ہوتا تو مرد اور عورت دونوں پر قسامت بھی ہوتی اور دیت بھی کیونکہ وہ دونوں وہاں رہتے ہیں جب مرد پر قسامت اور دیت واجب ہوتی ہے عورت پر نہیں تو معلوم ہوا کہ ہر جگہ یہی حکم ہوگا کو وہاں کے باشندوں پر نہیں بلکہ مالکان پر قسامت لازم ہوگی۔

باب ۲۳، قسامت کا طریقہ

اگر کسی جگہ مقتول پڑا ہوا ہو اور قاتل کا پتہ نہ چلے تو پچاس آدمیوں سے قسم لی جاتی ہے پھر مقتول کے ورثاء کو دیت دی جاتی ہے اب اختلاف یہ ہے کہ قسم کی کیا صورت ہوگی بعض حضرات فرماتے ہیں مدعی علیہ حضرات کو قسم دی جائے؟ وہ قسم کھا کر کہیں کہ ہم نے قتل نہیں کیا اگر وہ انکار کریں تو مدعی قسم کھا کر اپنا حق حاصل کریں جبکہ احناف کا مذہب یہ ہے کہ قسم صرف مدعی علیہم پر ہوگی پہلے قول والوں نے گزشتہ باب میں مذکور حدیث سے استدلال کیا کہ جب انصار نے یہودیوں کی قسم کا اعتبار نہ کیا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا پھر تم میں سے پچاس حضرات قسم کھائیں کہ انہوں نے (یہودیوں نے) قتل کیا ہے۔ احناف اس کا جواب یوں دیتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی بطور انکار تھا گویا آپ کا مطلب یہ تھا کہ تم دعویٰ کر کے صرف قسم کے ذریعے اپنا حق حاصل کرلو گے۔ اور یہ مفہوم اس لیے صحیح ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہی فیصلہ فرمایا تھا وداعہ اور ایک دوسرے قبیلے کے درمیان مقتول پایا گیا اور وہ وداعہ کے زیادہ قریب تھا تو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے وداعہ والوں سے قسم لی پھر ان پر دیت بھی لازم کی۔ ایک دوسری حدیث بھی اس کی تائید کرتی ہے وہ یوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگوں کو محض ان کے دعویٰ پر دیا جائے تو کئی لوگ دوسروں کے خونوں اور مالوں پر دعویٰ کریں لیکن مدعیٰ علیہ پر قسم ہے،، معلوم ہوا کہ جان کا معاملہ ہو یا مال کا قسم مدعیٰ علیہ پر ہوتی ہے مدعی پر نہیں۔

حضرت زہری سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدعیٰ علیہم پر قسامت کا فیصلہ فرمایا اس حدیث سے بالکل واضح ہو گیا کہ قسمیں مدعیٰ علیہم سے لی جائیں گی ۔ یہی احناف کا مسلک ہے اور احادیث و قیاس سے اسے تائید حاصل ہے ۔

باب ۲۳۱، رات یا دن کو جانور کھیتی برباد کر دے

اگر کسی شخص کا جانور دوسرے آدمی کی کھیتی برباد کر دے تو اس پر تاوان آئے گا یا نہیں ۔

بعض حضرات کے نزدیک اگر دن کو ایسا ہوا تو جانور کے مالک پر ضمان نہیں ہوگی بلکہ کھیتی یا باغ کے مالک کو اس کی حفاظت کا حکم دیا جائے گا اور اگر رات کو نقصان پہنچایا تو جانور کے مالک پر ضمان ہوگی ان حضرات نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے ۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک انصاری کی اونٹنی نے ایک باغ میں داخل ہو کر اسے نقصان پہنچایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ باغ والا دن کے وقت باغ کی حفاظت کرے اور رات کو نقصان پہنچے تو جانور کے مالک پر تاوان ہوگا ۔

دوسرے حضرات کا مسلک یہ ہے کہ جانور دن کو نقصان پہنچائے یا رات کو جانور کے مالک پر کوئی ضمان نہیں ہوگی ۔ حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحہم اللہ کا یہی مسلک ہے یہ حضرات فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا باہر چرنے والوں کا تاوان معاف ہے اور معدن (میں گرنے والے) کا تاوان معاف ہے ۔ اس مضمون کی حدیث حضرت جابر بن عبد اللہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے متعدد اسناد سے مروی ہے ۔ لہذا یہ حدیث پہلی حدیث کے لیے ناسخ ہے بلکہ پہلے قول والوں کی پیش کردہ حدیث جسے حضرت مالک اور امام زہری کے دیگر ثقہ شاگردوں نے روایت کیا وہ منقطع ہے اگرچہ امام اوزاعی نے اسے اتصال کے ساتھ روایت کیا تاہم اس روایت سے استدلال کیا بھی جائے تو نتیجہ یہی ہوگا کہ وہ منسوخ ہوگی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقۂ مبارکہ یہ تھا کہ جب تک کسی حکم کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم نہ آتا آپ گزشتہ شریعتوں کے مطابق فیصلہ فرماتے تھے چنانچہ یہ فیصلہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے فیصلے کے مطابق کیا گیا اور بعد میں یہ حکم منسوخ ہو گیا اور اب وہ جانور جو کھلے پھرتے ہیں ان کا نقصان، قابل تاوان نہیں ہوگا البتہ جو جانور خود مالک نے چھوڑ دیا تو اس نے جو نقصان کیا اس کی ضمان ہوگی ۔

باب ۲۳۲ جنین کے بدلے غلام کس کو ملے گا

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور کسی نے اس کو اس طرح مارا کہ حمل ضائع ہو گیا تو اس حمل کے بدلے غلام دینا پڑے گا ۔

لیکن دیکھنا یہ ہے کہ یہ غلام کس کو دیا جائے گا ۔ ایک جماعت کا موقف یہ ہے کہ یہ غلام اس بچے کی ماں کو دیا جائے گا جبکہ دوسرے حضرات کے نزدیک اس غلام کا مالک وہ بچہ ہوگا جو حمل کی صورت میں تھا اب چونکہ وہ مر گیا لہذا جو لوگ اس کے زندہ ہونے کی صورت میں وارث ہوتے یہ غلام بھی ان کو بطور وراثت ملے گا ۔ احناف

کا بھی یہی مسلک ہے۔

اس سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہذیل قبیلے کی دو عورتوں میں سے ایک نے دوسری کو مارا تو اس کے پیٹ کا بچہ گر گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ ایک غلام یا لونڈی دی جائے۔

پہلے قول والے فرماتے ہیں چونکہ یہ بات معلوم نہیں کہ ماں کو مار پڑنے کے وقت وہ بچہ زندہ تھا لہذا بچے کو اس غلام یا لونڈی کا مستحق کیسے قرار دیا جا سکتا ہے۔ جب کہ دوسرے حضرات نے فرمایا کہ اس حدیث میں یہ الفاظ بھی مذکور ہیں کہ جس کے خلاف فیصلہ ہوا اس نے کہا اس بچے کی دیت کیسے دی جائے جو نہ چلا یا نہ اس نے کھایا اور نہ کچھ پیا۔ تو حضور علیہ السلام نے فرمایا یہ اعراب کی طرح مسجع کلام کرتا ہے اس میں ایک غلام یا لونڈی واجب ہے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے یہ نہیں فرمایا کہ میں نے تو عورت پر حکم لگایا ہے جنین پر نہیں۔

پھر دوسری حدیث میں یہ بھی ہے کہ وہ عورت مر گئی جسے مارا گیا تھا تو آپ نے غلام کے ساتھ ساتھ دیت بھی واجب فرمائی اب اگر وہ غلام یا لونڈی مقتولہ کے لیے ہوتے تو غلام واجب نہ ہوتا بلکہ اس عورت کا حکم اس عورت کے حکم کی طرح ہوتا جسے کوئی دوسری عورت مارے اور وہ اس کی ضرب سے مر جائے تو اس (مارنے والی) پر دیت واجب ہوتی ہے اور مضروبہ کا تاوان اس پر واجب نہ ہوگا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ یہ تاوان اس جنین (بچے) کے لیے ہے اور اس کی طرف سے مال وراثت ہے لہذا یہ اس کے ورثا کو ملے گا۔ یہ موقف سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع پر مبنی ہے۔

غزوات کا بیان

باب ۲۳۳، لڑائی سے پہلے دعوتِ اسلام

دشمنانِ اسلام پر حملہ کرنے سے پہلے انہیں دعوتِ اسلام دینا ضروری ہے یا نہیں ؟
بعض حضرات کے نزدیک ایسا کرنا ضروری ہے جبکہ دوسرے حضرات کے نزدیک ایسا کرنا ضروری نہیں۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

دونوں فریق احادیث سے استدلال کرتے ہیں پہلے قول والوں نے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کو لشکر کا امیر بناتے تو فرماتے جب تمہارا دشمن سے آمنا سامنا ہو تو انہیں تین باتوں میں سے ایک کی طرف بلاؤ۔ آپ نے فرمایا کہ انہیں اسلام کی دعوت دو اگر قبول کریں تو تم بھی ان کا اسلام لانا قبول کر کے ان سے ہاتھ روک لو۔ اگر قبول نہ کریں تو انہیں جزیہ ادا کرنے کا حکم دو مان جائیں تو قبول کر کے ہاتھ روک لو۔ اگر انکار کریں تو ان کے خلاف اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرو اور ان سے لڑو۔

دوسرے فریق نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا "اُبنیٰ" پر صبح کے وقت حملہ کرو پھر جلا دو اسی طرح حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے وقت دشمن پر حملہ کرتے۔ اگر اذان کی آواز آتی تو رک جاتے ورنہ حملہ کرتے۔

جب دونوں قسم کی روایات پائی جاتی ہیں تو اب ان میں سے ناسخ و منسوخ کو تلاش کرنا پڑے گا۔ حضرت عبداللہ بن عون فرماتے ہیں میں نے حضرت نافع رضی اللہ عنہ کو خط لکھ کر لڑائی سے پہلے دعوت اسلام کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا یہ اسلام کے پہلے دور کی بات ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو مصطلق پر کسی دعوت کے بغیر حملہ کیا ان میں سے لڑنے والوں کو قتل کیا اور کچھ کو قیدی بنایا اسی دن حضرت ام المومنین جویریہ بنت حارث بھی قیدی بن کر آئی تھیں۔

معلوم ہوا کہ اسلام کی دعوت، ابتداء اسلام میں تھی کیونکہ اس دور میں ان تک دعوتِ اسلام نہیں پہنچی تھی اور انہیں یہ معلوم نہ تھا کہ ان سے لڑائی کیوں کی جاتی ہے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اسلام کی دعوت دینے کا حکم دیا تاکہ انہیں تبلیغ ہو جائے۔ اس سے ثابت ہوا کہ پہلے قول والوں کی پیش کردہ احادیث منسوخ ہیں۔

اس باب میں دوسرا مسئلہ مرتدین سے متعلق ہے بعض حضرات کے نزدیک انہیں بھی قتل کرنے سے پہلے توبہ کرنے

کو کہا جائے۔

احناف کا یہی مسلک ہے دوسرے حضرات کہتے ہیں وہ حربی کافر کی طرح ہے لہذا اس سے توبہ کا مطالبہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے البتہ اسے اسلام کی بصیرت حاصل نہ ہو تو توبہ کا مطالبہ کرنا اور اسلام کی دعوت دینا ضروری ہے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ یہی بات فرماتے ہیں اس سلسلے میں صحابہ کرام کے درمیان بھی اختلاف رونما ہوا ہے حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما نے اسی بات کو پسند کیا کہ انہیں قتل کرنے سے پہلے اسلام کی دعوت دی جائے اور توبہ کی رغبت دی جائے۔ لیکن حضرت سعد اور حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہما نے ایسے لوگوں سے توبہ کا مطالبہ نہیں کیا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا عمل بھی یہی ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے بھی یہی انداز اختیار فرمایا نتیجہ یہ ہوا کہ اگر امام کی رائے میں ان لوگوں سے توبہ کی امید ہو تو انہیں توبہ کے لیے کہا جائے نیز یہ بھی دیکھا جائے کہ اسے اسلام کی سمجھ ہے اور وہ جان بوجھ کر اسلام کی عظمت کو سمجھتے ہوئے مرتد ہوا تو اس پر اسلام کو پیش کرنا اور توبہ کی دعوت دینا ضروری نہیں لیکن دعوت دی جائے اور توبہ کے لیے کہا جائے تو اچھا ہے احناف کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۲ مسلمان کی تعریف

بعض حضرات کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی توحید کا قائل مسلمان ہو جائے گا اور وہ حقوق و فرائض میں مسلمانوں کی طرح ہو گا۔ ان حضرات نے حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اگر میرا کسی مشرک سے مقابلہ ہو وہ مجھے مارے اور میرا ہاتھ جدا کر دے پھر لا الہ الا اللہ کہے تو کیا میں اسے قتل کر دوں یا چھوڑ دوں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے چھوڑ دو۔ انہوں نے عرض کیا اس نے میرا ہاتھ جدا کر دیا آپ نے فرمایا ہاں اگر تم اسے قتل کرو گے تو تم اس طرح ہو جاؤ گے جس طرح وہ کلمہ پڑھنے سے پہلے تھا اور وہ ایسے ہو جائے گا جس طرح تم قتل کرنے سے پہلے تھے۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں اس حدیث سے تو صرف اتنی بات ثابت ہوتی ہے کہ کلمہ پڑھنے سے وہ قتل سے محفوظ ہو جائے گا۔ کیونکہ ممکن ہے وہ مسلمان ہو گیا ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ توحید کا قائل ہو لیکن دیگر جن باتوں پر ایمان لانا ضروری ہے ان کا منکر ہو مثلاً رسولوں کو نہ مانتا ہو لہذا شک کی بنیاد پر اسے قتل نہیں کیا جائے گا لیکن جہاں تک اس کے مسلمان یا مومن ہونے کا تعلق ہے تو جب تک تمام ضروریات دین پر ایمان نہ لائے محض توحید کے اقرار سے مومن نہیں ہو سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم جن کفار سے لڑائی میں مصروف ہوتے ان کے کلمہ طیبہ پڑھنے سے آپ رک جاتے لیکن یہودی توحید کا اقرار کرنے کے باوجود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے منکر تھے لہذا وہ مسلمان نہ کہلاتے اور اگر وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اقرار کرتے تو اس سے ان کا یہودیت سے نکلنا تو ثابت ہوتا لیکن مسلمان ہونا ثابت نہیں ہوتا تھا کیونکہ ممکن ہے وہ ان لوگوں کا راستہ اختیار کر رہے ہوں جو کہتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اہل عرب کے رسول ہیں۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی طرف بھیجا تو انہوں نے عرض کیا میں

ان سے کس بنیاد پر لڑوں آپ نے فرمایا ان سے لڑو یہاں تک کہ وہ توحید خداوندی اور میری رسالت کی گواہی دیں جب ایسا کریں تو تم سے ان کے خون اور مال محفوظ ہو جائیں گے البتہ اسلام کا حق باقی ہے اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے۔

تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے لڑنے کا حکم دیا یہاں تک کہ ان کا یہودیت سے نکلنا ثابت ہو جائے اس وجہ سے ان کے ساتھ لڑائی کو ترک کیا جائے گا لیکن ان کا اسلام پھر بھی ثابت نہ ہوگا جب تک تمام انبیاء کرام کی نبوت اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالتِ عامہ کو تسلیم نہ کریں چنانچہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی توحید اور میری رسالت کی گواہی دیں جب یہ گواہی دیں اور ہماری طرح نماز پڑھیں، ہمارے قبلہ کی طرح رُخ کریں ہمارا ذبیحہ کھائیں تو ان کے خون اور مال ہم پر حرام ہو جائیں گے البتہ اسلام کا حق باقی ہے ان کے لیے وہ کچھ ہوگا جو مسلمانوں کے لیے ہے اور ان کے ذمہ وہی کچھ ہوگا جو مسلمانوں کے ذمہ ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ کلمہ پڑھنے سے لڑائی بند ہو جائے گی لیکن ان کا مسلمان ہونا ثابت نہیں ہوتا جب تک وہ ان تمام باتوں پر ایمان نہ لائیں جن پر ایمان لانا ضروری ہے۔ احناف کا بھی یہی مسلک ہے۔

باب ۲۲۵: بچے کا بالغ ہونا

اس باب میں بچے کی بلوغت کے بارے میں اختلاف اور دلائل سے بحث کی گئی ہے بعض حضرات کے نزدیک بچہ اس وقت بالغ ہوتا ہے جب اسے احتلام آئے یا زیر ناف بال آجائیں۔ ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے بنو قریظہ کے بارے میں فیصلہ فرمایا کہ ان میں سے جو استرا استعمال کرتا ہے اسے قتل کر دیا جائے اور ان کے مال اور اولاد کو تقسیم کیا جائے یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا انہوں نے ایسا فیصلہ کیا جو ساتوں آسمانوں کے اوپر اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کے موافق ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ موئے زیر ناف صاف کرنے والوں کو بالغ قرار دیتے ہوئے ان کے قتل کا فیصلہ کیا گیا۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ بلوغت دو طرح ہے علامت کے ساتھ ہوگی اور اگر علامت (احتلام اور زیر ناف بالوں کا اگنا) ظاہر نہ ہو تو عمر کے اعتبار سے بچہ بالغ ہوتا ہے۔

اب اس سلسلے میں حنفی ائمہ کے درمیان اختلاف ہے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اٹھارہ سال کی عمر میں بچہ بالغ ہوتا ہے جبکہ بچی سترہ سال کی عمر میں بالغ ہوتی ہے۔ حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک بچہ یا بچی اگر علامت ظاہر نہ ہو تو پندرہ سال کی عمر میں بالغ ہوتے ہیں حضرت امام محمد رحمہ اللہ لڑکے کے سلسلے میں حضرت امام ابو یوسف کے ساتھ ہیں جب کہ لڑکی کے بارے میں حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے قول کے مطابق عمل کرتے ہیں۔

حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ غزوہ اُحد کے دن مجھے بارگاہ نبوی میں پیش کیا گیا اور اس وقت میں چودہ سال کا تھا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے لڑائی کی اجازت نہ دی اور خندق کے دن جب میری عمر پندرہ سال تھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے لڑنے کی اجازت دے دی۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بچہ پندرہ سال کی عمر میں بالغ ہوتا ہے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جنگ میں شمولیت کی اجازت اور عدم اجازت کا تعلق بلوغت سے نہیں بلکہ اس کا تعلق طاقت اور کمزوری کے ساتھ ہے چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کے بچوں کے لیے وظائف مقرر کیے تو حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے لیے مقرر نہ فرمایا گویا آپ نے انہیں کمزور سمجھا انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے فلاں بچے کے لیے وظیفہ مقرر کیا اور میرے لیے مقرر نہیں کیا حالانکہ میں اسے پچھاڑتا ہوں پھر انہوں نے اسے پچھاڑ دیا تو آپ نے انہیں اجازت دے دی۔

اب اس بات کا امکان ہے کہ اس کی وجہ ان کی قوت ہو بلوغت نہ ہو۔ اسی طرح حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے فرماتے ہیں مجھے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو غزوۂ بدر کے دن پیش کیا گیا تو حضور علیہ السلام نے ہمیں چھوٹا سمجھا پھر غزوۂ احد کے دن اجازت دے دی حالانکہ گزشتہ حدیث کے مطابق غزوہ احد کے دن حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی عمر چودہ سال تھی۔ اور اس روایت کے مطابق آپ کو اجازت نہیں ملی تھی۔ حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں اس صورت میں جبکہ بظاہر احادیث میں تعارض ہے ان سے فیصلہ نہیں ہو سکتا لہٰذا وہ قیاس کے ذریعے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول کو ترجیح دیتے ہیں۔

وہ فرماتے ہیں جس عورت کو حیض آتا ہو اس کی عدت تین حیض ہیں اور حیض نہ آنے کی صورت میں تین مہینے عدت گزارنا ہوتی ہے یعنی ایک حیض نہ آنے کی صورت میں تین مہینے عدت گزارنا ہوتی ہے گویا ایک حیض کا بدل ایک مہینہ ہے اب بعض اوقات عورت کو مہینے میں دو بار حیض آتا ہے اور بعض اوقات دو حیضوں کے درمیان دو یا زیادہ مہینے ہوتے ہیں۔ تو فیصلہ اکثر عورتوں کی حالت کو سامنے رکھ کر کیا گیا کیونکہ عام طور پر مہینے میں ایک بار حیض آتا ہے اس لیے تین حیضوں کی جگہ تین مہینے رکھے گئے۔

اور یہ بھی ثابت ہے کہ احتلام سے بچہ بالغ ہو جاتا ہے اب اس کے قائم مقام عمر کا کچھ حصہ رکھا گیا ہے بعض نے پندرہ سال اور بعض نے زیادہ مدت رکھی ہے تو عام طور پر پندرہ سال کی عمر میں احتلام آجاتا ہے لہٰذا قیاس کا تقاضا ہے کہ عام حالت کے مطابق فیصلہ کیا جائے بنا بریں پندرہ سال کی عمر میں بچہ یا بچی بالغ ہو جاتے ہیں اس طرح حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول کو قیاس سے ترجیح حاصل ہو گئی۔

باب ۲۳۶: جنگ کے دوران عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنگ کے دوران بچوں کو قتل نہیں کرتے تھے بلکہ آپ نے بچوں اور عورتوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔

اس موضوع پر بکثرت احادیث مروی ہیں ان احادیث سے استدلال کرتے ہوئے بعض حضرات نے یہ موقف اختیار

اختیار کیا کہ لڑائی کے دوران کفار کے بچوں کو کسی حالت میں بھی قتل کرنا جائز نہیں حتیٰ کہ اگر ان کے بڑوں پر حملہ کرنے کی وجہ سے بچوں کی ہلاکت کا خطرہ ہو تو یہ حملہ بھی جائز نہ ہوگا۔

دوسرے حضرات نے فرمایا کہ جن روایات سے آپ نے استدلال کیا ہے ان کا انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن آپ کا استدلال صحیح نہیں کیونکہ اس طرح ان احادیث کا ان دوسری احادیث سے تضاد لازم آئے گا جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بچوں کو ان کے بڑوں کی طرح قرار دیا ہے ۔آپ کی خدمت میں عرض کیا گیا یا رسول اللہ! ہمارے لشکر نے مشرکین کے بچوں کو روند دیا تو آپ نے فرمایا وہ بھی ان ہی میں سے ہیں۔

معلوم ہوا کہ جن احادیث میں مشرکین کے بچوں اور عورتوں کو قتل کرنے سے ممانعت ہے وہ قصد وارادہ پر محمول ہیں یعنی ان کو قصداً قتل کرنا جائز نہیں اگر حملہ کے دوران وہ ہلاک ہو جائیں تو کوئی حرج نہیں اس طرح دونوں قسم کی احادیث پر عمل ہو سکے گا۔ احناف کا یہی مسلک ہے اور یہ قیاس کے بھی موافق ہے وہ یوں کہ اگر کوئی آدمی کسی کا ہاتھ کاٹے اور وہ اپنے ہاتھ کو باہر نکلنے کی کوشش کرے جس کے نتیجے میں اُس دوسرے (کاٹنے والے) آدمی کے دانت ٹوٹ جائیں تو اس پر تاوان نہیں ہوگا کیونکہ اس نے دانت توڑنے کا قصد نہیں کیا تھا بلکہ اپنے ہاتھ کو بچانے کی کوشش کی تھی چنانچہ حضور علیہ السلام کے زمانے میں ایسا واقعہ پیش آیا تو آپ نے دانتوں کا قصاص لینے سے روک دیا اور فرمایا کیا وہ اپنے ہاتھ کو تیرے منہ میں چھوڑ دیتا کہ تو اونٹ کی طرح اسے چبا جاتا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اگر قصد نہ ہو اور مشرکین کو قتل کرنے کی وجہ سے ان کے بچے قتل ہو جائیں تو کوئی حرج نہیں کیونکہ یہاں بچوں اور عورتوں کو قتل کرنا مقصود نہیں ہوتا۔

باب ۲۴، دارالحرب میں بہت بوڑھے آدمی کو قتل کرنا

لڑائی کے دوران ایسے بوڑھے کافر کو جو لڑائی میں شریک نہ ہو قتل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

بعض حضرات کہتے ہیں کہ لڑائی کے دوران بوڑھے شخص کو قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں انہوں نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ حنین سے فارغ ہوئے تو ابو عامر کو لشکر کا امیر بنا کر اوطاس کی طرف بھیجا انہوں نے درید بن صمہ پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھیوں کو بھگا دیا۔

دوسرے حضرات کے نزدیک یہ حکم مطلقاً نہیں اگر وہ بوڑھا شخص مسلمانوں کے لیے مضر نہیں تو اسے قتل نہیں کیا جائے گا اور اگر لشکر کفار کو اس کی رائے مشورے اور تجربے سے تقویت پہنچتی ہے تو اسے قتل کیا جائے گا درید بن صمہ کا بھی یہی مسئلہ تھا۔ بوڑھے کفار کو قتل نہ کرنے کے بارے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں مروی ہے حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی لشکر بھیجتے تو فرماتے کسی بوڑھے کو قتل نہ کرنا۔

دونوں قسم کی احادیث پر اسی صورت میں عمل ہو سکتا ہے جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے چنانچہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مقتولہ عورت کو دیکھا تو فرمایا اسے کیا ہوا یہ تو نہیں لڑتی تھی مطلب یہ ہوا کہ اگر بوڑھے مرد یا عورت

مسلمانوں کے مقابلے میں لڑائی میں شریک ہوں یا ان کو مشورے وغیرہ سے تقویت دیتے ہوں تو ان کو بھی قتل کیا جائے گا ورنہ انہیں کچھ نہیں کیا جائے گا۔

باب ۲۴۸، دارالحرب میں مقتول کا سامان مسلمان مجاہد کو ملے گا یا نہ؟

اس مسئلے میں دو قول ہیں ایک قول یہ ہے کہ جو مسلمان کسی کافر کو قتل کرے اس کا سامان اسی مجاہد کو ملے گا مال غنیمت میں شمار نہیں ہو گا۔

ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول کا سامان قاتل (مجاہد) کے لیے قرار دیا۔ اس مضمون کی روایات حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، ابن عباس، خالد بن ولید، ابو قتادہ، حضرت انس اور حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔

دوسرے گروہ کے نزدیک اگر حکمران یہ اعلان کرے کہ جو شخص کسی کافر کو قتل کرے اسے اس کا سامان دیا جائے گا تو اس صورت میں وہ سامان اُسی کو ملے گا۔ ورنہ مال غنیمت میں تقسیم ہو گا۔

ان حضرات نے فرمایا کہ پہلے گروہ نے جن روایات سے استدلال کیا ہے ان کا یہی مطلب ہے کیونکہ بعض دوسری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مقتول کا سامان قاتل کو نہیں دیا گیا چنانچہ ابوجہل کو حضرت معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہما نے قتل کیا اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کی تلواریں دیکھنے کے بعد فرمایا تم دونوں نے اسے قتل کیا ہے لیکن اس کے باوجود اس کا سامان حضرت معاذ بن عمرو بن جموح کو دیا۔ اگر قاتل کو یہ سامان دینا ضروری ہوتا تو آپ دونوں کو عطا فرماتے اسی طرح اگر آپ نے یہ اعلان کیا ہوتا کہ جو آدمی کسی حربی کافر کو قتل کرے تو اس مقتول کا سامان اسے ملے گا تو لازماً دونوں میں تقسیم فرماتے غزوۂ بدر میں کفار کی شکست کے بعد مسلمانوں کی ایک جماعت کفار کے پیچھے گئی انہیں قتل کیا اور کچھ پیچھے سرکار دو عالم کے پاس رہے مقتولین کے مال واسباب پر دونوں فریقوں نے دعویٰ کیا لیکن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں گروہوں پر برابر تقسیم فرمایا۔

پہلے گروہ نے ابوجہل والے واقعہ پر اعتراض کیا کہ یہ بدر کے موقع پر ہوا اور آپ نے غزوۂ حنین کے موقع پر مقتول کا مال قاتل کے لیے قرار دیا۔ لہٰذا ابوجہل والے واقعہ سے استدلال نہیں ہوسکتا تو دوسرے گروہ نے ان کو جواب دیا کہ ہوسکتا ہے آپ کا یہ قول غزوۂ حنین سے مخصوص ہو جیسا کہ فتح مکہ کے دن آپ نے فرمایا کہ جو شخص ہتھیار ڈال دے گا اسے امن ملے گا تو یہ بات فتح مکہ سے مخصوص ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ غزوہ حنین کے دن آپ کا یہ ارشاد پہلے عمل کے لیے ناسخ بھی ہوسکتا ہے اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ یہ ناسخ نہ ہو۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت براء بن مالک نے مرزبان مزارہ کو قتل کیا اس کے سامان کی قیمت تیس ہزار کو پہنچی تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس سے بطور خمس چھ ہزار وصول فرمایا۔ اگر مقتول کا مال قاتل کے لیے ہوتا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس سے خمس نہ لیتے حالانکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ حنین کے موقعہ پر حضور علیہ السلام کے پاس تھے اور اس موقعہ پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھے لہٰذا اصحابہ کرام

کے نزدیک غزوۂ حنین کے دن آپ کا عمل پہلے حکم کے لیے ناسخ نہ ہوا۔

قیاس بھی اسی مسلک کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ اگر حاکم دارالحرب میں رہتے ہوئے ایک چھوٹا لشکر بھیجے اور خود پیچھے رہے باقی لشکر بھی حاکم کے ساتھ ہی رہے۔ اب وہ چھوٹا لشکر جو مال غنیمت لائے گا وہ تمام لشکر میں تقسیم ہوگا۔ اگرچہ یہ حضرات ان کے ساتھ قتل میں شریک نہیں ہوئے اور اگر حاکم ان کے لیے کوئی حصہ مختص کردے مثلاً خمس لے کر باقی ان کو دینا چاہے تو دے سکتا یعنی لشکر کو بھیجتے وقت ان کو ترغیب دینے کے لیے اعلان کرے کہ تمہیں یہ مال ملے گا تو اب دینا ہوگا۔ احناف بھی اسی دوسرے قول کے قائل ہیں۔

باب ۲۲۹، اہلِ قرابت کا حصہ

مال غنیمت اور مال فے سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابتداروں کو جو حصہ ملتا تھا اس کے بارے میں تین قول ہیں بعض حضرات کے نزدیک یہ حصہ آپ کے ان قرابت داروں کے لیے تھا جو فقراء اور مساکین تھے جس طرح دوسرے مسلمانوں میں سے فقراء اور مساکین کو حصہ ملتا تھا امراء کے لیے نہیں تھا۔ لہذا اب بھی ان کو جو حصہ ملے گا ان کے فقر کی وجہ سے ملے گا۔

دوسرا مذہب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار تھا اہل قرابت میں سے جسے چاہتے عطا فرماتے جس طرح آپ اپنے لیے کوئی چیز چُن سکتے تھے۔ آپ کے وصال کے بعد جس طرح آپ کا وہ منتخب حصہ (صفی) ختم ہو گیا اہل قرابت کا حصہ بھی ختم ہو گیا۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

تیسرا مذہب یہ ہے کہ مال غنیمت کے خمس کا خمس تمام اہل قرابت کے لیے نہیں تھا بلکہ صرف بنو ہاشم اور بنو مطلب کے لیے تھا بنو امیہ اور بنو نوفل کو یہ حصہ نہیں ملتا تھا۔

پہلے قول والوں کا استدلال یوں ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قیدی آئے حضرت خاتون جنت حاضر ہوئیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو غلام نہ دیا بلکہ ان کو ترغیب دی کہ تینتیس (۳۳) بار سبحان اللہ، تینتیس ۳۳ بار الحمد للہ اور چونتیس (۳۴) بار اللہ اکبر پڑھا کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابو بکر صدیق حضرت عمر فاروق اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم کے زمانے میں بھی اہل قرابت کے لیے حصہ نہیں تھا۔

احناف کا استدلال یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل قرابت میں سے بنو ہاشم اور بنو مطلب کو عطا فرماتے تھے کیونکہ ان کی خدمات تھیں اس لیے بنو امیہ اور بنو نوفل کے مقابلے کو ان کو ترجیح حاصل تھی اور ان کے امراء اور فقراء سب کو عطا فرمائے تھے اگر اس عطیہ کی علت فقر ہوتا تو آپ بنو ہاشم اور بنو مطلب کے امراء کو عطیہ فرماتے تھے جہاں تک حضرت خاتون جنت کو غلام عطا نہ کرنے کا تعلق ہے تو ممکن ہے اس وقت تک مال کی تقسیم نہ ہوئی ہو اور دوسری بات یہ ہے کہ بیٹا یا بیٹی اہل قرابت میں سے نہیں ہوتے۔ قرآن پاک میں ہے۔ "فرما دیجئے جو کچھ تم مال خرچ کرو تو ماں باپ اور قرابت داروں کو دو"۔ تو ماں باپ کو قرابت داروں سے الگ رکھا اسی طرح اولاد بھی قرابت داروں سے الگ ہے کیونکہ وہ قرابت سے زیادہ قریب ہیں۔

جہاں تک حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کا اہلِ قرابت کو نہ دینے کا تعلق ہے تو وہ ان کا اجتہاد تھا اور صحابہ کرام نے ان کے اجتہاد پر اجماع کیا کیونکہ وہ عادل امام تھے۔ اس کے باوجود اختلاف بھی تھا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما یہ حق مانگتے تھے۔ جہاں تک حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو وہ فتنوں کا دور تھا اس زمانے میں مال غنیمت کے طور پر کسی قیدی کا آنا یا کسی دوسرے مال کی وصولی معروف نہیں ہے۔

بعض حضرات کا یہ بھی نظریہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلیفہ کے قرابت داروں یا خود خلیفہ کو یہ حصہ رکھنا چاہیے تو امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم دیکھتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے لیے کچھ مال منتخب فرماتے تھے پھر اس بات پر اجماع ہے کہ آپ کے وصال کے بعد کسی خلیفہ کو اس کا حق نہیں ہے معلوم ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم دوسرے حکمرانوں سے مختلف ہے تو قیاس کا تقاضا ہے کہ جس طرح سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ آپ کی حیات مبارکہ میں جاری تھا وصال کے بعد ختم ہو گیا اسی طرح قرابت داروں کا حصہ بھی آپ کی نسبت سے آپ کی حیات طیبہ میں تھا۔ بعد میں منقطع ہو گیا۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۴، لڑائی سے فراغت اور غنیمت کو جمع کرنے کے بعد کسی کو زائد مال دینا

مال غنیمت میں سے چار حصے مجاہدین کے ہوتے ہیں اور پانچواں حصہ پھر تقسیم ہوتا ہے۔ لڑائی کے ختم ہونے سے پہلے اگر حکمران کسی کے لیے زائد مال (نفل) کا اعلان کرے تو جائز ہے کیونکہ اس میں جہاد کی ترغیب ہے جس طرح یہ کہا جائے کہ جو مسلمان کسی کافر حربی کو قتل کرے گا اس کافر کا سازوسامان اسے دیا جائے گا لیکن لڑائی ختم ہونے کے بعد جب مال غنیمت اکٹھا کر لیا جائے تو اب امام کل مال میں سے کسی کو اس کے حصے سے زائد نہیں دے سکتا۔ بلکہ وہ جو کچھ دے گا خمس میں سے دے گا کیونکہ باقی چار حصوں میں اس کا اختیار نہیں اور نہ ہی اب لڑائی کے لیے ترغیب ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے چنانچہ ان کی دلیل یہ ہے کہ حنین کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کے پہلو سے ایک بال لے کر فرمایا اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے جو غنیمت کا مال تمہیں عطا کیا ہے۔ اس میں سے میرے لیے صرف پانچواں حصہ حلال اور وہ بھی تمہاری طرف لوٹایا جاتا ہے۔ پس سوئی اور دھاگے تک ادا کرو۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتداء میں چوتھائی حصہ اور واپسی پر تین حصے عطا فرمائے اس سے معلوم ہوا کہ مال غنیمت جمع کرنے کے بعد تہائی یا چوتھائی یا امام جس قدر چاہے کسی کو بطور زائد دے سکتا ہے اسی طرح وہ حضرت حبیب بن مسلمہ کی روایت سے استدلال کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خمس کے بعد تہائی حصہ بطور نفل دیا اسی طرح کی دیگر احادیث بھی انہوں نے پیش کی ہیں تو انہیں جواب دیا گیا کہ خمس کے بعد کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ تقسیم کے بعد خمس کو الگ کر کے اس میں سے تہائی حصہ دیا ایک روایت میں ہے کہ جب وہ نکلتے تو آپ ان کو چوتھائی حصہ دیتے اور لوٹنے پر تہائی حصہ دیتے تو اس کا جواب یوں دیا گیا کہ ممکن ہے لوٹنے سے مراد جہاد سے جہاد کی طرف لوٹنا یعنی پلٹ کر حملہ کرنا مراد ہو اب چونکہ اس سلسلے میں خود صحابہ کرام کا اختلاف ہے تو ہم نے غور کیا کہ قیاس کس مسلک کی تائید کرتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں

اگر حالتِ جنگ میں امام اعلان کرے کہ جو مسلمان کسی کافر حربی کو قتل کرے اس کے لیے مقتول کا سامان ہے تو ایسا کرنا جائز ہے اسی طرح اگر وہ کہے کہ جو کسی کافر کو قتل کرے گا اس کو اتنے اتنے درہم ملیں گے تو بھی جائز ہے اگر وہ کہے کہ جو آدمی کسی کو قتل کرے گا اسے اس مال کا دسواں حصہ ملے گا جو ہمیں حاصل ہوگا تو یہ جائز نہیں کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو تمام مالِ غنیمت مجاہدین کا ہوتا اور خمس میں اللہ تعالیٰ کا حق باطل ہو جاتا اور مجاہد کو زائد مال اسی صورت میں ملتا ہے جب اس نے وہ مال اپنی تلوار کے ذریعے حاصل کیا ہو یا اس کے عمل کی وجہ سے اس کے لیے قرار دیا گیا ہو لیکن دوسروں نے جو مال حاصل کیا وہ اس کے لیے جائز نہیں تو قیاس کا تقاضا ہے کہ مالِ غنیمت کے جمع ہونے کے بعد اس مال میں سے جو دوسروں نے حاصل کیا اس کو دینا بدرجہ اولیٰ جائز نہ ہو اور اُسے نفل کے طور پر کچھ دینے سے پہلے خمس میں اللہ تعالیٰ کا حق اور چار حصوں میں مجاہدین کا حق واجب ہوا اب اگر اس صورت میں اسے نفل اور چار حصوں میں مجاہدین کا حق واجب ہوا اب اگر اس صورت میں اسے نفل (زائد مال) دیا جائے تو باقی مجاہدین کا حق بلکہ اللہ تعالیٰ کا حق بھی باطل ہو جائے گا لہٰذا تقسیم سے پہلے نفل کے طور پر مال دیا جا سکتا ہے بعد میں نہیں۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۴، لڑائی ختم ہونے بعد آنے والی فوج کا غنیمت میں حصہ

اگر لڑائی کے ختم ہونے کے بعد مسلمانوں کی فوج کا کوئی دستہ میدان جنگ میں پہنچے تو کیا اسے بھی مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا؟ بعض حضرات کا خیال ہے کہ مالِ غنیمت سے صرف انہی لوگوں کو حصہ ملے گا جو شریک جہاد ہوں چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابان بن سعید کی قیادت میں ایک لشکر مدینہ طیبہ کی طرف سے نجد کی طرف بھیجا جب یہ لشکر واپس آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خیبر میں تھے اور خیبر فتح ہو چکا تھا انہوں نے بھی مالِ غنیمت میں سے حصہ طلب کیا

تو حضرت ابوہریرہؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ان کو غنیمت میں سے کچھ نہ دیا جائے حضرت ابان نے عرض کیا کہ میں نجد سے تحائف لے کر آیا ہوں حضور علیہ السلام نے ان کو بٹھا دیا اور ان لوگوں کو کچھ نہ دیا۔

دوسرے حضرات کا مسلک یہ ہے کہ اگر یہ لشکر کسی ایسے مقصد کے لیے گیا ہو جو مسلمانوں کے مفاد سے تعلق رکھتا ہے اور ان کے جانے سے پہلے لڑائی کا فیصلہ بھی ہو چکا ہو تو اب ان کو مالِ غنیمت میں سے حصہ ملے گا اور یہ جہاد کے موقعہ پر حاضر ہونے والوں میں شمار ہوں گے جس طرح حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے لیے بدر کے مال سے حصہ مقرر کیا گیا اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت عثمان، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کام کی وجہ سے جہاد سے غائب ہیں، اس وقت آپ اپنی زوجہ اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ کی تیمارداری میں مصروف تھے۔ یہاں تک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کا تعلق ہے تو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ حضرت ابان رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت نجد کی طرف بھیجا جب خیبر کی طرف جانے کا فیصلہ نہ ہوا تھا۔

پہلے قول والوں نے ایک دوسری روایت سے بھی استدلال کیا ہے وہ یوں کہ اہل بصرہ نے نہاوند میں

جہاد کیا اور کوفہ والوں نے ان کی مدد کی کامیابی کے بعد اہل بصرہ نے ارادہ کیا کہ کوفہ والوں کو حصہ نہ ملے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کوفہ والوں کے قائد تھے اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو لکھا گیا تو آپ نے لکھا کہ غنیمت اسے ملے گی جو اس واقعہ میں حاضر تھا۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں دو صورتیں ہو سکتی ہیں یا تو کوفہ والوں کے آنے سے پہلے نہاوند فتح ہو کر دار الاسلام بن چکا تھا اور مال غنیمت تقسیم ہو گیا تھا اب اس سے استدلال نہیں ہو سکتا کیونکہ ہمارے نزدیک بھی وہ لوگ حاضرین میں شمار نہیں ہوتے۔

اور اگر کوفہ والے اختتام جنگ کے بعد اور دار الحرب سے کوچ کرنے سے پہلے پہنچے اور اہل کوفہ نے مطالبہ کیا تھا ان میں حضرت عمار بن یاسر اور کچھ دیگر صحابہ کرام بھی تھے اور صحابی ہونے کی وجہ سے ان کا قول حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول کے مقابل ہوا لہذا اب دونوں میں سے ایک کو ترجیح دینے کے لیے قرآن و سنت یا قیاس سے دلیل کی ضرورت ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ قیاس بھی دوسرے قول والوں کے مذہب کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ اگر دار الحرب ہی سے بعض چھوٹے لشکروں کو بعض لڑنے والوں کی طرف بھیجا جائے اور وہ مال غنیمت حاصل کریں تو وہ سب میں تقسیم ہوتا ہے اس چھوٹے لشکر میں جانے اور نہ جانے والے برابر ہوتے ہیں کیونکہ دونوں اپنی جانوں کو پیش کر رہے ہیں اگرچہ لڑائی ایک گروہ نے کی ہے اسی طرح جو لوگ جنگ میں حاضر ہیں وہ اور جو ان سے آکر ملے اور وہ بھی لڑائی کے لیے آئے دونوں ہی اپنی جانیں پیش کر رہے ہیں لہذا ان کو بھی حصہ ملنا چاہیے۔

باب ۲۲ مفتوحہ علاقہ میں مسلمان حکمران کی کاروائی

مسلمان حکمران جس علاقہ کو بطور غلبہ فتح کرے تو کیا مالِ غنیمت کی طرح وہ علاقہ بھی مسلمانوں میں تقسیم کر دیا جائے یا کیا صورت اختیار کی جائے؟

بعض حضرات کا خیال ہے کہ وہ علاقہ مسلمانوں پر تقسیم کرنا ضروری ہے ان کا استدلال یوں ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر مجھے اس بات کا خیال نہ ہوتا کہ بعد والے لوگوں کے لیے کچھ نہیں رہے گا تو اللہ تعالیٰ مجھے جس بستی پر فتح عطا فرماتا میں اسے تقسیم کر دیتا جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم فرمایا۔

دوسرے حضرات جن میں حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی شامل ہیں، فرماتے ہیں حاکم کی صوابدید پر ہے اگر ضروری سمجھے تو تقسیم کر دے اور اگر مسلمانوں کی بھلائی کے لیے اسے باقی رکھنا چاہیے تو اس طرح بھی کر سکتا ہے۔

چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کرنے کے بعد اس کا کچھ حصہ تقسیم فرمایا اور اسی سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا لیکن باقی خیبر کو کچھ حصہ پر اہل خیبر کے حوالے کر دیا کہ وہ کاشتکاری وغیرہ کریں گویا آپ نے جتنا حصہ تقسیم کرنا ضروری سمجھا تقسیم فرمایا اور جسے تقسیم کرنا ضروری خیال نہ کیا اسے تقسیم نہ فرمایا خیبر کے بارے میں یہ

روایت حضرت ابن عباس، حضرت ابن عمر اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

اسی طرح حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عراق کی زمین کو مسلمانوں کے لیے چھوڑ دیا تقسیم نہیں فرمایا تاکہ موجودہ لوگوں کی طرح آنے والے لوگ بھی اس سے فائدہ اٹھائیں۔

جب حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے مصر کو فتح کیا تو اس مسئلے میں اختلاف رُونما ہوا چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو لکھا گیا تو آپ نے فرمایا اگر میں اسے تمہارے درمیان تقسیم کر دوں تو بعد والوں کے لیے کیا رہے گا۔

پہلے قول والوں نے اپنے موقف پر یوں بھی استدلال کیا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بجیلہ کو عراق کا چوتھائی حصہ دیا اس کا جواب یوں دیا گیا کہ آپ نے اس کا کچھ حصہ بجیلہ کے لیے تقسیم فرمایا لیکن پھر اسے مسلمانوں کے لیے واپس لے کر اس کا عوض عطا فرمایا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ حاکم کی صوابدید پر ہے اگر تقسیم کرنا ضروری سمجھے تو ایسا کرے اور اگر ضروری نہ ہو تو تقسیم نہ کرے جس طرح مخالفین کی پیش کردہ حدیث میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنی رائے ظاہر فرمائی کہ وہ بعد والوں کے لیے رکھنا چاہتے ہیں۔

باب ۲۴۳، مالِ غنیمت کی سواری پر سوار ہونا

مالِ غنیمت کی سواری، ہتھیار یا لباس، تقسیم سے پہلے استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں۔

حضرت امام اوزاعی فرماتے ہیں کہ جنگ کے دوران کوئی شخص غنیمت کے ہتھیاروں میں سے لے کر استعمال کرے اور ضرورت کی تکمیل پر واپس لوٹا دے تو کوئی حرج نہیں لیکن اسے واپس لوٹانے کے لیے لڑائی کے ختم ہونے کا انتظار نہیں کرنا چاہیے۔

انہوں نے حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے سال فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ غنیمت سے سواری نہ لے کہ اس پر سوار ہو جائے اور جب نقص پیدا ہو تو مالِ غنیمت میں واپس لوٹا دے اسی طرح آپ نے کپڑے کے بارے میں بھی فرمایا۔

حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف، امام محمد اور دیگر حضرات کے نزدیک ضرورت کے تحت مالِ غنیمت استعمال کیا جا سکتا ہے حضرت امام ابو یوسف فرماتے ہیں امام اوزاعی نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے ہم اسے تسلیم کرتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ ہے کہ جو آدمی ضرورت کے بغیر لیتا ہے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے منع فرمایا ضرورت کے تحت لینے اور لڑائی کے اختتام تک اپنے پاس رکھنے میں کوئی حرج نہیں اسی طرح جو شخص خیانت کے طور پر لیتا ہے اس کی مذمت کی گئی ہے۔ وہ فرماتے ہیں اگر کچھ لوگوں کی تلواریں ٹوٹ جائیں اور دیگر مسلمانوں کے پاس زائد نہ ہوں تو کیا مالِ غنیمت کی تلواریں استعمال نہیں کی جائیں گی یقیناً استعمال ہوں گی اگرچہ جنگ ختم ہو جائے لیکن اس کے بعد ایک دو دن تک دشمن کی طرف سے حملے کا خطرہ ہو تو ہتھیار کے بغیر کیسے لڑیں گے۔ اسی طرح مالِ غنیمت کا کھانا حضور علیہ السلام کے زمانے میں استعمال ہوتا تھا

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی (صحابی) فرماتے ہیں ہم خیبر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے ہم میں سے کوئی ایک آتا اور مال غنیمت میں سے ضرورت کے مطابق کھانا لے جاتا۔ تو جب مسلمانوں کی ضرورت کے لیے کھانا استعمال کیا جاسکتا ہے تو جانوروں، ہتھیاروں اور کپڑوں وغیرہ کو بھی ضرورت کے تحت استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ اگر یہ مفہوم لیا جائے یعنی ضرورت کی قید لگائی جائے تو حضرت رویفع بن ثابت اور حضرت ابن ابی اوفیٰ کی روایات باہم متفق ہوں گی اور تضاد ثابت نہیں ہوگا۔

باب ۲۲۳، اسلام لاتے وقت چار سے زائد بیویاں ہوں تو کیا حکم ہے

اسلام میں بیک وقت چار بیویاں رکھنا جائز ہے اس سے زائد جائز نہیں اب کوئی اسلام قبول کرے اور اس کے پاس چار سے زائد بیویاں ہوں تو کیا کرنا ہوگا۔

حضرت امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں ان میں سے چار کو رکھ لے اور باقی کو چھوڑ دے چاہے سب سے ایک ہی عقد میں نکاح کیا ہو یا الگ الگ نکاح کیا ہو۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ غیلان بن سلمہ نے اسلام قبول کیا تو ان کی دس بیویاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان میں سے چار رکھ لو۔

حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت امام ابویوسف رحمہما اللہ فرماتے ہیں اگر ان عورتوں سے ایک ہی عقد میں نکاح کیا تو سب کا نکاح باطل ہو جائے گا اور اس کے اور ان کے درمیان تفریق کر دی جائے گی اور اگر الگ الگ نکاح کیا تو پہلی چار سے نکاح باقی رہے گا باقی کو چھوڑنا پڑے گا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ پہلے قول والوں نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے وہ منقطع روایت ہے اور اس سلسلے میں اصل روایت وہ ہے جو حضرت مالک نے امام زہری سے روایت کی ہے۔

تاہم اگر یہ حدیث ثابت بھی ہو تو بھی امام محمد رحمہ اللہ کے موقف پر دلیل نہیں بن سکتی کیونکہ غیلان بن سلمہ نے دور جاہلیت میں نکاح کیا تھا اور اس وقت اتنی تعداد سے نکاح جائز تھا پھر چار سے زائد عورتوں سے نکاح کو حرام کر دیا تو اب چونکہ ان دس عورتوں سے نکاح جائز تھا لہٰذا جن چار کو چاہے رکھ سکتا ہے لیکن اس نئے حکم کے نزول کے بعد اگر کوئی کافر دس عورتوں سے نکاح کرے تو چار سے زائد کا نکاح باطل ہے لہٰذا مسلمان ہونے کے بعد پہلی چار عورتوں کو اپنے پاس رکھے گا اور باقی سے تفریق ہو جائے گی۔

پہلے قول والوں نے ایک دوسری حدیث سے بھی استدلال کیا ہے حضرت حارث بن قیس فرماتے ہیں جب میں اسلام لایا تو میرے نکاح میں آٹھ عورتیں تھیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان میں سے چار کو اختیار کرلو۔ اس حدیث کا ایک جواب تو وہی ہے جو حضرت غیلان والی روایت کے سلسلے میں گزر گیا اور دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ تمام عورتیں نکاح سے نکل گئیں اب ان میں سے چار کو نکاح کے لیے اختیار کرو یعنی جن چار سے چاہو نکاح کرلو۔ یوں حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رحمہما اللہ کے مسلک کو ترجیح حاصل ہوتی ہے۔

باب ۲۴۵، حربیہ عورت اور حربی مرد کا آگے پیچھے مسلمان ہونا اور ان کے نکاح کا حکم

حربیہ کافرہ عورت دارالحرب میں اسلام قبول کرے پھر دارالاسلام میں آجائے اس کے بعد اس کا خاوند مسلمان ہو کر آئے تو کیا پہلا نکاح کافی ہوگا۔ یا نئے سرے سے نکاح کرنا پڑے گا۔ اس سلسلے میں دو مذہب ہیں۔

ایک فریق کہتا ہے کہ اگر اس عورت کی عدت کے دوران خاوند بھی مسلمان ہو کر آجائے تو پہلا نکاح ہی کافی ہوگا اور اگر عدت ختم ہونے کے بعد آئے تو نئے سرے سے نکاح کرنا پڑے گا۔

ان حضرات نے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے واقعہ سے استدلال کیا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت زینت رضی اللہ عنہا کو تین سال بعد پہلے نکاح کے ساتھ حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹایا۔

دوسرے فریق کے نزدیک جب وہ دارالحرب سے نکل آئے تو خاوند بیوی کا رشتہ منقطع ہو جائے گا چاہے خاوند اس کی عدت کے دوران آجائے یا بعد میں آئے۔ ان حضرات نے بھی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے واقعہ سے استدلال کیا ہے حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کی طرف جدید نکاح کے ساتھ لوٹایا۔

پہلے قول والوں کا استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ اس حدیث میں وضاحت نہیں کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو عدت کے دوران لوٹایا تھا یا کیا صورت تھی پھر اس حدیث کے راوی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نصرانی مرد اور عورت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ نصرانیہ کے اسلام قبول کرتے ہی دونوں کے درمیان تفریق ہو جائے گی کیونکہ اسلام بلند ہے اور کوئی دوسرا دین اس پر غالب نہیں ہو سکتا تو کیسے ہو سکتا ہے کہ نصرانیہ عورت کے اسلام لانے کی صورت میں اس کے خاوند کے مسلمان ہونے کا انتظار نہیں کیا جائے گا اور حربیہ عورت کے مسلمان ہونے کی صورت میں انتظار کیا جائے بلکہ دونوں کا ایک جیسا حکم ہوگا۔

حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے واقعہ کے بارے میں احادیث کے تضاد سے متعلق حضرت محمد بن حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ سورۃ ممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے مومنات کے کفار کی طرف لوٹنے کو حرام قرار دیا جب کہ پہلے یہ عمل جائز تھا حضرت عبداللہ بن عمرو (عمرو بن شعیب کے والد کے دادا) کو یہ بات معلوم تھی پھر انہوں نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹایا تو انہوں نے خود اندازہ لگا لیا کہ نئے نکاح کے ساتھ بھیجا ہوگا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو اس حرمت کا علم نہ ہو سکا جس کی وجہ سے انہوں نے سمجھا کہ پہلے نکاح کے ساتھ ہی لوٹایا گیا کیونکہ ان کے نزدیک یہ نکاح فسخ نہ ہوا تھا بنا بریں پہلے قول والوں کا موقف ثابت نہیں ہو سکتا۔

قیاس کے طور پر بھی دوسرا موقف ثابت ہوتا ہے وہ یوں کہ اگر کوئی عورت مسلمان ہو جائے اور اس کا خاوند کافر ہی رہے تو اب وہ باہم نکاح نہیں کر سکتے۔

اب ہم دیکھتے ہیں کہ اگر نکاح کی موجودگی میں ان میں سے ایک اسلام قبول کرے تو اس سلسلے میں کیا حکم ہوگا۔

تو یہاں دو قسم کی صورتیں ہیں بعض میں دونوں حالتوں کا حکم ایک جیسا ہے اور بعض میں دونوں حالتوں کے حکم میں تفاوت ہے۔

مثلاً رضاعی بہن سے نکاح نہیں ہو سکتا اور اگر کوئی شخص چھوٹی بچی سے نکاح کرے اب لڑکے کی ماں اس بچی کو دودھ پلا دے تو یہ حرام ہو جائے گی اور نکاح فسخ ہو جائے گا یعنی نئے سرے سے نکاح کرنے یا نکاح کے بعد دودھ پینے کی صورت میں ایک جیسا حکم ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کسی عورت کو طلاق دی گئی اب وہ عدت کے دوران اپنے خاوند سے بھی نکاح کر سکتی ہے لیکن عورت سے وطی بالشبہ ہو جائے تو عدت واجب ہو گی لیکن خاوند کے ساتھ اس کا نکاح برقرار رہے گا یہاں دونوں صورتوں کا حکم ایک جیسا نہیں ہے۔

اب ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارا مطلوبہ مسئلہ ان دونوں میں سے کس کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔

تو یہ بات متفق علیہ ہے کہ نکاح پر طاری ہونے والے اسلام سے تفریق واجب ہو جاتی ہے لیکن بعض کے نزدیک عورت کے اسلام لاتے ہی نکاح ختم ہو جائے گا یہ حضرت ابن عباس کا قول ہے۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں جب تک خاوند پر اسلام پیش نہ کیا جائے اور وہ انکار نہ کرے تو تفریق نہ ہوگی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہی قول ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے نزدیک جب تک وہ دارالہجرت سے نہ نکلے تفریق نہ ہوگی تو جب یہ ثابت ہو گئی اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ نکاح پر طاری ہونے والے اسلام سے نکاح فاسد ہو جاتا ہے تو یہ رضاعت سے مشابہ ہو گیا، عدت سے نہیں اور رضاعت کی صورت میں دونوں حالتیں برابر ہیں یعنی رضاعی بہن سے نکاح کرنا بھی حرام ہے اور اگر نکاح کے بعد رضاعت پیدا ہو تو بھی حرام ہو جائے گی اسی طرح کافر مرد اور مسلمان عورت کا نکاح جائز نہیں تو نکاح کے بعد کسی ایک کے مسلمان ہو جانے سے بھی نکاح فی الفور فسخ ہو جائے گا۔

حضرت امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ نے قیاس کے خلاف حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے قول کو اپنایا ہے وہ فرماتے ہیں عورت کے مسلمان ہونے کے بعد اسے تین حیض آجائیں یا وہ دارالاسلام کی طرف ہجرت کرے تو تفریق ہو جائے گی۔ اس سے پہلے نہیں۔

باب ۲۴۶، قیدیوں کا تبادلہ

مسلمانوں کے پاس کفار کے جو لوگ قیدی بن کر آئے کیا ان کو ان مسلمان قیدیوں کے فدیہ کے طور پر دینا جائز ہے جو کفار مشرکین کے پاس قید ہیں بعض حضرات کے نزدیک ایسا کرنا جائز ہے حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا یہی قول ہے۔

ان کا استدلال حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی روایت سے ہے وہ فرماتے ہیں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ

نے مجھے فزارہ قبیلہ کی ایک عورت بطور نفل عطا فرمائی ہیں اسے مدینہ طیبہ لایا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بطور ہبہ لے لیا پھر اسے کئی مسلمانوں کے فدیہ کے طور پر دیا۔

دوسرے حضرات کے نزدیک ایسا کرنا جائز نہیں حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا یہی مسلک ہے وہ فرماتے ہیں کہ یہ لوگ اب ذمی بن چکے ہیں اب ان کو بطور فدیہ واپس کرنا گویا انہیں دوبارہ حربی بنانا ہے اور یہ جائز نہیں وہ فرماتے ہیں کہ پہلے قول والوں نے جن روایات سے استدلال کیا ہے ان میں اس وقت کے قیدیوں کا ذکر ہے جب کافر قیدی کے مسلمان ہونے کے بعد بھی انہیں کفار کے حوالے کر کے مسلمان قیدیوں کو چھوڑنا جائز تھا اب یہ حکم منسوخ ہو گیا لہذا اب یا تو وہ قیدی ذمی قرار پائے تو مسلمانوں کے لیے جائز نہیں کہ امن دینے کے بعد ان کو کفار کے حوالے کریں اور وہ دوبارہ حربی بن کر مسلمانوں کی حفاظت سے محروم ہو جائیں اور اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو مسلمان کو کفار کے حوالے کرنا بھی جائز نہیں۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ثقیف نے دو صحابہ کرام کو قیدی بنایا اور صحابہ کرام نے بنو عامر بن صعصعہ کے ایک آدمی کو قیدی بنایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تو وہ باندھا ہوا تھا اس نے عرض کیا میں مسلمان ہوں آپ نے فرمایا اگر یہ بات اس وقت کہتے جب تمہارا معاملہ تمہارے ہاتھ میں تھا تو مکمل فلاح پاتے بالآخر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مسلمانوں کے دو قیدیوں کے بدلے رہا کر دیا۔

معلوم ہوا کہ یہ واقعہ اس حکم کے منسوخ ہونے سے پہلے کا ہے اب یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے۔ اس سے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مسلک کی ترجیح ثابت ہو گئی۔

باب ۲۷ مسلمانوں کے مال پر مشرکین کا قبضہ اور ان کی ملکیت

مسلمانوں کا جو مال حربی کفار کے ہاتھ آ جائے تو کیا اس سے مسلمانوں کی ملک زائل ہو جائے گی اور کافر اس کے مالک ہو جائیں گے؟

اس سلسلے میں دو قول ہیں ایک قول یہ ہے کہ کفار کو ملک حاصل نہیں ہوتی چاہے کفار نے وہ مال تقسیم کر لیا ہو یا تقسیم نہ کیا ہو۔

ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ مشرکین مدینہ طیبہ کی چراگاہ سے لوٹ مار کر کے جانور لے گئے ان میں عضباء نامی اونٹنی بھی تھی انہوں نے ایک عورت کو بھی قید کر لیا۔ ایک جگہ انہوں نے پڑاؤ کیا تو وہ ایک اونٹنی کو لے کر بھاگ گئی اور نذر مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اس کو نجات دی تو وہ اس اونٹنی کو ذبح کرے گی اتفاق سے یہ اونٹنی عضباء تھی، مدینہ طیبہ میں اسے پہچان لیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے برا بدلہ دیا بُرائی میں نذر نہیں اور نہ اس چیز میں نذر ہے جس کا آدمی مالک نہ ہو۔ اس حدیث سے پتہ چلا کہ وہ اونٹنی کفار کی ملک میں نہیں آئی تھی بلکہ وہ مسلمانوں کی ملک ہی رہی۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں اگر کفار اس مال کو لے جا کر اپنے گھر محفوظ کر لیں تو وہ اس کے مالک بن جاتے ہیں اور اگر اس سے پہلے پہلے مسلمان ان پر حملہ کر کے مال لے لیں تو اب دو صورتیں ہیں اگر مسلمانوں میں تقسیم ہو

جائے اور اس کا مالک آجائے تو قیمت دے کر حاصل کرے گا ورنہ بلا قیمت اسے مل جائے گا۔
ان حضرات کی دلیل یہ ہے حضرت تمیم بن طرفہ طلائی سے مروی ہے۔ ایک شخص کے دشمن نے اونٹ لے لیا اس سے ایک آدمی نے خریدا وہ اسے لے کر آیا تو اس کے مالک نے پہچان لیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مقدمہ پیش ہوا تو آپ نے فرمایا چاہو تو اس کی وہ قیمت دے دو جس پر اس نے خریدا ہے اس طرح یہ تمہارا ہو جائے گا ورنہ اسی کا ہو گا۔

متقدمین کی ایک جماعت سے بھی یہ بات مروی ہے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مشرکین جو مال اکٹھا کریں پھر مسلمان اسے حاصل کریں اور اس کا مالک اسے پہچان لے اگر تقسیم سے پہلے اس نے اسے پایا تو وہ اس کا ہے اور اگر مسلمانوں میں تقسیم ہو گیا تو اسے کچھ نہیں ملے گا۔

پہلے قول والوں کے استدلال کا جواب یوں دیا گیا کہ اس عورت نے دارالحرب میں نذر مانی تھی اور اس پر اتفاق ہے کہ جب تک وہ دارالاسلام میں نہ آئے وہ اس مال کو جمع کرنے والی شمار نہیں ہوتی لہذا اس نے اس وقت نذر مانی جب وہ اونٹنی اس کی ملکیت میں نہیں آئی تھی۔

قیاس پہلے قول والوں کی تائید کرتا ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں اگر مسلمان کفار کو قیدی بنائیں اور ان کے مال پر بھی قبضہ کریں تو وہ ان کے غلام بن جاتے ہیں۔ اور مال بھی مسلمانوں کی ملک میں آجاتا ہے اور اگر کفار مسلمانوں کو قیدی بنالیں تو یہ ان کی غلامی میں نہیں آتے تو قیاس کا تقاضا ہے کہ اس کا مال بھی کفار کی ملکیت میں نہ آئے۔

امام طحاوی ان حضرات کے قول کو ترجیح دیتے ہیں جو مشرکین کے لیے ملک کو ثابت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں اگرچہ یہ قیاس کے خلاف ہے لیکن ہم نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد والے مسلمانوں کے قول پر عمل کیا حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے۔

باب ۲۷، مرتد کا وارث کون ہو گا

مرتد کو جب اس کے ارتداد کی وجہ سے قتل کیا جائے تو اس کا وارث کون ہو گا؟
بعض حضرات کے نزدیک یہ مال مسلمانوں کے بیت المال میں جمع ہو جائے گا کیونکہ مسلمان، کافر کا وارث نہیں ہو سکتا۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی کافر کسی مسلمان کا اور کوئی مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں ہو سکتا۔

دوسرے حضرات کے نزدیک مرتد کا مال اس کے مسلمان ورثاء کو ملے گا۔ پہلے قول والوں کے استدلال کا جواب یوں دیا گیا کہ اس سے معلوم نہیں ہوتا کہ مطلق کافر مراد ہے چاہے وہ کسی دین سے تعلق رکھتا ہو یا اس کا کوئی دین نہ ہو یا وہ کافر مراد ہے جو کسی دین سے تعلق رکھتا ہو۔ تو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ ہی کی ایک دوسری روایت میں اس بات کی وضاحت پائی جاتی ہے کہ اس کافر سے مراد کسی ملت سے تعلق رکھنے والا کافر مراد ہے اور مرتد چونکہ کسی ملت سے تعلق نہیں رکھتا اس لیے اس کی میراث کا حکم وہی ہو گا جو مسلمان کی وراثت کا ہے چنانچہ حضرت ابن مسعود

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس کی وراثت اس کے مسلمان ورثاء کے لیے ہوگی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے بھی یہی فیصلہ فرمایا۔

امام طحاوی رحمہ اللہ اس مسلک پر وارد ہونے والے ایک اعتراض کا بھی جواب دیتے ہیں وہ یوں کہ جس طرح مرتد مسلمان کا وارث نہیں ہو سکتا، مسلمان بھی مرتد کا وارث نہیں ہو سکتا اس کا جواب یہ ہے کہ دونوں طرف سے ایک جیسا حکم ضروری نہیں مثلاً باپ بیٹے کو زخمی کرے پھر باپ مرجائے اس کے بعد بیٹا بھی اسی زخم سے مرجائے تو باپ (جارح) اپنے (مجروح مقتول) بیٹے کا وارث ہوگا اور اگر بیٹا باپ کو قتل کرے تو وہ وارث نہیں بنتا اسی طرح مسلمان مرتد کا وارث ہوسکتا ہے لیکن مرتد، مسلمان کا وارث نہیں ہوسکتا۔

قیاس بھی دوسرے قول کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ مرتد کے ارتداد سے پہلے اس کا خون اور مال محفوظ ہوتا ہے اور مرتد ہونے کی وجہ سے اس کا خون مباح ہو جاتا ہے لیکن مال محفوظ ہی رہتا ہے جبکہ دوسرے کفار کے مال اور جان کا حکم ایک جیسا ہے چاہے انہیں قتل کیا جائے یا نہ، جبکہ مرتد کا مال کفر کی وجہ سے حلال نہیں تو قتل کے سبب سے بھی حلال نہیں ہوگا۔ اور یہ بھی متفق علیہ بات ہے کہ حربی کفار کا مال غنیمت بننے کی وجہ سے حلال ہو جاتا ہے اگرچہ انہیں قتل نہ کریں جبکہ مرتد کا مال ارتداد کی وجہ سے غنیمت نہیں بنتا تو جب وہ غنیمت کے حکم میں نہیں تو دو صورتوں میں سے ایک پائی جائے گی یا تو اس کے وارث وہ لوگ ہوں گے جو اس کے حالت اسلام پر مرنے کی صورت میں وارث ہوتے یا اس کا مال تمام مسلمانوں کے لیے ہے تو نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان ہی مرتد کے وارث ہیں تو جب اس کے وارث مسلمان ہی ہیں تو اس کے وارث وہی ہوں گے جو اس کے مسلمان ہونے کی صورت میں وارث ہوتے حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

باب ۲۴۸، غیر آباد زمین کو آباد کرنا

اگر کوئی شخص ایسی زمین کو آباد کرے جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو اور ویران پڑی ہو تو وہ اس کا مالک ہوجائے گا یا نہیں؟

اس سلسلے میں دو قول ہیں۔ حضرت امام ابویوسف اور حضرت امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک وہ اس کا مالک ہوجائے گا حاکم اسے اجازت دے یا اس کے لیے مختص کرے یا نہ۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مردہ زمین کو آباد کرے وہ اسی کے لیے ہے اور ظالم کے لیے کوئی حق نہیں اسی طرح فرمایا کہ آدمی کسی زمین کے گرد دیوار کھینچ لے وہ اسی کی ہوگی حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک یہ ہے کہ حاکم کو اختیار ہے اگر وہ اس کے لیے قرار دے تو اس کی ہوگی ورنہ نہیں۔

وہ فرماتے ہیں صاحبین نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے اس میں اس بات کی وضاحت نہیں کہ حاکم کی مرضی کے بغیر بھی ایسا کرسکتا ہے یا حاکم کی اجازت ضروری ہے لہٰذا دوسری احادیث کی طرف رجوع کیا جائے گا چنانچہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمین کی حد منددی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار میں ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ پہلے قول والوں نے جس حدیث سے استدلال کیا اس میں یہ قید لگانا پڑے گی ورنہ احادیث میں تضاد ہوگا۔

صاحبین نے نہروں اور دریاؤں کے پانی نیز شکار پر قیاس کرتے ہوئے فرمایا کہ جس طرح وہاں حاکم کی اجازت ضروری نہیں اور جو شخص ان میں سے کچھ لے لیتا ہے وہ اس کا مالک ہو جاتا ہے اسی طرح یہاں بھی اجازت کی ضرورت نہیں تو امام اعظم رحمہ اللہ نے جواب دیا کہ یہ قیاس صحیح نہیں اس لیے کہ پانی اور شکار کے سلسلے میں حاکم کو اختیار نہیں جبکہ زمین کے سلسلے میں حاکم کو اختیارات حاصل ہیں لہذا اسے شکار اور پانی پر قیاس کرنا صحیح نہ ہوگا۔

صاحبین نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ایک قول سے بھی استدلال کیا ہے کہ آپ نے فرمایا جو شخص زمین کو آباد کرے وہ اس کا مالک ہے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے جواب دیا کہ اس حدیث میں بھی یہ قید ہے کہ جو شخص حاکم کی اجازت سے آباد کرے چنانچہ بصرہ کا ایک شخص حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ بصرہ میں ایک زمین ہے جس کا کوئی مالک نہیں اور وہ خراجی بھی نہیں اگر آپ چاہیں تو میرے لیے مختص کر دیں چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا ہے کہ اگر وہ سرکاری زمین ہے تو ان کے نام کر دیں۔

معلوم ہوا کہ حاکم کی اجازت ضروری ہے ورنہ آپ فرماتے کہ مجھ سے پوچھنے کی کیا ضرورت ہے تم اسے آباد کرو اور مالک بن جاؤ۔

باب ۲۴۹، گھوڑی کو گدھے سے جفتی کرنا

اگر گھوڑی کو گدھے سے جفتی کیا جائے تو خچر پیدا ہوتی ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ عمل جائز ہے یا نہ جائز؟

بعض حضرات کے نزدیک ایسا کرنا حرام ہے ان کی دلیل حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے آپ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں خچر پیش کی گئی اور آپ اس پر سوار ہوئے صحابہ کرام نے عرض کیا اگر ہم گھوڑی کو گدھے سے جفتی کریں تو ہمارے لیے ایسا جانور پیدا ہو آپ نے فرمایا ایسا وہ لوگ کرتے ہیں جو بے علم ہیں۔

دوسری حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں (بنو ہاشم کو) تین چیزوں کے ساتھ خاص کیا وضو کامل طور پر کرنا صدقہ نہ کھانا اور گھوڑیوں کو گدھوں سے جفتی نہ کرنا۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اس عمل میں کوئی حرج نہیں حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خچر پر سواری کی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی خچر پر سوار ہوئے اور اس سلسلے میں مروی روایات بے شمار ہیں۔ اگر یہ عمل حرام یا ناجائز ہوتا تو آپ خچر پر سوار نہ ہوتے اور نہ کسی اور کے لیے یہ سواری جائز ہوتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ یہ عمل بے علم لوگ کرتے ہیں اس کی وجہ لوگوں کو گھوڑے پالنے کی طرف متوجہ کرنا تھا چنانچہ متواتر روایات میں گھوڑا رکھنے اور پالنے کی فضیلت مروی ہے تو آپ چاہتے تھے کہ گھوڑی اور گھوڑے کا ملاپ ہوتا کہ گھوڑے پیدا ہوں ان میں

ثواب بھی ہے اور دوسرے فوائد بھی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کے سلسلے میں حضرت عبداللہ بن حسن فرماتے ہیں کہ بنو ہاشم کے پاس گھوڑے کم تھے تو حضور علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ گھوڑی کو گدھے سے جفتی ذکریں جب گھوڑوں کی کثرت ہوگئی تو ممانعت کی علت ختم ہوگئی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ گھوڑی کو گدھے سے جفتی کرنا جائز ہے اس میں کوئی حرج نہیں البتہ گھوڑی سے گھوڑے کا بچہ حاصل کرنا افضل ہے۔

احناف کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۵، فیٔ اور غنیمت کے خمس کی تقسیم

مسلمانوں کو کفار سے جو مال صلح کی صورت میں حاصل ہوتا ہے وہ مال فے کہلاتا ہے اور جنگ کی صورت میں جو مال حاصل ہوتا ہے وہ مال غنیمت ہے۔ مالِ غنیمت کے پانچ حصے کیے جاتے ہیں جن میں سے چار حصے مجاہدین کو ملتے ہیں اور ایک حصہ اللہ تعالیٰ، رسول صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کے قرابتداروں، یتیموں، مساکین اور مسافروں میں تقسیم ہوتا ہے۔ مال فے کے پانچ حصے نہیں کیے جاتے بلکہ اس کا حکم وہی ہے جو غنیمت کے خمس (یا پانچویں حصہ) کا ہے غنیمت کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے "اور جان لو! جو چیز تم بطور غنیمت حاصل کرو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ، رسول صلی اللہ علیہ وسلم، قرابت داروں، یتیموں مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے"۔

مال فے کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے اللہ تعالیٰ بستیوں والوں سے جو مال جنگ کے بغیر اپنے رسول کو عطا فرمائے تو وہ اللہ تعالیٰ کے لیے، رسول صلی اللہ علیہ وسلم قرابت داروں، یتیموں، مساکین اور مسافروں کے لیے ہے۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس سلسلے میں طویل بحث کی ہے اور مندرجہ ذیل عنوانات کو سامنے رکھا ہے۔

(۱) "للہ" (اللہ تعالیٰ کے لیے) سے کیا مراد ہے کیا اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی حصہ مختص کیا جائے گا۔

(۲) للرسول (رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے) کا کیا مطلب ہے کیا آپ کے لیے بھی حصہ مقرر ہوگا۔

(۳) قرابتداروں سے کون کون لوگ مراد ہیں۔

(۴) سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد قرابتداروں کا حصہ کسے ملے گا۔

(۵) کیا قرابتداروں کو دینا آپ پر واجب تھا یا آپ کو اختیار تھا۔

لِلہ وللرسول: اس سلسلے میں تین قول ہیں پہلا قول یہ ہے۔

کہ اللہ تعالیٰ کے لیے حصہ نکالا جائے گا اور وہ خانہ کعبہ پر خرچ کیا جائے گا۔ حضرت ابوالعالیہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مال غنیمت حاصل ہوتا آپ اس میں ہاتھ ڈالتے جو کچھ اس میں آجاتا اسے کعبۃ اللہ پر خرچ کرتے تو یہ بیت اللہ شریف کا حق ہوتا پھر خمس کے باقی حصہ کے پانچ حصے کرتے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر افتتاح کلام کے لیے ہے گویا خمس کے چار حصہ کیے جاتے تھے اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے الگ حصہ نہیں نکالا جاتا تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں مال غنیمت پانچ حصوں میں تقسیم ہوتا تھا۔ ان میں سے چار حصے مجاہدین

کے لیے ہوتے اور ایک حصہ چار حصوں میں تقسیم ہوتا تھا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے قرابتداروں کے لیے ایک حصہ ہوتا دوسرا حصہ یتیموں تیسرا مساکین اور چوتھا حصہ مسافروں کے لیے ہوتا۔

تیسرا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر تو افتتاح کلام کے لیے ہے لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حصہ مقرر تھا یوں مالِ غنیمت کا خمس پانچ حصوں میں تقسیم ہوتا تھا حضرت قیس بن مسلم فرماتے ہیں میں نے حضرت حسن بن محمد بن علی رضی اللہ عنہم سے آیت غنیمت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر دنیا اور آخرت میں افتتاحِ کلام کے لیے ہے لیکن رسول صلی اللہ علیہ وسلم، اہل قرابت، یتیموں، مساکین اور مسافروں کے لیے خمس تقسیم ہوتا تھا گویا خمس پانچ حصوں میں تقسیم ہوتا تھا۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ ان تین اقوال میں سے تیسرے قول کو ترجیح دیتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ پہلی امتوں کے لیے غنیمت حلال نہ تھی جب بدر کا دن ہوا اور مسلمانوں میں اس سلسلے میں اختلاف پیدا ہوا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور جو مال غنیمت تم نے حاصل کیا ہے۔ اس سے کہا یہ حلال پاکیزہ ہے "پھر انفال کے بارے میں صحابہ کرام کے درمیان اختلاف ہوا تو ارشاد فرمایا "آپ سے انفال کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے انفال اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے"۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کے درمیان کسی ترجیح کے بغیر تقسیم فرمایا اور اللہ تعالیٰ کا حصہ نہیں نکالا معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر افتتاح کے لیے ہے۔ جو حضرات خمس کو چار حصوں میں تقسیم کرنے کے قائل ہیں۔ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں اگرچہ یہ حدیث منقطع ہے لیکن اہلِ علم نے اس سے استدلال کیا ہے۔ لیکن کیا اس سے استدلال صحیح ہے تو آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان دو آیتوں کے علاوہ ایک آیت میں مال فے کے کچھ حصے کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نسبت کی ہے ارشاد خداوندی ہے۔ "اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے جو فے عطا کیا تو یہ وہ ہے جس پر تم نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے۔ اس سے ثابت ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ تھا لہٰذا تیسرا قول ثابت ہو گیا۔ اور پہلے دونوں قول باطل قرار پائے۔

اہلِ قرابت کون لوگ ہیں : اس سلسلے میں چار قول ہیں۔

پہلا قول یہ ہے کہ اس سے بنو ہاشم مراد ہیں جن پر صدقہ حرام ہے۔

دوسرے قول کے مطابق ان سے بنو مطلب اور بنو ہاشم دونوں مراد ہیں۔

تیسرا قول یہ ہے کہ تمام قریش مراد ہیں۔

اور چوتھے قول کے مطابق اہلِ قرابت وہ لوگ ہیں جو سرکار دو عالم کے ساتھ جدِّ اعلیٰ اور جدّہ علیا میں شریک ہیں حضرت امام طحاوی نے اس قول کو احسن قرار دیا ہے۔

پہلے قول والوں کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنو ہاشم کو صدقہ کے حرام ہونے کے ساتھ خاص کیا لہٰذا یہی لوگ آپ کے اہلِ قرابت ہیں امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ قول فاسد ہے کیونکہ جب بنو ہاشم پر صدقہ حرام ہوا تو آپ نے ان کے غلاموں پر بھی حرام قرار دیا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب ارقم بن ارقم کو صدقات پر عامل مقرر کیا گیا تو وہ اپنے ساتھ

حضرت ابورافع کو بھی لے جانے لگے بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر پوچھا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابو رافع! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر صدقہ حرام ہے اور کسی قوم کا غلام ان ہی میں سے ہوتا ہے۔ تو جب صدقہ کے حرام ہونے کے سلسلے میں بنو ہاشم کے موالی ان کے ساتھ شامل ہیں جب کہ قرابتداروں کے حصے میں بالاتفاق غلام شامل نہیں ہیں تو معلوم ہوا کہ قرابتداری کی علت صدقات کا حرام ہونا نہیں۔ بنابریں یہ قول فاسد ہے۔

اس قول کے فساد کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر بنو ہاشم کے لیے صدقہ حلال ہوتا تو ان کے مالدار لوگوں کے لیے پھر بھی حرام ہوتا جبکہ اہل قرابت کے حصے میں یہ تفریق نہیں لہٰذا صدقہ کا حرام ہونا قرابت کی علت نہیں ہے۔

جن لوگوں کے نزدیک قرابتداروں سے مراد بنو ہاشم اور بنو مطلب ہیں ان کا استدلال حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی روایت سے ہے وہ فرماتے ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالقربیٰ کا حصہ تقسیم فرمایا تو بنو ہاشم اور بنو مطلب کو عطا فرمایا لیکن بنو امیہ کو کچھ بھی نہ دیا۔ فرماتے ہیں میں اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ بنو ہاشم کو تو ہم پر فضیلت ہے لیکن بنو مطلب اور ہم میں تفریق کی وجہ کیا ہے؟ حالانکہ ہم سب کا ایک ہی نسب ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنو مطلب نے جاہلیت اور اسلام دونوں حالتوں میں مجھے نہیں چھوڑا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو ہاشم اور بنو مطلب کو عطا فرمایا اور اوپر والوں کو چھوڑ دیا تو معلوم ہوا کہ وہ اہل قرابت سے نہیں ہیں

حضرت امام طحاوی فرماتے ہیں یہ قول بھی فاسد ہے کیونکہ بنو امیہ اور بنو نوفل کو جب حصہ نہ دیا گیا تو وہ قرابت سے خارج نہ ہوئے تو اوپر والے محض حصہ نہ ملنے کی وجہ سے قرابت سے کیسے خارج ہوں گے جبکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو بھی حصہ دیا جو بنو ہاشم اور بنو مطلب سے نہیں تھے لیکن آپ کے ساتھ ان کی قرابت تھی یعنی وہ قریش ہیں سے تھے اور وہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ ہیں۔ اگر کہا جائے کہ ان کے ساتھ والدہ کی طرف سے قرابت تھی کیونکہ ان کی والدہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی ہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ کئی دوسرے حضرات تھے جن کی والدہ ہاشمی سلسلے سے منسلک تھیں لیکن آپ نے والدہ کی وجہ سے ان کو حصہ نہیں دیا بلکہ محروم رہے مثلاً حضرت امامہ بنت ابی العاص حضور علیہ السلام کی نواسی ہیں اور ان کی والدہ یعنی حضور علیہ السلام کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا ہاشمیہ ہیں لیکن چونکہ ان کے والد بنو امیہ سے تھے اس لیے حصہ نہیں دیا معلوم ہوا کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو حصہ والدہ کی وجہ سے نہیں ملا۔

جن لوگوں کے نزدیک قریش ذوالقربیٰ ہیں نیز جو شخص آپ کی ماؤں کی طرف سے ذی رحم قرار دیا ہے وہ بھی اس میں داخل ہے وہ حضرات قیاس سے استدلال کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ کوئی شخص باپ یا ماں کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ تو دونوں کی طرف سے نسب مختلف ہے لیکن اس کے باوجود وہ دونوں کا بیٹا کہلاتا ہے۔ پھر وہ جس طرح باپ کی طرف سے بھائیوں کا وارث بنتا ہے اسی طرح ماں کی طرف سے بھائیوں کا وارث بھی بنتا ہے اگرچہ ایک کی میراث دوسرے فریق کی میراث کے خلاف ہے لیکن یہ اختلاف قرابت سے مانع نہیں۔

اگر کوئی شخص اپنے تہائی مال کی وصیت اپنے قرابت داروں کے لیے کرے تو اس میں کون کون لوگ شامل ہوں گے تو حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ہر ذی رحم محرم شامل ہو تا ہے صاحبین فرماتے ہیں جب سے ہجرت ہوئی ہے اس وقت سے یہ شخص وصیت کرنے والا اور وہ جس کے لیے وصیت کی گئی دونوں کا جو جدّ اعلیٰ تھا اس کی اولاد قرابتدار کہلائیں گے حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول کے مقابلے میں صاحبین کے قول کو ترجیح دی ہے وہ فرماتے ہیں یہ قول احسن ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں اس زمانے میں لوگ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہوتے اور بنو عباس کہلاتے ہیں اسی طرح آل علی، آل جعفر، آل عقیل، آل زبیر وغیرہ اپنے جدّ اعلیٰ کی طرف منسوب ہوئے ہیں گویا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل قرابت وہ ہیں جو اسلام میں آپ کے سب سے اوپر والے دادا کی اولاد ہیں۔

تیسری بحث یہ ہے کہ کیا اہل قرابت کو حصہ دینا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر واجب تھا تو بعض حضرات کا خیال ہے کہ آپ پر لازم تھا آپ ان کو محروم نہیں کر سکتے تھے جس طرح مجاہدین کو چار حصے دینا ضروری تھا لیکن دوسرے حضرات کے نزدیک فے اور غنیمت کے خمس میں اہل قرابت کا حق اسی طرح تھا جس طرح مسلمان فقراء کا حق تھا کچھ حضرات کا خیال ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار تھا ان میں سے جس کو چاہیں عنایت فرمائیں وہ امیر ہو یا غریب وجوب کا قول فاسد ہے کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض قرابتداروں کو عطا فرمایا اور بعض کو نہ دیا اگر آپ پر لازم ہوتا تو تمام قرابتداروں کو عطا فرماتے۔

چوتھی بحث یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کا اور آپ کے اہل قرابت کا حصہ کس کو ملے گا تو اس میں اختلاف ہوا بعض نے کہا ذوالقربیٰ کا حصہ خلیفہ کے قرابت داروں کو ملے گا کسی نے کہا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ خلیفہ کے لیے ہے۔ پھر صحابہ کرام کا اس بات پر اجماع ہو گیا کہ یہ دونوں حصے جہاد کی تیاری پر خرچ کئے جائیں۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی یہی بات فرماتے ہیں ان کا ارشاد ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے قرابتداروں کا حصہ بھی ختم ہو گیا۔ لہٰذا اب خمس تین حصوں میں تقسیم ہو گا اسی طرح فے بھی تین حصوں میں تقسیم ہو گا وہ تین حصے یتیموں، مساکین اور مسافروں کو دیتے جائیں گے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

باب ۲۵۱، مکہ مکرمہ کس صورت میں فتح ہوا

اس بات پر اجماع امت ہے کہ فتح مکہ سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل مکہ کے درمیان مصالحت ہوئی لیکن کیا فتح مکہ سے پہلے یہ عہد ٹوٹ گیا اور اسی صورت میں فتح حاصل ہوئی یا فتح کے وقت صلح برقرار تھی۔

حضرت امام ابوحنیفہ، امام اوزاعی، امام مالک، سفیان بن سعید ثوری، ابو یوسف اور محمد بن حسن رحمہم اللہ کے نزدیک فتح مکہ سے پہلے عہد ٹوٹ گیا تھا اور مکہ مکرمہ دار الحرب بن گیا تھا جب کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ فتح مکہ کے وقت صلح قائم تھی۔

دوسرے فریق کا استدلال یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل مکہ کے درمیان مصالحت ہوئی تھی اس

کے بعد بنو نفاثہ اور خزاعہ کے درمیان لڑائی ہوئی قریش کے کچھ افراد نے بنو نفاثہ کی مدد کی۔ لہذا بنو نفاثہ اور قریش کے چند افراد صلح سے خارج ہوئے باقی اہل مکہ کی صلح برقرار رہی۔ وہ فرماتے ہیں اگر یہ صلح برقرار نہ ہوتی تو اہل مکہ سے مال فے حاصل ہوتا اور تقسیم کیا جاتا اسی طرح ان لوگوں کو غلام بنایا جاتا حالانکہ ایسا نہیں ہوا پھر یہ کہ جب ابوسفیان صلح کے لیے گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پناہ دی معلوم ہوا کہ صلح برقرار تھی۔

احناف اور ان کے ہم مسلک حضرات نے حضرت عکرمہ اور حضرت محمد بن مسلم کی دو طویل روایات پیش کی ہیں جن کے مطابق بنو نفاثہ اور خزاعہ صلح میں داخل تھے لہذا جب انہوں نے نقض عہد کیا تو صلح ختم ہو گئی حضرت عکرمہ اور حضرت محمد بن مسلم وہ شخصیات ہیں کہ جہاد کے سلسلے میں اکثر خبریں ان حضرات ہی سے پہنچی ہیں۔

جہاں تک حضرت ابوسفیان کو پناہ دینے کا تعلق ہے تو اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل مکہ کے درمیان صلح باقی تھی بلکہ کسی قوم کے نمائندے کو قتل نہیں کیا جاتا تھا چنانچہ مسیلمہ کذاب کے دو نمائندوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل نہیں فرمایا۔ لہذا ابوسفیان سے عدم تعرض کی وجہ یہ تھی۔

جہاں تک مال فے کے تقسیم نہ ہونے اور ان لوگوں کو غلام نہ بنانے کا تعلق ہے تو اس کے دو جواب ہیں جن حضرات کے نزدیک مکہ مکرمہ کو آپ نے بطور غلبہ فتح کیا وہ فرماتے ہیں آپ نے ان لوگوں پر احسان فرمایا حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ کا یہی مسلک ہے۔

بعض حضرات کے نزدیک سرزمین مکہ کسی کی ملک میں نہیں آسکتی لہذا اس سے غنیمت حاصل نہ ہوگی۔ حضرت امام ابوحنیفہ کا یہی قول ہے۔

دوسرے فریق نے یہ بھی اعتراض کیا کہ جن دو حدیثوں سے بنو نفاثہ اور خزاعہ کا مصالحت میں شامل ہونا ثابت کیا گیا ہے وہ دونوں حدیثیں منقطع ہیں اس کے جواب میں احناف فرماتے ہیں کہ اس موضوع پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے متصل حدیث بھی مروی ہے۔

یہ حضرات مزید دلائل دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جب ابوسفیان تجدید صلح کے لیے مدینہ طیبہ گئے تو ان کا جانا اس بات کی دلیل ہے کہ پہلی صلح ختم ہو چکی تھی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ابوسفیان سے فرمایا کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح قریش پر حملہ کیا تو ان کی صبح اچھی نہ ہوگی تو کیسے ہو سکتا ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ جیسا ذہین و فہیم شخص یہ جانتے ہوئے کہ صلح برقرار ہے۔ ایسے الفاظ کہے معلوم ہوا کہ صلح ختم ہو گئی تھی پھر جب ابوسفیان حاضر ہوئے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بارگاہ نبوی میں عرض کیا یا رسول اللہ! یہ ابوسفیان ہیں اللہ تعالیٰ نے کسی عہد و پیمان کے بغیر انہیں ہمارے قابو میں دیا ہے لہذا مجھے اجازت دیجئے کہ میں ان کی گردن ماردوں۔ یہ بھی صلح کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔ پھر حضرت سفیان نے جب اہل مکہ کو پکارا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام پہنچایا کہ جو شخص ابوسفیان کے گھر داخل ہوگا اسے امن ہے۔ اور جو شخص اپنا دروازہ بند کرے گا اسے بھی امن ملے گا۔ اس پر قریش نے یہ نہیں کہا کہ صلح برقرار ہے۔ لہذا اس امن کی کیا ضرورت ہے۔

معلوم ہوا کہ صلح ختم ہو چکی تھی۔

حضرت ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے سسرال والوں میں سے دو آدمیوں کو پناہ دی جب کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ان کو قتل کرنا چاہتے تھے۔ اگر صلح باقی ہوتی تو پناہ دینے کی کیا ضرورت تھی۔
ان تمام دلائل سے معلوم ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ مکرمہ فتح کیا اس وقت صلح ختم ہو چکی تھی۔
اسی ضمن میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت ہے وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کو بلا کر فرمایا قریش کے بدمعاشوں پر نظر رکھنا پھر ایک ہاتھ کو دوسرے پر مار کر فرمایا ان کو کاٹ دو حتیٰ کہ تم صفا پر مجھ سے ملو تو ہم میں سے جو شخص جس کو قتل کرنا چاہتا قتل کر دیتا پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر احسان فرمایا اور درگزر سے کام لیا۔
ان تمام دلائل سے احناف کے مسلک کی ترجیح ثابت ہوئی۔

خرید و فروخت کا بیان

باب ۲۵۲، گندم کے بدلے جو کا سودا

بعض حضرات کے نزدیک گندم اور جو کا تبادلہ کیا جائے تو دونوں کا برابر برابر ہونا ضروری ہے جبکہ دوسرے حضرات کے نزدیک گندم اور جو الگ الگ نوع ہیں لہذا ان میں کمی زیادتی ہو سکتی ہے احناف کا یہی مسلک ہے۔

پہلے قول والوں نے حضرت معمر رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے انہوں نے اپنے غلام کو گندم دے کر بھیجا اور فرمایا کہ اس کے بدلے جو خرید نا غلام گیا اور ایک صاع گندم کے بدلے ایک صاع اور کچھ زائد جو خرید ے حضرت معمر رضی اللہ عنہ کو بتایا تو انہوں نے فرمایا واپس لوٹاؤ اور برابر برابر کا لین دین کرو کیونکہ میں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا غلہ، غلے کے بدلے برابر ہونا چاہیے اور ان دنوں ہمارا غلہ جو تھے ان کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ یہ اس کی مثل نہیں ہے تو انہوں نے فرمایا مجھے اس کی مشابہت کا ڈر ہے۔

دوسرے حضرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے آپ نے فرمایا سونے کو سونے کے بدلے، چاندی کو چاندی کے بدلے گندم کو گندم کے بدلے جو کو جو کے بدلے، کھجور کو کھجور کے بدلے اور نمک کو نمک کے بدلے برابر برابر بیچو۔ البتہ سونے کو چاندی کے بدلے، چاندی کو سونے کے بدلے گندم کو جو اور جو کو گندم کے بدلے کھجور کو نمک کے بدلے اور نمک کو کھجور کے بدلے نقد کے طور پر جیسے چاہو بیچو۔ یہ روایت حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مختلف اسناد کے ساتھ مروی ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب نوع مختلف ہو تو کمی زیادتی کے ساتھ بیچ سکتے ہیں۔ چونکہ گندم اور جو بھی الگ الگ نوع ہیں لہذا ان کو باہم کمی زیادتی کے ساتھ بیچ سکتے ہیں۔

جہاں تک پہلے قول والوں کے استدلال کا تعلق ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی میں ایسی کوئی بات نہیں جو ان کے موقف کی تائید کرتی ہو وہ حضرت معمر رضی اللہ عنہ کی اپنی تاویل ہے اور اسے بھی انہوں نے بطور تقویٰ اختیار فرمایا اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت اس کے خلاف ہے۔

قیاس سے بھی احناف کے مذہب کو تائید حاصل ہوتی ہے وہ یوں کہ کفارہ میں گندم نصف صاع اور جو ایک صاع دیئے جاتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ دونوں الگ الگ نوع ہیں ورنہ دونوں کی مقدار برابر برابر ہوتی۔

باب ۲۵۳، چھوہاروں کے بدلے کھجور کی بیع

کیا خشک کھجوروں (تمر) کے بدلے تر کھجوروں (رطب) کو برابر برابر بیچنا جائز ہے؟

اس مسئلے میں حضرت امام اعظم ابو حنیفہ اور صاحبین کے درمیان اختلاف ہے۔ صاحبین کے نزدیک یہ بیع جائز نہیں جبکہ حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جائز ہے۔

صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ حضرت زید ابو عیاش نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے گندم اور جو کی باہم بیع کے بارے میں پوچھا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ سے چھوہاروں کے بدلے کھجوروں کی بیع کے بارے میں پوچھا جا رہا تھا آپ نے فرمایا کیا کھجوریں خشک ہو کر کم ہو جاتی ہیں؟ عرض کیا "جی ہاں" فرمایا پھر جائز نہیں۔

حضرت امام ابو حنیفہ اور ان کے ہم نوا فقہاء کرام ان دونوں کو ایک ہی نوع قرار دیتے ہیں لہذا ان کو برابر برابر بیچنا جائز ہے البتہ انہوں نے ادھار کو مکروہ قرار دیا ہے۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ صاحبین اور ان کے ساتھ دوسرے حضرات نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے درحقیقت اس میں ادھار کا ذکر ہے چنانچہ حضرت ابو عیاش زید رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوہاروں کو کھجوروں کے بدلے بطور ادھار بیچنے سے منع فرمایا۔ تو اصل حدیث میں ادھار کا ذکر ہے حضرت عمران کی روایت میں بھی یہی بات ہے۔ لہذا یہ حدیث ثابت ہو گئی اور ممانعت کی علت ادھار ہے۔ قیاس بھی اسی قول کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ اگر کھجوروں کے بدلے کھجوریں برابر برابر فروخت کی جائیں تو جائز ہے اسی طرح چھوہاروں کے بدلے چھوہاروں کو بھی برابر برابر بیچنا جائز ہے اگرچہ ایک طرف کی کھجوروں میں رطوبت ہو اور دوسری طرف نہ ہو تو اس سے بھی کمی واقع ہو سکتی ہے۔

لہذا ان کے خشک ہونے کی حالت کو نہیں دیکھا جائے گا بلکہ موجودہ حالت کو دیکھتے ہوئے ان کا سودا جائز قرار دیا جاتا ہے اسی طرح کھجوروں اور چھوہاروں کی باہم بیع کے سلسلے میں سودے کے وقت کی حالت کو دیکھیں گے بعد میں پیدا ہونے والی تبدیلی کا اعتبار نہیں ہو گا۔ حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا یہی مسلک ہے اور حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ بھی اسی کو ترجیح دیتے ہیں۔

باب ۲۵۴، تلقی جلب

جب دیہاتی اپنا سودا لیے بیچنے شہر میں آتے ہیں تو کچھ لوگ ان کے بازار میں پہنچنے سے پہلے باہر جا کر ملاقات کرتے اور سامان خرید لیتے ہیں۔ اس کو تلقی جلب کہتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا صحیح ہے؟

اس سلسلے میں دو قول ہیں بعض لوگوں کا مذہب یہ ہے کہ جو لوگ باہر جا کر دیہاتی سے سودا خریدتے ہیں ان کی بیع باطل ہے۔

جبکہ دوسرے حضرات کا موقف یہ ہے کہ اگر اس قسم کی خرید و فروخت سے شہر والوں کو نقصان پہنچتا ہے تو ایسا کرنا مکروہ ہے لیکن سودا جائز ہو گا اور اگر اس سے شہر والوں کو نقصان نہیں پہنچتا تو یہ عمل مکروہ بھی نہ ہو گا۔

پہلے قول والوں کی دلیل رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے آپ نے فرمایا سودا بیچنے والوں سے آگے جا کر نہ ملو۔

اس مضمون کی احادیث حضرت ابن عباس، حضرت ابن عمر، حضرت ابو سعید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔

دوسرے قول والے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں ہم (باہر سے آنے والے) سواروں سے ملتے اور ان سے اندازے کے ساتھ غلہ خریدتے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں منع فرمایا کہ ہم اسے وہاں سے منتقل کئے بغیر بیچیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غلہ وغیرہ لانے والوں سے باہر جا کر ملاقات کرنا اور خریدنا جائز ہے تو دونوں قسم کی احادیث کو ایسے معنیٰ پر محمول کرنا ہوگا جس سے تضاد ثابت نہ ہو۔

یعنی ممانعت کی صورت وہ ہے جس میں شہریوں کو ضرر پہنچتا ہو اور نقصان کا خدشہ نہ ہو تو یہ سودا مکروہ بھی نہ ہوگا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یوں بھی آیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آگے جا کر نہ ملو شہری دیہاتی کے لیے سودا نہ کرے اور جب وہ بازار میں داخل ہوں تو بائع کو اختیار ہے۔ تو اختیار اسی صورت میں ہوتا ہے۔ جب سودا صحیح ہو کیونکہ یہ بیع فاسد ہوتی تو خریدنے اور بیچنے والے دونوں کو فسخ بیع پر مجبور کیا جاتا۔

پہلے قول والوں نے اعتراض کیا کہ تم لوگ اس صورت میں بائع کو اختیار نہیں دیتے حالانکہ اس حدیث کے مطابق اختیار ثابت ہے۔ اس کا جواب یوں دیا گیا کہ متواتر احادیث سے ثابت ہے کہ خرید و فروخت کرنے والوں کو اس وقت تک اختیار ہوتا ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں لہٰذا جب وہ جدا جدا ہو گئے تو اختیار ختم ہو گیا۔ البتہ خیار رؤیت رہتا ہے۔

اس صورت میں سودا بیچنے والے کو بازار میں جانے کے بعد اختیار باقی رہنے کے خلاف بھی احادیث مروی ہیں مثلاً سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہری دیہاتی کے لیے نہ بیچے۔ تو اس کی علت یہ ہے کہ لوگوں کو چھوڑ دیا جائے تاکہ اللہ تعالیٰ بعض کو بعض سے رزق عطا فرمائے کیونکہ شہری کو بازار کے بھاؤ کا پتہ ہوتا ہے لہٰذا جب وہ دیہاتی سے مل کر بھاؤ بتا دے گا تو بازار والوں کو نفع نہ ہوگا اور دیہاتی بھاؤ سے لاعلم ہو تو بازار والوں کو فائدہ پہنچے گا۔

اب جب یہ بات ثابت ہو گئی کہ شہری، دیہاتی سے باہر جا کر سودا کر سکتا ہے تو اس سے بائع کا اختیار ختم ہو گیا کیونکہ اگر اسے اختیار ہوتا تو خریدار کو کیا فائدہ ہوتا اور اس صورت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات نہ فرماتے کہ شہری، دیہاتی کے لیے سودا نہ کرے۔ لہٰذا بائع کو اختیار نہیں ہوگا۔ حضرت امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۵۵، عاقدین کا اختیار

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ سودا کرنے والوں کا سودا مکمل نہیں ہوتا جب تک وہ جدا نہ ہو جائیں یا ان کے درمیان خیار بیع ہو۔

اس حدیث کی روشنی میں واضح ہوتا کہ بائع اور مشتری کے افتراق سے سودا مکمل ہو جاتا ہے لیکن اختلاف یہ ہے کہ اس جدائی سے کلام کے ساتھ جدا ہونا مراد ہے یعنی جب ایجاب وقبول ہو جائے تو سودا مکمل ہو جائے گا اگرچہ وہ دونوں اپنی جگہ پر ٹھہرے رہیں یا یہ مطلب ہے کہ جب تک کہ وہ جسمانی طور پر ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں سودا مکمل نہ ہوگا۔

بعض حضرات کا مسلک یہ ہے کہ اس سے مراد ایجاب وقبول کا پایا جانا ہے یعنی جب بائع ایجاب کرے تو اس کا اختیار ختم ہو جاتا ہے لیکن خریدار کو خریدنے یا نہ خریدنے کا اختیار ہوتا ہے اور جب وہ قبول کر لیتا ہے تو اب دونوں کے لیے اختیار باقی نہیں رہتا البتہ یہ کہ وہ خود اختیار رکھیں۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ طلاق کے سلسلے میں فرماتا ہے اگر وہ دونوں (میاں بیوی) الگ الگ ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہر ایک کو دوسرے سے بے نیاز کر دے گا۔" اب خاوند یہ کہے کہ میں نے تجھے اتنے مال پر طلاق دی اور عورت قبول کر لے تو اگرچہ وہ اسی جگہ بیٹھے رہیں ان کے درمیان فرقت ہو جائے گی تو خرید وفروخت میں اسی طرح ہوگا۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد جسمانی فرقت ہے لہٰذا ایجاب وقبول کے بعد بھی انہیں اختیار ہوگا جب تک مجلس برخاست نہ ہو جائے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایجاب وقبول کے وقت تو وہ محض بھاؤ لگانے والے ہوتے ہیں جب ایجاب وقبول ہو جائے گا تو اب وہ بائع اور مشتری کہلائیں گے اور اب ان کو اختیار حاصل ہوگا اور یہ اختیار اس وقت ختم ہوگا جب وہ جسمانی طور پر الگ الگ ہو جائیں گے۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں لغت کے اعتبار سے بعض اوقات بھاؤ لگانے والوں کو بھی بائع اور مشتری کہا جاتا ہے کیونکہ وہ سودے کے قریب ہوتے ہیں جس طرح حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبیح اللہ کہا جاتا ہے حالانکہ ان کو ذبح نہیں کیا گیا لیکن چونکہ وہ ذبح کے قریب تھے اس لیے ان کو ذبیح کہا گیا اسی طرح یہاں ایجاب وقبول کے ساتھ ہی وہ بائع اور مشتری کہلاتے ہیں۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھاؤ لگانے اور بیع کو ایک ہی معنی میں استعمال فرمایا آپ نے فرمایا کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے بھاؤ پر بھاؤ نہ لگائے اور فرمایا کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے۔ تو یہاں دونوں کا ایک ہی مفہوم ہے۔

بدن کے ساتھ فرقت مراد لینے والوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے عمل سے استدلال کیا وہ یہ کہ آپ جب کسی کے ساتھ سودا کرتے اور سودا توڑنا نہ چاہتے تو کھڑے ہوتے کچھ دور تک چلتے پھر لوٹ آتے۔ امام طحاوی فرماتے ہیں اس میں اس بات کا احتمال ہے کہ آپ احتیاطاً ایسا کرتے ہوں کیونکہ اس طرح دونوں

تاویلوں پر عمل ہو جاتا ہے اور خود آپ کا اپنا مسلک یہی ہے کہ قول کے ساتھ تفرق ہو جائے گی آپ فرماتے ہیں جب سامان صحیح سالم ہو تو وہ خریدنے والے کے مال سے ہوتا ہے یعنی جب سودا ہو جائے اور پھر مال ہلاک ہو تو خریدنے والے کی طرف سے ہلاک ہوگا اس سے واضح ہوا کہ سودا مکمل ہو چکا تھا اور خریدار کو ملک حاصل ہو گئی تھی۔

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کے ایک فیصلے سے استدلال کیا گیا کہ ایک شخص نے دوسرے پر گھوڑا بیچا صبح ہوئی تو بائع نے اس پر زین ڈالنا شروع کر دی خریدار نے کہا تم نے اسے مجھ پر بیچا تھا حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کے پاس مقدمہ لے جایا گیا تو آپ نے فرمایا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ بائع اور مشتری کو اختیار ہوتا ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں اور میرے خیال میں تم جدا نہیں ہوئے۔ اس روایت سے پتہ چلا کہ چونکہ وہ جسمانی طور پر جدا نہ ہوئے تھے اگرچہ کلام مکمل ہو چکا تھا اس لیے انہوں نے یہ بات فرمائی لہٰذا اس فرقت سے جسمانی فرقت مراد ہے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں چونکہ ان دونوں کے درمیان نزاع تھا لہٰذا حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ فرقت نہیں پائی گئی جو تکمیل بیع کے لیے ضروری ہے یعنی ایک شخص دعوی کرتا ہے کہ دوسرے نے گھوڑا اس پر بیچا ہے اور بیچنے والا منکر ہے تو اس صورت میں ایجاب و قبول ہی ثابت نہیں لہٰذا اختیار باقی ہے۔ قیاس بھی ان حضرات کی تائید کرتا ہے جو ایجاب و قبول پر بیع کو مکمل مانتے ہیں اور اب اختیار باقی نہیں رہتا کیونکہ نکاح اور اجارہ میں جب فریقین کی طرف سے ایجاب و قبول ہو جاتا ہے تو عقد پایا جاتا ہے اگرچہ وہ لوگ ابھی تک مجلس میں ہی ہوں۔ تو قیاس کا تقاضا ہے کہ خرید و فروخت کی صورت میں بھی اسی طرح ہونا چاہیے۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۵۶، مصراۃ کا سودا

بعض لوگ گائے بکری کے تھنوں میں کئی دن تک دودھ روک رکھتے ہیں پھر بیچتے ہیں تاکہ خریدار کو دھوکہ دیں اور وہ سمجھے کہ اس جانور کا دودھ زیادہ ہے اس قسم کے جانور کو "مصراۃ" اور "محفلہ" کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قسم کے جانور کو بیچنے سے منع فرمایا۔ پھر اگر کوئی شخص اس کا سودا کرے اور خریدار کو معلوم ہو جائے کہ دھوکہ ہوا ہے تو اب کیا کرنا ہوگا۔

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ خریدار کو اختیار ہے چاہے تو اسے رکھ لے اور چاہے تو واپس کرے اور ایک صاع کھجوریں بھی بائع کو دے یہ اختیار تین دن تک رہے گا۔

ان حضرات کا استدلال یوں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی بکری بیچنے سے منع فرمایا جس کے تھنوں میں دودھ روکا گیا ہو اگر کوئی شخص بیچے تو خریدنے والے کو تین دن تک کا اختیار ہے اگر ناپسند کرے تو واپس لوٹا دے اور اس کے ساتھ ایک صاع کھجوریں بھی دے۔

دوسرے حضرات کا مسلک یہ ہے کہ وہ عیب کی وجہ سے واپس نہ کرے بلکہ بائع سے اس کا نقصان وصول

کرے حضرت امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ کا یہی قول ہے۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ پہلے قول والوں نے جن احادیث سے استدلال کیا ہے وہ منسوخ ہیں کیونکہ شروع شروع میں گناہ کی سزا میں مال لیا جاتا تھا پھر جب سُود کی حرمت نازل ہوئی تو یہ حکم منسوخ ہو گیا۔

دوسرے قول کی وضاحت میں بعض حضرات نے فرمایا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بائع اور خریدار کو ایک دوسرے سے جدا ہونے تک اختیار دیا لہٰذا اب اختیار ختم ہو گیا اور بکری واپس نہ ہو گی۔ حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ تاویل صحیح نہیں کیونکہ یہ خیارِ عیب ہے اور یہ فریقین کے ایک دوسرے سے جدا ہونے کے بعد بھی باقی رہتا ہے بلکہ اس کی توجیہ یہ ہے کہ جو دودھ خریدار نے حاصل کیا اس میں سے کچھ دودھ وہ ہو گا جو سودے کے وقت بکری کے تھنوں میں تھا۔ وہ بائع کی مِلک تھا اور جو دودھ اس کے بعد کا ہے وہ خریدار کی ملک ہے۔ چونکہ بکری یا گائے کے سودے کے ساتھ ہی اس دودھ کا بھی سودا ہوا جو تھنوں میں موجود تھا لہٰذا اب جانور کی واپسی نقصان کے ساتھ ہو رہی ہے اس لیے وہ سودا واپس کرنے کی بجائے بائع سے نقصان وصول کرے گا۔

نیز جب خریدار سودے کے وقت دودھ کا مالک ہوا اور اس کے بعد وہ اس کی جگہ ایک صاع کھجوریں ادا کرے گا تو یہ دَین کے بدلے دَین کا سودا ہوا جو جائز نہیں۔ لہٰذا ایسا کرنا صحیح نہیں ہو گا پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ نفع، ضمان کے بدلے میں ہے لہٰذا اگر اس نے دودھ حاصل کیا ہے تو اسے چارہ بھی تو دیا ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ طرفین کے قول کو ترجیح حاصل ہے یعنی خریدار کو جانور کی واپسی کا حق نہیں کیونکہ وہ اسے اصل حالت میں واپس نہیں کر سکتا لہٰذا وہ بائع سے نقصان کی مقدار میں رقم وصول کرے گا۔

باب ۲۵: پھلوں کا سودا کرنا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے ان کا سودا کرنے سے منع فرماتے تھے۔ اب اس صلاحیت میں اختلاف ہے کہ اس سے کیا مراد ہے۔

تو بعض حضرات فرماتے ہیں کہ درخت پر موجود پھل جب تک سرخ یا زرد نہ ہو جائیں ان کو بیچنا جائز نہیں۔ دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی صحیح ہے، ہم اس کو تسلیم کرتے ہیں لیکن اس کا مطلب وہ نہیں جو تم نے بیان کیا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک وہ پھل نہیں بن جاتا اس کا سودا جائز نہیں کیونکہ اس صورت میں بائع ایسی چیز کا سودا کر رہا ہے جو ابھی تک وجود میں نہیں آئی اور اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا چنانچہ آپ نے کئی سالوں کی بیع سے منع فرمایا حضرت یونس فرماتے ہیں حضرت سفیان نے ہمیں بتایا کہ پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنا یہی ہے۔

مطلب یہ ہوا کہ جب تک پھل وجود میں نہ آئے وہ معدوم ہے اس کا سودا جائز نہیں اور جب وہ وجود

وجود میں آجائے تو اگرچہ ابھی پکا نہ ہو اس کا سودا جائز ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ پھل کو روک دے تو تم میں سے ایک اپنے بھائی کا مال کس چیز کے بدلے لے گا تو اس حدیث کا مطلب بھی یہی ہے کہ اگر ابھی تک پھل بنا ہی نہیں اور تم نے پیسے لے لئے تو ممکن ہے کسی سماوی آفت کی وجہ سے پھل لگ نہ سکے اور پھلوں کے وجود میں آجانے کے بعد بیچنا جائز ہے اس پر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت دلیل ہے وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا جس شخص نے پیوند کاری کے بعد درخت بیچا تو اس کا پھل بائع کے لیے ہے البتہ یہ کہ خریدار اس کی شرط رکھے تو یہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے درخت کے اوپر پھل کا سودا جائز قرار دیا۔

پہلے قول والوں کی طرف سے اس پر اعتراض کیا گیا کہ یہ سودا دوسری چیز یعنی درخت کے ساتھ مل کر ہو رہا ہے اس میں اس بات کی دلیل نہیں کہ صرف پھل کی بیع بھی جائز ہے کیونکہ بہت سی چیزیں ایسی ہیں کہ دوسری اشیاء کے ساتھ مل کر ان کا سودا جائز ہوتا ہے جبکہ تنہا ان کا سودا جائز نہیں ہوتا مثلاً راستے وغیرہ کا الگ سودا نہیں ہو سکتا اور مکان وغیرہ کے ساتھ ہو جاتا ہے اس کا جواب یوں دیا گیا کہ راستے وغیرہ کسی شرط کے بغیر بھی سودے میں داخل ہوتے ہیں جب کہ پھل اس وقت تک درخت کے سودے میں داخل نہیں ہوتا جب تک اس کی شرط نہ رکھی جائے۔ لہٰذا اسے ان پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت امام ابو یوسف رحمہما اللہ کا یہی مذہب ہے جبکہ امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب پھل کا بڑھنا ختم ہو جائے اور وہ ٹھہر جائے تو اب سودا جائز ہے ورنہ باطل ہے۔

اس سلسلے میں ایک تیسرا قول یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی میں جو ممانعت ہے اس سے مراد حرام کرنا نہیں ہے بلکہ بطور مشورہ ہے کیونکہ اس سلسلے میں لوگوں کے درمیان جھگڑا ہوتا تھا اس لیے آپ نے منع فرمایا۔

باب ۲۵، عرایا کا بیان

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرایا کی اجازت دی ہے اسی مضمون کی احادیث حضرت ابن عمر، حضرت جابر، حضرت سہل بن ابی حثمہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہیں۔

ان احادیث کے مطابق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اتاری ہوئی کھجوروں کے بدلے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کے سودے سے منع فرمایا اور عرایا کی اجازت دی ہے۔ ان احادیث کی بنیاد پر تمام اہل علم اس بات پر متفق ہیں کہ عرایا جائز ہے لیکن عرایا کی تعریف میں اختلاف ہے۔

حضرت امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کے باغ میں دوسرے آدمی کے ایک یا دو درخت ہوتے تھے پھلوں کے زمانے میں اہل مدینہ اپنے گھر والوں سمیت باغ میں جاتے ادھر ایک دو درختوں کا

مالک اپنے اہل خانہ کے ساتھ آتا جس سے زیادہ درختوں والے کو اذیت پہنچتی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی کہ وہ دو درختوں کے مالک کو اندازے کے ساتھ کھجوریں دے دے اور درخت والی کھجوریں خود رکھ لے۔ اس کو عرایا کہتے ہیں۔

حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں عرایا کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے ایک یا دو درختوں کا پھل کسی محتاج کو دیتا ہے پھر وہ اس کے حوالے اس وقت کرتا ہے جب پھل کی صلاحیت ظاہر ہو جائے تو حضور علیہ السلام نے اجازت دی کہ وہ اس کی بجائے اتری ہوئی کھجوریں دے دے۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس قول کو اولیٰ قرار دیا کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے متواتر احادیث میں پھل کی کھجوروں کے بدلے بیچنے کی ممانعت آئی ہے اگر حضرت امام مالک کے قول کو تسلیم کیا جائے تو وہ اترے ہوئے پھل کی درخت والے پھل کے بدلے بیع قرار پائے گی جو ناجائز ہے جب کہ خود مالک جس نے کسی محتاج کو کچھ درختوں کا پھل دیا اگر اس پھل کی بجائے اتری ہوئی کھجوریں دے تو یہ سودا نہیں ہے لہذا اس ممانعت کے تحت نہیں آئے گا اور یوں دونوں قسم کی احادیث پر عمل ہو سکے گا پھر بہ معنیٰ احادیث سے بھی ثابت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ کم کرو کیونکہ مال میں عریہ بھی ہے اور وصیت بھی۔

معلوم ہوا کہ جس طرح کسی شخص کا دوسرے کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنانا وصیت ہے اسی طرح اپنی زندگی میں اس کو اپنے مال کے کسی حصے کا مالک بنانا عریہ ہے۔ اس سے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا موقف ثابت ہو گیا۔

حضرت امام صاحب کے مسلک پر اعتراض یہ کیا گیا کہ عرایا بھی پھل کی پھل کے بدلے بیع ہے کیونکہ حدیث میں دونوں کا اکٹھا ذکر ہوا اس کا جواب دیا گیا کہ بعض اوقات دو چیزوں کا اکٹھا ذکر ہوتا ہے لیکن دونوں کا حکم مختلف ہوتا ہے۔

پھر ایک سوال یہ ہوا کہ عرایا کی اجازت پانچ یا اس سے کم وسق میں دی گئی ہے جیسا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے (وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے) تو اس کا جواب یہ دیا گیا کہ ممکن ہے ایک خاص واقعہ میں اس مقدار کا عریہ ہوا ہو تو یہ الفاظ فرمائے گئے یہ مطلب نہیں کہ اس سے زائد کی اجازت نہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ عقل و نقل سے حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک اولیٰ ہے۔

باب ۲۵۹، پھلوں میں نقصان ہو جانا

اگر کوئی شخص دوسرے پر پھل بیچے پھر کسی آسمانی آفت کے باعث نقصان ہو جائے تو یہ نقصان بائع کے مال سے شمار ہو گا یا خریدار کا نقصان قرار دیا جائے گا۔

بعض اہل علم کے نزدیک اگر پھلوں کا تہائی حصہ یا زیادہ ضائع ہوا ہے تو اس مقدار کے برابر قیمت خریدار ادا نہیں کرے گا اور اگر تہائی سے کم نقصان ہوا تو وہ خریدار کا ہو گا اور اسے پوری قیمت دینا ہو گی۔
ان حضرات کا استدلال اس طرح ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اپنے (مسلمان) بھائی

پر کھجوریں بیچو پھر انہیں کوئی آفت آپہنچے تو تمہارے لیے جائز نہیں کہ اس سے کچھ لو تم اپنے بھائی کا مال حق کے بغیر کیسے لوگے؟

نیز آپ نے کئی سالوں کی پیشگی بیع سے منع فرمایا اور نقصانات کو وضع کرنے کا حکم دیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ جو نقصان ہوا اس کے مطابق رقم بائع کو نہیں دی جائے گی۔

دوسرے حضرات فرماتے ہیں جب خریدار نے قبضہ کر لیا تو اب جتنا نقصان ہوگا خریدار کے مال سے ہوگا کم ہو یا زیادہ۔ اگر بائع کے پاس نقصان ہوا تو اب خریدار کچھ نہیں دے گا بشرطیکہ مشتری نے قبضہ نہ کیا ہو۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ تم نے جو احادیث پیش کی ہیں وہ صحیح ہیں ہم ان کا انکار نہیں کرتے البتہ تم نے اس کا جو مفہوم بیان کیا ہے وہ صحیح نہیں۔ یہ اس نقصان کے بارے میں ہے جو خراجی زمینوں کو پہنچتا ہے اب مسلمانوں کو کہا گیا کہ وہ خراج نہ لیں جہاں تک خرید و فروخت کا تعلق ہے تو یہ حدیث ان کے بارے میں نہیں ہے یہ جواب اس حدیث سے متعلق ہے جس میں نقصانات کو وضع کرنے کا حکم دیا۔ جس حدیث میں فرمایا کہ آفت کی صورت میں اپنے بھائی سے کچھ نہ لو تو اس میں سودے کا ذکر ہے قبضہ کا ذکر نہیں لہذا اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جب تم نے کسی پر کوئی چیز بیچی اور پھر تمہارے پاس اس کو نقصان پہنچا تو خریدار سے کچھ نہ لو کیونکہ اب جو کچھ تم لوگے وہ کسی چیز کا بدل نہیں۔ قیاس کا بھی یہی تقاضا ہے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دوسری حدیث بھی اسی مفہوم کی تائید کرتی ہے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک شخص نے پھل خریدا پھر اس کے پھل کو نقصان پہنچا اس پر قرض زیادہ ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے صدقہ دو چنانچہ اس کو صدقہ دیا گیا لیکن اس سے قرض کی ادائیگی نہ ہوسکی تو حضور علیہ السلام نے فرمایا جتنا تمہیں ملتا ہے لے لو تمہارے لیے یہی ہے۔ تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کے ضائع ہونے کی وجہ سے قرض کو ساقط نہیں کیا اور ان قرض خواہوں میں پھل کو بیچنے والے بھی تھے۔

تو معلوم ہوا کہ یہ نقصان خریدار کا ہی شمار ہوگا۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۶، خریدا ہوا سودا قبضہ کئے بغیر نہ بیچا جائے

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص غلہ خریدے تو جب تک اس پر قبضہ نہ کر لے اسے نہ بیچے اس حدیث کی روشنی میں بعض حضرات نے یہ موقف اختیار کیا کہ اگر غلہ خریدا ہو تو اسے قبضہ کرنے سے پہلے بیچنا جائز نہیں لیکن دوسری اشیاء کے لیے یہ حکم نہیں ہے بلکہ انہیں قبضہ سے پہلے بھی بیچ سکتا ہے۔

جب کہ دوسرے حضرات کا مسلک یہ ہے کہ کھانے کی اشیاء ہوں یا اس کے علاوہ دوسری چیزیں سب کے بارے میں یہی حکم ہے۔ چنانچہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بازار میں زیتون خریدا اور اسی وقت نفع پر سودا ہونے لگا تو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب تک آپ اسے اپنی منزل میں نہ لے جائیں، آگے نہ بیچیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات قبول کر لی اور اس پر عمل کیا حالانکہ پہلے قول والوں کی پیش کردہ روایت بھی

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے معلوم ہوا انہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے طعام کے علاوہ اشیاء کے بارے میں یہ حکم معلوم نہ ہو سکا اب جب حضرت زید رضی اللہ عنہ نے بتایا تو انہوں نے اس پر عمل کیا۔

اس دوسرے قول کو ایک ایسی روایت سے بھی تائید حاصل ہے جس میں طعام کی بجائے مطلق اشیاء کا ذکر ہے حضرت حکیم بن حزام فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جب تم کوئی چیز خریدو تو قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچو۔ تو اس حدیث نے مسئلہ بالکل واضح کر دیا۔

رہا یہ سوال کہ متعدد احادیث میں طعام کا ذکر ہے تو اس کی کیا وجہ ہے تو اس کا جواب یوں دیا گیا کہ خرید و فروخت کے سلسلے میں کھانے پینے کی اشیاء میں وسعت ہے حتیٰ کہ اس میں بیع سلم بھی جائز ہے اگرچہ جس کے ساتھ سودا ہو رہا ہے اس کے پاس یہ غلہ موجود نہ ہو تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے غلے کا ذکر کر کے واضح فرمایا کہ جب اس میں قبضہ کرنے سے پہلے آگے سودا جائز نہیں تو دوسری اشیاء میں بدرجۂ اولیٰ جائز نہ ہو گا پھر دوسری بات یہ ہے کہ جو چیز دوسرے کی ضمان میں ہو اس کا نفع لینا جائز نہیں تو جس طرح کھانے کی اشیاء جب تک قبضہ میں نہ آئیں فروخت کرنے والے کی ضمان میں ہیں اور خریدار آگے بیچ کر ان سے نفع نہیں اٹھا سکتا اسی طرح دیگر اشیاء میں بھی یہی حکم ہو گا۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔ البتہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک غیر منقولہ اشیاء مثلاً زمین وغیرہ کو قبضہ سے پہلے بھی بیچا جا سکتا ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت امام اعظم رحمہ اللہ سے اختلاف کیا ہے وہ فرماتے ہیں جس طرح طعام اور غیر طعام کے لیے ایک حکم ہے اسی طرح قیاس کے مطابق منقولہ اور غیر منقولہ دونوں قسم کی اشیاء کا ایک ہی حکم ہونا چاہیے۔

باب ۲۶: سودے میں غیر متعلق شرط رکھنا

اگر کوئی شخص اپنا گھوڑا (مثلاً) معلوم قیمت پر بیچتا ہے اور یہ شرط رکھتا ہے کہ وہ (بائع) معلوم مقام تک اس پر سواری کرے گا تو آیا اس قسم کا سودا اور یہ شرط جائز ہے یا نہ؟

اس مسئلے میں تین قول ہیں۔

(۱) یہ سودا بھی جائز ہے اور شرط بھی۔
(۲) سودا جائز ہے اور شرط باطل ہو گی۔
(۳) بیع فاسد ہو جائے گی۔

احناف کا یہی مسلک ہے۔

پہلے قول والوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے ایک سفر میں وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے ان کا اونٹ کمزور پڑ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا تو آپ نے پوچھا تمہارے پاس کوئی لکڑی وغیرہ ہے آپ نے اس لکڑی یا شاخ کے ساتھ اونٹ کو ضرب لگائی تو وہ پہلے سے زیادہ تیز ہو گیا آپ نے فرمایا اسے مجھ پر ایک اُوقیہ سونے کے بدلے بیچو وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کی یا رسول اللہ!

یہ آپ ہی کی سواری ہے چنانچہ سودا کر دیا اور گھر آنے تک سواری کی اجازت مانگی مدینہ طیبہ پہنچنے پر انہوں نے اونٹ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا آپ نے فرمایا شاید تمہارا خیال تھا کہ میں تمہارا اونٹ لینا چاہتا ہوں پھر آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ انہیں ایک اوقیہ سونا دیں اور اونٹ بھی واپس دے دیا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ یہاں سواری کی شرط رکھی گئی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تسلیم کیا اور سودا بھی برقرار رہا معلوم ہوا کہ اس صورت میں شرط اور بیع دونوں جائز ہوتے ہیں۔

دوسرے دونوں فریقوں نے ان کو یوں جواب دیا کہ دو وجہ سے یہ حدیث تمہاری دلیل نہیں بن سکتی۔ ایک وجہ یہ ہے کہ سودے میں یہ شرط نہیں رکھی گئی سودا مکمل ہو گیا تو اس کے بعد انہوں نے اجازت طلب کی لہذا یہ استثناء بیع سے الگ ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہ سودا تھا ہی نہیں کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ آنے کے بعد اونٹ واپس کر دیا اور فرمایا کہ تمہارا خیال تھا کہ میں تمہارا اونٹ روک لوں گا۔ بنا بریں یہ شرط خود حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اپنی ملک میں تھی۔

جن حضرات کے نزدیک شرط باطل اور سودا جائز ہے ان کی دلیل اس طرح ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو خریدنے کا ارادہ فرمایا تاکہ انہیں آزاد کر دیں تو اس کے مالکوں نے کہا ہم اس شرط پر بیچیں گے کہ اس کی ولاء ہمیں حاصل ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا تو آپ نے فرمایا تمہیں یہ بات نہ روکے ولاء اسی کے لیے جو آزاد کرے۔ یہ حضرات فرماتے ہیں اس حدیث کے مطابق شرط باطل ہو گئی اور سودا جائز ہوا۔

تیسرے قول والے حضرات فرماتے ہیں یہ حدیث اس طرح بھی مروی ہے لیکن اس کے خلاف بھی مروی ہے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں حضرت بریرہ میرے پاس آئیں اور کہا کہ میں نے اپنے مالکوں سے نو اوقیہ پر مکاتبت کی ہے ہر سال ایک اوقیہ دینا ہے لہذا آپ میری مدد کریں اور انہوں نے ابھی تک بدل کتابت میں سے کچھ بھی ادا نہ کیا تھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم واپس جاؤ۔ اگر وہ لوگ پسند کریں کہ میں تمام مال دے دوں اور ولاء مجھے حاصل ہو تو میں ایسا کروں گی چنانچہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا ان لوگوں کے پاس گئیں انہوں نے انکار کر دیا اور کہا کہ اگر ام المومنین ثواب کی خاطر ایسا کریں تو ٹھیک ہے تمہاری ولاء ہمیں حاصل ہو گی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا یہ بات تمہیں منع نہ کرے خرید کر آزاد کر دو۔ ولاء اسی کے لیے جو آزاد کرے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو ایسی شرائط رکھتے ہیں جو کتاب اللہ کے مطابق نہیں جو شرط کتاب اللہ کے مطابق نہیں وہ باطل ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ ولاء کی شرط سودے میں نہیں رکھی گئی بلکہ وہ کتابت کے سلسلے میں ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بدل کتابت میں مدد کی بجائے خریدنے اور آزاد کرنے کا حکم دیا گویا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتداءً خریدنے کا ذکر فرمایا اور اس میں شرط مذکور نہیں۔

ایک روایت میں لفظ "خُذِیْ" ہے یعنی تم لے لو اور یہ لفظ بھی سودے کے معنیٰ میں بولا جاتا ہے مثلاً

کہا جاتا ہے یہ چیز تم نے کتنے میں لی ہے یعنی خریدی ہے۔
ان حضرات نے حضرت عمرو ابن شعیب رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع مع قرض اور ایک بیع میں دو شرطوں سے منع فرمایا۔ قرض کے ساتھ بیع کا مطلب یہ ہے کہ کسی کو قرض دے کر اس پر کوئی چیز زیادہ قیمت پر بیچی جائے یہ سود بن جاتا ہے۔ اسی طرح بیع میں شرط سے منع فرمایا دو شرطوں سے مراد یہاں محض شرط ہے۔ کیونکہ بیع بذاتہٖ ایک شرط ہے اور جب ایک اور شرط رکھ دی تو یہ دو شرطیں ہوگئیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ پر ایک لونڈی بیچی اور اس سے خدمت لینے کی شرط رکھی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا گیا تو آپ نے فرمایا وہ (حضرت عبداللہ) اس لونڈی کے قریب نہ جائیں اور نہ ہی میں اس میں کوئی ثواب دیکھتا ہوں گویا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اس سودے کو باطل قرار دیا۔
قیاس بھی احناف کے مسلک کی تائید کرتا ہے وہ یوں کہ سب حضرات کے نزدیک سودے میں صحیح شرط رکھی جا سکتی ہے مثلاً بائع یا مشتری کے لیے ایک معلوم مدت تک اختیار رکھنا اسی طرح قیمت کی ادائیگی کے لیے معلوم مدت مقرر کی جا سکتی ہے اگر یہ شرائط معلوم ہوں تو بیع کو لازم ہو جاتی ہیں اور اگر مجہول ہوں تو بیع فاسد ہو جاتی ہے تو معلوم ہوا کہ شرط صحیح ہو تو سودا صحیح ہوتا ہے اور شرط فاسد ہو تو بیع باطل ہو جاتی ہے۔ اس سے احناف کا مسلک ثابت ہو گیا کہ اس قسم کی شرائط سے بیع سرے سے منعقد ہی نہیں ہوتی۔

باب ۲۶۲، مکہ مکرمہ کی زمین کو بیچنا اور کرایہ پر دینا

اس سلسلے میں دو قول ہیں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، امام محمد اور امام سفیان ثوری رحمہم اللہ کے نزدیک مکہ مکرمہ کی سرزمین کو کرایہ پر دینا یا اسے بیچنا جائز نہیں۔
حضرت عطاء اور حضرت مجاہد بھی یہی بات فرماتے ہیں۔
جبکہ حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ کے نزدیک دوسرے شہروں کی طرح سرزمین مکہ کو بیچنا اور وہاں کے مکانات اور زمین کو کرایہ پر دینا جائز ہے۔
پہلے قول والوں نے یوں استدلال کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکہ مکرمہ کے گھروں کو بیچنا اور انہیں کرایہ پر دینا جائز نہیں اس مضمون کی احادیث، حضرت عبداللہ بن عمر اور علقمہ بن نضلہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔
حدیث شریف میں آتا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں پھر حضرت صدیق اکبر، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے زمانے میں مکانات کو کرایہ پر نہیں دیا جاتا تھا اور نہ بیچا جاتا۔ جو شخص حاجت مند ہوتا وہ رہائش پذیر ہو جاتا اور جسے ضرورت نہ ہوتی وہ دوسروں کو رہائش کے لیے دے دیتا۔
حضرت امام ابویوسف اور ان کے ہم مسلک حضرات نے یوں استدلال کیا ہے۔ حضرت اسامہ بن زید رضی

اللہ عنہا فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ! کیا آپ مکہ مکرمہ میں اپنے گھر میں اتریں گے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا عقیل نے کوئی زمین یا گھر چھوڑا ہے عقیل اور طالب، ابوطالب کے وارث ہوئے جب کہ حضرت جعفر اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کو وراثت نہ ملی کیونکہ وہ دونوں مسلمان تھے اور عقیل اور طالب مسلمان نہ تھے۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ مکہ مکرمہ کی زمین اور مکانات میں ملکیت اور وراثت جاری ہوتی ہے۔

اب جب دونوں طرف سے احادیث پیش کی گئیں تو قیاس کے ذریعے فیصلہ کیا جائے گا وہ یوں کہ میدان عرفات، مسجد حرام اور منیٰ وغیرہ میں سب کا حق برابر ہے وہاں کوئی شخص ذاتی عمارت نہیں بنا سکتا لیکن اس کے علاوہ مکہ مکرمہ میں مکانات وغیرہ بنائے جاتے ہیں حتیٰ کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر فرمایا جو شخص حضرت ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوگا اسے امن حاصل ہوگا اسی طرح جو شخص اپنا دروازہ بند کرے گا وہ بھی مامون ہوگا تو جب لوگوں کے ذاتی مکانات تھے۔ تو معلوم ہوا کہ مکہ مکرمہ کی زمین اور مکانات میں ملکیت جاری ہوتی ہے جب یہ صورت حال ہے تو اس کا بیچنا اور کرایہ پر دینا بھی جائز ہے۔

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ کے مسلک کو اپنایا اور اس کی ترجیح ثابت کی ہے۔

باب ۲۶۳، کتے کی قیمت لینا

کیا کتے کی خرید و فروخت جائز ہے اور اس کی قیمت حلال ہے ؟

اس سلسلے میں دو موقف ہیں ایک جماعت کے نزدیک کتے کی قیمت حرام ہے۔ انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی احادیث سے استدلال کیا ہے حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت زانیہ کی کمائی اور کاہن (نجومی) کی اجرت سے منع فرمایا۔

اس مضمون کی احادیث متعدد طرق سے کئی صحابہ کرام نے روایت کی ہیں۔

دوسرا فریق کہتا ہے کہ جن کتوں سے نفع اٹھایا جا سکتا ہے ان کی قیمت لینے میں کوئی حرج نہیں یہ حضرات فرماتے ہیں کہ شروع شروع میں ہر قسم کے کتے کو قتل کرنے کا حکم تھا اس لیے ان کی قیمت لینا جائز نہ تھی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام کتوں کو ہلاک کرنے کا حکم دیا اور مدینہ طیبہ کے اطراف میں صحابہ کرام کو بھیجا تاکہ وہ کتوں کو قتل کر دیں۔

تو اس وقت چونکہ کتوں سے نفع حاصل کرنا جائز نہ تھا لہٰذا ان کی قیمت لینا اور اسے استعمال کرنا بھی حرام تھا۔ پھر یہ حکم منسوخ ہوگیا اور کتوں سے نفع اٹھانا جائز قرار دیا گیا چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے شکار یا جانوروں کی حفاظت کے علاوہ کتا رکھا اس کے عمل سے روزانہ دو قیراط کم ہوں گے تو اس حدیث کی روشنی میں بعض ضرورتوں کے تحت کتے رکھنے کی اجازت دی گئی اسی طرح شکار کے لیے

بھی کتا رکھنے کی اجازت دی گئی اور اس سلسلے میں متعدد روایات مروی ہیں بلکہ قرآن پاک میں بھی اس کا ذکر موجود ہے۔

تو ہم دیکھتے ہیں کہ جس چیز سے نفع اٹھانا جائز ہوتا ہے اس کی قیمت وصول کرنا بھی جائز ہے مثلاً گھریلو گدھوں کا گوشت کھانا حرام ہے لیکن ان سے نفع اٹھانا جائز ہے اسی بنیاد پر ان کی خرید و فروخت بھی جائز ہے تو قیاس کا تقاضا ہے کہ کتوں کی قیمت حاصل کرنا اور اسے استعمال کرنا بھی جائز و حلال ہو۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۶۴، حیوان کو قرض کے طور پر لینا

کیا کوئی حیوان بطور قرض لیا جا سکتا ؟

اس سلسلے میں دو قول ہیں۔ بعض حضرات کے نزدیک ایسا کرنا جائز ہے جبکہ دوسرے حضرات اسے ناجائز قرار دیتے ہیں۔

پہلے قول والوں نے حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے ایک اونٹ بطور قرض لیا جب صدقہ کے اونٹ آئے تو آپ نے حضرت رافع کو حکم دیا کہ قرض ادا کریں انہوں نے دیکھا تو اس اونٹ سے اچھے اونٹ تھے آپ نے فرمایا یہی دے دو وہ لوگ نہایت اچھے ہیں جو اچھی طرح ادائیگی کرتے ہیں۔

دوسرے فریق نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ یہ اس وقت کی بات ہے جب سود حرام نہیں ہوا تھا جب سود حرام قرار دیا گیا تو ہر ایسا قرض جو نفع لائے وہ بھی حرام قرار دیا گیا۔ سود کے منسوخ ہونے سے پہلے جانور کو جانور کے بدلے ادھار کے طور پر بیچنا بھی جائز تھا۔ لیکن بعد میں یہ حکم بھی منسوخ ہو گیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حیوان کو حیوان کے بدلے ادھار کے طور پر بیچنے سے منع فرمایا حالانکہ اس سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صدقہ کے اونٹ آنے تک دو اونٹوں کے بدلے ایک اونٹ لیتے تھے۔ تو اب جب حیوان کی حیوان کے بدلے ادھار کے ساتھ بیع ناجائز ہو گئی تو اسے بطور قرض لینا بھی جائز نہ ہوا۔

پہلے قول والے حضرات نے گندم کی مثال دیتے ہوئے فرمایا کہ گندم کو گندم کے بدلے ادھار کے طور پر بیچنا جائز نہیں لیکن قرض کے طور پر لینا جائز ہے لہذا حیوان کا بھی یہی حکم ہونا چاہیے حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ اس کا جواب یوں دیتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حیوان کو حیوان کے بدلے بطور ادھار بیچنا حرام قرار دیا تو اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ حیوانات کے ایک دوسرے کے مثل ہونے پر آگاہی نہیں ہو سکتی اگر یہ بات ہے تو دوسرے قول والوں کی بات ثابت ہو گئی کہ چونکہ حیوانات ایک دوسرے کی مثل نہیں ہوتے لہذا قرض کے طور پر حیوان کو لینا جائز نہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ پہلے قول والوں نے گندم کے سودے اور قرض میں جو تفریق کی ہے وہ بات صحیح ہو۔ تو اب ہم نے کیلی اور وزنی اشیاء کو دیکھا کہ ان کو ادھار کے طور پر ایک دوسرے کے بدلے بیچنا جائز نہیں لیکن قرض کے طور پر لینا جائز ہے البتہ سونے اور چاندی کا حکم الگ ہے۔ اور اس کے علاوہ اشیاء مثلاً کپڑے وغیرہ کو

نقدًا بیچنا جائز ہے اگرچہ کم زیادہ ہوں۔ لیکن ادھار کے طور پر بیچنے میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک ان میں سے جو ایک نوع ہیں۔ ان میں اس قسم کا سودا جائز نہیں اور جن کی انواع مختلف ہیں ان میں جائز ہے حضرت امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں ایک نوع ہوں یا الگ الگ نوع سے تعلق رکھتے ہوں ان کو ادھار اور نقد دونوں طرح بیچنا جائز ہے۔

تو حیوان کے علاوہ اشیاء کے یہ احکامات ہیں اب حیوان کو بطور ادھار حیوان کے بدلے بیچنا جائز نہیں اگرچہ جنس مختلف ہو مثلاً غلام کو اونٹ کے بدلے یا گائے بکری کے بدلے بطور ادھار بیچنا جائز نہیں تو اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نہی کی علت نوع کا ایک ہونا ہوتا تو غلام کے بدلے گائے کی بیع جائز ہوتی کیونکہ یہ الگ الگ انواع ہیں جس طرح اونی کپڑے کو سوتی کپڑے کے بدلے ادھار کے طور پر بیچ سکتے ہیں تو معلوم ہوا کہ ان کی بیع اس لیے ناجائز ہے کہ مثل پر واقفیت نہیں ہو سکتی جب اس وجہ سے حیوان کو حیوان کے بدلے بطور ادھار بیچنا جائز نہ ہوا تو اسے قرض کے طور پر لینا بھی جائز نہ ہوا۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔

پہلے قول والوں کی طرف سے اعتراض کیا گیا کہ دیت وغیرہ میں اونٹ دیئے جاتے ہیں اور ناتمام بچہ گرانے پر غلام یا لونڈی لازم ہوتی ہے۔ تو یہ حیوان ذمہ میں لازم ہوتے ہیں تو اسی طرح دوسرے حیوانات کو بھی قرض کے طور پر لینا جائز ہونا چاہیے کیونکہ قرض میں بھی کوئی چیز لازم ہوتی ہے۔

اس کا جواب یوں دیا گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت اور جنین میں حیوان کو لازم کیا جب کہ حیوانات کی باہم بیع بطور ادھار ناجائز قرار دی اس سے معلوم ہوا کہ مال کے بدلے حیوان کے وجوب کی ممانعت ہے اور قرض کی صورت میں یہی ہوتا ہے جب مال کے بغیر واجب ہو جیسے دیت وغیرہ میں تو جائز ہوگا۔ یعنی دونوں صورتوں میں فرق ہے لہٰذا اسے دیت وغیرہ پر قیاس کرنا صحیح نہیں۔

بیع صرف کا بیان

باب ۲۶۵، سُود کا بیان

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ربوٰ (سُود) ادھار میں ہے اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سونے کو سونے کے بدلے اور چاندی کو چاندی کے بدلے کمی زیادتی کے ساتھ بیچنا جائز ہے شلاً ایک گرام سونا دو گرام کے بدلے بیچ سکتے ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ یہ سودا نقد ہو ادھار کے طور پر جائز نہیں۔

لیکن دوسرے حضرات نے ان کا رد کیا ہے وہ فرماتے ہیں ربوٰ کی دو قسمیں ہیں ایک وہ ربوٰ (سود) ہے جس میں کیلی اور وزنی چیز کو ہم جنس ہونے کی صورت میں کمی زیادتی کے ساتھ بیچنا ہے اگرچہ نقداً ہو اس ربوٰہ کا سنت میں ذکر ہے۔ عربوں میں یہ عادت تھی کہ جب کوئی شخص قرض لیتا تو وقت پورا ہونے پر قرض خواہ سے کہتا کہ مجھے مزید مہلت دو میں تم اتنی رقم زیادہ دوں گا تو اس طرح وقت کا پیسوں کے بدلے سودا ہوتا اس کو قرآن پاک نے حرام قرار دیا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ربا التفاضل کو بھی حرام قرار دیا۔ آپ نے فرمایا ایک دینار کو دو دیناروں کے بدلے اور ایک درہم کو دو درہم کے بدلے نہ بیچو۔

ایک حدیث میں فرمایا سونا، سونے کے بدلے، برابر برابر وزن، چاندی، چاندی کے بدلے برابر برابر وزن ہو۔ اسی طرح گندم، جو، کھجور، اور نمک کا بھی ذکر فرمایا۔

یہ حدیث مشہور ہے اور متعدد طرق اور مختلف الفاظ سے مروی ہے۔ بنا بریں دونوں قسم کا سُود حرام ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی اس کے موافق مروی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جنہوں نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے پہلی حدیث روایت کی ہے انہوں نے بھی اس دوسری حدیث سے ثابت ہونے والے حکم کی طرف رجوع فرمایا پھر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت خبر واحد ہے جبکہ اس دوسری حدیث کو ایک جماعت نے نقل کیا لہٰذا یہ حجت ہے حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے۔

باب ۲۶۶، سونے کا ہار جس میں موتی جڑے ہوں فروخت کرنا

اگر کسی شخص کے پاس سونے کا ہار ہو اور اس میں موتی وغیرہ لگے ہوئے ہوں تو اسے سونے کے بدلے

بیچنا جائز ہے یا نہیں ؟ اس سلسلے میں دو مذہب ہیں۔

ایک مذہب یہ ہے کہ اس قسم کے ہار کو سونے کے بدلے بیچنا جائز نہیں کیونکہ قیمت کو ہار کے سونے اور موتیوں پر تقسیم کیا جائے گا اور چونکہ ایسا انداز ے اور تخمینے سے کیا جاتا ہے لہذا ممکن ہے ہار کے سونے کو خالص سونے کے بدلے کمی زیادتی کے ساتھ بیچنا ناجائز قرار دیا۔

ان حضرات نے حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا وہ فرماتے ہیں مجھے خیبر میں ایک ہار ملا جس میں سونا اور موتی تھے میں نے اسے بیچنے کا ارادہ کیا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو الگ الگ کر دو پھر جیسے چاہو بیچو۔

دوسرا مذہب یہ ہے کہ اگر یہ معلوم نہ ہو کہ ہار کا سونا قیمت والے سونے کے برابر ہے یا کم زیادہ ہے اور جب تک سونے کو الگ نہ کریں اس کا وزن معلوم نہیں ہوتا تو اس صورت میں الگ کئے بغیر سودا جائز نہ ہوگا لیکن ہار والے سونے کا وزن معلوم ہو اور وہ قیمت والے سونے سے کم ہو تو یہ سودا جائز ہوگا کیونکہ ہار کے سونے کا جو وزن ہے قیمت والے سونے میں سے اتنا وزن اس کے بدلے میں ہو جائے گا اور باقی سونا موتیوں کے بدلے میں ہوگا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ سونے کو سونے کے بدلے برابر ہی بیچ سکتے ہیں لیکن اگر دو دینار کھرے ہوں اور ان کو ایسے دو دیناروں کے بدلے بیچا جائے جن میں سے ایک کھوٹا اور دوسرا کھرا ہو تو یہ سودا جائز ہے کیونکہ یہاں قیمت کا اعتبار نہیں ہوتا اگر قیمت کا اعتبار کریں تو وہ برابر برابر نہیں ہو سکتے۔

جہاں تک حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ کی روایت کا تعلق ہے تو وہ مختلف الفاظ کے ساتھ مروی ہے لہذا اس میں اضطراب ہونے کی وجہ سے اس سے استدلال صحیح نہیں۔

چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ حضور علیہ السلام کے حکم سے ہار کا سونا الگ کر دیا گیا تو ممکن ہے آپ نے مسلمانوں کی ضرورت کے تحت اسے الگ کرایا ہو اس وجہ سے نہیں کہ اس کا سودا جائز نہیں۔ دوسرے مذہب پر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا یہ عمل بھی دلالت کرتا ہے کہ انہوں نے تلوار خریدی جس کے ساتھ چاندی لگی ہوئی تھی اور قیمت کے طور پر چاندی دی۔ معلوم ہوا کہ اس صورت میں یہ سودا جائز ہے جب اس سونے یا چاندی کا وزن معلوم ہو جو کسی دوسری چیز کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا بھی یہی مسلک ہے۔

ہبہ اور صدقہ کا بیان

باب ۲۶۷، ہبہ کرنے کے بعد واپس لینا

اگر کوئی شخص کسی کو کوئی چیز ہبہ کرے تو کیا اسے واپس لے سکتا ہے؟

بعض حضرات کے نزدیک ہبہ کرنے والا ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس نہیں لے سکتا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے ہبہ کو لوٹانے والا قے کرکے اسے چاٹنے والے کی طرح ہے۔

لیکن دوسرے حضرات فرماتے ہیں اگر ہبہ کیا ہوا مال قائم ہو خرچ نہ کر دیا گیا ہو یا اس میں کوئی اضافہ نہ کیا گیا ہو موہوب لہ، واہب کا قریبی رشتہ دار بھی نہ ہو یا اسے ہبہ کا بدلہ نہ دیا گیا ہو تو ہبہ میں رجوع ہو سکتا ہے اور اگر موہوب لہٗ واہب کا قریبی رشتہ دار ہے یا مثلاً وہ بیوی خاوند ہیں تو رجوع کرنا جائز نہیں۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ پہلے قول والوں نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے وہ واضح نہیں آیا اس سے انسان مراد ہے جو قے کرکے چاٹتا ہے تو یہ کام حرام ہے لہٰذا ہبہ کی واپسی بھی حرام ہو گی اس طرح پہلے قول والوں کی بات درست ہو گی اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ قے چاٹنے والے سے کتا مراد ہو تو چونکہ کتا مکلف نہیں ہے تو اب محض نجاست سے ملوث ہونا مراد ہو گا حرام و حلال سے اس کا کوئی تعلق نہ ہو گا۔

اب جب اس سلسلے میں دیگر روایات کو دیکھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری مثال اس شخص کی ہے جو اپنے ہبہ کو واپس کرتا ہے وہ کتے کی طرح ہے جو اپنی قے کو چاٹتا ہے۔

تو معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد امت کو اس قسم کے نامناسب کام سے بچانا ہے یہ مقصد نہیں کہ رجوع کرنا جائز ہی نہیں۔

چنانچہ اس مفہوم کی تائید دوسری روایات سے بھی ہوتی ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک گھوڑا اللہ تعالیٰ کے راستے میں صدقہ کیا پھر دیکھا کہ اسے بیچا جا رہا ہے تو خریدنے کا ارادہ فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی تو آپ نے فرمایا اپنا صدقہ واپس نہ لو۔

ایک دوسری روایت میں آپ نے فرمایا صدقہ کو واپس لینے والا کتے کی طرح ہے جو قے کرکے چاٹتا ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا منع کرنا اس کے حرام ہونے کی طرف اشارہ نہ تھا بلکہ افضلیت کا بیان ہے کیونکہ ایک شخص نے اپنی ماں کو باغ دیا پھر وہ مر گئی یہ اکیلا وارث تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا صدقہ ثابت ہو گیا اور تیرا باغ تیری طرف لوٹ آیا۔ معلوم ہوا کہ صدقہ کسی نہ کسی صورت میں واپس ہو سکتا ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص صلہ رحمی یا صدقہ کے طور پر ہبہ کرے تو وہ رجوع نہیں

کرسکتا اور جو آدمی اس کا بدلہ لینا چاہیے تو ناپسند ہونے کی صورت میں رجوع کرسکتا ہے۔ گویا ہبہ کی دو قسمیں ہیں صلہ رحمی کے طور پر ہو تو صدقہ کے حکم میں ہے واہب کو رجوع سے روکا جائے گا اور کوئی دوسری صورت ہو تو واپس لے سکتا ہے حضرت علی المرتضیٰ، حضرت فضالہ، حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہم بھی یہی بات فرماتے ہیں۔
صلہ رحمی کے سلسلے میں میاں بیوی بھی داخل ہیں یہ بھی ایک دوسرے کو دیا ہوا ہبہ واپس نہیں لے سکتے۔
حضرت امام ابوحنیفہ، حضرت حماد سے اور وہ حضرت ابراہیم نخعی (رحمہم اللہ) سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔
احناف کا ہبہ کے رجوع کے سلسلے میں یہی مسلک ہے۔
حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگرچہ قیاس تو یہ ہے کہ کسی قسم کے ہبہ کو واپس لینا جائز نہ ہو لیکن ہم نے یہاں روایات اور ائمہ دین کے اقوال کی وجہ سے قیاس کو ترک کر دیا۔

باب ۲۶۸، عطیہ میں اولاد کے درمیان امتیاز برتنا

اگر کوئی شخص اپنے بچوں میں سے بعض کو عطیات دے اور دوسروں کو نہ دے تو کیا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں اور کیا وہ عطیہ نافذ ہوگا یا نہیں ؟
بعض حضرات کے نزدیک ایسا کرنے سے وہ عطیہ باطل ہو جائے جبکہ دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ عطیہ باطل نہ ہوگا البتہ والدین کو اولاد کے درمیان اس طرح کا امتیاز نہیں برتنا چاہیے۔ احناف کا یہی مسلک ہے۔
پہلے قول والوں نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں میرے والد نے مجھے بطور عطیہ ایک غلام دیا تو میری ماں نے مجھے حکم دیا کہ میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر آپ کو گواہ بناؤں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے والد سے پوچھا کہ کیا آپ نے اپنی تمام اولاد کو اس طرح عطیہ دیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا نہیں تو آپ نے فرمایا واپس لوٹاؤ۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ چونکہ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ اس وقت چھوٹے تھے لہٰذا ان کے والد نے خود ان کی طرف سے قبضہ کیا تو اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ واپس کرو اس بات کی دلیل ہے کہ یہ عطیہ باطل ہے۔
احناف فرماتے ہیں اگر اس قسم کا عطیہ دیا جائے تو جسے عطیہ دیا گیا اس نے بڑا ہونے کی وجہ سے خود قبضہ کیا یا وہ چھوٹا تھا اور اس کی طرف سے اس کے باپ نے قبضہ کیا اور اسے یہ بات بتا دی تو یہ جائز ہے۔
یہ حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کی روایت سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ وہ اس وقت چھوٹے تھے ممکن ہے وہ بڑے ہوں اور ابھی قبضہ نہ کیا ہو۔
پھر یہ حدیث مختلف الفاظ کے ساتھ مروی ہے ایک روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی اور کو گواہ بناؤ تو اگر یہ عطیہ باطل ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی اور کو گواہ بنانے کا حکم نہ دیتے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ نے اس لیے یہ بات فرمائی کہ آپ حاکم تھے گویا آپ نے واضح فرمایا کہ حاکم کا کام فیصلہ کرنا ہے۔ لہٰذا گواہ کسی اور کو بناؤ تو اس حدیث کو جن جن الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ان میں سے کوئی لفظ بھی اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ یہ عطیہ باطل ہے شلاً آپ نے فرمایا جس طرح

تم تمام اولاد سے نیکی کی توقع رکھتے ہو اسی طرح ان کے درمیان برابری قائم کرو تو یہ بھی افضلیت کی دلیل ہے۔
چنانچہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے گھر والوں میں کوئی چیز تقسیم کرتے تو مساوات قائم کرتے ان میں سے آزاد حضرات اور غلاموں سب میں برابری قائم کرتے لیکن ایسا کرنا آپ پر واجب نہ تھا بلکہ افضل تھا۔ خود صحابہ کرام بھی بعض اوقات اولاد کو عطیہ دیتے ہوئے فرق کرتے تھے اگر یہ بات واجب ہوتی اور اس کے خلاف کرنے سے عطیہ باطل ہوتا تو وہ ایسا نہ کرتے چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنی باقی اولاد کو چھوڑ کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو عطیہ دیا۔ تاہم بہتر یہی ہے کہ ان میں سے بعض کو عطیات دے کر باقی کو چھوڑ نہ دیا جائے تاکہ ان کے دلوں میں نفرت پیدا نہ ہو بلکہ عطیات میں لڑکے اور لڑکی کے درمیان بھی تفریق نہ کی جائے۔

واللہ اعلم بالصواب

الحمد للہ! آج مورخہ ۱۷ فروری ۱۹۹۴ء / ۶ رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ بروز جمعرات یہ تلخیص مکمل ہوگئی۔

محمد صدیق ہزاروی غفرلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ (النحل ۸۹)

اور ہم نے آپ پر اس کتاب کو نازل کیا ہے جو ہر چیز کا روشن بیان ہے

سات ضخیم جلدوں میں شرح صحیح مسلم کی تکمیل اور عالم گیر مقبولیت اور شاندار پذیرائی کے بعد
شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی عم فیوضہ کی ایک اور فکر انگیز اور علمی تصنیف
قرآن مجید کی تفسیر بہ نام

تبیان القرآن

چند خصوصیات

★ قرآن مجید کا سلیس اور بامحاورہ ترجمہ اور آسان اردو میں قرآن کریم کی تشریح،
★ احادیث، آثار اور اقوال تابعین پر مبنی قرآنی آیات کی تشریح،
★ قرآن مجید کی آیات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت، جلالت اور آپ کی خصوصیات کا استنباط،
★ عقائد اسلامیہ میں عقائد اہل سنت کی حقانیت اور فقہی مذاہب میں فقہ حنفی کی ترجیح،
★ مفسرین کی چودہ سو سالہ کاوشوں کا حاصل، مجتہدین کی آرا پر نقد و تبصرہ اور تصوف کی چاشنی،
★ مشکلاتِ اعرابِ قرآن کا حل، عصری مسائل پر محققانہ ابحاث اور مذاہبِ باطلہ کا مہذب رد،

یہ ایک ایسی تفسیر ہوگی جس کی مدتوں سے اہلِ ذوق کو تلاش اور پیاس تھی جس کی ضرورت، اہمیت اور افادیت صدیوں تک باقی رہے گی۔

پیش کش: فرید بک سٹال
۳۸- اردو بازار، لاہور